



شرح الدیوان
فی
تسہیل البیان
لِاَبِی الطَّیِّب اَحمد المعروف بالمتنبیؒ
شارح : عالم علیمی تحریر لوذعی فاضلِ اجل کامل الکمل مولوی ذوالفقار علی دیوبندیؒ
فی ھٰذا النسخۃ امتیازات آتیہ
(۱) خطبہ ومقدمہ ذکر ابی الطیب وبیان وعلاماتِ شعراء۔
از- مولانا اعزاز علیؒ
(۲) قصیدہ از مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحبؒ۔
(۳) مولانا سید محمد انور شاہ صاحبؒ کے تاثرات۔
میر محمد کتب خانہ آرام باغ کراچی



شرح الدیوان
فی
تسہیل البیان

لِاَبِی الطَّیِّب اَحمد المعروف بالمتنبّیؒ

شارح : عالم یلیمی تحریر لوذعی فاضلِ اجل کامل اکمل مولوی ذوالفقار علی دیوبندیؒ

فی ھٰذا نسخۃ امتیازات آتیہ

(۱) خطبہ ومقدمہ ذکر ابی الطیب وبیان وعلامات شعراء۔
از۔ مولانا اعزاز علیؒ

(۲) قصیدہ از مولانا مفتی محمد کفایت اللہ صاحبؒ۔

(۳) مولانا سید محمد انور شاہ صاحبؒ کے تاثرات۔

الناشر

میر محمد کتب خانہ آرام باغ، کراچی

بسم الله الرحمن الرحيم

اللهم اني احمدك حمداً مقصراً عن حمدك، واثني عليك ثناءً قاصراً عن ثنائك، فانت كما اثنيت على نفسك، واصلي واسلم على
سيدنا ونبينا محمد الذي رتل القرآن بافصح بيان واصدق تبيان، وعلى آله واصحابه وذرياته ذوي الجود والاحسان۔
اما بعد فان علم الادب من بين العلوم العربية من اجلها قدراً واشرفها ذكراً واعلاها مناراً وازيدها فخاراً۔ ومنزلة
سائر العلوم غير العلوم الدينية منزلة الفقير بالنسبة الى الغني ورتبة المتشاكس نظراً الى السوي وما مثلها الا كالثوب المرقع في الوجه
القبيح المبرقع او البازي بغير جناح والماثر على المساعي بغير نجاح او الساعي الى الحرب من غير سلاح بل هو رمح من غير سنان او سيف
لم تقبض عليه بنان۔ ولعمري علم الادب دوحة ذات افنان في كل غصن منها اغصان وهو الشمول التي تسكر كل ذي لب سليم
من غير تاثيم۔ **بيد** ان ابناء الزمان ردوا الحق بقيل ما قدروه حق قدره۔ وما وقروه حق توقيره۔ ولم يدروا انه الفاضل غيره
المفضول في الانكيف طمحوا الى الالسنة الاعجمية۔ وفنون لاطائل تحتها۔ فمنهم من مال الى الانكليزي واعتقد انه مما رجبه حوائج
الزمان۔ ومنهم من رغب فيما تفوه به الفلاسفة وارباب المعقول وزعموا انه للمسائل الشرعية عماد وبرهان۔ واكبوا عليه اكباباً
لم يُر مثله وفي مثل هذا قيل استنت الفصال حتى القرعى فاستنسر البغاث" **وما ذلك** الا بجهلهم الشنيع وحمقهم القبيح اذ لم يكن
لهم منتدح عن هذه الخرافات والهذيانات الى العلوم القرآنية من التفسير والحديث والفقه والادب التي هي وسيلة لجميع علوم الدنيا والآخرة
ووالله ثم والله لو صح ان يفضل الاغوال على الملائكة۔ او اصحاب النار على اصحاب الجنة لصح تفضيل علم غير العلوم الدينية على
علم الادب الذي اخرج اهل الجاهلية من ورطة ظلماء۔ وداهية دهياء ما لها شريعة ليلها ونهارها سواء ونسخ ما سواه جعجعة رحا
من غير طحن وتصويت رعد من غير مزن فالفوز لقدحه والري لقدحه وهو غذاء الارواح وقاعدة عمود الافراح يشبع به الجائع و
يروى به الظمآن يستانس به من استرقه الوحشة وينشط به الكسلان۔ **ولعمر الله** لو لم يكن للادب سوى فضيلة نزول الوحي الالهي
فيه لكفاه فخراً فضلاً عن اعتبارات اخرى كثرى۔ **ومن تلك** المزايا التي اختص بها هذا الفن الشريف انه مما يتوسل به
الى فهم ما نطق به القرآن حتى صار له كالملح للطعام والنحو للكلام۔ فراياته في اكناف العالم منصوبة۔ وشواهد جماله في جميع الالسنة متنوعة
وللجاحد لمحاسنه والممارى في خبيئة محاسنه كالجاحد لوجود الشمس والممارى في غلبة الموت على النفس۔ **ولما اطلعت** على نبذة
من محاسنه عشقته عشقاً۔ وصرت له رقاً۔ فانزت له ذبالي وشغلت به بالي۔ وفديته نفسي ومالي۔ وسهرت له ليالي۔ فلايم الله عاد
انسي في الوحشة وسلوتي وقت الاشجان۔ فصدقت ما قيل ع وخير جليس في الزمان كتاب۔ واني لما فرغت عن تعليقاتي على
ديوان الحماسة وكنت الى قاتي امرني المولى العلام **حبيب الرحمن** العثماني رحمة الله تعالى عليه بالتعليق على ديوان المتنبي
فاعترتني في ما امر وابى الا امتثال امره شرعت في التعليق المشار اليه۔ وفي اثناء تعليقي على ديوان ابي الطيب الذي حق لمن يسمى
بالسماء بالصيب۔ وجدت نسخاً ممسوخة منسوخة على غير ما هو عليه۔ فراجعت الى شروحه فوجدتهم لم يرنوا اليه حق الرنو ولم يراعوا
حق المراعاة نصاراً كالحاطب ليل وجالب رجل وخيل۔ فاقتصرت اقصى همي وارى في حظي وغنمي ان اغوص في هذا البحر الزاخر
عن درارى معانيه في الظاهر۔ فادنيته لطلاب الادب بعد ما كان كالسابعة من السماء الى الارض۔ واعليت منائره بعد ما كانت

فی الخفض۔ ولا ریب انی مقتبس من انوارهم ومتطفل علی ازهارهم بل متکفّل من موائدهم۔ وجُلّ ما علّقت فی هذا التعلیق من العرف الطیب وغیره من النسخ المطبوعة وغیر المطبوعة کما فی تعلیقی علی دیوان الحماسة من الفیضی والتبریزی وغیرهما وکما فی تعلیقی علی الکنز فانه مقتبس من کتب المتقدمین ولکنه جاء بوجه انیق۔ ولما شاع الدیوان واسرع الاساتذة والتلامذة الیه واشتروه نسخة نسخة حتی خشی علیه العدم بعد الوجود امرنی الاستاذ الاجل مفتاح العلوم النافعة وابوابها ومصباح مناهج الفکر الصحیحة وارباها اعنی المولی المفتی محمد کفایت الله زین صدارة جمعیة العلماء الهندیة وقاه الله عن شر کل حاسد وعصمه من نزغ کل طاغ ومارد بالترجمة الهندیة والنظر الثانی فی حواشیه نطمعت السعادة فی متثال امر الاستاذ وتعمقت فی المحو والاثبات وانی علی رجاء من الله عز شانه ان یوفقنی للنظر الثالث فی الحواشی والترجمة وان ازید ما بقی من افادات شیخنا شیخ الادباء فالمرجو من فضلاء الادب وکملائهم ان یسامحوا عثراتی اذا اطلعوا علیها ویتخلقوا بخلق غافر المعاصی مع الاطلاع بها ثم انی جئت بفصول هی کالثمار المجتنیة من الریاض الانف رجاء القبول منهم۔ والله الموفق۔

ذکر ابی الطیّب

فصل (فی ولادته) ولد سنة ثلاث وثلاثمائة بالکوفة بالاتفاق ویقال فی مکان من امکنة الکوفة یدعی کندة

فصل (فی اسمه ونسبه) هو ابو الطیب احمد بن الحسین بن الحسن بن عبد الصمد الجعفی الکندی الکوفی اشتهر بالمتنبی حتی لا یکاد یعرف باسمه وکنیته۔ قال ابو الحسن محمد بن علی العلوی کان المتنبی فی صباه ینزل فی جواری بالکوفة وکان ابوه یُعرف بعیدان السقاء یستقی لنا ولاهل المحلة۔ وکانت جدة المتنبی همدانیة صحیحة النسب لا اشک فیها وکانت جارتنا۔ وکانت من صلحاء النساء الکوفیات۔ ومما یدل علی ان المتنبی کان من السکون قوله ٥١ امنسی السکون وحضرموتا، ووالدتی وکندة والسبیعا۔ مع انه کان یخفی نسبه۔ فاذا سُئل عنه قال انا رجل اخبط القبائل ولا آمن ان یکون لاحد ثار فی فیقتلنی۔

فصل (فی نشأته وبلوغه وسرعة حفظه وجلالة قدره) قدم الشام وهو صبی وجال فی اقطاره وبها نشأ وتأدب واشتغل بفنون الادب ومهر فیها ولقی کثیرین من اکابر علماء الادب۔ منهم الزجاج وابن السراج وابو الحسن الاخفش وابو بکر محمد بن درید وابو علی الفارسی وغیرهم۔ وتخرج علیهم فخرج نادرة الزمان فی صناعة الشعر ولم یکن فی وقته من الشعراء من یدانیه فی علمه ولا من یجاریه فی ادبه۔ وکان من المکثرین من نقل اللغة والمطلعین علی غریبها وحوشیها۔ ولا یُسأل عن شیئ الا واستشهد فیه بکلام العرب من النظم والنثر حتی قیل ان الشیخ ابا علی الفارسی صاحب الایضاح والتکملة قال له یوما کم لنا من الجموع علی وزن فِعلی فقال المتنبی علی الفور حِجلی وظِربی۔ قال الشیخ ابو علی فطالعت کتب اللغة ثلث لیال علی ان اجد لهذین الجمعین ثالثا فلم اجد۔ وحسبک من یقول فی حقه ابو علی هذه المقالة۔ ومن نوادره ما یُحکی انه لما انشد سیف الدولة بن حمدان قوله فی مطلع بعض قصائده ع وفاؤکما کالربع اشجاه طاسمه، کان هناک ابن خالویه فقال له یا ابا الطیب انما یقال شجاه ترهمه فعلا ماضیا فقال ابو الطیب سکت فما وصل الامر الیک وانما قصدی اشجاه اکثره شجیً۔ اما سرعة حفظه فقد روی ابو الحسن العلوی انه اخبره وراق کان یجلس الیه قال ما رأیت احفظ من هذا الفتی ابن عیدان السقاء قلتُ له کیف۔ قال الوراق کان عندی وقد احضر رجل کتابا من کتُب الاصمعی یکون نحوا من ثلاثین ورقة لیبیعه فاخذه فنظر فیه طویلا فقال له الرجل ارید بیعه وقد قطعتنی عن ذلک فان کنت ترید حفظه فهذا یکون ان شاء الله بعد شهر قال فقال له ابن عیدان فان کنت قد حفظته فی هذه المدة فما لی علیک۔ قال اهب لک الکتاب قال فاخذته من یده فاقبل یُعیده علیّ الی آخره۔ ثم استلمه فجعله

---

٥١ بضم الجیم وسکون العین المهملة بعدها فاء وهو جعفی بن سعد العشیرة بن مذحج واسمه مالک بن اود بن زید بن یشجب بن عرب بن زید بن کهلان وانما قیل لسعد العشیرة لانه کان یرکب (فیما قیل) فی ثلاثمائة من ولده وولد ولده، فاذا قیل له من هؤلاء قال عشیرتی مخافة العین علیهم (ابن خلکان جلد ۱ ص۳۶) ٥٢ طبقات الادباء ص۲۰۶ ٥٣ سرح العیون ص۱۱۶ ٥٤ جمع حجل وهو الطائر الذی یسمی القبج ٥٥ جمع ظربان علی مثال قطران وهی دویبة منتنة الرائحة (ابن خلکان جلد ۱ ص۳۶) ٥٦ طبقات الادباء ص۲۰۶ وص۲۰۴

فی کمه وقام فتعلق به صاحبه وطالب بماله فقال ما الی ذلك سبیل وقد وهبته لی قال فسمعناه منه وقلنا انت شرطت[1] علی نفسك هذا الكلام فترکه علیه ـ قیل[2] کان ابو العلاء المعری اذا ذکر الشعراء یقول قال ابو نواس کذا ـ قال البحتری کذا ـ قال ابو تمام کذا ـ فاذا اراد المتنبی قال قال الشاعر کذا تعظیماً له فقیل له لقد اسرفت فی وصفك المتنبی قال الیس هو القائل ؎ بلیتُ بلی الاطلال ان لم اقف بها ، وقوف شحیح ضاع فی الترب خاتمه ، کم قد ربما یقف الشحیح علی الخاتم یقف اربعین یوماً فقیل له من این علمت ذلك قال سلیمان بن داؤد علیه السلام وقف علی طلب الخاتم اربعین یوماً فقیل له من این علمت انه بخیل قال من قوله تعالیٰ "وهب لی ملکاً لا ینبغی لاحد من بعدی" وما کان علیه ان یهب الله لعباده اضعاف ملکه ـ

فصل (فی ادعائه النبوة) کان المتنبی لما خرج الی کلب اقام فیهم وادعی انه علوی ثم ادعی النبوة ثم عاد یدعی انه علوی الی ان اشهد علیه فی الشام بالتوبة واطلق ـ قال ابو علی بن حامد سمعت خلقاً بحلب یحکون ان ابا الطیب المتنبی تنبأ ببادیة سماوة ونواحیها الی ان خرج الیه لؤلؤ امیر حمص من قبل الاخشیدیة فقاتله واسره وشرد من کان قد اجتمع علیه من بنی کلب وکلاب من قبائل العرب وحبسه فی السجن دهراً طویلاً حتی کاد یتلف فسئل فی امره فاستتابه وکتب علیه وثیقة واشهد علیه فیها ببطلان ما ادعاه ورجوعه الی الاسلام واطلقه ـ قال وکان قد تلا علی البوادی کلاماً زعم انه قرآن انزل علیه فکانوا یحکون له سوراً کثیرة نسخت منها سورة ثم ضاعت وبقی اولها فی حفظی وهو "والنجم السیار والفلك الدوار والليل والنهار ان الکافر لفی اخطار امض علی سننك واقف اثر من قبلك من المرسلین فان الله قامع بك زیغ من الحد فی دینه وضل عن سبیله" وهذا هو وجه تلقیبه بالمتنبی ـ ویحکی ان المعتمد بن عباد اللخمی صاحب قرطبة واشبیلیة انشد یوماً فی مجلسه بیت المتنبی وهو من جملة قصیدته المشهورة ؎ اذا ظفرت منك العیون بنظرة ، اثاب بها معیی المطی ورازمه ، وجعل یردده استحساناً له وفی مجلسه ابو محمد عبد الجلیل بن وهبون الاندلسی فانشد ارتجالاً ؎ لئن جاد شعر ابن الحسین فانما ، تجید العطایا والعطا تفتح اللهی ، تنبأ عجباً بالقریض ولو دری ، بانك تروی شعره لتألهاً ،

وکان المتنبی فی مجلس سیف الدولة اذا ذکر له قرآنه هذا وامثاله مما کان یحکی عنه انکره وجحد ـ وقال له ابن خالویه النحوی یوماً فی مجلس سیف الدولة لولا ان الآخر جاهل لما رضی ان یدعی بالمتنبی (اراد به ابا الطیب المتنبی) لان معنی المتنبی کاذب ومن رضی ان یدعی بالکذب فهو جاهل فقال لست ارضی ان ادعی بذلك ـ وانما یدعونی به من یرید الغض منی ولست اقدر علی المنع[3] واشتهرت علی السنتهم فی وجه تلقیبه بالمتنبی وجوه اخر منها ان سبب تنبئه وقائع نادرة منها ان قوماً قالوا له ان ههنا ناقة صعبة فان رکبتها علمنا بانك مرسل فتحیل یوماً الی ان رکبها فنفرت ساعة ثم سکنت وورد الحی وهو راکبها ـ منها انه کان مستخفیاً ذات لیلة هو ورجل فنبح علیهما کلب فلما ذهبا قال للرجل انك ستجد الکلب میتاً اذا رجعت فوجد کذلك ـ ومنها انه کان یعرف نوعاً من السحر یسمی صدحة المطر وذلك ان الشخص یدیر حوله بعصا ویذکر کلاماً فیصرف عن موضعه المطر ـ قال[4] ابو عبد الله معاذ بن اسمعیل اللاذقی قدم ابو الطیب المتنبی اللاذقیة سنة نیف وعشرین وثلثمائة وهو لا عذار له وله وفرة الی شحمتی اذنیه فاکرمته وعظمته لما رأیت من فصاحته وحسن سمته فلما تمکن الانس بینی وبینه وخلوت معه فی المنزل اغتناماً للمشاهدته واقتباساً من ادبه قلت له والله انك لشاب خطیر تصلح لمنادمة ملك کبیر فقال ویحك اتدری ما تقول ـ انا نبی مرسل فظننت انه یهزل ثم تذکرت انی لم اسمع منه کلمة هزل قط منذ عرفته فقلت له ما تقول فقال انا نبی مرسل فقلت له مرسل الی من فقال الی هذه الامة الضالة ـ فقلت له تفعل ماذا ـ قال املأ الدنیا عدلاً کما ملئت جوراً قلت له بماذا قال بادرار الارزاق والثواب العاجل والآجل لمن اطاع واتی ـ وضرب الاعناق لمن عصی وابی فقلت له ان هذا امر عظیم اخاف منه علیك ان یظهر وعذلته علی ذلك فقال بدیهاً ؎ ابا عبد الاله معاذ انی ، خفی عنك فی الهیجا مقامی ، ذکرت جسیم مطلبی وانی ، اخاطر فیه بالمهج الجسام ، امثلی تأخذ النکبات منه ، ویجزع من ملاقاة الحمام ، ولو برز الزمان الی شخصا

[1] الصبح المنبی ۱۲ ، [2] طبقات الادباء ص۲۶۹ ، ص۳۱۱ ۱۲ ، [3] سرح العیون ص۱۶۱ ۱۲ ، [4] الصبح المنبی ۱۲

لخضب شعر مفرقه حسامی ٭ اذا امتلأت عیون الخیل منی ٭ فویل فی التیقظ والمنام ٭ فقلت له ذکرت انک نبی مرسل الی هذه الامة افیوحی الیک قال نعم۔ قلت فاتل علیّ شیئا مما اوحی الیک فاتی بکلام ما مر بسمعی احسن منه قلت فی کم مدة اوحی الیک قال جملة واحدة قلت اسمع فی هذه العبارات ان لک طاعة فی السماء فما هی قال احبس المدرار لقطع ارزاق العصاة والفجار قلت اتحبس فی السماء مطرها قال ای والذی فطرها أما هی معجزة قلت بلی واللہ۔ قال فان حبست المطر عن مکان تنظر الیه ولا تشک فیه هل تؤمن بی وتصدقنی علی ما اتیت به من ربی قلت ای واللہ قال سافعل ولا تسألنی عن شیء بعدها حتی اٰتیک بهذه المعجزة ولا تظهر شیئا من هذا الامر حتی یظهر وانتظر ما وعدته من غیر ان تسأله ثم قال لی بعد ایام اتحب ان تنظر المعجزة التی جری ذکرها قلت ای واللہ فقال لی اذا ارسلت الیک هذا العبد فارکب ولا تتأخر ولا یخرج معک احد قلت نعم فلما کان بعد ایام تغیمت السماء فی یوم من ایام الشتاء واذا عبده قد اقبل فقال یقول لک سیدی ارکب للموعد فبادرت الی الرکوب معه وقلت این رکب مولاک قال لی الصحراء واشتد وقع المطر فقال بادر بنا حتی نستتر من هذا المطر مع مولای فانه ینتظر بأعلی تل لا یصیبه فیه المطر قلت وکیف یعمل قال اقبل الی السماء اول ما بدا السحاب الاسود وهو یتکلم بما لا نفهم ثم اخذ السوط فاداره فی موضع ستنظر الیه واذا هو علی تل بعید عن البلد نصف فرسخ فاتیت الیه فاذا هو علی التل لم یصبه من ذلک المطر شیء وقد خضت فی الماء الی رکبة الفرس والمطر فی اشد ما یکون ونظرت الی نحو مائتی ذراع فی نحوها من ذلک التل ما فیه قطرة مطر فسلمت علیه فرد علیّ السلام فقلت ابسط یدک اشهد انک رسول فبسط یده فبایعته بیعة الاقرار بنبوته ثم قال ؎ ای محل ارتقی الخ واخذت بیعته لاهلی۔ ثم صح بعد ذلک ان البیعة عمت کل مدینة فی الشام وذلک باصغر حیلة من بعض العرب۔ وزعموا ابو محمد عبد الکریم بن ابراهیم النهشلی ان ابا الطیب انما سمی متنبیا لفطنته ومنها ما قاله الواحدی فی تفسیر قوله ؎ ما مقامی بارض نخلة الا ٭ کمقام المسیح بین الیهود ٭ وبهذا البیت لقب بالمتنبی بتشبیه نفسه بعیسی علی نبینا وعلیه الصلوة والسلام فی هذا البیت وفیما بعده بصالح علی نبینا وعلیه الصلوة والسلام ومنها ما قال ابو علی قیل للمتنبی علی من تنبأت قال علی الشعراء فقیل لکل نبی معجزة فما معجزتک قال هذا البیت ؎ ومن نکد الدنیا علی الحر ان یری ٭ عدوا له ما من صداقته بد ٭ ومنها ما قاله ابو الفتح عثمان بن جنی قال سمعت ابا الطیب انما لقبت بالمتنبی لقولی ؎ انا ترب الندی ورب القوافی ٭ وسهام العدی وغیظ الحسود ٭ انا فی امة تدارکها اللہ ٭ غریب کصالح فی ثمود ٭ ما مقامی بارض نخلة الا کمقام المسیح بین الیهود ٭ ومنها ما قیل ان بعض الاکابر قال لہ فی مدینة السلام اخبرنی من اثق به انک قلت انک نبی قال الذی قلته انا احمد النبی قال ابو عبد اللہ یاقوت الرومی ولم یزل المتنبی بعد خروجه من الاعتقال فی خمول وضعف حال حتی اتصل بابی العشائر[1] ومدحه بعدة قصائد۔

فصل (فی اخلاقه) کان ابو الطیب شدید الاعجاب بنفسه روهو بذلک التحقیق حتی اشترط علی سیف الدولة اول اتصاله به انه اذا انشده مدیحه لا ینشده الا وهو قاعد وانه لا یکلف تقبیل الارض بین یدیه۔ وقد اعرب عن عجبه بشعره فقال ؎ لا بقومی شرفت بل شرفوا بی ٭ وبنفسی فخرت لا بجدودی ٭ وحکی علی بن حمزة البصری قال بلوت من ابی الطیب ثلاث خلال محمودة وذلک انه ما کذب ولا زنی ولا لاط وبلوت منه ثلاث خلال ذمیمة وذلک انه ما صام ولا صلی ولا قرأ القرآن اما من البخل والشح فکان علی جانب عظیم فقد کان ابوبکر الخوارزمی یقول کان ابو الطیب قاعدا تحت قول الشاعر ؎ وان احق الناس باللوم شاعر ٭ یلوم علی البخل الرجال ویبخل ٭ وانما اعرب عن مادته وطریقته فی قوله ؎ بلیت بلی الاطلال ان لم اقف بها ٭ وقوف شحیح ضاع فی الترب خاتمه ٭ فحضرت عنده یوما بحلب وقد احضر مالا من صلات سیف الدولة فصب بین یدیه علی حصیر قد افترشه ووزن واعید فی الکیس واذا بقطعة کاصغر ما یکون من ذلک المال قد تخللت خلل الحصیر فاکب علیها بجامعه ینقرها ویعالج استنقاذها منه ویشتغل بذلک عن جلسائه

[1] وکان ابو العشائر والی انطاکیة من قبل سیف الدولة ۱۲ الصبح المنبی ؎۲ و؎۳ الصبح المنبی ۱۲

حتى توصل الى لفظها ببعضها فتمثل ببيت قيس بن الخطيم ؎ تبدت لنا كالشمس تحت غمامة * بدا حاجب منها وضنت بحاجب * ثم استخرجها فقال له بعض جلسائه اما يكفيك ما في هذه الاكياس حتى ادميت اصبعك لاجل هذه القطعة فقال انها تحضر المائدة[1]. وقال ابو البركات بن الفرج المعروف بابن زيد التكريتي الشاعر قال بلغني انه قيل للمتنبي قد شاع عنك من البخل في الآفاق ما قد صار سمرا بين الرفاق وانت تمدح في شعرك الكرم واهله وتذم البخل واهله الست القائل ؎ ومن ينفق الساعات في جمع ماله * مخافة فقر فالذي فعل الفقر * ومعلوم ان البخل قبيح ومنك اقبح لانك تتعاطى كبر النفس وعلو الهمة وطلب الملك والبخل ينافي سائر ذلك. فقال ان للبخل سببا وذلك اني اذكر وقد وردت في صباي من الكوفة الى بغداد فاخذت خمسة دراهم في جانب منديل وخرجت امشي في اسواق بغداد. فمررت بصاحب دكان يبيع الفاكهة فرأيت عنده خمسة من البطيخ باكورة فاستحسنتها ونويت ان اشتريها بالدراهم التي معي فتقدمت اليه وقلت بكم هذه الخمس بطاطيخ. فقال بغير اكتراث اذهب فليس هذا من اكلك فتماسكت معه وقلت ايها الرجل دع ما يغيظ واقصد الثمن فقال ثمنها عشرة دراهم فلشدة ما جبهني به ما استطعت ان اخاطبه في المساومة فوقفت حائرا ودفعت له خمسة دراهم فلم يقبل واذا بشيخ من التجار قد خرج من الخان ذاهبا الى داره فوثب اليه صاحب البطيخ من دكانه ودعا له وقال يا مولاي هذا بطيخ باكور باجازتك احمله الى منزلك فقال الشيخ ويحك بكم هذا قال بخمسة دراهم فقال بل بدرهمين فباعه الخمسة بدرهمين وحملها الى داره ودعا له وعاد الى دكانه مسرورا بما فعل فقلت يا هذا ما رأيت اعجب من جهلك استمت علي في هذا البطيخ وفعلت فعلتك التي فعلت. وكنت قد اعطيتك في ثمنه خمسة دراهم فبعته بدرهمين محمولا. فقال اسكت. هذا يملك مائة الف دينار. فقلت ان الناس لا يكرمون احدا اكرامهم من يعتقدون انه يملك مائة الف دينار وانا لا ازال على ما تراه حتى اسمع الناس يقولون ان ابا الطيب قد ملك مائة الف دينار[2]

وكان للرجل اجمالا فضائل ورذائل فمن فضائله الشجاعة. وعظم الهمة. والانفة. والحمية والتثبت والنجدة والشهامة. ومن رذائله الكبر والعجب والبخل والحقد.

فصل (في شعره ونثره) ومما يدلك على تفوق شعره وعناية القوم بشرح ديوانه انه قد وجد لنحو اربعين شرحا وترجم بعض شعره للافرنسية واللاتينية وانتقده جماعة من كبار المستشرقين[3]. ثم انه اعترض على اشعاره من وجوه **منها** فساد العقيدة كما في قوله ؎ يترشفن من فمي رشفات * هن فيه احلى من التوحيد * **وقوله** ؎ وابهر آيات التهامي انه * ابوكم واحدى ما لكم من مناقب * والعجب ممن ينتقص ابا الطيب لمثل هذه الابيات ويقول انها تدل على ضعف العقيدة وفساد المذهب في الديانة وقد قال ابو نواس ؎ يا عاذلي في الدهر ذا هجر * لا قدر صح ولا جبر * ما صح عندي من جميع الذي * يذكر الا الموت والقبر * فاشرب على الدهر وايامه * فانما يهلكنا الدهر * وقال ؎ اترك لذة الصهباء نقدا * لما وعدوه من لبن وخمر * حياة ثم موت ثم بعث * حديث خرافة يا ام عمرو * فلو كانت الديانة عارا على الشعر وكان سوء الاعتقاد سببا لتأخر الشعر لوجب ان يمحى اسم ابي نواس من الدواوين ويحذف ذكره اذا عدت الطبقات ولكان اولاهم بذلك اهل الجاهلية ومن تشهد عليه الامة بالكفر ولوجب ان يكون كعب بن زهير وابن الزبعرى واضرابهما ممن تناول رسول الله صلى الله عليه وسلم وعاب اصحابه بكما خرسا وبكاء مفحمين ولكن الامرين متباينان والدين بمعزل عن الشعر[4] **ومنها** السخافة كما في قوله ؎ فتى الف جزء رأيه في زمانه * اقل جزئ بعضه الرأي اجمع * وقد ركب في هذا البيت من التقديم والتأخير والحذف والابهام ما لا يباح مثله في اساليب الكلام حتى انك اذا حللت تركيبه النحوي وجدته باقيا على غموضه ولا يظهر لك الغرض منه الا بعد اطالة النظر واعنات الروية. وصورته بعد الحل هو فتى رأيه في زمانه الف جزء اقل جزء منها بعضه الرأي اجمع فامثال

---

[1] يتيمة الدهر ص٨٣ وص٨٥ جلد اول ١٢ [2] من مقالة السيد البكري في المقتطف مجلد (١٠) ص٣٤١ ١٢ [3] ملخص من تاريخ آداب اللغة العربية لجرجي زيدان جلد ٢ ص٢٣٥ وص٢٣٩ ١٢ [4] الوساطة بين المتنبي وخصومه ببعض تصرف ١٢ [5] العرف الطيب ١٢

وانما ورد عليه ذلك من قبل ما فيه من تداخل المعنى وطول سلسلة الاجزاء بتردد اربعة ابتداءات فيه قد اخذ بعضها برقاب بعض صارت كالشئ الواحد وهذا مما لم ينبه عليه علماء المعانى. وحينئذ فلا بدّ للشارح مع تاويل ما فيه من المجاز والكشف عن المبهم من تفصيل المعنى وتقطيع اجزائه بان يقال هو فتى لو اعتُبر رأيه فى احوال زمانه الف جزء لكان اقل جزء من هذه الاجزاء يعادل جزء منه كل ما عند الناس من الرأى. وحاصل ما فيه ان الممدوح اعلم الناس باحوال الدهر واين هذا المعنى من هذه الالفاظ وما ركب من المعاظلة والتكلّف والتعسّف وكدّ ذهن السامع بتتبع قواعد النحو والمجاز والارتباك فى حساب طويل لا طائل تحته حتى يستخرج منه هذا المعنى المبتذل. ومن قبيل هذا البيت بل ادخل فى ظلمات الخفاء قوله ؎

أحاد ام سداس فى أحاد ۔ لييلتنا المنوطة بالتنادى ۔ قال الصاحب بن عباد وهذا من عنوان قصائده التى تحير الافهام وتفوت الاوهام وتجمع من الحساب ما لا يدرك بالارتماطيقى والاعداد الموضوعة للموسيقى وقد غلطاه فى اللفظ والمعنى كثير من اهل اللغة واصحاب المعانى حتى احتاج فى الاعتذار له والذب عنه الى كلام لا يستأهله هذا البيت ولا يتسع له هذا الباب الا ببعض تصرف قال الواحدى واكثروا فى معنى هذا البيت. ثم لم يأتوا ببيان مفيد موافق اللفظ وان حكيت ما قالوا فيه طال الكلام ولكنى اذكر ما وافق اللفظ من المعنى ثم اتى ببيان طويل استخلصت منه ما تراه فى محله ۔ لست ادرى أهو اول من جاء بهذا التفسير ام نقل عن غيره ومهما يكن فان صح ان هذا هو مراد المتنبى (وما أراه اراد غيره) فهو مما لا يكاد يفطن له الا نبى. ولعمرى ليس مثل هذا مما يدخل فى فضيلة شاعر ولا نرى يصح التكلم بها الا فى مقام الالغاز والتعمية لا فى مقام المدح والتشبيه. ثم هو على ما فيه من غموض المغزى وبعد التاويل لا يخرج بعد تجشم عرق القربة فى استنباط الغرض منه عن معنى قوله ؎ من بعد ما كان ليل لا صباح له ۔ كان اول يوم الحشر آخره ۔ والفرق بين التعبيرين ظاهر. ثم انما اعترض على قوله أحاد ام سداس النحو من وجوه منها على قوله سداس وقد زعموا انها غير مروية عن العرب وانما روى أحاد وثناء وثلاث ورباع وعشار وهذه معدولات لا يتجاوز بها السماع ولا يسوغ فيها القياس. ومنها انه اقام أحاد وسداس مقام واحد وستة والعرب انما عدلوا به عن واحد واحد واثنين اثنين ولذلك لا يقولون للاثنين والثلاثة هذا اثناء وهذا ثلاث وانما يقولون جاء القوم احاد ومثنى وثلاث اى واحدا واحدا واثنين اثنين وثلاثة ثلاثة وبذلك نطق القرآن قال الله تعالى قل انما اعظكم بواحدة ان تقوموا لله مثنى وفرادى اى اثنين اثنين وقال تعالى فانكحوا ما طاب لكم من النساء مثنى وثلاث ورباع اى ثنتين ثنتين ثلاثا ثلاثا اربعا اربعا ومنها انه صغر الليلة ثم وصفها بالطول ووصلها بالتنادى حتى احتاج الى اطالة الاعتذار الى التاويل والاستشهاد وانت اذا امتحنت الذى عزاه لم تجد اكثر من أواحدة ليلتنا هذه ام ست ليال فى واحدة وهل يساوى ذلك ان عرض خاطرا وغا ووجد سهلا مواتيا ان يفتح به قصيدة او يعقد عليه قافية. وما الذى خص سداسا وعشارا اكثر ان اراد التكثير واجتماع عشر ليال اطول من اجتماع ست. فان ادعى مدع انه اراد استيفاء ليالى الاسبوع فجمعها فى الست والواحدة فكملت سبعا استدل النابه على ضعف بصره بالحساب لان الست فى الواحدة ست فاين السابعة. ولو اقتصر على الاسبوع وهو بعيد المبالغة فى الطول وهلا بلغ اقصى ما يحتمله الوزن واكثر ما يمكنه النظم واجاب الاستاذ عن الاول ان سداسا مذكور فى عامة كتب اللغة. قال فى اقرب الموارد السداس معدول لستة مكررة يقال جاء القوم سداس اى جاءوا ستة ستة وعلى تقرير الرواية عنهم كيف ساغ لاهل اللغة ان يذكروه فى كتبهم. وعن الثالث ان تصغير الليلة ثم وصفها بالطول لغرض مبالغة كأنه يقول انما كان حال ليلتى الصغيرة ما ذكرته فما ظنك بحال ليلتى الكبيرة. ومن امثلة تلك الاوابد قوله ؎ وكل شريك فى السرور بمصبحى ۔ ارى بعده من لا يرى مثله بعدى ۔ قاله فى وداع ابن العميد وهو فى حد الابهام. وقد وقفت على ما ذكر الشراح فى تفسيره فلم اجدهم يأتون فى بيان معناه بما يزيد على مفاد ظاهره. وحاصل ما يؤخذ من كلامه وكلامهم انه يقول اذا اصبحت عند اهلى فكل انسان منهم يشاركنى فى السرور بحصولى عندهم ارى بعد فراقه منك يا ابن العميد انسانا لا يرى هو مثله بعد فراقى اھ وهذا انما هو تاويل لفظ البيت والمتحصل من اجزاء المعنى دون جملته. وظاهر ان المشاركة

التي يذكر زمانها الاستقبال لانها انما تكون بعد مصيره الى اهله وقوله ارى بعدك الخ هو خبر كل فالمتبادر منه ان الرؤية تحصل بعد المشاركة ايضا لان الخبر هنا مترتب على المبتدأ كترتب الجزاء على الشرط على حد قولك كل زائر لي غدا اكرمه وهذا لا يصح في البيت والا لزم انه يرى ابن العميد حين لا يراه وهو محال او انه سيعود اليه بعد رحيله الى اهله وهو غير المقصود وانما اراد بقوله ارى زمان الحال اے كل انسان يشاركني في السرور وحينئذ ارى منك اليوم انسانا لا يرى هو مثله ومعنى الجزاء مضمر اى فلا يشاركني في الاسف على فراقك او فلا يتم سروري به كما تم سروري بك وهذا لا يتحصل من البيت الا بعد امعان في التامل وتقليب النظر في اوجه المراد فضلا عما في قوله بعدي من الابهام والاشكال في رد الضمائر بعده مما لا يهتدي اليه الا بعد العنت والعناء ويقرب من هذا البيت قوله ؎ حتى وصلت بنفس مات اكثرها . وليتني عشت منها بالذي فضلا يريد ما قاساه من مشقة الطريق واهوالها حتى مات اكثر نفسه ثم تمنى لو عاش بما بقي منها . ولا يظهر لهذا التمني معنى يصح موقعه بل اذا اخذ على ظاهره كان معناه انه يتمنى لو استوفى بقية حيوته فهو على هذا يتمنى حضور اجله وهو بعيد عن المقصود في هذا المقام ولكنه يتمنى ان يعيش في المستقبل بما بقي من نفسه فلا يموت باقيها كما مات ماضيها . وحينئذ نقول عشت في تاويل اعيش وهو ما يستفاد من صنيع الشراح في تفسير هذا البيت . الآن التعبير بالماضي عن المضارع مواضع ليس هذا منها . والعدول عن الظاهر لا بد له من قرينة واضحة ترد السامع اليه بادي رؤية والا كان الكلام ضربا من المعاياة وهو في مثل ما ذكر الى الخطأ اقرب وكذا ابياته في السعادة قوله ؎ فقلقلت بالهم الذي قلقل الحشا . قلاقل عيس كلهن قلاقل غثاثة عيشي ان تغث كرامتي . وليس بغث ان تغث الماكل . وكذا قوله ؎ ولست بدون يرتجى الغيث دونه . وكا منتهى الجود الذي خلفه خلف . ولا واحدا في ذي الورى من جماعة . ولا البعض من كل ولكنك الضعف . ولا الضعف حتى يتبع الضعف ضعفه . ولا ضعف ضعف الضعف بل مثله الف . وكذا قوله ؎ لبيت تسند مسندا في نيها . اسادها في المهمه الانضاء . وقد رأيتك (وفقك الله) لما احتفلت وتعملت وجمعت اعوانك واحتشدت وتصفحت هذا الديوان حرفا حرفا واستعرضته بيتا بيتا وقلبته ظهرا وبطنا ادعيت في بعض اشعاره الغلط واللحن وفي اخرى الاختلال والاحالة ووصفت بعضها بالتعسف والغثاثة . وبعضها بالضعف والركاكة . وبعضها بالتعدي في الاستعارة -

ومنها ان في اشعاره تعقيدا كما في قوله ؎ وفاؤكما كالربع اشجاه طاسمه - بان تسعدا والدمع اشفاه ساجمه ومن يرى هذه الالفاظ الهائلة والتعقيد المفرط فيشك ان وراءها كنزا من الحكمة وان في طيها الغنيمة الباردة حتى اذا فتشها وكشف عن سترها وسهر ليالي متوالية فيها حصل على ان وفاءكما يا عاذلي بان تسعداني اذا درس شجاي وكلما ازداد تدارسا ازددت له شجوا . كما ان الربع اشجاه دارسه . فما هذا من المعاني التي يضيع لها حلاوة اللفظ وبهاء الطبع ورونق الاستهلال ويشح عليها حتى يهلهل لاجلها النسج ويفسد النظم ويفصل بين الباء ومتعلقها بخبر الابتداء قبل تمامه ويقدم ويؤخر ويعمي ويعوص . ولو احتمل الوزن ترتب الكلام على صحته فقيل وفاؤكما بان تسعدا اشجاه طاسمه كالربع او وفاؤكما بان تسعدا كالربع اشجاه طاسمه لظهر هذا المعنى المضنون به المتنافس فيه . فاما قوله والدمع اشفاه ساجمه فخطاب مستانف وفصل منقطع عن الاول وكانه قال وفاؤكما والربع اشجاه ما طسم والدمع اشفاه ما سجم

ومن ابياته المغلقة قوله ؎ وقد ذقت دفرا والدهيم فما ترى . ام الدهيم وام دفر ثاكل . الضير لمكارم ممدح ودفر والدهيم من اسماء الداهية وكذلك ام دفر وام الدهيم وفي هذا البيت من التعقيد والحشو والابهام في استعمال الالفاظ اللغة مع ما فيه من غرابة المعنى ما لا يهتدي معه الى المراد الا بعد ان يتكلف فيه من انضاء الروية في ضاحي الحدس ووجوه التخرص ما يسهل معه حل الطلاسم وقراءة اشكال الحروف . وقد وقفت فيه على كلام الشراح فوجدتهم قد اخذوا في شعاب التجوز واعتسفوا في مهامه التاويل الى ما يخرج بالكلام عن جادة المقول ويتعسف به عن سنن المعقول

؎ وهو نظير قول الاعشى ؎ وقد غدوت الى الحانات يتبعني ماش وشل شلول شلشل شول ١٢ ؎ النعرف الطيب ١٢

وحاصل ماذكروا فيه ان قوله فما ترى اراد فما ترين فاكتفى بضمير الوحدة وقوله ثاكل خبر عن ام الدهيم. واراد ام الدهيم و
دفر اى بعطف دفر على الدهيم فزاد اما للتوكيد اهـ وفيما ذكر من الخروج عن قواعد العربية والجئ من وراء المالوف فى التعبير ما
لا يبقى معه الى الفهم سبيل ولاسيما مع تكرار التجوز فى الشطرين جميعا. على ان الاخبار بالمفرد عن المثنى واستعمال التوكيد
بالعطف صور ليس منها ما فى البيت وقيل ام الدهيم نائب ترى او مفعوله على جعله فعلا للمخاطب اى نام الدهيم لاترى
يعنى انها فقدت وامه دفر ثاكل مبتدأ وخبر. وعليه فتحرير المعنى ان مكارم الممدوح قتلت دفرا والدهيم نام دفر ثاكل ام الدهيم
مفقودة فتامله. وانما ورد هذا الاضطراب من جهة قوله فما ترى وهو حشو زاده بين شطرى المعنى فالتبس الحشو بالاصل
واختلط وجه القصد من البيت برمته وزاد فى طينة الاشكال بلة ما يحتمله هذا اللفظ من النفى او الاستفهام ولفظ ترى من كونه
فعلا للمخاطب او الغائبة فعاد البيت ضربا من الرقى. واذا قدرت سقوط هذا الحشو منه وجعلت ما بعده مرتبا على ما قبله حتى
تكون صورة الكلام وقتلت دفرا والدهيم نام الدهيم وام دفر ثاكل آذن المعنى بالظهور وذهب ما فيه من الاشكال. وحينئذ
فالاظهر ان قوله فما ترى استفهام التفت به الى المخاطب ولا مفعول له وقوله ام الدهيم الخ استئناف. وتمام الكلام على هذا البيت
فى محله. وحاصل ما فيه ان مكارم الممدوح اكلت الداهية اى قهرت شدائد الدهر فتكلف فى ادائه هذا العنت الشديد.
وجمع عليه من الاستعارة والكناية والالتفات والاستفهام والتفسير والتوكيد ما لا يستحقه هذا المعنى **ومن** تلك الامثلة
قوله ؎ وهب الملامة فى اللذاذة كالكرى ، مطرودة بسهاده وبكائه ، وهو من مشكل الابيات التى تحير فى تاويلها اوهام
المفسرين وتضل فى تركيبها بصائر المعربين. وقد ادغل شراح الديوان فى الغوص على معناه فلم يصدروا عنه بطائل وركبوا
فيه متن التصحيح فنزل بهم على اكتاف الخطأ. قال الواحدى قال ابن جنى يقول اجعل ملامتك اياها فى التذاذها كالنوم فى
لذاذته فاطردها عنه بما عنده من السهاد والبكاء. اى لاتجمع عليه اللوم والسهاد والبكاء اى فكما ان السهاد والبكاء قد ازالا
الكراه فلتزل ملامتك اياه قال وهذا كلام من لم يفهم المعنى وظن زوال الكرى من العاشق وليس على ما ظن ولكنه يقول العاذل
هب انك تستلذ الملامة كما تستلذ النوم وهو مطرود عنك بسهاد العاشق وبكائه فكذلك دع الملام فانه ليس بالذ من النوم
اى فان جاز ان لاتنام جاز ان لاتعذل اهـ وفى كل من التفسيرين محل ظاهر على ما فى تصور المعنى من الاضطراب وبعد التاويل
عن مقتضى اللفظ. وذلك ان تفسير ابن جنى قوله مطرودة بقوله فاطردها لايستقيم. وشتان بين الامر والوصف. ولا يقال
انه تناول معنى الامر من قوله هب على تقدير هبها مطرودة لان هب على تفسيره قد استوفى مفعوليه من صدر البيت فلم يبق
له دخل فيما يليه وبقى قوله مطرودة حالا عن الملامة وان شئت جعلته خبرا عن ضمير ها محذوفا اى وهى مطرودة وعلى كليهما
يكون فى معنى شبه جملة او جزء جملة خبرية لا فى معنى جملة طلبية. وقول الواحدى وهو مطرود اى النوم مقتضاه جعل
مطرودة حالا عن الكرى. والكرى مذكر لانه مصدر كرى ولفظ مطرودة مؤنث فلا يصلح كونها حالا عنه على ان جعل
ملام العاذل فى قول ابن جنى او نومه فى قول الواحدى مطرودا بسهاد العاشق وبكائه مما يشكل وجهه وما ارى المتنبى الا غلط
فى هذا البيت بان سبق وهمه الى ان الكرى يؤنث على حد الهدى مثلا واراد ان يقول مطرودا فسبق خاطره الى التانيث
باستدراج الوزن لان المقام يقتضى ان يكون قوله مطرودة جاريا على الكرى كما هو تفسير الواحدى ويكون المعنى على نحو ما قال
ابن جنى اى احسب ملامتك لذيذة عند العاشق كمنامه والمنام مطرود عنه بالسهاد والبكاء اى فلتكن ملامتك كذلك وفى
هذا البيت مزيد بيان ذكرناه فى محله **ومن ذلك** قوله ؎ اعط الزمان فما قبلت عطاءه ، واراد لى فاردت ان اتخيرا
وهو من مخبآت معانيه التى لاتبرز من وراء الحجاب بل من مخدج بنات افكاره التى لم يتم تصويرها بما يمثل لها صورة فى الباب
وذلك لبعد الاشارة فيه الى المقصود وكثرة ما ركب فى ادائه من الايجاز والحذف حتى بقى جزء من المعنى لا يحيط به اللفظ.
ومثل هذا البيت لا يستغنى عن توطئة قبله تدل على ما اضمر فيه وبيان بعده يحل ما عقد وليس قبله الا قوله ؎ فبلحظها
نكرت قناتى راحتى ، ضعفا وانكر خاتماى الخنصرا ، وقال بعده ؎ ارجان ايتها الجياد فانه ، عزمى الذى يذر الوشيج مكسرا ،

فبقي البيت مقتضباً بنفسه ولو يبق لنفهم معناه الا الضرب في اودية الحدس والتكهن والنظر فيما يحتمله المقام ويقتضيه السياق ثم لا يخرج الكلام فيه بعد ذلك عن حد التحكم والتمحل لا يقع من المتامل موقع الاقناع قال الواحدي في تفسيره يقول لو اقبل عطاء الزمان ترفعاً وبعد همة اي اردت عطائك دون عطاء الزمان واراد لي الزمان ان اتمس سواك فاردت اختيارك وليس في لفظ البيت ما يتناول منه هذا المعنى وانما هو قول الواحدي لا قول المتنبي **واكتفى** من هذا الضرب بهذا القدر وهو ليس في شعره بالشيء النادر بل لا تكاد تصفح له قصيدة الا ترى فيها مثل ذلك مما يقف عنده الفهم ويستوقف لذة النفس بما مضى من حسناته ويكدر عليها مشربها من حلاوة الفاظه ومعانيه وعندي ان ما كان كذلك حتى يحتاج في استخراج معناه الى استنباط القريحة وقدح زند الخاطر حتى يكون المعنى من عند الشارح لا من عند الشاعر لا يستحق ان يسمى شعراً وما ارى ابن خلدون و من على رايه نفى الشاعرية عن المتنبي الا لهذه الابيات وامثالها۔

ومنها ان في اشعاره سرقة. قال ابو تمام ۔ كفى فقتل محمد لك شاهد، ان العزيز مع القضاء ذليل • قال ابو الطيب ۔ الا انما كانت وفاة محمد، دليلاً على ان ليس لله غالب • **قال** كثير ۔ اريد لانسى ذكرها فكانما، تمثل لي ليلى بكل سبيل وقال ابو نواس ۔ ملك تصور في القلوب مثاله، فكانه لو يخل منه مكان • قال ابو الطيب ۔ كن بالمخبر عنك دونك وصفه، ومن بالعراق يراك في طرسوسا • فقصر لانه اقتصر من بالعراق. وعمم ابو نواس القلوب والاماكن وبين اللفظين بون في الجزالة والصحة **قال** ابو تمام ۔ وكانت وليس الصبح فيها بابيض، فامست وليس الليل فيها باسود • وقال ابو الطيب ۔ فالليل حين قدمت فيها ابيض، والصبح منذ رحلت عنها اسود • **قال** (في النفحات) ومثل ذلك ما وقع لامرئ القيس مع طرفة بن العبد في البيت الذي في معلقتيهما وهو قول امرئ القيس ۔ وقوفاً بها صحبي على مطيهم، يقولون لا تهلك اسى وتجمل وقال طرفة بن العبد في معلقته الدالية ۔ وقوفاً بها صحبي علي مطيهم، يقولون لا تهلك اسى وتجلد • فلما تنافسا في ذلك احضر طرفة خطوطاً اهل بلده في اي يوم نظم البيت، فكان اليوم الذي نظماه فيه واحداً فحكم لكل منهما به لعدم المرجح **وحكي** ان ابن ميادة انشد ۔ كريم ومتلاف اذا ما سالته، تهلل واهتز اهتزاز المهند • فقيل له هذا شعر الشماخ فقال الآن علمت اني شاعر حيث وافقته والله ما نمى قوله الى علمي حتى الساعة **ولقد** وقع لاحمد بن ابي طاهر في مدح عبيدالله بن عبد الله حيث قال ۔ هذا ابو احمد جادت لنا يده، لو يحمد الاجودان البحر والمطر • فقد وارد قول ابن الرومي ۔ ابو سليمان ان جادت لنا يده، لو يحمد الاجودان البحر والمطر •

وقد طال صاحب الوساطة بين المتنبي وخصومه الكلام ههنا في معنى السرقة والذب عن المتنبي والانتصار له و الاعتذار عنه وتجنب عن الافراط والتفريط واختار طريق الوسط وهو بحث شريف لا يكاد يوجد مثله عند غيره ان شئت الاطلاع عليه فطالعه ولا مخافة التطويل لسردنا عليك بالتفصيل. وفيما نقلنا عنه كفاية لمن تدبر و تفكر۔

ومما انكره العلماء من شعر ابي الطيب قوله ۔ جللاً كما بي فليك التبريح، اغذاء ذا الرشا الاغن الشيح قال في العرف انظر اي مناسبة بين هذين المصراعين واين موضعهما من بلاغة الشاعر وفي الوساطة قال اهل الاعراب حذف النون من تكن اذا استقبلتها اللام خطأ لانها تحرك الى الكسر انما تحذف استخفافاً اذا سكنت فقال لهم المحتج عن ابي الطيب لعمري ان وجه الكلام ما ذكرتم لكن ضرورة الشعر تجيز حذف النون مع الالف واللام وقد حكاه ابو زيد عن العرب في كتابه المعروف بكتاب ضمره في النوادر وانشد فيه الحسيل بن عرفطة ۔ لم يك الحق على ان هاجه، رسم دار قد تعفى بالسرر • غير الجدة عن عرفانها، خرق الريح وطوفان المطر • وابو زيد ثقة. والرواية عن العرب حجة. وقد جاء مثله ۔ فلست بآتيه ولا استطيعه. ولاك اسقني ان كان ماؤك ذا فضل كانه حذف ثم جاء بالساكن من بعد فتركه على الحذف. وانكر اصحاب المعاني قطع المصراع عن الاول في اللفظ والمعنى فقال المحتج عنه انما يسوغ الانكار لو قطع قبل الاتمام وابتدأ بالثاني وقد غادر من الاول بقية فاما ان يستوفي مراده ثم ينتقل الى غيره فليس بعيب لانما المصراعان كالبيتين وهو قد ستوفى بقوله

له الوساطة ص ٢١٢ كما في القاموس ١٢ منه

تجلّد كما في تلك التباريح هذا المعنى. ثم ابتدأ بالمصراع الثاني مستفهماً فما في هذا من العيب. وقال بعضهم قد يفعل الشاعر مثل هذا في النسيب خاصة ليدل به على تمكن الشوق منه وغلبة الحب عليه وليري ان آثار الاختلاط ظاهرة في كلامه وانه مشغول عن تقويم خطابه. قالوا ولذلك قال اغناء ذا الرشأ الاغن الشيح وجعلوا من هذا الباب قول زهير ؎ قف بالديار التي لم يعفها القدم، بلى وغيّرها الارواح والديم ؛ لنقض بالمصراع الثاني الاول. ولم يحفل بتكذيب نفسه وانكر هؤلاء قول من ذهب الى ان معنى البيت ان القدم لم يعفها وانما غيّرها الارواح والديم. ومن التناقض الظاهر قول بشار ؎ لم يطل ليلي ولكن لم انم ، ونفى عني الكرى طيف الم ؛ فقال لم انم ثم زعم ان الطيف الم به وهو لا يلم الا بنائم و قال غيره ان بين المصراعين اتصالاً لطيفاً وهو انه لما اخبر عن عظم تباريحه وشدة اسفه بيّن ان الذي اورثه التباريح والاسف واهدى اليه الشوق والقلق هو الاغن الذي شكّكه غلبة شبه الغزلان عليه في غنائه. وهذا الاعتذار قريب.

وممّا انكر عليه قوله ؎ امطعنك تشبيهي بما وكانه ، فما احد فوقي ولا احد مثلي ؛ قال في العرف وقد خاض الشراح في تاويل قوله بما خوضاً عجيباً وتقبوا في الكشف عن المقصود منه كل منقب فذكروا في ذلك اقوالاً ليس لقائلها من تبصرة. قال الواحدي حكى ابن جني عن ابي الطيب انه كان يقول في تفسير بما وكانه ان ما سبب للتشبيه لان القائل اذا قال لآخر يوم تشبه هذا قال له المجيب كانه الاسد او كانه الاثر الى آخر ما ذكر عنه. قال وسمعت ابا الفضل العروضي يقول ما وان لم يكن للتشبيه فانه يقال ما هو الا الاسد فيكون ابلغ من قولهم كانه الاسد وهذا قول القاضي ابي الحسن علي بن عبد العزيز حكاه عن ابي الطيب وليس ينكران ينسب التشبيه الى ما اذا كان له هذا الاثر. وقال ابن فورجة هذه ما التي تصحب كانما اذا قلت كانما زيد الاسد وكان الاستاذ ابو بكر يقول ما ههنا اسم بمعنى الذي ومعناه ان يقال لمن يشبه بالبحر كانه ما هو نصف الدنيا يعنون البحر لان الدنيا بر وبحر اه ملخصاً وهذا القول الاخير اعجب هذه الاقوال واعجب منه اختلاف النقل عن ابي الطيب فيه ما فيه. ولعل اقرب ما يقال في هذا الموضع ان ما هذه هي التي تستعمل في باب التعجب اراد بها قول القائل ما اشبهه بفلان او بالاسد مثلاً وهو من التعبير المشهور في مقام التشبيه لافادته المبالغة في قرب الشبه وما احسب المتنبي اراد غيره وان لم ينته الينا بالنقل فليتامل انتهى ما في العرف بلفظه وفي الوساطة قالوا انما يشبه من الاسماء بمثل وشبه ونحوهما ومن الادوات بالكاف. ثم تدخل على ان فيقال كانه الاسد. وقد تقرب العرب التشبيه بان تجعل احد الشيئين هو الآخر فتقول زيد الاسد عادياً والسيف مسلولاً فاما ما فلها مواقع معروفة وليس للتشبيه في ابوابها مدخل. وهذا مما سئل ابو الطيب عنه فذكر ان ما تاتي لتحقيق التشبيه تقول عبد الله الاسد وما عبد الله الا الاسد والا كالاسد تنفي ان يشبه بغيره قال ؎ وما هذه الامهرة عربية ، سليلة افراس تجللها بغل ؛ وقد تجيء مع الكاف قال لبيد ؎ وما المرء الا كالشهاب وضوئه ، يحور رماداً بعد اذ هو ساطع ؛ فكان قائلاً قال ما هو الا كذا وآخر قال كانه كذا فقال امطعنك تشبيهي بما وكانه واقول ان التشبيه بما محال وانما يقع التشبيه في هذه المواضع التي ذكرها بحروفه. فاذا قال ما المرء الا كالشهاب فانما المفيد للتشبيه الكاف ودخلت ما للنفي فنفت ان يكون المرء الا شهاباً فهي لم تتعد موضعها من النفي لكنها نفت الاشتباه سوى المستثنى منها واذا قال ما هذه الا مهرة فان ما دخلت على المبتدأ والخبر وكان الاصل هذه مهرة وهو في تحقيق المعنى عائد الى تقريب الشبه وان كان اللفظ مبايناً لم نفي ان يكون كذلك فادخل حرفي النفي والاستثناء فليس بمنكر ان ينسب التشبيه الى ما اذا كان له هذا الاثر. وباب الشعر اوسع من ان يضيق عن مثله

وهذه نبذة مما ذكره صاحب الوساطة من المنكرات عند علماء الادب وان شئت زيادة الاطلاع عليها فراجع الى الوساطة ففيها ابحاث شريفة لا يستغني عنها من يريد الحذاقة في الادب ولما ذكرنا ما انكروه من اشعاره وما ادعي عليه السرقة رأينا ان نذكر شيئاً مما استحسنوه واتفقوا على انه لم يات احد سلفاً وخلفاً بمثله اتفق اربقوله وبضدها تتبين الاشياء فمنه قوله ؎ سفرت وبرقعها الفراق بصفرة ، سترت محاجرها ولم تك برقعا ، فكانها والدمع يقطر فوقها ، ذهب

بسمطي لؤلؤ قد رصعا ، نشرت ثلاث ذوائب من شعرها ، في ليلة فأرت ليالي اربعا ، واستقبلت قمر السماء بوجهها ، فأرتني القمرين في وقت معا ، فهي مع ما تنا هي فيه في الرقة والرشاقة وابدع في التشبيه والتمثيل الى ما لا نهاية له في الحسن **وقوله** ؎ من علو الاسود المنصي مكرمة ، اقومه البيض ام آباءه الصيد ، ام اذنه في يد النخاس دامية ، ام قدره وهو بالفلسين مردود ، **وقوله** ؎ كأن العيس كانت فوق جفني ، مناخات فلما ثرن سالا ، لبسن الوشي لا متجملات ، ولكن كي يصن به الجمالا ، وضفرن الغدائر لا لحسن ، ولكن خفن في الشعر الضلالا ، قال الثعالبي وهذا من احسانه المشهور الذي لا يشق غباره فيه **وقوله** ؎ مرت بنا بين تربيها فقلت لها ، من اين جانس هذا الشادن العربا ، فاستضحكت ثم قالت كالمغيث يرى ، ليث الشرى وهو من عجل اذا انتسبا ، **ومن غرره المشهورة قوله** ؎ بعثوا الرعب في قلوب الاعادي ، فكان القتال قبل التلاقي ، وتكاد الظبى لما عودوها ، تنتضى نفسها الى الاعناق ، ومطلع هذه القصيدة من ابدع المطالع وارقها وله فيها اختراع لم يسبقه اليه احد هو قوله ؎ اتراها لكثرة العشاق ، تحسب الدمع خلقة في المآقي ، ومنها يقول ؎ حلت دون المزار فاليوم لو زرت لحال النحول دون العناق ، ولهذا البيت رواية رأيتها في الصبح المنبي قال كان لابن جني هوى في ابي الطيب وكان كثير الاعجاب بشعره وكان يسوءه اطناب ابي علي الفارسي في الطعن عليه اتفق ان قال ابو علي يوما اذكروا لنا بيتا من الشعر نبحث فيه فابتدر ابن جني وانشد ؎ حلت دون المزار فاليوم لو زرت لحال النحول دون العناق ، فاستحسنه ابو علي واستعاده وقال لمن هذا البيت فانه غريب المعنى فقال ابن جني هو الذي يقول ؎ ازورهم وسواد الليل يشفع لي ، وانثني وبياض الصبح يغري بي ، فقال والله وهذا احسن فلمن هو قال للذي يقول ؎ امضى ارادته فسوف له قد ، واستقرب الاقصى فثم له هنا ، فكثر اعجاب ابي علي واستغرب معناه قال لمن هذا فقال للذي يقول ؎ ووضع الندى في موضع السيف بالعلى ، مضر كوضع السيف في موضع الندى ، فقال وهذا والله احسن ولقد اطلت يا ابا الفتح فمن هذا القائل قال هو الذي لا يزال الشيخ يستثقله ويستقبح زيه وفعله وما علينا من القشور اذا استقام اللباب قال ابو علي اظنك تعني المتنبي قال نعم فقال والله لقد حببته الي ونهض ودخل على عضد الدولة فاطال في الثناء على ابي الطيب ولما اجتاز به استنزله اليه استنشده وكتب عنه ابياتا من شعره اھ **قال في العرف** وهذا القدر من قلائده كاف في مقام الاستشهاد ولو اردت استيفاء ماله من المحسنات والمعجزات لم يكفني ما هو دون المجلدات ومن اراد الاستقصاء في ذلك رددته الى الديوان من غير ان اشير له الى موضع مخصوص من القصيدة بعينها لان غالب شعره من هذا النسج الانيق والوشي البديع وبما ذكر ومثله اشتهر المتنبي وارتفع قدره واشير الى موضعه في كل طبقة من الناس وهذا هو المحفوظ من شعره الذي سارت به الركبان وتناقلته الرواة وعمرت به اندية العرب وزين صدره في محافل الخطب ، والذي به جهار المتنبي ما تمثله الاذهان وتسمع به الآذان دون ما سبقت اليه الاشارة اليه من غامض كلامه ومبهمه وساقطه ومجهه وانت ترى هذه الامثلة كلها على ما فيها من شرف المعاني ودقتها ظاهرة الاغراض ماثلة المراد الى ما لا يحتمل شبهة ولا اختلافا ولا يتطرق اليه استنباط ولا تأويل ، ولو كان شعر المتنبي باسره من هذا النمط ما احتاج الديوان الى الزيادة على الشراح الواحد شأن غيره من دواوين اكابر الشعراء اھ

فصل (في مغلقات اشعاره) **ومما** تحيرت فيه عقول الشراح قوله ؎ لا الحلم جاد به ولا بمثاله ، لولا اذكار وداعه وزياله ، فان معنى هذا البيت بعيد التأويل الى ما يقيم سنا بينه وبين المعقول ولا يستقيم له على ظاهره معنى صحيح حتى ان من الشراح من صرح بتغليطه فيه فقال جود الحلم بالحبيب جوده بمثاله فجعل ابو الطيب ذلك شيئين ظنا منه انه يرى الحبيب في النوم ويرى خياله الى آخر ما ذكره وما احسب المتنبي اراد شيئا من هذا ولا يصدق على مثله ان يتوهم انه اذا رأى احدا في النوم رأى شخصه بعينه مع ان الطفل والعجوز يعلمان ان كل ما يرى في الحلم خيال ، وبقي الاشكال في تفريقه بين الحبيب ومثاله في الرؤيا وجعله لكل منهما رؤية بحالها وهذا ينفي ما تقدم ذكره ، وحينئذ فلا بد من العدول الى ما وراء ظاهر اللفظ

لا الحلم جاد ... ابو الطيب

وتقديره ما يصح به المعنى وما ارى ابا الطيب الا نوى امام كل من ضمير الحبيب ومثال مجرور فاى فى الحلم جاد بخياله ولا بخيال
مثاله واراد بالمثال الذى يرى فى الوهم لا الذى يرى فى الحلم كما يتبين من البيت الذى بعده وهو قوله ؎ ان المعيد لنا
المنام خياله، كانت اعادته خيال خياله ۔ وعليه فاحسن ما يفسر به هذا البيت ان الحلم لم يجد بخيال الحبيب اى بخيال
شخصه الذى رأته العين عند الوداع ولا بخيال مثاله الذى بقى متوهما بعد الزيال لولا استدامة ذكره ذهنه وكان هذا
نوع من اللف والنشر وقوله ؎ من هذه القصيدة ؎ فلمثله جمع العرمرم نفسه ۔ وبمثله انفصمت عرى اقتاله ۔ ومعنى الشطر
الاول من هذا البيت غامض لا يظهر الا بتامل ملى ۔ وقد اختلف الشراح فيه ولم اجد من كشف عن كنه الغرض منه ۔ قال بعضهم
اللام هنا بمعنى من والمراد بالعرمرم جيش الممدوح اى انه يجمع الجيش فيكون اجتماعه منه وهو على ما تراه ۔ وقال غيره اللام
على معناها والمراد بالعرمرم جيش العدو اى انه انما يجتمع له لانه يسبيه ويغنمه فكانه جمع نفسه له ۔ وهو على قربه من مفاد
اللفظ لا يحسن فى جملة البيت لتوارد الشطرين حينئذ على معنى واحد من غير زيادة ولا نكتة سوى اختلاف اللفظ وفى ذلك من
الضعف ما لا يركبه مثل المتنبى ولا تكاد تجده فى شئ من شعره وانما يستقيم الخروج من هذا والاظهار عن المعنى المخلّ
بان يجعل الكلام على تقدير مضاف محذوف اى فلقتال مثله مثلا وحينئذ يتعين كون الجيش جيش العدو ويكون المعنى ان مثله
من يجتمع الجيش الكثير لقتاله ودفع بأسه ولكن مثله من يقتل الجيش ويكسر قواه فلا يغنى امامه شيئا وقوله ؎ نودع تلامهم
وشليتم فلهم بضرب حزون البيض فيه سهول ۔ استعار للبيض اى الخوذ التى تلبس على الراس حزونا وسهولا وهى استعارة
غريبة خفية الجامع وقد رأيت فى تفسير هذا الموضع ما لفظه ان ذلك الضرب لا تثبت له البيض على الراس وكان الحزن منها
سهل لذلك الضرب اهـ ولم اجد من زاد على هذا وغاية ما يستفاد منه ان البيض التى يصعب قطعها بالسيوف عادة حتى تكون
بالنسبة اليها كالحزن بالنسبة الى السالك يسهل قطعها بذلك الضرب لشدته فتصير له بمنزلة السهل الذى لا يشق سلوكه
وانما هو صليح من اخذ بالاقرب وذهابا الى المتبادر من لازم اللفظ وما اراه الا بعيدا عن مراد المتنبى على ما فيه من التكلف والاظهر
من هذا ما ذكرناه فى محله وهو انه اراد تشبيه البيض نفسها بالحزن وهو المرتفع من الارض من باب اضافة المشبه به الى
المشبه ۔ ووجه الشبه الهيئة الظاهرة وان ذلك الضرب يبريها فيعود موضعها مستويا كالسهل وقوله ؎ من رآها
بعينها شاقه القطان فيها كما تشوق الحمول ۔ فان المتبادر من لفظ البيت انه جعل للدنيا عينا ترى بها وهو غريب فى بادى
الرأى ولذلك عدل الشراح عنه الى التاويل وتمحلوا فى سائر الفاظ البيت تمحلا بعيدا حتى جاوز واحد حد الاستنباط وصار
التفسير فى حد الاختراع وغاية ما رأيت فيه ان من نظر الى الدنيا بالعين التى ينبغى ان ينظر اليها بها رق للباقين رقته للماضين
الفانين وكنى عن الرقة بالشوق لان الشوق ترقيق القلب والحمول المرتحلون ۔ وكانه اراد ذوو الحمول فحذف المضاف اهـ وفى كل ذلك
تكلف لا يخفى وقد صار اكثر الفاظ البيت مجازا وجاء المعنى كله مصنوعا حتى لا يمكن ان يفهم من البيت الا بعد درس وحفظ ۔
والذى اراه ان المتنبى ما اراد من لفظ عينها الا الظاهر على تنزيل الدنيا منزلة المبصر فجعل لها عينا كما جعل رؤية فى قوله
؎ الم ير هذا الليل عينيك رؤيتى ۔ فتظهر فيه رقة ونحول ۔ وحينئذ تنحل مشاكل هذا البيت كلها ولا يحتاج فيه بعد
هذا المجاز الى غيره ويكون المعنى ان من نزل نفسه منزلة الدنيا ورأى اهلها كما تراهم هى يرحلون قرنا بعد قرن شاقه النظر
الى القاطنين فيها من الاحياء كما يشوق الخليط النظر الى حمول الراحلين لعلمه بان كل قاطن على اهبة الارتحال وقوله ؎
يشتاق من يده الى سبل ۔ شوقا اليه ينبت الاسل ۔ وهو من مغلقات ابيات المتنبى التى وكل بعضها مقاليد القدر لما ركب فيه
من الابهام فى استعمال اللفظ والابعاد فى مرمى المجاز الى ما تضل معه ادلة الافهام وتنبو من دونه اشعة الاوهام حتى ان
الواحدى غلط فيه فذكر فى الكلام عليه ما نعته السبل المطر ويريد به العطاء ههنا ۔ يقول الناس يشتاقون الى عطاء يده
والرماح تنبت شوقا الى ان تباشرها اى ليطعن بها ويستعملها فى الحروب ۔ وتقدير اللفظ ينبت الاسل شوقا اليه اى الى الممدوح
ولكنه قدم واخر والبيت مختل النظام فاحتاج الى ما ترى من التاويل والزيادة وجاء المعنى بعد هذا كله ضعيفا متكلفا

منقطع اللحمة بين الشطرين حتى كان كلا منهما من واد. وانما ادّى الى هذا الاضطراب سبق وهم الشارح الى تخصيص السبل بالعطاء فرد الضمير من قوله اليه على الممدوح واوله بما رأيت لانه لو يجعله اشتياق الاسل الى العطاء وبذلك ضاعت صورة المعنى وذهب ما فيه من التناسب على ان ما ذكره من التقديم والتأخير لا يترتب عليه اخلال فى النظم لانه غير خارج عن الجائز فى القواعد المستفيض فى الاستعمال وانما الاختلال على هذا التفسير وارد من جهة مجئ كل من الشطرين مقتضبا عن صاحبه وهو من الاختلال المعنوى لا التركيبى وبما بيّن من هذا فليس المعنى على ما ذكر وانما اراد المتنبى بالسبل مطر العطاء ومطر الدماء على حد قوله ودقد قصد الطبيب من وجهه) يذكر يد الممدوح ويخاطب الطبيب ٥ ارث لها انها بما ملكت . وبالذى قد اسلت تنهمل . وقريب من هذا قوله ٥ ملك سنان قناته وبنانه . يتبارءان دما وعرفا ساكبا . والضمير من قوله اليه عائد على السبل نفسه واراد بلفظه المعنى الاول وهو مطر العطاء وبضميره المعنى الثانى وهو مطر الدماء على طريق الاستخدام والمعنى ان الناس يشتاقون الى العطاء والاسل ينبت شوقا الى ما تسقيه يده من الدماء على ان المتنبى كان كثيرا ما يشير الى مراده باشارة لطيفة ويدل عليه بقرينة خفية اذا لم يتنبه لها السامع ذهب المعنى عليه وجهد نفسه فى تحصيله على غير جدوى . واريد بخفاء القرينة هنا ان تكون غير مصرح بها فى البيت بان يكون المعنى مترتبا على شئ قبله او موطّا به لشئ بعده فلا يتناول المراد منه الا بعد النظر فيما يتصل به من ذلك لان منزلة الابيات من القصيدة كمنزلة الكلمات من البيت فكما انه لا يفهم معنى البيت الا بعد النظر فى مفرداته وعلاقة بعضها ببعض لا تفهم القصيدة الا بعد النظر فى نسبة الابيات وما بينها من الصلة المعنوية . وهذا من المواضع التى سقط فيها كثيرون من الشراح حتى الحذاق منهم فانهم كثيرا ما يعرض لهم البيت من مثل ذلك فيحملون على المعنى من غير بابه ويأتون من غير وجهه فربما احالوه عن قصد الشاعر وربما افسدوا المعنى عليه جملة **وذلك نحو قوله** ٥ وما قربت اشباه قوم اباعد . ولا بعدت اشباه قوم اقارب . قال الواحدى لم اجد فى هذا البيت بيانا شافيا وتفسيرا مقنعا وكل تفسير لا يوافقه لفظ البيت لم يكن تفسيرا والذى يصح فى تفسيره انه يقول الاباعد لا يقرب بعضهم من بعض لان الشبه لا يجمع القرب فى النسب والاشباه من الاقارب لا يبعد بعضهم من بعض لان الشبه يؤكد قرب النسب هذا اذا جعلنا الاشباه الذين يشبه بعضهم بعضا فان جعلنا الاشباه جمع الشبه من قولهم بينهما شبه فمعنى البيت لا يقرب شبه قوم اباعد اى لا يتقاربون فى الشبه ولا يبعد شبه قوم اقارب اى انهم اذا تقاربوا فى النسب تقاربوا فى الشبه اھ وهذا ايضا ليس من البيان الشافى وقد ذهب وهمه فى التفسيرين الى ان المراد بالشبه فى كل من الاباعد والاقارب ان يشبه بعضهم بعضا وليس هذا من غرضه فى شئ كما سابينه انما اراد شبه غيرهم بهم . والاشباه جمع الشبه بمعنى الشبيه وتحرير لفظ البيت ان الذين يشبهون قوما اباعد لا يكونون اقارب والذين يشبهون قوما اقارب لا يكونون اباعد وهذا مبنى على ما ذكره فى البيت السابق وهو قوله ٥ اذا لم تكن نفس النسيب كاصله . فماذا الذى تغنى كرام المناصب . يقول ان فضيلة النسب انما تتم بمشابهة الفرع للاصل الذى انتسب اليه فان لم يكن النسيب مشاكلا لاصله فى الكرم لم ينفعه الانتساب الى اصول كريمة يعنى ان مجرد الانتساب لا يكفى فى صحة دعوى النسب حتى تشهد له المشابهة فى الاخلاق والصفات ثم قرر ذلك فى البيت التالى فذكر ان من اشبه قوما اباعد عن الاصل الذى ينتسب اليه فليس بقريب من ذلك الاصل . وكذلك من اشبه قوما اقارب من ذلك الاصل فليس ببعيد عنه . وفى مراجعة هذا الموضع من الديوان زيادة بيان لهذا المراد **وقوله** ٥ تهب فى ظهرها كتائبه هبوب ارواحها المراويد . وذكر فى تفسيره انه يصف كتائب سيف الدولة بسرعة المضى فشبهها بالرياح يريد ان جيوشه غير وانية ولا مسترخية اھ وهو غير المراد لانه يقول قبل هذا البيت ٥ لا ينقص الهالكون من عدد . منه على مضيق البيد . ثم فسّر قوله مضيق البيد يريد كثرة جيشه وكثافته والجيش العظيم يوصف بالثقل دون الخفة والسرعة ولا سيما ان المقام مقام مبالغة فى كثرة جيوش سيف الدولة حتى لا ينقصها من يهلك منها وانما شبههم بالرياح فى الانتشار حتى عموا البيد كما تعمها الرياح عند هبوبها والبيت على حد قوله ٥ اذا سار فى مهمه عمه . وان سار فى جبل طاله **وقوله** ٥ وان رحيلا واحدا حال بيننا . وفى الموت من بعد الرحيل رحيل . قال الواحدى ارتحالكم

عنا وارتحالنا عنكم حال بيننا لانا افترقنا وفى الموت الذى يحصل بالفراق رحيل آخر يريد انه لا يعيش بعدهم اهـ وهو تفسير للبيت بظاهر لفظه الا انه غير المراد بل هو مناقض له لانه يقول قبل هذا البيت ؎ وما عشت من بعد الاحبة سلوة ، ولكننى للنائبات حمول ، فاثبت هنا انه عاش بعدهم وهو نفس المعنى الذى بنى عليه البيت الثانى لانه يعتذر اليهم من بقائه بعدهم يقول ان ارتحالهم عنه ارتحال احد فاذا مات من وجده بهم حدث له عنهم ارتحال آخر وقوله لواحد مثل ارتحالكم عنا وارتحالنا عنكم وقد عين الشاعر احد الارتحالين بقوله ليالى بعد الظاعنين شكول فلا موضع لهذا الشك **ومن هذا القبيل قوله** ؎ يدق على الافكار ما انت فاعل فيترك ما يخفى ويؤخذ ما بدا ، وفى هذا البيت سر يدق على الافكار لم ار فى الشراح من ادرك ما اليه ارتمى له فذكر بعضهم فى معناه ان المقتدين بسيف الدولة فى المكارم يأخذون ما ظهر منه ويتركون ما خفى وقال غيره ان ما يبتدعه من المكارم يخفى على افكار الشعراء فيذكرون ما ظهر منها الى آخر ما قال وكلاهما غير المراد ولا ذكر للمكارم فى هذا البيت ولا فيما قبله ولابد لاستخراج الغرض فى هذا البيت من مراجعة ما سبقه من الابيات الى قوله فيا عجبا من دائل انت سيفه ، وفى هذه الفاء ما يربط هذا البيت بالبيت الذى قبله ايضا ، وفى جمع ذلك تعريض لا يخفى على المتأمل ولا احب ان ازيد فى البيان على هذا فاترك باقى ما فى هذا الموضع للبصير وقد اشرت اليه بعض الاشارة فى محله ومن ذلك قوله ؎ ولا الليل اجن ولا نهار ولا الخيل حملن ولا الركاب ، وهو من قصيدة يذكر فيها ايقاع سيف الدولة ببنى كلاب وقبله يقول ؎ ولو غير الامير غزا كلابا ثناه عن شموسهم ضباب ، ولكن ربهم اسرى اليهم فما نفع الوقوف ولا الذهاب ، وقد هم الشراح فى هذا البيت ففسروا ما معناه انه لو يسترهم عنه ليل ولا نهار ولا حملتهم خيل ولا ابل على جعل اجن وحملن خبرين عن المرفوعين قبلهما وفيه بعد لا يخفى لان النهار لا يستر ولا سيما انه يقول قبله ولا الليل اجن فاذا كان الليل لم يسترهم فكيف يسترهم النهار وتفسير الشطر الثانى بما ذكر لا يظهر له وجه لان الخيل والابل تحمل بلا ريب وقد تكلف بعضهم تصحيحه بان جعله من قبيل قوله تخاذلت الجماجم والرقاب والفرق بين الموضعين ظاهر ويغنى عن هذا التعسف كله جعل المرفوعات فى البيت معطوفة على الوقوف فى البيت السابق اى ولم ينفعهم ليل يسترهم ولا نهار يقاتلون فيه ولا خيل ولا ابل تحملهم للهرب ، وحينئذ فالفعلان وصف لما قبلهما ومضمونهما مثبت لا منفى **وربما كانت قرينة المعنى** واقعة الحال اذا اشتبه مؤدى اللفظ دلت عليه وارشدت الى مفصل المراد منه وهذا كثيرا ما رأيت الشراح يغفلون عنه فيأخذون فى شعاب الاحتمال يلتمسون المعنى من طريق التفسير فربما قاربوا القصد وربما بعدوا عنه بمراحل وذلك فى مثل قوله ؎ ابا عبد الاله معاذ انى خفى عنك فى الهيجا مقامى ، يخاطب معاذ بن اسمعيل اللاذقى وكان قد عذله على ما شاهده من تهوره ايام ادعى النبوة على ما ذكرنا من قصته فى محلها ولما جد فى تفسير هذا البيت ما يخرج عن قول القائل اى يخفى عليك مقامى فى الحرب لانى مختلط بالابطال ملتبس بالاقران بحيث لا ترانى انت اهـ ولا يخفى بعد هذا التفسير عن مقتضى الواقعة وان احتمله اللفظ فى نفسه اذ ليس من غرضه هنا ان يصف له موقفه فى الحرب ولا محل لهذا الوصف فى هذا المقام انما اراد بمقامه فى الحرب امرا معنويا وهو منزلته من الشدة فيها والاقدام على اهوالها حتى لا يبالى بما ذكره له من المخاوف **ومثله البيت الذى بعده** وهو قوله ؎ ذكرت جسيم ما طلبى وانا نخاطر فيه بالمهج الجسام ، وقد فسر بما لفظه يقول عاتبتنى على طلب الامور العظيمة ومخاطرتنا فيها بالارواح اهـ وعلى هذا بفتح التاء من ذكرت والهمزة من انا ، والقصة تدل على غير ذلك لان الذى ذكر هذا الطلب هو المتنبى لا معاذ فالفعل للمتكلم وقوله انا الخ كلام مستانف كانه يقول له ذكرت ما احاوله من المطلب لتعليم وازيدك على ذلك انا نخاطر فيه بارواحنا يعنى انه لا يجهل عظمته ولكنه قد وطن نفسه على مزاولته ولو كلفه بذل روحه **ومن ذلك قوله** ؎ انشر الكباء ووجه الامير وحسن الغناء وصافى الخمور ، فداء خمارى بشربى لها ، فانى سكرت بشرب السرور ، ولم ار من فسر هذا الموضع تفسيرا يوافق الحال ولا ذكر فيه معنى صحيحا وجمل ما وقفت عليه فى ذلك لا يزيد فى الكشف عن قول القائل اى انا سكران بالسرور وحين اجتمع الى ما ذكرت نداو خمارى بشرب الخمر اى بانا اريد شرب الخمر لا لنفى الخمار لانى سكران من السرور فلينظر الى هذا الكلام وكيف يستقيم ان يطلع

له قال الاستاذ الليل ساتر باعتبار الازمنة والنهار ساتر باعتبار الامكنة ١٢

ازالة الخمار بشرب الخمر. وانما هذا اصطلاح من هؤلاء تفسير اللفظ من غير مبالاة بالمعنى على ان جميع رواة الديوان يقولون في عنوان
هذين البيتين انه كره شرب الخمر فما ادري بعد ذلك كيف يقال في الشرح اي انما اريد شرب الخمر وهو كاره لها. وانما قال البيتين في
الاعتذار من ابائها. ثم لا يكتفي بذلك حتى يعلل طلبه لها بما ذكر من مداواة سكر السرور على ان الخمر نفسها مذكورة في البيت الاول
وقد فسر بقوله لو تجتمع هذه الاشياء لاحد كما اجتمعت لي فدخلت الخمر على هذا التفسير في جملة الاشياء المذكورة في البيت و
صارت مما يطلب التداوي بالخمر منه فجاء المعنى مصححا لقول الآخر ؎ تداويت من ليلى بليلى صبابة ، كما يتداوى شارب الخمر
بالخمر ، وانما ذهب المعنى على الشراح انهم جعلوا اعمال المرفوعات الاربعة في البيت الابتداء وقدروا الخبر محذوفا فصارت كلها في
حكم واحد وحينئذ اختلط المعنى من اصله وتعذر الانتهاء به الى وجه صحيح ومن ثم ردوا الضمير من قوله لها في صدر البيت الثاني
الى خمر غير مذكورة وجعلوا قوله بشربي من صلة داو حتى يحتمل لهم ما ذكروا والذي يصح في ذلك كله ان قوله وصافي الخمر في
البيت الاول الواو للمصاحبة لا للعطف سد مسد الخبر كما ذكرناه في موضعه اي اجتمع لي هذه المذكورات مع صافي الخمر والضمير
من قوله لها عائد على الخمر نفسها. وقوله بشربي متعلق بالخمار اي فداو خماري الحاصل بشربي للخمر المذكورة وجملة المعنى
كانه يقول لا تزدني من الخمر ولكن التمس لي دواء من سكري بها فاني سكرت من سروري بهذه الاشياء فلا احتمل سكرا آخر
وفي المعنى نظر الى قول الخليع الشامي ؎ خذ يا غلام عنان طرفك فاثنه ، عني فقد ملك الشمول عناني ، سكران سكر هوى وسكر
مدامة انى يفيق فتى به سكران ، ومن هذا القبيل قوله ؎ احسن ما يخضب الحديد به ، وخاضبيه النجيع والغضب ،
وقد اضطرب الشراح في هذا البيت بما يطول بيانه فمنهم من قارب المعنى ومنهم من شط وابعد المرمى ولم ار منهم من كشف عنه
الكشف الشافي قال ابن جني اراد احسن ما يخضب الحديد به النجيع واحسن خاضبيه الغضب وخاضبيه عطف على ما وجمع
الخاضبين جمع التصحيح لانه اراد من يعقل ومن لا يعقل. وقال ابن فورجة وخاضبيه تثنية اراد رجلين خاضبيه وجعل
الغضب خضابا للحديد لانه يخضبه بالدم على سبيل التوسع قال وهذا كقولك احسن ما يخضب الخد الحمرة والخجل وذلك
ان الخجل يصبغ الخد احمر فلما كانت الحمرة تابعة للخجل جمعهما تاكيدا كذلك لما كان النجيع تابعا للغضب جمعهما وهو يريد
الدم وحده ويكون الغضب تاكيدا للنجيع الذي به القافية اهـ وقال الواحدي وقد صحت الرواية عن المتنبي وخاضبيه على
التثنية كان النجيع خاضب والذهب خاضب اهـ قلت ذكر في عنوان هذين البيتين انه عرضت على سيف الدولة
سيوف فيها واحد غير مذهب فامر باذهابه فقال ابو الطيب في ذلك ولو تبصر الشراح في الموافقة بين هذا العنوان وكلام المتنبي
لتبين لهم من اول وهلة هذا الذي ذكره الواحدي من النجيع والذهب الآن ما قاله ايضا لا يوصل الى الكشف عن معنى البيت
لانه جعل كلا من النجيع والذهب خاضبا فهو بيان للخاضبين فقط وبقي قوله ما يخضب الحديد به لغوا ولم يبق لذكر
الغضب وجه الا ما ذكر في قول ابن فورجة وفيه من التكلف ما رأيت والصحيح في مقصود المتنبي انه اراد ان يذكر خضابين
وخاضبين فذكر احد الخضابين في البيت وهو النجيع والخضاب الثاني معلوم من الواقعة وهو الذهب جعله خضابا على
التشبيه وذكر احد الخاضبين وهو الغضب وجعله خاضبا لانه يكون سببا في خضب السيوف بالدم والخاضب الثاني مفهوم
بالقرينة وهو الصيقل الذي يذهب السيوف وتحرير البيت احسن الخضابين اللذين يخضب الحديد بهما النجيع واحسن
الخاضبين اللذين يخضبانه الغضب على طريق اللف والنشر فليتأمل ومما ينتظم في هذه الجملة قوله من قصيدة يصف بها
مسيره من مصر ؎ وقلنا لها اين ارض العراق ، فقالت ونحن بتربان ها ، الضمير للابل وقد ذكروا ان تربان من ارض
العراق وهو قول ابن جني وتبعه فيه غيره. وان صح كونها كذلك لم يكن للبيت معنى ولا تظهر نكتة في السؤال عن ارض العراق وهم
فيها فالاظهر ان المراد بتربان هنا موضع آخر بقرب الشام كما ذكرناه عن لسان العرب وكانت طريق المتنبي من هناك
كما يستدل عليه مما ذكر في البيت السابق والمعنى على هذا انا سألناها عن العراق ونحن بهذا الموضع فقالت ها هي ذه اي
هي بالقرب منكم كناية عن سرعة رواحلهم وقوتها على السير حتى ان هذه المسافة البعيدة ليست عندها شيئا وقد يلتبس

غير ذلك كالاشكال في مرجع الضمير اذا تعددت مظانه فربما ردّه الى غير صاحبه فاضطرب المعنى واستحال عن وجهه وربما فسد جملةً وذلك نحو قوله ؎ ويبين فيما مسّ منه بنانه ٭ تيه المدلّ فلو مشى لتبخترا ٭ قالوا اي كل شيء متبيناً بانه ظهر فيه الكبر حتى لو مشى ذلك الشيء لتبختر ٭ ومقتضاه ان الضمير من قوله منه عائد على الممدوح وهو غير المقصود فضلاً عن ان قوله منه يبقى حينئذٍ لغواً لان بنانه لا يكون الا منه وانما الضمير عائد على القضيب المذكور قبل ذلك في قوله ؎ يتكسّب القصب الضعيف بكفه ٭ شرفاً على صمّ الرماح ومفخرا ٭ وقد قيل في تفسير هذا البيت ما ملخصه ان قلمه اشرف من الرماح لان كفه تباشره عند الكتابة فيفتخر على الرماح التي لم تباشرها كفاه قلت ولو عكسنا المسئلة بان نقول الرمح الذي يمسّه اشرف من القلم الذي لا يمسّه لصحّ ايضاً فلم يتبيّن لاختصاص القلم بهذا الشرف معنىً وعاد التفسير جملياً لا حقيقياً وليس هذا مراد المتنبي على الاطلاق انما عنى حال الكتابة بالقلم والا فقد نفى عن الممدوح استعمال الرماح ومن ذلك قوله ؎ فان القيام التي حوله لتحسد اقدامها الارؤس ٭ قالوا الضمير في اقدامها عائد على الارؤس كأنه قال لتحسد رؤوسها اقدامها وهذا من اغرب ما رأيت في هذا الباب وفيه فضلاً عن التعسف الظاهر خلوّ خبر ان من شيء يربطه بالاسم والرجاء ان الضمير للقيام كما لا يخفى ومن موارد الوهم التي تعرض للشراح في فهم معاني هذا الديوان انهم كثيراً ما يتسامحون في التحقيق على معاني الغريب فيفسرونه بما يبدو لهم من قرائن الحال وما تسبق اليه دلالة اللفظ دون الرجوع في ذلك الى كتب اللغة واستثباته من نصوصها ولا يخفى ان معنى البيت كثيراً ما يكون متوقفاً على فهم لفظة منه فاذا اخطأ الشارح معناها اختلط عليه القصد من البيت كله وعاد كلامه فيه مجازفة وتحكّماً فضلاً عما يقع في مثل هذا الشطط في نقل اللغة وروايتها مما يكون مدرجة للزلل في مقام الاخذ والاستشهاد لان صدور الخطأ من مواضع الثقة ومظانّ الاصابة من اعظم المورّطات فيه . ومثل ما ذكر كثيرة في كلامهم اذكر من امثلته في هذا الموضع ما ترتّب عليه خلل في المعنى مما يتصل بما نحن فيه واترك غيره مما لا يكون في ذكره فائدة الا التنبيه على الوهم اذ ليس هذا من غرضي في هذا المقام فمن ذلك قوله ؎ شراكها كورها ومشفرها ٭ زمامها والشسوع مقودها وقد ذكروا ان المراد بالمشفر ما يقع على ظهر الرجل في مقدّم الشراك فجعل ذلك بمنزلة الزمام للناقة ٭ ولم يرد المشفر في شيء من نصوص اللغة بهذا المعنى لكنه لما شبّه نعله بالناقة فجعل شراكها بمنزلة الكور اي الرحل وشسوعها بمنزلة المقود سبق وهمهم الى ان المراد بالزمام زمام الناقة على ما هو المتبادر من هذه اللفظة وان المشفر ينبغي ان يكون شيئاً من النعل يصح تشبيهه بالزمام وليس بشيء انما الزمام زمام النعل وهو ما تشدّ اليه الشسوع جعله بمنزلة مشفر الناقة وهو لها كالشفة للانسان وقوله ؎ سهادٌ اتانا منك في العين عندنا ٭ رقادٌ وقلّام رعى سربكم وردُ ٭ ولم اجد من فسّر القلّام بكنهه ولكن جاء في عرض شرح البيت ما لفظه والقلّام على خبث ريحه اذا رعته ابلكم وردٌ وانما هو من التفسير بالقرينة لان القلام ليس بخبيث الريح ولكن لما جعله المتنبي ورداً والورد يوصف بطيب الريح توهموا فيه الخبث لمكان الطباق في هذا البيت وليس هذا من مراده انما عنى ان هذا النبت على كونه من المرعى لا من الريحان اذا رعته ابلكم صار عندنا طيباً كالورد . قال ابن البيطار في مفرداته عن ابي حنيفة وهو رجل آخر غير نعمان بن ثابت رضي الله عنه القلّام تسميه الانباط قاقلّي وهو من الحمض والناس يأكلونه مع اللبن . وعن اسحق بن عمران القاقلّي يشبه الكثوث في الفعل لخاصته تطييب الجشاء وقوله ؎ بعيدة ما بين الجفون كانما ٭ عقدتم اعالي كل جفن بحاجب ٭ وذكر في الكلام على هذا البيت ما نصه ان حملنا قوله كل هدب على العموم فالحاجب ههنا بمعنى المانع لانا لو حملنا الحاجب على المعهود كان متعسّفاً لان هدب الحاجب الاسفل اذا عقد بالحاجب حصل التغميض فاذا جعلنا الحاجب بمعنى المانع صحّ الكلام وان جعلناه الحاجب المعهود حملنا قوله كل هدب على التخصيص وان كان اللفظ عاماً فنقول اراد هدب الجفن الاعلى ومقتضاه تخصيص الهدب بالشعر النابت على الجفن الواحد فيكون لكل عين هدبان اعلى واسفل وهو مع جوازه غير لازم في اصل اللغة لان الهدب اسم للشعر النابت حول العين فيتناول ما على الجفنين جميعاً قال في المصباح "هدب العين ما نبت من الشعر على اشفارها" ٭ وهو مراد المتنبي

هنا واشار بقوله اعالى كل حدب الى ما نبت منه على الجفن الاعلى كما يظهر هاباقل تامل **ومن ذلك قوله** ؎ الأكل ماشية الخيزلى، فدى كل ماشية الهيذبى، وذكروا ان الهيذبى مشية فيها سرعة من مشى الابل وهو الذى فى كتب اللغة ان الهيذبى من مشى الخيل هو مقتضى سياق المتنبى والا كان قوله بعد ذلك وكل نجاة بجاوية لغوا لان النجاة هى الناقة السريعة فاذا جعلت الهيذبى من مشى السياق ايضا كان كانه قال فدى كل ناقة سريعة وكل ناقة سريعة فتامله **وقد يكون** للفظة معنيان او اكثر فيفسرونها بغير المقصود منها اخذا بمتبادر الذهن او تغاضيا عن مقتضى المقام كقوله ؎

وشادن روح من يهواه فى يده، سيف الصدود على اعلى مقلده، فسّروا القلائد بالعنق قال لانه موضع القلادة اه ولا يخفى القلادة هنا انما اراد موضع تقليد السيف كما صرح به فى البيت **وقد يقع** لهم مثل ذلك لدخل فى رواية البيت او وهم فى ضبط بعض الفاظه مما تتنكر به صورة المعنى وربما ادى الى خفاء فى اللغة والاعراب وذلك كقوله ؎ وكم وكم نعمة مجللة ربيتها كان منك مولدها، فسّروا المجللة بالعظمة على انها اسم مفعول من جلّل ولم ينقل جلّل بهذا المعنى انما يقال جلّل الشئ تجليلا اذا عمّه وجلّل المطر الارض طبّقها فهى بان تكون اسم فاعل من هذا المعنى اشبه واصح **وقوله** ؎ اشرت ابا الحسين بمدح قوم، نزلت بهم فسرت بغير زاد، فانهم يروون قوله اشرت بفتح الشين والتاء حتى يكون المعنى ان الممدوح اشار عليه بمدح اولئك القوم وهو مستبعد كما لا يخفى والاظهر انه بكسر الشين وضم التاء على انه من الاشر بمعنى الفرح والغرور والفعل للمتكلم كانه يقول غررت بمدحهم فعدت عنهم بغير طائل وقد مرّ الكلام على هذا البيت فى موضعه **وقوله** ؎ نقرحت المقاود ذفرييها، وصعّر خدّها هذا العذار، وروايتهم فى هذا البيت آفرحت بالالف اوله وبالفاء والقاف. قال الواحدى الصحيح رواية من روى بالفاء. يقال افرح الدين اذا اثقله. يقول لما وضعت على لعرب المقاود لتقودهم الى طاعتك اثقلت مقاودك رؤوسهم الى آخر المعنى. والمقاود لا ثقل لها ولذلك احتاج فى تخريجها الى ان قال فصاروا كالدابة التى تقاد بحكمة شديدة وشكيمة ثقيلة. والمقود لا يفسّر بالحكمة ولا الشكيمة ولكنه دفع الى هذا التاويل ليتاتى له الثقل. ثم قال ومن روى بالقاف فمعناه جعلتهم قرّحا اى بالغا فى رياضتهم حتى جعلتهم كالقرح فى الذل والانقياد اه وكل هذا تمحّل لا يكشف عن المعنى ولا يصح على النقل لانه لا يقال قرح ذفراه بمعنى صيّره قارحا ولا يستعمل قرح متعديا بهذا المعنى فضلا عن تباعد الشطرين حينئذ حتى لا تبقى بينهما صلة ولا مناسبة. والرواية الصحيحة نقرّحت بالتثقيل من القرح وهو كل ما جرح الجلد من عض سلاح ونحوه والتشديد للمبالغة. وتمام معنى البيت فى موضعه **وقوله من هذه القصيدة** ؎ فاقبلها المروج مسوّمات، ضوامر لا هزال ولا شيار، وجاء فى شرح هذا البيت ما نصه وهزال جمع هزيل وشيار حسنة المناظر سمان جمع شيّر. وقوله لا هزال ولا شيار فى الاعراب كقوله لا امّ لى ان كان ذاك ولا اب. قلت فى هذا القول سهو من الوجه اللغوى والنحوى جميعا. اما من الوجه اللغوى فلان هزيلا بمعنى مهزول وفعيل اذا كان بمعنى مفعول لا يجمع على فعال فلا يقال فى جمع جريح وقتيل جراح وقتال وانما قياسه على فعلى. وهو نص كتب اللغة فى هذا الحرف. واما من الوجه النحوى فلان لا فى هذه الصورة داخلة على الوصف مثلها فى قولك جاءنى رجل لا طويل ولا قصير وحينئذ فهى لمطلق النفى ولا عمل لها لان لا النافية للجنس لا تدخل على الصفات والصحيح فى ذلك وهو الظاهر القريب ان الهزال مصدر هزل وهو حينئذ بضم اوله على القياس والشيار هنا اسم بمعنى الحسن والسمن وبذلك يتاتى تصحيح المسئلة كما ترى **وهذا** مقتبس مما قاله فى العرف الطيب والوساطة وغيرهما تطيبا لعلماء الادب وتنشيطا للقلوب والبسط موكول الى الماخوذ منه ولعمرى ان ما فيه لجدير بان يكتب بماء الذهب. والله الموفق۔

فصل (فى ذكر بعض الصنائع فى اشعاره) ولما انتهى الكلام الى هذا المقام رأينا ان نذكر نبذة من الصنائع فى اشعاره ولا نريد الاستيعاب فانه مع كونه من صعاب الامور لا يخلو عن تطويل ممل، **قال ابو الطيب** ؎ الحب عونى اذ عرفت والكرد، وزال عنك الى اعدائك الالم، فى البيت **براعة المطلع** وهو عبارة عن سهولة اللفظ وعذوبته وصحة

سبكه ووضوح المعنى ورقته وعدم الحشو وان لا يكون البيت متعلقا بما بعده ولذلك قيل في بيته ؎ اهلا بدار سباك اغيدها
ابعد ما بان عنك خردها • ظلت بها تنطوي على كبد • نضيجة فوق خلبها يدها • ان ابعد افعل تفضيل من البعد لا ظرف
مبني على الفتح والهمزة للاستفهام لانه يصير متعلقا بما بعده وهو معيب • والظاهر ان هذا الامر غير مختص ببراعة المطلع بل
شامل لسائر ابيات القصيدة وقال ؎ قالت وقد رأت اصفراري من به • وتنهدت فاجبتها المتنهد • في البيت رد
العجز على الصدر وسماه المتأخرون التصدير وهو ان يجعل المتكلم احد اللفظين المتفقين في النطق والمعنى او المتشابهين في
النطق دون المعنى او اللذين يجمعهما الاشتقاق او شبه الاشتقاق في آخر الكلام بعد جعل اللفظ الآخر في اوله • وقد قسمه ابن المعتز
على ثلاثة اقسام - الاول ما وافق آخر كلمة في البيت آخر كلمة في صدره او كانت مجانسة لها • والثاني ما وافق آخر كلمة في البيت اول
كلمة منه • الثالث ما وافق آخر كلمة في البيت بعض كلام في اي موضع كان • قال ابن ابي الاصبع الذي يحسن ان يسمى القسم
الاول تصدير التقفية • والثاني تصدير الطرفين • والثالث تصدير الحشو وهذا هو في بيت المتنبي بين تنهدت والمتنهد
وقد وقع من القسم الاول في الكتاب العزيز قوله تعالى "اولئك الذين اشتروا الضلالة بالهدى فما ربحت تجارتهم وما كانوا
مهتدين" ومن القسم الثاني قوله تعالى "واحسنوا ان الله يحب المحسنين" ومن القسم الثالث قوله تعالى "ولقد استهزئ برسل
من قبلك فحاق بالذين سخروا منهم ما كانوا به يستهزءون" وقد جاء قدامة من التصدير بنوع آخر وسماه التبديل وهو
ان يصير المتكلم الاخير من كلامه اولا وبالعكس كقولهم "اشكر لمن انعم عليك وانعم على من شكرك" ومن التصدير ايضا قوله
؎ ايا خدد الله ورد الخدود • وقد قدود الحسان القدود • وقال ؎ ارى كل ذي ملك اليك مصيره • كانك بحر
والملوك جداول • اذا امطرت منهم ومنك سحابة • فوابلهم طل وطلك وابل • في البيت الثاني **العكس والتبديل**
ويسمى تعاكس الجمل وسماه بعضهم القلب والصواب ان القلب اسم لما لا يستحيل بالانعكاس وسماه بعضهم القهقرى وهي
لغة الرجوع الى خلف لان القارئ يتقهقر راجعا من آخر الكلام الى اوله • والحاصل ان هذا النوع هو ان تقدم في الكلام جزءا ثم
تعكس فتقدم ما اخرت وتؤخر ما قدمت. ومن عرفه بتقديم لفظ من الكلام ثم تاخيره كما هو مصرح به في عبارة بعضهم نقض
بجعله صادقا على رد العجز على الصدر نحو "وتخشى الناس والله احق ان تخشاه" فالاولى ما قلناه وهو قسمان الاول ان يكون المصراع
معكوسا ليقوم منه بيت كامل مع بقاء معناه وهذا القسم معدن الرقة والانسجام كما في قول الشاب الظريف ؎ حبيب القلوب
اذبت العيونا • حبيب العيون اذبت القلوبا • والقسم الثاني ان يعكس المصراع او بعض كلماته فيتغير معناه كما في بيت
المتنبي المذكور وكما في قوله ؎ ان الليالي للانام مناهل • تطوى وتنشر دونها الاعمار • فقصارهن مع الهموم طويلة •
وطوالهن مع السرور قصار • وقال ؎ واذا كانت النفوس كبارا • تعبت في مرادها الاجسام • فيه **الكلام الجامع**
وهو الاتيان ببيت تكون جملة كلماته حكمة او موعظة او تنبيها او غير ذلك من الحقائق الجارية مجرى الامثال وقال
هم المحسنون الكر في حومة الوغى • واحسن منه كرهم في المكارم • ولولا احتقار الاسد شبهتها بهم • ولكنها معدودة في البهائم
في البيت الثاني **الاستدراك** وهو الكلام المشتمل على لفظة لكن وهو على قسمين الاول ان يتقدم الاستدراك ما فيه تقرير
لما اخبر به المتكلم وتوكيد له كما في قول القائل ؎ قالوا اتقلبه عنا فقلت لهم • نعم اقلبه لكن على الضرم • فان ضمير تقلبه يرجع الى
القلب في البيت قبله وقد تقدم على الاستدراك قوله نعم اقلبه • والثاني ان لا يتقدم الاستدراك شيء من ذلك كما في بيت ابي الطيب
المتنبي المذكور ومتى كان في الاستدراك نكتة زائدة على معنى الاستدراك يدخل في انواع البديع والا فلا يعد بديعا
وقال ؎ احبك او يقولوا جر نمل • ثبيرا وابن ابراهيم ريعا • في البيت المناقضة وهي تعليق شيء بامرين ممكن ومستحيل
ومراد المتكلم المستحيل دون الممكن ليؤثر التعليق في عدم الوقوع فكان المتكلم ناقض نفسه في الظاهر اذ تعليقه بالممكن يقتضي
الوجود وبالمستحيل يقتضي عدمه ابدا وبيت المتنبي من هذا القبيل فانه علق ترك الحب على جر نمل جبل ثبير وهو مستحيل
واخافة ابن ابراهيم وهو ممكن او يقال بالعكس على طريق المبالغة وقال ؎ لان حلمك حلم لا تكلفه • ليس التكحل في العينين كالكحل

وقال في هذه القصيدة ؎ خذ ما تراه ودع شيئاً سمعت به ۔ في طلعة الشمس ما يغنيك عن زحل ۔ وما ثناك كلام الناس عن كرم ۔ ومن يسد طريق العارض الهطل ۔ في الابيات **ارسال المثل** وقد ذكر ابن حجة وغيره نوعاً آخر مثله يسمى التمثيل ولم يظهر لي بينهما فرق فاقتصرت على ارسال المثل وهو عبارة عن ان يأتي المتكلم في بعض كلامه بما يجري مجرى المثل السائر من حكمة او نعت او غير ذلك مما يحسن التمثيل به وهو ظاهر في اعجاز الابيات الثلاثة **وقال** ؎ نودعهم والبين فينا كانه ۔ قنا ابن ابي الهيجاء في قلب فيلق ۔ **وقال** ؎ مكومة بسياط القوم يطردها ۔ عن منبت العشب تبغي منبت الكرم في البيتين **حسن التخلص** وهو من محاسن الادب ومن اوضح الادلة في حسن تصرف الشاعر وذلك ان يستطرد المتكلم من الغزل او الافتخار او الشكاية او غير ذلك الى ما يتعلق بممدوحه باحسن ما يمكنه من الاساليب المونقة ويخلص اختلاساً رشيقاً دقيق المعنى بحيث لا يشعر السامع بالانتقال من المعنى الاول الا وقد وقع في الثاني لشدة الممازجة والالتئام بينهما حتى كأنهما افرغا في قالب واحد لان السامع يكون مترقباً للانتقال من الافتتاح الى المقصود كيف يكون فاذا كان حسناً ملائم الطرفين حرك من نشاط السامع واعان على اصغاء ما بعده والا فبالعكس ۔ وهذه طريقة تفرد بها المولدون من العصريين دون المتقدمين الا ما وقع لهم نادراً وانظر تحقق ذلك في البيتين المذكورين ظاهر المعنى **وقال** ؎ هي الغرض الاقصى ورؤيتك المنى ۔ ومنزلك الدنيا وانت الخلائق في البيت **حصر الجزئي والحاقه بالكلي** وهو نوع عزيز الوقوع ۔ وبيانه ان يأتي المتكلم الى نوع من الانواع فيجعل جنساً تعظيماً له وتفخيماً لامره بعد ان يحصر جميع اقسامه والمراد بالنوع اعم من ان يكون صادقاً على متعدد ذهناً كالنوع المعروف عند علماء المنطق او لا يصدق الا على فرد واحد كالجزئي المعروف عندهم والمراد بالكلي الجنس وهو ما يصدق على متعدد اختلفت حقيقة افراده ۔ وذلك في بيت المتنبي ظاهر فانه قصد تعظيم ممدوحه فجعل منزله الذي هو جزئي كلياً وهو الدنيا وجعل ذاته التي هي جزئية كلية وهي الخلائق فجعل الجزئي كلياً وانحصر اقسام الجزئي لان العالم اما حيوان يجمعهم عرضاً او جماد نام كالنبات يجمعهم عرضاً او غير نام كالجزيء يجمعهم عرضة المنزل الشامل لهما وقال ؎ كم زورة لك في الاعراب خافية ۔ ادهى وقد رقدوا من زورة الذيب ۔ ازورهم وسواد الليل يشفع لي ۔ وانثني وبياض الصبح يغري بي ۔ في البيت **المقابلة** وهو ان يأتي المتكلم باشياء في صدر كلامه ثم يقابل كل شيء منها بضده او نقيضه في العجز على الترتيب وذلك ظاهر في بيت المتنبي فانه قابل فيه ازورهم بانثني وسواد ببياض والليل بالصبح ويشفع بيغري ولي بقوله بي ۔ وما زال الناس يتعجبون من جمع البحتري ثلاث مطابقات في قوله ؎ وامة كان قبح الجود يسخطها ۔ دهراً فاصبح حسن العدل يرضيها ۔ حتى جاء ابو الطيب فزاد عليه مع عذوبة اللفظ ورشاقة الصنعة والفرق بين المطابقة والمقابلة ان المطابقة لا تكون الا بالجمع بين الضدين والمقابلة تكون غالباً بالجمع بين اربعة اضداد ضدان في صدر الكلام وضدان في عجزه وتبلغ الى الجمع بين عشرة اضداد على الترتيب **وقال** ؎ العارض الهتن ابن العارض الهتن ابن العارض الهتن ابن العارض الهتن ۔ في البيت **التكرار** وهو ان يكرر المتكلم الكلمة او الكلمتين باللفظ والمعنى لتأكيد الوصف او المدح او غيره من الاغراض ۔ والفرق بينه وبين الترديد ان اللفظة التي تكررت لا تفيد معنى زائداً بل ثانية عين الاولى وفي الترديد تفيد معنى غير معنى الاولى وذلك ظاهر في بيته **وقال** ؎ امضى ارادته فسوف له قد ۔ واستقرب الاقصى فثم له هنا ۔ في البيت **الكناية** وهي لفظ اريد به لازم معناه مع جواز ارادة معناه ايضاً كما تقول فلان طويل النجاد والمراد به لازم معناه اعني طول القامة مع جواز ان يراد حقيقة طول النجاد ايضاً والمراد باللزوم هنا مطلق الانتقال من شيء الى غيره لا اللزوم الضروري وانما لما كان في طويل النجاد لزوم طول القامة وفي طول القامة لزوم الشجاعة كما لا يخفى ۔ وفي البيت سوف للاستقبال وقد موضوع للمضي ومقاربة الحال ۔ يقول اذا نوى امراً فكأنما يسابق نيته **وقال** ؎ اطاعن خيلاً من فوارسها الدهر ۔ وحيداً وما قولي كذا ومعي الصبر ۔ في البيت **الرجوع** وهو العود على الكلام السابق بالنقض وذلك ظاهر في البيت **وقال** ؎ لم يحك نائلك السحاب وانما ۔ حمت به فصبيبها الرحضاء ۔ في البيت **حسن التعليل** وهو استنباط علة مناسبة لشيء غير حقيقية مخالفة للعلة الاصلية وشرطها ان تكون على وجه لطيف يحصل بها زيادة في المقصود من مدح او غيره ۔

والوصف المعلل نحو اربعة اقسام (الاول) ثابت ظاهر العلة كما فى قول الشاعر ؎ لو لم تكن نسمات الفجر طيب ثنا، عليها ما مدحتها
سائر النسوة فانه علل فيه مدح الخلق لنسمات الفجر لانها نمام شائع عليه (عليه الصلوة والسلام) وانما علة ذلك فى الحقيقة رقة
السرى وطيب الهبوب على ما هو الظاهر وعدل عنها التحصيل مدح محمد صلى الله عليه وسلم (والثانى) ثابت خفى العلة كما فى بيت المتنبى ؎
ان السحاب لو يحك عطاءك وانما صارت محمومة بسبب نائلك وتغرقه عليها فالمصبوب هنا هو عرق الحمى. فنزول المطر من السحاب
صفة ثابتة لا يظهر لها فى العادة علة وقد علله بانه عرق حماها الحادثة بسبب عطاء الممدوح (والثالث) غير ثابت وهو ممكن
كقول مسلم بن الوليد ؎ يا واشيا حسنت فينا اساءته، نجى حذارك انسانى من الغرق، فاستحسان اساءة الواشى وصف غير
ثابت الا انه ممكن وقد خالف الناس فى استحسانها معللا بان حذاره من الواشى كان سببا لسلامة انسان عينه من الغرق فى
الدموع حيث ترك البكاء خوفا منه (والرابع) ليس بثابت ولا ممكن كقول الشاعر ؎ لو لم تكن نية الجوزاء خدمته، لما رأيت عليها
عقد منتطق، فنسبة النية الى الجوزاء غير ثابتة ولا ممكنة فان الارادة لا تكون الا من حى. والجوزاء جماد ليس فيه حيوة
ولا ارادة لها ولا نية وقد نسب الشاعر ذلك اليها وعلله بامارة الخدمة وهى عقد النطاق لان الجوزاء صورتها صورة شخص تد
انتطق والنطاق الزنار وكل ما يشد به الوسط وقال ؎ كشفت ثلاث ذوائب من شعرها، فى ليلة فارت ليالى اربعا،
واستقبلت قمر السماء بوجهها، فارتنى القمرين فى وقت معا، فى البيت الاتساع وهو ان يأتى المتكلم بكلام يتسع فيه التأويل
بحسب ما تحتمله الفاظه فتتسع الرواة فى تاويله على قدر عقولهم وبحسب قوى الناظر فيه. قال التبريزى يجوز انه اراد قمرا وقمرا لانه
لا يجتمع قمران حقيقيان فى ليلة كما لا يجتمع الشمس والقمر ورد بان هذا ادعاء من الشاعر ومبالغة بجعل هذه المرأة قمرا فلا يقدح
فيه كونه مستلزما لخلاف الواقع وهو اجتماع قمرين او اجتماع شمس وقمر وقال الصفدى فى كتابه رشف الزلال فى وصف الهلال ثم
ليس معنى البيت كما يظنه بعض الناس من انه يريد بذلك انه رأى فى وقت واحد القمر ووجهها وانما التحقيق انها لما استقبلت
قمر السماء ارتسم خياله فى وجهها فرآهما فى وقت واحد كما تقابل الاشكال المرآة تنطبع الصورة فيها فترى المرآة والاشكال المنطبعة
فيها فى وقت معا وقيل عليه يأبى هذا التحقيق جعله وجهها قمرا وليس ذلك الا اضاءته واشراقه والاجرام المضيئة المشرقة
لا تنطبع فيها الصور وقال ؎ ويحتقر الدنيا احتقار مجرب، يرى كل ما فيها وحاشاك فانيا، فى البيت الاحتراس
وهو ان يأتى المتكلم بمعنى يتوجه عليه فيه دخل او يوهم ذلك او يحصل فى ظاهره اشكال اذ يورد عليه بعض العقول الضعيفة
ايرادا فيفطن له فيأتى بما يخلصه من ذلك فقوله فى البيت حاشاك احتراس من دخوله فى كل ما فيها. والفرق بين الاحتراس
والتكميل ان المعنى قبل التكميل صحيح تام ثم يأتى التكميل بزيادة تكمل حسنه وكذلك التتميم يأتى لتتميم بعض المعنى بعض
الوزن مثلا. والاحتراس انما هو لفساد يتطرق الى المعنى وان كان تاما كاملا ووزن الشعر صحيحا مستقيما وقال ؎ همام
اذا ما فارق الغمد سيفه، وعاينته لم تدر ايهما النصل، فى البيت التوليد وهو ضربان (الاول) من المعانى وهو ان ينظر
الشاعر الى معنى من معانى غيره ويكون محتاجا الى استعماله فى بيت من قصيدة له فيورده ويولد بينهما معنى آخر. فالبيت اخذه
من قول ابى تمام ؎ يسدون بالبيض القواطع اينا، فهن سواء والسيوف القواطع، وقال المتنبى ؎ وما هى الا
لحظة بعد لحظة، اذا نزلت فى قلبه رحل العقل، اخذه من قول ابى نواس فى وصف الخمرة ؎ اذا ما اتت دون اللهاة من الفتى
دعا همه من صدره برحيل، وقال ؎ فنحن فى جذل والروم فى وجل، والبر فى شغل والبحر فى خجل، فى البيت السجع
وهو اجراء الفواصل على قافية واحدة وينقسم الى اربعة اقسام (الاول) السجع المتوازى وهو اتفاق القرينة مع نظيرتها فى الوزن
والروى ومنه بيت المتنبى (والثانى) السجع المطرف وهو اختلاف القرينتين فى الوزن واتفاقهما فى الروى كقول لوار الدمشقى
؎ فرتيا عمر الى السلام، تودا ونى منها بجام، (والثالث) السجع المرصع وهو ان تكون كل لفظة فى صدر البيت وفقرة النثر
موافقة لنظيرتها فى الوزن والروى والاعراب كما فى قول ابن النبيه ؎ فحريق جمرة سيفه للمعتدى، ورحيق خمرة سيفه للمجتدى
(والرابع) التشطير وهو ان يقسم الشاعر بيته شطرين ثم يصرع كل شطر منهما لكنه يأتى بكل شطر مخالفا لقافية الآخر ليتميز

كل شطر من اخيه ومن ذلك قول ابي تمام يمدح المعتصم بالله ؎ تدبير معتصم بالله منتقم، لله مرتقب في الله مرتغب،
وقال ؎ لما رأته وخيل النصر مقبلة، والحرب غير عوان اسلموا الحللا، وضاقت الارض حتى كاد هاربهم، اذا رأى غير
شيء ظنه رجلا، في البيت الغلو وهو الافراط في وصف الشيء بالمستحيل عقلا وعادة وذلك على قسمين مقبول وغير مقبول
فالاول ثلاثة اضرب (احدها) ما يدخل عليه ما يقربه الى الصحة نحو كاد ولو وشك وامثال ذلك من ادوات التقريب. اللهم
الا ان يكون الغلو في اوصاف النبي صلى الله عليه وسلم فلا يحتاج الى ذلك ومنه قول المتنبي (والثاني) منه ما تضمن نوعا حسنا
من التخييل كقول المتنبي ؎ عقدت سنابكها عليها عثيرا، لو تبتغي عنقا عليه لامكنا، (والثالث) هو ما اخرج مخرج الهزل
والخلاعة كقول ابي نواس ؎ امر بالكرم جنب حائطها، تاخذ في نشوة من الطرب، اسكر بالامس ان عزمت على الشرب
غدا ان ذا من العجب، (والقسم الثاني) وهو الغلو الغير المقبول كقول المتنبي ؎ ولو قلم ألقيت في شق رأسه، من السقم ما غيرت من خط
كاتب، وكقوله ؎ ونالوا ما اشتهوا بالحزم هونا، وصاد الوحش نملهم دبيبا، وكقوله ؎ واعجب منك كيف قدرت تنشا، و
قد اعطيت في المهد الكمالا، ومن الغلو ما يوصل الى ضعف العقيدة ورقة الدين وسوء الادب مع من يجب التأدب معه (والعياذ
بالله تعالى) كقول المتنبي ؎ لو كان علمك بالاله مقسما، في الناس ما بعث الاله رسولا، او كان لفظك فيهم ما انزل، التوراة
والقرآن والانجيلا، وكقوله ؎ لو كان ذو القرنين اعمل رأيه، لما اتى الظلمات صرن شموسا، او كان صادف رأس عازر سيفه
في يوم معركة لاعيا عيسى، او كان لج البحر مثل يمينه، ما انشق حتى جاز فيه موسى، وقال ؎ روح تردد في مثل الخلال اذا،
اطارت الريح عنه الثوب لم يبن، كفى بجسمي نحولا انني رجل، لولا مخاطبتي اياك لم ترني، في البيت الاغراق وهو دون الغلو
لانه افراط وصف الشيء بالممكن البعيد وقوعه عادة وقل من فرق بينهما. وقالوا هنا لا يمتنع عقلا ان ينحل الشخص حتى يصير مثل
الخلال فلا يستدل عليه الا بالكلام اذا الشيء الدقيق اذا كان بعيدا لا يرى بل بالصوت ولكن صيرورة الشخص في النحول الى مثل
هذه الحالة ممتنع عادة وقال ؎ سأطلب حقي بالقنا ومشايخ، كأنهم من طول ما التثموا مرد، ثقال اذا لاقوا خفاف اذا دعوا،
كثير اذا شدوا قليل اذا عدوا، في البيت التقسيم ويطلق على ثلاثة امور (الاول) استيفاء المتكلم اقسام المعنى الذي هو آخذ
فيه وعليه بعض اهل البديعيات ومنه قول القائل يمدح النبي صلى الله عليه وسلم ؎ ولم يزل بعلوم الوحي متصفا، هذا الزمان وفي الآتي
من القدم، فان الزمان منقسم الى ماض ومستقبل وحال لا غير مع كمال التصريح بقدم نبوته صلى الله عليه وسلم بعد موته خلافا للمنكر
ذلك كما هو مسطور في كتب العقائد (والثاني) من التقسيم انه يطلق على ذكر متعدد ثم ارجاع ما لكل اليه على سبيل التعيين وبهذا
القيد يخرج اللف والنشر اذ لا تعيين فيه بل هو موكول الى الاذهان ومنه قول الصلاح الصفدي ؎ ثلاثة كلفوا بحب ثلاثة، فاعجب
لهم اشدو اكلفا، كلفي بحبك اذ كلفت بجفوتي، وبعذلنا كلف العذول اسرفا، لا عاذلي يدع الملام ولا انا، ادع الغرام وانت
لا تدع الجفا، (والثالث) من التقسيم انه يطلق على ذكر احوال الشيء مضافا الى كل من تلك الاحوال ما يليق به ومنه بيت المتنبي
المذكور وقال ؎ ومرهف سرت بين الجحفلين به، حتى ضربت وموج البحر يلتطم، فالخيل والليل والبيداء تعرفني،
والسيف والرمح والقرطاس والقلم، في البيت التعديد وهو عبارة عن ايقاع اسماء مفردة على سياق واحد فان روعي مع
ذلك ازدواج او مطابقة او تجنيس او مقابلة فذلك الغاية في الحسن. وكقوله ؎ ورب جواب عن كتاب بعثته، وعنوانه للناظرين
تام، حروف هجاء الناس فيه ثلاثة، جواد ورمح ذابل وحسام، وقال ؎ ولكنك الدنيا الي حبيبة، فما عنك لي الا اليك ذهاب،
في البيت الاستثناء وهو قسمان لغوي وصناعي (فاللغوي) ما ذكره النحاة وهو اخراج القليل من الكثير (والصناعي)
هو الذي يفيد اخراج القليل من الكثير معنى زائدا حسنا يستحق به الاتيان في باب البديع ومتى لم يكن فيه ذلك لم يعد من البديع
قال الله تعالى فسجد الملائكة كلهم اجمعون الا ابليس فان في هذا الكلام معنى زائدا على الاستثناء وهو تعظيم امر الكبيرة
التي اتى بها ابليس من كونه خرق اجماع الملائكة وفارق جميع الملأ الاعلى بخروجه عما دخلوا فيه من السجود لآدم وقال ؎
لبيك ما يلقى الفؤاد وما لقي، وللحب ما لم يبق مني وما بقي، في البيت الاشارة وهي ايماء المتكلم بقليل من الكلام الى كثير

من المعاني ومنه اشارة اليدان المشير بها يشير دفعة واحدة الى اشياء لو عبّر عنها باللفظ لاحتاج الى كثير منه ومنه بيت المتنبي
فان فيها اشارة بما النكرة الى ما يلقاه الفؤاد من الشدائد وكن ان يخز البيت **وقال** ؎ انى يزظباء فلاة ما عرفن بها ٭
مضغ الكلام ولا صبغ الحواجيب ٭ ولا برزن من الحمام مائلة ٭ اوراكهن صقيلات العراقيب ٭ فى البيت **نفى الشئ**
بايجابه وهو ان يثبت المتكلم شيئا فى ظاهر كلامه وينفى ما هو من سببه مجازا والمنفى فى باطن الكلام حقيقة هو الذى اثبته
كقوله تعالى ما للظلمين من حميم ولا شفيع يطاع فان ظاهر الكلام نفى الذى يطاع من الشفعاء والمراد نفى الشفيع مطلقا و
كما فى بيت المتنبي فان ظاهر الكلام عدم بروزهن من حمام على تلك الحالة والمراد فى باطن الكلام عدم الحمام مطلقا و
قال ؎ لو كنت حشو قميصى فوق نمرقها ٭ سمعت للجن فى غيطانها زجلا ٭ فى البيت **الارداف** وهو ان يريد
المتكلم معنى فلا يعبّر عنه بلفظه الموضوع له بل يعبّر عنه بلفظ هو رديفه يؤدى معناه. فمراد المتنبي نفسه بقوله حشو قميصى **وقال**
؎ اتى الزمان بنوه فى شبيبته ٭ فسرهم واتيناه على هرم ٭ فى البيت **الايجاز** وهو اداء المقصود باقل من عبارة المتعارف وذلك
على قسمين (الاول) ايجاز حذف وهو اسقاط بعض الالفاظ من الكلام لدلالة الباقى عليه وهو ثلاثة ضروب (الاول) حذف جملة
كما فى هذا البيت فانه كان فسرهم وساءنا كقولهم علفتها تبنا وماء باردا اى وسقيتها ماء باردا (الثانى) حذف جزء جملة
قال الله تعالى واسئل القرية اى اهل القرية والضرب الثالث حذف اكثر من جملة كقول ابى العلاء المعرى يصف البرق ؎
طربن لضوء البارق المتعالى ٭ ببغداد وهنا ما لهن ومالى ٭ اى طربن فاخذت اسكنها وهى لا تسكن ثم اعاودها وهى تنازعنى الى ان
قضيت العجب من كثرة معاودتى وشدة منازعتها (القسم الثانى) ايجاز قصر وهو ان ياتى المتكلم بقصة لا يكاد ر منها شيئا فى
الفاظ قليلة لو اتى بها غيره ممن هو دونه فى البلاغة اتى بها فى اكثر من تلك الالفاظ من غير حذف كقوله تعالى ولكم فى القصاص
حيوة فان معناه كثير ولفظه يسير ولا حذف فيه **وقال** ؎ وفى النفس حاجات وفيك فطانة ٭ سكوتى بيان عندها
وخطاب ٭ فى البيت **براعة الطلب** وهى ان يلوح المتكلم بالطلب فى الفاظ عذبة مهذبة منقحة مبينة لمقصوده منبهة
على مراده مقترنة بتعظيم الممدوح خالية من الالحاح والتصريح بل يشعر بما فى النفس دون كشفه وذلك فى بيت المتنبي متحل بحلية
الرونق متحل بحلية الانسجام الموثق **وقال** ؎ تمضى المواكب والابصار شاخصة ٭ منها الى الملك الميمون طائره ٭ قد حرن فى
بشر فى تاجه قمر ٭ فى درعه اسد تدمى اظافره ٭ فى البيت **التجريد** وهو ان ينتزع من امر ذى صفة امرا آخر مثله فيها مبالغة
لكمالها فيه كانه بلغ من الاتصاف بتلك الصفة الى حيث يصح ان ينتزع منه موصوف آخر بتلك الصفة وهو اقسام **منها**
ان يكون بمن التجريدية كقولهم لى من فلان صديق حميم اى قد بلغ فلان من الصداقة حدا يصح معه ان يستخلص منه آخر
مثله فيها **ومنها** ان يكون بالباء التجريدية الداخلة على المنتزع منه نحو قولهم لئن سألت فلانا لتسألن به البحر بالغ فى اتصافه بالسماحة
حتى انتزع منه بحرا فى السماحة **ومنها** ما يكون بدخول باء المعية والمصاحبة فى المنتزع كقول ابن هانى ؎ وضربة تمرا
هام الكماة وعثروا ٭ ببيض الحق وبكل ليث مخدر ٭ **ومنها** ان يكون بدخول فى على المنتزع منه او بدخول ضميره قال
الله تعالى لهم فيها دار الخلد اى فى جهنم وهى دار الخلد لكنه انتزع منها دارا اخرى مبالغة ومنه بيت المتنبي فان الاسد هو نفس
الممدوح لكنه انتزع اسدا آخر تحويلا لامره ومبالغة فى اتصافه بالشجاعة وبالصولة **ومنها** ان يكون بدون توسط شئ كقول
قتادة بن مسلمة الحنفى ؎ فلئن بقيت لارحلن بغزوة ٭ تحوى الغنائم او يموت كريم ٭ عنى بالكريم نفسه فكانه انتزع من نفسه
كريما مبالغة فى كرمه ولذا الحق القول وامرت **وقال** ؎ جمعت بين جسم احمد والسقم ٭ وبين الجفون والتسهيد ٭ فى البيت
الاستشهاد وهو ان يذكر الشاعر اسمه او لقبه فى اثناء نظمه باسلوب حسن تستحسن به الاسماع وتلتذ به الطباع كما هو ظاهر
فصل فيما جرى له لسيف الدولة ونبذة من حالات كافور) قال فى الصبح المنبى قال عبد المحسن بن على بن كوجك
حدثنى ابى قال كنت بحضرة سيف الدولة وفى المجلس ابو الطيب المتنبى وابو الطيب اللغوى وابو عبد الله بن خالويه النحوى و
قد جرت مسئلة فى اللغة بين ابى الطيب اللغوى وابن خالويه فتكلم ابو الطيب المتنبى وضعف قول ابن خالويه. فاخرج

ابن خالويه من كمه مفتاحاً من حديد يشير به الى المتنبي فقال له المتنبي ويحك اسكت فانك اعجمي واصلك خوزي فما لك والعربية فضرب وجه المتنبي بذلك المفتاح فاسال دمه على وجهه وثيابه فغضب المتنبي من ذلك ولاسيما اذ لم ينتصر له سيف الدولة لا قولاً ولا فعلاً وكان ذلك احد اسباب مفارقته لسيف الدولة . قال وكان ابو الطيب لما عزم على الرحيل من حلب سنة ست واربعين وثلاث مائة لم يجد بلداً اقرب اليه من دمشق لان حمص كانت من بلاد سيف الدولة فسار الى دمشق والقى بها عصاه وكان بدمشق يهودي من اهل تدمر يعرف بابن ملك من قبل كافور ملك مصر فسأل المتنبي ان يمدحه فثقل عليه فغضب اليهودي وجعل كافور الاخشيدي ملك مصر يكتب في طلب المتنبي من ابن ملك فكتب اليه ابن ملك ان ابا الطيب قال لا اقصد العبد وان دخلت مصر فما اقصدي الا ابن سيده . ثم نبت دمشق بابي الطيب فسار الى الرملة فحمل اليه اميرها الحسن بن طغج هدايا نفيسة وخلع عليه وحمله على فرس بموكب ثقيل وقلده سيفاً محلى . وكان كافور الاخشيدي يقول لاصحابه اترونه يبلغ الرملة ولا يأتينا وبلغ المتنبي انه واجد عليه ثم كتب كافور في طلبه من امير الرملة فسار اليه قال وكافور هذا عبد اسود خصي مثقوب الشفة السفلى عظيم البطن مشقق القدمين ثقيل البدن لا فرق بينه وبين الامة . قيل سئل عنه بعض بني هلال فقال رأيت امة سوداء تامر وتنهى وكان هذا الاسود لقوم من اهل مصر يعرفون ببني عباس يستخدمونه في حوائج السوق وكان مولاه يربط في راسه حبلاً اذا اراد النوم فاذا اراد منه حاجة يجذبه بالحبل لانه لم يكن ينتبه بالصياح وكان غلمان ابن طغج يصفعونه في الاسواق كلما راوه فيضحك فقالوا ان هذا الاسود خفيف الروح وكلموا ابا بكر محمد بن طغج صاحبهم في بيعه فوهبه له فاقامه على وظيفة الخدمة ولما توفي سيده ابو بكر كان له ولد صغير فتقلد الاسود بخدمته واخذت البيعة لولده فتفرد الاسود بخدمته وخدمة امه فقرب من شاء وابعد من شاء ثم ملك الامر على ابن سيده وامر ان لا يكلمه احد من مماليك ابيه ومن كلمه او قرب منه قتله ولما كبر ابن سيده وتبين ما هو فيه جعل يبوح بما في نفسه في بعض الاوقات على الشراب ففزع الاسود منه وسقاه سماً فمات وخلت مصر له ولما قدم عليه ابو الطيب امر له بمنزل ووكل به جماعة واظهر التهمة له وطالبه بمدحه فلم يمدحه فخلع عليه فقال يمدحه كفى بك داء ان ترى الموت شافيا

فصل (في مجمل حيوته وتاريخ وفاته) ولبث المتنبي بعد اطلاقه من السجن يتردد في اقطار الشام يمدح امراءها واشرافها حتى اتصل بالامير سيف الدولة علي ابن حمدان العدوي صاحب حلب سنة سبع وثلاثين وثلاثمائة فحسن موقعه عنده واحبه وقربه واجازه الجوائز السنية وكان يجري عليه كل سنة ثلاثة آلاف دينار خلا الاقطاعات والخلع والهدايا المتفرقة ثم فارقه لما نبه جرت بينه وبين ابن خالويه فضربه هذا بمفتاح فشجه بحضور سيف الدولة ففارقه سنة ست واربعين وثلاثمائة وقدم مصر ومدح كافور الاخشيدي لانه وعده بولاية فاخلف وعده لما رأى من تعاليه وعوتب في ذلك فقال يا قوم من ادعى النبوة بعد محمد صلى الله عليه وسلم اما يدعي المملكة مع كافور فحسبكم . فلما لم يرضه هجاه وفارقه في اواخر سنة خمسين وثلاثمائة وقصد بلاد فارس ومدح عضد الدولة بن بويه الديلمي فاجزل صلته ولما رجع من عنده عرض له فاتك بن ابي جهل الاسدي في عدة من اصحابه فقاتله فقتل المتنبي وابنه محسد وغلامه مفلح بالقرب من النعمانية في موضع يقال له الصافية من الجانب الغربي من سواد بغداد . **قال** في الصبح المنبي قال الخالديان كتبنا الى ابي نصر محمد الحلبي نسأله عما صدر لابي الطيب المتنبي بعد مفارقته عضد الدولة كيف كان قتله وابو نصر هذا من وجوه الناس في تلك الناحية وله فضل وادب وحرمة فاجابنا عن كتابنا جواباً طويلاً يقول في اثنائه اما ما سألتم عنه من خبر مقتل ابي الطيب المتنبي فانا اسوقه لكم واشرحه شرحاً بيناً . اعلموا ان مسيره كان من واسط يوم السبت لثلاث عشرة ليلة بقيت من رمضان سنة اربع وخمسين وثلاثمائة فقتل بضيعة تقرب من دير العاقول لليلتين بقيتا من شهر رمضان . والذي تولى قتله وقتل ابنه وغلامه رجل من بني اسد يقال له فاتك بن ابي جهل بن فراس ابن شداد الاسدي وكان من قول فاتك لما قتله قبحاً لهذه اللحية يا قاذف المحصنات وذلك ان فاتكاً هذا هو خال ضبة بن يزيد العيني الذي هجاه ابو الطيب بقوله ؎ ما انصف القوم ضبة ، وامه الطرطبة ، فيقال ان فاتكاً داخلته حمية لما سمع ذكر اخته ام ضبة بالقبيح في هذه القصيدة فكان ذلك سبب قتل ابي الطيب واصحابه وذهاب ماله . واما شرح الخبر فان

فانّها هذه موصلة لي وهو كما شئت فاتاك لسفكة الدماء، واتاك مع الاهوال فلما سمع القصيدة التي هجا بها ضبّة اشتد
غضبه ورجع على ضبّة باللوم وقال له كان يجب ان لا تجعل لشاعر عليك سبيلا. وهو يضمر السوء على ابي الطيب ولا يتظاهر به
ثم بلغنا انصراف ابي الطيب من بلاد فارس وتوجهه الى العراق وطرأ ان اجتيازه بجبل دير العاقول فلم يكن ينزل عن فرسه ومعه
جماعة من بني عمه يرون في المتنبي مثل رأيه فكانوا لا يزالون يتنسمون اخباره من كل صادر ووارد وكان كثيرا ما ينزل عندي
فقلت له يوما وقد جاءني وهو يسأل قوما مجتازين عن المتنبي بأي الاماكن قد اكثرت السؤال عن هذا الرجل فما تريد منه اذا لقيته فقال
ما اريد الا الجميل وعذله على هجاء ضبّة فقلت هذا لا يليق باخلاقك فتضاحك ثم قال يا ابا نصر والله لئن اكتحلت عيني به او جمعتني
وإياه بقعة لاسفكن دمه او امحو حياته الا ان يحال بيني وبينه بما لا استطيع دفعه. فقلت له كفّ رعاك الله عن هذا وارجع
الى الله فان الرجل شهير الصيت ولا يحسن منك قتله على شعر قاله قد هجت الشعراء الملوك في الجاهلية والخلفاء في الاسلام فما
سمعنا بشاعر قتل بهجائه وقد قال الشاعر ؎ هجوت زهيرا ثم اني مدحته ، وما زالت الاشراف تهجى وتمدح ، فقال يفعل الله ما
يشاء وانصرف وما مضى بعد هذا الا ايام قليلة حتى وافاني المتنبي ومعه بغال موقرة من الذهب والفضة والملابس والتجملات
النفيسة والكتب الثمينة والادوات الكثيرة لانه كان اذا سافر لا يترك في منزله درهما ولا شيئا يساويه وكان اكثر اشفاقه على دفاتره
لانه كان قد انتخبها واحكمها قراءة وتصحيحا. قال ابو نصر فتلقيته وانزلته في داري وسألته عن اخباره وعمن لقي في تلك السفرة فعرّفني
من ذلك ما سررت به. واقبل يصف ابن العميد وفضله وكرمه وعلمه وكرم عضد الدولة ورغبته في الادب وميله الى الادباء فلما
امسينا قلت له يا ابا الطيب علام انت مجمع قال على ان اتخذ الليل مركبا فان السير فيه اخف عليّ قلت هذا هو الصواب رجاء ان يخفيك
الليل ولا يصبح الا وقد قطعت بلدا بعيدا وقلت له والرأي ان يكون معك من رجال هذه البلدة الذين يعرفون هذه المواضع المخيفة
جماعة يمشون بين يديك الى بغداد فقطب وجهه وقال فما تريد بذلك قلت اريد ان تستأنس بهم في الطريق فقال اما والجراز في
عاتقي فما لي حاجة الى مؤنس غيره قلت الامر كما تقول ولكن الرأي في الذي اشرت به عليك فقال تلويحك ينبئ عن تعريض وتعريضك
ينبئ عن تصريح فعرّفني جلية الامر قلت ان هذا الجاهل فاتكا الاسدي كان عندي منذ ثلاثة ايام وهو غير راض عنك لانك
هجوت ابن اخته ضبّة وتكلم بما يوجب الاحتراز والتيقظ ومعه ايضا جماعة نحو العشرين من بني عمه يقولون مثل قوله فقال
غلام له الصواب يا مولاي ما اشار به ابو النصر خذ معك عشرين رجلا يسيرون بين يديك الى بغداد فان ذلك احوط. فاغتاظ
ابو الطيب من غلامه غيظا شديدا وشتمه شتما قبيحا وقال لا ارضى ان يتحدث الناس باني سرت في خفارة احد غير سيفي قال
ابو نصر فقلت يا هذا انا اوجه قوما من قبلي في حاجة لي يسيرون بمسيرك وهم في خفارتك فقال والله لا فعلت شيئا من هذا
ثم قال يا ابا نصر ابنجو الطير تخوفني ومن عبيد العصا تخاف عليّ والله لو ان مخصرتي هذه ملقاة على شاطئ الفرات وبنو اسد
معطشون لخمس وقد نظروا الماء كبطون الحيات ما جسر لهم خف ولا ظلف ان يرده. معاذ الله ان اشغل فكري بهم لحظة
عين فقلت له قل ان شاء الله فقال هي كلمة مقولة لا تدفع مقضيا ولا تستجلب آتيا. ثم ركب فكان آخر العهد به ولما صح عندي
خبر قتله دققت من دفنه ودفن ابنه وغلمانه وذهبت دماؤهم هدرا ولما قتل رثاه ابو القاسم مظفر بن علي الطبسي بقوله ؎
لا رعى الله سرب هذا الزمان ، اذ دهانا بمثل ذاك اللسان ، كان من نفسه الكبيرة في جيش وفي الكبرياء ذا سلطان ، ما
رأى الناس ثاني المتنبي ، اي ثان يرى لبكر الزمان ، هو في شعره نبي ولكن ، ظهرت معجزاته في المعاني ، ورثاه ابو الفتح عثمان
ابن جني بقصيدة يقول في اولها ؎ غاض القريض واذوت نضرة الادب ، وصوّحت بعد ري دوحة الكتب ، ومنها يقول
؎ من للمراجل يحيي ميت ارسمها ، بكل جائلة التصدير والعقب ، ام من لبيض الظبي يوما وهن دم ، ام من لسمر القنا
والزغف واليلب ، ام للمحافل اذ تبدو لتعمرها ، بالنظم والنثر والامثال والخطب ، ام المناهل والظلماء عاكفة ، مواصل
لكرّ بين الورد والقرب ، ام للملوك تحليها وتلبسها ، حتى تمايس في ابرادها القشب ، بانت وشادي الطراب ترتقي لمآثر
التي في قبضة النوب ، عمرت خدن المساعي غير مضطرب ، ومتّ كالنصل لم يدنس ولم يعب ، فاذهب عليك سلام الله

ما تلقت خوص الركائب بالاكوار والشعب. **ويقال** انه قال شيئاً فى عضد الدولة فدس عليه من قتله لانه لما وفد عليه وصله بثلاثة آلاف دينار وثلاثة افراس مسرجة محلاة وثياب مفتخرة. ثم دس عليه من سألها اين هذا العطاء من عطاء سيف الدولة فقال هذا اجزل الا انه عطاء متكلف وسيف الدولة كان يعطى طبعاً فغضب عضد الدولة فلما انصرف جهز عليه قوماً من ضبة فقتلوه بعد ان قاتل قتالاً شديداً ثم انهزم فقال له غلامه اين قولك ؎ الخيل والليل والبيداء تعرفنى. والطعن والضرب والقرطاس والقلم. قال قتلتنى (قتلك الله) ثم قاتل فقتل **ويقال** ان الخفراء جاؤه وطلبوا منه خمسين درهماً اليسير وامعه فمنعه الشح والكبر فتقدموه فوقع له ما وقع۔

فصل لا يخفى عليك ان علم الادب عبارة عن مجموع علوم وهو اللغة والصرف والاشتقاق والنحو والمعانى والبيان والعروض والقافية (وهذه الثمانية اصول علم الادب) ورسم الخط وقرض الشعر وانشاء النثر من الخطب والرسائل والمحاضرات وهذه الاربعة فروعه وانت تعلم ان كلا منها كانه متباين عن الآخر ولذا ذهب المحققون الى ان علم الادب لا موضوع له اصلاً وكما ان المتصل والمنفصل من المستثنى نوعان متباينان وليس لهما حد يجمعهما وما ذلك الا لتباين حقيقتهما تبايناً كاملاً لكن اعلم الادب ليس له موضوع يشترك فيه هذه العلوم وكل من هذه العلوم له موضوع مستقل ليس للآخر ومن ههنا ترى القاصرين عن ذروته العليا تفوهوا بان علماً لا موضوع له كشجر لا اصل له ومن اعمى عينيه عن روية الشمس لا ينبغى ان يكون ملتفتاً اليه فى امر من الامور

واياك ثم اياك ان تظن كما ظن فى هذا الزمان الذى سمى الجهل فيه علما والعلم جهلاً ان شيئاً من هذه العلوم لا يحتاج اليه من اراد معرفة القرآن او الحديث او كلام العلماء من المتكلمين والمحدثين والفقهاء رضوان الله تعالى عليهم اجمعين واقول (ولا مناقشة لازم) يمكن ان يعبر انسان عما فى ضميره ويعرف ما يقوله البادى والحاضر من غير معرفة علمى الصرف والنحو وغيرهما من العلوم لكن فهم القرآن والحديث وغيرهما كما هو حقه ممن جهل هذه العلوم متعسر جداً فى هذا الزمان **وهذه** العلوم وان كانت متعانقة متساوية فى الوجوب لكن الصرف والنحو من اول ما يجب على من احب ان يأخذ حظاً من علم الادب ومعرفة هذين العلمين لمن اراد ان يتمسك باذيال علم الادب كمعرفة حروف التهجى لقراءة القرآن وغيره من الكتب۔

والعجب كل العجب مما تحدث به علماء هذا الزمان ان البلوغ الى ما اريد من آيات الله او الاحاديث غير متوقف على الصرف والنحو وغيرهما من الواجبات بل يكفى له معرفة مفردات اللغة فقط ولعمرى ان هذا الاحطاء خطاء وضلال فوق ضلال. فانهم ان خلعوا هذه الربقة صاروا كالبعير النافر الشارد يذهب حيث شاء لا ممسك له ولا هادى ومن ههنا ما سمعنا من امثال هؤلاء المترجمين الذين اتخذوا هذين العلمين وراءهم ظهرياً ان قوله (روحى وروح ابى وامى فداه) صلى الله عليه وسلم المسلم من سلم المسلمون من لسانه ويده رواه كما قال) معناه ان المسلم هو الذى سلم على المسلمين بيده ولسانه (يعنى مسلمان وہ ہے جو مسلمان کو ہاتھ اور زبان دونوں سے سلام کرے یعنی بوقت سلام زبان سے السلام علیکم کہنا اور ہاتھ کو سر تک لیجانا چاہئے) فدونى رحمكم الله ايها العلماء باى دليل يخطأ هذا المترجم لولا النحو وكان للشيخ جمال الدين بن هشام الانصارى فصل مغن فى هذا الباب مشتمل على فوائد جمة كثيرة يعرف به من شيمته الانصاف والاعراض عن الاعتساف ان هذه العلوم ممن تعلق القرآن والحديث لا غناء لهما عنها رأساً فالحقته فى آخر هذه المقدمة۔ وهو هذا

فصل واول ما يحترز منه المبتدى فى صناعة الاعراب ثلاثة امور

(احدها) ان يلتبس عليه الاصلى بالزائدة ومثاله انه اذا سمع أن ال من علامات الاسم وأن أحرف نأيت من علامات المضارع وأن تاء الخطاب من علامات الماضى وأن الواو والفاء من احرف العطف وأن الباء واللام من احرف الجر وأن فعل والوسيم فاعله مفهوم الاول سبق وهمنا الى أن ألفيت والهيت اسمان وأن اكرمت وتعلمت مضارعان وأن وعظ وفسخ عاطفان معطوفاً وأن نحو بيت وبين ولهو ولعب كل منهما جار ومجرور وأن نحو أحرج مبنى لما لم يسم فاعله وقد سمعت من يعرب الهاكم التكاثر

مبتدأ وخبرًا فظنتهما مثل قولك المنطلق زيد۔

ونظير هذا الوهم قراءة كثير من العوام نار حامية الهاكم التكاثر بحذف الالف كما تحذف فى اول السورة فى الوصل فيقال لخبير القارعة۔

وذكر لى عن رجل كبير من الفقهاء ممن يقرأ علم العربية انه استشكل قول الشريف المرتضى ؎ اتبيت ريان الجفون من الكرىٰ وابيت منك بليلة الملسوع ۔ وقال كيف ضم التاء من تبيت وهى للمخاطب لا للمتكلم وفتحها من ابيت وهو للمتكلم لا للمخاطب فبينت للحاكى ان الفعلين مضارعان وان التاء فيهما لام الكلمة وان الخطاب فى الاول مستفاد من تاء المضارعة والتكلم فى الثانى مستفاد من الهمزة والاول مرفوع لحلوله محل الاسم والثانى منصوب بان مضمرة بعد واو المصاحبة على حد قول الحطيئة ؎ الم اك جاركم ويكون بينى ۔ وبينكم المودة والاخاء ۔

وحكى العسكرى فى كتاب التصحيف انه قيل لبعضهم ما فعل ابوك بحماره فقال باعِه (بمعنى باعَهٗ) اى فروخت کرد آں را فقيل له لو قلت باعه قال فلو قلت انت بحماره فقال انا جررته بالباء فقال فلم تجر باؤك وباؤى لا تجر۔

ومثله من القياس الفاسد ما حكاه ابو بكر التاريخى فى كتاب اخبار النحويين ان رجلا قال لسماك بالبصرة بكم هذه السمكة فقال بدرهمان فضحك الرجل فقال السماك انت احمق سمعت سيبويه يقول ثمنها درهمان۔

وقلت يوما ترد الجملة الاسمية الحالية بغير واو فى فصيح الكلام خلافا للزمخشرى كقوله تعالى "ويوم القيامة ترى الذين كذبوا على الله وجوههم مسودة" فقال بعض من حضر هذه الواو فى اولها وقلت يوما الفقهاء يلحنون فى قولهم البايع بغير همزة فقال قائل قد قال الله تعالى فبايعهن وقال الطبرى فى قوله تعالى اثم اذا ما وقع ان ثم بمعنى هنالك وقال جماعة من المعربين فى قراءتهم وكذلك نجى المؤمنين فى قراءة ابن عامر وابى بكر بنون واحدة ان الفعل ماض ولو كان كذلك لكان آخره مفتوحا والمؤمنين مرفوعا۔ **فان قيل** سكنت الياء للتخفيف كقول هو الخليفة فارضوا ما رضى لكم وأقيم ضمير المصدر مقام الفاعل **قلنا** الاسكان ضرورة واقامة غير المفعول به مقامه مع وجوده ممتنعة بل اقامة ضمير المصدر ممتنعة ولو كان وحده لانه مبهم۔

ومما يشتبه نحو تولوا بعد الجازم والناصب والقرائن تبين فهو فى نحو فان تولوا فقل حسبى الله ماض وفى نحو وان تولوا فانى اخاف عليكم فان تولوا فانما عليه ما حمل وعليكم ما حملتم مضارع وقوله تعالى وتعاونوا على البر والتقوى ولا تعاونوا على الاثم والعدوان الاول امر والثانى مضارع لان النهى لا يدخل على الامر وتلظى فى فانذرتكم نارا تلظى مضارع والا لقيل تلظت وكذا تمنى من قوله ع تمنى ابنتاى ان يعيش ابوهما ۔ ووهم ابن مالك فجعله ماضيا من باب "ولا ارض ابقل ابقالها" وهذا حمل على الضرورة من غير ضرورة۔

ومما يلتبس على المبتدى ان يقول فى نحو مررت بقاض ان الكسرة علامة الجر حتى ان بعضهم يستشكل قوله تعالى لا ينكحها الا زان او مشرك وقد سالنى بعضهم عن ذلك فقال كيف عطف المرفوع على المجرور فقلت فهلا استشكلت ورود الفاعل مجرورا وبينت له ان الاصل زانى بياء مضمومة ثم حذفت الضمة للاستثقال ثم حذفت الياء لالتقائها ساكنة هى والتنوين فيقال فيه فاعل وعلامة رفعه ضمة مقدرة على الياء المحذوفة ويقال فى نحو مررت بقاض جار ومجرور وعلامة جره كسرة مقدرة على الياء المحذوفة وفى نحو والفجر وليال عشر والفجر جار ومجرور وليال عاطف ومعطوف وعلامة جره فتحة مقدرة على الياء المحذوفة وانما قدرت الفتحة مع خفتها لنيابتها عن الكسرة ونائب الثقيل ثقيل ولهذا حذفت الواو فى يهب كما حذفت فى يعد ولم تحذف فى يوجل لان فتحة ليست نائبة عن الكسرة لان ماضيه وجل بالكسر فقياس مضارعه الفتح وماضيهما فعل بالفتح فقياس مضارعهما الكسر وقد جاء يعد على ذلك واما يهب فان الفتحة فيه عارضة لحرف الحلق۔

ومن هنا ايضا قال ابو الحسن فى يا غلامه يا غلام بحذف الالف وان كانت اخف الحروف لان اصلها الياء۔

ومن ذلك ان يبادر فى نحو المصطفين والاعلين الى الحكم بانه مثنى والصواب ان ينظر اولا فى نونه فان وجدها مفتوحة

ع ؎ لقصوره فهى ما عرفت ما قاله المص فان لا تنا د نو لو كان مضارعا (وهو خبر) لزم عطف الخبرية على الانشائية وذا لا يجوز نالحق عنه

كما في قوله تعالى ﴿وانهم عندنا لمن المصطفين الاخيار﴾ حكم بانجمع وفي الآية دليل ثانٍ وهو وصفه بالجمع وثالث وهو دخول من التبعيضية عليه بعد ﴿وانهم﴾ ومحال ان يكون الجمع من الاثنين وقال الاخفش ؎ تعلو عن الاثنين واستبق ودهو ولن تستطيع الحلو حتى تحلما ۰ ومن ذلك ان يعرب الياء والكاف والهاء في نحو غلامي اكرمني وغلامك اكرمك وغلامه اكرمه اعرابا واحدا وبعكس الصواب فليعلم انهن اذا اتصلن بالفعل كن مفعولات وان اتصلن بالاسم كن مضافا اليهن ويستثنى من الاول نحو ارأيتك زيدا ما صنع وابصرك زيدا فان الكاف فيهما حرف خطاب ومن الثاني نوعان نوع لا محل فيه لهذه الالفاظ وذلك نحو قولهم ذلك وتلك واياي واياك واياه فانهن احرف تكلم وخطاب وغيبة ونوع هي فيه في محل نصب وذلك نحو الضاربك والضاربه على قول سيبويه لانه لا يضاف الوصف الذي بال الى عارٍ منها ونحو قولهم لا عهد لي بالام قفا منه ولا اوضعه بفتح العين فالهاء في موضع نصب كالهاء في الضاربه الا ان ذاك مفعول وهذا مشبه بالمفعول لان اسم التفضيل لا ينصب المفعول اجماعا وليست مضافا اليها والا لخفض اوضع بالكسرة وعلى ذلك فاذا قلت مررت برجل ابيض الوجه لا احمره فان فتحت الراء فالهاء منصوبة المحل وان كسرتها فهي مجرورته ومن ذلك قوله "فان لكاحها مطر احرام" فيمن رواه بجر مطر فالضمير منصوب على المفعولية وهو فاصل بين المتضايفين۔

تنبيه۔ اذا قلت رويدك زيدا فان قدرت رويدا اسم فعل فالكاف حرف خطاب او قدرته مصدرا فهو اسم مضاف اليه ومحله الرفع لانه فاعل

(والثاني) ان يجري على لسانه عبارة اعتادها فيستعملها في غير محلها كان يقول في كنت وكانوا في الناقصة فعل وفاعل لما الف من قول ذلك نحو فعلت وفعلوا واما تسمية الاقدمين الاسم فاعلا والخبر مفعولا فهو اصطلاح غير مألوف وهو مجاز كتسميتهم الصورة الجميلة دمية والمبتدي انما يقوله على سبيل الغلط فلذلك يعاب عليه۔

(والثالث) ان يعرب شيئا طالبا لشئ ويهمل النظر في ذلك المطلوب كان يعرب فعلا ولا يتطلب فاعله او مبتدأ ولا يتعرض لخبره بل ربما مر به فاعربه بما لا يستحقه ونسي ما تقدم له **فان قلت** فهل من ذلك قول الزمخشري في قوله تعالى ﴿وطائفة قد اهمتهم انفسهم﴾ الآية قد اهمتهم صفة لطائفة ويظنون صفة اخرى او حال بمعنى قد اهمتهم انفسهم ظانين او استئناف على وجه البيان للجملة قبلها ويقولون بدل من يظنون فكانه نسي المبتدأ فلم يجعل شيئا من هذه الجمل خبرا له **قلت** لعله رأى ان خبره محذوف اي ومعكم طائفة صفتهم كيت وكيت والظاهر ان الجملة الاولى خبر وان الذي سوغ الابتداء بالنكرة صفة مقدرة اي وطائفة من غيركم مثل السمن منوان بدرهم اي منه او اعتماده على واو الحال كما جاء في الحديث "دخل عليه الصلاة والسلام وبرمة على النار"

وسألت كثيرا من الطلبة عن اعراب احق ما سأل العبد مولاه فيقولون مولاه مفعول فيبقى لهم المبتدأ بلا خبر والصواب انه الخبر والمفعول العائد المحذوف اي سأله وعلى هذا فيقال احق ما سأل العبد ربه بالرفع وعكس هذا ان مصابك المولى تبيين يذهب الوهم به الى ان المولى خبر بناء على ان المصاب اسم مفعول وانما هو مفعول والمصاب مصدر بمعنى الاصابة بدليل مجيء الخبر بعده ومن هنا اخطأ من قال في مجلس الواثق بالله في قوله ؎ اظلوم ان مصابكم رجلا ۰ اهدى السلام تحية ظلم ۰ فرفع رجلا

تنبيه قد يكون للشئ اعراب اذا كان وحده فاذا اتصل به شئ آخر تغير اعرابه فينبغي التحرز في ذلك من ذلك ما انت وما شأنك فانهما مبتدأ وخبر اذا لم تات بعدهما بنحو قولك وزيدا فان جئت به فانت مرفوع بفعل محذوف والاصل ما تصنع او ما تكون فلما حذف الفعل برز الضمير وانفصل وارتفاعه بالفاعلية او على انه اسم لكان وشأنك بتقدير ما يكون وما فيهما في موضع نصب خبرا ليكون او مفعولا لتصنع ومثل ذلك كيف انت وزيدا الا انك اذا قدرت تصنع كان كيف حالا اذ لا تقع مفعولا به وكذلك يختلف اعراب الشئ باعتبار المحل الذي يحل فيه وسألت طالبا ما حقيقة كان اذا ذكرت في قولك ما احسن زيدا فقال زائدة بناء منه على ان المثال المسئول عنه ما كان احسن زيدا وليس في السؤال تعيين ذلك والصواب الاستفصال فانها في هذا الموضع زائدة كما ذكر وليس لها اسم ولا خبر لانها قد جرت مجرى الحرف كما ان قل في قلما يقوم زيد لما استعملت استعمال ما النافية لم تحتج لفاعل

منها قول الفارسي والمحققين وعند ابي سعيد هي تامة وفاعلها ضمير الكون وعند بعضهم هي ناقصة واسمها ضمير ما والجملة بعدها خبرها وان ذكرت بعد فعل التعجب وجب الاتيان قبلها بما المصدرية وقيل ما احسن ما كان زيدٌ وكان تامةٌ واجاز بعضهم انها ناقصة على تقدير ما اسما موصولا وان ينصب زيد على انه الخبر اي ما احسن الذي كان زيدًا أورِدَ بان ما احسن زيدا مغن عنه

فصل (في ايضاح العلامة التي كتبت تحت الافعال والمشتقات في اشعار ابي الطيب وتعيين المراد بالالفاظ في الحاشية)

اعلم ان لابواب غير الثلاثي المجرد اوزانا مقررة عندهم والثلاثي المجرد وان سعوا في ضبطه ببيان قواعد وضوابط ولكن لاشك ان معرفتها خارجة عن ضبطهم واحصائهم بل الحق انها موقوفة على السماع - ثم اني سعيت ان أعلم كل فعل من المجرد الثلاثي بل ربما كتبت تحت مشتق منه وتركت الافعال المشهورة - فاذا رأيت تحت فعل وارد في شعر ابي الطيب ج فاعلم اني اردت به وجل يوجل اي مثالا واويا من سمع يسمع -

بيان العلامات

العلامة	اللفظ المراد بها	الباب الذي اريد بها	العلامة	اللفظ المراد بها	الباب الذي اريد بها
ن	نصر ينصر	الصحيح من مفتوح العين في الماضي ومضمومها في الغابر	ج	وجل يوجل	المثال الواوي منه
			خف	خاف يخاف	الاجوف الواوي منه
ق	قال يقول	الاجوف الواوي منه	ل	نال ينال	الاجوف اليائي منه
د	دعا يدعو	الناقص الواوي منه	ى	رضي يرضى	الناقص الواوي منه
ض	ضرب يضرب	الصحيح من مفتوح العين في الماضي ومكسورها في الغابر	خ	خشي يخشى	الناقص اليائي منه
			جى	وجى يوجى	اللفيف المفروق منه
ع	وعد يعد	المثال الواوي منه	حى	حيي يحيى	اللفيف المقرون منه
سر	يسر ييسر	المثال اليائي منه	ف	فتح يفتح	الصحيح من مفتوح العين فيهما
ب	باع يبيع	الاجوف اليائي منه	هب	وهب يهب	المثال الواوي منه
م	رمى يرمي	الناقص اليائي منه	عى	نعى ينعى	الناقص اليائي منه
و	وقى يقي	اللفيف المفروق منه	ك	كرم يكرم	الصحيح من مضموم العين فيهما
طو	طوى يطوي	اللفيف المقرون منه	سم	وسم يوسم	المثال الواوي منه
س	سمع يسمع	الصحيح من مكسور العين في الماضي ومفتوحها في الغابر	ح	حسب يحسب	الصحيح من مكسور العين فيهما
			مق	ومق يمق	المثال الواوي منه
يس	يئس ييأس	المثال اليائي منه	لى	ولي يلي	اللفيف المفروق منه

ثم اني ذكرت ما ذكرت في تعليق هذا مقتبسا عن الجهابذة الكرام والاساتذة العظام او الكتب المعتبرة والاساطير المحبرة واشرت الى اسماء الماخوذ عنهم تارة وتركت أخرى وان شئت تعيين المراد فعليك بهذا التفصيل -

تبيان الرموز

المرموز	المرموز اليه
شيخنا الانور	كنيت به عمن هو غني عن التلقيب والتكنية والتوصيف والتسمية المولى الهمام السيد المقدام مولانا ومولى الكل السيد انور شاه الكشميري صدر المدرسين بدار العلوم الديوبندية نور الله مرقده
الاستاذ	اردت به العلامة الفهامة الحبر الماهر والبحر الزاخر المولى العلام والشيخ القمقام

له لقد كرمت في المكرمات صفاته ، فما دخلت لا عليها ولا الا

المرموز	المرموز اليه
	مولانا حبيب الرحمن العثماني معين ناظم دار العلوم الديوبندية قدس الله سره
شيخ الادباء	اشرت به الى من تلمذت من لماظته مائدة الادبية اعني المولى السيد معز الدين -
القاموس	اومئت به الى القاموس المحيط للشيخ مجد الدين محمد بن يعقوب الفيروزآبادي رحمه الله تعالى
صحاح	رمزت به الى الصحاح للجوهري اللغوي المعروف
العرف	قصدت به العرف الطيب للشيخ ناصيف اليازجي اللبناني
الاقرب	لوحت به الى اقرب الموارد في فصح العربية والشوارد للعلامة سعيد الخوري الشرتوني اللبناني
تبيان	لمحت به الى شرح الديوان لابي الطيب للعلامة العكبري
الواحدي	اومضت به الى شرحه للعلامة ابي الحسن علي بن احمد بن محمد بن علي بن متويه الواحدي
النفحات	لحظت به الى نفحات الازهار على نسمات الاسحار في مدح النبي المختار شرح البديعية المزرية بالعقود الجوهرية لمؤلفها علامة الزمان ونادرة الوقت والاوان السيد عبد الغني النابلسي رحمه الله تعالى
خزينة الادب	نظرت به الى خزانة الادب وغاية الارب للعالم الاديب واللوذعي الاريب الشيخ تقي الدين ابي بكر علي المعروف بابن حجة الحموي رحمه الله تعالى
الوساطة	نبهت بها على الوساطة بين المتنبي وخصومه للعلامة ابي الحسن علي بن عبد العزيز الشهير بالقاضي الجرجاني
المستكفي بكفاية الله والعبد المسكين	هو المحشي ستر الله عيوبه في الآخرة كما سترها في الدنيا -

ك ولو ان لي في كل منبت شعرة ، لسانا يطيل الشكر فيه لقصرا ء ۲ قرأت عليه المقامات للحريري و الديوان لابي الطيب المتنبي وديوان الحماسة لابي تمام حبيب بن اوس الطائي والسبع المعلقات حين كان مشتغلا في تحصيل الحديث النبوي عن قطب العالم شيخ الهند مولانا محمود حسن قدس الله سره ولا ادري من حاله غير هذا ۱۲ منه غفر له

وهذه قصيدة انشأتها في الاستاذ الحبر الاجل المولى المفتي محمد كفايت الله افاض الله علينا من شآبيب فيوضه حين صار مسجونا في ملتان لما لم يخضع للحكومة المتسلطة على الهند وطلب الحرية وكتب الي في بعض مكاتيبه نسيتم اخاكم ابن التميمة

بكيت بكاء الطفل يعلو نشيجه ... ولا نفع فيه لا لغيري ولا ليا
دهاني خطب ما ابتليت بمثله ... وعيل له صبري فيا للدواهيا
وكنت حمولا للنوائب جمة ... صبورا جليدا للواجد من بوائيا
وكنت على عض النوازل راتقا ... برب قدير سوف يحسم ما بيا
وما كان ظني ان يدوم بمهجتي ... لجاج اذا عى الدهر تشعب راتيا
فقد بت ليلي ساهرا متقلبا ... وغير بكائي لم يكن لي مداويا
لكون اعز الناس فضلا ومنة ... على الخلق في سجن بملتان ثاويا
ونبئت عمن كان يأسر حبه ... قلوب الورى امسى بملتان عانيا
ووافيت من دان القلوب لفضله ... غدا عانيا عما قضى الرب راضيا
رأينا كسوف الشمس لكن لساعة ... وهذا ابيدوم العشر ثم الثمانيا
من الاشهر السود الحوالك لا ترى ... ضياء بها ترى الليالي الدواجيا
فلا وجد لي حتى صبرت لاجله ... ويمنعني منا سفوحا حياثيا
وحال المرور والشنآن بيننا ... فاين لقائي منه يا للفيافيا
لقد اسروه ثم آذوه بغضة ... فما لي لا ابكي عليه لياليا
وما ذاك الا في حماية دينه ... لاعلاء حق لم يبال العواليا
وفاز بما فاز الاحبة قبله ... من النائبات السود زرت اماكيا
تقوى الهدى والدين من فيض علمه ... وما زال مطارا علق الايادي
ذهبت الى مغناه للفيض طالبا ... وعدت حزينا اذ سمعت مناديا
الا ايها الطلاب قوموا تحولوا ... فقد خاننا الدهر الملم اما نيا
غدا شيخنا المظلوم ما سور عصبة ... ترى كل من يهدي الى الحق جانيا
فوالله يا من سجن يوسف سجنه ... لقد صار كالليل البهيم نهاريا
بليت بلاء مرة بعد مرة ... وحزت من الله العلي معاليا
وجاهدت في الله العلي مشمرا ... فادركت قربا تاما من الله عاليا
وكنت يواقيت العلوم نثرتها ... حقرت بما اليواقيت ثم لاليا
وكنت كشمس اشرق الارض نورها ... نغيتها امر من الله قاضيا
تحملت للدين القويم نوائبا ... متى رمين ولدانا اشبن النواصيا

وزنحوك استاذ انقيها محق ثنا
الا ابلغا من رام شيئا البطنه
وقولا لجمع افسد الهند مكرهم
تروننا لكم نقاد خوفا لظلمكم
ونحن ليوث لن نولي في الوغى
وان التي جربتموها وذقتموا
لعمري ماذا روز جود ابل سمنة
وهل يزين فينا غير جبن لشومكم
ولم نرض الا سند شا الجلود نا
سلبتم دثورا وانتزحتم علومنا
بقينا ذوي محل لشوم قيامكم
ترا صفر وجهي ثم عيناي غارتا
نهاري ليل والليالي كانها
نأت عن فؤادي راحتي ومسرتي
لطرت الى ملتان لو كنت طائرا
نسيتم اخانا ذخاه الدهر لم يكن
أأنسى الذي لولا محياه وبهو
أأنساكم في الاسر والقلب في شجى
أأنسى الذي اسقت غيوث كماله
أأنسى وحيد العصر علما وحكمة
وماضره سجن وغيظ عداته
الا ان مضطرا اذا ربه دعا
بخير الورى اعني النبي محمدا
ولا تجعلنا فتنة لعداتنا
اقول لمفتي الهند حلة عمره

فالقولد في سجن وسموك جانيا
ولو كان بونا من محاسن خاليا
تساد شياه بالذئاب ضواريا
وان كنتموا اهلكتمونا مساويا
ونحن كرام لا تخافون زاريا
من البطش والاقدام فينا كماهيا
بل الحق انتم ما عرفتم تساخيا
وهل اتتمونا الخير الا الملاهيا
وجئتم تنادون صار ذا الدهر عاريا
فسميتمونا معتدين ثم جانيا
سواري كانت محبسنا وغواديا
ولم احم من هو اليوم ذماريا
مصائب سود انتحى الدواهيا
وشتان ما بيني وبين رقاديا
ولكن قضاء الله قص جناحيا
بعرضة نسيان وكان معاديا
لما كنت ادري ما الحماقة ماهيا
تناهى ولكن لا اخال تناهيا
رياض العلوم الرائقات الخواليا
وفي ذكره الميمون كان شفائيا
لان له صيتا على الدهر باقيا
يلبيه فالمرجو رفع ندائيا
فدى قبره نفسي وعرضي وماليا
وكن حافظا للمسلمين ووالياً
واسمعته هذي القصيدة ثانيا

تقول لاعوان الحكومة مفصحا
بانا كرام لا تلين قلوبنا
تراها اذا ما جئت تطلب حالنا
وظلم ذوي السلطان ثم اذية
وقد ذقتمونا مرة بعد مرة
جبايا تكم تترى علينا وجوركم
كسبتم قبيحا واحدا بعد واحد
وكنا ملوكا ثم هدت عروشنا
وننكره شيئا غير مثني سواجع
عجزنا عن الكرباس فقرا وفاقة
لنا ما اتوكم مادحين لفعلكم
لجوفي ازيز كل آن كمرجل
نوائب دهري قد اسالت ادمعي
وتقبيل رجل الشيخ اقصى تمنيا
لعيني دموع كالندى ما تتابعت
فقلت مجيبا يا رجاء قلوبنا
أأنسى الذي لولاه ما هديت بهديه
أأنسى الذي انقادت ازمة طاعتي
أأنسى الذي اسقى الانام جميعهم
اضاء بسيط الارض كالشمس في الضحى
بقوسي سهم لو اصاب لاهلكوا
ومن جاره مستعطيا للعطاء
ترفق بنا اللهم رفقا يعيننا
وجنبهم من كل عاد ومكره
سقاك اله العالمين بفضله

منايا غدت للمسلمين امانيا
لظلم لئام لا نحب المخازيا
رجالا حيا غارا ونساء عواريا
كسا الخز شاة عيب اذ كان اعيا
فلم نجد دانينا ضعيفا وراهيا
حرون التهجي ان اتى المرء عانيا
ولم تعبأوا من ذم او كان هاجيا
وصرنا ارقاء وكنا مواليا
واقل امنا اذ ذاك صار توانيا
وكنا حقرنا المسك ثم الغواليا
ولم تعرفوا من كان منهم مراجيا
ومنقطع عن خفض عيشي رجائيا
وتجري الرزايا من عيون المآقيا
فيا ايها العواد هذا دوائيا
واستاذنا العلام ينشد شاكيا
رجاء جميع الخلق ورد رجائيا
لما كان لي وقت من الدهر صافيا
لمرضاته اذ لم يزل لي واقيا
كؤوسا من التقوى نميرا كنت ساقيا
ولا زال حرا آمرا ثم ناهيا
جميعا الاما ذاك الا دعائيا
يقول لك المسئول ثم رضائيا
لاحسن اعمال لي الخير هاديا
ولا تذرن يا رب من كان طاغيا
شراب رضاء منه عذبا وصافيا

وتم وكمل هذا التعليق والترجمة حين كنت مستظلا بظل خليفة الله في خليقته ارفع الملوك مكانا واعظم شانا واخمهم تدا وانبههم ذكرا ذي المنن الشامخة الذرى والبحر المحيط لجميع الورى حافظ الشريعة الهادية باسط الكلمة الباقية ممرح البلدان والاقطار محمو الاقاليم والامصار سلطان الاسلام والمسلمين ناشر بساط الجود في العالمين نظام الملك مشكور الانام من العرب والعجم والترك مروي الكرام والاخيار مردي الطغاة والبغاة والكفار نظام الدولة محي الملة والدين النواب مير سر **عثمان علي خان** بهادر جي سي ايس آئي جي سي بي اي سلطان حيدرآباد من البلاد الجنوبية اطال الله بقاءه وادام تمكينه ومهابته وبسطته وكبت اعداءه وحسن تائيده نصر جنوده وجيوشه واعوانه كما نصر بعطاياه من الاسلام اركانه هذا آخر ما تيسر لي من التعليق على ديوان ابي الطيب المسمى "بالسحاب الصيب" واسأل الله الذي من علي باتمامه في ثلاثة اعوام حتى كنت كاني في سهار لا نوم لي ولا راحة ولا قرار ان يدخلني بمحض فضله النعيم في الجنة ويجعل هذا التعليق من النار لي جنة وان ينبهني من نوم الغفلة قبل الارتحال ويوفقني لاخذ ليسير الزاد اذا قبل الانتقال ربنا تقبل منا انك انت السميع العليم اللهم آمين

انا المستكفي بكفاية الله
محمد اعزاز علي بن محمد مزاج علي من سكناء امروهه
من مضافات مراد آباد (بلدة من الهند)

صورة ما قرظه بقية السلف وعين أعيان الخلف الشيخ الحجة المسند الرحلة الأستاذ الأجل مولانا ومولى أعاظم السيد محمد أنور شاه الكشميري نور الله مرقده

بسم الله الرحمن الرحيم

الحمد لله الذي خلق الإنسان وعلمه البيان - فأفصح لسانه وبرع استهلاله على سائر الأكوان يعرب عما في ضميره خبرًا وخُبرًا ويتنفس كتنفس الصبح عينًا وأثرًا - يساجل وعدًا وإيعادًا ويمطر إبراقًا وإرعادًا على رؤس الأشهاد والأعيان يصور تعبيرًا ويعبر تصويرًا فيهالك في بيانه سمع الكيان - فإن شئت فعرف طيب وإن شئت فسحاب صيب وإن شئت فديوان وتبيان وإن شئت حقًا وآثرت صدقًا فالإنسان بأصغريه إما اللسان وإما الجنان - السحر من بيانه مسروق والشعر من جنانه مخلوق - حسامه وصدعًا كالصديع عند حابان - والصلوة والسلام على من أوتي القرآن آية ووحيًا يتلى على الأعصار والأزمان - لا يخلق عن كثرة الرد ولا تنقضي عجائبه فبأي آلاء ربكما تكذبان - أعجز البلغاء وأفحم الفصحاء من النوادي والبوادي من جماجم عدنان وقحطان - تركهم لا حراك بهم ولا دراك فأينما اقتضى الله قد كان - فسار نوره شرقًا وغربًا وطار صيته عجمًا وعُربًا وكان آخر آيات سبحان أي سبحان - إذا جاء سيل الله بطل سيل معقل فسرى في النفوس سرى الصبح المنير وجرى في الأوصال جري الماء النمير يهدي الأنام - ويشفي السقام - ويبين نهج زيغ الزائغين ويقطع دابرهم إن الباطل كان زهوقًا حتى ألقى الإسلام بجرانه ووطن في الأرض على الطول والعرض وكان بذلك محقوقًا - والحمد لله على ذلك أتم الحمد وأكمله - ثم إن من أخص ما يحتاج إليه الإنسان في فهم الحديث والتنزيل وأعون ما مست الحاجة إليه في التفسير والتأويل هو فن اللغة والأدب إذ به تعرف مزية حوار العرب وخصائص تراكيبهم وخواص أساليبهم وإن المرء إذا دخل عليهم كيف يرد ويصدر ويقدم ويؤخر ويعرف وينكر ويحذف ويذكر ويظهر ويضمر

	فصاغ ما صاغ من تبر ومن ذهب		وحاك ما حاك من وشي وديباج

وإن ديوان الشاعر المفلق أبي الطيب المتنبي من أبدع ما يفريه عبقري بل أعجب ما يرويه ويبريه أريحي وكان كما قال هو

	لبست بمشيتها الشمول وجردت		صنمًا من الأصنام لولا الروح

ومع إكباب الناس عليه لم يطبع إلى الآن كما يحلو ويجلو حتى أشار المولى المحقق العلامة حبيب الرحمن العثماني نائب الاهتمام بدار العلوم الديوبندية للعلامة اللوذعي والفهامة الألمعي المولوي إعزاز علي المدرس بدار العلوم بتحليته - وتحشيته فحشاه دام عزه كما يسر الناظر - ويفيد الكاتب والشاعر - آخذًا من اللغة عليها ونصيها ومن المقاصد أعلاها وأولاها لم يبرز في الوجود إلى الآن مثل ما كان محلى الغرر - ومحشى الطرر يأخذ من القلوب حبتها - ومن العيون سوادها كما قال أيضًا

	بدت قمرًا ومالت خوط بان		وفاحت عنبرًا ورنت غزالا

وبعد الفراغ من التحشية أفرغ مقدمة مبسوطة عليه تفيد وتجدي جدوى الربيع - وتبصر وتهدي هدي فرق الصديع - فصارت الحاشية خدمة كافلة للديوان وتحفة لأهل العلم والأدب ممن عُني بالبيان والتبيان

والحمد لله على ما يسر ووفق وأسدى بالجميل - وحسبنا الله ونعم الوكيل

محمد أنور عفا الله عنه

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وقال وقد امرہ سیف الدولۃ باجازۃ ابیات علی ہذا الوزن والروی اولہا

یالائمی کفّ الملام عن الذی ۔ اضناہ طول سقامہ وشقائہ

عَذْلُ العَوَاذِلِ حَوْلَ قَلْبِ التَّائِہِ ۔ وَہَوَی الْاَحِبَّۃِ مِنْہُ فِیْ سَوْدَائِہِ

العاذل واحد العذال والعذل - دجمع عاذلۃ عواذل - والتائہ المتحیر - وسویداء القلب الحبۃ السوداء فی جوفہ کانہا قطعۃ کبد دروی قلبی بالاضافۃ فیکون التائہ صفۃ لہ ولیس ببعید لانہ لایقال تاہ القلب - والروایۃ الجیدۃ اضافۃ القلب الی التائہ وقد عیب علی ابی الطیب قولہ التائہ والقصیدۃ مہموزۃ کلہا واعتذر لہ بانہ لم یرد التصریع لان الہاء فی القافیۃ اصلیۃ -

ترجمہ ملامت گر عورتوں کی ملامت عاشق متحیر کے دل کے گرد وپیش میں ہی اور معشوقوں کی محبت اسکے میں سویدا ر قلب میں تو ملامت کا اثر وہاں تلک نہیں پہنچ سکتا -

یَشْکُو الْمَلَامُ اِلَی اللَّوَائِمِ حَرَّہُ ۔ وَیَصُدُّ حِیْنَ یَلُمْنَ عَنْ بُرَحَائِہِ

الملام اللوم - واللوائم جمع لائمۃ - والبرحاء شدۃ الحرارۃ التی فی القلب من الحب ترجمہ ملامت ملامتگر عورتوں سے حرارت وسوزش قلب عاشق کی شکایت کرتی ہی اور جبکہ وہ ملامت کرتی ہین تو ملامت بباعث شدۃ سوزش قلب دل کے پاس جانے سے رکجاتی ہی - خلاصہ یہ ہی کہ ملامت دل تک نہیں پہنچ سکتی لہذا محض بیکار ہی -

وَبِمُہْجَتِی یَا عَاذِلِی الْمَلِکُ الَّذِی ۔ اَسْخَطْتُ کُلَّ النَّاسِ فِیْ اِرْضَائِہِ

الباء متعلقۃ بمفدی المحذوف - واراد بالملک سیف الدولۃ - ترجمہ اے ملامت گر میری جان قربان ہی اُس بادشاہ پر کہ اُسکے راضی رکھنے کی غرض سے مینے سب لوگون کو جو مجکو بلاتے ہین ناخوش کیا ہی اور اسکی خدمت کو مقدم سمجھا ہی -

اِنْ کَانَ قَدْ مَلَکَ الْقُلُوْبَ فَاِنَّہُ ۔ مَلَکَ الزَّمَانَ بِاَرْضِہٖ وَسَمَائِہٖ

ترجمہ اگر وہ بادشاہ سب لوگون کے دلونکا مالک ہوگیا ہی تو کیا عجب ہی کیونکہ وہ زمانہ کا اُسکے آسمان وزمین سمیت مالک ہوگیا ہی - زمانہ کے مالک ہونیکا یہ مطلب ہی کہ وہ اُسکی مُراد کے موافق کام کرتا ہی -

اَلشَّمسُ مِن حُسَّادِہٖ وَالنَّصرُ مِن	قُرَنَائِہٖ وَالسَّیفُ مِن اَسمَائِہٖ

ترجمہ آفتاب منجملہ اُسکے حاسدون کے ہی کیونکہ آفتاب سے اُسکا فیض زیادہ اور مشہور ہی اور فتح اُسکے ساتھیون سے اور سیف منجملہ اُسکے نامونکے ہی کیونکہ اُسکا لقب سیف الدولہ ہی۔

اَینَ الثَّلَاثَۃُ مِن ثَلَاثِ خِلَالِہٖ	مِن حُسنِہٖ وَاِبَائِہٖ وَمَضَائِہٖ

الخلال جمع خلۃ الخصلۃ۔ والاباران یابی الذل فلا یرضاہ ترجمہ تینون مذکورہ بالا یعنی آفتاب اور فتح وتلوار اُسکی تین خصلتون سے کیا نسبت رکھتی ہین یعنے کچھ نہین۔ آفتاب کو اُسکے حُسن سے اور فتح ونصرت کو اُسکی عزت طلبی و انکار ذلت سے اور تلوار کو اُسکی تیزی سے۔

مَضَتِ الدُّھُورُ وَمَا اَتَینَ بِمِثلِہٖ	وَلَقَد اَتٰی فَعَجَزنَ عَن نُظَرَائِہٖ

النظراء جمع نظیر وہو المثل۔ ترجمہ زمانے بہت سے گذرے اور ممدوح کی مثل نہ لاسکے اور اب جو وہ آگیا ہی تو اُسکے امثال کے لانے سے وہ بالکل عاجز ہین۔

واستزادہ فقال

اَلقَلبُ اَعلَمُ یَا عَذُولُ بِدَائِہٖ	وَاَحَقُّ مِنکَ بِجَفنِہٖ وَبِمَائِہٖ

ضمیر مائہ یعود الی الجفن وقیل الی القلب وفیہ بعدٌ ترجمہ ای جاہل ملامت گر دل اپنے درد کو خوب جانتا ہی پس تو باوجود جہالت کیون اُسکے سرہورہا ہی اور وہ اپنی پلکون اور اُسکے پانے کا تجھسے زیادہ حقدار وسزاوار ہی۔ خوب کہا ہی ؎

نمی دانم زمنع گریہ مطلب چیست ناصح را ✦ دل از من دیدہ از من آستین از من کنار از من

فَوَمَن اُحِبُّ لَاَعصِیَنَّکَ فِی الھَوٰی	قَسَمًا بِہٖ وَبِحُسنِہٖ وَبَھَائِہٖ

الفاء للتعقیب علی ما تقدم۔ والواو للقسم۔ ومن فی موضع خفض ترجمہ سو محبوب کی قسم ای ملامت گر در باب محبت بیشک تیری نافرمانی کرونگا۔ مین محبوب اور اُسکے حسن وجمال کی قسم کھاتا ہون۔

اَاُحِبُّہٗ وَاُحِبُّ فِیہِ مَلَامَۃً	اِنَّ المَلَامَۃَ فِیہِ مِن اَعدَائِہٖ

الاستفہام للانکار۔ ترجمہ یہ کب ہوسکتا ہی کہ مین محبوب کو بھی پسند کرون اور اُسکی محبت کے بارہ مین ملامت کو بھی اُسکی محبت کے معاملہ مین ملامت اُسکی دُشمن ہی پھر اجتماع ضدین کسطرح ہوسکتا ہی۔

عَجِبَ الوُشَاۃُ مِنَ اللُّحَاۃِ وَقَولِھِم	دَع مَا نَرَاکَ ضَعُفتَ عَن اِخفَائِہٖ

الوشاۃ جمع واش وہو الذی یحرف الکذب ویمقہ۔ واللحاۃ جمع للاح وہو الذی یزجر عن الاشیاء ویغلظ القول ترجمہ میرے پاس دوقسم کے لوگ جمع ہین ایک سا چغلخور اور دوسرے ملامت گر۔ سو ملامت گر مجکو کہتے ہین کہ تو اپنے عشق کو چھپا نہین سکتا تو اُسکو چھوڑ دے اور چغلخور اُنکے اس قول سے تعجب کرتے ہین اور کہتے ہین کہ جب یہ شخص اپنے عشق کے

اخفا پر قادر نہین تو اُسکو کیسے چھوڑ سکتا ہی الغرض وہ اُس کو تکلیف مالایطاق سمجھ کر اُن کے اس کہنے پر کہ عشق چھوڑ دے تعجب کرتے ہین۔

مَا الْخِلُّ اِلَّا مَنْ اَوَدُّ بِقَلْبِهٖ	وَاَرٰى بِطَرْفٍ لَا يَرٰى بِسَوَائِهٖ

سوٰی اذا قصرتہ کسرتہ واذا مددتہ فتحتہ۔ والخل الخلیل والصدیق ترجمہ نہین ہی دوست مگر وہ شخص جسکو مین اُس کے دل سے اُسکو دوست رکھون اور اُس آنکھ سے دیکھون کہ وہ دوست نہ دیکھے سوا اس آنکھ کے یعنی میرا دل اور آنکھ اسکا دل اور آنکھ ہو۔ خلاصہ یہ کہ دوست وہ ہی جو ہر شے مین میرا موافق ہو۔

اِنَّ الْمُعِيْنَ عَلَى الصَّبَابَةِ بِالْاَسٰى	اَوْلٰى بِرَحْمَةِ رَبِّهَا وَاِخَائِهٖ

الصبابۃ رقۃ الشوق۔ واراد علی ذے الصبابۃ فحذف المضاف۔ والاسیٰ الحزن۔ والاخاء الاخوۃ والمجرور فی ربہا للصبابۃ وفی اخائہ للرب ای رحمتی واخائی۔ ترجمہ جو شخص باوجود میرے عشق کے یا باوجود اُس حالت عشق کے جو مجھ پر طاری ہی ملامت کرکے میرے غم کی مدد کرتا ہی اور اُسکو بڑھاتا ہی اُسکو لائق و سزاوار یہ ہی کہ وہ مجھ پر رحم کرے اور مجھ سے بھائی چارہ برتے یعنی میرے اس غم سے رہائی کی کوئی تدبیر نکالے اور میری غمخواری کرے نہ یہ کہ وہ ملامت کرکے میرے غم کو اور بڑھا دے۔

مَهْلًا فَاِنَّ الْعَذْلَ مِنْ اَسْقَامِهٖ	وَتَرَفُّقًا فَالسَّمْعُ مِنْ اَعْضَائِهٖ

اراد بالسمع آلۃ السمع ترجمہ ای ملامت گر ملامت کرنا چھوڑ دے کیونکہ ملامت منجملہ اسباب اُسکے بیماریون کی ہی۔ اور میرا ضعف دیکھکر سخت گفتگو درباب منع عشق نکر آخر کان بھی اعضا مین سے ہی اُس پر ایسا بوجھ مت رکھ جس کو وہ اُٹھا نہ سکے۔

وَهَبِ الْمَلَامَةَ فِي اللَّذَاذَةِ كَالْكَرٰى	مَطْرُوْدَةً بِسُهَادِهٖ وَبُكَائِهٖ

ہب بمعنی سلم تیعدی الی مفعولین یقال ہب زیدا منطلقا۔ والسہاد الارق والملامۃ اول مفعولے ہب والثانی مطرودۃ ترجمہ ملامت کو جو تیرے نزدیک مثل خواب شیرین لذیذ ہی بسبب عاشق کی بیخوابی وگریہ کے متروک کردے یعنی عاشق کی گریہ وبیخوابی پر رحم کرکے اُس سے درگزر اور ملامت اور بیخوابی کی دُہری مصیبت اُس پر مت ڈال۔ یا یہ معنی ہین کہ تو یہ مان لے کہ ملامت گری مین تجکو مثل خواب شیرین نہایت مزہ آتا ہی مگر جب عاشق کی بیماری و گریہ دائمی کے سبب تو نے سونا چھوڑ دیا ہی ایسا ہی ملامت کو جو تیرے نزدیک لذیذ ہی ترک کردے غرض جیسا ایک لذیذ کو تو نے چھوڑا ہی ایسا ہی دوسرے کو چھوڑ دے۔

لَا تَعْذِلِ الْمُشْتَاقَ فِي اَشْوَاقِهٖ	حَتّٰى تَكُوْنَ حَشَاكَ فِي اَحْشَائِهٖ

اتی الاشواق بصیغۃ الجمع لاختلاف انواعہ۔ ومعنی قولہ فی احشائہ ان یکون قلبک فی قلبہ ای تحب مثل ما یحب ترجمہ

ای ناصح تو عاشق مشتاق کو درباب اُسکے اشواق کے ہرگز معذور نہین سمجھے گا جب تلک کہ تیرا دل اُسکے دل مین نہو یعنی تو مریض محبت نہو سچ ہی سہ تا ترا حالے نباشد ہمچو من ٭ حال من باشد ترا افسانہ پیش ٭ چونکہ عاشق کو کبھی شوق مکالمت معشوق اور کبھی آرزوئے بوس وکنار وغیرہ وغیرہ ہوتے ہین لہذا اشوق بصیغہ جمع لایا۔

إِنَّ الْقَتِيلَ مُضَرَّجًا بِدُمُوعِهِ	مِثْلُ الْقَتِيلِ مُضَرَّجًا بِدِمَائِهِ

المضرج المتلطخ بالدم ترجمہ بیشک عاشق جبکہ وہ اپنے خونی آنسوؤن مین لت پت ہو مثل مقتول کے ہی جبکہ وہ اپنے خونون مین لتھڑا ہو۔ یعنی سرشکہائے عاشق خون مقتول کے برابر ہین۔

وَالْعِشْقُ كَالْمَعْشُوقِ يَعْذُبُ قُرْبُهُ	لِلْمُبْتَلَى وَيَنَالُ مِنْ حَوْبَائِهِ

المبتلی العاشق الذی بلی بالحب۔ والحوباء النفس وجمعہا حوباوات ترجمہ عاشق کو قرب عشق ایسا ہی محبوب ہی جیسا قرب معشوق باوجودیکہ عشق دشمن جان عاشق ہی مگر باایں ہمہ مرغوب ہی۔

لَوْ قُلْتَ لِلدَّنِفِ الْحَزِينِ فَدَيْتُهُ	مِمَّا بِهِ لَأَغَرْتَهُ بِفِدَائِهِ

ای بفدائک ایاہ مضاف الی الفاعل۔ والدنف الشدید المرض ترجمہ اگر تو عاشق زار سے کہے کہ جو تجھکو رنج واندوہ ہی مین اُسپر قربان ہوجاؤن یعنی کاش یہ مصائب بجائے تیرے مجھکو ملجاوین تو تو اُسکو اس فدا ہونے پر غیرت دلائیگا الغرض غیرت عشق اُسکو اس امر کی اجازت نہین دیتی کہ معشوق مین اُسکا کوئی شریک ہو۔

وُقِيَ الْأَمِيرُ هَوَى الْعُيُونِ فَإِنَّهُ	مَا لَا يَزُولُ بِبَأْسِهِ وَسَخَائِهِ

ترجمہ ممدوح کو دعائے خیر دیتا ہی کہ امیر سیف الدولہ چشمہائے سرگین کی محبت سے بچایا جاوے کیونکہ یہ وہ درد لاعلاج ہی کہ رعب اور ہیبت امیر اور اُسکے سخاوکرم سے نہین جاتا۔ سخی وغیر سخی کو ایک بھاؤ خریدتا ہی۔

يَسْتَأْسِرُ الْبَطَلَ الْكَمِيَّ بِنَظْرَةٍ	وَيَحُولُ بَيْنَ فُؤَادِهِ وَعَزَائِهِ

یستاسر یجعلہ فی الاسر والوثاق۔ والبطل الشجاع الذی تبطل عندہ دماء الاعداء او الابطال لشجاعتہ۔ والکمی المستتر بسلاحہ والعزاء الصبر ترجمہ وہ محبت دلیر وسلح شخص کو پہلی ہی نظر مین قید کرلیتی ہی اور اُسکے دل اور صبر مین حائل ہوجاتی ہی یعنی صبر بھی نہین رہتا کہ اُسکے آسرے سے بیٹھا رہے۔

إِنِّي دَعَوْتُكَ لِلنَّوَائِبِ دَعْوَةً	لَمْ يُدْعَ سَامِعُهَا إِلَى أَكْفَائِهِ

النوائب جمع نائبۃ وہی الشدائد۔ والکفو المماثل والمراد بالسامع الممدوح ترجمہ بیشک مینے تجھکو دفع مصائب کے لئے پکارا۔ اور اُس پکار کا سننے والا یعنی تو کبھی اپنے ہمسرون کی طرف لڑائی کے لئے نہین پکارا گیا کیونکہ تیرا کوئی ہمسر ہی نہین ہی بلکہ تو سب سے فائق ہی۔

فَأَتَيْتَ مِنْ فَوْقِ الزَّمَانِ وَتَحْتِهِ	مُتَصَلْصِلًا وَأَمَامِهِ وَوَرَائِهِ

المتصلصل الذی لہ صلصلۃ وحفیف واصلہ الصوت ومنہ الصلصال الطین الذی لہ صوت ترجمہ سو تو میری حمایت کے لئے ہر طرف سے گونجتا آیا۔ زمانہ کے اوپر اور تلے اور آگے اور پیچھے سے ملاقی ہے تو میری ہر طرف سے سپر ہو گیا اور مجکو تیرے آگے حوادث زمانہ کا کچھ خوف نہ رہا۔

مَنْ لِلسُّيُوْفِ بِاَنْ تَكُوْنَ سَمِيَّهَا	فِيْ اَصْلِهٖ وَفِرِنْدِهٖ وَوَفَائِهٖ

الضمیر فی تکون للسیوف۔ والتقدیر من للسیوف بان یکون سیف الدولۃ لانہ سمیہا ترجمہ رسمی تلوارون کے لئے کون ضامن ہو سکتا ہی کہ وہ تلوارین مثل اپنے ہمنام سیف الدولہ کے ہو جاوین اُسکی اصل اور اُسکے جوہر اور اُسکے وفا عہد مین سے یہ خوبیان ممدوح ہی مین منحصر ہین اور مین نہین پائی جاتی ہین۔

طُبِعَ الْحَدِيْدُ فَكَانَ مِنْ اَجْنَاسِهٖ	وَعَلِيٌّ الْمَطْبُوْعُ مِنْ اٰبَائِهٖ

علی سیف الدولۃ وہو علی بن ابی الہیجاء بن حمدان التغلبی۔ والمطبوع المصنوع۔ والضمیر فی کان للحدید ترجمہ لوہا بنایا گیا سو وہ اپنے جنس کے اقسام سے بنا اگر وہ اچھی ہی تو وہ بھی اچھا ہوا اور اگر بُری ہی تو وہ بھی بُرا ہوا۔ اور میرا ممدوح علی اپنے آبا پر بنایا گیا جیسے وہ اچھے اور شریف تھے ایسے ہی وہ بھی خالص اور عمدہ بنا۔ یعنی لوہا اجناس مختلف سے بنتا ہی مثل فولاد کے اور میرا ممدوح اور اُسکے آبا خالص ایک قسم کے ہین پس تلوار کو سوائے مشارکت اسمی کوئی اور فضیلت حاصل نہین ہی۔

وبلغ محمد بن اسحاق ان ابا الطیب ہجاہ فعاتبہ محمد بن اسحاق فقال

اَتُنْكِرُ يَا ابْنَ اِسْحَاقٍ اِخَائِيْ	وَتَحْسِبُ مَاءَ غَيْرِيْ مِنْ اِنَائِيْ

ثانی مفعولی تحسب محذوف ای جاریاً او ماخوذاً وبہ یتعلق الجار ترجمہ ای ابن اسحاق کیا تو میرے بھائی ہونے کا انکار کرتا ہی اور غیر کا پانی میرے برتن کا سمجھتا ہی یعنی کلام غیر اور میرے کلام مین تمیز نہین کرتا ہی سو ایسا نہونا چاہیئے

اَاَنْطِقُ فِيْكَ هُجْرًا بَعْدَ عِلْمِيْ	بِاَنَّكَ خَيْرُ مَنْ تَحْتَ السَّمَاءِ

الہجر القبیح من الکلام والفحش۔ واہجر اذا ہذی وہو مایقولہ المحموم عند الحمی ترجمہ کیا مین تیرے حق مین بُرا کلمہ بولوں بعد اسکے کہ مین تجکو تیرے زمانہ کے ساری دُنیا سے بہتر جانتا ہون۔

وَاَكْرَهُ مِنْ ذُبَابِ السَّيْفِ طَعْمًا	وَاَمْضٰى فِي الْاُمُوْرِ مِنَ الْقَضَاءِ

اکرہ وامضی معطوفان علی خیر ان فی البیت السابق ترجمہ اور بعد اسکے کہ مین نے تجکو جان لیا کہ تو دشمن کے واسطے تلوار کی دھار سے بھی زیادہ مکروہ ہی اور تمام امور مین قضا و قدر سے زیادہ تو چلتا ہی۔ نعوذ باللہ من مثل ہذہ المبالغۃ۔

وَمَا اَرِبَتْ عَلَى الْعِشْرِيْنَ سِنِّيْ	فَكَيْفَ مَلِلْتُ مِنْ طُوْلِ الْبَقَاءِ

اریتُ زادت ۔ وملت وسئمتُ ترجمہ اور حال یہ ہی کہ میری عمر بیس برس سے زیادہ نہین ہوئی تو اب کیسے
مین درازی عمر سے تنگ دل ہوگیا ۔ یعنی تیری ہجو کرنا عین مرگ ہی تو مین ایسا کام کیون کرتا ۔

وَمَا اسْتَغْرَقْتُ وَصْفَكَ فِي مَدِيحِي ۔۔۔ فَأَنْقُصَ مِنْهُ شَيْئًا بِالْهِجَاءِ

ترجمہ اور مین نے تیری تعریف کا اپنی مدح مین احاطہ نہین کیا کہ اب اُسین سے ہجو کرکے کچھ گھٹا دون یعنی ابتلک
تیری پوری تعریف نہین کر چکا بالفعل تو مجکو اُسکا اتمام لازم ہی نہ ہجو کرنا ۔

وَهَبْنِي قُلْتُ هٰذَا الصُّبْحُ لَيْلٌ ۔۔۔ أَيَعْمَى الْعَالَمُونَ عَنِ الضِّيَاءِ

ترجمہ اور تو یہ مان لے کہ مینے کہا یہ صبح رات ہی کیا اہل دنیا صبح کی روشنی سے اندھے ہوجائین گے اور میرا کہا مان لینگے
یعنی بالفرض اگر مینے تیری ہجو کہی تو اُسکو کوئی نہین مانے گا بلکہ مجکو جھوٹا کہین گے ۔

تُطِيعُ الْحَاسِدِينَ وَأَنْتَ مَرْءٌ ۔۔۔ جُعِلْتُ فِدَاءَهُ وَهُمْ فِدَائِي

ترجمہ تو حاسدون کی اطاعت کرتا ہی حال آنکہ تو ایک مرد سزاوار اس بات کا ہی کہ مین تیرے قربان ہون اور
حاسد میرے قربان ہون ۔

وَهَاجِي نَفْسِهِ مَنْ لَمْ يُمَيِّزْ ۔۔۔ كَلَامِي مِنْ كَلَامِهِمُ الْهُرَاءِ

یمیز یفرق ۔ والہراء بضم الہاء ہو الکلام الخطاء ترجمہ اور اپنے نفس کا ہجو کرنیوالا وہ شخص ہی جو میرے کلام اور
اُنکے لغو اور جھوٹے کلام مین فرق نکرے پس تو خود اپنی ہجو کرتا ہی ۔

وَإِنَّ مِنَ الْعَجَائِبِ أَنْ تَرَانِي ۔۔۔ فَتَعْدِلَ بِي أَقَلَّ مِنَ الْهَبَاءِ

الہباء شئی یلوح مثل الذر فی شعاع الشمس ترجمہ اور بیشک منجملہ تعجبات یہ امر ہی کہ تو مجکو اور میرے عمدہ کلام کو دیکھتا
ہی کہ وہ آفتاب کے مانند روشن ہین اسپر تو مجکو اُس شخص کے برابر کرتا ہی جو ذرہ سے بھی کمتر ہی ۔

وَتُنْكِرُ مَوْتَهُمْ وَأَنَا سُهَيْلٌ ۔۔۔ طَلَعْتُ بِمَوْتِ أَوْلَادِ الزِّنَاءِ

اراد باولاد الزنا البہائم والعرب تقول اذا طلع سہیل وقع الوباء فی البہائم ترجمہ اور تو حاسدون کی موت کا انکار
کرتا ہی حال آنکہ مین سہیل ہون کہ مین بہائم اولاد زنا کی موت لیکر آیا ہون ۔

وقد ترجم ہذا الشعر النظامی فی قصیدتہ الفخریۃ حیث قال ؎ ولد الزناست حاسدم آنکہ طالعم + ولد الزنا کش آمد چو ستارہ یمانی

وقال یمدح ابا علی ہارون بن عبد اللہ الکاتب

أَمِنَ ازْدِيَارَكِ فِي الدُّجَى الرُّقَبَاءُ ۔۔۔ إِذْ حَيْثُ كُنْتِ مِنَ الظَّلَامِ ضِيَاءُ

ویروی انت من الظلام ضیاء فیکون مبتداً و خبراً ۔ والروایۃ المشہورۃ اذ حیث کنت فیکون ضیاءٌ مبتدءاً و خبرہ حیث

وتقدیرہ الضیاء حیث کنت مستقرا وہو العامل فی حیث۔ واذظرف للامن تقدیرہ امنوا ذاک اذکنت بہذہ الصفۃ والازدیار افتعال من الزیارۃ اما مضاف الی الفاعل ای ازدیارک ایای اوالی المفعول ای ازدیاری ایاک والدجیۃ ظلمۃ اللیل۔ والرقباء جمع رقیب کشرفاو شریف ترجمہ تیرے رقیبون کو یہ خوف نہین رہا کہ تو ای محبوبہ اُن سے شب تاریک مین چھپکر مجھ سے ملے یا مین تجھ سے اسیطرح ملاقات کرون کیونکہ تو جس جگہ ہوگی وہان بسبب تیرے نور جمال کے بجائے تاریکی کے روشنی ہوگی یعنی جیسا کوئی آفتاب سے تاریکی مین ملاقات نہین کرسکتا ایسا ہی تجھ سے نہین مل سکتا۔

وَمَسِيرُهَا فِي اللَّيْلِ وَهِيَ ذُكَاءُ	قَلَقُ الْمَلِيحَةِ وَهِيَ مِسْكٌ هَتْكُهَا

قلق مبتدء وخبرہ ہتکہا۔ ومسیرہا عطف علیہ وخبرہ محذوف للعلم بہ۔ والواوان فی وہی للحال۔ وذکاء اسم للشمس معرفۃ لاینصرف۔ دارا والقلق الحرکۃ ترجمہ محبوبہ ملیحہ کی حرکت حال آنکہ وہ مشک ہی اور اُسکی شب مین رفتار جبکہ وہ آفتاب ہی اُسکا پردہ فاش کرتے ہین۔ یعنی اُسکی حرکت ورفتار بسبب اُسکی بوئی خوش ونور چہرۂ تابانکے چھپی نہین رہتین سبکو معلوم ہوجاتے ہین۔

عَنْ عِلْمِهِ بِهِ عَلَيَّ خَفَاءُ	أَسَفِي عَلَى أَسَفِي الَّذِي دَلَّهْتَنِي

خفاء مبتدء مقدم علیہ خبرہ وہو الجار والمجرور۔ وحرف الجر الاول متعلق بالاسف وحرفا الجر الاخران متعلقان بخفاء۔ والاسف الحزن۔ والمدلہ الذی ذہب عقلہ ترجمہ مجکو رنج اُس غم کے جاتے رہنے کا ہی جسکے ادراک لذت سے مجکو تونے غافل ومدہوش کردیا ہی کہ اُس غم کی کیفیت مجپر پوشیدہ ہوگئی ہی۔ یعنی مجکو بسبب شدت صدمات محبت والام فراق یہ معلوم نہین رہا کہ غم عشق کیا چیز ہی۔ عاشق لوگ غم ودرد عشق کو نہایت عزیز ولذیذ سمجھتے ہین اب چونکہ بسبب مصائب محبت وتکالیف فرقت اُسکو اُسکا ادراک نہین رہا لہذا اُسکی یاد مین کف افسوس ملتا ہی۔ واقعی درد عشق بڑے مزے کی چیز ہی۔ **ذوق** ؎ درد دل سے عجب ایک لطف ہی حاصل ہوتا + سر سے لے پانو تلک کاشکے مین دل ہوتا + وللہ در القائل ؎ درد ہی جانکے عوض ہر رگ وپے مین ساری + چارہ گر ہم نہین ہونے کے جو درمان ہوگا +

قَدْ كَانَ لَمَّا كَانَ لِي أَعْضَاءُ	وَشَكِيَّتِي فَقْدُ السَّقَامِ لِأَنَّهُ

الشکیۃ والشکوی والشکایۃ بمعنی مصدر اشتکی ترجمہ مجکو جسمانی بیاری کے جاتے رہنے کا شکوہ ہی کیونکہ وہ بیاری اُسوقت تلک تھی جب تلک میرے اعضا باقی تھے جب بسبب صدمات محبت میرے اعضا گھل گئے تو بیاری بھی جاتی رہی کیونکہ وجود حال بے محل کے ناممکن ہی۔ شارح عکبری لکھتے ہین کہ شاعر اعضا طلب کرتا ہی نہ بیاری سترجم کہتا ہی کہ یہ امر خلاف شان عشق ہی۔ ظاہر یہ ہی کہ وہ بیاری ودرد عشق طلب کرتا ہی جیسا کہ شعر سابق کے

شرح مین گذرا۔

مَثَلَتْ عَيْنُكِ فِي حَشَايَ جِرَاحَةً ۔۔۔ فَتَشَابَهَا كِلْتَاهُمَا نَجْلَاءُ

النجلاء الواسعۃ۔ وطعنۃ نجلاء واسعۃ ترجمہ جبکہ تونے میرے تیر نظارہ مارا تو تونے مانند اپنی چشم فراخ کے میرے اعضائے باطن مین ایک کشادہ زخم لگا دیا اب تیری چشم اور میرا زخم دونون ایک کیڈیکے فراخ ہین۔

نَفَذَتْ عَلَيَّ السَّابِرِيَّ وَرُبَّمَا ۔۔۔ تَنْدَقُّ فِيهِ الصَّعْدَةُ السَّمْرَاءُ

الصعدۃ القناۃ التی تنبت معتدلۃ فلا تحتاج الی التقویم۔ والسابری الدرع العظیمۃ التی لاینفذہا شئ وقیل الثوب الرقیق۔ ترجمہ وہ آنکھ میرے جسم مین مضبوط زرہ کو توڑکر نفوذ کرگئی باوجودیکہ اکثر اُس زرہ مین گندم گون بار سیدھے نیزے ٹوٹ جاتے تھے۔ حاصل یہ ہی کہ وہ زرہ نیزون سے جسم کی حفاظت کرتی تھی مگر تیر نظر کو روک نہ سکی۔

أَنَا صَخْرَةُ الْوَادِي إِذَا مَا زُوحِمَتْ ۔۔۔ وَإِذَا نَطَقْتُ فَإِنَّنِي الْجَوْزَاءُ

خص صخرۃ الوادی لصلابتہا بما یرد علیہا من السیول ترجمہ مین استحکام وثبات مین نالہ کا پتھر ہون جبکہ وہ سیل سے مقابلہ کیا جاوے کہ رَو اُس سے ہزارون ٹکرین کھاوے مگر وہ اپنی جگہ سے نہین ہلتا۔ اور جب مین گفتگو کرتا ہون تو بلند گفتاری مین مثل جوزا برج کے رفیع منزلت رہتا ہون۔ یا یہ مطلب ہی کہ جو شخص جوزا کے طالع مین پیدا ہوتا ہی وہ بڑا گویا ہوتا ہی مین خود جوزا ہون میری بلند گفتاری کا کیا کہنا ہی۔

وَإِذَا خَفِيتُ عَلَى الْغَبِيِّ فَعَاذِرٌ ۔۔۔ أَنْ لَا تَرَانِي مُقْلَةٌ عَمْيَاءُ

اَن فی موضع نصب علی حذف الخافض ای فی ترجمہ اور جبکہ میری قدر و منزلت کودن جاہل پر پوشیدہ رہے تو مین اُسکو اس بات مین معذور سمجھتا ہون کہ کوئی چشم کور مجھے نہ دیکھے۔ یعنی وہ نادان اور مثل اندھے کے نہ دیکھنے مین معذور ہی۔

شِيَمُ اللَّيَالِي أَنْ تُشَكِّكَ نَاقَتِي ۔۔۔ صَدْرِي بِهَا أَفْضَى أَمِ الْبَيْدَاءُ

اَن فی موضع رفع خبر المبتدأ وحذف ہمزۃ الاستفہام من صدری دل علیہا ام البیداء وہی الارض الواسعۃ وسمیت بیداء لان من سلکہا باد وہلک۔ والشیمۃ العادۃ۔ والفضی اوسع۔ والضمیر فی بہا للیالی ترجمہ راتون کی خصلتین یہ ہین کہ وہ میری ناقہ کو اس شک مین ڈالتی ہین کہ اُن راتون مین میرا سینہ زیادہ وسیع ہی یا میدان وصحرائے لق ودق یعنی راتون کو سفر کرتا ہون یعنی جو مین راتون کو جنگلہائے دور ودراز ودشوار گذار مین ہمیشہ سفر کرتا ہون تو میری ناقہ میری جرأت وہمت وجفاکشی ودوری منزل مقصود کو دیکھکر شک مین پڑجاتی ہی کہ میرا سینہ زیادہ وسیع وکشادہ ہی یا یہ میدان بے آب ودانہ۔ غرض زمانہ مجکو ہمیشہ اسی چکر مین رکھتا ہی۔

فَتَبِيتُ تُسْئِدُ مُسْئِدًا فِي نَيِّهَا ۔۔۔ إِسْئَادَهَا فِي الْمَهْمَهِ الْإِنْضَاءُ

مسئدا حال من الناقۃ۔ واسئادہا منصوب علی المصدریۃ والناصب لہ تسئد وہو اسم فاعل ومفاعلہ الانضاء۔ والإسئاد

اسراع السیر فی اللیل خاصۃ- والنی الشحم والملمۃ الارض الواسعۃ البعیدۃ والفضاء ہنرلہ- والتقدیر البیت تبیت ہذہ الناقۃ تسند مسنداً الانضاء فی نیہا اسناداً مثل اسناداً فی الملمۃ ترجمہ سو وہ ناقہ ایسے حال مین شب گزارتی ہی کہ اُسکی چربی مین لاغری ایسی جلد اثر کرتی ہی جیسے وہ ناقہ اُس دشت ناپیدا کنار مین جلد دوڑتی ہی-

أَنْسَاعُهَا مَمْغُوطَةٌ وَخِفَافُهَا	مَنْكُوحَةٌ وَطَرِيقُهَا عَذْرَاءُ

الانساع سیور واحد ہا نسع وہو ما یشد بہ الرحل والمغط المد- وارادبالمنکوحۃ المنقوبۃ بالحصی- والعذراء التی لم تفتض والمراد ان طریقہا لم یسلکہا احد- والطریق یذکر ویونث ترجمہ اُس ناقہ کے کجاوے کے تسمے لنبے و دراز ہین یعنی وہ عظیم البطن ہی اور اُس کے موزے بسبب سنگریزون اور دشوار گزاری راہ کے زخمی ہین اور اُسکی راہ اچھوتی ہی جسمین پہلے کوئی نہین چلا-

يَتَلَوَّنُ الْخِرِّيتُ مِنْ خَوْفِ التَّوَى	فِيهَا كَمَا تَتَلَوَّنُ الْحِرْبَاءُ

الخریت الدلیل- والتوی الہلاک- والحرباء دابۃ تدور مع الشمس کیف ما دارت تتلون فی الیوم الوانا کثیرۃ- ترجمہ راہ کی دشوار گذاری بیان کرتا ہی کہ اُس سرزمین مین رہبر شخص بخوف ہلاک گرگٹ کے مانند رنگ بدلتا ہی-

بَيْنِي وَبَيْنَ أَبِي عَلِيٍّ مِثْلُهُ	شُمُّ الْجِبَالِ وَمِثْلُهُنَّ رَجَاءُ

ترجمہ مجھ مین اور میرے ممدوح ابو علی کے درمیان بلند پہاڑ جو بلندی اور علو شان مین مثل ممدوح کے ہین حائل ہین اور اُن پہاڑون کے مانند میری امید ہی یعنی بڑی آس کر کے جاتا ہون-

وَعِقَابُ لُبْنَانٍ وَكَيْفَ بِقَطْعِهَا	وَهُوَ الشِّتَاءُ وَصَيْفُهُنَّ شِتَاءُ

عطف علی شم الجبال- وکیف استفہام فی معنی الانکار- والباء متعلقۃ بمحذوف ای کیف لی بقطعہا او قوم بقطعہا ولبنان جبل معروف من جبال الشام ترجمہ مجھ مین اور ممدوح مین علاوہ بلند پہاڑون کے کوہ لبنان کی گھاٹیان حائل ہین اور اُنکو کسطرح قطع کر سکتا ہون حالانکہ یہ جاڑے کا موسم ہی اور لبنان کی گرمی کا موسم بھی مثل جاڑون کے سرد ہوتا ہی پس دیکھنا چاہیے کہ اُسکی سردی کا جاڑون مین کیا حال ہوگا-

لَبِسَ الثُّلُوجُ بِهَا عَلَيَّ مَسَالِكِي	فَكَأَنَّهَا بِبَيَاضِهَا سَوْدَاءُ

بہا وعلی متعلقان بلبس- والباء فی ببیاضہا متعلقۃ بمعنی کان وہو التشبیہ ترجمہ اُسکی برفون نے میرا راستہ چھپا لیا ہی پس گویا وہ برف باوجود اپنی سفیدی کے سیاہ ہین یعنی جیسا سیاہی و تاریکی مین کچھ معلوم نہین ہوتا ایسا ہی برف کی سفیدی مین کچھ معلوم نہین ہوتا-

وَكَذَا الْكَرِيمُ إِذَا أَقَامَ بِبَلْدَةٍ	سَالَ النُّضَارُ بِهَا وَقَامَ الْمَاءُ

النضار الذہب ترجمہ جیسا سفیدی برف نے خلاف عادت سیاہی کا کام دیا ہی ایسا ہی جب سخی کسی شہر مین مقام کرتا ہی تو وہان خلاف دستور سونا بہنے لگتا ہی اور پانی جمجاتا ہی یعنی اُسکی عطا کی کثرت سے گویا سونا بہنے لگتا ہی اور پانی جب

اُسکی کثرت کرم کو دیکھتا ہی تو متحیرانہ وناد مانہ جما تا ہی۔

جَمَدَ الْقِطَارُ وَلَوْ رَأَتْهُ كَمَا تَرَى	بُهِتَتْ فَلَمْ تَتَبَجَّسِ الْأَنْوَاءُ

الانوار فاعل رات والتقدیر لورأتہ الانوار کما تراہ القطار بہتت ولم تتبجس۔ والقطار جمع قطر وہو جمع قطرۃ وبہتت تحیرت وتتبجس تفتح۔ والانوار جمع نور وہو سقوط النجم فی المغرب وطلوعہ فی المشرق وہی منازل القمر۔ والعرب تنسب الیہا الامطار تقولون مطرنا بنور کذا وقد نہی عنہ فی الشرع ترجمہ جب پانی نے کثرت عطائے ممدوح دیکھی تو شرم سے جم گیا اور اگر انوار یعنی نچھتر جسکی طرف بارش منسوب ہوتی ہی ممدوح اور اُسکے جود کو ایسے دیکھتے جیسا پانی نے اُسے دیکھا ہی تو مارے خجالت کے حیران رہجاتے اور نہ برستے۔

فِي خَطِّهِ مِنْ كُلِّ قَلْبٍ شَهْوَةٌ	حَتَّى كَأَنَّ مِدَادَهُ الْأَهْوَاءُ

الاہوار جمع ہوی مقصور او ہو المحبۃ وجمع المہدود اہویۃ ترجمہ ممدوح کے خط کی ہر دل مین خواہش اور رغبت ہی یہان تلک کہ گویا اُسکی روشنائی لوگون کی محبت ہی یعنی گویا کہ ممدوح لوگون کی خواہشون کی روشنائی بناکر لکھتا ہی اور اس لئے اُس کے خط کو سب پسند کرتے ہین اس صورت مین۔ اُسکی خوشخطی کی تعریف ہوئی۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ یہ کنایہ ہو اُسکی بخشش سے یعنی اُسکی سب تحریرین درباب عطائے سائلین ہوتی ہین اسلئے اُسکا لکھا ہر ایک کو مرغوب ہی۔ اور یہ بھی احتمال ہی کہ یہ کنایہ لوگون کی اطاعت سے ہو کہ تمام آدمی اُسکے حکم کو برضا ورغبت قبول کرتے ہین اور اپنی خواہش کے موافق سمجھتے ہین۔

وَلِكُلِّ عَيْنٍ قُرَّةٌ فِي قُرْبِهِ	حَتَّى كَأَنَّ مَغِيبَهُ الْأَقْذَاءُ

قرۃ مبتدء تقدم علیہ خبرہ۔ وحرفا الجر یتعلقان بالمصدر۔ والمغیب والغیبۃ بمعنی۔ والاقذار جمع قذی وہو یقع فی العین اوالشراب۔ والاقذار مصدر قذیت عینہ اذا طرحت فیہ القذی ترجمہ اُسکے قرب مین ہر آنکھ کی خنکی ہی یہان تلک کہ اُسکی غیبت آنکھون کی کنک ہین یا کنک ڈالنا ہی۔

مَنْ يَهْتَدِي فِي الْفِعْلِ مَا لَا يَهْتَدِي	فِي الْقَوْلِ حَتَّى يَفْعَلَ الشُّعَرَاءُ

فاعل لایہتدی الشعراء۔ ومن بمعنی الذی وفی البیت تعقید وتقدیرہ الذی یہتدی فی الفعل مالا یہتدی الشعراء الیہ حتی یفعل۔ وما بمعنی الذی منصوب المحل باسقاط حرف الجر تقدیرہ الذی لایہتدی الیہ الشعراء۔ ترجمہ ممدوح وہ ہی کہ مکارم ومساعی جمیلہ مین وہان تلک پہنچتا ہی یعنے اُن کو عمل مین لاتا ہی کہ شاعرون کے خیالات اور مبالغے اُس کے عمل سے پہلے وہان نہین پہنچ سکتے ناچار اُس کے اعمال حسنہ وافعال برگزیدہ کو دیکھکر اُسکی نقل کرتے ہین۔

فِي كُلِّ يَوْمٍ لِلْقَوَافِي جَوْلَةٌ	فِي قَلْبِهِ وَلِأُذْنِهِ إِصْغَاءُ

جولۃ واصغاء مبتدءان خبراہما مقدم علیہما وحرف الجر متعلقہ بجولۃ۔ واراد بالقوافی الاشعار تسمیۃ للکل باسم الجزء۔ والجولۃ

الذاہب والجی ترجمہ چونکہ ممدوح کے روبرو ہمیشہ قصائد مدحیہ پڑھے جاتے ہین اسلئے ہر روز اُس کے دلین اشعار کی آمد و رفت رہتی ہو اور اُسکے کانون کے لئے سننا ہی متعین ہی۔

وَإِغَارَةٌ فِيمَا احْتَوَاهُ كَأَنَّمَا	فِي كُلِّ بَيْتٍ فَيْلَقٌ شَهْبَاءُ

عطف علی جولۃ وفی کل بیت متعلق بمعنی کان وھو التشبیہ۔ والفیلق الکتیبۃ۔ والشہباء الصافیۃ الحدید ترجمہ ہر روز اشعار اُسکے مال کو لوٹتے ہین گویا کہ ہر شعر مین اُسکا مال لوٹنے کو ایک لشکر ہتھیارون کا صاف چھپا ہی۔

مَنْ يَظْلِمُ اللُّؤَمَاءَ فِي تَكْلِيفِهِمْ	أَنْ يُصْبِحُوا وَهُمُ لَهُ أَكْفَاءُ

من بمعنی الذی خبر مبتدء محذوف ای ہو الذی وان منصوبۃ المحل باسقاط حرف الجر واللوماء جمع لئیم۔ ترجمہ ممدوح وہ ہی کہ ناکسون پر یہ ظلم کرتا ہی اور اُنکو یہ مالا یطاق تکلیف دیتا ہی کہ وہ اُسکے ہمسر ہو جاوین جو اُنکے مقدور سے باہر ہی۔ شارح واحدی کہتا ہی کہ یہ مدح نہین ہی اور اگر کرمار کہتا تو مدح ہوتی یعنی اسخیا کو تکلیف ہمسری دیتا ہی اور خوارزمی کہتا ہی من نظلم بالنون ہی یعنی ہم اُنکو تکلیف ہمسری دینا ظلم ہی۔ عکبری کہتا ہی کہ واحدی کی جانچ دیر کھ اچھی ہی اور اعتذار خوارزمی کا بہت اچھا۔

وَنَذِيمُهُمْ وَبِهِمْ عَرَفْنَا فَضْلَهُ	وَبِضِدِّهَا تَتَبَيَّنُ الْأَشْيَاءُ

نذیمہم بمعنی نذمہم۔ ترجمہ ہم ناکسون اور بخیلو کی ہجو کرتے ہین حالانکہ اُنھون ہی کے سبب ہم نے ممدوح کا فضل و کرم معلوم کیا ہی کیونکہ تمام چیزین اپنی ضد کے سبب ظاہر ہوتی ہین۔ اگر بخیل نہوتے تو سخیون کی خوبی ظاہر نہوتی۔

مَنْ نَفْعُهُ فِي أَنْ يُهَاجَ وَضَرُّهُ	فِي تَرْكِهِ لَوْ تَفْطَنُ الْأَعْدَاءُ

ترجمہ ممدوح وہ ہی کہ اُس کا فائدہ اس صورت مین ہی کہ وہ لڑائی کے لئے برانگیختہ کیا جاوے کیونکہ اس حالت مین وہ دشمنون کے اموال و اولاد کو لوٹ کر نفع حاصل کرتا ہی اور اُسکا نقصان اسمین ہی کہ وہ جنگ کے لئے آمادہ نکیا جاوے کہ اس صورت مین اعدا کے اموال و عیال سلامت رہین گے کاش یہ نکتہ اُس کے دشمن سمجھین اور اُس کو نہ چھیڑین اور اُسکے مطیع رہین۔

فَالسِّلْمُ يَكْسِرُ مِنْ جَنَاحَيْ مَالِهِ	بِنَوَالِهِ مَا تَجْبُرُ الْهَيْجَاءُ

السّلم بالفتح والکسر ضد الحرب۔ والہیجاء بالمد والقصر من اسماء الحرب ترجمہ سو صلح اُسکے مال کے دونون بازو مین اُسکی بخشش کے سبب توڑتی ہی اُسی قدر کہ لڑائی اُسکا جبر نقصان کرتی ہی۔ یعنی وہ لڑائی مین جس قدر دشمنون کے اموال و اولاد لوٹتا ہی اُسی قدر بحالت صلح سائلون کو دے ڈالتا ہی۔

يُعْطِي فَتُعْطَى مِنْ لُهَى يَدِهِ اللُّهَى	وَتُرَى بِرُؤْيَةِ رَأْيِهِ الْآرَاءُ

اللُّہی العطایا وہو جمع لُہوۃ بضم اللام وہو ما یلقیہ الطاحن فی فم الرحی فشبہت العطیۃ بہا ترجمہ وہ بخشش کرتا ہی پس اُسکے عطائے دست سے اورونکو بخشش دیجاتی ہی یعنی وہ سائلون کو اسقدر عطائے کثیر دیتا ہی کہ وہ اورون کو

عطا کرنے لگتے ہین اور اُسکے سائل مسئول ہوجاتے ہین اور اُسکی رائے کی خوبی کو دیکھکر دیکھنے والے ذی رائے بنائے جاتے ہین۔

مُتَفَرِّقُ الطَّعْمَيْنِ مُجْتَمِعُ الْقُوٰى	فَكَاَنَّهٗ السَّرَّاءُ وَالضَّرَّاءُ

ترجمہ اُسکے دو مزے متفرق ہین یعنی احباب کے لئے شیرین اور اعدا کے واسطے تلخ ہی۔ اور وہ قوی العزم یعنی ارادہ کا پکا ہی۔ یا یہ کہ باطنی قوتین جو اور جاندارون مین متفرق ہین اُسمین سب مجتمع ہین یعنی وہ مثلاً شجاعت مین شیر۔ اور رائے مین حکیم۔ اور سخاوت مین حاتم ہی وغیرہ وغیرہ پس وہ گویا اپنے احباب و اعدا کے لئے عین نفع محض ضرر ہی یا فراخی اور تنگدستی۔

وَكَاَنَّهٗ مَا لَا تَشَاءُ عُدَاتُهٗ	مُتَمَثِّلًا لِوُفُوْدِهٖ مَا شَاؤُا

الوفود جمع وافد۔ والاسم الوفادة۔ وفد فلان علی الامیر رسولاً فهو وافد ترجمہ گویا ممدوح اپنے دشمنون کے لئے مجموعہ اُنکی خلاف خواہشون کا ہی ایسے حال مین کہ وہ اپنے اُن سائلون کے واسطے جو بامید عطا اُس کے پاس آتے ہین مجسم مجموعہ اُن کی خواہشون کا ہی۔

يَا اَيُّهَا الْمُجْدٰى عَلَيْهِ رُوْحُهٗ	اِذْ لَيْسَ يَاْتِيْهِ لَهَا اسْتِجْدَاءُ
اِحْمَدْ عُفَاتَكَ لَا فُجِعْتَ بِفَقْدِهِمْ	فَلَتَرْكُ مَا لَمْ يَاْخُذُوْا اِعْطَاءُ

الاستجدار الاستعطا، ویرید بالمجدی الخ الموهوب روحه۔ والجدی والجدوی العطیة۔ والعفاة جمع عاف وهو الفقیر السائل ولا فجعت من الحشو الحسن المختار ترجمہ ای وہ شخص کہ اُسکی جان سائلون کی جانب سے اُسکو عطا کی گئی ہی کیونکہ اُسکی جان مانگنے والا اُسکے پاس نہین آتا اور اگر آتا اور اُسکو مانگتا تو جان بھی بخشدیتا کہ تو سائل کا سوال رد نہین کرتا پس جب کسی سائل نے تجھ سے تیری جان نہین مانگی تو گویا اُس نے تجکو تیری جان بخشدی ہی۔ اب تو اپنے سائلونکی تعریف کر (خدا تجکو اُنکے مفقود ہونے کا رنج ندے) کیونکہ تو عطا اور سوال سائل کو دوست رکھتا ہی اور اسلئے سائل تیری پیاری چیز ہی خدا اُنکو تیرے پاس بنا رکھے اور سائلونکی تعریف کی یہہ وجہ ہی کہ اُنھون نے تیری جان کا سوال نہین کیا ورنہ تو دے ہی ڈالتا سو چھوڑنا اُس چیز کا جو اُنھون نے تجھ سے نہین مانگی اُس چیز کا تجکو بخش دینا ہی اسواسطے وہ قابل ستائش ہین۔

لَا تَكْثُرُ الْاَمْوَاتُ كَثْرَةَ قِلَّةٍ	اِلَّا اِذَا شَقِيَتْ بِكَ الْاَحْيَاءُ

اراد بالاموات القتلی وارادہ بکثرة قلة کثرة الاموات وقلة الاحیاء۔ وشقیت بک ای بغضبک وقتالک ایاهم ترجمہ کثرت اموات وقلت احیا نہین ہوتی مگر جبکہ لوگ تیرے غضب مین مبتلا ہوکر شقی ہوجاوین اور اس سبب سے اُنکو تو قتل کرے کہ اس صورت مین اموات کی کثرت اور احیا کی قلت ہوگی۔ اس شعر کے اور معانی بھی لکھے ہین مگر

اکثر مخدوش ہین۔

وَالْقَلْبُ لَا یَنْشَقُّ عَمَّا تَحْتَهُ	حَتّٰی تَحُلَّ بِهٖ لَكَ الشَّحْنَاءُ

الشحناء من المشاحنة وہی المعاداۃ ترجمہ کسی کا دل بسبب کسی مضمون کے جو اُسمین پوشیدہ ہی نہین پھٹتا مگر جبکہ اُسمین تیرا بغض وکینہ مقام کرے کہ اس صورت مین بسبب خوف ورعب تیرے کے وہ غش ہوجاتا ہی۔

لَمْ تُسْمَ یَا هَارُوْنُ اِلَّا بَعْدَ مَا	اقْتَرَعَتْ وَتَنَازَعَتِ اسْمَكَ الْاَسْمَاءُ

ترجمہ اے ہارون تیرا یہ نام نہین رکھا گیا مگر بعد اسکے کہ اور اسمانے تیرے اسم سے جھگڑا کیا یعنی ہر ایک اسم چاہتا تھا کہ مین تیرا نام ہون اور آخر نوبت بقرعہ پہنچی اور اس نام کا قرعہ نکلا۔

فَغَدَوْتَ وَاسْمُكَ فِيْكَ غَيْرُ مُشَارِكٍ	وَالنَّاسُ فِيْمَا فِيْ يَدَيْكَ سَوَاءُ

فی واسمک الواو للحال ترجمہ پس تو ایسے حال مین ہوگیا کہ تیرے اسم مین اور اسما شریک نہین ہین کیونکہ ہر شخص کا ایک ہی نام ہوتا ہی یعنی تیرا نام صرف ہارون ہی نہ اور نام اور یہ معنی نہین ہوسکتے کہ اس اسم مین تیرا کوئی اور شریک نہین ہی کیونکہ اس نام کے بہت شخص ہین اور حال یہ ہی کہ تمام لوگ تیرے مال مین برابر کے شریک ہین ہر ایک اسکو لیسکتا ہی۔

لَعَمَمْتَ حَتَّى الْمُدْنُ مِنْكَ مِلَاءٌ	وَلَفُتَّ حَتّٰى ذَا الثَّنَاءُ لَفَاءُ

اللفا الحقیر الخسیس وقیل ہو الذی دون الحق وہذا البیت یسمّٰی مصرعًا لانہ اتی بالقافیۃ فی وسطہ کما یفعل فی اول القصائد ترجمہ تیرا ذکر خیر بسبب کثرت جود وسخا ہر جگہ موجود ہی یہان تلک کہ تمام شہر تجھسے اور تیرے ذکر جمیل سے پُر ہین۔ اور تو مداحون کی مدح سے بڑھگیا یہان تلک کہ مدح مادحین یا میری ثنا حقیر وناچیز اور تیرے استحقاق سے کم ہی۔

وَلَجُدْتَ حَتّٰی كِدْتَ تَبْخَلُ حَائِلًا	لِلْمُنْتَهٰى وَمِنَ السُّرُوْرِ بُكَاءُ

قولہ للمنتھی ای من اجل المنتھی وہو مصدر کالانتہاء ترجمہ اور تونے بخشش کی یہان تلک کہ تو بخشش کی انتہا کو پہنچ گیا جسکے آگے کوئی اور سخا کا مرتبہ نرہا اب قریب ہی کہ تو بخیل ہوجاوے اور بسبب منتہی ہونے سخاوت کے تو رجوع کرے اور پیچھے لوٹے اور مائل بخل ہوجاوے اور یہ کیا عجب ہی کیونکہ غایت سرور سے گریہ آجاتا ہی یعنی جب سرور انتہا کو پہنچ جاتا ہی تو کبھی کبھی انسان رونے لگتا ہی اور صورت شادی مرگ لاحق ہوجاتی ہی۔

اَبْدَاْتَ شَيْئًا مِنْكَ يُعْرَفُ بَدْؤُهُ	وَاَعَدْتَ حَتّٰی اُنْكِرَ الْاِبْدَاءُ

منک متعلق بیعرف او ببدءہ ولیست متعلقۃ بابدت لفساد المعنی ترجمہ تونے سخاوت مین ایسا مضمون ایجاد کیا کہ اسکا آغاز تجھی سے ظاہر ہوا یعنی وہ مضمون اور اسخیا کو نسوجھا۔ اور پھر اُس مضمون کو ایسی ترقی کیساتھ ظاہر کیا کہ پہلا اظہار سخاوت اُسکی نسبت اوپرا اور بُرا معلوم ہونے لگا۔ خلاصہ یہ کہ تو ہر وقت سخا مین نئے نئے نکات ایجاد کرتا ہی۔

فَالْفَخْرُ عَنْ تَقْصِيْرِهٖ بِكَ نَاكِبٌ	وَالْمَجْدُ مِنْ اَنْ تُسْتَزَادَ بَرَاءُ

برار ای برئی۔ ونکب نکوبا اذا عدل عن الطریق۔ والثانی تسنزاد للمخاطب ترجمہ سوفخر اپنی کوتاہی کے سبب تجھسے کنارہ کرتا ہی کیونکہ اُسمین اتنی گنجائش اور وسعت نہین ہی کہ وہ تیرے لائق ہو۔ اور بزرگی بری اور بیزار ہی اس امر سے کہ تو اُسمین بڑھایا جاوے یعنی فخر اور بزرگی کی تو حد و نہایت کو پہنچ گیا ہی اب وہ تیری ترقی کی گنجائش نہین رکھتے اسلئے فخر و مجد نادم وپشیمان اور تجھ سے کنارہ کش ہین۔

	وَاِذَا كُتِمَتْ وَشَتْ بِكَ الْآلَاءُ	فَاِذَا سُئِلْتَ فَلَا لِاَنَّكَ مُحْوِجٌ	

وشت نمت و دلت۔ والآلاء النعم والعطایا واحدہا الی بالکسر والفتح کمعی والمعار وقتب واقتاب ترجمہ سو جب تو سوال کیا جاتا ہی تو یہ اس سبب سے نہین ہوتا کہ تو سائلون کو تکلیف سوال دینے والا ہی بلکہ اس سبب سے کہ بباعث غایت سخا تجکو سائلونکی آواز بھلی معلوم ہوتی ہی۔ اور جبکہ تو چھپایا جاوے تو تیری بخششین تیری چغلی کھاتی ہین اور اُس کی خوشبو سے تو معلوم ہو جاتا ہی۔

	لِلشَّاكِرِيْنَ عَلَى الْاِلٰهِ ثَنَاءُ	وَاِذَا مُدِحْتَ فَلَا لِتَكْسِبَ رِفْعَةً	

ترجمہ اور جب تو مدح کیا جاتا ہی تو وہ اسواسطے نہین ہی کہ تجکو بسبب مدح کے بلندی حاصل ہو کیونکہ تو پہلے ہی بلندی کی نہایت کو پہنچا ہوا ہی بلکہ وہ ایسا ہی جیسے شاکرین خداوند تعالی کی تعریف کیا کرتے ہین کہ وہ بسبب حصول نفع ذات پاک کے لئے نہین ہوتی بلکہ وہ بنظر حصول ثواب و امید زیادتی نعمت ہوتی ہی ایسا ہی تیرا حال ہی۔

	يُسْقَى الْخَصِيْبُ وَتُمْطَرُ الدَّأْمَاءُ	وَاِذَا مُطِرْتَ فَلَا لِاَنَّكَ مُجْدِبٌ	

الداما البحر دیونث والجدب ضد الخصب والمحل۔ ترجمہ اور جبکہ تو مینھ برسایا جاتا ہی تو وہ اسلئے نہین ہی کہ تو قحط رسیدہ ہی کیونکہ سرسبز زمین اور دریا پر بھی مینھ برسائے جاتے ہین باوجودیکہ اُن کو بارش کی حاجت نہین ہوتی ایسا ہی حال تیرا ہی۔

	حُمَّتْ بِهٖ فَصَبِيْبُهَا الرُّحَضَاءُ	لَمْ تَحْكِ نَائِلَكَ السَّحَابُ وَاِنَّمَا	

الرحضا عرق الحمی۔ والصبیب ہو المصبوب یعنی مطرہا المصبوب ترجمہ تیری عطا اس درجہ بڑھی ہوتی ہی کہ ابر قلیل المائیہ اُس کے مشابہ نہین ہو سکتا بلکہ اصل قصہ بارش کا یہ ہی کہ تیری کثرت سخاوت کو دیکھ کر براہ شرم وحسد ابر کو تپ چڑھ گئی ہی سو اُسکا باران اُس کی تپ کا پسینا ہی۔

	اِلَّا بِوَجْهٍ لَيْسَ فِيْهِ حَيَاءُ	لَمْ تَلْقَ هٰذَا الْوَجْهَ شَمْسُ نَهَارِنَا	

ترجمہ تیرے چہرہ تابان کے سامنے ہمارے دن کا آفتاب نہین آتا مگر ایسے منھ سے جسین حیا و شرم نہین ہی واقعی کمتر مرتبے کی شی کا مقابلہ بلند مرتبہ چیز سے بیحیائی ہی۔

	اَدَمُ الْهِلَالِ لِاَخْمَصَيْكَ حِذَاءُ	فَبِاَيِّمَا قَدَمٍ سَعَيْتَ اِلَى الْعُلٰى	

الادم جمع ادیم وہو ظاہر کل شئ والاخمص من باطن القدم مالم یصب الارض وکان صلعم خمصان الاخمصین (قاموس) والحذاء النعل والاستفہام للتعجب وما صلۃ ترجمہ اے ممدوح تو کس قدم اور چال سے بلندی مرتبہ کی طرف چلا کر تجکو ایسا مرتبہ عالی نصیب ہو گیا کہ وہان تلک کوئی نہین پہنچا اب اُسکو دعا دیتا ہی کہ ہلال کی ادھوڑی تیرے دونون پانون کے تلے کا جوتا ہووے یعنی جو قدم اسقدر مرتبہ بلند پر پہنچا ہی وہ اس لائق ہی کہ ہلال کی ادھوڑی اُسکی جوتیان ہووے۔

وَلْكَ الزَّمَانُ مِنَ الزَّمَانِ وِقَايَةٌ ۔۔۔ وَلَكَ الْحِمَامُ مِنَ الْحِمَامِ فِدَاءُ

ترجمہ زمانہ اپنے حوادث سے تیری سپر ہوجیو اور موت اپنے صدمات سے تجپر قربان یعنی زمانہ تیرے ہلاک ہونیسے پہلے ہلاک ہو جاوے اور موت تیری موت سے پہلے مر جاوے۔

لَوْلَمْ تَكُنْ مِنْ ذَا الْوَرٰى اللَّذْ مِنْكَ هُوْ ۔۔۔ عَقِمَتْ بِمَوْلِدِ نَسْلِهَا حَوَّاءُ

اللذ لغۃ فی الذی ترجمہ اگر تو منجملہ اس مخلوق کے جو درحقیقت وہ تجھ سے ہی نہوتا تو حضرت حوا اپنی نسل کی پیدائش سے بانجھ ہو جاتین۔ درحقیقت وہ تجھ سے ہی کہ یہ معنی ہین کہ دُنیا اور مخلوق تجھی سے عبارت ہی کیونکہ تو سب سے افضل ہی اور باعث شرف آدمیان ہی اور بانجھ ہونے کا یہ مطلب ہی کہ حضرت حوا تیرے ہی سبب اولاد والی شمار ہوتی ہین ورنہ اور لوگون کا وجود وعدم برابر ہی۔

وقال وقد غنّیٰ امغن

مَاذَا يَقُوْلُ الَّذِيْ يُغَنِّيْ ۔۔۔ يَا خَيْرَ مَنْ تَحْتَ ذِي السَّمَاءِ
شَغَلَتْ قَلْبِيْ بِلَحْظِ عَيْنِيْ ۔۔۔ إِلَيْكَ عَنْ حُسْنِ ذَا الْغِنَاءِ

ہو استفہام تعجب۔ وذا وذی من اسماء الاشارۃ اسقط منہا حرف التنبیہ ترجمہ اے بہترین اُن لوگون کے جو اس آسمان کے نیچے آباد ہین یہ گانیوالا کیا کہہ رہا ہی یعنی وہ میری سمجھ مین نہین آتا کیونکہ تو نے میرے دلکو بسبب نظارہ اپنے روئے نکو کے اس راگ کی خوبی سے روک دیا ہی۔

وبنی کافور دارًا فامرہ ان یذکرہا فقال

إِنَّمَا التَّهْنِئَاتُ لِلْأَكْفَاءِ ۔۔۔ وَلِمَنْ يَدَّنِيْ مِنَ الْبُعَدَاءِ

ترجمہ بیشک مبارکبادیان ہمسرون کے لئے ہین اور اُس شخص کے واسطے جو دور افتادون مین سے نزدیک ہو اور مین تیرا ہمسر نہین ہون بلکہ تجھ سے کمتر ہون اور نہ کہین سے آیا ہون بلکہ ہمیشہ تیرے پاس رہتا ہون پس میری مبارکبادی کا کیا موقع ہی۔

وَاَنَا مِنْکَ لَا یُهَنِّیُٔ عُضْوٌ　　بِالْمَسَرَّاتِ سَائِرَ الْاَعْضَاءِ

ترجمہ اور مین توجھی سے ہون اور گویا تیرا ایک جزو ہون ۔ اور ایک عضو اور اعضا کو خوشیون کی مبارکبادی نہین دیتا

مُسْتَقِلٌّ لَکَ الدِّیَارَ وَلَوْ کَانَ　　نُجُوْمًا آجُرُّ هٰذَا الْبِنَاءِ

ترجمہ بسبب تیرے شرف وعلو قدر کے ان گھرون کو تیرے لئے کمتر سمجھتا ہون اگرچہ ستارے اس بنا کی خشتہائے تعمیر ہون۔ تو اسوجہ سے بھی مبارکباد تعمیر مکان معلوم دینا مناسب نہین ہے کیونکہ وہ تیرے مرتبہ کے لائق نہین ہے۔

وَلَوِ اَنَّ الَّذِیْ یَخِرُّ مِنَ الْاَمْوَاهِ فِیْهَا مِنْ فِضَّةٍ بَیْضَاءِ

حرکت واو لو الساکنۃ وہی لغۃ جیدۃ ترجمہ مین اس دیار کو تیری قدر سے کمتر سمجھتا ہون اگرچہ جو اُسمین پانی ڈالے جاتے ہین خالص چاندی کے ہون۔

اَنْتَ اَعْلٰی مَحَلَّةً اَنْ تُهَنّٰی　　بِمَکَانٍ فِی الْاَرْضِ اَوْ فِی السَّمَاءِ

محلّۃ تمیز۔ وان فی محل نصب باسقاط الجار ای من ترجمہ تیرا مرتبہ اس سے زیادہ ہے کہ تجھکو کسی مکان کی بابت زمین یا آسمان مین مبارکبادی دیجائے اُسکی وجہ اگلے شعر مین ہے۔

وَلَکَ النَّاسُ وَالْبِلَادُ وَمَا یَسْرَحُ بَیْنَ الْغَبْرَاءِ وَالْخَضْرَاءِ

ترجمہ کیونکہ سب لوگ اور شہر اور وہ جاندار جو درمیان زمین اور آسمان کے چرتے ہین تیرے ہین سو مبارکی کا کیا موقع ہے۔

وَبَسَاتِیْنُکَ الْجِیَادُ وَمَا تَحْمِلُ مِنْ سَمْهَرِیَّةٍ سَمْرَاءِ

السمہریۃ منسوبۃ الی سمہر رجل من العرب وامرأتہ ردینۃ ترجمہ اور تیرے باغ عمدہ گھوڑے اور وہ نیزے گندم گون ہین جنکو تو اُٹھاتا ہے۔ یعنی بخلاف اور امراے عیش طلب کے جو درختون کو پسند کرتے ہین۔

اِنَّمَا یَفْخَرُ الْکَرِیْمُ اَبُو الْمِسْکِ بِمَا یَبْتَنِیْ مِنَ الْعَلْیَاءِ

العلیا اذا ضمت العین قصرت واذا فتحت مدت ترجمہ ابو المسک سخی نہین فخر کرتا ہے مگر اُس بلندنامی کے کام پر جسکی وہ بنا ڈالتا ہے نہ اینٹ اور پتھر کے گھر پر۔

وَبِاَیَّامِهِ الَّتِیْ انْسَلَخَتْ عَنْهُ وَمَا دَارُهٗ سِوَی الْهَیْجَاءِ

وَبِمَا اَثَّرَتْ صَوَارِمُهُ الْبِیْضُ لَهٗ فِیْ جَمَاجِمِ الْاَعْدَاءِ

وبایامہ معطوف علی قولہ بما یبتنی واراد بالایام الحروب کیوم بدر۔ ترجمہ اور ممدوح نہین فخر کرتا ہے مگر اپنی گذشتہ لڑائیون پر جبکہ اُسکا گھر سوائے لڑائیون کے اور کچھ نہتھا اور فخر کرتا ہے اُن زخمہاے کاری پر کہ دشمنون کی کھوپریون مین اُس کی صیقلدار تلوارون نے لگائی ہین۔

وَبِمِسْكٍ يُكْنٰى بِهٖ لَيْسَ بِالْمِسْكِ وَلٰكِنَّهٗ اَرِيْجُ الثَّنَاءِ

الاریج الطیب ترجمہ اور فخر کرتا ہی بوئے خوش پر کہ وہ مشک معمولی نہین ہی بلکہ وہ تعریف کی خوشبو ہی۔ یعنی وہ معمولی خوشبو پر جو مشک سے پیدا ہوتی ہی فخر نہین کرتا بلکہ تعریف اور ذکر جمیل کی خوشبو پر۔

لَا بِمَا تَبْتَنِي الْحَوَاضِرُ فِي الرِّيْفِ وَمَا يَطَّبِي قُلُوْبَ النِّسَاءِ

الریف ہو المکان الخصب الکثیر الخضرۃ وجمعہ اریاف۔ وطباہ واطباہ اذا دعاہ واستمالہ۔ ترجمہ وہ فخر نہین کرتا اُس بنا پر جسکو شہری لوگ سبزہ زارون اور خوش فضا جگہون مین بناتے ہین اور نہ اُس مرغوب شی پر جو عورتون کے دلون کو اپنی طرف مائل کرے بلکہ تعریف کی خوشبو اور نام آوری کے کامون اور قتل اعدا پر فخر کرتا ہی۔

نَزَلَتْ اِذْ نَزَلْتَهَا الدَّارُ فِيْ اَحْسَنَ مِنْهَا مِنَ السَّنَا وَالسَّنَاءِ

السنا المقصور الضیاء والنور والممدود العلاء والرفعۃ۔ وفاعل نزلت الدار ترجمہ جبکہ تو اُس مکان مین اُترا تو وہ تیرے سبب اپنی خوبیون سے زیادہ نور و علو رتبہ مین اُترا اور جلوہ گر ہوا۔ یعنی تیرے تشریف رکھنے سے وہ مکان زیادہ مشرف اور مزین ہوگیا۔

حَلَّ فِيْ مَنْبَتِ الرَّيَاحِيْنِ مِنْهَا	مَنْبَتُ الْمَكْرُمَاتِ وَالْاٰلَاءِ

ترجمہ جب تو اُس مکان مین فروکش ہوا تو جہان اُسمین ریحان جمی ہوئی تھی وہ جگہ جائے جنے کرم و بخشش کی ہوگی

يَفْضَحُ الشَّمْسَ كُلَّمَا ذَرَّتِ الشَّمْسُ بِشَمْسٍ مُنِيْرَةٍ سَوْدَاءِ

ذرت الشمس اول ماطلعت ترجمہ ہمیشہ جبکہ آفتاب طلوع کرتا ہی تو وہ بسبب ایک آفتاب روشن سیاہ یعنی ممدوح کے رسوا و ذلیل ہوتا ہی۔ آفتاب روشن سیاہ کے یہ معنی کہ گو اُسکا رنگ کالا ہی مگر وہ بسبب شہرت و ناموری کے روشن ہی اور مثل آفتاب مشہور۔ متنبی براہ شوخی کافور کی تعریف مین اکثر ہنسی کا کلمہ کہہ جاتا ہی۔

اِنَّ فِيْ ثَوْبِكَ الَّذِي الْمَجْدُ فِيْهِ	لَضِيَاءً يُزْرِيْ بِكُلِّ ضِيَاءِ

ترجمہ بیشک تیرے لباس مین جسمین شرف و مجد خود موجود ہی البتہ ایسی روشنی ہی جو ہر روشنی پر عیب لگاتی ہی۔

اِنَّمَا الْجِلْدُ مَلْبَسٌ وَابْيِضَاضُ النَّفْسِ خَيْرٌ مِنِ ابْيِضَاضِ الْقَبَاءِ

ترجمہ بیشک جسم کی کھال بمنزلہ لباس کے ہی۔ اور طبیعت کی سفیدی یعنی روشنی قبا کی سفیدی و روشنی سے بہتر ہی۔

كَرَمٌ فِيْ شَجَاعَةٍ وَذَكَاءٌ	فِيْ بَهَاءٍ وَقُدْرَةٌ فِيْ وَفَاءِ

کرم مبتدأ خبرہ محذوف۔ مقدم علیہ ای لک کرم ترجمہ تیرے لئے کرم ثابت ہی شجاعت مین ای جامع سخاوت و شجاعت ہی اور تو ذکی الطبع ہی اور خوش رو۔ اور تجکو قدرت ہی وفا مین۔ یعنی یہ سب اوصاف تجھ مین جمع ہین۔

مَنْ لِبِيْضِ الْمُلُوْكِ اَنْ تُبْدِلَ اللَّوْنَ بِلَوْنِ الْاُسْتَاذِ وَالسَّحْنَاءِ

السمار الہیئۃ یقال رائیۃ وعلیہ سمار السفر ترجمہ سفید رنگ بادشاہون کے لئے کون شخص اس بات کا ضامن ہی کہ وہ لوگ اپنے رنگ کو استاذ یعنی ممدوح کے رنگ اور ہیئت سے بدل لیوین۔ وجہ تمنائے ملوک اگلے شعر مین ہی

نَرَاهَا بَنُو الْحُرُوبِ بِأَعْيَانٍ تَرَاهُ بِهَا غَدَاةَ اللِّقَاءِ

الاعیان جمع عین کالطیار وطیر ترجمہ وجہ تمنائے تبدیل رنگ یہ ہی کہ ان بادشاہون کو جنگی لوگ ان آنکھون سے دیکھین جنسے کافور کو لڑائی کی صبح مین دیکھتے ہین یعنی بنگاہ ہیبت۔

يَا رَجَاءَ الْعُيُونِ فِي كُلِّ أَرْضٍ	لَمْ يَكُنْ غَيْرَ أَنْ أَرَاكَ رَجَائِي

ترجمہ ای ہر زمین مین آنکھون کی امید میری آرزو بجز اس کے نتھی کہ تجکو دیکھون۔

وَلَقَدْ أَفْنَتِ الْمَفَاوِزُ خَيْلِي	قَبْلَ أَنْ نَلْتَقِي وَزَادِي وَمَائِي

المفاوز جمع مفازۃ من الفوز وسمیت المفازۃ علی سبیل التفاؤل بالسلامۃ کما یقال للدیغ السلیم وللسفر قافلۃ ای راجعۃ ترجمہ وبخدا جنگلون اور میدانون نے قبل اسکے کہ ہم ملین میرے گھوڑے اور میرا توشہ اور میرا پانی ختم کر دیا غرض بیان درازی سفر ہی۔

فَارْمِ بِي مَا أَرَدْتَ مِنِّي فَإِنِّي	أَسَدُ الْقَلْبِ آدَمِيُّ الرُّوَاءِ

الرواء المنظر ترجمہ سو مجکو بجائے تیر جس شخص کے چاہے مار دے کیونکہ مین شیر دل اور آدمی صورت ہون۔ کہتے ہین کہ متنبی کافور کی مدح مین یہ اشارہ کیا کرتا تھا کہ مجکو کسی ولایت کا حاکم بنادے مگر اس نے اس کی آرزو پوری نہ کی۔

وَفُؤَادِي مِنَ الْمُلُوكِ وَإِنْ كَانَ لِسَانِي يُرَى مِنَ الشُّعَرَاءِ

ترجمہ اور میرا دل شاہانہ ہی اگرچہ میری زبان شاعرانہ ہی۔

وعرض علیہ سیفاً ابو محمد عبید اللّٰہ بن طغج فاشار بہ الی بعض من حضر وقال

أَرَى مُرْهَفًا مُدْهِشَ الصَّيْقَلِينَ وَبَابَةَ كُلِّ غُلَامٍ عَتَا

یقال ہذا من بابتک ای یصلح لک ترجمہ مین ایک تیز تلوار صیقلگرون کو بسبب صفائی کے مدہوش کرنے والی اور ہر غلام سرکش کے لئے مصلح وآلہ درستی کو دیکھتا ہون۔

أَتَأْذَنُ لِي وَلَكَ السَّابِقَاتُ أُجَرِّبُهُ لَكَ فِي ذَا الْفَتَى

لک السابقات یرید بہ الایادی السابقات ترجمہ کیا تو مجکو اس بات کی اجازت دیتا ہی کہ اسکو آزماؤن اس جوان پر اور حال یہ ہی کہ تیرے احسانات مجھ پر درباب عطائے شمشیر قدیم ہین۔

وقال يذكر خروجه من مصر وما لقي ويهجو الاسود

أَلَا كُلُّ مَاشِيَةِ الْخَيْزَلَى | فِدَاءُ كُلِّ مَاشِيَةِ الْهَيْذَبَا

الخيزلى مشية فيها استرخاء من مشية النساء - والهيذبا مشية فيها سرعة من مشي الابل وهو من قولهم اذرب الظليم اذا اسرع
ترجمہ سن ہر عورت نرم رفتار قربان ہو ہر ناقہ تیز رفتار پر یعنی میں عورتوں کی بہ نسبت ناقہ تیز رفتار کو پسند کرتا ہوں
غرض یہ ہے کہ میں عیاش نہیں ہوں بلکہ سفر پیشہ و جفاکش ہوں اور اسلئے ناقہ کو دوست رکھتا ہوں -

وَكُلِّ نَجَاةٍ بُجَاوِيَّةٍ | خَنُوفٍ وَمَا بِي حُسْنُ الْمِشَا

وكل بالخفض معطوف على قوله فداء كل - واراد بالنجاة الناجية التي تنجي صاحبها وهي الناقة السريعة السير مخففة بالا شيء او
وبجاوية منسوبة الى بجاوة وهي قبيلة من البربر ينسب اليها النوق البجاويات وخنف البعير يخنف خنافا اذا لوى انفه من
الزمام - والمشا جمع مشية كسدر وسدرة ترجمہ اور وہ عورتیں فدا ہوں ہر ناقہ تیز رفتار نسل ناقہ ہائے قوم بجاوہ
پر جو عمدہ ہوتے ہیں اور بسبب تیز مزاجی کے گردن مروڑ کے چلتے ہیں - اور مجکو رغبت خوش رفتاری زنان نہیں ہے کیونکہ
میں آرام طلب زن پرست نہیں ہوں بلکہ سفر و مشقت کو پسند کرتا ہوں - عرب کی عادت ہے کہ جفاکشی اور سفر پیشگی
اور دوپہر روز اور رات کے اور گرمی میں سفر کرنے کی تعریف کیا کرتے ہیں - اور کاہلی و آرام طلبی کو نہایت زشت
سمجھتے ہیں -

وَلٰكِنَّهُنَّ حِبَالُ الْحَيٰوةِ وَكَيْدُ الْعُدَاةِ وَمَيْطُ الْاَذٰى

ترجمہ عورتیں خوش رفتار چنداں مفید نہیں ہیں مگر وہ ناقہ سرتاپا نافع اور فائدہ بخش ہیں یعنی وہ زندگی کی رسیاں
ہیں جنکے ذریعہ سے موت کے غار سے نکل آتی ہیں اور دشمنوں کو دھوکا دینے کی تدبیریں ہیں اور ہر تکلیف کے دفعہ
کرنے کا سامان ہیں یعنی وہ مہالک سے بچاتی ہیں -

ضَرَبْتُ بِهَا التِّيْهَ ضَرْبَ الْقِمَارِ اِمَّا لِهٰذَا وَاِمَّا لِذَا

التيه الارض البعيدة التي يتاه فيها لبعدها وهو هنا تيه بني اسرائيل الذي بين القلزم والية ويسمى ايضا بطن نخل -
ترجمہ اس ناقہ کو تیہ یعنی وسیع میدان بنی اسرائیل میں جسمیں وہ چالیس برس حیران پھرتے رہے ہنکایا جیسے قمارباز
قمار کا پانسہ ڈالتا ہے یا تو نجات اور کامیابی کے لئے یا واسطے ہلاکی و تباہی کے جسکے سبب کر تکالیف سے نجات پاؤں -

اِذَا فَزِعَتْ قَدَّمَتْهَا الْجِيَادُ وَبِيْضُ السُّيُوْفِ وَسُمْرُ الْقَنَا

اضاف الفزع الى الناقة على حذف المضاف اي فزع راكبها - ترجمہ جبکہ ناقہ یعنی سوار ناقہ بسبب خوف دشمن گھبرا
جاتا تھا تو عمدہ گھوڑے و چمکدار تلواریں اور گندم گون نیزے اس کے آگے بڑھتے تھے - انکا دستور تھا کہ سفر میں ناقہ پر

سوار ہوتے تھے اور گھوڑے کوتل چلتے تھے اور جب دشمن سے مقابلہ ہوتا تھا تو گھوڑون پر سوار ہو کر لڑتے تھے۔

نَمْرَتْ بِنَخْلِ دَرْبِي مَكْبِهَا	عَنِ الْعَالَمِينَ وَعَنْهُ عَنَّا

نخل ہو اء معروف۔ دری رکبھا ای رکبانہا یرید نفسہ واصحابہ ترجمہ سوار شتر نخل پر جو ایک مشہور پانی ہی گذرے اور حال یہہ تھا کہ شتر سوارون یعنی مجھ مین اور میرے ہمراہیون مین اُس پانی سے اور تمام دنیا سے نہایت بے پروائی تھی یعنی ہم لوگ اپنی دلیری اور ہوشیاری اور اپنے موجود پانی پر قانع تھے۔

وَ اَمْسَتْ تَخَيَّرُنَا بِالنِّقَابِ ٭ وَادِي الْمِيَاهِ وَوَادِي الْقُرٰى

وادی مفعول تخیرنا اسکن یاءہ للضرورۃ ترجمہ اور اُن شترون نے بمقام نقاب ایسے حال مین شام کی کروہ ہکو اختیار دیتے تھے چلنے دو راہون متامات وادی میاہ اور وادی قریٰ کا یعنی اُنھون نے ہکو بمقام نقاب ایسے موقع پر پہنچا دیا کہ اگر ہم چاہین تو وہان سے براہ وادی قریٰ سفر کرین یا براہ وادی المیاہ۔

وَقُلْنَا لَهَا اَيْنَ اَرْضُ الْعِرَاقِ ٭ فَقَالَتْ وَنَحْنُ بِتُرْبَانَ هَا

ہا حرف اشارۃ یرید قالت ہا ہی ہٰذہ الارض ترجمہ اور ہمنے شترون سے کہا عراق کی زمین کہان ہی سو اُنھون نے جب بمقام تربان تھے جواب دیا کہ یہہ ہی ارض عراق ہی۔ یہہ گفتگو مجازاً ہی یعنے ہماری حالت موجودہ مقتضی اس سوال جواب کی تھی۔

وَهَبَّتْ بِحِسْمٰى هُبُوبَ الدَّبُوْرِ ٭ مُسْتَقْبِلَاتٍ مَهَبَّ الصَّبَا

الدبور ریح تہب من الغرب۔ والصبا تقابلہا من مطلع الشمس۔ وحسمٰی بالحاء المہملۃ موضع فیہ ماء من ماء الطوفان۔ ترجمہ اور بمقام حسمیٰ شتر غایت نشاط و اہتزاز سے مثل باد غربی یعنی پچھوا کے چلے ایسے حال مین کہ وہ باد شرقی یعنی پُروا کے چلنے کی جگہ کا سامنا کرنے والے تھے خلاصہ یہہ ہی شتر مغرب سے مشرق کی طرف روانہ ہوگے۔

رَوَامِي الْكِفَافِ وَكَبْدِ الْوِهَادِ ٭ وَجَارِ الْبُوَيْرَةِ وَادِي الْغَضَا

روامی حال واسکن الیاء للضرورۃ وہو کثیر فی اشعار العرب ومنہ بیت الحماسۃ الا لا ارٰی وادی المیاہ یثیب۔ ترجمہ شتر ایسے حال مین چلے کہ وہ مقامات الکفاف و کبد الوہاد اور وادی الغضا کا جو پڑوس مین مقام بویرہ کے ہی قصد کرنے والے تھے۔

وَجَابَتْ بُسَيْطَةَ جَوْبَ الرِّدَاءِ ٭ بَيْنَ النَّعَامِ وَبَيْنَ الْمَهَا

الجوب القطع۔ ترجمہ اور ان شترون نے دامن میدان مقام بسیطہ کو ایسا قطع کیا جیسا چادر کو قطع کرتے ہین اور بسیطہ واقع ہی درمیان شتر مرغون اور نیل گاوون یعنے گاوان دشتی کے یعنے وہ ہو کا مقام اور وحشیون سے آباد ہی انسان کے دل لگی کی جگہ نہین ہی۔

اِلٰى عُقْدَةِ الْجَوْفِ حَتّٰى شَفَتْ	بِمَاءِ الْجِرَاوِيِّ بَعْضَ الصَّدٰى

عقدۃ الجوف مکان معروف۔ وماء الجراوی منہل ترجمہ اُنھون نے بسیطہ کو مکان عقدۃ الجوف تک قطع کیا

یہان تلک کہ چشمہ مار الجواری سے کسی قدر پیاس بجھائی۔

وَلَاحَ لَهَا صَوْرٌ وَالصَّبَا	حَ وَلَاحَ الشُّعُوْرُ لَهَا وَالضُّحَى

یجوز الرفع والنصب فی الصباح والضحی فالرفع عطف علی صور والنصب مفعول لہ ترجمہ اور اُن شترو نکو مقام صوار صبح ایک ساتھ ظاہر ہوئے اور مقام شعور اور چاشت ایک ساتھ یعنی صبح کو مقام صوار اور چاشت کے وقت مقام شعور مین پہنچے

وَمَسَّى الْجُمَيْعِيَ دِئْدَاؤُهَا	وَغَادَى الْاَضَارِعَ ثُمَّ الدَّنَا

الدئدار سیر ارفع من الخبب ومسی اتاہا مساء۔ والجمیعی والاضارع والدنا مواضع ترجمہ شترو نکی تیزروی یعنی خود شتر شام کو بمقام جمیعی پہنچے اور صبح کو اول بمقام اضارع پھر موضع دنا مین۔

فَيَا لَكَ لَيْلًا عَلَى اَعْكُشٍ	اَحَمَّ الْبِلَادِ خَفِيَّ الصُّوٰى

لیلا منصوب علی التمیز۔ واحم وخفی صفتان للبلاد اعکش موضع معروف۔ واحم اسود۔ والرواق الاطراف والصوی اعلام تبنی علی الطریق لیہتدی بہا ترجمہ سو تعجب ہی تجہ سے ای ایسی رات مقام اعکش کی جسکی بستیان یا اطراف بسبب تاریکی کے سیاہ ہین اور نشانہاے راہ پوشیدہ۔

وَرَدْنَا الرُّهَيْمَةَ فِي جَوْزِهِ	وَبَاقِيهِ اَكْثَرُ مِمَّا مَضٰى

الوہیمۃ موضع بقرب الکوفۃ۔ والجوز الوسط والضمیر فی جوزہ للیل وارا و بالوسط ما یقرب بالوسط من اول اللیل او راجع الی اعکش وارا د الوسط الحقیقی فاندفع ما اورده ابن فورجۃ من ان الوسط یخالف قولہ وباقیہ الخ۔ ترجمہ اس صورت مین کہ ضمیر جوزہ کے لیل کی طرف راجع ہو یہ ہی کہ ہم مقام وہیمہ مین صرف آدھی رات کے قریب پہنچے یعنی آدھی رات سے کچھ پہلے اور باقی رات اُس حصہ سے جو گزر چکا تھا کچھ زیادہ تھی اور اگر جوزہ کی ضمیر اعکش کی طرف راجع ہو تو مصرعہ ثانی پر کچھ اشکال ہی نہین رہتا ہی۔

فَلَمَّا اَنَخْنَا رَكَزْنَا الرِّمَا	حَ فَوْقَ مَكَارِمِنَا وَالْعُلَا

ترجمہ سو جب ہم سواریون کو بٹھا کر کوفہ مین اُترے تو ہمنے اپنے نیزے مثل اُس شخص کے جو قیام کا ارادہ کرتا ہی اپنے عمدہ کامون و بلندنامی پر گاڑے یعنی نیکنامی و رفعت کے ساتھ اُترے کیونکہ ہم نے کافور منحوس کو چھوڑ دیا تھا اور دشمنون کو اثناے راہ مین قتل کیا تھا اور یہ سب ناموری کے کام ہین۔

وَبِتْنَا نُقَبِّلُ اَسْيَافَنَا	وَنَمْسَحُهَا مِنْ دِمَاءِ الْعِدٰى

ترجمہ ہم نے ایسے حال مین رجوع کیا کہ اپنی تلوارون کو چومتے تھے کیونکہ اُنھون نے بسبب قتل دشمنان ہمکو ہلاکی سے نجات دی تھی پس وہ اسی قابل تھین۔ اور انکو دشمنون کے خونون سے صاف کرتے تھے۔

لِتَعْلَمَ مِصْرُ وَمَنْ بِالْعِرَاقِ	وَمَنْ بِخُرَاسَانَ اَنِّي الْفَتٰى

العواصم من حلب الی حماۃ - والفتیٰ الرجل الکامل القوی ترجمہ یہ سب کام مین نے اس نئے کئے کہ اہل مصرو عراق اور حلب سے حماۃ تلک یا اہل خراسان معلوم کرلین کہ مین ایک مرد پورا بہادر وقوی ہون -

وَاَنِّیْ وَفَیْتُ وَ اَنِّیْ اَبَیْتُ	وَاَنِّیْ عَتَوْتُ عَلٰی مَنْ عَتَا

ترجمہ اور اسبات کو دریافت کرلین کہ مینے سیف الدولہ کے ساتھ وفاکی اور مینے قبول ظلم کا فورسے انکار کیا اور مینے اُس شخص سے سرکشی کی جس نے مجھ سے سرکشی کی تھی یعنی کافورسے -

وَمَا کُلُّ مَنْ قَالَ قَوْلًا وَفَا	وَمَا کُلُّ مَنْ سِیْمَ خَسْفًا اَبیٰ

سیم من السوم یقال فلان یسوم فلانا الذل وقیل بمعنی اکرہ والخسف الضیم والذل ترجمہ اپنے قول کا پورا کرنے والا ہر شخص نہین ہوتا - اور قبول ظلم سے ہر شخص انکار نہین کرسکتا یعنی ایسا مین ہی ہون -

وَلَا بُدَّ لِلْقَلْبِ مِنْ آلَۃٍ	وَرَأْیٍ یُصَدِّعُ صُمَّ الصَّفَا

ترجمہ اور ہر دل کے لئے آلہ عقل ضرور ہی اور ایسی رائے جو قوی اور سخت پتھر کو چیر دے اور اُس مین گُھس جاوے

وَمَنْ یَّکُ قَلْبٌ کَقَلْبِیْ لَہٗ	یَشُقُّ اِلَی الْعِزِّ قَلْبَ التَّوٰی

التوی الہلاک ترجمہ جسکا دل شجاعت وچستی راے مین میرا سا ہوگا وہ ہلاکت کے دلکو چیر کر اور اُسکے شدائد مین گھسکر عزت حاصل کرے گا -

وَکُلُّ طَرِیْقٍ اَتَاہُ الْفَتٰی	عَلٰی قَدَرِ الرِّجْلِ فِیْہِ الْخُطَا

ترجمہ جو راہ جوان مرد چلتا ہی موافق اندازہ پانون کے اُسمین اُسکے قدم پڑتے ہین یعنی اگر اُسکے پانون لنبے ہین تو قدم بھی لنبے پڑین گے اور جو چھوٹے ہین تو چھوٹے - خلاصہ یہ کہ جسقدر کسی کی ہمت ہوگی اُتنی ہی اُسکی کوشش ہوگی - کما قال ہمت بلند دار کہ نزد خدا وخلق ÷ باشد بقدر ہمت تو اعتبار تو -

وَنَامَ الْخُوَیْدِمُ عَنْ لَیْلِنَا	وَقَدْ نَامَ قَبْلُ عَمًی لَا کَرٰی

اراد بالخویدم کافورا - والعامۃ تسمی الخصی خادما ترجمہ اور خادمچہ یعنی کافور ہماری اُس رات سے جسمین ہم اُسکے پاس سے خفیہ چلے غافل ہوگیا اور ہمارے چلنے کی اُسے خبر نہ ہوئی اور وہ تو پہلے ہی نابینائی کی نیند مین تھا نہ خواب معمولی مین یعنی پہلے ہی وہ عقل کا اندھا تھا -

وَکَانَ عَلٰی قُرْبِنَا بَیْنَنَا	مَہَامِہُ مِنْ جَہْلِہٖ وَالْعَمٰی

ترجمہ اور پہلے سے باوجود ہمارے قرب اور ہم صحبتی کے درمیان ہمارے بہت سے جنگل اور میدان اُس کے جہل اور بیہیے کے اندھے پن کے حائل تھے اور اب تو دوری ظاہری بھی اُنپر مستزاد ہوگئی -

لَقَدْ کُنْتُ اَحْسِبُ قَبْلَ الْخَصِیِّ	اَنَّ الرُّءُوْسَ مَقَرُّ النُّہٰی

فَلَمَّا انْتَهَيْنَا اِلٰى عَقْلِهٖ	رَأَيْتُ النُّهٰى كُلَّهَا فِى الْخُصٰى	

النہی جمع نہیۃ وہی العقول لانہا تنہی عن القبیح ترجمہ وبخدا اس خصی کے دیکھنے سے پہلے مین یہ خیال کرتا تھا کہ عقل کی قرارگاہ سر مین یعنی عقل و دماغ سے متعلق ہی۔ سو جب مینے خصی مذکور کی بیعقلی کو دیکھا تو معلوم کیا کہ عقل تمام خصیون مین ہتی ہی تو جب اُسکے خصیے کاٹ ڈالے گئے تو عقل بھی جاتی رہی۔

وَمَاذَا بِمِصْرَ مِنَ الْمُضْحِكَاتِ وَلٰكِنَّهٗ ضَحِكٌ كَالْبُكَا

ترجمہ اور مصر مین ہنسانے والی چیزین بہت ہین جنمین نمبر اوّل پر کافور ہی مگر یہ ہنسنا رونے کے مانند ہی یعنی یہ خندہ براہ خوشی نہین ہی بلکہ رونے کے قائم مقام ہی بسبب مصیبت اُسکی بیعقلی کے۔

بِهَا نَبَطِىٌّ مِنْ اَهْلِ السَّوَادِ	يُدَرِّسُ اَنْسَابَ اَهْلِ الْفَلَا

یرید بالنبطی السوادی وہو الفضل بن حرابۃ وزیر کافور ترجمہ مصر مین ایک گنوار دیہاتیون مین سے ہی جو نامورون کے یا جنگلی لوگون کے نسب سکھاتا ہی حالانکہ وہ عرب نہین ہی۔ مراد اس سے کافور کا وزیر ہی۔

وَاَسْوَدُ مِشْفَرُهٗ نِصْفُهٗ	يُقَالُ لَهٗ اَنْتَ بَدْرُ الدُّجٰى

المشافر تکون لذوات الخف واذا وصف الرجل بالغلظ والجفار جعلوا لہ مشافر ترجمہ اور ایک حبشی کہ اُسکے موٹے ہونٹ اُسکے تمام جسم کے آدھے کے برابر ہین اُسکو براہ خوشامد وکذب کہتے ہین کہ تو تاریکیون کے لئے ماہ شب چہار دہم ہی۔ اس جھوٹ کا کیا ٹھکانا ہی ؎ برعکس نہند نام زنگی کافور۔

وَشِعْرٍ مَدَحْتُ بِهِ الْكَرْكَدَنَّ بَيْنَ الْقَرِيضِ وَبَيْنَ الرُّقٰى

الکرکدن ہندیہ گینڈا ترجمہ اور بہت سے شعر ہین کہ مین نے اُنمین گینڈے کی یعنی کافور کی جو جسامت اور بدصورتی مین اُسی چوپایہ کے مانند ہی تعریف کی سو وہ میرا کلام ایک وجہ سے تو شعر تھا اور دوسری وجہ سے منتر کہ مین اُسکے ذریعہ سے اُسکا مال اڑاتا تھا۔

فَمَا كَانَ ذٰلِكَ مَدْحًا لَهٗ	وَلٰكِنَّهٗ كَانَ هَجْوَ الْوَرٰى

ترجمہ سو یہ شعر اُسکی مدح نہ تھی بلکہ تمام دُنیا کی مذمت تھی کیونکہ لوگون نے میری خدمت مین کوتاہی کی اور ناچار مجکو اُسکے پاس جانا پڑا۔ ابوالفتح اسکے یہ معنی کہتا ہی کہ تمام لوگ اُس سے نفرت کرتے ہین پس ایسے حال مین اُسکی مدح کرنی اُنکو چڑانا اور اُنکی ہجو کرنا ہی۔

وَقَدْ ضَلَّ قَوْمٌ بِاَصْنَامِهِمْ	وَاَمَّا بِزِقِّ رِيَاحٍ فَلَا

ترجمہ اور بیشک ایک قوم اپنے بتون کے سبب گمراہ ہوئی ہی مگر ہوا کی مشک پر کوئی گمراہ نہین ہوا۔ یعنی تعجب ہی کہ اُسکی رعیت کیونکر اُسکی اطاعت کرتی ہی۔ نہ اُسکی صورت ہی اچھی ہی نہ سیرت مشک بسبب سیاہی رنگ کے لکھا

وَتِلْكَ صُمُوتٌ وَذَا نَاطِقٌ ۔۔۔ إِذَا حَرَّكُوهُ فَسَا أَوْ هَذَى

ترجمہ اور بت تو خاموش ہین اور یہ بولتا ہی جب اسکو ہلاتے ہین تو وہ گوز لگاتا ہی یا بیہودہ بکتا ہی۔

وَمَنْ جَهِلَتْ نَفْسُهُ قَدْرَهُ ۔۔۔ رَأَى غَيْرُهُ مِنْهُ مَا لَا يَرَى

ترجمہ اور جو شخص اپنی قدر ولیاقت کو نہین جانتا تو اور لوگ اسکے وہ عیوب دیکھتے ہین جسکو وہ خود نہین دیکھتا۔

وقال وقد ذكر سيف الدولة ان انسانا عاب قوله وانا اذا نزلت الخيام

لَقَدْ نَسَبُوا الْخِيَامَ إِلَى عَلَاءٍ ۔۔۔ أَبَيْتُ قَبُولَهُ كُلَّ الْإِبَاءِ

ترجمہ لوگون نے یہ کہا کہ خیمہ امیر کے اوپر ہی سو اس کے قبول کرنے سے مین نے بالکل انکار کیا متنبی نے قصیدہ میمیہ مین جو آگے آوے گا یہ شعر لکھا ہی۔ ؎ لیت انا اذا ارتحلت لک الخیل + وانا اذا نزلت الخیام + یعنی کاش جب تو کوچ کرے تو ہم تیرے گھوڑے ہو جاوین اور کاش جب تو گھوڑے پر سے اترے اور خیمہ مین جاوے تو ہم تیرے خیمے مین ہو جاوین غرض تیری ہر تکلیف مین کام آوین اسپر بعض معاندون نے اعتراض کیا ہی کہ شاعر نے خیمہ کو ممدوح کے اوپر لکھا اور یہ مدح کے خلاف ہی اسکے جواب مین کہتا ہی کہ لوگ خیمہ کو ممدوح سے بلند کہتے ہین مین اسکو بالکل تسلیم نہین کرتا۔ دلیل شعر آیندہ مین ہی۔

وَمَا سَلَّمْتُ فَوْقَكَ لِلثُّرَيَّا ۔۔۔ وَلَا سَلَّمْتُ فَوْقَكَ لِلسَّمَاءِ

ترجمہ مین نے اس امر کو بھی تسلیم نہین کیا کہ ثریا تجھسے بلند ہی اور نہ یہ تسلیم کیا کہ آسمان تجھ سے اونچا ہی خیمہ کی تو کیا حقیقت ہی کیونکہ تیرا مرتبہ سب سے رفیع ہی پس مین کسطرح خیمہ کو تجھ سے اونچا سمجھون۔

وَقَدْ أَوْحَشْتَ أَرْضَ الشَّامِ حَتَّى ۔۔۔ سَلَبْتَ رُبُوعَهَا ثَوْبَ الْبَهَاءِ

ترجمہ جب تو شام سے نکلا تو اسکی زمین کو تو نے وحشت ناک کر دیا یہان تلک کہ تو نے وہان کی زمین اور بہار کے مقامات کا لباس روشن اتار لیا اب وہان کچھ رونق نہین رہی۔

تَنَفَّسُ وَالْعَوَاصِمُ مِنْكَ عَشْرٌ ۔۔۔ فَيُعْرَفُ طِيبُ ذَلِكَ فِي الْهَوَاءِ

العواصم ثغور معروفة منها حلب والانطاكية۔ ترجمہ جبکہ علاقہ عواصم جنمین حلب وانطاکیہ بھی ہی تجھ سے دس منزل ہوتا ہی اور اسوقت تو سانس لیتا ہی تو مقامات مذکورہ کے باشندون کو اتنے فاصلہ بعید سے تیرے انفاس کی خوشبو معلوم ہو جاتی ہی۔

وقال یہجو السامری

أَسَامِرِيُّ ضُحْكَةَ كُلِّ رَاءٍ ۔۔۔ فَطِنْتَ وَأَنْتَ أَغْبَى الْأَغْبِيَاءِ

سامری منادی منسوب الی سرمن رائے ترجمہ ای مقام سر من رائے کے رہنے والے ای ہر دیکھنے والے کے

مسخرے تو میرے اشعار سمجھ گیا حال آنکہ تو تمام عیبوں سے غبی ہی یعنی تو کیونکر سمجھ گیا باوجودیکہ تو سخت جاہل ہی اور اس خفگی کی یہ وجہ تھی کہ جب متنبی نے سیف الدولہ کے روبرو اپنا وہ قصیدہ جسکا اول یہ ہی واحر قلباہ آخر پڑھا اور باہر چلا گیا تو اس سامری نے سیف الدولہ سے کہا کہ کہو تو میں اسکا سر اُتار لاؤں اسپر اسنے اسکی ہجو کہی۔

صَغُرْتَ عَنِ الْمَدِيْحِ فَقُلْتَ اُهْجٰى	كَاَنَّكَ مَا صَغُرْتَ عَنِ الْهِجَاءِ

ترجمہ جب تو مدح کے قابل نہوا تو نے یہ کہا کہ کاش میں ہجو کیا جاؤں شاید تو اپنی رائے میں اپنے آپکو ہجو کے استحقاق سے کمتر نہیں سمجھتا۔ یعنی تو اس قابل ہی نہیں ہی کہ کوئی تیری ہجو کرے۔

وَمَا فَكَّرْتُ قَبْلَكَ فِيْ مُحَالٍ	وَلَا جَرَّبْتُ سَيْفِيْ فِيْ هَبَاءِ

المحال بالضم من الکلام ما عدل عن وجہہ ترجمہ تجھ سے پہلے میں نے کبھی نکمی اور بُرائی کے کام میں فکر نہیں کی اور نہ اپنی تلوار کو ذرہ پر آزمایا یعنی تیری ہجو کرنا نکما کام ہی۔

حرف الباء

وقال یمدح سیف الدولۃ وہو یسایرہ وقد اشتد المطر

لِعَيْنِيْ كُلَّ يَوْمٍ مِنْكَ حَظٌّ	تَحَيَّرُ مِنْهُ فِيْ اَمْرٍ عُجَابِ

ترجمہ ہر روز میری آنکھ کو تیری جانب سے ایسا حصہ ملتا ہی کہ وہ اُس سے ایک امر عجیب میں حیران رہجاتی ہی تفصیل اگلے شعر میں ہی۔

حِمَالَةُ ذَا الْحُسَامِ عَلٰى حُسَامٍ	وَمَوْقِعُ ذَا السَّحَابِ عَلٰى سَحَابِ

ترجمہ پرتلہ اس معمولی تلوار کا تلوار یعنی سیف الدولہ پر۔ اور برسنا اور موقع اس رسمی ابر کا کرم و بخشش کے ابر پر یعنی تجھ پر۔ یعنی یہ عجب ہی کہ تلوار تلوار پر لٹکتی ہی اور ابر کا مقام ابر پر ہی۔

تَجِفُّ الْاَرْضُ مِنْ هٰذَا الرَّبَابِ	وَتَخْلَقُ مَا كَسَاهَا مِنْ ثِيَابِ

الرباب بالفتح السحاب الابیض جمع ربابۃ ترجمہ اس ابر معمولی سے زمین کچھ عرصہ بعد خشک ہو جاویگی اور جو لباس نباتات کا اُسکو پہنایا ہی وہ کہنہ ہو جاوے گا مگر ممدوح کی عطا دائم و قائم ہی جیسا اگلے شعر میں ہی۔

وَمَا يَنْفَكُّ مِنْكَ الدَّهْرُ رَطْبًا	وَلَا يَنْفَكُّ غَيْثُكَ فِي انْسِكَابِ

ترجمہ اور زمانہ تجھ سے تیری عطا کے سبب ہمیشہ تر رہے گا۔ اور تیرا ابر عطا ہمیشہ برستا رہے گا یعنی تیری عطا بطور باقیات صالحات کے ہی جسکا فیض خلق سے منقطع نہو گا۔ بخلاف ابر کے کہ اُسکا فیض چند روزہ ہی۔

تُسَايِرُكَ السَّوَارِيْ وَالْغَوَادِيْ	مُسَايَرَةَ الْاَحِبَّاءِ الطِّرَابِ

السواری السحب السارية فی اللیل دون النهار لان السُّریٰ مخصوص باللیل - والغوادی ما غدا من السحب - والطراب الذی تطرب وہو الذی یحرک الشوق واحدہ طرب وطروب ترجمہ ابرہائے شب وصبح تیرے ساتھ عطا کا سبق لینے کو ایسے چلتے ہین جیسا ایک دوست دوسرے دوست خندان رو کے ساتھ چلتا ہی۔

تُفِيْدُ الْجُوْدَ مِنْكَ فَتَحْتَذِيْهِ	وَتَعْجِزُ عَنْ خَلَائِقِكَ الْعِذَابِ

تفید بمعنی تستفید ترجمہ وہ ابر تجھسے جود حاصل کرتا ہی سو وہ اُسکا اقتدا کرتا ہی یعنی کسی قدر وہ بھی عطا کرنے لگتا ہی مگر تیرے شیرین اخلاق کے مشابہ ہونے سے عاجز رہتا ہی یعنی تو اپنے سائلون کو خوشروئی کے ساتھ بخشتا ہی اور ابر ترش رو او روئی صوت بکر- **وقال وقد انشد سیف الدولة بیتا وہو-**

خَرَجْتُ غَدَاةَ النَّفْرِ اَعْتَرِضُ الدُّمٰی	فَلَمْ اَرَ اَحْلٰی مِنْكَ فِی الْعَیْنِ وَالْقَلْبِ

فقال ابو الطیب

فَدَیْنَاكَ اَهْدَی النَّاسِ سَهْمًا اِلٰی قَلْبِیْ	وَاَقْتَلَهُمْ لِلدَّارِعِیْنَ بِلَا حَرْبِ

اہدی اسم منادی باسقاط حرف النداء وہو من الہدایۃ وقال الواحدی اہدی من ہدیت ہدی فلان ای قصدت قصدہ ترجمہ ہم تجھ پر قربان اے وہ شخص کہ اُسکا تیر میرے دلکی طرف بہت راہ پاتا ہی یا وہ میرے دلکی طرف زیادہ قصد کرتا ہی یعنی میرا دل اُسکا خاص نشانہ ہی اور اے وہ شخص جو زرہ پوشون کو بے قصد لڑائی کے زیادہ قتل کرتا ہی یعنی بے لڑائی تیر نگاہ سے اُن کو قتل کرتا ہی۔

تَفَرَّدَ بِالْاَحْكَامِ فِیْ اَهْلِهِ الْهَوٰی	فَاَنْتَ جَمِیْلُ الْوَجْهِ مُسْتَحْسَنُ الْكِذْبِ

ترجمہ محبت کے احکام اہل محبت مین انوکھے والیلے ہین۔ خلاف وعدگی اور جھوٹ سب کے نزدیک برے ہین مگر یہ دونون امر تیرے لئے اچھے وزیبا ہین۔ یا یہ کہ تو جمیل الوجہ ہی بایں ہمہ تیرا جھوٹ اچھا معلوم ہوتا ہی ونعم ما قیل ؎ وکل ما یفعل المحبوب محبوب ٭ ولله در القائل ؎ ویقبح من سواک الفعل عندی ٭ وتفعلہ فیحسن منک ذاک حضرت شبلیؒ سے کسی نے پوچھا کہ مکر سب کے لئے برا ہی خدا کی طرف کیسے اچھا معلوم ہوا۔ تو جواب مین اُنھون نے یہ شعر پڑھا۔

وَاِنِّیْ لَمَمْنُوْعُ الْمَقَاتِلِ فِی الْوَغٰی	وَاِنْ كُنْتُ مَبْذُوْلَ الْمَقَاتِلِ فِی الْحُبِّ

ترجمہ اور بیشک میری جاہائے قتل یعنی وہ جگہہ جہان زخم لگنے سے مجروح مرجاتا ہی لڑائی مین محفوظ ہین اور کوئی اُس جگہہ زخم نہین مار سکتا ہی بسبب میری شجاعت اور واقفیت فنون سپہ گری کے اور اگرچہ میرے مقتل محبت مین سبیل ہین۔

وَمَنْ خُلِقَتْ عَیْنَاكَ بَیْنَ جُفُوْنِهٖ	اَصَابَ الْحُدُوْرَ السَّهْلَ فِی الْمُرْتَقَی الصَّعْبِ

الحدور بالفتح الحکا ای جای نشیب وبالضم الحط من علو الی سفل وقولہ اصاب السہل فی المرتقے الصعب مثل معناہ سہل علیہ ما یشق

علی غیرہ - ترجمہ جسکے پلکون مین تیری سی اچھی دو آنکھین پیدا کی جاوینگی تو اُسکو اُس جگہہ جہان کی چڑھائی دشوار ہی عمدہ وسہل اُتار کی جگہہ ملجاویگی یعنی ہر امر دشوار اُس کو سہل ہو جاوے گا۔

وقال یعزیہ عن عبدیماک ؟ تشدت بالحلب سنۃ اربعین وثلثمائۃ

لَا یُحْزِنِ اللّٰہُ الْاَمِیْرَ فَاِنَّنِیْ ۔۔۔ لَاٰخُذُ مِنْ حَالَاتِہٖ بِنَصِیْبِ

لا یحزن اللہ ہو مجزوم دعا لہ ای لا یحزنہ اللہ بشئی ترجمہ خدا امیر سیف الدولہ کو کسی غم مین مبتلا نکرے اور دعا کی وجہ یہ ہی کہ مجکو اُسکے حالات شادی و غم سے پورا حصہ ملتا ہی سو مین چاہتا ہون کہ مجکو اُس کے جانب سے خوشی کا حصہ ملے نہ غم کا۔

وَمَنْ سَرَّ اَھْلَ الْاَرْضِ ثُمَّ بَکٰی اَسًی ۔۔۔ بَکٰی بِعُیُوْنٍ سَرَّھَا وَقُلُوْبِ

ترجمہ اور جسنے تمام اہل زمین کو خوش کیا اور پھر بسبب کسی غم کے رویا تو وہ اُن تمام آنکھون سے اور سب دلونسے جنکو اُس نے خوش کیا تھا رویگا یعنی اُسکا غم سب کو غمگین کرے گا۔

وَاِنِّیْ وَاِنْ کَانَ الدَّفِیْنُ حَبِیْبَہٗ ۔۔۔ حَبِیْبٌ اِلٰی قَلْبِیْ حَبِیْبُ حَبِیْبِیْ

حبیبٌ خبر انّ ترجمہ اور اگرچہ شخص مدفون سیف الدولہ کا حبیب ہی مگر بیشک میرا یہ حال ہی کہ دوست کا دوست میرا دلی دوست ہی۔ مثل مشہور ہی کہ محبُّ المحب محبٌّ۔

وَقَدْ فَارَقَ النَّاسُ الْاَحِبَّۃَ قَبْلَنَا ۔۔۔ وَاَعْیَا دَوَاءُ الْمَوْتِ کُلَّ طَبِیْبِ

ترجمہ اور بیشک ہم سے پہلے تمام لوگون نے اپنے دوستون سے مفارقت اختیار کی ہی اور موت کی دوا نے ہر طبیب کو عاجز کر دیا تو ایسی صورت مین مصیبت زدہ کو صبر لازم ہی۔ مرگ انبوہ جشنے دارد۔

سُبِقْنَا اِلَی الدُّنْیَا فَلَوْ عَاشَ اَھْلُھَا ۔۔۔ مُنِعْنَا بِھَا مِنْ جَیْئَۃٍ وَذُھُوْبِ

ترجمہ دنیا مین ہم سے پہلے لوگ لائے گئے سو اگر وہ سب جیتے رہتے تو ہم آنے اور جانے سے روکے جاتے یعنی بسبب کثرت آبادی کے کوئی چل پھر نہ سکتا خلاصہ یہ ہی کہ مرگ حکمت سے خالی نہین ہی۔

تَمَلَّکَھَا الْاٰتِیْ تَمَلُّکَ سَالِبٍ ۔۔۔ وَفَارَقَھَا الْمَاضِیْ فِرَاقَ سَلِیْبِ

ترجمہ آئندہ آنیوالا اپنے وارث کا ایسا وارث ہو جاتا ہی جیسا چھیننے والا۔ اور جانیوالا اُسکو ایسا چھوڑ جاتا ہی۔ جیسا چھینا گیا شخص یعنی وارث بمنزلہ سالب ہی اور مورث بجائے مسلوب کے۔ سچ ہی ان ما فی ایدیکم اسلاب الہالکین وستترکہا الباقون کما ترکہا الاولون۔

وَلَا فَضْلَ فِیْھَا لِلشَّجَاعَۃِ وَالنَّدٰی ۔۔۔ وَصَبْرِ الْفَتٰی لَوْلَا لِقَاءُ شَعُوْبِ

شعوب من اسماء المنیۃ معرفۃ لا یدخلہا التعریف وسمیت شعوبا لانہا تفرق مشتقۃ من الشعبۃ وہی الفرقۃ ترجمہ اگر ملاقات

موت یعنی مرنا یقینی نہوتا تو دُنیا مین شجاعت وسخاوت اور جوان مرد کے صبر کو کچھ فضیلت نہوتی۔ شجاعت کو تو اسوجہ سے شجاع کی تعریف اسلئے کیجاتی ہو کہ وہ باوجود خوف موت مرنے سے نہین ڈرتا اور جب موت کا خوف ہی نرہا تو شجاعت قابل تعریف نرہی۔ اور سخاوت اور صبر کی اسوجہ سے فضیلت نہوتی کہ جب مرنا نہین رہا تو اگر کوئی کثرت سخاوت سے مفلس ہوگیا یا اُسکو کسی طرح کا سخت صدمہ پہنچا تو چونکہ دوام بقا مین تبدل حالات یعنی تنگدستی کے بعد فراخی اور سختی کے بعد نرمی ہوا کرتی ہو تو آخر یہ افلاس اور شدت صدمہ جاتے رہین گے اب چونکہ موت یقینی ہو تو بسبب افلاس وسختی صدمہ موت کا احتمال قوی ہو تو اس صورت مین سخاوت وصبر نہایت قابل قدر ہین۔ وہذا غایۃ تحریر الکلام فی ہذا المقام۔

وَاَوْفٰی حَیٰوۃِ الْغَابِرِیْنَ لِصَاحِبٍ … حَیٰوۃُ امْرَئٍ خَانَتْہُ بَعْدَ مَشِیْبٍ

ترجمہ گذشتون مین سب سے زیادہ وفا کرنے والی اُس شخص کی زندگی ہو کہ اُس زندگی نے اُس سے بعد بڑھاپے کے بیوفائی کی ہو۔ یعنی مرنا برحق ہو جوان نہ مرا تو بعد بڑھاپے کے مرنا لازم ہو پس کسی کے مرنے پر افسوس کرنا نامناسب ہو۔

لَاَبْقٰی یَمَاکُ فِیْ حَشَایَ صَبَابَۃً … اِلٰی کُلِّ تُرْکِیِّ النِّجَارِ جَلِیْبٍ

النجار الاصل وجلیب مجلوب من ملدالی ملد ترجمہ بخدا پاک میرے باطنی اعضا مین ایک قت اور محبت ہر ترکی الاصل کی جو ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف لایا گیا ہو چھوڑ گیا۔

وَمَا کُلُّ وَجْہٍ اَبْیَضٍ بِمُبَارَکٍ … وَلَا کُلُّ جَفْنٍ ضَیِّقٍ بِنَجِیْبٍ

لظاہر انارا وبجفن ضیق من لاینظر الی کل احد لغرور حسنہ ترجمہ ہر شخص سفید رو مبارک نہین ہوتا اور نہ حسین تنگ چشم شریف ہوتا ہو یعنی یہ دونون خوبیان پاک ہی مین جمع تھین۔ تنگ چشم وہ حسین ہو جو بغرور حسن ہر شخص کی طرف نہ دیکھے ورنہ محمود تو فراخی چشم ہو قال الجامی رحمۃ اللہ علیہ شگافے زد بصد افسون ونیرنگ ٭ دران خیمہ چو چشم خیمگی تنگ ٭ اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ ترک لوگ تنگ چشم ہوتے ہین یعنی اُنکی آنکھین چھوٹی ہوتی ہین پس حاصل یہ ہوا کہ ہر ترک تنگ چشم شریف نہین ہوتا بلکہ یہ جوہر پاک ہی مین پایا جاتا تھا۔

لَئِنْ ظَہَرَتْ فِیْنَا عَلَیْہِ کَاٰبَۃٌ … لَقَدْ ظَہَرَتْ فِیْ حَدِّ کُلِّ قَضِیْبٍ

اللام للقسم دخلت علی حرف الشرط وجوابہ محذوف ای لاباس ولاعجب۔ والقضیب السیف الخفیف الدقیق ترجمہ بخدا اگر ہم مین جو ذوی العقول ہین اُسپر بیچینی اور غم ظاہر ہوا تو کیا تعجب ہو کیونکہ یہ غم ہر ہلکی تیز تلوار مین بھی ظاہر ہوا باوجودیکہ وہ ذوی العقول مین نہین ہو۔ اور وجہ ظہور غم تلوارون مین یہ ہو کہ وہ اُسکا استعمال خوب کرتا تھا۔

وَفِیْ کُلِّ قَوْسٍ کُلَّ یَوْمٍ تَنَاضُلٍ … وَفِیْ کُلِّ طِرْفٍ کُلَّ یَوْمٍ رُکُوْبٍ

الطرف الفرس الکریم ذکرا کان او انثٰی ترجمہ اور اُسکا غم ہر کمان مین بروز تیر اندازی اور ہر عمدہ گھوڑے مین بروز سواری ظاہر ہوا۔ کیونکہ وہ ان دونون چیزون مین اُستاد اور اُن کا قدردان تھا۔

يَعِزُّ عَلَيْهِ اَنْ يَخِلَّ بِعَادَةٍ	وَتَدْعُوْ لِاَمْرٍ وَهُوَ غَيْرُ مُجِيْبِ

ان یخل فاعل یعز و اسکن الواو فی تدعو مع انہ حقہا الفتح للعطف علی یخل للضرورۃ ترجمہ پاک کو اپنی عادت کا ترک کرنا ناگوار ہے کر تو اسکو کسی کام کے لئے پکارے اور وہ مجیب نہ ہو۔

وَكُنْتُ اِذَا اَبْصَرْتُهُ لَكَ قَائِمًا	نَظَرْتُ اِلٰى ذِي لِبْدَتَيْنِ اَدِيْبِ

واللبدۃ من الصوف الذی علی کتفی الاسد وقیل الوفرۃ التی علی العنق ترجمہ اور مین جب اُس کو تیرے پاس کھڑا دیکھتا تھا تو مین ایک شیر با ادب جسکے دونون دوش یا گردن پر بڑے جھبڑے بال تھے دیکھتا تھا یعنی وہ جامع شجاعت و ادب تھا۔

فَاِنْ تَكُنِ الْعِلْقَ النَّفِيْسَ نَقَدْتَهُ	فَمِنْ كَفِّ مِتْلَافٍ اَغَرَّ وَهُوْبِ

المصراع الاول من قبیل الاضمار علی شریطۃ التفسیر۔ والعلق شیٔ یضن بہ وقیل ہو ما تعلق بہ الفؤاد ترجمہ سو اگر تو نے پیاری نفیس شیٔ گم کی ہے یعنی پاک کو تو تو نے اُسکو ایسے ہاتھ سے تلف کیا ہے جو بسبب غایت کرم کے اشیا کا بڑا تلف کرنیوالا اور روشن رو اور نہایت بخشش کرنے والا ہے سو اب تو یہ سمجھ کہ ہم نے اُس کو کسی کو بخشدیا ہے تو پھر رنج کا کیا موقع ہے۔

كَاَنَّ الرَّدٰى عَادٍ عَلٰى كُلِّ مَاجِدٍ	اِذَا لَمْ يُعَوِّذْ مَجْدَهُ بِعُيُوْبِ

الردی ہو الموت۔ وعاد ای ظالم متعد۔ والماجد الکامل الشرف ترجمہ موت گویا ہر شریف و کریم شخص پر ظلم و تعدی کرنیوالی ہے اُس وقت مین کہ جب وہ شریف اپنی شرافت کو عیوب کی پناہ مین نہ دے یعنی اگر اُسمین کوئی عیب نہو تو اسکو چشم بد کا زیان پہنچتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ پاک بے عیب تھا اس لئے موت نے اُسپر دست درازی کی۔ یا یہ کہ سیف الدولہ کا کرم و مجد اور اُسکی دولت بے عیب تھی اور اس لئے چشم بد کا اُسکو خوف تھا۔ پاک کا مرگ اُسکی دولت کے لئے ایک قسم کا عیب ہے اور عین حکمت ہے کہ اس عیب کے سبب اُسکی دولت نظر بد سے بچ گئی مگر یہ مضمون خلاف مدح و شان ممدوح ہے پس اول اولیٰ ہے و ما احسن ما قیل ۔ شخص الانام الی کمالک فاستعذ من شر اعینہم بعیب واحد۔

وَلَوْ لَا اَيَادِي الدَّهْرِ فِي الْجَمْعِ بَيْنَنَا	غَفَلْنَا فَلَمْ نَشْعُرْ لَهُ بِذُنُوْبِ

ترجمہ اور اگر زمانہ کے احسانات درباب ہمارے جمع کر دینے کے نہوتے تو ہم اُسکے گناہون سے جو وہ ہمپر کرتا ہے غافل ہوتے اور اُنکی ہمکو خبر بھی نہوتی۔

وَلَلتَّرْكُ لِلْاِحْسَانِ خَيْرٌ لِمُحْسِنٍ	اِذَا جَعَلَ الْاِحْسَانَ غَيْرَ رَبِيْبِ

ترجمہ جبکہ کوئی محسن اپنا احسان نہ نباہے اور اُسکو پورا نہ کرے تو اُس احسان کا چھوڑنا اسکے لئے بہتر ہے یعنے احسان ناتمام سے اُس کا ترک بہتر ہے۔

وَاِنَّ الَّذِي اَمْسٰى نِزَارُ عَبِيْدَهُ	غَنِيٌّ عَنِ اسْتِعْبَادِهٖ لِغَرِيْبِ

ترجمہ اور بیشک وہ شخص جسکے قوم نزار غلام ہین وہ ایک مسافر کے غلام بنانیسے بے پروا ہی۔

كَفَى بِصَفَاءِ الْوُدِّ رِقًّا لِمِثْلِهِ	وَبِالْقُرْبِ مِنْهُ مَفْخَرًا لِلَّبِيبِ

الباءان زائدتان۔ والضمیر فی مثلہ لسیف الدولۃ ترجمہ سیف الدولہ جیسے نامور شخص کے لئے یہ کافی ہی کہ لوگونکو بسبب اپنی صاف محبت کے غلام بنالے اور عاقل یا اُسکے ہم نسب کے لئے واسطے فخر کے اُسکا قرب ومحبت بس ہی۔

فَعُوِّضَ سَيْفُ الدَّوْلَةِ الْأَجْرَ إِنَّهُ	أَجَلُّ مُثَابٍ مِنْ أَجَلِّ مُثِيبِ

الضمیر فی انہ للاجر ویکون المثاب مصدراً بمنزلۃ الثواب والمثیب ہو اللہ تعالیٰ ویجوز ان یکون الضمیر لسیف الدولۃ ویکون المثاب مفعولاً من الاثابۃ ترجمہ صورت اول مین یہ ہی سیف الدولہ بسبب موت غلام کے نیک اجر کا عوض دیا جاوے کیونکہ بیشک وہ اجر خداوند تعالیٰ کیطرف سے بڑی نعمت ہی اور صورت دوم مین یہ کہ سیف الدولہ بڑا ماجور ہی خدا کی طرف سے۔

فَتَى الْخَيْلِ قَدْ بَلَّ النَّجِيعُ نُحُورَهَا	يُطَاعِنُ فِي ضَنْكِ الْمَقَامِ عَصِيبِ

ضنک صفۃ محذوف ای فی یوم ضنک وہو الضیق۔ والعصب الشدید ترجمہ وہ اُن گھوڑون کا جنکے سینے اعدا کے خون سے تر ہین شہسوار ہی اور وہ اُس سخت روز مین جہان بہادرونکا ٹھہرنا اور اُن کے پاؤن کا جمنا دشوار ہی نیزہ بازی کرتا ہی

يَعَافُ خِيَامَ الرَّيْطِ فِي غَزَوَاتِهِ	فَمَا خَيْمُهُ إِلَّا غُبَارُ حُرُوبِ

الریط الملاء البیض۔ ویعاف یکرہ والخیم جمع خیمۃ۔ ترجمہ وہ اپنی لڑائیون مین ریشمی خیمون مین قیام کرنا مکروہ جانتا ہی اُسکے خیمے نہین ہین مگر لڑائی کے غبار یعنی وہ عیش طلب نہین ہی بلکہ جفاکش وسخت مزاج ہی۔

عَلَيْنَا لَكَ الْإِسْعَادُ إِنْ كَانَ نَافِعًا	بِشَقِّ قُلُوبٍ لَا بِشَقِّ جُيُوبِ

ترجمہ اگر اس مصیبت مین ہماری امداد تیرے لئے نافع ہو تو ہمکو لازم ہی کہ تیری مدد اپنے دل چیر کر کرین گریبان کو چاک کرنا تو کیا حقیقت رکھتا ہی۔

فَرُبَّ كَئِيبٍ لَيْسَ تَنْدَى جُفُونُهُ	وَرُبَّ كَثِيرِ الدَّمْعِ غَيْرُ كَئِيبِ

ترجمہ سو بہت سے بے چین شخص ہین جنکی پلکین آنسوؤن سے تر نہین ہوتین اور بہت سے بکثرت رونیوالے ہین کہ وہ بے چین نہین ہین یعنی آنسو غم کی دلیل نہین ہین۔ بہت سے غمگین نہین روتے اور بہت رونیوالے غمگین نہین ہین

تَسَلَّ بِفِكْرٍ فِي أَبَيْكَ فَإِنَّمَا	بَكَيْتَ فَكَانَ الضِّحْكُ بَعْدَ قَرِيبِ

ابیک بفتح الباء اثبتہ ابن جنی یرید ابویک وہی لغۃ صحیحۃ معروفۃ ترجمہ تو اپنے والدین کی مصیبت کو سوچکر تسلی حاصل کر کیونکہ اول تو اُن کے غم مین تو رودیا اور پھر عنقریب خوشی آموجود ہوئی یعنی ایسا ہی حال اس صدمہ کا ہوگا کہ بہت جلد بھولجائے گا اور ہنسنے لگے گا۔

إِذَا اسْتَقْبَلَتْ نَفْسُ الْكَرِيمِ مُصَابَهَا	بِخُبْثٍ ثَنَتْ فَاسْتَدْبَرَتْهُ بِطِيبِ

اراد بالخبث الجزع و بالطیب الصبر و ترک الجزع و معنی شنت صرفت ای صرفت النفس الخبث ترجمہ جب کہ شریف آدمی کی طبیعت اول نزول مصیبت مین بجزع و فزع پیش آتی ہی تو وہ صبر کی طرف رجوع کر کے اُس مصیبت کو لوٹا دیتی ہی اور اُس مصیبت کے پیچھے صبر و خوشدلی کو لاتی ہی خلاصہ یہ کہ عمدہ آدمی اوائل صدمہ مین گھبرا کر اور پھر سوچ سمجھ کر صبر و تسلیم کو اختیار کرتا ہی اور اسی سے صدمہ آسان ہو جاتا ہی اور جو ایسا نہین ہوتا وہ سخت دشواریون مین گرفتار رہتا ہی۔

وَلِلْوَاجِدِ الْمَكْرُوبِ مِنْ زَفَرَاتِهِ		سُكُونُ عَزَاءٍ اَوْ سُكُونُ لُغُوبِ	

ترجمہ غمگین بیچین کے لئے اُسکے نالون اور آہون کے انجام یا تو سکون و قرار صبر کا ہی یا درماندگی کا یعنی انجام بیقراری کا قرار ہی یا تو بسبب صبر کے اور اسمین اجر ملتا ہی یا بسبب تھکنے کے اور اس صورتمین اجر سے محروم رہتا ہی۔

وَكَمْ لَكَ جَدًّا لَمْ تَرَ الْعَيْنُ وَجْهَهُ		فَلَمْ تَجْرِ فِي آثَارِهِ بِغُرُوبِ	

جدا منصوب علی التمیز۔ وکم ان کانت خبریۃ فقد فصلت بینہا وبین معمولہا فبطل عملہا وان کانت للاستفہام فالنصب ظاہر ترجمہ اور تیرے کسقدر اجداد ہین کہ تیری آنکھون نے اُن کا منھ نہین دیکھا تو نے اُن کے غم مین اُنکے پیچھے آنسوؤن کے ڈول نہین بہائے جبکہ ایسے صدمات پر تو نے صبر کیا ہی ایک اجنبی غلام پر صبر کرنا کیا دشوار ہی۔

فَدَتْكَ نُفُوسُ الْحَاسِدِينَ فَإِنَّهَا		مُعَذَّبَةٌ فِي حَضْرَةٍ وَمَغِيبِ	

ترجمہ تجھ پر حاسدون کی جانین قربان ہو جاوین کیونکہ وہ جانین تیرے حضور اور غیبت دونون مین عذاب دیگئی ہین۔

وَفِي تَعَبٍ مَنْ يَحْسُدُ الشَّمْسَ نُورَهَا		وَيَجْهَدُ اَنْ يَأْتِيْ لَهَا بِضَرِيبِ	

نورہا بدل من الشمس۔ واسکن الیاء فی یاتی للضرورۃ ترجمہ تیرے حاسد کسطرح دائمی تکلیف مین نہین کیونکہ جو شخص آفتاب کے نور پر حسد کرے اور اس امر کی کوشش کرتا رہے کہ آفتاب کا مثل پیدا کرون تو وہ شخص ہمیشہ رنج و تعب مین رہے گا۔ نہ آفتاب کا مثل ہوگا نہ اُسکا حسد کا مرض جاوے گا۔ خلاصہ یہ کہ تو آفتاب ہی۔

وقال یمدحہ و یذکر بناء مرعش سنۃ احدی واربعین و ثلثمایۃ

فَدَيْنَاكَ مِنْ رَبْعٍ وَاِنْ زِدْتَنَا كَرْبًا		فَاِنَّكَ كُنْتَ الشَّرْقَ لِلشَّمْسِ وَالْغَرْبَا	

المربع المنزل فی کل اوان۔ والربع المنزل فی الربیع خاصۃ ترجمہ ای خانہ حبیب ہم تجھ پر قربان اگرچہ تو نے بسبب یاد ایام وصال کے ہماری بیچینی زیادہ کردی ہی کیونکہ کبھی تو محبوب کے لئے مشرق تھا کہ تجھ مین سے وہ نکلتا تھا اور کبھی اُسکے لئے مغرب کہ وہ تجھ مین داخل ہو کر پوشیدہ ہو جاتا تھا۔ اس قسم کے عرب کے اشعار اس بنا پر ہوتے ہین کہ جس جگہ پانی اور مویشی کی چراگاہ ہوتی تھی تو مختلف قومین فروکش ہوتی اُس جگہ چندروز کے لئے آباد ہو جاتے تھے اور باہم ملاقاتین اور عشق بازی کے روابط پیدا ہو جاتے تھے اور جب پانی نہین رہتا تھا تو تمام قومین وہان سے چل پڑتی تھین

اور سیلہ بجھ جاتا تھا کوئی کہین گیا اور کوئی کہین۔ پھر جب کسی اتفاق سے وہان کو گذر ہوتا تھا تو وہ کھنڈر اور نشان مقامات منہدمہ دیکھ کر اور ایام ملاقات یاد کر کے دردمند ہوتے تھے اور عاشقانہ اشعار کہتے تھے اور خود روتے اور سامعین کو رلاتے تھے اور اسکی کیفیت دردمند خوب جانتا ہی۔

وَكَيْفَ عَرَفْنَا رَسْمَ مَنْ لَمْ يَدَعْ لَنَا	فُؤَادًا لِعِرْفَانِ الرُّسُوْمِ وَلَا لُبًّا

ترع بالتاء والیاء فمن روی بالتاء الفوقانیۃ حملہ علی المعنی لان المراد من امرأۃ ومن روی بالیاء التحتیۃ فہو علی لفظ من ترجمہ اور ہمنے کسطرح پہچانے نشان گھر اُس محبوب کے جسنے ہمارے لیے دل اور عقل واسطے شناخت نشانون کے نہین چھوڑے یعنی یہ عجیب امر ہی کہ اس بیہوشی مین بھی قوت شناخت باقی رہی۔

نَزَلْنَا عَنِ الْأَكْوَارِ نَمْشِيْ كَرَامَةً	لِمَنْ بَانَ عَنْهُ أَنْ نُلِمَّ بِهٖ رَكْبًا

الاکوار جمع کور وہو رحل الناقۃ ترجمہ جب ہم اُس اُجڑے دیار پر پہنچے تو ہم کجاوون سے اُتر پڑے اور پیادہ ہونے واسطے تعظیم اُس محبوب کے جو اُس دیار سے جدا ہو گیا تھا۔ اسبات سے بچنے کو کہ ہم اُسکی زیارت بحالت سواری کرین۔

نَذُمُّ السَّحَابَ الْغُرَّ فِيْ فِعْلِهَا بِهٖ	وَنُعْرِضُ عَنْهَا كُلَّمَا طَلَعَتْ عَتْبًا

السحاب جمع سحابۃ ترجمہ ابر ہائے سفید کی (جو بہت برسنے والے ہوتے ہین) اس جرم مین کہ اُنھون نے گھرون کے نشان کے ساتھ کیا تھا (یعنی نشان مکان محبوبہ مٹا دئے تھے) ہم مذمت کرتے ہین اور جب وہ ابر ظاہر ہوتے ہین تو ہم براہ عتاب اُن سے روگردانی کرتے ہین۔

وَمَنْ صَحِبَ الدُّنْيَا طَوِيْلًا تَقَلَّبَتْ	عَلٰى عَيْنِهٖ حَتّٰى يَرٰى صِدْقَهَا كِذْبًا

ترجمہ اور جو شخص ایک عرصہ تلک دنیا کا مصاحب رہا ہو اور اُسکو خوب جانچا ہو تو دنیا یعنی اُسکا کارخانہ اُسکی نظر مین اُلٹا معلوم ہوگا یہان تلک کہ اُسکے سچ کو جھوٹ دیکھے گا کہ وہ محض دھوکے کی ٹٹی ہی۔ قال ابونواس ؎

إِذَا امْتَحَنَ الدُّنْيَا لَبِيْبٌ تَكَشَّفَتْ	لَهٗ عَنْ عَدُوٍّ فِيْ ثِيَابِ صَدِيْقٍ
وَكَيْفَ الْتِذَاذِيْ بِالْأَصَائِلِ وَالضُّحٰى	إِذَا لَمْ يَعُدْ ذَاكَ النَّسِيْمُ الَّذِيْ هَبَّا

الاصائل جمع اصیل وہو آخر النہار۔ والضحی مقصور یونث ویذکر وہو حین تشرق الشمس ترجمہ اور مین کیسے اوقات آخر روز و چاشت سے لذت اُٹھاؤن جب تلک کہ وہ ہوا کے سابق جو چلی تھی لوٹ نہ آوے۔ یعنی ہوائے محبوب یا اُس کا وصال یا ہوائے ایام شباب۔

ذَكَرْتُ بِهٖ وَصْلًا كَأَنْ لَمْ أَفُزْ بِهٖ	وَعَيْشًا كَأَنِّيْ كُنْتُ أَقْطَعُهٗ وَثْبًا

ترجمہ منزل محبوب پر جو مین گذرا تو مین نے اُسکا وہ وصل یاد کیا جو بسبب کمی عرصہ وصل ایسا تھا گویا کہ وہ مجکو حاصل نہین ہوا تھا اور اُس عیش سریع الانقضا کو کہ گویا کودتے ہوئے اُسکو ختم کیا تھا۔

وَفَتَّانَةَ الْعَيْنَيْنِ قَتَّالَةَ الْهَوٰى ۔۔ اِذَا نَفَحَتْ شَيْخًا رَوَائِحُهَا شَبَا

فتانۃ منصوبۃ عطفاً علی معمول ذکرت وعدی النفح علی المعنی لا علی اللفظ کانہ قال اصابت ترجمہ اور مینے یاد کیا محبوبہ کو جسکی آنکھین فتنہ خیز اور اُسکی محبت بڑی خونریز ہی۔ جبکہ اُسکی بو ہائے خوش پیر ضعیف کو چھو جاوین تو فوراً جوان ہوجاوے اور اُسکی جوانی لوٹ آوے۔

لَهَا بَشَرُ الدُّرِّ الَّذِیْ قُلِّدَتْ بِهٖ ۔۔ وَلَمْ اَرَ بَدْرًا قَبْلَهَا قُلِّدَ الشُّهْبَا

الشہبا جمع شہب یعنی الدرۃ او جمع اشہب یعنی الکوکب لذکرہ البدر او جمع شہاب وہو النجم ترجمہ اس محبوبہ کا ظاہر بدن صفائی وآب وتاب مین اُس موتی کے موافق ہی جسکا وہ ہار پہنائی گئی ہی۔ اور اُس سے پہلے مینے کبھی ایسا بدر نہین دیکھا جسکو ستارون کا ہار پہنایا گیا ہو۔

فَيَا شَوْقِ مَا اَبْقٰى وَيَالِیْ مِنَ النَّوٰى ۔۔ وَيَا دَمْعِ مَا اَجْرٰى وَيَا قَلْبِ مَا اَصْبَا

قولہ یالی یحتمل ان یکون اراد اللام المفتوحۃ التی للاستغاثۃ کانہ استغاث بنفسہ من النوی۔ ویحتمل ان یکون اللام المکسورۃ التی للمستغاث من اجلہ کانہ قال یا قوم اعجبوا لی النوی۔ حذفت یاءات الاضافۃ تخفیفاً لان الکسرۃ تدل علیہا وبہ کثیر فی القرآن کقولہ ویا قوم ترجمہ سواے میرے شوق تو کسقدر پائدار ہی اور ای میرے جی صدمات فراق سے میری فریادرسی کر یا ای قوم میرے صدمات فراق سے تعجب کرو۔ اور ای میرے اشک تو کسقدر کثرت سے بہنے والا ہی اور ای میرے دل تو کسقدر فریفتہ وعشقباز ہی۔

لَقَدْ لَعِبَ الْبَيْنُ الْمُشِتُّ بِهَا وَبِیْ ۔۔ وَزَوَّدَنِیْ فِی السَّيْرِ مَا زَوَّدَ الضَّبَّا

اراد بلعب البین اقتدارہ علیہم۔ وقولہ ما زود الضبا یرید بہ ما یقال ان الضب اذا خرج من سربہ لم یہتد الیہ ولذا یقال احیر من الضب۔ وقیل ان الضب لا یتزود فی المفازۃ لانہ لا یحتاج الی الماء ابدا ترجمہ بخدا جدائی تفرقہ انداز محبوبہ مجھ پر کھیل گئی یعنی محیط ہوگئی اور سیر اور سفر مین اُسنے مجھے وہ توشہ دیا جو اُسنے سوسار یعنی گوہ کو توشہ دیا یعنی حیرانی کا کہتے ہین کہ جب گوہ اپنے سوراخ سے نکلکر کہین جاتی ہی تو وہ پھر اپنے بل کو نہین پاتی اور حیران پھرا کرتی ہی۔ یعنی مین بسبب فرط عشق کے ہمیشہ حیران وسرگردان پھرتا رہتا ہون اور گھر کی راہ نہین پاتا۔ یا یہ معنی کہ جیسے گوہ جنگل مین کچھ توشہ جمع نہین کرتی یہان تک کہ کبھی پانی بھی نہین پیتی ایسا ہی مین بے توشہ رہتا ہون یعنی معشوق مجھ سے بے ملے چلا گیا ہی اور مجھے رخصت نہین کیا کہ اُسکی آخری ملاقات اور اخیر کی نظر بجائے توشہ ہوتی اسلئے مین بے توشہ ہون۔

کما قال المتنبی فی قصیدۃ

قِفَا قَلِيْلًا بِهَا عَلَیَّ فَلَا ۔۔ اَقَلَّ مِنْ نَظْرَةٍ اُزَوَّدُهَا

وَمَنْ تَكُنِ الْاُسْدُ الضَّوَارِیْ جُدُوْدَهٗ ۔۔ يَكُنْ لَيْلُهٗ صُبْحًا وَمَطْعَمُهٗ غَصْبَا ٦

ترجمہ اور جسکے امداد شیران درندہ ہون تو اُسکی رات بمنزلہ صبح کے اور اُسکا کھانا چھین جھپٹ سے ہوتا ہی رات بمنزلہ صبح کے یعنی کہ ظلمت شب اُسکے ارادون کو نہین روکتی۔

وَلَسْتُ أُبَالِي بَعْدَ إِدْرَاكِيَ الْعُلَى	أَكَانَ تُرَاثًا مَا تَنَاوَلْتُ أَمْ كَسْبًا

التراث ہو المال الموروث ترجمہ مین بعد اسکے کہ معالے امور حاصل کرون ابات کی پروا نہین کرتا کہ جو مین نے حاصل کیا ہے وہ مال موروثی ہی یا میرا پیدا کیا ہوا سغرض میرا مقصود حصول رفعت قدر ہی دگر ہیچ۔

فَرُبَّ غُلَامٍ عَلَّمَ الْمَجْدَ نَفْسَهُ	كَتَعْلِيمِ سَيْفِ الدَّوْلَةِ الدَّوْلَةَ الضَّرْبَا

ترجمہ سو بہت سے ایسے غلام ہین کہ اُنھون نے اپنی طبیعت کو بزرگی آپ سکھالی ہی یعنی بے تعلیم معلم کے جیسا کہ سیف الدولہ نے اپنے الکاران دولت کو یا خود دولت کو شجاعت اور ضرب بے تعلیم معلم کے سکھالی ہی۔

إِذَا الدَّوْلَةُ اسْتَكْفَتْ بِهِ فِي مُلِمَّةٍ	كَفَاهَا فَكَانَ السَّيْفَ وَالْكَفَّ وَالْقَلْبَا

استکفت ارادبہ استعانت ترجمہ جبکہ دولت اُس سے کسی صدمہ نازلہ مین مدد طلب کرتی ہی تو یہ اُس کو مدد کافی دیتا ہی اور اُسکے لئے سیف اور ہتیلی اور دل بنجاتا ہی۔ یعنی معمولی شمشیر بے شمشیر زن کے کچھ کام نہین دیتی اور سیف الدولہ دولت کے لئے تمام سامان شمشیر زنی کا دیتا ہی۔

تُهَابُ سُيُوفُ الْهِنْدِ وَهِيَ حَدَائِدُ	فَكَيْفَ إِذَا كَانَتْ نِزَارِيَّةً عُرْبَا

حدائد جمع حدیدۃ۔ ترجمہ ہند کی تلوارون سے خوف کیا جاتا ہی حال آنکہ وہ صرف لوہے کی ہین کہ بے دوسرے کی مدد کے کچھ کام نہین دیتین۔ پس اُسکا کیا حال ہوگا جبکہ وہ نزار بن معد بن عدنان کی نسل سے عربی ہو کہ وہ بے دوسرے کی مدد کے تمام کام کر سکتا ہی یعنی وہ تو ضرور قابل خوف ہوگا۔

وَيُرْهَبُ نَابُ اللَّيْثِ وَاللَّيْثُ وَحْدَهُ	فَكَيْفَ إِذَا كَانَ اللُّيُوثُ لَهُ صَحْبَا

ترجمہ دندان شیر سے جبکہ وہ تنہا ہوتا ہی ڈرایا جاتا ہی پس ڈر کا کیا حال ہوگا جبکہ اور بہت سے شیر اُس کے یار ہون یعنی اُسکا لشکر۔

وَيُخْشَى عُبَابُ الْبَحْرِ وَالْبَحْرُ سَاكِنٌ	فَكَيْفَ بِمَنْ يَغْشَى الْبِلَادَ إِذَا عَبَّا

عباب البحر ہو شدۃ امواجہ وتراکمہا ومنہ یسمی الفرس الشدید الجری۔ والنہ الشدید الجریان یعبو عباً جری وتدفق ترجمہ شدۃ امواج بحر سے خوف کیا جاتا ہی باوجودیکہ وہ اپنی جگہ پر ٹھہرا ہوا ہی پس کیسا خوف ہوگا اُس شخص کا جو تمام شہرون کو ڈھانک لے جب جوش مارے۔

عَلِيمٌ بِأَسْرَارِ الدِّيَانَاتِ وَاللُّغَى	لَهُ خَطَرَاتٌ تَفْضَحُ النَّاسَ وَالْكُتْبَا

اللغی جمع لغۃ ترجمہ وہ ممدوح اسرار دیانات وراست کیشی اور مختلف زبانون کو خوب جانتا ہی اور اُسکے ایسے خیالات

ہیں جو لوگ یعنی طلبا اور اُنکے کتب کو کم قدر و خوار کرتا ہی یعنی اُسکے خیالات ایسے ہیں جو اور ونکو نصیب نہیں ہوئے۔

فَبُورِکْتَ مِنْ غَیْثٍ کَاَنَّ جُلُوْدَنَا	بِہٖ تُنْبِتُ الدِّیْبَاجَ وَالْوَشْیَ وَالْعَصْبَا

الدیباج معرب دیبا۔ والوشی کل ماکان فیہ الوان مختلفۃ۔ والعصب برود الیمن ترجمہ سو تو برکت دیا جائیو تو ایسا باران رحمت ہی گویا ہمارے جسمون کی کھالین اُسکے سبب دیبا و چادر منقش و چادر یمانی اوگاتی ہین یعنی تو ہمیشہ اس قسم کے خلعت ہمکو عطا کرتا ہی۔

وَمِنْ وَاہِبٍ جَزْلًا وَمِنْ زَاجِرٍ ہَلًا	وَمِنْ ہَاتِکٍ دِرْعًا وَمِنْ بَاتِرٍ قَصْبَا

الجزل الکثیر۔ وہلا ہو زجر للخیل اراد بہ السرعۃ۔ والقصب المعی والجمع اقصاب ترجمہ اور تو برکت دیا جائیو ای وہ شخص کہ تو بہت بخشنے والا اور لڑائی مین گھوڑون کا ہنکانے والا اور زرہون کا چیرنے والا اور دشمن کی آنتون کا کاٹنے والا ہی۔

ہَنِیْئًا لِاَہْلِ الثَّغْرِ رَاْیُکَ فِیْہِمْ	وَاَنَّکَ حِزْبَ اللّٰہِ صِرْتَ لَہُمْ حِزْبَا

رایک فاعل فعلہ ہنیئا واصلہ ہنئت رایک ہنیئا لہم فحذف الفعل واقیمت الحال مقامہ فعملت فیہ علۃ وفی روایۃ انک منہم وہو الظاہر و حزب اللّٰہ منصوب ترجمہ اہل سرحد کے لئے تیری رائے گوارا اور مبارک ہو اور یہ بات بھی کہ تو ای خدا کے گروہ و مددگار اُنکے لئے ناصر و معین ہو گیا۔

وَاَنَّکَ رُعْتَ الدَّہْرَ فِیْہَا وَرَیْبَہٗ	فَاِنْ شَکَّ فَلْیُحْدِثْ بِسَاحَتِہَا خَطْبَا

الضمیران فی فیہا وساحتہا للارض وہی غیر مذکورۃ والعرب تضمر لغیر مذکور قال اللّٰہ تعالیٰ فوسطن بہ جمعا ای بالوادی وہو غیر مذکور ترجمہ اور یہ بات بھی کہ بیشک تو نے روئے زمین پر زمانہ اور اُسکے حوادث کو ڈرا دیا ہی سو اگر زمانہ میرے قول مین شک رکھتا ہی تو اُسکو چاہیئے کہ ساحت زمین پر کوئی حادثہ کر دکھائے سو ایسا ہرگز نہو سکے گا۔

فَیَوْمًا بِخَیْلٍ تَطْرُدُ الرُّوْمَ عَنْہُمْ	وَیَوْمًا بِجُوْدٍ تَطْرُدُ الْفَقْرَ وَالْجَدْبَا

ترجمہ سو تو ایک روز تو بذریعہ سوار ونکے اپنے لوگو نسے روم کو دفع کرتا ہی اور ایک روز بذریعہ اپنی بخشش کے فقر و قحط کے تکالیف دور کرتا ہی یعنی تو صاحب شجاعت و سخاوت ہی۔

سَرَایَاکَ تَتْرٰی وَالدُّمُسْتُقُ ہَارِبٌ	وَاَصْحَابُہٗ قَتْلٰی وَاَمْوَالُہٗ نُہْبَا

تترٰی تتابع متواترۃ۔ نہبی ای منہوبۃ وہی فعلی۔ والدمستق اسم لملک الروم ترجمہ تیرے لشکر لگاتار آتے ہین اور دمستق بھگوڑا ہی اور اُسکے ساتھی مقتول اور اُسکے اموال لوٹے گئے ہین۔

اَتٰی مَرْعَشًا یَسْتَقْرِبُ الْبُعْدَ مُقْبِلًا	وَاَدْبَرَ اِذْ اَقْبَلْتَ یَسْتَبْعِدُ الْقُرْبَا

مرعش حصن ببلد الروم من اعمال ملطیۃ ترجمہ دمستق قلعہ مرعش پر ایسی خوشی مین آیا کہ آتے ہوئے دوری کو نزدیکی

سمجھتا تھا اور جب تو اُسکی طرف متوجہ ہوا تو ایسا گھبرا کر بھاگا کہ نزدیکی کو دور سمجھتا تھا۔

كذا يترك الاعداء من يكره القنا	ويقفل من كانت غنيمته رعبا

ترجمہ جیسا دمستق تیرے سامنے سے بھاگا ایسا ہی جو نیزوں کی آنچ نہیں سہارتا دشمنوں کو چھوڑ کر بھاگ جاتا ہی اور ایسا ہی وہ شخص جسکا حصہ اور لوٹ طرف مقابل کا خوف اور رعب ہو خالی ہاتھ اس گھر کی طرف لوٹتا ہی۔

وهل ردّ عنه باللقان وقوفه	صدور العوالي والمطهمة القبّا

اللقان ثغر بلاد الروم۔ والمطہم۔ الذی یحسن منہ کل شیء علی حدتہ۔ والعوالی القنا والقب الخیل المضمرۃ۔ وہو جمع اقب الضامر البطن ترجمہ اور کیا دمستق کے بمقام لقان کے ٹھہرنے نے اُس سے نیزوں کے سینے اور نہایت عمدہ باجمال تیلی کمر کے گھوڑوں کو دفع کر دیا یعنی نہیں بلکہ وہ خود بھاگ نکلا۔

مضى بعد ما التف الرماحان ساعة	كما يتلقى الهدب في الرقدة الهدبا

الرماحان رماح الفریقین ترجمہ اسکے بعد کہ فریقین کے نیزے ایکساعت ایک دوسرے سے ملے جیسے اوپر تلے کی پلکیں باہم ملتی ہیں وہ فوراً چلدیا۔

ولكنه ولّى وللطعن سورة	اذا ذكرتها نفسه لمس الجنبا

السورۃ الحدۃ والارتفاع۔ ترجمہ ولیکن دمستق ایسے وقت بھاگا کہ نیزہ بازی اُسکے لشکر پر نہایت تیزی سے ہو رہی تھی اور ایسا مدہوش ہو کر جب اُس تیزی کو اُسکا نفس یاد و خیال کرتا تھا تو وہ اپنے پہلو کو ٹٹولنے لگتا تھا کہ مبادا نیزہ اُسکے پہلو میں لگ گیا ہو اور بسبب تیزی اور ہاتھ کی صفائی کے معلوم نہوا ہو۔

وخلّى العذارى والبطاريق والقرى	وشعث النصارى والقرابين والصلبا

العذاری جمع عذراء وہی البکر من النساء۔ والبطاریق جمع بطریق وہم امراء الجیوش سو فرسانہ وشعث النصارے الرہبان والقرابین خواص الملوک واحدہم قربان ترجمہ اور وہ ایسے اضطرار میں بھاگا کہ وہ باکرہ عورتیں اور سرداران لشکر اور اپنی بستیاں اور پراگندہ مو نصاریٰ یعنی راہب لوگ اور اپنے مصاحب اور اپنی صلیبیں دشمن کے قبضہ میں چھوڑ گیا۔

ارى كلنا يبغي الحيوة لنفسه	حريصا عليها مستهاما بها صبّا

المستہام الذی یغلب علیہ الحب فیہیم علی وجہہ۔ ونصب الثلاثۃ اسماء الفاعل علی الحال ترجمہ میں ہر ایک کو دیکھتا ہوں کہ اپنی کوشش سے طالب حیات ہی ایسے حالمین کہ اُسپر حریص مدہوش عاشق ہی۔

فحبّ الجبان النفس اورده البقا	وحبّ الشجاع النفس اورده الحربا

ترجمہ سو نامرد کو اُسکے جان کی دوستی نے اُسکو لڑائی سے بچنے یا بقائے زندگی کے گھاٹ پر جا اُتارا اور بہادر کو اُسکی جان کی دوستی نے اُسے لڑائی میں ڈالدیا یعنی نامرد کو زندگی کی دوستی نے لڑنے کی اجازت ندی اور بہادر نے اپنی زندگی

لڑائی مین سمجھی خلاصہ یہ کہ مطلب دونون کا ایک ہی اور تدبیرین مختلف۔

وَيَخْتَلِفُ الرِّزْقَانِ وَالْفِعْلُ وَاحِدٌ ۔۔۔ اِلٰى اَنْ يُرٰى اِحْسَانُ هٰذَا لِذَا ذَنْبَا

ترجمہ اور دو رزق مختلف ہوتے ہین حالانکہ فعل ایک ہوتا ہی یعنی دو شخص ایک کام کے لئے سعی کرتے ہین مگر ایک کامیاب ہوتا ہی اور دوسرا محروم۔ یہان تلک کہ اُسکا احسان دوسرے کے لئے گناہ شمار ہوتا ہی خلاصہ یہہ کہ جو امر کامیاب شخص کے لئے محمود و بمنزلہ احسان سمجھا جاتا ہی وہی امر ناکام کے لئے غیر محمود اور گناہ۔

فَاَضْحَتْ كَاَنَّ السُّوْرَ مِنْ فَوْقِ بَدْئِهٖ ۔۔۔ اِلَى الْاَرْضِ قَدْ شَقَّ الْكَوَاكِبَ وَالتُّرْبَا

ترجمہ سو وہ قلعہ ایسا ہوگیا کہ گویا اُسکی دیوار نے اپنی بلندی کے شروع سے زمین تلک ستارون اور مٹی کو چیر ڈالا ہی یعنی گویا اُسکی دیوار کے آسمان اور زمین کے بیچ مین بنیاد رکھی گئی اور وہان سے جانب اعلیٰ نے ستارون کو چیر دیا ہی اور جانب اسفل نے زمین کی تہ تلک کو۔

تَصُدُّ الرِّيَاحُ الْهُوْجُ عَنْهَا مَخَافَةً ۔۔۔ وَتَفْزَعُ فِيْهَا الطَّيْرُ اَنْ تَلْقُطَ الْحَبَّا

الهوج جمع ہوجاء وہی من الریح التی لاتستقیم فتارۃ تاتی من ہنا وتارۃ من ہنا ترجمہ چوبائی ہوائین اُس بلند قلعہ سے باز رہتی ہین یعنی وہان بسبب خوف عدم وصول یا ہیبت ممدوح نہین جاسکتین اور پرندے اُسکی غایت ارتفاع کے سبب اُسپر کا پڑا دانہ نہین چُن سکتے اور اُنکے پر وہان تلک کی پرواز کی طاقت نہین رکھتے۔

وَتَرْدِيْ الْجِيَادُ الْجُرْدُ فَوْقَ جِبَالِهَا ۔۔۔ وَقَدْ نَدَفَ الصِّنَّبْرُ فِيْ طُرْقِهَا الْعُطْبَا

الجرد القصار الشعر وہو من علامات العتق۔ وتردی من الردیان وہو ضرب من العدو ترجم فیہ الارض بحوافرہا والصنبر السحاب البارد وقیل ہو من ایام العجوز وہی سبعۃ ایام۔ ویقال ان عجوزًا کان لہا سبعۃ اولاد خرج کل واحد منہم فی یوم من ہذہ الایام فقتلہ البرد۔ والعطب القطن ترجمہ ممدوح کے عمدہ کم مو گھوڑے اُس قلعہ کے پہاڑون پر بشدت دوڑتے ہین اور زمین کو ہی کے پرخچے اوڑاتے ہین ایسے حال مین کہ ابر یخ بار نے اُسکی راہون پر برف کو مانند روئی کے دُھن دیا ہی۔ مقصود تعریف گھوڑون اور شہ سوارون کی ہی۔

كَفٰى عَجَبًا اَنْ يَعْجَبَ النَّاسُ اَنَّهُ ۔۔۔ بَنٰى مَرْعَشًا تَبًّا لِاٰرَائِهِمْ تَبًّا

ترجمہ اس سے زیادہ کیا کوئی تعجب کا امر ہوگا کہ لوگ تعجب کرتے ہین کہ سیف الدولہ نے ایسا عمدہ قلعہ مرعش کا بنالیا سو اُنکی رائے ہلاک ہوجیو۔ یعنی ممدوح کی نسبت یہ تعجب کرتے ہین کہ اُس نے ایسا مستحکم و لاگت کا قلعہ کیونکر بنالیا یہ لوگ اُسکی مقدرت و مرتبت سے واقف نہین ہین اور اُنکی رائے نادرست ہی وہ تو اس سے بہتر بنیا قائم کر سکتا ہی۔

وَمَا الْفَرْقُ مَا بَيْنَ الْاَنَامِ وَبَيْنَهُ ۔۔۔ اِذَا حَذِرَ الْمَحْذُوْرَ وَاسْتَصْعَبَ الصَّعْبَا

ترجمہ اور لوگون اور ممدوح مین کیا فرق ہو جب ممدوح امر خوفناک سے مثل اورون کے ڈرے اور مشکل کام کو مشکل سمجھے۔

لِلأَمْرِ أَعَدَّتْهُ الْخِلَافَةُ لِلْعِدَىٰ	وَسَمَّتْهُ دُونَ الْعَالَمِ الصَّارِمَ الْعَضْبَا

الصارم والعضب السیف القاطع ترجمہ سلطنت نے اُسکو کسی بڑے امر کے لئے طیار کیا ہی۔ اور سارے عالم کو چھوڑ کر اُسکا نام شمشیر تیز وبران رکھا ہی یعنی سیف الدولہ۔

وَلَمْ تَفْتَرِقْ عَنْهُ الْأَسِنَّةُ رَحْمَةً	وَلَمْ يَتْرُكِ الشَّامَ الْأَعَادِي لَهُ حُبًّا

ترجمہ اور دشمنون کے نیزے اُس سے ترس کھاکر پریشان نہین ہوئے۔ اور دشمنون نے ملک شام اُسکے لئے براہ محبت نہین چھوڑا بلکہ یہہ دونون امر اُسکی جرأت کے زور سے ظہور مین آئے ہین۔

وَلَكِنْ نَفَاهَا عَنْهُ غَيْرُ كَرِيمَةٍ	كَرِيمُ النَّثَا مَا سُبَّ قَطُّ وَلَا سَبَّا

النثا بتقدیم النون مقصورا یکون فی الشر والخیر یقال نثوت الکلام نثواً اذا اظہرتہ۔ والثناء الممدود بتقدیم الثاء یکون فی الخیر وقال قوم بالعکس ترجمہ ولیکن ملک شام سے اُن نیزون اور دشمنون کو نہایت ذلت کی حالت مین ایک شخص صاحب ذکر خیر نے کہ کبھی وہ دشنام نہین دیا گیا اور نہ اُس نے کسی کو دشنام دی یعنی سیف الدولہ نے جلاوطن کر دیا ہی۔

وَجَيْشٍ يُثَنِّي كُلَّ طَوْدٍ كَأَنَّهُ	خَرِيقُ رِيَاحٍ وَاجَهَتْ غُصْنًا رَطْبَا

وجیش عطف علی کریم والتثنیۃ الشق والضمیر فی کانہ عائد الی الجیش۔ والخریق الریح الشدیدۃ۔ والطود الجبل العظیم ترجمہ اور دشمنون کو شام سے نکالدیا ایسے لشکر نے کہ وہ بڑے پہاڑ کو چیر ڈالے اور اُسکے برابر دو ٹکڑے کردے اور اُس کی کثرت کے سبب گویا وہ سخت ہوائین ہین جو شاخہائے تر سے مقابل ہوئی ہین کہ ایسے وقت مین ہوا سے آوازین زیادہ پیدا ہوتی ہین

كَأَنَّ نُجُومَ اللَّيْلِ خَافَتْ مُغَارَهُ	فَمَدَّتْ عَلَيْهَا مِنْ عَجَاجَتِهِ حُجْبَا

قولہ حجبا جمع حجاب ککتاب وکتب ومغارہ اغارتہ ترجمہ گویا رات کے ستارون نے اُس لشکر کی غارتگری سے خوف کیا تو اپنے اوپر غبار لشکر سے پردے کھینچ لئے۔ یہ کثرت غبار لشکر سے ستارون کے پوشیدہ ہوجانے کی حسن تعلیل ہی۔

فَمَنْ كَانَ يُرْضِي اللُّؤْمَ وَالْكُفْرَ مُلْكُهُ	فَهٰذَا الَّذِي يُرْضِي الْمَكَارِمَ وَالرَّبَّا

ترجمہ سو جو شخص کہ اُسکی سلطنت بخل اور کفر کو پسند کرے اُسے مبارک ہو مگر یہہ ممدوح وہ شخص ہی کہ وہ سخاوت اور بخششونکو اپنی عطاسے اور اپنے رب کو احیائے دین و جہاد سے راضی کرتا ہی۔ **وقال یعاتب سیف الدولۃ**

أَلَا مَا لِسَيْفِ الدَّوْلَةِ الْيَوْمَ عَاتِبَا	فَدَاهُ الْوَرَى أَمْضَى السُّيُوفِ مَضَارِبَا

ترجمہ ای مخاطب سن کیا سبب ہی عتاب سیف الدولہ کا کہ وہ بےوجہ مجھ پر خفا ہی اُسپر تمام خلق قربان ایسے حال مین کہ اُسکی دھارین تمام شمشیرون سے تیز ہین۔

وَمَا لِي إِذَا مَا اشْتَقْتُ أَبْصَرْتُ دُونَهُ	تَنَائِفَ لَا أَشْتَاقُهَا وَسَبَاسِبَا

التنائف جمع تنوفۃ وہی المفازۃ۔ والسباسب جمع سبسب وہی الارض البعیدۃ القفر ترجمہ اور مجکو کیا ہو گیا ہی

کہ جب مین اُسکی طرف مشتاق ہوتا ہون تو اُس سے ورے بڑے جنگل و چٹیل میدان جنکا مین مشتاق نہین ہون دیکھتا ہون۔

وَقَدْ كَانَ يُدْنِي مَجْلِسِي مِنْ سَمَائِهِ	أُحَادِثُ فِيهَا بَدْرَهَا وَالْكَوَاكِبَا

جعل مجلسہ کالسماء لعلو قدرہ وجعل من حولہ کالکواکب وجعلہ کالبدر بینہم۔ ترجمہ اور سیف الدولہ میری مجلس کو اپنی مجلس سے جو علو قدر مین مثل آسمان کے ہی نزدیک کرتا تھا کہ مین اُس مجلس مین بدر مجلس یعنی سیف الدولہ اور ستارون سے یعنی اُسکے مصاحبون سے بات چیت کرتا رہتا تھا۔

حَنَانَيْكَ مَسْئُولًا وَلَبَّيْكَ دَاعِيًا	وَحَسْبِي مَوْهُوبًا وَحَسْبُكَ وَاهِبًا

المنصوبات کلہا علی الحال او التمیز۔ وحنانیک کلمۃ موضوعۃ موضع المصدر واستعملت مثناۃ کانہ حنان بعد حنان ای تحننا بعد تحنن وکذلک لبیک من لب بالمکان اذا لزمہ ترجمہ مین تجھ سے بعجز وزاری پیش آتا ہون حالانکہ تو مسئول یعنی سوال کیا گیا ہی اور مین حاضر ہون کہتا ہون جبکہ تو مجھے بلانیوالا ہی اور اس ارادہ کے لئے کہ کوئی بخشش کیا جاوے مین کافی ہون کیونکہ مین شکر گذاری ونشر ذکر خیر مین نامور ہون اور بخشش کرنے والا تو کافی ہی کہ سائل کو اور کسی کی حاجت نہین رہتی۔

أَهَذَا جَزَاءُ الصِّدْقِ إِنْ كُنْتُ صَادِقًا	أَهَذَا جَزَاءُ الْكِذْبِ إِنْ كُنْتُ كَاذِبًا

ترجمہ اگر مین تیری مدح مین سچا ہون تو کیا یہ تیرا عتاب میرے صادق ہونیکی جزا ہی اور کیا یہ جزا جھوٹ کی ہی اگر مین جھوٹا ہون یعنی مین ان دونون صورتون مین قابل عتاب نہین ہون صورت صدق مین تو ظاہر ہی اور صورت کذب مین اور زیادہ قابل قدر ہون۔

وَإِنْ كَانَ ذَنْبِي كُلَّ ذَنْبٍ فَإِنَّهُ	مَحَا الذَّنْبَ كُلَّ الْمَحْوِ مَنْ جَاءَ تَائِبًا

ترجمہ اور اگر بالفرض میرا گناہ تمام گناہون کا مجموعہ ہی تو جواب یہ ہی کہ جو شخص اپنے قصور سے تائب ہو جاوے تو وہ سب اپنے گناہ محو کر دیتا ہی۔

وقال وقد عرض علیہ سیوف مذہبۃ وفیہا شئ غیر مذہب فامر بتذہیبہا وقال

أَحْسَنُ مَا يُخْضَبُ الْحَدِيدُ بِهِ	وَخَاضِبَيْهِ النَّجِيعُ وَالْغَضَبُ

وخاضبیہ علی صیغۃ الجمع وفی روایۃ بصیغۃ التثنیۃ عطف علی ما وقال ابن فورجۃ خفض خاضبیہ علی القسم ای وحق خاضبیہ ترجمہ صورت اول مین یہ ہوگا وہ عمدہ چیز جس سے لوہا رنگا جاوے اور عمدہ اُسکے رنگنے والون کا خون اور غصہ ہی غضب کو رنگنے والا اس لئے کہا کہ وہ سبب خون ریزی ہوتا ہی ورنہ حقیقت مین رنگنا کام خون کا ہی اور دوسری صورت مین یہ ترجمہ ہوگا وہ عمدہ چیز جس سے تلوار رنگی جاوے قسم ہی آبرو اُس کے رنگنے والون کی خون و غضب ہی۔

فَلَا تَشِيْنَنَّهُ بِالنُّضَارِ فَمَا	يَجْتَمِعُ الْمَاءُ فِيْهِ وَالذَّهَبُ

ترجمہ سو اُس تلوار کو لوہا چڑھا کر ہرگز معیوب مت کر کیونکہ سونا اور آب دونون اُسمین جمع نہین ہو سکتے۔ یعنی سونے سے آبداری جاتی رہے گی۔ واشتکی سیف الدولۃ من دُمّل فقال فیہ

أَيَدْرِيْ مَا أَرَابَكَ مَنْ يُرِيْبُ	وَهَلْ تَرْقَى إِلَى الْفَلَكِ الْخُطُوْبُ

ارابک ای ازعک وما فاعل یدری ترجمہ جس مرض نے تجھے گھبرا دیا ہی کیا وہ جانتا ہی کہ کس عالی قدر کو مینے ستایا ہی۔ یعنی دمل تیرے مرتبہ سے ناواقف ہی ورنہ وہ تجکو تکلیف ندیتا۔ اور پھر تعجبانہ کہتا ہی کہ کیا آسمان تلک (یعنی تجھ تلک کہ تو رفعت شان مین اُسکے مانند ہی) مصائب چڑھ سکتین ہین۔

وَجِسْمُكَ فَوْقَ هِمَّةِ كُلِّ دَاءٍ	فَقُرْبُ أَقَلِّهَا مِنْهُ عَجِيْبُ

ترجمہ اور تیرا جسم ہر مرض کی ہمت سے بالاتر ہی سو قرب کمتر مرض کا تیرے جسم سے عجیب ہی۔

يُجَشِّمُكَ الزَّمَانُ هَوًى وَحُبًّا	وَقَدْ يُؤْذَى مِنَ الْمِقَةِ الْحَبِيْبُ

التجشیم شبہ الملاعبۃ والمنازلۃ ترجمہ زمانہ براہ محبت و دوستی تجھ سے دل لگی کرتا ہی یعنی زمانہ بطور احباب تجھ سے چھیڑ چھاڑ رکھتا ہی اور کبھی دوست دوست کی محبت سے تکلیف دیا جاتا ہی۔ سو یہان یہ صورت ہی

وَكَيْفَ تُعِلُّكَ الدُّنْيَا بِشَيْءٍ	وَأَنْتَ بِعِلَّةِ الدُّنْيَا طَبِيْبُ

ترجمہ اور دنیا تجکو کوئی بیماری کسطرح دیسکتی ہی جبکہ تو دنیا کی بیماری کا طبیب ہی کہ اُس سے امراض ظلم دور کرتا ہی۔

وَكَيْفَ تَنُوْبُكَ الشَّكْوَى بِدَاءٍ	وَأَنْتَ الْمُسْتَغَاثُ لِمَا يَنُوْبُ

ترجمہ اور تجکو شکایت کسی مرض کی کسطرح ہوسکتی ہی اور حال یہ ہی کہ تو ہر مصیبت کا فریادرس ہی۔

مَلِلْتَ مُقَامَ يَوْمٍ لَيْسَ فِيْهِ	طِعَانٌ صَادِقٌ وَدَمٌ صَبِيْبُ

المقام مفتوحًا ومضمومًا الاقامۃ ترجمہ تو اُس روز کے قیام سے جسمین اچھی نیزہ بازی و بہتا خون اپنی دشمنون کا نہو تنگدل ہو جاتا ہی۔

وَأَنْتَ الْمَرْءُ تُمْرِضُهُ الْحَشَايَا	لِهِمَّتِهِ وَتَشْفِيْهِ الْحُرُوْبُ

الحشایا جمع حشیۃ وہی الفرش المحشوۃ ترجمہ اور تو ایسا بہادر جفاکش مرد ہی کہ اُسکو بچھونے نرم گدی بسبب اُس کی عالی ہمت کے بیمار کرتے ہین اور لڑائیان اُسکو شفا بخش ہین۔

وَمَا بِكَ غَيْرُ حُبِّكَ أَنْ تَرَاهَا	وَعِثْيَرُهَا لِأَرْجُلِهَا جَنِيْبُ

ضمیر ترا ہا للخیل وان لم یجر لہا ذکر لانہ قد تقدم ما دل علیہا من ذکر الحرب والطعان۔ والعثیر الغبار وفی لطائف العلامۃ فی شرح المفتاح العثیر الغبار ولا تفتح فیہ العین۔ وان ترا فی موضع نصب بحبک والجنیب المجنوب المقود ترجمہ اور تجکو کچھ مرض وتکلیف نہین ہی سوا تیرے دوست رکھنے کے اس بات کو کہ دیکھے تو اُن گھوڑون کو ایسے حال مین کہ اُنکا غبار اُن کے

پاؤنکا ساتھی اور تابع ہو یعنی اصل سبب تیری تکلیف کا یہ ہی کہ تو اسپ دانی و شمشیر رانی و میدان جنگ و قتل اعدا کا شائق ہی اور اس درد نے تجھے اس امر سے روک رکھا ہی۔

مُجَلِّحَةً لَهَا اَرْضُ الْاَعَادِيْ	وَلِلشُّمْرِ الْمَنَاخِرُ وَالْجُنُوْبُ

مجلحة بفتح اللام وتقديم الجيم على الحاء المهملة وفي القاموس الملاح كمحمد الماكول واراد بالمجلحة ههنا المطيعة المنقادة ورد الخوارزمي مجللة اي اجلت لها ارض الاعداء ترجمہ دیکھے تو ان گھوڑون کو ایسے حال مین کہ دشمنون کی زمین انکی مطیع و تابع ہوا ور گندم گون نیزونکے دشمنون کی ناکین اور پہلو منقاد ہون۔

فَقَرِّطْهَا الْاَعِنَّةَ رَاجِعَاتٍ	فَاِنَّ بَعِيْدَ مَا طَلَبَتْ قَرِيْبُ

قرط الفارس عنان فرسه اذا القاه وارخاه الى الاذن وهي موضع القرط اويديه في العنان حتى يصل الى ذلك الموضع القرط في اسفل الاذن والشنف في اعلاها فالتقريط ههنا اولى من التشنيف ترجمہ سو گھوڑون کی باگین جبکہ وہ دشمنون کی طرف لوٹتے ہین انکے کانون کے نیچے تک ڈھیلے چھوڑ دے کیونکہ اس صورت مین ان کا بعید مطلوب قریب ہی یعنی وہ فوراً دشمنون کے سرون پر پہنچ جاوین گے۔

اِذَا دَاءٌ هَفَا بُقْرَاطُ عَنْهُ	فَلَمْ يُعْرَفْ لِصَاحِبِهِ ضَرِيْبُ

هفا ذهب وطار وهفا الشئ في الهواء ذهب . والضريب المثل والشكل والشبه ترجمہ جبکہ بقراط کسی مرض کے بیان سے چوک گیا تو اس مریض کا کوئی مثل و مانند نہو گا کیونکہ بقراط نے تمام امراض متعارفہ کو ذکر کیا ہی پس جب کوئی مریض اپنے مرض مین مبتلا ہو جسکو بقراط نے ذکر نہین کیا تو وہ مریض بے شبہ بے مثل ہو گا۔ واحدی نے اسکی شرح یہ لکھی ہی کہ وہ مرض جسکا بقراط نے علاج نہین لکھا یہ ہی کہ کوئی شخص ایک روز نہ لڑے تو وہ ملول ہو جاوے اور رنج کدے اُس کو بیمار کر دین اور وہ جنگ و جدل سے شفا پاوے تو متبنی کہتا ہی کہ ایسا مریض بے مثل ہی دیکھنے مین نہین آیا۔ اور ایک جماعت شارحین دیوان کہتے ہین کہ اصح یہ ہی کہ اذا بفتح ہمزہ ہی جو واسطے تقریر یا استفہام محض کے ہی۔ جبکہ متبنی نے سیف الدولہ کا ذکر کیا اور یہ کہ وہ لڑائی کا عاشق ہی تو اب وہ کہتا ہی کہ کیا یہ وہ مرض ہی کہ اسکو بقراط نے نجانا۔

بِسَيْفِ الدَّوْلَةِ الْوَضَّاءِ تُمْسِيْ	جُفُوْنِيْ تَحْتَ شَمْسٍ مَا تَغِيْبُ

الوضاء والوضئ المبالغ في الوضاءة وهي الحسن ترجمہ بسبب روشن رو سیف الدولہ کے میری چشم و فرد ایسے آفتاب کو دیکھتے رہتے ہین جو کبھی غائب نہین ہوتا ورنہ یہ آفتاب معروف تو رات کو غائب ہو جاتا ہی۔

فَاَغْزُوْا مَنْ غَزَا وَبِهِ اقْتِدَارِيْ	وَاَرْمِيْ مَنْ رَمٰى وَبِهِ اُصِيْبُ

ترجمہ سو مین اُس سے لڑتا ہون جس سے وہ لڑتا ہی اور میرا بل اُسکے سبب سے ہی اور مین اُسکے تیر مارتا ہون جسکے وہ تیر مارتا ہی اور اُسکے سبب کامیاب ہوتا ہون۔

وَلِلْحُسَّادِ عُذْرٌ اَنْ يَشِحُّوْا	عَلٰى نَظَرِيْ اِلَيْهِ وَاَنْ يَذُوْبُوْا

ان یشحوا فی موضع نصب باسقاط حرف الجرای فی ترجمہ اگر حاسد لوگ اسبات مین بخل کرین کہ مین ممدوح کو دیکھون تو وہ اس بخل مین اور اس امر مین کہ میرے حسد کے سبب وہ گلجا وین معذور ہین کیونکہ یہ بات قابل حسد ہی۔

فَاِنِّيْ قَدْ وَصَلْتُ اِلٰى مَكَانٍ	عَلَيْهِ تَحْسُدُ الْحَدَقَ الْقُلُوْبُ

ترجمہ کیونکہ بیشک مین ایسے مرتبہ کو پہنچ گیا ہون کہ اُس سے دل آنکھو نپر حسد کرتے ہین کہ کیون آنکھین دیکھتی ہین اور ہم محروم ہین پس جب یہ حال ہی تو اگر کوئی اور حسد کرے تو وہ معذور ہی۔ وما احسن ما قیل ؎

غیرت از چشم برم روئے تو دیدن ندہم * گوش را نیز حدیث تو شنیدن ندہم

وقال وقد اوقع سیف الدولۃ ببنی کلاب لحدث احدثوہ سنۃ ثلث واربعین وثلثمائۃ وہو معہ فادرکہم واوقع لیلا وقتل منہم

بِغَيْرِكَ رَاعِيًا عَبَثَ الذِّئَابُ	وَغَيْرِكَ صَارِمًا ثَلَمَ الضِّرَابُ

راعیا وصارما حالان وقیل تمیزان ترجمہ جس حال مین تو گلہ بان ہنو اور کوئی اور راعی ہو تو بھیڑ بکریونکو بھیڑیے نقصان پہنچاتے ہین اور جبکہ تیرے سوائے کوئی اور تلوار کا وار کرنیوالا ہو تو تلوار مین دندانے پڑجاتے ہین۔

وَتَمْلِكُ اَنْفُسَ الثَّقَلَيْنِ طُرًّا	فَكَيْفَ تَحُوْزُ اَنْفُسَهَا كِلَابُ

ترجمہ اور تو تو جن وانس کے تمام جانون کا مالک ہی پس بنی کلاب اپنی جانون کے کسطرح مالک ہوسکتے ہین۔

وَمَا تَرَكُوْكَ مَعْصِيَةً وَلٰكِنْ	يُعَافُ الْوِرْدُ وَالْمَوْتُ الشَّرَابُ

ترجمہ اور بنی کلاب تیرے آگے سے براہ معصیت نہین بھاگے بلکہ اس باعث کہ گھاٹ پر جانا اُس حال مین کمروہ معلوم ہوتا ہی جب وہان کا پانی موت ہو۔

طَلَبْتَهُمْ عَلَى الْاَمْوَاهِ حَتّٰى	تَخَوَّفَ اَنْ تُفَتِّشَهُ السَّحَابُ

ترجمہ تو نے اُنکو تمام پانیون پر تلاش کیا۔ یہان تلک کہ ابر اس بات سے ڈر گیا کہ تو اُنکو اُس مین بھی ڈھونڈھے کیونکہ پانی کا وہ بھی اُٹھانیوالا ہی۔

فَبِتَّ لَيَالِيًا لَا نَوْمَ فِيْهَا	تَخُبُّ بِكَ الْمُسَوَّمَةُ الْعِرَابُ

المسومۃ المعلمۃ ذوات الشیات۔ وتخب بک تعدو بک ترجمہ سو تو نے بہت سی راتین گزارین جنمین خواب کا نام بھی نہ تھا ایسے حالمین کہ نشاندار عربی گھوڑے تجکو جلدی لے جاتے تھے جو گھوڑا اچھا ہوتا ہی اُسپر عمدگی کا نشان کر دیتے ہین۔

يَهُزُّ الْجَيْشُ حَوْلَكَ جَانِبَيْهِ	كَمَا نَفَضَتْ جَنَاحَيْهَا الْعُقَابُ

ترجمہ تیرے گرد لشکر اپنے دونوں بازو اسی طرح ہلاتا ہے جیسا عقاب زندہ پرندہ اپنے دونوں بازو شکار پر یا بوقت پرواز ہلاتا ہے ممدوح کو جب قلب لشکر میں تھا اُس عقاب کے ساتھ تشبیہ دی ہے جو اپنے بازو کو اُڑنے کے لئے حرکت دیتا ہے۔

	اَجَابَكَ بَعْضُهَا وَهُمُ الْجَوَابُ		وَتَسْأَلُ عَنْهُمُ الْفَلَوَاتِ حَتّٰى

ترجمہ اور تو انکو جنگلوں سے پوچھتا رہا یعنی اُن میں تلاش کرتا رہا یہاں تک کہ بعض جنگلوں نے تجھے جواب دیا اور وہ بنی کلب خود جواب تھے یعنی بعض جنگلوں میں وہ مل گئے۔

	نَدَا كَفَّيْكَ وَالنَّسَبُ الْقُرَابُ		فَقَاتَلَ عَنْ حَرِيمِهِمِ وَفَرُّوْا

القراب القریب ترجمہ جس حال میں وہ بھاگ گئے تو تیرے دونوں ہاتھوں کی سخاوت اور قریب رشتہ داری نے جو تجھ میں اور اُن میں تھی اُنکے اہل و عیال کیطرف سے تجھ سے لڑائی کی اور تجکو اُن سے روکا یعنی تو نے بسبب اپنی سخاوت و قرب نسب کے اُنکو بندی نہ بنایا۔

	وَاَنَّهُمُ الْعَشَائِرُ وَالصِّحَابُ		وَحِفْظُكَ فِيهِمِ سَلَفَيْ مَعَدٍّ

وحفظک معطوف علی ندی۔ وارا دبسلفی معد ربیعۃ ومضرلانہ من ربیعۃ وبنو کلاب من مضر وربیعۃ ومضر ابنا نزار بن معد بن عدنان۔ والصحاب جمع صاحب ترجمہ اور اُنکی اہل و عیال سے تجکو حفاظت آبرو ئی واجداد گذشتہ بنی معد یعنی ربیعہ ومضر بیٹوں نزار بن معد بن عدنان نے اور اسبات نے کہ وہ تیرے کنبہ اور دوست ہیں روکا۔

	وَقَدْ شَرِقَتْ بِظُعْنِهِمُ الشِّعَابُ		تُكَفْكِفُ عَنْهُمُ صُمَّ الْعَوَالِيْ

تکفکف بمعنی تکف۔ والعوالی الرماح۔ والظعن جمع ظعینۃ وہی المرأۃ مادامت فی الہودج ثم اطلق لکل امرأۃ ترجمہ تو اُنسے اپنے ٹھوس نیزے ایسے حال میں روکتا تھا کہ پہاڑ کی گھاٹیاں اُن کی عورتوں سے بھر گئیں تھیں اور اُن کو اُس سے اچھو آنے لگا تھا۔

	وَاُجْهِضَتِ الْحَوَائِلُ وَالسِّقَابُ		وَاُسْقِطَتِ الْاَجِنَّةُ فِي الْوَلَايَا

الاجنۃ جمع جنین وہو الولد فی بطن امہ۔ والولایا جمع ولیۃ وہی شبہ البرذعۃ تجعل علی سنام البعیر ہی کساء یجعل تحت البرذعۃ واجہضت اسقطت۔ والحوائل جمع حائل وہی الانثیٰ من اولاد الابل والسقاب جمع سقب وہو الذکر منہا ترجمہ اور بسبب شدت خوف و محنت قرار اُن کی حاملہ عورتوں کے بچے عرق گیر دن میں اور اُن کی اونٹنیوں کے مادہ و نر بچے گر پڑے یعنی وہ تو گئیں۔

	وَكَعْبٌ فِي مَيَاسِرِهِمْ كِعَابُ		وَعَمْرٌو فِي مَيَامِنِهِمْ عُمُوْرٌ

عمرو کعب قبیلتان من بنی کلب ترجمہ جب بنی کلب کے قبیلے مختلف اطراف کو بھاگے تو بنی عمرو اُنکے داہنے طرف میں بہت سے عمرو ہو گئے اور کعب اُنکی بائیں سمتوں میں بہت سے کعب یعنی ہر قبیلہ پریشان ہو کر کئی قبیلے بن گئے

وَقَدْ خَذَلَتْ اَبُوْ بَكْرٍ بَنِيْهَا	وَخَاذَلَهَا قُرَيْظُ وَالضِّبَابُ

ترجمہ اور قبیلہ ابوبکر نے اپنے بیٹونکو چھوڑدیا اور قبیلہ مذکور کو قبائل قریظ وضباب نے یعنی ایک کو دوسرے کی خبر نرہی۔

إِذَا مَا سِرْتَ فِيْ آثَارِ قَوْمٍ	تَخَاذَلَتِ الْجَمَاجِمُ وَالرِّقَابُ

ترجمہ جب توکسی قوم کے نشانہاے قدم کے پیچھے جاتا ہی تو انکی کھوپریان اور گردنین ایک دوسرے کو چھوڑدیتی ہین یعنی انکی گردن کہین گرتی ہی اور کھوپری کہین۔

نُعِدْنَ كَمَا أُخِذْنَ مُكَرَّمَاتٍ	عَلَيْهِنَّ الْقَلَائِدُ وَالْمَلَابُ

الملاب ضربٌ من الطیب ترجمہ جب بنی کلاب بھاگ نکلے اور اُنکی عورتین گرفتار ہوئین تو تونے اُنکو بلحاظ ہم قومی باعزت وآبرو رخصت کیا سو جیسے وہ گرفتار ہوئین تھین ویسے ہی بے کسی تکلیف کے ایسی آبروسے لوٹین جیسے پکڑی ہی نہین گئی تھین کہ اُنپر اُنکے ہار اور خوشبو تھی۔غرض اُنکی کوئی چیز چھینی نہین گئی۔

يُثِبْنَكَ بِالَّذِيْ أَوْلَيْتَ شُكْرًا	وَأَيْنَ مِنَ الَّذِيْ تُوْلِي الثَّوَابُ

ترجمہ تونے جو اُنکو عزت وآبرو عطا کی اُسکا وہ شکر کرتی ہین اور تیری عطا کے روبرو اُنکی شکر گذاری اور عوض کی کچھ قدر نہین ہی بلکہ عطا زائد ہی۔

وَلَيْسَ مَصِيْرُهُنَّ إِلَيْكَ شَيْنًا	وَلَا فِيْ صَوْنِهِنَّ لَدَيْكَ عَابُ

ترجمہ اُنکا گرفتار ہو کر تیرے پاس آنا اُنکے لئے کچھ برائی نہین اور نہ اُنکا تیرے پاس محفوظ رہنا کچھ عیب ہی۔

وَلَا فِيْ فَقْدِهِنَّ بَنِيْ كِلَابٍ	إِذَا أَبْصَرْنَ غُرَّتَكَ اغْتِرَابُ

ترجمہ اور نہ اس سبب سے کہ اُنکے اُنسے قبائل وعشائر یعنی بنی کلاب گم ہوئی انپر کچھ آثار غربت ہین جبکہ اُنھون نے تیرا روے روشن دیکھا۔کیونکہ وہ تیری قوم کے ہین پس گویا وہ اپنے کنبے مین ہین۔

وَكَيْفَ يَتِمُّ بَأْسُكَ فِيْ أُنَاسٍ	تُصِيْبُهُمُ فَيُؤْلِمُكَ الْمُصَابُ

ترجمہ اور کسطرح تیرا خوف اُن لوگون پر پورا ہو سکتا ہی کہ جب تو کچھ اُنکو تکلیف دے تو اُنکی مصیبت تجھکو ستادے۔

تَرَفَّقْ أَيُّهَا الْمَوْلَى عَلَيْهِمْ	فَإِنَّ الرِّفْقَ بِالْجَانِيْ عِتَابُ

ترجمہ اگرچہ وہ لوگ گنہگار وخطاوار ہین اے مولی تو اُنپر نرمی فرما کیونکہ نرمی گنہگار کے حقمین عتاب ہی کہ شرافت اسکے بوجھ کے مارے مرجاتا ہی اور جیتے جی کبھی سرنہین اُٹھاتا ہی اور ہمیشہ کے لئے غلام بنجاتا ہی۔

وَإِنَّهُمُ عَبِيْدُكَ حَيْثُ كَانُوْا	إِذَا تَدْعُوْ لِحَادِثَةٍ أَجَابُوْا

ترجمہ اور بیشک وہ تیرے غلام ہین جہان ہون جب تو اُنکو کسی حادثہ کے وقت بلاویگا فوراً حاضر ہونگے۔

وَعَيْنُ الْمُخْطِئِيْنَ هُمُ وَلَيْسُوْا	بِأَوَّلِ مَعْشَرٍ خَطِئُوْا فَتَابُوْا

ترجمہ وہ لوگ ہیں خطاکار ہین اور وہ اُس گروہ مین جو خطا کر کے تائب ہوئے اول نہین ہین بلکہ اُنسے پہلے بہت سے خطا کرنیوالون نے توبہ کی ہی اور اُنکی توبہ قبول ہوئی ہی پس ایسا ہی تجکو مناسب ہی۔

وَاَنْتَ حَيَاتُهُمْ غَضِبْتَ عَلَيْهِمْ	وَهَجْرُ حَيَاتِهِمْ لَهُمْ عِقَابُ

ترجمہ اور تو اُنکی ایسی زندگی ہی جو اُنپر خفا ہوگئی ہی اور اُنکو اپنی زندگی کا چھوڑنا ہی بڑا عذاب ہی کہ اس سے زیادہ کیا تکلیف ہوگی۔

وَمَا جَهِلَتْ اَيَادِيَكَ الْبَوَادِيْ	وَلٰكِنْ رُبَّمَا خَفِيَ الصَّوَابُ

البوادی اہل البدو ترجمہ اور تیری نعمتون کو دیہاتی اور جنگلی لوگ بھول نہین گئے مگر بسا اوقات درست بات پوشیدہ ہوجاتی ہی اس صورت مین بوادی جہلت کا فاعل ہوا۔ اور یہ بھی احتمال ہی کہ بوادی صفۃ ایادی کی ہو اور فاعل جہلت کا مضمر ہو اس صورت مین بوادی کے معنے النعما الظاہرات کے ہون گے اور ترجمہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ تیرے نعمائے ظاہرہ کو بھول نہین گئے الخ۔

وَكَمْ ذَنْبٍ مُوَلِّدُهُ دَلَالٌ	وَكَمْ بُعْدٍ مُوَلِّدُهُ اقْتِرَابُ

ترجمہ اور بہت سے گناہونکا پیدا کرنیوالا ناز ودلال ہوتا ہی اور بہت سی دوری کا پیدا کرنیوالا نزدیکی اور قربت ہوتی ہی یعنی اکثر ناز احد الطرفین گناہ کی حد کو پہنچ جاتا ہی اور قریب نسب کے گھمنڈ پر ایسی بات پیدا ہو جاتی ہی جس کا انجام دوری ہوتا ہی ایسے ہی بنی کلب کے حرکات ہین۔

وَجُرْمٍ جَرَّهُ سُفَهَاءُ قَوْمٍ	فَحَلَّ بِغَيْرِ جَارِمِهِ الْعَذَابُ

ترجمہ اور بہت سے گناہ قوم کے کمینے لوگ کر بیٹھتے ہین اور عذاب غیر مجرم پر نازل ہوتا ہی یعنی وہ ناحق مارا جاتا ہی۔

فَاِنْ هَابُوا بِجُرْمِهِمْ عَلِيًّا	فَقَدْ يَرْجُوْ عَلِيًّا مَنْ يَهَابُ

ترجمہ سو وہ اگر اپنے جرم کے سبب علی یعنی سیف الدولہ سے ڈر گئے ہین تو اُس سے ہر خائف امید عفو رکھتا ہی بنی کلب نا امید نہون۔

وَاِنْ يَكُ سَيْفَ دَوْلَةِ غَيْرِ قَيْسٍ	فَمِنْهُ جُلُوْدُ قَيْسٍ وَالثِّيَابُ

ترجمہ اور اگرچہ سیف الدولہ بنی قیس مین نہین ہی مگر سیف الدولہ کی عطا سے کھال اور کپڑے قیس کے ہین یعنے وہ اُسی کے ساختہ پرداختہ ہین۔

وَتَحْتَ رَبَابِهِ نَبَتُوْا وَاَثُّوْا	وَفِيْ اَيَّامِهِ كَثُرُوْا وَطَابُوْا

اثّوا کثروا۔ والرباب غیم متعلق بالسحاب من تحتہ یضرب الی السواد ترجمہ اور وہ لوگ اُسی کے ابر عطا کے تلے جمے اور بہت بڑھے اور اُسی کی سلطنت مین زیادہ اور خوشحال ہوئے۔

وَتَحْتَ لِوَائِهِ ضَرَبُوا الْأَعَادِي ۔ وَذَلَّ لَهُمْ مِنَ الْعَرَبِ الصِّعَابُ

ترجمہ اور اُسی کے جھنڈے کے تلے اُنھون نے اپنے دشمنون کو مارا اور سخت دشمن یعنی غیر مطیع عرب اُن کے تابع ہوگئے یعنی بحمایتِ قوت ممدوح۔

وَلَوْ غَيْرُ الْأَمِيرِ غَزَا كِلَابًا ۔ ثَنَاهُ عَنْ شُمُوسِهِمِ ضَبَابُ

الضباب جمع ضبابۃ وہی سحابۃ تغشی الارض کالدخان۔ وکنی بالشموس عن السادات وبالضباب عن الرعاع ترجمہ اور اگر امیر سیف الدولہ کے سوا کوئی اور شخص بنی کلب سے لڑتا تو اُسکو اُنکے گھٹیا لوگ اور رعیت اپنے سردارون اور مکھیا لوگون سے ہٹا دیتے مگر ممدوح کے مقابلہ مین کیا کر سکتے۔

وَلَاقَى دُونَ ثَايِهِمِ طِعَانًا ۔ يُلَاقِي عِنْدَهُ الذِّئْبَ الْغُرَابُ

الثای جمع ثایۃ وہی حجارۃ یجعل حول البیت یاوی الیہا الراعی لیلًا وہی مرابض الغنم ومبارک الابل ولاقی معطوف علی ثناہ ترجمہ اور وہ غیر بصورت حملہ اُنکے گھر کے پتھرون کے احاطہ سے ورے ایسی نیزے بازی سے ملاقات کرتا کہ وہان ہی اُسکے ہمراہیون کا ایسا کھیت پڑتا جسکے پاس کوا بھیڑیے سے ملاقات کرتا یعنی مقتولون کی نعش پر۔

وَخَيْلًا تَغْتَذِي رِيحَ الْمَوَامِي ۔ وَيَكْفِيهَا مِنَ الْمَاءِ السَّرَابُ

وخیلا معطوف علی طعانا۔ والموامی واحدہا موماۃ وہی المفازۃ ترجمہ اور ایسے گھوڑون جفاکش سے ملاقات کرتا جو بے آب ودانہ میدانون کو قطع کرتے ہین کیونکہ اُنکی غذا جنگلون کی ہوا اور اُنکا پانی سراب یعنی دھوکا ہی یعنی پانی کے عوض دھوکے کو جو پانی کے ہمرنگ ہوتا ہی پانی سمجھ کر سیر ہو جاتے ہین۔

وَلٰكِنْ رَبُّهُمْ أَسْرَى إِلَيْهِمْ ۔ فَمَا نَفَعَ الْوُقُوفُ وَلَا الذَّهَابُ

الرب اللہ تعالیٰ ولا یقال لغیرہ الا بالاضافۃ غالبًا ترجمہ ولیکن اُنکا مالک راتون رات اُنپر چڑھ آیا سو ٹھہرنے اور مقابلہ کرنے نے اُنکو فائدہ نہ بخشا اور نہ بھاگنے نے بہرحال گرفتار ہوگئے۔

وَلَا لَيْلٌ أَجَنَّ وَلَا نَهَارٌ ۔ وَلَا خَيْلٌ حَمَلْنَ وَلَا رِكَابُ

ترجمہ سو ایسے حال مین نہ اُن کو رات نے چھپایا اور نہ دن نے اور نہ گھوڑون نے اُن کو اُٹھایا اور نہ شترون نے غرض حیران رہ گئے۔

رَمَيْتَهُمْ بِبَحْرٍ مِنْ حَدِيدٍ ۔ لَهُ فِي الْبَرِّ خَلْفَهُمُ عُبَابُ

ترجمہ تو نے اُن کے ایک لوہے کا ایسا دریا پھینک مارا کہ اُس دریا کو اُنکے پیچھے خشکی مین تموج تھا۔ لشکر کو دریائے آہن کہا بسبب کثرت آہن پوشون کے۔

فَمَسَّاهُمْ وَبُسْطُهُمُ حَرِيرٌ ۔ وَصَبَّحَهُمْ وَبُسْطُهُمُ تُرَابُ

ترجمہ سو ممدوح نے اُن کو بوقت شام ایسے حال مین جا لیا کہ اُن کے بچھونے حریر کے تھے اور اُن کو بوقت صبح ایسا چھوڑا کہ اُن کے بچھونے مٹی تھے یعنی اُن کو قتل کر کے زمین پر گرا دیا یا سب لوٹ لیا اور فرش تلک نچھوڑا سوائے مٹی کے۔

وَمَنْ فِی کَفِّهِ مِنْهُمْ قَنَاةٌ	كَمَنْ فِی كَفِّهِ مِنْهُمْ خِضَابُ

ترجمہ اور وہ ایسے حال مین ہوگئے کہ اُن مین سے جس کے ہاتھ مین نیزہ تھا وہ اُس عورت کے مانند ہوگیا جسکا ہاتھ مھندی سے رنگا ہوا تھا کوئی لڑ نہ سکا۔

بَنُو قَتْلَى أَبِيكَ بِأَرْضِ نَجْدٍ	وَمَنْ أَبْقَى وَأَبْقَتْهُ الْحِرَابُ

بنو قتلے خبر مبتدا محذوف ای ہم ومن معطوف علیہ۔ والحراب جمع حربۃ وہی اقصر من الرمح یحملہا الراجل
ترجمہ یہہ لوگ تیرے باپ کے مقتولون کے بیٹے زمین نجد مین ہین اور اُن لوگون کے بیٹے جن کو تیرے باپ نے اور نیزون نے باقی رکھا تھا۔

عَفَا عَنْهُمْ وَأَعْتَقَهُمْ صِغَارًا	وَفِی أَعْنَاقِ أَكْثَرِهِمْ سِخَابُ

السخاب قلادۃ تتخذ من قرنفل وغیرہ ولیس فیہا من الجوہر شئ یلبسہا الصبیان وجمعہا سخب ترجمہ تیرے باپ نے انکو معاف کیا اور بچپن مین آزاد کردیا ایسے حال مین کہ انکے اکثر کی گردنون مین لونگ وغیرہ کے لیسے ہار تھے جو کہ جوہر نہین ہوتے ہین اور لڑکے پہنتے ہین

وَكُلُّكُمْ أَتَى مَأْتَى أَبِيهِ	فَكُلُّ فَعَالِ كُلِّكُمْ عُجَابُ

ترجمہ اور تم مین ہر ایک نے اپنے باپ کے سے کام کئے سو سب کام تم سب کے عجب ہین۔ اُنسے یہ تعجب ہی کہ باوجود سزائے سابق کیون تیری نافرمانی کی اور تجھ سے یہ عجب ہی کہ باوجود عصیان مکرر تو نے کیون عفو کردیا اور لا یلدغ المؤمن من حجر مرتین پر عمل نکیا اور بعض شراح نے مصرعہ اول کے یہ معنی کہے ہین کہ تو نے اُنکا قصور اپنے باپ کے مانند معاف کردیا۔ اور اُنھون نے تیری عاجزی ایسی کی جیسے اُنکے باپون نے تیرے باپ کی کی تھی۔

كَذَا فَلْيَسْرِ مَنْ طَلَبَ الْأَعَادِی	وَمِثْلُ سُرَاكَ فَلْيَكُنِ الطِّلَابُ

ترجمہ جو شخص اپنے دشمنونکو تلاش کرے اُسے ایسی ہی چال چلنی چاہیئے اور جیسا تو نے اُنکو راتوں کو جا مارا تلاش ایسی ہی مناسب ہی۔

وقال یرثی اخت سیف الدولۃ وقد توفیت بمیا فارقین سنۃ اثنین وخمسین وثلثمائۃ

يَا أُخْتَ خَيْرِ أَخٍ يَا بِنْتَ خَيْرِ أَبٍ	كِنَايَةً بِهِمَا عَنْ أَشْرَفِ النَّسَبِ

ترجمہ اے اچھے بھائی یعنی سیف الدولہ کی بہن اور اے اچھے باپ یعنے ابو الہیجا کی بیٹی ان دونون کنیتون سے

کنایہ کرتا ہون ایک شخص اشراف النسب سے یعنے یہ کنیت اور نسب ایسا مشہور ہی کہ اُس کے کہتے ہی وہ مسماۃ مقرر و متعین ہو جاتی ہی۔

أُجِلُّ قَدْرَكِ أَنْ تُسْمِي مُؤَبَّنَةً	وَمَنْ كَنَاكِ فَقَدْ سَمَّاكِ لِلْعَرَبِ	

مؤبنۃ من التابین وہو مدح المیت ترجمہ تیرے مرتبہ کو مین اس سے بڑا جانتا ہون کہ بحالت تعریف مردہ تیرا نام لیا جاوے اور جس نے تیرے اوصاف یا کنیت بیان کی تو بسبب غایت ناموری کے بیشک عرب کے روبرو تیرا نام لیا۔

لَا يَمْلِكُ الطَّرِبُ الْمَحْزُونُ مَنْطِقَهُ	وَدَمْعَهُ وَهُمَا فِي قَبْضَةِ الطَّرَبِ	

الطرب خفۃ تعرض للانسان من فرط السرور اوالحزن والمراد بہ ہہنا ما یتعلق من الحزن ترجمہ بے چین مغموم اپنی گویائی اور اپنے آنسو پر اختیار نہین رکھتا بلکہ یہہ دونون بیچینی اور غم کے قبضہ مین ہین۔

غَدَرْتَ يَا مَوْتُ كَمْ أَفْنَيْتَ مِنْ عَدَدٍ	بِمَنْ أَصَبْتَ وَكَمْ أَسْكَتَّ مِنْ لَجَبِ	

اللجب الصوت الجلبۃ ترجمہ فریب دیا تو نے ای موت کہ تمام ایک شخص کے مارنے کا لیا اور اُس کی موت کے سبب ہزارون کو جنکی زندگی اُس کے باعث تھی فنا کردیا اور بہت سے ارباب حوائج کے غل و شور جو اُس کے دروازہ پر رہتے تھے یک لخت بند کردئے۔ اور ایک احتمال یہہ بھی ہی کہ اصبت کا خطاب سیف الدولہ کی طرف ہو یعنی اُسکو اُس کی بہن کی مصیبت پہنچا کر اُسکے ساتھ غدر کیا کہ اُسکی بہن کو اُس سے لے لیا حالانکہ وہ تیرا مددگار رہی اہلاک عدد کثیر مین اور دشمنون کے لشکرون کے تباہ کرنے اور اُنکے غل غپاڑہ کے بند کرنے مین ایسے شخص سے ایسا برتاؤ نہین چاہئے تھا۔

وَكَمْ صَحِبْتَ أَخَاهَا فِي مُنَازَلَةٍ	وَكَمْ سَأَلْتَ فَلَمْ يَبْخَلْ وَلَمْ تَخِبِ	

ترجمہ اور ای موت تو اُسکے بھائی کے ساتھ لڑائی مین بہت رہی باینہمہ تو نے اُس سے بہت سی جانین لینے کا اکثر سوال کیا سو اُسنے اُنکے دینے مین کچھ بخل نکیا اور تو بے آس نہوئی اور باینہمہ حقوق تو نے اُسکے ساتھ غدر کیا۔

طَوَى الْجَزِيرَةَ حَتَّى جَاءَنِي خَبَرٌ	فَزِعْتُ فِيهِ بِآمَالِي إِلَى الْكَذِبِ	

من الموصل الی الفرات تسمی الجزیرۃ وفزع الیہم استغاثہم او لجأ الیہم ترجمہ اُسکی خبر وفات جزیرہ کو طے کرکے میرے پاس پہنچی سو مین بسبب اپنی امیدون کے جو مجکو تو فیہ سے تھین مضطربانہ اس خبر کے جھوٹ ہونے کی طرف ملتجی ہوا یعنی خبر کو جھوٹ سمجھ کر دلکو تسلی دی اور اُس کا سہارا پکڑا۔

حَتَّى إِذَا لَمْ يَدَعْ لِي صِدْقُهُ أَمَلًا	شَرِقْتُ بِالدَّمْعِ حَتَّى كَادَ يَشْرَقُ بِي	

الشرق فی الفارسیۃ گردشدن آب در گلو ترجمہ یہان تلک کہ اس خبر کے صدق نے میری کوئی امید نچھوڑی یعنی مین بالکل ناامید ہوگیا تو بسبب کثرت اشک مجکو اُچھو ہوگیا اور آخر یہانتک اشکون کو ترقی ہوئی کہ قریب تھا کہ خود آنسو مجکو

میرے سبب اچھو ہو جاوے یعنی اشک نے میرا ہر طرف سے احاطہ کرلیا اور مین اسکے گاد مین گویا مانند آب باعث اچھو ہو گیا۔

تَعَثَّرَتْ مِنْهُ فِي الْاَفْوَاهِ اَلْسُنُهَا	وَالْبُرْدُ فِي الطُّرْقِ وَالْاَقْلَامُ فِي الْكُتُبِ

البرد جمع بريد واصلها برد بضم الراء وهي اعلام تنصب في الطريق فاذا وصل اليها الراكب نزل وسلم ما معه من الكتب الى غيره فيبرد ابه من التعب والحرفي ذلك الموضع وينام فيه والنوم يسمى بردا ترجمہ اس خبر کی ہیبت کے سبب زبانین سونہون مین لغزش کھانے لگین اور قاصد راہون مین اور قلم کتابون یعنی خطون مین یعنی یہ خبر ایسی ہولناک ہے کہ اسکا بیان زبان نہین کرسکتی اور نہ قاصد اسکو لیجا سکتا ہے نہ قلم لکھ سکتے ہین۔

كَاَنَّ فَعْلَةَ لَمْ تَمْلَأْ مَوَاكِبُهَا	دِيَارَ بَكْرٍ وَلَمْ تَخْلَعْ وَلَمْ تَهَبِ

كنى بفعلة عن اسمها خولة ترجمہ مسماۃ خولہ مرگئی اب گویا اسکے لشکرون نے دیار بکر کو نہیں بھرا تھا اور نہ اسنے کبھی کسی کو خلعت دیا تھا اور نہ کچھ بخشا تھا۔

وَلَمْ تَرُدَّ حَيٰوةً بَعْدَ تَوْلِيَةٍ	وَلَمْ تُغِثْ دَاعِيًا بِالْوَيْلِ وَالْحَرَبِ

بالويل متعلقة بداع ترجمہ اور گویا اس نے کوئی زندگی بعد ہالک ہونے کے نہین لوٹائی تھی یعنی وہ اپنی زندگی مین جان بخشی کیا کرتی تھی اب وہ بات نرہی۔ اور نہ اس شخص کی جو یا ویلی یا حربی کہکر مستغیث ہوتا تھا کبھی فریاد رسی کی

اَرَى الْعِرَاقَ طَوِيْلَ اللَّيْلِ مُذْ نُعِيَتْ	فَكَيْفَ لَيْلُ فَتَى الْفِتْيَانِ فِي حَلَبِ

ترجمہ جب سے اسکی خبر مرگ دیگئی ہے ملک عراق کی رات با این ہمہ دوری دراز ہوگئی سو بڑے جوانمرد سیف الدولہ کی درازی رات کا حلب مین کیا حال ہوگا۔

يَظُنُّ اَنَّ فُؤَادِيْ غَيْرُ مُلْتَهِبٍ	وَاَنَّ دَمْعَ جُفُوْنِيْ غَيْرُ مُنْسَكِبِ

يريد الظن وهو بالياء والتاء ترجمہ کیا سیف الدولہ گمان کرتا ہے یا کیا تو اے سیف الدولہ گمان کرتا ہے کہ میرا دل اس غم کی آگ سے غیر مشتعل ہے اور یہ کہ میری پلکون سے آنسو ریزان نہین ہین۔

بَلٰى وَحُرْمَةِ مَنْ كَانَتْ مُرَاعِيَةً	لِحُرْمَةِ الْمَجْدِ وَالْقُصَّادِ وَالْاَدَبِ

ترجمہ میرا دل مشتعل اور میرے اشک سائل کیون نہین ہین بلکہ ہین قسم ہے حرمۃ اس مرحومہ کی جو بزرگی اور قاصدون اور ادب کے حرمۃ کی رعایت کرتی تھی۔

وَمَنْ غَدَتْ غَيْرَ مَوْرُوْثٍ خَلَائِقُهَا	وَاِنْ مَضَتْ يَدُهَا مَوْرُوْثَةَ النَّشَبِ

النشب المال ناطقا كان او صامتا ترجمہ اور قسم ہے حرمۃ اس مغفورہ کی جسکے اخلاق کا کوئی وارث نہین کیا گیا بلکہ وہ اسکے ساتھ گئے اور اگرچہ اسکی نعمت اور مال کے وارث کئے گئے۔ یعنی اسکے اخلاق کا کوئی وارث نہین ہوا اور اسکا مال وارثون کی وارث ہوا۔

وَهَمُّهَا فِي الْعُلَى وَالْمَجْدِ نَاشِئَةً	وَهَمُّ أَتْرَابِهَا فِي اللَّهْوِ وَاللَّعِبِ

الاتراب واحدها ترب یقال ہذہ ترب ہذہ ای لدتہا واکثر ما یستعمل فی المؤنث ترجمہ اُسکی ہمت اور قصد جبسے اُسنے نشو ونما پایا بلندی اور سلطنت کے کامونین یا بزرگی و شرف مین تھا اور اُسکے ہمعصرونکا قصد لہو ولعب مین۔

يَعْلَمْنَ حِينَ تُحَيِّي حُسْنَ مَبْسِمِهَا	وَلَيْسَ يَعْلَمُ إِلَّا اللّٰهُ بِالشَّنَبِ

الشنب حدۃ الاسنان وقال الاصمعی انہ برد الفم والاسنان ترجمہ جبکہ وہ تحیہ سلام پیش کی جاتی تھی یعنی جب اُسکی ہمعصر عورتین اُسکو سلام کرتی تھین اور وہ ہنسکر اُنکا جواب دیتی تھی تو وہ عورتین صرف اُسکے ہونٹون کی خوبصورتی معلوم کرتی تھین اور اُسکے آب دندان اور اُنکی خنکی کو سوائے خدا کوئی نہین جانتا تھا اُسکی عفت کی تعریف کرتا ہی۔

مَسَرَّةٌ فِي قُلُوبِ الطِّيبِ مَفْرِقُهَا	وَحَسْرَةٌ فِي قُلُوبِ الْبِيضِ وَالْيَلَبِ

الیلب الدروع الیمانیۃ تتخذ من الجلود تخرز بعضہا الی بعض وہی اسم جنس الواحدۃ یلبۃ ترجمہ اُسکا سر خوشبو کے دلونین مین مسرت ہی اور خود اور جلبۃ کے دلونین حسرت یعنی خود و جلبۃ اُسپر حسرت کرتے ہین کہ وہ اُن کو نہین پہنتی تھی اس لئے کہ وہ مردونکا لباس ہی اور خوشبو بسبب اُسکے استعمال مین آنیکے خوشی مناتی تھی اور طیب اور بیض کے لئے دل ثابت کئے کہ اُنکے واسطے مسرت اور حسرت ثابت کرے۔

إِذَا رَأَى وَرَآهَا رَأْسَ لَابِسِهِ	رَأَى الْمَقَانِعَ أَعْلَى مِنْهُ فِي الرُّتَبِ

فاعل رای البیض ترجمہ جبکہ خود اپنے پہننے والے کا سر اور اُس مساۃ کو دیکھتا ہی کہ وہ اُوڑھنا اوڑھے ہوئی ہی تو وہ اوڑھنونکو اپنے سے رُتبون مین زیادہ دیکھتا ہی کیونکہ وہ اُسکے استعمال مین آتے ہین اور خود محروم ہی۔

فَإِنْ تَكُنْ خُلِقَتْ أُنْثَى لَقَدْ خُلِقَتْ	كَرِيمَةً غَيْرَ أُنْثَى الْعَقْلِ وَالْحَسَبِ

ترجمہ سو اگر وہ زن مخلوق ہوئی ہی تو کیا مضائقہ ہی کیونکہ وہ عظیم القدر پیدا کی گئی ہی کہ اُسکی عقل اور شرف مردانہ ہی۔

وَإِنْ تَكُنْ تَغْلِبُ الْغَلْبَاءُ عُنْصُرَهَا	فَإِنَّ فِي الْخَمْرِ مَعْنًى لَيْسَ فِي الْعِنَبِ

الغلباء الغلاظ الرقاب نعتہم بغلاظ الرقبۃ لانہم لا یذلون لاحد ترجمہ اگر اُسکی اصل و سرشت زبردست قوم تغلب سے ہی اور باینہمہ اُن سے افضل ہی تو کیا تعجب ہی کیونکہ شراب مین ایک ایسی خوبی ہی جو انگور مین نہین ہی باوجودیکہ انگور اُس کی اصل ہی۔

فَلَيْتَ طَالِعَةَ الشَّمْسَيْنِ غَائِبَةٌ	وَلَيْتَ غَائِبَةَ الشَّمْسَيْنِ لَمْ تَغِبِ

ترجمہ سو کاش دو آفتابون مین سے (ایک یہ آفتاب مشہور اور دوسری مساۃ متوفیہ جو فیض اور نفع رسانی مین مثل آفتاب ہی) جو طلوع کئے ہوتے ہی یعنی یہ رسمی آفتاب غائب ہو جاوے اور کاش جو وہ دونون آفتابون مین سے غائب ہو گئی ہی یعنی متوفیہ غائب نہوتی۔

وَلَيْتَ عَيْنَ الَّتِي آبَ النَّهَارُ بِهَا	فِدَاءُ عَيْنِ الَّتِي غَابَتْ وَلَمْ تَؤُبِ

آب رجع ترجمہ اور کاش وہ چشمہ آفتاب جسکو دن ئے پھرتا ہی قربان ہو اُس آفتاب کے جو غائب ہو گیا اور پھر نہ لوٹا یعنی متوفیہ کے۔

فَمَا تَقَلَّدَ بِالْيَاقُوتِ مُشْبِهُهَا	وَلَا تَقَلَّدَ بِالْهِنْدِيَّةِ الْقُضُبِ

القضب جمع قضیب وہو اللطیف الدقیق من السیوف ترجمہ اُسکی مثل و مانند نے یاقوت کا ہار نہین پہنا اور نہ ہندی تلوارین گلے مین ڈالین یعنی اُسکی مانند نہ عورتون مین گذری نہ مردون مین۔

وَلَا ذَكَرْتُ جَمِيلًا مِنْ صَنَائِعِهَا	إِلَّا بَكَيْتُ وَلَا وُدٌّ بِلَا سَبَبِ

ترجمہ مین اُسکے احسانات مین سے کسی عمدہ احسان کو یاد نہین کرتا مگر رو پڑتا ہون اور کوئی دوستی بلا سبب نہین ہوتی پس میری یاد اُن کے احسانات کے سبب ہی۔ ابن جنی کی روایت بلا ودٍ ولا سبب یعنی میرا اُسکو رونا کسی دوستی اور سبب سے نہین بلکہ اُسکے احسانات کے سبب۔

قَدْ كَانَ كُلُّ حِجَابٍ دُونَ رُؤْيَتِهَا	فَمَا قَنِعْتِ لَهَا يَا أَرْضُ بِالْحُجُبِ

ترجمہ اُسکے دیدار کے ورے تو پورے پردے حائل تھے سو تو نے ای زمین اُن تمام پردون پر قناعت نکی یہان تلک کہ تو اُسکا خود حجاب ہو گئی۔

وَلَا رَأَيْتِ عُيُونَ الْإِنْسِ تُدْرِكُهَا	فَهَلْ حَسَدْتِ عَلَيْهَا أَعْيُنَ الشُّهُبِ

ترجمہ ای زمین تو نے نہین دیکھا کہ انسان کی آنکھین اُسکو دیکھتی ہون سو کیا تو نے ستارون کی آنکھون سے اُسپر حسد کیا کہ تو خود اُس کا حجاب بن گئی۔

وَهَلْ سَمِعْتِ سَلَامًا لِي أَلَمَّ بِهَا	فَقَدْ أَطَلْتُ وَمَا سَلَّمْتُ مِنْ كَثَبِ

ترجمہ اور ای زمین کیا تو نے میرا سلام سُنا جو میری طرف سے اُسکے پاس آیا کیونکہ مین نے اُسکے پاس سلام و دعا دور سے بہت بھیجے ہین اور قریب سے سلام کرنیکی نوبت نہین پہنچی کیونکہ اُسنے مجھ سے بہت دور وفات پائی ہی۔

وَكَيْفَ يَبْلُغُ مَوْتَانَا الَّتِي دُفِنَتْ	وَقَدْ يُقَصِّرُ عَنْ أَحْيَائِنَا الْغَيَبِ

ترجمہ اور میرا سلام اُن مُردون کو جو مدفون ہو چکے ہین کیونکر پہنچ سکتا ہی جبکہ وہ سلام ہمارے غائب زندون تلک پہنچنے مین کوتاہی کرتا ہی۔

يَا أَحْسَنَ الصَّبْرِ زُرْ أَوْلَى الْقُلُوبِ بِهَا	وَقُلْ لِصَاحِبِهِ يَا أَنْفَعَ السُّحُبِ

والضمیر فی صاحبہ یعنی الی اولی القلوب وہو سیف الدولہ ترجمہ ای صبر جمیل اُسکے پاس جا جو سب دلون سے متوفیہ کا قریب تر ہی یعنی سیف الدولہ کے پاس اور اُس سے یہ کہدے کہ ای تمام ابرون سے زیادہ مفید کیونکہ

اُسکی عطا محض مفید ہے اور ابر کے برسنے سے کبھی سیلاب اور کبھی صاعقہ ستاتا ہے۔

وَاَکْرَمَ النَّاسِ لَا مُسْتَثْنِیًا اَحَدًا	مِنَ الْکِرَامِ سِوَی آبَائِکَ النُّجُبِ

النجب جمع نجیب وہو الکریم من کل شیٔ ترجمہ اور اے تمام لوگون سے کریم تر اور لوگون مین کسی کریم کو سوائے تیرے آبائی کرام کے استثنا یعنی جدا نہین کرتا یعنی سوائے اپنے آبا کرام کے تو سب سے اکرم ہے۔

قَدْ کَانَ قَاسَمَکَ الشَّخْصَیْنِ دَهْرُهُمَا	وَعَاشَ دُرُّهُمَا الْمَفْدِیُّ بِالذَّهَبِ

ہذا جواب نداء تریدبالشخصین اختیہ الکبری والصغری وقد اخذ الموت الصغری من قبل ترجمہ دو شخصون یعنی تیری دو بہنون بڑی اور چھوٹی کو اُنکے زمانہ نے تجھ سے تقسیم کیا اور بڑی بہن جو صفائی اور نفاست مین مثل موتی کے تھی جیتی رہی اور چھوٹی بہن جو عظیم القدر مانند سونے کے تھی اُسپر فدا ہو گئی یعنی مرگئی۔ خلاصہ یہ کہ زمانہ نے بڑی بہن کو تیرے حصہ مین لگادیا اور وہ جیتی رہی اور چھوٹی کو آپ لے لیا۔

وَعَادَ فِی طَلَبِ الْمَتْرُوْکِ تَارِکُهُ	اِنَّا لَنَغْفُلُ وَالْاَیَّامُ فِی الطَّلَبِ

ترجمہ اور بڑی بہن کا تارک یعنی زمانہ متروک یعنی اُس بہن کی طلب مین پھر لوٹا اور اُسکو بھی لے گیا۔ بیشک ہم لوگ غافل ہین اور دنون کی آمد و رفت ہماری تلاش مین رہتی ہے جب موقع لگتا ہے صاف اڑا لیجاتی ہے۔

مَا کَانَ اَقْصَرَ وَقْتًا کَانَ بَیْنَهُمَا	کَاَنَّهُ الْوَقْتُ بَیْنَ الْوِرْدِ وَالْقَرَبِ

القرب اللیلۃ التی یرد الوارد فی صبحہا الماء۔ والورد الورود علی الماء ترجمہ دونون بہنون کی موت مین کسقدر کم زمانہ گذرا گویا وہ زمانہ بسبب کوتاہی اُسقدر تھا جسقدر کم وقت درمیان اُس رات کے جسکی صبح کو پانی پر پہنچتے ہین اور درمیان اُس صبح کے جس مین پانی پر پہنچتے ہین ہوتا ہے یعنی ایک رات۔

جَزَاکَ رَبُّکَ بِالْاَحْزَانِ مَغْفِرَةً	فَحُزْنُ کُلِّ اَخِیْ حُزْنٍ اَخُو الْغَضَبِ

ترجمہ تیرا رب تیرے غمون کے جرم کو معاف فرماوے کیونکہ ہر غمگین کا غم غصہ کا ساتھی اور بھائی ہوتا ہے یعنی غم جیسا بہ نسبت اپنے مافوق کے ہوتا ہے ایسا ہی غضب بہ نسبت اپنے ماتحت کے پس گویا یہ دو برادر ہین۔ خلاصہ یہ ہے کہ جب انسان کسی مصیبت پر مغموم ہوتا ہے تو گویا قضاو قدر پر غصہ ہوتا ہے کہ کیون اُس نے میری مرضی کے موافق نکیا اور یہ غصہ جرم قابل طلب استغفار ہے۔

وَاَنْتُمْ نَفَرٌ تَسْخُوْ نُفُوْسُکُمْ	بِمَا یَهَبْنَ وَلَا یَسْخُوْنَ بِالسَّلَبِ

السلب ما یوخذ من القتیل من ثیاب وسلاح۔ والسلب بالفتح المسلوب ترجمہ اور تم ایک ایسے گروہ ہو کہ تمھاری طبیعتین اپنی عطایا خوش ہو کر دیتی ہین اور جو چیز اُن سے بزور چھینی جاوے اُسے گوارا نہین کرتین پس تمھارا غم بجا ہے۔

حَلَلْتُمْ مِنْ مُلُوْكِ النَّاسِ كُلِّهِمِ ۔۔۔ مَحَلَّ سُمْرِ الْقَنَا مِنْ سَائِرِ الْقَصَبِ

ترجمہ تمام لوگون کے بادشاہون کے بہ نسبت تمہارا محل اور مرتبہ ایسا ہی جیسا مرتبہ گندم گون نیزونکا تمام سرکنڈونمین

فَلَا تَنَلْتَ اللَّيَالِي اِنَّ اَيْدِيَهَا ۔۔۔ اِذَا ضَرَبْنَ كَسَرْنَ النَّبْعَ بِالْغَرَبِ

النبع شجر صلب ینبت فی رؤس الجبل تتخذ منہ القسی۔ والغرب بنت ضعیف ینبت علی الانہار ترجمہ راتین تجکو نہ ستائیو بیشک اُنکے ہاتھ ایسے غضب ہین کہ جب وہ صدمہ پہنچاتی ہین تو نبع جیسے مضبوط چوب کو غرب جیسے کمزور چوب سے توڑڈالتے ہین یعنی قوی کو ضعیف سے شکست دلوادیتے ہین۔

وَلَا يُعِنَّ عَدُوًّا اَنْتَ قَاهِرُهُ ۔۔۔ فَاِنَّهُنَّ يَصِدْنَ الصَّقْرَ بِالْخَرَبِ

الخرب ہو ذکر الحباری ترجمہ اور وہ راتین اُس دشمن کی مدد نکیجیو جسپر تو غالب ہی کیونکہ وہ راتین چرغ جیسے قوی شکاری جانور کو تعدری سے جو ضعیف اور اُسکا شکار ہی شکار کرلیتی ہین۔

وَاِنْ سَرَرْنَ بِمَحْبُوْبٍ فَجَعْنَ بِهِ ۔۔۔ وَقَدْ اَتَيْنَكَ فِي الْحَالَيْنِ بِالْعَجَبِ

ترجمہ اور اگر وہ راتین بذریعہ کسی شئ محبوب کے خوش کرتی ہین تو اُس محبوب کو گم کرکے دردناک کرتی ہین اور وہ دونون حال یعنی سرور وغم مین تیرے پاس تعجب کو لاتی ہین یعنی یہ عجب کہ ایک شئ واحد سبب سرور وغم ہو۔

وَرُبَّمَا احْتَسَبَ الْاِنْسَانُ غَايَتَهَا ۔۔۔ وَفَاجَاتْهُ بِاَمْرٍ غَيْرِ مُحْتَسَبِ

ترجمہ اور بسا اوقات انسان غایت محنت کو سمجھ لیتا ہی اور پھر ناگاہ ایسی مصیبت جسکا خیال وگمان بھی نہو اُسپر آجاتی ہی

وَمَا قَضَى اَحَدٌ مِنْهَا لُبَانَتَهُ ۔۔۔ وَلَا انْتَهَى اَرَبٌ اِلَّا اِلَى اَرَبِ

اللبانۃ الحاجۃ والارب بمعناہا ترجمہ اور کسی نے اُن راتون سے اپنی حاجت پوری نہین کی بلکہ ایک حاجت نہین ختم ہوتی مگر دوسری حاجت پر۔ یعنی دنیا مین کسی کے سب مطالب پورے نہین ہوئے ایک مطلب پورا ہوتا ہی دوسرا مطلب آموجود ہوتا ہی۔

تَخَالَفَ النَّاسُ حَتّٰى لَا اتِّفَاقَ لَهُمْ ۔۔۔ اِلَّا عَلَى شَجَبٍ وَالْخُلْفُ فِي الشَّجَبِ

الشجب الہلاک والحزن ترجمہ تمام لوگ سب چیزونمین باہم مختلف ہین یہان تلک کہ اُنکو کسی چیز پر اتفاق نہین مگر ہلاکی پر یعنی اسبات پر سب متفق ہین کہ انجام ہر جاندار کا ہلاکی ہی اور پھر ہلاکی ہی مین اختلاف ہی جسکا بیان اگلے شعر مین ہی۔

فَقِيْلَ تَخْلُصُ نَفْسُ الْمَرْءِ سَالِمَةً ۔۔۔ وَقِيْلَ تَشْرَكُ جِسْمَ الْمَرْءِ فِي الْعَطَبِ

اراد بالنفس الروح ترجمہ سو کہا گیا ہی کہ انسان کی روح بعد ہلاک جسم کے سالم بچ جاتی ہی اور یہ قول اُن لوگون کا ہی جو بعث اور حشر کے قائل ہین۔ اور کہا گیا ہی کہ وہ روح ہلاکی مین جسم کے شریک ہی یعنی اُس کے ساتھ یہ بھی ہلاک ہوجاتی ہی اور یہ قول دہریون کا اور اُن لوگون کا ہی جو قدم عالم کے قائل ہین۔

وَمَنْ تَفَكَّرَ فِي الدُّنْيَا وَمُهْجَتِهِ	أَقَامَهُ الْفِكْرُ بَيْنَ الْعَجْزِ وَالتَّعَبِ

ترجمہ اور جو شخص دنیا میں اور اپنی جان کے معاملہ میں فکر کریگا تو اُسکو اُسکا فکر درمیان عجز اور اختیار مشقت کے کھڑا کر دیگا۔ یعنی وہ کبھی حصول دنیا کے لئے تعب اور مشقت اختیار کرے گا اور کبھی بخوف ہلاک اپنی جان کے ترک طلب و مشقت کریگا بہر حال طالب و عجز سے خالی نہیں رہے گا۔ سو طالب دنیا تعب میں اور قاعد عجز میں رہے گا اور اُس کا عجز بخوف ہلاک جان ہو گا کیونکہ اگر وہ اپنی سلامتی کا یقین رکھے گا تو طلب سے باز نہیں رہے گا **وکتب الیہ سیف الدولۃ یستدعیہ فقال**

فَهِمْتُ الْكِتَابَ أَبَرَّ الْكُتُبْ	فَسَمْعًا لِأَمْرِ أَمِيرِ الْعَرَبْ

ترجمہ میں مضمون خط کو جو تمام خطوط سے عمدہ ہی تھا سمجھا سو میں نے حکم امیر عرب کا خوب سنا یعنی سیف الدولہ کا حکم۔

وَطَوْعًا لَهُ وَابْتِهَاجًا بِهِ	وَإِنْ قَصَّرَ الْفِعْلُ عَمَّا وَجَبْ

ترجمہ اور میں نے اُس حکم کی کماحقہ اطاعت کی اور بسبب اُسکے کمال خوش ہوا اگرچہ میرا فعل قدر واجب سے کم ہی یعنی اگرچہ میں بسبب اُس عذر کے جو آگے مذکور ہو گا حاضر نہیں ہو سکتا۔

وَمَا عَاقَنِي غَيْرُ خَوْفِ الْوُشَاةِ	وَإِنَّ الْوِشَايَاتِ طُرْقُ الْكَذِبْ

ترجمہ سوائے خوف غمازوں کے حاضری سے مجکو کسی چیز نے نہیں روکا اور اس خیال نے روکا کہ بیشک غمازیاں جھوٹ کی راہیں ہیں یعنی جب انسان غمازی اختیار کرتا ہی تو ضرور جھوٹ بولتا ہی سو میں اُنکے کذب سے ڈرا اور حاضری میں کام رہا۔

وَتَكْثِيرِ قَوْمٍ وَتَقْلِيلِهِمْ	وَتَقْرِيبِهِمْ بَيْنَنَا وَالْخَبَبْ

تکثیر بضم الراء عطف علی طرق وکذا تقلیلهم وتقریبهم۔ والظاہر انہ بکسر الراء عطفا علی خوف ومفعولا تکثیر وتقلیل محذوفان ای تکثیر ما بیننا وتقلیل ما بیننا۔ والتقریب والخبب ضربان من العدو فالاول ہو ان یرفع الفرس یدیہ معا ویضعہما معا والخبب ان یراوح الفرس بین قدمیہ ورجلیہ ترجمہ اور نہیں روکا مجکو مگر اس خوف نے کہ قوم غماز کی چغلیاں ہمارے عیوب کو بڑھانا اور ہماری خوبیوں کو گھٹانا اور میرے اور آپ کے درمیان چغلخوری کے لئے پویا اور تیز قدم دوڑنا ہی یعنی وہ لوگ چغلخوری کے لئے دوڑتے پھرینگے۔

وَقَدْ كَانَ يَنْصُرُهُمْ سَمْعُهُ	وَيَنْصُرُنِي قَلْبُهُ وَالْحَسَبْ

ترجمہ اور بیشک امیر کا کان اُنکی مدد کرتا تھا اور اُسکا دل اور اُسکے صفات نیکو میری مدد کرتے تھے۔ یعنی امیر اُنکی غمازیاں سنتا تھا مگر اُنکی تصدیق نہیں کرتا تھا اور اُسکا دل میری طرف مائل تھا۔

وَمَا قُلْتُ لِلْبَدْرِ أَنْتَ اللُّجَيْنُ	وَلَا قُلْتُ لِلشَّمْسِ أَنْتِ الذَّهَبْ

ترجمہ اور حال یہ تھا کہ میں نے ماہ تمام کو چاندی نہیں کہا اور نہ آفتاب کو کہا کہ تو سونا ہی یعنی میں نے تیری بزرگی نہیں گھٹائی کہ تو مجھ پر خفا ہو جیسا اگلے شعر میں کہتا ہی۔

فَيَقْلَقَ مِنْهُ الْبَعِيدُ الْأَنَاةِ ۔۔۔ وَيَغْضَبَ مِنْهُ الْبَطِيُّ الْغَضَبُ

فیقلق بالفاء جواب النفی ویغضب عطفا علیہ منصوبان الاناۃ الرفق ترجمہ یعنے امیر کی کوئی بیقدری کی بات نہین کہی کہ اُسکے سبب سے بڑا نرم مزاج اور حلیم یعنی سیف الدولہ رنجیدہ وخفا ہو جاوے اور غضبناک پُرخشم شخص۔

وَمَا لَاقَنِي بَلَدٌ بَعْدَكُمْ ۔۔۔ وَلَا اعْتَضْتُ مِنْ رَبِّ نُعْمَايَ رَبّ

لاقنی امسکنی واصطفی یقال فلان لایلیق درہما ای لایمسک ترجمہ اور نہین روکا مجکو تمہارے بعد کسی شہر نے اور اپنی نعمتون کے مالک کے عوض یعنی سیف الدولہ کے بدلے کوئی اور صاحب نعمت مینے نہین بدلا۔

وَمَنْ رَكِبَ الثَّوْرَ بَعْدَ الْجَوَادِ ۔۔۔ أَنْكَرَ أَظْلَافَهُ وَالْغَبَبْ

الظلف للبقرۃ والشاۃ والظبی کالقدم للانسان ۔ الغبب والغبغب للبقر والدیک ماتدلی تحت حنکیہا ترجمہ اور جو بعد عمدہ گھوڑے کے بیل پر سوار ہو تو اُس کے کھر اور گلے تلے کی لٹکتی کھال اوپری معلوم ہوگی یعنی تجھکو دیکھکر دوسرا امیر پسند نہین آتا۔ مگر اُسکو لفظ سواری سے تعبیر کرنا خلاف شان ملوک ہی۔

وَمَا قِسْتُ كُلَّ مُلُوكِ الْبِلَادِ ۔۔۔ فَدَعْ ذِكْرَ بَعْضٍ بِمَنْ فِي حَلَبْ

ترجمہ حلب والے یعنی سیف الدولہ سے مینے شہرونکے تمام بادشاہونکو قیاس اور مشابہ نہین کیا بعض کا تو کیا ذکر ہی۔

وَلَوْ كُنْتُ سَمَّيْتُهُمْ بِاسْمِهِ ۔۔۔ لَكَانَ الْحَدِيدَ وَكَانُوا الْخَشَبْ

ترجمہ اور اگر مینے اور بادشاہونکا نام اُسکے نام پر رکھا ہو یعنی اُنکو سیف کہا ہو تو یہ ممدوح لوہے کی تلوار ہی اور وہ لوگ لکڑی کے خلاصہ یہ ہی کہ تیری مدح جو مین کرتا ہون وہ حقیقی ہی اور ونکی تعریف مجازی۔

أَفِي الرَّأْيِ يُشْبَهُ أَمْ فِي السَّخَاءِ ۔۔۔ أَمْ فِي الشَّجَاعَةِ أَمْ فِي الْأَدَبْ

ترجمہ کیا کوئی شخص اُس سے رائے مین تشبیہ دیا جاتا ہی یا سخاوت مین یا شجاعت مین یا ادب مین یعنی کوئی اُسکے ان مین مشابہ نہین ہی۔

مُبَارَكُ الْاِسْمِ أَغَرُّ اللَّقَبْ ۔۔۔ كَرِيمُ الْجِرِشَّى شَرِيفُ النَّسَبْ

الجرشی بکسر الجیم والراء والشین المشددۃ النفس ترجمہ اُسکا نام یعنی علی مبارک ہی کہ اُس سے برکت لیجاتی ہی بسبب نام مقدس حضرت علی مرتضی رض کے اور بھی اس سبب سے کہ وہ علو پر دلالت کرتا ہی اور اُسکا لقب سیف الدولہ تمام جہان مین روشن ہی اور کریم النفس اور شریف النسب ہی کیونکہ وہ بنی ربیعہ سے ہی جو بڑے شریف شمار ہوتے ہین۔

أَخُو الْحَرْبِ يُخْدِمُ مِمَّا سَبَى ۔۔۔ قَنَاهُ وَيَخْلَعُ مِمَّا سَلَبْ

ترجمہ وہ لڑائی کا بھائی یعنی دوست ملازم ہی۔ جبکہ کسی کو خادم بخشتا ہی تو بندیون مین سے جو اُسکے نیزون کے ذریعہ سے قید ہوتے ہین اور جو دشمنونسے مال واسباب چھینتا اور لوٹتا ہی اُسین سے لوگون کو خلعت دیتا ہی خرید کر نہین دیتا۔

إِذَا حَازَ مَالًا فَقَدْ حَازَهُ ۔۔۔ فَتًى لَا يُسَرُّ بِمَا لَا يَهَبُ

ترجمہ جب وہ مال جمع کرتا ہی تو اُسکو ایسا جوانمرد جمع کرتا ہی جو اُس مال سے خوش نہین کیا جاتا جو بخشا نجائے یعنی ممدوح مین یہ صفت موجود ہی۔

وَإِنِّي لَأُتْبِعُ تَذْكَارَهُ ۔۔۔ صَلٰوةَ الْإِلٰهِ وَسَقْيَ السُّحُبِ

ترجمہ اور مین بیشک اُسکی یاد کے بعد خدا کی رحمت اور ابرون کی بارش اُسکے لئے طلب کرتا ہون۔

وَأُثْنِي عَلَيْهِ بِآلَائِهِ ۔۔۔ وَأَقْرُبُ مِنْهُ نَأَى أَوْ قَرُبْ

ترجمہ اور مین اُسکی نعماے سابقہ کے عوض اُسکی تعریف کرتا رہتا ہون اور براہ محبت اسکے قریب ہون وہ مجھسے دور ہو یا نزدیک

وَإِنْ فَارَقَتْنِي أَمْطَارُهُ ۔۔۔ فَأَكْثَرُ غُدْرَانِهَا مَا نَضَبْ

الغدران جمع غدیر وہو ما بقی من السیل بعدہ واصلہ من غادرہ اذا ترکہ ترجمہ اور اگرچہ اُسکے عطایا جو باران کے مانند مجھپر برستے تھے بالفعل مجھسے منقطع ہوگئے ہین مگر اُن بارشون کا باقی ماندہ ابتک خشک نہین ہوا یعنی اُس کی عطایا کا بقایا ابتلک میرے پاس موجود ہی۔

أَيَا سَيْفَ رَبِّكَ لَا خَلْقِهِ ۔۔۔ وَيَا ذَا الْمَكَارِمِ لَا ذَا الشُّطَبْ

الشطب جمع شطبۃ وہی الطرائق التی فی متنہ۔ ومن قرءہ بفتح الطاء جعلہ واحدا ترجمہ ای اپنے رب کی تلوار نہ اُسکے خلق کی اور ای صاحب مکارم کے نہ صاحب دھاریون کے جو تلوار کے پھل پر بنا دیتے ہین۔

وَأَبْعَدَ ذِي هِمَّةٍ هِمَّةً ۔۔۔ وَأَعْرَفَ ذِي رُتْبَةٍ بِالرُّتَبْ

ترجمہ اور ای ہر صاحب ہمت سے ہمت مین بڑھے ہوئے اور ای ہر صاحب مرتبہ سے مرتبونکے زیادہ شناسا۔

وَأَطْعَنَ مَنْ مَسَّ خَطِّيَّةً ۔۔۔ وَأَضْرَبَ مَنْ بِحُسَامٍ ضَرَبْ

ترجمہ اور ای ہر اُس شخص سے جسنے نیزہ کو چھوا ہی زیادہ نیزہ باز اور اُس سے جسنے تلوار ماری ہی بڑی تلوار ے۔

بِذَا اللَّفْظِ نَادَاكَ أَهْلُ الثُّغُورِ ۔۔۔ فَلَبَّيْتَ وَالْهَامُ تَحْتَ الْقُضُبْ

ترجمہ اس اطعن و اضرب کے لفظ سے تجکو تیرے اہل سرحد نے پکارا سو تونے اُنکو ایسے حال مین جواب دیا کہ اُن کے کاسۂ سر تلوارون کے تلے تھے۔

وَقَدْ يَئِسُوا مِنْ لَذِيذِ الْحَيٰوةِ ۔۔۔ فَعَيْنٌ تَغُورُ وَقَلْبٌ يَجِبْ

الوجیب خفقان القلب و غارت العین غورا اذا انخسفت من وجع او حزن ترجمہ اور تونے اُنکی ایسے وقت مین فریادرسی کی کہ وہ مزید ارحیات سے ایسے ناامید ہوگئے تھے کہ اُن کی آنکھ بسبب شدت صدمہ گڑ گئین تھین اور دل اُن کا گھبراتا تھا۔

وَغَرَّ الدُّمُسْتُقَ قَوْلُ الْوُشَاةِ	اَنَّ عَلِيًّا ثَقِيلٌ وَصِبْ

الوصب المریض ترجمہ اور دمستق کو دشمنوں کے اس قول نے دھوکا دیا تھا کہ بیشک علی یعنی سیف الدولہ بسبب مرض کے اٹھ نہیں سکتا۔

وَقَدْ عَلِمَتْ خَيْلُهُ اَنَّهُ	اِذَا هَمَّ وَهُوَ عَلِيلٌ رَكِبْ

ترجمہ اور بیشک دمستق کے سواروں نے یہ امر جان لیا تھا کہ جب بحالت بیماری سیف الدولہ قصد کرے گا تو لڑائی کے لئے سواری کرے گا۔

اَتَاهُمْ بِاَوْسَعَ مِنْ اَرْضِهِمْ	طِوَالَ السَّبِيبِ قِصَارَ الْعُسُبْ

نصب طوالاً و قصاراً علی الحال۔ والضمیر المستتر فی اتاہم للدمستق۔ والسبیب شعر الناصیۃ والعرف والذنب والعسب جمع عسیب وہو منبت الذنب واوسع صفۃ خیل ترجمہ دمستق اہل ثغور پر گھوڑے جو بسبب کثرت و وسعت کے انکی زمین سے زیادہ تھے چڑھا لایا جنکی پیشانی اور یال اور دم کے بال دراز تھے اور دم کی جگہ جسپر بال جمتے ہیں چھوٹی تھی یعنی عمدہ گھوڑے۔

تَغِيبُ الشَّوَاهِقُ فِي جَيْشِهِ	وَتَبْدُوْ صِغَارًا اِذَا لَمْ تَغِبْ

الشواہق الجبال العالیات ترجمہ اونچے پہاڑ اسکے لشکر میں چھپ جاتے تھے کیونکہ وہ سب جگہ پھیلے ہوتے تھے اور اگر بالکل نہیں چھپتے تھے تو چھوٹے چھوٹے معلوم ہوتے تھے۔

وَلَا تَعْبُرُ الرِّيحُ فِي جَوِّهِ	اِذَا لَمْ تَخَطَّ الْقَنَا اَوْ تَثِبْ

الجو الہوی ترجمہ و بسبب کثرت نیزوں کے ہوا اپنے میدان میں نہیں گذر سکتی تھی اگر نیزوں نیزہ پھلانگ جائے یا کود جائے

فَغَرَّقَ مُدْنَهُمْ بِالْجُيُوشِ	وَاَخْفَتَ اَصْوَاتَهُمْ بِاللَّجَبْ

اللجب الصوت الشدید ترجمہ سو دمستق نے اہل ثغور کے شہر لشکر والوں نے غرق کر دیئے یعنی انکی کثرت کے سبب تمام شہر معلوم ہو گئے گویا غرق ہو گئے اور انکی آوازوں کو بسبب شور لشکر کے خاموش کر دیا۔

فَاَخْبِثْ بِهِ طَالِبًا قَهْرَهُمْ	وَاَخْبِثْ بِهِ تَارِكًا مَا طَلَبْ

اخبث بہ صیغہ تعجب ترجمہ سو دمستق کسقدر خبیث ہی جبکہ اپنے لشکر کے لئے قہر کا طالب تھا اور وہ کسقدر خبیث ہی جبکہ وہ اپنے مطلوب کو چھوڑ بھاگا یعنی وہ طلب حرب دونوں میں خبیث ہی۔

نَاَيْتَ فَقَاتَلَهُمْ بِالْقَنَا	وَجِئْتَ فَقَاتَلَهُمْ بِالْهَرَبْ

ترجمہ جب تو دور تھا تو وہ انسے نیزوں سے لڑا اور جب تو آگیا تو وہ بذریعہ بھاگنے کے لڑا یعنی بجائے لڑنے کے بھاگ گیا۔

وَكَانُوْا لَهُ الْفَخْرَ لَمَّا اَتَى	وَكُنْتَ لَهُ الْعُذْرَ لَمَّا ذَهَبْ

ترجمہ جب دمستق آیا اور اہل ثغور کو مغلوب کر لیا تو وہ اُس کے لیے سبب فخر تھے اور جب تو آیا اور وہ بھاگا تو اُسکے لیے غدر تھا کیونکہ وہ تیرے مقابلہ کی طاقت نہیں رکھتا تھا۔

سَبَقْتَ اِلَيْهِمْ مَنَايَاهُمْ	وَمَنْفَعَةُ الْغَوْثِ قَبْلَ الْعَطَبْ

ترجمہ تو اہل ثغور کے موتوں سے پہلے اُن کے پاس پہنچ گیا۔ اور فریادرس کی فریادرسی کا نفع ہلاکی سے پہلے ہے بعد ہلاک کس کام کی۔

فَخَرُّوْا لِخَالِقِهِمْ سُجَّدًا	وَلَوْلَمْ تُغِثْ سَجَدُوْا لِلصُّلُبْ

الصلب جمع صلیب ترجمہ سو اہل ثغور بعد تیری فریادرسی اور دمستق کے بھاگجانے کے اپنے خالق کو سجدہ شکر کرتے ہوئے گرے اور تو اُنکی فریاد کو نہ پہنچتا تو بخوف روم صلیبوں کو سجدہ کرتے۔

وَكَمْ ذُدْتَ عَنْهُمْ رَدًى بِالرَّدٰى	وَكَشَّفْتَ مِنْ كُرَبٍ بِالْكُرَبْ

ترجمہ تو نے بہت دفعہ اُن سے اُنکی ہلاکی بسبب ہلاک کرنے اُن کے دشمنوں کے دور کی اور اُن کی بیچینی کو دشمن کو بیچین کر کے خوب دور کر دیا۔

وَقَدْ زَعَمُوْا اَنَّهٗ اِنْ يَّعُدْ	يَعُدْ مَعَهُ الْمَلِكُ الْمُعْتَصِبْ

المعتصب الذی یعتصب التاج براسہ ترجمہ اور بیشک روم نے یہ خیال کر لیا تھا کہ اگر دمستق بعد گریز کے پھر لوٹے گا تو اُسکے ساتھ ملک اعظم تاج پوش بھی لوٹے گا مگر تیرے مقابلہ کی دونوں کو ہمت نہوئی ملک اعظم کے اول دفعہ آنیکو دوبارہ آنا موافق محاورہ عرب کے کہا ہے کیونکہ کبھی وہ عود ابتدائی آنیکو بھی کہتے ہیں۔

وَيَسْتَنْصِرَانِ الَّذِیْ يَعْبُدَانِ	وَعِنْدَهُمَا اَنَّهٗ قَدْ صُلِبْ

ترجمہ اور دمستق اور ملک اعظم دونوں اپنے معبود یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے مدد مانگیں گے اور حال یہ ہے کہ اُن دونوں کے نزدیک یہ مقرر ہے کہ حضرت مسیح پھانسی دیئے گئے یعنی یہود نے اُنکو پھانسی دیدیا۔

وَيَدْفَعُ مَا نَالَهٗ عَنْهُمَا	فَيَا لَلرِّجَالِ لِهٰذَا الْعَجَبْ

اللام فی للرجال مفتوحۃ لانہا لام الاستغاثۃ فی للمستغاث بہ وہی مفتوحۃ۔ وفی لہذا لام التعجب وہی مکسورۃ ترجمہ اور جو مصیبت حضرت مسیح کو حسب اعتقاد مسیحیوں کے یہود کے ہاتھ سے پہنچی ہے اُس مصیبت یعنی ہلاکی کو حضرت مسیح اُن دونوں سے دور کریں گے سوائے لوگو اس عجب کی فریادرسی کرو۔ یعنی حضرت مسیح جب ہلاکی کو اپنے نفس سے دور نہ کر سکے تو اور ون سے کیسے دفع کر سکتے ہیں۔

اَرَى الْمُسْلِمِيْنَ مَعَ الْمُشْرِكِيْنَ	اِمَّا لِعَجْزٍ وَاِمَّا رَهَبْ

ترجمہ میں اور مسلمانونکو مشرکین کے ساتھ ہم پیالہ و ہم نوالہ دیکھتا ہوں یہ امر یا تو اُنکے عجز کی سبب ہے یا خوف کی۔

وَاَنْتَ مَعَ اللّٰهِ فِیْ جَانِبٍ	قَلِیْلُ الرُّقَادِ کَثِیْرُ التَّعَبْ

ترجمہ اور تو اُن سے ایک طرف ہے اور خدا تیرے ساتھ ہے اور تو کم سونیوالا اور بڑا محنتی ہے یعنی تو تنہا اُنسے لڑتا ہے۔

کَاَنَّکَ وَحْدَکَ وَحَّدْتَهُ	وَدَانَ الْبَرِیَّةُ بِابْنٍ وَّاَبْ

ترجمہ گویا فقط تو نے خداوند تعالیٰ کو واحد جانا ہے اور تمام خلق بیٹے اور باپ کے معتقد ہوگئے یعنی نصرانی ہوگئے۔

فَلَیْتَ سُیُوْفَکَ فِیْ حَاسِدٍ	اِذَا مَا ظَهَرْتَ عَلَیْهِمْ کَئِبْ

ترجمہ سو کاش تیری تلواریں اُس حاسد کے جسم میں غائب ہوویں جو بسبب تیرے روم پر غالب ہونیکے پچھں ہوتا ہے۔

وَلَیْتَکَ شَکَاتَکَ فِیْ جِسْمِهٖ	وَلَیْتَکَ تَجْزِیْ بِبُغْضٍ وَّحُبْ

الشکاۃ المرض ومثلہ الشکو والشکوی والشکایۃ ترجمہ اور کاش تیرا مرض حاسد کے جسم میں ہو اور کاش تو اپنے دشمنوں اور دوستوں کو بقدر بغض اور دوستی کے جزا دے تو اس صورت میں مجکو بباعث نہایت دوستی کے بڑا عمدہ حصہ ملیگا جیسا اگلے شعر میں ہے

فَلَوْ کُنْتَ تَجْزِیْ بِهٖ نِلْتُ مِنْکَ	اَضْعَفَ حَظٍّ بِاَقْوٰی سَبَبْ

ترجمہ سو اگر تو بعوض محبت جزا دے تو بھی مجکو باوجود محبت کے جو سبب قوی ہی کمتر حصہ ملے گا کیونکہ تیری توجہ میری طرف نہیں ہی اسصورت میں سیف الدولہ پر عتاب ہی اور یہی معنی ابوالفضل عروضی نے لکھے ہیں۔ اور مترجم کہتا ہی کہ شاعر نے پہلے شعر کے اخیر مصرعہ میں یہ آرزو کی ہی کاش بقدر محبت جزا ملے تو اُسکی مناسبت سے اس شعر کا ظاہری مطلب ہی کہ اگر بقدر محبت تو جزا دے تو میرا حصہ بسبب میری قوی محبت کے اور دونکے حصہ سے دونا ہوگا۔ دعوی یہ ہی کہ میری محبت اوروں سے دونی ہی

وقال وقد عذلہ ابو سعید المخیمری علی ترکہ لقاء الملوک فی صباہ

اَبَا سَعِیْدٍ جَنِّبِ الْعِتَابَا	فَرُبَّ رَاْیٍ خَطَاً صَوَابَا

الظاہر ان خطأً بالنصب مفعول اول لرای وصوابا مفعولہ الثانی لانہ من الظن العلم ترجمہ ای ابا سعید عتاب سے کنارہ کر کیونکہ خطا کو صواب سمجھنے والے بہت سے لوگ ہیں اُنھیں میں سے تو ہی۔ یعنی تو جو مجکو بادشاہوں سے نہ ملنے پر ملامت کرتا ہی اس معاملہ میں تو غلطی پر ہی اور وجہ غلطی اگلے شعر میں ہی۔

فَاِنَّهُمْ قَدْ اَکْثَرُوا الْحُجَّابَا	وَاسْتَوْقَفُوْا لِرَدِّنَا الْبَوَّابَا

ترجمہ کیونکہ بیشک اُن لوگوں نے بہت سے پردہ دار مقرر کئے ہیں اور ہمارے روکنے کو بہت سے دربان بٹھا رکھے ہیں۔

وَاِنَّ حَدَّ الصَّارِمِ الْقِرْضَابَا	وَالذَّابِلَاتِ السُّمْرَ وَالْعِرَابَا

یَرْفَعُ فِیْمَا بَیْنَنَا الْحِجَابَا

القرضاب السیف القاطع یقطع العظام صفۃ لحد۔ والذابلات الرماح اللینۃ۔ والعراب الخیل العربیۃ ترجمہ اور بیشک شمشیر کی برندہ دھار اور چمکتی گندم گون نیزے اور عربی گھوڑے ہمارے درمیان کے پردے اُٹھا دین گے۔ یعنی ہم ان تینون اشیائے مذکورہ کے ذریعہ سے بادشاہون پر خروج کرین گے۔ یہ متنبی کی قدیمی ہیکڑیان اور مُنہ زوریان ہین جنکو شارح اُسکا حمق لکھتا ہے۔

وقال ارتجالاً لبعض الکلابیین وہم علی الشراب

لِاَحِبَّتِیْ اَنْ یَمْلَئُوْا	بِالصَّافِیَاتِ الْاَکْوُبَا

الاکوب جمع کوب وہو کوز لاعروۃ لہ۔ والصافیات جمع صافیۃ وہی الخمرۃ ترجمہ میرے دوستون کو زیبا ہے کہ شراب صاف سے کوزے بے دستی کے بھرین۔ یعنی ایسے کوزے جنہین دستی اور پکڑنے کی چیز نہو۔

وَعَلَیْهِمُ اَنْ یَبْذُلُوْا	وَعَلَیَّ اَنْ لَّا اَشْرَبَا

ترجمہ اور دوستون پر فرض ہے کہ وہ شراب مجکو دین اور مجکو لازم ہے کہ مین اُسکو نہ پیون۔

حَتّٰی تَکُوْنَ الْبَاتِرَا	تُ الْمُسْمِعَاتُ فَاَطْرَبَا

الباترات جمع باترۃ وہی السیف القاطع ترجمہ نہ پیون یہان تلک کہ شمشیر ہائے قاطع جھنا جھن سنانیوالی ہون سو اسوقت مین خوش ہون گا۔ خلاصہ یہ ہے کہ مین بے آوازہائے شمشیر کے خوش نہین ہوتا۔

وقال یرثی محمد بن اسحٰق التنوخی وینفی الشماتۃ عن بنی عمہ

لِاَیِّ صُرُوْفِ الدَّهْرِ فِیْهِ نُعَاتِبُ	وَاَیَّ رَزَایَاهُ بِوِتْرٍ نُطَالِبُ

اللام فی لای زائدۃ۔ وای رزایاہ الروایۃ بفتح الیاء والعامل فیہ نطالب والوتر والترۃ العداوۃ ترجمہ زمانہ مین ہم اُسکی کس کس گردش پر عتاب کرین اور کون کون اُس کی مصیبت سے انتقام کا مطالبہ کرین کیونکہ اُس کے مصائب بکثرت ہین۔

مَضٰی مَنْ فَقَدْنَا صَبْرَنَا عِنْدَ فَقْدِهٖ	وَقَدْ کَانَ یُعْطِی الصَّبْرَ وَالصَّبْرُ عَازِبُ

العازب البعید ترجمہ وہ شخص چلدیا جسکے جانے سے ہمنے اپنا صبر گم کیا۔ اور جبکہ مصائب مین لوگون کا صبر دور ہوجاتا تھا تو وہ اُن کو صبر عنایت کرتا تھا یعنی اُن کی تسلی کرتا تھا۔ یا اُنپر اسقدر احسان کرتا تھا کہ اُن کو تحمل شدائد آسان ہوجاتا تھا۔

یَزُوْرُ الْاَعَادِیْ فِیْ سَمَاءِ عَجَاجَةٍ	اَسِنَّتُهٗ فِیْ جَانِبَیْهَا الْکَوَاکِبُ

ترجمہ غبار جو گھوڑون کے سمونکے سبب لڑائی کے میدان مین اُڑتا ہی وہ اس معمولی آسمان کو چھپا کر خود دوسرا آسمان بنجاتا ہی سو وہ اس آسمان کے تلے دشمنون سے غٹاپٹ ہوتا ہی اور اُس غبار کے دونون طرف اُسکے چمکتے ہوئے نیزے بجائے ستارونکے ہوتے ہین

فَكَشَّفَ عَنْهُ وَالسُّيُوفُ كَأَنَّمَا ‖ مَضَارِبُهَا مِمَّا انْفَلَلْنَ ضَرَائِبُ

المضارب جمع مضرب بکسر الراء وہو حدہ وظبتہ والضرائب جمع ضریبۃ وہی الشئ المضروب بالسیف ترجمہ سو وہ غبار ممدوح سے دور ہوتا ہی ایسے حال مین کہ اُسکے اور اُسکے لشکر کے تلوارونکی دھارین بسبب دندانیدار ہونے کے گویا چھتی ہوئی ہین یعنی حقیقت مین تلوارین ضارب ہین مگر بسبب کثرت دندانون کے مضروب معلوم ہوتی ہین کہ کسی چیز نے اُنپر گر کے تلوارونکو مضروب کر دیا ہی

طَلَعْنَ شُمُوسًا وَالْغُمُودُ مَشَارِقٌ ‖ لَهُنَّ وَهَامَاتُ الرِّجَالِ مَغَارِبُ

ترجمہ اُن تلوارون نے آفتاب بنکر طلوع کیا اور اُنکے مشارق اُنکے میان تھے اور مردونکی کھوپریان اُنکی مغاربیں جنمین وہ چھپ جاتی تھین

مَصَائِبُ شَتَّى جُمِّعَتْ فِي مُصِيبَةٍ ‖ وَلَمْ يَكْفِهَا حَتَّى قَفَتْهَا مَصَائِبُ

ترجمہ متوفی کا مرنا ایک مصیبت ہی جسمین بہت سے مصائب جمع کئے گئے ہین اور پھر اُن پر بھی کفایت اور بس نہین کی گئی یہان تلک کہ اُنکے پیچھے اور بہت سی مصیبتین آگئین۔ اور وہ دشمنونکا ہمپر تہمت لگانا کہ یہ ممدوح کی موت سے خوش ہوئے ہین۔

رَأَى ابْنَ أَبِينَا غَيْرُ ذِي رَحِمٍ لَهُ ‖ فَبَاعَدَنَا عَنْهُ وَنَحْنُ الْأَقَارِبُ

ترجمہ یہ کیسی غلط اور تعجب خیز بات ہی کہ ہمارے باپ کے یعنی ابن عم پر غیر ذی رحم نے تو رحم کیا اور ہم کو اُس سے دور سمجھا حالانکہ ہم اُس کے قریب رشتہ دار ہین۔

وَعَرَّضَ أَنَّا شَامِتُونَ بِمَوْتِهِ ‖ وَإِلَّا فَزَارَتْ عَارِضَيْهِ الْقَوَاضِبُ

عرض اناکان حقہ بانا لکنہ ارادہ معنی ذکر ترجمہ اور اُس غیر ذی رحم نے ہمپر تعریض کی کہ ہم اُسکی موت سے خوش ہوئے اور مصرعہ ثانی مقولہ معترض کا بھی ہوسکتا ہی اور اُسوقت اُسکے یہ معنی ہونگے کہ اگر ہم یہ امر جھوٹ کہتے ہون تو ہمارے دونون رخسارون پر تلوارین لگیو اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ یہ مقولہ اُن لوگونکا ہو جو اپنے سے شماتت کی نفی کرتے ہین یعنی اگر اُنکی تعریض درست نہ ہو تو اُنکو یہ صدمہ پہنچیو۔

أَلَيْسَ عَجِيبًا أَنَّ بَيْنَ بَنِي أَبٍ ‖ لِنَجْلِ يَهُودِيٍّ تَدِبُّ الْعَقَارِبُ

انجل النسل ترجمہ کیا یہ بات عجیب نہین ہی کہ ایک باپ کے بیٹون مین بسبب ایک شخص یہودی النسل کے بچھو دوڑنے لگین یعنی اُسکی چغلخوریان۔

أَلَا إِنَّمَا كَانَتْ وَفَاةُ مُحَمَّدٍ ‖ دَلِيلًا عَلَى أَنْ لَيْسَ لِلّٰهِ غَالِبُ

ترجمہ سن سوائے اس کے نہین ہی کہ وفات محمد کی دلیل ہی اس امر کی کہ خدا پر کوئی غالب نہین ہی کیونکہ وہ سب آدمیون پر غالب تھا۔

وقال یمدح المغیث بن علی بن بشر العجلی

دَمعٌ جَرٰی فَقَضٰی فِی الرَّبعِ مَا وَجَبَا	لِاَهلِہٖ وَشَفٰی اَنّٰی وَلَا کَرَبَا

کرب ان یفعل کذا ای کاد وقارب وانی بمعنی کیف ترجمہ میرے آنسو منزل محبوب مین خوب بہے سو جو حق اہل منزل محبوب کا مجھ پر واجب تھا اُسکو ادا کیا اور گریہ نے مرض حرقت فرقت سے مجکو شفا دی کیونکہ رونیسے جی ہلکا ہوتا ہی - پھر اس قول سے رجوع کر کے کہتا ہی کہ قضاے حق وشفاے مرض کہان اور کسطرح ہوا یعنی نہین ہوا بلکہ اُن کے قریب بھی نہین ہوا - اول بسبب کثرت گریہ وشدت بیہوشی خیال کیا کہ یہ دونون امر ظہور مین آگئے پھر سنبھل کر اور دلمین سوچکر کہتا ہی کہ اداے حق وشفا ہرگز حاصل نہین ہوئی بلکہ قریب حصول بھی نہین ہوئی -

عُجنَا فَاَذهَبَ مَا اَبقَی الفِرَاقُ لَنَا	مِنَ العُقُولِ وَمَا رَدَّ الَّذِی ذَهَبَا

ترجمہ ہم اُس منزل کی طرف لوٹے سو صدمہ فراق نے جو کچھ قدر قلیل عقل ہماری چھوڑی تھی بسبب یاد محبوب کے اُسکو بھی اُڑا لیا اور جو عقل پہلے لے گیا تھا اُسکو واپس نکیا -

سَقَیتُہٗ عَبَرَاتٍ ظَنَّہَا مَطَرًا	سَوَائِلًا مِن جُفُونٍ ظَنَّہَا سُحُبَا

سوائلا صفۃ لعبرات وحرف الجر یتعلق بسقیتہ ترجمہ مینے اُس منزل کو ایسے اشکہاے سائل پلائے جنکو وہ باران سمجھے ایسی پلکون سے کہ اُس منزل نے اُنکو ابر سمجھا -

دَارُ المُلِمِّ لَہَا طَیفٌ تَہَدَّدَنِی	لَیلًا فَمَا صَدَقَت عَینِی وَلَا کَذَبَا

الالف واللام فی الملم بمعنی التی ودار خبر مبتدء محذوف ای ہذا الربع دار التی الم ترجمہ وہ منزل گھر ہی اُس محبوبہ کا جسکو اُسکا خیال میرے پاس لانیوالا ہی اور اُس نے مجکو رات مین ڈرایا سو میری آنکھ نے نہ اُسکی تصدیق کی اسلئے کہ جو اُسنے دیکھا وہ بے حقیقت اور خیال محض تھا اور نہ اُسکے خیال نے میرے ڈرانے اور دھمکانے مین کچھ کوتاہی کی اور جھوٹ کیونکہ اُسنے جو فراق و دیگر امور میرے خلاف طبع کے دھمکی دی تھی اُن سب کو پورا کیا چنانچہ اُسکی مخالفت کی تفصیل اگلے شعر مین ہی

نَاَیتُہٗ فَدَنَا اَدنَیتُہٗ فَنَاٰی	جَمَّشتُہٗ فَنَبَا قَبَّلتُہٗ فَاَبٰی

نایتہ ونایت عنہ ای بعدت - ونبا تجافی وتباعد - ونبا السیف اذا لم یعمل فی الضریبۃ - والتجمیش المغازلۃ ترجمہ مین اُسکے خیال سے دور ہوا تو وہ میرے نزدیک آگیا - اُسکے پاس گیا تو وہ دور ہو گیا - مین نے اُس سے مغازلۃ اور دل لگی کی تو مجھ سے خفا ہونے لگا - مینے اُسکا بوسہ لینا چاہا تو اُسنے انکار کیا بہر حال خیال محبوبہ نے ہر معاملہ مین میری مخالفت کی یعنی جو کیفیت محبوبہ کی تھی وہی حال اُسکے خیال کا ہوا -

هَامَ الفُؤَادُ بِاَعرَابِیَّۃٍ سَکَنَت	بَیتًا مِنَ القَلبِ لَم تَمدُد لَہٗ طُنُبَا

ترجمہ میرا دل ایک اعرابیہ پر لٹو ہو گیا جو ایک دلکی کوٹھری پر قابض ہے جسکے تے اُس نے طنابین نہین کھینچین۔

مَظْلُوْمَةُ الْقَدِّ فِی تَشْبِیْہِہٖ غُصُنًا	مَظْلُوْمَةُ الرِّیْقِ فِی تَشْبِیْہِہٖ ضَرَبًا

خبر مبتدء محذوف ای ہی دلو خفضت علی النعت لاعرابیۃ جاز۔ والضرب بفتح الرا العسل الابیض الغلیظ ترجمہ اگر اُسکے قد کو نزاکت مین شاخ سے تشبیہ دین یا اُسکے آب دہن کو شیرینی مین سفید شہد سے تو اُسکے قد اور آب دہن پر ظلم کیا جاوے کیونکہ اُسکا قد شاخ سے اور اُسکا آب دہن شہد سے بڑھا ہوا ہی۔

بَیْضَاءُ تُطْمِعُ فِیْمَا تَحْتَ حُلَّتِہَا	وَعَزَّ ذٰلِكَ مَطْلُوْبًا اِذَا طُلِبَا

مطلوبا منصوب علی التمیز ای من مطلوب۔ والظرف متعلق تطمع ترجمہ وہ گوری ہی کہ اپنی نرم گفتاری و خوش مزاجی سے اپنے اُس جسم کے جو اُسکے لباس مین چھپا ہوا ہی طمع دیتی ہی مگر جب اُسکی خواہش کیجاوے تو یہ مطلب نہایت دشوار ہوتا ہی یعنی وہ خوش اخلاق نرم مزاج پاکدامن ہی۔

کَاَنَّہَا الشَّمْسُ یُعْیِیْ کَفَّ قَابِضِہٖ	شُعَاعُہَا وَیَرَاہُ الطَّرْفُ مُقْتَرِبَا

ضمیر قابضہ للشعاع قدم علیہ لانہ فاعل مقدم رتبۃً ترجمہ گویا وہ محبوبہ آفتاب ہی جسکی شعاع اپنی مٹھی مین بھینچنے والیکو عاجز کردیتی ہی یعنی اُسکی مٹھی مین بند نہین ہوتی حال آنکہ آنکھ اُسکو قریب دیکھتی ہی۔

مَرَّتْ بِنَا بَیْنَ تِرْبَیْہَا فَقُلْتُ لَہَا	مِنْ اَیْنَ جَانَسَ ہٰذَا الشَّادِنُ الْعَرَبَا

الترب اللدۃ یقال ہذہ ترب ہذہ وہن اتراب۔ والشادن من للظباء وغیرہا الذی شدن قرنہ وقوی وترعرع ترجمہ سو وہ اعرابیہ اپنے دو ہمعمروں کے درمیان ہمارے پاس کو گذری تو مینے اُسکی طرف اشارہ کرکے کہا کیونکر یہ آہو بزر عرب کے مشابہ ہو گیا۔

فَاسْتَضْحَکَتْ ثُمَّ قَالَتْ کَالْمُغِیْثِ یُرٰی	لَیْثُ الشَّرٰی وَہُوَ مِنْ عِجْلٍ اِذَا انْتَسَبَا

استضحکت یعنی ضحکت کا ستعجب بمعنی عجب ترجمہ سو اس میرے کہنے پر پہلے وہ ہنسی پھر کہا کہ مین مثل مغیث کے ہون کہ وہ شیر بیشہ شری ہی حالانکہ وہ بنی عجل سے ہی جبکہ وہ اپنا نسب بیان کرے یعنی وہ شیر ہی باوجودیکہ وہ بنی عجل سے ہی جسکے معنی لغت مین گوسالہ کے ہین۔

جَاءَتْ بِاَشْجَعِ مَنْ یُسْمٰی وَاَسْمَحِ مَنْ	اَعْطٰی وَاَبْلَغَ مَنْ اَمْلٰی وَمَنْ کَتَبَا

ترجمہ بنی عجل ایسے شخص کو لائے جو ہر رفیع القدر سے زیادہ بہادر ہی اور سب سخیوں سے زیادہ سخی ہی اور اُن لوگون سے جو لکھواتے اور لکھتے ہین بلیغ ہی یعنی مغیث جیسا شخص جو بایں صفات موصوف ہی بنی عجل مین پیدا ہوا۔

لَوْحَلَّ خَاطِرُہٗ فِیْ مُقْعَدٍ لَمَشٰی	اَوْجَاہِلٍ لَصَحَا اَوْ اَخْرَسٍ خَطَبَا

ترجمہ ممدوح ایسا تیز طبیعت ہی کہ اگر اُسکی طبیعت درماندہ شخص مین حلول کرے تو وہ چل پڑے یا جاہل مین تو

وہ ہوشیار و عالم ہو جاوے یا گونگے مین تو وہ خطیب فصیح ہو جاوے۔

إِذَا بَدَا حَجَبَتْ عَيْنَيْكَ هَيْبَتُهُ　　وَلَيْسَ يَحْجُبُهُ سِتْرٌ إِذَا احْتَجَبَا

ترجمہ جب وہ ظاہر ہو تو اسکی ہیبت تیری دونون آنکھون کو چھپالے یعنی اسکی ہیبت کے سبب تیری دونون آنکھین بند ہو جاوین اور حال یہ ہی کہ جب وہ حجاب مین ہو تو کوئی پردہ اسکو چھپا نہین سکتا بسبب اسکی روشنی اور حسن جسم کے۔

بَيَاضُ وَجْهٍ يُرِيكَ الشَّمْسَ حَالِكَةً　　وَدُرُّ لَفْظٍ يُرِيكَ الدُّرَّ مَخْشَلَبَا

المخشلب خرز من حجارۃ البحر ولیس بدر ترجمہ اسکی سفید روئی ایسی ہی کہ اسکے روبرو آفتاب سیاہ معلوم ہوتا ہی۔ اور اس کے لفظ موتی ہین جو معمولی موتی کو پوتھ دکھلاتے ہین یعنی موتی اسکے روبرو مثل پوتھ بیقدر ہی۔

وَسَيْفُ عَزْمٍ تَرُدُّ السَّيْفَ هَبَّتُهُ　　رَطْبَ الْغِرَارِ مِنَ التَّامُورِ مُخْتَضِبَا

ہبتہ حرکتہ واہتزازہ۔ والغرار الحد۔ والتامور دم القلب ترجمہ اسکا عزم ایک ایسی تلوار ہی کہ اسکی حرکت معمولی تلوار کو ایسے حال مین لوٹاتی ہی کہ اسکی دھار خون دل اعداسے رنگین ہوتی ہی یعنی جب وہ مصمم قصد کرتا ہی تو تلوار کو خون اعداسے رنگدیتا ہی۔

عُمْرُ الْعَدُوِّ إِذَا لَاقَاهُ فِي رَهَجٍ　　أَقَلُّ مِنْ عُمْرِ مَا يَحْوِي إِذَا وَهَبَا

الرہج الغبار ترجمہ دشمن کی عمر جب وہ غبار جنگ مین اسکے سامنے آجاتا ہی اسکے مال سے جب وہ بخشنے لگے کمتر ہوتی ہی یعنی جیسا اسکا مال اسکے ہاتھ مین آتے ہی فوراً خرچ ہو جاتا ہی ایسے ہی دشمن کی عمر فوراً تمام ہو جاتی ہی۔

تَوَقَّهُ فَإِذَا مَا شِئْتَ تَبْلُوَهُ　　فَكُنْ مُعَادِيَهُ أَوْ كُنْ لَهُ نَشَبَا

تبلوہ منصوب باضماران ترجمہ اسکی دشمنی سے بچا رہ اور جب تو اسکا امتحان چاہے تو اسکا دشمن بنجا یا اسکا مال ہو جا سو صورت اول مین بسبب اسکی شجاعت کے اور صورت دوم مین بسبب اسکی سخاوت کے فوراً ہلاک ہو جاوے گا۔

تَحْلُو مَذَاقَتُهُ حَتَّى إِذَا غَضِبَا　　حَالَتْ فَلَوْ قَطَرَتْ فِي الْبَحْرِ مَا شُرِبَا

ترجمہ اسکا مذاق شیرین رہتا ہی یعنی خوش اخلاق رہتا ہی یہان تلک کہ وہ غضبناک ہو جاوے تو اُس کا مزہ بالکل بدل جاتا ہی یعنی تلخ ہو جاتا ہی سو اسوقت اگر دریائے شیرین مین اسکا قطرہ ڈالدیا جاوے تو وہ پینے کے قابل نرہے۔

وَتَغْبِطُ الْأَرْضُ مِنْهَا حَيْثُ حَلَّ بِهِ　　وَتَحْسُدُ الْخَيْلُ مِنْهَا أَيَّهَا رَكِبَا

ضمیر بہ یعود الی حیث۔ والغبطۃ ان تتمنی مثل حال المغبوط من غیران ترید زوالہا ولیس بحسن جعل الغبطۃ للارض والحسد للخیل لان الارض وان کثرت بقاعہا فہی کالمکان الواحد لاتصال بعضہا ببعض والخیل بخلاف ذلک لانہا متفرقۃ کالمتغایرۃ فاستعمل لہا الحسد لقبحہ ترجمہ زمین پر جس مکان مین اُترتا ہی دوسرا قطعہ زمین کا اسپر غبطہ کرتا ہی کہ کاش وہ مجھ پر بھی اُترتا اور جس گھوڑے پر سوار ہوتا ہی دوسرا گھوڑا اسپر حسد کرتا ہی کہ کاش وہ مجھ پر سوار ہوتا نہ دوسرے پر۔

وَلَا يَرُدُّ بِفِيهِ كَفَّ سَائِلِهِ	عَنْ نَفْسِهِ وَيَرُدُّ الْجَحْفَلَ اللَّجِبَا

ترجمہ وہ دست سائل کو تو اُسکے مُنھ کی طرف اپنی طرف سے رد نہین کرتا مگر لشکر پُر شور کو تنہا لوٹا دیتا ہی۔

وَكُلَّمَا لَقِيَ الدِّينَارُ صَاحِبَهُ	فِي مِلْكِهِ افْتَرَقَا مِنْ قَبْلِ يَصْطَحِبَا

اصلہ یصطحبان حذف النون بتقدیر اَن ترجمہ اور جبکہ اُسکے ملک مین ایک دینار دوسرے سے آملتا ہی تو وہ قبل اسکے کہ ہم صحبت ہون اور ایکدوسرے کے پاس ٹھہرین متفرق ہوجاتے ہین یعنی سائلون کو دے ڈالتا ہی یعنی اُن دونون سے صرف چلتے ہوئے ملاقات ہوجاتی ہی اور اجتماع کی نوبت نہین پہنچتی۔

مَالٌ كَأَنَّ غُرَابَ الْبَيْنِ يَرْقُبُهُ	فَكُلَّمَا قِيلَ هٰذَا مُجْتَدٍ نَعَبَا

المجتدی السائل ترجمہ اُسکا ایسا مال ہی کہ گویا جدائی کا کوا اُسکی تاکمین لگا رہتا ہی سو جب کہا جاتا ہی کہ یہ سائل موجود ہی تو وہ کوا بول پڑتا ہی اور وہ مال سائلون مین تقسیم کیا جاتا ہی یعنی وہ جمع نہین رہتا بلکہ متفرق ہوجاتا ہی کیونکہ عرب کا یہ خیال ہی کہ غراب البین جس قوم کی بستیون مین بولتا ہی وہ متفرق ہوجاتے ہین۔

بَحْرٌ عَجَائِبُهُ لَمْ تُبْقِ فِي سَمَرٍ	وَلَا عَجَائِبُ بَحْرٍ بَعْدَهَا عَجَبَا

السمر المسامرۃ وھو الحدیث فی اللیالی ترجمہ وہ ایک دریا ہی کہ اُسکے عجائب کثیرہ نے افسانہ گوئی مین کوئی عجیب بات نہین چھوڑی اور نہ سمندر کی تعجب خیز باتین اُسکے عجائب کے بعد عجب ہین۔ خلاصہ یہ کہ ممدوح ایسا صاحب امر عجیبہ ہی کہ اُسکے روبرو عجائب اسمار و بحار کی کچھ حقیقت نہین رہی۔

لَا يُقْنِعُ ابْنَ عَلِيٍّ نَيْلُ مَنْزِلَةٍ	يَشْكُو الْمُحَاوِلُ لَهَا التَّقْصِيرَ وَالتَّعَبَا

ترجمہ جس مرتبہ کے حصول مین اُسکا قصد کرنیوالا اپنی کوتاہی اور درماندگی کی شکایت کرتا ہی ابن علی یعنی ممدوح کو مرتبہ کا میابی بس نہین کراتی یعنی جس مرتبہ کا حصول اورونکو دشوار ہی یہ اُسپر بھی بس نہین کرتا۔

هَزَّ اللِّوَاءَ بَنُو عِجْلٍ بِهِ فَغَدَا	رَأْسًا لَهُمْ وَغَدَا كُلٌّ لَهُمْ ذَنَبَا

ترجمہ بنو عجل نے اُسکے نام پر نیزے کو حرکت دی یعنی اُسکو اپنا سردار مانا سو وہ اُن کا سردار ہوگیا اور سب لوگ اُن کے دم یعنی تابع ہوگئے۔

اَلتَّارِكِينَ مِنَ الْاَشْيَاءِ اَهْوَنَهَا	وَالرَّاكِبِينَ مِنَ الْاَشْيَاءِ مَا صَعُبَا

ای اعنی التارکین ترجمہ یعنی وہ لوگ آسان امور کو چھوڑتے ہین اور سخت امور پر سوار اور راغب ہوتے ہین غرض اولو العزم ہین

مُبَرْقِعِي خَيْلِهِمْ بِالْبِيضِ مُتَّخِذِي	هَامِ الْكُمَاةِ عَلَى اَرْمَاحِهِمْ عَذَبَا

العذب طرف کل شی ترجمہ وہ لوگ اپنے سوارونپر تلوارون کا برقع ڈالتے ہین کہ اُن تلک کوئی پہنچ نسکے اور دلیرون کے سرون کو اپنے نیزون کے سرونپر رکھتے ہین۔

إنَّ المنيّةَ لو لاقتهمُ وقفتْ — خرقاءَ تتّهمُ الإقدامَ والهربا

خرقاء فزعۃ متحیرۃ - خرق یخرق اذا الصق بالارض من فزع ترجمہ اگر موت اُنکے سامنے آجاوے تو بیشک ہراسان وحیران کھڑی رہجاوے آگے بڑھنے اور بھاگنے کو تہمت لگاتی ہوئی یعنی یہ کہتی ہوئی کہ اگر آگے بڑھی تو ماری جاؤنگی اور اگر بھاگی تو پکڑی جاؤنگی - غرض اُنکے سامنے موت کا حال بیحال ہوجاتا ہی -

مراتبٌ صعدتْ والفكرُ يتبعها — فجازَ وهو على آثارها الشهبا

الشہبا مفعول جاز ای جاز الفکر الشہب وہو علی آثار المراتب ترجمہ بنی عجل کے مراتب بلند ہوئے اور فکر اُنکے پیچھے چلتا رہا سو فکر ستارون سے بڑھ گیا اور اسپر بھی اُن مراتب کے نشان قدم پر چلا گیا اُن تلک پہنچ سکا -

محامدٌ نزفتْ شعري ليملأها — فآلَ ما امتلأتْ منهُ ولا نضبا

نزف البیر نزح ماءہ کلہ - وآل رجع ترجمہ اُنکے ایسے محامد ہین کہ اُنھون نے میرے شعر کو مثل پانی کے جو کنوئین سے نکالا جاوے بالکل کھینچ لیا تاکہ وہ شعر اُنکے فضائل کو پُر کردے سو وہ شعر ایسے حال مین لوٹا کہ وہ فضائل اُس سے پرُ ہوئین اور نہ وہ شعر خشک ہوا - یہان شعر کو بمنزلہ پانی کے ٹھہرایا ہی اور اُسکے فنا و تمام ہونیکو اُسکا خشک ہونا - مطلب یہ ہی کہ اُنکے محامد کثیر ہین اور میری مدح گوئی بھی بیشمار ہی اس لئے نہ اُنکے مدائح ختم ہوتے ہین نہ میرے اشعار مدحیہ میرے تمام اوقات اسی شغل مین گذرتے ہین نہ اُنکے مناقب تمام ہونگے نہ میری شعر گوئی -

مكارمٌ لكَ فُتَّ العالمينَ بها — من يستطيعُ لأمرٍ فائتٍ طلبا

ترجمہ تیرے لئے مکارم اور مناقب ہین کہ اُنکے سبب تو تمام عالم سے بڑھ گیا ہی - اب اُس امر کی طلب کی جو بہت آگے بڑھ گیا ہی کون طاقت رکھتا ہی -

لمّا أقمتَ بأنطاكيةَ اختلفتْ — إليَّ بالخبرِ الركبانُ في حلبا

ترجمہ جب تم نے بمقام انطاکیہ اقامت کی تو شتر سواران سائل جو تمھارے پاس سے لوٹتے تو میرے پاس بمقام حلب تمھاری سخاوت وکرم کی خبر لائے -

فسرتُ نحوكَ لا ألوي على أحدٍ — أحثُّ راحلتيَّ الفقرَ والأدبا

ترجمہ تو تمھاری خبر عطا سنکر مین تمھاری طرف چل پڑا کسی کے پاس نہین ٹھہرتا تھا ایسے حال مین کہ مین اپنی دو سواریون فقر اور ادب کو قطع طریق پر برانگیختہ کرتا تھا - یعنے چونکہ مین ادیب حاجتمند ہون اور تم ادب کے قدر دان ہو اسلئے تمھارے پاس حاضر ہوا

أذاقني زمني بلوى شرقتُ بها — لو ذاقها لبكى ما عاشَ وانتحبا

الانتحاب رفع الصوت وتردده بالبکاء ترجمہ میرے زمانہ نے مجکو ایسی مصیبت کا جرعہ پلایا ہی جس سے مجھے اچھو ہوگیا یعنی وہ میرے گلے مین اٹک گیا اگر زمانہ اُس مصیبت کو چکھتا تو وہ جب تلک جیتا بیشک روتا اور چھنکتا -

وَاِنْ عَمِرْتُ جَعَلْتُ الْحَرْبَ وَالِدَةً	وَالسَّمْهَرِيَّ اَخًا وَالْمَشْرَفِيَّ اَبَا

عمر الرجل بالکسر عاش زمانا طویلا۔ والاسمہرار الصلابۃ والشدۃ والقناۃ الصلبۃ ویقال ہی منسوبۃ الی رجل اسمہ سمہر کان یقوم الرماح ترجمہ اور اگر میری عمر بڑی ہوئی تو لڑائی کو والدہ اور نیزہ سمہری کو بھائی اور تلوار مشرفی کو والد بنالونگا یعنی ہمیشہ لڑائی مین رہون گا تاکہ مطلب کو پہنچون۔

بِكُلِّ اَشْعَثَ يَلْقَى الْمَوْتَ مُبْتَسِمًا	حَتّٰى كَاَنَّ لَهُ فِيْ قَتْلِهٖ اَرَبَا

ترجمہ مین ہمیشہ جنگ پیشہ رہون گا بمعیت ہر شخص پریشان موئے کے جو موت سے ہنستا ہوا ملے گویا اُس کو اپنے قتل مین کوئی بڑا مطلب ہو۔

قُحٍّ يَكَادُ صَهِيْلُ الْخَيْلِ يَقْذِفُهٗ	مِنْ سَرْجِهٖ طَلَبًا لِلْعِزِّ اَوْ طَرَبَا

١٦ قح فی موضع خفض نعت اشعث۔ وفرح وطرب مصدران وقعا موضع الحال۔ والقح الخالص من کل شئ ترجمہ ایسا پریشان مو جو خالص النسب ہو جبکہ وہ گھوڑے کے ہنہنانے کو سُنے تو قریب ہے کہ وہ آواز اُسکو بسبب عزت طلبی یا نشاط کے اُسکے زین سے پھینکدے۔ اور ایک روایت مین مرحا بالعز وہی یعنی لڑائی کی خوشی سے اور یہ مناسب تر ہے۔

فَالْمَوْتُ اَعْذَرُ لِيْ وَالصَّبْرُ اَجْمَلُ بِيْ	وَالْبَرُّ اَوْسَعُ وَالدُّنْيَا لِمَنْ غَلَبَا

ترجمہ سو موت میری بڑی عذرخواہ ہے اس سے کہ مین بحالت ذلت مرون یعنی اگر مین طلب معالی مین قتل کیا جاؤن تو موت میری عذرخواہی کو کافی ہو جاویگی اور صبر مجھ جیسے بہادر کو زیبا ہے گھبرانا بزدلون کا کام ہوتا ہے۔ اور جنگل و میدان میرے لئے میرے گھر سے زیادہ وسیع ہین اس لئے گھر اپنا پسند نہین کرتا اور دنیا اور اُسکی دولت اُس شخص کے لئے ہے جو لڑے اور غالب آوے نہ اُسکے لئے جو گھر مین پڑا رہے۔ شارح نے خوب کہا ہے کہ یہ ابیات جو آخر قصیدہ مین متنبی لایا ہے اُسکے مطلب کے خلاف ہین۔ کیونکہ وہ مادح ہو کر بطلب عطا ممدوح کے پاس آیا ہے اور کہتا ہے کہ مین مصیبت زدہ زمانہ کا ستایا ہوا ہون پھر اُسکو ذکر اپنی شجاعت و فتح بلاد و مزاحمت ملوک کا کیا موقع ہے۔ مگر کیا کرے کہ وہ اپنی عادت اور ہیکڑپنے سے مجبور ہے اور اپنی قدر و منزلت سے زیادہ گفتگو کرتا ہے۔ مانگنا اور شیخی بگھارنا۔ یہ وہی مثل ہے بھیک مانگنا اور مرودڑے رہنا۔

وقال یمدح علی بن منصور الحاجب

بِاَبِي الشُّمُوْسُ الْجَانِحَاتُ غَوَارِبَا	اَللَّابِسَاتُ مِنَ الْحَرِيْرِ جَلَابِبَا

رفع الشموس وما بعدہا علی الابتداء۔ تقدیرہ الشموس بابی مفدیات۔ ویجوز ان یکون خبرا والمبتدا محذوفا کانہ یرید المفدیات بابی الشموس۔ ویجوز ان یکون خبرا لما یسم فاعلہ ای تفدی بابی الشموس۔ ویجوز النصب بتقدیر افدی بابی الشموس۔ و غوارب حال۔ والجانحات المائلات۔ والجلابیب جمع جلباب وہی الملحفۃ والمرط والخمار وما یلبسہ النساء ترجمہ میرا باپ قربان ہوئے اُن آفتابون پر جو تجر سے چلتے ہین اور پردون مین چھپ جاتے ہین یعنی خوبصورت عورتون پر جو حریر کی اوڑھنیان

اور لباس پہننے والیاں ہیں۔

اَلْمُنْہِبَاتُ قُلُوْبَنَا وَعُقُوْلَنَا		وَجَنَاتِہِنَّ النَّاہِبَاتُ النَّاہِبَا	

من رفع وجناتہن جعلہا فاعل المنہبات یرید اللاتی انہبت وجناتہن قلوبنا وعقولنا ویکون قد اقتصر علی ذکر مفعول واحد ومن نصب جعل الوجنات المفعول الثانی للمنہبات ترجمہ اُنکے رخسارے ہمارے دلون اور عقلون کو لٹوا دینے والے ہین اور صورت دوم مین یہ ترجمہ ہوگا۔ کہ وہ عورتین ہمارے قلوب اور عقول کو اپنے رخسارونسے لٹوا دینے والی ہین کو وہ رخسارے لوٹنے والے کو لوٹنے والی ہین یعنی غارتگر بہادر کو۔

اَلنَّاعِمَاتُ الْقَاتِلَاتُ الْمُحْیِیَاتُ		اَلْمُبْدِیَاتُ مِنَ الدَّلَالِ غَرَائِبَا	

ترجمہ وہ عورتین نازک اندام اپنے ہجر سے قتل کرنیوالی اور وصل سے زندہ کرنے والی اور ناز سے امور عجیبہ کے ظاہر کرنیوالی ہین۔

حَاوَلْنَ تَفْدِیَتِیْ وَخِفْنَ مُرَاقِبًا		فَوَضَعْنَ اَیْدِیَہُنَّ فَوْقَ تَرَائِبَا	

الترائب جمع تریبۃ وہی محل القلادۃ من الصدر ترجمہ اُنھون نے مجھسے یہ کہنا چاہا کہ ہم تجپر قربان اور رقیب سے ڈرین تو اس مطلب کو اشارۃً ادا کیا اور اپنے ہاتھون کو اپنے سینون پر رکھا یعنی ہماری جانین تجھپر قربان۔

وَبَسَمْنَ عَنْ بَرَدٍ خَشِیْتُ اُذِیْبُہٗ		مِنْ حَرِّ اَنْفَاسِیْ فَکُنْتُ الذَّائِبَا	

ترجمہ اور اُنھون نے ایسے دندان سے تبسم کیا جو سفیدی اور آبداری مین مثل اولے کے تھے مجکو خوف ہوا کہ بسبب حرارت اپنے انفاس کے جو باعث گرمی عشق نہایت گرم ہین اُنکو گلادونگا مگر نتیجہ یہ ہوا کہ اُنکی جدائی مین خود گل گیا۔

یَاحَبَّذَا الْمُتَحَمِّلُوْنَ وَحَبَّذَا		وَادٍ لَثِمْتُ بِہٖ الْغَزَالَۃَ کَاعِبَا	

الغزالۃ من اسماء الشمس ترجمہ ای قوم وہ لوگ جو محبوبہ کو سوار کر کے لیگئے بہت بڑے صاحب نصیب ہین اور وہ نالہ بہت اچھا اور حسین جس مین محبوبہ آفتاب رُو کا بوسہ جب اُسکی پستان اُبھرنے لگی تھی لیا تھا۔

کَیْفَ الرَّجَاءُ مِنَ الْخُطُوْبِ تَخَلُّصًا		مِنْ بَعْدِ مَا اَنْشَبْنَ فِیَّ مَخَالِبَا	

ترجمہ مصائب سے نجات کی اُمید کسطرح ہوسکتی اسکے بعد کہ اُنھون نے میرے جسم مین ناخن گاڑ دیئے یعنی نہین ہوسکتی

اَوْحَدْنَنِیْ وَوَجَدْنَ حُزْنًا وَاحِدًا		مُتَنَاہِیًا فَجَعَلْنَہٗ لِیْ صَاحِبَا	

ترجمہ اُن مصائب نے مجکو میرے مرغوبات سے تنہا کردیا اور اُنھون نے حزن یعنی غم فراق کو یکتا اور حد کو پہنچا ہوا پایا سو اُن مصائب نے اُس غم کو میرا مصاحب کردیا کہ وہ کبھی مجھ سے جدا نہین ہوتا۔

وَنَصَبْنَنِیْ غَرَضَ الرُّمَاۃِ تُصِیْبُنِیْ		مِحَنٌ اَحَدُّ مِنَ السُّیُوْفِ مَضَارِبَا	

ترجمہ اُن مصائب نے مجکو تیر اندازونکا نشانہ بنادیا ایسے حالین کہ میری محنتونکی ایسے تیر تلوارونکی دھارونسے تیز مین لگتے رہتے ہین

اَظْمَتْنِیَ الدُّنْیَا فَلَمَّا جِئْتُہَا	مُسْتَسْقِیًا مَطَرَتْ عَلَیَّ مَصَائِبَا

ترجمہ دنیا نے مجکو پیاسا کیا سو مین جب اُسکے پاس پانی مانگتا آیا تو مجھ پر اُسنے مصائب کا مینھ برسا دیا۔

وَحُبِیْتُ مِنْ خُوْصِ الرِّکَابِ بِاَسْوَدٍ	مِنْ دَارِشٍ فَغَدَوْتُ اَمْشِیْ رَاکِبَا

حبیت بمعنی اوتیت والخوص جمع خوصاء وہی الناقۃ الغائرۃ العینین من الجہد والاعیاء۔ والرکاب جمع الابل من غیر لفظ الواحدۃ راحلۃ۔ والدارش ضرب من الجلود وہو من جلد الضان۔ ومن خوص الرکاب بمعنی بدلاً منہا کقولہ تعالیٰ ولو نشاء لجعلنا منکم ملائکۃ ای بدلا منکم ترجمہ بعوض جھکے ہوئے مادہ شترونکے جنکی آنکھیں بسبب کثرت محنت سفر کے گڑ گئی ہون کالا موزہ گھٹیا کھال کا مجکو دیا گیا سو اب مین پیادہ سوار ہون یعنی حقیقت مین تو پیادہ ہون مگر چونکہ موزون کو سوار ہون چاہو سوار کہہ لو۔

حَالًا مَتٰی عَلِمَ ابْنُ مَنْصُوْرٍ بِہَا	جَاءَ الزَّمَانُ اِلَیَّ مِنْہَا تَائِبَا

نصب حالاً بفعل مضمر ای اشکو او اذم ترجمہ مین ایسے اپنے بُرے حال کی شکایت یا مذمت کرتا ہون کہ اگر ممدوح کو اُس حال کی اطلاع ہو جاوے تو وہ میری حمایت کے لئے زمانہ کو ایسا لتاڑے کہ وہ اُسکے خوف سے میرے پاس اُس حال سے توبہ کرتا ہوا آئے یعنی میری توبہ پھر کبھی تجکو تکلیف نہ دون گا۔

مَلِکٌ سِنَانُ قَنَاتِہٖ وَبَنَانُہٗ	یَتَبَادَرَانِ دَمًا وَعُرْفًا سَاکِبَا

یتبادران بفعل کلو احد منہا ما یعارض بہ صاحبہ۔ والبنان جمع بنانۃ وہی الاصبع۔ والعرف المعروف ترجمہ وہ ایک بادشاہ ہی کہ بھال اُسکے نیزے کے اور اُسکی اُنگلیان خونریزی اور احسان کی طرف جوش باران ریزان ہو ایک دوسرے بڑھنا چاہتے ہین یعنی اُسکا نیزہ دشمنونکی خونریزی کی طرف اور اُسکی اُنگلیان سائلون کی بخشش کی جانب نہایت سُرعت کے ساتھ ایک دوسرے سے آگے جانا چاہتے ہین خلاصہ یہ کہ وہ شجاع اور سخی ہی۔

یَسْتَصْغِرُ الْخَطَرَ الْکَبِیْرَ لِوَفْدِہٖ	وَیَظُنُّ دِجْلَۃَ لَیْسَ تَکْفِیْ شَارِبَا

الوفد القوم تقصدون الملوک بحوائجہم ترجمہ وہ شئ عظیم القدر کو اپنے سائلونکے لئے کمتر سمجھتا ہی۔ اور بسبب کثرت عطا اور دریا دلی کے خیال کرتا ہی کہ دریائے دجلہ باین کلانی پانی پینیوالے کے لئے کافی نہین ہی زیادہ کی حاجت ہی۔

کَرَمًا فَلَوْ حَدَّثْتَہٗ عَنْ نَفْسِہٖ	بِعَظِیْمِ مَا صَنَعَتْ لَظَنَّکَ کَاذِبَا

نصب کرما علی المصدر ای کرم کرما ترجمہ ایسی بخشش کرتا ہی کہ اگر اُسکے روبرو اُسکے نفس کی وہ بڑی بات جو اُس نے کی ہی بیان کرے تو ممدوح تجکو جھوٹا سمجھے یعنی اُس امر کو بڑا سمجھ کر اُسکی تصدیق نکرے شارح لکھتا ہی کہ یہ قول اُس کا اچھا نہین ہی کہ ممدوح اپنے فعل کو عظیم سمجھتا ہو بلکہ خوبی اسمین ہی کہ غیر اُسکو بڑا سمجھے نہ خود ممدوح۔

سَلْ عَنْ شَجَاعَتِہٖ وَزُرْہُ مُسَالِمًا	وَحَذَارِ ثُمَّ حَذَارِ مِنْہُ مُحَارِبَا

ترجمہ تو حال اسکی شجاعت کا لوگوں سے پوچھکر یقین کرے و بحالت صلح اس سے ملاقات کر اور تو بچ اس سے پھر بچ جبکہ وہ لڑنیوالا ہو یعنی تو خود اسکی شجاعت کا امتحان نکر ورنہ مارا پڑے گا پھر اسکے لئے ایک مثال بیان کرتا ہے۔

فَالْمَوْتُ تُعْرَفُ بِالصِّفَاتِ طِبَاعُهُ	لَمْ تَلْقَ خَلْقًا ذَاقَ مَوْتًا آئِبًا

ترجمہ سو موت کی طبیعت اسکے صفات سے معلوم ہوتی ہو ورنہ تو ایسی مخلوق سے نہیں ملیگا جو موت کو چکھ کر پھر واپس آنیوالی ہو

إِنْ تَلْقَهُ لَا تَلْقَ إِلَّا قَسْطَلًا	أَوْ جَحْفَلًا أَوْ طَاعِنًا أَوْ ضَارِبًا

القسطل بالسین والصاد الغبار۔ والجحفل الجیش العظیم ترجمہ اگر تو اسکی ملاقات کا ارادہ کرے تو تو اس سے نہیں ملیگا مگر لڑائی کے غبار یا لشکر میں یا نیزہ بازی کرتا یا شمشیر زنی کرتا۔

أَوْ هَارِبًا أَوْ طَالِبًا أَوْ رَاغِبًا	أَوْ رَاهِبًا أَوْ هَالِكًا أَوْ نَادِبًا

ترجمہ اور دشمنوں کو اسکے مقابلہ میں نہیں دیکھے گا مگر اس سے بھاگنے والا یا اس سے طالب عطایا اس سے بخشش کا خواہشمند یا اسکے خوف سے ڈرنے والا یا اسکی تلوار سے مقتول یا اپنے مقتول مردوں پر رونے والا۔

وَإِذَا نَظَرْتَ إِلَى الْجِبَالِ رَأَيْتَهَا	فَوْقَ السُّهُولِ عَوَاسِلًا وَقَوَاضِبَا

العواسل الرماح الخطیۃ المضطربۃ لطولہا۔ والقواضب السیوف القواطع۔ والسہول جمع سہل وہی الارض اللینۃ ترجمہ اور جب تو زمین پر کھڑا ہوا پہاڑوں کو دیکھے تو اُن پہاڑوں کو نرم زمینوں پر ہلتے نیزے اور برندہ شمشیر دیکھے گا۔ خلاصہ یہ کہ اُسکے مسلح لشکر پہاڑوں پر پھیل رہے ہیں تو اب وہاں سوائے نیزوں اور تلواروں کے کچھ معلوم نہیں ہوتا۔ غرض پہاڑوں کا پتہ نہیں ہو۔

وَإِذَا نَظَرْتَ إِلَى السُّهُولِ رَأَيْتَهَا	تَحْتَ الْجِبَالِ فَوَارِسًا وَجَنَائِبَا

ترجمہ اور جب تو پہاڑوں نیزے میدانوں کو دیکھے تو انکو ایسے حال میں دیکھے گا کہ پہاڑوں کے تلے بالکل سوار اور گھوڑے ہیں میں زادہی۔

وَعَجَاجَةً تَرَكَ الْحَدِيدُ سَوَادَهَا	زَنْجًا تَبَسَّمُ أَوْ قَذَالًا شَائِبًا

ترجمہ اور دیکھے گا تو غبار کو کہ لوہے کی چمک نے اُسکی سیاہی کو ایسے حال میں چھوڑا ہی جیسے زنگی لوگ ہنستیں یا بوڑھی قفا یعنی گدی۔ یعنی لوہے کی چمک غبار کی سیاہی میں ایسی معلوم ہوتی ہو جیسے حبشیوں کے دانت بوقت تبسم کے یا جیسے بڈھی قفا کے سفید بال اُسکے گرد کے سیاہ بالوں میں۔

فَكَأَنَّمَا كُسِيَ النَّهَارُ بِهَا دُجَى	لَيْلٍ وَأَطْلَعَتِ الرِّمَاحُ كَوَاكِبَا

ترجمہ سو گویا دن بسبب سیاہی غبار کے رات کی سیاہی کا لباس پہنایا گیا اور نیزوں نے ستارے طلوع کئے یا نیزے ستارے بنکر نکلے۔ لوہے کی چمک کو غبار کی سیاہی میں تشبیہ دی ہی ستاروں سے جو رات کو نکلیں۔

قَدْ عَسْكَرَتْ مَعَهَا الرَّزَايَا عَسْكَرًا	وَتَكَتَّبَتْ فِيهَا الرِّجَالُ كَتَائِبَا

کتائب جمع کتیبۃ وہی الجماعۃ من الفرسان ترجمہ اُس غبار مین مصائب نے اپنا لشکر جمع کیا تھا تاکہ ممدوح کے اعدا پر گرین اور مردون نے غبار مین بسبب اپنی کثرت کے پرے کے پرے بنائے تھے۔

أُسْدٌ فَرَائِسُهَا الْأُسُودُ يَقُودُهَا   أَسَدٌ تَصِيرُ لَهُ الْأُسُودُ ثَعَالِبَا

ترجمہ اُسکے لشکر کے سپاہی ایسے شیر ہین جنکا شکار شیر یعنی مردان دلاور ہین اُنکا سردار ایک شیر ہے یعنی ممدوح جسکے روبرو شیر لومڑیان ہین یعنی مردان بہادر مثل شیر ممدوح کے آگے مثل لومڑیونکے ہین۔

فِي رُتْبَةٍ حَجَبَ الْوَرَى عَنْ نَيْلِهَا   وَعَلَا فَسَمَّوْهُ عَلِيَّ الْحَاجِبَا

ارادعلیاً فحذف التنوین لسکونہ وسکون الالف فی الحاجب ترجمہ ممدوح ایسے عالی مرتبہ مین ہے کہ اُسنے خلق کو اُس رتبہ کے حاصل کرنے سے روکدیا اب اُسکو کوئی اُسکے سوا حاصل نہین کرسکتا اور وہ بلند مرتبہ ہے ان دونون وجوہ سے لوگون نے اُسکا نام علی حاجب رکھا ہے یعنی علی توبسبب رتبہ عالیہ کے اور حاجب اسلئے کہ اُس نے اس رتبہ کے حاصل کرنیسے لوگونکو روکدیا ہے۔

وَدَعَوْهُ مِنْ فَرْطِ السَّخَاءِ مُبَذِّرًا   وَدَعَوْهُ مِنْ غَصْبِ النُّفُوسِ الْغَاصِبَا

ترجمہ اُسکو بسبب کثرت سخاوت کے مبذر کہنے لگے اور اس سبب سے کہ دشمنون کی جانین چھینتا ہے اُسکو غاصب۔

هَذَا الَّذِي أَفْنَى النُّضَارَ مَوَاهِبًا   وَعِدَاهُ قَتْلًا وَالزَّمَانَ تَجَارِبَا

ترجمہ یہ وہ شخص ہے کہ اُسنے سونے کو بخششون مین فنا کردیا اور اپنے دشمنون کو قتل سے اور زمانہ کو بڑے تجربونکے یعنی اُس کو اسقدر تجربہ ہے کہ زمانہ جو آیندہ کریگا اُس کو جان لیتا ہے پس گویا اُس نے زمانہ کو از روے تجربہ فنا کردیا اور اُسکے تمام تغیرات کو جان لیا ہے اب زمانہ اُسپر کوئی ایسی حالت نہین لاسکتا جسکو اُس نے پہلے نجانا ہو۔

وَمُخَيِّبُ الْعُذَّالِ فِيمَا أَمَّلُوا   مِنْهُ وَلَيْسَ يَرُدُّ كَفًّا خَائِبَا

ومخیب عطف علی الذی ترجمہ اور یہ دربابِ منع عطا ملامت گرونکو اُنکی امیدون مین اُسے ناکامیاب کرنیوالا ہے یعنی اُنکی منع کو نہین مانتا ہے۔ اور کسی سائل کے ہاتھ کو ناکام وخائب نہین لوٹاتا بلکہ سب کو بخشتا ہے۔

هَذَا الَّذِي أَبْصَرْتَ مِنْهُ حَاضِرًا   مِثْلُ الَّذِي أَبْصَرْتَ مِنْهُ غَائِبَا

ابصرت علی صیغۃ المتکلم والخطاب ترجمہ یہ ممدوح وہ ہے کہ مین نے یا تو نے بحالت اُسکی حاضری کے کثرت عطا سے وہ چیز دیکھی جو اُس سے بحالت اُسکے غائب ہونے کے۔ یعنی اُسکی عطا ہر دو حال مین یکسان ہے یہ نہین ہے کہ اپنے روبرو بلحاظ شرم حضوری زیادہ دیوے وبحالت غیبت کم دیوے۔

كَالْبَدْرِ مِنْ حَيْثُ الْتَفَتَّ رَأَيْتَهُ   يُهْدِي إِلَى عَيْنَيْكَ نُورًا ثَاقِبَا

ترجمہ وہ مثل بدر کے ہے جس جگہ سے تو اُسکی طرف متوجہ ہو تو اُسکو ایسے حال مین دیکھے گا کہ وہ تیری دونون آنکھون کو چمکتا نور بخشے گا۔ ایسا ہی ممدوح کا حال ہے کہ جہان دیکھئے اُسکی عطا سب کو پہنچتی ہے۔

كَالْبَحْرِ يَقْذِفُ لِلْقَرِيْبِ جَوَاهِرًا ‏ ‏ ‏ جُوْدًا وَيَبْعَثُ لِلْبَعِيْدِ سَحَائِبَا

ترجمہ وہ مثل سمندر کے ہی کہ قریب کو براہ بخشش جواہر دیتا ہو اور بعید کو ابر بھیجتا ہو ایسا ہی ممدوح کے فیض سے کوئی محروم نہیں ہی

كَالشَّمْسِ فِيْ كَبِدِ السَّمَاءِ وَضَوْءُهَا ‏ ‏ ‏ يَغْشَى الْبِلَادَ مَشَارِقًا وَمَغَارِبَا

ترجمہ وہ آفتاب کے مانند ہی کہ جو تو وہ وسط آسمانین اور اُسکی روشنی تمام مشارق و مغارب کو محیط ہی۔

اَمُهَجِّنَ الْكُرَمَاءِ وَالْمُزْرِيْ بِهِمْ ‏ ‏ ‏ وَتَرُوْكَ كُلِّ كَرِيْمِ قَوْمٍ عَاتِبَا

تہجین الامر تقبیحہ۔ وازریتہ حقرتہ۔ وتروک بمعنی تارک ترجمہ ای سخی لوگون پر عیب لگانے والے اور اُنکے حقیر کرنیوالے اور قوم کے ہر سخی کو ناراض کرنے والے۔ یعنی تیری سخاوت کے مقابل اونکی سخاوت کمتر اور حقیر ہی اور ہر کریم جب اپنی عطا تیری عطا سے کم دیکھتا ہی تو تجھ سے یا اپنے نفس سے ناراض ہوتا ہی۔

شَادُوْا مَنَاقِبَهُمْ وَشِدْتَ مَنَاقِبًا ‏ ‏ ‏ وُجِدَتْ مَنَاقِبُهُمْ بِهِنَّ مَثَالِبَا

شادوا بنوا ورفعوا۔ والشید بکسر الشین کل شئ طلیت بہ الحائط من جص او غیرہ وبالفتح المصدر شادہ یشیدہ شیدًا جصصہ والمثالب المخازی والمعائب ترجمہ اور لوگون نے اپنے مناقب مضبوط کئے اور تو نے اپنے مناقب ایسے مستحکم کئے کہ اُنکے مناقب تیرے مناقب کے سبب معائب معلوم ہونے لگے۔

لَبَّيْكَ غَيْظَ الْحَاسِدِيْنَ الرَّاتِبَا ‏ ‏ ‏ اِنَّا لَنَخْبُرُ مِنْ يَدَيْكَ عَجَائِبَا

غیظ الحاسدین منصوب علی الندا او علی الاغرا ای الزم غیظ الحاسدین او علی المفعول لہ ای اقول لک لبیک من اجل غیظ الحاسدین۔ والراتب المقیم ترجمہ مین حاضر ہون ای حاسدین کے غیظ مجسم و دائمی۔ یا لازم پکڑ تو حاسدین کے غیظ مستحکم کو یا مین لبیک کہتا ہون تیرے حاسدین کے ہمیشہ جلانے کو۔ ہم بیشک تیرے ہاتھون سے عطاہائے عجیب یا دشمنوں کی عجیب خونریزیان دیکھتے ہین۔

تَدْبِيْرُ ذِيْ حُنَكٍ يُفَكِّرُ فِيْ غَدٍ ‏ ‏ ‏ وَهُجُوْمُ غِرٍّ لَا يَخَافُ عَوَاقِبَا

الحنک جمع حنکۃ وہی التجربۃ وجودۃ الرای۔ ورجل محتنک ومحنک اذا عضہ الامور وجربہا والغر بضدہ ای الذی لم یجرب الامور ولا یفکر فی العواقب۔ ترجمہ تیری تدبیر صاحب تجربہ کی ہی جو انجام کی فکر کرتا ہو اور تیرا حملہ ناتجربہ کار کا سا ہی جو انجامون کا خوف نہین کرتا۔ خلاصہ یہ ہی کہ تو ملک کا انتظام مدبرانہ کرتا ہی اور دشمنون پر حملہ ناعاقبت اندیشون کا ساجو مقتضائے بہادری ہی۔

وَعَطَاءُ مَالٍ لَوْ عَدَاهُ طَالِبٌ ‏ ‏ ‏ اَنْفَقْتَهُ فِيْ اَنْ تُلَاقِيَ طَالِبَا

ترجمہ اور تیرے لئے ایسی عطا ر مال ہی کہ اگر تجکو سائل نہ ملے تو اُس مال کو سائل کی تلاش مین خرچ کر ڈالے۔

خُذْ مِنْ ثَنَايَ عَلَيْكَ مَا اَسْطِيْعُهُ ‏ ‏ ‏ لَا تُلْزِمَنِّيْ فِي الثَّنَاءِ الْوَاجِبَا

الاصل استطیعہ فالقم الشاء التاء الطاء او حذف لتخفیف الشاء یکون فی الخیر غالبا و القصر للضرورۃ ترجمہ میری تعریف بقدر میری طاقت کے قبول فرما تعریف مین قدر واجب مجھ پر لازم نکر کروہ میرے مقدور سے باہر ہی۔

فَلَقَدْ دُهِشْتُ لِمَا فَعَلْتَ وَدُوْنَهُ ۔۔۔ مَا يُدْهِشُ الْمَلَكَ الْحَفِيظَ الْكَاتِبَا

دہش فہو مدہوش اذا تحیر ترجمہ بیشک بہ تیرے کام مین متحیر ہون اُسکی تعریف نہین کرسکتا اور کمتر اُسکا جسکو مین دیکھکر حیران ہون اُسقدر ہی کہ نگہبان کاتب حسنات فرشتہ کو حیران کرتا ہی کہ اُس نے کوئی آدمی ایسا نہین دیکھا۔

وقال یمدح بدر بن عمار وہو علی الشراب فی الفاکہۃ قولہ

إِنَّمَا بَدْرُ بْنُ عَمَّارٍ سَحَابٌ ۔۔۔ هَطِلٌ فِيهِ ثَوَابٌ وَعِقَابٌ

ترجمہ سوائے اسکے نہین ہی کہ بدر بن عمار ایک ابر بسیار بار ہی کہ اُسمین ثواب وعقاب دونون ہین یعنی جیسے سحاب مین پانی اور اولے اور بجلیان ہوتی ہین ایسے ہی ممدوح مین دوستون کے لئے اسباب خیر اور دشمنون کے لئے عذاب ہی

إِنَّمَا بَدْرٌ رَزَايَا وَعَطَايَا ۔۔۔ وَمَنَايَا وَطِعَانٌ وَضِرَابٌ

ترجمہ نہین ہی بدر مگر دشمنون کے لئے مصائب اور دوستون کے لئے بخشش اور بدخواہون کے لئے موتین اور نیزے بازی اور شمشیر زنی۔

مَا يُجِيلُ الطَّرْفَ إِلَّا حَمِدَتْهُ ۔۔۔ جُهْدَهَا الْأَيْدِي وَذَمَّتْهُ الرِّقَابُ

ضمیر جہدہا للایدی۔ ترجمہ وہ کسی طرف نظر نہین پھیرتا مگر سائلون کے ہاتھ بقدر اپنی طاقت کے اُسکا شکر کرتے ہین کیونکہ وہ اُنکو عطایا سے پُر کرتا ہی اور دشمنون کی گردنین اُسکی مذمت کرتی ہین کیونکہ اُن کو قتل کرتا ہی۔ یعنی ممدوح ان دونون باتون سے خالی نہین ہوتا۔

مَا بِهِ قَتْلُ أَعَادِيهِ وَلَكِنْ ۔۔۔ يَتَّقِي إِخْلَافَ مَا تَرْجُو الذِّئَابُ

ترجمہ اپنے دشمنون کے مارنے کی اُسکو کچھ غرض اور ضرورت نہین ہی کیونکہ وہ طاقت مقابلہ نہین رکھتے مگر وہ اُسی خلاف وعدگی سے ڈرتا ہی جو بھیڑیئے اُس سے اُمید رکھتے ہین یعنی وہ بھیڑیون کو مقتولون کا گوشت کھلاتا ہی اس لئے دشمنون کو مارتا ہی۔

فَلَهُ هَيْبَةُ مَنْ لَا يُتَرَجَّى ۔۔۔ وَلَهُ جُودُ مُرَجًّى لَا يُهَابُ

ترجمہ سو ممدوح کی ہیبت اُس شخص کی سی ہی جس سے کچھ امید رحم نہین رکھی جاوے اور اُس کی بخشش ایسی امیدگاہ آدمی کی ہی جس سے ہرگز کچھ خوف نکیا جاوے۔

طَاعِنُ الْفُرْسَانِ فِي الْأَحْدَاقِ شَزْرًا ۔۔۔ وَعَجَاجُ الْحَرْبِ لِلشَّمْسِ نِقَابٌ

الشزر من الطعن ما ادبر عن الصدر وقیل ہو علی غیر الاستوار ترجمہ وہ سواروں کی آنکھوں کے ڈھیلوں میں اور انکا سینہ بچا کر نیزہ مارنے والا ہی ایسے حال میں کہ غبار جنگ آفتاب کا پردہ ہو جاوے یعنی نشانہ کا سچا ہی اگرچہ اندھیرا ہی ہو۔

بَاعِثُ النَّفْسِ عَلَى الْهَوْلِ الَّذِي	مَا لِنَفْسٍ وَقَعَتْ فِيهِ إِيَابُ

ترجمہ وہ اپنے نفس کو ایسے خوفناک امر پر انگیختہ کرتا ہی کہ جو نفس اُس خوف میں پڑے اُسکو رجوع و خلاص نصیب نہیں ہوتا

بِأَبِي رِيحُكَ لَا نَرْجِسُنَا ذَا	وَأَحَادِيثُكَ لَا هَذَا الشَّرَابُ

ترجمہ اپنے باپ کی قسم کھاتا ہوں کہ عمدہ تیری بو ہی نہ اس ہماری نرگس کی اور تیری باتیں لذیذ ہیں نہ یہ شراب۔

لَيْسَ بِالْمُنْكَرِ إِنْ بَرَّزْتَ سَبْقًا	غَيْرُ مَدْفُوعٍ عَنِ السَّبْقِ الْعِرَابُ

ترجمہ اگر تو اُسنے مراتب بلند پر پہنچ گیا جو کوئی اور وہاں تک نہیں پہنچا تو کیا انوکھی اور عجب بات ہی کیونکہ عربی عمدہ عمدہ گھوڑے آگے بڑھنے سے روکے نہیں گئے۔ واقبل یلعب بالشطرنج وقد جاد المطر فقال

أَلَمْ تَرَ أَيُّهَا الْمَلِكُ الْمُرَجَّى	عَجَائِبَ مَا رَأَيْتُ مِنَ السَّحَابِ

ترجمہ ای شاہ امیدگاہ کیا عجائب سحاب جو میں نے دیکھے تو نہیں دیکھتا۔

تَشَكَّى الْأَرْضُ غَيْبَتَهُ إِلَيْهِ	وَتَرْشُفُ مَاءَهُ رَشْفَ الرُّضَابِ

ترجمہ زمین بسبب اپنی تشنگی کے سحاب سے اُس کی غیبت کا شکوہ کرتی ہی اور آب سحاب کو ایسا چوستی ہی جیسا عاشق آب دہن محبوب کو۔

وَأُوهِمُ أَنَّ فِي الشِّطْرَنْجِ هَمِّي	وَفِيكَ تَأَمُّلِي وَلَكَ انْتِصَابِي

الشطرنج معرب من شدرنج وہو فارسی یعنی من اشتغل بہ ذہب عناءہ باطلا۔ والاجود ان یکسر شینہ لیکون علی وزن جردحل ترجمہ اور میں دیکھنے والوں کو اس خیال میں ڈالتا ہوں کہ میری فکر شطرنج میں مصروف ہی اور حال یہ ہی کہ میں تیری خوبیوں میں تامل کر رہا ہوں اور تیرے دیکھنے کے لئے جا بیٹھا ہوں نہ شطرنج کے لئے۔

سَأَمْضِي وَالسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّي	مَغِيبِي لَيْلَتِي وَغَدًا إِيَابِي

ترجمہ اب میں جاؤنگا اور تجکو میرا اسلام میری غیر حاضری میری رات بھر ہی اور کل کو میرا آنا۔

وقال فی لعبۃ کانت ترقص بحرکات

يَا ذَا الْمَعَالِي وَمَعْدِنَ الْأَدَبِ	سَيِّدَنَا وَابْنَ سَيِّدِ الْعَرَبِ

ترجمہ ای صاحب مراتب عالیہ اور کان ادب کے اور ای ہمارے سردار اور عرب کے سردار کے بیٹے۔

أَنْتَ عَلِيمٌ بِكُلِّ مُعْجِزَةٍ	وَلَوْ سَأَلْنَا سِوَاكَ لَمْ يُجِبِ

ترجمہ تو ہر امر کا جسکا جواب لوگون کو عاجز کردے خوب جاننے والا ہی اور اگر ہم تیرے سوا کسی اور سے پوچھین تو وہ کچھ جواب نہ دے۔

أهٰذه قابلتك الراقصة   أم نفضت رجلها من التعب

ترجمہ کیا یہ پتلی تیرے سامنے ناچتی ہوئی آئی ہی یا اُسنے اپنے پانو کو تکان سے اٹھایا ہی۔

وقال يمدح علي بن مكرم التميمي وهو علي بن محمد بن سيار بن مكرم وكان يحب الرمي

ضروب الناس عشاق ضروبا   فأعذرهم أشفهم حبيبا

الشف الفضل ترجمہ مختلف لوگ مختلف معشوقون پر عاشق ہین سو زیادہ قبول کے قابل عشق اُس شخص کا ہی جس کا محبوب افضل وعمدہ ہی۔

وما سكني سوى قتل الأعادي   فهل من زورة تشفي القلوبا

السکن الصاحب ومن تسکن الیہ وتحبہ وتہواہ ترجمہ اور میری دل لگی کی چیز سوائے قتل اعدا اور نہین ہی سو کیا ایسی ملاقات یعنی مٹھ بھیڑ دشمنون سے ہوگی جو بسبب قتل اعدا دلونکو شفا دیگی جیسے معشوق کی ملاقات عاشق کے لئے شفا بخش ہوتی ہی

تظل الطير منها في حديث   ترد به الصراصر والنعيبا

الصرصرة صوت النسر والبازی وغیرہ۔ والنعیب صوت الغراب ترجمہ اُس واقعہ سے مردار خوار پرندے جمع ہو جاوین اور خوشی کے سبب باہم ایسی زور سے باتین کرین یعنی اتنا غل مچاوین کہ اُسکے باعث کرگس و باز وغیرہ کے پرون کی سنسناہٹ اور کوّون کی کائین کائین یعنی اُنکی آواز پست ہو جاوے ایسی لڑائی کی آرزو کرتا ہی جسمین نہایت خونریزی ہو۔

وقد لبست دماءهم عليهم   حدادا لم تشق لها جيوبا

الحداد ثیاب الحزن تصبغ سوادا وتلبس عند المصیبۃ ترجمہ اُن پرندون نے مقتولون کے خون اپنے اُوپر اُنکے ماتم کے لئے اسطرح پہن لئے ہین کہ اُنھون نے اپنے گریبان چاک نہین کئے کیونکہ وہ اس واقعہ سے مغموم نہین ہین بلکہ خوش ہین یا وہ جامہ ماتم بے سئے ہوئے پہن رہے ہین جنکے گریبان نہین بنائے اور ایک روایت مین دماؤہم بالرفع ہی مطلب یہ ہی کہ خون پرندونکے بدن پر خشک ہو گئے گویا اُنھون نے اپنے لباس معمولی کی جگہ اور لباس پہن لیا ہی اور سیاہ لباس اسواسطے کہا کہ خون خشک ہو جانے سے سیاہ ہو جاتا ہی۔

أدمنا طعنهم والقتل حتى   خلطنا في عظامهم الكعوبا

ادمنا جمعنا وخلطنا وقیل من الدوام۔ والکعوب ہی کعوب الرمح وہی الاطراف النواشز عند الانابیب ترجمہ ہمنے اُنپر نیزہ زنی وشمشیر زنی کو جمع کر دیا یا ہمیشہ رکھا یہانتک کہ ہم نے اُنکی ہڈیون مین اپنے نیزون کی گرہین ملا دین یعنی گھسیڑ دین یا

ہمارے نیزوں کی گردنیں اُنکے بدن میں ٹوٹ گئیں پس وہ اُنکی ہڈیوں سے لگ گئیں۔

كَأَنَّ خُيُولَنَا كَانَتْ قَدِيمًا	تُسَقَّى فِي قُحُوفِهِمُ الْحَلِيبَا

قحف الراس ما انضم علی ام الدماغ ترجمہ ہمارے گھوڑے اُن کی نعشوں کو روندتے ہوئے پھرتے رہے اور اُنسے جھجکے نہیں گویا اُنکو ہمیشہ کشتوں کی کھوپریوں میں دودھ پلایا جاتا تھا۔ عرب کی عادت تھی کہ عمدہ گھوڑوں کو دودھ پلایا کرتے تھے۔

فَمَرَّتْ غَيْرَ نَافِرَةٍ عَلَيْهِمْ	تَدُوسُ بِنَا الْجَمَاجِمَ وَالتَّرِيبَا

الجمجمۃ العظم الذی فیہ الدماغ - والتریب والتریبۃ واحدۃ الترائب وہو موضع القلادۃ من الصدر ترجمہ وہ گھوڑے اُنکی نعشوں پر گذرے ایسے حال میں کہ وہ جھجکنے والے نہ تھے اور ہمکو اپنے اوپر سوار کئے اُنکی کھوپریاں اور سینے روندتے تھے۔

يُقَدِّمُهَا وَقَدْ خُضِبَتْ شَوَاهَا	فَتًى تَرْمِي الْحُرُوبُ بِهِ الْحُرُوبَا

الشوی من الفرس قوائمہا لانہ یقال عبل الشوی - والشوی الیدان والرجلان من الآدمیین وکل ما لیس مقتلاً - یقال رماہ فاشواہ اذا لم یصب المقتل ترجمہ اُنکو ایسے حال میں کہ اُنکے پانوں خون اعدا میں رنگین ہیں ایسا جوان کہ اُس کو لڑائیاں اور لڑائیوں کی طرف پھینکتے ہیں آگے بڑھاتا ہی یعنی میں لڑائیوں کا اور لڑائیوں کی طرف پھینکنے کے یہ معنی ہیں کہ وہ ہمیشہ لڑائیوں میں رہتا ہی جب ایک لڑائی ختم ہوتی ہی دوسری لڑائی میں چلا جاتا ہی۔

شَدِيدُ الْخُنْزُوَانَةِ لَا يُبَالِي	أَصَابَ إِذَا تَنَمَّرَ أَمْ أُصِيبَا

الخنزوانۃ ذبابۃ تقع فی انف البعیر فیشمخ لہا بانفہ فاستعیرت للکبر یقال بفلان خنزوانۃ وتنمر صار کالنمر فی الغضب ترجمہ وہ جوان سخت متکبر ہی جب شل چیتے کے غضبناک ہوتا ہی تو اس امر کی کچھ پروا نہیں کرتا کہ آیا اُس نے دشمن کو قتل کیا یا وہ اُن کے ہاتھ سے مقتول ہوا۔

أَعَزْمِي طَالَ هَذَا اللَّيْلُ فَانْظُرْ	أَمِنْكَ الصُّبْحُ يَفْرَقُ أَنْ يَؤُوبَا

یفرق یخاف ویفزع ترجمہ ای میرے قصد دیکھ تو کیا یہ رات دراز ہو گئی ہی یا صبح تجھ سے اس بات میں ڈرتی ہی کہ وہ لوٹے۔ یعنی بسبب تیرے دشوار ارادہ کے صبح ڈرتی ہی یا تیرا ارادہ جنگ صبح کو معلوم ہو گیا ہی اور اُسے خوف ہی کہ کبھی مجکو بھی دشمن سمجھے۔

كَأَنَّ الْفَجْرَ حِبٌّ مُسْتَزَارٌ	يُرَاعِي مِنْ دُجُنَّتِهِ رَقِيبَا

الدجنۃ الظلمۃ ترجمہ گویا فجر ایک دوست ہی جس سے ملنے کی درخواست کی گئی کہ وہ تاریکی شب کو رقیب جانکر اس سے خوف کرتی ہی اس لئے صبح نہیں ہوتی۔

كَأَنَّ نُجُومَهُ حَلْيٌ عَلَيْهِ	وَقَدْ حُذِيَتْ قَوَائِمُهُ الْجَبُوبَا

الجبوب وجہ الارض وقیل الارض الغلیظۃ ترجمہ گویا رات کے ستارے اُسکا زیور ہیں اور اُسکے پانوں میں زمین کی جوتیاں

پہنائی گئی ہین پس وہ بسبب گرانی پای پوش کے اور کثرت زیور کے چل نہین سکتی اس سے صبح نہین ہوتی۔

كَأَنَّ الْجَوَّ قَاسَى مَا أُقَاسِي … فَصَارَ سَوَادُهُ فِيهِ شُحُوبَا

الشحوب تغیر اللون والہزال ترجمہ گویا مابین آسمان و زمین کے ہوا نے اسقدر رنج کھینچا ہی جسقدر رینے عشق سے تکلیف اُٹھائی ہی اسلئے اُسکا رنگ سیاہ ہوگیا ہی سو اُسکی سیاہی تغیر رنگ کے باعث ہوگئی ہی اسلئے صبح نہین ہوتی۔

كَأَنَّ دُجَاهُ يَجْذِبُهَا سُهَادِي … فَلَيْسَ تَغِيبُ إِلَّا أَنْ يَغِيبَا

الدجی جمع دجیۃ ترجمہ گویا میری بیداری تاریکی شب کو کھینچتی ہی۔ سو تاریکی غائب ہوگی جب تلک میری بیداری نہ غائب ہوگی۔ یعنی میری بیداری مجھ سے غائب نہین ہوتی ہی یعنی ہر وقت موجود رہتی ہی اور وہ تاریکی شب کو برابر کھینچتی ہی اسلئے صبح نہین ہوتی۔

أُقَلِّبُ فِيهِ أَجْفَانِي كَأَنِّي … أَعُدُّ بِهِ عَلَى الدَّهْرِ الذُّنُوبَا

ترجمہ اُس رات مین بسبب بیخوابی کے اس کثرت سے اپنی پلکین جھپکاتا ہون گویا اُس سے زمانہ کے قصور اور گناہ جو مجھ پر اُس نے کئے ہین شمار کرتا ہون یعنی زمانہ کے جور و جفا کے جیسے شمار نہین ہی ایسے ہی میری بیداری کی کوئی حد نہین ہی۔

وَمَا لَيْلٌ بِأَطْوَلَ مِنْ نَهَارٍ … يَظَلُّ بِلَحْظِ حُسَّادِي مَشُوبَا

المشوب المخلط ترجمہ اور میری رات بایں درازی اُس دن سے زیادہ دراز نہین ہی جو میرے دشمن کے دیدار سے مخلوط ہوکر مجھ پر سایہ ڈالے۔

وَمَا مَوْتٌ بِأَبْغَضَ مِنْ حَيَاةٍ … أَرَى لَهُمْ مَعِي فِيهَا نَصِيبَا

ترجمہ اور اُس حیوۃ سے جسمین حاسد کا حصہ میرے ساتھ ہو اور اُنکو قتل نہ کرون کسی قسم کا مرنا برا نہین ہی۔

عَرَفْتُ نَوَائِبَ الْحَدَثَانِ حَتَّى … لَوِ انْتَسَبَتْ لَكُنْتُ لَهَا نَقِيبَا

النقیب ہو الذی یعرف القوم ترجمہ مین نے مصائب حوادث کو اسقدر خوب جانلیا ہی کہ وہ اگر صاحب نسب ہون یعنی کسیطرف منسوب ہون تو مین انکا نساب یعنی نسب بیان کرنیوالا ہون۔

وَلَمَّا قَلَّتِ الْإِبِلُ امْتَطَيْنَا … إِلَى ابْنِ أَبِي سُلَيْمَانَ الْخُطُوبَا

ترجمہ اور جبکہ بسبب فقر و افلاس کے ہمارے شتر کم ہوگئے تو ہم ابن ابی سلیمان کیطرف حوادث اور مصائب کو شتر بنا کر چلے۔

مَطَايَا لَا تَذِلُّ لِمَنْ عَلَيْهَا … وَلَا يَبْغِي لَهَا أَحَدٌ رُكُوبَا

ترجمہ وہ مصائب ایسے ناقہ ہین کہ جو اُنپر سوار ہوتا ہی اُسکی تابعدار نہین ہوتین اور نہ کوئی اُسکی سواری چاہے۔

وَتَرْتَعُ دُونَ نَبْتِ الْأَرْضِ فِينَا … فَمَا فَارَقْتُهَا إِلَّا جَدِيبَا

ترجمہ اور وہ مصائب کے ناقہ ہمارے جسم کو کھاتی ہین نہ زمین کی گھاس کو سو مین اُن ناقون سے جُدا نہین ہوا مگر قحط زدہ

یعنی جب کہ وہ میرے جسم کو چیر گئین اور مجھ مین کچھ نہ رہا۔

اِلیٰ ذِی شِیمَۃٍ شَغَفَتْ فُؤَادِیْ	فَلَوْلَاہُ لَقُلْتُ بِہِ النَّسِیْبَا

الشیمۃ الخلق۔ وشعف علت علی قلبہ الحب۔ وبالنین المعجمۃ وصل الی شغاف قلبہ۔ والنسیب التشبیب بالنسار فی الشعر ترجمہ میرا دل ایک صاحب خلق کا فریفتہ وشیفتہ ہوگیا اور اگر اُس کا خُلق اور خو اُسکے سرشت اور صوت سے بہتر نہ ہوتے تو اُسکی صوت کی نسبت تشبیب کرتا یا یعنی کہ اُسکا رعب اور احتشام مانع نہوتا تو اپنے اشعار مین اُسکی تشبیب کرتا۔

تُنَازِعُنِیْ ھَوَاھَا کُلُّ نَفْسٍ	وَاِنْ لَمْ تُشْبِہِ الرَّشَأَ الرَّبِیْبَا

الضمیر فی ہواہا راجع الی الشیمۃ۔ والرشا بالتحریک ولد الظبیۃ الذی قد تحرک ومشی والربیب ہو المربی ترجمہ اُسکی سیرت کے عشق مین ہر نفس مجھ سے جھگڑا کرتا ہی یعنی ہر ایک اُسکو چاہتا ہی اگرچہ ہرن کا بچہ بکری کے بچے کے جو خانہ پرورده ہوتا ہی مشابہ نہین ہوسکتا کیونکہ آہو برہ کا حُسن خلقی ہوتا ہی ایسے ہی میرے عشق حقیقی سے اورونکا عشق مجازی لگا نہین کھاتا۔

عَجِیْبٌ فِی الزَّمَانِ وَمَا عَجِیْبٌ	اَتٰی مِنْ اٰلِ سَیَّارٍ عَجِیْبَا

عجیب خبر مبتدا محذوف۔ وعجیبا خبر المشبہۃ بلیس ترجمہ ممدوح زمانہ مین ایک شے عجیب ہی اور جو آل سیار سے عجیب پیدا ہو وہ عجیب نہین ہی کیونکہ آل مذکور مجد وسخا مین نہایت درجہ کو پہنچی ہوئی ہی۔

وَشَیْخٌ فِی الشَّبَابِ وَلَیْسَ شَیْخًا	یُسَمّٰی کُلُّ مَنْ بَلَغَ الْمَشِیْبَا

ترجمہ وہ حالت شباب مین عقل پیرانہ رکھتا ہی اور ہر شخص جو بوڑھا ہو جاوے اُسے بوڑھا اور بزرگ نہین کہتے کیونکہ بزرگی بعقل است نہ بسال۔

قَسَا فَالْاُسْدُ تَفْزَعُ مِنْ قُوَاہُ	وَرَقَّ فَنَحْنُ نَفْزَعُ اَنْ یَذُوْبَا

ترجمہ وہ دل کا مضبوط وسخت ہی سو شیر اُسکی قوتون سے ڈرتے ہین اور احباب کے حق مین نرم دل ہی سو ہم اُسکے رقیق القلب ہونے سے ڈرتے ہین کہ کہین وہ پگھل نجاوے

اَشَدُّ مِنَ الرِّیَاحِ الْھُوْجِ بَطْشًا	وَاَسْرَعُ فِی النَّدٰی مِنْھَا ھُبُوْبَا

الہوج جمع ہوجا وہی التی لاتستقر علی سنۃ واحدۃ ترجمہ وہ سخت چوبادی ہواؤن سے پکڑنے مین سخت ہی اور اُن سے سخاوت مین زیادہ تیز جاتا ہی۔

وَقَالُوْا ذَاکَ اَرْمٰی مَنْ رَاَیْنَا	فَقُلْتُ رَاَیْتُمُ الْغَرَضَ الْقَرِیْبَا

ترجمہ اور لوگون نے کہا کہ جن تیراندازون کو ہمنے دیکھا ہی ممدوح اُن سب سے زیادہ تیرانداز ہی سو مینے کہا کہ تمنے اُسکا قریب کا نشانہ دیکھا ہی اگر دور کا نشانہ دیکھو تو اور زیادہ تعجب کرو۔

وَھَلْ یُخْطِیْ بِاَسْھُمِہِ الرَّمَایَا	وَمَا یُخْطِیْ بِمَا ظَنَّ الْغُیُوْبَا

الرایا جمع رمیۃ وہی کل ما یرمیٰ من غرض او صید ترجمہ اور کیا وہ اپنے تیرون سے نشانے چوک سکتا ہی ایسے حال مین کہ اُس کا ظن امور غائبہ مین خطا نہین کرتا - یعنی جب وہ ایسے امور مین جو نظر سے غائب ہین خطا نہین کرتا تو امور محسوس مین کیسے خطا کر سکتا ہی - خلاصہ یہ کہ وہ نشانہ کا سچا اور رائے کا صائب ہی -

إِذَا نُكِبَتْ كِنَانَتُهُ اسْتَبَنَّا ‏ ‏ ‏ بِأَنْصُلِهَا لِأَنْصُلِهَا نُدُوبًا

نکبت قلبت علی راسہا - والندوب جمع ندب وہی آثار الجرح - والظاہران یقال بافوقہا لا بنصلہا والانفحان ان یقال النصال ترجمہ جبکہ وہ اپنے ترکش کو اوندھا کر کے تیر اندازی کے لئے اُسے خالی کرتا ہی تو اُنکے سوفار مین اُس کے بھالون کے آثار زخم ہم ظاہر دیکھتے ہین ورنہ ایک تیر کی بھال دوسرے تیر کی بھال مین نہین لگ سکتی اور اگلا شعر ان معنون کی تائید کرتا ہی اور بعض شراح نے بانصلہا کو درست مانکر یہ معنی کہے ہین کہ چونکہ اُسکے تیر طریق واحد پر چلتے ہین اسلئے ایک تیر کی بھال کا زخم دوسرے تیر کی بھال پر معلوم ہوتا ہی -

يُصِيبُ بِبَعْضِهَا أَفْوَاقَ بَعْضٍ ‏ ‏ ‏ فَلَوْلَا الْكَسْرُ لَاتَّصَلَتْ قَضِيبًا

ترجمہ وہ بعض تیرون سے اور تیرونکے سوفارون مین نشانہ مارتا ہی سو اگر تیر مضروب نہ ٹوٹے تو سب تیر ملکر ایک متصل شاخ ہو جاوے - خلاصہ یہ کہ وہ نشانہ کا بڑا سچا ہی -

بِكُلِّ مُقَوَّمٍ لَمْ يَعْصِ أَمْرًا ‏ ‏ ‏ لَهُ حَتَّى ظَنَنَّاهُ لَبِيبًا

بکل مقوم بدلٌ من ببعضہا - والباء متعلقۃ بیصیب ترجمہ وہ نشانہ لگاتا ہی ہر سیدھے تیر سے جو اُسکے ارادہ کے خلاف یعنی نشانہ پر لگنے سے نافرمانی نہین کرتا ہی یہان تلک کہ ہم نے اُس تیر کو ذوی العقول سے خیال کیا ہی -

يُرِيكَ النَّزْعُ بَيْنَ الْقَوْسِ مِنْهُ ‏ ‏ ‏ وَبَيْنَ رَمِيَّتِهِ الْهَدَفَ اللَّهِيبَا

النزع جذب الوتر للرمی وضمیر منہ للمقوم ترجمہ اُسکی کمان کشی اُس تیر مقوم کے ذریعہ سے کمان سے نشانہ تلک تجکو ایک شعلہ آتش دکھاتی ہی - عرب سرعت حرکت کو آتش کے ساتھ تشبیہ دیتے ہین -

أَلَسْتَ ابْنَ الْأُولَى سَعِدُوا وَسَادُوا ‏ ‏ ‏ وَلَمْ يَلِدُوا امْرَأً إِلَّا نَجِيبَا

اولی بمعنی الذین ترجمہ کیا تو اُن لوگون کی اولاد نہین ہی جو بڑے نیک بخت ہوئے اور سب کے سردار اور اُنھون نے کوئی مرد نہین جنا مگر شریف - مطلب یہ کہ تو شریف ابن الشرفا ہی -

وَنَالُوا مَا اشْتَهَوْا بِالْحَزْمِ هَوْنًا ‏ ‏ ‏ وَصَادَ الْوَحْشَ نَمْلُهُمُ دَبِيبًا

نالوا عطفا علی قولہ وسادوا - والدبیب السیر البطی - ترجمہ اور اُن لوگون نے جو چاہا بسبب ہوشیاری کے باسانی حاصل کر لیا اور اُنکی چیونٹی نے باہستگی وحشیونکا شکار کر لیا -

وَمَا رِيحُ الرِّيَاضِ لَهَا وَلٰكِنْ ‏ ‏ ‏ كَسَاهَا دَفْنُهُمْ فِي التُّرْبِ طِيبًا

ترجمہ اور یہ جو باغون مین خوشبو ہی سو وہ اُنکی نہین بلکہ اُنکے مٹی مین مدفون ہونے نے باغون کو خوشبو کا لباس پہنا دیا ہی یہ خوشبو تیرے بزرگون کے مدفون ہونے نے اُنکو عطا کی ہی کیا خوب کہا ہی ؎

سب کہان کچھ لالہ وگل مین نمایان ہوگئین + خاک مین کیا صورتین ہونگی کہ پنہان ہوگئین

أيَا مَنْ عَادَ رُوحُ المَجْدِ فِيهِ	وَعَادَ زَمَانُهُ البَالِي قَشِيبَا	

القشیب الجدید ترجمہ ای وہ شخص کہ بزرگی کی روح اُسمین لوٹ آئی ہی اور کہنہ زمانہ اُسکے سبب نیا ہوگیا ہی یعنی مجد مرگئے تھے اب تیرے سبب زندہ ہوگئے اور زمانہ پیر جوان ہوگیا ہی جواب ندا اگلے شعر مین ہی۔

تَيَمَّمَنِي وَكِيلُكَ مَادِحًا لِي	وَأَنْشَدَنِي مِنَ الشِّعْرِ الغَرِيبَا	

ترجمہ تیرے وکیل نے میرا قصد کیا جبکہ وہ میری مدح کرتا ہوا تھا اور اُسنے میرے روبرو نادر شعر پڑھے۔

فَآجَرَكَ الإلٰهُ عَلَى عَلِيلٍ	بَعَثْتَ إلَى المَسِيحِ بِهِ طَبِيبَا	

ترجمہ سو خدا تجکو اجر نیک عطا کرے اُس علیل کی بابت جو طبیب بنکر آیا جسکو اُسکے مسیح کی طرف تونے بھیجا۔ وکیل کو علیل کہا اور اپنے آپ کو مسیح۔ اور مسیح کو طبیب کی حاجت نہین ہی کیونکہ وہ خود مردہ کو زندہ کرتا ہی خصوصًا جبکہ طبیب علیل ہو۔

وَلَسْتُ بِمُنْكِرٍ مِنْكَ الهَدَايَا	وَلٰكِنْ زِدْتَنِي فِيهَا أدِيبَا	

ترجمہ مین تیرے تحفون کا منکر نہین ہون ہمیشہ تو بھیجتا ہی لیکن اس دفعہ تونے تحفون مین ایک ادیب زیادہ کردیا۔

فَلَا زَالَتْ دِيَارُكَ مُشْرِقَاتٍ	وَلَا دَانَيْتَ يَا شَمْسُ الغُرُوبَا	

ترجمہ سو تیرے دیار تیرے نور سے ہمیشہ منور رہین اور ای شمس تو غروب کے قریب بھی نہو غروب ہونا تو پرطرہ کر ہی اُسکو دعائے ازدیاد عمر و دوام بقا کی دیتا ہی۔ مراد یہ ہی کہ تیرا ذکر جمیل ہمیشہ دُنیا مین رہے۔

لِأُصْبِحَ آمِنًا فِيكَ الرَّزَايَا	كَمَا أنَا آمِنٌ فِيكَ العُيُوبَا	

ترجمہ تیرا آفتاب اس لئے غروب نہو تا کہ مین تیرے حق مین مصائب سے مامون رہون یعنی تجکو کوئی مصیبت نہ پہنچے جیسا کہ مین تیری بابت عیوب سے بیخوف ہون یعنی مجکو ہرگز یہ خوف نہین ہی کہ تجھ مین کوئی عیب پیدا ہوجاوے

وقال یصف مجلسین لابی محمد بن الحسن بن عبید اللہ بن طغج

المَجْلِسَانِ عَلَى التَّمْيِيزِ بَيْنَهُمَا	مُقَابِلَانِ وَلٰكِنْ أحْسَنَا الأدَبَا	

ترجمہ دونوں مجلس باوجودیکہ اُن دونون کی آرائش مین فرق ہی ایک دوسرے کے مقابل ہین مگر انہون نے رعایت ادب عمدہ طور سے کی ہی جسکی شرح اگلے شعر مین ہی۔

إذَا صَعِدْتَ إلَى ذَا مَالَ ذَا رَهَبَا	وَإنْ صَعِدْتَ إلَى ذَا مَالَ ذَا رَغَبَا	

ترجمہ جبکہ تو چڑھے اور بیٹھے ایک کی طرف تو دوسرے خوف کے مارے سرنگون ہوجاتے ہین کہ کیون مجکو اپنے چھوڑ دیا اور اگر بیٹھے اور صعود کرے تو دوسرے کی طرف تو اول دہشت سے جھک پڑتے ہین یعنی اس امر کے خوف سے کہ مجکو کیون ناپسند کیا۔

فَلِمَ يُهَابُكَ مَا لَا حِسَّ يَرْدَعُهُ	إِنِّي لَأُبْصِرُ مِنْ شَأْنَيْهِمَا عَجَبَا

ترجمہ سو کیون تجھ سے ڈرتی ہو وہ چیز جس کو شعور نہین روکتا بیشک مین ان دونون مجلسون کے ہر دو شان عجیب دیکھتا ہون پھر آپ فرمایئے کہ ذی شعور تجھ سے کیون نہ ڈرے۔

وقال وقد نظر الى السحاب

تَعَرَّضَ لِي السَّحَابُ وَقَدْ قَفَلْنَا	فَقُلْتُ إِلَيْكَ إِنَّ مَعِي السَّحَابَا

ترجمہ اور جبکہ ہم لوٹے تو ابر ہمارے آگے آیا تو مین نے اس سے کہا کہ الگ رہ بیشک میرے ساتھ امیر ہی جو بخشش مین تجھ سے کم نہین ہی یعنی تیری کیا ضرورت ہی۔

فَشِمْ فِي الْقُبَّةِ الْمَلِكَ الْمُرَجَّى	فَأَمْسَكَ بَعْدَ مَا عَزَمَ انْسِكَابَا

ترجمہ سو خیمہ مین بادشاہ خلائق امیدگاہ کو دیکھ لے تاکہ میرے کہنے کی تجھے تصدیق ہوجاوے اس کہنے پر ابر بارش سے بعد قصد بارش رک گیا تاکہ ممدوح کے آگے شرمندہ نہونا پڑے۔

واشار اليه طاهر العلوی بمسک وابو محمد حاضر فقال

اَلطِّيبُ مِمَّا غَنِيتُ عَنْهُ	كَفَى بِقُرْبِ الْأَمِيرِ طِيبَا

ترجمہ خوشبو ان چیزون مین سے ہی جس سے مین بے پرواہون مجکو قرب وہمنشینی امیر خوشبو کے لئے کافی ہی۔

يَبْنِي بِهِ رَبُّنَا الْمَعَالِي	كَمَا بِكُمْ يَغْفِرُ الذُّنُوبَا

ترجمہ ہمارا خدا بذریعہ امیر مراتب عالی کی بنیاد ڈالے جیسا تمھارے سبب ای آل محمد صلی اللہ وسلم گناہونکو بخشے گا۔

وقال وقد استحسن عين باز فی مجلسه

أَيَا مَا أُحَيْسِنَهَا مُقْلَةً	وَلَوْلَا الْمَلَاحَةُ لَمْ أَعْجَبِ

صغر فعل التعجب لحاقه بالاسماء لعدم تصرفه۔ ومعنى التصغير ہنا المبالغة فی الاستحسان ترجمہ ای ہمنشین باز آنکھ کے لحاظ سے کسقدر خوشنما ہی اور اگر اسمین نمکینی نہوتی تو مین اسقدر خوش نہوتا۔

خَلُوقِيَّةٌ فِي خَلُوقِيِّهَا	سُوَيْدَاءُ مِنْ عِنَبِ الثَّعْلَبِ

الخلوقی جسمہ سواد من عنب الثعلب ترجمہ یہ اسکی آنکھ ہمرنگ دانہ کوہ ہی جسکے رنگ مین سیاہی دانہ کوہ کی سی ہی۔

إِذَا نَظَرَ الْبَازُ فِي عِطْفِهِ	كَسَتْهُ شُعَاعًا عَلَى الْمَنْكِبِ

ترجمہ جبکہ باز گردن موڑ کر اپنی ایک طرف دیکھتا ہی تو اسکی آنکھ اُسکے دوش کو یعنی اُس جانب کو جدھر دیکھتا ہی لباس نور پہنا دیتی ہی

وقال یمدح ابا القاسم طاہر بن الحسین العلوی

أَعِيدُوا صَبَاحِي فَهُوَ عِنْدَ الْكَوَاعِبِ ۔۔۔ وَرُدُّوا رُقَادِي فَهُوَ لَحْظُ الْحَبَائِبِ

الکواعب جمع کاعبۃ وہی الجاریۃ التی قد علا نہدہا۔ والحبائب جمع حبیبۃ ترجمہ میری صبح کو لوٹا لاؤ کہ وہ پاس زنان نار پستان کے ہی اور میری نیند کو ہٹا لاؤ کہ وہ دیکھنا زنان محبوبہ کا ہی یعنی میرا زمانہ حیات بالکل رات ہی اور میرے نے صبح نہین ہی مگر انکا روے روشن۔ اور میری رات بالکل بیداری ہی اور بے دیکھے محبوب کے مجکو نیند نہین آتی۔

فَإِنَّ نَهَارِي لَيْلَةٌ مُدْلَهِمَّةٌ ۔۔۔ عَلَى مُقْلَةٍ مِنْ فَقْدِكُمْ فِي غَيَاهِبِ

المدلہم الشدید الظلمۃ۔ والغیاہب جمع غیہب وہی الظلمۃ ترجمہ کیونکہ میرا دن اُس آنکھ پر جو تمھاری دوری سے تاریکیوں مین ہی شب دیجور ہی یعنے تمھارے ہجر کے صدمہ سے مین اندھا ہو گیا ہون اس لئے آنکھ کو روز روشن بمنزلہ شب تاریک ہی۔

بَعِيدَةِ مَا بَيْنَ الْجُفُونِ كَأَنَّمَا ۔۔۔ عَقَدْتُمْ أَعَالِي كُلِّ جَفْنٍ بِحَاجِبِ

بعیدۃ بالرفع خبر مبتدا محذوف وبالکسر بدل من مقلۃ ترجمہ اُس آنکھ کی ایک پلک دوسری سے ایسی دور ہی کہ گویا تم نے ای محبوبو جانبہای اعلی ہر پلک فوقانیکی ابروے باندھ دی اسلئے آنکھ بند نہین ہوتی متحیرانہ دیکھا رہتا ہون جب آنکھ بند نہین ہوتی ہی تو خواب کا کیا ذکر ہی اور پلک بالا کی وجہ تخصیص یہ ہی کہ آنکھ اُسی کے نیچے آنے سے بند ہوتی ہی کیونکہ حرکت اُسی کو ہی۔

وَأَحْسِبُ أَنِّي لَوْ هَوِيتُ فِرَاقَكُمْ ۔۔۔ لَفَارَقْتُهُ وَالدَّهْرُ أَخْبَثُ صَاحِبِ

ترجمہ اور گمان کرتا ہون کہ اگر مین تمھارے فراق کی خواہش کرون تو البتہ تمھارے فراق سے مجکو فراق ہو جاوے کیونکہ زمانہ مصاحب خبیث ہی ہر بات مین میری آرزو کے خلاف کرتا ہی خوب کہا ہی ؎ مانگا کرین گے اب سے دعا ہجر یار کی آخر تو دشمنی ہی اثر کو دعا کے ساتھ + اور درست یہ تھا کہ لفارقنی کہتا مگر اُس نے اُلٹا کہدیا اس خیال سے کہ جو تجھ سے الگ ہوگا تو تو بھی اُس سے الگ ہو جاویگا۔

فَيَا لَيْتَ مَا بَيْنِي وَبَيْنَ أَحِبَّتِي ۔۔۔ مِنَ الْبُعْدِ مَا بَيْنِي وَبَيْنَ الْمَصَائِبِ

ترجمہ سو کاش جو دوری مجھ مین اور میرے دوستو مین ہی وہ دوری مجھ مین اور مصیبتو مین ہوتی یعنی کاش دوست میرے مجھے ایسے پاس ہوتے جیسے مصیبتین میرے پاس ہین اور کاش مجھے مصیبتین ایسی دور ہوتین جیسے بالفعل دوست میرے مجھسے دور ہین

أَرَاكِ ظَنَنْتِ السِّلْكَ جِسْمِي فَعُقْتِهِ ۔۔۔ عَلَيْكِ بِدُرٍّ عَنْ لِقَاءِ التَّرَائِبِ

السلک الخیط۔ والترائب جمع تریبۃ وہی محل القلادۃ من الصدر ترجمہ میرا خیال ایسا ہی کہ تو نے ہار کے دھاگے کو میرا

جسم (جو بسبب لاغری کے اُسکے مانند باریک ہی) بجھلیا ہی اسلئے تونے بذریعہ موتی کے جو اُسمین پرویا ہوا ہی اُس دھاگے کو اپنے سینے سے لگنے نہین دیا - یعنی تجکو مجھ سے اسقدر نفرت ہی کہ میرے ہمشکل سے بھی بیزار ہی -

وَلَوْ قَلَمٌ اُلْقِيْتُ فِيْ شَقِّ رَأْسِهٖ   مِنَ السُّقْمِ مَا غَيَّرْتُ فِيْ خَطِّ كَاتِبٖ

ترجمہ اور اگر مین کسی قلم کے شگاف مین ڈالا جاؤن تو بسبب بیماری و لاغری کے لکھنے والے کے خط مین کچھ تغیر نکرون -

تُخَوِّفُنِيْ دُوْنَ الَّذِيْ اَمَرَتْ بِهٖ   وَلَمْ تَدْرِ اَنَّ الْعَارَ شَرُّ الْعَوَاقِبِ

ترجمہ محبوبہ مجکو ہلاک ہونے سے ڈراتی ہی اور ہلاک کمتر ہی اُس سے جسکا وہ حکم کرتی ہی اور وہ یہ ہی کہ وہ کہتی ہی کہ سفر مت کر گھر مین بیٹھا رہ اور وہ نہین جانتی کہ بیکار خانہ نشینی عار ہی اور عار تمام انجامونسے بدتر ہی -

وَلَا بُدَّ مِنْ يَوْمٍ اَغَرَّ مُحَجَّلٍ   يَطُوْلُ اسْتِمَاعِيْ بَعْدَهٗ لِلنَّوَادِبِ

الیوم الاغر المشہور و اصلہ البیاض - والمحجل من صفات الخیل وہو الذی فی یدیہ ورجلیہ بیاض ویکون لونہ مخالفا لہما

ترجمہ اور مین کسطرح ترک سفر کرون حالانکہ ایسے روز مشہور اور نشانمند کا ہونا ضرور ہی کہ جسمین تمام اپنے اعدا کو قتل کرون اور اُسکے بعد ایک عرصہ دراز تک عورتون کا نوحہ اپنے مقتولون پر سنتا رہون -

يَهُوْنُ عَلٰى مِثْلِيْ اِذَا رَامَ حَاجَةً   وُقُوْعُ الْعَوَالِيْ دُوْنَهَا وَالْقَوَاضِبِ

العوالی الرماح الطوال - والقواضب السیوف القواطع ترجمہ مجھ جیسے کو جب وہ کوئی حاجت طلب کرے پڑنا نیزون اور تلوارونکا ورے اس حاجت کے آسان امر ہی یعنی ضرب شدیدہ اُسکو اپنی حاجت روائی سے نہین روکتین -

كَثِيْرُ حَيٰوةِ الْمَرْءِ مِثْلُ قَلِيْلِهَا   يَزُوْلُ وَبَاقِيْ عُمْرِهٖ مِثْلُ ذَاهِبِ

ترجمہ زندگی کثیر مرد کی مثل قلیل حیات کے جاتی رہتی ہی اور اُسکی باقی عمر فنا مین مثل گذشتہ عمر کے ہی پس نامردی سے کیا فائدہ -

اِلَيْكِ فَاِنِّيْ لَسْتُ مِمَّنْ اِذَا اتَّقٰى   عِضَاضَ الْاَفَاعِيْ نَامَ فَوْقَ الْعَقَارِبِ

جعل عض الافاعی مثلا للہلاک لکونہ قاتلا وجعل لسع العقارب مثلا للعار لانہ لایقتل ولکن یوذی اشد اذی ترجمہ پرے ہٹ اے ناصح کیونکہ مین اُن لوگون مین سے نہین ہون کہ جب سانپونکے کاٹنے سے ڈرے تو بچھوونپر جا سووے یعنی ایسا نہین ہون کہ ہلاک کے خوف سے عار اختیار کرلون -

اَتَانِيْ وَعِيْدُ الْاَدْعِيَاءِ وَاَنَّهُمْ   اَعَدُّوْا لِيَ السُّوْدَانَ فِيْ كَفْرِ عَاقِبِ

الادعیاء جمع دعی واراد بہم ہہنا الذین یدعون الشرف وانہم من اولاد علیؓ وابن عباسؓ - وکفر عاقب موضع بالشام ترجمہ مدعیان شرف و علویت کی دھمکی مجھ تلک پہنچی اور یہ بھی کہ اُن لوگون نے بمقام کفر عاقب میرے قتل کے لئے حبشیون کو طیار کیا ہی یعنی غلامون کو -

وَلَوْ صَدَقُوْا فِیْ جَدِّهِمْ لَحَذَرْتُهُمْ ۔ فَهَلْ فِیْ وَحْدِیْ قَوْلُهُمْ غَیْرُ کَاذِبِ

ترجمہ اور اگر وہ لوگ اپنے نسب مین سچے ہوتے تو مین اُنکی دھمکی سے بیشک ڈرتا اور جب وہ اپنے نسب کے دعوے مین جھوٹے ہین تو کیا صرف میرے مقابلہ مین اُنکا قول سچ ہوگا یعنی نہین اپنے دعوٰے نسب اور میرے دھمکی مین دونون مین جھوٹے ہین

اِلَیَّ لَعَمْرِیْ قَصْدُ کُلِّ عَجِیْبَةٍ ۔ کَاَنِّیْ عَجِیْبٌ فِیْ عُیُوْنِ الْعَجَائِبِ

ترجمہ اپنی زندگی کی قسم ہر امر عجیب کا قصد میری طرف ہی گویا مین عجائب کی آنکھون مین عجیب ہون یعنے مجھسے عجائب بھی تعجب کرتے ہین اور اسلئے میری طرف آتے ہین۔ مقصود بیان اپنی عظمت کا اور کثرت مصائب کا ہی۔

بِاَیِّ بِلَادٍ لَمْ اُجَرِّرْ ذَوَائِبِیْ ۔ وَاَیُّ مَکَانٍ لَمْ تَطَأْهُ رَکَائِبِیْ

ذوابۃ بالضم جلد یلقی علی موخر الرحل ترجمہ کس شہر مین مینے اپنے کجاوہ کے آخر مین لٹکتے ہوئے چمڑے کو نہین کھینچا اور کونسا مکان ہی جسکو میری سواریون نے نہین روندا۔ اپنی سیاحی اور سفر پیشگی کی تعریف کرتا ہی۔

کَاَنَّ رَحِیْلِیْ کَانَ مِنْ کَفِّ طَاهِرٍ ۔ فَاَثْبَتَ کُوْرِیْ فِیْ ظُهُوْرِ الْمَوَاهِبِ

الکور بالضم الرحل باداتہ ترجمہ گویا میرا کوچ طاہر کے ہاتھ سے تھا سو اُسنے میرے کجاوہ کو اپنی بخششونکے پشت پر قائم کردیا یعنی جسطرح اُسکی عطایا ہر جگہ پہونچی ہین ایسا ہی مینے کوئی مکان بے دیکھے نہین چھوڑا پس گویا اُس کی بخششون پر سوار ہون۔ وہذا من احسن المخالص۔

فَلَمْ یَبْقَ خَلْقٌ لَمْ یَرِدْنَ فِنَاءَهٗ ۔ وَهُنَّ لَهٗ شِرْبٌ وُرُوْدَ الْمَشَارِبِ

ورود مصدر یردن والتقدیر مواہبہ یردن ورود الناس المشارب۔ والضمیر فی فنائہ عائد الی لفظ الخلق وضمیر یردن المواہب ترجمہ سو کوئی ایسی مخلوق باقی نہین رہی کہ ممدوح کی بخششین جو اُسکے لئے بمنزلہ حصہ آب ہین اُسکے صحن خانہ مین ایسی طرح نہ آتی ہون جیسے وہ مخلوق پانیکے گھاٹو نپر آتی ہی یعنی خلاف دستور یہان کنوان پیاسون کے پاس آتا ہی۔

فَتًی عَلَّمَتْهُ نَفْسُهٗ وَجُدُوْدُهٗ ۔ قِرَاعَ الْاَعَادِیْ وَابْتِذَالَ الرَّغَائِبِ

ترجمہ وہ ایک جوان ہی کہ اُسکی لیاقت ذاتی و شرافت موروثی نے اُسکو دشمنونکا قتل اور عمدہ چیزونکا خرچ کرنا سکھایا ہی

فَقَدْ غَیَّبَ الشُّهَّادَ عَنْ کُلِّ مَوْطِنٍ ۔ وَرَدَّ اِلٰی اَوْطَانِهٖ کُلَّ غَائِبِ

الشہاد جمع شاہد وہو الحاضر ترجمہ سو اُسنے اُن لوگون کو جو اپنے وطن مین حاضر رہتے تھے اور سفر اُنکی عادت کے خلاف تھا اُنکے وطن سے غائب کردیا یعنی اُنھون نے اُسکی عطا کا شہرہ سنکر سفر اختیار کیا اور جو لوگ اُسکی خدمت مین حاضر تھے اور اپنے وطن سے غائب اُنکو اسقدر دیکر کہ اُنکو پھر سفر کی حاجت نرہے اُنکے وطنونمین لوٹا دیا۔

کَذَا الْفَاطِمِیُّوْنَ النَّدٰی فِیْ اَکُفِّهِمْ ۔ اَعَزُّ امِّحَاءً مِنْ خُطُوْطِ الرَّوَاجِبِ

الرواجب جمع راجبۃ وہی مفاصل الاصابع التی تلی الانامل ترجمہ مال اولاد حضرت فاطمہؓ کا ایسا ہی ہوتا ہی جیسا

پہلے شعر مین مذکور ہوا کہ عطا اُنکے ہاتھون مین خلوط متصل سرانگشتان سے بھی کمتر محو ہوتی ہے یعنی عطا اُن کے ہاتھون کو لازم ہی۔

اُنَاسٌ اِذَا لَاقَوْا عِدًى فَكَاَنَّمَا	سِلَاحُ الَّذِىْ لَاقَوْا غُبَارُ السَّلَاهِبِ

السلاهب جمع سلهب وهو الطويل من الخيل ترجمہ سادات ایسے لوگ ہین کہ جب اُنکی دشمنون سے مٹھ بھیڑ ہوتی ہی تو وہ دشمنون کے ہتھیار کو اسپان دراز کا گویا غبار سمجھتے ہین یعنی ضعیف اسپان دراز پشت کی تخصیص کی وجہ یہ ہی کہ وہ تیز رو ہوتے ہین اور اسلئے اُنکا غبار کمتر اور باریک ہوتا ہی۔

رَمَوْا بِنَوَاصِيْهَا الْقِسِيَّ فَجِئْنَهَا	دَوَامِي الْهَوَادِيْ سَالِمَاتِ الْجَوَانِبِ

الهوادی الاعناق۔ والنواصی جمع ناصیة وهو مقدم شعر الراس ترجمہ اُن لوگون نے اپنے گھوڑون کی پیشانیان اپنے دشمنونکی کمانون کے سامنے کردین تو وہ گھوڑے کمانون کے پاس ایسے حال مین آئے کہ اُنکی گردنین خون آلودہ تھین اور اُنکے اطراف یعنی پیٹھ اور پہلو خون سے سالم تھے خلاصہ یہ ہی کہ وہ گھوڑے سیدھے کمانون پر جا پڑے اسلئے اُنکی گردنین تیرونکے زخمون سے خون آلودہ اور اطراف بچی ہوئی تھین غرض گھوڑون کی بہادری کا بیان منظور ہی کہ تیرون کے زخم اُنکو آگے بڑھنے سے نہین روکتے دستور یہ ہی کہ تیر گھوڑون کی طرف آتے ہین یہان گھوڑے اُلٹے تیرون پر جا پڑے۔ یہ شاعر کا ابداع ہی۔

اُولٰئِكَ اَحْلٰى مِنْ حَيٰوةٍ مُعَادَةٍ	وَاَكْثَرُ ذِكْرًا مِنْ دُهُوْرِ الشَّبَائِبِ

الشبائب جمع شبیبة ترجمہ وہ لوگ زندگی دوبارہ سے شیرین تر ہین۔ اور زمانہاے جوانی سے ذکر مین زیادہ ہین ہر کوئی ہر وقت اُن کا ذکر خیر کرتا ہی۔

نَصَرْتَ عَلِيًّا يَا ابْنَهٗ بِبَوَاتِرٍ	مِنَ الْفِعْلِ لَا فَلٌّ بِهَا فِي الْمَضَارِبِ

ترجمہ اے بیٹے امیر المومنین علیؓ کے تو نے بذریعہ اپنے افعال حسنہ کے جو عمدگی مین مانند شمشیرہاے قاطع ہین اور اُنکی دھارون مین دندانے نہین پڑتے جناب موصوف یعنی اپنے باپ کی مدد کی۔ یعنی اولاد کی نجابت باپ کی شرافت وعظمت کی دلیل ہی۔

وَاَبْهَرُ اٰيَاتِ التِّهَامِيِّ اَنَّهٗ	اَبُوْكَ وَاِحْدٰى مَا لَكُمْ مِنْ مَنَاقِبِ

التهامی نسبة الی تهامة وسمیت بها لشدة حرها واختصاص ارضها ترجمہ اور غالب تر معجزات تہامی یعنی حضرت رسالت پناہ صلی اللہ تعالی علیہ وسلم کا یہ معجزہ ہی آنحضرت تجھسے حمیدہ صفات بیٹے کے پدر بزرگوار ہین۔ حاصل یہ ہی کہ کفار قریش حضرت کو ابتر یعنی مقطوع النسل کہتے تھے بسبب نہ زندہ رہنے کسی صاحبزادہ کے سو خداوند تعالی شانہ نے حضرت کو تجھسا فرزند عنایت فرمایا پس تو بڑا معجزہ حضرت کا ہی اور تیرے لئے اُنکا والد ماجد ہونا اور اُن سب مناقب سے جو تمہارے لئے ہین یہ منقبت سب سے زیادہ تمہارے واسطے نافع ہی۔ اور ایک روایت مین احدی مالکم من مناقب حا حطی سے آیا ہی یعنی منجملہ اور مناقب کے یہ بھی ایک منقبت ہی۔

اِذَا لَمْ تَکُنْ نَفْسُ النَّسِیْبِ کَاَصْلِہٖ ۔۔۔ فَمَاذَا الَّذِیْ تُغْنِیْ کِرَامُ الْمَنَاصِبِ

النسیب الشریف الاصل۔ والمناصب الاصول ترجمہ جبکہ نفس مرد شریف النسب کا مثل اپنے اصل کے نہو تو اسکو شرافت اصول کچھ مفید نہیں ہوتی یعنی شرافت نسب خسیس الافعال کے لئے فائدہ بخش نہیں ہی۔

وَمَا قَرُبَتْ اَشْبَاہُ قَوْمٍ اَبَاعِدٍ ۔۔۔ وَلَا بَعُدَتْ اَشْبَاہُ قَوْمٍ اَقَارِبِ

الاشباہ کالامثال الذین یشبہ بعضہم بعضاً ترجمہ جو شخص افعال مین ہمرنگ قوم اباعد ہو وہ حقیقۃً قریب نہیں ہی اگرچہ نسباً قریب ہو کیونکہ ہمرنگی قرب نسب سے حاصل نہیں ہوتی۔ اور جو شخص ہمرنگ قوم اقارب ہو وہ نفس الامر مین بعید نہیں اگرچہ نسباً بعید ہو کیونکہ ہمرنگی موجد قرب نسب ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ قرب نسب وبعد نسب قرب حرکات وسکنات اور بعد نسب بعد حرکات وسکنات سے حاصل ہوتے ہین۔

اِذَا عَلَوِیٌّ لَمْ یَکُنْ مِثْلَ طَاہِرٍ ۔۔۔ فَمَا ہُوَ اِلَّا حُجَّۃٌ لِلنَّوَاصِبِ

العلوی من کان من ولد علی بن ابی طالب کرم اللہ وجہہ۔ والنواصب جمع ناصبی وہم الخوارج الذین نصبوا العداوۃ لہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ترجمہ جبکہ کوئی علوی تقوی وطہارت مین مثل طاہر نہو تو وہ نہیں ہی مگر دلیل خوارج کے بغض کی حضرت امیر المومنین علیؓ پر یعنی جب اولاد اچھی نہین ہوتی تو کہتے ہین کہ اسکا باپ بھی ایسا ہی ہوگا۔

یَقُوْلُوْنَ تَاْثِیْرُ الْکَوَاکِبِ فِی الْوَرٰی ۔۔۔ فَمَا بَالُہٗ تَاْثِیْرُہٗ فِی الْکَوَاکِبِ

تاثیر الکواکب مبتدءٌ محذوف الخبر تقدیرہ تاثیر الکواکب حق ثابت او الخبر فی الورٰی الجار والمجرور وہو الاجود ترجمہ لوگ کہتے ہین کہ ستارونکی تاثیر خلق مین حق ہی یا خلق مین حاصل ہی سو ممدوح کا عجب حال ہی کہ اُسکی تاثیر ستارونمین ہی یعنی ممدوح منحوس الطالع شخص کو مسعود الطالع کردیتا ہی اس طرح کہ بسبب عطائے کثیر کے اُسکی نحوست کو دور کردیتا ہی۔ یا لڑائی مین غبار اُسکے لشکر کا ستارونکو چھپالیتا ہی یا یہ کہ بسبب تیرگی غبار کے آفتاب پوشیدہ ہوجاتا ہی اور ستارے نظر آنے لگتے ہین قال قائلہم ؎ دو شب تارسے تشبیہ ہمارے دن کو + تیرگی ہی کہ نظر آتے ہین تارے دن کو۔

عَلَا کَتَدَ الدُّنْیَا اِلٰی کُلِّ غَایَۃٍ ۔۔۔ تَسِیْرُ بِہٖ سَیْرَ الذَّلُوْلِ بِرَاکِبِ

الکتد اصل العنق وقیل مجمع رؤس الکتفین فی الفرس ترجمہ ممدوح گردن یا دوش دُنیا پر سوار ہوا کہ وہ دنیا اُس کو اس طرح لئے جاتی ہی جیسے مطیع سواری سوار کو جہان تلک وہ چاہے یعنی دُنیا اُسکی بالکل تابعدار ہی۔

وَحُقَّ لَہٗ اَنْ یَّسْبِقَ النَّاسَ جَالِسًا ۔۔۔ وَیُدْرِکَ مَا لَمْ یُدْرِکُوْا غَیْرَ طَالِبِ

ترجمہ بسبب اپنے فضائل کے وہ سزاوار ہی کہ سب لوگون سے بے ارادہ بڑھجاوے اور بے طلب اُن مراتب عالیہ پر پہنچے جو اورون کو نصیب نہین ہوئے۔

وَیَحْذِیْ عَرَانِیْنُ الْمُلُوْکِ وَاِنَّہَا ۔۔۔ لِمَنْ قَدَمَیْہِ فِیْ اَجَلِّ الْمَرَاتِبِ

العرانین جمع عرنین وہی الانوف - والحذی النعل ترجمہ اور وہ سزاوار ہی اس امر کا کہ بادشاہون کی ناکین اسکی پاپوش بنائی جاوین اور بیشک اُنکی ناکین اُسکے دونون قدمون سے مراتب علیہ مین ہوجائین گی یعنی باعث حصول شرف -

يَدٌ لِلزَّمَانِ الْجَمْعُ بَيْنِي وَ بَيْنَهُ	لِتَفْرِيقِهِ بَيْنِي وَ بَيْنَ النَّوَائِبِ	

ترجمہ مجکو اور ممدوح کو ایک جا جمع کرنا زمانہ کا مجھ پر بڑا احسان ہی کیونکہ ممدوح نے مجھ مین اور مصائب مین تفرقہ کردیا -

هُوَ ابْنُ رَسُولِ اللهِ وَابْنُ وَصِيِّهِ	وَشِبْهُهُمَا شَبَّهْتُ بَعْدَ التَّجَارِبِ	

ترجمہ وہ بیٹا رسول خدا اور اُنکے وصی یعنی علیؓ کا ہی اور اُنکے ہمرنگ و مشابہ ہی اور یہ میری تشبیہ بعد تجربہ فضائل ممدوح کے ہی سچ ہی من اشبہ اباہ فما ظلم -

يَرَى أَنَّ مَا مَا بَانَ مِنْكَ لِضَارِبٍ	بِأَقْتَلَ مِمَّا بَانَ مِنْكَ لِعَائِبِ	

ما الاول بمعنی لیس والثانیۃ بمعنی الذی ترجمہ وہ یہ سمجھتا ہی کہ ای مخاطب جو تجھ سے بجواب تیرے ضارب کے ظاہر ہو یعنی اُسکا قتل وہ زیادہ قاتل اُس سے نہین ہی جو تجھ سے عیب گیر کے لئے ظاہر ہو یعنی عیب گیری کو قتل سے زیادہ بری سمجھتا ہی

أَلَا أَيُّهَا الْمَالُ الَّذِي قَدْ أَبَادَهُ	تَعَزَّ فَهٰذَا فِعْلُهُ فِي الْكَتَائِبِ	

ترجمہ سن ای وہ مال جسکو اُس نے ہلاک کیا ہی تو اپنے ہلاک ہونے پر صبر کر کیونکہ یہ مصیبت صرف تجھ پر نہین ہی بلکہ اُسکا اس قسم کا عمل دشمن کے لشکرون کے ساتھ بھی ہی کہ وہ اُنکو بھی ہلاک کرتا ہی پس تجکو صبر لازم ہی -

لَعَلَّكَ فِي وَقْتٍ شَغَلْتَ فُؤَادَهُ	عَنِ الْجُودِ أَوْ كَثَّرْتَ جَيْشَ مُحَارِبِ	

ترجمہ شاید تونے کسی وقت اُسکے دلکو بخشش سے روکا ہی یا تیرے صرف کے سبب لشکر دشمن جنگی کثیر ہوگیا ہی خلاصہ یہ ہی کہ ممدوح نے جو اسطرح تجکو تلف کیا اور بالکل سائلون کو دیڈالا یہ تیرے کسی قصور کے سبب ہی اور میری رائے مین تجھ سے اِن دونون قصور مذکورہ سے ضرور کوئی نکوئی صادر ہوا ہی -

حَمَلْتُ إِلَيْهِ مِنْ لِسَانِي حَدِيقَةً	سَقَاهَا الْحِجَى سَقْيَ الرِّيَاضِ السَّحَائِبِ	

فصل بین المضاف والمضاف الیہ بالمفعول وہو کثیر فی اشعارہم ای سقی السحائب الریاض ترجمہ مین اُسکے پاس اپنی زبان کا لگایا ہوا ایسا باغ لایا ہون جسکو میری عقل نے اسطرح پانی دیا ہی جیسا ابر باغونکو تر کرتے ہین مراد باغ سے قصیدہ ہی -

فَحُيِّيتَ خَيْرَ ابْنٍ لِخَيْرِ أَبٍ بِهَا	لِأَشْرَفِ بَيْتٍ فِي لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ	

ترجمہ سوا اپنے اچھے بیٹے عمدہ باپ کے اشرف خاندان لوی بن غالب مین تو اس قصیدہ کا تحفہ دیا گیا اچھے باپ سے مراد حضرت رسالت پناہ صلعم ہین اور اشرف بیت سے مراد بیت ہاشم بن عبدمناف ہی کیونکہ وہ اشرف اولاد لوی بن غالب و حضرت اسمعیل علیہ السلام کی ہی

وقال یمدح کافوراً سنۃ ست واربعین وثلثمائۃ	

مِنَ الجَآذِرِ فِی زِیِّ الاَعَارِیبِ	حُمْرُ الحُلٰی وَالمَطَایَا وَالجَلَابِیبِ

الجآذر جمع جوذر وھو ولد البقرۃ الوحشیۃ۔ والاعاریب جمع عرب اسم جنس۔ وجلابیب جمع جلباب وھو الملحفۃ ترجمہ لباس عرب مین یہ بچہ ہائے گاؤ دشتی یعنی وہ عورتین جنکی آنکھین خوبصورتی اور کلانیمین شل آنکھ بچہ ہائے نیلگاؤ کے ہین کون ہین جنکا زیور سرخ یعنی سونے کا ہی اور سرخ رنگ اونٹنیون پر جو قابل پسند رنگ ہی سوار ہین اور اُن کی چادرین بھی سُرخ ہین یہ کلام تجاہل عارفانہ کی قسم سے ہی۔

اِن کُنتَ تَسئَلُ شَکًّا فِی مَعَارِفِھَا	فَمَن بَلَاکَ بِتَسہِیدٍ وَتَعذِیبِ

ترجمہ پھر اپنے نفس کو خطاب کر کے کہتا ہی کہ اگر تو اُنکی شناختون مین شک کر کے اُنکو پوچھتا ہی تو یہ تو بتلا کہ تجکو مرض بیداری وعذاب دہی مین کس نے مبتلا کیا ہی۔

لَا تَجزِنِی بِضَنًی بِی بَعدَھَا بَقَرٌ	تَجزِی دُمُوعِی مَسکُوبًا بِمَسکُوبِ

تجزنی مجزوم بالدعاء وھو بلفظ النہی ومحلہ حکم النہی۔ وبعدھا ای بعد فراقہا۔ وقولہ بی صفۃ بضنی والباء متعلقۃ بمحذوف تقدیرہ واقع او کائن۔ وضمیر بعدھا راجعۃ الی قولہ بقر لتقدمہا رتبۃ والتقدیر لاتجزنی بضنی بی ضنی یقع بہا۔ وقولہ مسکوبا نصب علی البدل من الدموع کانہ قال تجزی دموعی مسکوبا منہا بمسکوب من دموعہا ترجمہ خدا کرے میری محبوبہ مجکو میری لاغری کے بدلے اپنی لاغری کی جزا نہ دیوے۔ یعنی جیسا مین اُسکے فراق مین لاغر ہو گیا ہون خدا اُسکو اس صدمہ سے بچاوے گویہ صدمہ تو اُسکو پہنچ گیا ہی کہ جیسا مین اُسکے فراق مین رویا ہون ایسے ہی وہ میرے فراق مین روئی ہی خلاصہ یہ ہی کہ محبوبہ کو رونے کا صدمہ پہنچ چکا ہی اُسکا کچھ علاج نہین ہی مگر دعا یہ ہی کہ وہ لاغری کے صدمہ سے بچی رہے۔

سَوَائِرٌ رُبَّمَا سَارَت ھَوَادِجُھَا	مَنِیعَۃً بَینَ مَطعُونٍ وَمَضرُوبِ

خبر مبتدء محذوف ای ہن سوائر۔ منیعۃ حال والظرف متعلق بہ۔ والہوادج جمع ہودج وھو مرکب النساء علی الابل ترجمہ وہ عورتین چلتی پھرتی ہین اُنکی سواری کے ہودج اکثر ایسے حال مین سفر کرتے ہین کہ غیرون کی وہان تلک رسائی نہین ہوتی اگر کوئی اُن تلک پہنچنا چاہے تو وہ نیزے سے چھیدا جاوے یا تلوار سے مارا جاوے۔

وَرُبَّمَا وَخَدَت اَیدِی المَطِیِّ بِھَا	عَلٰی نَجِیعٍ مِنَ الفُرسَانِ مَصبُوبِ

الوخد ضرب من السیر ترجمہ اور بسا اوقات سواریون کے ہاتھ یعنی اُنکے اگلے پانون اُنکو لیکر خون ریختہ سواران پر تیز چلتے ہین کیونکہ عاشق اُنپر شل پروانہ گرتے ہین اور محافظین اُنکو قتل کرتے ہین۔

کَم زَورَۃٍ لَکَ فِی الاَعرَابِ خَافِیَۃٍ	اَدھٰی وَقَد رَقَدُوا مِن زَورَۃِ الذِّیبِ

ای ادہی من زورۃ الذیب ترجمہ آپ کو خطاب کر کے کہتا ہی کہ محبوبہ کی ملاقات کے لئے اعراب مین جبکہ وہ سوتے تھے تیرا مخفی جانا ایسے وقت مین کہ وہ بھیڑیے کے آنے سے بھی زیادہ ہوشیاری سے تھا بہت دفعہ ہوا ہی۔ بھیڑیے کا

مخفی طور پر آنا ضرب المثل ہے۔ اپنی بہادری اور ہوشیاری کی تعریف کرتا ہے۔

أَزُورُهُمْ وَسَوَادُ اللَّيْلِ يَشْفَعُ لِي	وَأَنْثَنِي وَبَيَاضُ الصُّبْحِ يُغْرِي بِي

ترجمہ میں معشوقوں کے پاس رات کو جاتا ہوں اور اسکی سیاہی میری شفاعت اور مدد کرتی ہے کہ اسکی تاریکی کے سبب کوئی میرے آنے پر مطلع نہیں ہوتا اور آخر شب میں ان سے لوٹتا ہوں ایسے حالمیں کہ صبح کی سفیدی محافظین کو میرے گرفتار کرنے پر برانگیختہ کرتی ہے کیوں کہ وہ میرا آنا ظاہر کرتی ہے۔ حذاق کہتے ہیں کہ یہ شعر متنبی کے اشعار کا امیر ہے کہ اس کے اول مصرعہ میں پانچ چیزیں لایا۔ زیارۃ۔ سیاہی۔ لیل۔ شفاعت۔ لی جو شاعر کے فائدہ کی ہیں پھر دوسرے مصرعہ میں پانچ چیزیں مخالف بترتیب لایا۔ انثنی۔ بیاض۔ صبح۔ یغری۔ بی جو شاعر کے نقصان کی ہیں اور باینہمہ الفاظ حسن ومعنی بدیع وعمدہ ہیں۔

قَدْ وَافَقُوا الْوَحْشَ فِي سُكْنَى مَرَابِعِهَا	وَخَالَفُوهَا بِتَقْوِيضٍ وَتَطْنِيبِ

التقویض حط الخیام واراد بہ الرحلۃ کما اراد بالتطنیب الاقامۃ ترجمہ وہ اعراب اپنے گھروں کے رہنے میں وحوش کے موافق ہیں کیونکہ دونوں جنگل باش ہیں اور خیموں کے بوقت رحلت اوکھاڑنے وبوقت اقامت گاڑنے میں انکے مخالف ہیں کہ وحوش یہ نہیں کرتے۔

جِيرَانُهَا وَهُمْ شَرُّ الْجِوَارِ لَهَا	وَصَحْبُهَا وَهُمْ شَرُّ الْأَصَاحِيبِ

الجوار لما المجاورین سماہم باسم المصدر۔ والاصاحیب جمع اصحاب ہی جمع صاحب ترجمہ وہ لوگ وحشیوں کے ہمسائے ہیں مگر برے انکے ہمسائے ہیں اور انکے ساتھی ہیں مگر وہ برے ساتھی ہیں کیونکہ انکو شکار کرکے ذبح کرتے ہیں۔

فُؤَادُ كُلِّ مُحِبٍّ فِي بُيُوتِهِمِ	وَمَالُ كُلِّ أَخِيذِ الْمَالِ مَحْرُوبِ

المحروب الذی ذہبت حریبتہ وہی المال ترجمہ دل ہر دوست کا انکے گھروں میں ہے اور مال ہر مال گرفتہ بے مال کا یعنی انمیں جمال وشجاعت جمع ہے انکی عورتیں لوگوں کے دل لوٹتی ہیں اور مرد مال دشمنوں کے۔

مَا أَوْجُهُ الْحَضَرِ الْمُسْتَحْسَنَاتُ بِهِ	كَأَوْجُهِ الْبَدَوِيَّاتِ الرَّعَابِيبِ

الرعابیب جمع رعبوبۃ وہی المرءۃ الممتلئۃ البیضاء ترجمہ زنان شہری کے چہرے جو بسبب شہر باشی کے اچھے ہیں مثل چہرہ زنان جنگل باش سفید رنگ وگداز کے نہیں ہیں بلکہ بدویوں کے چہرے شہریوں سے اچھے ہیں وجہ اگلے شعر میں ہے۔

حُسْنُ الْحَضَارَةِ مَجْلُوبٌ بِتَطْرِيَةٍ	وَفِي الْبَدَاوَةِ حُسْنٌ غَيْرُ مَجْلُوبِ

الحضارۃ الاقامۃ فی الحضر والبداوۃ الاقامۃ فی البدو۔ والمراد حسن اہل الحضارۃ والبداوۃ ترجمہ کیونکہ حسن زنان شہری کا بذریعہ مانگ پٹی کے لایا جاتا ہے اور جنگل باش عورتوں میں حسن غیر مصنوع ہے۔

أَيْنَ الْمَعِيزُ مِنَ الْآرَامِ نَاظِرَةً	وَغَيْرَ نَاظِرَةٍ فِي الْحُسْنِ وَالطِّيبِ

المعیز اسم للمعزی وہو خلاف الضان - وناظرۃ حال ای فی حال نظرہن واستمداد اعناقہن من الآرام ای من حسن الآرام
ترجمہ شاعر زنان شہری کو مثل گوسفند و زنان بدویہ کو مثل آہوئے سفید خیال کرکے کہتا ہی کہ بکری کو جو گردن اٹھا کر
مثل آہو نہین دیکھتے آہوان سفید سے جو ایک ادا سے گردن اٹھا کر دیکھتے ہین حسن اور پاکیزگی مین کیا نسبت ہی ملکہ آہو
حسن عیون و اعضا مین اُس سے بدرجہا فائق ہین ولقد صدق فیما قال -

اَفْدِیْ ظِبَاءَ فَلَاۃٍ مَا عَرَفْنَ بِہَا	مَضْغَ الْکَلَامِ وَلَا صَبْغَ الْحَوَاجِیْبِ

ترجمہ مین قربان ہون آہوان دشتی پر جنھون نے دہان چبا چبا کر بولنا اور ابرو کا رنگنا نہین سیکھا یعنی وہ فصیح ہین اور حسن خداداد رکھتے ہین سے حاجت مشاطہ نیست روئے دل آرام را -

وَلَا بَرَزْنَ مِنَ الْحَمَّامِ مَائِلَۃً	اَوْرَاکُہُنَّ صَقِیْلَاتِ الْعَرَاقِیْبِ

العراقیب جمع عرقوب وہو ما یکون عند الکعب ترجمہ اور زنان بدویہ حمام سے ایسے حال مین نہین نکلتین کہ اُن کے سرین ہلتے ہون یعنی مٹک کر اور اس طرح کہ اُنکی پی پاشنہ یعنی ایڑیون کے اوپر کا حصّہ جسے ہندی مین سٹرین کہتے ہین چمکتی ہون خلاصہ یہ کہ اُن کا حُسن خلقی ہی نہ مصنوعی -

وَمِنْ ہَوٰی کُلِّ مَنْ لَیْسَتْ مُمَوَّہَۃً	تَرَکْتُ لَوْنَ مَشِیْبِیْ غَیْرَ مَخْضُوْبِ

التمویہ شبہ التدلیس والتلبیس ترجمہ اور بسبب محبت ہر ایسی عورت کے جو اپنے حسن مین تصنع دوست نہین ہی مین نے اپنے بڑھاپے کے رنگ یعنی سفیدی مو کو بے رنگا چھوڑ دیا یعنے چونکہ میری محبوبہ تکلف نہین کرتی اس لئے مین نے بھی تکلف چھوڑ دیا -

وَمِنْ ہَوَی الصِّدْقِ فِیْ قَوْلِیْ وَعَادَتِہٖ	رَغِبْتُ عَنْ شَعْرٍ فِی الْوَجْہِ مَکْذُوْبِ

ترجمہ اور اس سبب سے کہ مین سچی بات کو دوست رکھتا ہون اور راستی کا خوگر ہون منہ کے جھوٹے بالون سے مین نے اعراض کیا یعنی بالون کا سیاہ خضاب نہین کیا -

لَیْتَ الْحَوَادِثَ بَاعَتْنِی الَّذِیْ اَخَذَتْ	مِنِّیْ بِحِلْمِی الَّذِیْ اَعْطَتْ وَتَجْرِیْبِیْ

ترجمہ کاش حوادث زمانہ میرے حلم کے عوض جو اُنھون نے مجکو دیا ہی اور میرے تجربہ کے بدلے اُس چیز کو بیچ ڈالتے جسکو اُنھون نے مجھ سے لے لیا ہی یعنی حوادث نے مجھ سے جوانی لے لی اور حلم اور تجربہ اُس کے عوض دیدیا ہی کاش جو دیا ہی وہ لے لے اور جو لیا ہی وہ دیدے -

فَمَا الْحَدَاثَۃُ مِنْ حِلْمٍ بِمَانِعَۃٍ	قَدْ یُوْجَدُ الْحِلْمُ فِی الشُّبَّانِ وَالشِّیْبِ

ترجمہ کیونکہ نوعمری حلم سے مانع نہین ہی بردباری کبھی نوجوانون اور بوڑھون مین بھی بیشک پائی جاتی ہی جیسا کا فور مین جو اگلے شعر مین مذکور ہی -

ترعرع الملك الاستاذ مكتهلا	قبل اكتهال اديبا قبل تاديب

اہل الشام والجزیرۃ یسمون الخصی اُستاذا ترجمہ جیسا کہ بڑھا اور جوان ہوا بادشاہ اُستاذ یعنی کافور ادھیڑ پن ادھیڑ ہونے کے یعنی قبل اسقدر عمر ہونے کے ادھیڑون کی سی عقل وتجربہ حاصل ہوگیا اور پہلے اس سے کہ کوئی اُسکو ادب دے ادیب ہوگیا یعنی یہ امور اُس کی سرشت مین داخل ہین۔

مجربا فهما من قبل تجربة	مهذبا كرما من قبل تهذيب

ترجمہ جوان ہوا تجربہ کار سمجھ دار تجربہ سے پہلے اور مہذب قبل تہذیب کے اس سبب سے کہ کرم اُسکی سرشت مین داخل ہو۔

حتى اصاب من الدنيا نهايتها	وهمه في ابتداءات وتشبيب

التشبيب ذکر ایام الشباب ویکون فی ابتداء قصائد الشعراء ثم سمی ابتداء کل امر تشبیبا ترجمہ یہان تلک کہ کافور دنیا سے اُس کی نہایت کو پہنچ گیا اس لئے کہ بادشاہی سے کوئی مرتبہ بڑا نہین ہو باینہمہ اُس کی ہمت کا ابتلک شروع وآغاز ہو اسپر بھی قانع نہین ہو۔

يدبر الملك من مصر الى عدن	الى العراق فارض الروم فالنوب

ترجمہ مصر سے عدن تلک وہان سے عراق اور ارض روم اور نوبہ تلک ممدوح انتظام ملک کرتا ہو اُس کی سلطنت کی وسعت بیان کرتا ہو۔

اذا اتتها الرياح النكب من بلد	فما تهب بها الا بترتيب

النکب جمع نکباء وہی الریح التی تہب فی غیر استواء ترجمہ جب اُسکے شہرون مین چوادی ہوا کسی شہر سے آتی ہو سو اُنمین بسبب اُسکی عظمت کے سیدھی چلنے لگتی ہو۔ یعنی اُسکی ہیبت کو انسانون کا تو کیا ذکر ہی ہوا تلک مانتی ہو۔

ولا تجاوزها شمس اذا شرقت	الا ومنه لها اذن بتغريب

شرقت الشمس اذا طلعت ترجمہ مصر سے آفتاب بعد طلوع نہین گذرتا ہو مگر ممدوح سے اذن غروب حاصل کرتا ہو۔

يصرف الامر فيها طين خاتمه	ولو تطلس منه كل مكتوب

التطلس محو الکتاب ترجمہ اُسکی سلطنت مین اُسکی مہر کی مٹی حکمرانی کرتی ہو اگرچہ اُسکا لکھا ہوا سارا مٹجادے۔

يحط كل طويل الرمح حامله	من سرج كل طويل الباع يعبوب

حاملہ فاعل یحط۔ وضمیر حاملہ للخاتم۔ والیعبوب الفرس السریع الجری ترجمہ اُسکی مُہر کا اُٹھانیوالا ہر شخص نیزہ دراز کو ہر گھوڑے دراز قدم تیزرو کے زین سے اُتار دیتا ہو یعنی اُس کی مہر کو ہر جوانمرد سجدہ کرتا ہو۔

كان كل سوال في مسامعه	قميص يوسف في اجفان يعقوب

ترجمہ ہر سوال اُسکے کانون مین ایسا لذیذ معلوم ہوتا ہو گویا کہ وہ سوال حضرت یوسفؑ کا کرتہ ہو حضرت یعقوبؑ

کی آنکھوں مین یعنی باعث سرور قلب وخنکی چشم۔

إِذَا غَزَتْهُ أَعَادِيهِ بِمَسْأَلَةٍ	فَقَدْ غَزَتْهُ بِجَيْشٍ غَيْرِ مَغْلُوبِ

ترجمہ جب اُسکے دشمن بذریعہ سوال اُسپر چڑھائی کرتے ہین تو اُسپر ایسا لشکر لیکر چڑھتے ہین جو کبھی مغلوب نہین ہوتا کیونکہ ممدوح سوال سائل رد نہین کرتا۔

أَوْ حَارَبَتْهُ فَمَا تَنْجُو بِتَقْدِمَةٍ	مِمَّا أَرَادَ وَلَا تَنْجُو بِتَجْبِيبِ

التجبیب الهرب ترجمہ یا اُسکے دشمن اُس سے لڑنے آوین تو وہ اُس کے ارادہ سے نہ بذریعہ آگے بڑھنے کی نجات پاتے ہین اور نہ بذریعہ بھاگنے کے۔ ہرحال مین مارے جاتے ہین۔

أَضْرَتْ شَجَاعَتُهُ أَقْصَى كَتَائِبِهِ	عَلَى الْحِمَامِ فَمَا مَوْتٌ بِمَرْهُوبِ

الاضرا اغراء الکلب علی الصید ترجمہ اُسکی شجاعت نے اپنے لشکرون کو آخر تلک موت پر بہول دیا ہی یعنی برانگیختہ کردیا ہی سو اب کسی قسم کا مرنا ڈر کی چیز نہین رہا۔

قَالُوا هَجَرْتَ إِلَيْهِ الْغَيْثَ قُلْتُ لَهُمْ	إِلَى غُيُوثِ يَدَيْهِ وَالشَّآبِيبِ

الشآبیب جمع شؤبوب وہی الدفعۃ من المطر الشدید ترجمہ لوگون نے کہا کہ تو سیف الدولہ کو جو بخشش مین باران کے مانند تھا چھوڑکر کافور کی طرف آیا یعنی تونے اچھا نکیا سو مینے اُنسے کہا کہ مین جاتا ہون طرف باران ہائے کثیر اور بہت دفعہ بشدت برسنے والے کافور کے ہاتھ کے۔

إِلَى الَّذِي تَهَبُ الدَّوْلَاتِ رَاحَتُهُ	وَلَا يَمُنُّ عَلَى آثَارِ مَوْهُوبِ

ترجمہ ایسے شخص کی طرف جاتا ہون کہ اُسکی ہتھیلی بہت سی دولتین بخشتی ہی اور جسکو دیتا ہی اُس کے پیچھے اُسپر احسان نہین رکھتا۔

وَلَا يُرَوِّعُ بِمَغْدُورٍ بِهِ أَحَدًا	وَلَا يُفَزِّعُ مَوْفُورًا بِمَنْكُوبِ

راعہ خوفہ۔ والموفور الملی الغنی۔ والمنکوب الذی اصابتہ نکبۃ ترجمہ جسپر غدر کیا گیا ہو اُس سے دوسرے کو نہین ڈراتا یعنی ایک پر ظلم کرکے دوسرے کو عبرۃً نہین ڈراتا۔ اور مالدار کو بذریعہ مصیبت زدہ کے نہین دھمکاتا۔

بَلَى يُرَوِّعُ بِذِي جَيْشٍ يُجَدِّلُهُ	ذَا مِثْلِهِ فِي أَحَمِّ النَّقْعِ غِرْبِيبِ

ذا مثلہ مفعول یروع۔ ویجدلہ یصرعہ علی الجدالۃ وہی وجہ الارض۔ والاحم والغربیب الاسود ترجمہ کیون نہین ڈراتا بلکہ سخت سیاہ غبار جنگ مین اپنے سے صاحب لشکر کو بذریعہ قتل دوسرے سرلشکر کے جسکو وہ خاک مین ملاتا ہی ڈراتا ہی کہ وہ قتل سرلشکر کو دیکھ کر ڈرجاتا ہی اور اُسکا مطیع ہوجاتا ہی۔

وَجَدْتُ أَنْفَعَ مَالٍ كُنْتُ أَذْخَرُهُ	مَا فِي السَّوَابِقِ مِنْ جَرْيٍ وَتَقْرِيبِ

التقریب ضرب من عدو الخیل وھوان یرفع یدیہ معًا ویضعہما معًا ترجمہ جو مال مین جمع کرتا تھا اُسین سب سے زیادہ مفید گھوڑون کی رفتار اور اُنکا پویہ جانا پایا کہ اُنھون نے مجکو ممدوح کے پاس پہنچا دیا۔

لَمَّا رَأَیْنَ صُرُوفَ الدَّھْرِ تَغْدِرُ بِیْ ۔ وَفَیْنَ لِیْ وَوَفَتْ صُمُّ الْاَنَابِیْبِ

ترجمہ جبکہ گھوڑون نے حوادث روزگار کو میرے ساتھ غدر کرتے دیکھا تو اُنھون نے مجھ سے وفا کی اور سخت اور ٹھوس پورونکے نیزون نے بھی۔ کہ مین اُن دونون کے ذریعہ سے حوادث گاہ سے نجات پاکر ممدوح کے پاس پہنچ گیا۔

فُتْنَ الْمَھَالِکَ حَتّٰی قَالَ قَائِلُھَا ۔ مَاذَا لَقِیْنَا مِنَ الْجُرْدِ السَّرَاحِیْبِ

السراحیب جمع سرحوب وہی الفرس الطویلۃ ترجمہ وہ گھوڑے حوادث مہلکہ کو پیچھے چھوڑ آئے یہان تاک کہ اُن مہالک مین سے ایک بولے کہ ہمکو گھوڑیون کم مو دراز پشت سے کیا ذلت نصیب ہوئی کہ ہم اُنکا کچھ بگاڑ نسکے۔

تَھْوِیْ بِمُنْجَرِدٍ لَیْسَتْ مَذَاھِبُہٗ ۔ لِلُبْسِ ثَوْبٍ وَمَاْکُوْلٍ وَمَشْرُوْبِ

المنجرد الرجل الماضی فی الامور الجادفیہ ترجمہ وہ گھوڑے ایسے اولوالعزم کے ارادہ کو تیز لئے جاتے ہین جسکے سفر کے کپڑے پہننے اور کھانے پینے کے لئے نہین ہین بلکہ حصول ناموری کے واسطے اور منجرد سے مراد خود متبنی ہی۔

یَرَی النُّجُوْمَ بِعَیْنَیْ مَنْ یُحَاوِلُھَا ۔ کَاَنَّھَا سَلَبٌ فِیْ عَیْنِ مَسْلُوْبِ

ترجمہ وہ صاحب عزم اپنی نظر کا تیر ستارون پر اُس شخص کے آنکھون سے مارتا ہی جو اُن ستارون کا قصد رکھتا ہی گویا وہ ستارے چھپا ہوا مال ہی چھینے گئے کی آنکھ مین کہ اُنکا واپس کرنا چاہتا ہی۔ اپنی بلندی ہمت کی تعریف کرتا ہی۔

حَتّٰی وَصَلْتُ اِلٰی نَفْسٍ مُّحَجَّبَۃٍ ۔ تَلْقَی النُّفُوْسَ بِفَضْلٍ غَیْرِ مَحْجُوْبِ

ترجمہ وہ گھوڑے تیز چلے یہان تلک کہ مین ایسے شخص کے پاس پہنچا جو حسب عادت سلاطین نظر عوام سے پوشیدہ رہتا ہی مگر اُسکا فضل وکرم پوشیدہ نہین ہی ہر وقت تمام لوگون کو پہنچتا ہی۔

فِیْ جِسْمِ اَرْوَعَ صَافِی الْعَقْلِ تُضْحِکُہٗ ۔ خَلَائِقُ النَّاسِ اِضْحَاکَ الْاَعَاجِیْبِ

الاروع ھوالذی یروعک حسنہ ترجمہ وہ نفس ایک جسم خوشنما صافی العقل مین ہی جسکو بسبب نہایت ذکاوت کے لوگون کی عادتین ایسی ہنساتی ہین جیسے اشیائے عجیبہ ہنسایا کرتے ہین یعنی اورونکی سمجھ اُسکے روبرو ہیچ ہی۔

فَالْحَمْدُ قَبْلُ لَہٗ وَالْحَمْدُ بَعْدُ لَھَا ۔ وَلِلْقَنَا وَلِاِدْلَاجِیْ وَتَاْوِیْبِیْ

الادلاج سیر اول اللیل والتاویب سیر النہار ترجمہ سو پہلے تو مین ممدوح کی تعریف کرتا ہون کیونکہ اُس مین سب خوبیان ہین اور بعد ازان گھوڑون ونیزون وسفر شب وروز کی جنھون نے مجکو کافور تلک پہنچا دیا۔

وَکَیْفَ اَکْفُرُ یَا کَافُوْرُ نِعْمَتَھَا ۔ وَقَدْ بَلَغْنَکَ بِیْ یَا خَیْرَ مَطْلُوْبِ

ترجمہ ای کافور گھوڑونکے احسان کا مین کیونکر انکار کرون ایسے حال مین کہ ای خیر مطلوب انھون نے مجکو تیرے پاس پہنچا دیا

یَا اَیُّھَا الْمَلِکُ الْغَانِیْ بِتَسْمِیَۃٍ	فِی الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ عَنْ وَصْفٍ وَتَلْقِیْبِ

الغانی المستغنی ترجمہ اے وہ بادشاہ کہ بسبب اپنے نام لینے کے مشرق و مغرب مین تعریف کرنے ولقب بتانے سے بے پرواہے یعنی تو ایسا مشہور نامور ہے کہ جب تیرا نام لیا جاتا ہے تو اوراوصاف تیرے بتانے کی حاجت نہین رہتی۔

اَنْتَ الْحَبِیْبُ وَلٰکِنِّیْ اَعُوْذُ بِہٖ	مِنْ اَنْ اَکُوْنَ مُحِبًّا غَیْرَ مَحْبُوْبِ

الضمیر فی بہ راجع الی الحبیب ترجمہ تو میرا دوست ہے گر تیری پناہ چاہتا ہون اس امر سے کہ مین دوست پیارا ہون یعنی تو مجھے دوست نہ رکھے

وقال یمدحہ وکان قد حمل الیہ ستمائۃ دینار

اُغَالِبُ فِیْکَ الشَّوْقَ وَالشَّوْقُ اَغْلَبُ	وَاَعْجَبُ مِنْ ذَا الْھَجْرِ وَالْوَصْلُ اَعْجَبُ

ترجمہ تیرے معاملہ مین شوق سے میرا مقابلہ رہتا ہے گر شوق صبر پر غالب رہتا ہے اور شوق سے زیادہ عجیب فراق ہے کہ اُسکی مدت دراز ہے اور حصول وصل بسبب کوتاہی کے نہایت عجیب ہے کہ اُس سے کم مدت کوئی چیز نہین ہے۔

اَمَا تَغْلَطُ الْاَیَّامُ فِیَّ بِاَنْ اَرٰی	بَغِیْضًا تُنَائِیْ اَوْ حَبِیْبًا تُقَرِّبُ

ترجمہ کیا زمانہ میرے باب مین کبھی ایسی غلطی نہین کرتا کہ دشمن کو ایسے حال مین دیکھون کہ اُسے زمانہ نے مجھ سے دور کردیا ہو یا دوست کو مجھ سے قریب کردیا ہو یعنی یہ تعجب ہے کہ کبھی ایسا ظہور مین نہین آتا۔ اسکو زمانہ کی غلطی اسلئے کہا کہ یہ دونون امر اسکے خلاف طبع ہین پس دیدہ ودانستہ تو وہ ایسا نہین کرسکتا مگر براہ غلطی شاید ہوجاوے۔

وَلِلّٰہِ سَیْرِیْ مَا اَقَلَّ تَائِیَۃً	عَشِیَّۃَ شَرْقِیَّ الْحَدَالٰی وَغُرَّبُ

شرقی مبتدء والحدالی وغرب خبران۔ والحدالی بفتح الحاء وضمہا موضع بالشام وقیل جبل وغرب جبل والتائیۃ التلبث والتمکث ترجمہ کیا خوب تھا میرا سفر کسقدر وہان ٹھہرنا کمتر تھا اس شام کو کہ میری جانب شرق کوہ حدالی وغرب تھے ایام وصال اور اُسکے مواقع یاد کرکے تاسف کرتا ہے۔

عَشِیَّۃَ اَحْفَی النَّاسِ بِیْ مَنْ جَفَوْتُہٗ	وَاَھْدَی الطَّرِیْقَیْنِ الَّتِیْ اَتَجَنَّبُ

احفی ابلغ الناس مسأۃ عنی ترجمہ وہ شام ایسی تھی کہ میرا وہان سب سے زیادہ حال پوچھنے والا اور میری بڑی عزت کرنے والا وہ شخص تھا جسکو مینے چھوڑ دیا یعنی سیف الدولہ۔ اور دونون راہون مین سے عمدہ وہ راہ تھی جس سے مین کنارہ کرتا تھا۔ یعنی سیف الدولہ کی طرف کی راہ کو چھوڑ کر کافور کی طرف آیا۔

وَکَمْ لِظَلَامِ اللَّیْلِ عِنْدَکَ مِنْ یَدٍ	تُخَبِّرُ اَنَّ الْمَانَوِیَّۃَ تَکْذِبُ

المانویۃ قوم منسوبون الی مانی زندیق مشہور کان یقول الخیر من النور والشر من الظلمۃ ترجمہ اے متنبی تاریکی شب کے تجھ پر بہت احسان ہین کہ وہ خبر دیتے ہین کہ قوم مانی جو ظلمت کو شر کہتے ہین جھوٹے ہین۔

وَقَالَ رَدَّی الْاَعْدَاءِ تَسْرِی عَلَیْهِمْ	وَ مَنْ اَدْلَکَ فِیْهِ ذُوالدَّلَالِ الْمُحَجَّبُ

ترجمہ تاریکی شب نے تجکو بلا کی دشمنون سے جنکی طرف توجاتاہی بچایا اور تجھ سے آملا تاریکی مین معشوق طناز پردہ نشین۔

وَيَوْمٍ كَلَيْلِ الْعَاشِقِيْنَ كَمَنْتُهٗ	اُرَاقِبُ فِيْهِ الشَّمْسَ اَيَّانَ تَغْرُبُ

ترجمہ اور بہت سے روز مثل عاشقون کی رات کے دراز تھے کہ مین اُنمین بخوف دشمنان چھپا رہا اُس روز مین آفتاب کو تاکتا رہا کہ کب غائب ہوگا تاکہ مین تمھاری طرف چل پڑون۔

وَعَيْنِيْ اِلٰى اُذُنَيْ اَغَرَّ كَاَنَّهٗ	مِنَ اللَّيْلِ بَاقٍ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَوْكَبُ

ترجمہ اور میری آنکھ طرف دونون کانون روشن دو گھوڑے کے لگی ہوئی تھی گویا اُس کی دونون آنکھونکے درمیان رات کا ایک ستارہ تھا گھوڑے کے کانون کی طرف اس لئے دیکھتا تھا کہ گھوڑا اندھیرے مین دور سے موذی چیز کو دیکھکر کان کھڑے کرلیتا ہی اور سوار کو ہوشیار کردیتا ہی۔

لَهٗ فَضْلَةٌ عَنْ جِسْمِهٖ فِیْ اِهَابِهٖ	تَجِیْءُ عَلٰی صَدْرٍ رَحِیْبٍ وَتَذْهَبُ

الاہاب الجلد للغیر المدبوغ ترجمہ گھوڑے کے جسم سے اُسکی کھال بڑھی ہوئی ہی۔ جسقدر کھال بڑی ہوتی ہی اُسی قدر اُسکا قدم کشادہ ہوتا ہی کہ وہ بڑھی ہوئی کھال اُسکے کشادہ سینے پر آتی جاتی ہی۔

شَقَقْتُ بِهِ الظَّلْمَاءَ اُدْنِیْ عِنَانَهٗ	فَیَطْغٰی وَاُرْخِیْهِ مِرَارًا فَیَلْعَبُ

ترجمہ اُس گھوڑے کے ذریعہ سے مین اندھیرے کو چیر کر نکل گیا اُس گھوڑے کا یہ حال تھا کہ جب مین اُسکی باگ کھینچتا تھا تو نشاط مین آکر کودنے لگتا تھا اور جب ڈھیلی چھوڑتا تھا تو کلیل کرنے لگتا تھا۔

وَاَصْرَعُ اَیَّ الْوَحْشِ قَفَّیْتُهٗ بِهٖ	وَاَنْزِلُ عَنْهُ مِثْلَهٗ حِیْنَ اَرْكَبُ

ترجمہ جس وحشی کے پیچھے اُسکو ڈالتا تھا اُسکو اُسکے ذریعہ سے پچھاڑ لیتا تھا۔ اور جب کہ مین بعد شکار کرنے کے اُسکی پشت سے اُترتا تھا تو وہ ایسا ہی بے تکان تازہ دم ہوتا تھا جیسا کہ جب مین اُسپر سوار ہوا تھا۔

وَمَا الْخَیْلُ اِلَّا كَالصَّدِیْقِ قَلِیْلَةٌ	وَاِنْ كَثُرَتْ فِیْ عَیْنِ مَنْ لَا یُجَرِّبُ

ترجمہ نہین ہین گھوڑے مگر مثل دوست صادق کے کمتر اگرچہ ناتجربہ کار کی آنکھ مین کثیر معلوم ہوتے ہون۔

اِذَا لَمْ تُشَاهِدْ غَیْرَ حُسْنِ شِیَاتِهَا	وَاَعْضَائِهَا فَالْحُسْنُ عَنْكَ مُغَیَّبُ

الشیات جمع شیۃ وہی اللون ترجمہ جبکہ تو سوائے اُسکی خوبی رنگ اور اُسکے اعضا کے کوئی اور جوہر نہ دیکھے تو حقیقت یہ ہی کہ گھوڑے کی خوبی کی تجکو شناخت نہین ہی کیونکہ اُسکی عمدگی دوڑ و چال ہی نہ صرف رنگ واعضا۔

لَحَا اللّٰهُ ذِی الدُّنْیَا مُنَاخًا لِرَاكِبٍ	فَكُلُّ بَعِیْدِ الْهَمِّ فِیْهَا مُعَذَّبُ

لحاہ اللہ لعنہ ترجمہ اس دنیا پر جو سوار کی تھوڑی دیر کے لئے فرودگاہ ہی خدا لعنت کرے کہ اسمین ہر بلند ہمت عذاب دیا جاتا ہی۔

أَلَا لَيْتَ شِعْرِي هَلْ أَقُولُ قَصِيدَةً ۔۔۔ فَلَا أَشْتَكِي فِيهَا وَلَا أَتَعَتَّبُ

لیت شعری ای لیت علمی ترجمہ سن کاش مجکو اس امر کی خبر ہو کہ کیا مجکو ایسی صورت بھی پیش آوے گی کہ مین کوئی قصیدہ کہون اور اُسمین زمانہ کے جور کا شکوہ نہو اور اُسپر اس بابت خفا ہون یعنے ابتلک تو زمانہ کے ظلم کے سبب یہ نوبت نہین آئی آگے کی خبر نہین ہی۔

وَبِي مَا يَذُودُ الشِّعْرَ عَنِّي أَقَلُّهُ ۔۔۔ وَلٰكِنَّ قَلْبِي يَا ابْنَةَ الْقَوْمِ قُلَّبُ

اقلہ فاعل یذود۔ وقولہ یا ابنۃ القوم علی عادۃ العرب یخاطبون النساء۔ وارادبابنۃ القوم کثرۃ اہلہا وعشیرتہا او ابنۃ الکرام
ترجمہ اور مجھ پر مصائب دہر اسقدر ہین کہ اُنکی کمتر مصیبت مجھ سے شعرگوئی کو دور کرتی ہی ولیکن میرا دل ای بڑے جتھے کی بیٹی یا عمدہ لوگون کی بیٹی بڑا مدبر اور حیلہ جو ہی مین مصائب کو نہین مانتا۔

وَأَخْلَاقُ كَافُورٍ إِذَا شِئْتُ مَدْحَهُ ۔۔۔ وَإِنْ لَمْ أَشَأْ تُمْلِي عَلَيَّ فَأَكْتُبُ

عطف علی قلبی ترجمہ یعنی میرا شعرگوئی کے باوجود مصائب لاحقہ کے دو سبب ہین ایک تو یہ کہ مین جید الحیلہ ہون دوسرے یہ کہ کافور کے اخلاق ایسے ہین کہ مین اُسکی مدح کا ارادہ کرون یا نہ کرون مضامین مدحیہ مجھ کو بتلاتے جاتے ہین اور مین بے تلاش و فکر مضمون اُنکو بلا تکلف لکھتا جاتا ہون۔

إِذَا تَرَكَ الْإِنْسَانُ أَهْلًا وَرَاءَهُ ۔۔۔ وَيَمَّمَ كَافُورًا فَمَا يَتَغَرَّبُ

ترجمہ جبکہ انسان اپنے کنبے کو پیچھے چھوڑے اور کافور کا قصد کرے تو وہ غریب الوطن نہین ہوتا کیونکہ کافور اقارب سے زیادہ خاطرداری کرتا ہی۔

فَتًى يَمْلَأُ الْأَفْعَالَ رَأْيًا وَحِكْمَةً ۔۔۔ وَنَادِرَةً أَحْيَانَ يَرْضَى وَيَغْضَبُ

ترجمہ کافور ایک جوان ہی جو اپنے افعال کو رائے و حکمت و عجب سے پر کرتا ہی جبکہ خوشنود ہو یا ناراض دونون حالون مین عجیب الافعال ہی۔

إِذَا ضَرَبَتْ بِالسَّيْفِ فِي الْحَرْبِ كَفُّهُ ۔۔۔ تَبَيَّنْتَ أَنَّ السَّيْفَ بِالْكَفِّ يَضْرِبُ

ترجمہ جبکہ اُس کی ہتھیلی لڑائی مین تلوار مارتی ہی تو تو اس بات کو ظاہر دیکھے گا کہ تلوار بمدد ہتھیلی کاٹتی ہی یعنی اُسکے ہاتھ کی تلوار ایسا گہرا و شدید زخم لگاتی ہی کہ وہ حوصلہ شمشیر سے زیادہ ہوتا ہی پس صاف معلوم ہوجاتا ہی کہ یہ اُسکے ہاتھ کا اثر ہی نہ تلوار کا۔

تَزِيدُ عَطَايَاهُ عَلَى اللَّبْثِ كَثْرَةً ۔۔۔ وَتَلْبَثُ أَمْوَاهُ السَّمَاءِ فَتَنْضُبُ

اللبث المکث ترجمہ اُسکی بخششین جسقدر دیر مین پہنچتی ہین اُتنی ہی زیادہ ہوتی ہین اور باران کا تو یہ حال ہی کہ جسقدر دیر مین برستا ہی اُسی قدر خشکی آجاتی ہی یعنی اُسکی عطائین ابر سے زیادہ ہین۔

أَبَا الْمِسْكِ هَلْ فِي الْكَأْسِ فَضْلٌ أَنَالُهُ ۔۔ فَإِنِّي أُغَنِّي مُنْذُ حِينٍ وَتَشْرَبُ

ترجمہ اے ابو المسک کیا پیالہ مین کوئی جرعہ باقی ہو جسکو مین پی لون کیونکہ مین عرصہ سے گا رہا ہون اور تو اُس سے مسرور ہوکر شراب پی رہا ہو یعنی مین عرصہ سے تیری مدح سرائی کر رہا ہون تو اُسکو سنکر خوش ہوتا ہو اب اُسکا صلہ دینا چاہیے۔

وَهَبْتَ عَلَى مِقْدَارِ كَفَّيْ زَمَانِنَا ۔۔ وَنَفْسِي عَلَى مِقْدَارِ كَفَّيْكَ تَطْلُبُ

ترجمہ تو نے مجکو بقدر دونون ہاتھ ہمارے زمانہ کے دیا اور میرا جی بقدر تیرے دونون ہاتھ کے مانگتا ہو یعنی بہت زیادہ

إِذَا لَمْ تَنُطْ بِي ضَيْعَةً أَوْ وِلَايَةً ۔۔ فَجُودُكَ يَكْسُونِي وَشُغْلُكَ يَسْلُبُ

النوط التعلیق۔ والضیعۃ البلدۃ والقریۃ ترجمہ جب تلک تو میرے متعلق کوئی گانو وزمین یا حکومت کسی ملک کی نکرے گا تو تیری بخشش مجکو پوشش بخشے گی اور تھوڑی سی مجھ سے تیری بے پروائی مجھ سے اُس کو چھین لے گی یعنی مین فقیر رہجاؤن گا۔

يُضَاحِكُ فِي ذَا الْعِيدِ كُلٌّ حَبِيبَهُ ۔۔ حِذَائِي وَأَبْكِي مَنْ أُحِبُّ وَأَنْدُبُ

ترجمہ اس عید مین ہر شخص اپنے دوست کے ساتھ میرے سامنے خوشدلی کرتا ہو اور مین بسبب بُعد وطن اپنے محبوب پر گریہ وزاری کرتا ہون۔

أَحِنُّ إِلَى أَهْلِي وَأَهْوَى لِقَاءَهُمْ ۔۔ وَأَيْنَ مِنَ الْمُشْتَاقِ عَنْقَاءُ مُغْرِبُ

عنقاء مغرب علی الوصف والاضافۃ یقال ہو من قولہم اغرب فی البلاد اذا ابعد ذہب فمن وصف فعلی الاتباع ومن اضاف فہو من باب المسجد الجامع ترجمہ مین اپنے کنبے کا مشتاق اور اُن کے دیدار کا خواہشمند ہون مگر کیا کیجئے کہان مشتاق احباب اور کہان عنقا دور جانے والا۔

فَإِنْ لَمْ يَكُنْ إِلَّا أَبُو الْمِسْكِ أَوْ هُمُ ۔۔ فَإِنَّكَ أَحْلَى فِي فُؤَادِي وَأَعْذَبُ

ترجمہ سواگر کافور اور اقارب جمع نہین ہوسکتے تو تو بیشک میرے دل مین اُن سے شیرین اور مزیدار ہی تیرے پاس رہنا مجکو اُن سے زیادہ پسند ہی۔

وَكُلُّ امْرِئٍ يُولِي الْجَمِيلَ مُحَبَّبٌ ۔۔ وَكُلُّ مَكَانٍ يُنْبِتُ الْعِزَّ طَيِّبُ

ترجمہ کیونکہ جو شخص عطا فرما دے محبوب ہی اور جو مکان عزت بخشے سو وہ اچھا ہی سو یہ دونون باتین تیرے پاس حاصل ہین۔

يُرِيدُ بِكَ الْحُسَّادُ مَا اللهُ دَافِعٌ ۔۔ وَسُمْرُ الْعَوَالِي وَالْحَدِيدُ الْمُذَرَّبُ

المذرب المحدد ترجمہ تیرے حاسد تیرے لئے وہ چیز چاہتے ہین جسکو خداوند تعالیٰ اور تیرے گندم گون نیزے اور شمشیر بران تجھ سے دفع کرنے والے ہین یعنی وہ تیرا تنزل چاہتے ہین۔ اور یہ اُنکی مراد ہرگز حاصل نہوگی۔

وَدُونَ الَّذِي يَبْغُونَ مَا لَوْ تَخَلَّصُوا ۔۔ إِلَى الشَّيْبِ مِنْهُ عِشْتَ وَالطِّفْلُ أَشْيَبُ ۱۰

ترجمہ اور اُنکی خواہش سے ورے وہ چیز یعنی موت ہی کہ اگر بالفرض وہ اُس سے نجات پاکر بڑھاپے تلک پہنچ جاوین تو تو بامراد زندہ رہے گا اور انکا بچہ بھی بسبب شدت مصائب کے بوڑھا ہو جاوے گا مگر اُنکے بوڑھے ہونے کی نوبت نہین پہنچے گی بلکہ پہلے ہی قتل کئے جاوین گے۔

إِذَا طَلَبُوا جَدْوَاكَ أُعْطُوا وَحُكِّمُوا		وَإِنْ طَلَبُوا الْفَضْلَ الَّذِي فِيكَ خُيِّبُوا	

ترجمہ اگر تیرے حُسّاد تیری عطا طلب کرین تو وہ دئے جاوین اور اشیائے مرغوبہ کی پسند مین اُنکو اختیار دیا جاوے اور اُنکو منھ مانگی مراد بخشی جاوے۔ اور اگر تیری بزرگی مانگین تو وہ ناکام کئے جاوین کیونکہ یہ ممتنع الاعطا ہی۔

وَلَوْ جَازَ أَنْ يَحْوُوا عُلَاكَ وَهَبْتَهَا		وَلٰكِنْ مِنَ الْأَشْيَاءِ مَا لَيْسَ يُوهَبُ	

ترجمہ اور اگر یہ امر جائز ہوتا کہ حاسد تیرے بلندی رتبہ لیوین تو تو اُنکو وہ دے ڈالتا مگر بعض چیزین قابل ہبہ نہین ہوتین مثل شرف اور فضل کے۔

وَأَظْلَمُ أَهْلِ الظُّلْمِ مَنْ بَاتَ حَاسِدًا		لِمَنْ بَاتَ فِي نَعْمَائِهِ يَتَقَلَّبُ	

ترجمہ منجملہ اہل ظلم بڑا ظالم وہ ہی کہ جو اپنے منعم پر جسکی نعمتون مین لت پت ہو رہا ہی حسد کرے۔

وَأَنْتَ الَّذِي رَبَّيْتَ ذَا الْمُلْكِ مُرْضَعًا		وَلَيْسَ لَهُ أُمٌّ هُنَاكَ وَلَا أَبُ	

صاحب مصر ایک خورد سال لڑکا چھوڑ کر مرگیا تھا اور اُسکے آزاد غلام کافور نام نے اُس کی پرورش اور ملک کی حفاظت کی تھی اسلئے کہتا ہی ترجمہ اور تو وہ ہی کہ تونے مالک ملک کی بحالت شیرخوارگی پرورش کی اور اُس کی وہان نہ ماں تھی اور نہ باپ۔

وَكُنْتَ لَهُ لَيْثَ الْعَرِينِ لِشِبْلِهِ		وَمَا لَكَ إِلَّا الْهِنْدُوَانِيُّ مِخْلَبُ	

العرین الاجمۃ- والہندوانی منسوب الی الہند ترجمہ تو اُسکا ایسا محافظ ہو گیا جیسا بن کا شیر اپنے بچہ کا محافظ ہوتا ہی اور بجائے پنجہ شیر تیرا پنجہ صرف شمشیر ہندی ہی جس سے تو دشمنون کو قتل کرتا ہی۔

لَقِيتَ الْقَنَا عَنْهُ بِنَفْسٍ كَرِيمَةٍ		إِلَى الْمَوْتِ فِي الْهَيْجَا مِنَ الْعَارِ تَهْرُبُ	

ترجمہ تونے اُسکی طرفسے نیزونسے ملاقات کی ایسے شریف نفس کے ساتھ جو لڑائی مین عار فرار سے موت کو پسند کرتا ہی۔

وَقَدْ يَتْرُكُ النَّفْسَ الَّتِي لَا تَهَابُهُ		وَيَخْتَرِمُ النَّفْسَ الَّتِي تَتَهَيَّبُ	

ترجمہ اور موت کبھی اُس جان کو سالم چھوڑتی ہی جو اُس سے نہین ڈرتی اور اُس جان کو ہلاک کرتی ہی جو موت سے ڈرتی ہی

وَمَا عَدِمَ اللَّاقُوكَ بَأْسًا وَشِدَّةً		وَلٰكِنَّ مَنْ لَاقَوْا أَشَدُّ وَأَنْجَبُ	

ترجمہ اور جو دشمن تجھ سے لڑائی مین مقابل ہوئے اُنھون نے رعب اور سختی کو گم نہین کیا بلکہ وہ لوگ بھی بارعب جفاکش تھے مگر وہ جس سے مقابل ہوئے یعنی تو اور تیرا لشکر اُنسے زیادہ جفاکش اور نجیب تھا۔

ثَنَاهُمْ وَبَرْقُ الْبِيضِ فِي الْبِيضِ صَادِقٌ		عَلَيْهِمْ وَبَرْقُ الْبِيضِ فِي الْبِيضِ خُلَّبُ	

البیض بالکسر جمع ابیض وہو السیف الصقیل والبیض بالفتح جمع بیضۃ وہو الخوذ۔ ترجمہ ممدوح نے دشمنوں کو ایسے حال میں پسپا کیا کہ برق شمشیرہائے صیقلدار اُن کی خودوں میں سچی تھی اور برق خودوں کی تلواروں میں بے باران۔ برق خلب وہ ہی جو چمکے اور مینہ نہ برساوے اور صادق وہ کہ اُسکے بعد مینہ برسے چونکہ تلواریں خود کو کاٹکر خون بہاتی تھیں اس لئے اُنکو صادق کہا اور خود چمکتے تھے اور بارش نہیں لاتے تھے اس لئے اُنکو خلب کہا۔

سَلَلْتَ سُيُوْفاً عَلَّمَتْ كُلَّ خَاطِبٍ ۔۔۔ عَلٰى كُلِّ عُوْدٍ كَيْفَ يَدْعُوْ وَيَخْطُبُ

ترجمہ تونے دشمنوں پر ایسی تلواریں کھینچیں جنھوں نے ہر خطیب کو ہر منبر پر یہ سکھا دیا کہ کسطرح دعا کرے اور خطبہ پڑھے یعنی تونے ملک بزور شمشیر فتح کئے تو سب لوگ برغبت یا بخوف تیرا خطبہ اور تیری دعا پڑھنے لگے۔

وَيُغْنِيْكَ عَمَّا يَنْسُبُ النَّاسُ أَنَّهٗ ۔۔۔ إِلَيْكَ تَنَاهَى الْمَكْرُمَاتُ وَتُنْسَبُ

ترجمہ اور لوگ جو اپنی نسبت اپنے قبیلہ کی طرف کرتے ہیں تجکو اس نسبت سے اس امر نے بے پروا کردیا کہ تو تمام حسنات کا منتہی ہے اور وہ خود تیری طرف نسبت کیجاتی ہیں پس تجکو کسی کی طرف منسوب ہونیکی کیا حاجت ہے حق یہ ہے کہ غلام حبشی بے اصل ونسب کی اس سے بہتر تعریف نہیں ہوسکتی فللّٰہ درہ ثم للّٰہ درہ۔

وَاَیُّ قَبِيْلٍ يَسْتَحِقُّكَ قَدْرُهٗ ۔۔۔ مَعَدُّ بْنُ عَدْنَانٍ فِدَاكَ وَيَعْرُبُ

ترجمہ اور کونسا قبیلہ ہے کہ اُسکا رتبہ تیرے انتساب کا مستحق ہو کیونکہ تو سب سے عظیم القدر ہے یہاں تلک کہ معد بن عدنان ویعرب بن قحطان جو عرب کے اجداد ہیں تیرے قربان ہیں یستحقک خائے معجمہ اور فاء سے بھی ہوسکتا ہے یعنی اُسکا رتبہ تجکو ہلکا اور سبک سمجھے۔

وَمَا طَرَبِيْ لَمَّا رَأَيْتُكَ بِدْعَةً ۔۔۔ لَقَدْ كُنْتُ أَرْجُوْ أَنْ أَرَاكَ فَأَطْرَبُ

ترجمہ اور جبکہ مینے تجکو دیکھا تو میرا خوش ہونا انوکھی اور نئی بات نہیں ہے کیونکہ مجھے پہلے سے امید تھی کہ میں تجکو دیکھونگا اور خوش ہونگا یہ اُسکا قول بطور استہزا کے ہے گویا اُسکو بندر بنایا ہے متنبی کافور کی تعریف میں اکثر صنعت توجیہ استعمال کرتا ہے۔

وَتَعْذُلُنِيْ فِيْكَ الْقَوَافِيْ وَهِمَّتِيْ ۔۔۔ كَأَنِّيْ بِمَدْحٍ قَبْلَ مَدْحِكَ مُذْنِبُ

ترجمہ تیرے معاملہ میں اشعار اور میری ہمت مجکو ملامت کرتے ہیں کہ ممدوح کے سوا اوروں کی تونے کیوں تعریف کی گویا میں تیری مدح سے پہلے اور لوگوں کی مدح کرنے کا گنہگار ہوں اور تائب ہوکر آیا ہوں۔

وَلٰكِنَّهٗ طَالَ الطَّرِيْقُ وَلَمْ أَزَلْ ۔۔۔ أُفَتِّشُ عَنْ هٰذَا الْكَلَامِ وَيُنْهَبُ

ترجمہ مگر کیا کیجے کہ مسافت مجھیں اور تجھیں دراز تھی۔ اور میں ہمیشہ اشعار وقصائد مدحیہ کی تلاش کیا جاتا تھا اور وہ لوٹی جاتی تھیں۔ یعنی میرے قدردان ہمیشہ میرے کلام کے متلاشی رہتے تھے اور اُس کو لوٹ لیتے تھے اس لئے میں تیری خدمت میں بمشکل پہنچ سکا۔

فَشَرَّقَ حَتّٰی لَیْسَ لِلشَّرْقِ مَشْرِقٌ ۔ وَغَرَّبَ حَتّٰی لَیْسَ لِلْغَرْبِ مَغْرِبُ

ترجمہ سو میرا کلام مشرق مین وہان تلک گیا کہ مشرق ختم ہوگئی اور مغرب مین وہان تلک گیا کہ مغرب ختم ہوگئی۔

إِذَا قُلْتُهُ لَمْ یَمْتَنِعْ مِنْ وُصُوْلِهٖ ۔ جِدَارٌ مُعَلًّی اَوْ خِبَاءٌ مُطَنَّبُ

ترجمہ جب مین شعر کہتا ہون تو اُسکو کانون تلک پہنچنے کو نہ بلند دیوار روکتی ہی اور نہ طناب کشیدہ خیمہ یعنے میرا کلام اہل شہر اور اہل دشت کو برابر پہنچتا ہی۔ سبحان اللہ گویا بلبل ہزار داستان بول رہا ہی۔

وقال یمدحہ ولم یلقہ بعدہا

مُنًی کُنَّ لِیْ اَنَّ الْبَیَاضَ خِضَابٌ ۔ فَیَخْفٰی بِتَبْیِیْضِ الْقُرُوْنِ شَبَابُ

المنی جمع امنیۃ۔ والقرون الذوائب ترجمہ مجکو آرزوئین اس امر کی تھین کہ سفیدی بالونکی بمنزلہ خضاب کے ہی یعنی بالون کی سیاہی کو چھپا دیتی ہی سو بسبب سفید ہونے سر کی پٹیون کے رنگ جوانی یعنی بالونکی سیاہی چھپ جاویگی خلاصہ یہ کہ مین ہمیشہ آرزومند پیری تھا کہ وہ باعث اعتبار وعظمت لوگون کے نزدیک ہی۔

لَیَالِیَ عِنْدَ الْبِیْضِ فَوْدَایَ فِتْنَةٌ ۔ وَفَخْرٌ وَذَاكَ الْفَخْرُ عِنْدِیَ عَابُ

ترجمہ پیری کی آرزوئین اُن راتون مین کرتا تھا کہ میرے سر کی دونون پٹیان گوری عورتون کے نزدیک فتنہ و باعث فساد تھین بسبب سیاہی اور خوبصورتی کے اور میرے وصال پر وہ فخر کرتی تھین اور میرے نزدیک وہ سیاہی وحسن بسبب میری عفت وتقوے کے عیب تھین۔

فَکَیْفَ اَذُمُّ الْیَوْمَ مَا کُنْتُ اَشْتَهِیْ ۔ وَاَدْعُوْ بِمَا اَشْکُوْهُ حِیْنَ اُجَابُ

ترجمہ سو آج کیونکر مین اُس چیز کا شکوہ کرون جسکو مین چاہتا تھا یعنی پیری کا اور کیونکہ مین دعا مانگتا تھا اُس چیز کی کہ جب وہ دعا قبول کیجاوے تو مین اُسکا شکوہ کرنے لگون یعنی جب پیری میری دعا سے آئی ہی تو اُسکا شکوہ بیجا ہی۔

جَلَا اللَّوْنُ عَنْ لَوْنٍ هَدٰی کُلَّ مَسْلَكٍ ۔ کَمَا انْجَابَ عَنْ لَوْنِ النَّهَارِ ضَبَابُ

انجاب انکشف۔ والضباب مایصعد من الارض الی السماء مثل الدخان الواحد ضبابۃ ترجمہ رنگ سیاہ بالون کا بسبب سفیدی مو کے جسنے مجکو ہر راہ خیر کی ہدایت کی جاتا رہا جیساکہ روشنی روز سے کہر جاتے رہے۔

وَفِی الْجِسْمِ نَفْسٌ لَا تَشِیْبُ بِشَیْبِهٖ ۔ وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْوَجْهِ مِنْهُ حِرَابُ

الحراب جمع حربۃ وہی اقصر من الرمح یحملہا الراجل دون الفارس ترجمہ اور میرے جسم مین ایک نفس ہی جو جسم کی پیری سے پیر وضعیف نہین ہوتا اگرچہ منہ کے سفید بال برچھی ہوجاوین یعنی تکلیف دہی مین۔

لَهَا ظُفُرٌ اِنْ کَلَّ ظُفْرٌ اُعِدُّهٗ ۔ وَنَابٌ اِذَا لَمْ یَبْقَ فِی الْفَمِ نَابُ

اعدہ و فی موضع جزم جواب الشرط۔ واختار سیبویہ فی المضاعف الرفع فی موضع الجزم ترجمہ میرے نفس کے ایسے ناخن ہین کہ اگر یہ ناخن موجودہ کند ہوجاوین تو مین انکو طیار رکھتا ہون اور اُس کے دانت ہین جبکہ مُنھ مین دانت نہین یعنی میری ہمت باوجود پیری قوی ہی۔

یُغَیِّرُ مِنِّی الدَّهْرُ مَا شَاءَ غَیْرَهَا	وَاَبْلُغُ اَقْصَی الْعُمْرِ وَهِیَ کَعَابُ	

الکعاب بفتح الکاف الجاریۃ حین یبدو الثدی لہا للنہو د ترجمہ سوائے میرے نفس کے زمانہ جس چیز کو چاہے بدلدے مگر نفس کو نہین بدلسکتا اور مین نہایت عمر کو پہنچونگا ایسے حال مین کہ وہ جوان ہوگا۔

وَاِنِّی لَنَجْمٌ یَهْتَدِی بِی صُحْبَتِی	اِذَا حَالَ مِنْ دُوْنِ النُّجُوْمِ سَحَابُ	

ترجمہ جب شب تاریک مین جبین ستارے پوشیدہ ہون تو بیشک مین اپنے ہمراہیون کی رہنمائی کے لئے بمنزلہ ستارے کے ہون یعنی مین راہون کو خوب جانتا ہون سفر پیشہ ہون۔

غَنِیٌّ عَنِ الْاَوْطَانِ لَا یَسْتَفِزُّنِی	اِلٰی بَلَدٍ سَافَرْتُ عَنْهُ اِیَابُ	

ترجمہ مین اوطان سے بے پرواہون جس شہر کو چھوڑ کر اُس سے سفر کرتا ہون تو پھر اُس شہر کی طرف واپسی مجکو بلا نہین سکتی۔

وَعَنْ ذَمَلَانِ الْعِیْسِ اِنْ سَامَحَتْ بِهٖ	وَاِلَّا فَفِیْ اَکْوَارِهِنَّ عُقَابُ	

الذملان ضرب من السیر ترجمہ اور مین بے پرواہون رفتار شتر انسے سواگروہ مجھ سے سہل انکاری کرین اور میسر آجاوین تو مین اُنپر سوار ہوجاتا ہون اور اگر میسر نہ آوین تو اُنکے پالان مین عقاب پرندہ ہی جو سواری کا محتاج نہین یعنے مین پیادہ چل پڑتا ہون۔

وَاَصْدٰی فَلَا اُبْدِیْ اِلَی الْمَاءِ حَاجَةً	وَلِلشَّمْسِ فَوْقَ الْیَعْمُلَاتِ لُعَابُ	

الیعملات النوق التی یعمل علیہا فی الاسفار۔ ولعاب الشمس ما یتدلی منہا فی شدۃ الحرارۃ مثل الخیط ترجمہ اور مین اُسوقت کہ اونٹنیون پر بسبب شدت گرمی کے آفتاب کی کرنین مثل دھاگون کے نظر آنے لگتی ہین تشنہ ہوتا ہون مگر پانی نہین مانگتا یعنے صابر ہون۔

وَلِلسِّرِّ مِنِّیْ مَوْضِعٌ لَا یَنَالُهٗ	نَدِیْمٌ وَلَا یُفْضِیْ اِلَیْهِ شَرَابُ	

ترجمہ اور بھید کی حفاظت کے لئے میرے جسم مین ایسی جگہہ ہی جسکو میرا ہمنشین دریافت نہین کرسکتا اور وہان تلک شراب کا اثر بھی نہین پہنچ سکتا باوجودیکہ وہ تمام بدن مین سرایت کرجاتا ہی۔ اپنی رازداری کی تعریف کرتا ہی۔

وَلِلْخَوْدِ مِنِّیْ سَاعَةٌ ثُمَّ بَیْنَنَا	فَلَاةٌ اِلٰی غَیْرِ اللِّقَاءِ تُجَابُ	

الخود الجاریۃ الناعمۃ۔ وتجاب تقطع ترجمہ زن نوجوان نازک اندام کے لئے میرے پاس صرف ایک ساعت ہی پھر ہم مین جنگل حائل ہوتا ہی جو جدائی کیطرف قطع کیا جاتا ہی۔ یعنی مین عیش مین منہمک نہین ہون۔

وَمَا الْعِشْقُ إِلَّا غِرَّةٌ وَطَمَاعَةٌ ❊ يُعَرِّضُ قَلْبٌ نَفْسَهُ فَيُصَابُ

الغرۃ الاغترار ترجمہ اور عشق نہین ہی مگر نا تجربہ کاری اور طمع وصل دل اپنے آپ کو ان بلاؤن کے روبرو پیش کرتا ہی سو وہ مصیبت پہنچایا جاتا ہی۔

وَغَيْرُ فُؤَادِي لِلْغَوَانِي رَمِيَّةٌ ❊ وَغَيْرُ بَنَانِي لِلزِّخَاخِ رِكَابُ

الرمیۃ ہی الطریدۃ التی ترمی- والزخاخ بالخاء المعجمۃ جمع زخ - وروی الزجاج بالزاء المعجمۃ والجیمین جمع زجاجۃ ترجمہ میرے دل کے سوا اور دل زنان جمیلہ کے شکار ہین اور میری انگلیون کے سوا اور انگلیان عمدہ شطرنج کے جس کا نام رخ ہی یا شیشہ ہائے شراب کی سواریان ہین اور مین اُنسے محترز ہون۔

تَرَكْنَا لِأَطْرَافِ الْقَنَا كُلَّ شَهْوَةٍ ❊ فَلَيْسَ لَنَا إِلَّا بِهِنَّ لِعَابُ

اللعاب الملاعبۃ ترجمہ ہمنے بسبب شوق اطراف نیزون کے ہر خواہش کو چھوڑ دیا سو اب ہماری دل لگی نہین مگر نیزون کے ساتھ

نُصَرِّفُهُ لِلطَّعْنِ فَوْقَ خَوَادِرٍ ❊ قَدِ انْقَصَفَتْ فِيهِنَّ مِنْهُ كِعَابُ

خوادر بالخاء المعجمۃ کانہا اصابہا الخدر من الجراحات وروی الواحدی حوادر وقال خیل غلاظ سمانٌ والکعاب ہی النواشر فے اطراف الانابیب ترجمہ ہم نیزہ کو مارنے کے لئے گھماتے ہین گھوڑون پر جو زخمون کی کثرت سے گویا سُن ہوگئے ہین یا گھوڑون پر جو طیار اور سخت مزاج ہین جنکے بدنین نیزہ کی گرہین ٹوٹ گئی ہین۔

أَعَزُّ مَكَانٍ فِي الدُّنَى سَرْجُ سَابِحٍ ❊ وَخَيْرُ جَلِيسٍ فِي الزَّمَانِ كِتَابُ

الدنی جمع الدنیا- والسابح من الخیل الشدید الجری فکانہ یسبح فی جریہ ترجمہ دنیا مین عمدہ مکان تیز رو نرم رفتار گھوڑون کا زین ہی جسپر سوار ہوکر دفع مکروہات وطلب مرغوبات بآسانی ہوسکتے ہین اور عمدہ ہمنشین زمانہ مین کتاب ہی جس سے طرح طرح کے معلومات حاصل ہوسکتے ہین۔

وَبَحْرٌ أَبُو الْمِسْكِ الْخِضَمُّ الَّذِي لَهُ ❊ عَلَى كُلِّ بَحْرٍ زَخْرَةٌ وَعُبَابُ

وروی بحر بالجر عطفا علی جلیس- والخضم الکثیر الماء- والزخر تراکب الماء وعباب البحر شدتہ وقوتہ ترجمہ ابو المسک دریائے کثیر الماء ہی یا خیر جلیس ابو المسک دریائے مواج ہی کہ اُسکو ہر دریا پر مواجی وقوت حاصل ہی۔

تَجَاوَزَ قَدْرَ الْمَدْحِ حَتَّى كَأَنَّهُ ❊ بِأَحْسَنِ مَا يُثْنَى عَلَيْهِ يُعَابُ

ترجمہ ممدوح مدح کے اندازہ سے بڑھگیا یہان تلک کہ جو عمدہ تعریف اُسکی کی جاتی ہی وہ اُس سے ایسی کمتر ہوتی ہی کہ گویا اُسپر عیب لگایا جاتا ہی۔

وَغَالَبَهُ الْأَعْدَاءُ ثُمَّ عَنَوْا لَهُ ❊ كَمَا غَالَبَتْ بِيضَ السُّيُوفِ رِقَابُ

عنوا خضعوا وذلوا ترجمہ اول دشمنون نے اُس سے مقابلہ کیا پھر بدرجہ لاچاری اُس کے مطیع ہوگئے جیسے گردنین

صیقلدار تلوار کا مقابلہ کرتی ہین اور آخر کو اُس سے مغلوب ہوجاتی ہین۔

وَاَكْثَرُ مَا تَلْقَى اَبَا الْمِسْكِ بِذْلَةً ۔۔۔ اِذَا لَمْ يَصُنْ اِلَّا الْحَدِيْدَ ثِيَابُ

الا الحدید استثنار مقدم والتقدیر اذا لم یصن الابدان الا الحدید فلما قدم المستثنیٰ نصبہ ترجمہ اور اکثر ابوالمسک کو اپنی جان خرچ کرنیوالا یعنی بیباکی سے لڑنے والا تو اُسوقت دیکھے گا کہ جب بدنون کو کپڑے نہ بچا سکین مگر لوہا۔ یعنی ممدوح اُسوقت بھی بسبب نہایت شجاعت کے زرہ نہین پہنتا۔

وَاَوْسَعُ مَا تَلْقَاهُ صَدْرًا وَخَلْفَهُ ۔۔۔ رِمَاءٌ وَطَعْنٌ وَالْاَمَامَ ضِرَابُ

رماءٌ مصدر رامیۃ رماءً ترجمہ اور اُسکو زیادہ کشادہ سینہ تو اُسوقت پائے گا کہ اُسکے پیچھے دشمنوں کی تیراندازی اور نیزہ بازی ہو اور اُسکے آگے شمشیر زنی۔ غرض درصورت احاطہ دشمن وہ بہت خوش رہتا ہی۔

وَاَنْفَذُ مَا تَلْقَاهُ حُكْمًا اِذَا قَضٰى ۔۔۔ قَضَاءً مُلُوْكُ الْاَرْضِ مِنْهُ غِضَابُ

ترجمہ اور اُسکا حکم اُسوقت زیادہ جاری ہوتا ہی کہ جب وہ ایسا فیصلہ کرے کہ بادشاہان روئے زمین اُس سے ناراض ہون یعنی اُسوقت بھی اُس کے حکم کو کوئی روک نہین سکتا اور فورًا جاری ہوتا ہی اور وقتو لکا تو کیا ذکر ہی۔

يَقُوْدُ اِلَيْهِ طَاعَةَ النَّاسِ فَضْلُهُ ۔۔۔ وَلَوْ لَمْ يَقُدْهَا نَائِلٌ وَعِقَابُ

ترجمہ ممدوح کا فضل اور اُسکی عظمت لوگون کی تابعداری کو اپنی طرف کھینچ لاتے ہین اگرچہ اُس تابعداری کو اُس کی بخشش اور عذاب نہ کھینچ لادین یعنی اگر اُسکی بخشش اور عذاب کا خوف دریا دشمنون کو مطیع نکرے تو اُسکا فضل مطیع کردیتا ہی

اَيَا اَسَدًا فِيْ جِسْمِهٖ رُوْحُ ضَيْغَمٍ ۔۔۔ وَكَمْ اُسُدٍ اَرْوَاحُهُنَّ كِلَابُ

ترجمہ ای وہ شیر کہ جسکے جسم مین شیر کی روح ہی یعنی واقعی شیر ہی اور بہت سے شیر تو ایسے ہوتے ہین کہ اُنکی روحین کتون کی سی روحین ہوتی ہین۔

وَيَا اٰخِذًا مِنْ دَهْرِهٖ حَقَّ نَفْسِهٖ ۔۔۔ وَمِثْلُكَ يُعْطٰى حَقَّهٗ وَيُهَابُ

ترجمہ اور ای وہ شخص کہ اپنے زمانہ سے اپنا حق پورا لیتا ہی اور جو شخص شجاعت وسخاوت مین تجسا ہوگا اُس کا حق برابر دیا جاتا ہی اور اُس کا خوف کیا جاتا ہی۔ دونون نداؤن کا جواب اگلے شعر مین ہی۔

لَنَا عِنْدَ هٰذَا الدَّهْرِ حَقٌّ يَلُطُّهُ ۔۔۔ وَقَدْ قَلَّ اِعْتَابٌ وَطَالَ عِتَابُ

یلطہ یجحدہ ویمطلہ ترجمہ ہمارا اس زمانہ کے پاس ایک حق ہی جسکی ادا کا وہ انکار کرتا ہی اور اُسکی طرف سے ہمارے عتاب کا دور کرنا کمتر ہی اور عتاب دراز یعنی اُسکو ہمارے راضی کرنیکی کچھ پروا نہین ہی۔

وَقَدْ تُحْدِثُ الْاَيَّامُ عِنْدَكَ شِيْمَةً ۔۔۔ وَتَنْعَمِرُ الْاَوْقَاتُ وَهِيَ يَبَابُ

الشیمۃ العادۃ۔ والیباب الخراب الذی لیس بہ احد ترجمہ اور زمانہ تیرے خوف سے تیرے پاس اپنی عادت جور دجفا

کو بدلدیتا ہی اور مظلومونکے اوقات غیر آباد آباد ہو جاتے ہین پس کیا عجب ہی کہ تیری توجہ سے ہمارے اوقات بھی اچھے ہو جاوین۔

وَلَا مُلْكَ إِلَّا أَنْتَ وَالْمُلْكُ فَضْلَةٌ ۔۔۔ كَأَنَّكَ نَصْلٌ فِيهِ وَهُوَ قِرَابُ

القراب للسیف والسکین و ہو الغشاء الذی یکون فیہ ترجمہ اور نہین کوئی بادشاہ مگر تو اور سلطنت تو ایک امر زائد ہی یعنی تو ہر حالت مین لیاقت شاہی رکھتا ہی گویا تو زمانہ مین بمنزلہ تلوار ہی اور وہ غلاف شمشیر یعنی مقصود تو ہی ہی۔

أَمَا لِي بِقُرْبِي مِنْكَ عَيْنًا قَرِيرَةً ۔۔۔ وَإِنْ كَانَ قُرْبًا بِالْبِعَادِ يُشَابُ

الشوب الخلط ترجمہ مین اپنے لئے تیرے قرب مین چشم خنک دیکھتا ہون اگرچہ وہ قرب دوری وطن و احباب سے مخلوط ہی۔

وَهَلْ نَافِعِي أَنْ تُرْفَعَ الْحُجْبُ بَيْنَنَا ۔۔۔ وَدُونَ الَّذِي أَمَّلْتُ مِنْكَ حِجَابُ

ترجمہ اور کیا یہ بات مجکو مفید ہی کہ حجاب مجھ مین اور تجھ مین دور کئے جاوین یعنی مجکو ملاقات کا اذن عام ہو جاوے اور اُس چیز سے ورے جسکی مین تجھ سے امید کرتا ہون حجاب رہین۔ الحاصل تقاضائے عطا کرنا ہی یا خواہش مکومت

أُقِلُّ سَلَامِي حُبَّ مَا خَفَّ عَنْكُمُ ۔۔۔ وَأَسْكُتُ كَيْمَا لَا يَكُونَ جَوَابُ

انتصب حب لانہ مفعول لہ ترجمہ مین سلام کے لئے کم حاضر ہوتا ہون بسبب دوست رکھنے تمہارے تخفیف کے اور خاموش رہتا ہون اور کچھ نہین کہتا تاکہ تمکو جواب دینے کی تکلیف نہو۔

وَفِي النَّفْسِ حَاجَاتٌ وَفِيكَ فَطَانَةٌ ۔۔۔ سُكُوتِي بَيَانٌ عِنْدَهَا وَخِطَابُ

ترجمہ اور میرے جی مین بہت سی حاجتین ہین اور تجھ مین غایت درجہ کی ایسی فراست ہی کہ میرا خاموش رہنا اُس کے روبرو بیان و خطاب ہی اب سمجھکر میری حاجت براری کرنی چاہیئے۔

وَمَا أَنَا بِالْبَاغِي عَلَى الْحُبِّ رِشْوَةً ۔۔۔ ضَعِيفٌ هَوًى يُبْغَى عَلَيْهِ ثَوَابُ

الرشوۃ بضم الرا وکسرہا وہو ما یوخذ علی حکم معین ترجمہ پھر اپنے کلام سابق کی اصلاح کے لئے کہتا ہی کہ مین ممدوح کی دوستی پر رشوۃ نہین چاہتا ہون کیونکہ وہ محبت ضعیف ہی جسپر ثواب کی خواہش کیجاوے۔

وَمَا شِئْتُ إِلَّا أَنْ أُذِلَّ عَوَاذِلِي ۔۔۔ عَلَى أَنَّ رَأْيِي فِي هَوَاكَ صَوَابُ

ترجمہ اور یہ جو مین طالب عطا ہون اُس سے میرا ارادہ نہین مگر ملامت گرونکا ذلیل کرنا کہ میری رائے تیرے دوست رکھنے مین [illegible]

وَأُعْلِمُ قَوْمًا خَالَفُونِي فَشَرَّقُوا ۔۔۔ وَغَرَّبْتُ أَنِّي قَدْ ظَفِرْتُ وَخَابُوا

ترجمہ اور یہ کہ جتلادون مین اُن لوگون کو جو میرے خلاف بجانب مشرق گئے اور مین بجانب مغرب کہ مین بیشک کامیاب ہوا اور وہ ناکامیاب۔

جَرَى الْخُلْفُ إِلَّا فِيكَ أَنَّكَ وَاحِدٌ ۔۔۔ وَأَنَّكَ لَيْثٌ وَالْمُلُوكُ ذِئَابُ

ترجمہ لوگوں میں اختلاف پھیل گیا اگر تیرے معاملہ میں کہ تو کیا ہے و بیشک تو شیر ہے اور بادشاہ بھیڑیے یعنی اسپر سبکو اتفاق ہے

وَ اَنْتَ اِنْ تُوْزِیْتَ صَحَّفَ قَارِیٌ	ذِئَابًا فَلَمْ یُخْطِیْ فَقَالَ ذُبَابُ

ترجمہ اور اسپر بھی اتفاق ہے کہ اگر تو اور بادشاہوں سے قیاس کیا جاوے اور تو شیر اور وہ بھیڑیے ٹھہرائے جاویں اور پڑھنے والا ذیاب کو ذباب یعنی مگس پڑھے تو وہ خطا پر نہوگا کیونکہ واقعی تو بمنزلہ شیر ہے اور وہ بجائے مگس شیر

وَ اِنَّ مَدِیْحَ النَّاسِ حَقٌّ وَ بَاطِلٌ	وَ مَدْحُكَ حَقٌّ لَیْسَ فِیْهِ كِذَابُ

کذاب مصدر کالکذب - ترجمہ اور اس امر پر اتفاق ہے کہ اور لوگوں کی تعریف سچی بھی ہوتی ہے اور جھوٹی بھی اور تیری مدح بالکل سچی ہے جسمیں جھوٹ کی آمیزش نہیں ہے۔

اِذَا نِلْتُ مِنْكَ الْوُدَّ فَالْمَالُ هَیِّنٌ	وَ كُلُّ الَّذِیْ فَوْقَ التُّرَابِ تُرَابُ

ترجمہ جب تیری محبت مجکو حاصل ہو گئی تو مال بے حقیقت ہے اور جو چیز سوائے محبت کے مٹی پر یعنی زمین پر ہے وہ آخر کو مٹی ہو جاوے گی کما قلت فی بعض قصائدی حش باصابۃ فاقد السلوان ؎ فلها البقاء و کل شیء فانی۔

وَ مَا كُنْتُ لَوْلَا اَنْتَ اِلَّا مُهَاجِرًا	لَهٗ كُلَّ یَوْمٍ بَلْدَةٌ وَ صِحَابُ

ترجمہ اگر تو نہوتا تو میں نہوتا مگر ایسا مسافر ہمیشہ کہ اُس کے لئے ہر روز ایک نیا شہر ہے اور نئے یار یعنی تیری ہی عنایات نے مجھ کو پابند مصر بنا دیا۔

وَ لٰكِنَّكَ الدُّنْیَا اِلَیَّ حَبِیْبَةٌ	فَمَا عَنْكَ لِیْ اِلَّا اِلَیْكَ ذَهَابُ

ترجمہ و لیکن تو میرے حق میں ساری پیاری دنیا ہے سو نہیں تجھ سے مگر تیری طرف رجوع یعنی جہاں جاتا ہوں تو تیری طرف جاتا ہوں تیری عملداری سب طرف ہے۔ وقال فی صباہ وقد رای جرذا مقتولاً

لَقَدْ اَصْبَحَ الْجُرَذُ الْمُسْتَغِیْرُ	اَسِیْرَ الْمَنَایَا صَرِیْعَ الْعَطَبْ

الجرذ الذکر من الفار - والمستغیر من یطلب الغارۃ علی حانی البیت ترجمہ بیشک غارتگر چوہا موتوں کا قیدی اور ہلاکی کا پچھاڑا ہوا ہو گیا یعنی مارا گیا۔

رَمَاهُ الْكِنَانِیُّ وَ الْعَامِرِیُّ	وَ تَلَّاهُ لِلْوَجْهِ فِعْلَ الْعَرَبْ

تلاہ صرعاہ ترجمہ ایک بنی کنانہ اور ایک بنی عامر کے شخص نے اُس کے تیر مارا اور اُسکو مُنہ کے بل مثل فعل عرب کے پچھاڑا

كِلَا الرَّجُلَیْنِ اتَّلٰی قَتْلَهٗ	فَاَیُّكُمَا غَلَّ حُرَّ السَّلَبْ

ترجمہ دونوں شخص اُس کے قتل کے متولی ہوئے سو تم میں کس نے اُسکا عمدہ اسباب چرایا - بطور استہزا کہتا ہے۔

وَ اَیُّكُمَا كَانَ مِنْ خَلْفِهٖ	فَاِنَّ بِهٖ عَضَّةً فِی الذَّنَبْ

ترجمہ اور تم میں کون اُسکے پیچھے تھا کیونکہ بیشک اُسکی دُم میں دانت لگنے کے نشان ہیں۔ استہزا کہتا ہے۔

وقال یہجو ضبۃ بن یزید العتبی وصرح بتسمیتہ فیہا لانہ کان لا یفہم التعریض کان جاہلا وہذہ

القصیدۃ من اردی شعر المتنبی

مَا اَنصَفَ القَومُ ضَبَّۃُ	وَاُمَّہُ الطُّرطُبَّہْ

الطرطبۃ المسترخیۃ الثدیین الطویلۃ ترجمہ لوگون نے ضبہ کا انصاف نکیا اور نہ اُسکی والدہ دراز اور ڈھیلی پستان کا قصہ اسکا یہ ہی کہ ایک عرب نے اسکے باپ کو قتل کیا اور اسکی ماں سے نکاح کر لیا۔ اور یہ ضبہ اپنے مہمانوں سے غدر کیا کرتا تھا۔ چنانچہ متنبی بھی اُسکے پاس کو گذرا تو اُس نے مہمانداری نکی اور اُسکو اور اُسکے رفیقون کو ہمیشہ گالیان دیا کرتا تھا سو اُسکے رفیقون نے ارادہ کیا کہ اُسکو اُسی کے الفاظ قبیحہ سے جواب دین اور اس امر کی متنبی کو تکلیف دی سو اُسنے بکراہت درخواست منظور کی اور کہا جو کچھ کہا۔

رَمَوا بِرَأسِ اَبِیہِ	وَبَاکُوا الاُمَّ غُلُبَّہْ

الیوک باالباء نزو الحمار علی الاتان ویروی ناکوا ای جامعوا ترجمہ ناانصافی یہ کہ اُسکے باپ کا سر کاٹکر پھینکدیا اور زبردستی اُسکی ماں پر چڑھ بیٹھے یا صحبت کی۔

فَلَا بِمَن مَاتَ فَخرٌ	وَلَا بِمَن نِیکَ رَغبَہْ

ترجمہ سو اُسکو نہ اپنے باپ متوفے پر فخر ہی اور نہ اناکے ساتھ جو جماع کی گئی ہی کچھ رغبت کہ اُسکو اس فعل سے روکے۔

وَاِنَّمَا قُلتُ مَا قُلتُ	رَحمَۃً لَا مَحَبَّہْ

ترجمہ اور مینے جو کہا ہی نہین کہا مگر براہ رحمت یعنی میرا قول ما انصف القوم الخ براہ رحم دلی ہی نہ بطور محبت۔

وَحِیلَۃً لَکَ حَتّٰی	عُذِرتَ لَو کُنتَ تَیبَہْ

تیبہ بمعنی تشعر ویروی تیبہ ترجمہ اور یہ جو مینے کہا ہی تیری سگھڑ بھلائی کے لئے کہا ہی تاکہ اگر تو میری بات سمجھے تو تو معذور سمجھا جاوے اور لوگ تجکو برا نہ کہین۔

وَمَا عَلَیکَ مِنَ القَتلِ	اِنَّمَا ہِیَ ضَربَہْ

ترجمہ باپ کے قتل سے تجکو کیا نقصان ہی وہ قتل تو ایک سر کی چوٹ ہی۔ استہزاءً کہتا ہی۔

وَمَا عَلَیکَ مِنَ الغَدرِ	اِنَّمَا ہِیَ سُبَّہْ

ترجمہ اور تجکو اگر کوئی غادر کہے تو تیرا کیا نقصان ہی وہ تو فقط ایک دشنام ہی جس کی تجکو کچھ پرواہ نہین۔

وَمَا عَلَيْكَ مِنَ الْعَارِ	أَنَّ أُمَّكَ قَحْبَةٌ

ترجمہ اس بات سے کہ تیری اما قحبہ ہی تجکو کیا عار ہی۔

وَمَا يَشُقُّ عَلَى الْكَلْبِ	أَنْ يَكُونَ ابْنَ كَلْبَةٍ

ترجمہ کتے کو یہ کہنا کہ وہ کتیا کا بچہ ہی کیا گران گزرتا ہی یعنی کچھ نہین۔

مَا ضَرَّهَا مَنْ أَتَاهَا	وَإِنَّمَا ضَرَّ صُلْبَهُ

ترجمہ تیری اما سے جو صحبت کرتا ہی اُسکو کچھ نقصان نہین کرتا کیونکہ وہ اس کی عادی ہی ہان وہ شخص اپنی کمر کو نقصان پہنچاتا ہی۔

وَلَمْ يَنِكْهَا وَلَكِنْ	عِجَانُهَا نَاكَ زُبَّهُ

العجان ابین القبل والدبر۔ ترجمہ مرد نے اُس سے صحبت نہین کی بلکہ تیری ادر کے جسم مخصوص نے اُس کے کیر سے صحبت کی۔

يَلُومُ ضَبَّةَ قَوْمٌ	وَلَا يَلُومُونَ قَلْبَهُ

ترجمہ لوگ ضبہ کو ملامت کرتے ہین اور اُسکے دل کو ملامت نہین کرتے کہ اُسپر ملامت کا کچھ اثر نہین ہی۔

وَقَلْبُهُ يَتَشَهَّى	وَيُلْزِمُ الْجِسْمَ ذَنْبَهُ

ترجمہ اور ضبہ کا دل خواہش گناہ کرتا ہی اور اُس کے گناہ کا جسم کو الزام دیتا ہی۔

لَوْ أَبْصَرَ الْجِذْعَ شَيْئًا	أَحَبَّ فِي الْجِذْعِ صَلْبَهُ

ترجمہ اگر وہ تنہ درخت کو کیر سمجھے تو وہ اس امر کو دوست رکھے کہ اُسکی کون غستیرین ہو یعنی ایون ہی۔

يَا أَطْيَبَ النَّاسِ نَفْسًا	وَأَلْيَنَ النَّاسِ رُكْبَةً

ترجمہ ای وہ شخص کہ باعتبار طبیعت سب لوگون سے اچھا ہی یعنی خلیق ہی اور ای وہ شخص کہ سب لوگون سے باعتبار زانو نرم ہی یعنی تجپین علت ابنہ اسقدر غالب ہی کہ کسی سے انکار نہین۔

وَأَخْبَثَ النَّاسِ أَصْلًا	فِي أَخْبَثِ الْأَرْضِ تُرْبَةً

ترجمہ اور ای باعتبار اصل یعنی پدر کے اخبث الناس اور تیری زمین یعنی مادر سب زمینون سے خبیث ہی یعنی تو خبیث الطرفین ہی۔

وَأَرْخَصَ النَّاسِ أُمًّا	تَبِيعُ أَلْفًا بِحَبَّةٍ

ترجمہ اور ای بلحاظ مادر سب لوگون سے ارزان کہ وہ ہزار بار صحبت ایکدانہ کے عوض بیچتی ہی۔

كُلُّ الْفُعُولِ سِهَامٌ	لِمَرْيَمٍ وَهِيَ جَعْبَةٌ

ترجمہ تمام بدکار زانیون کے کیرتیری مادر مریم کے لئے تیرے ین اور تیری مادر تیرو ان۔

وَمَا عَلٰى مَنْ بِهِ الدَّاءُ	مِنْ لِقَاءِ الْأَطِبَّهْ

ترجمہ کیا اعتراض ہوسکتا ہی بیمار پر اطبا کی ملاقات سے یعنی تجکو علۃ ابنہ لاحق ہو اور لوطی تیرے طبیب ہین بس اُنکی ملاقات مین تجھ پر کچھ اعتراض نہین ہوسکتا۔

وَلَيْسَ بَيْنَ هَلُوكٍ	وَحُرَّةٍ غَيْرُ خِطْبَهْ

الہلوک ہی الفاجرۃ ترجمہ اور درمیان زن فاجرہ اور صالحہ کے سوائے منگنی یعنی نکاح کے کچھ فرق نہین ہی تو تیری مادر زنا کو نکاح سمجھی ہی۔

يَا قَاتِلًا كُلَّ ضَيْفٍ	غِنَاهُ ضَيْحٌ وَعُلْبَهْ

الضیح لبن یمزج بالماء۔ والعلبۃ قدح من جلود یشرب فیہ ترجمہ ای ہر مہمان قلیل المؤنۃ کے قاتل جسکو ایک پیالہ لسی کافی ہوسکتی ہی یعنی تو سخت بخیل اور غدار ہی اسقدر خرچ بھی تجکو گوارا نہین کہ اُسکی جانکا دشمن ہوجاتا

وَخَوْفَ كُلِّ رَفِيقٍ	أَبَاتَكَ اللَّيْلُ جَنْبَهْ

عطفٌ علی قاتلاً ترجمہ اور ای باعث خوف ہر ایسے دوست کے کہ رات نے تجکو اُسکے پہلو مین سلادیا ہی کیونکہ تو اُسکو صرف بخوف لسی کے قتل کردیتا ہی۔

كَذَا خُلِقْتَ وَمَنْ ذَا	الَّذِي يُغَالِبُ رَبَّهْ

ترجمہ تو ایسا ہی غدار پیدا کیا گیا ہی اور وہ کون ہی جو اپنے رب پر غالب آوے یعنی یہ غدر تیری سرشت مین داخل ہی

وَمَنْ يُبَالِي بِذَمٍّ	إِذَا تَعَوَّدَ كَسْبَهْ

ترجمہ اور مذمت کی کون پروا کرتا ہی جب ملامت کے کام کا عادی ہو جاوے یعنی تو اُس کا عادی ہوگیا ہی لہذا ملامت کی پروا نہین ہی۔

أَمَا تَرَى الْخَيْلَ فِي النَّخْلِ	سُرْبَةً بَعْدَ سُرْبَهْ

السربۃ ہی القطعۃ من الخیل والظباء وحمر الوحش ترجمہ کیا تو نخلستان مین گھوڑون کو ایک قطار بعد دوسری قطار کے نہین دیکھتا

عَلَى نِسَائِكَ تَجْلُو	فُعُولَهَا مُنْذُ سَنَبَهْ

السنبۃ القطعۃ من الزمان ترجمہ کہ وہ گھوڑے تیری عورتون کے روبرو اپنے کیر ایک عرصے ظاہر کرتے ہین۔

وَهُنَّ حَوْلَكَ يَنْظُرْنَ	وَالْأُحَيْرَاحُ رَطْبَهْ

الاحیراح تصغیر احراح وہو جمع حرح مخفف علی حر ترجمہ اور وہ عورتین تیرے گرد اُن کی آلتون کو ایسے حال مین دیکھتی ہین کہ اُنکی شرمگاہین بسبب شہوت کے تر ہوتی ہین یعنی تو ایسا بے شرم ہی کہ یہ امر تجکو ناگوار نہین ہی۔

	وَكُلُّ عَزُوْلٍ بَعْلٍ	يَرَيْنَ يَحْسُدْنَ قُنْبَهُ	

العزول الاثر من الانسان وغیرہ۔ والقنب وعاء القضیب من ذوات الحوافی ترجمہ اور جو کیر بچہ کا وہ دیکھتی ہین تو اُسکے غلاف پر حسد کرتی ہین یعنی چاہتی ہین کہ اپنے جسم کو اُسکا غلاف بنادین۔

	فَسَلْ فُؤَادَكَ يَاضَبَّ	اَيْنَ خَلَّفَ عُجْبَهُ	

ضب ترخیم ضبۃ ترجمہ سواے ضبہ اپنے دلسے پوچھ کہ اُس نے اپنا تکبر کہان چھوڑ دیا۔

	فَاِنْ يَخُنْكَ لَعَمْرِيْ	لَطَالَمَا خَانَ صَحْبَهُ	

ترجمہ سو تکبر نے اگر مجکو چھوڑ دیا تو اپنی زندگی کی قسم کیا عجب ہی کیونکہ اُسنے بسا اوقات صاحبان تکبر کو چھوڑ دیا ہی جبکہ اُنکے پاس سامان تکبر باقی نہین رہا۔

	وَكَيْفَ تَرْغَبُ فِيْهِ	وَقَدْ تَبَيَّنْتَ رُعْبَهُ	

ترجمہ اور تکبر کی طرف تو کسطرح رغبت کرتا ہی حالانکہ تونے اُسکی شوخی اور خوف کو ظاہر دیکھ لیا ہی۔

	مَاكُنْتَ اِلَّا ذُبَابًا	نَفَتْكَ عَنْهُ مَذَبَّهُ	

ترجمہ تو نہین تھا مگر ایک مکھی کہ تجکو تکبر سے ایک چوزری نے اُڑا دیا۔

	وَكُنْتَ تَفْخَرُ تِيْهًا	فَصِرْتَ تَضْرَطُ رُهْبَهُ	

ترجمہ اور تو ایسے حالمین تھا کہ براہ تکبر فخر کرتا تھا سو اب تو وحشت کے مارے گوز لگانے لگا۔ اور بعض روایت مین نخر آیا ہی یعنے ناک سے آواز نکالتا تھا۔

	وَاِنْ بَعُدْنَا قَلِيْلاً	حَمَلْتَ رُمْحًا وَحَرْبَهُ	

ترجمہ اور اگر ہم تجھ سے کچھ دور چلے جاتے ہین تو چھوٹا بڑا نیزہ اُٹھانے لگتا ہی۔ یعنی لڑائی کے لئے مسلح ہو جاتا ہی۔

	وَقُلْتَ لَيْتَ بِكَفِّيْ	عِنَانَ جَرْدَاءَ شَطْبَهُ	

الشطبۃ الطویلۃ من الخیل ترجمہ اور تو کہنے لگتا ہی کہ کاش میرے ہاتھ مین بے مو دراز پشت گھوڑے کی باگ ہو اور خوب روان۔

	اِنْ اَوْحَشَتْكَ الْمَعَالِيْ	فَاِنَّهَا دَارُ غُرْبَهُ	

ترجمہ اگر تو بلندنامی کے کامون سے گھبراتا ہی تو کیا عجب ہی کیونکہ وہ تیری نسبت خانہ غربت ہی۔

	اَوْ اٰنَسَتْكَ الْمَخَازِيْ	فَاِنَّهَا لَكَ نِسْبَهُ	

ترجمہ اور اگر رسوائی کے کامونسے تو مانوس ہوا تو کیا مضائقہ ہی کیونکہ وہ تیرے ہم نسب ہین۔

	وَاِنْ عَرَفْتَ مُرَادِيْ	تَكَشَّفَتْ عَنْكَ كُرْبَهُ	

ترجمہ اگر تو اپنی ہجو سے میرا مطلب سمجھ جاوے تو تجھ سے غم دور ہوجائے کیونکہ میرا مقصود تیرے بخل و غدر کے اظہار سے یہ ہی کہ کوئی جان تیرے پاس نہ جاوے۔ اور یہ ہی تیری عمدہ غرض ہی۔

وَاِنْ جَهِلْتَ مُرَادِیْ	فَاِنَّهٗ بِكَ اَشْبَهْ	

ترجمہ اور اگر تو میرے مطلب کو نہ سمجھا تو یہ تیرے شایان ہی کیونکہ تو بڑا جاہل و کودن ہی۔

وقال یعزی اباشجاع عضدالدولۃ بعمتہ

آخِرُ مَا الْمَلِكُ مُعَزًّى بِهٖ	هٰذَا الَّذِیْ اَثَّرَ فِیْ قَلْبِهٖ

ترجمہ یہ غم جسنے ممدوح کے دلمین اثر کیا ہی آخر اُن غموںکا ہو جنکے سبب بادشاہ تعزیت کیا جاتا ہو یعنی خدا کرے کہ اس کے بعد تعزیت کی نوبت نہ پہنچے۔

لَا جَزَعًا بَلْ اَنَفًا شَابَهٗ	اَنْ یَّقْدِرَ الدَّهْرُ عَلٰی غَصْبِهٖ

ترجمہ یہ اثر قلبی اُس پر صرف بسبب بیصبری کے نہین ہوا بلکہ اُسمین غیرت اور حمیت اس امر کی لگی ہی کہ زمانہ کو اُس کی چیز چھیننے پر قدرت ہی۔

لَوْ دَرَتِ الدُّنْیَا بِمَا عِنْدَهٗ	لَاسْتَحْیَتِ الْاَیَّامُ مِنْ عَتْبِهٖ

ترجمہ اگر دُنیا کو اُس کے فضائل معلوم ہو دین جو اُس کو حاصل ہین تو زمانہ اُس کے ناراض کرنے سے شرماوے اور آیندہ ناراض نہ کرے۔

لَعَلَّهَا تَحْسَبُ اَنَّ الَّذِیْ	لَیْسَ لَدَیْهِ لَیْسَ مِنْ حِزْبِهٖ

ترجمہ شاید زمانہ یہ خیال کرتا ہو کہ جو چیز بادشاہ کے پاس نہین ہو بلکہ دور ہی وہ چیز اُس کے گروہ مین سے نہین ہو اس لئے اُس نے وہ چیز لے لی۔ یہ اسلئے کہا کہ اُسکی پھوپھی بغداد مین مری تھی۔

وَاَنَّ مَنْ بَغْدَادُ دَارٌ لَهٗ	لَیْسَ مُقِیْمًا فِیْ ذُرٰی عَضْبِهٖ

الذری الکھف والکنف والعضب السیف ترجمہ اور شاید زمانہ نے یہ خیال کیا ہی کہ جس کا گھر بغداد مین ہی وہ اُسکی تلوار کی پناہ مین مقیم نہین ہو اس لئے اُس نے اُسکو لے لیا ورنہ یہ امر ناممکن تھا۔

وَاَنَّ جَدَّ الْمَرْءِ اَوْطَانُهٗ	مَنْ لَیْسَ مِنْهَا لَیْسَ مِنْ صُلْبِهٖ

الضمیر فی صلبہ راجع الی المرء ترجمہ اور شاید زمانہ نے یہ سمجھا کہ مرد کے ہم جد وہ ہین جو اُسکے وطنون مین رہتے ہین جو اُسکے وطن مین نہین ہین وہ اُس کے ہم نسب نہین ہین اس لئے تیری پھوپھی کو جو بغداد مین رہتی تھی تیرے کنبہ مین نہین سمجھا اور جس نے جد جائے ملہ سے روایت کی اُسکے موافق یہ معنے ہونگے کہ مرد کے کُنبہ کی حد اُسکے وطن مین

أَخَافُ أَنْ يَفْطُنَ أَعْدَاءُهُ	فَيُجْفِلُوا خَوْفًا إِلَى قُرْبِهِ

ترجمہ مجکو اس بات کا ڈر ہی کہ اُسکے دشمن سمجھ لین کہ ممدوح کا قرب باعث امن و امان ہی تو حادثات سے خوف کھاکر اُسکے پاس جلد چلے آوین تاکہ اُسکی پناہ مین مصائب سے بری ہو جاوین۔

لَا بُدَّ لِلْإِنْسَانِ مِنْ ضَجْعَةٍ	لَا تَقْلِبُ الْمُضْجَعَ عَنْ جَنْبِهِ

ترجمہ انسان کو قبر مین ایک دفعہ ایسا لیٹنا ضرور ہی کہ لیٹنے کی جگہ کو اپنے پہلو سے قیامت تک نہ بدلے۔

يَنْسَى بِهَا مَا كَانَ مِنْ عُجْبِهِ	وَمَا أَذَاقَ الْمَوْتُ مِنْ كَرْبِهِ

ضمیر بہا راجع الی الضجعۃ ترجمہ اُس لیٹنے کے سبب جو اُس کا تکبر تھا اور جو موت نے اپنی بےچینی سے چکھایا ہی سب بھول جاوے گا۔

نَحْنُ بَنُو الْمَوْتَى فَمَا بَالُنَا	نَعَافُ مَا لَا بُدَّ مِنْ شُرْبِهِ

ترجمہ ہم مُردون کی اولاد ہین کیونکہ ہمارے اجداد سب مر گئے سو کیا حال ہی ہمارا کہ ہم مکروہ جانتے ہین اُس چیز کو جسکا پینا ضروری ہی یعنے جرعہ موت کو۔

تَبْخَلُ أَيْدِينَا بِأَرْوَاحِنَا	عَلَى زَمَانٍ هُنَّ مِنْ كَسْبِهِ

ترجمہ ہمارے ہاتھ اپنی ارواح کا اُس زمانہ سے بخل کرتے ہین جو زمانہ کی پیدا کی ہوئی ہین یعنی ہماری ارواح زمانہ کے گردشون کی پیدا کی ہوئی ہین تو کوئی وجہ نہین ہی کہ ہم اُنکو واپس ندین۔

فَهٰذِهِ الْأَرْوَاحُ مِنْ جَوِّهِ	وَهٰذِهِ الْأَجْسَامُ مِنْ تُرْبِهِ

ترجمہ سو یہ ارواح عالم بالا سے آئی ہین اور ہمارے اجسام زمانہ کے نئے پیدا ہوئے ہین تو ضرور ہی کہ ہر عنصر اپنی حیز کی طرف رجوع کرے۔

فَلَوْ فَكَّرَ الْعَاشِقُ فِي مُنْتَهَى	حُسْنِ الَّذِي يَسْبِيهِ لَمْ يَسْبِهِ

ترجمہ اگر عاشق معشوق کے حُسن کے انجام کا فکر کرے جو اُسکو قید عشق مین مقید کرتا ہی تو وہ اُس کو قید نکرے یعنی اگر عاشق یہ سمجھے کہ انجام کمال حسن زوال ہی تو کبھی عاشق نہو۔

لَمْ يُرَ قَرْنُ الشَّمْسِ فِي شَرْقِهِ	فَشَكَّتِ الْأَنْفُسُ فِي غَرْبِهِ

ترجمہ آفتاب کا کنارہ مشرق مین ایسی طرح نہین دیکھا جاتا کہ لوگ اُس کے غروب ہونے مین شک کرین یعنے جو آفتاب کو نکلتا دیکھے گا تو اُسکو اُسکے غروب ہونے کا بھی یقین ہوگا۔ پس جب ہر چیز کو سوائے خداوند تعالیٰ کے زوال ہی تو کسی کے مرنے سے غم کیون کیا جاوے۔

يَمُوتُ رَاعِي الضَّأْنِ فِي جَهْلِهِ	مَوْتَةَ جَالِينُوسَ فِي طِبِّهِ

ترجمہ بہترین چرانیوالا اپنی حالت جہالت مین ایسا ہی مرتا ہی جیسا جالینوس مہارت طب مین غرض عالم و جاہل دونون برابر مرتے ہین۔

وَرُبَّمَا زَادَ عَلَى عُمْرِهٖ ۔۔۔ وَزَادَ فِي الْأَمْنِ عَلَى سِرْبِهٖ

السرب ہمنا النفس ترجمہ اور بسا اوقات جاہل کی عمر زیادہ ہوتی ہی اور باوجود جہل اُسکی جان زیادہ مامون ہوتی ہی۔

وَغَايَةُ الْمُفْرِطِ فِي سِلْمِهٖ ۔۔۔ كَغَايَةِ الْمُفْرِطِ فِي حَرْبِهٖ

ترجمہ اور انجام اُس شخص کا جو نہایت صلح پسند ہی مثل انجام اُس شخص کے ہی جو نہایت جنگجو ہی تو جزع و فزع کسی مصیبت پر مناسب نہین ہی۔

فَلَا قَضٰى حَاجَتَهٗ طَالِبٌ ۔۔۔ فُؤَادُهٗ يَخْفِقُ مِنْ رُعْبِهٖ

ترجمہ جس شخص کا دل موت کے خوف سے کانپتا ہی وہ اپنے مطلب مین کامیاب نہو جیو۔ کوستا ہی کیونکہ وہ خطا پر ہی۔

أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ لِشَخْصٍ مَضٰى ۔۔۔ كَانَ نَدَاهُ مُنْتَهٰى ذَنْبِهٖ

ترجمہ مین خدا سے اُس شخص کی مغفرت طلب کرتا ہون جو مرگیا اُس کا بڑا گناہ اُس کی سخاوت تھی یعنے وہ سخاوت مین مسرف تھا چونکہ اسراف ممنوع ہی لہذا استغفر اللہ کہا۔ یا یہ معنی کہ وہ بیگناہ تھا کیونکہ سخاوت گناہ نہین بلکہ ثواب ہی۔

وَكَانَ مَنْ عَدَّدَ إِحْسَانَهٗ ۔۔۔ كَأَنَّهٗ أَسْرَفَ فِي سَبِّهٖ

ترجمہ اور جو شخص اُس کے احسان شمار کرتا تھا وہ اُس کو ایسا سمجھتا تھا کہ گویا اُس نے نہایت درجہ کے دُشنام دے یعنے اس امر کو پسند نہین کرتا تھا۔

يُرِيْدُ مِنْ حُبِّ الْعُلٰى عَيْشَهٗ ۔۔۔ وَلَا يُرِيْدُ الْعَيْشَ مِنْ حُبِّهٖ

ترجمہ وہ اپنی زندگی بسبب اچھے کامونکی محبت کے چاہتا تھا اور زندگی بسبب دوستی زندگی کے نہین چاہتا تھا۔

يَحْسَبُهٗ دَافِنُهٗ وَحْدَهٗ ۔۔۔ وَمَجْدُهٗ فِي الْقَبْرِ مِنْ صَحْبِهٖ

ترجمہ اُسکا دفن کرنے والا قبر مین اُسے تنہا خیال کرتا ہی اور حال یہ ہی کہ اُسکی بزرگی قبر مین اُسکے بعض مصاحبون ہی یعنی علاوہ مجد اور بھی اُسکے مصاحب ہین مثل عفاف و سخا وغیرہ کے۔

وَيُظْهِرُ التَّذْكِيْرَ فِي ذِكْرِهٖ ۔۔۔ وَيَسْتُرُ التَّانِيْثَ فِي حُجْبِهٖ

ترجمہ چونکہ وہ ہمت مردانہ رکھتی تھی لہذا اُسکا ذکر مردانہ کیا گیا اور تانیث اُسکے پردہ مین ہی مثل ستر و عفاف کے۔

أُخْتُ أَبِي خَيْرِ أَمِيْرٍ دَعَا ۔۔۔ فَقَالَ جَيْشٌ لِلْقَنَا لَبَّيْهِ

ترجمہ وہ عمدہ امیر کے باپ کی بہن ہی وہ امیر ایسا ہی کہ اُس نے لشکر کو بلایا تو لشکر نے تیرون سے کہا کہ اُس کو جواب دو کیونکہ ہم سب اُسکے مطیع ہین۔

یَاعَضُدَ الدَّوْلَةِ مَنْ رُكْنُهَا — اَبُوْهُ وَالْقَلْبُ اَبُوْ لُبِّهٖ

ترجمہ ممدوح کو عقل اور اُسکے باپ کو قلب ٹھراکر کہتا ہی کہ ای بازو ایسی دولت کے کہ اُسکا رکن اُسکا باپ ہی اور دل یعنی تیرا باپ باپ ہی اپنی عقل کا۔ چونکہ عقل دل سے افضل ہی اسلئے ممدوح کو اُسکے باپ سے افضل کہا۔

وَمَنْ بَنُوْهُ زَيْنُ آبَائِهٖ — كَاَنَّهَا النَّوْرُ عَلٰى قُضْبِهٖ

ترجمہ اور ای وہ شخص کہ اُسکے بیٹے اُسکے باپون کی زینت ہین گویا وہ بیٹے شگوفے ہین اُسکی شاخون مین یعنے جیسا شگوفے باعث زینت شاخ ہوتے ہین وہ اپنے اجداد کی زینت ہین۔ اُنکو ممدوح کی زینت نہ کہا کیونکہ وہ زینت کا محتاج نہین ہی۔

فَخْرًا لِدَهْرٍ اَنْتَ مِنْ اَهْلِهٖ — وَمُنْجِبٍ اَصْبَحْتَ مِنْ عَقْبِهٖ

المنجب الذی یلد النجبا۔ ترجمہ تو اُس زمانہ کا جسکی تو اہل مین سے ہی اور اپنے باپ کا جو ایسے شریف اولاد کے تولد کا باعث ہوا اور تو اُسکی اولاد مین سے ہی فخر ہو گیا۔

اِنَّ الْاَسٰى الْقِرْنُ فَلَا تُحْيِهٖ — وَسَيْفُكَ الصَّبْرُ فَلَا تُنْبِهٖ

القرن ما قارنک وماثلک فی السن او فی الحرب۔ ونبا السیف اذا لم یقطع۔ ترجمہ بیشک غم حریف ہمسر ہی جو تجھسے لڑنا چاہتا ہی سو تو اُسکو زندہ مت چھوڑ۔ اور تیری تلوار صبر ہی تو اُسکو مت اُچٹا یعنی وار خالی بجانے دے۔

مَاكَانَ عِنْدِیْ اَنَّ بَدْرَ الدُّجٰى — يُوْحِشُهُ الْمَفْقُوْدُ مِنْ شُهْبِهٖ

الشہب جمع شہاب وہی الکواکب ترجمہ مین یہ نسمجھتا تھا کہ ماہ تمام تاریکی کو یعنی تجکو کہ مثل بدر ہی اُس کے ستارون مین سے کسی ستارے کا مفقود ہونا وحشت مین ڈالے گا کیونکہ بدر اپنی روشنی مین ستارون کا محتاج نہین ہی۔

حَاشَاكَ اَنْ تَضْعُفَ عَنْ حَمْلِ مَا — تَحَمَّلَ السَّائِرُ فِیْ كُتْبِهٖ

ترجمہ مین تجکو اسبات سے منزہ سمجھتا ہون کہ تو اُس چیز کے اُٹھانے سے عاجز ہو جاوے جسکو قاصد وفات کی خبر لانیوالا اپنے خطون مین اُٹھا لایا۔ تسکین کے لئے مغالطہ دیتا ہی۔

وَقَدْ حَمَلْتَ الثِّقْلَ مِنْ قَبْلِهٖ — فَاَغْنَتِ الشِّدَّةُ عَنْ سَحْبِهٖ

السحب الجر ترجمہ اور تونے بیشک قبل اس حادثہ کے بڑا بھاری بوجھ اسی طرح اُٹھا لیا کہ شدت غم نے اُسکو کھینچنے سے بے پروا کر دیا۔ دستور ہی کہ جب کوئی بھاری چیز اُٹھ نہین سکتی تو اُسکو کھینچکر لیجاتے ہین۔

يَدْخُلُ صَبْرُ الْمَرْءِ فِیْ مَدْحِهٖ — وَيَدْخُلُ الْاِشْفَاقُ فِیْ ثَلْبِهٖ

ثلبہ ثلبًا اذا صرح بالعیب فیہ ترجمہ مرد کا صبر اُسکی تعریف مین داخل ہی اور اُسکا جزع فزع اُسکے عیب مین۔

مِثْلُكَ يَثْنِیْ الْحُزْنَ عَنْ صَوْبِهٖ — وَيَسْتَرِدُّ الدَّمْعَ عَنْ غَرْبِهٖ

الصوب القصد والاصابۃ۔ والغروب مجاری الدمع ترجمہ تجسا ہار غم کو اپنی طرف قصد کرنے سے روکتا ہی۔

اور آنسوؤں کو اپنی آنکھ سے لوٹتا ہے۔

اِیْمَا لِاِبْقَاءٍ عَلَی فَضْلِہٖ	اِیْمَا لِتَسْلِیْمٍ اِلٰی رَبِّہٖ

ایما لغۃ فی اما ترجمہ یہ صبر یا تو اپنی بزرگی پر رحم کرنے کے لئے ہوتا ہے یا خدا کی طرف تسلیم کرنے کو۔

وَلَمْ اَقُلْ مِثْلُكَ اَعْنِیْ بِہٖ	سِوَاكَ يَا فَرْدًا بِلَا مُشْبِہٖ

ترجمہ اور میں نے جو لفظ مثلک کہا اس سے مراد تیرے سوا نہیں کیونکہ تو بے مثل ہے ای یکتا بلا شبیہ کے۔

وقال یہجو الذہبی فی صباہ

لَمَّا نُسِبْتَ فَكُنْتَ ابْنًا لِغَيْرِ اَبٍ	ثُمَّ امْتُحِنْتَ فَلَمْ تَرْجِعْ اِلٰی اَدَبٍ

ترجمہ جب تیرا نسب ملایا گیا تو تو اپنے باپ کے سوا کسی اور کا بیٹا نکلا پھر تیری آزمائش کی گئی تو تیرا انجام ادب کی طرف نہ پھرا یعنی مجہول النسب بے ادب نکلا۔

سُمِّيْتَ بِالذَّهَبِيِّ الْيَوْمَ تَسْمِيَةً	مُشْتَقَّةً مِنْ ذَهَابِ الْعَقْلِ لَا الذَّهَبِ

ترجمہ سو آج تیرا نام ذہبی رکھا گیا جو مشتق ہے ذہاب عقل سے نہ ذہب یعنی سونے سے۔

مُلَقَّبٌ بِكَ مَا لُقِّبْتَ وَيْكَ بِہٖ	يَا اَيُّهَا اللَّقَبُ الْمُلْقٰى عَلَى اللَّقَبِ

ویک مخفف ویلک ترجمہ جو تو لقب دیا گیا ہے وہ لقب تجھ پر افسوس تیرے ساتھ لقب دیا گیا ہے یعنے تیرے سبب یہ لقب بدنام ہوگیا ای لقب جو لقب پر ڈالا گیا ہے۔

وقال یہجو وردان بن الطائی وقد کان افسد علیہ غلمانہ عند منصرفہ من مصر

لَحَا اللّٰهُ وَرْدَانًا وَاُمًّا اَتَتْ بِہٖ	لَهُ كَسْبُ خِنْزِيرٍ وَخُرْطُومُ ثَعْلَبِ

لحا اللہ فلانا قبحہ ولعنہ ترجمہ خدا وردان پر اور اسکی مادر پر جسنے اسے جنا ہے لعنت کرے کہ اسکا پیشہ خوک کا سا ہے اور ناک لومڑی کی۔ بنات وردان پاخانہ میں چھوٹے کیڑے ہوتے ہیں نجاست خوار اس مناسبت سے اس کو نجاست خواری میں خنزیر سے تشبیہ دی۔

فَمَا كَانَ فِيْهِ الْغَدْرُ اِلَّا دَلَالَةً	عَلٰی اَنَّهٗ فِيْهِ مِنَ الْاُمِّ وَالْاَبِ

ترجمہ سو جو اسمیں مضمون غدر ہے وہ دلالت کرتا ہے اس امر پر کہ یہ عیب اسمیں مادر و پدر سے ارث میں پہنچا ہے۔

اِذَا كَسَبَ الْاِنْسَانُ مِنْ هَنِ عِرْسِہٖ	فَيَا لُؤْمَ اِنْسَانٍ وَيَا لُؤْمَ مَكْسَبِ

الہن کنایۃ عن الفرج ترجمہ جبکہ انسان اپنی عورت کی شرمگاہ کی کمائی کھاوے یعنی بیوی بنجائے تو وائے اس پر اور اسکے پیشہ پر

أَهٰذَا اللُّذَيَّا بِنْتُ وَرْدَانَ بِنْتُهُ	هُمَا الطَّالِبَانِ الرِّزْقَ مِنْ شَرِّ مَطْلَبِ

اللذیا تصغیر الذی۔ بنات وردان ہی الدود تاکل العذرۃ ترجمہ بنات وردان کی مناسبت سے بطور تجاہل و استہزا کہتا ہی کہ کیا یہ مردک وہ ہی شخص ہو کہ نجاست خوار کیڑا اسکی بیٹی ہی کیونکہ وہ دونون اپنا رزق بُری جگہ سے طلب کرتے ہین وردان تو اپنی زن کی فرج سے اور کیڑا نجاست سے۔

لَقَدْ كُنْتُ أَنْفِي الْغَدْرَ عَنْ تُوسِ طَيِّئٍ	فَلَا تَعْذُلَانِي رُبَّ صِدْقٍ مُكَذَّبِ

التوس الاصل ترجمہ مین غدر کو اصل اور طبیعت بنی طے سے دور کرتا تھا یعنی یہ کہتا تھا کہ بنی طے غدار نہین ہو اب جو وردان نے غدر کیا تو اے میرے دونون دوستو مجھپر ملامت نکرو۔ بہت سی سچی باتین جھٹلائی جاتی ہین یعنی میری رائے درست ہو بنی طے غدر نہین کرتے اور وردان نے جو غدر کیا وہ بنی طے سے نہین ہو کچھ اور الا بلا ہو۔

وقال یہجو کافوراً۔ ولم یذکر ہذہ الاشعار صاحب التبیان

وَأَسْوَدُ أَمَّا الْقَلْبُ مِنْهُ فَضَيِّقٌ	نَخِيبٌ وَأَمَّا بَطْنُهُ فَرَحِيبُ

ترجمہ اور بہت سے حبشی ایسے ہین کہ انکا دل بیشک ڈرپوک ہو مگر انکی توند بڑی ہو یعنی بسیار خوار ہین۔

أَعَدْتُ عَلَى مَخْصَاهُ ثُمَّ تَرَكْتُهُ	يَتَتَبَّعُ مِنِّي الشَّمْسَ وَهِيَ تَغِيبُ

ترجمہ مینے اُس کے خصّی کرنے کی جگہ کو دوبارہ خصّی کر دیا یعنی ایک تو وہ پہلے خصّی تھا اب مینے اُسکی ہجو کہکر اُسکو ذلیل وخوار کر دیا پھر مینے اُسکو ایسے حال مین چھوڑا کہ مجھ مین سے غروب ہوتے آفتاب کو نہایت تلاش کرتا تھا۔ منی الشمس بطور تجرید ہو جیسا رأیت من زید اسداً یعنی زید ایسا دلیر ہو کہ اُسین سے مینے ایک جداگانہ شیر دیکھا۔ منی الشمس کے یہ معنی کہ نورانیت مجھ مین اسقدر ہو کہ چاہو تو مجھ مین سے دوسرا ایسا ہی آفتاب نکال لو۔ خلاصہ معرعہ دوم یہ ہو کہ جب مین اُسکی ہجو کہکر چلا تو وہ مجکو تلاش کرتا رہگیا مجکو نہ پکڑ سکا جیسا کوئی آفتاب کو بوقت غروب پکڑنا چاہے تو وہ کب کامیاب ہوسکتا ہو۔

يَمُوتُ بِهِ غَيْظًا عَلَى الدَّهْرِ أَهْلُهُ	كَمَا مَاتَ غَيْظًا فَاتِكٌ وَشَبِيبُ

ترجمہ کافور کی ریاست کو دیکھکر اہل روزگار زمانہ پر مارے غصہ کے مرے جاتے ہین کہ ایسے نالائق کو کیون رئیس کردیا جیسا کہ اسی غصہ مین فاتک وشبیب مرگئے۔ فاتک جسکا لقب بسبب غایت سخاوت وشجاعت کے مجنون تھا۔ ممدوح متنبی ہو جسکی تعریف مین اُسکے چند قصیدے ہین اور اُسکا مرثیہ بھی ہو۔ اور شبیب ابن جریر قرامطہ مین سے ہو جو والی معرۃ النعمان تھا اُس نے کافور پر خروج کیا تھا اور دمشق کو محاصرہ کر لیا تھا۔ اسکا ذکر متنبی نے اپنے قصیدہ مین جس کا اول عدوک مذموم بکل لسان ؂ ہو کیا ہو اُسکو محاصرہ دمشق مین مرگ مفاجات پیش آیا۔ یہ دونون شخص

یعنی فاتک اور شبیب کافور کے دشمن جانی تھے۔ اسی کی طرف اس مصرعہ مین اشارہ کیا ہی۔

اِذَا مَا عَدِمْتَ الْاَصْلَ وَالْعَقْلَ وَالنَّدٰی	فَمَا لِحَیٰوتِیْ فِیْ جَنَابِکَ طِیْبُ

ترجمہ جبکہ تونے اصالت اور عقل اور بخشش کو گم کیا یعنی یہ امور تجھ مین نہون تو تیری درگاہ مین زندگی اچھی نہین ہی۔

وقال فی صباہ لانسان قال لہ سلمت علیک فلم ترد علی السلام ولم یذکرہ ایضا صاحب التبیان

اَنَا عَاتِبٌ لِتَعَتُّبِكَ	مُتَعَجِّبٌ لِتَعَجُّبِكَ

ترجمہ مین عتاب کرتا ہون تیرے عتاب تکلف آمیز پر اور متعجب ہون تیرے تعجب کرنے پر۔

اِذْ كُنْتُ حِيْنَ لَقِيْتَنِيْ	مُتَوَجِّعًا لِتَغَيُّبِكَ

ترجمہ اسلئے کہ جب تو مجھسے ملا مین تیرے غائب ہونے کے سبب دردمند تھا۔

فَشُغِلْتُ عَنْ رَدِّ السَّلَامِ	وَكَانَ شُغْلِيْ بِكَ

شغل عنہ اعرض عنہ وشغل بہ مال الیہ ترجمہ سو مین بسبب دردمندی فراق کے تیرے جواب سلام رد کا گیا اور مجھسے میرا اعراض اسلئے تھا کہ مین تیرے ہی یاد مین لگ رہا تھا۔ قال وقد انفذ الیہ سیف الدولۃ قول الشاعر۔

رَأَى خَلَّتِيْ مِنْ حَيْثُ يَخْفٰى مَكَانُهَا	فَكَانَتْ قَذَى عَيْنَيْهِ حَتّٰى تَجَلَّتِ

ترجمہ ممدوح نے میری حاجت ایسے موقع سے دیکھی جہان وہ چھپی ہوئی تھی سو وہ حاجت اسکی آنکھ کا کنکا ہو گئی یہانتک کہ وہ دفع ہو گئی اور کھل گئی۔ قال ابو الطیب والرسول واقف ارتجالاً

لَنَا مَلِكٌ لَا يَطْعَمُ النَّوْمَ هَمُّهٗ	مَمَاتٌ لِحَيٍّ اَوْ حَيَاةٌ لِمَيِّتِ

ترجمہ ہمارا ایک بادشاہ ہی کہ اُسکا قصد جب تلک پورا نہو تو وہ ذائقہ خواب نہین چکھتا یعنی صاحب عزم قوی ہی وہ اپنے زندہ دشمنون کی موت ہی اور مفلس اور مردہ دوستون کی زندگی ہی یعنی دشمنون کو لڑائی مین قتل کرتا ہی اور دوستون کو بخشش سے زندہ کرتا ہی۔

وَيَكْبُرُ اَنْ تَقْذِيْ بِشَيْءٍ جُفُوْنُهٗ	اِذَا مَا رَاَتْهُ خَلَّةٌ بِكَ فَرَّتِ

ترجمہ جس شاعر نے فکانت قذی عینیہ کہا ہی اُسکو رد کرتا ہی کہ ممدوح اس عجز سے پاک ہی کہ اُسکی آنکھو ن مین کنکا وخاشاک پڑے بلکہ اُسکا تو یہ حال ہی کہ جب تیری حاجت اُسکو دیکھتی ہی تو وہ بھاگجاتی ہی۔

جَزَى اللّٰهُ عَنِّيْ سَيْفَ دَوْلَةِ هَاشِمٍ	فَاِنَّ نَدَاهُ الْغَمْرَ سَيْفِيْ وَدَوْلَتِيْ

الغمر الماء الکثیر ترجمہ خدا میری طرف سے سیف دولت بنی ہاشم کو جزاے خیر دے کیونکہ اسکی عطائے کثیر میری تلوار اور میری دولت ہین۔ وقال فے صباہ۔

أُنْصُرْ بِجُوْدِكَ أَلْفَاظاً تَرَكْتُ بِهَا	فِي الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ مَنْ عَادَاكَ مَكْبُوْتَا

الکبت الاذلال ترجمہ تو اپنی بخشش سے میرے کلام کی جس کے ذریعہ سے مینے مشرق اور مغرب مین تیرے دشمن کو خوار کر چھوڑا ہی مدد کر یعنی بخشش زیادہ کر تاکہ مین تیری اور مدح کرون۔

فَقَدْ نَظَرْتُكَ حَتَّى حَانَ مُرْتَحَلٌ	وَذَا الْوَدَاعُ فَكُنْ أَهْلاً لِمَا شِيْتَا

نظرتک بمعنی انتظرتک والمرتحل الارتحال ترجمہ کیونکہ مین نے بیشک تیری بخشش کا انتظار کیا یہان تلک کہ میرا کوچ اور تیرا رخصت کرنا قریب آگیا سو اب تو جس چیز کا سزاوار رہنا چاہے ہو جایا تو دے یا محروم کر۔

وقال یمدح بدر بن عمار بن اسمعیل الاسدی

فَدَتْكَ الْخَيْلُ وَهِيَ مُسَوَّمَاتٌ	وَبِيضُ الْهِنْدِ وَهِيَ مُجَرَّدَاتٌ

المسومات المعلمات بعلامات تعرف بہا ترجمہ گھوڑے جو بسبب عمدگی کے نشانمند ہین اور شمشیرہائے ہندی برہنہ تجھ پر قربان ہو جاوین یعنی یہ دونون چیزین فنا ہو جاوین اور تو باقی رہے کہ اس صورت مین ہمارے لئے سب کچھ ہے۔

وَصَفْتُكَ فِي قَوَافٍ سَائِرَاتٍ	وَقَدْ بَقِيَتْ وَإِنْ كَثُرَتْ صِفَاتٌ

ترجمہ مینے تیری تعریف ایسے شعرون مین کی جو بسبب اپنی خوبی کے سب جگہ پھیل گئے اور اگرچہ میرے شعر بہت ہو گئے مگر تیرے صفات ابتلک باقی ہین جو لکھے نہین گئے یعنی تیرے صفات کا احاطہ غیر ممکن ہے۔

أَفَاعِيلُ الْوَرَى مِنْ قَبْلُ دُهْمٌ	وَفِعْلُكَ فِي فِعَالِهِمْ شِيَاتٌ

الفعل جمعہ الفعال وجمعہا الافاعیل والشیۃ من الالوان ما خالف معظمہ کالغرۃ فی الادہم ترجمہ تمام خلق کے پہلے کام سیاہ ہین اور تیرا کام اُن کے کامون مین دوسرے رنگ کا ہے یعنی جیسا مشکی گھوڑے کے جسم مین سفید داغ جدا گانہ معلوم ہوتا ہے ایسے ہی تیرے کام اُنکے کامون سے بسبب عمدگی کے جدا معلوم ہوتے ہین۔ اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ تیرے کام اُنکے کامون کی زینت ہین۔ جیسا مشکی مین سفید داغ سبب زینت ہوتے ہین۔

وقال یمدح ابا ایوب احمد بن عمران

سِرْبٌ مَحَاسِنُهُ حُرِمْتُ ذَوَاتِهَا	دَانِي الصِّفَاتِ بَعِيْدٌ مَوْصُوْفَاتُهَا

الضمیر فی موصوفاتہا للصفات۔ والسرب بالکسر القطعۃ من الظباء والوحوش والقطا ترجمہ میری معشوقہ ایک گروہ عورتون کی ہے جسکی خوبیان ایسی ہین کہ صاحبان خوبی سے مین محروم ہون یعنی اُن تلک میری رسائی نہین ہے وہ گروہ باعتبار صفات کے مجھ سے نزدیک ہے کہ مین اُنکے وصف ہمیشہ بیان کرتا رہتا ہون مگر اُن صفات کے موصوف یعنی خود وہ عورتین مجھ سے دور ہین

أَدْنىٰ كَكُنْتُ إِذَا رَمَيْتُ بِمُقْلَتِيْ ‏ ‏ ‏ بَشَرًا رَأَيْتُ أَرَقَّ مِنْ عَبَرَاتِهَا

ضمیر عبراتہا للمقلۃ وادنی ای اشرف من مکان عال۔ والبشر جمع بشرۃ وہو ظاہر الجلد ترجمہ اُس گروہ نے ہودج سے مجھے دیکھا۔ مین جب اُنکے ظاہر بدن کو دیکھتا تھا تو اُسکو اپنی آنکھ کے اشکون سے بھی زیادہ لطیف پاتا تھا۔

يَسْتَاقُ عِيْسُهُمُ أَنِيْنِيْ خَلْفَهَا ‏ ‏ ‏ تَتَوَهَّمُ الزَّفَرَاتِ زَجْرَ حُدَاتِهَا

ترجمہ میرا نالہ اُنکے پیچھے اُنکے شترونکو ہنکاتا ہی سو وہ شتر میرے نالونکو اپنی حدی خوانونکا ہنکانا سمجھتے تھے۔

فَكَأَنَّهَا شَجَرٌ بَدَتْ لٰكِنَّهَا ‏ ‏ ‏ شَجَرٌ جُنِيْتُ الْمُرَّ مِنْ ثَمَرَاتِهَا

ترجمہ سو وہ شتر جبکہ ہودجون کو لیکر اُٹھے گویا درخت تھے مگر ایسے درخت کہ مجکو اُنکے پھلون سے تلخ پھل ملا کیونکہ وہ سبب فراق ہوگئے۔

لَا سِرْتِ مِنْ إِبِلٍ لَوَانِّيْ فَوْقَهَا ‏ ‏ ‏ لَمَحَتْ حَرَارَةُ مَدْمَعَيَّ سِمَاتِهَا

سمات جمع سمۃ وہی العلامۃ۔ مدمعی ای دمع مدمعی ترجمہ ای شتر تجکو چلنا نصیب نہو اگر مین تجھ پر سوار ہوتا تو میرے اشک کی گرمی تیرے نشان تلک کو مٹا دیتی تیرا تو کیا ذکر ہی۔ معلوم رہے کہ غمگین کے آنسو گرم ہوتے ہین۔

وَحَمَلْتُ مَا حُمِّلْتِ مِنْ هٰذِي الْمَهَا ‏ ‏ ‏ وَحَمَلْتِ مَا حُمِّلْتُ مِنْ حَسَرَاتِهَا

ترجمہ کاش مین ان گاوان دشتی کا بوجھ اُٹھاتا جو تجھ پر لادا گیا ہی اور کاش تو اُٹھاتا وہ بوجھ اُنکی حسرتونکا جو مجھپر لادا گیا ہی معشوق کو گاؤ دشتی کے ساتھ بوجہ خوبصورتی وحسن چشم تشبیہ دیتے ہین۔

إِنِّيْ عَلٰى شَغَفِيْ بِمَا فِيْ خُمْرِهَا ‏ ‏ ‏ لَأَعِفُّ عَمَّا فِيْ سَرَاوِيْلَاتِهَا

الخمر جمع خمار ترجمہ مین باوجودیکہ اُس چیز کو دوست رکھتا ہون جو اُنکی اوڑھنیون مین پوشیدہ ہی یعنی اُن کے چہرہ کو البتہ پاک ہون اُس چیز سے جو اُنکے پائجامون مین ہی۔ اس شعر پر صاحب بن عباد نے بسبب ذکر اندام نہانی کے عیب لگایا ہی مگر دوسری روایت مافی سرابیلاتہا اس عیب سے پاک ہی کیونکہ سرابیل کے معنی قمیص کے ہین۔

وَتَرَى الْفُتُوَّةَ وَالْمُرُوَّةَ وَالْأُبُوَّةَ ‏ ‏ ‏ فِيْ كُلِّ مَلِيْحَةٍ ضَرَّاتِهَا

الفتی الکریم یقال ہو فتی بین الفتوۃ والابوۃ الآباء والاعمام والخؤولۃ والمروۃ الانسانیۃ ترجمہ میری جوانمردی اور شرافت نسب اور انسانیۃ کو ہر نمکین معشوقہ اپنی سوتین سمجھتی ہی یعنی یہ میرے تینون صفات خلوت ناجائز سے مجکو منع کرتے ہین جیسا اگلے شعر مین ہی۔

هُنَّ الثَّلَاثُ الْمَانِعَاتِيْ لَذَّتِيْ ‏ ‏ ‏ فِيْ خَلْوَتِيْ لَا الْخَوْفُ مِنْ تَبِعَاتِهَا

ترجمہ وہ ہی تینون میری لذت کو روکنے والے ہین میری خلوت مین نہ خوف اُس کے انجام بد کا یعنی مین فواحش سے بالطبع متنفر ہون۔

وَمَطَالِبٍ فِيهَا الْهَلَاكُ أَتَيْتُهَا	ثَبْتَ الْجَنَانِ كَأَنَّنِي لَمْ آتِهَا

ترجمہ اور بہت سے مطالب جن مین خوف ہلاک کا تھا مینے اس طرح کیے ہین کہ میرا دل ایسا مستقل تھا گویا مینے اُن کاموں کو کیا ہی نہین۔

وَمَقَانِبٍ بِمَقَانِبٍ غَادَرْتُهَا	أَقْوَاتَ وَحْشٍ كُنَّ مِنْ أَقْوَاتِهَا

المقنب ہو الجماعۃ من الخیل ما بین الثلاثین الی الاربعین ترجمہ اور مینے بہت سے لشکر عظیم اعدا کو بمدد اپنے بڑے لشکر کے جنگلی جانورونکی خوراک بنا دیا اور پہلے وہ وحشی جانور اُس لشکر کی خوراک تھے۔

أَقْبَلْتُهَا غُرَرَ الْجِيَادِ كَأَنَّمَا	أَيْدِي بَنِي عِمْرَانَ فِي جَبَهَاتِهَا

ارادبالایدی النعم علی خلاف المتعارف وہوان الید بمعنی النعمۃ جبہا الایادی وبمعنی العضو جمعہا الایدی ترجمہ مینے دشمنون کے لشکر کے سامنے اپنے گھوڑے ایسے روشن پیشانی کہ گویا بنی عمران کی نعمتین اُنکی پیشانیوں پر چمک رہی ہین پیش کیے۔ نعمتون کے لیے اثبات روشنی بطور مجاز ہی۔

أَلثَّابِتِينَ فُرُوسَةً كَجُلُودِهَا	فِي ظَهْرِهَا وَالطَّعْنُ فِي لَبَّاتِهَا

ترجمہ وہ بنی عمران از روئے شہسواری گھوڑون کی پشت پر جبکہ نیزے اُنکے سینون مین گھسے ہوئے ہون یعنی بحالت نہایت تیزی کے ایسے جمتے ہین جیسے اُنکی کھالین۔ اُنکی شہسواری اور اقدام کی تعریف کرتا ہی۔

أَلْعَارِفِينَ بِهَا كَمَا عَرَفَتْهُمُ	وَالرَّاكِبِينَ جُدُودُهُمْ أُمَّاتِهَا

ترجمہ بنی عمران اُن گھوڑون کو ایسا پہچانتے ہین جیسے وہ گھوڑے اُنکو۔ اور اُن کے دادے اُن کی ماؤن پر سوار ہوا کرتے تھے۔ خلاصہ یہ کہ وہ گھوڑے اُن کے خانہ زاد ہین اور یہ اور اُن کے اجداد موروثی شہسوار اور خوشحال ہین نو دولت نہین ہین۔

فَكَأَنَّهَا نُتِجَتْ قِيَامًا تَحْتَهُمْ	وَكَأَنَّهُمْ وُلِدُوا عَلَى صَهَوَاتِهَا

الصہوۃ مقعد الفارس ترجمہ وہ گھوڑے اُنسے ایسے ہلے ہوئے ہین اور وہ لوگ اُنکے مزاج سے ایسے آشنا ہین اور سواری مین ایسے مشاق ہین کہ گویا وہ گھوڑے بحالت قیام اُن کے نیچے پیدا ہوئے ہین اور گویا وہ سوار اُنکی پشتون پر پیدا کیے گئے ہین۔

إِنَّ الْكِرَامَ بِلَا كِرَامٍ مِنْهُمُ	مِثْلُ الْقُلُوبِ بِلَا سُوَيْدَاوَاتِهَا

ترجمہ بیشک عمدہ گھوڑے جب اُن پر ایسے عمدہ سوار نہون مثل دلون کے ہین۔ جنکے سویدا یعنی دانہ سیاہ جو دلمین ہوتا ہی نہو۔ یا یون کہو کہ جب اور اشراف کے مجمع مین اُنکے اشراف نہون تو وہ مجمع مانند دل بے سویدا کے ہی۔

تِلْكَ النُّفُوسُ الْغَالِبَاتُ عَلَى الْعُلَى	وَالْمَجْدُ يَغْلِبُهَا عَلَى شَهَوَاتِهَا

ترجمہ بنی عمران ایسے نفوس ہین کہ اور لوگو نپر بزرگی مین غالب آتے ہین اور شرف اور بزرگی اُنکی نفسانی خواہشون پر غالب ہے

سُقِيَتْ مَنَابِتُهَا الَّتِي سَقَتِ الْوَرٰى	بِيَدَيْ أَبِي أَيُّوبَ خَيْرَ نَبَاتِهَا

ترجمہ اجداد واصول بنی عمران کے جنھون نے خلق کو بذریعہ دونون ہاتھون ابوایوب بہترین اپنی اولاد کے تروتازہ کردیا ہے تروتازہ کئے جاوین یعنی خداتعالی اجداد ابوایوب کا بھلا کرے کہ اُسنے تمام خلق کو فائدہ پہنچایا ہے۔

لَيْسَ التَّعَجُّبُ مِنْ مَوَاهِبِ مَالِهِ	بَلْ مِنْ سَلَامَتِهَا إِلَى أَوْقَاتِهَا

ترجمہ اُسکے مال کی کثرت عطاسے تعجب نہین ہے بلکہ اس سے کہ ان بخششون تلک یہ کیونکر سلامت رہا کیونکہ وہ جمع کرنا تو جانتا ہی نہین۔

عَجَبًا لَهُ حَفِظَ الْعِنَانَ بِأَنْمُلٍ	مَا حِفْظُهَا الْأَشْيَاءَ مِنْ عَادَاتِهَا

ترجمہ ممدوح سے تعجب ہے کہ اپنے گھوڑے کی باگ اپنے ہاتھ مین کیونکر رکھتا ہے کیونکہ چیز نکا نگاہ رکھنا تو اُسکی عادت ہیچ نہین ہے

لَوْ مَرَّ يَرْكُضُ فِي سُطُورِ كِتَابَةٍ	أَحْصَى بِحَافِرِ مُهْرِهِ مِيمَاتِهَا

ترجمہ ممدوح کی شہسواری کی تعریف کرتا ہے کہ اگر ممدوح گھوڑا دوڑاتا اپنے خط کی سطرون مین گزرے تو اپنے بچھیرے کے قدم سے سطور کی میم شمار کردے۔ وجہ تخصیص میم کی یہ ہے کہ وہ سم اسپ سے زیادہ مشابہ ہے اور جبکہ بچھیرے کو جو اکثر اکھڑ ہوتا ہے ایسا قابو مین رکھتا ہے تو شایستہ گھوڑون کا کیا کہنا ہے۔

يَضَعُ السِّنَانَ بِحَيْثُ شَاءَ مُجَاوِلًا	حَتَّى مِنَ الْآذَانِ فِي أَخْرَاتِهَا

ترجمہ وہ گھوڑا دوڑاتے اپنے نیزہ کی بھال کو جہان چاہے رکھدے یہان تلک کہ کانون کے سوراخ مین۔

تَكْبُو وَرَاءَكَ يَا ابْنَ أَحْمَدَ قُرَّحٌ	لَيْسَتْ قَوَائِمُهُنَّ مِنْ آلَاتِهَا

ضمیر الآتہا عائد الی القرح وہو جمع قارح وہو الآتی علیہا خمس سنین۔ والکبو الخرور علی الوجہ ترجمہ ای احمد کے بیٹے تیرے سامنے اور مقابلہ مین اور پیچھے وہ گھوڑے جو اپنے کمال قوۃ کو پہنچ جاتے ہین ایسے حال مین مُنھ کے بل گرتے ہین کہ گویا اُنکے پاؤں اُنکے قابو مین نہین رہے۔ یہ بطور مثل کے ہے حاصل یہ ہے کہ اور اسپ تیری برابری نہین کرسکتے ہین اور اگر ارادہ برابری کرتے ہین تو زک اُٹھاتے ہین۔

رِعَدُ الْفَوَارِسِ مِنْكَ فِي أَبْدَانِهَا	أَجْرَى مِنَ الْعَسَلَانِ فِي قَنَوَاتِهَا

الرعد جمع رعدۃ۔ والعسلان الاضطراب۔ والقنوات جمع قناۃ ترجمہ سوارون کے بدنون مین تیرے خوف سے کپکپی و لرزہ زیادہ بہنے والی ہین حرکت سے اُنکے نیزون مین یعنی ایسے نیزے نہین ہلتے جیسے وہ کانپتے ہین۔

لَا خَلْقَ أَسْمَحُ مِنْكَ إِلَّا عَارِفٌ	بِكَ رَاءَ نَفْسَكَ لَمْ يَقُلْ لَكَ هَاتِهَا

راء مقلوب رای کما یقال نارونای ترجمہ تجھ سے کوئی مخلوق زیادہ سخی نہین ہے مگر وہ تیرا شناسا کہ اُس نے تجھے دیکھا

اور تجکو یہ نکہا کہ تو مجکو اپنی جان دیدے کیونکہ تو سوال سائل رد نہین کرتا سو وہ شخص تجہسے زیادہ سخی ہو گویا اُسنے تیری جان بے قیمت ہی تجکو بخشدی۔

غَلِطَتْ الَّذِیْ حَسَبَ الْعُشُوْرَ بِاٰیَۃٍ	تَرْتِیْلُکَ السُّوَرَاتِ مِنْ اٰیَاتِھَا

غلت فی الحساب خاصۃ وہو مثل غلط فی الکلام وغیرہ - والعشور اعشار القرآن - والترتیل التبیین التحسین ترجمہ جس نے قرآن شریف کا تیرا پڑھنا سنا اور اُسکو ایک معجزہ شمار کیا اُسنے حساب مین غلطی کی کیونکہ تیرا اسور توکو بوضاحت تجوید پڑھنا بھی تو قرآن کے معجزات مین سے ہو پس اُسمین دو معجزے ہوتے۔

کَرَمٌ تَبَیَّنَ فِیْ کَلَامِکَ مَاثِلًا	وَیَبِیْنُ عِتْقُ الْخَیْلِ فِیْ اَصْوَاتِھَا

العتق الکرم والماثل الظاہر ترجمہ تیرے کلام مین کرم بخوبی ظاہر ہو یعنی جو تیرے کلام کو سنتا ہو وہ فوراً جان لیتا ہو کہ تو کریم ہو۔ جیسے گھوڑونکی عمدگی اُنکی آوازون سے ظاہر ہوتی ہو۔

اَعْیَا زَوَالُکَ عَنْ مَحَلٍّ نِلْتَہٗ	لَا تَخْرُجُ الْاَقْمَارُ مِنْ ھَالَاتِھَا

ترجمہ جس رتبہ شرف پر تو ہو اُس سے تنزل تیرا ایسا دشوار ہو جیسا کہ چاندون کا اپنے ہالون سے نکلنا۔

لَا نَعْذُلُ الْمَرَضَ الَّذِیْ بِکَ شَائِقٌ	اَنْتَ الرِّجَالَ وَشَائِقٌ عِلَّاتِھَا

الرجال منصوب بشائق وہو بمیل عل الفعل شاقہ اذا حملہ علی الشوق ترجمہ ہم اُس مرض کو جو تجھے ہو ملامت نہین کرتے کیونکہ تو لوگون کو بھی اپنا مشتاق کرتا ہو اور اُنکی بیماریون کو بھی حاصل یہ ہو کہ مرض تیرے پاس مشتاقانہ آیا ہو لہذا قابل ملامت نہین ہو۔ متنبی اُس کی حالت مرض مین مدح کرتا ہو۔

فَاِذَا نَوَتْ سَفَرًا اِلَیْکَ سَبَقْتَھَا	فَاَضَفْتَ قَبْلَ مُضَافِھَا حَالَاتِھَا

ترجمہ سو جب لوگ سفر کرکے تیرے پاس آنا چاہتے ہین تو تو اُنسے آگے بڑھتا ہو اور قبل ضیافت مردان اُنکے حالات امراض کی ضیافت کردیتا ہو یعنی اُنکے امراض براہ مہمان نوازی اپنے اوپر لے لیتا ہو۔

وَمَنَازِلُ الْحُمّٰی الْجُسُوْمُ فَقُلْ لَنَا	مَا عُذْرُھَا فِیْ تَرْکِھَا خَیْرَاتِھَا

ترجمہ اور فرود گاہ تپ جسم ہین تو ہمسے فرمایئے کہ اگر تپ عمدہ اجسام کو چھوڑدے تو اُسکا کیا عذر ہوگا۔ یعنی کچھ نہین۔

اَعْجَبْتَھَا شَرَفًا فَطَالَ وُقُوْفُھَا	لِتَاَمُّلِ الْاَعْضَاءِ لَا لِاَذَاتِھَا

ترجمہ تونے اپنے شرف سے تپ کو متعجب کردیا سو وہ تیرے پاس مقیم ہوگئی تاکہ اُن اعضا کو جو ایسے مصائب پر متحمل ہین بغور دیکھے۔ ورنہ اُسکی اقامت اعضا کی تکلیف دہی کے لئے نہین ہو۔

وَبَذَلْتَ مَا عَشِقَتْہُ نَفْسُکَ کُلَّہٗ	حَتّٰی بَذَلْتَ لِھٰذِہٖ صِحَّاتِھَا

ترجمہ جو چیز تیری محبوب تھی اُسکو تونے براہ سخاوت سب خرچ کرڈالا یہان تلک کہ تونے اپنی صحت اس بیماری کو بخشدی

حَقَّ الْكَوَاكِبُ اَنْ تَزُوْرَكَ مِنْ عَلٍ	وَتَعُوْدُكَ الْاٰسَادُ مِنْ غَابَاتِهَا

ترجمہ ستارون کو لائق ہی کہ عالم بالا سے تیری زیارت کرین کیونکہ تو بھی بلند رتبہ ہو اور شیرون کو سزاوار ہی کہ اپنے بیشون سے آنکر تیری عیادت کرین کیونکہ وہ شجاعت مین تیرے ہمرنگ ہین۔

وَالْجِنُّ مِنْ سُتَرَاتِهَا وَالْوَحْشُ مِنْ	فَلَوَاتِهَا وَالطَّيْرُ مِنْ وُكُنَاتِهَا

ترجمہ اور جن کو سزاوار ہی کہ اپنے پردون سے نکلکر تیری عیادت کرین اور جنگلی جانور اپنے جنگلون سے اور پرندے اپنے گھونسلون سے کیونکہ تیرا فیض سب کو برابر پہنچتا ہی۔

ذُكِرَ الْاَنَامُ لَنَا فَكَانَ قَصِيْدَةً	كُنْتَ الْبَدِيْعَ الْفَرْدَ مِنْ اَبْيَاتِهَا

ترجمہ تمام خلق ہمارے روبرو مذکور ہوئی سو وہ بمنزلہ ایک قصیدہ کے ہو اور تو اُسکے ابیات مین ایک نادر و یکتا فرد ہو جیسا یہ شعر اس قصیدہ مین۔ خلاصہ یہ کہ تو باعث زینت مخلوقات ہی۔

فِي النَّاسِ اَمْثِلَةٌ تَدُوْرُ حَيَاتُهَا	كَمَمَاتِهَا وَمَمَاتُهَا كَحَيَاتِهَا

ترجمہ لوگون مین آدمی صورت بہت ہین جو گھومتے اور جوتیان چٹخاتے پھرتے ہین مگر اُنکی زندگی مثل موت کے ہی اور مرنا اُنکا مثل اُنکی زندگی کے یعنی نکمّے ہین کہ اُن کا مرنا جینا برابر ہی۔

هِبْتُ النِّكَاحَ حِذَارَ نَسْلٍ مِثْلِهَا	حَتّٰى وَفَرْتُ عَلَى النِّسَاءِ بَنَاتِهَا

ترجمہ سو ایسے نسب کے خوف سے مین اپنے نکاح سے ڈرتا ہون یہان تلک کہ عورتون پر اُن کی بیٹیان مینے زیادہ کردین یعنی وہ گھر بیٹھی رہگئین مگر مینے اُن سے نکاح نہ کیا۔

فَالْيَوْمَ صِرْتُ اِلَى الَّذِيْ لَوْ اَنَّهٗ	مَلَكَ الْبَرِيَّةَ لَاسْتَقَلَّ هِبَاتِهَا

ترجمہ سو مین آج ایسے سخی کے پاس جا پہنچا کہ اگر وہ تمام خلق کا مالک ہو جاوے اور اُسکو بخشدے تب بھی اپنی بخششوں کو کمتر سمجھے۔

مُسْتَرْخِصٌ نَظَرًا اِلَيْهِ بِمَا بِهٖ	نَظَرَتْ وَعَثْرَةَ رِجْلِهٖ بِدِيَاتِهَا

ترجمہ اگر آنکھین دیکر اُس کا دیدار ایک دفعہ نصیب ہو جاوے تو یہ معاملہ ارزان ہی اور اُسکے پاؤن کا غبار یا اُسکی لغزش بدلہ خلق کی دیتون کے سستی ہی۔ وقال یمدح سیف الدولۃ وہو یسایرہ

لِهٰذَا الْيَوْمِ بَعْدَ غَدٍ اَرِيْجُ	وَنَارٌ فِي الْعَدُوِّ لَهَا اَجِيْجُ

الاریج والارج الریح الطیبۃ۔ والاجیج تہب النار ترجمہ اس دن کو بعد کل کے یعنی تیسرے روز ایک نہایت عمدہ خوشبو ہوگی یعنی مژدہ فتح۔ اور دشمن مین لڑائی کی ایسی آگ ہوگی جسکا شعلہ بلند ہوگا۔

تَبِيْتُ بِهَا الْحَوَاضِنُ اٰمِنَاتٍ	وَتَسْلَمُ فِيْ مَسَالِكِهَا الْحَجِيْجُ

الحواضن ہی اللاتی فی حضانۃ اولاد ہن ترجمہ اُس فتح سے وہ عورتین جو اپنے بچون کو پرورش کرتی ہین قید و قتل سے

بیخوف ہوجاوین گی اور حاجی لوگ اپنے سفرون مین سالم رہین گے۔

فَلا زَالَتْ عُدَاتُكَ حَيْثُ كَانَتْ	فَرَائِسَ أَيُّهَا الأَسَدُ المَهِيجُ

المہیج ہو الذی اہاجہ غیرہ ترجمہ اے چھیڑے ہوئے شیر تیرے دشمن جہان ہون تیرے شکار رہین۔

عَرَفْتُكَ وَالصُّفُوفُ مُعَبَّآتٌ	وَأَنْتَ بِغَيْرِ سَيْفِكَ لَا تَعِيجُ

لاتعیج ای لاتبالی ترجمہ مینے تجھے ایسے وقت پہچانا کہ لشکر آراستہ تھا اور تو سوائے اپنی تلوار کے کسی کی پروا نہین کرتا تھا۔ متنبی سیف الدولہ کے بلاد روم مین تھا۔ اُس نے سیف الدولہ کو لشکر کے صفون سے باہر دیکھا کہ اپنا نیزہ ہلا رہا تھا سو اُسنے اُسے پہچان لیا۔ یعنی تجھکو کسی کی اپنی تلوار کے سوا پروا نہین ہی۔

وَوَجْهُ البَحْرِ يُعْرَفُ مِنْ بَعِيدٍ	إِذَا يَسْجُو فَكَيْفَ إِذَا يَمُوجُ

یسجو یسکن ویدوم ترجمہ دریا تو جب ٹھہرا ہوا ہو دور سے پہچانا جاتا ہی سو کیا حال ہوگا جب وہ موج زن ہو یعنے اُسوقت تو ہر کوئی اُسکو پہچان لے گا اُسکو نیزہ ہلاتے دیکھکر دریائے مواج سے تشبیہ دی۔

بِأَرْضٍ تَهْلِكُ الأَشْوَاطُ فِيهَا	إِذَا مُلِئَتْ مِنَ الرَّكْضِ الفُرُوجُ

الاشواط جمع شوط وہو القدم۔ والفروج ما بین القوائم والبا متعلقۃ بتحاول فی الشعر الآتی ترجمہ اُس زمین مین کہ چلنے والے کے قدم اُسکی وسعت کے سبب فنا ہوجاوین جبکہ لشکر کی تاخت سے اُسکے میدان پُر کئے جاوین۔

تُحَاوِلُ نَفْسَ مَلْكِ الرُّومِ فِيهَا	فَتَفْدِيهِ رَعِيَّتُهُ العُلُوجُ

العلوج جمع علج وہو کافر العجم ترجمہ ایسی زمین مین تو روم کے بادشاہ کا قصد کرتا ہی سو اُسکی کافر رعیت اُس پر فدا ہو جاتے ہین اور وہ مقتول و مخذول ہوتے ہین۔

أَبِالغَمَرَاتِ تُوعِدُنَا النَّصَارَى	وَنَحْنُ نُجُومُهَا وَهِيَ البُرُوجُ

الغمرات الشدائد ترجمہ کیا نصارے ہمکو شدائد سے ڈراتے ہین اور حال یہ ہی کہ ہم شدائد کے ستارے ہین اور وہ شدائد ہمارے لئے بمنزلہ بروج ہین جیسے ستارے بروجکو نہین چھوڑتے ایسے ہی ہم شدائد مین رہتے ہین غرض جنگاش ہین

وَفِينَا السَّيْفُ حَمْلَتُهُ صَدُوقٌ	إِذَا لَاقَى وَغَارَتُهُ لَجُوجُ

ترجمہ اور ہم مین سیف الدولہ ہی کہ جسکا حملہ سچا اور کامل ہی بوقت جنگ اور اُسکی لوٹ لیجڑ ہی کہ بے استیصال رُکتی ہی نہین

نُعَوِّذُهُ مِنَ الأَعْيَانِ بَأْسًا	وَيَكْثُرُ بِالدُّعَاءِ لَهُ الضَّجِيجُ

ترجمہ ہم لوگ اُسکو خدا کی پناہ مین دیتے ہین بخوف چشم ہائے بد کے کہ اُسکی شجاعت و سخاوت کو نظر نہ لگجاوے اور اُسکی دعائے خیر کا ایک غل رہتا ہی یعنی اُس کے لئے سب دعا کرتے ہین۔

رَضِينَا وَالدُّمُسْتُقُ غَيْرُ رَاضٍ	بِمَا حَكَمَ القَوَاضِبُ وَالوَشِيجُ

القواضب جمع قاضب وہو السیف القاطع۔ والوشیج الرماح ترجمہ ہم شمشیر ہائے بران اور نیزوں کے فیصلہ پر راضی ہیں مگر دمستق راضی نہیں ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ یہ دونوں میری شکست کا حکم کریں گے۔

فَاِنْ یُقْدِمْ فَقَدْ زُرْنَا سَمَنْدُوْ	وَاِنْ یُحْجِمْ فَمَوْعِدُہُ الْخَلِیْجُ

سمندو من بلاد الروم فی اولہا والخلیج نہر عند قسطنطنیۃ ترجمہ سو وہ اگر آگے بڑھا تو ہم شہر سمندو میں داخل ہو جاوینگے اور اگر پیچھے ہٹا تو اُسکی ملاقات کی جگہ خلیج ہے جو اُسکی علداری کی حد ہے وقال وقد تاخر مدحہ عنہ فتعتب علیہ

بِاَدْنیٰ ابْتِسَامٍ مِنْکَ تَحْیَی الْقَرَائِحُ	وَتَقْوٰی مِنَ الْجِسْمِ الضَّعِیْفِ الْجَوَارِحُ

القرائح جمع قریحۃ وہی الطبیعۃ ترجمہ تیرے تھوڑے تبسم کے سبب طبیعتیں زندہ ہو جاتی ہیں اور جسم ناتوان کے اعضا قوی ہو جاتے ہیں۔

وَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَقْضِیْ حُقُوْقَکَ کُلَّہَا	وَمَنْ ذَا الَّذِیْ یُرْضِیْ سِوٰی مَنْ تُسَامِحُ

ترجمہ وہ کون شخص ہے جو تیرے سب حقوق ادا کرے اور وہ کون ہے جو تیرے حقوق ادا کر کے تجھے راضی کرے اُس شخص کے سوا جس سے تو سہل انکاری کرے۔

وَقَدْ تَقْبَلُ الْعُذْرَ الْخَفِیَّ تَکَرُّمًا	فَمَا بَالُ عُذْرِیْ وَاقِفًا وَہُوَ وَاضِحُ

ترجمہ بیشک تو عذر کو جو غیر واضح ہو براہ کرم قبول کر لیتا ہے سو کیا حال ہے میرے عذر کا کہ وہ واضح ہے قبول نہیں ہوتا حالانکہ وہ بامید پذیرائی کھڑا ہے۔

وَاِنَّ مُحَالًا اِذْ بِکَ الْعَیْشُ اَنْ اَرٰی	وَجِسْمُکَ مُعْتَلٌّ وَجِسْمِیْ صَالِحُ

ترجمہ اس سبب سے کہ ہماری زندگی تیرے باعث سے ہے بیشک یہ محال ہے کہ میں دیکھوں کہ تیرا جسم علیل اور میرا جسم تندرست

وَمَا کَانَ تَرْکِی الشِّعْرَ اِلَّا لِاَنَّہٗ	تُقَصِّرُ عَنْ وَصْفِ الْاَمِیْرِ الْمَدَائِحُ

ترجمہ اور میرا تیرے اشعار مدحیہ کو چھوڑنا کسی اور سبب سے نہیں ہوا مگر اس باعث سے کہ میری تعریفیں امیر کے حق تعریف سے کوتاہ ہیں اس لئے شعر کہنے میں دیر ہوئی۔ وقال لرجل بلغہ عن قوم کلاما

اَنَا عَیْنُ الْمُسَوَّدِ الْجَحْجَاحِ	ہَیَّجَتْنِیْ کِلَابُکُمْ بِالنُّبَاحِ

المسود الذی جعلہ الناس سیدالہم والجحجاح السید العظیم ترجمہ میں سردار عظیم الشان کے لئے بمنزلہ چشم ہوں یا عین وہی ہوں مگر تمہارے کتوں نے بھونک کر مجھکو برانگیختہ کیا ہے یعنی غضبناک۔

اَیَکُوْنُ الْہِجَانُ غَیْرَ ہِجَانٍ	اَمْ یَکُوْنُ الصُّرَاحُ غَیْرَ صُرَاحِ

الہجان من الابل البیض ترجمہ کیا عمدہ و شریف غیر شریف ہو سکتا ہے یا خالص غیر خالص۔ یعنی مجھکو کسی کی ہجو سے ضرر نہیں پہنچ سکتا۔

جَهِلُوْنِیْ وَاِنْ عُمِّرْتُ قَلِیْلاً	لَسَبَتْنِیْ لَهُمْ صُدُوْرُ الرِّمَاحِ

ترجمہ وہ مجکو بھول گئے ہین اور اگر کچھ اور دنون تک مین زندہ رہا تو انکو میرا نسب نیزونکے سر تبلا دینگے۔

وقال یمدح مساور بن محمد الرومی

جَلَلاً كَمَا بِیْ فَلْیَكُ التَّبْرِیْحُ	اَغِذَاءُ ذَا الرَّشَاِ الْاَغَنِّ الشِّیْحُ

جللاً خبر کان مقدم علیہ۔ والتبریح الشدۃ۔ والجلل الامر العظیم۔ والرشا ولد الظبیۃ والاغن الذی فی صوتہ غنۃ وہو صوت من الخیشوم والاستفہام انکاری وتقدیر البیت فلیک التبریح جللا کما بی ترجمہ جو شخص عشق مین مبتلا ہو تو لازم ہی کہ اُسکی شدت مصیبت ایسی ہو جیسی سخت محنت و مصیبت میری ہی اور میری تکلیف کیونکر سخت نہو کہ مین ایک بچہ آہو یعنی ایسی معشوقہ پر جو مثل آہو بر حسین وخوشنما ہی مبتلا ہون پھر کہتا ہی کیا غذا اس بچہ آہو کی جو گنگنا بولتا ہی یعنی براہ ناز وادا ناک مین سے آواز نکالتا ہی گیاہ شیح ہی بلکہ یہ نہین ہی اُسکی غذا تو قلوب اور ابدان عشاق ہی پھر میری شدت محنت کسطرح انتہا کو نہ پہنچے۔

لَعِبَتْ بِمِشْیَتِهِ الشَّمُوْلُ وَجَرَّدَتْ	صَنَمًا مِنَ الْاَصْنَامِ لَوْلَا الرُّوْحُ

الشمول بالفتح الخمر ترجمہ شراب نے اُسکی رفتار کو ایک کھیل وتماشا کر دیا ہی یا شراب اُسپر محیط ہوگئی ہی کہ وہ مستانہ چلتی ہی نہایت خوش رفتاری سے اور شراب نے اُسکو منجملہ اور بتونکی خوبصورتی مین ایک بت بنا کر ظاہر کر دیا ہی اگر اُسمین روح نہوتی تو بالکل حقیقی بت معلوم ہوتی۔

مَا بَالُهُ لَاحَظْتُهُ فَتَضَرَّجَتْ	وَجَنَاتُهُ وَفُؤَادِیَ الْمَجْرُوْحُ

تضرجت احمرت خجلاً ترجمہ اُس آہو بچہ کا کیا حال ہی کہ مینے اُسکو دیکھا تو اُسکے رخسار شرم سے سُرخ ہوگئے باوجودیکہ اُسکو کسی چیز نے زخم نہین پہنچایا اور حال یہ ہی کہ میرا دل زخمی ہوگیا یعنی یہ عجب تماشا ہی۔

وَرَمٰی وَمَا رَمَتَا یَدَاهُ فَصَابَنِیْ	سَهْمٌ یُعَذِّبُ وَالسِّهَامُ تُرِیْحُ

صاب السہم قصدہ واصابہ۔ وقولہ رمتا یداہ الوجہ ان یقول رمت یداہ ولکنہ علی لغۃ من قال اکلونی البراغیث ترجمہ اور اُسنے میرے تیر نگاہ مارا کہ اُسکو اُسکے دونون ہاتھون نے نہین مارا تھا سو میرے ایسا تیر لگا کہ وہ ہر وقت عذاب دیتا ہی۔ اور اور تیر تو قتل کرکے راحت بخشتا ہی۔

قَرُبَ الْمَزَارُ وَلَا مَزَارَ وَاِنَّمَا	یَغْدُو الْجَنَانُ فَنَلْتَقِیْ وَیَرُوْحُ

ترجمہ ملاقات قریب ہوگئی مگر حقیقت مین ملاقات نہین ہان دل اُسکے پاس صبح و شام جاتا ہی اور خیالی ملاقات اُس سے ہوجاتی ہی یعنی جب اُسکو یاد کرتا ہون لمجاتا ہون۔ ولللہ در القائل سہ دلکے آئینہ مین ہی تصویر یار +

جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی +

وَفَشَتْ سَرَائِرُنَا إِلَيْكَ وَشَفَّنَا ‏ ‏ ‏ تَعْرِيضُنَا فَبَدَا لَكَ التَّصْرِيحُ

ترجمہ ہمارے پوشیدہ بھید تجکو ظاہر ہوگئے اور ہمنے جو اپنے نفس کو تیرے عشق کے سامنے کیا سو اُس نے ہمکو لاغر کردیا سو یہ لاغری قائم مقام تصریح ہوگئی قال بعضہم ؎ میتوان داشت نہان عشق ز مردم لیکن + زردی رنگ رخ و خشکی لب را چہ علاج۔

لَمَّا تَقَطَّعَتِ الْحُمُولُ تَقَطَّعَتْ ‏ ‏ ‏ نَفْسِي أَسًا فَكَأَنَّهُنَّ طُلُوحُ

الحمول الاحمال علی الابل والمراد ہہنا الابل التی حملتہا۔ والطلوح جمع طلح وہو شجر۔ اسفلہ دقیق واعلاہ کالقبۃ ترجمہ جبکہ شتران حاملان ہودج نظر سے غائب ہوگئے تو میری جان غم کے مارے تلف ہوگئی۔ سو وہ شتران ہودج بردار گویا طلح کے درخت تھے نیچے پتلے اوپر سے پھیلے ہوئے۔

وَجَلَا الْوَدَاعُ مِنَ الْحَبِيبِ مَحَاسِنًا ‏ ‏ ‏ حَسَنُ الْعَزَاءِ وَقَدْ جُلِينَ قَبِيحُ

ترجمہ وداع نے دوست کی بہت ایسی خوبیان ظاہر کردین کہ جب وہ ظاہر ہوئین تو صبر جمیل قبیح ہوگیا۔ کیا عمدہ شعر ہی

فَيَدٌ مُسَلِّمَةٌ وَطَرْفٌ شَاخِصٌ ‏ ‏ ‏ وَحَشًا يَذُوبُ وَمَدْمَعٌ مَسْفُوحُ

ارادبالمدمع الدمع ترجمہ بوقت وداع ہمارا ہاتھ سلام کرتا ہوا اور آنکھ حیران کھلی کی کھلی اور اعضائے باطن گلے ہوئے اور آنسو ٹپکتے ہوتے رہگئے۔ یہ تقسیم نہایت عمدہ ہی۔

يَجِدُ الْحَمَامُ وَلَوْ كَوَجْدِي لَانْبَرَى ‏ ‏ ‏ شَجَرُ الْأَرَاكِ مَعَ الْحَمَامِ يَنُوحُ

انبری اندفع واعترض واخذ ترجمہ کبوتر مغموم ہوتا ہی اور اگر میرے غم کے مانند اُس کا غم ہو تو اراک کا درخت جبہر وہ نالان ہی کبوتر کے ساتھ رونا شروع کردے۔

وَأَمَقَّ لَوْ خَدَتِ الشَّمَالُ بِرَاكِبٍ ‏ ‏ ‏ فِي عَرْضِهِ لَأَنَاخَ وَهْيَ طَلِيحُ

الامق الطویل۔ والوخد ضرب من السیر وارادہہنا اسرعت۔ والطلیح المعیی ترجمہ اور بہت سے ایسے دشت وسیع ہین کہ اگر باد شمالی کسی سوار کو اُسکی مسافت کی عرض مین بہت جلد لیجاوے تو وہ سوار قبل قطع میدان و دشت اُتر پڑے ایسے حال مین کہ وہ ہوا درماندہ ہو جب عرض میدان ایسا وسیع ہی تو طول کا کیا حال ہوگا! الحاصل وسعت میدان کی تعریف کرتا ہی۔

نَازَعْتُهُ قُلُصَ الرِّكَابِ وَرَكْبُهَا ‏ ‏ ‏ خَوْفَ الْهَلَاكِ حُدَاهُمُ التَّسْبِيحُ

قلص الرکاب ہی الفتیۃ من الابل ترجمہ ایسے دشت سے میّنے شتران جوان کا جھگڑا کرادیا یعنی وہ دشت یہ چاہتے تھے کہ بسبب دشوارگذاری کے کسی کو چلنے ندین اور شتر اُس کو طے کرنا چاہتے تھے۔ خلاصہ یہ کہ مین نے اپنے

شترونکو انہین روانہ کیا ایسے حال مین کہ سواران شتر بسبب خوف ہلاک حدی کی جگہ سبحان اللہ سبحان اللہ کہتے تھے

لَوْلَا الْاَمِیْرُ مُسَاوِرُ بْنُ مُحَمَّدٍ	مَا جُشِّمَتْ خَطَرًا وَرُدَّ نَصِیْحُ

ترجمہ اگر امیر مساور بن محمد سخی میرا مقصد ہوتا تو شتر ایسے پُرخطر راہ کی تکلیف نہ دئے جاتے اور نہ اُس ناصح کی بات کو جو مجکو ایسے سفر دشوار سے منع کرتا تھا رد کا جاتا۔

وَمَتٰی وَنَتْ وَاَبُو الْمُظَفَّرِ اَمُّهَا	فَاَتَاحَ لِیْ وَلَهَا الْحِمَامَ مُتِیْحُ

ونت قصرت وفترت - واَمّہا قصدہا - واتاح قدر ترجمہ اور جبکہ شتر ایسے وقت مین سُستی کرین کہ اُسکا مقصد ابوالمظفر ہو تو موت کا مقدر کرنیوالا یعنی خدا میرے لئے اور شترون کے لئے موت مقدر کردے یعنی ہم دونون مرجاوین۔

شِمْنَا وَمَا حَجَبَ السَّمَاءَ بُرُوْقُهٗ	وَحَرًی یَجُوْدُ وَمَا مَرَتْهُ الرِّیْحُ

شمنا نظرنا الی سحابۃ این یمطر - وحری حقیق - ومرتہ استدرتہ ترجمہ سخائے ممدوح کو باران پر تفضیل دیتا ہے ممدوح کی بجلیونکو یعنی اُسکی عطا کے نور کو دور سے دیکھا ایسی صورت مین کہ اُنھون نے آسمان کو نہین چھپایا تھا جیسا کہ باران آسمان کو چھپا کر برستا ہی اور ممدوح لائق اس کے ہی کہ وہ بخشش کرے ایسے حال مین کہ ہوا اُسکا باران باہر نہ لاوے یعنی باران معمولی مین دو عیب ہین ایک تو یہ کہ اُس کا ابر حسن آسمان کو ہمیشہ پوشیدہ کردیتا ہی دوسرا یہ کہ جب تلک ہوا اُسکو رقیق نکرے نہین برستا سو ممدوح مین یہ دونون عیب نہین ہین۔

مَرْجُوُّ مَنْفَعَةٍ مَخُوْفُ اَذِیَّةٍ	مَغْبُوْقُ كَاْسِ مَحَامِدٍ مَصْبُوْحُ

المغبوق ہو الذی یسقی عند الغبوق وہو آخر النہار - والمصبوح ہو الذی یسقی عند الصباح ترجمہ وہ دوستون کے لئے مرجو المنفعۃ اور دشمنون کے واسطے اذیت کا ڈرایا گیا اور صبح وشام پیالہ محامد کا پلایا گیا ہی یعنی وہ ہر وقت محمود ہی

حَنِقٌ عَلٰی بِدَرِ اللُّجَیْنِ وَمَا اَتَتْ	بِاِسَاءَةٍ وَعَنِ الْمُسِیْءِ صَفُوْحُ

ترجمہ چاندی کی تھیلیون پر وہ خفا ہی حالانکہ اُنھون نے اُسکی کچھ برائی نہین کی یعنی روپیہ کے توڑون کو اپنے خزانہ مین نہین آنے دیتا ہی آتے ہی سائلون کو دے ڈالتا ہی گویا اُنپر خفا ہی اور بدکار سے درگذر کرنیوالا ہی۔

لَوْ فَرَّقَ الْكَرَمَ الْمُفَرِّقَ مَالَهٗ	فِی النَّاسِ لَمْ یَكُ فِی الزَّمَانِ شَحِیْحُ

ترجمہ اگر ممدوح اپنے کرم کو جو اُسکے مال کو بانٹ دیتا ہی لوگو نمین تقسیم کردے تو زمانہ مین کوئی بخیل نرہے۔

اَلْغَتْ مَسَامِعُهُ الْمَلَامَ وَغَادَرَتْ	سِمَةً عَلٰی اَنْفِ اللِّئَامِ تَلُوْحُ

ترجمہ اُسکے کانون نے ملامت گران سخاوت کو لغو کردیا یعنی اُنکی نہین سُنتا اور ملامت کو بخیلون کی ناک کا نشان کردیا جو ہر وقت اُنکے چہرہ پر عیان ہین۔

هٰذَا الَّذِیْ خَلَتِ الْقُرُوْنُ وَذِكْرُهٗ	وَحَدِیْثُهٗ فِیْ كُتْبِهَا مَشْرُوْحُ

ترجمہ ممدوح وہ شخص ہی کہ بہت زمانے گذر گئے اور اُسکا ذکر وحدیث زمانوں کی کتابون مین مفصل لکھا گیا یعنی ہمیشہ سے جوذکر سخا وسخاوت کتب مین لکھا ہوا ہی اُس سے غرض یہی ممدوح ہی کہ وہ فرد کامل اسکا ہی یا یہ معنی کہ قرن گزر جاوینگے کہ تیری سخاوت وسیرت کی تعریف کتب مین مذکور رہے گی۔

أَلْبَابُنَا بِجَمَالِهِ مَبْهُوْرَةٌ　　وَسَحَابُنَا بِنَوَالِهِ مَفْضُوْحُ

ترجمہ ہماری عقلین جمال ممدوح دیکھکر حیران ہین۔ اور ہمارا ابر اُسکی کثرت عطا کے سبب رسوا ہی۔

يَنْشَى الطِّعَانَ فَلَا تُرَدُّ قَنَاتُهُ　　مَكْسُوْرَةً وَمِنَ الْكُمَاةِ صَحِيْحُ

ترجمہ وہ نیزے بازی کے میدان مین آتا ہی سو جبتلک کوئی دلیر تندرست رہتا ہی یعنی مارا نہین جاتا تب تلک اُس کا نیزہ باوجود شکستگی وکثرت نیزہ زنی ٹوٹا یا نہین جاتا یعنے جب تلک تمام دشمن قتل نہو جاوین لڑائی موقوف نہین کرتا ہی۔

وَعَلَى التُّرَابِ مِنَ الدِّمَاءِ مَجَاسِدٌ　　وَعَلَى السَّمَاءِ مِنَ الْعَجَاجِ مُسُوْحُ

المجاسد جمع مجسد وہو المصبوغ بالزعفران۔ والمسوح مایلبس من الشعر الاسود ترجمہ اور زمین پر دشمنون کے خونون سے لباس سرخ زعفرانی بچھا ہوا ہی اور آسمان پر بسبب کثرت غبار کے کالا کمبل یا ٹاٹ۔

يَخْطُو الْقَتِيْلَ إِلَى الْقَتِيْلِ أَمَامَهُ　　رَبُّ الْجَوَادِ وَخَلْفَهُ الْمَبْطُوْحُ

ترجمہ عمدہ گھوڑے کا سوار بطور عام یا ممدوح اپنے آگے ایک مقتول سے دوسرے مقتول پر قدم رکھتا ہی بسبب کثرت کشتگان کے جنسے میدان پُر ہی اور اُسکے سوار کے پیچھے بھی ایک کشتہ پڑا ہی۔ غرض بیان کثرت مقتولین ہی۔

فَمَقِيْلُ حُبِّ مُحِبِّهِ فَرِحٌ بِهِ　　وَمَقِيْلُ غَيْظِ عَدُوِّهِ مَقْرُوْحُ

ترجمہ سو اس فتح کے سبب اُسکے دوست کی محبت کی قرارگاہ یعنی دل خوش ہی اور دل اُسکے دشمن کا زخمی۔

يُخْفِي الْعَدَاوَةَ وَهِيَ غَيْرُ خَفِيَّةٍ　　نَظَرُ الْعَدُوِّ بِمَا أَسَرَّ يَبُوْحُ

ترجمہ دشمن اُس کی عداوت کو چھپاتا ہی مگر وہ چھپی نہین رہتی کیونکہ دشمن کی نظر اُس چیز کو جسکو اُس نے چھپایا ہی یعنی عداوت کو ظاہر کرتی ہی۔

يَا ابْنَ الَّذِيْ مَا ضَمَّ بُرْدٌ كَابْنِهِ　　شَرَفًا وَلَا كَالْجَدِّ ضَمَّ ضَرِيْحُ

ترجمہ ای اُس شخص کے بیٹے کہ شرف مین اُس کے بیٹے کے مانند چادر نے کسی کو نہین چھپایا اور نہ اُس کے دادے کے مانند کسی کو قبر نے چھپایا ہی۔

نَفْدِيْكَ مِنْ سَيْلٍ إِذَا سُئِلَ النَّدَى　　هَوْلٍ إِذَا اخْتَلَطَا دَمٌ وَمَسِيْحُ

ہول صفۃ سیل۔ وثنی الفعل مع ان الفاعل ظاہر کا کلونی البراغیث۔ والمسیح العرق ترجمہ ہم تجھ پر قربان

کہ جب تجھ سے بخشش طلب کیجائے تو تو مانند سیل ہی اور بوقت جنگ جبکہ خون اور سینا المجادین دشمنوں کے لئے ہول ہی۔

لَوْ كُنْتَ بَحْرًا لَمْ يَكُنْ لَكَ سَاحِلٌ	اَوْكُنْتَ غَيْثًا ضَاقَ عَنْكَ اللُّوحُ

اللوح الہواء مابین السماء والارض ترجمہ اگر تو دریا ہوتا تو نا پیدا کنار ہوتا اور اگر تو باران ہوتا تو مسافت جو آسمان اور زمین میں ہی تیری کثرت بارش سے تنگ ہو جاتے۔

وَخَشِيتُ مِنْكَ عَلَى الْبِلَادِ وَاَهْلِهَا	مَاكَانَ اَنْذَرَ قَوْمَ نُوحٍ نُوحُ

ترجمہ اور تیری کثرت بارش یعنی عطاسے شہروں اور اُن کے باشندوں کا مجکو وہ خوف ہوتا جس سے حضرت نوح نے اپنی قوم کو ڈرایا یعنی غرق وطوفان کا۔

عَجْزٌ بِحُرٍّ فَاقَةٌ وَوَرَاءَهُ	رِزْقُ الْاِلٰهِ وَبَابُكَ الْمَفْتُوحُ

ترجمہ آزاد مرد کو فاقہ کرنا سخت عجز کی بات ہی جبکہ اُسکے سامنے خدا کا رزق اور تیرا کشادہ دروازہ ہو جس میں کسی کی روک ٹوک نہیں ہی۔

اِنَّ الْقَرِيضَ شَجٍ بِعِطْفِي عَائِذٌ	مِنْ اَنْ يَكُونَ سَوَاءَكَ الْمَمْدُوحُ

سواک اذافتحت مدت وان کسرت قصرت۔ والشجی الحزین والغضبان ترجمہ بیشک شعر غضبناک ہی اور میری طرف اس امر سے پناہ مانگتا ہی کہ تیرے سوائے کوئی اور ممدوح ہو۔ کیونکہ واقعی سزاوار مدح تو ہی ہی۔

ذَكِيٌّ رَائِحَةُ الرِّيَاضِ كَلَامُهَا	يَبْغِي الثَّنَاءَ عَلَى الْحَيَا فَتَفُوحُ

الحیا مقصورا المطر ترجمہ تیز خوشبو باغوں کی بمنزلہ اُسکے کلام کے ہی جب باغ اپنے محسن باران کی تعریف کرنا چاہتے ہیں تو مہک پڑتی ہیں یعنی چونکہ وہ بے زبان ہیں اسلئے اُنکا خوشبو دینا بھی باران کی تعریف ہی۔

جُهْدُ الْمُقِلِّ فَكَيْفَ بِابْنِ كَرِيمَةٍ	تُوْلِيهِ خَيْرًا وَاللِّسَانُ فَصِيحُ

ترجمہ باغ کا مہکنا بقصد تعریف باران مفلس کی سی کوشش ہی یعنی چونکہ وہ گویا نہیں ہی لہذا اُس غریب سے سوائے خوشبو دینے کے اور طرح تعریف نہیں ہوسکتی۔ پس کیا خیال ہی تیرا بہ نسبت میرے جو ایک شریف عورت کا بیٹا ہوں جسکا تو بھلا کرتا ہی و مال بخشتا ہی اور اُسکی زبان فصیح ہی وہ کسطرح تجھ سے محسن کا شکر و تعریف بجا نہ لاوے

وقال فی صورة جاریتہ

جَارِيَةٌ مَا لِجِسْمِهَا رُوحُ	بِالْقَلْبِ مِنْ حُبِّهَا تَبَارِيحُ

ایک چھوکری ہی جسکے جسم میں روح نہیں ہی اور دلوں میں اُسکی محبت سے سوزشیں ہیں۔

فِي كَفِّهَا طَاقَةٌ تُشِيرُ بِهَا	لِكُلِّ طِيبٍ مِنْ طِيبِهَا رِيحُ

ترجمہ اُس جاریہ کے ہاتھ میں ایک گلدستہ ہی کہ اُس سے اشارہ کرتی ہی اُس گلدستہ کی خوشبو سے ہر خوشبو کو

۱۲

بوئے خوش پہنچتی ہی۔

سَأَشْرَبُ الْكَأْسَ مِنْ إِشَارَتِهَا	وَدَمْعُ عَيْنِي فِي الْخَدِّ مَسْفُوحُ

ترجمہ اب مین جام شراب اسکے اشارہ پر پیتا ہون ایسے حالین کہ میری آنکھ کے آنسو رخسارہ پر جاری ہین کیونکہ مین شراب سے متنفر ہون

وارادالانصراف من عند سیف الدولۃ فقال

يُقَاتِلُنِي عَلَيْكَ اللَّيْلُ جِدًّا	وَمُنْصَرَفِي لَهُ أَمْضَى السِّلَاحِ

ترجمہ تیرے معاملہ مین مجھ سے رات سخت جنگ کرتی ہی یعنی میرا دل تیرے پاس سے جانیکو نہین چاہتا مگر رات جانے پر مجبور کرتی ہی اور میرا جانا اسکا چلتا ہتیار ہی یعنی اسی سے اسکی خواہش پوری ہوتی ہی۔

لِأَنِّي كُلَّمَا فَارَقْتُ طَرْفِي	بَعِيدًا بَيْنَ جَفْنِي وَالصَّبَاحِ

ترجمہ کیونکہ جب مین اپنی آنکھ کو تجھسے جدا کرونگا تو میری پلک اور صبح مین دوری ہو جاویگی رات بھر تیرے اشتیاق مین جاگتا رہونگا

وذکر وقعۃ وما فیہا من القتلیٰ فاستہول ذلک

أَبَاعِثَ كُلِّ مَكْرُمَةٍ طَمُوحِ	وَفَارِسَ كُلِّ سَلْهَبَةٍ سَبُوحِ

الطموح الشاخص البصر تکبراً - والسلہبۃ الطویلۃ من الخیل ترجمہ ای ہر بزرگی صعب الحصول کے زندہ کرنے والے اور ای ہر لنبی نرم رفتار گھوڑے کے سوار۔

وَطَاعِنَ كُلِّ نَجْلَاءٍ غَمُوسٍ	وَعَاصِيَ كُلِّ عَذَّالٍ نَصِيحِ

النجلاء الواسعۃ التی تغمس صاحبہا فی الدم فہی غموس ترجمہ اور ای ہر زخم وسیع خون مین تر کرنیوالے کے نیزہ مارنے والے اور ای ہر ملامت گر ناصح کے جو در باب کثرت سخاوشجاعت ملامت کرتا ہی نافرمانی کرنیوالے۔

سَقَانِي اللّٰهُ قَبْلَ الْمَوْتِ يَوْمًا	دَمَ الْأَعْدَاءِ مِنْ جَوْفِ الْجُرُوحِ

ترجمہ خدا ایک روز قبل موت تیرے دشمنون کا خون زخمون کے بیچ مین سے مجکو پلاوے۔

وقال وارسل ابو العشائر بازیاً علی حجلۃ فاخذہا فقال

وَطَائِرَةٍ تَتَبَّعُهَا الْمَنَايَا	عَلَى آثَارِهَا زَجِلُ الْجَنَاحِ

من رفع زجل فہو علی الابتداء والخبر الجار والجرور متعلق بالاستقرار - ونصبہ علی الحال والحجلۃ فارسیتہا کبک ترجمہ اور بہت سے پرندے ہین کہ موت اسکا پیچھا کر رہی ہی اس کے نشانہائے قدم پر ایک اور پرندہ ہی جس کے پرون سے

بسبب تیز پری کے آواز نکلتی ہے یعنی باز۔

کَاَنَّ الرِّیْشَ مِنْهُ فِیْ سِهَامٍ	عَلٰی جَسَدٍ تَجَسَّمَ مِنْ دِیَاجِ

ترجمہ اُس زجل الجناح کے پر گویا تیر میں لگے ہوئے ہیں (بسبب اُسکی تیز پری کے یا اس سبب سے کہ وہ مثل تیر سبب ہلاک ہیں) اُسکے پر ایک جسم پر لگے ہوئے ہیں جو ہوا اُونسے مجسم ہوا ہی تعریف سرعت رفتار کرتا ہی۔

کَاَنَّ رُؤُسَ اَقْلَامٍ غِلَاظًا	مُسِحْنَ بِرِیْشِ جُؤْجُؤِهِ الصِّحَاحِ

ترجمہ گویا موٹے سر قلمونکے اُسکے سینہ کی زوائد اور پرون سے پونچھے گئے ہین۔ باز کی رنگینی کی تعریف کرتا ہی۔

فَاَقْعَصَهَا بِحُجْنٍ تَحْتَ صُفْرٍ	لَهَا فِعْلُ الْاَسِنَّةِ وَالرِّمَاحِ

القعص دق العنق۔ والحجن بالتحریک الاعوجاج۔ والاسنۃ جمع سنان وہو حدید راس الرمح والرماح جمع رمح وہو الذی یکون فیہ السنان من القناد غیرہ ترجمہ سو اُس بازنے اُس کبک کے اپنے ٹیڑھے ناخونسے جو نیچے زرد رنگ کے پنجون کے تھے فوراً گردن توڑدی۔

فَقُلْتُ لِكُلِّ حَیٍّ یَوْمُ مَوْتٍ	وَاِنْ حَرَصَ النُّفُوْسُ عَلَی الْفَلَاحِ

الفلاح البقاء ترجمہ جب یہ حال گذرا تو مینے کہا کہ ہر زندہ کے تئے ایکدن موت کا ہی اگرچہ جانین بقا کی حریص ہون۔

وقال یمدح سیف الدولۃ ویرثی ابن عمہ تغلب ابا وائل

مَا سُدِّكَتْ عِلَّةٌ بِمَوْلُوْدِ	اَكْرَمَ مِنْ تَغْلِبَ بْنِ دَاوُدِ

سدکت لزمت ترجمہ کوئی بیماری کسی مخلوق کو جو تغلب بن داؤد سے اشرف ہو لاحق نہین ہوئی یعنی شخص متوفے سب بیارون سے افضل تھا۔

یَاْنَفُ مِنْ مِیْتَةِ الْفِرَاشِ وَقَدْ	حَلَّ بِهِ اَصْدَقُ الْمَوَاعِیْدِ

یانف یکرہ ترجمہ وہ شخص بچھونے پر مرنے کو مکروہ سمجھتا تھا جبکہ اُسکے پاس وہ چیز آوے جسکا وعدہ سب وعدون سے سچا ہی۔ چنانچہ اُسکی آرزو پوری ہوئی کہ وہ جنگ مین مرا۔

وَمِثْلُهُ اَنْكَرَ الْمَمَاتَ عَلٰی	غَیْرِ سُرُوْجِ السَّوَابِحِ الْقُوْدِ

السوابح جمع سابحۃ او سابح وہو الشدید الجری کانہ یسبح فی جریہ۔ والقود الطوال من الخیل ترجمہ اُس جیسے مرد بہادر سوائے سبکرد طویل گھوڑے کے زین پر مرنے کو پسند نہیں کرتے یعنی لڑائی مین۔ حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ بوقت موت فرماتے تھے کہ میرے بدن پر ایک بالشت بھر جگہ نہین ہی کہ اسمین زخم شمشیر یا نیزہ کا نہو ہائے افسوس مین اسوقت گدھے کیسی موت مرتا ہون۔ یعنی فراش پر۔

بعد عثار القنا بلبته — وضربه أرؤس الصناديد

الصناديد السادة ترجمہ ایسے لوگ موت فراش کو بعد اس حال کے کہ تیر اُس کے سینے سے لگ کر پھسلجادین اور بعد اسکے کہ اُس نے سرہائے سرداران تلوار سے اُڑا دئے ہون پسند نہین کرتے بلکہ میدان جنگ مین مرنا چاہتے ہین۔

وخوضه غمر كل مهلكة — للذمر فيها فؤاد رعديد

الذمر الشجاع۔ والرعديد الجبان۔ والغمر اصعب مواضع الحرب ترجمہ اور بعد اپنے گھسنانے کے سخت تر جائے ہلاک مین جسمین ہر بہادر کا دل مثل نامرد کے ہوجاوے بسبب خوف موت کے۔

فإن صبرنا فإننا صبر — وإن بكينا فغير مردود

ترجمہ اگر ہم اس صدمہ مین صبر کرین تو ہم صابر لوگ ہین اور اگر روئین تو ممنوع نہین ہی یا مردہ ہمارے پاس لوٹایا نہین جاوے گا۔

وإن جزعنا له فلا عجب — ذا الجزر في البحر غير معهود

الجزر ہو رجوع ماء البحر الی خلف ترجمہ اور اگر ہم اُسکے لئے جزع وفزع کرین تو کیا عجب ہی کیونکہ اس طرح کا جزر یعنی بھاٹا دریا مین خلاف معمول ہی۔ یعنی یہ نہایت بڑا جزر ہی۔

أين الهبات التي يفرقها — على الزرافات والمواحيد

الزرافات الجماعات والمواحید جمع موحد وہو الواحد ترجمہ کہان گئین وہ بخششین کہ متوفی بہت سے لوگون اور اکے دُکے کو دیتا تھا یعنی یہ اُسکی موت کے سبب معدوم ہوگئین۔

سالم أهل الوداد بعدهم — يسلم للحزن لا لتخليد

ترجمہ اُنکے بعد جو دوستون سے زندہ رہا ہی وہ اُنکے غم کے واسطے جیتا رہا ہی نہ ہمیشہ جینے کے واسطے۔

فما ترجي النفوس من زمن — أحمد حاليه غير محمود

الاستفہام انکاری ترجمہ سو جانین ایسے زمانہ سے کیا امید رکھین جسکے دو حالون مین سے عمدہ حال یعنی بقا غیر پسندیدہ ہی کیونکہ اسکا انجام غم مفارقت احباب یا مصائب پیری ہی۔

إن نيوب الزمان تعرفني — أنا الذي طال عجمها عودي

العجم العض ترجمہ بیشک دندان دہر مجکو خوب جانتے ہین کیونکہ مین وہ شخص ہون کہ زمانہ نے بہت دفعہ میری لکڑی کا دانت لگا کر امتحان کرلیا ہی۔ وہ سخت ہے۔

وفي ما قارع الخطوب وما — آنسني في المصائب السود

ترجمہ اور مجھ مین صبر وقوت اسقدر ہی کہ وہ مصائب زمانہ سے لڑتے رہتے ہین اور مجھ مین اسقدر سمجھ اور صبر ہی

کروہ اُن مصائب مین جو روشن روز کو تاریک کر دیتے ہین میرے سبب انس ہوتے ہین یعنی مین بامید ثواب صبر کرتا ہون

مَا كُنْتَ عَنْهُ إِذَا اسْتَغَاثَكَ يَا	سَيْفَ بَنِي هَاشِمٍ بِمَغْمُودِ

ترجمہ جب متوفی نے قید بنی کلاب مین تجھ سے فریادرسی چاہی تو اے سیف بنی ہاشم تو اُس سے غلاف مین نرہا بلکہ کھلم کھلا اُسکو رہا کرایا۔

يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِينَ يَا مَلِكَ	الْأَمْلَاكِ طُرًّا يَا أَصْيَدَ الصِّيدِ

الصید جمع اصید وہو المتکبر ترجمہ اے سخیون کے سخی اے بادشاہون کے بادشاہ اے متکبرون کے متکبر۔

قَدْ مَاتَ مِنْ قَبْلِهَا فَأَنْشَرَهُ	وَقْعُ قَنَا الْخَطِّ فِي اللَّغَادِيدِ

النشر احیاء واللغادید جمع لغدود وہی لحمات عند اللهوات فی باطن الحلق ترجمہ متوفی تو اس سے پہلے جب بنی کلاب نے اُسے قید کر لیا تھا مرچکا تھا مگر تیرے نیزون نے جو دشمنون کے حلقون مین لگے اُسکو زندہ کر دیا تھا۔

وَرَمْيُكَ اللَّيْلَ بِالْجُنُودِ وَقَدْ	رَمَيْتَ أَجْفَانَهُمْ بِتَسْهِيدِ

رمیک بالرفع معطوف علی وقع القنا وقولہ بتسہید متعلق برمیت ترجمہ اور اُسکو زندہ کیا تیرے پھینکنے نے اپنے لشکرون کو رات مین درحالیکہ تو نے اُنکی پلکون مین بیخوابی پھینک ماری تھی یعنی اُسکو اس امر نے قید سے نجات دی کہ تو نے بسرعت لشکر رات کو چڑھ دوڑا اور وہ تیرے خوف سے رات بھر نسوئے۔

فَصَبَّحَتْهُمْ رِعَالُهَا شُزُبًا	بَيْنَ ثُبَاتٍ إِلَى عَبَادِيدِ

ضمیر رعالہا للخیل وہی جمع رعلۃ جماعۃ الخیل۔ والشازب الضامر من الخیل العوالے۔ والثبات جمع ثبۃ وہی جماعۃ مجتمعۃ وعبادید متفرقون ترجمہ سو اُنکو گلہ اسپان سبک جسم مجتمع ومتفرق نے صبح کو جا مارا۔ اور جب لشکرون کا ذکر کیا تو گھوڑونکا ذکر بھی ضمناً آگیا اس لئے اُنکی طرف ضمیر پھیر دی۔

تَحْمِلُ أَغْمَادُهَا الْفِدَاءَ لَهُمْ	فَانْتَقَدُوا الضَّرْبَ كَالْأَخَادِيدِ

الاخادید جمع اخدود وہو الشق فی الارض ترجمہ تلوارونکے میان اُنکے لئے فدیہ اُٹھا کرلے گئے سو اُنھون نے مثل خندقو نکے مارکے زخم پرکھ لئے۔ میان تلوار کو تھیلی اور تلوار کو زر نقد اور اُنکے زخمی ہونے کو پرکھنا کہا یعنی اُنکو امید تھی کہ فدیہ مین دراہم ودنانیر لینگے سو اُنکو زخم گہرے ملے۔

مَوْقِعُهُ فِي فَرَاشِ هَامِهِمْ	وَرِيحُهُ فِي مَنَاخِرِ السِّيدِ

الفراش جمع فراشۃ وہی عظام رقاق تلے قحف الراس وکل عظم رقیق والسید الذئب ترجمہ موقع اُس ضرب کا اُن کے سرونکی ہڈیون مین ہے اور بو اُس زخم کی بھیڑیون کے نتھنون مین جسکو سونگھ کر اُنکو کھانے آتے ہین۔

أَفْنَى الْحَيَوةَ الَّتِي وَهَبْتَ لَهُ	فِي شَرَفٍ شَاكِرًا وَتَسْوِيدِ

ترجمہ اُس نے وہ زندگی جو تو نے اُسے بخشی تھی بحالت شاکر گذاری بزرگی اور سرداری کے کاموں میں فنا کردی۔

سَقِيمِ جِسْمٍ صَحِيحِ مَكْرُمَةٍ	مَنْجُودِ كَرْبٍ غِيَاثِ مَنْجُودِ

سقیم: ما بعد ہا بدل من شاکراً والمنجو والمکروب ترجمہ شخص متوفی بسبب زخموں کے سقیم الجسم تھا و بلحاظ بزرگی کے تندرست بےچینی کا ستایا ہوا اور فریادرس بےچین آدمی کا تھا۔

ثُمَّ غَدَى قِدَّهُ الْحِمَامُ وَمَا	تَخْلُصُ مِنْهُ يَمِينُ مَصْفُودِ

المصفو والمقید۔ والقد ما شدبہ الاسیر من السیر ترجمہ پھر اُسکا آلہ قید یعنے تسمہ موت ہو گئی جس سے قیدی کا ہاتھ چھوٹتا نہیں ہے۔

لَا يَنْقُصُ الْهَالِكُونَ مِنْ عَدَدٍ	مِنْهُ عَلِيٌّ مُضَيِّقُ الْبِيدِ

ترجمہ ممدوح یعنی سیف الدولہ کے شمار لشکر کو مرنے والے گھٹا نہیں سکتے کیونکہ علی یعنی سیف الدولہ بسبب اپنے لشکروں کے میدان جنگ کو تنگ کرنے والا ہے۔

تَهُبُّ فِي ظَهْرِهَا كَتَائِبُهُ	هُبُوبَ أَرْوَاحِهَا الْمَرَاوِيدِ

ضمیر ظہرہا للبید۔ والمراوید الریاح تجئی و تذہب ترجمہ اُسکے لشکر دشت و میدانوں میں ایسی تیزی سے چلتے پھرتے ہیں جیسے جنگل کی آنے جانے والی ہوائیں۔

أَوَّلُ حَرْفٍ مِنِ اسْمِهِ كَتَبَتْ	سَنَابِكُ الْخَيْلِ فِي الْجَلَامِيدِ

ترجمہ اُسکے نام کا پہلا حرف گھوڑوں کے سموں نے سخت پتھروں پر لکھدیا یعنی حرف عین جو بشکل سم اسپ ہے۔

مَهْمَا يُعَزَّ الْفَتَى الْأَمِيرُ بِهِ	فَلَا بِإِقْدَامِهِ وَلَا الْجُودِ

ترجمہ جبکہ جوانمرد امیر یعنی سیف الدولہ متوفی کی نسبت تعزیت کیا جاوے تو اُسکی پیش قدمی اور بخشش سے تعزیت نہ کیا جائیو کیونکہ وہ دائم ہے۔

وَمِنْ مُنَانَا بَقَاؤُهُ أَبَدًا	حَتَّى يُعَزَّى بِكُلِّ مَوْلُودِ

ترجمہ منجملہ ہماری آرزوؤں کے اُسکا ہمیشہ باقی رہنا ہے یہاں تک کہ وہ ہر مخلوق کیساتھ تعزیت کیا جاوے۔

وقال یمدحہ ویذکر ہجوم الشتاء الذی عاقہ عن غزو خرشنۃ ویذکر الوقعۃ

عَوَاذِلُ ذَاتِ الْخَالِ فِيَّ حَوَاسِدُ	وَإِنَّ ضَجِيعَ الْخَوْدِ مِنِّي لَمَاجِدُ

العواذل جمع عاذلۃ ترجمہ صاحب خال محبوبہ کے زنان ملامت گر میرے معاملہ میں اُسپر حاسد ہیں اور انکا حسد بجا ہے کیونکہ ہمخواب زن نازک اندام حسینہ کا یعنی میں صاحب شرف ہوں یعنی ایسا ہمخواب شریف کس محبوبہ کو نصیب ہوتا ہے

یَرُدُّ یَدًا عَنْ ثَوْبِہَا وَہُوَ قَادِرٌ	وَیَعْصِی الْہَوٰی فِیْ طَیْفِہَا وَہُوَ رَاقِدٌ

ترجمہ اپنے نزاہت اور عفاف کی تعریف کرتا ہی کہ وہ بحجاب محبوبہ کے کپڑون سے بحالت اپنی قدرت کے اپنے ہاتھ کو روکتا ہی اور جب اُسکا خیال خواب مین آتا ہی تو سوتے ہوئے بھی خواہشون کی نافرمانی کرتا ہی یعنی میری بیداری کی پارسائی بمنزلہ میری سرشت کے ہوگئی اس لیے خواب مین بھی وہ نہین جاتی۔

مَتٰی یَشْتَفِیْ مِنْ لَاعِجِ الشَّوْقِ فِی الْحَشَا	مُحِبٌّ لَہَا فِیْ قُرْبِہٖ مُتَبَاعِدٌ

اللاعج الشدید الحرق۔ ترجمہ وہ محبوبہ کا دوست جو اپنی حالت قرب مین بھی اُس سے دور رہے یعنی براہ پارسائی خواہان وصل نہو سوزندہ شوق باطنی سے کب شفا پا سکتا ہی۔ یعنی علاج عشق وصل ہی جب وصل سے احتراز ہی تو عاشق کے شوق کی آگ کیسے بجھ سکتی ہی۔

اِذَا کُنْتَ تَخْشَی الْعَارَ فِیْ کُلِّ خَلْوَۃٍ	فَلِمْ تَتَصَبَّاکَ الْحِسَانُ الْخَرَائِدُ

ترجمہ اپنے اوپر اعتراض کرتا ہی کہ جب تو ایسا پارسا ہی کہ اپنی ہر خلوت مین ننگ وعار یعنی وصل سے ڈرتا ہی تو زنان خوبرو نازک اندام تجکو اپنا عاشق کس لیے بناتی ہین یعنی تیرا دل اُدھر کیون مائل ہی۔

اَلَحَّ عَلَیَّ السُّقْمُ حَتّٰی اَلِفْتُہٗ	وَمَلَّ طَبِیْبِیْ جَانِبِیْ وَالْعَوَائِدُ

ترجمہ بیماری عشق میرے حق مین لپٹ گئی ناچار مین اُس سے مانوس ہوگیا اور طبیب اور زنان عیادت گر میری طرف سے تنگدل ہوگئے۔

مَرَرْتُ عَلٰی دَارِ الْحَبِیْبِ فَحَمْحَمَتْ	جَوَادِیْ وَہَلْ تُشْجِی الْجِیَادَ الْمَعَاہِدُ

الحمحمۃ دون الصہیل۔ والمعاہد جمع معہد وہو الذی یعہد بہ شیئا ترجمہ حبیب کے گھر پر میرا گذر ہوا اور اُس کو پہچانکر میرا گھوڑا آہستہ ہنہنایا گویا اُسکو بھی ایام سابق یاد کر کے غم ہوا پھر تعجب کر کے کہتا ہی کہ کیا دوستونکا خالی گھر دیکھنا گھوڑون کو بھی مغموم کرتا ہی۔

وَمَا تُنْکِرُ الدَّہْمَاءُ مِنْ رَسْمِ مَنْزِلٍ	سَقَتْہَا ضَرِیْبَ الشَّوْلِ فِیْہَا الْوَلَائِدُ

الضریب اللبن الخاثر الذی حلب بعضہ علی بعض۔ والشول النوق التی قلت البانہا۔ والولائد جمع ولیدۃ وہی الجاریۃ الخادمۃ ترجمہ تعجب سابق دور کرتا ہی کہ کیونکر مشکی گھوڑا نشان منزل دوست کو نہ پہچانے جس مین اُسکو چھوکرون نے شیر شتر پلایا ہو۔ مانافیہ بھی ہو سکتا ہی۔

اُہْمُّ بِشَیْءٍ وَاللَّیَالِیْ کَاَنَّہَا	تُطَارِدُنِیْ عَنْ کَوْنِہٖ وَاُطَارِدُ

ترجمہ مین ایک امر کا قصد کرتا ہون اور راتون کا یہ حال ہی کہ وہ مجکو اُس امر کے ہونے سے روکتی ہین اور مین اُن کو دفع کرتا ہون۔

وَحِيْدٌ مِّنَ الْخُلَّانِ فِيْ كُلِّ بَلْدَةٍ	إِذَا عَظُمَ الْمَطْلُوْبُ قَلَّ الْمُسَاعِدُ

ترجمہ مین دوستون سے جدا ہون ہر شہر مین کوئی میرا مددگار نہین ہی اور حقیقت یہ ہی کہ جب مقصد بڑا اور دشوار ہوتا ہی تو اُسکے مددگار کم ہو جاتے ہین۔

وَيُسْعِدُنِيْ فِيْ غَمْرَةٍ بَعْدَ غَمْرَةٍ	سَبُوْحٌ لَهَا مِنْهَا عَلَيْهَا شَوَاهِدُ

الغمرة الشدة ترجمہ اور میری مدد کرتا ہی ایک شدت مین بعد دوسری شدت کے ایک گھوڑا اسپ سیر کہ اُسکے لئے اُسین اُسپر کریم الاصل ہونے کے گواہ ہین یعنی اُسکے خصال اُس کی نجابت کے لئے بمنزلہ بہت سے گواہون کے ہین۔

تَثَنّٰى عَلٰى قَدْرِ الطِّعَانِ كَأَنَّمَا	مَفَاصِلُهَا تَحْتَ الرِّمَاحِ مَرَاوِدُ

المراود جمع مرود وہو حدیدۃ تدور فی اللجام والیل ترجمہ وہ گھوڑا باندازہ نیزہ زنی کے ایسا پھرتا ہی کہ گویا اُسکے جوڑ نیزون کے نیچے سرمہ کی سلائیان ہین یا آہنین حلقہ لگام ہین یعنی اُسکا گھوڑا بسبب اپنے اعضا کی نرمی کے نیزہ کے ساتھ پھرتا ہی۔ گھوڑے کے جوڑون کو بسبب سرعت حرکت کے بوقت پھرنے باگ کے آہنی حلقہ لگام سے تشبیہ دی جو اپنے حلقہ کے ساتھ ہر طرف کو پھیرے پھر جاتا ہی۔

مُحَرَّمَةٌ أَكْفَالُ خَيْلِيْ عَلَى الْقَنَا	مُحَلَّلَةٌ لَبَّاتُهَا وَالْقَلَائِدُ

ترجمہ میرے گھوڑون کے پٹھے نیزون پر حرام ہین مگر اُنکے سینے اور گردنین حلال ہین یعنی بھاگتا نہین ہون کہ دشمن میرے گھوڑون کے پٹھون پر زخم لگائے ہان مقابل ہو کر اُنکے سینون اور گردنون پر زخم لگا سکتے ہین۔

وَأُوْرِدُ نَفْسِيْ وَالْمُهَنَّدُ فِيْ يَدِيْ	مَوَارِدَ لَا يُصْدِرْنَ مَنْ لَا يُجَالِدُ

المہند السیف المشحوذ والتہنید التشحیذ او المہند ہو السیف المضروب من حدید الہند ترجمہ اور مین اپنی جان کو جبکہ میرے ہاتھ مین شمشیر تیز یا ساخت آہن ہندی ہوتی ہی ایسی مشکلون مین ڈالتا ہون کہ اُنین سے سوائے بہادر چالاک شخص کے زندہ واپس نہین آتا۔

وَلٰكِنْ إِذَا لَمْ يَحْمِلِ الْقَلْبُ كَفَّهُ	عَلٰى حَالَةٍ لَمْ يَحْمِلِ الْكَفَّ سَاعِدُ

ترجمہ جب دل ضارب کے ہاتھ کو بحالت جرأت نہ اُٹھائے تو ہاتھ کو بازو نہین اُٹھائے گا یعنی قوت ضرب دل سے ہوتی ہی نہ ہاتھ سے تو اگر ہاتھ کو دل سے قوت نہ پہنچے گی تو ہاتھ کو بازو سے قوت نہ پہنچے گی۔

خَلِيْلَيَّ إِنِّيْ لَا أَرٰى غَيْرَ شَاعِرٍ	فَلِمْ مِنْهُمُ الدَّعْوٰى وَمِنِّي الْقَصَائِدُ

ترجمہ اے میرے دو دوستو مین سوائے ایک شاعر یعنی متنبی کے اور شاعر نہین دیکھتا سو کس لئے اُنسے دعوٰے شاعری صادر ہوتا ہی اور مجھ سے قصیدے

فَلَا تَعْجَبَا إِنَّ السُّيُوْفَ كَثِيْرَةٌ	وَلٰكِنَّ سَيْفَ الدَّوْلَةِ الْيَوْمَ وَاحِدُ

ترجمہ سو اُنکے اس دعوے سے تعجب نکرو اور دیکھو کہ تلوارین بکثرت ہین لیکن سیف الدولہ اس زمانہ مین ایک ہی ہی

یہی مثل میری اور اور شاعرون کی ہی۔

لَهٗ مِنْ كَرِيْمِ الطَّبْعِ فِي الْحَرْبِ مُنْتَضٍ	وَمِنْ عَادَةِ الْاِحْسَانِ وَالصَّفْحِ غَامِدُ

انتضیت السیف سللتہ ترجمہ اُسکی شریف طبیعت تلوار کولڑائی مین سونتتی ہی اور عادت احسان اور درگذر اُسکو میان مین کرنے والی ہی۔

وَلَمَّا رَأَيْتُ النَّاسَ دُوْنَ مَحَلِّهٖ	تَيَقَّنْتُ اَنَّ الدَّهْرَ لِلنَّاسِ نَاقِدُ

ترجمہ جبکہ مینے تمام اپنے زمانہ کے لوگون کو اُسکے مرتبہ سے کمتر دیکھا تو مجکواس امر کا یقین ہوگیا کہ زمانہ لوگون کو ٹر کھتا ہی جیسا کوئی شریف القدر ہوتا ہی اُسکو اتنا ہی دیتا ہی سو دولت نہ بدخدا کے رابغلط۔

اَحَقُّهُمْ بِالسَّيْفِ مَنْ ضَرَبَ الطُّلٰى	وَبِالْاَمْرِ مَنْ هَانَتْ عَلَيْهِ الشَّدَائِدُ

الطلی الرقاب الواحد طلیۃ ترجمہ تلوار باندھنے کا سزاوار تر وہ شخص ہی جو دشمنون کی گردنین اُڑادے اور حکومت کا مستحق وہ ہی جسکو مصائب دشوار معلوم نہون۔

وَاَشْقٰى بِلَادِ اللّٰهِ مَا الرُّوْمُ اَهْلُهَا	بِهٰذَا وَمَا فِيْهَا لِمَجْدِكَ جَاحِدُ

ہذا اشارۃ الی ما فعلہ بہم وانث العائد الی ما نظر الی المعنے لان المراد بہا الناحیۃ ترجمہ تمام خدا کے شہرون مین تیرے قتل غارت کے سبب وہ ملک بڑے بدبخت ہین کہ روم اُنکے باشندے ہین اور حال یہ ہی کہ اہل روم مین کوئی ایسا نہین ہی کہ تیری شجاعت وغارت کو دیکھکر تیری علو ہمت کا منکر ہو وباین ہمہ تیرے مطیع نہین ہوتے۔

شَنَنْتَ بِهَا الْغَارَاتِ حَتّٰى تَرَكْتَهَا	وَجَفْنُ الَّذِيْ خَلْفَ الْفَرَنْجَةِ سَاهِدُ

الفرنجۃ قریۃ باقصی بلاد الروم ترجمہ تونے تمام ملک روم پر غارتین پھیلا دین یہان تلک کہ تونے اُسکو ایسی پرخطر حالت مین کر چھوڑا کہ جو لوگ فرنجہ سے پرے رہتے ہین باوجود بعد مسافت تیرے خوف سے سوتے نہین ہین۔

مُخَضَّبَةٌ وَالْقَوْمُ صَرْعٰى كَاَنَّهُمْ	وَاِنْ لَمْ يَكُوْنُوْا سَاجِدِيْنَ مَسَاجِدُ

ترجمہ روم کے شہر خون آلودہ ہین اور وہان کے باشندے بچھڑے پڑے ہوئے ہین پس روم کے شہر گویا مسجدین ہین اور وہ لوگ سجدہ کرنیوالے گو وہ حقیقت مین سجدہ کرنے والے نہین ہین۔

تُنَكِّسُهُمْ وَالسَّابِقَاتُ جِبَالُهُمْ	وَتَطْعَنُ فِيْهِمْ وَالرِّمَاحُ الْمَكَائِدُ

ترجمہ اُنکے گھوڑون کو اُن کے لئے بمنزلہ پہاڑ کے جنکی پناہ مین وہ لوگ تھے ٹھہراکر کہتا ہی کہ اُن کے گھوڑے جو پہاڑ کے مانند تھے تونے اُن کو اُنپر سے سرنگون گرادیا یعنی قتل کردیا یا قید کرلیا۔ اور اُن کے تونے نیزے مارے اور تیری تدابیر وحیلے بمنزلہ نیزون کے ہین۔

وَتَضْرِبُهُمْ هَبْرًا وَقَدْ سَكَنُوا الْكُدٰى	كَمَا سَكَنَتْ بَطْنَ التُّرَابِ الْاَسَاوِدُ

الہبر جمع ہبرۃ وہی قطعۃ اللحم - والکدی جمع کدیۃ وہی الصلبۃ من الارض - والاساود ضرب من الحیات ترجمہ اور تو ان کو ایسا مارتا ہی کہ اُنکے گوشت کے ٹکڑے اُڑا دیتا ہی ایسے حالین کہ وہ سخت زمین مین گڑھے کھود کر جا لیے تھے جیسے ارہائے سیاہ زمین کے بیچ مین رہتے ہین - غرض تو نے اُنکو وہان بھی نہ چھوڑا -

وَتَضْحِي الْحُصُونُ الْمُشْمَخِرَّاتُ فِي الذُّرٰی	وَخَيْلُكَ فِي أَعْنَاقِهِنَّ الْقَلَائِدُ

المشمخر العالی - والذرٰی اعالی الجبل ترجمہ اور اُنکے بلند قلعے جو پہاڑون کی چوٹیون پر واقع ہین ایسے حال مین ہوگئے کہ تیرے گھوڑے اُنکی گردنون کے ہار بن گئے - یعنی تو نے اُنکا حصار کر لیا -

عَصَفْنَ بِهِمْ يَوْمَ اللُّقَانِ وَسُقْنَهُمْ	بِهِنْزِيطَ حَتّٰی أَبْيَضَّ بِالسَّبْيِ آمِدُ

اللقان حصن للروم کہنزیط وآمد اول بلاد الروم ترجمہ نزد جنگ مقام لقان تیرے گھوڑے آندھی کے مانند اُن پر جا ٹوٹے اور تو اُنکو قید کر کے قلعہ ہنزیط مین لے گیا یہان تلک کہ شہر آمد بسبب کثرت قیدیان روم سفید ہو گیا کیونکہ رومی رنگ کے سفید ہوتے ہین -

وَأَلْحَقْنَ بِالصَّفْصَافِ سَابُورَ فَانْهَوٰی	وَذَاقَ الرَّدٰی أَهْلَاهُمَا وَالْجَلَامِدُ

ترجمہ اور اُن گھوڑون نے قلعہ سابور کو تخریب مین قلعہ صفصاف سے ملا دیا یہان تلک کہ سابور مثل صفصاف گر گیا اور دونون قلعون کے باشندون اور اُنکے سخت پتھرون نے ہلاک کا ذائقہ چکھا یعنی قیدی مقتول ہوئے اور قلعے منہدم

وَغَلَّسَ فِي الْوَادِي بِهِنَّ مُشَيِّعٌ	مُبَارَكُ مَا تَحْتَ اللِّثَامَيْنِ عَابِدُ

غلس سار فی آخر اللیل والمشیع الجری المقدام ترجمہ اور اُن گھوڑون کو میدان مین یا گھاٹی مین بوقت تاریکی ایک بہادر پیش رو یعنی سیف الدولہ لیگیا جو دونون نقابون کے تلے بابرکت ہی اور عابد - اور دونون نقابون سے مراد ایک تو وہ نقاب ہی جو مُنھ پر سردی و گرمی و غبار سے بچنے کے لئے ڈالا جاتا ہی اور دوسرا وہ جو چہرہ پر خود کے حلقوں سے لٹکایا جاتا

فَتًی يَشْتَهِي طُولَ الْبِلَادِ وَوَقْتِهِ	تَضِيقُ بِهِ أَوْقَاتُهُ وَالْمَقَاصِدُ

ترجمہ سیف الدولہ درازی بلاد و زمان کو چاہتا ہی تاکہ اُسکا فضل و کمال خوب ظاہر ہو اور باینہمہ اُسکی اوقات اور مقاصد اُسکے لئے تنگی کرتے ہین یعنی اُسکی ہمت و حوصلہ بلند ہین -

أَخُو غَزَوَاتٍ مَا تُغِبُّ سُيُوفُهُ	رِقَابَهُمْ إِلَّا وَسَيْحَانُ جَامِدُ

تغب بمعنی توخر - وسیحان بحر ببلد الروم ولایرید سیحان وجیحان الذان بخراسان ترجمہ ممدوح لڑائیون کا ملازم ہی اُسکا جہاد منقطع نہین ہوتا اور اُسکی تلوارین آدمیون کی گردنون سے تخلف اور تاخیر نہین کرتین مگر جبکہ بسبب سرما دریائے سیحان جمجاوے بسبب برف کے یعنی موسم سرمائے سخت مین -

فَلَمْ يَبْقَ إِلَّا مَنْ حَمَاهَا مِنَ الظُّبَا	لَمٰی شَفَتَيْهَا وَالثُّدِيُّ النَّوَاهِدُ

انطباعد السیف - واللمی سمرۃ تکون فی شفۃ - والثدی جمع ثدی - والنواہد المرتفعات ترجمہ سو قتل نے کسی کو باقی نہین رکھا مگر اُس عورت کو جسکے ہونٹھ کے گندم گون تھے اور پستان بلند نے شمشیر کی دھار سے بچا لیا -

تُبَکِّی عَلَیْہِنَّ الْبَطَارِیْقُ فِی الدُّجیٰ	وَھُنَّ لَدَیْنَا مُلْقَیَاتٌ کَوَاسِدُ

البطریق خواص الملک جمعہ بطاریق ترجمہ اُن قیدی عورتون پر روم کے سردار جنکی وہ بیٹیان ہین راتون کو روتے ہین حالانکہ وہ ہمارے پاس دارالاسلام مین ذلیل ومتاع کاسد ہین کہ کوئی اُنکی طرف متوجہ نہین ہوتا -

بِذَا قَضَتِ الْاَیَّامُ مَا بَیْنَ اَھْلِھَا	مَصَائِبُ قَوْمٍ عِنْدَ قَوْمٍ فَوَائِدُ

ترجمہ زمانہ نے اپنی اہل مین یہ حکم کیا ہی کہ ایک قوم کو ناخوش کرکے دوسری قوم کو خوش کرتا ہی سچ ہی کہ جو امر ایک لوگونکو باعث مصائب ہی وہی دوسری قوم کے واسطے سبب فوائد -

وَمِنْ شَرَفِ الْاِقْدَامِ اَنَّکَ فِیْھِمْ	عَلَی الْقَتْلِ مَوْمُوْقٌ کَاَنَّکَ شَاکِدُ

موموق محبوبٌ - والشاکد المعطی - والاقدام الشجاعۃ ترجمہ اور منجملہ شجاعت کے بزرگی کی ایک یہ بات ہی کہ تو باوجود اُنکے قتل کرنیکے اُنکا ایسا محبوب ہی کہ گویا تو اُنکا عطا کرنے والا ہی یعنی بہادر سب کا محبوب ہوتا ہی -

وَاَنَّ دَمًا اَجْرَیْتَہٗ بِکَ فَاخِرٌ	وَاَنَّ فُؤَادًا رُعْتَہٗ لَکَ حَامِدُ

ترجمہ اور شرف شجاعت سے یہ بات ہی کہ جو خون اعدا تو گراتا ہی تو وہ تیرے سبب فخر کرتا ہی کہ مین ایسے بہادر کا کشتہ ہون اور جس دلکو تو ڈراتا ہی وہ تیرا ثنا خوان ہی -

وَکُلٌّ یَرَی طُرُقَ الشَّجَاعَۃِ وَالنَّدَیٰ	وَلٰکِنَّ طَبْعَ النَّفْسِ لِلنَّفْسِ قَائِدُ

ترجمہ اور ہر شخص شجاعت وسخاوت کی خوبی جانتا ہی مگر سرشت نفس اُسکو اپنی طرف کھینچ لے جاتی ہی خلاصہ یہ ہی کہ یہ دونون وصف تیری سرشت مین داخل ہین -

نَھَبْتَ مِنَ الْاَعْمَارِ مَا لَوْ حَوَیْتَہٗ	لَھُنِّئَتِ الدُّنْیَا بِاَنَّکَ خَالِدُ

ترجمہ تو نے دشمنونکی اسقدر عمرین اُنکو قتل کرکے لوٹی ہین کہ اگر تو اُن سب کو جمع کر لیتا اور اپنی عمر پر اُنکا اضافہ کر دیتا تو دنیا اس امر کی مبارکبادی دیجاتی کہ تو ہمیشہ رہے گا - یہ شعر مدح مین بجائے قصیدہ بلکہ بمنزلہ ایک دیوان کے ہی اُسمین بوجوہ کثیر مدح ہی - ایک تو یہ کہ وہ عمر دشمنونکو لوٹتا ہی نہ اموال کو دوسرے یہ کہ اُسنے اسقدر دشمن قتل کئے ہین کہ اگر وہ اُنکی عمر ونکا وارث ہوجاتا تو دنیا مین ہمیشہ رہتا تیسرے یہ کہ اُسکا دنیا مین ہمیشہ رہنا باعث صلاح اہل دنیا ہی ورنہ مبارکبادی دینے کا کیا موقع تھا چوتھے یہ کہ وہ دشمنون کے قتل مین ظالم نہین ہی کیونکہ وہ اُنکے قتل سے صلاح دنیا واہل دنیا کا قصد کرتا ہی اور لوگ اُسکے ہمیشہ رہنے سے خوش ہین اسلئے لہنیت الدنیا ای اہل دنیا کہا شارح ابن جنی کہتا ہی کہ اگر سیف الدولہ کی مدح مین متنبی اس شعر کے سوا اور کچھ نہ کہتا تو اُسکے دوام یادگار رکھنے کو کافی تھا

فَاَنْتَ حُسَامُ الْمُلْکِ وَاللّٰہُ ضَارِبٌ	وَاَنْتَ لِوَاءُ الدِّیْنِ وَاللّٰہُ عَاقِدُ

ترجمہ سو تو شمشیر ملک ہی اور اُسکا مارنیوالا اعدا ہی اور تو دین کا جھنڈا ہی اور خدا اُسکا بنانے والا ہی۔

وَاَنْتَ اَبُو الْهَيْجَا ابْنُ حَمْدَانَ يَابْنَهُ	تَشَابَهَ مَوْلُوْدٌ كَرِيْمٌ وَّوَالِدُ

ترجمہ ای ابوالہیجا کے بیٹے تو ابوالہیجا بن حمدان ہی یعنی گویا تو وہ ہی ہی۔ پسر کریم اور اُسکا والد باہم مشابہ ہوگئے۔

وَحَمْدَانُ حَمْدُوْنٌ وَّحَمْدُوْنُ حَارِثٌ	وَحَارِثُ لُقْمَانٌ وَّلُقْمَانُ رَاشِدُ

ترجمہ اور تیرا دادا حمدان بمنزلہ تیرے پردادے حمدون کے اور وہ مانند حارث اور حارث مثل لقمان اور لقمان فضائل و کمالات مین مثل اپنے والد راشد کے ہی یعنی تیرے اجداد سب عمدہ ہین۔

اُولٰئِكَ اَنْيَابُ الْخِلَافَةِ كُلُّهَا	وَسَائِرُ اَمْلَاكِ الْبِلَادِ الزَّوَائِدُ

ترجمہ یہ سب مذکورین سلطنت کے لئے مثل دانتون کے ہین یعنی باعث اُسکی قوت و دفع مضرت کے جیسا درندہ کے لئے اُسکے دانت آلہ شکار و دفع دشمن ہین۔ اور سب شہرون کے بادشاہ اوپری دانت ہین یعنی بیکار۔

اُحِبُّكَ يَا شَمْسَ الزَّمَانِ وَبَدْرَهُ	وَاِنْ لَامَنِيْ فِيْكَ السُّهٰى وَالْفَرَاقِدُ

السہی نجم خفی صغیر عند بنات النعش ترجمہ ای زمانہ کے آفتاب و چودھوین رات کے چاند مین تجھکو دوست رکھتا ہون اگرچہ تیری محبت مین مجکو چھوٹے ستارے اور فرقدین یعنی گھٹیا لوگ ملامت کرین۔

وَذَاكَ لِاَنَّ الْفَضْلَ عِنْدَكَ بَاهِرٌ	وَلَيْسَ لِاَنَّ الْعَيْشَ عِنْدَكَ بَارِدُ

ترجمہ اور یہ میری محبت اسلئے ہی کہ تیرا فضل و شرف ظاہر و باہر ہی اور اسلئے نہین کہ زندگی تیرے پاس مزے سے گزرتی ہی۔

فَاِنَّ قَلِيْلَ الْحُبِّ بِالْعَقْلِ صَالِحٌ	وَاِنَّ كَثِيْرَ الْحُبِّ بِالْجَهْلِ فَاسِدُ

ترجمہ کیونکہ تھوڑی سی محبت عقل کے ساتھ راست آتی ہی اور بیشک بہت سی محبت جہل کے ساتھ نکمی ہی یعنی میری محبت عقلی بسبب تیرے فضل کے ہی۔ وقال یمدحہ ویہنیہ بعید الاضحی

لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْ دَهْرِهٖ مَا تَعَوَّدَا	وَعَادَاتُ سَيْفِ الدَّوْلَةِ الطَّعْنُ فِي الْعِدَا

ترجمہ ہر شخص کو اُسکے زمانہ سے وہ حصہ ملتا ہی جسکا وہ خوگر ہی چنانچہ سیف الدولہ کی عادت دشمنون مین نیزہ زنی ہی یعنی باوجودیکہ وہ سیف ہی نیزہ کا بھی کام دیتا ہی۔ اور یہ قتل اعدا اُسکی سرشت مین داخل ہی بے تکلف اُس سے صادر ہوتا ہی

وَاَنْ يُّكْذِبَ الْاِرْجَافَ عَنْهُ بِضِدِّهٖ	وَيُمْسِيْ بِمَا تَنْوِيْ اَعَادِيْهِ اَسْعَدَا

ترجمہ اور اُسکی یہ بھی عادت ہی کہ خبر بد دشمنان کو جو اُسکی نسبت اُڑاتے ہین اُسکے خلاف کے ساتھ جھوٹا کرتا ہی یعنی اگر وہ خبر اُسکی شکست کی اُڑاوین تو فتح حاصل کرتا ہی۔ اور اُسکے دشمن جو اُسکے حق مین ارادہ کرتے ہین وہ اُس سے کامیاب ہوتا ہی یعنی جب اُس سے دشمن ارادہ جنگ کرتے ہین تو وہ اُنپر فتحیاب ہوکر اموال غنیمت و قیدیون کا فائدہ اُٹھاتا ہی۔

وَرُبَّ مُرِيْدٍ ضَرَّهٗ ضَرَّ نَفْسَهٗ	وَهَادٍ اِلَيْهِ الْجَيْشَ اَهْدٰى وَمَا هَدٰى

ضر نفسہ فعل ماض واہدی ایضاً ترجمہ اور بہت سے دشمن اُسکے ضرر کا ارادہ کرنے والے ہین کہ وہ الٹا اپنا ضرر کر بیٹھتے ہین اور بہت سے لوگ اُسکی طرف اپنا لشکر بارادہ جنگ لے جانے والے ہین کہ وہ اپنے لشکر کو اُسکے پاس بطور ہدیہ پیش کرتے ہین یعنی اُسنے اُس لشکر پر ایسا بآسانی قبضہ کر لیا جیسا ہدیہ پر اور اُس نے راہ کی بات اختیار نکی کہ اُس سے لڑنے آیا۔

وَمُسْتَكْبِرٍ لَمْ يَعْرِفِ اللّٰهَ سَاعَةً ۔۔۔ رَأَى سَيْفَهُ فِي كَفِّهِ فَتَشَهَّدَا

ترجمہ اور بہت سے متکبر سرکش ہین کہ اُسنے خدا کو دم بھر نہین پہچانا مگر جب اُسکی تلوار اُسکے ہاتھ مین دیکھی تو کلمہ شہادت پڑھنے لگا یا تو اُسکے خوف سے یا اُسکی نورانی صورت دیکھ کر اُسکو خدا یاد آگیا۔

هُوَ الْبَحْرُ غُصْ فِيهِ إِذَا كَانَ رَاكِدًا ۔۔۔ عَلَى الدُّرِّ وَاحْذَرْهُ إِذَا كَانَ مُزْبِدًا

ترجمہ ممدوح دریا ہی جب وہ ٹھہرا ہوا ہو تو اُسمین موتیونکے لئے غوطہ لگا یعنی اُسمین سے موتی نکال لے اور جب اُسمین جھاگ آتے ہون یعنی وہ جوش مین ہو تو اُس سے بچ اور کنارہ رہ۔

فَإِنِّي رَأَيْتُ الْبَحْرَ يَعْثُرُ بِالْفَتَى ۔۔۔ وَهٰذَا الَّذِي يَأْتِي الْفَتَى مُتَعَمِّدَا

معنی یعثر بالفتی یہلکہ من غیر قصد لان العثر بالشیٔ لا یکون عن قصد ترجمہ کیونکہ مینے دریا کو دیکھا ہی کہ وہ بے قصد جوان کو ہلاک کرتا ہی اور یہ ممدوح دشمن پر جانکر چڑھ آتا ہی پس یہ زیادہ محل خوف ہی۔

تَظَلُّ مُلُوكُ الْأَرْضِ خَاشِعَةً لَهُ ۔۔۔ تُفَارِقُهُ هَلْكَى وَتَلْقَاهُ سُجَّدَا

ترجمہ بادشاہان روئے زمین اُس سے بعجز پیش آتے ہین جو لوگ یعنی بادشاہ اُس سے مفارقت و مخالفت کرتے ہین وہ ہلاک ہوتے ہین اور جو اُسکے سامنے آتا ہی وہ بحال خضوع و سجود پیش آتا ہی۔

وَتُحْيِي لَهُ الْمَالَ الصَّوَارِمُ وَالْقَنَا ۔۔۔ وَيَقْتُلُ مَا تُحْيِي التَّبَسُّمُ وَالْجَدَا

ترجمہ اور اُسکے لئے شمشیر ہائے بران و نیزے مال کو زندہ و جمع کرتے ہین اور جسکو وہ زندہ کرتے ہین اُسکو تبسم خوشنودی و عطا مار ڈالتی ہین یعنی فنا کر دیتی ہین غرض بحالت خوشنودی سب مال بخشدیتا ہی۔

ذَكِيٌّ تَظَنِّيهِ طَلِيعَةُ عَيْنِهِ ۔۔۔ يَرَى قَلْبُهُ فِي يَوْمِهِ مَا تَرَى غَدَا

التظنی۔ ہو التظنن قلبت النون یاءً کالتقضی البازی ترجمہ وہ تیز طبع ہی اُسکا گمان اُسکی آنکھ کا دیدبان ہی یعنی اُسکا گمان ایسا صحیح ہی گویا بچشم دیدہ اُسکا دل آج اُسکو دیکھتا ہی جسکو اُسکی آنکھ کل کو دیکھے گی۔

وَصُولٌ إِلَى الْمُسْتَصْعَبَاتِ بِخَيْلِهِ ۔۔۔ فَلَوْ كَانَ قَرْنُ الشَّمْسِ مَاءً لَأَوْرَدَا

ترجمہ وہ اپنے گھوڑون کے ذریعہ سے امرہائے دشوار کو بہت جلد پہنچنے والا ہی سو اگر کنارہ آفتاب پانی ہوتا تو اپنے گھوڑون کو وہان ہی پانی پلاتا۔

لِذٰلِكَ سَمَّى ابْنُ الدُّمُسْتُقِ يَوْمَهُ ۔۔۔ مَمَاتًا وَسَمَّاهُ الدُّمُسْتُقُ مَوْلِدَا

ترجمہ ممدوح مین جو اوصاف مذکورہ بالا ہین اسلئے دمستق کے بیٹے نے جو اُسکی قید مین آگیا ہی اپنے روز قید کو اپنی موت نام رکھا ہی کیونکہ وہ اُسکی تندخوئی کو جانتا ہی اور خود دمستق نے اُس روز کا نام یوم ولادت رکھا ہی کہ وہ بھاگ کر بچگیا ہی۔

سَرَیْتَ اِلٰی جَیْحَانَ مِنْ اَرْضِ آمِدٍ ‏ ‏ ‏ ثَلٰثًا لَقَدْ اَدْنَاکَ رَکْضٌ وَّاَبْعَدَا

ثلاثا نصب علی الظرف ای فی ثلاث لیال۔ وجیحان نہر ببلاد الروم ترجمہ تو نہر جیحان تلک ارض آمد سے تین راتون مین پہنچا۔ بیشک تیری تیزروی نے اس تھوڑے سے عرصہ مین کشتی رجلد جیحا نسے قریب اور آمد سے بعید کردیا تعجب کرتا ہی۔

فَوَلّٰی وَاَعْطَاکَ اِبْنَهٗ وَجُیُوْشَهٗ ‏ ‏ ‏ جَمِیْعًا وَّلَمْ یُعْطِ الْجَمِیْعَ لِیُحْمَدَا

ترجمہ سو دمستق بھاگ گیا اور تجکو اپنا بیٹا اور اپنے لشکر سب دیگیا اور یہ سب جو دیا ہی اس قابل نہین ہی کہ تو اُسکی شکرگذاری کرے کیونکہ یہ امر ٹھہرا ہوا ہی۔

عَرَضْتَ لَهٗ دُوْنَ الْحَیٰوةِ وَطَرْفِهٖ ‏ ‏ ‏ وَاَبْصَرَ سَیْفَ اللّٰهِ مِنْکَ مُجَرَّدَا

ترجمہ تو دمستق کی زندگی اور اُسکی آنکھ مین حائل ہوگیا یعنی اُسکی آنکھ تیرے دیکھنے کے بعد دوسرے پر نہ پڑی تو ہی اُسکی آنکھوں مین بسبب اپنی عظمت کے سماگیا اور اُسنے تجھ سے خدا کی شمشیر برہنہ دیکھی۔ یعنی تو خدا کی شمشیر برہنہ ہی۔

وَمَا طَلَبَتْ زُرْقُ الْاَسِنَّةِ غَیْرَهٗ ‏ ‏ ‏ وَلٰکِنَّ قُسْطَنْطِیْنَ کَانَ لَهُ الْفِدَا

ترجمہ اور تیرے لشکر کے نیل گون نیزون نے سوائے دمستق کے کسی اور کی تلاش نہین کی مگر اُسکا بیٹا قسطنطین اُسکا فدیہ ہوگیا یعنی جب لشکر اُسکے بیٹے کی گرفتاری مین مصروف ہوا وہ فرصت پاکر بھاگ گیا۔

فَاَصْبَحَ یَجْتَابُ الْمُسُوْحَ مَخَافَةً ‏ ‏ ‏ وَقَدْ کَانَ یَجْتَابُ الدِّلَاصَ الْمُسَرَّدَا

یجتاب یقطع ویلبس۔ والدلاص الدروع البارقة۔ ترجمہ سو دمستق نے ایسے حال مین صبح کی کہ تیرے خوف سے کمبل پہن رہا تھا تاکہ اُسکو کوئی نہ پہچانے یا یہ کہ اپنی صورت ولباس راہبانہ کرلیا تھا اور اس سے پہلے چمکتی زرہ دُہری بنی ہوئی پہنا کرتا تھا یعنی جنگ سے تائب ہوگیا۔

وَیَمْشِیْ بِهِ الْعُکَّازُ فِی الدَّیْرِ تَائِبًا ‏ ‏ ‏ وَمَا کَانَ یَرْضٰی مَشْیَ اَشْقَرَ اَجْرَدَا

العکاز عصًی فی طرفها زج ترجمہ اور اسحالت مین اُسنے صبح کی کہ اُسکو بحالت لاٹھی گرجا مین ایسے حال مین لے جاتی تھی کہ اُسنے جنگ سے توبہ کرلی تھی یعنی لاٹھی کے سہارے بسبب ضعف کے جاتا تھا اور پہلے تو اسپ سرنگ عمدہ کی رفتار کو بھی پسند نہین کرتا تھا

وَمَا تَابَ حَتّٰی غَادَرَ الْکَرُّ وَجْهَهٗ ‏ ‏ ‏ جَرِیْحًا وَّخَلّٰی جَفْنَهُ النَّقْعُ اَرْمَدَا

ترجمہ اُسنے جنگ سے توبہ کی جب تلک تیرے حملے نے اُسکے منہ کو زخمی نکردیا اور غبار نے اُسکی آنکھ کو چندھا

فَلَوْ کَانَ یُنْجِیْ مِنْ عَلِیٍّ تَرَهُّبٌ ‏ ‏ ‏ تَرَهَّبَتِ الْاَمْلَاکُ مَثْنٰی وَمَوْحَدَا

ترجمہ اگر علی یعنی سیف الدولہ کے خوف سے راہب بننا نجات دیوے تو تمام بادشاہ دو دو ایک ایک کرکے راہب بنجاوین۔

وَکُلُّ امْرِئٍ فِی الشَّرْقِ وَالغَرْبِ بَعْدَهَا	یُعِدُّ لَهُ ثَوْبًا مِنَ الشَّعْرِ اَسْوَدَا

ضمیر بعدہا الفعلۃ الدمستق ترجمہ اور بعد دمستق کی اس حرکت اور بھروپ کے ہر مرد شرق وغرب مین اپنے لئے سیاہ کمبل کا لباس طیار کریگا اگر وہ جائیگا کہ راہب بنجانا سیف الدولہ کے خوف سے نجات بخش ہی۔

هَنِیْئًا لَكَ الْعِیْدُ الَّذِیْ اَنْتَ عِیْدُهُ	وَعِیْدٌ لِمَنْ سَمّٰى وَضَحّٰى وَعَیَّدَا

ترجمہ تجکو وہ عید مبارک ہو جسکی تو عید ہی یعنی جیسا لوگ عید سے خوش ہوتے ہین خود عید تیرے دیدار مبارک سے خوش ہوتی ہی پس تم عید کی عید ہی۔ اور تو عید ہی اُس شخص کے لئے جسنے خدا کا نام لیا اور قربانی کی اور عید منائی یعنی تمام مسلمانون کے لئے۔

وَمَا زَالَتِ الْاَعْیَادُ لُبْسَكَ بَعْدَهُ	تُسَلِّمُ مَخْرُوْقًا وَتُعْطٰى مُجَدَّدَا

ترجمہ اور اس عید کے بعد ہمیشہ عیدہائے کثیر تیرے لئے بمنزلہ لباس رہیو کہ تو ایک عید کہنہ کو سپرد کرے اور دوسری جدید عید تجکو دیجاوے۔ جب عید کو لباس ٹھہرایا تو اُسکے لئے کہنہ و نو لایا۔

فَذَا الْیَوْمُ فِی الْاَیَّامِ مِثْلُكَ فِی الْوَرٰى	كَمَا كُنْتَ فِیْهِمْ اَوْحَدًا كَانَ اَوْحَدَا

ترجمہ سو یہ عید کا روز زمانہ مین ایسا ہی جیسا تو تمام خلق مین جیسا تو خلق مین یگانہ ہی وہ ایام مین یگانہ ہی۔

هُوَ الْجَدُّ حَتّٰى تَفْضُلَ الْعَیْنُ اُخْتَهَا	وَحَتّٰى یَصِیْرَ الْیَوْمُ لِلْیَوْمِ سَیِّدَا

ترجمہ یہ ایک کی دوسری پر فضیلت نصیب کی بات ہی یہان تلک کہ ایک آنکھ اپنی بہن یعنی دوسری آنکھ سے افضل ہوتی ہی اور یہان تلک کہ ایک روز دوسرے روز کا سردار ہوجاتا ہی۔

فَیَا عَجَبًا مِنْ دَائِلٍ اَنْتَ سَیْفُهُ	اَمَا یَتَوَقّٰى شَفْرَتَیْ مَا تَقَلَّدَا

الدائل اسم فاعل من دال یدول ویرید بہ صاحب الدولۃ اخرجہ مخرج تامر ولابن وشفرتا السیف حداہ ترجمہ سو تعجب ہی اُس صاحب دولت یعنی خلیفہ سے جسکی تو تلوار ہی۔ کیا وہ اُس تلوار کی دونون دھارون سے نہین ڈرتا جسکو تو نے اپنی گردن سے لٹکایا ہی۔ غرض سیف الدولہ کو خلیفہ پر فضیلت دیتا ہی۔ شارح ابن قطاع کہتا ہی کہ صحیح ذائل بذال معجمہ جس کے معنی مرد شمشیر بند منتخبر اور ہر شی طویل کے ہین یعنی وہ خلیفہ مرد شمشیر بند یا منتخبر یا سیف طویل ہی۔

وَمَنْ یَجْعَلِ الضِّرْغَامَ بَازًا لِصَیْدِهِ	یُصَیِّرْهُ الضِّرْغَامُ فِیْمَا تَصَیَّدَا

ترجمہ اور جو شخص شیر کو اپنے شکار کا باز کرے تو شیر منجملہ اور شکار ونکے خود اُسکا بھی شکار کریگا خلاصہ یہ کہ تو خلیفہ سے بڑھکر ہی

رَاَیْتُكَ مَحْضَ الْحِلْمِ فِیْ مَحْضِ قُدْرَةٍ	وَلَوْ شِئْتَ كَانَ الْحِلْمُ مِنْكَ الْمُهَنَّدَا

ترجمہ مینے تجکو خالص حلم خالص قدرت مین دیکھا اور اگر تو چاہے تو تیرا حلم تیز شمشیر یا ہندی تیغ ہوجائے۔ خلاصہ یہ ہی کہ تیرا حلم اختیاری ہی اگر چاہے تو بجائے حلم قتل عمل مین لانے لگے۔

وَمَا قَتَلَ الْاَحْرَارَ كَالْعَفْوِ عَنْهُمُ	وَمَنْ لَكَ بِالْحُرِّ الَّذِیْ یَحْفَظُ الْیَدَا

ترجمہ آزاد مرد ونکو جیسا اُنسے عفو کرنا قتل کرتا ہی ایسے اُنکو دوسری چیز قتل نہین کرتی۔ اور ایسا آزاد مرد کہان ملتا ہی جو نعمت واحسان کو یاد رکھے یعنی وہ ہم ہی ہین۔

إذا أنت أكرمت الكريم ملكته ۔۔۔ وإن أنت أكرمت اللئيم تمردا

ترجمہ جب تو بھلے آدمی کی تعظیم کرے گا تو تو اُسکا مالک ہوجاویگا اور وہ بمنزلہ تیرے غلام کے ہوجاویگا اور اگر تو کمینہ کی تعظیم کرے گا تو وہ سرکشی کرے گا اور تیرے سر چڑھ جاوے گا۔

ووضع الندى في موضع السيف بالعلى ۔۔۔ مضر كوضع السيف في موضع الندى

ترجمہ استعمال بخشش تلوار کے موقع مین انسان کے علو رتبہ کو مضر ہی جیسا استعمال تلوار بخشش کے موقع مین۔

ولكن تفوق الناس رأيا وحكمة ۔۔۔ كما فقتهم حالا ونفسا ومحتدا

المحتد الاصل ترجمہ مگر تو رائے وحکمت مین سب لوگون سے فائق ہی جیسا تو اُنسے حال یعنی امارت اور نفس یعنی علو ہمت و اصل یعنی نجیب الطرفین ہونے مین فائق ہی جو تو کرتا ہی مناسب موقع کرتا ہی۔

يدق على الأفكار ما أنت فاعل ۔۔۔ فيترك ما يخفى ويؤخذ ما بدا

ترجمہ جو کام تو کرتا ہی شعرا کے افکار کو باریک معلوم ہوتے ہین یعنی اُسکے نکات کو وہ لوگ کچھ سمجھتے ہین اور کچھ نہین سو جو اُنکی سمجھ سے پوشیدہ ہی اُسکو چھوڑا جاتا ہی اور جو ظاہر ہی وہ لیا جاتا ہی۔

أزل حسد الحساد عني بكبتهم ۔۔۔ فأنت الذي صيرتهم لي حسدا

الکبت الصرف والاذلال ترجمہ تو مجھ سے حاسدین کے حسد کو اُنسے اعراض کرکے دور کردے کیونکہ تو نے ہی تو اُنکو میرا حاسد بناویا ہی یعنی تو نے ہی مجکو عطایائے کثیر بخش کر اُنکو میرا حاسد بنا دیا ہی سو اب تو ہی اُنکے شر سے مجکو بچا۔

إذا شد زندي حسن رأيك في يدي ۔۔۔ ضربت بنصل يقطع الهام مغمدا

ترجمہ جب تیری نیک رائے میرا پہنچا جو میرے ہاتھ مین ہی پکڑلیگی تو حاسدون کے سرون مین اپنی شمشیر کا پھل ایسا مارونگا کہ وہ غلاف مین ہی اُنکے سرونکو کاٹ دے گا یعنی درصورت تیری دستگیری مجکو حساد کا کچھ خوف نہین ہی اور تھوڑا سا اُنسے تیرا اعراض میری سرخروئی کے لئے کافی ہی۔

وما أنا إلا سمهري حملته ۔۔۔ فزين معروضا وراع مسددا

السمہری الرمح منسوب الی سمہر اسم رجل کان یقوم الرماح ترجمہ اور مین نہین ہون مگر ایک نیزہ جسکو تو نے اُٹھایا ہی سو وہ جب عرض مین رکھا ہو یعنی بحالت صلح تیری زینت کا سبب ہی اور جب تو اُسکو بجانب دشمن سیدھا کرے یعنی بحالت جنگ تو مخالفون کو ڈراوے یعنی دونون حالون مین اپنے لسان اور سنان سے تیرے لئے نفع رسان ہون۔

وما الدهر إلا من رواة قلائدي ۔۔۔ إذا قلت شعرا أصبح الدهر منشدا

ترجمہ زمانہ نہین ہے مگر میرے اشعار کا راوی جو خوشنمائی و تزئین مین مثل ہارون کے ہین جو گلے مین ڈالے جاتے ہین جب مین کوئی شعر کہتا ہون تو زمانہ یعنی اہل زمانہ اُسکو پڑھنے لگتے ہین یعنی کامل شاعر مین ہی ہون اور طفیلی ہین۔

فَسَارَ بِهِ مَنْ لَا يَسِيرُ مُشَمِّرًا	وَغَنَّى بِهِ مَنْ لَا يُغَنِّي مُغَرِّدَا

المغرد المطرب ترجمہ سو جو شخص کاہل چلتا نہین ہے میرا شعر سنکر دامن چن لیتا ہے یعنی خوب بھاگنے لگتا ہے گویا اُسکو وجد آجاتا ہے اور جو شخص خشک دماغ گاتا نہین ہے میرے شعر کو سُنکر لے سے گانے لگتا ہے بسبب ذوق کے جو اُسکو حاصل ہوتا ہے۔

أَجِزْنِي إِذَا أُنْشِدْتَ شِعْرًا فَإِنَّمَا	بِشِعْرِي أَتَاكَ الْمَادِحُونَ مُرَدَّدَا

ترجمہ جبکہ تو کسی کا کوئی شعر سنے تو صلہ مجکو دے کیونکہ مداح لوگ میرے ہی شعر کے مضمون کو دوبارہ باندھ لاتے ہین۔

وَدَعْ كُلَّ صَوْتٍ بَعْدَ صَوْتِي فَإِنَّنِي	أَنَا الصَّائِحُ الْمَحْكِيُّ وَالْآخَرُ الصَّدَى

الصدا الصوت الذی یسمع من الجبل کانہ یحکی قولک او صیاحک ترجمہ میری آواز سنکر دوسرے کی آواز مت سُن کیونکہ میری آواز اصل ہے اور دوسری آواز گونج ہے جو میری آواز کی نقل ہے۔

تَرَكْتُ السُّرَى خَلْفِي لِمَنْ قَلَّ مَالُهُ	وَأَنْعَلْتُ أَفْرَاسِي بِنُعْمَاكَ عَسْجَدَا

العسجد الذہب ترجمہ مینے شب روی کو قلیل المال لوگون کے لئے اپنے پیچھے چھوڑ دیا اور تیری نعمتون کے سبب مینے اپنے گھوڑون کے نعل سونے کے بندھوا لئے یعنی تیری عطا کے سبب نہایت تونگر ہوگیا ہون اور سفر اور سیاحت اور مفلسون کے لئے چھوڑ دی ہے کہ وہ بھی تیرے دربار مین آوین اور خوشحال ہوجاوین۔

وَقَيَّدْتُ نَفْسِي فِي هَوَاكَ مَحَبَّةً	وَمَنْ وَجَدَ الْإِحْسَانَ قَيْدًا تَقَيَّدَا

ترجمہ اور اپنے آپکو تیری الفت مین مینے براہ محبت قید کردیا اور سچ ہے کہ جسکو احسان کی قید نصیب ہوگی وہ خوشی سے قید ہوجاویگا

إِذَا سَأَلَ الْإِنْسَانُ أَيَّامَهُ الْغِنَى	وَكُنْتَ عَلَى بُعْدٍ جَعَلْنَكَ مَوْعِدَا

ترجمہ جب کوئی انسان اپنے زمانہ سے تونگری کا سوال کرے اور تو اُس مقام سے دور ہو تو وہ ایام تیرے آنیکا وعدہ کرلیتے ہین۔

وقال فیہ وہو بمصر

فَارَقْتُكُمْ فَإِذَا مَا كَانَ عِنْدَكُمُ	قَبْلَ الْفِرَاقِ أَذًى بَعْدَ الْفِرَاقِ يَدُ

ترجمہ مین تم سے جدا ہوا سو جو چیز قبل فراق تمھارے پاس تکلیف شمار ہوتی تھی وہ ہی بعد فراق احسان ہوگیا کیونکہ وہی تکلیف باعث مفارقت ہوئی۔

إِذَا تَذَكَّرْتُ مَا بَيْنِي وَبَيْنَكُمُ	أَعَانَ قَلْبِي عَلَى الشَّوْقِ الَّذِي أَجِدُ

ترجمہ جب مین اُن معاملات ملال آمیز کو یاد کرتا ہون جو مجھ مین اور تم مین گزرے ہین تو وہ ملال میرے دلکے خلاف اُس شوق کے جو مین پاتا ہون مدد کرتا ہے پس شوق مغلوب ہوجاتا ہے اُن تکالیف کو یاد کرکے جو تمھارے پاس مجکو پہنچین۔ ۱۲

وقال فی صباہ یمدح محمد بن عبداللہ العلوی

أَهْلًا بِدَارٍ سَبَاكَ أَغْيَدُهَا	أَبْعَدُ مَا بَانَ عَنْكَ خُرَّدُهَا

اہلا منصوب بفعل مضمر ای جعل اللہ اہلا بتلک الدیار فتکون اہولۃ وہوفی الحقیقۃ دعاء لہا بالسقیا ترجمہ خدا اُس گھر کو آباد اور باران سے تروتازہ رکھے جسکی زنان نازک اندام نے تجکو قید کر لیا ایسے حال مین کہ جو چیز تجھ سے دور ہی اور اس گھر کی زنان باکرہ نرم اندام اُس سے بھی زیادہ دور ہین یعنی ہر بعید سے بعید ہین اور با این ہمہ یہ عجب ہی کہ دور ہی سے اپنے دام محبت مین گرفتار کر لیا۔

ظَلْتَ بِهَا تَنْطَوِي عَلَى كَبِدٍ	نَضِيجَةٍ فَوْقَ خِلْبِهَا يَدُهَا

اصل ظلت ظللت حذف احد اللامین تخفیفا۔ ویدہا ارتفعت بنضیجۃ۔ والخلب غشاوۃ الکبد ترجمہ تو اُس گھر مین ایسی صورت سے کھڑا ہوا پیچ وتاب کھارہا تھا اپنے ایسے جگر پر کہ اُس جگر کا ہاتھ اُسکے پردہ پر پک گیا تھا۔ خلاصہ یہ ہی کہ تو اُس گھر مین اپنا ہاتھ جگر پر رکھکر کھڑا ہوا تھا جیسا اکثر شخص محزون کیا کرتا ہی بسبب سوزش جگر کے اس خوف سے کہ اُسکا جگر پھٹ نجاوے اور چونکہ ہاتھ جگر سوزان پر دیر تلک رکھا رہا لہذا ہاتھ پختہ اور بریان اسکی حرارت سے ہوگیا۔ اور ہاتھ کو جگر کا ہاتھ اسواسطے کہا کہ وہ اُسپر دیر تک رکھا رہا گویا اُسی کا ہوگیا۔

يَا حَادِيَيْ عِيسِهَا وَأَحْسِبُنِي	أُوجَدُ مَيْتًا قُبَيْلَ أَفْقِدُهَا

ترجمہ ای محبوبہ کے شتران سفید کے ہر دو حدی خوانون اور مین آپکو خیال کرتا ہون کہ پہلے میری نظر سے غائب ہونے محبوبہ کے مین مردہ پایا جاؤن۔ جواب ندا اگلے شعر مین ہی۔

قِفَا قَلِيلًا بِهَا عَلَيَّ فَلَا	أَقَلَّ مِنْ نَظْرَةٍ أُزَوَّدُهَا

ترجمہ تم دونون محبوبہ کو تھوڑی دیر میرے پاس ٹھہراؤ۔ اس صورت مین مجکو ایک نظر دیکھنے سے کم تو فائدہ نہ ہوگا جسکا مین توشہ دیا جاؤن گا۔ یعنی ایک نظر یار جو مجھ پر پڑجاے گی وہ میرے لئے بجائے توشہ ہی۔

فَفِي فُؤَادِ الْمُحِبِّ نَارُ جَوًى	أَحَرُّ نَارِ الْجَحِيمِ أَبْرَدُهَا

ترجمہ اسلئے کہ عاشق کے دل مین سوزش دورنی ایک ایسی آگ ہی کہ دوزخ کی آگ مین سے جو زیادہ گرم ہی وہ اُس کی آتش سرد کے برابر ہی۔

شَابَ مِنَ الْهَجْرِ فَرْقُ لِمَّتِهِ	فَصَارَ مِثْلَ الدِّمَقْسِ أَسْوَدُهَا

اللمۃ الشعر الذی لم بالمنکب۔ والدمقس الحریر الابیض ترجمہ صدمہ فراق سے اُسکے سر کے بالون کی مانگ سفید ہوگئی سو جو بال اُسکے سیاہ تھے وہ مانند سفید ابریشم کے ہوگئے۔

بَانُوا بِخُرْعُوبَةٍ لَهَا كَفَلٌ	يَكَادُ عِنْدَ الْقِيَامِ يُقْعِدُهَا

الخرعوبۃ المرأۃ الشابۃ اللینہ الطویلۃ الطریۃ ترجمہ وہ لوگ زن جوان دراز قامت نرم وگداز کو جسکے سرین ایسے ثقیل تھے کہ قریب تھا یہ امر کہ وہ سرین بوقت عزم قیام اُسکو اُٹھنے نہ دین لیکر جا بیٹھے۔

رِبَحْلَۃٍ أَسْمَرٍ مُقَبَّلُهَا ۔ سَبَحْلَةٍ أَبْيَضٍ مُجَرَّدُهَا

الربحلۃ الجیمۃ الطویلۃ وکذلک السبحلۃ والمقبل موضع التقبیل وھو الشفۃ ویوصف بالسمرۃ ۔ والمجرد الاطراف لانہا تعری من الثوب ترجمہ وہ زن گداز دراز قامت ہی کہ اُسکے لب گندم گون ہین اور بدن کے وہ اعضا جو جامہ سے باہر رہتے ہین مثل چہرہ دہاتھ پانون کے گورے ہین جب اطرف گورے ہین تو اور بدن نہایت گورا ہوگا۔

يَا عَاذِلَ الْعَاشِقِينَ دَعْ فِئَةً ۔ أَضَلَّهَا اللّٰهُ كَيْفَ تُرْشِدُهَا

ترجمہ ای عاشق کے ملامت گر تو اُس گروہ کو چھوڑ جنکو خدا نے گمراہ کردیا تو اُنکی کیونکر رہنمائی کریگا۔

لَيْسَ يُحِيكُ الْمَلَامُ فِي هِمَمٍ ۔ أَقْرَبُهَا مِنْكَ عَنْكَ أَبْعَدُهَا

حاک واحاک اذا اثر ترجمہ تیری ملامت اُن ہمتون پر اثر نکریگی کہ اُنمین سے جسکو تو اپنے سے قریب سمجھتا ہی کہ اُسپر میری فہمائش اثر کریگی وہ ہی تجھ سے زیادہ دور ہی یعنی تیرا گمان اُنکے معاملہ مین غلط ہی۔

بِئْسَ اللَّيَالِي سَهِدْتُ مِنْ طَرَبٍ ۔ شَوْقًا إِلَى مَنْ يَبِيتُ يَرْقُدُهَا

الطرب القلق وخفۃ الشوق ترجمہ کیا بُری تھین وہ راتین جنمین مین بسبب قلق شوق اُس محبوبہ کے جو رات بھر سوتی رہی جاگتا رہا یعنی وہ بیدردتی اسلئے سوگئی اور مین دردمند تھا جاگتا رہا۔

أَحْيَيْتُهَا وَالدُّمُوعُ تُنْجِدُنِي ۔ شُؤُونُهَا وَالظَّلَامُ يُنْجِدُهَا

الضمیر فی احییتہا وینجدہا للیالی وفی شؤونہا للدموع ۔ والشؤون مجاری الدمع ترجمہ مینے اُس رات کو زندہ رکھا یعنی جاگتا رہا اور میرے اشکون کے بہنے کی جگہ میری مدد کرتی تھین اور تاریکی شب راتون کی مددگار تھی یعنی راتین اور میرا رونا دونون دراز تھے اور ینجدہا کی ضمیر شئون کی طرف بھی راجع ہوسکتی ہی خلاصہ یہ ہی کہ تاریکیہائے شب مجاری دمع کی مدد کرتی تھین اور وجہ مدد یہ ہی کہ تاریکی مین عاشق پر غم والم کا ہجوم ہوتا ہی اور یہ ہجوم مجاری اشک کا مددگار رہتا ہی کہ اشک بکثرت بہتے ہین۔

لَا نَاقَتِي تَقْبَلُ الرَّدِيفَ وَلَا ۔ بِالسَّوْطِ يَوْمَ الرِّهَانِ أُجْهِدُهَا

الرہان السباق ترجمہ میری اونٹنی یعنی میری جوتی اس بات کو قبول نہین کرتی کہ مین اپنے پیچھے اُسپر دوسرے کو بٹھالون اور دگھڑدوڑ کے دن بذریعہ چابک اُسکو زیادہ دوڑاؤن ۔ اپنے افلاس کا اظہار کرتا ہی۔

شِرَاكُهَا كُورُهَا وَمِشْفَرُهَا ۔ زِمَامُهَا وَالشُّسُوعُ مِقْوَدُهَا

شراک بالکسر بند نعل ۔ والمشفر ما یقع علی ظہر الرجل من مقدم الشراک ۔ کور پالان با ساختگی آن ۔ شسع دوال نعل۔

ترجمہ اس ناقہ کا بند نعل بمنزلہ اُسکے پالان کے ہے۔ اور وہ حصہ بند نعل کا جو پشت پا پر ہے اُسکی باگ ہے اور نعل کا تسمہ ناقہ کی مہار کے مانند ہے۔

أَشَدُّ عَسْفِ الرِّيَاحِ يَسْبِقُهُ ... تَحْتِيَ مِنْ خَطْوِهَا تَأَيُّدُهَا

عصف الریاح بفتح العین شدۃ ہبوبہا بالضم جمع عصوف وہو عاصف۔ ومعنی تایدہا تانیہا تلبثہا وہو فاعل یسبقہ۔ ترجمہ میرے ناقہ کی رفتار نرم میرے نیچے اپنے قدم سے تیز ہواؤنکی رفتار سے سبقت لیجاتی ہے یعنی میں جوتی پہنکر آندھی سے زیادہ دوڑتا ہوں۔

فِي مِثْلِ ظَهْرِ الْمِجَنِّ مُتَّصِلٍ ... بِمِثْلِ بَطْنِ الْمِجَنِّ قَرْدَدُهَا

الظرف متعلق بیسبقہ ومتصل یروی بالخفض والرفع والرفع اقوی لانہ خبر مبتدء موخر وہو قرددہا۔ والقردد الارض فیہا نجاد ووہاد ترجمہ میری ناقہ تیز ہوا سے ایسے ناہموار میدان میں بڑھجاتی ہے جو مثل پشت ڈھال نشیب و فراز رکھتا ہے اور اُسکا ناہموار میدان ایسے ہی دوسرے میدان سے ملا ہوا ہے۔

مُرْتَمِيَاتٌ بِنَا إِلَى ابْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ غِيطَانُهَا وَفَدْفَدُهَا

غیطانہا مبتدء موخر ومرتمیات خبر مقدم۔ وضمیر غیطانہا وفدفدہا للارض التی تقدم ذکرہا بقولہ فی مثل ظہر المجن والغیطان المطمئن من الارض۔ والفدفد الارض الغلیظۃ المرتفعۃ ترجمہ اُس زمین کے نیچے اونچے میدان ہمکو ابن عبید اللہ کی طرف پھینکتے ہیں یعنی ہم ایسے تیز چلتے ہیں کہ گویا ہمکو کسی نے پھینک دیا۔

إِلَى فَتًى يُصْدِرُ الرِّمَاحَ وَقَدْ ... أَنْهَلَهَا فِي الْقُلُوبِ مُورِدُهَا

بدل من ابن عبید اللہ۔ وموردہا فاعل انہلہا ای سقاہا اول مرۃ۔ والعلل الشرب الثانی۔ ویصدر الرماح ای ینزعہا بعد الطعن من المطعون۔ ترجمہ اُس جوان کی طرف جو نیزونکو دشمنونکے اجسام میں سے ایسے حال میں نکالتا ہے کہ اُس کے مارنیوالے یعنی ممدوح نے اُنکے دلون کا خون انکو خوب شکم سیر پلایا ہے۔ اگر مورد کو بضم پڑھیں تو ممدوح مراد ہے اور اگر بفتح میم تو مصدر ہے بمعنی ورود

لَهُ أَيَادٍ إِلَيَّ سَابِقَةٌ ... أُعَدُّ مِنْهَا وَلَا أُعَدِّدُهَا

ترجمہ ممدوح کے سابق احسان مجھ پر بہت ہیں اُنہیں سے چند گنتا ہوں اور اُسکا حصر نا ممکن ہے اسلئے کل شمار نہیں کرسکتا۔

يُعْطِي فَلَا مَطْلُهُ يُكَدِّرُهَا ... بِهَا وَلَا مَنُّهُ يُنَكِّدُهَا

ترجمہ وہ بخشتا ہے سو اُسکی دیر اُن نعمتوں کو مکدر نہیں کرتی اور نہ اُسکا احسان جتانا انکو بگاڑتا ہے یعنی مطل و من ہی نہیں ہے

خَيْرُ قُرَيْشٍ أَبًا وَأَمْجَدُهَا ... أَكْثَرُهَا نَائِلًا وَأَجْوَدُهَا

ترجمہ ممدوح بلحاظ پدر تمام قریش سے بہتر ہے کیونکہ وہ فرزند رسول ہے اور قریش سے بخشش میں بڑھا ہوا ہے اور زیادہ سخی ہے

أَطْعَنُهَا بِالْقَنَاةِ أَضْرَبُهَا ... بِالسَّيْفِ جَحْجَاحُهَا مُسَوَّدُهَا

الجحاج السید العظیم ترجمہ وہ قریش میں سب سے زیادہ نیزہ زن اور بڑا کلو ریا بڑا سردار مسلم الثبوت ہی۔

اَفرَسُهَا فَارِسًا وَاَطوَلُهَا	بَاعًا وَمِنهَا اَوهُهَا وَسَیِّدُهَا

ترجمہ وہ بڑا شہسوار قریش ہی جب سوار ہو اور بڑا دراز دست یعنے سخی اور انہیں دشمنوں کے حق میں بڑا الشیرا اور سردار ہی۔

تَاجُ لُوَیِّ بنِ غَالِبٍ وَبِهِ	سَنَا لَهَا فَرعُهَا وَمَحتِدُهَا

لوی بن غالب ہو ابو قریش والمحتد الاصل ترجمہ وہ لوی بن غالب کا تاج ہی اور اسکے سبب سے لوی کے آباء قریش بلند ہوگئے

شَمسُ ضُحَاهَا هِلَالُ لَیلَتِهَا	دُرُّ تَقَاصِیرِهَا زَبَرجَدُهَا

التقصار ما یعلق علی القصیرة وہی اصل العنق ترجمہ ممدوح چاشت لوی کا آفتاب ہی اور اسکی رات کا ہلال ہی کہ ہر کوئی اسکو مشتاقانہ دیکھتا ہی۔ اور اسکی گردن کے ہار کا موتی اور زبر جد ہی۔

یَا لَیتَ بِی ضَربَةً اُتِیحَ لَهَا	کَمَا اُتِیحَت لَهُ مُحَمِّدُهَا

اتاح لہ ای قدر ترجمہ ای کاش وہ ضربہ جسکے سبب انکا محمد یعنی ممدوح مقدر ہوا ایسے ہی ضربہ کہ اسکے واسطے مقدر ہوئے میرے لگتے اور میں اسپر قربان ہو جاتا اور وہ محفوظ رہتا۔ قولہ محمدہا۔ اس اضافت میں اسطرف اشارہ ہی کہ ضربہ مذکورہ ممدوح محمود ہو گیا نہ معیوب۔ کہتے ہیں کہ ممدوح بحالت جوانی کہ اسکی عمر بیس برس سے کم تھی ایک عرب کی قوم سے لڑا تھا اور بہت سے انہیں قتل کئے تھے اور اسکے چہرہ پر زخم آیا تھا جس سے اسکا چہرہ خوبصورت ہو گیا تھا۔ سو متنبی ایسے ضربہ کی تمنا کرتا ہی۔

اَثَّرَ فِیهَا وَفِی الحَدِیدِ وَمَا	اَثَّرَ فِی وَجهِهِ مُهَنَّدُهَا

ترجمہ ممدوح نے اس ضربہ اور تلوار میں اثر کیا اور اسکے چہرہ پر ضربہ کی شمشیر تیز یا ہندی لوہے کی شمشیر نے کچھ اثر نکیا ضربہ اور تلوار میں اثر کرنے کی یہ معنی کہ ضربہ سے قصد ضارب کا قتل تھا سو ممدوح نے اسکی مراد پوری ہونے دی یہ اسکی تاثیر انہیں ہوئی۔ اور تلوار نے اسکے چہرہ پر اثر نکیا یعنی اثر قبیح جس سے چہرہ کی رونق کم ہو جاوے نکیا بلکہ چہرہ کی رونق اور زیادہ کردی۔ خاص اس سبب سے کہ زخم چہرہ علامت شجاعت ہی اور عرب اسپر فخر کرتے ہیں۔

فَاغتَبَطَت اِذ رَاَت تَزَیُّنَهَا	بِمِثلِهِ وَالجِرَاحُ تَحسُدُهَا

الغبطة ان تتمنی مثل حال المغبوط من غیر ان یرید زوالها عنہ۔ وان تمناہ فہو حسد ترجمہ سو چوٹ نے جب اپنی زینت کو ممدوح جیسے شخص پر دیکھا تو اسنے غبطہ کیا یعنی اسنے یہ آرزو کی کہ یہ زینت مجکو بھی نصیب ہوتی اور اور زخم اس چوٹ پر حسد کرنے والے تھے کہ انکو ایسا عمدہ موقع فخر حاصل نہوا۔

وَاَیقَنَ النَّاسُ اَنَّ زَارِعَهَا	بِالمَکرِ فِی قَلبِهِ سَیَحصُدُهَا

الضمیر فی قلبہ للزارع ترجمہ اور لوگوں نے یقین کرلیا کہ بیشک اس چوٹ کا مکر بونے والا اپنے دل میں اس چوٹ کو

کاٹے گا اور دل کی چوٹ قطعًا قاتل ہوتی ہی۔ اس صورت مین فی یحصدہا کے متعلق ہوگا اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ فی صلہ مکر ہو یعنی جس نے مکر اور فریب سے جو اُسکے دل مین جاگزین تھا خلاصہ یہ ہی کہ یہ ضرب براہ مکر لگائے تھے اور اگر سواجہہ ہوتا تو یہ امر ممکن نہ تھا سو لوگون کو یقین ہی کہ یہ ضارب مکار اپنے بوئے کو کاٹے گا یعنی ممدوح اُسکو سزا کامل دیگا

أَصْبَحَ حُسَّادُهُ وَأَنْفُسُهُمْ　　يُحْدِرُهَا خَوْفُهُ وَيُصْعِدُهَا

الواو فی وانفسہم للحال ترجمہ اور اُسکے حاسد لوگ ایسے حال مین ہوگئے کہ اُنکی جانونکو ممدوح کا خوف کبھی نیچے اتارتا ہی اور کبھی اوپر چڑھاتا ہی یعنی اُسکے خوف سے نہایت بے چین ہین۔

تَبْكِي عَلَى الْأَنْصُلِ الْغُمُودُ إِذَا　　أَنْذَرَهَا أَنَّهُ يُجَرِّدُهَا

ترجمہ تلوار کے پھلون پر بخوف فراق دائمی اُنکے میان روتے ہین جبکہ ممدوح اُن میانونکو اس بات سے ڈراتا ہی کہ پھلون کو اُنمین سے نکالیگا کیونکہ میان جانتے ہین کہ اب اُن پھلو ن کے میان گردنہائے اعدا ہونگے جیسا اگلے شعر مین ہی۔

لِعِلْمِهَا أَنَّهَا تَصِيرُ دَمًا　　وَأَنَّهُ فِي الرِّقَابِ يُغْمِدُهَا

ترجمہ کیونکہ میان جانتے ہین کہ وہ پھل خون بنجاوینگے اور ممدوح اُنکو دشمنون کی گردنون مین چھپا دے گا۔

أَطْلَقَهَا فَالْعَدُوُّ مِنْ جَزَعٍ　　يَذُمُّهَا وَالصَّدِيقُ يَحْمَدُهَا

ترجمہ ممدوح نے پھلونکو میانون سے آزاد کیا اب دشمن بسبب خوف اُنکی مذمت کرتا ہی اور دوست اُنکی تعریف۔

تَنْقَدِحُ النَّارُ مِنْ مَضَارِبِهَا　　وَصَبُّ مَاءِ الرِّقَابِ يُخْمِدُهَا

ترجمہ ان پھلونکے لگنے کی جگہ سے آگ جھڑتی ہی بسبب شدت ضرب کے اور ریزش گردنون کے خون کی اُس آگ کو بجھاتی ہی۔

إِذَا أَضَلَّ الْهُمَامُ مُهْجَتَهُ　　يَوْمًا فَأَطْرَافُهُنَّ يُنْشِدُهَا

الانشاد ہو تعریف الضالۃ ترجمہ جبکہ کوئی سردار اپنی جان کسی روز گم کرے یعنی اُسکو اپنا قاتل معلوم نہو اور اُس کی تلاش کرے تو ممدوح کی تلوارون کے اطراف اُسکی گم ہوئی چیز کا نشان دیتے ہین یعنی وہ کہتے ہین کہ تمھارے قاتل ہم ہین خلاصہ یہ ہی کہ ممدوح قاتل ملوک ہی۔

قَدْ أَجْمَعَتْ هَذِهِ الْخَلِيقَةُ لِي　　أَنَّكَ يَا ابْنَ النَّبِيِّ أَوْحَدُهَا

ترجمہ یہ تمام مخلوق میرے سامنے اس امر پر متفق ہوگئی ہی کہ ای فرزند نبی بیشک تو تمام کمالات مین یگانہ خلق ہی

وَأَنَّكَ بِالْأَمْسِ كُنْتَ مُحْتَلِمًا　　شَيْخَ مَعَدٍّ وَأَنْتَ أَمْرَدُهَا

وانک اراد انک بالتشدید فخفف ضرورۃ مع الضمیر ویروی انت وشیخ معد خبر کان وقولہ وانت امردہا عطف علی الحال ای محتلما امرد ترجمہ اور اس بات پر بھی متفق ہوگئے کہ تو کل بحال آغاز جوانی وامردی بمقتضائے بزرگی بعقل بہت نہ بسال شیخ اور بڑا بنی معد کا تھا کہ سب امور تیرے مشورہ سے ہوتے تھے اسوقت کا تو کیا کہنا ہی کہ تیری عمر

زیادہ ہوگئی اور سب چیزون کا اور لڑائیونکا تجربہ کار ہوگیا ہی۔

فَکَمْ وَکَمْ نِعْمَۃٍ مُجَلَّلَۃٍ	رَبَّیْتَہَا کَانَ مِنْکَ مَوْلِدُہَا

المجللۃ العظیمۃ ترجمہ سو بہت بہت عظیم نعمتین ہین کہ وہ تجھ سے پیدا ہوئین اور تو نے اُنکی پرورش کی۔ یعنی اولاً تو نے اُنکو بطور انعام عطا فرمائی اور پھر اُسپر مداومت کی اور اُنکو بڑھایا۔

وَکَمْ وَکَمْ حَاجَۃٍ سَمَحْتَ بِہَا	اَقْرَبُ مِنِّیْ اِلَیَّ مَوْعِدُہَا

ترجمہ اور بہت بہت حاجتین ہین کہ تو نے اُنکے پورا کرنے مین جوانمردی کی اور وعدہ کرتے ہی انکو ایسا جلد پورا کردیا کہ اُن کا وعدہ ایسا قریب تھا کہ مین بھی اپنے نفس سے اتنا قریب نہین ہون۔ ظاہر ہی کوئی چیز اپنے نفس سے زیادہ نہین قریب آتی۔

وَمَکْرُمَاتٍ مَشَتْ عَلٰی قَدَمِ الْبِرِّ اِلٰی مَنْزِلِیْ تُرَدِّدُہَا	

ترجمہ اور بہت سے احسانات ہین کہ وہ نکوئی کے قدم پر میرے گھر تلک آئے اور تو اُن احسانات کو میری نسبت بار بار عمل مین لاتا ہی۔ نکوئی کے قدم پر آنے سے مراد خلعت و انعام ہین جو ممدوح نے اُسکو بھیجے اور اگلے شعر مین جملہ اقر جلدی بہا اسیر دلالت کرتا ہی اور اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہی کہ حامل خلعت یعنی غلام بھی منجملہ عطایا تھا۔

اَقَرَّ جِلْدِیْ بِہَا عَلَیَّ فَلَا	اَقْدِرُ حَتَّی الْمَمَاتِ اَجْحَدُہَا

ترجمہ میرے بدن کی جلد نے تیرے احسانات و انعام کا مجھپر اقرار کیا سو وقت موت تلک مین اُن کا انکار نہین کرسکتا یعنی تیرے خلعت عنایتی میرے بدن پر سب کوئی دیکھے اب اگر بالفرض تیرے احسانات کا انکار بھی کرون تو اُسے کون مانے گا۔

فَعُدْ بِہَا لَا عَدِمْتُہَا اَبَدًا	خَیْرُ صِلَاتِ الْکَرِیْمِ اَعْوَدُہَا

ترجمہ سو وہ احسانات بار بار فرما یہ استطاعت احسانات خدا تجھسے کبھی گم نکرے سخی شخص کی عطایا مین عمدہ وہی جو بار بار دے

وقال ایضاً فی صباہ

کَمْ قَتِیْلٍ کَمَا قُتِلْتُ شَہِیْدٍ	بِبَیَاضِ الطُّلٰی وَوَرْدِ الْخُدُوْدِ

الطلی الاعناق ترجمہ جیسا مین عشق گردنہائے سفید و رخسارہائے سرخ مین مقتول شہید ہون ایسے بہت سے مقتول ہین۔

وَعُیُوْنِ الْمَہَا وَلَا کَعُیُوْنٍ	فَتَکَتْ بِالْمُتَیَّمِ الْمَعْمُوْدِ

عطف علی بیاض الطلی۔ المہا جمع مہاۃ وہی بقر الوحش تشبہ بہا عیون النساء بعیونہا لحسنہا وسعتہا۔ وفتکت قتلت بغتۃ والمتیم المذلل والمعمود الذی ہدہ العشق ترجمہ اور بہت سے مقتول چشمہائے محبوبان کے ہین جو خوبصورتی مین مثل چشمہائے گاوان دشتی ہین حالانکہ اُن کی آنکھین اُن آنکھون کے مانند نہین ہین جنھون نے عاشق بیچارہ و زار و نزار شکستہ حال کو یعنی مجکو دفعۃً قتل کرڈالا ہی بلکہ اُنسے حسن و خوبی مین کمتر ہین یعنی میرا معشوق بےمثل ہی۔

دَرَّ دَرُّ الصِّبَا اَیَّامَ تَجْرِیْرِ ذُیُوْلِیْ بِدَارِ اَثْلَۃَ عُوْدِیْ	

اصل الدنی اللبن یقال و رالفرع ثم کثر استعمالہ حتے قالوللمن یحمدونہ للہ درہ ای للہ اللبن الذی ارضعہ للہ در یدفیہ معنی التعجب ویراد بہ الخیرلان غالب معیشۃ العرب من اللبن والاثلۃ موضع بظاہر الکوفۃ۔ والاثل شجر من جنس الطرفاء اذا حرکتہ الریح سمع منہ صوت حنین۔ وجر الذیول کنایۃ عن النشاط واللہو ترجمہ بھلا ہو ایام کو وکی کا اہو ایام لہو ولعب ونشاط جو بمقام وارالثلہ گذرے لوٹ آؤ۔ ان ایام کو یاد کیا ہے اور انکے واپس آنے کی درخواست کرتا ہے۔

تنشو لک اللہ ھل رایت بدورا	طلعت فی براقع وعقود

ترجمہ اے میرے مخاطب خدا تجہی کو یاد کرے بتا تو کہ کیا تو نے چودھوین رات کے چاندون کو برقعون اور ہارون کے اندر سے نکلتے دیکھا ہے یعنی نہین دیکھا۔ بدور سے مراد محبوبان ماہ طلعت ہین۔

رامیات باسھم ریشھا الھدب تشق القلوب قبل الجلود

رامیات صفۃ لبدور ترجمہ ایسے بدر کے تیر ہائے نگاہ جنکی پر پلکین ہین اپنے عاشقون کے مارتے ہین کہ وہ دلون کو کھالونسے پہلے چیر ڈالتے ہین۔ ذوق کا یہ شعر مشہور اسی کا ترجمہ معلوم ہوتا ہی مگر تشق القلوب الخ کے مضمون سے خالی ہے تم کیا اور مزہ کیا ہتو دونون کو بلا سمجھے + اسے تیر قضا اور اُسکو پر تیر قضا سمجھے۔

یترشفن من فمی رشفات	ھن احلی فیہ من التوحید

ترجمہ وہ عورتین براہ محبت میرا آب دہن بہت دفعہ چوستی ہین۔ وہ انکا بار بار چوسنا میرے منہ مین کلمہ توحید سے زیادہ شیرین معلوم ہوتا ہی۔ شاعر نے اس شعر مین رندی کی داد دی اور وہ حد سے بڑھگیا اور ایک روایت ہین فیہ حلاوۃ التوحید ہی اسمین بسبب تشبیہ کے فی الجملہ مبالغہ کم ہی۔ اور بندہ نے بعض کتب مین دیکھا ہی کہ توحید ایک قسم کے تمر کا نام ہی اس صورت مین شعر عیب مبالغہ بیجا سے پاک ہو جاتا ہی۔

کل خمصانۃ ارق من الخمر بقلب اقسی من الجلمود

کل مرفوع علی البدل من الضمیر فی یترشفن۔ والخمصانۃ الضامرۃ ترجمہ ہر محبوبہ باریک شکم شراب سے باریک تر یعنی صاف ونازک تر کہ انکا دل پتھر سے بھی سخت ہی۔ یعنی بدن کے نازک اور دل کے سخت ہین۔

ذات فرع کانما ضرب العنبر فیہ بماء ورد وعود

الفرع شعر الراس۔ ترجمہ انکے سر کے بال ایسے خوشبودار ہین کہ گویا انکے بالون پر گلاب چھڑکا گیا ہی اور عنبر اور عود کی دھونی دیگئی ہی

حالک کالغداف جثل دجوجی اثیث جعد بلا تجعید

الحالک الشدید السواد صفۃ فرع والغداف ہو الغراب الاسود۔ والجثل الکثیر النبات والاثیث مثل الجثل والدجوجی مثل الحالک ترجمہ وہ سر کے بال مثل کالے کوے کے نہایت سیاہ ہین اور بکثرت ہین اور بے موڑے گھونگریالے ہین یعنی ایسے ہی مخلوق ہین۔

تَحْمِلُ الْمِسْكَ عَنْ غَدَائِرِهَا الرِّيحُ وَتَفْتَرُّ عَنْ شَنِيبٍ بَرُودِ

ترجمہ - ہوا اُسکے گیسوؤں سے مشک اُٹھا کر لیجاتی ہے اور وہ کھڑکیدار اور ہموار دانتوں سے ہنستی ہے یعنی اُس کے دندان ایسے ہیں گنجان تلے اوپر نہیں ہیں -

جَمَعَتْ بَيْنَ جِسْمِ أَحْمَدَ وَالسُّقْمِ وَبَيْنَ الْجُفُونِ وَالتَّسْهِيدِ

ترجمہ اس معشوقہ نے احمد یعنی میرے جسم اور بیماری کو اور میری پلکوں اور بیخوابی کو ایک جا جمع کر دیا ہے -

هَذِهِ مُهْجَتِي لَدَيْكِ لِحَيْنِي	فَانْقُصِي مِنْ عَذَابِهَا أَوْ فَزِيدِي

المہجۃ دم القلب و موضع الروح و الحین الہلاک ترجمہ یہ میری جان ہلاکی کے لئے تیرے سپرد ہے تجکو اختیار ہے کہ اُس کے عذاب کو بذریعہ اپنے وصل کے گھٹائے یا بسبب فراق زیادہ کرے -

أَهْلُ مَا بِي مِنَ الضَّنَا بَطَلٌ صِيدَ بِتَصْفِيفِ طُرَّةٍ وَبِجِيدِ

ای انا اہل ترجمہ میں اپنی لاغری کا سزاوار ہوں اور ایسا بہادر دلیر ہوں کہ زلف کی پٹی جانے سے اور گردن سفید محبوبہ کو دیکھ کر شکار ہو گیا ہوں -

كُلُّ شَيْءٍ مِنَ الدِّمَاءِ حَرَامٌ	شُرْبُهُ مَا خَلَا دَمِ الْعُنْقُودِ

ترجمہ ہر شیٔ کا خونوں کی قسم سے پینا حرام ہے سوائے خون انگور کے یعنی شراب کے اور آب انگور کو خون سے بسبب سیلان تعبیر کیا

فَاسْقِنِيهَا فِدًى لِعَيْنَيْكِ نَفْسِي	مِنْ غَزَالٍ وَطَارِفِي وَتَلِيدِي

ترجمہ سو تو مجکو وہ شراب پلائے ای غزال تیری دونوں آنکھوں پر میری جان اور میرا پیدا کردہ اور موروثی مال قربان -

شَيْبُ رَأْسِي وَذِلَّتِي وَنُحُولِي	وَدُمُوعِي عَلَى هَوَاكِ شُهُودِي

ترجمہ میرے سر کے بالوں کی سفیدی اور میری زاری و لاغری اور میرے آنسو تیری محبت پر میرے گواہ ہیں یعنی اگر میں عشق چھپاتا ہوں تو یہ چاروں گواہ تیری محبت کے ہو جاتے ہیں لہذا وہ چھپائے نہیں چھپتا - شعر نتوان داشت نہان عشق ز مردم لیکن زردی رنگ رخ و خشکی لب را چہ علاج +

أَيَّ يَوْمٍ سَرَرْتَنِي بِوِصَالٍ	لَمْ تَرُعْنِي ثَلَاثَةً بِصُدُودِ

ترجمہ کون سے دن تو نے مجکو اپنے وصل سے خوش کیا ہے کہ اسکے بعد تین روز تک مجکو اپنے اعراض سے نہ ڈرایا ہو +

مَا مُقَامِي بِأَرْضِ نَخْلَةَ إِلَّا	كَمُقَامِ الْمَسِيحِ بَيْنَ الْيَهُودِ

المقام الاقامۃ - و ارض نخلۃ قریۃ بقرب بعلبک ترجمہ میری اقامت سرزمین نخلہ میں ایسی ہے جیسے حضرت عیسیٰؑ کی اقامت یہود میں یعنی جیسے یہودی حضرت مسیحؑ کے دشمن ہیں ایسے ہی قریہ مذکورہ کے باشندے میرے دشمن ہیں -

مَفْرَشِي صَهْوَةُ الْحِصَانِ وَلَكِنَّ قَمِيصِي مَسْرُودَةٌ مِنْ حَدِيدِ

نام مقام

الصہوۃ مقعد الفارس من ظہر الفرس - والمسرودۃ المنسوجۃ من الحدید ترجمہ میرے فرش کی جگہ پشت گھوڑوں کی ہی اور میرا کرتہ لوہے سے بنا ہوا ہی یعنی زرہ ہی - خلاصہ یہ کہ مین قریہ مذکورہ مین ایسی صورت سے گزران کرتا ہون -

لَامَةٌ فَاضَةٌ اَضَاةٌ دِلَاصٌ	اَحْكَمَتْ نَسْجَهَا يَدَا دَاوُدِ

بدل من مسرودۃ - اللامۃ الملتئمۃ الصنعۃ - والفاضۃ السابغۃ - واضاۃ صافیۃ - والدلاص البراقۃ ترجمہ وہ زرہ ملی ہوئی حلقون کی چوڑی چکلی صاف وبراق ہی جسکو حضرت داؤد کے دونون ہاتھون نے خوب مضبوط بنا ہی -

اَيْنَ فَضْلِي اِذَا قَنِعْتُ مِنَ الدَّهْرِ بِعَيْشٍ مُعَجَّلِ التَّنْكِيدِ

ترجمہ جبکہ مین زمانہ سے ایسی زندگی پر قناعت کرون جسکا رنج پہنچانا مجکو جلد ستادے تو میری بزرگی کہان رہی -

ضَاقَ صَدْرِي وَطَالَ فِي طَلَبِ الرِّزْقِ قِيَامِي وَقَلَّ عَنْهُ قُعُودِي

ترجمہ بسبب افلاس کے میرا سینہ تنگ ہوگیا اور میری کوشش طلب رزق مین بہت ہوئی اور اُسکی طلب سے میرا باز رہنا کم ہی

اَبَدًا اَقْطَعُ الْبِلَادَ وَنَجْمِي	فِي نُحُوسٍ وَهِمَّتِي فِي سُعُودِ

ترجمہ طلب رزق کے لئے ہمیشہ شہر دبین پھرتا ہون اور میرے نصیب کا ستارہ منحوس اور میری ہمت سعید و بلند ہی -

لَعَلِّي مُؤَمِّلٌ بَعْضَ مَا اَبْلُغُ بِاللُّطْفِ مِنْ عَزِيزٍ حَمِيدِ

ترجمہ سو کاش مین بعض ایسی چیزونکی امید کرون کہ خدائے غالب و ستودہ کی مہربانی سے اُنکو حاصل کرلون یعنے ورنہ یہ اُمیدہائے دور از کار تو پوری ہوتی معلوم نہین ہوتین -

لِسَرِيٍّ لِبَاسُهُ خَشِنُ الْقُطْنِ وَمَرْوِيُّ مَرْوَ لِبْسُ الْقُرُودِ

اللام تحتمل وجہین احدہما ان یکون لاجیوالسری - والآخران یکون متعلقۃ بلطف ای بلطف اللہ سبحانہ لسری ذا صفۃ ومروی مرو ثیاب دقاق تنسج بمرو ترجمہ تعجب کرو تم ایسے سردار کے لئے کہ اُسکا لباس سخت روئی کا ہو اور باریک کپڑے مرو کے لباس بندرون یعنی ناکسون کا - خلاصہ یہ ہی کہ تعجب ہی مجھ سا سردار ایسا کم قیمت لباس پہنے اور تنگ رہے اور کمینے لوگ چین اُڑا دین وشلہ فے الفارسیۃ ۵ اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالان ✦ طوق زرین ہمہ درگردن خرمی بینم - اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ لام متعلق لطف ہو یعنی شاید عزیز حمید کی مہربانی سے جو مجھ جیسے سردار پر ہوجاوے اپنی امیدون کو پہنچ جاؤن -

عِشْ عَزِيزًا اَوْ مُتْ وَاَنْتَ كَرِيمٌ	بَيْنَ طَعْنِ الْقَنَا وَخَفْقِ الْبُنُودِ

البنود جمع بند وہی الاعلام الکبار - وخفق البنود اضطرابہا ترجمہ بحالت عزت جیتا رہ یا درمیان زخم نیزون کے اور حرکت جھنڈون کے ایسے حال مین کہ تو عزیز وکریم ہو - ذلت مین جیتا برا ہی -

فَرُؤُوسُ الرِّمَاحِ اَذْهَبُ لِلْغَيْظِ وَاَشْفَى لِغِلِّ صَدْرِ الْحَقُودِ

يقال ذہبت بالغيظ ولايقال ذہبتہ - والوجا شداذا بالغيظ ولو قال اذہب بالغيظ لاستغنیٰ ترجمہ کیونکہ نیزہ کے سرِ غصہ کو خوب رفع کرتے ہین اور کینہ صاحب کینہ کو بخوبی شفا بخش ہین -

لَا كَمَا قَدْ حَيِيتَ غَيْرَ حَمِيدٍ	وَإِذَا مُتَّ مُتَّ غَيْرَ فَقِيدِ

ترجمہ اپنے نفس کو خطاب کرتا ہی کہ بحالت عزت جی نہ ایسی طرح جیسا تو ابتلک غیر قابل تعریف جیا ہی اور جب تو مرے تو ایسے حال مین مرکہ گویا تو مفقود نہین ہوا کیونکہ تجھ سے ابتلک کوئی ناموری کا کام نہین ہوا کہ تجھکو کوئی یاد کرے اور تیرے مثل بہت سے عوام پائے جاتے ہین -

فَاطْلُبِ الْعِزَّ فِي لَظَى وَدَعِ الذُّلَّ	وَلَوْ كَانَ فِي جِنَانِ الْخُلُودِ

لظیٰ من اسماء جہنم ترجمہ سو تو عزت طلب کر اگرچہ دوزخ مین ملے اور ذلت کو چھوڑ اگرچہ جنت مین ہو -

يُقْتَلُ الْعَاجِزُ الْجَبَانُ وَقَدْ	يَعْجَزُ عَنْ قَطْعِ بُخْنُقِ الْمَوْلُودِ

البخنق الخیل علی راس الصبی وتلبسہ المرأۃ عند ادہان راسہا ترجمہ عاجز شخص نامرد کو مار ڈالتا ہی باوجودیکہ وہ بچے کے سرکا کپڑا بھی نہین کاٹ سکتا ہی - غرض نامردی کچھ مفید نہین ہوتی -

وَيُوَقَّى الْفَتَى الْمِخَشُّ وَقَدْ خَوَّضَ فِي مَاءِ لَبَّةِ الصِّنْدِيدِ

المخش الجری - والصندید السید الکریم ترجمہ اور محفوظ رہتا ہی جوان مرد دلیر ایسے حال مین کہ سردار بہادر کے سینہ کے خون مین باربار گھسا ہی یعنی پس نامردی سخت نازیبا وغیر مفید ہی -

لَا بِقَوْمِي شَرُفْتُ بَلْ شَرُفُوا بِي	وَبِنَفْسِي فَخَرْتُ لَا بِجُدُودِي

ترجمہ مینے اپنی قوم کے سبب شرف حاصل نہین کیا بلکہ میری قوم میرے سبب شریف ہو گئی اور مین اپنے نفس پر فخر کرتا ہون نہ اپنے بڑون پر - یعنی اوصاف اضافیہ میرے فخر کے باعث نہین ہین -

وَبِهِمْ فَخْرُ كُلِّ مَنْ نَطَقَ الضَّادَ وَعَوْذُ الْجَانِي وَغَوْثُ الطَّرِيدِ

عوذ الجانی ای یعوذون بہم ترجمہ حال آنکہ میرے اجداد باعث فخر تمام عرب ہین کیونکہ حرف ضاد سوائے عرب کوئی نہین بولتا - اور میرے بڑے گناہگار کی پناہ درماندہ کے فریادرس ہین -

إِنْ أَكُنْ مُعْجَبًا فَعُجْبُ عَجِيبٍ	لَمْ يَجِدْ فَوْقَ نَفْسِهِ مِنْ مَزِيدِ

ترجمہ اگر مین اپنے نفس اور اسکے کمالات پر تعجب کرون اور اپنے کو بڑا گنون تو یہ تعجب اس شخص عجیب کا سا ہی جو اپنے سے کسیکو زیادہ نپاوے تو اسکا اعجاب قابل انکار نہوگا ایسا ہی میرا حال ہی -

أَنَا تِرْبُ النَّدَى وَرَبُّ الْقَوَافِي	وَسِمَامُ الْعِدَى وَغَيْظُ الْحَسُودِ

سمام جمع سم ترجمہ مین ہمعمر وہمزاد بخشش کا اور صاحب اشعار زہرہائے دشمنان وغصہ حاسدان ہون -

أَنَا فِي أُمَّةٍ تَدَارَكَهَا اللّٰهُ غَرِيبٌ كَصَالِحٍ فِي ثَمُودِ

ترجمہ مین ایک امت مین سے ہون جو میری قدر نہین جانتی خدا اُنکا تدارک کرے یہ جملہ دعا کے خبر ہی یا دعائے بد - اول صورت مین یہ معنی ہونگے کہ خدا اُنکی اصلاح کرے اور صورت دوم یہ کہ اُنکا استیصال کرے اور غریب ہون مثل حضرت صالح کے قوم ثمود مین شارحین کہتے ہین کہ اس شعر مین جاسنے آپ کو حضرت صالح سے تشبیہ دی اور شعر گزشتہ مین حضرت عیسٰے سے اسی سبب لوگ اُسکو متنبی کہنے لگے یعنی بتکلف آپکو نبی بناتا ہی -

واھدی الیہ عبیداللہ بن خراسان ہدیۃ فیہا سمک من عسل فردالیہ وکتب علیہ ھذہ الابیات

أَقَمَرٌ تُلَّتَ جَزَاءَ شَيْءٍ وَدًّا ۔ بَلَغَ الْمَدَى أَوْ تَجَاوَزَ الْحَدَّا

ترجمہ احسان سے باز رہ کیونکہ تو مجکو اپنی دوستی جو نہایت کو پہنچ گئی ہی اور حد سے بڑھگئی ہی بڑھا نہین سکتا -

أَرْسَلْتَهَا مَمْلُوءَةً سُكَّرًا ۔ فَرَدَدْتُهَا مَمْلُوءَةً حَمْدًا

ترجمہ تو نے اُس جام کو جسین حلوا تھا اپنی بخشش سے پر بھیجا سو مینے اُسکو ایسے حال مین لوٹایا کہ وہ شکر سے بھرا ہوا تھا - شکر سے مراد وہ اشعار ہین جو حواشی جام پر لکھکر بھیجے تھے -

جَاءَتْكَ تَطْفَحُ وَهِيَ فَارِغَةٌ ۔ مَثْنَى بِهِ وَتَظُنُّهَا فَرْدًا

طفح الشی امتلأ وفاض - وضمیر بہ عائد الی الشعر المکتوب علے جوانبہا ترجمہ وہ جام تیرے پاس لبریز چھلکتا ہوا آیا اور وہ خالی معلوم ہوتا ہی اور وہ حمد وشکر سے دونا بھرا ہوا ہی اور تو اُسکو تنہا گمان کرے گا -

تَأْبَى خَلَائِقُكَ الَّتِي شَرُفَتْ ۔ أَنْ لَا تَحِنَّ وَتَذْكُرَ الْعَهْدَا

لاتحن ای لاتشتاق ترجمہ تیری عادتین جو بزرگ ہین اس امر سے انکار کرتی ہین کہ تو اپنے دوستون کا مشتاق نہو اور جو تو نے اُنسے دوستی کا عہد کیا ہی اُسکو یاد نکرے اس لئے تو دوستونکو یاد فرماتا ہی -

لَوْ كُنْتَ عَصْرًا مُنْبِتًا زَهَرًا ۔ كُنْتَ الرَّبِيعَ وَكَانَتِ الْوَرْدَا

ترجمہ اگر تو زمانہ کلیون کا اُگانیوالا ہوتا تو تو زمانہ بہار ہوتا اور تیرے اخلاق بمنزلہ گلاب ہوتے یعنی تیرا زمانہ اشرف ہوتا اور تیرے پھول عمدہ -

وقال یمدح شجاع بن محمد الطائی المنبجی

أَلْيَوْمَ عَهْدُكُمْ فَأَيْنَ الْمَوْعِدُ ۔ هَيْهَاتَ لَيْسَ لِيَوْمِ عَهْدِكُمْ غَدُ

ترجمہ بوقت رخصت احباب کہتا ہی کہ آج تمھاری ملاقات کا روز ہی سوا اسکے بعد کونسی جگہ ملاقات ہوگی پھر اپنے نفس کی طرف التفات کرکے کہتا ہی کہ یہ استفسار لغو ہی اور یہ مطلب نہایت بعید ہی کیونکہ ای دوستو تمھاری یوم ملاقات کے لئے کل نہوگی کیونکہ مین کل کے آنے سے پہلے مر جاؤنگا خلاصہ یہ ہی کہ مین تمھارے بعد زندہ نرہونگا -

اَلْمَوْتُ اَقْرَبُ مِخْلَبًا مِنْ بَیْنِکُمْ	وَالْعَیْشُ اَبْعَدُ مِنْکُمْ لَا تَبْعَدُوْا

قولہ لاتبعدوا من روی بفتح العین کان من الھلاک بعد یبعد ای ہلک منہ قولہ تعالی الا بعدا لمدین کما بعدت ثمود۔ ومن روی بضم العین کان من البعد والبین ترجمہ موت لحاظ اپنے پنجونکے تمہاری جدائی کے بہ نسبت مجھسے قریب ہے یعنی مین قبل فراق مرجاونگا اور زندگی تمسے دور ہی کیونکہ وہ بحالت تمہاری ہجوری کے معدوم ہوجاویگی پھر انکو دعا دیتا ہی۔
کہ تم ہلاک نہو ہمیشہ بنے رہو یا تم مجھ سے دور نہو خدا تمکو ہمیشہ میرے پاس رکھے۔

اِنَّ الَّتِیْ سَفَکَتْ دَمِیْ بِجُفُوْنِھَا	لَمْ تَدْرِ اَنَّ دَمِیَ الَّذِیْ تَتَقَلَّدُ

ترجمہ بیشک وہ محبوبہ جسنے میرا خون اپنی آنکھون سے گرایا ہی وہ نہین جانتی کہ میرا ہی خون اُسکی گردن پر ہی یا وہ اُس کا بمنزلہ ہار ہی یعنی وہ سُرخ ہار جو پہنے ہوئے ہی وہ میرا خون ہی۔

قَالَتْ وَقَدْ رَاَتِ اصْفِرَارِیْ مَنْ بِہٖ	وَتَنَھَّدَتْ فَاَجَبْتُھَا الْمُتَنَھِّدُ

التنہد شدۃ التنفس والزفرات ترجمہ جبوقت اُسنے میرے رنگ کی زردی دیکھی تو بولی کہ کس نے اسکا ایسا حال کردیا اور یہ کہکر براہ تاسف اُسنے لمبا سانس لیا تو مینے اُسکو جواب دیا کہ یہ میرا حال لمبے سانس لینے والی نے کیا ہی یعنی میری زردی رنگ کی باعث تو ہی ہی۔

فَمَضَتْ وَقَدْ صَبَغَ الْحَیَاءُ بَیَاضَھَا	لَوْنِیْ کَمَا صَبَغَ اللُّجَیْنَ الْعَسْجَدُ

ترجمہ سو وہ ایسے حال مین چلدی کہ حیا و شرم نے اُسکے سفید رنگ کو زرد مثل میرے رنگکے کردیا تھا جیسا چاندی کو سونا رنگ دے۔ یعنی اُسکا سپید رنگ سونے کے مانند زردی مائل ہوگیا۔ اس پر بعض لوگون نے یہ اعتراض کیا ہی کہ شرم رنگ کو سرخ کردیتی ہی جیسا خوف زرد کردیتا ہی اُس کا جواب یہ ہی کہ اُسکی شرم خوف فضیحت اور مواخذہ خون اور خوف رقیبون سے مخلوط تھی اور خوف شرم پر غالب آگیا تھا۔

فَرَاَیْتُ قَرْنَ الشَّمْسِ فِیْ قَمَرِ الدُّجٰی	مُتَاَوِّدًا غُصْنٌ بِہٖ یَتَاَوَّدُ

قرن الشمس اول ما یبدو منہا وقت الطلوع ویکون مائلا الی الصفرۃ تاوّد ای تمایلا حال من قرن الشمس غصن یجوز ان یکون مبتدأ لانکرۃ موصوفۃ وخبر مبتدء محذوف ترجمہ سو مینے اول کرن آفتاب کو ماہ تاریکی مین خرامان و لچکتا ہوا دیکھا کہ ایک شاخ یعنی قامت محبوبہ اُسکے سبب لچکتی تھی خلاصہ یہ ہی کہ محبوبہ ماہ کے مانند سفید تھی جب وہ شرم و خوف سے زرد ہوگئی تو اُسکی زردی سفیدی اصلی سے ملکر ایسی ہوگئی جیسے آفتاب کی کرن ماہتاب مین۔

عَدَوِیَّۃٌ بَدَوِیَّۃٌ مِنْ دُوْنِھَا	سَلْبُ النُّفُوْسِ وَنَارُ حَرْبٍ تُوْقَدُ

عدویۃ منسوبۃ الی عدی والنسبۃ الیہ عدوی کما نے علی علویۃ۔ وبدویۃ منسوبۃ الی بداوۃ ہو البدو ترجمہ وہ محبوبہ بنی عدی سے گاؤن یا صحرا کی رہنے والی ہی اُسکے پاس جانے سے ورے جانون کا سلب ہونا اور بھڑکتی ہوئی لڑائی کی آگ ہے

یعنی وہ عزیز القدر ہی اور اپنی قوم قوی کی محافظت مین ہی۔

وَھَوَاجِلٌ وَصَوَاھِلٌ وَمَنَاصِلٌ	وَذَوَابِلٌ وَتَوَعُّدٌ وَتَھَدُّدُ

الھیاجل جمع ہوجل وہی الارض الواسعۃ والنوق۔ والصواہل الخیول۔ والمناصل السیوف والذوابل الرماح ترجمہ اور اُسکے پاس جانے سے ورے بڑے وسیع میدان یا اونٹنیان اور گھوڑے اور تلوارین اور برچھے ہین یعنی اُس تلک پہنچنا دشوار ہی بے سخت خونریزی کے ممکن نہین ہی۔

أَبْلَتْ مَوَدَّتَھَا اللَّيَالِي بَعْدَنَا	وَمَشَى عَلَيْھَا الدَّھْرُ وَھُوَ مُقَيَّدُ

ترجمہ حوادث زمانہ نے ہمارے بعد اُسکی محبت کو کہنہ کردیا اور زمانہ نے اُسکو ایسے حالین روندا کہ وہ مقید تھا مقید کی قید باظہار مبالغہ روندنے کی ہی کیونکہ مقید شخص پاس پاس قدم رکھتا ہی اور اسلئے زیادہ روندتا ہی۔

أَبْرَحْتَ يَا مَرَضَ الْجُفُونِ بِمُمْرِضٍ	مَرِضَ الطَّبِيبُ لَهُ وَعِيدَ الْعُوَّدُ

ابرح بہ وبرح بہ ای اشتد علیہ ترجمہ ای بیماری چشمان یار تونے مجھ بیمار پر ایسی زیادتی کی کہ میرا طبیب بسبب تمنا کی مرض خود بیمار ہوگیا اور عیادت گر بیمار ہوگئے یہان تلک کہ وہ عیادت کئے گئے یعنی لوگ اُنکی عیادت کرنے لگے غرض بیان شدت دہولنا کی مرض ہی۔

فَلَهُ بَنُو عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ الرِّضَا	وَلِكُلِّ رَكْبٍ عِيسُھُمْ وَالْفَدْفَدُ

العیس الابل البیض المخلوط لونہا بالصفرۃ۔ والفدفد الارض المستویۃ ترجمہ سو اس بیمار یعنی محبوب بیٹے عبدالعزیز بن الرضا کے کافی ہین اور ہر قافلہ کے لئے اُنکے شتران سفید مائل بزردی اور میدان ہی یعنی میرا مقصد ممدوح کا کنبہ ہی اور اور لوگون کو اُنکے شتر و میدان مین بینے اُنکو بجز تکالیف سفر کچھ حاصل نہین ہی۔

مَنْ فِي الْأَنَامِ مِنَ الْكِرَامِ وَلَا تَقُلْ	مَنْ فِيكَ شَامُ سِوَى شُجَاعٍ يُقْصَدُ

من استفہام للانکار ترجمہ سوائے شجاع کے تمام خلق مین سخیون مین کون ہی کہ اُسکے پاس بطلب عطا قصد کیا جاوے اور یہ مت کہہ کہ ای شام تجہین سوائے شجاع کے کون ہی جسکا قصد کیا جاوے یعنی شام کی کیا تخصیص ہی تمام دنیا مین کوئی اُسکا مثل نہین ہی۔

أَعْطَى فَقُلْتُ لِجُودِهِ مَا يُقْتَنَى	وَسَطَا فَقُلْتُ لِسَيْفِهِ مَا يُولَدُ

ترجمہ اُسنے بخشش شروع کی اور خوب بخشا تو مینے یہ کہا کہ جو ذخیرہ کیا گیا ہی اُسکی بخشش کے لئے ہی یعنی سب بخشدیگا اور اُس نے حملہ کیا اور دشمنون کو قتل کرنے لگا تو مینے کہا کہ جو پیدا کیا گیا ہی وہ اُسکی تلوار کے لئے ہی یعنے سب کو قتل کرڈالیگا۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ اُس نے عطا کیا تو مینے اُسکی بخشش کو خطاب کرکے کہا کہ اب کوئی ذخیرہ جمع نکریگا کیونکہ تیری بخشش سب کو کافی ہی اب حاجت ذخیرہ کی نہین رہی اور اُس نے حملہ کیا تو مینے اُسکی تلوار سے

کہا کہ اب کوئی پیدا نہ کیا جاویگا تو نے سب کو قتل کر دیا۔ اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ اُسنے بخشش کی تو نے کہا کہ سارے ذخیرے اُسکی عطا کے نیچے ہین اور اُسنے حملہ کیا تو نے کہا کہ اب جو پیدا ہوگا وہ اُسکی تلوار کا آزاد کردہ برد ہ ہی کیونکہ بے اُسکے امان کے سلسلۂ پیدائش جاری نہین رہ سکتا۔

وَتَحَيَّرَتْ فِيهِ الصِّفَاتُ لِأَنَّهَا ۔۔۔ أَلْفَتْ طَرَائِقَهُ عَلَيْهَا تَبْعُدُ

ترجمہ اور ممدوح مین اوصاف مادمین حیران ہین کیونکہ اُن اوصاف نے ممدوح کے طریقے جنپر وہ مدح کیا جاتا ہی اپنے اوپر بعید پائے کہ وہ وصف وہان تلک پہنچ نہین سکتے لہذا وہ حیران کھڑے رہگئے۔

فِي كُلِّ مُعْتَرَكٍ كُلًى مَفْرِيَّةٌ ۔۔۔ يَذْمُمْنَ مِنْهُ مَا الْأَسِنَّةُ تَحْمَدُ

المعترک موضع الحرب۔ ومفریۃ مشقوقۃ ترجمہ ہر میدان جنگ مین گردہ ہائے دشمنان پارہ پارہ ہین کہ وہ ممدوح کی اس قدر مذمت کرتے ہین جسقدر نیزے اُسکی تعریف کرتے ہین یعنے گردہ بسبب تکلیف نیزہ زنی اُسکی مذمت کرتے ہین اور نیزے اُسکی بابت اُسکی تعریف۔

نِقَمٌ عَلَى نِقَمِ الزَّمَانِ يَصُبُّهَا ۔۔۔ نِعَمٌ عَلَى النِّعَمِ الَّتِي لَا تُجْحَدُ

ترجمہ وہ عتاب جو علاوہ عتاب زمانہ کے ممدوح دشمنوپر گراتا ہے وہ دوستونکے حق مین تو نعمتین ہین جنکا انکار نہین ہوسکتا

فِي شَأْنِهِ وَلِسَانِهِ وَبَنَانِهِ ۔۔۔ وَجَنَانِهِ عَجَبٌ لِمَنْ يَتَفَقَّدُ

ترجمہ ممدوح کے حال اور زبان اور انگلیون اور دلمین اُسکے صفات کے جویا کے لئے بڑا تعجب ہی یعنی اُسکا حال عمدہ اور زبان فصیح اور سخاوت دست و دلیری دل نہایت مرتبہ کو پہنچی ہوئی ہین کہ اُسپر ترقی ممکن نہین ہی۔

أَسَدٌ دَمُ الْأَسَدِ الْهِزَبْرِ خِضَابُهُ ۔۔۔ مَوْتٌ فَرِيصُ الْمَوْتِ مِنْهُ تُرْعَدُ

فریص جمع فریصۃ وہی لحمۃ عند الکتف تضطرب عند الخوف۔ والہزبر الشدید الغلبۃ۔ ترجمہ وہ شیر ہی کہ خون قوی شیر کا اُسکا خضاب ہی اور وہ ایسی موت ہی جسکے خوف سے موت کے شانون کا گوشت کانپتا ہی۔

مَا مَنْبِجٌ مُذْ غِبْتَ إِلَّا مُقْلَةٌ ۔۔۔ سَهِدَتْ وَوَجْهُكَ نَوْمُهَا وَالْإِثْمِدُ

منبج بلد من بلاد الشام ترجمہ جب سے تو شہر منبج سے غائب ہوا وہ مانند ایک چشم بے خواب کے تھا اور تیرا چہرہ اُس کی نیند اور سرمہ اثمد کے مانند ہی یعنے اُسکے مصلح کیونکہ خواب اور سرمہ اثمد مصلح چشم ہین۔

فَاللَّيْلُ حِينَ قَدِمْتَ فِيهَا أَبْيَضٌ ۔۔۔ وَالصُّبْحُ مُنْذُ رَحَلْتَ عَنْهَا أَسْوَدُ

ترجمہ جب تو اُس شہر مین آیا تو اُسکی رات بھی روشن ہوگئی اور جب تو اسمین سے چلا گیا تو اُسکی صبح سیاہ۔

مَا زِلْتَ تَدْنُو وَهْيَ تَعْلُو عِزَّةً ۔۔۔ حَتَّى تَوَارَى فِي ثَرَاهَا الْفَرْقَدُ

الفرقد ہو نجم ومقابلہ نجم آخر الفرقدان ترجمہ تو اُس شہر سے نزدیک ہوتا گیا اور وہ بسبب حصول عزت قرب بلند ہوتا گیا

یہان تلک کہ اُسکی مٹی مین فرقد ستارہ بھی چھپ گیا۔

اَرْضٌ لَھَا شَرَفٌ سِوَاھَا مِثْلُھَا	لَوْ کَانَ مِثْلُکَ فِیْ سِوَاھَا یُوْجَدُ

ارض خبر مبتدء محذوف ای ہی وسواہا مبتدء خبرہ مثلہا ترجمہ منبج کو شرف حاصل ہے اور اگر تیری مثل کوئی شخص سوائے منبج مین پایا جاوے تو وہ بھی مثل منبج کے ہوگا۔ خلاصہ یہ ہے کہ شرف منبج تیرے سبب ہے جہان تو ہوگا وہ بھی شرف دار ہوگا۔

اَبْدَی الْعُدَاۃُ بِکَ السُّرُوْرَ کَاَنَّھُمْ	فَرِحُوْا وَعِنْدَھُمُ الْمُقِیْمُ الْمُقْعِدُ

المقیم المقعد الامر المزعج ترجمہ دشمنون نے تیرے خوف سے تیرے آنیکی خوشی منائی گویا وہ اس سے خوش ہوئے اور حال یہ ہے کہ تیرے حسد وخوف سے اُنپر ایسی حالت طاری ہے کہ کبھی اُنکو کھڑا کرتی ہے اور کبھی بٹھاتی ہے یعنی نہایت بےچین ہین۔

قَطَّعْتَھُمْ حَسَدًا اَرَاھُمْ مَا بِھِمْ	فَتَقَطَّعُوْا حَسَدًا لِمَنْ لَا یَحْسُدُ

قولہ اراہم مابہم ای اراہم الحسد مابہم من التقصیر عنک والتقص وذلک ای کشف لہم عن احوالہم ترجمہ تونے اُنکو حسد سے پارہ پارہ کرڈالا اور حسد نے اُن کو اُن کے نقصان پر مطلع کردیا کہ وہ تیری برابری براہ حسد کرنا چاہتے تھے اور نکرسکے تو وہ اُس شخص کے حسد سے جو کسی پر حسد نہین کرتا ٹکڑے ٹکڑے ہوگئے کسی پر حسد نکرنے کے یہ معنے کہ کوئی اس سے زیادہ نہین ہے کہ وہ اُسپر حسد کرے یا وہ حسد پیشہ نہین ہے۔

حَتّٰی انْثَنَوْا وَلَوَ انَّ حَرَّ قُلُوْبِھِمْ	فِیْ قَلْبِ ھَاجِرَۃٍ لَذَابَ الْجَلْمَدُ

ترجمہ یہان تلک کہ وہ تجھ سے اور اپنے مطالبے سے باز آئے۔ اور اگر وہ حرارت حسد جو اُنکے دلونمین ہے دوپہر کے دلمین ہوتی تو سخت پتھر گلجاتا

نَظَرَ الْعُلُوْجُ فَلَمْ یَرَوْا مَنْ حَوْلَھُمْ	لَمَّا رَاَوْکَ وَقِیْلَ ھٰذَا السَّیِّدُ

العلوج جمع علج وہو الغلیظ الجسم من الاعجام ترجمہ سرداران روم نے تجھے دیکھا تو اُنکی نظر اُن سردارون پر جو اُنکے آس پاس کھڑے تھے نہ جمی جبکہ اُنھون نے تجھے دیکھا اور کہا گیا کہ یہ سردار ہے۔

بَقِیَتْ جُمُوْعُھُمْ کَاَنَّکَ کُلُّھَا	وَبَقِیْتَ بَیْنَھُمْ کَاَنَّکَ مُفْرَدُ

ترجمہ اُنکی جماعت ایسی رہگئی کہ گویا تو اُن سب کا مجموعہ ہے اور تو اُنکے درمیان یکتا رہگیا کہ تیرے سوا کسی کو کوئی نہین دیکھتا تھا

لَھْفَانَ یَسْتَوْبِیْ بِکَ الْغَضَبُ الْوَرٰی	لَوْ لَمْ یُنَھْنِھْکَ الْحِجٰی وَالسُّؤْدَدُ

لہفان حال والعامل فیہ بقیت۔ ویستوبی یستفعل من الوباء۔ واللہف حرارۃ فی الجوف من شدۃ کرب ترجمہ تو بحالت شدۃ غضب کھڑا رہگیا اور اگر تجھکو تیری عقل اور سرداری نروکتی تو تیرا غضب خلق کے لیے بمنزلہ وبا ہوجاتا اور سب کو ہلاک کردیتا۔

کُنْ حَیْثُ شِئْتَ تَسِرْ اِلَیْکَ رِکَابُنَا	فَالْاَرْضُ وَاحِدَۃٌ وَاَنْتَ الْاَوْحَدُ

ترجمہ تو جہان چاہے رہ ہماری سواریان تیرے پاس آوین گی کیونکہ زمین ایک ہی دوسری نہین ہے اور تو تمام زمین پر یکتا

دیگا نہ ہو پس جب تیرا یہ حال ہی تو تیرے سوائے کوئی منزل مقصود نہین ہو دور سے تیرے ہی پاس آوینگے۔

وَصُنِ الحُسَامَ وَلَا تُذِلْهُ فَإِنَّهُ ۔۔۔ يَشْكُو يَمِينَكَ وَالجَمَاجِمُ تَشْهَدُ

ترجمہ اور اپنی شمشیر روک اور اُسکو کام مین نہ لا کیونکہ وہ شمشیر تیرے داہنے ہاتھ کی بسبب کثرت شمشیر زنی کے شکایت کرتی ہی اور دشمنون کی کھوپریان کثرت قتل کی گواہی دیتی ہین۔

يَبِسَ النَّجِيعُ عَلَيْهِ وَهُوَ مُجَرَّدٌ ۔۔۔ عَنْ غِمْدِهِ فَكَأَنَّمَا هُوَ مُغْمَدُ

ترجمہ خون اعدا تیری شمشیر پر خشک ہوگیا حال آنکہ وہ اپنے میان سے باہر ہی پس گویا وہ میان مین ہی۔

رَيَّانَ لَوْ قَذَفَ الَّذِي أَسْقَيْتَهُ ۔۔۔ لَجَرَى مِنَ المُهَجَاتِ بَحْرٌ مُزْبِدُ

ریان منصوباً حال والعامل فیہ یبس ومرفوعاً خبر مبتدء محذوف ترجمہ تیری تلوار ایسی سیراب ہی کہ اگر وہ اُس چیز کو قی کردے جسکو تونے اُسے پلایا ہی تو خونہائے دشمنان سے ایک دریائے مواج جاری ہوجاوے۔

مَا شَارَكَتْهُ مَنِيَّةٌ فِي مُهْجَةٍ ۔۔۔ إِلَّا وَشَفْرَتُهُ عَلَى يَدِهَا يَدُ

ترجمہ خونریزی مین تیری تلوار کی موت شریک نہین ہوتی مگر اُسکی تیزی کا ہاتھ موت کے ہاتھ پر ہوتا ہی یعنے وہ اُس سے مدد لیتی ہی۔

إِنَّ الرَّزَايَا وَالعَطَايَا وَالقَنَا ۔۔۔ حُلَفَاءُ طَيٍّ غَوَّرُوا أَوْ أَنْجَدُوا

ترجمہ بیشک دشمنون کی مصیبتین اور دوستون کی بخششین اور نیزے بنی طی کے ہم قسم ہین وہ کھادر مین ہین یا نگر مین

صِحْ يَالَ جُلْهُمَةٍ تُذِرْكَ وَإِنَّمَا ۔۔۔ أَشْفَارُ عَيْنِكَ ذَابِلٌ وَمُهَنَّدُ

یال۔ اللام المفتوحۃ للاستغاثۃ۔ والعرب اذا استغاثت فی الحرب تقول یا لفلان۔ وجلہمۃ اسم طی وطی لقب لہ ترجمہ جلہمہ یعنی بنی طی کی فریاد پکار وہ تجکو ایسے حال مین چھوڑے گی کہ تیری آنکھ کی پلکین نیزے اور شمشیر ہندی ہوجاینگے یعنے اس کثرت اور تیزی سے فریاد رسی کرینگے کہ جہان تلک تیری نظر جاویگی وہ ہی نظر آوین گے یا تیری حمایت کے لئے تیرا ایسا احاطہ کرین گے جیسے مژہ چشم چشم کو۔

مِنْ كُلِّ أَكْبَرَ مِنْ جِبَالِ تِهَامَةٍ ۔۔۔ قَلْبًا وَمِنْ جَوْدِ الغَوَادِي أَجْوَدُ

تہامۃ بلد۔ والغوادی جمع غادیۃ وہی السحابۃ التی تطلع صباحاً۔ والجود المطر الغزیز ترجمہ جب تو جلہمہ سے فریاد کریگا تو تیری حمایت کے لئے ایسے لوگ آئین گے جو بلحاظ دل کو ہہائے تہامہ سے بڑے ہون گے اور باران صبح سے زیادہ برسنے والے یعنی شجاعت وسخاوت مین کامل۔

يَلْقَاكَ مُرْتَدِيًا بِأَحْمَرَ مِنْ دَمٍ ۔۔۔ ذَهَبَتْ بِخُضْرَتِهِ الطُّلَى وَالأَكْبُدُ

ترجمہ انین کا ہر ایک ایسے حال مین تجھ سے ملے گا کہ وہ ایسی شمشیر سرخ خون آلود لٹکائے ہوگا جس کی سبزی اصلی کو ۱۴

گردنون اور جگرون کے خون لے گئے ہون گے۔ عمدہ لوہے کا رنگ سبزی مائل ہوتا ہے۔

	وَهُمُ الْمَوَالِي وَالْخَلِيقَةُ أَعْبُدُ	حَتَّى يُشَارَ إِلَيْكَ ذَا مَوْلَاهُمُ	

ترجمہ یہان تلک کہ تیری طرف اشارہ کیا جاوے کہ یہ اُنکا سردار ہے۔ اور حقیقت مین وہ سب لوگ سردار ہین اور تمام خلق اُن کی غلام۔

	وَأَبُوكَ وَالثَّقَلَانِ أَنْتَ مُحَمَّدُ	أَنَّى يَكُونُ أَبَا الْبَرِيَّةِ آدَمُ	

فی البیت تعقید وتقدیرہ کیف یکون آدم ابا البریۃ وابوک محمد والثقلان انت ترجمہ تمام خلق کے باپ حضرت آدم کیسے ہوسکتے ہین حال آنکہ تیرا باپ محمد ہے اور جمیع جن وانس تو ہے یعنی تو فضل وکرم کے سبب اُن سب کے قائم مقام ہے۔ اس صورت مین ابوالبریۃ محمد ممدوح کا باپ ہوا۔

	أَيُحِيطُ مَا يَفْنَى بِمَا لَا يَنْفَدُ	يَفْنَى الْكَلَامُ وَلَا يُحِيطُ بِوَصْفِكُمْ	

ترجمہ کلام تمام ہوگیا اور تمھارے وصف کا احاطہ نکرسکا پھر کہتا ہے کہ فانی چیز غیر فانی کا کسطرح احاطہ کرسکتی ہے۔

قال وقد وشی به قوم الی السلطان فحبسه فکتب الیه من الحبس

	وَقَدَّ قُدُودَ الْحِسَانِ الْقُدُدِ	أَيَا خَدَّدَ اللهُ وَرْدَ الْخُدُودِ	

خدد شقق ترجمہ ای لوگو خدا محبوبون کے رخسارونکے گلاب پاش پاش کرے اور خوش قامتون کے قدوقامت چیر ڈالے معشوقون مین جو چیزین فتنہ خیز ہین اُنکے زوال کی دعا مانگتا ہے وجہ اگلے شعر مین ہے۔

	وَعَذَّبْنَ قَلْبِي بِطُولِ الصُّدُودِ	فَهُنَّ أَسَلْنَ دَمًا مُقْلَتِي	

ترجمہ کیونکہ محبوبون نے بذریعہ انھین دونون چیزونکے میری آنکھ سے خون بہایا ہے اور میرے دلکو بسبب اعراض دراز کے سخت عذاب دیا ہے

	وَكَمْ لِلنَّوَى مِنْ قَتِيلٍ شَهِيدِ	وَكَمْ لِلْهَوَى مِنْ فَتًى مُدْنَفٍ	

ترجمہ اور محبت کے مارے جوان لاغر بہت سے ہین اور جدائی کے قتیل شہید بہت۔

	وَأَعْلَقَ نِيرَانَهُ بِالْكُبُودِ	فَوَاحَسْرَتَا مَا أَمَرَّ الْفِرَاقَ	

ترجمہ ہائے افسوس فراق کسقدر تلخ ہے اور کسقدر آگ کے شعلے جگردن کو لپیٹے ہین۔

	وَأَقْتَلَهَا لِلْمُحِبِّ الْعَمِيدِ	وَأَغْرَى الصَّبَابَةَ بِالْعَاشِقِينَ	

اغری بالشئی اذا اولع بہ۔ والعمید الذی قدہ العشق ترجمہ اور کسقدر عشق عاشقونکو ابھارتا اور اشتعالک دیتا ہے اور وہ کسقدر عاشقان بیچارہ کو قتل کرتا ہے۔

	يُحِبُّ ذَوَاتِ اللَّمَى وَالنُّهُودِ	وَأَلْهَجَ نَفْسِي لِغَيْرِ الْخَنَا	

لہج بالشئی ولع بہ واللمی سمرۃ الشفۃ ترجمہ اور بغیر فسق وفجور کے کس قدر میری طبیعت زنان سرگین لب ونار پستان

کی محبت پر حریص اور مائل ہی۔

وَلَا زَالَ مِنْ نِعْمَةٍ فِي مَزِيدِ	أَوَكَانَتْ وَكُنْ فِدَاءَ الْأَمِيرِ

ضمیر کانت للنفس ترجمہ سو میری جان اور زمان محبوبہ دونون امیر پر قربان اور وہ ہمیشہ افزونی نعمت مین رہے۔

وَحَالَتْ عَطَايَاهُ دُونَ الْوُعُودِ	لَقَدْ حَالَ بِالسَّيْفِ دُونَ الْوَعِيدِ

ترجمہ دھمکانے سے پہلے اُسکی تلوار آڑ ہوگئی اور وعدہ سے پہلے اُسکی بخششین حائل ہین یعنی ممدوح دھمکانے سے پہلے دشمنونکو قتل کرتا ہی۔ اور دوستونکو وعدہ سے پہلے بخشش کرتا ہی۔

وَأَنْجُمُ سُؤَّالِهِ فِي السُّعُودِ	فَأَنْجُمُ أَمْوَالِهِ فِي النُّحُوسِ

ترجمہ سو اُسکے اموال کے ستارے نحوست مین ہین کہ وہ اُنکو ہمیشہ متفرق کرتا ہی اور اپنے سے دور پھینکتا ہی اور سائلون کو بخشدیتا ہی اور اُسکے سائلون کے ستارے سعادت مین ہین کیونکہ اُسکی عطا کے سبب دمبدم ترقی پر ہین۔

عَلَيْهِ لَبَشَّرْتُهُ بِالْخُلُودِ	وَلَوْلَمْ أَخَفْ غَيْرَ أَعْدَائِهِ

ترجمہ اور اگر اُسکے دشمنون کے سوا مجکو اُسپر اور کسیکا خوف نہوتا تو اُسکو مژدہ جاودانی دیدیتا یعنی اُسکے باب مین مجکو اُس کے دشمنون کا تو کچھ خوف نہین ہی کیونکہ وہ بسبب ضعف اُسکو کچھ ضرر نہین پہنچا سکتے مگر حوادث زمانہ کسی کو اچھوتا نہین چھوڑتے لہذا اُسکو بشارت جاودان نہین دیسکتا۔ اور بعض روایات مین عین اعدائہ ہی یعنے اگر مجکو تیری نسبت خوف چشم بد اعدا نہوتا تو تجکو مژدہ خلود دیدیتا۔

وَسُمْرٍ يُرِقْنَ دَمًا فِي الصَّعِيدِ	رَمَى حَلَبًا بِنَوَاصِي الْخُيُولِ

الصعید التراب ترجمہ اُسنے حلب پر گھوڑون کے چہرے اور گندم گون نیزے جو خون دشمنان زمین پر گرادین پھینک مارے۔

لَا فِي الرِّقَابِ وَلَا فِي الْغُمُودِ	وَبِيضٍ مُسَافِرَةٍ مَا يُقِمْنَ

ترجمہ اور صیقلدار شمشیرین چلتی پھرتی جو نہ گردنون مین ٹھہرین اور نہ میانون مین بسبب کثرت حرب و ضرب کے۔

إِلَى كُلِّ جَيْشٍ كَثِيرِ الْعَدِيدِ	يَقُدْنَ الْفَنَاءَ غَدَاةَ اللِّقَاءِ

ترجمہ وہ شمشیرین اور نیزے بروز جنگ ہر لشکر عظیم کثیر التعداد کیطرف موتکو ہنکاتے ہین یعنی اُنکو فنا کردیتے ہین۔

كَشَاءٍ أَحَسَّ بِزَأْرِ الْأُسُودِ	فَوَلَّى بِأَشْيَاعِهِ الْخَرْشَنِيُّ

الخرشنی نسبۃ الی خرشنۃ بلدۃ من بلاد الروم۔ ترجمہ سو خرشنی مع اپنی فوج کے ایسا بھاگا جیسا بکری شیر کی آواز سنکر بھاگے۔ خرشنی سے مراد خرشنہ کا رہنے والا یا حاکم ہی۔

صَهِيلَ الْجِيَادِ وَخَفْقَ الْبُنُودِ	يَرَوْنَ مِنَ الذُّعْرِ صَوْتَ الرِّيَاحِ

یرون بضم الیاء من الظن ترجمہ خرشنی اور اُسکے اتباع مارے خوف کے ہوا کی آواز کو گھوڑون کے ہنہنانے کی

اور جھنڈوں کی حرکت کی آواز گمان کرتے تھے۔

فمن کالامیر ابن بنت الامیر	ام من کآبائہ والجدود

ترجمہ سو کون ہے مثل امیر کے جو بڑے امیر کا نواسہ ہے یا کون ہے مثل اُسکے آبا و اجداد کے۔

سعوا للمعالی وھم صبیۃ	وسادوا وجادوا وھم فی المھود

المعالی جمع علاو ہو الارتفاع صبیۃ جمع صبی ترجمہ ان لوگون نے جبکہ وہ لڑکے تھے بلند نامی کے کامونین کوشش کی اور جبکہ وہ پنگھوڑون مین تھے جب ہی سے اپنی قوم کے سردار اور اسخیا تھے۔

امالک رقی ومن شانہ	ھبات اللجین وعتق العبید

ترجمہ ای میری غلامی کے مالک اور ای وہ شخص کہ اُسکا کام چاندی کی بخششین اور غلامون کا آزاد کرنا ہی۔

دعوتک عند انقطاع الرجا	ء والموت منی کحبل الورید

حبل الورید ہو عرق فی العنق متصل بالفواد اذا قطع مات الانسان ترجمہ مینے تجھے بوقت انقطاع امید کے تیرے غیر پکارا ایسے حال مین کہ موت مجھے ایسی قریب تھی جیسے شہرگ گردن۔

دعوتک لما برانی البلی	واوھن رجلی ثقل الحدید

البلی الفناء - وبرانی آذانی واخلنی ترجمہ مینے تجکو فریادرسی کےلئے جب پکارا کہ بلا کی نے مجکو تباہ کر دیا۔ اور میرے دونون پانوؤن کو گرانی آہن قید نے سُست کر دیا۔

وقد کان مشیھما فی النعال	فقد صار مشیھما فی القیود

ترجمہ ان پانوؤنکی رفتار سابق جوتیان پہنے ہوئی تھی اب تیرے غضب کے سبب بیڑیان پہنے چلتے ہین۔

وکنت من الناس فی محفل	فھا انا فی محفل من قرود

ترجمہ اور مین پہلے آدمیون کے مجمع مین رہتا تھا اور سُن اب مین بندرونکے مجمع مین ہون یعنے قیدیون مین جو اکثر چور و بدمعاش ہوتے ہین۔

تعجل فی وجوب الحدود	وحدی قبیل وجوب السجود

ترجمہ وجوب سزاے تعزیرات نے میرے باب مین جلدی کی اور میری حد نے قبل وجوب نماز کے۔ یعنے نابالغون پر حد نہین ماری جاتی اور مین ابھی نابالغ ہون گو پسر ہون - غرض بامید درگزر اپنے تحقیر کرتا ہی کہ حاکم کو رحم آجاوے۔

وقیل عدوت علی العالمین	بین ولادی وبین القعود

ترجمہ اور میرے حق مین کہا گیا کہ تو نے خلق پر ظلم کیا درمیان مین میرے وقت پیدائش اور درمیان طاقت بیٹھنے کے

یعنی جب میں اسقدر چھوٹا تھا اُسوقت بھی مجھ پر یہ تہمت لگائی گئی تھی اپنی تحقیر بغرض عفو کرتا ہے۔

فَمَالَكَ تَقْبَلُ زُوْرَ الْكَلَامِ	وَقَدْرُ الشَّهَادَةِ قَدْرُ الشُّهُوْدِ

ترجمہ سو تجکو کیا ہوگیا کہ تو جھوٹے کلام کو قبول کرتا ہے اور گواہی کی قدر مثل قدر گواہوں کے ہوتی ہے پس جب گواہ جھوٹے ہیں تو گواہی بھی جھوٹی ہے۔ قابل پذیرائی نہیں ہے۔

فَلَا تَسْمَعَنَّ مِنَ الْكَاشِحِيْنَ	وَلَا تَعْبَأَنَّ بِمَحْكِ الْيَهُوْدِ

الكاشح من يضمر العداوة في كشحه۔ والمحك اللجاجة والمراد العداوة ويدل محل باللام السعاية ترجمہ سو اُن لوگوں کی بات جو میرا کینہ اپنے باطن میں رکھتے ہیں مت سُن اور لجاجۃ اور نامی یہود کی طرف جو مجھے پھنسوانا چاہتے ہیں پروا مت کر دشمن کی گواہی قابل سماعت نہیں ہوتی۔

وَكُنْ فَارِقًا بَيْنَ دَعْوٰى اَرَدْتُ	وَدَعْوٰى فَعَلْتُ بِشَأْوٍ بَعِيْدٍ

الشأو الطلق والشوط ترجمہ اور درمیان دعوٰی اثبات کے کہ میں نے ارادہ کیا اور درمیان دعوٰی اس امر کے کہ میں نے یہ کام کیا بفاصلہ نہایت بعید تو فرق کرنیوالا ہو۔ خلاصہ یہ کہ غمازوں نے مجھ پر یہ دعوے کیا ہے کہ اسنے ارادہ فساد کیا ہے نہ یہ کہ میں نے فساد کیا ہے سو ان دونوں دعووں میں بڑا فرق ہے۔ اور حد ارادہ فعل بد پر نہیں ماری جاتی بلکہ اُسکے کرنے پر جب میں نے فساد نہیں کیا تو حد کیسی۔

وَفِیْ جُوْدِ كَفَّيْكَ مَا جُدْتَ لِیْ	بِنَفْسِیْ وَلَوْ كُنْتُ اَشْقٰی ثَمُوْدِ

ما فیما جدت مصدریۃ ترجمہ اور منجملہ تیرے ہاتھوں کی سخاوت کے میرے نفس کو بخشنا ہے اور مجکو قید سے چھوڑ دینا اگرچہ میں بدبخت ترین ثمود ہوں یعنی قدار جسنے ناقہ کے کوچے کاٹدئے اور تمام قوم کو ہلاک کرایا۔

وقال وقد نام ابوبكر الطائی وهو ينشد

اِنَّ الْقَوَافِیْ لَمْ تُنِمْكَ وَاِنَّمَا	مَحَقَتْكَ حَتّٰی صِرْتَ مَا لَا يُوْجَدُ

ترجمہ بیشک اشعار نے تجکو نہیں سلایا اور سوائے اسکے نہیں ہے کہ انھوں نے تجکو گھٹایا یہان تلک کہ تو ایک ایسی شے ہوگیا جو نہ پائی جاوے اسلئے تو شعر سنتے سنتے سوگیا۔

وَكَاَنَّ اُذْنَكَ فُوْكَ حِيْنَ سَمِعْتَهَا	وَكَاَنَّهَا مِمَّا سَكِرْتَ الْمُرْقِدُ

ترجمہ اور جبکہ تو شعر سنتا تھا گویا تیرا کان تیرا منہ تھا اور گویا وہ اشعار تجکو بسبب تیرے مست ہو جانیکے سُلانے والے تھے۔ یعنی تو نے براہ گوش میرے اشعار کی شراب پی اور مستانہ سوگیا۔

وقال يمدح محمد بن زريق

مُحَمَّدَ بْنَ زُرَيْقٍ لَا نَرٰى اَحَدًا	اِذَا فَقَدْنَاكَ يُعْطِیْ قَبْلَ اَنْ يَعِدَا

ترجمہ ای محمد زریق کے بیٹے تیری عطا جب ہم گم کرین تو کسی کو نہین دیکھتے کہ وعدہ سے پہلے بخشش کرے یعنے ایسا تو ہی ہی۔

وَقَدْ قَصَدْتُكَ وَالتَّرْحَالُ مُقْتَرِبٌ	وَالدَّارُ شَاسِعَةٌ وَالزَّادُ قَدْ نَفِدَا

ترجمہ اور بیشک مین تیرے پاس ایسے وقت مین آیا ہون کہ میرا کوچ قریب ہی اور وطن دور اور توشہ راہ تمام ہوگیا ہی۔

فَخَلِّ كَفَّكَ تَهْمِي وَاثْنِ وَابِلَهَا	إِذَا اكْتَفَيْتُ وَإِلَّا أَغْرَقَ الْبَلَدَا

تھمی تدفق وتسح والوابل اشد المطر ترجمہ سواپنے ہاتھ کو مجھ پر برستا چھوڑ اور جب میرے پاس بقدر کفایت آجاوے تو اپنی سخا کی بڑی بارش کو روک ورنہ وہ تمام شہر کو غرق کردے گی۔ یعنی تیری تھوڑی عطا میرے لئے کافی ہی بخشش کثیر کی حاجت نہین ہی۔

وقال یمدح اباعبادة بن یحیی البحتری

مَا الشَّوْقُ مُقْتَنِعًا مِنِّي بِذَا الْكَمَدِ	حَتَّى أَكُونَ بِلَا قَلْبٍ وَلَا كَبِدِ

ترجمہ شوق یاران مجھے اس اندوہ نہانی پر بس کرنیوالا نہین ہی یہان تلک کہ مین بیدل و جگر ہو جاؤن یعنے ہر دو پاش پاش ہو جاوین اور مجنون بنجاؤن یعنے شوق میرا یہ حال کر چھوڑے گا۔

وَلَا الدِّيَارُ الَّتِي كَانَ الْحَبِيبُ بِهَا	تَشْكُو إِلَيَّ وَلَا أَشْكُو إِلَى أَحَدِ

ترجمہ اور نہ وہ دیار جہین دوست رہتا تھا میری بے چینی پر قناعت کرنیوالی ہی یہان پر کلام ختم ہوا۔ پھر کہتا ہی کہ یہ دیار مجھے اُس وحشت کا شکوہ کرتی ہی جو اُسکو بسبب جدائی اُسکے رہنے والون کے لاحق ہوئی ہی اور مین کسی سے کچھ شکوہ نہین کرتا یا تو اس سبب سے کہ مین صابر و بہادر ہون یا اس سبب سے کہ مین رازدار اسرار عشق ہون۔ دوسری صورت یہ ہی کہ مضمون شعر ثانی عطف کیا جاوے مضمون شعر اول پر بے اسکے کہ مصرع اول پر کلام تمام کیا جاوے۔ یعنے نہ دیار حبیب مجھے شکوہ کرتی ہی اور نہ مین کسی سے شکوہ کرتا ہون کیونکہ دوستون کی جدائی نے دونون کو ہلاک کردیا ہی چنانچہ کہتا ہی۔

مَا زَالَ كُلُّ هَزِيمِ الْوَدْقِ يُنْحِلُهَا	وَالسُّقْمُ يُنْحِلُنِي حَتَّى حَكَتْ جَسَدِي

ہزیم الودق صوت السحاب۔ واکثر ما یستعملان فی صفۃ السحاب وہوالذی لرعدہ صوت ترجمہ ہمیشہ کڑکتا ہوا ابر اُس دیار کو لاغر اور ضعیف کرتا رہا اور بیماری عشق مجھکو لاغر کرتی رہی یہان تلک کہ وہ دیار اضمحلال مین میرے جسم کے مشابہ ہوگیا۔

وَكُلَّمَا فَاضَ دَمْعِي غَاضَ مُصْطَبَرِي	كَأَنَّمَا سَالَ مِنْ جَفْنَيَّ مِنْ جَلَدِي

تامن نقص وفی روایۃ فاض بمعنے سال ترجمہ اور جسقدر میرے اشک کم ہوتے ہیں یا جسقدر بہتے ہیں اُسی قدر میرا صبر کم ہوتا جاتا ہی گویا کہ جو پانی میری دونون آنکھون سے بہتا ہی وہ میرے صبر کا ٹکڑہ ہی۔

فَأَيْنَ مِنْ زَفَرَاتِي مَنْ كَلِفْتُ بِهِ	وَأَيْنَ مِنْكَ ابْنَ يَحْيَى صَوْلَةُ الأَسَدِ

ترجمہ میری آہوں سے میرا محبوب کہان ہی یعنی دور ہی اُن کا حال کچھ نہین جانتا اور کہان اور کس مرتبہ مین ہی ای یحیے کے بیٹے تیرے حملہ سے شیر کا حملہ یعنی شیر کا حملہ تیرے حملہ کے روبرو کچھ قدر نہین رکھتا۔

لَمَّا وَزَنْتُ بِكَ الدُّنْيَا فَمِلْتَ بِهَا	وَبِالْوَرَى قَلَّ عِنْدِي كَثْرَةُ الْعَدَدِ

ترجمہ جبکہ مینے تیرے ساتھ دُنیا کو تولا تو دُنیا اور اہل دنیا سے تیرا پلہ جھکتا رہا پس میرے نزدیک کثرۃ عدد کمتر او ربحقیقت ہوگئے یعنی مینے جان لیا کہ وزن معالی و فضائل سے حاصل ہوتا ہی کثرت عدد کا کچھ اعتبار نہین ہی۔

مَا دَارَ فِي خَلَدِ الأَيَّامِ لِي فَرَحٌ	أَبَا عُبَادَةَ حَتَّى دُرْتَ فِي خَلَدِي

ترجمہ زمانہ کے دلمین میرے لئے کبھی کوئی خوشی نگذری ای ابو عبادہ جب تلک تو میرے دلمین نگزرا یعنی مین جب تلک تیرے پاس نہ آیا کبھی خوش نہوا۔

مَلِكٌ إِذَا امْتَلَأَتْ مَالاً خَزَائِنُهُ	أَذَاقَهَا طَعْمَ ثُكْلِ الأُمِّ لِلْوَلَدِ

ترجمہ وہ ایسا بادشاہ ہی کہ جب اُسکے خزانے مال سے پُر ہو جاتے ہین تو وہ خزائن کو ایسا مزہ چکھاتا ہی جیسا مادر کو گم کرنے فرزند کا یعنی سب بخشدیتا ہی اور خزانہ خالی رہجاتا ہی جیساکہ فرزند کے جاتے رہنے سے مادر کی گود خالی رہجاتی ہی۔ خزانہ کو مادر اور مال کو بمنزلہ فرزند ٹھیرایا ہی۔

مَاضِي الْجَنَانِ يُرِيهِ الْحَزْمُ قَبْلَ غَدٍ بِقَلْبِهِ مَا تَرَى عَيْنَاهُ بَعْدَ غَدِ

ترجمہ وہ دل چلا اور تجربہ کار ہی کہ اُسکی احتیاط و ہوشیاری اُسکی روشن دلی کے سبب اُسکو آج وہ چیز دکھلا دیتی ہی جسکو اُسکی آنکھین پرسون کو دکھلادین گی یعنی صحیح الحدس و پیش بین ہی۔

مَا ذَا الْبَهَاءُ وَلَا ذَا النُّورُ مِنْ بَشَرٍ	وَلَا السَّمَاحُ الَّذِي فِيهِ سَمَاحُ يَدِ

ترجمہ یہ روشنی و حسن و نور کسی بشر مین نہین ہی اور نہ یہ سخاوت جو اُسمین ہی ہاتھ کی سخاوت ہی بلکہ مثل ابر و دریا کے ہی

أَيُّ الأَكُفِّ تُبَارِي الْغَيْثَ مَا اتَّفَقَا	حَتَّى إِذَا افْتَرَقَا عَادَتْ وَلَمْ يَعُدِ

ایُّ الاکف خبر مبتدء محذوف ای کفہ من ای الاکف و ما بمعنی ما دام ترجمہ ممدوح کی ہتھیلی کن عمدہ ہتھیلیون مین سے ہی یا سوا کف دست ممدوح کے کونسی کف دست ایسی ہین کہ وہ اور باران جب تلک برستے ہین متفق رہین تو وہ باران کا کثرت فیض مین مقابلہ کرتی ہی اور جب وہ کف اور باران متفرق ہوجاوین تو وہ ہتھیلی پھر فیض کی طرف لوٹ آوے اور وہ باران نہین لوٹتا۔ خلاصہ یہ کہ فیض باران منقطع ہوجاتا ہی اور اُس کا فیض دائمی ہی۔

وَكُنْتُ اُحْسِبُ اَنَّ الْمَجْدَ فِيْ مُضَرٍ	حَتّٰى تَبَحْتَرَ فَهُوَ الْيَوْمَ مِنْ اُدَدِ

مضر بن نزار بن معد بن عدنان ابو العرب وادد بن قحطان ہو ابو الیمن ترجمہ اور مین گمان کرتا تھا کہ شرف اور بزرگی قبیلہ مضر کا حق ہی یہان تلک کہ وہ شرف قبیلہ بحتر مین چلا گیا سو وہ آج بحتری اددی ہی۔

قَوْمٌ اِذَا مَطَرَتْ مَوْتًا سُيُوْفُهُمْ	حَسِبْتَهَا سُحُبًا جَادَتْ عَلٰى بَلَدِ

ترجمہ اور ایسی قوم ہو کہ جب اُنکی تلوارین برس پڑتی ہین یعنی خون اعدا بہاتی ہین تو اس کثرت سے بہاتی ہین کہ تو اُنکو ایسے ابر خیال کرے گا جو کسی شہر پر برس پڑے ہون۔

لَمْ اُجْرِ غَايَةَ فِكْرِيْ مِنْكَ فِيْ صِفَةٍ	اِلَّا وَجَدْتُ مَدَاهَا غَايَةَ الْاَبَدِ

ترجمہ مینے اپنی نہایت فکر کو تیری کسی صفت مین روان نہین کیا مگر کہ اُسکی درازی غایۃ زمانہ تلک تھی یعنے جیسا زمانہ ممتد غیر معلوم الانتہا ہی ایسے ہی تیری کسی صفت کی انتہا نہین پس خاموشی بہتر ہی۔

وقال ابو الحسن علی بن ابراہیم التنوخی

اُحَادٌ اَمْ سُدَاسٌ فِيْ اُحَادِ	لُيَيْلَتُنَا الْمَنُوْطَةُ بِالتَّنَادِ

احاد لا تستعمل فی موضع الواحد لا یقال ہو احاد وانما یقال جاء وا احاد احاد وسداس نادر غریب لا یستعمل فی موضع الستۃ وتصغیر لییلتنا للتعظیم والتکثیر کقولہ علیہ السلام لعائشۃ یا حمیراء۔ والمنوطۃ المتعلقۃ والتناد یوم القیامۃ لان النداء یکثر فیہ ترجمہ یہ ہماری بڑی رات جو قیامت سے ملی ہوئی ہی ایک ہی یا چھ ایک سے ملی ہوئی یعنی کل ہفتہ اور سارا زمانہ کیونکہ زمانہ ہفتون سے مرکب ہی ہر ہفتہ کے بعد دوسرا ہفتہ آتا ہی پس مراد ہفتہ سے تمام زمانہ ہی۔

كَاَنَّ بَنَاتِ نَعْشٍ فِيْ دُجَاهَا	خَرَائِدُ سَافِرَاتٌ فِيْ حِدَادِ

بنات النعش سبع کواکب معروفۃ۔ والخرائد جمع خریدۃ وہی الجاریۃ الحییۃ۔ والحداد ثیاب سود تلبس عند الحزن وسافرات بالرفع نعت لخرائد۔ وبالنصب حال ترجمہ گویا ستارے بنات النعش تاریکی شب مین زنان شرگین جامہ سیاہ ماتمی پہنے ہوئے مُنھ کھولے ہوئے ہین۔

اُفَكِّرُ فِيْ مُعَاقَرَةِ الْمَنَايَا	وَقَوْدِ الْخَيْلِ مُشْرِفَةَ الْهَوَادِيْ

اصل المعاقرۃ الملازمۃ ای تکون عقر دارہا وترید المعترک۔ ومشرفۃ الہوادی طوال الاعناق ترجمہ مین اُس شب دراز مین موتون کی ملازمت اور اسپان بلندگردن کے تیئن دشمنون کی طرف ہنکانے کو سوچ رہا ہون اور اس سبب سے وہ رات دراز معلوم ہوتی ہی کہ کب صبح ہو اور کب لڑون۔

زَعِيْمًا لِلْقَنَا الْخَطِّيِّ عَزْمِيْ	بِسَفْكِ دَمِ الْحَوَاضِرِ وَالْبَوَادِيْ

الزعیم الکفیل۔ والحواضر اہل الحضر۔ والبوادی اہل البادیۃ۔ والخطی منسوب الی الخط وہو موضع بالیمامۃ یحمل الیہ القنا من

بلاد السند فیقوم فیہ ترجمہ امور مذکورہ بالا مین ایسے حال مین سوچ رہا ہون کہ میرا قصد وارادہ نیزون خطی کے لئے خونریزی دشمنان شہری ودیہاتی کا ضامن ہوگیا ہے یعنی میرے ارادہ نے نیزون سے خونریزی جملہ دشمنان کا واثق وعدہ کرلیا ہے

إلیٰ کم ذا التخلف والتوانی	وکم هذا التمادی فی التمادی

ترجمہ طلب مقصود مین یہ تاخیر وسستی کب تلک رہے گی اور کب تلک یہ انتظار در انتظار رہے گا۔

وشغل النفس عن طلب المعالی	ببیع الشعر فی سوق الکساد

ترجمہ اور کب تلک بسبب بیع شعر کے بازار ناقدردانی وناروائی مین روکنا طبیعت کا طلب بزرگی سے رہے گا۔

وما ماضی الشباب بمسترد	ولا یوم یمر بمستعاد

ترجمہ اور گذشتہ جوانی لوٹائی نہین جاتی اور نہ وہ دن جوگزرتا ہے لوٹایا جاتا ہے پس طلب مقصد مین جلدی چاہئے۔

متیٰ لحظت بیاض الشعر عینی	فقد وجدته منها فی السواد

ترجمہ جبکہ میری آنکھ بسبب پیری بالون کی سفیدی دیکھتی ہے تو وہ سفیدی گویا آنکھ کی سیاہی مین دیکھتی ہے اور جبکہ آنکھ کی سیاہی مین سفیدی آجاوے تو آنکھ اندھی ہوجاتی ہے خلاصہ یہ ہے کہ بڑھاپا اور اندھا ہونا ایک ہی چیز ہے۔

متیٰ ما ازددت من بعد التناہی	فقد وقع انتقاصی فی ازدیادی

ترجمہ جبکہ مین بعد انتہائے جوانی آگے بڑھتا ہون تو میرے قویٰ کا گھٹنا میری طاقت کے بڑھنے پر آپڑتا ہے۔

أأرضیٰ أن أعیش ولا أکافی	علیٰ ما للأمیر من الأیادی

الایادی جمع ید اذا کانت بمعنی النعمۃ والعطیۃ وبمعنی الجارحۃ یجمع علی اید ترجمہ کیا مین جینے کو پسند کرون اور جو مجھپر امیر ممدوح کی نعمتین ہین اُنکی مکافات نکرون یعنی یہ نہین ہوسکتا۔

جزی اللہ المسیر الیہ خیرا	وان ترک المطایا کالمزاد

ترجمہ خدا میرے سفر کرنے کو امیر کی طرف جزائے خیر دے اگرچہ اُس سفر نے میری اونٹنیون کو گوشت سے ایسا خالی کردیا ہے جیسے توشہ دان کو توشہ سے۔

فلم تلق ابن ابراہیم عنسی	وفیہا قوت یوم للقراد

العنس الناقۃ العلبۃ ترجمہ میری قوی ناقہ ابن ابراہیم سے ایسے حال مین نہین ملی کہ اسین کلنی یا چیچڑی کے لئے ایک دن کی بھی خوراک ہو یعنی صرف استخوان باقی رہگئے ہین۔

ألم یک بیننا بلد بعید	فصیّر طولہ عرض النجاد

البلد ہہنا المفازۃ۔ والنجاد حمائل السیف۔ والعرب تقدر فی القرب بقاب القوس وحمائل السیف ترجمہ کیا مجھمین اور ممدوح مین بعید میدان حائل نہین تھا سو اس سفر نے طول ونہایت بعیدہ کو ایسا قریب کردیا جیسا پرتلہ کا عرض جو عرب

مین نہایت قرب مین مستعمل ہی-

وَاَبْعَدَ بُعْدَنَا بُعْدَ التَّدَانِیْ	وَقَرَّبَ قُرْبَنَا قُرْبَ الْبِعَادِ

ترجمہ اوراس سفرنے ہماری دوری کو ایسا بعید کردیا جیسے پہلے نزدیکی دورتھی اور ہمارے قرب کو ایسا قریب کردیا جیسا پہلے دوری نزدیک تھی-یعنی قرب کو نزدیک کردیا اور دوری کو دور-

فَلَمَّا جِئْتُهٗ اَعْلٰی مَحَلِّیْ	وَاَجْلَسَنِیْ عَلَی السَّبْعِ الشِّدَادِ

الشداد المتقنۃ العنقۃ ترجمہ سو مین جب ممدوح کے پاس آیا تو اُسنے میرے مرتبہ کو بڑھایا یعنی آو بھگت کی اور اُسنے مجکو سات آسمانون پر بٹھادیا یعنی نہایت تواضع سے پیش آیا اور میری عزت کی-

تَهَلَّلَ قَبْلَ تَسْلِیْمِیْ عَلَیْهِ	وَاَهْدٰی مَالَهٗ قَبْلَ الْوِسَادِ

تہلل تلألأ وجہہ-والوسادۃ المخدۃ ترجمہ اس سے پہلے کہ مین اُسکو سلام کرون خوشی سے اُسکا چہرہ روشن ہوگیا اور قبل اسکے کہ وہ مجھے مسند عنایت کرے کیسہ ہاے زر میرے سامنے ڈالدئے-

نَلُوْمُكَ یَا عَلِیُّ بِغَیْرِ ذَنْبٍ	لِاَنَّكَ قَدْ زَرَیْتَ عَلَی الْعِبَادِ

ترجمہ ای علی ہم تجکو ملامت کرتے ہین بے اسکے کہ تو کوئی گناہ کرے-وجہ ملامت یہ ہی کہ تونے تمام لوگون پر عیب لگادیا یعنی تیرے مقابلہ مین سب معیوب معلوم ہوتے ہین کیونکہ تیرا سا سخاوکرم کسی مین نہین ہی-

وَاَنَّكَ لَا تَجُوْدُ عَلٰی جَوَادٍ	هِبَاتُكَ اَنْ یُّلَقَّبَ بِالْجَوَادِ

ترجمہ اوراس بات پر تجکو ملامت کرتے ہین کہ تیری بخششین کسی سخی کو لقب سخی نہین بخشتین یعنے تیری عطایا باوجودیکہ ہر شخص کو پہنچتی ہین مگر کسیکو سخی کا لقب نہین بخشتین گویا یہ ایک قسم کا بخل ہی خلاصہ تیری عطایا بکثرت ہین اُن کے سامنے کوئی سخی کے لقب کا مستحق نہین ہی-

كَاَنَّ سَخَاءَكَ الْاِسْلَامُ تَخْشٰی	اِذَا مَا حُلْتَ عَاقِبَةَ ارْتِدَادِ

حلت انقلبت وتغیرت ترجمہ گویا تیری سخا تیرا مذہب اسلام ہی جبکہ تو سخا کی عادت کو چھوڑے تو انجام مرتد ہونیسے ڈرتا ہی یعنے قتل و دوزخ سے-غرض تو سخاوت کو اسلام اور بخل کو مثل ارتداد برا سمجھتا ہی-

كَاَنَّ الْهَامَ فِی الْهَیْجَا عُیُوْنٌ	وَقَدْ طُبِعَتْ سُیُوْفُكَ مِنْ رُقَادِ

الہام جمع ہامۃ وہی الراس ترجمہ گویا دشمنون کے سر لڑائی مین بمنزلہ آنکھون کے ہین اور تیری تلوارین خواب سے بنائی گئی ہین-یعنی تیری تلوارین سرون پر ایسی آسانی سے غالب ہوتی ہین جیسے خواب آنکھون پر-یا یہ کہ تیری تلوار کی جگہ دشمنون کے سر مین ہی-جیسے خواب کی جگہ آنکھ ہی-یا یہ کہ تیری تلوارین بہ نسبت سر اعدا مثل خواب ہین کہ آنکھ اُسکو روک نہین سکتی ایسے ہی سر تیری تلوار کو-

وَقَدْ صُغْتَ الْاَسِنَّةَ مِنْ هُمُوْمٍ   فَمَا يَخْطُرْنَ اِلَّا فِیْ فُؤَادِ

یخطرن یجوز بضم الطاء وکسرہا فمن ضم اراد الرماح ومن کسر اراد الهموم ترجمہ اور بیشک تونے اپنے نیزون کو غمون سے بنایا ہے سو وہ نیزے نہین گزرتے ہین مگر دشمنون کے دلون مین جیسا غم دلکے سوا کہین نہین جاتا۔

وَيَوْمَ جَلَبْتَهَا شُعْثَ النَّوَاصِیْ   مُعَقَّدَةَ السَّبَائِبِ لِلطِّرَادِ

یوم ظرف والعامل فیہ اذکر او ظفرت ترجمہ تو اُس روز کو یاد کر کہ تو گھوڑون کو ایسے حال مین لیگیا کہ اُنکے چہرونکے بال بسبب شدت دوش وغبار کے پریشان تھے اور اُنکے دم اور یال کے بال دوڑانیکے لئے گرہ دیے ہوئے تھے یعنے اُس روز تجکو کیسی کامل فتح حاصل ہوئی۔ دم اور یال کے بال کو لڑائی کے وقت گرہ لگادیتے ہین۔

وَحَامَ بِهَا الْهَلَاكُ عَلٰی اُنَاسٍ   لَهُمْ بِاللَّاذِقِيَّةِ بَغْیُ عَادِ

حام دار ترجمہ اور اُن گھوڑون کے سبب اُن لوگونپر جو بمقام لاذقیہ قوم عاد کے مانند سرکشی کررہے تھے ہلاکی دائر ہوئی۔

فَكَانَ الْغَرْبُ بَحْرًا مِنْ مِيَاهٍ   وَكَانَ الشَّرْقُ بَحْرًا مِنْ جِيَادِ

ترجمہ سو لاذقیہ کے غرب مین پانی کا دریا تھا اور اُسکے مشرق مین گھوڑونکا دریا پس وہ دو دریاؤن مین گھر گئے تھے۔

وَقَدْ خَفَقَتْ لَكَ الرَّايَاتُ فِيْهِ   فَظَلَّ يَمُوْجُ بِالْبِيْضِ الْحِدَادِ

ضمیر فیہ لبحر الجیاد۔ وخفقت اضطربت ترجمہ اور اُس گھوڑون کے دریاؤن مین تیرے نفع کے لئے تیرے نیزے حرکت کررہے تھے سو وہ دریا شمشیرہائے تیز کے ذریعہ سے موج زن تھا یعنی اُسکی موجین شمشیرہائے آبدار تھین۔

لَقُوْكَ بِاَكْبُدِ الْاِبِلِ الْاَبَايَا   فَسُقْتَهُمْ وَحَدُّ السَّيْفِ حَادِ

الابایا جمع ابیۃ۔ والابل توصف بغلظ الاکباد وقال ع نحن اغلظ اکبادا من الابل + والابایا صفۃ الاکباد والابل۔ ترجمہ وہ تجھ سے مقابل ہوتے بحالت نافرمانی کہ اُنکے جگر سخت تھے مثل جگر شتر کے سو تونے اُنکو مثل شتر آگے دھر لیا اور تیری تلوار کی دھار اُن کو ہنکانے والی تھی۔

وَقَدْ مَزَّقْتَ ثَوْبَ الْبَغْیِ عَنْهُمْ   وَقَدْ اَلْبَسْتَهُمْ ثَوْبَ الرَّشَادِ

ترجمہ اور تونے اُنکا لباس سرکشی پارہ پارہ کردیا اور اُنکو لباس راستی یعنی اطاعت کا پہنا دیا۔

فَمَا تَرَكُوا الْاِمَارَةَ لِاخْتِيَارٍ   وَلَا انْتَحَلُوْا وِدَادَكَ مِنْ وِدَادِ

انتحل ادعیٰ ترجمہ سو اُنھون نے اپنی امارت خوشی سے نہین چھوڑی اور نہ تیری دوستی کا دعوےٰ براہ دوستی کیا۔

وَلَا اسْتَفَلُوْا لِزُهْدٍ فِی التَّعَالِیْ   وَلَا انْقَادُوْا سُرُوْرًا بِانْقِيَادِ

استفلوا انحطوا ترجمہ اور اُنھون نے تیری ماتحتی اسلئے نہین چاہی کہ اُنکو بلندی مرتبہ کی خواہش نہ تھی اور نہ وہ اسلئے مطیع رہے کہ وہ اطاعت سے خوش تھے بلکہ بزور شمشیر۔

وَلٰكِنْ هَبَّ خَوْفُكَ فِي حَشَاهُمْ ‌‌ ‌ هُبُوْبَ الرِّيْحِ فِي رِجْلِ الْجَرَادِ

هبّ تحرک واضطرب والحشا داخل الجوف۔ ورجل الجراد ہی القطعۃ من الجراد ترجمہ مگر انکے باطن میں تیرے خوف نے ایسا اثر کیا جیسا قطعہ ملخ میں ہوا چلتی ہے اور وہ متفرق ہو جاتی ہیں۔

وَمَاتُوْا قَبْلَ مَوْتِهِمْ فَلَمَّا ‌‌ ‌ مَنَنْتَ أَعَدْتَهُمْ قَبْلَ الْمَعَادِ

ترجمہ جب وہ تیرے قید میں آئے تو قبل اپنی موت کے مر گئے اور جب تو نے براہ احسان اُن کا قصور معاف کر دیا تو اُنکا قبل حشر حشر کر دیا یعنی وہ زندہ ہو گئے۔

غَمَدْتَ صَوَارِمًا لَوْ لَمْ يَتُوْبُوْا ‌‌ ‌ مَحَوْتَهُمْ بِهَا مَحْوَ الْمِدَادِ

ترجمہ تو نے ایسی شمشیر ہائے قاطع کو میان میں کر لیا کہ اگر وہ توبہ نہ کرتے تو اُن تلواروں سے اُن کو ایسا نابود کر دیتا جیسا کسی چیز مثلاً کاغذ سے سیاہی دور کر دیتے ہیں۔ ‌ ‌ ‌ انتصف منہ ای استوفی حقہ یعنی انتقام لینا۔

وَمَا الْغَضَبُ الطَّرِيْفُ وَإِنْ تَقَوّٰى ‌‌ ‌ بِمُنْتَصِفٍ مِنَ الْكَرَمِ التِّلَادِ

الطریف الجدید والتلاد القدیم ترجمہ اور تازہ غصہ اگرچہ قوی ہو بخشش قدیم سے انتقام نہیں لے سکتا یعنی اُس پر غالب نہیں آسکتا یعنی اُنکے عفو کا سبب تیرا کرم قدیم ہوا۔

فَلَا تَغْرُرْكَ أَلْسِنَةٌ مَوَالٍ ‌‌ ‌ تُقَلِّبُهُنَّ أَفْئِدَةٌ أَعَادِيْ

ترجمہ سو تجھکو اُنکی زبانیں دوستی ظاہر کرنیوالی جنکو اُنکے دشمن دل حرکت دیتے ہیں فریب میں نہ ڈالیں۔

وَكُنْ كَالْمَوْتِ لَا يَرْثِيْ لِبَاكٍ ‌‌ ‌ بَكٰى مِنْهُ وَيَرْوٰى وَهُوَ صَادِيْ

ترجمہ تو دشمنان دوست نما کے لئے موت کے مانند رہ کہ وہ رونے والے پر جو اُسکے خوف سے روئے رحم نہیں کرتی اور اظہار سیرابی کرتی ہے حال آنکہ وہ خون خلائق کی تشنہ رہتی ہے یعنی حریص ہلاک۔

فَإِنَّ الْجُرْحَ يَنْفُرُ بَعْدَ حِيْنٍ ‌‌ ‌ إِذَا كَانَ الْبِنَاءُ عَلٰى فَسَادِ

نفر الجرح اذا ورم بعد الالتیام ترجمہ کیونکہ زخم ایک عرصے کے بعد ورم لاتا ہے جبکہ بنا رعلاج فساد پر ہو یعنی جبکہ زخم اوپر سے بھر آوے اور اندر پیپ رہے تو زخم پر پھر ورم ہو جاتا ہے پس اُنکی عداوت قدیمہ سے غافل نہ رہنا چاہئے۔

وَإِنَّ الْمَاءَ يَجْرِيْ مِنْ جَمَادٍ ‌‌ ‌ وَإِنَّ النَّارَ تَخْرُجُ مِنْ زِنَادِ

ترجمہ اور بیشک پتھر سے پانی نکل پڑتا ہے اور بیشک آگ چقماق سے نکلتی ہے یعنی دشمنی دلوں میں پوشیدہ رہتی ہے جیسا پانی پتھر اور آگ چقماق میں مگر اپنے وقت میں ظاہر ہو جاتے ہیں۔

وَكَيْفَ يَبِيْتُ مُضْطَجِعًا جَبَانٌ ‌‌ ‌ فَرَشْتَ لِجَنْبِهٖ شَوْكَ الْقَتَادِ

القتاد شجر لہ شوک ترجمہ اور کس طرح تیرا نامرد دشمن کروٹ کے بل لیٹے جسکے پہلو کے تلے تو نے خار درخت

تماد بچھا دئے ہون۔

وَیَخْشٰی اَنْ یَّرَاہُ فِی السُّھَادِ	یَرٰی فِی النَّوْمِ رُمْحَکَ فِیْ کُلَاہُ

السھاد امتناع النوم باللیل وذکر المتنبی السھاد للقافیۃ والمراد الیقظۃ لیقابل بین الضدین ترجمہ وہ دشمن خواب مین تیرا نیزہ اپنے گردون مین دیکھتا ہی اور ڈرتا ہی کہ کہین بیداری مین بھی ایسا ہی دیکھے۔

نَزَلْتُ بِھِمْ فَسِرْتُ بِغَیْرِ زَادِ	اَشَرْتَ اَبَا الْحُسَیْنِ بِمَدْحِ قَوْمٍ

ترجمہ اے ابا الحسین تونے مجکو ایک قوم کی مدح کا اشارہ کیا سو مین اُنکے پاس اُترا اور انھون نے مجکو کچھ ندیا سو مین اُنکے پاس سے بغیر توشہ چل پڑا یعنی اُنھون نے زاد راہ بھی ندیا۔

وَاَنْتَ بِمَا مَدَحْتُھُمْ مُرَادِیْ	وَظَنُّوْنِیْ مَدَحْتُھُمْ قَدِیْمًا

ترجمہ اور اُن لوگون نے مجکو خیال کیا کہ مین اُن کا قدیم مداح ہون اور حال یہ ہی کہ اُن کی مدح سے میری مراد تیری ہی مدح تھی۔

وَقَلْبِیْ عَنْ فِنَائِکَ غَیْرُ غَادِیْ	وَاِنِّیْ عَنْکَ بَعْدَ غَدٍ لَغَادِ

ترجمہ اور مین بیشک تیرے پاس سے پرسون جانیوالا ہون اور میرا دل تیرے گھر سے صبح کو جانیوالا نہین ہی یعنی دل یہان ہی رہیگا

وَضَیْفُکَ حَیْثُ کُنْتُ مِنَ الْبِلَادِ	مُحِبُّکَ حَیْثُمَا اتَّجَھَتْ رِکَابِیْ

ترجمہ مین تیرا دوست ہون جہان میری سواریان جاوین اور تیرا مہمان ہون شہرون مین جہان ہون کیونکہ ہر جگہ مین تیرا دیا کھاتا ہون

وقال یمدح بدر بن عمار الاسدی

اَمِ الْخَلْقُ فِیْ شَخْصٍ حَیٍّ اُعِیْدَا	اَحُلْمًا نَرٰی اَمْ زَمَانًا جَدِیْدَا

ترجمہ کیا ہم خواب دیکھتے ہین یا نیا زمانہ ہی یا تمام خلق جو پہلے مرگئی ہی ایک شخص زندہ۔ یعنی ممدوح میں لوٹائی گئی ہی خوبی زمانہ کو دیکھکر تعجب کرتا ہی کہ حسن روزگار جو مین دیکھتا ہون خواب وخیال ہی یا واقعی زمانہ جدید ہی جو پہلے نہ تھا یا تمام خلق ایک شخص زندہ کے جسم مین آگئی ہی کیونکہ اُسمین تمام خوبیان جو پیشینیان مین تھین جمع ہین۔

کَاَنَّا نُجُوْمٌ لَقِیْنَا سُعُوْدَا	تَجَلّٰی لَنَا فَاَضَأْنَا بِہٖ

اضا دیکون متعدیا ولازما ترجمہ ممدوح ہمارے لئے ظاہر ہوا سو ہم اُسکے سبب روشن ہوگئے۔ گویا ہم ستارے ہین کہ ہمنے سعادت سے ملاقات کی یعنی پہلے نحس تھے اب اُسکے سبب سعد ہوگئے۔

لِبَدْرٍ وَلُوْدًا وَبَدْرًا وَلِیْدَا	رَاَیْنَا بِبَدْرٍ وَآبَائِہٖ

الولود الوالد۔ والولید المولود ترجمہ ہمنے بسبب بدر بن عمار کے اور اُسکے اجداد کے بدر کا باپ اور بدر بیٹا دیکھا۔

رَضِیْنَا لَہٗ فَتَرَکْنَا السُّجُوْدَا	طَلَبْنَا رِضَاہُ بِتَرْکِ الَّذِیْ

ترجمہ ہمنے اپنی خوشنودی چھوڑکر اُسکی خوشی طلب کی سوہمنے اُسکو سجدے کرنے چھوڑدتے یعنی ہماری مرضی اُس کو سجدہ کرنے کی تھی مگر چونکہ اُسنے یہ امر پسند نہ کیا اس لئے سجدہ چھوڑ دیا۔

اَمِیْرٌ اَمِیْرٌ عَلَیْہِ النَّدٰی	جَوَادٌ بَخِیْلٌ بِاَنْ لَّا یَجُوْدَا

ترجمہ وہ ایک امیر ہے کہ سخاوت اُسپر حاکم ہے اور وہ سخی ہے مگر ترک جود مین بخیل۔ بخل ترک جود مین غایت جود ہے۔

یُحَدَّثُ عَنْ فَضْلِہٖ مُکْرَھًا	کَاَنَّ لَہٗ مِنْہُ قَلْبًا حَسُوْدَا

ترجمہ اُسکی بزرگی کا مذکور اُسکے خلاف مرضی کیا جاتا ہے۔ یعنی وہ اپنے روبرو اپنے فضائل کے ذکر کو ناپسندکرتا ہے گویا ممدوح کو اپنی بزرگی ترک کی حاسد ہی خلاصہ گویا وہ اپنے فضل کا حاسد ہے جیسا حاسد ذکر فضائل محسود نہین پسندکرتا ایسا ہی وہ بھی۔

وَیُقْدِمُ اِلَّا عَلٰی اَنْ یَفِرَّ	وَیَقْدِرُ اِلَّا عَلٰی اَنْ یَزِیْدَا

ترجمہ وہ ہر امر عظیم پر پیش قدمی کرتا ہے مگر لڑائی سے بھاگنے پر نہین کرتا۔ اور ہر چیز پر قادر ہے مگر اپنی قدر و منزلت بڑھانے پر یعنی فرار کو ہر خوف سے زیادہ بُرا جانتا ہے اور اُسکی قدر و منزلت نہایت کو پہنچ گئی ہے لہٰذا اُسکو زیادہ نہین کرسکتا۔

کَاَنَّ نَوَالَکَ بَعْضُ الْقَضَآءِ	فَمَا تُعْطِ مِنْہُ نَجِدْہُ جُدُوْدَا

ترجمہ گویا تیری بخشش منجملہ قضا و قدر ہے سو تو جسمین سے جو بخشتا ہے ہم اُسکو قائم مقام نصیبون کے پاتے ہین یعنی تیری عطا موجب شرف و برکت ہے ہم اُسکو یاوری بخت سمجھے ہین۔ دوسرے یہ معنی بھی ہوسکتے ہین کہ قضا کی دوقسمین ہین۔ ایک سعد دوسری نحس تیری عطا بالکل سعد ہے۔

وَرُبَّتَمَا حَمْلَۃٍ فِی الْوَغٰی	رَدَدْتَ بِہَا الذُّبَّلَ السُّمْرَ سُوْدَا

التا فی ربتما للتانیث وما زائدۃ۔ والذبل جمع ذابل نوہی الرماح نوکدلک السمر ترجمہ اور تیری لڑائی مین ایسے بہت سے حلے ہین کہ تونے اُنسے گندم گون نیزون کو سیاہ لوٹایا ہے یعنی اُنپر دشمنون کے خون خشک ہوکر سیاہ ہوگئے ہین اور خون خشک ہوکر سیاہ ہوجاتا ہے۔

وَھَوْلٍ کَشَفْتَ وَنَصْلٍ قَصَفْتَ	وَرُمْحٍ تَرَکْتَ مُبَادًا مُبِیْدَا

ہول عطف علی حملۃ۔ ومبادا ومبیدا حال۔ والنصل السیف۔ والمبید المہلک ترجمہ اور بہت سے خوفناک امر تونے خلق سے دور کئے ہین اور بہت سی تلوارین تونے بزور ضرب توڑ ڈالی ہین اور بہت سے نیزے تونے ایسے حال مین چھوڑے کہ تو دشمنون کا ہلاک کرنے والا تھا اور وہ نیزے بھی ہلاک کئے گئے تھے یعنی وہ بعد قتل اعدا خود ٹوٹ گئے تھے بسبب قوت نیزہ زنی کے۔

وَمَالٍ وَھَبْتَ بِلَا مَوْعِدٍ	وَقِرْنٍ سَبَقْتَ اِلَیْہِ الْوَعِیْدَا

ترجمہ اور بہت سے مال تونے بے وعدہ بخشدئے اور بہت ہمسرون کو تونے دھمکی سے پہلے جا مارا۔

بِحُجْرِ سُیُوْفِكَ اَغْمَادَهَا	تَمَنَّى الطُّلَى اَنْ تَكُوْنَ الْغُمُوْدَا

ترجمہ دشمنوں کی گردنیں بسبب چھوڑ دینے تیری تلواروں کے اپنے میانوں کو یہ آرزو رکھتی ہیں کہ وہ تیری تلواروں کے میان ہوں تاکہ تیری تلواروں سے وہ بچے رہیں یعنی چونکہ تیری تلواریں ہمیشہ دشمنوں کو مارتی رہتی ہیں اس لئے انھوں نے اپنے میانوں کو چھوڑ دیا ہے پس دشمن یہ خواہش رکھتے ہیں کہ وہ تیری شمشیروں کے میان ہو دیں تاکہ تلواروں سے بچیں۔

اِلَى الْهَامِ تَصْدُرُ عَنْ مِثْلِهِ	تَرَى صَدَرًا عَنْ وُرُوْدٍ وُرُوْدَا

الصدر ہو الخروج بعد الری۔ والورود الدخول الی الماء والی متعلق بہجر ترجمہ تیری تلواریں دشمنوں کے سروں اور دشمنوں کے سروں کی طرف جاتی رہتی ہیں تو انکے بعض سروں سے لوٹنے کو بعد جانے کے دوسرے سروں پر جانا دیکھے گا یعنی اُن تلواروں کا یہی کام ہے ہمیشہ آمد و رفت میں رہتی ہیں اسلئے اُنھوں نے اپنے میان چھوڑ دئے۔

قَتَلْتَ نُفُوْسَ الْعِدَى بِالْحَدِيْدِ	حَتّٰى قَتَلْتَ بِهِنَّ الْحَدِيْدَا

ترجمہ تو نے دشمنوں کی جانیں لوہے سے ماریں یہاں تلک کہ تو نے اُن جانوں سے لوہے کو قتل کر دیا یعنے اُس میں دندانے پڑگئے یا ٹوٹ گئے۔

فَاَنْفَدْتَ مِنْ عَيْشِهِنَّ الْبَقَا	وَاَبْقَيْتَ مِمَّا مَلَكْتَ النُّقُوْدَا

الضمیر فی عیشہن للاعداء ترجمہ سو تو نے اُنکی زندگی سے بقا کو کھو دیا یعنی اُنکو مار ڈالا اور اپنے مال کے لئے فنا کو باقی رکھا یعنے تو نے دشمنوں کو بسبب شجاعت کے اور اپنے اموال کو بسبب سخاوت کے فنا کر دیا۔

كَاَنَّكَ بِالْفَقْرِ تَبْغِى الْغِنٰى	وَبِالْمَوْتِ فِى الْحَرْبِ تَبْغِى الْخُلُوْدَا

ترجمہ گویا تو بسبب فقر کے غنا کا طالب ہے اور بسبب لڑائی میں مرنے کے دوام بقا کا خواہشمند یعنے تو اس قدر رغبت بکثرت سخاوت کرتا ہے گویا فقر جو انجام کثرت عطا ہے تیرے نزدیک غنا ہے اور لڑائی میں مرنے کو حیات جاودانی سمجھتا ہے اس لئے سخت بے باکی سے لڑتا ہے۔

خَلَائِقُ تَهْدِى اِلٰى رَبِّهَا	وَآيَةُ مَجْدٍ اَرَاهَا الْعَبِيْدَا

ترجمہ تیری ایسی خصلتیں ہیں کہ وہ صاحب خصلت یعنی تیری طرف راہ بتلاتی ہیں کہ تو کیسا صاحب فضل و شرف ہے اور وہ خصلتیں نشان مجد و بزرگی ہیں جو خدا اپنے بندوں کو دکھلاتا ہے۔

مُهَذَّبَةٌ حُلْوَةٌ مُرَّةٌ	حَقَرْنَا الْبِحَارَ بِهَا وَالْاُسُوْدَا

ترجمہ وہ خصائل شایستہ دوستوں کے لئے شیریں اور دشمنوں کے لئے تلخ ہیں جنکے سبب بلحاظ تیری کثرت بخشش کے دریاؤں کو ہم نے حقیر سمجھا اور بباعث تیری شجاعت کے شیروں کو کمتر جانا۔

بَعِيدٌ عَلَىٰ قُرْبِهَا وَصْفُهَا	تَغُولُ الظُّنُونَ وَتُنْضِي الْقَصِيدَا

ترجمہ وہ خصائل باوجودیکہ وہ بہت قریب ہین اور ہمیشہ دیکھنے مین آتے ہین مگر انکا وصف ومدح بہت دور ہے یعنی ہماری قدرت مین نہین ہے اور وہ ایسے ہین کہ گمان خلق کو ہلاک اور قصیدونکو لاغر وبے قدر کرتے ہین غرض وہ ہمارے ادراک سے باہر اور شاعرون کے خیالات سے برتر ہین کہ ظن اور شعر مین نہین آسکتین۔

فَأَنْتَ وَحِيدُ بَنِي آدَمٍ	وَلَسْتَ لِفَقْدِ نَظِيرٍ وَحِيدَا

ترجمہ سو تو بالذات یکتائے بنی آدم ہے اور بسبب فقد نظیر کے یکتا نہین ہے کیونکہ تیرا کوئی نظیر نہوا اور نہ ہو۔

وقال لما استعظم قوم ما قاله فی آخر مرثیۃ جدتہ

يَسْتَعْظِمُونَ أُبَيَّاتًا نَأَمْتُ بِهَا	لَا تَحْسُدُنَّ عَلَى أَنْ يَنْئِمَ الْأَسَدَا

ترجمہ لوگ اُن تھوڑی اور چھوٹی بیتونکو جنکے ساتھ مین دہڑ دکا بہت بڑا سمجھتے ہین ای لوگو اگر شیر آواز کرے یا دہڑوکے تو اُسپر تم حسد مت کرو۔

لَوْ أَنَّ ثَمَّ قُلُوبًا يَعْقِلُونَ بِهَا	أَنْسَاهُمُ الذُّعْرُ مِمَّا تَحْتَهَا الْحَسَدَا

ترجمہ جہان وہ طاعن لوگ ہین اگر وہان سمجھدار قلوب ہوتے تو اُن کو اُن مضامین کا خوف جو میرے اشعار مین ہین حسد کو بھلا دیتا۔

وقال یمدح محمد بن البشار بن مکرم التمیمی

أَقَلُّ فَعَالِي بَلْهَ أَكْثَرُهُ مَجْدُ	وَذَا الْجِدُّ فِيهِ نِلْتُ أَوْ لَمْ أَنَلْ جَدُّ

یجوز فی اکثرہ الحرکات الثلاث فالرفع یکون بلہ بمعنی کیف کما تقول کیف زید۔ والنصب تکون بلہ اسم فعل بمعنی دع وہو اجود الثلاث۔ والجر علیٰ ان بلہ بمعنی المصدر فاضافہا الی اکثرہ کقولہ تعالیٰ فضرب الرقاب ترجمہ میرے تھوڑے اور چھوٹے کام بھی شرف ومجد ہین تو میرے بڑے کامون کی تلاش چھوڑ کہ وہ مجد ہین یا نہین خلاصہ یہ کہ جب تجکو یہ معلوم ہوگیا کہ میرے کمتر افعال بھی مجد ہین تو بڑے کامون کی تجسس کی کیا حاجت ہے وہ تو اچھے ہون ہی گے اور یہ میری کوشش طلب مجد مین بقدر نصیب اور حظ ہے کیونکہ کوشش کا استعمال طلب مجد مین حظ عظیم ہے خواہ مجکو حاصل ہو یا نہو اسکی کچھ پروا نہین۔

سَأَطْلُبُ حَقِّي بِالْقَنَا وَمَشَايِخٍ	كَأَنَّهُمْ مِنْ طُولِ مَا الْتَثَمُوا مُرْدُ

اللثام ما یجعل علی الوجہ من فاضل العمامۃ ترجمہ اب مین اپنا حق بذریعہ نیزون اور بزرگان تجربہ کار کے جو بسبب دوام برقع پوشی کے گویا امرد ہین طلب کرون گا یعنی وہ لوگ ہمیشہ لڑائی مین رہتے ہین اور اس لئے بسبب حفاظت غبار میدان جنگ اظہار شرف اپنے چہرونکو عمامون کے دم اور اُسکے بقیہ سے ہمیشہ چھپائے رہتے ہین اور اُن کی

ڈاڑھیان دیکھنے مین نہین آتین گویا وہ سب بے ریشے ہین۔

ثِقَالٌ اِذَا لَاقَوْا خِفَافٌ اِذَا دُعُوْا　　كَثِيْرٌ اِذَا شَدُّوْا قَلِيْلٌ اِذَا عُدُّوْا

ترجمہ جب وہ مشائخ لڑتے ہین تو اُنکا حملہ سخت وگران ہی اور جب وہ مدد کے واسطے بلاتے جاوین تو ہلکے ہین یعنے جلد پہنچتے ہین اور جب وہ اعدا پر حملہ کرتے ہین تو بہت معلوم ہوتے ہین کیونکہ بہتو نکا کام دیتے ہین اور جب وہ شمار کیے جاوین تو تھوڑے ہین یعنی اُنکا ایک ایک شخص بمنزلہ ہزار ہی۔

وَطَعْنٍ كَاَنَّ الطَّعْنَ لَا طَعْنَ عِنْدَهٗ　　وَضَرْبٍ كَاَنَّ النَّارَ مِنْ حَرِّهٖ بَرْدُ

ترجمہ اور اپنا حق طلب کرونگا بذریعہ ایسی نیزہ زنی کے کہ اور لوگون کی نیزہ زنی اُسکے روبرو کالعدم ہی و بذریعہ ایسی شدید مار کے کہ گویا آتش اُسکی حرارت کے روبرو خنکی ہی۔

اِذَا شِئْتُ حَفَّتْ بِيْ عَلٰى كُلِّ سَابِحٍ　　رِجَالٌ كَاَنَّ الْمَوْتَ فِيْ فَمِهَا شُهْدُ

ترجمہ مین ایسے جتھے والا ہون کہ جب مین اپنے مددگارون کو اکٹھا کرنا چاہون تو میرے گرد چارون طرف ایسے جوانمرد جمع ہوجاوین جو ہر عمدہ گھوڑے پر سوار ہون اور ایسے شجاع گویا موت اُنکے مُنھ مین مثل شہد شیرین ہی۔

اَذُمُّ اِلٰى هٰذَا الزَّمَانِ اُهَيْلَهٗ　　فَاَعْلَمُهُمْ فَدْمٌ وَاَحْزَمُهُمْ وَغْدُ

الفدم الغبی من الرجال۔ والوغد اللئیم الضعیف ترجمہ مین اس زمانہ سے اُسکے حقیر باشندونکی برائی بیان کرتا ہون کیونکہ اُنمین جو زیادہ جانتا ہی وہ غبی ہی اور جو اُنمین زیادہ محتاط ہی وہ ناکس ہی پس جاہل و غیر محتاط لوگ کیسے ہون گے۔

وَاَكْرَمُهُمْ كَلْبٌ وَاَبْصَرُهُمْ عَمٍ　　وَاَسْهَدُهُمْ فَهْدٌ وَاَشْجَعُهُمْ قِرْدُ

ترجمہ اور اُنکا بڑا بزرگ خست مین مثل کتے کے ہی اور اُنمین زیادہ بینا اندھا اور اُنکا بڑا جاگنیوالا چیتے کے مانند کثیر النوم اور اُنکا زیادہ بہادر بندر کے مانند نامرد اور تھوڑجیا۔

وَمِنْ نَكَدِ الدُّنْيَا عَلَى الْحُرِّ اَنْ يَّرٰى　　عَدُوًّا لَهٗ مَا مِنْ صَدَاقَتِهٖ بُدُّ

ترجمہ آزاد و شریف مرد پر دنیا کی سختی اور قلت خیر سے ایک یہ ہی کہ وہ اپنے ایسے دشمن کو دیکھے جسکی دوستی سے چارہ نہین ہی

فَيَا نَكَدَ الدُّنْيَا مَتٰى اَنْتَ مُقْصِرٌ　　عَنِ الْحُرِّ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ لَهٗ ضِدُّ

ترجمہ سوائے سختی دنیا تو کب آزاد شخص کی تکلیف سے باز آدے گی تاکہ اُسکا کوئی مخالف نہو۔

يَرُوْحُ وَيَغْدُوْ كَارِهًا لِوِصَالِهٖ　　وَتَضْطَرُّهٗ الْاَيَّامُ وَالزَّمَنُ النَّكْدُ

ترجمہ اب تو وہ آزاد مرد شام و صبح ایسے حال مین کرتا ہی کہ ملاقات اہل دنیا کو مکروہ جانتا ہی اور اُسکو روزگار اور سخت زمانہ بے چین رکھتا ہی۔ یہ شعر اور اُس سے پہلا نسخیان مین نہین ہی۔ دیوان مطبوعہ کلکتہ سے منقول ہوئے۔

بِقَلْبِيْ وَاِنْ لَّمْ اَرْوِ مِنْهَا مَلَالَةٌ　　وَبِيْ عَنْ غَوَانِيْهَا وَاِنْ وَصَلَتْ صَدُّ ۱۵

ترجمہ میرے دلمین دنیا کی طرف سے ملال ہی اگرچہ مین دنیا سے سیراب نہین ہوا اور میری عمر دراز نہین ہوئی آگے ایک کیسی گذرتی ہی اور مجکو اُس کی عورتون سے جو بسبب حسن ذاتی کے آرائش سے بے پروا ہین اگرچہ وہ مجھ سے دلمین اعراض ہی۔

خَلِيلَايَ دُونَ النَّاسِ حُزْنٌ وَعَبْرَةٌ	عَلَى فَقْدِ مَنْ أَحْبَبْتُ مَا لَهُمَا فَقْدُ

ترجمہ تمام آدمیون کے سوا میرے دو دوست غم اور اشک ہین کہ وہ مجھسے دور نہین ہوتے اور یہ غم میرا اور اشک اُس کے مفقود ہونے سے ہین جسکو مین دوست رکھتا ہون یعنی محبوب تو مفقود ہی اور غم و اشک ہر وقت موجود۔

تَلِجُّ دُمُوعِي بِالْجُفُونِ كَأَنَّمَا	جُفُونِي لِعَيْنَيْ كُلِّ بَاكِيَةٍ خَدُّ

ترجمہ میرے اشک میری پلکون سے ہر وقت چمٹے رہتے ہین گویا میری پلکین دونون آنکھون ہر رونے والے کے رخسار ہین۔ یعنی جو اشک میری آنکھون سے جاری ہین وہ اتنے ہین جتنے رخسار ہر رونے والے پر ہین۔

وَإِنِّي لَتُغْنِينِي مِنَ الْمَاءِ نُغْبَةٌ	وَأَصْبِرُ عَنْهُ مِثْلَ مَا تَصْبِرُ الرُّبْدُ

النغبۃ الجرعۃ۔ والربد النعام ترجمہ اور بیشک مجکو پانی کا ایک گھونٹ کافی ہی اور مین پانی سے مثل شتر مرغ کے صبر کرتا ہون کیونکہ وہ پانی نہین پیتا۔ یعنی مین پانی بہت کم پیتا ہون اور وہ دلیل ہی کمی خوراک کی۔

وَأَمْضِي كَمَا يَمْضِي السِّنَانُ لِطِيَّتِي	وَأَطْوِي كَمَا تَطْوِي الْمُجَلِّحَةُ الْعُقْدُ

الطیۃ المکان الذی تطوی الیہ الرواحل۔ واطوی اجوع۔ والمجلحۃ الذیاب المصممۃ الماضیۃ۔ والعقد جمع اعقد ہو الذے انعقد لحمہ ہزالاً او ہو الذی فی ذنبہ عقدۃ ترجمہ اور مین اپنی منزلِ مقصود کی طرف مثل تیزے کی بھال کے جاتا ہون اور مین مثل اُس گرگ کے جو اپنے شکار پر یکا قصد رکھتا ہو اور وہ دُبلا ہو بھوکا رہتا ہون۔ اہل عرب قلت خورش اور بھوک پر صبر کو اچھا اور قابل ستائش سمجھتے ہین۔

وَأُكْبِرُ نَفْسِي عَنْ جَزَاءٍ بِغِيبَةٍ	وَكُلُّ اغْتِيَابٍ جُهْدُ مَنْ لَا لَهُ جُهْدُ

الجہد بالضم الطاقۃ و بالفتح المشقۃ ترجمہ اور مین اپنے کو اس سے بڑا جانتا ہون کہ دشمن کی غیبت کو اُس کی جزا سمجھون کیونکہ ہر غیبت کرنا بے طاقت کی طاقت ہی یعنی جو انتقام نہین لے سکتا وہ غیبت کرتا ہی اور مجھے انتقام کی طاقت ہی پھر کیون غیبت کرون۔

وَأَرْحَمُ أَقْوَامًا مِنَ الْعِيِّ وَالْغَبَا	وَأَعْذِرُ فِي بُغْضِي لِأَنَّهُمُ ضِدُّ

ترجمہ جو لوگ مرض کم گویائی یا عاجزی اور غباوۃ مین مبتلا ہین اُنپر مین رحم کرتا ہون اور مین اُنکو اپنے بغض مین معذور سمجھتا ہون کیونکہ وہ میری ضد ہین یعنی مین گویا اور ذکی ہون اور ایک ضد دوسری ضد کی دشمن ہوتی ہی اس لئے مین اُنکو معذور سمجھتا ہون۔

وَيَمْنَعُنِي مِمَّنْ سِوَى ابْنِ مُحَمَّدٍ ۔۔۔ أَيَادٍ لَهُ عِنْدِي يَضِيقُ بِهَا عِنْدُ

رفع عند ہی ظرف لانہ حمل الکلام علی المعنی فکانہ قال یضیق بہا المکان ترجمہ اور مجکو سوائے ابن محمد کے اور امیر کے پاس جانے سے اُسکے انعام جو میرے پاس اس کثرت سے موجود ہین کہ اُنکے رکھنے کو جگہ نہین روکتے ہین۔

تَوَالَتْ بِلَا وَعْدٍ وَلٰكِنَّ قَبْلَهَا ۔۔۔ شَمَائِلُهُ مِنْ غَيْرِ وَعْدٍ بِهَا وَعْدُ

ترجمہ اُسکے انعام بے وعدہ پے درپے پہنچے ولیکن اُن انعام کے پہلے اُسکی کریانہ خصلتین بے وعدہ انعام کے وعدہ ہین یعنی گو اُس نے وعدہ نہین کیا تھا مگر اُسکے شمائل حمیدہ اُس کے وعدہ کے قائم مقام تھے۔

سَرَى السَّيْفُ مِمَّا تَطْبَعُ الْهِنْدُ صَاحِبِي ۔۔۔ إِلَى السَّيْفِ مِمَّا يَطْبَعُ اللّٰهُ لَا الْهِنْدُ

ترجمہ میرے ساتھ سیف ساخت ہند چلی اُس سیف کی طرف جو ساخت خداوند تعالی تھی نہ ہند کی یعنی مین ہندی شمشیر باندھ کر اُسکے پاس آیا کہ وہ میری سیف سے افضل تھا۔

فَلَمَّا رَآنِي مُقْبِلًا هَزَّ نَفْسَهُ ۔۔۔ إِلَيَّ حُسَامٌ كُلُّ صَفْحٍ لَهُ حَدُّ

رفع حسام لکونہ فاعلا لہز او ہو خبر مبتدء محذوف ترجمہ سو جب ممدوح نے مجکو دیکھا تو اُسنے آپکو قیام تعظیمی کے لئے حرکت دی۔ وہ ایسی شمشیر ہی کہ اُسکے ہر طرف دشمنون کے لئے دھار ہی۔

فَلَمْ أَرَ قَبْلِي مَنْ مَشَى الْبَحْرُ نَحْوَهُ ۔۔۔ وَلَا رَجُلًا قَامَتْ تُعَانِقُهُ الْأُسْدُ

ترجمہ سو مینے اپنے سے پہلے ایسے شخص کو نہین دیکھا کہ دریا اُسکی طرف چلا ہو اور نہ ایسے مرد کو دیکھا کہ شیر اُس کے معانقہ کے لئے کھڑے ہوئے ہون یعنی ممدوح نے میرا استقبال کیا اور مجھ سے معانقہ کیا۔

كَأَنَّ الْقِسِيَّ الْعَاصِيَاتِ تُطِيعُهُ ۔۔۔ هَوًى أَوْ بِهَا فِي غَيْرِ أَنْمُلِهِ زُهْدُ

ترجمہ گویا سخت کمانین براہ محبت اُسکی مطیع ہین کہ وہ اور وںسے نہین کھنچتین اور ممدوح بے تکلف کھینچتا ہی یا اُن کو سوائے انگشتان ممدوح کے اور وںسے پرہیز ہی۔ غرض تعریف کمان کشی و قوت بازو ہی۔

يَكَادُ يُصِيبُ الشَّيْءَ مِنْ قَبْلِ رَمْيِهِ ۔۔۔ وَيُمْكِنُهُ فِي سَهْمِهِ الْمُرْسَلِ الرَّدُّ

ترجمہ ممدوح کے نشانہ کے سچے ہونیکی تعریف کرتا ہی کہ قریب ہی کہ قبل تیر پھینکنے کے تیر اپنے نشانہ پر جا لگے۔ اور اُس کو تیر از کمان جستہ کا لوٹانا کچھ دشوار نہین بلکہ ممکن ہی۔

وَيُنْفِذُهُ فِي الْعَقْدِ وَهْوَ مُضَيَّقٌ ۔۔۔ مِنَ الشَّعْرَةِ السَّوْدَاءِ وَاللَّيْلُ مُسْوَدُّ

ترجمہ اور وہ تیر کو سیاہ بال کی سخت گرہ مین نکال دیتا ہی جبکہ رات کالی ہو۔

بِنَفْسِي الَّذِي لَا يُزْدَهَى بِخَدِيعَةٍ ۔۔۔ وَإِنْ كَثُرَتْ فِيهِ الذَّرَائِعُ وَالْقَصْدُ

یزدہی یحرک و یستخف ترجمہ اپنی جان قربان کرتا ہون اُس شخص پر کہ کسی فریب سے اگرچہ اُسمین بہت سے ذریعے

اور قصد استعمال مین آئے ہون ہلکا اور سبکسار نہین ہوتا یعنی کسی کے دم مین نہین آتا۔

وَمَنْ بُعْدُهُ فَقْرٌ وَمَنْ قُرْبُهُ غِنًى	وَمَنْ عِرْضُهُ حُرٌّ وَمَنْ مَالُهُ عَبْدُ

ترجمہ اور مین اُسپر قربان کہ اُسکی دوری فقیری ہے اور اُسکی نزدیکی تونگری اور آبرو اُسکی عزیز ہے مثل عزت آزاد کے اور اُسپر کہ اُسکا مال غلام ہے کہ اُسکی عزت نہین کرتا ہر کسی کو دیڈالتا ہے۔

وَيَصْطَنِعُ الْمَعْرُوفَ مُبْتَدِئًا بِهِ	وَيَمْنَعُهُ مِنْ كُلِّ مَنْ ذَمُّهُ حَمْدُ

ترجمہ وہ احسان بدون سوال کرتا ہے اور اُس احسان کو اُس شخص سے روکتا ہے جسکی مذمت کرنا گویا اُسکی تعریف ہے خلاصہ یہ ہے کہ وہ شریفونکو بے مانگے دیتا ہے اور اُن رذیلون کو نہین دیتا کہ اگر وہ کسی کی مذمت کرین تو وہ مذمت تعریف شمار ہو کیونکہ رذیل لوگ شریفون سے چڑتے ہین بس جسکی وہ مذمت کرتے ہین معلوم ہوجاتا ہے کہ وہ شخص مذمت کردہ شدہ شریف ہے۔

وَيَحْتَقِرُ الْحُسَّادَ عَنْ ذِكْرِهِ لَهُمْ	كَأَنَّهُمْ فِي الْخَلْقِ مَا خُلِقُوا بَعْدُ

ترجمہ وہ حاسدون کو اس سے کمتر سمجھتا ہے کہ اُنکا ذکر کرے گویا حاسد لوگ خلق مین ابتلک پیدا ہی نہین ہوئے یعنی معدوم ہین

وَيَأْمَنُهُ الْأَعْدَاءُ مِنْ غَيْرِ ذِلَّةٍ	وَلٰكِنْ عَلٰى قَدْرِ الَّذِي يُذْنِبُ الْحِقْدُ

ترجمہ اور اُس کے دشمن اُس سے بےخوف ہین نہ بسبب کمزوری و ذلت ممدوح کے بلکہ اس سبب سے کہ ممدوح کا کینہ بقدر گناہگار ہے نہ بقدر گناہ کے۔ چونکہ اُس کے نزدیک مجرم بے قدر ہین اس لئے اُن کے گناہ بھی بیقدر ہین واہ کیا عمدہ مضمون ہے۔

فَإِنْ يَكُ سَيَّارُ بْنُ مُكْرَمٍ انْقَضٰى	فَإِنَّكَ مَاءُ الْوَرْدِ إِنْ ذَهَبَ الْوَرْدُ

ترجمہ سو اگر تیرا دادا سیار بن مکرم مرگیا تو اُسکے فضائل تیری طرف منتقل ہوگئے کیونکہ تو عرق گلاب ہے اگر گلاب جاتا رہا یعنی تو اُسکا خلاصہ اور اُس سے افضل ہے۔

مَضٰى وَبَنُوهُ وَانْفَرَدْتَ بِفَضْلِهِمْ	وَأَلْفٌ إِذَا مَا جُمِّعَتْ وَاحِدٌ فَرْدُ

عطف بنوہ علی الضمیر المرفوع من غیر تاکید علی مذہب الکوفیین۔ وانث الضمیر والالف مذکر لانہ اراد الجماعۃ ترجمہ سیار اور اُسکے بیٹے مرگئے اور تو اکیلا اُنکی بزرگی کے ساتھ باقی رہا۔ اور ہزار جب ایک ایک کرکے جمع کیا جاوے تو وہ فرد ہوتا ہے یعنی ہزار اکائیون سے مرکب ہے مگر سب ملکر فرد ہوتا ہے۔ خلاصہ تو ایک قائم مقام ہزار کے ہے۔

لَهُمْ أَوْجُهٌ غُرٌّ وَأَيْدٍ كَرِيمَةٌ	وَمَعْرِفَةٌ عِدٌّ وَأَلْسِنَةٌ لُدُّ

معرفۃ عد ای کریمۃ کثیرۃ کالماء العد وہو الذی لاینزح۔ ولد جمع الد وہو الشدید الخصومۃ ترجمہ آل سیار کے چہرے سفید ہین یعنی بے عیب اور ہاتھ سخی ہین اور معرفت کثیر و قدیم ہے اور بوقت خصومت و جدال زبانین

گویا وفصیح ہین یعنے بحاث ہین -

وَمَرْکُوزَۃٌ سُمْرٌ وَمُقْرَبَۃٌ جُرْدُ	وَاَرْدِیَۃٌ خُضْرٌ وَمُلْکٌ مُطَاعَۃٌ

ترجمہ اوران کی چادرین سبزہین جو لباس سادات ہی اور سلطنت مطیع اور گندم گون نیزے گڑے ہوئے اور عمدہ گھوڑے یعنی لڑائی کے لئے -

تَمِیمُ بْنُ مُرٍّ وَابْنُ طَابِخَۃَ اُدُّ	وَمَا عِشْتَ مَا مَاتُوا وَلَا اَبَوَاھُمْ

تیم بن مرواد بن طابخہ قبیلتان مشہورتان من العرب ینسب الیہا الممدوح انتہے ترجمہ اور جب تلک تو زندہ ہی توسیار اور کرم نہین مرے اور نہ اُنکے باپ تیم بن مرہ واد بن طابخہ کیونکہ اُنکے فضائل تجھ مین موجود ہین سو اب وہ تیرے سبب زندہ ہین -

وَبَعْضُ الَّذِیْ یَخْفٰی عَلَیَّ الَّذِیْ یَبْدُوْ	فَبَعْضُ الَّذِیْ یَبْدُوْ الَّذِیْ اَنَا ذَاکِرٌ

ترجمہ جو اُسکے فضائل ظاہر ہین ان مین سے تھوڑے ذکر کرتا ہون اور اُسکے فضائل ظاہرہ بعض ہین اُن فضائل کے جو مجھ پر پوشیدہ ہین - کیونکہ مین اُنکی خوبیون کو کما حقہ نہین پہنچ سکتا - خلاصہ یہ ہی کہ اُسکے فضائل بکثرت ہین کچھ اُنہین سے مجھے معلوم ہین اُن مین سے مین بعض کا ذکر کرتا ہون اور کل مجکو معلوم نہین ہین اور بعض جو ظاہر اور معلوم ہین اُنکی بھی حقیقت واقعی نہین جانتا - جہان تلک میرا فہم پہنچتا ہی ذکر کرتا ہون -

وَحَقَّ لِخَیْرِ الْخَلْقِ مِنْ خَیْرِہِ الْوُدُّ	اَلُوْمُ بِہٖ مَنْ لَامَنِیْ فِیْ وِدَادِہٖ

ترجمہ جو شخص مجکو اُسکی دوستی پر ملامت کرتا ہی مین اُسکو بسبب ممدوح یعنے فضائل ممدوح ملامت کرتا ہون کہ وایسے جامع صفات کو کیون دوست نہین رکھتا - اور ایک بہترین خلق کو دوسرے بہترین خلق سے محبت ہی سزاوار ہی یعنی وہ خیر الامرا ہی اور مین خیر الشعرا پس دونون مین محبت سزاوار ولائق ہی -

بَنِی اللُّوْمِ حَتّٰی یَعْبُرَ الْمَلِکُ الْجَعْدُ	کَذَا فَتَنَحَّوْا عَنْ عَلِیٍّ وَطُرْقِہٖ

الجعد السخی - ترجمہ میرا ممدوح ایسا ہی ہی جیسا مینے ذکر کیا سوائے بخیلو اور ناکسو اُس سے اور اُس کی راہ سے دور ہو جاؤ تا کہ سخی بادشاہ یعنے ممدوح راہ معانی وفضائل چلتا رہے -

وَلَا فِیْ طِبَاعِ التُّرْبَۃِ الْمِسْکُ وَالنَّدُّ	فَمَا فِیْ سَجَایَاکُمْ مُنَازَعَۃُ الْعُلٰی

ترجمہ کیونکہ تمھاری عادتون مین بلندنامی سے جھگڑا کرنا نہین ہی یعنی تمکو شرف ومجد سے کچھ علاقہ نہین ہی جیسا کہ مٹی کی سرشت مین بوئے مشک وند نہین ہوتی پس تم اس سے مجد مین وشرف مین کیون جھگڑتے ہو -

وودع صدیقا لہ ابا البہی عند مسیرہ عنہ فقال ارتجالا

ھُوَ تَوْاَمِیْ لَوْ اَنَّ بَیْنًا یُوْلَدُ	اَمَّا الْفِرَاقُ فَاِنَّہٗ مَا اَعْہَدُ

ترجمہ مگر فراق سو یہ وہ حضرت ہین جنکو مین خوب جانتا ہون اور اُسکو ہمیشہ دیکھتا ہون وہ میرا ہمزاد و جوڑیا ہوتا اگر فراق مولود ہوتا اور اول مصرعہ کے یہ معنی ہوسکتے ہین کہ تیرے فراق کی حقیقت مین خوب جانتا ہون اور کیا جانے گا اور فراق اُسکی نسبت کچھ بھی نہین ہین۔

وَلَقَدْ عَلِمْنَا أَتَنَا سَنُطِيعُهُ		لَمَّا عَلِمْنَا أَنَّنَا لَا نَخْلُدُ	

ترجمہ اور بیشک ہمنے بخوبی جان لیا ہی کہ اب ہم فراق کے مطیع ہون گے جبکہ ہم نے جانلیا کہ ہم ہمیشہ نہین رہین گے غرض آخر الصحبۃ الفراق۔

وَإِذَا الْجِيَادُ أَبَا الْبَهِيِّ نَقَلْنَنَا		عَنْكُمْ فَأَرْدَأُ مَا رَكِبْتُ الْأَجْوَدُ	

ترجمہ ای ابا البہی جبکہ عمدہ گھوڑے ہمکو تمسے دور کرین اور لیجاوین تو جتنا عمدہ گھوڑا ہوگا اُتنا ہی وہ ردی ہوگا کیونکہ جسقدر گھوڑا تیز رو ہوگا اتنا ہی جلد ہمکو تمسے دور کریگا اور فراق کا مددگار ہوگا۔

مَنْ خَصَّ بِالذَّمِّ الْفِرَاقَ فَإِنَّنِي		مَنْ لَا يَرَى فِي الدَّهْرِ شَيْئًا يُحْمَدُ	

ترجمہ جو شخص صرف فراق کی مذمت کرتا ہی وہ جانے کیونکہ مین ایسا شخص ہون کہ زمانہ مین کسی شی کو قابل تعریف نہین سمجھتا فراق کی کیا تخصیص ہی۔ **وقال یمدح الحسین بن علی الہمدانی**

لَقَدْ حَازَنِي وَجْدٌ بِمَنْ حَازَهُ بُعْدُ		فَيَا لَيْتَنِي بُعْدٌ وَيَا لَيْتَهُ وَجْدُ	

ترجمہ بجد امجکو اُس شخص کے عشق نے گھیر لیا جسکو دوری نے گھیر لیا پس ای کاش مین دوری ہوتا تاکہ مین اُسکو گھیر لیتا اور اُسکے ساتھ رہتا اور ای کاش وہ شخص عشق ہوتا کہ وہ مجکو گھیر لیتا تاکہ وہ مجھ سے لجاتا اور کبھی جدا ہوتا۔

أُسَرُّ بِتَجْدِيدِ الْهَوَى ذِكْرَ مَا مَضَى		وَإِنْ كَانَ لَا يَبْقَى لَهُ الْحَجَرُ الصَّلْدُ	

ترجمہ مین اس امر سے خوش کیا جاتا ہون کہ محبت ذکر ایام وصال گزشتہ کا از سر نو کرے اگرچہ اُس ذکر کے روبرو سخت پتھر بھی باقی نہین رہتا یعنی بصدمہ تاسف دیاد ایام وصال پگھل جاتا ہی۔

سُهَادٌ أَتَانَا مِنْكِ فِي الْعَيْنِ عِنْدَنَا		رُقَادٌ وَقُلَّامٌ رَعَى سِرْبُكُمْ وَرْدُ	

السرب الجماعۃ من الابل والغنم وغیرہا۔ والقلام نبت خبیث الرائحۃ ترجمہ جو بیخوابی آنکھ مین تیرے سبب ہمارے پاس آوے یعنی تیری یاد مین ہو وہ مثل خواب کے مزیدار ہی اور جب تمہارے گلہ شتران وغیرہ قلام جیسے بدبودار گھانس کو چرین وہ ہمارے نزدیک گلاب ہی یعنے تیرے عشق کے سبب تیری ہر چیز اچھی معلوم ہوتی ہی۔

مُمَثَّلَةٌ حَتَّى كَأَنْ لَمْ تُفَارِقِي		وَحَتَّى كَأَنَّ الْيَأْسَ مِنْ وَصْلِكِ الْوَعْدُ	

ترجمہ میرے دل مین تیری تصویر کھنچی ہوئی ہی گویا تو کبھی مجھسے جدا نہین ہوتی ہی اور ہر وقت موجود رہتی ہی اور یہان تلک کہ تیرے وصل سے ناامیدی گویا وعدہ وصال ہی۔ خوب کہا ہی۔

دل کے آئینہ مین ہی تصویر یار + جب ذرا گردن جھکائی دیکھ لی +۔

وَحَتّٰی تَکَادُ تَسْحِیْنَ مَدَامِعِیْ	وَیَعْبَقُ فِیْ ثَوْبَیَّ مِنْ رِیْحِهَا النَّدُّ

من روی یعبق بالفتح عطفہ علےٰ تکادی ومن رفعہ عطفہ علےٰ تسحین ترجمہ اور چونکہ تو دلمین مصور ہی تو ایسا خیال بندھا ہی کہ ابھی میرے اشک جاری پوچھنے لگے گی اور میرے دونون کپڑون مین تیری بوے خوش سے گویا ند کی خوشبو بس گئی ہی

اِذَا غَدَرَتْ حَسْنَاءُ أَوْفَتْ بِوَعْدِهَا	وَمِنْ عَهْدِهَا أَنْ لَا يَدُوْمَ لَهَا عَهْدُ

ترجمہ جب خوبصورت محبوبہ وعدہ شکنی کرے تو وہ اپنے وعدہ کو پورا کرتی ہی کیونکہ اُسکے بعض عہدون مین سے یہ ہی کہ اُسکا کوئی وعدہ پورا نہو تو اسصورت مین وفا کرنا ہی خلف عہد ہی۔

وَاِنْ عَشِقَتْ كَانَتْ اَشَدَّ صَبَابَةً	وَاِنْ فَرِكَتْ فَاذْهَبْ فَمَا فِرْكُهَا قَصْدُ

الفرک بالکسر البغض بین الزوجین خاصۃ ترجمہ اور اگر وہ عورت عاشق ہو جاوے تو اُسکا عشق بہت بڑھکا ہوگا اور اگر دشمن ہوجاوے تو اُسکے بغض کی کوئی حد نہوگی تو اس صورت مین تو اُس سے بھاگ اور قطع محبت کرے۔

وَاِنْ حَقَدَتْ لَمْ يَبْقَ فِيْ قَلْبِهَا رِضًى	وَاِنْ رَضِيَتْ لَمْ يَبْقَ فِيْ قَلْبِهَا حِقْدُ

ترجمہ اور اگر وہ کینہ رکھے تو اُسکے دلمین ذرہ بھی خوشنودی نہین رہتی اور اگر خوش ہووے تو اُسکے دلمین کچھ کینہ نہین رہتا۔

كَذٰلِكَ اَخْلَاقُ النِّسَاءِ وَرُبَّمَا	يَضِلُّ بِهَا الْهَادِيْ وَيَخْفٰى بِهَا الرُّشْدُ

ترجمہ عورتون کی عادتین جیسی مینے بیان کین ایسی ہی ہین مگر تعجب ہی کہ بسا اوقات اُنکے سبب وہ شخص گمراہ ہوجاتا ہی جو اورونکو راہ بتاتاے اور راہ راست اُنکے سبب سے پوشیدہ ہوجاتی ہی۔

وَلٰكِنَّ حُبًّا خَامَرَ الْقَلْبَ فِي الصِّبَا	يَزِيْدُ عَلٰى مَرِّ الزَّمَانِ وَيَشْتَدُّ

ترجمہ مگر کیا کیجئے کہ وہ محبت جسنے دلکو ایام طفلی مین چھپالیا ہی جسقدر زمانہ گزرتا ہی وہ زیادہ اور شدید ہوتی جاتی ہی یعنی باوجودیکہ عورتون کی عادت خراب ہی مگر ایام طفلی کی محبت قابل زوال نہین ہی مجبور ہون۔

سَقَى ابْنُ عَلِيٍّ كُلَّ مُزْنٍ سَقَتْكُمُ	مُكَافَاَةً يَغْدُوْ اِلَيْهَا كَمَا تَغْدُوْ

المزن جمع مزنۃ وہی المطرۃ والسحابۃ البیضاء ترجمہ اے محبوبہ ابن علے یعنے ممدوح نے ہر باران کو جس نے تمکو سیراب کیا ہی سیراب کیا تمھارے سیراب کرنیکے مکافات مین سو وہ ممدوح اُس ابر کی طرف بوقت صبح اُسکے سیراب کرنے کو آتا ہی جیساکہ وہ ابر بوقت صبح تمھارے سیراب کرنے کو آتا ہی۔ یہ خروج اور گریز تشبیب سے بطرف مدح نہایت خوب ہی کہ اُس مین مدح اور تشبیب دونون جمع ہین۔

لِتُرْوِيْ كَمَا تُرْوِيْ بِلَادًا سَكَنْتِهَا	وَيَنْبُتُ فِيْهَا فَوْقَكِ الْفَخْرُ وَالْمَجْدُ

ترجمہ ممدوح باران کو سیراب کرنے ہر صبح جاتا ہی تاکہ وہ باران ایسا سیراب ہو جاوے جیسا اُسنے تیرے شہرون کو

جسین ای ممدوح توریتی ہی سیراب کیا ہی اور اُن بلاد مین تجھ پر فخر اور شرف پیدا ہو یعنی اس رسی بار انسے نباتات پیدا ہوتی ہی اور ممدوح کے باران سے شرف ومجد۔

بِمَنْ تَشْخَصُ الْاَبْصَارُ یَوْمَ رُکُوْبِہٖ	وَیُخْرَقُ مِنْ زَحْمٍ عَلَی الرَّجُلِ الْبُرْدُ

الباء متعلقة بینبت او بقوله یروی ترجمہ وہ ابر سیراب ہو یا فخر ومجد پیدا ہو اُس شخص کی برکت سے جس کی سواری کے دن لوگون کی آنکھین اُس کے جلال وعظمت کو دیکھ کر کھلی کی کھلی رہجاتی ہین اور اژدحام کے سبب مرد کی چادر پارہ پارہ ہوجاتی ہی۔

وَتُلْقِیْ وَمَا تَدْرِی الْبَنَانُ سِلَاحَہَا	لِکَثْرَۃِ اِیْمَاءٍ اِلَیْہِ اِذَا یَبْدُوْ

ترجمہ اور لوگون کی انگلیان بحالت بیخبری اپنے ہتھیار ڈالتی ہین کیونکہ جب وہ برآمد ہوتا ہی تو بکثرت اُسکی طرف اشارے کئے جاتے ہین اور اسلئے اُنکے ہتھیار گر پڑتے ہین اور اُنکو خبر نہین ہوتی۔

ضَرُوْبٌ لِہَامِ الضَّارِبِی الْہَامِ فِی الْوَغٰی	خَفِیْفٌ اِذَا مَا اَثْقَلَ الْفَرَسَ اللِّبْدُ

ترجمہ جو لوگ لڑائی مین سر پر تلوار مارتے ہین یہ اُنکے سرون پر متواتر تلوار مارتا ہی اور جبکہ گھوڑے کو اُس کا عرق گیر بھی اُٹھانا بھاری کرے تو وہ اسوقت سبکدست وچالاک ہوتا ہی۔

بَصِیْرٌ بِاَخْذِ الْحَمْدِ مِنْ کُلِّ مَوْضِعٍ	وَلَوْ خَبَاَتْہُ بَیْنَ اَنْیَابِہَا الْاُسْدُ

ترجمہ وہ تعریف کو ہر جگہ سے بذریعہ سخاوت حاصل کرنے مین بڑا ہوشیار ہی اگرچہ اُس تعریف کو شیر اپنے دانتون مین چھپالین۔

بِتَامِیْلِہٖ یَغْنَی الْفَتٰی قَبْلَ نَیْلِہٖ	وَبِالذُّعْرِ مِنْ قَبْلِ الْمُہَنَّدِ یَنْقَدُّ

الباء متعلقة بیغنی ترجمہ ہر مرد اُسکے امیدوار کرنے سے قبل حصول عطا مالدار ہوجاتا ہی یعنے اُسکا وعدہ سچا ہی پس اُسپر بھروسا کرکے غنی کی طرح خرچ کرنے لگتا ہی۔ اور بذریعہ اپنے خوف کے قبل ضرب ہندی شمشیر کے دشمنون کے دل وجگر کو پارہ پارہ کرتا ہی۔

وَسَیْفِیْ لَاَنْتَ السَّیْفُ لَا مَا تَسُلُّہٗ	لِضَرْبٍ وَّمِمَّا السَّیْفُ مِنْہُ لَکَ الْغِمْدُ

الواو للقسم ترجمہ اپنی شمشیر کی قسم حقیقی شمشیر تو ہی نہ وہ جسکو تو مارنے کے لئے کھینچتا ہی اور جس چیز سے تلوار بنتی ہی یعنی لوہا تیرا میان ہی یعنے واقعی شمشیر تو ہی کہ شمشیر رسمی سے زیادہ تیز ہی اور میان تیرا وہ زرہ ہی جسے تو پہنتا ہی یعنی تیرا میان زرہ ہی جسمین تو مثل شمشیر آجاتا ہی۔

وَرُمْحِیْ لَاَنْتَ الرُّمْحُ لَا مَا تَبُلُّہٗ	نَجِیْعًا وَلَوْ لَا الْقَدْحُ لَمْ یُثْقَبِ الزَّنْدُ

النجیع دم الجوف ویثقب یضئی۔ والزند القداحۃ ترجمہ اور قسم ہی اپنے نیزے کی کہ حقیقی نیزہ تو ہی اگر

تیری قوت بازو نہو تو نیزہ کچھ بھی نہین کرسکتا ہے نہ وہ جس کو تو خون اعداء سے ترکرتا ہے۔ جیسا کہ اگر لوہے کو چقماق پر نہ مارین تو چقماق آگ نہ دے۔

مِنَ الْقَاسِمِيْنَ الشُّكْرَ بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ	لِاَنَّهُمْ يُسْدٰى اِلَيْهِمْ بِاَنْ يُسْدُوْا

اسدی الیہ احسن الیہ ترجمہ ممدوح اُن لوگون کی اولاد ہے جو شکر کو مجھ مین اور اپنے مین تقسیم کرتے ہین کیونکہ انکی طرف احسان اسطرح کیا جاتا ہے کہ انکا انعام لیا جاوے یعنی اُنکا احسان قبول کرنا ایسا ہے کہ گویا اُنپر احسان کیا گیا خلاصہ یہ ہے کہ وہ لوگ میرا اس بابت شکر کرتے ہین کہ مینے اُنکی مدح کی اور اُنکا انعام قبول کیا اور مین اُنکا شکر بابت قدردانی وعطائے انعام کرتا ہون پس طرفین ایک دوسرے کے شکرگذار ہین۔

فَشُكْرِيْ لَهُمْ شُكْرَانِ شُكْرٌ عَلَى النَّدٰى	وَشُكْرٌ عَلَى الشُّكْرِ الَّذِيْ وَهَبُوْا بَعْدُ

ترجمہ سو مجھ پر دو شکر واجب ہوئے ایک شکر انعام کا اور دوسرا شکر اُنکی شکرگذاری کا کہ وہ عطائے ثانی ہے یعنی اُنھون نے جو میرے قبول انعام پر شکر کیا گویا وہ ہبہ ثانیہ ہے جسکا مجکو شکر کرنا چاہیے۔

صِيَامٌ بِاَبْوَابِ الْقِبَابِ جِيَادُهُمْ	وَاَشْخَاصُهَا فِيْ قَلْبِ خَائِفِهِمْ تَعْدُوْ

صیام بمعنی قیام من صام الفرس اذا وقف ترجمہ اُنکے گھوڑے اُنکے ڈیرون کے دروازون پر کھڑے ہوئے ہین اور اُن گھوڑون کے اجسام اُنسے ڈرنیوالے کے دلمین دوڑ رہے ہین۔

وَاَنْفُسُهُمْ مَبْذُوْلَةٌ لِوُفُوْدِهِمْ	وَاَمْوَالُهُمْ فِيْ دَارِ مَنْ لَمْ يَفِدْ وَفْدُ

الوفود جمع وفد وہم الذین یقدمون علی الملوک ترجمہ اور اُنکی جانین اپنے آنیوالون پر وقف ہین اور اُنکے مال اُس شخص کے گھرمین جو نہین آکے اُترنیوالے ہین یعنی اُنکے انعام عام ہین۔

كَاَنَّ عَطِيَّاتِ الْحُسَيْنِ عَسَاكِرٌ	فَفِيْهَا الْعِبِدّٰى وَالْمُطَهَّمَةُ الْجُرْدُ

العبدی جمع عبد۔ والمطہمۃ الخیل الحسان ترجمہ حسین کی بخششین گویا لشکر ہین کیونکہ اُسمین غلام اور عمدہ گھوڑے کم موہوتے ہین سو یہ چیزین اُسکے عطیاتمین موجود ہین۔

اَرَى الْقَمَرَ ابْنَ الشَّمْسِ قَدْ لَبِسَ الْعُلٰى	رُوَيْدَكَ حَتّٰى يَلْبَسَ الشَّعْرَ الْخَدُّ

ترجمہ مین دیکھتا ہون کہ چاند آفتاب کے بیٹے نے لباس بزرگی پہن لیا یعنی تو چاند ہے اور تیرا باپ آفتاب ذرہ دم لے یہان تلک کہ تیرے رخسار پر ڈاڑھی جم آوے یعنی بالغ ہوجاوے اُسوقت دیکھنا کہ تیرے کمالات کہان تلک ترقی کرتے ہین۔ سچ ہے ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات۔

وَغَالَ فُضُوْلَ الدِّرْعِ مِنْ جَنَبَاتِهَا	عَلٰى بَدَنٍ قَدُّ الْقَنَاةِ لَهُ قَدُّ

غالہا ذہب بہا ای رفعہا من الارض ترجمہ اور یہان تلک کہ ممدوح کا قد جو مثل نیزے کے سیدھا اور کشیدہ ہے زوائد زرہ کو اُسکے

سب اطراف سے اٹھالے یعنی زرہ اسکے بدن پر ٹھیک آجائے۔

وَبَاشَرَ اَبْكَارَ الْمَكَارِمِ اَمْرَدًا	وَكَانَ كَذَا اٰبَاؤُهٗ وَهُمْ مُرْدُ

ترجمہ اُسنے جبکہ وہ امرد تھا دوشیزگان مکارم سے صحبت کی یعنی ایسی عمر میں ہی عمدہ مکارم کی عادت ڈال اور یہ بات نئی نہیں ہے کیونکہ اُسکے آباواجداد بحالت بے ریشگی ویسے ہی تھے یعنے یہ خوبی موروثی ہے۔

حَبَانِيْ بِاَثْمَانِ السَّوَابِقِ دُوْنَهَا	مَخَافَةَ سَيْرِيْ اَنَّهَا لِلنَّوَى جُنْدُ

ترجمہ ممدوح نے مجکو عمدہ گھوڑون کی قیمت دی اور گھوڑے اس خوف سے عنایت نہین کئے ہین کہ ان پر چڑھ کر چلا جاؤنگا کیونکہ گھوڑے فراق کے لشکر ہین اور جدائی کے مددگار اُسکی قدر شناسی کی تعریف کرتا ہے۔

وَشَهْوَةَ عَوْدٍ اِنَّ جُوْدَ يَمِيْنِهٖ	ثُنَاءٌ ثُنَاءٌ وَالْجَوَادُ بِهَا فَرْدُ

شہوۃ عطف علی مخافۃ۔ والضمیر فی بہا للاثمان۔ وثناء ثناء بمعنے مثنےٰ مثنےٰ ترجمہ اُسنے مجکو دراہم و دنانیر لینے قیمت اسپ اسلئے دی کہ دوبارہ پھر بخشش کی طرف رجوع کریگا کیونکہ اُسکے ہاتھ کی بخشش مکرر ہوتی ہے اگرچہ اُن قیمتون کا دینے والا یکتا ہے مگر اُسکی بخشش دوتا ہے۔

فَلَا زِلْتُ اَلْقَى الْحَاسِدِيْنَ بِمِثْلِهَا	وَفِيْ يَدِهِمْ غَيْظٌ وَفِيْ يَدِيَ الرِّفْدُ

ترجمہ سو خدا ایسا کرے کہ مین ہمیشہ حاسدین سے ایسی ہی قیمت اسپان لیکر ملتا رہون کہ اُنکے ہاتھ مین غصہ حاسدانہ ہو اور میرے ہاتھ مین عطائے امیر تاکہ وہ لوگ اسی رنج مین ہلاک ہوجاوین۔

وَعِنْدِيْ قَبَاطِيُّ الْهُمَامِ وَمَالُهٗ	وَعِنْدَهُمْ مِمَّا ظَفِرْتُ بِهِ الْجَحْدُ

القباطی جمع قبطیۃ وہی ثیاب بیض تنسج فی مصر۔ والہمام الملک العظیم الہمۃ ترجمہ اور ہمیشہ رہین میرے پاس جامہ ہائے بادشاہ بلند ہمت اور اُسکا مال اور ہمیشہ رہے حاسدونکو انکار اُس چیز سے کہ مین نے بادشاہ سے پائی ہے یعنے وہ یہ ہی حسداً کہتے رہین کہ امیر نے اسے کچھ نہین دیا۔

يَرُوْمُوْنَ شَاْوِيْ فِي الْكَلَامِ وَاِنَّمَا	يُحَاكِي الْفَتٰى فِيْمَا خَلَا الْمَنْطِقَ الْقِرْدُ

الشاؤ الغایۃ ترجمہ شاعر لوگ کلام مین میری برابری چاہتے ہین اور حال یہ ہے کہ بندر سوائے گویائی کے اور چیزون مین مرد کے مشابہ ہوسکتا ہے۔ انسان کی طرح گویا نہین ہوسکتا ہے۔ غرض وہ لوگ بندر ہین میری سی گفتگو کہان سے لاوین گے۔

فَهُمْ فِيْ جُمُوْعٍ لَا يَرَاهَا ابْنُ دَايَةٍ	وَهُمْ فِيْ ضَجِيْجٍ لَا يُحِسُّ بِهِ الْخُلْدُ

ابن دایۃ الغراب لانہ یقع علی دایۃ البعیر فینقرہا۔ والدایۃ موضع جرح البعیر من الرحل والخلد جنس من الفار انہ یوصف بحدۃ السمع وفے المثل اسمع من خلد ترجمہ اور ان حاسد لوگون کی جماعت ایسی قلیل ہے کہ اُنکو کوا باوجود حدت نظر نہین دیکھ سکتا اور اُنکے غل کو چھچھوندر بھی باوجود تیزی سماعت نہین سن سکتی غرض بہت حقیر ہین۔

وَمِنِّي اسْتَفَادَ النَّاسُ كُلَّ غَرِيبَةٍ ۔۔۔ فَجَازُوا بِتَرْكِ الذَّمِّ اِنْ لَمْ يَكُنْ حَمْدُ

جازنا امر من المجاناة ترجمہ اور حال یہ ہے کہ لوگون نے ہر نیا نکتہ مجھ سے حاصل کیا ہے سوائے لوگو اس میرے احسان کے عوض ترک ذم ہی کے جزا دو اگر تمکو لیاقت تعریف وحق شناسی نہین ورنہ مین تو تعریف کا مستحق تھا

وَجَدْتُ عَلِيًّا وَابْنَهُ خَيْرَ قَوْمِهِ ۔۔۔ وَهُمْ خَيْرُ قَوْمٍ وَاسْتَوَى الْحُرُّ وَالْعَبْدُ

ترجمہ مینے علی اور اسکے بیٹے کو اپنی قوم مین سب سے بہتر پایا اور اُنکی قوم سب قومونسے اچھی ہے اور اُسکے سوا آزاد و غلام سب آپس مین برابر ہین

وَاَصْبَحَ شِعْرِي مِنْهُمَا فِي مَكَانِهِ ۔۔۔ وَفِي عُنُقِ الْحَسْنَاءِ يُسْتَحْسَنُ الْعِقْدُ

ترجمہ اور اُن دونون سے ممدوح ہونیکے سبب میرے شعر اپنے ٹھکانے لگ گئے اور خوبصورت عورت ہی کے گلے مین ہار اچھا معلوم ہوتا ہے

وسایر ابا محمد بن طغج وہو لا یدری این یرید حتے دخل کفر دیس فقال

وَزِيَارَةٍ عَنْ غَيْرِ مَوْعِدِ ۔۔۔ كَالْغُمْضِ فِي الْجَفْنِ الْمُسَهَّدِ

ترجمہ اور اس قریہ کا بے وعدہ دیکھنا اُسکی خوبی کے سبب ایسا آرام بخش ہے جیسا خواب شخص بیدار کی آنکھ مین۔

مَعَجَتْ بِنَا فِيهِ الْجِيَا ۔۔۔ دُ مَعَ الْاَمِيرِ اَبِي مُحَمَّدِ

المعج ضرب من السیر سہل ہین ترجمہ اُس قریہ مین ہمکو گھوڑے قدم قدم لے گئے امیر ابو محمد کے ساتھ۔

حَتَّى دَخَلْنَا جَنَّةً ۔۔۔ لَوْ اَنَّ سَاكِنَهَا مُخَلَّدُ

ترجمہ یہان تلک چلے کہ اُس گانو مین پہنچے کہ وہ جگہ جنت تھی اگر اُسکے رہنے والے ہمیشہ جیتے اور فنا سے بچے رہتے۔

خَضْرَاءُ حَمْرَاءُ التُّرَا ۔۔۔ بِ كَاَنَّهَا فِي خَدِّ اَغْيَدْ

ترجمہ وہ قریہ سرسبز ہے اور اُسکی مٹی سُرخ رنگ کی ہے وہ سبزہ سُرخ زمین پر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ وہ خط سبز ہے سرخ و نازک رخسارے پر۔ اغید مین سرخی کے معنی بھی تھے مگر مراد شاعر رخسار نرم و سرخ ہے۔

اَحْبَبْتُ تَشْبِيهًا لَهَا ۔۔۔ فَوَجَدْتُّهَا مَا لَيْسَ يُوجَدْ

ترجمہ مینے چاہا کہ اُسکو کسی سے تشبیہ کلی دون سو اُس کا مشبہ بہ معدوم پایا۔ کل کی قید اس نئے لگائی کہ پہلے شعر مین تشبیہ جزئی گذر چکی ہے غرض ایسی چیز مجکو نہین ملی کہ تمام اوصاف مین اُسکی مثل ہو۔

وَاِذَا رَجَعْتَ اِلَى الْحَقَا ۔۔۔ ئِقِ فَهْيَ وَاحِدَةٌ لِاَوْحَدْ

ترجمہ اور جب تو نفس الامر کی طرف رجوع کرے تو وہ قریہ خوبی مین ایک ہی ہے اور واسطے یکتا شخص ممدوح کے یعنے اُسکی ملک ہے۔ وہمّ بالنہوض فاقعدہ فقال۔

يَا مَنْ رَاَيْتُ الْحَلِيمَ وَغْدًا ۔۔۔ بِهِ وَحُرَّ الْمُلُوكِ عَبْدَا

الوغد الدنی وہو الذی یخدم بطعام بطنہ ترجمہ اے وہ شخص کہ اُسکے مقابلہ مین مین نے حلیم کو ناکس پایا

اور بادشاہان آزاد کو غلام۔

مَالَ عَلَے الشَّرَابُ جِدًّا ۔۔۔ وَاَنْتَ بِالْمَكْرُمَاتِ اَهْدٰى

ترجمہ مجھ پر شراب بشدت جھک پڑی اور غالب آئی اور تو عمدہ کاموں کی طرف بڑا راہ پانے والا ہے۔

فَاِنْ تَفَضَّلْتَ بِانْصِرَافِیْ ۔۔۔ عَدَدْتُهٗ مِنْ لَدَیْكَ رِفْدًا

ترجمہ سو اگرچہ میرا نام احمد ہے جو غیر منصرف ہے مگر تو مجکو انصراف کی اجازت دے تو مین اُسکو تیری عطا شمار کرون۔

واطلق ابو محمد الباشق علے سماناۃ فاخذہا فقال

آمِنْ كُلِّ شَیْءٍ بَلَغْتَ الْمُرَادَا ۔۔۔ وَفِیْ كُلِّ شَأْوٍ شَأَوْتَ الْعِبَادَا

ترجمہ کیا تو ہر شئے سے اپنی مراد کو پہنچا اور ہر دوڑ مین تو تمام بندگان خدا سے سبقت لے گیا۔

فَمَاذَا تَرَكْتَ لِمَنْ لَمْ یَسُدْ ۔۔۔ وَمَاذَا تَرَكْتَ لِمَنْ كَانَ سَادَا

ترجمہ سو تو نے غیر سردار کے لئے کیا چھوڑا اور سردار کے لئے کیا یعنی تو نے تمام مراتب شرف وکامیابی حاصل کرلئے۔

كَأَنَّ السُّمَانَا اِذَا مَا رَأَتْكَ ۔۔۔ تُصَیِّدُهَا تَشْتَهِیْ اَنْ تُصَادَا

السمانی جنس من الطیر اکبر من العصفور ترجمہ گویا سمانا نے جب تجکو دیکھا کہ تو اُسکا شکار کرنا چاہتا ہے تو وہ اس بات کے خواہشمند ہوئے کہ وہ شکار کیجاوے واجتاز ابو محمد ببعض الجبال فاثار خشفا فالتقطہ الکلاب فقال

وَشَامِخٍ مِنَ الْجِبَالِ اَقْوَدِ ۔۔۔ فَرْدٍ كَیَافُوْخِ الْبَعِیْرِ الْاَصْیَدِ

الشامخ العالی۔ والاقود الطویل۔ والاصید الذی فی عنقہ اعوجاج من داءٍ۔ والصید داء یاخذ الابل فی اعناقہا

ترجمہ اور بہت سے پہاڑ بلند وطویل اور تنہا اور ٹیڑھے مثل سر شتر کج گردن کے ہین۔

یُسَارُ مِنْ ضِیْقِهٖ وَالْجَلْمَدِ ۔۔۔ فِیْ مِثْلِ مَتْنِ الْمَسَدِ الْمُعَقَّدِ

المسد حبل من لیف او شعر ترجمہ اُس پہاڑ کی تنگی اور پتھرونکے سبب ایک راہ تنگ مین جو مثل بٹ دی ہوئی گرہ زدہ رسی کے پیچیدہ تھی سیر کیجاتی تھی۔

زُرْنَاهُ لِلْاَمْرِ الَّذِیْ لَمْ یُعْهَدِ ۔۔۔ لِلصَّیْدِ وَالنُّزْهَةِ وَالتَّمَرُّدِ

ضمیر یعید الی الجبل ترجمہ ہم اُس پہاڑ مین ایسے امر کے لئے جسکا امیر عادی نہ تھا گئے۔ امیر کا عادی نہونا اِس سبب سے تہا کہ وہ لہو ولعب کو پسند نہین کرتا ضروری کامون مین لگا رہتا ہے یا وہ پہاڑ بسبب صعوبت اور بلندی کے شکار کا عادی نتھا یعنی کوئی شخص اُسمین شکار کھیلنے نہین جاتا مگر یہ امیر بسبب اپنی بہادری کے وہان گیا۔ واسطے شکار اور سیر اور لہو ولعب کے۔

بِكُلِّ مُسْقِیِّ الدِّمَاءِ اَسْوَدِ ۔۔۔ مُعَاوِدٍ مُقَوَّدٍ مُقَلَّدِ

عــه و این بذا من قول خسرو قدس سرہ ∴ ہمہ آہوان صحرا سر خود نہادہ برکف + بامید آنکہ روزی بشکار خواہی آمد

ترجمہ ہم گھرے کتے ساتھ لیکر جنکو خون صید پلایا جاتا ہی اور رنگ کے کالے بار بار شکار کرنے والے اور زنجیر مین بندھے ہوئے اور گلے مین پٹے پڑے ہوئے تھے۔

بِكُلِّ نَابٍ ذَرِبٍ مُحَدَّدِ	عَلَى حِفَافَيْ حَنَكٍ كَالْمِبْرَدِ

ترجمہ اور گئے ہم کتے لیکر وہ شکار کرتے تھے ہر دانت تیز بران مثل سوہان سے جو لگے ہوئے تھے دو جانبون حلق پر۔

كَطَالِبِ الثَّأْرِ وَإِنْ لَمْ يَحْقِدِ	يَقْتُلُ مَا يَقْتُلُهُ وَلَا يَدِي

ترجمہ وہ کتے اگرچہ کسی سے کینہ نہین رکھتے تھے مگر مثل طالب انتقام شکار کے پیچھے دوڑتے تھے اور جس قدر شکار مارتے تھے اُنکی دیت نہین دیتے تھے۔

سَيَنْشُدُ مِنْ ذَا الْخِشْفِ مَا لَمْ يَفْقِدِ

الخشف ولد الظبیۃ ترجمہ وہ اس ہرن کے بچونسے جسکو ڈھونڈتے تھے گم نہین کرتے تھے یعنی جانے نہین دیتے تھے یہان متنبی نے بجائے خشفان جمع کے خشف واحد رکھدیا ہی۔

فَثَارَ مِنْ أَخْضَرَ مَمْطُورٍ نَدِي	كَأَنَّهُ بَدْءُ عِذَارِ الْأَمْرَدِ

ترجمہ سو وہ آہو برہ سبزہ زار باران رسیدہ و ترسے کہ گویا وہ آغاز سبزہ ریش امرد تھا کتے کی آہٹ پاکر اُٹھکر بھاگا۔

فَلَمْ يَكَدْ إِلَّا لِحَتْفٍ يَهْتَدِي	وَلَمْ يَقَعْ إِلَّا عَلَى بَطْنِ يَدِ

ترجمہ وہ بچہ آہو نہین قریب تھا کہ راہ پاوے مگر طرف موت کے اور وہ نہ گرا مگر کتے کے ہاتھ مین۔ یا یہ کہ جب وہ تھکا تو بحالت مایوسی لنبے پانو کرکے بیٹھ گیا۔

وَلَمْ يَدَعْ لِلشَّاعِرِ الْمُجَوِّدِ	وَصْفًا لَهُ عِنْدَ الْأَمِيرِ الْأَمْجَدِ

المجود للکلب ترجمہ اور اُس کتے نے روبرو امیر امجد کے شاعر عمدہ گو کے لئے اپنا کوئی وصف نہین چھوڑا کیونکہ اگر وہ اُسکے وصف مین مبالغہ بھی کرے تو وہ حال واقعی سے کم ہی۔

الْمَلِكِ الْقَرْمِ أَبِي مُحَمَّدِ	الْقَانِصِ الْأَبْطَالِ بِالْمُهَنَّدِ

القرم السید المکرم وھو من الابل ما لایحمل علیہ ولایذلل ترجمہ امیر امجد کون ہو وہ ایک بادشاہ سید کرم ابو محمد ہی جو شمشیر ہندی کے ذریعے سے دلیرون کو گرفتار کرلیتا ہی۔

ذِي النِّعَمِ الْغُرِّ الْبَوَادِي الْعُوَّدِ

الغر البیض ترجمہ جو نہایت روشن ظاہر ہونیوالی بار بار لوٹنے والی نعمتون کا صاحب ہی۔

إِذَا أَرَدْتُ عَدَّهَا لَمْ أَعْدُدِ	وَإِنْ ذَكَرْتُ فَضْلَهُ لَمْ يَنْفَدِ

ترجمہ جب مین اُن نعمتون کے شمار کا ارادہ کرتا ہون تو شمار نہین کر سکتا اور اگر اُس کے فضل و کرم کا ذکر کرون تو وہ تمام نہین ہو سکتین۔ وقال ارتجالا یودعہ

مَا ذَا الوَدَاعُ وَدَاعُ الوَامِقِ الكَمِدِ	هٰذَا الوَدَاعُ وَدَاعُ الرُّوحِ لِلجَسَدِ

ترجمہ یہ رخصت کرنا مثل رخصت کرنے عاشق غمگین کے نہین ہی بلکہ یہ رخصت کرنا روح کو جسم کا رخصت کرنا ہی کیونکہ جدائی کے صدمہ سے مین بیشک مر جاؤن گا۔

إِذَا السَّحَابُ زَفَتْهُ الرِّيحُ مُرْتَفِعًا	فَلَا عَدَا الرَّمْلَةَ البَيْضَاءَ مِنْ بَلَدِ

زفتہ حرکتہ وساقتہ۔ عدا جاوز۔ والرملۃ من بلاد الشام وہی بلاد الممدوح ترجمہ جبکہ ابر کو ہوا اونچا اُٹھاوے تو وہ ابر شہر رملہ سے جو عمدہ شہر ہی تجاوز نکرے بلکہ سب کا سب وہان ہی برس پڑے و نمائے ارزانی و برکت دیتا ہی۔

وَيَا فِرَاقَ الأَمِيرِ الرَّحْبِ مَنْزِلُهُ	إِنْ أَنْتَ فَارَقْتَنَا يَوْمًا فَلَا تَعُدِ

ترجمہ اور اے فراق امیر کے جس کی منزل وسیع ہی اگر تو ہمسے کسی روز جدا ہو جاوے تو پھر نہ آئیو کیونکہ ہم اُس کے فراق سے خوش نہین ہین۔

ودخل علی ابی العشائر الحسین بن علی بن حمدان وفی یدہ بطیخہ من ند فی غشاءٍ من خیزران وعلیہا قلادۃ من لؤلؤ فحیاہ بہا وقال شبہہا فقال

وَبَنِيَّةٍ مِنْ خَيْزُرَانٍ ضُمِّنَتْ	بِطِّيخَةً نَبَتَتْ بِنَارٍ فِي يَدِ

ترجمہ اور بہت سے بید کے بنے ہوئے ظرف ہین کہ اُسکے بیچ مین ایک خربزہ ہی جو ہاتھ کی آگ سے جما ہی۔ جب اُسکو خربزہ کہا تو اُسکو جمنے والی چیز کہا اور اُسکا جمنا ہاتھ کی آگ سے ٹھہرایا کیونکہ آگ سے ہاتھ گرم کرکے اُسکو بنایا تھا تو گویا ہاتھ کی آگ اُسکی جمانے والی ہوئی۔

نَظَمَ الأَمِيرُ لَهَا قِلَادَةَ لُؤْلُؤٍ	كَفَعَالِهِ وَكَلَامِهِ فِي المَشْهَدِ

ترجمہ امیر نے اُسکے لئے ایسا موتیون کا ہار طیار کیا جیسا کہ مجمع نشین امیر کے کام و کلام ہوتے ہین یعنی ہار کے موتی ایسے مرتب ہین جیسا کہ بوقت گفتگو اُسکے منھ سے موتی جھڑتے ہین۔

كَالكَأْسِ بَاشَرَهَا المِزَاجُ فَأَبْرَزَتْ	زَبَدًا يَدُورُ عَلَى شَرَابٍ أَسْوَدِ

قیل لاشئ کا ساحتی یکون فیہا الشراب ترجمہ خربوزہ مذکورہ سیاہ رنگ کہ اُسکے گرد موتی مرصع ہین ایسا معلوم ہوتا ہی کہ گویا پیالہ شراب مین پانی ملایا ہی اور وہ کف لے آیا ہی جو سیاہ شراب پر پھرتے ہین۔ شراب کی سیاہی بسبب سیاہی رنگ پیالہ کے ہی۔ وقال فیہا ارتجالا ایضا

وَسَوْدَاءَ مَنْظُومٍ عَلَيْهَا لَآلِئٌ	لَهَا صُورَةُ البِطِّيخِ وَهِيَ مِنَ النَّدِّ

ترجمہ اور بہت سے سیاہ رنگ کی چیزین ہین جپر موتی پروئے ہوئے ہین وہ صورت مین تو خرزہ ہی اور حقیقت مین ایک قسم کی خوشبو سی ہی جسے ندکہتے ہین۔

كَأَنَّ بَقَايَا عَنْبَرٍ فَوْقَ رَأْسِهَا ۔۔۔ طُلُوعُ رَوَاعِي الشَّيْبِ فِي الشَّعْرِ الْجَعْدِ

روائی جمع راعیۃ وہی اول شعرۃ تطلع من الشیب ترجمہ گویا بقیہ عنبر اُسکے سر پر اول بڑھاپے کا ظہور ہی گھونگروالے بالون مین۔ یہ تشبیہ نہایت لطیف ہی۔ وعمل ابیاتا بدیہا فتعجب ابو العشائر من سرعتہ فقال۔

أَتُنْكِرُ مَا نَطَقْتُ بِهِ بَدِيهًا ۔۔۔ وَلَيْسَ بِمُنْكَرٍ سَبْقُ الْجَوَادِ

ترجمہ کیا تو اُس شعر کو جو مینے فی البدیہہ کہا اوپرا سمجھتا ہی حالانکہ عمدہ گھوڑے کا بڑھجانا نئی چیز نہین

أُرَاكِضُ مُعْوِصَاتِ الْقَوْلِ قَسْرًا ۔۔۔ فَأَقْتُلُهَا وَغَيْرِي فِي الطِّرَادِ

المعوصات الصعبات وارکض اطارد ترجمہ مین اشعار مشکلہ کے پیچھے بزور گھوڑا دوڑاتا ہون سو اُسکو شکار کرلیتا ہون اور مجھے سوا اور لوگ گھوڑا ہی دوڑاتے رہجاتے ہین۔ وقال یمدح کافورا سنۃ ست واربعین وثلثمائۃ

أَوَدُّ مِنَ الْأَيَّامِ مَا لَا تَوَدُّهُ ۔۔۔ وَأَشْكُو إِلَيْهَا بَيْنَنَا وَهِيَ جُنْدُهُ

ترجمہ مین روزگار سے اُس امر کی امید رکھتا ہون جسکو وہ دوست نہین رکھتا اور زمانہ سے فراق احباب کی شکایت کرتا ہون اور وہ زمانہ خود مددگار فراق ہی یعنی مین زمانہ سے امید رکھتا ہون کہ مجکو احباب سے ملادے مگر وہ خواہان فراق ہی۔

يُبَاعِدْنَ حِبًّا يَجْتَمِعْنَ وَوَصْلُهُ ۔۔۔ فَكَيْفَ بِحِبٍّ يَجْتَمِعْنَ وَصَدُّهُ

ترجمہ وہ ایام اُس دوست کو جدا کردیتے ہین جنکے ساتھ وہ اور وصل دوست اکٹھے ہوتے ہین پس کیا حال ہوگا اُنکا اُس دوست کے معاملہ مین جنکے اعراض کے ساتھ وہ جمع ہوتے ہین یعنی جبکہ زمانہ ملے ہوئے دوست کو ہمسے جدا کردیتا ہی تو دوست مہاجر کو ہمسے کیونکر ملادے گا اور یہ جو کہا کہ زمانہ وصل اور ہجر کے ساتھ جمع ہوتا ہی اُس کے یہ معنی ہین کہ وصل اور ہجر اُسمین واقع ہوتے ہین۔

أَبَى خُلُقُ الدُّنْيَا حَبِيبًا تُدِيمُهُ ۔۔۔ فَمَا طَلَبِي مِنْهَا حَبِيبًا تَرُدُّهُ

ترجمہ عادت دنیا اس بات سے انکار رکھتی ہی کہ کسی حبیب موجود کو ہمارے پاس ہمیشہ رکھے سو اُس سے حبیب مفقود کو کہ وہ اُسے لوٹا لادے کس طرح مین طلب کرسکتا ہون۔

وَأَسْرَعُ مَفْعُولٍ فَعَلْتَ تَغَيُّرًا ۔۔۔ تَكَلُّفُ شَيْءٍ فِي طِبَاعِكَ ضِدُّهُ

ترجمہ اور جو کام تو کرے اسمین سے وہ کام جلد متغیر ہوجاتا ہی کہ جس چیز کو تو تکلف کرے اور تیری طبیعت مین اُس سے نفرت ہو۔ خلاصہ یہ ہی کہ زمانہ اگر کسی کو دوست سے ملادیتا ہی تو چونکہ یہ امر اُسکی سرشت کے خلاف ہی اسلئے فوراً ہی وصل کو ہجر سے جو اُسکی طبیعت کے موافق ہی بدلدیتا ہی۔

رَعَى اللهُ عِيسًا فَارَقَتْنَا وَفَوْقَهَا ... مَهًا كُلُّهَا يُولِي بِجَفْنَيْهِ خَدَّهُ

یولی من الولی المطر الثانی والاولی الوسمی ترجمہ خدا اُن شترون سفید کی حفاظت کرے جو ہمسے ایسے حال مین جدا ہوئے کہ اُنپر زنان خوش چشم مثل گاوان وحشی کے سوار تہین ہر کہ ہر ایک اُنمین کی اپنی دونون آنکھون سے اپنے رخسار پر اشک مثل باران بسبب صدمہ فراق کے برسارہی تہی۔ اُنکی کثرت گریہ کو باران سے تشبیہ دی۔

بِوَادٍ بِهِ مَا بِالْقُلُوبِ كَأَنَّهُ ... وَقَدْ رَحَلُوا جِيدٌ تَنَاثَرَ عِقْدُهُ

ترجمہ یہ موضع فراق ایسے صحرا مین تہا کہ اسپر اُنکی جدائی کا وہی صدمہ تہا جیسا ہمارے دلونپر تہا اور جب اسمین سے معشوق کوچ کر گئے تو گویا وہ ایسا رہگیا جیسے گردن کہ اُسکا ہار پراگندہ ہو گیا ہو یعنے صحرا اُنکی رونق افزائی سے پر زیب تہا اُنکے جاتے ہی بے رونق مثل بے ہار گردن کے ہو گیا۔

إِذَا سَارَتِ الْأَحْدَاجُ فَوْقَ نَبَاتِهِ ... تَفَاوَحَ مِسْكُ الْغَانِيَاتِ وَرَنْدُهُ

تفاوح من فاح یفوح۔ والرند نبت طیب الرائحۃ ویقال انہ الآس ترجمہ جبکہ اُنکے ہودج صحرا کے نبات پر چل رہے اور محبوبات مشک لگائی ہوئی تہین تو اُنکا مشک اور جنگل کے آس کی خوشبو مخلوط ہو کر پہوٹ پڑین اور تمام صحرا خوشبودار ہو گیا۔

وَحَالٍ كَإِحْدَاهُنَّ رُمْتُ بُلُوغَهَا ... وَمِنْ دُونِهَا غَوْلُ الطَّرِيقِ وَبُعْدُهُ

ترجمہ اور بہت سے حال دشوار صعوبتہ مین مثل ایک اُن معشوقون کے ہین یعنی صعوبت وصول مین کہ مینے اُس حال کے پہنچنے کا ارادہ کیا اور اُس حال کے ورے ہلاکی راہ اور اُسکی دوری ہے خلاصہ یہ کہ مین ایسے احوال کا قصد کرتا ہون جنکا حصول سخت دشوار ہے جیسا حصول قرب اُن معشوقون کا۔

وَأَتْعَبُ خَلْقِ اللهِ مَنْ زَادَ هَمُّهُ ... وَقَصَّرَ عَمَّا تَشْتَهِي النَّفْسُ وُجْدُهُ

الوجد السعۃ ترجمہ خلق خدا مین سب سے زیادہ رنجیدہ وہ شخص ہے کہ اُسکی ہمت بڑہی ہوئی ہو اور اُسکی طاقت و وسعت اُس چیز سے جسکو اُسکی طبیعت چاہتی ہے کوتاہ ہو۔ یعنی ایسا ہی میرا حال ہے۔

فَلَا يَنْحَلِلْ فِي الْمَجْدِ مَالُكَ كُلُّهُ ... فَيَنْحَلَّ مَجْدٌ كَانَ بِالْمَالِ عَقْدُهُ

ترجمہ سو چاہئے کہ طلب شرف مین تیرا سارا مال نکل پڑے اور اگر ایسا کریگا تو وہ شرف اور بزرگی جسکی گرہ بسبب مال کے بندھی تہی کہل پڑے گی یعنی بزرگی مال سے ہے اگر مال نہین بزرگی بھی نہین پس سخاوت مین میانہ روی اختیار کرنا چاہئے۔

وَدَبِّرْهُ تَدْبِيرَ الَّذِي الْمَجْدُ كَفُّهُ ... إِذَا حَارَبَ الْأَعْدَاءَ وَالْمَالُ زَنْدُهُ

ترجمہ اور مال کی تدبیر مثل اُس شخص کے کر کہ جب وہ دشمنون سے لڑے تو بزرگی اُسکی ہتیلی ہو۔ اور مال اُس کا پہنچا۔ ہتیلی کو مجد ٹہرایا اور پہنچے کو مال پس جیسے کف بے پہنچے کے دشمن کو نہین مار سکتی ایسے ہی مجد بے مال کے

حاصل نہین ہوسکتی۔

	وَلَا مَالَ فِي الدُّنْيَا لِمَنْ قَلَّ مَجْدُهُ	فَلَا مَجْدَ فِي الدُّنْيَا لِمَنْ قَلَّ مَالُهُ

ترجمہ سو جسکے پاس مال نہین ہو اُسکو دنیا مین رتبہ عالی حاصل نہین ہو اور جسکو علو رتبہ حاصل نہین تو گویا اُسکے پاس مال نہین ہو یعنی اگر صاحب مال اُسکے ذریعہ سے مجد طلب نکرے تو وہ ایسا ہی گویا اُسکے پاس مال نہین ہو کیونکہ ایسی صورت مین مالدار اور فقیر ذلت مین برابر ہین۔

	وَمَرْكُوبُهُ رِجْلَاهُ وَالتُّرْبُ جِلْدُهُ	وَفِي النَّاسِ مَنْ يَرْضَى بِمَيْسُورِ عَيْشِهِ

ترجمہ اور لوگون مین ایسے بھی شخص ہین کہ وہ آسان و کمتر زندگی پر راضی ہین اُن کی سواری اُنکے دونون پاؤن ہین اور اُن کا اوڑھنا مٹی ہو۔

	مَدًى يَنْتَهِي بِي فِي مُرَادٍ أَحُدُّهُ	وَلَكِنَّ قَلْبًا بَيْنَ جَنْبَيَّ مَالَهُ

ترجمہ مگر وہ دل جو میرے دونون پہلوؤن مین ہو اُسکو ایسی نہایت نہین ہو کہ کسی مراد مین اُس حد کے مجکو ایسی انتہا پر پہنچا دے جو مینے اُسکے لئے مقرر کردی ہو یعنی جبکہ مین کسی مطلوب کی اُس کے واسطے ء مقرر کرتا ہون وہ اُس سے اور بڑھنا چاہتا ہو۔

	فَيَخْتَارُ أَنْ يَكْسَى دُرُوعًا تَهُدُّهُ	يَرَى جِسْمَهُ يُكْسَى شُفُوفًا تَرُبُّهُ

الشفوف جمع شف وہی الثیاب الرقیقۃ۔ تربہ تنعمہ ترجمہ وہ دل اپنے جسم کو دیکھتا ہو کہ اُسکو جامے باریک پہنائے جاتے ہین جو اُسکو آرام سے رکھتے ہین مگر وہ اس بات کو پسند کرتا ہو کہ اُسکو زرہین پہنائی جاوین جو جسم کو تکلیف دین غرض اپنی جفاکشی کی تعریف کرتا ہو اور فخر و شرف جنگ مین سمجھتا ہو۔

	عَلِيقِي مَرَاعِيهِ وَزَادِي رُبْدُهُ	يُكَلِّفُنِي التَّهْجِيرَ فِي كُلِّ مَهْمَهٍ

التہجیر السیر فی الہواجر۔ والربد النعام الذی خالط سوادہا بیاض ترجمہ میرا دل مجکو دوپہر کے سفر کے ہر جنگل مین تکلیف دیتا ہو کہ میرے گھوڑے کا چارہ وہ گھانس ہو جسکو اُسکی چراگاہون مین چرلے اور میرا توشہ جنگل کے بھوسلے شتر مرغ ہین جنکو مین شکار کرکے کھاتا ہون سوائے اُسکے کوئی اور توشہ نہین ہو۔

	رَجَاءَ أَبِي الْمِسْكِ الْكَرِيمِ وَقَصْدُهُ	وَأَمْضَى سِلَاحٍ قَلَّدَ الْمَرْءُ نَفْسَهُ

ترجمہ اور بڑا تیز ہتھیار کہ آدمی اپنے اوپر لٹکاوے کافور کریم کی امید و قصد ہو کہ اُسسے زیادہ باعث حفاظت کوئی اور ہتھیار نہین ہو۔ یہ گریز و مخلص بہت اچھا ہو۔

	وَأُسْرَةُ مَنْ لَمْ يُكْثِرِ النَّسْلَ جَدُّهُ	هُمَا نَاصِرَا مَنْ خَانَهُ كُلُّ نَاصِرٍ

الاسرۃ الاہل والاقارب ترجمہ کافور کی امید و قصد اُس شخص کے مددگار ہین جسکو تمام مددگارون نے چھوڑ دیا ہو ۱۶

اور وہ دونون خویش واقارب اُس شخص کے ہین جسکے دادے کی نسل کثیر نہین ہو۔

أَتَانَا الْيَوْمَ مِنْ غِلْمَانِهِ فِي عَشِيرَةٍ ۔۔۔ لَنَا وَالِدٌ مِنْهُ يُفَدِّيهِ وُلْدُهُ

الولد یکون جمعاً وواحداً۔ قال ولیت زیاداً کان ولد حمار ترجمہ مین آج اُسکے غلامون کے سبب جو مجکو بخشدئے ہین اپنے کنبے مین ہون کہ وہ میرے ہر وقت حامی وخیر خواہ ہین۔ ہمارے لئے اُس کافور سے والد ہو جسپر اُسکی اولاد قربان ہو۔ یعنے وہ گویا ہمارا والد ہو اور ہم اُسکے سعادتمند اولاد کہ اُسپر جان قربان کرتے ہین۔

فَمِنْ مَالِهِ مَالُ الْكَبِيرِ وَنَفْسُهُ ۔۔۔ وَمِنْ مَالِهِ دَرُّ الصَّغِيرِ وَمَهْدُهُ

ترجمہ سو منجملہ اس کے مال کے بڑے شخص کا جان ومال ہو اور اُسی کے مال سے شیر و گہوارہ طفل ہے غرض اُس کے انعام عام ہین۔

نَجُرُّ الْقَنَا الْخَطِّيَّ حَوْلَ قِبَابِهِ ۔۔۔ وَتَرْدِي بِنَا قُبُّ الرِّبَاطِ وَجُرْدُهُ

الرباط اسم لجماعة الخیل ویقال الرباط الخیل الخمس فما فوقها۔ وتردی من الردیان وہو ضرب من العدو والقب جمع الضامر ترجمہ ہم اُسکے قبون اور سراپردون کے گرد خطی نیزے کھینچتے ہین یعنی اُسکی خدمت وحفاظت مین ہمیشہ مصروف رہتے ہین اور اُنکے گرد چھریرے اور کم موینے عمدہ گھوڑے ہمکو تیز لئے پھرتے ہین۔

وَنَمْتَحِنُ النُّشَّابَ فِي كُلِّ وَابِلٍ ۔۔۔ دَوِيُّ الْقِسِيِّ الْفَارِسِيَّةِ رَعْدُهُ

شبہ السہام بالوابل لکثرۃ۔ ترجمہ اور ہم تیرون کے ہر تیر باران مین آزمائش کرتے ہین کہ اُس باران کی گرج آواز کمانہاے فارسی ہو۔ یعنی مشق تیر اندازی کرتے رہتے ہین۔

فَإِلَّا تَكُنْ مِصْرُ الشَّرَى أَوْ عَرِينَهُ ۔۔۔ فَإِنَّ الَّذِي فِيهَا مِنَ النَّاسِ أُسْدُهُ

الشری طریق فی جبل سلمی کثیر الاسد۔ والعرین الاجمۃ ترجمہ سو اگر مصر شری کی گھاٹی جسمین شیر بکثرت رہتے ہین یا اُسکا جنگل نہین ہو تو مت ہو کیونکہ جو مصر مین لوگ رہتے ہین بیشک مثل شیران مقام شری ہین۔

سَبَائِكُ كَافُورٍ وَعِقْيَانُهُ الَّذِي ۔۔۔ بِصُمِّ الْقَنَا لَا بِالْأَصَابِعِ نَقْدُهُ

سبائک بدل من اسد جمع سبیکۃ وہی الفضۃ المذابۃ والعقیان الذہب ترجمہ کافور کے غلام اور مصر کے لوگ اور اُس کے سپاہی پارہ ہاے سیم وزر ہین جنکے پرکھ ٹھوس نیزون سے ہوتی ہو نہ اُنگلیون سے۔ یعنی اُسکے غلام بسبب عمدگی کے مثل سیم وزر قابل ذخیرہ کرنے کے ہین جنکا کھوٹا کھرا لڑائی مین معلوم ہوتا ہو نہ انگلیون سے۔

بَلَاهَا حَوَالَيْهِ الْعَدُوُّ وَغَيْرُهُ ۔۔۔ وَجَرَّبَهَا هَزْلُ الطِّرَادِ وَجِدُّهُ

بلاہا اختبرہا ترجمہ اُن پارہ ہاے سیم وزر یعنے غلامون کا کافور کے گرد دشمن وغیرہ نے بخوبی امتحان کر دیا ہو اور اُنکا اصلی ونقلی لڑائی مین خوب تجربہ کر لیا ہو وہ دونون حالونمین کھرے رہے ہین۔

أَبُو الْمِسْكِ لَا يَفْنَى بِذَنْبِكَ عَفْوُهُ	وَلٰكِنَّهُ يَفْنَى بِعُذْرِكَ حِقْدُهُ

ابوالمسک یعنے کافور ایسا شخص ہی کہ تیرے گناہ سے اُسکا عفو فنا نہین ہوتا مگر تیرے عذر سے اُسکا کینہ فنا ہو جاتا ہی۔ یعنی وہ کثیر العفو ہی اور کینہ ور نہین ہی جب گناہگار اُس سے عذر کرتا ہی فوراً عفو کر دیتا ہی۔

فَيَا أَيُّهَا الْمَنْصُورُ بِالْجَدِّ سَعْيُهُ	وَيَا أَيُّهَا الْمَنْصُورُ بِالسَّعْيِ جَدُّهُ

ترجمہ اے وہ شخص کہ اُسکی کوشش بسبب خوش نصیبی کے کامیاب ہی اور اے وہ شخص کہ اُسکا نصیب بسبب کوشش کے فتمند ہی یعنی تجمین سعادت بخت اور کوشش دونون جمع ہین پس تیری کامیابی مین کیا شک ہی۔

تَوَلَّى الصِّبَا عَنِّي فَأَخْلَفْتَ طِيبَهُ	وَمَا ضَرَّنِي لَمَّا رَأَيْتُكَ فَقْدُهُ

ترجمہ میرے ایام کودکی گذر گئے سو تونے اُسکی خوشی کا مجکو خلیفہ عنایت کر دیا یعنے انعام واکرام کہ اُنکے سبب میرے ایام لہو ولعب وسرور لوٹ آئے۔ اور جب مین نے تجکو دیکھا تو بسبب تیرے حسن خلق وکرم کے مجکو ایام کودکی کے جانے نے کچھ ضرر نہین کیا۔

لَقَدْ شَبَّ فِي هٰذَا الزَّمَانِ كُهُولُهُ	لَدَيْكَ وَشَابَتْ عِنْدَ غَيْرِكَ مُرْدُهُ

ترجمہ تیرے پاس اس زمانہ مین ادھیڑ لوگ بسبب تیرے حسن خلق کے جوان ہوگئے اور تیرے غیر کے پاس اُنکے ظلم کے باعث بے ریشے لڑکے بوڑھے ہوگئے۔

أَلَا لَيْتَ يَوْمَ السَّيْرِ يُخْبِرُ حَرُّهُ	فَتَسْأَلَهُ وَاللَّيْلُ يُخْبِرُ بَرْدُهُ

ترجمہ سن اے کاش یوم سفر اپنی گرمی کی اور شب سفر اپنی سردی کی تجکو خبر دے سو تو اُنسے میری مشقت کا حال پوچھے اور زیادہ مہربان

وَلَيْتَكَ تَرْعَانِي وَحَيْرَانُ مُعْرِضٌ	فَتَعْلَمَ أَنِّي مِنْ حُسَامِكَ حَدُّهُ

ترعانی بمعنی ترانی۔ وحیران ماء بالشام۔ ومعرض ظاہر ترجمہ اور کاش تو مجکو دیکھتا اُسوقت کہ دریائے حیران ظاہر تھا تو تو جان لیتا کہ مین تیری تلوار کی دھار ہون اور ارادہ کا یکانشل تیری تلوار کے۔

وَإِنِّي إِذَا بَاشَرْتُ أَمْرًا أُرِيدُهُ	تَدَانَتْ أَقَاصِيهِ وَهَانَ أَشَدُّهُ

ترجمہ اور بیشک مین جب کسی امر کا ارادہ کرتا ہون تو اُسکی دور کی چیز میرے نزدیک ہو جاتی ہی اور سخت کام آسان۔

وَمَا زَالَ أَهْلُ الدَّهْرِ يَشْتَبِهُونَ لِي	إِلَيْكَ فَلَمَّا لُحْتَ لِي لَاحَ فَرْدُهُ

قولہ لی متعلق بیشتبہون والیک متعلق بمحذوف ای سائرا الیک ترجمہ جب مین تیری طرف آتا تھا تو تمام اہل روزگار تیرے ہمرنگ معلوم ہوتے تھے سو جب تو ظاہر ہوا تو یگانہ زمانہ ظاہر ہوا اور میرا گمان غلط نکلا۔

يُقَالُ إِذَا أَبْصَرْتُ جَيْشًا وَرَبَّهُ	أَمَامَكَ رَبٌّ رَبُّ ذَا الْجَيْشِ عَبْدُهُ

ترجمہ جب مین کسی لشکر اور اُسکے سردار کو دیکھتا تھا اور اُسکی عظمت سے حیران رہجاتا تھا تو کہا جاتا تھا یعنے لوگ کہتے

تھے کہ ابھی سے کیون حیران رہگیا کیونکہ تیرے آگے ایک ایسا بادشاہ ہی کہ سردار اس لشکر کا جسکو دیکھتا ہی اُس بادشاہ کا غلام ہی۔

وَاَلْقَى الْفَمَ الضَّحَّاكَ اَعْلَمُ اَنَّهٗ ‏ ‏ قَرِيْبٌ بِذِي الْكَفِّ الْمُفَدَّاةِ عَهْدُهٗ

ترجمہ اور مین روے بسیار خندان کو دیکھتا ہون تو جانتا ہون کہ اس شخص کو بیشک اس ہاتھ سے جسپر جانین فدا ہین ابھی ملاقات ہوئی ہی کہ اُسکی بخشش کے سبب وہ شادان وخندان ہی۔

فَزَارَكَ مِنِّيْ مَنْ اِلَيْكَ اشْتِيَاقُهٗ ‏ ‏ وَفِي النَّاسِ اِلَّا فِيْكَ وَحْدَكَ زُهْدُهٗ

ترجمہ سو مجھ مین سے تجھے ایسے شخص نے ملاقات کی جسکا اشتیاق تیری طرف بہت تھا اور تمام لوگون سے اُسے بے رغبتی تھی مگر صرف تجھ سے تنہا بے رغبتی نہین تھی یعنی تیری طرف راغب تھا۔ اور بیان نے تجرید کے لئے ہی جیسا رأیت منی زیدا اسدًا۔

يُخَلِّفُ مَنْ لَمْ يَأْتِ دَارَكَ غَايَةً ‏ ‏ وَيَأْتِيْ فَيَدْرِيْ اَنَّ ذٰلِكَ جُهْدُهٗ

ترجمہ جو شخص تیرے گھر نہین آتا وہ اپنے نہایت مقصود کو ترک کرتا ہی اور آتا ہی تو جان لیتا ہی کہ یہ میری کوشش اکتساب مجد وحصول اموال کے لئے ہی۔ الغرض غایۃ مرام ہر طالب مرتبہ کی تیرے ہان حاضر ہونا ہی۔

فَاِنْ نِلْتُ مَا اَمَّلْتُ مِنْكَ فَرُبَّمَا ‏ ‏ شَرِبْتُ بِمَاءٍ يُعْجِزُ الطَّيْرَ وِرْدُهٗ

ترجمہ سو مین اگر اپنی مراد کو پہنچا تو کیا عجب ہی کیونکہ مین نے بسا اوقات وہ پانی پیا ہی کہ وہان تلک پہنچنا پرندون کو بھی عاجز کرے یعنی اگرچہ منزل مقصود مین پہنچنا سخت دشوار تھا مگر میری ہمت کے آگے کچھ مشکل نہ تھا۔ اور یہ شعر ہجو بھی ہو سکتا ہی یعنی تو تو کیا ہی بیٹے تو بڑے بخیلون سے لیکر چھوڑا ہی۔ متنبی کی عادت ہی کہ وہ کافور کی مدح مین اشعار ذو الجہتین لکھا کرتا ہی چنانچہ اس قصیدہ مین چند شعر ایسے ہی لکھے ہین۔

وَوَعْدُكَ فِعْلٌ قَبْلَ وَعْدٍ لِاَنَّهٗ ‏ ‏ نَظِيْرُ فَعَالِ الصَّادِقِ الْقَوْلِ وَعْدُهٗ

ترجمہ اور تیرا وعدہ فعل قبل وعدہ ہی یعنے نقد ہی کیونکہ شان یہ ہی کہ فعل شخص صادق القول کے مانند اُسکا وعدہ ہوتا ہی یعنی صادق القول صادق الوعد بھی ہوتا ہی تو اُسکا وعدہ نقد ہوا۔

فَكُنْ فِي اصْطِنَاعِيْ مُحْسِنًا كَمُجَرِّبٍ ‏ ‏ يَبِنْ لَكَ تَقْرِيْبُ الْجَوَادِ وَشَدُّهٗ

التقریب ضرب من العدو وقرب الفرس اذا رفع یدیہ معا ووضعہما معا فی العدو۔ ترجمہ سو تو میرے اوپر احسان کرنیمین محسن تجربہ کار بن یعنی بعد میرے تجربہ و اظہار لیاقت کے مجھ پر احسان فرما تا کہ تجکو پویا عمدہ گھوڑے کا اور اُسکا حملہ دوڑ خوب ظاہر ہو جاوے اور بے تجربہ تو مین اور غیر برابر ہین۔

اِذَا كُنْتَ فِيْ شَكٍّ مِنَ السَّيْفِ فَابْلُهٗ ‏ ‏ فَاِمَّا تُنَفِّيْهِ وَاِمَّا تُعِدُّهٗ

فابلہ فاختبرہ ترجمہ جبکہ تجکو خوبی وزشتی شمشیر مین شک ہو تو اُسکا امتحان کرے پھر پایا تو وہ نکمی نکلیگی اور اُسکو تو پھینکدیگا اور یا عمدہ کاٹ کریگی اور اُسکو لڑائی کے لئے مہیا رکھے گا یہی میرا حال ہی بعد تجربہ میرے جوہر معلوم ہوجاوینگے۔

وَمَا الصَّارِمُ الْهِنْدِيُّ اِلَّا كَغَيْرِهٖ ۔۔۔ اِذَا لَمْ يُفَارِقْهُ النِّجَادُ وَغِمْدُهٗ

ترجمہ جبکہ تلوار سے اُسکا پرتلہ اور میان جدا نہو تو ہندی شمشیر اور اور تلوار برابر ہین کیونکہ تلوار کی خوبی اُسکی کاٹ سے معلوم ہوتی ہی۔ ایساہی میرا حال بعد تجربہ معلوم ہوسکتا ہی۔ ابوالفتح کہتا ہی کہ متنبی کی درخواست کافور سے یہ تھی کہ مجکو کسی ولایت کا والی کردے اسلئے باربار کہتا ہی کہ میری شجاعت وکفایت شعاری کا امتحان کرے کہ مجکو لیاقت والی ہونیکی ہی یا نہین۔

وَاِنَّكَ لَلْمَشْكُوْرُ فِیْ كُلِّ حَالَةٍ ۔۔۔ وَلَوْ لَمْ يَكُنْ اِلَّا الْبَشَاشَةُ رِفْدُهٗ

ترجمہ اور بیشک تو ہر حال مین قابل شکر گذاری ہی اگرچہ اُس مشکور کی عطا سوائے کشادہ پیشانی کے اور کچھ نہو۔

وَكُلُّ نَوَالٍ كَانَ اَوْ هُوَ كَائِنٌ ۔۔۔ فَلَحْظَةُ طَرْفٍ مِنْكَ عِنْدِیْ نِدُّهٗ

الند المثل ترجمہ اور جو عطا تو نے دی یا دینے والا ہی سوا ایک نظر عنایت تیری میرے نزدیک مثل اُن سب بخششون کے ہی۔

وَاِنِّیْ لَفِیْ بَحْرٍ مِنَ الْخَيْرِ اَصْلُهٗ ۔۔۔ عَطَايَاكَ اَرْجُوْ مَدَّهَا وَهْیَ مَدُّهٗ

المد الزیادۃ ضد الجزر ترجمہ اور مین بیشک ایک دریائے خیر مین ہون جسکی اصل اور بیخ تیری عطایا ہین مین اُن عطایا کی زیادتی کی امید رکھتا ہون اور وہ عطایا اُس دریا کی افزائش اور مد ہین۔

وَمَا رَغْبَتِیْ فِیْ عَسْجَدٍ اَسْتَفِيْدُهٗ ۔۔۔ وَلٰكِنَّهَا فِیْ مَفْخَرٍ اَسْتَجِدُّهٗ

ترجمہ اور میری رغبت زر مین کہ مین اُسکو کماؤن نہین ہی ہان میری رغبت مجد جدید مین ہی یعنی عطائے ولایت مین۔

يَجُوْدُ بِهٖ مَنْ يَفْضَحُ الْجُوْدَ جُوْدُهٗ ۔۔۔ وَيَحْمَدُهٗ مَنْ يَفْضَحُ الْحَمْدَ حَمْدُهٗ

ترجمہ اس میری رغبت کو وہ عطا کریگا جسکی عطا بسبب کثرت کے اور سخیونکی عطا کو خوار کرتی ہی۔ اور ممدوح کی تعریف وہ شخص کریگا جسکی ستائش اور لوگون کی ستائش کو بیقدر کرتی ہی یعنی مین کہ میری ستائش سب سے بڑھکر ہی۔

فَاِنَّكَ مَا مَرَّ النُّحُوْسُ بِكَوْكَبٍ ۔۔۔ وَقَابَلْتَهٗ اِلَّا وَوَجْهُكَ سَعْدُهٗ

ترجمہ کیونکہ تو ایسے حال مین ہی کہ نحوست کسی شخص کے ستارے کے سامنے نہین ہوتی ہی اور تو اُسکے سامنے آجاوے۔ مگر تیرا چہرہ اُسکے لئے سعادت ہوجاتا ہی یعنی تو منحوس کو مسعود کردیتا ہی۔

واتصل قوم من الغلمان بابن الاخشیدی مولی کافور واراد وا ان یفسدوا الامر علی الاسود فطالبہ بتسلیمہم الیہ فسلمہم واصطلحا فقال

حَسَمَ الصُّلْحُ مَا اشْتَهَتْهُ الْاَعَادِیْ ۔۔۔ وَاَذَاعَتْهُ اَلْسُنُ الْحُسَّادِ

ترجمہ صلح نے اُس فساد کو قطع کردیا جسکو دشمنون نے چاہا تھا اور حاسدین کی زبانون نے اُسے مشہور کیا تھا۔

وَاَرَادَتْهُ اَنْفُسٌ حَالَ تَدْبِيْرُكَ مَا بَيْنَهَا وَبَيْنَ الْمُرَادِ	

ترجمہ اور صلح نے اس فساد کو قطع کر دیا جسکا بہت سے مفسد آدمیون نے ارادہ کیا تھا اور تیری تدبیر دشمنون مین اور اُنکے مقصد مراد مین حائل ہوگئی یعنی تیری تدبیر نے اُنکے ارادے پورے نہونے دیئے۔

مِنْ عِتَابٍ زِيَادَةً فِي الْوِدَادِ	صَارَ مَا اَوْضَعَ الْمُخِبُّوْنَ فِيْهِ

الایضاع اسرع الابل۔ والخبب ضرب من العدو ترجمہ وہ فساد جسکے بڑھانے مین دشمنان جلد بازنے شتابی کی تھی وہ بسبب زیادتی دوستی کا ہوگیا تیج ہی الوداد بعد العتاب اصفٰی وما احسن قول القائل ؎

محبت را پس از قطع محبت لذتے باشد ✤ کہ شاخ نخل پیوندی بار اول ثمر دارد

وَكَلَامُ الْوُشَاةِ لَيْسَ عَلَى الْاَحْبَابِ سُلْطَانُهُ عَلَى الْاَضْدَادِ	

ترجمہ اور غمازون کے کلام کو دوستو پر ایسا اثر و غلبہ نہین ہوتا جیسا دشمنون پر وجہ اسکی اگلے شعر مین ہی۔

ءِ اِذَا صَادَفَتْ هَوًى فِي الْفُؤَادِ	اِنَّمَا تَنْجَحُ الْمَقَالَةُ فِي الْمَرْ

ترجمہ کوئی گفتگو مرد پر کامیاب و موثر نہین ہوتی مگر جبکہ وہ خواہش قلب کے موافق ہو۔

فَاُلْفِيْتَ اَوْثَقَ الْاَطْوَادِ	وَلَعَمْرِيْ لَقَدْ هُزِزْتَ بِمَا قِيْلَ

الاطواد جمع طود وهو الجبل العظيم۔ والفيت وجدت ترجمہ اور اپنی زندگی کی قسم تو بسبب اُن باتون کے جو تجھسے کہی گئین سخت ہلایا گیا سو تو تمام بڑے پہاڑون سے زیادہ مستحکم پایا گیا یعنی تجھ پر غمازی کا کچھ اثر نہین ہوا۔

كُنْتَ اَهْدٰى مِنْهَا اِلَى الْاِرْشَادِ	وَاَشَارَتْ بِمَا اَبَيْتَ رِجَالٌ

ترجمہ اُس چیز کا جسکا تونے انکار کیا یعنی جنگ کا بہت لوگون نے اشارہ کیا جسمے تو زیادہ راہ ہدایت پر تھا کہ اُنکا کہا نہ مانا۔

قَدْ يُصِيْبُ الْفَتَى الْمُشِيْرُ وَلَمْ يَجْهَدْ وَيُشْوِي الصَّوَابَ بَعْدَ اجْتِهَادِ	

راه فاشواه اذا لم يصب ترجمہ جوان مشورہ دہندہ کبھی بے اجتہاد صواب کو پہنچتا ہی اور کبھی بعد اجتہاد بھی خطا کرتا ہے۔ یعنی اول ہی دفعہ جو تونے صلح پسند کی اور لوگون کے کہنے پر عمل نکیا وہ ہی درست نکلا۔

نِلْتَ مَا لَا يُنَالُ بِالْبِيْضِ وَالسُّمْرِ وَصُنْتَ الْاَرْوَاحَ فِي الْاَجْسَادِ	

ترجمہ تونے وہ مطلب حاصل کیا جو صیقل دار تلوار اور گندم گون نیزونکے استعمال سے حاصل نہین ہوتا اور تونے ارواح کو اجسام مین نگاہ رکھا یعنی کشت وخون سے بچایا۔

وَقَنَا الْخَطِّ فِي مَرَاكِزِهَا حَوْلَكَ وَالْمُرْهَفَاتُ فِي الْاَغْمَادِ	

ترجمہ اور نیزے خطی اپنے گڑنیکے جگھو مین تیرے گرد و پیش ہے اور شمشیرہائے بران اپنے میانون مین اور باینہمہ تو کامیاب ہوا

سَاكِنًا اَنَّ رَايَةً فِي الطِّرَادِ	مَا دَرَوْا اِذْ رَاَوْا فُؤَادَكَ فِيْهِمْ

ترجمہ اُن لوگون نے بجانا جب تیرا دل ساکن دیکھا کہ تیری رائے جنگ مین ہو یعنی تو تدابیر جنگ اور اُسکے عیب اور صواب کو سوچتا ہو کہ کون بہتر ہو۔

نقد ارأیت الذی لم تفدہ	کل رأی معلم مستفاد

ترجمہ سو تیری رائے پر جو کسی سے تو نے حاصل نہین کی بلکہ سرشتی ہو ہزار سیکھی ہوئی حاصل کی ہوئی یعنی اور دُکی قربان د

واذا الحلم لم یکن فی طباع	لم یحلم تقادم المیلاد

ترجمہ اور جبکہ حلم کسی سرشت مین نہووے تو پہلے پیدا ہوتا یعنی کلانی عمر مرد کو بردبار نہین کرتی۔

فبھذا ومثلہ سدت یا کافور واقتدت کل صعب القیاد

ترجمہ سو اسی معاملہ حال اور اُسکے مثل کے سبب تو ای کافور سردار ہو گیا اور ہر صعب الطاعۃ کو تو نے مطیع کر لیا۔

واطاع الذی اطاعک والطا	عۃ لیست خلائق الآساد

(الاخلاق)

ترجمہ اور تیری تابعداری کی اُن لوگون نے جو بہادری مین مثل شیر ہین اور طاعت شیرون کی خصلت نہین ہوتی مگر یہ کام تیرے حسن تدبیر سے میسر ہو گیا۔

انما انت والد والاب القاطع	احنی من واصل الاولاد

ترجمہ تو اپنے خواجہ زادہ کا بمنزلہ پدر ہی کیونکہ تو نے اُسکی پرورش کی ہو اور باپ قاطع الرحم واصل الرحم اولاد سے زیادہ مہربان ہوتا ہی۔

لا عدا الشر من بغی لکما الشر وخص الفساد اھل الفساد

ترجمہ بطور بددعائے دشمنان کہتا ہی کہ جو شخص تم دونون مین شر چاہے اُس سے بدی جدا نہووے اور فساد اُن لوگون کے ساتھ خاص رہے جو مفسد ہین۔

انتما ما اتفقتما الجسم والرو	ح فلا احتجتما الی العواد

ترجمہ تم دونون جب تلک متفق رہو جسم اور روح کے مانند ہو یعنی بحالت اتفاق تندرست رہوگے اور طبیب اور بیمار پرسی سے مستغنی رہوگے۔ سو خدا کرے کہ تم عیادت گردن کے محتاج نہو ہمیشہ صحیح و سالم رہو۔

واذا کان فی الانابیب خلف	وقع الطیش فی صدور الصعاد

الصعاد جمع صعدۃ وہی القناۃ المستقیمۃ۔ والطیش الخفۃ۔ والانابیب جمع انبوب ترجمہ اور جبکہ پوریون مین اختلاف ہوگا تو سیدھے نیزونکے سینون مین کجی واقع ہو جاویگی یہ بطور مثل ہی یعنی اختلاف رائے خدام باعث تنازع سرداران ہوتا ہی۔ ابن جنی کہتا ہی کہ اگر بجائے صدور روس کہتا تو بہتر ہوتا کیونکہ خفت اور کجی اُس مین معلوم ہوتی ہی اور بسبب بلندی کے رئیس کے زیادہ مناسب ہی۔

أَشْمَتَ الْخُلْفُ بِالشُّرَاةِ عِدَاهَا	وَشَفَى رَبَّ فَارِسٍ مِنْ إِيَادِ

الشراۃ ہم الخوارج سموا انفسہم بہذا الاسم یعنون انہم اشتروا انفسہم من اللہ بالقتال فی دینہ۔ وعدا جمع عدو و رب فارس ہو سابور ذوالاکتاف۔ وایاد مکسورا حی من معد ترجمہ اختلاف باہمی خوارج نے اُنکے دشمنوں کے یعنے مہلب بن ابی صفرہ اور اُس کے گروہ کو خوش کیا یعنے مہلب خوارج پر غالب نہین آسکتا تھا جب کسی تدبیر سے اُنین اختلاف ڈالدیا اور وہ آپسین لڑکرکٹ مرے اور اُنکا مجمع کم ہوگیا تو اُس پر غالب آگیا اور اختلاف نے فارس کے بادشاہ سابور کو قوم ایاد سے شفا دی یعنے یہ قوم اُسکے لئے بمنزلہ مرض تھی جب وہ مختلف ہوکر تتر بتر ہوگئے تو سابور امن چین مین ہوگیا اور دشمنون سے خوب انتقام لیا۔

وَتَوَلَّى بَنِي الْيَزِيدِيِّ بِالْبَصْرَةِ حَتَّى تَمَزَّقُوا فِي الْبِلَادِ

الضمیر فی تولی للخلف وبنی الیزیدی مفعولہ ترجمہ اور بنی یزیدی کا انتقام بصرہ اختلاف والی و مالک ہوگیا یہانتک کہ وہ لوگ شہرون مین متفرق ہوگئے۔ ابنا یزیدی سے مراد ابوالحسن و ابو عبداللہ و ابو یوسف ہین جو بصرہ پر چڑھ گئے اور ابن واثق عامل خلیفہ کو وہان سے خارج کردیا اور بصرہ کے مالک ہوگئے مگر جب اُن مین اختلاف ہوا تو اُن کی سلطنت جاتی رہی۔

وَمُلُوكًا كَأَمْسِ فِي الْقُرْبِ مِنَّا	وَكَطَسْمٍ وَأُخْتِهَا فِي الْبِعَادِ

نصب ملوکا بتولی۔ وطسم واختہا جدیس قبیلتان من عاد ترجمہ اور اختلاف مالک ہوگیا اُن بادشاہونکا جنکا زمانہ ہم سے ایسا قریب ہی جیسا گذشتہ کل یعنے دیروز اور اُن بادشاہو نکو جنکو گذرے ہوئے بہت روز ہوگئے جیسے قبائل طسم و جدیس یعنے یہ تمام لوگ بسبب اختلاف باہمی تباہ ہوگئے۔

بِكُمَا بِتُّ عَائِذًا فِيكُمَا مِنْهُ	وَمِنْ كَيْدِ كُلِّ بَاغٍ وَعَادِ

بکما ای لاجلکما۔ العادے الظالم ترجمہ تمہارے نفع کے لئے مین نے ایسے حال مین رات گذاری کہ خدا سے پناہ مانگنے والا تھا تمہارے دونون کے معاملہ مین اختلاف باہمی اور فریب ہر باغی وظالم سے۔

وَبِلُبَّيْكُمَا الْأَصِيلَيْنِ أَنْ تَفْرُقَ صُمُّ الرِّمَاحِ بَيْنَ الْجِيَادِ

ترجمہ اور مینے خدا سے پناہ مانگی اس امر سے کہ تم دونون کی ثابت اور مستحکم رائے مین اختلاف واقع ہو یہان تک کہ ٹھوس نیزے عمدہ گھوڑون مین متفرق ہوجاوین اور میدان جنگ قائم ہوجاوے۔

أَوْ يَكُونَ الْوَلِيُّ أَشْقَى عَدُوٍّ	بِالَّذِي تَذْخَرَانِهِ مِنْ عَتَادِ

یکون منصوب عطف علے تفرق۔ والباء متعلقۃ باشقے۔ ومن عتاد متعلق بتذخرانہ

والمولی الحب الموالی۔ والعنا والعدۃ والاہبۃ ترجمہ اور خدا کی پناہ ہو اس سے کہ دلی دوست کم بخت دشمن ہو جاوے اُن ہتھیارون کے اور سامان حرب کے سبب جنکا تم ذخیرہ کرتے ہو یعنی تم مین وہ ہتھیار جو دشمنون کے لئے جمع کئے گئے ہین نکل پڑین اور ایک دوسرے کو قتل کرنے لگو۔

هَلْ يَسُرَّنَّ بَاقِيًا بَعْدَ مَاضٍ	مَا تَقُوْلُ الْعُدَاةُ فِي كُلِّ نَادِ		

ترجمہ جو دشمن ہر محفل مین کہین گے وہ کیا اُس شخص کو خوش کریگا جو تم مین سے بعد مرنے والیکے زندہ رہے گا۔

مَنَعَ الْوُدُّ وَالرِّعَايَةُ وَالسُّؤْ	دُدُ أَنْ تَبْلُغَا إِلَى الْأَحْقَادِ

ترجمہ دوستی اور حفظ عہود اور سیادت یہ تینون چیزین تم دونون کو باہمی بغض اور کینونسے مانع ہوئین۔

وَحُقُوقٌ تُرَقِّقُ الْقَلْبَ لِلْقَلْبِ	وَلَوْ ضُمِّنَتْ قُلُوبَ الْجَمَادِ

ترجمہ اور بغض اور عداوت سے تمکو وہ حقوق مانع ہوئے جو تیرے دلکو اُسکے لئے اور اُسکے دلکو تیرے لئے نرم کرتے ہین اگرچہ وہ سنگہائے سخت کے قلوب مین رکھے جائین یعنی تو نے اپنے خواجہ زادہ کو پدرانہ پرورش کیا اور اُسکے ملک کی حفاظت کی یہ ایسی باتین ہین جو تمہارے دلون کو باہم نرم کردین اگرچہ کیسے ہی سخت ہون۔

نَعِدُ الْمُلْكَ بَاهِرًا مَنْ أَتَاهُ	شَاكِرًا مَا أَتَيْتُمَا مِنْ سَدَادِ

الباہر الغالب۔ والسداد بالفتح الاستقامۃ والصواب ترجمہ سو تمہاری صلح کے سبب تمہاری سلطنت اُس شخص پر غالب ہوگئی جو اُس سے مقابلہ کو آوے اور وہ سلطنت تمہاری روبراہی اور درستی واستقامت کی شکرگزار ہو کہ تم نے خونریزی نہونے دی۔

نِيْطَ أَيْدِيْكُمَا عَلَى الظَّفَرِ الْحُلْوِ وَأَيْدِي قَوْمٍ عَلَى الْأَكْبَادِ

ترجمہ اُس صلح مین تم دونوکے ہاتھ فتح شیرین وعمدہ پر ہین اور قوم مفسد کے ہاتھ اُنکے سینون پر تاکہ پھٹ نجاوین۔

هٰذِهِ دَوْلَةُ الْمَكَارِمِ وَالرَّأْ	فَةِ وَالْمَجْدِ وَالنَّدَى وَالْأَيَادِ

ترجمہ تم دونون کی سلطنت عمدہ کامون اور شرف اور سخا اور نعمتون کی سلطنت ہو نہ لڑائی دنگے کی۔

كَسَفَتْ سَاعَةً كَمَا تَكْسِفُ الشَّمْسُ وَعَادَتْ وَنُوْرُهَا فِي ازْدِيَادِ

ترجمہ تمہاری دولت کو ایک ساعت گرہن لگ گیا تھا جیسا سورج گہا کرتا ہی اور پھر لوٹی ایسے حال مین کہ اُس کا نور ترقی پر تھا۔

يَزْحَمُ الدَّهْرَ رُكْنُهَا عَنْ أَذَاهَا	بِفَتًى مَارِدٍ عَلَى الْمُرَّادِ

المارد العاتی ترجمہ اس دولت کی قوت وسعادت زمانہ کو اپنی تکلیف دینے سے بذریعہ ایک جوانمرد کے جو سرکشون پر سرکش ہی روکتی ہی یعنی بذریعہ کافور کے جو کسی سرکش سے نہین دبتا بلکہ اُسکو دبالیتا ہی۔

مُتْلِفٍ مُخْلِفٍ وَفِيٍّ أَبِيٍّ ۔ عَالِمٍ حَازِمٍ شُجَاعٍ جَوَادِ

ترجمہ کیسا جوان مرد اموال کا تلف کرنیوالا یعنی سخی جب اُسکا مال خرچ ہو جاوے تو بذریعہ سیف دشمنوں کا مال چھین کر اُس کی جگہ رکھدے۔ وعدہ وفا کرنیوالا۔ ذلت سے انکار کرنیوالا۔ عالم۔ ہوشیار۔ بہادر۔ سخی۔

أَجْفَلَ النَّاسُ عَنْ طَرِيقِ أَبِي الْمِسْكِ وَذَلَّتْ لَهُ رِقَابُ الْعِبَادِ

ترجمہ دشمن لوگ کافور کی راہ سے چھپت ہوگئے اور اُس سے معارضہ نکر سکے اور بندگان خدا کی گردنیں اُسکی مطیع ہوگئیں۔

كَيْفَ لَا يُتْرَكُ الطَّرِيقُ لِسَيْلٍ ۔ ضَيِّقٍ عَنْ أَتِيِّهِ كُلُّ وَادِ

الاتی السیل الذی یاتی من موضع الی موضع ترجمہ راہ کیونکر چھوڑی نجاوے اُس سیل کے لئے کہ اُسکی کثرت آمد سے ہر کھالہ و نالہ تنگ ہوا اور اُنمیں سما نسکے۔

وقال یہجوہ قبل مسیرہ من مصر بیوم واحد سنۃ ست و اربعین و ثلثمائۃ

عِيدٌ بِأَيَّةِ حَالٍ عُدْتَ يَا عِيدُ ۔ بِمَا مَضَى أَمْ لِأَمْرٍ فِيكَ تَجْدِيدُ

ترجمہ آج عید ہی پھر عید کی طرف مخاطب ہو کر پوچھتا ہی کہ کس حال سے ای عید تو ہمارے پاس لوٹی ہی مثل سال گذشتہ یا کوئی تجھ مین نئی بات ہی۔

أَمَّا الْأَحِبَّةُ فَالْبَيْدَاءُ دُونَهُمُ ۔ فَلَيْتَ دُونَكَ بِيدًا دُونَهَا بِيدُ

البیداء الفلاۃ جمعہا بید لانہ تبید من سلکہا ترجمہ گر دوست سو اُنکا یہ حال ہی کہ اُنسے ورے جنگل مہلک حائل ہی کاش تجھے ورے بہت سے صحرا حائل ہوتے اُنسے ورے نہوتے۔ غرض یہ ہی کہ مین ایسی عید سے خوش نہین ہون اس صورت مین ضمیر دونہا کی احبہ کی طرف راجع ہوئی۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ یہ ضمیر بید کی طرف پھیری جاوے اس صورت مین یہ معنی ہونگے کاش تجھے ورے بہت سے ایسے جنگل حائل ہون کہ اُنسے ورے اور جنگل ہون یعنی مجھین اور تجھین ای عید اُس فاصلہ سے دونا فاصلہ حائل ہو جو مجھین اور میرے دوستونمین ہی غرض اظہار نفرت عید ہی

لَوْلَا الْعُلَى لَمْ تَجُبْ بِي مَا أَجُوبُ بِهَا ۔ وَجْنَاءُ حَرْفٌ وَلَا جَرْدَاءُ قَيْدُودُ

الجوب القطع۔ والوجناء الناقۃ العظیمۃ الوجنات او الغلیظۃ الخلق۔ والحرف الناقۃ الضامرۃ۔ والقیدود الطویلۃ ترجمہ اگر طلب بلند نامی نہوتی تو یہ جو مسافت بعیدہ جنگل مین قطع کر رہا ہون ناقہ مضبوط لاغر اور اسپ کوتاہ مو طویل اُسکو مجھسے قطع نکراتے یعنی یہ ساری محنت طلب معالی کے لئے ہی۔

وَكَانَ أَطْيَبَ مِنْ سَيْفِي مُضَاجَعَةً ۔ أَشْبَاهُ رَوْنَقِهِ الْغِيدُ الْأَمَالِيدُ

رونق السیف بیاضہ ونقائہ۔ والغید الناعمات مثل الاملید ترجمہ اگر طلب معالی نہوتی تو زنان نازک اندام درخشندہ روی مشابہ براقی شمشیر میرے عمدہ ہمخواب ہوتین مگر اب جو مینے شمشیر کی ہمخوابی بجائے معشوقون کے پسند کرلی ہی

صرف بغرض طلب بلند نامی کے ہی۔

لَمْ يَتْرُكِ الدَّهْرُ مِنْ قَلْبِي وَلَا كَبِدِي	شَيْئًا تُتَيِّمُهُ عَيْنٌ وَلَا جِيدُ

تیمہ الحب عبدہ وذللہ ترجمہ زمانہ نے میرے دل وجگر سے کچھ نہین چھوڑا جس کو معشوقون کی آنکھ و گردن اپنا غلام بنالے۔

يَا سَاقِيَيَّ أَخَمْرٌ فِي كُؤُوسِكُمَا	أَمْ فِي كُؤُوسِكُمَا هَمٌّ وَتَسْهِيدُ

ترجمہ ای میرے دونون شراب پلانیوالو کیا تمھارے پیالون مین شراب ہی یا اُنین غم اور بیداری ہی یعنے تمھاری شراب بجائے سرور مجکو بیخوابی اور غم بڑھاتی ہی بسبب مفارقت احباب کے۔

أَصَخْرَةٌ أَنَا مَا لِي لَا تُحَرِّكُنِي	هَذِي الْمُدَامُ وَلَا هَذِي الْأَغَارِيدُ

الاغارید صوت الغنا ترجمہ کیا مین سخت سنگ ہون مجکو کیا ہوگیا ہی کہ یہ شراب اور یہ راگ مجکو کچھ حرکت نہین دیتے۔

إِذَا أَرَدْتُ كُمَيْتَ الْخَمْرِ صَافِيَةً	وَجَدْتُهَا وَحَبِيبُ النَّفْسِ مَفْقُودُ

الکمیت من اسماء الخمر لما فیہا من سواد وحمرۃ ترجمہ جب مین بھورے رنگ کی شراب چاہتا ہون تو وہ فوراً ملجاتی ہی مگر شراب لیکر کیا کرون ایسے حال مین کہ دلی دوست گم ہو یعنی احباب یا شرف ومجد۔

مَاذَا لَقِيتُ مِنَ الدُّنْيَا وَأَعْجَبُهَا	أَنِّي بِمَا أَنَا بَاكٍ مِنْهُ مَحْسُودُ

ترجمہ مین نے دنیا سے کیا کیا عجیب چیزین دیکھی ہین اور سب سے عجیب تر یہ ہی کہ مین جس شئی سے روتا ہون اُسی پر حسد کیا گیا ہون یعنی مین کافور اسکے بخل سے روتا ہون اور اور شاعر میرے اُس سے قرب پر حسد کرتے ہین۔

أَمْسَيْتُ أَرْوَحَ مُثْرٍ خَازِنًا وَيَدًا	أَنَا الْغَنِيُّ وَأَمْوَالِي الْمَوَاعِيدُ

خازنا ویدا منصوبان علی التمیز۔ والمثری الغنی ترجمہ مین بڑا راحت مند تونگر بلحاظ خزانچی اور ہاتھ کے ہوگیا۔ مین مالدار ہون اور میرے اموال کافور کے وعدے ہین۔ یعنی کافور مجکو کچھ دیتا نہین صرف جھوٹے وعدے کرکے نرے گوڑے پیٹ بھرتا ہی اس لئے میرے خزانچی اور میرے ہاتھ کو کچھ حفاظت کی تکلیف نہین ہی دونون آرام سے ہین۔

إِنِّي نَزَلْتُ بِكَذَّابِينَ ضَيْفُهُمُ	عَنِ الْقِرَى وَعَنِ التَّرْحَالِ مَحْدُودُ

محدود ممنوع ومنہ الحدود لانہا تمنع المحدود من المعاصی ترجمہ مین ایسے جھوٹون مین فروکش ہون کہ اُنکا مہمان مہمانی اور کوچ سے روکا گیا ہی یعنی وہ مہمان کو نہ کچھ دیتے ہین اور نہ اُسکو جانے دیتے ہین۔

جُودُ الرِّجَالِ مِنَ الْأَيْدِي وَجُودُهُمُ	مِنَ اللِّسَانِ فَلَا كَانُوا وَلَا الْجُودُ

ترجمہ مردونکی بخشش بذریعہ ہاتھون کے ہوتی ہی اور ان جھوٹون کی عطا زبانی وعدے سو خدا کرے کہ نہ وہ رہین

اور نہ اُنکی جھوٹی بخشش۔ دونون جاتی رہین۔

مَا يَقْبِضُ الْمَوْتُ نَفْسًا مِنْ نُفُوسِهِمْ	إِلَّا وَفِي يَدِهِ مِنْ نَتْنِهَا عُودُ

ترجمہ موت کوئی جان اُنکی جانون مین سے قبض نہین کرتی مگر ایسے حال مین کہ اُس جان کی بو بد کے سبب موت کے ہاتھ مین لکڑی ہوتی ہی اُسکے ذریعہ سے قبض روح کرتی ہی جیسے ناپاک چیز کو بذریعہ لکڑی اُٹھاتے ہین۔

مِنْ كُلِّ رِخْوٍ وِكَاءِ الْبَطْنِ مُنْفَتِقٍ	لَا فِي الرِّجَالِ وَلَا النِّسْوَانِ مَعْدُودُ

الوکار ماتشد بہ القربۃ۔ والمنفتق الموسع لکثرۃ لحمہ کانہ انشق ترجمہ وہ کافور اُن لوگون مین سے ہی جنکے شکم کا تسمہ ڈھیلا ہی یا شکم کو روک نہین سکتا گویا اُسکا شکم پھٹا ہوا ہی نہ وہ مردون مین شمار کیا جاتا ہی نہ عورتون مین یعنے وہ نہ آلہ رجولیت رکھتا ہی نہ مکان مخصوص زنان۔

أَكُلَّمَا اغْتَالَ عَبْدُ السُّوءِ سَيِّدَهُ	أَوْ خَانَهُ فَلَهُ فِي مِصْرَ تَمْهِيدُ

اغتال اہلک وقتل غیلۃ ترجمہ کیا جب کوئی بد غلام اپنے مولی کو ناگاہ قتل کریگا یا اُسکی خیانت کریگا تو اُسکا کام مصر مین درست و راست ہو جاویگا۔ یعنی مصریون سے تعجب ہی کہ ایسے خائن و غدار غلام کو اپنا سردار بنا رکھا ہی۔ یہان استفہام انکاری ہی یعنی ایسا نہونا چاہیے۔

صَارَ الْخَصِيُّ إِمَامَ الْآبِقِينَ بِهَا	فَالْحُرُّ مُسْتَعْبَدٌ وَالْعَبْدُ مَعْبُودُ

مستعبد مذلل ومعبود مطاع ترجمہ خصی مصر مین سب غلامان گریختہ کا پیشوا ہو گیا سو اب وہان آزاد شخص تو ذلیل ہی اور غلام واجب الاطاعت۔

نَامَتْ نَوَاطِيرُ مِصْرٍ عَنْ ثَعَالِبِهَا	فَقَدْ بَشِمْنَ وَمَا تَفْنَى الْعَنَاقِيدُ

النواطیر جمع ناطر وہو الذی یحفظ الکرم والنخل ترجمہ نگہبانان مصر اپنی یا اُسکی لومڑیون سے غافل ہو گئے اور اُنھون نے اس کثرت سے میوے کھائے کہ اُنکا دل کھانے سے بھر گیا اور اُس سے اُنکو نفرت ہو گئی اور خوشہ ہائے انگور تمام نہین ہوتے۔ نگہبانون سے مراد سردار لوگ اور لومڑیون سے اراذل ہین۔

الْعَبْدُ لَيْسَ لِحُرٍّ صَالِحٍ بِأَخٍ	لَوْ أَنَّهُ فِي ثِيَابِ الْحُرِّ مَوْلُودُ

ترجمہ غلام عمدہ آزاد کا بھائی نہین ہو سکتا ہی اگرچہ غلام آزاد کے کپڑون اور لباس مین پیدا کیا جائے کافور کے خواجہ زادہ کو برانگیختہ کرتا ہی کہ کافور اگرچہ اظہار دوستی کرے مگر وہ قابل اعتبار نہین۔

لَا تَشْتَرِ الْعَبْدَ إِلَّا وَالْعَصَا مَعَهُ	إِنَّ الْعَبِيدَ لَأَنْجَاسٌ مَنَاكِيدُ

مناکید جمع منکود ترجمہ غلام نخرید مگر اس حالمین کہ چوب تعلیم اُس کے ساتھ خریدے۔ بیشک غلام لوگ سرشت کے ناپاک اور بے خیر ہوتے ہن۔ بے مارے کام نہین دیتے۔

مَاكُنْتُ اَحْسِبُنِي اَبْقٰى اِلٰى زَمَنٍ	يُسِيْئُ بِيْ فِيْهِ كَلْبٌ وَهُوَ مَحْمُوْدُ

ترجمہ مین اپنی نسبت یہ گمان نہین کرتا تھا کہ اُس زمانہ تلک زندہ رکھا جاؤنگا کہ میرے ساتھ ایک کتا برائی کرے گا اور اسپر بھی وہ میرا ممدوح ہوگا یعنی باوجود اسکے کہ وہ قابل مذمت ہو مجکو اُسکی ستائش کرنیکی حاجت ہوگی۔

وَلَا تَوَهَّمْتُ اَنَّ النَّاسَ قَدْ فُقِدُوْا	وَاَنَّ مِثْلَ اَبِي الْبَيْضَاءِ مَوْجُوْدُ

ترجمہ اور مجکو اسکا وہم بھی نہ تھا کہ عمدہ لوگ گم کئے گئے اور یہ کہ مثل ابے البیضاء کے موجود ہی کافور کو ابو البیضاء بطور تمسخر کہا

وَاَنَّ ذَا الْاَسْوَدَ الْمَثْقُوْبَ مِشْفَرُهُ	تُطِيْعُهُ ذِي الْعَضَارِيْطُ الرَّعَادِيْدُ

العضاریط الاتباع۔ والرعادید جمع رعدید وہو الجبان وذی مخفف ہذی ترجمہ اور یہ بھی وہم تھا کہ اس حبشی سوراخ ہونٹھ بندھے ہوئے کی یہ بے قدر ڈرپوک اطاعت کرینگے اور اُسکو اپنا سردار بنالین گے۔

جَوْعَانُ يَاكُلُ مِنْ زَادِيْ وَيُمْسِكُنِيْ	لِكَيْ يُقَالَ عَظِيْمُ الْقَدْرِ مَقْصُوْدُ

ترجمہ وہ بھوکا ہی کہ باوجود بسیار خواری کے سیر نہین ہوتا اور میرے توشہ سے کھاتا ہی اور مجکو روک کھا ہی اور جانے نہین دیتا تاکہ لوگ کہین کہ کافور بلند قدر ہی اور متنبے جیسے نامور شخص اُسکا قصد رکھتے ہین۔ میرے توشہ سے کھاتا ہی اسکے یہ معنی کہ مینے اُسکو بڑا دیا ہی جس سے وہ کھاتا ہی۔ اور بعض کہتے ہین کہ کافور نے متنبے کے واسطے چندہ کیا تھا اور وہ سب آپ ہی رکھ لیا۔ اور یہ بھی کہتے ہین کہ متنبے مدت قیام مین اپنے پاس سے کھاتا تھا اور کافور نے اُسکو کچھ نہین دیا تھا باایں ہمہ اُسے رخصت نہین کرتا تھا تو گویا کافور متنبے کا توشہ کھاتا تھا۔

اِنَّ امْرَءًا اَمَةٌ حُبْلٰى تُدَبِّرُهُ	لَمُسْتَضَامٌ سَخِيْنُ الْعَيْنِ مَفْئُوْدُ

المفؤد الذی لافواد لہ۔ ترجمہ بیشک وہ شخص کہ ایک چھوکری حاملہ اُسکی پرورش کرتی ہو وہ بیشک مظلوم گرم چشم یعنی بیچین بیدل ہی۔ خواجہ زادہ کافور کو ترغیب سرکشی دیتا ہی۔

وَيْلُمِّهَا خُطَّةً وَيْلُمِّ قَابِلِهَا	لِمِثْلِهَا خُلِقَ الْمَهْرِيَّةُ الْقُوْدُ

ویلمہا بضم اللام وکسرہا یرید ویل لامہ فحذف لکثرتہ فی الکلام۔ یقال عند التعجب من الشی ویلمہ۔ ومنہ قول النبی صلی اللہ علیہ وسلم لابی بصیر ویلمہ مسعر حرب والمہریۃ منسوبۃ الی مہرۃ بن حیدان بطن من قضاعۃ۔ والقود الطوال الطویل الظہر والعنق ترجمہ کتنا عجب ہی یہ قصہ اور کیسا عجیب ہی وہ شخص جو اس قصہ کو قبول کرے ایسے ہی قصہ کے لئے یعنی کافور کے پاس سے بھاگنے کے لئے ناقہ نسل مہر یہ دراز گردن دشت پیدا کی گئی ہین کہ اُسکے ذریعہ سے اُس سے جلد دور ہوجائے۔

وَعِنْدَهَا لَذَّ طَعْمَ الْمَوْتِ شَارِبُهُ	اِنَّ الْمَنِيَّةَ عِنْدَ الذُّلِّ قِنْدِيْدُ

القندید القند والخمر ترجمہ اور ایسی ہی صورت مین موت کے پیالہ پینے والے کو اُسکا ذائقہ اچھا معلوم ہوتا ہی کیونکہ بیشک موت ذلت کے وقت مثل قند شیرین معلوم ہوتی ہی کیونکہ اشراف سے تحمل ذلت نہین ہوسکتا ہی۔

مَنْ عَلَّمَ الْاَسْوَدَ الْمَخْصِيَّ مَكْرُمَةً	اَقَوْمُهُ الْبِيضُ اَمْ اٰبَاؤُهُ الصِّيدُ

البیض الکرام - والصید جمع اصید ہم الملوک العظام ترجمہ حبشی خصی یعنی اختہ کو بزرگی کسنے سکھائی کیا اُسکی قوم سخی یا اُسکے دادون نے جو بادشاہ تھے بیض اور صید بطور استہزار کہتا ہی۔

اَمْ اُذْنُهُ فِي يَدِ النَّخَّاسِ دَامِيَةً	اَمْ قَدْرُهُ وَهْوَ بِالْفَلْسَيْنِ مَرْدُودُ

ترجمہ یا اُسکو بزرگی اُسکے کان نے سکھائی ایسے حال مین کہ وہ بردہ فروش کے ہاتھ مین خون آلودہ تھا یا اُس کے قدر وقیمت نے کہ جو دو پیسونکی زیادتی کے سبب یا دو پیسونکے عوض بسبب گرانی لوٹایا جاتا ہی بسبب اُسکی خست و بدخوئی و بدذاتی کے

اَوْلَى اللِّئَامِ كُوَيْفِيرٌ بِمَعْذِرَةٍ	فِي كُلِّ لُؤْمٍ وَبَعْضُ الْعُذْرِ تَفْنِيدُ

التفنید اللوم وضعف الرائی وکویفیر تصغیر کافور ترجمہ ناکس لوگون مین ہر بخل وخست مین قابل پذیرائی عذر مردک کافوری کیونکہ وہ کمینون کی اولاد ہی جنھون نے اُسے سخاوت وکرم نہین سکھائی پس اُسکا کیا قصور ہی پھر کہتا ہی کہ بعض عذر خست وضعف رای ہوتی ہین یعنی قائم مقام ہجو کے چنانچہ یہ میرا عذر۔

وَذَاكَ اَنَّ الْفُحُولَ الْبِيضَ عَاجِزَةٌ	عَنِ الْجَمِيلِ فَكَيْفَ الْخِصْيَةُ السُّودُ

الخصیۃ جمع خصی کصبیۃ وصبی ترجمہ اور یہ اُسکی معذوری اسوجہ سے ہی کہ سخی نر احسان کرنے سے عاجز ہین پھر کیا حال ہوگا بیچارے کالے خصیونکا مصرعہ اول تعریض ہی اور بادشاہون پر۔

وقال یمدح ابا الفضل محمد بن الحسین بن العمید ویہنیہ بعید النیروز

جَاءَ نَوْرُوزُنَا وَاَنْتَ مُرَادُهْ	وَوَرَتْ بِالَّذِي اَرَادَ زِنَادُهْ

نوروز ونیروز عید من اعیاد المجوس - وورى الزند کنایۃ عن بلوغ المراد ترجمہ ہمارا نوروز آیا اور اُسکے آنیسے اُس کا مطلب تیرا دیکھنا ہی اور جو اُسنے ارادہ کیا تھا اُسکے موافق اُسکی چقماق نے آگ دی یعنی اُسکا مطلب دلی جو تیرا دیکھنا تھا حاصل ہوگیا۔

هٰذِهِ النَّظْرَةُ الَّتِي نَالَهَا مِنْكَ	اِلٰى مِثْلِهَا مِنَ الْحَوْلِ زَادُهْ

ترجمہ یہ نظارہ جو نوروز نے تجھے حاصل کیا ہی سال آیندہ کے نوروز تلک اُسکا توشہ ہی یعنی وہ ایک سال ایسکے سرور مین بجے گا پس یہ گویا اُسکا توشہ ہی سال بھر کے لئے۔

يَنْثَنِي عَنْكَ اٰخِرَ الْيَوْمِ مِنْهُ	نَاظِرٌ اَنْتَ طَرْفُهُ وَرُقَادُهْ

ترجمہ آج آخر روز مین تجھ سے اُسکی وہ آنکھ رخصت ہوگی جسکی تو آنکھ اور خواب ہی یعنے نوروز کے آنکھ کی تو آنکھ و خواب ہو اور اُسکا سبب راحت خلاصہ یہ کہ تجکو دیکھ کر نوروز خنک چشم جاوے گا۔

نَحْنُ فِي اَرْضِ فَارِسٍ فِي سُرُورٍ	ذَا الصَّبَاحُ الَّذِي نَرَى مِيلَادُهْ

ترجمہ ہم سرزمین فارس مین نہایت خوشی مین ہین یہ صبح نوروز جسکو ہم دیکھتے ہین آیندہ نوروز تلک میلاد سرور ہی۔

عَظَّمَتْهُ مَمَالِكُ الْفُرْسِ حَتَّى	كُلُّ أَيَّامِ عَامِهِ حُسَّادُهُ

ترجمہ باشندگان ممالک فارس نے نوروز کو ایسا معظم ٹھرایا ہی کہ تمام سال کے روز اُسپر حسد کرتے ہین۔

مَا لَبِسْنَا فِيهِ الْأَكَالِيلَ حَتَّى	لَبِسَتْهَا تِلَاعُهُ وَوِهَادُهُ

تلاع جمع تلعة وہی ما ارتفع من الارض والوہاد ضدہا ترجمہ ہمنے نوروز مین تاج نہین پہنے جب تلک اُن تاجون کو ٹیکے ٹیلون اور گڑہون نے نہین پہنا یعنی بسبب جوش بہار اونچی ونیچی جگہ پر پھول کھل رہے تھے جو بمنزلہ اُنکے تاج کے ہین

عِنْدَ مَنْ لَا يُقَاسُ كِسْرَى أَبُو سَا	سَانَ مُلْكًا بِهِ وَلَا أَوْلَادُهُ

ظرف متعلق بہ لبسنا۔ کسری ابوساسان ہوملک فارس وقیل لملوک العجم بنو ساسان لہذا ترجمہ ہمنے تاج پہنے اُس شخص کے پاس کہ کسری ابوساسان اور اُسکی اولاد کا ملک اُسکے ملک سے قیاس نہین کیا جاتا۔

عَرَبِيٌّ لِسَانُهُ فَلْسَفِيٌّ	رَأْيُهُ فَارِسِيَّةٌ أَعْيَادُهُ

ترجمہ ممدوح کی زبان عربی اور اُسکی رائے حکیمانہ اور اُسکی عیدین فارسی ہین مثل نوروز و مہرجان کے۔

كُلَّمَا قَالَ نَائِلٌ أَنَا مِنْهُ	سَرَفٌ قَالَ آخَرٌ ذَا اقْتِصَادُهُ

ترجمہ جب کہ ایک عطا کہتی ہی کہ مین منجانب ممدوح اسراف ہون یعنی وہ آپکو بڑا شمار کرتی ہی تو دوسری عطا کہتی ہی کہ یہ تو اُسکی میانہ روی ہی۔ یعنی وہ اول عطائے کثیر دیتا ہی جو اسراف معلوم ہوتی ہی بعد اُسکے اُس سے اکثر دیتا ہی کہ عطائے سابق اُسکی نسبت میانہ روی معلوم ہوتی ہی خلاصہ یہ ہی کہ اُسکی عطا ہردم متزاید رہتی ہی۔

كَيْفَ يَرْتَدُّ مَنْكِبِي عَنْ سَمَاءٍ	وَالنِّجَادُ الَّذِي عَلَيْهِ نِجَادُهُ

ترجمہ کسطرح میرا شانہ آسمان سے رکے اور گھٹے حال آنکہ وہ پرتلہ جو اُس شانہ پر ہی ممدوح کا پرتلہ ہی یعنی مجکو یہ فخر حاصل ہوا تو مین آسمان سے کندھے سے کندھا ملا کر چلتا ہون اُس سے دبتا نہین ہون۔

قَلَّدَتْنِي يَمِينُهُ بِحُسَامٍ	أَعْقَبَتْ مِنْهُ وَاحِدًا أَجْدَادُهُ

ترجمہ ممدوح کے دست راست نے میری ایسی بے مثل تلوار لٹکا دی ہی اور عطا کی ہی کہ اُس تلوار کے دادون نے اُسکو یک و تنہا چھوڑا تھا۔ تلوار کے اجداد سے مراد وہ کانین ہین جنمین عمدہ لوہا پیدا ہوتا ہی یعنی وہ تلوار ایسی اصیل جوہردار لوہے کی تھی کہ اُس قسم کا لوہا کانون مین اور پیدا نہین ہوا پس وہ بیمثل و بے نظیر ہی۔

كُلَّمَا اسْتُلَّ ضَاحَكَتْهُ إِيَاةٌ	تَزْعُمُ الشَّمْسُ أَنَّهَا أَرْآدُهُ

ایاۃ الشمس ضوءہا۔ والارآد جمع راد وہو الضوء او جمع رید وہو الترب ترجمہ جب وہ سونتی جاتی ہی تو سورج کی روشنی اُس کے مشابہ ہوتی ہی یا اُس سے ہنستی ہی اور آفتاب خیال کرتا ہی کہ میری روشنی اس روشنی کے مثل یا ہمزاد ہے۔

ارآد کو جمع لایا باوجودیکہ ایاۃ واحد ہی اس خیال سے کہ جب شمشیر برہنہ ہوتی ہی اسی وقت روشنی ہوتی ہی پس جمع باعتبار افراد روشنی ہی۔

مَثْلُوْہٗ فِیْ جَفْنِہٖ خَشْیَۃَ الْفَقْدِ فِیْ مِثْلِ اَثْرِہٖ اِغْمَادُہٗ

اثر بفتح الالف وسکون الثار فرند السیف ترجمہ اُسکے بنانے والون نے اُسکے میان پر اس خیال سے کہ وہ نظر سے غائب ہوئے اُسکی تصویر سونے سے کھینچدی ہی تاکہ وہ تصویر قائم مقام اصل شمشیر رہے اور اس تدبیر سے وہ محجوب بالنظر تلوار نظر سے غائب ہو اور ہر وقت پیش نظر رہے سو اُسکا میان مین کرنا اُس چیز مین ہی جو مثل تلوار جوہر دار ہی یعنے اُسکے میان پر بھی مثل شمشیر جوہر بنا دیتے ہین۔

مُنْعَلٌ لَا مِنَ الْحَفَا ذَھَبًا یَحْمِلُ بَحْرًا فِرِنْدُہٗ اَزْبَادُہٗ

النعل حدیدۃ فی اسفل غمد السیف۔ والفرند ماء السیف وجوہرہ ترجمہ اُسکے میان کے اخیر مین سونا لگا ہوا ہی اور یہ نعل سودہ پائی کے سبب نہین ہی بلکہ واسطے آرائش واظہار خوبی شمشیر خلاصہ یہہ کہ اُسکی کو تھی سونے کی ہی۔ اور وہ تلوار بسبب کثرت آبداری کے گویا ایک دریا کو اُٹھائے ہوئے ہی جسکی کف اُس کے جوہر ہین یعنے اُس کے جوہر بمنزلہ کف دریا ہین۔

یَقْسِمُ الْفَارِسَ الْمُدَجَّجَ لَا یَسْلَمُ مِنْ شَفْرَتَیْہِ اِلَّا بِدَادُہٗ

المدجج المغطے بالسلاح۔ والبدادان جانبا السرج ترجمہ وہ تلوار سوار کامل مسلح اور اُسکے زین کو پورے برابر دو ٹکڑے کر دیتی ہی۔ اُسکی دو دھارون سے سوائے کنار زین اور کوئی چیز نہین بچتی۔ کنار زین کے بچنے کی یہ وجہ ہی کہ وہ وسط سے بچا ہوتا ہی۔ ہندی مین دو دھاری شمشیر کو کتی کہتے ہین۔ تلوار صرف ایک دھار سے کاٹتی ہی دونون دھارون کے یہ معنے کہ جس دھار سے چاہے۔

جَمَعَ الدَّھْرُ حَدَّہٗ وَیَدَیْہِ	وَثَنَائِیْ فَاسْتَجْمَعَتْ اٰحَادُہٗ

ترجمہ زمانہ نے ممدوح کے لئے تین یکتا چیزین جمع کر دین۔ ایک تیزی دھار شمشیر اور دوسرے دونون ہاتھ ممدوح کے۔ تیسرے میری تعریف سو زمانہ کی سب یکتا چیزین جمع ہوگئین یعنی شعر جو اُسکی مدح مین ہین وہ بھی یکتا ہین۔

وَتَقَلَّدْتُ شَامَۃً فِیْ نَدَاہُ	جِلْدُھَا مُنْفِسَاتُہٗ وَعِتَادُہٗ

المنفسات الاشیاء النفیسۃ واحدہا منفس۔ والعتاد العدۃ۔ والکنایۃ فی المنفسات والعتاد للممدوح ترجمہ اور مین نے اپنے گلے مین وہ چیز لٹکائی جو اُسکی عطایا مین بمنزلہ خال تھی اور جلد اُس خال کی اُسکی نفیس چیزین اور تمام سامان جو اُس نے بخشا۔ خلاصہ یہ کہ ممدوح نے اُسکو اشیائے نفیسہ مثل گھوڑون اور خلعتون اور ہتھیارون کے ہدیۃً بھیجین سو کہتا ہی کہ یہ سیف اُن سب ہدایا مین ایسی نمایان تھی گویا اُن سب کے جسم کا خال تھا۔

فَمَرَّسْتَنَا سَوَابِقَ كُنَّ فِيهِ	فَارَقْتَ لِبْدَهُ وَفِيهَا طِرَادُهُ

الضمیر فے فیہ عائد الی نداہ فے البیت الاول - والضمیر فے لبدہ وطرادہ للممدوح واراد بالطراد تادیبہ ترجمہ ان عدہ گھوڑون نے جو منجملہ عطا تھے ہکو سواری سکھا دی کیونکہ بوقت عطا گو ممدوح کے زینونسے وہ جدا ہوگئے تھے مگر انین وہ تادیب اور شایستگی جو اُسنے سکھائی تھی باقی تھی -

وَرَجَتْ رَاحَةً بِنَا لَا تَرَاهَا	وَبِلَادٌ تَسِيرُ فِيهَا بِلَادُهُ

ترجمہ اور اُن گھوڑون نے ہمارے پاس آنے سے امید اس راحت کی کی جو وہ اُسکو نہ دیکھین گے یعنی اُنکو میرے پاس بھی راحت نصیب ہوگی کیونکہ ہم اُسکے ساتھ گھوڑون پر سوار ہوکر لڑائیون مین رہین گے اور وہ شہر جنمین وہ گھوڑے پھرینگے وہ ہی شہر اُسکی عملداری کے ہین جو نہایت وسیع ہین پھر راحت کیسی -

هَلْ لِعُذْرِي إِلَى الْهُمَامِ أَبِي الْفَضْلِ قَبُولٌ سَوَادُ عَيْنِي مِدَادُهُ

ترجمہ کیا میرے عذر کو طرف سردار ابوالفضل کے دولت قبول حاصل ہوگی - میری آنکھ کی سیاہی اُسکے لکھنے کی سیاہی ہوجاوے - چونکہ ممدوح کاتب ہے اسلئے اُسکو دعا دیتا ہے کہ کاش میری آنکھ کی سیاہی اُسکی روشنائی ہوجاوے -

أَنَا مِنْ شِدَّةِ الْحَيَاءِ عَلِيلٌ	مَكْرُمَاتُ الْمُعِلِّهِ عُوَّادُهُ

ترجمہ مین بسبب شدت حیا کے ایسا بیمار ہون کہ عطایا اُسکے بیمار کرنے والے کی اُسکی عیادت کرین قصہ اس شعر کا یہ ہے کہ ممدوح نے متنبی کے کسی شعر مین اُس سے مناظرہ کیا تھا اسی واسطے اُسکو اپنا بیمار کنندہ کہا یعنی مین حیا کے سبب بیمار ہون اور اُسکی عطایا ہر روز میری عیادت کو آتی ہین

مَا كَفَانِي تَقْصِيرُ مَا قُلْتُ فِيهِ	عَنْ عُلَاهُ حَتَّى ثَنَاهُ انْتِقَادُهُ

ترجمہ میرے اشعار مدحیہ کی کوتاہی جو اُسکی بلندی مرتبہ کی تعریف مین ہینے کے مجکو کافی نہین ہوئی یہان تلک کہ اُسکے پرکھنے نے اُس تقصیر کو دو بالا کردیا - یعنی اول میری تقصیر ادائے حق توصیف مین اور دوسرا اُسکا پرکھنا یہ دونون تقصیرین ہوگئین کہ اُسکو حاجت پرکھنے کی ہوئی -

إِنَّنِي أَصْيَدُ الْبُزَاةِ وَلَكِنْ أَجَلُّ النُّجُومِ لَا أَصْطَادُهُ

ترجمہ بیشک مین تمام بازونسے عالی مضامین کا زیادہ شکار کرنیوالا ہون یعنی بڑا مضامین بند شاعر ہون مگر کیا کیجئے کہ مین اُس شخص کا جو ستارونسے بڑھا ہوا ہی شکار نہین کرسکتا یعنی ممدوح کا حق تعریف ادا نہین ہوسکتا -

رُبَّمَا لَا يُعَبِّرُ اللَّفْظُ عَنْهُ	وَالَّذِي يُضْمِرُ الْفُؤَادُ اعْتِقَادُهُ

ترجمہ بہت سے مضمون ایسے ہین کہ وہ لفظون سے تعبیر نہین ہوسکتے اور وہ چیز جسکو دل چھپاتا ہی وہ اُسکا اعتقاد ہی یعنی تیری تعریف کے مضامین مین بیان نہین کرسکتا مگر اُنکا تیری نسبت معتقد ہون -

مَا تَعَوَّدْتُ اَنْ اَرٰی کَاَبِی الْفَضْلِ وَهٰذَا الَّذِیْ اَتَاهُ اَغْتِیَادُهٗ	

ترجمہ مجکو یہ عادت نہین یعنی یہ اتفاق نہین پڑا کہ مثل ابوالفضل کے کوئی عظیم القدر شعرفہم دیکھون اور یہ شعر جیہ جو تیرے پاس لایا ہون یہ میری ہمیشہ کی عادت ہی یعنی اگرچہ شعرگوئی میرا قدیم شغل ہو مگر کہین مجکو ایسا ممدوح شعر کا پرکھنے والا نہین ملا۔ اس سے معلوم ہوتا ہی کہ متنبی اُسکی تعریف کرتا ہوا جھیپتا ہی اور دبتا ہی۔ کہتے ہین کہ یہ متکبر پر غرور غلط شخص کبھی اپنے اشعار مین کسی سے ایسا نہین لجا اور کسی کی ایسی تواضع نہین کی جیسی ابوالفضل کی سیچ ہی ہر فرغونا اتوانی

اِنَّ فِی الْمَوْجِ لِلْغَرِیْقِ لَعُذْرًا	وَاضِحًا اَنْ یَّفُوْتَهٗ تَعْدَادُهٗ

ترجمہ بیشک اُس شخص کے لئے جو موج مین غریق ہو البتہ کھلا ہوا عذر ہی اس امر مین کہ وہ تعداد امواج بتا سکے مطلب یہ کہ مین تیرے اوصاف کے دریا مین بسبب اُنکی کثرت کے غرق ہون پس اُنکا شمار نہین کرسکتا۔

لِلَّذِی الْغَلَبُ اَنَّهٗ فَاضَ وَالشِّعْرُ عِمَادِیْ وَابْنُ الْعَمِیْدِ عِمَادُهٗ	

ترجمہ اُسکی سخاوت کو غلبہ ہی کیونکہ وہ کثیر ہی اور کیونکر غلبہ نہو کیونکہ میرا بھروسا شعر پر ہی اور سخاوت کا بھروسا ابن العمید ممدوح پر ہی پس اعتماد سخاوت ایسے بڑے سخی پر ہی تو وہ کیونکر میرے شعر پر غالب آوے۔

نَالَ ظَنِّیَ الْاُمُوْرَ اِلَّا کَرِیْمًا	لَیْسَ لِیْ نُطْقُهٗ وَلَا فِیَّ آدُهٗ

الآد القوۃ والنطق ہہنا بمعنی العلم ترجمہ میرا علم سب چیزونکو پہنچ گیا سوائے اُس سخی کے کہ میری گویائی اُسکی گفتگو کے مانند فصیح نہین ہی اور نہ مجھین اُسکی سی شعرفہمی کی قوت۔

ظَالِمُ الْجُوْدِ کُلَّمَا حَلَّ رَکْبٌ	سِیْمَ اَنْ تَحْمِلَ الْبِحَارَ مَزَادُهٗ

المزاد جمع مزادۃ ترجمہ اُسکی بخشش ظالم ہی جبکہ کوئی قافلہ شترسواران بطلب عطا اُسکے پاس آتا ہی تو وہ اس امر کی تکلیف دیا جاتا ہی کہ اُن کے توشے دان دریاؤن کو اُٹھالین جو امکان سے باہر ہی یعنے اتنا دیتا ہی کہ کوئی اٹھا نہیں سکتا

غَمَرَتْنِیْ فَوَائِدٌ شَاءَ فِیْهَا	اَنْ یَّکُوْنَ الْکَلَامُ مِمَّا اُفَادُهٗ

ترجمہ اُسکے فوائد نے مجکو ڈھانپ لیا منجملہ اُن فوائد کے ایک یہ تھا کہ اُسنے چاہا طرز کلام بھی اُن چیزون مین ہو جو اُس سے فائدہ اُٹھایا جاؤن یعنے مینے اُس سے حسن نظم وصحت کلام سیکھے اور اُس کے انتقاد سے مجکو وہ شی حاصل ہوئی جس سے مین غافل تھا۔

مَا سَمِعْنَا بِمَنْ اَحَبَّ الْعَطَایَا	فَاشْتَهٰی اَنْ یَّکُوْنَ فِیْهَا فُؤَادُهٗ

ترجمہ ہمنے ایسا سخی نہین سنا تھا کہ اُسکی یہ خواہش ہو کہ عطایا مین دل ممدوح بھی ہو یعنی علم بھی منجملہ اُسکی بخششون کے ہو۔ علم کو دل سے تعبیر کیا کیونکہ دل محل علم ہی۔

خَلَقَ اللّٰهُ اَفْصَحَ النَّاسِ طُرًّا	فِیْ بِلَادٍ اَعْرَابُهٗ اَکْرَادُهٗ

ترجمہ خداوند تعالیٰ نے اُن شہرون مین جنمین بجائے فصحا اعراب غیر فصیح کرتے رہتے ہون تمام لوگون سے زیادہ فصیح پیدا کر دیا یعنی ممدوح باوجودیکہ غیر فصحا مین یعنی فارس مین رہتا ہی مگر وہ افصح الناس ہی۔

وَاَحَقَّ الْغُیُوْثِ نَفْسًا بِحَمْدٍ	فِیْ زَمَانٍ کُلُّ النُّفُوْسِ جَرَادُہٗ

احق عطف علی قولہ افصح ترجمہ اور اسکو پیدا کیا جو باران سے زیادہ اپنی ذات مین قابل ستائش ہی ایسے زمانہ مین کہ تمام جانین اسکی مثل ملخ مفسد ہین یعنی وہ مصلح ہی اور سب مفسد۔

مِثْلَ مَا اَحْدَثَ النُّبُوَّۃَ فِی الْعَالَمِ وَالْبَعْثَ حِیْنَ شَاعَ فَسَادُہٗ

ترجمہ اسکو بوقت حاجت ایسا پیدا کیا جیسا کہ نبوۃ اور ارسال رسل کو جبکہ عالم مین فساد پھیل گیا خلاصہ یہ ہی کہ جب عالم مین فساد شائع ہوگیا تو ممدوح کو اُسکا مصلح مثل انبیا علیہم السلام پیدا کر دیا۔

زَانَتِ اللَّیْلَ غُرَّۃُ الْقَمَرِ الطَّالِعِ فِیْہِ وَلَمْ یَشِنْہُ سَوَادُہٗ

ترجمہ رات کو چہرہ ماہ نے جو اُسمین طالع ہی زینت دیدی اور اُس ماہ کو تاریکی شب نے عیب نہین لگایا۔

کَثُرَ الْفِکْرُ کَیْفَ نُھْدِیْ کَمَا اَھْدَتْ اِلٰی رَبِّھَا الرَّئِیْسِ عِبَادُہٗ

ترجمہ میری فکر اس امر مین بہت ہوئی کہ کیونکر تیری طرف ہدیہ لیجاوین جیسے غلام لوگ اپنے رئیس مربی کے پاس ہدیہ لیجاتے ہین۔

وَالَّذِیْ عِنْدَنَا مِنَ الْمَالِ وَالْخَیْلِ فَمِنْہُ ھِبَاتُہٗ وَقِیَادُہٗ

ترجمہ اور جو چیز ہمارے پاس از قسم مال و گھوڑون کے ہی تو وہ اسی کی بخششین اور سیان ہین یعنے سب اُسی کا دیا ہی پس اُنکو کیونکر ہدیہ پیش کرین۔

فَبَعَثْنَا بِاَرْبَعِیْنَ مِھَارٍ	کُلُّ مُھْرٍ مَیْدَانُہٗ اِنْشَادُہٗ

مہار بالجر بدل و بالنصب تمیز ترجمہ سو ناچار ہم چالیس بچھیرے یعنی چالیس شعر بھیجے ہین اور ہر بچھیرے کا میدان اُسکا پڑھنا ہی یعنے جیسے بچھیرن کی خوبی میدانمین دوڑانیسے معلوم ہوتی ہی ایسے ہی میرے شعرونکی خوبی پڑھنے سے ظاہر ہوتی ہی۔

عَدَدٌ عِشْتَہٗ یَرَی الْجِسْمُ فِیْہِ	اَرَبًا لَا یَرَاہُ فِیْمَا یُزَادُہٗ

ترجمہ چالیس ایسے عدد ہین کہ اسمین جسم کا ایسا مطلب ہی کہ اُس مطلب کو وہ جسم اُس سے زیادہ مین نہین دیکھتا اور بطور دعا کہتا ہی کہ تو اُتنے ہی برس اور جیتا رہے۔ خلاصہ یہ ہی کہ مینے عدد مذکور اسواسطے اختیار کیا ہی کہ چالیس برس حد شباب ہین اُسکے بعد انحطاط قویٰ شروع ہوجاتا ہی۔ اور ابن العمید کی عمر قریب اسّی برس کے تھی پس گویا یہ کہتا ہی کہ ایکسو بیس برس جیتا رہے جو انسان کی عمر طبعی ہی۔

فَارْتَبِطْھَا فَاِنَّ قَلْبًا نَمَاھَا	مَرْبِطٌ تَسْبِقُ الْجِیَادَ جِیَادُہٗ

نا ہا ای انشاءہا وصنعہا ترجمہ سو تو اُن پھیرن کو بامعنے کیونکہ وہ دل جنے انھین بنایا ہے ایسا طویلہ ہی کہ اُسکے عمدہ گھوڑے اور عمدہ گھوڑون سے آگے بڑھجاتے ہین یعنی میرا اشعار کو اور ونکے اشعار نہین پہنچتے۔

وورد علیہ کتاب ابن العمید تشوقہ فقال

بِکُتُبِ الْاَنَامِ کِتَابٌ وَرَدْ	فَدَتْ یَدَ کَاتِبِہٖ کُلُّ یَدْ

الباء متعلقہ بمحذوف تقدیرہ یفدی بکتب الانام کتاب ترجمہ یہ خط جو میرے پاس آیا ہی تمام دنیا کے خط اُسپر قربان کیے جاوین اور اُسکے کاتب کے ہاتھ پر سب ہاتھ قربان۔

یُخَبِّرُ عَنْ حَالِہٖ عِنْدَنَا	وَیَذْکُرُ مِنْ شَوْقِہٖ مَا نَجِدْ

ترجمہ وہ خط خبر دیتا ہی اپنے حال سے یعنی شوق سے جو ہمارے اوپر گذر رہا ہی اور اپنے شوق کی وہ کیفیت بیان کرتا ہی جسکو ہم اپنے دل مین پاتے ہین خلاصہ یہ کہ وہ ہمارا مشتاق ہی اور ہم اُسکے۔

وَاَخْرَقَ رَائِیَہٗ مَا رَاٰی	وَاَبْرَقَ نَاقِدَہٗ مَا انْتَقَدْ

الخرق التحیر من ہم وشدۃ- وبرق اذا شخص بطرفہ من عجب او فزع ترجمہ اور اُس کتاب کے دیکھنے والے کو اُس خوبی خط نے جو اُسمین دیکھی حیران کردیا اور اُسکے پرکھنے والے کو خوبی امتحان حسن الفاظ و معانی و بلاغت نے متعجب کیا کہ اُس کی آنکھ براہ تعجب کھلی کی کھلی رہگئی۔

اِذَا سَمِعَ النَّاسُ اَلْفَاظَہٗ	خَلَقْنَ لَہٗ فِی الْقُلُوْبِ الْحَسَدْ

ترجمہ جبکہ لوگ اُسکے الفاظ کو سنین تو وہ الفاظ سامع کے دل مین حسد پیدا کردین۔

فَقُلْتُ وَقَدْ فَرَسَ النَّاطِقِیْنَ	کَذَا یَفْعَلُ الْاَسَدُ ابْنُ الْاَسَدْ

ترجمہ سو جب اُسکے الفاظ و معانی نے گویا لوگون کا شکار کرلیا تو مینے کہا کہ شیر بچہ شیر ایسا ہی کیا کرتا ہی۔

وقال یمدحہ ویودعہ

نَسِیْتُ وَمَا اَنْسٰی عِتَابًا عَلَی الصَّدِّ ۔ وَلَا خَفَرًا اِذَا دَتْ بِہٖ حُمْرَۃُ الْخَدِّ

الخفر الحیاء ترجمہ فراق کی تکلیفون سے مین سب چیزین بھول گیا مگر معشوقہ کی عتاب کو باوجود اُسکے اعراض کے نہین بھولا اور نہ بوقت عتاب اُسکی شرم کو جس سے اُسکے رخسار کی سرخی زیادہ ہوگئی۔

وَلَا لَیْلَۃً قَصَّرْتُہَا بِقَصُوْرَۃٍ	اَطَالَتْ یَدِیْ فِیْ جِیْدِہَا صُحْبَۃَ الْعِقْدِ

القصیرۃ والقصورۃ ہی المحبوسۃ فی خدرہا ترجمہ اور نہ اُس رات کو بھولا ہون جو ایک پردہ نشین عورت کے سبب اور اُسکی لذت وصال مین ہینے کوتاہی کی کہ میرا ہاتھ اُسکی گردن مین ہار کے ساتھ دیر تلک رہا۔ شبہائے وصال ہمیشہ کوتاہ معلوم ہوتی ہین جیسے شبہائے فراق دراز۔

وَمَنْ لِيْ بِيَوْمٍ مِثْلَ يَوْمٍ كَرِهْتُهُ ‏ ‏ ‏ ‏ قَرُبْتُ بِهِ عِنْدَ الْوَدَاعِ مِنَ الْبُعْدِ

ترجمہ اور کون شخص میرے لئے ضامن ہووے اس روز کا جو مثل اس روز کے ہووے جسکو مینے مکروہ جانا یعنی یوم فراق کے مانند جسکو مینے بخیال مصائب دوری مکروہ جانا ایسا کوئی دن لاوے جیسا یوم وداع تھا اور یہ آرزو اس سبب سے ہی کہ مین بروز وداع محبوب سے بدلہ دوری کے نزدیک ہوگیا یعنے معانقہ رخصت کے لئے الحاصل یہ اسکی تمنا بخیال قربت ہی نہ بطمع فرقت۔

وَاَنْ لَا يَخُصَّ الْفَقْدُ شَيْئًا فَاِنَّنِيْ ‏ ‏ ‏ ‏ فَقَدْتُ فَلَمْ اَفْقِدْ دُمُوْعِيْ وَلَا وَجْدِيْ

ترجمہ اور کون اس امر کا ضامن ہووے اور میرے لئے تدبیر کرے کہ گم کرنا یعنی جدا ہونا کسی شی کے ساتھ خاص نہ ہو کیونکہ مین نے بیشک اپنے دوست گم کئے اور اپنے اشکون اور اپنے عشق کو گم نکیا سو اب میری یہ آرزو ہی کہ فقد عام ہو نہ خاص پس جب حبیب کو گم کرون تو عشق بھی گم ہوجاوے۔

تَمَنٍّ يَلَذُّ الْمُسْتَهَامُ بِمِثْلِهِ ‏ ‏ ‏ ‏ وَاِنْ كَانَ لَا يُغْنِيْ فَتِيْلًا وَلَا يُجْدِيْ

الفتیل ہو ما علے شق النواۃ والمراد بہ القلیل ترجمہ یہ جو مین ذکر کررہا ہون ایک آرزو ہی کہ اس قسم کی تمنا سے عاشق متلذذ ہوتا ہی اگرچہ یہ آرزو کچھ مفید نہین ہی اور بیحاصل ہی۔

وَغَيْظٌ عَلَى الْاَيَّامِ كَالنَّارِ فِي الْحَشَا ‏ ‏ ‏ ‏ وَلٰكِنَّهُ غَيْظُ الْاَسِيْرِ عَلَى الْقِدِّ

القد سیور یشد بہا الاسیر ترجمہ اور مجکو زمانہ پر ایسا غصہ آرہا ہی جو مثل آگ میرے باطن یا دل مین بھڑک رہا ہی مگر وہ محض بیکار ہی جیسا قیدی کا غصہ تسمہ پر جس سے وہ بندھا ہوا کہ یہ اسکو فائدہ بخش نہین ہی۔

فَاِمَّا تَرَيْنِيْ لَا اُقِيْمُ بِبَلْدَةٍ ‏ ‏ ‏ ‏ فَآفَةُ غِمْدِيْ فِيْ دُلُوْقِيْ مِنْ حَدِّيْ

الدلوق بالدال المہملۃ ہو سرعۃ الانسلال ترجمہ سو اگر مجکو تو ایسے حال مین دیکھتی ہی کہ مین کسی شہر مین نہین ٹہرتا سو اسکی وجہ یہ ہی کہ آفت میرے میان شمشیر کی میری جلد نکلنے مین ہی میری تیزی کے سبب یعنی جسطرح تیز شمشیر اپنے میان کو کاٹ کر نکل پڑتی ہی اسی طرح مجکو کسی شہر مین قرار نہین ہی۔

يُحِلُّ الْقَنَا يَوْمَ الطِّعَانِ بِعَقْوَتِيْ ‏ ‏ ‏ ‏ فَاُحَرِّمُهُ عِرْضِيْ وَاُطْعِمُهُ جِلْدِيْ

بعقوتی ای بقربی وقد احاط بے ترجمہ بروز جنگ ونیزہ بازی نیزے مجکو گھیر لیتے ہین سو اُسپر اپنی آبرو حرام کرتا ہون اور اپنی کھال اُسکو کھلاتا ہون یعنی مین بھاگتا نہین اور زخمی ہوتا ہون۔

تُبَدِّلُ اَيَّامِيْ وَعَيْشِيْ وَمَنْزِلِيْ ‏ ‏ ‏ ‏ نَجَائِبُ لَا يُفَكِّرْنَ فِي النَّحْسِ وَالسَّعْدِ

النجائب جمع نجیب وہو الکریم من الابل او جمع نجیبۃ وہی الناقۃ الکریمۃ ترجمہ میرے ایام عمر اور زندگی اور میرے مقام کو عمدہ گھوڑے اور ناقے جو نامبارک و مبارک ایام کا کچھ فکر نہین کرتے بدلتے رہتے ہین یعنے برابر لئے پھرتے ہین اس لئے مین اُنکے سبب

راحت قیام سے محروم ہون۔

وَاَوْجُہُ فِتْیَانٍ حَیَاءً تَلَثَّمُوْا	عَلَیْہِنَّ لَاخَوْفًا مِنَ الْحَرِّ وَالْبَرْدِ

اوجہ معطوف علی نجائب ترجمہ اور میرے مقام وغیرہ کو میرے جوان مرد غلام گھوڑون پر سوار جنھون نے چہرہ پر براہ حیا نقاب ڈال رکھی ہو نہ بخوف گرمی و سردی بدلتے رہتے ہین۔

وَلَیْسَ حَیَاءُ الْوَجْہِ فِی الذِّئْبِ شِیْمَۃً	وَلٰکِنَّہٗ مِنْ شِیْمَۃِ الْاَسَدِ الْوَرْدِ

الشیمۃ الخلیقۃ ترجمہ اور شرم روئی بھیڑئے کی خصلت نہین ہر گروہ خصلت شیر سرخ رنگ کی ہو کہتے ہین جب تلک شیر سے آنکھین ملائے رہو اُسوقت تلک حملہ نہین کرتا یعنی میرے جوان باحیا ہین۔

اِذَا لَمْ تُجِزْ ھُمْ دَارَ قَوْمٍ مَوَدَّۃٌ	اَجَازَ الْقَنَا وَالْخَوْفُ خَیْرٌ مِنَ الْوُدِّ

ترجمہ جبکہ اُن غلامون کو کسی قوم کے گھر مین جانیکی محبت اجازت ندے یعنی اہین براہ محبت بخاسکین تو اُنکو اُنکے نیزے اُس گھر مین جانیکی اجازت دیدیتے ہین یعنے بزور سلاح گھر پر دخل کرلیتے ہین اور خوف دوستی سے بہتر ہی کیونکہ ڈرنے والا شخص بہ نسبت دوست کے زیادہ اطاعت کرتا ہی۔

یَحِیْدُوْنَ عَنْ ھَزْلِ الْمُلُوْکِ اِلَی الَّذِیْ	تَوَفَّرَ مِنْ بَیْنِ الْمُلُوْکِ عَلَی الْجِدِّ

حادبتاعد ترجمہ میرے جوانان ہمراہی بادشاہون کی خوش طبعی اور لہو ولعب سے کنارہ کرتے ہین اور اُس بادشاہ کیطرف جاتے ہین جو جد و جہد یعنی سعی امور مین سب بادشاہون سے زیادہ ہو یعنی لہو ولعب کو پسند نہین کرتے۔

وَمَنْ یَّصْحَبِ اسْمَ ابْنِ الْعَمِیْدِ مُحَمَّدٍ	یَسِرْ بَیْنَ اَنْیَابِ الْاَسَاوِدِ وَالْاُسْدِ

الاساود الافاعی ترجمہ جو سفر مین نام ابن العمید محمد کا ساتھ رکھیگا یا اُسکا نام پڑھتا رہے گا تو وہ درمیان دانتون افاعی یعنی مارہاے افعی اور شیرونکے بیخوف جائیگا بہ برکت نام ممدوح۔

یَمُرُّ مِنَ السَّمِّ الْوَحِیِّ بِعَاجِزٍ	وَیَعْبُرُ مِنْ اَفْوَاھِھِنَّ عَلٰی دُرْدِ

الوحی السریع۔ والدرد جمع ادرد وھو الذی ذھبت اسنانہ ویمر ویعبر فی موضع الحال من قولہ یسر بین انیاب ای یسیر مارًا عابرًا ترجمہ اور جو ابن العمید کا نام اپنے ساتھ رکھے گا تو وہ افاعی اور شیرونکے دانتون مین ایسے حال مین گذریگا کہ سریع الاثر زہر اُسکی مضرت سے عاجز ہوگا اور سانپون کے اور شیرون کے دانت ایسے ہوجاوینگے کہ گویا اُن کے مُنھ مین نہین ہین سب ٹوٹ گئے ہین یعنی سالم گذرے گا کوئی نقصان اُسکو نہین پہنچے گا۔

کَفَانَا الرَّبِیْعُ الْعِیْسَ مِنْ بَرَکَاتِہٖ	فَجَاءَتْہُ لَمْ تَسْمَعْ حُدَاءً سِوَی الرَّعْدِ

ترجمہ موسم بہار نے اُسکی برکتون کے سبب شتر ہنکانے کی تکلیف ہمکو ہونے دی سو وہ شتر ممدوح کے پاس ایسے حال مین آئے کہ انھون نے سوائے رعد آواز رعد حدی نہ سنی یعنی آواز رعد قائم مقام حدی ہوگئی۔

إِذَا مَا اسْتَحْيَيْنَ الْمَاءَ يَعْرِضُ نَفْسَهُ		كَرَعْنَ بِسِبْتٍ فِي إِنَاءٍ مِنَ الْوَرْدِ	

السبت جلود تدبغ بالقرظ فیتنے اطیبہا الشعر ترجمہ جبکہ ہمارے شتر اُس پانی سے جو آپ کو اُنکے رو برو ظاہر کرتا تھا شرم کرتے تھے تو وہ بذریعہ ادھوڑی مدبوغ یعنے اپنے ہونٹوں کے جو مثل چرم مدبوغ نرم تھے ایک گلاب کے برتن مین پانی پینے لگتے تھے۔ یعنی وہ پانی جو بسبب سیلاب راہ مین جابجا باقی رہگیا تھا اور بسبب کثرت گل وریا مین جو اس کے گرد کھڑے تھے وہ جگہ گلاب کا برتن معلوم ہوتا تھا اور وہ شترون کے سامنے بار بار آتا تھا تو وہ براہ شرم وقبول تواضع اُسکو پینے لگتے تھے۔ مراد بیان کثرت بارش ہے۔ شارح عروضی نے روایت سابق ابن جنی پر بہت تشنیع کی ہے اور کہا ہے کہ روایت صحیح استحیین جیم سے ہے کہ یہ ہی مناسب لفظ عرض کے ہے یعنے پانی اپنے آپکو شترون پر پیش کرتا تھا اور وہ اُسکو قبول کرتے تھے یعنی پینے لگتے تھے۔

كَأَنَّا أَرَادَتْ شُكْرَنَا الْأَرْضُ عِنْدَهُ		فَلَمْ يُخْلِنَا جَوٌّ هَبَطْنَاهُ مِنْ رِفْدِ	

الجو المتسع من الاودیۃ ترجمہ گویا زمین نے یہ ارادہ کیا کہ ہم اُسکا شکر ممدوح سے کرین سو ہمکو کسی فراخ نالے نے جس مین ہم اُترے بے بخشش نہ چھوڑا یعنے پانی اور گھاس دیا۔

لَنَا مَذْهَبُ الْعُبَّادِ فِي تَرْكِ غَيْرِهِ		وَإِتْيَانِهِ نَبْغِي الرَّغَائِبَ بِالزُّهْدِ	

ترجمہ ممدوح کی خدمت مین ہمکو آنے مین اور سوا ممدوح کے اوامرا کے چھوڑنے مین ہمارا مذہب زاہد لوگون کا ہے کہ بسبب چھوڑ دینے لذائذ دنیائے فانی کے جو قلیل اور حقیر ہین نعمائے اخروی کے جو کثیر اور دائمی ہین طالب ہین ایسا ہی ہم اوامرا کی عطائے قلیل کو چھوڑ کر ممدوح کی اشیائے مرغوبہ کثیرہ کو چاہتے ہین۔

رَجَوْنَا الَّذِي يَرْجُونَ فِي كُلِّ جَنَّةٍ		بِأَرْجَانَ حَتَّى مَا يَئِسْنَا مِنَ الْخُلْدِ	

خفف ارجان بتشدید الراء لانہ اسم اعجمی ترجمہ جن نعمتوں کی زاہد ہر جنت مین آرزو کرتے ہین ہم اُن لذتون کی خواہش ارجان شہر ممدوح مین کرتے ہین کہ وہان سب نعمتین ہین یہان تلک کہ ہم مقام مذکور مین صفت بقا سے بھی کہ مخصوص بجنت ہے ناامید نہین ہین۔

تَعَرَّضُ لِلزُّوَّارِ أَعْنَاقُ خَيْلِهِ		تَعَرُّضَ وَحْشٍ خَائِفَاتٍ مِنَ الطَّرْدِ	

الطرد التصید ترجمہ ممدوح کے گھوڑون کی گردنین اُسکے سائلون کو ایسی موڑ موڑ کر دیکھتی ہین جیسے بسبب خوف صیاد کے وحشی جانور خوفناک گردنین اُٹھا اُٹھا کر دیکھا کرتے ہین۔ خلاصہ یہ کہ اُسکے گھوڑے جانتے ہین کہ وہ ہمکو سائلوں کو بخشدیگا اور اُنکو اُسکی مفارقت منظور نہین ہے اس لئے وہ سائلون کو اُس خوف کی نظر سے دیکھتے ہین جیسے وحشی جانور صیاد کو۔

وَتَلْقَى نَوَاصِيهَا الْمَنَايَا مُشِيحَةً		وُرُودَ قَطًا صُمٍّ تَشَايَحْنَ فِي وِرْدِ	

المشیع المسرع المجد ترجمہ اور اُسکے گھوڑے اپنے چہرونکو نہایت تیزی سے موتون مین ڈالدیتے ہین جیسے بھرے قطا پانی کیطرف جانے مین جلدی کیا کرین۔ اول تو قطا کی عادت ہی تیزروی کی ہوتی ہی خصوصًا جبکہ وہ بھرے ہون کہ کسی آواز سے رُکتے نہین ہین۔

وَتَكْتَسِبُ اَفْعَالُ السُّيُوْفِ نُفُوْسِهَا ۔۔ اِلَيْهِ وَيَنْسُبْنَ السُّيُوْفَ اِلَى الْهِنْدِ

الضمیر فے نفوسہا و فے ینسبن للافعال ترجمہ اور تلوار کے کام اپنے کو ممدوح کی طرف نسبت کرتے ہین اور وہ کام تلوارون کو ہند کی طرف یعنی ضرب شدید قوی دست ممدوح کی طرف منسوب ہی کیونکہ وہ اُس کی قوت سے حاصل ہوئی اور تلوار ہند کی طرف پس ضرب قوی سے قوت دست ضارب اور خوبی شمشیر دونون معلوم ہوتے ہین۔

اِذَا الشُّرَفَاءُ الْبِيضُ مَتُّوْا بِقَتْوِهِ ۔۔ اَتَى نَسَبٌ اَعْلَى مِنَ الْاَبِ وَالْجَدِّ

البیض الکرام السادۃ و متوا تقربوا۔ والقتو الخدمۃ ترجمہ جبکہ شرفا رکرام ممدوح کی خدمت سے تقرب ڈھونڈھتے ہین تو اُن کو بہ نسبت باپ و دادے کے ایک نسب اعلےٰ حاصل ہوجاتا ہی۔ یعنی اُن کو اُسکی خدمت سے وہ شرف حاصل ہوتا ہی جو باپ دادے سے نہین ملتا۔

فَتًى فَاتَتِ الْعَدْوٰى مِنَ النَّاسِ عَيْنُهُ ۔۔ فَمَا اَرْمَدَتْ اَجْفَانَهُ كَثْرَةُ الرُّمْدِ

فاتت سبقت۔ والعدوٰی ان یعدی الشیٔ فیصیر مثلہ ترجمہ ممدوح ایک جوان ہی کہ اُسکی آنکھ دوسرے کے مرض لگ جانیسے بڑھگئی ہی یعنی اورونکا حمق اُسپر اثر نہین کرتا۔ سو لوگونکا کثرت سے آنکھ کا دُکھنا اُسکی آنکھ کو نہین دُکھاتا یہ بطور مثل ہی کہ اورون کے عیب اُسمین سرایت نہین کرتے۔

وَخَالَفَهُمْ خَلْقًا وَخُلْقًا وَمَوْضِعًا ۔۔ فَقَدْ جَلَّ اَنْ يُعْدٰى بِشَيْءٍ وَاَنْ يُعْدِي

ترجمہ ممدوح لوگون سے بلحاظ سرشت وعادت و مرتبہ کے جدا ہی سو وہ بیشک بڑا ہی اس امر سے کہ اُسپر غیر کا اثر پہنچایا جاوے یا وہ کسی پر اثر کرے کیونکہ کسی مین ایسی لیاقت نہین ہی کہ اُسکی تعلیم کے لائق ہووے۔

يُغَيِّرُ اَلْوَانَ اللَّيَالِيْ عَلَى الْعِدٰى ۔۔ بِمَنْشُوْرَةِ الرَّايَاتِ مَنْصُوْرَةِ الْجُنْدِ

ترجمہ وہ راتون کے رنگ دشمنون پر بذریعہ جھنڈون پراگندہ اور لشکر منصور کے بدلدیتا ہی یعنی رات کا رنگ جو سیاہ ہوتا ہی بسبب سلاح درخشان لشکر منصور بدل ڈالتا ہی اور اُنکو روشن کردیتا ہی۔

اِذَا ارْتَقَبُوْا صُبْحًا رَاَوْا قَبْلَ ضَوْئِهِ ۔۔ كَتَائِبَ لَا يُرْدِي الصَّبَاحُ كَمَا تُرْدِي

الردیان ضرب من العدو ترجمہ جبکہ دشمن صبح کے منتظر ہون تو وہ قبل روشنی صبح دیکھین گے کہ صبح ایسی جلدی نہین کرتی جیسے وہ لشکر جلدی کرتے ہین یعنی صبح سے پہلے اُنکو جا مارتے ہین۔

وَمَبْثُوْثَةً لَا تُتَّقٰى بِطَلِيْعَةٍ ۔۔ وَلَا يُحْتَمٰى مِنْهَا بِغَوْرٍ وَلَا نَجْدِ

عطف علی کتائب ترجمہ اور قبل صبح اعدا اُسکے پھیلے ہوئے لشکر کو دیکھیں گے جس سے بذریعہ دیدبان و محافظ بچنا نہیں ہو سکتا اور نہ اُنسے کہا در و باگر مین بچایا جاتا ہی۔

یَغِضْنَ اِذَا مَا عُدْنَ فِی مُتَفَاقِدٍ	مِنَ الْکُثْرِ غَانٍ بِالْعَبِیْدِ عَنِ الْحَشْدِ

یغضن من غاض الماء اذا ذہب ونقص۔ والمتفاقد الذی یفقد بعضہ بعضا الکثرۃ واضطرابہ وغان بمعنی مستغن والحشد الجمع ترجمہ جبکہ اُسکے لشکر لوٹ پر پڑتے ہین تو بسبب اپنی کثرت کے ایک دوسرے کو گم کرتا ہی اور بسبب کثرت غلامون کے وہ اس سے بے پرواہی کہ اور ونکو خدمت کے لئے جمع کرے یا یہ کہ اُسکا سب لشکر اُسکا غلام ہو بیچ میل لوگ نہین ہین

حَثَتْ کُلُّ اَرْضٍ تُرْبَۃً فِی غُبَارِہٖ	فَھُنَّ عَلَیْہِ کَالطَّرَائِقِ فِی الْبُرْدِ

ترجمہ ہر زمین کچھ مٹی غبار لشکر مین بکھیرتی اور ملاتی ہی سو وہ مٹیان اُس لشکر پر مثل دھاریون کے ہین چادر مین خلاصہ یہ کہ اُسکا لشکر مختلف زمینون پر لڑتا پھرتا ہی سو اگر ایسی زمین مین جاتا ہی کہ جسکی مٹی سیاہ ہی تو اُسپر سیاہ غبار اور سُرخ زمین پر سُرخ غبار پڑتا ہی تو یہ رنگا رنگ کے غبار اُسپر چادرون کی سی دھاریان معلوم ہوتی ہین۔

فَاِنْ یَکُنِ الْمَھْدِیُّ مَنْ بَانَ ھَدْیُہٗ	فَھٰذَا وَاِلَّا فَالْھُدٰی ذَا فَمَا الْمَھْدِیْ

ترجمہ سو اگر مہدی موعود وہ شخص ہی کہ جسکی عادت و خصلت نیک و روشن ہو تو وہ یہی شخص ہی اور نہین تو یہ شخص ہدایت مجسم ہی پھر امام مہدی کس کام کے رہے یا کیا چیز ہین۔ نعوذ باللہ من القول الباطل۔

یُعَلِّلُنَا ھٰذَا الزَّمَانُ بِذَا الْوَعْدِ	وَیَخْدَعُ عَمَّا فِی یَدَیْہِ مِنَ النَّقْدِ

ترجمہ ہمکو یہ زمانہ بوعدہ امام مہدی پھسلا رہا ہی اور یہ جو نقد اُسکے سامنے ہی اُس سے ہمکو فریب دیتا ہی یعنی ممدوح نقد مہدی ہی پھر زمانہ کو نسیہ کی کیا ضرورت۔

ھَلِ الْخَیْرُ شَیْءٌ لَیْسَ بِالْخَیْرِ غَائِبٌ	اَمِ الرُّشْدُ شَیْءٌ غَائِبٌ لَیْسَ بِالرُّشْدِ

اصل المصرع الاول ہل الخیر شیء غائب لیس بالخیر ترجمہ کیا خیر وہی شی ہی جو غائب ہی سو یہ تو خیر کی بات نہین ہی اور کیا راستی وہی چیز ہی جو غائب ہی سو یہ تو راہ کی بات نہین ہی یعنی یہ درست بات نہین ہی کہ خیر و رشد کو غائب مانین یعنی ابن العمید کو جو حاضر ہی مہدی تسلیم نکرنا اور غائب کو مہدی ماننا درست نہین ہی۔

أَأَحْزَمَ ذِی لُبٍّ وَاَکْرَمَ ذِی یَدٍ	وَاَشْجَعَ ذِی قَلْبٍ وَاَرْحَمَ ذِی کَبِدِ
وَاَحْسَنَ مُعْتَمٍّ جُلُوْسًا وَرِکْبَۃً	عَلَی الْمِنْبَرِ الْعَالِی اَوِ الْفَرَسِ النَّھْدِ

نصب احزم وما بعدہ علی النداء بالہمزۃ۔ والنہد العالی المرتفع ترجمہ اے ہر عاقل سے ہوشیار تر اور ہر سخی سے زیادہ کریم اور اے ہر دلاور سے زیادہ بہادر اور ہر جگر دار سے زیادہ رحیم۔ اور ہر عمامہ بند سے عمدہ باعتبار نشست و سواری بلند منبر اور اونچے گھوڑے کے۔

تَفَضَّلَتِ الْاَيَّامُ بِالْجَمْعِ بَيْنَنَا	فَلَمَّا حَمِدْنَا لَمْ تُدِمْنَا عَلَى الْحَمْدِ

ترجمہ ہم دونون کے اکٹھا کرنے مین اولاً زمانہ نے ہمپر مہربانی کی سو جب ہمنے اُسکی بابت اجتماع کے تعریف کی تو اُسنے ہم تعریف پر دائم نرکھا بلکہ جب نوبت فراق پہنچی تو اُسکی تعریف ہمنے واپس کرلی۔ اس شعر مین تین ضمائر جمع کی لایا اس غرض سے کہ ہم دونون ایک دوسری کی ملاقات کے مشتاق تھے۔

جَعَلْنَ وَدَاعِیْ وَاحِدًا لِثَلٰثَةٍ	جَمَالِكَ وَالْعِلْمِ الْمُبَرِّحِ وَالْمَجْدِ

راد بالمبرح ہہنا الغزیر فانہ ہو الذی یشتد مطلے العالم صولتہ ترجمہ اُن ایام نے میری ایک رخصت کو تین چیزون سے رخصت ہونا قرار دیا ایک تو تیرے جمال سے اور دوسرے تیرے علم کثیر سے اور تیسرے تیری بزرگی سے کہ تیرے سوا یہ تینون چیزین اور جگہ نہین پائی جاتین۔

وَقَدْ كُنْتُ اَدْرَكْتُ الْمُنٰى غَيْرَ اَنَّنِيْ	يُعَيِّرُنِيْ اَهْلِيْ بِاِدْرَاكِهَا وَحْدِيْ

ترجمہ اور تیری خدمت مین آنے سے میری سب آرزوئین مجکو ملگئین سوائے اس امر کے کہ میرا کنبہ مجھ پر تنہا خوری کا عیب لگا دیگا اس لئے یہ تیری نعمتین اُن کے پاس لیجانا مجکو ضرور ہی۔

وَكُلُّ شَرِيْكٍ فِي السُّرُوْرِ بِمُصْبَحِيْ	اَرٰى بَعْدَهٗ مَنْ لَّا يَرٰى مِثْلَهٗ بَعْدِيْ

ترجمہ جب مین وطن پہنچونگا تو میری خوشی کے شریک لوگ یعنے میرے کنبہ کے آدمی اور میرا جاب مجھ سے صبح کو آملینگے اور تیری بخششونکو دیکھکر محظوظ ہونگے مگر مین بعد ممدوح اُس شخص کو دیکھونگا جو بعد میری مفارقت کے ممدوح کی مثل کو نہین دیکھے گا کیونکہ اُسکا کوئی نظیر نہین ہی۔

فَجُدْ لِيْ بِقَلْبٍ اِنْ رَحَلْتُ فَاِنَّنِيْ	مُخَلِّفٌ قَلْبِيْ عِنْدَ مَنْ فَضْلُهٗ عِنْدِيْ

ترجمہ سو تو ای ممدوح اگر مین کوچ کرون مجکو ایک دل اپنے پاس سے بخشدے کیونکہ مین اپنے دل کو اُس شخص کے پاس چھوڑے جاتا ہون جسکی عطا میرے پاس ہی یعنی مین بلحاظ جسم تجھ سے جدا ہوتا ہون اور اپنے دل کو تیرے پاس بسبب شدت محبت جو باعث کثرت عطا ہی چھوڑے جاتا ہون۔

وَلَوْ فَارَقَتْ نَفْسِيْ اِلَيْكَ حَيَاتَهَا	لَقُلْتُ اَصَابَتْ غَيْرَ مَذْمُوْمَةِ الْعَهْدِ

ترجمہ اور اگر میرا نفس اپنی زندگی چھوڑ دے اور مجکو اختیار کرلے تو مین بیشک کہون کہ میرے نفس نے راہ کی بات اختیار کی اور اُسکا عہد غیر مذموم ہی یعنی ایفائے عہد اسی کا نام ہی۔ **وقال یمدح عضد الدولۃ ابا شجاع**

اَزَائِرٌ يَا خَيَالُ اَمْ عَائِدٌ	اَمْ عِنْدَ مَوْلَاكَ اَنَّنِيْ رَاقِدٌ

ترجمہ خیال محبوبہ کو خطاب کرکے کہتا ہی کہ ای خیال کیا تو میری ملاقات کو آیا یا بطور عیادت کرکے اور عیادت ملاقات سے لائق تر ہی کیونکہ مین بیمار ہون بسبب عشق تیرے بھیجنے والیکے کیا تیرا مولے یہ سمجھتا ہی کہ مین سونے والا ہون یعنی تندرست ہون۔

لَيْسَ كَمَا ظَنَّ عَشْيَةٌ لَحِقَتْ ۔۔۔ فَجِئْتَنِي فِي خِلَالِهَا قَاصِدُ

ترجمہ تیرے مول کا یہ خیال کہ مین سوتا ہون درست نہین ہو بلکہ بعدمہ فراق مجکو ایک گونہ بیہوشی آگئی تھی کہ تو اس غشی مین میرے پاس آگیا یعنی مین سوتا نتھا بلکہ بیہوش تھا۔

عُدْ وَاعِدْهَا فَحَبَّذَا تَلَفٌ ۔۔۔ اَلْصَقَ ثَدْيِيْ بِثَدْيِهَا النَّاهِدُ

الناہد المرتفع ترجمہ ای خیال محبوبہ تو پھر آ اور غشی کو بھی لوٹا لا اگرچہ اُس غشی مین ہلاک ہوجاؤن کیونکہ وہ ہلاکی بہت عمدہ ہی جو میری چھاتی کو اُسکی اُبھری ہوئی چھاتی سے ملادے۔

وَجَدْتُ فِيْهِ بِمَا يَشِحُّ بِهِ ۔۔۔ مِنَ الشَّتِيْتِ الْمُؤَشَّرِ الْبَارِدُ

الثغر الشتیت المتفرق الذی فیہ اشر وہو الحسن ترجمہ اور ای خیال تونے اُس چیز کی بخشش کی جسمین دوست بخل کرتا تھا یعنی بوسا چھے دندان متفرق خنک کے۔

إِذَا خَيَالَاتُهُ أَطَفْنَ بِنَا ۔۔۔ أَضْحَكَهُ أَنَّنِي لَهَا حَامِدُ

ترجمہ جبکہ دوست کے خیالات ہمارے گرد گھومتے ہین اور ہم اُن کے آنیکی شکر گذاری کرتے ہین تو اُسکو یہ امر ہنساتا ہی کہ مین خیالات کی تعریف کرتا ہون کیونکہ خیال بے حقیقت شی ہی قابل شکر گذاری نہین ہی۔

وَقَالَ إِنْ كَانَ قَدْ قَضَى أَرَبًا ۔۔۔ مِنَّا فَمَا بَالُ شَوْقِهِ زَائِدُ

الارب الوطر والحاجۃ ترجمہ اور دوست میری طرف اشارہ کرکے کہتا ہی کہ اگر متنبی نے بذریعہ خیال ہمسے اپنا مطلب پورا کرلیا ہی اور اُسکو تسلی ہوگئی ہو تو اُسکا شوق ہماری طرف کیون بڑھتا ہی۔

لَا أَجْحَدُ الْفَضْلَ رُبَّمَا فَعَلَتْ ۔۔۔ مَا لَمْ يَكُنْ فَاعِلًا وَلَا وَاعِدُ

ترجمہ مین اُسکے خیالات کے فضل و احسانکا انکار نہین کرتا کیونکہ اُسنے بہت دفعہ وہ کام کئے ہین کہ جنکو حبیب نے نہ کبھی کیا اور نہ وعدہ کیا یعنے اُسکا خیال آیا اور ہمسے ملا اور معانقہ کیا اور دوست نے یہ کام کبھی نہین کیا۔

لَا تَعْرِفُ الْعَيْنُ فَرْقَ بَيْنَهُمَا ۔۔۔ كُلٌّ خَيَالٌ وِصَالُهُ نَافِدُ

ترجمہ ملاقات واقعی و خیالی مین میری چشم کچھ فرق نہین جانتی کیونکہ وہ دونون خیال ہین اُسکا وصال جسمانی بھی تو جلد تمام ہوجاتا ہی مثل خیال کے۔

يَا طَفْلَةَ الْكَفِّ عَبْلَةَ السَّاعِدْ ۔۔۔ عَلَى الْبَعِيْرِ الْمُقَلَّدِ الْوَاخِدُ

الطفلۃ الناعمۃ۔ والعبلۃ الممتلئۃ۔ والمقلد الذی فی عنقہ قلادۃ۔ والواخد المسرع فی السیر ترجمہ ای نازک و نرم دست گداز شانہ جو قلادہ پڑے ہوئے تیزرو شتر پر سوار ہی۔ جواب ندا اگلے شعر مین ہی۔

زِيْدِيْ أَذَى مُهْجَتِيْ أَزِدْكِ هَوًى ۔۔۔ فَأَجْهَلُ النَّاسِ عَاشِقٌ حَاقِدُ

ترجمہ تو مجکو زیادہ تکلیف دے مین تیری محبت مین بڑھونگا اور رنج نہین کرونگا کیونکہ تمام لوگون مین سب سے نادان وہ عاشق ہی جو معشوق سے اُسکے ستانے پر کینہ رکھنے لگے۔

حَكَيْتَ يَا لَيْلُ فَرْعَهَا الْوَارِدْ	فَاحْكِ نَوَاهَا لِجَفْنِيَ السَّاهِدْ

الوارد الشعر الطویل المسترسل۔ ترجمہ ای شب فرقت تو اُسکے دراز گیسو کے مشابہ ہوگئی یعنی رنگ کی سیاہی و درازی مین تو میری چشم بیدار کے لئے اُسکی دوری فراق کے بھی مشابہ ہو جا یعنی تو مجھ سے دور ہو جا جیسا وہ دوست مجھ سے دور ہی۔ درازی شب ہجر سے گھبرا کر کہتا ہی کہ تو چل جا اور کہین صبح ہونے دے۔

طَالَ بُكَائِيْ عَلَى تَذَكُّرِهَا	وَطُلْتَ حَتَّى كِلَاكُمَا وَاحِدْ

ترجمہ محبوبہ کی یاد مین میرا رونا طویل ہوا اور ای رات تو بھی طویل ہی یہان تلک کہ دونون کی درازی ایک ہی ہی۔

مَا بَالُ هٰذِي النُّجُوْمِ حَائِرَةً	كَأَنَّهَا الْعُمْيُ مَا لَهَا قَائِدْ

ترجمہ ان ستارون کا بحالت حیرانی کیا حال ہی کہ اپنی جگہ سے ہلتے ہی نہین گویا وہ نابینا ہین جن کا کوئی ہاتھ پکڑ کے لیجانے والا نہین ہی۔

أَوْ عُصْبَةٌ مِنْ مُلُوْكِ نَاحِيَةٍ	أَبُوْ شُجَاعٍ عَلَيْهِمُ وَاجِدْ

علیہم المیم اذا تحرک عند التقاء الساکنین یحرک بالضم والکسر والضم اولی ترجمہ یا وہ ستارے بادشاہان گرد و پیش کے ایک گروہ ہین کہ ابو شجاع اُنپر خفا ہی اور وہ حیران کھڑے ہین اُسکے خوف سے۔

إِنْ هَرَبُوْا أُدْرِكُوْا وَإِنْ وَقَفُوْا	خَشُوْا ذَهَابَ الطَّرِيْفِ وَالتَّالِدْ

ترجمہ اگر وہ بھاگین تو پکڑے جاوین اور اگر کھڑے رہین تو اموال جدیدہ و قدیمہ کے جاتے رہنے کا اُنکو خوف ہی۔

فَهُمْ يُرَجُّوْنَ عَفْوَ مُقْتَدِرٍ	مُبَارَكِ الْوَجْهِ جَائِدٍ مَاجِدْ

ترجمہ سو وہ لوگ ایک قابو یافتہ مبارک چہرہ صاحب جود و مجد کے عفو کے امیدوار ہین۔

أَبْلَجَ لَوْ عَاذَتِ الْحَمَامُ بِهٖ	مَا خَشِيَتْ رَامِيًا وَلَا صَائِدْ

الابلج الذی ما بین حاجبیہ بیاض ترجمہ ایسا مقتدر و کشادہ ابرو ہی کہ اگر کبوتر اُسکی پناہ پکڑ لین تو اُنکو کسی تیرانداز و شکاری کا کچھ خوف نرہے۔

أَوْ رَعَتِ الْوَحْشُ وَهِيَ تَذْكُرُهٗ	مَا رَاعَهَا حَابِلٌ وَلَا طَارِدْ

ترجمہ یا وحشی جانور اُسکی یاد مین چرین تو اُنکو کوئی جال والا و شکاری نہ ڈراوے۔

تُهْدِيْ لَهٗ كُلُّ سَاعَةٍ خَبَرًا	عَنْ جَحْفَلٍ تَحْتَ سَيْفِهٖ بَائِدْ

الجحفل الجیش العظیم۔ والبائد الہالک اگر تہدی معروف پڑھا جاوے تو ترجمہ یہ ہوگا کہ زمانہ ممدوح کے لئے ہر ساعت

دشمن کے بڑے لشکر کی کہ وہ تیغ ممدوح سے ہلاک ہوئے خبر لاتا ہی اور اگر تہدی مجہول پڑھا جاوے تو ترجمہ یہ ہوگا کہ اُسکو یہ خبر ہدیۃً پہنچائی جاتی ہی۔

اَوْ مُوْضِعًا فِی فِتَانٍ نَاجِیَۃٍ	تَحْمِلُ فِی التَّاجِ ھَامَۃَ الْعَاقِدِ

عطف علی خبرا۔ والموضع المسرع فی السیر۔ والفتان غشاء من ادم یغشی بہ الرحل والناجیۃ الناقۃ السریعۃ ترجمہ اور ہر ساعت اُسکے پاس زمانہ ایک تیز رو قاصد کو کہ اُسکے سریع السیر ناقہ کے تو برے مین سر ایک تاجور کا مع تاج ہوتا ہی لاتا ہی یعنی ہر وقت اُسکے پاس خبر فتح بلاد اور دشمن بادشاہونکے سر مع تاج آتے رہتے ہین کیونکہ اُس کے کثیر لشکر مختلف ممالک مین پھیل رہے ہین۔

یَا عَضُدًا رَبُّہٗ بِہٖ الْعَاضِدُ	وَسَارِیًا یَبْعَثُ الْقَطَا الْھَاجِدُ

العاضد المعین ترجمہ ای وہ مددگار خلافت کہ اُسکا رب یعنی خداوند تعالےٰ اُسکے ذریعہ سے دین اسلام کی مدد کرتا ہی اور ای شب رو کہ بسبب انبوہ لشکر کے سوتی قطاؤنکو اُڑا دیتا ہی یعنے اُنکے آشیانون سے۔

وَمُمْطِرَ الْمَوْتِ وَالْحَیَاۃِ مَعًا	وَاَنْتَ لَا بَارِقٌ وَلَا رَاعِدُ

ترجمہ ای اپنے دشمنون پر موت اور اپنے دوستون پر زندگی ایک ساتھ برسانے والے حالانکہ نہ تو برق کے مانند چمکنے والا اور نہ رعد کی طرح گرجنے والا ہی۔

نِلْتَ وَمَا نِلْتَ مِنْ مَضَرَّۃٍ وَھْسُوْذَانَ مَا نَالَ رَأْیُہُ الْفَاسِدُ	

وہسوذان ملک الدیلم ترجمہ وہسوذان کی مضرت تونے اس قدر کی جسقدر چاہئے یعنی بہت زیادہ مگر تونے اُس کو اس قدر نقصان نہین پہنچایا جسقدر اُسکی رائے فاسد نے اُسکو ستایا خلاصہ یہ کہ ہر چند تونے اُسکو بہت نقصان پہنچایا ہی مگر اُسکی رائے فاسد نے تجھ سے زیادہ اُسکو مضرت پہنچائی۔

یَبْدَأُ مِنْ کَیْدِہٖ بِغَایَتِہٖ	وَاِنَّمَا الْحَرْبُ غَایَۃُ الْکَائِدِ

ترجمہ اُسکی رائے کا فساد ظاہر کرتا ہی کہ اُس نے اول ہی وہ فریب کیا جو آخر مین کرنا چاہئے تھا یعنی پہلے ہی لڑ پڑا اور لڑائی تو مدبر لڑنے والے کی آخر مین ہوتی ہی مثل ہی کہ آخر الدواء الکی۔

مَاذَا عَلٰی مَنْ اَتٰی مُحَارِبَکُمْ	فَذَمَّ مَا اخْتَارَ لَوْ اَتٰی وَافِدُ

ترجمہ کیا ضرر ہی اُس شخص پر کہ وہ تمسے لڑنے والے یعنی وہسوذان کے پاس آوے اور اُس رائے کی جو اُس نے پسند کی ہی یعنی لڑائی کی برائی بیان کرے اور کہے کہ کاش وہسوذان تمھارے پاس سائل ہو کر آتا تو اُسکے لئے بہتر ہوتا کیونکہ درصورت جنگ وہ ناکامیاب رہا۔

بِلَا سِلَاحٍ سِوَی رَجَائِکُمْ	فَفَازَ بِالنَّصْرِ وَانْثَنٰی رَاشِدُ

البار متعلق بالی والفد ترجمہ وہ تمہارے پاس سائل ہو کر اُسکے پاس سوائے تمہاری امید کے کوئی اور ہتیار نہو تا تما تو وہ فتح کو پہنچتا اور کامیاب لوٹتا یعنے اس صورت مین وہ ہر طرح فائدہ مین تھا۔

يُقَارِعُ الدَّهْرَ مَنْ يُقَارِعُكُمْ	عَلَىٰ مَكَانِ الْمَسُودِ وَالسَّائِدِ	

یقارع یحارب۔ والمسود الذی سادہ غیرہ۔ والسائد الذی ساد غیرہ ترجمہ جو تمسے لڑتا ہی اُس سے زمانہ لڑتا ہی پھر وہ رتبہ مین کسی کا تابع ہو یا اُسکے اور لوگ تابع ہون۔

وَلَيْتَ يَوْمَيْ فَنَاءِ عَسْكَرِهِمْ	وَلَمْ تَكُنْ دَانِيًا وَلَا شَاهِدْ	

ترجمہ اور کاش ان دو روز مین کہ وہسوذان کا لشکر تیرے باپ کے مقابلہ مین فنا ہو گیا تھا اور تو اُسوقت نہ اُنکے قریب تھا اور نہ انہین حاضر تو موجود ہوتا اور اُسکی تباہی کو دیکھتا کہ وہ بھی شکستین ایسی ہی تھین جیسے تیرے مقابلہ مین خلاصہ یہ کہ جیسے اُسکو تیرے باپ نے شکست دی تھی ایسے ہی تو نے دی اور بعض نسخ مین ولیت بوزن رضیت ہی یعنی اُن دو دنون مین کہ تیرے باپ نے وہسوذان کو شکست دی تھی درحقیقت تو نے ہی اُس کے لشکر کو بھگایا تھا کیونکہ باپ کی فتح بیٹے کی فتح ہی چنانچہ اگلے شعر مین ہی۔

وَلَمْ يَغِبْ غَائِبٌ خَلِيفَتُهُ	جَيْشُ أَبِيهِ وَجَدُّهُ الصَّاعِدُ	

ترجمہ اور حقیقت مین وہ شخص غائب نہین شمار ہوتا جس کا خلیفہ اُس کے باپ کا لشکر اور اُس کا نصیب درجہ سعد پر چڑھنے والا ہو۔

وَكُلُّ خَطِّيَّةٍ مُثَقَّفَةٍ	يَهُزُّهَا مَارِدٌ عَلَىٰ مَارِدْ	

عطف علی جیش۔ والخطیۃ المثقفۃ ہی القناۃ المقومۃ المستویۃ۔ والمارد ہو الذی لایطاق خبثا وعتوا ترجمہ اور وہ شخص غائب نہین سمجھا جاتا ہی جسکا خلیفہ ہر نیزہ سیدھا ہو جسکو ایک سرکش سوار ایک سرکش گھوڑے پر یا شخص سرکش یعنے دشمن پر ہلاتا اور اُسکا زخم مارتا ہو۔ ممدوح کے باپ کے لشکر کی تعریف کرتا ہی۔ یہ تفصیل بعد اجمال ہی۔

سَوَافِكٌ مَا يَدَعْنَ فَاصِلَةً	بَيْنَ طَرِيِّ الدِّمَاءِ وَالْجَاسِدْ	

سوافک بالجر نعت خطیۃ وبالرفع خبر مبتدء محذوف۔ والجاسد اللاصق الذی قد جف ترجمہ وہ نیزے ایسے خونریز ہین کہ درمیان خون تازہ وجامد کے فاصلہ نہین چھوڑتے یعنی متواتر زخم لگاتے ہین۔

إِذَا الْمَنَايَا بَدَتْ تَدْعُوهَا	أُبْدِلَ نُونًا بِدَالِهِ الْحَائِدْ	

الحائد الذی یحید عن الشئ ترجمہ جبکہ موتین ظاہر ہو دین تو وہ یہ دعا مانگتی ہین کہ حائد کی دال نون سے بدلجائیو اور حائن یعنی ہلاک ہو جائیو۔ خلاصہ یہ ہی کہ لشکر عضد الدولہ کے سپاہی لوٹ کے وقت یہ دعا کرتے ہین

إِذَا دَعَىٰ الْجَيْشُ مَنْ كُمَاتُهَا	خَرَّ لَهَا فِي أَسَاسِهِ سَاجِدْ	

الضمیر فی بہا الخیل یدل علیہا ذکر الحرب ترجمہ جبکہ قلعہ نے معلوم کیا کہ کس شخص نے یہ گھوڑے اسکی طرف تیزی سے دوڑائے ہین تو وہ اپنی بنیاد مین سجدہ کرتا ہوا گر پڑا یعنی ممدوح کی ہیبت سے۔

مَا كَانَتِ الطِّرْمُ فِي عَجَاجَتِهَا	إِلَّا بَعِيْرًا اَضَلَّهٗ نَاشِدٌ

الطرم ناحیۃ وہسوذان وبلادہ ادحصنہ۔ والناشد الطالب ترجمہ نواحی طرم یا یہ قلعہ اپنے غبار مین ایک شتر کے مانند تھا جسکو ڈھونڈھنے والے نے گم کیا تھا سو تونے اُسپر قبضہ کرلیا۔

تَسْاَلُ اَهْلَ الْقِلَاعِ عَنْ مَلِكٍ	قَدْ مَسَخَتْهُ نَعَامَةٌ شَارِدٌ

یسأل الہیاء للحصن والتاء للخیل ترجمہ وہ گھوڑے اہل قلعہ سے بادشاہ کا حال پوچھتے ہین جسکو اُن گھوڑون نے بھاگنے والا شترمرغ مسخ کردیا ہے یعنی وہسوذان جو بسبب کثرت غبار اسپان مسخ ہوکر مثل شترمرغ گریزان ہوگیا ہے اُسکا حال گھوڑے اہل قلعہ سے پوچھتے ہین کہ وہ کہان گیا۔ عرب شترمرغ کو شدید النفرۃ بڑا بھاگنے والا کہتے ہین۔

تَسْتَوْحِشُ الْاَرْضُ اَنْ تُقِرَّ بِهٖ	فَكُلُّهَا مُنْكِرٌ لَهٗ جَاحِدٌ

ترجمہ زمین اس بات سے گھبراتی ہو کہ وہسوذان کے چھپانے کا اقرار کرے سو سب قطعات زمین اُس کے چھپانے سے انکار کرتے ہین۔

فَلَا مُشَادٌ وَلَا مَشِيْدٌ حَمٰى	وَلَا مَشِيْدٌ اَغْنٰى وَلَا شَائِدٌ

المشاد والمشید جمیعا البناء المرتفع۔ والمشید بالضم المبنی بالشید وہو الکلس وشادہ شاہ وشاد وبناہ رفعہ والشائد فاعل منہ۔ والحمی مایحمی وحمی فلان فلانا منعہ من ان یصل الیہ فرد ترجمہ سو نہ تو بنا ہائے مرتفعہ وہسوذان کی مدد کو روک سکین اور نہ چونہ گچ کی دیوارین اُس کو مفید ہوئین اور نہ بنانے والا۔ یعنے قلعہ کے گچ کی دیوارین اُور لشکر اُس کو نہ روک سکا۔

فَاغْتَظْ بِقَوْمٍ وَهْسُوْذُ مَا خُلِقُوْا	اِلَّا لِغَيْظِ الْعَدُوِّ وَالْحَاسِدِ

وہسوذ منادی مرخم ترجمہ ای وہسوذان تو اُس قوم سے ہمیشہ غضبناک رہ جو دشمن اور حاسد ہی کے جلانے کے واسطے پیدا کئے گئے ہین یعنی قوم عضد الدولہ سے۔

رَاَوْكَ لَمَّا بَلَوْكَ نَابِتَةً	يَاْكُلُهَا قَبْلَ اَهْلِهِ الرَّائِدُ

بلوک اختبروک۔ والرائد الذی یرتاد لاہلہ الکلاء ترجمہ قوم عضد الدولہ نے جب تیرا امتحان کیا تو تجکو ایک شئی حقیر مثل اُس گھانس کے پایا کہ جسکو گھانس کے ڈھونڈھنے والے اپنے لوگون کے آنے سے پہلے کھا جاتے ہین۔

وَخَلِّ زِيًّا لِمَنْ يُحَقِّقُهٗ	مَا كُلُّ دَامٍ جَبِيْنُهٗ عَابِدٌ

ترجمہ ای وہسوذان اپنا ملوکانہ لباس اُس شخص کے لئے چھوڑ دے جو اُسکا لائق وسزاوار ہو کیونکہ ہر وہ شخص

جسکی پیشانی خون آلودہ ہو عابد نہین ہوتا تو یہ تیرا ملوکانہ لباس کچھ مفید نہین ہی۔

اِنْ کَانَ لَمْ یَعْمَلِ الْاَمِیْرُ لِمَا	لَقِیْتَ مِنْہُ فَیُمْنُہُ عَامِلُ

الیمن السعود والاقبال فی کل شیٔ وہو الجد المیمون ترجمہ اگر امیر نے تیرے لشکر کے قتل وغارت کا ارادہ نہین کیا کیونکہ وہ معرکہ مین موجود نہ تھا تو اُسکے طالع میمون نے اسکا ارادہ کیا ہی یعنی یہ تیری شکست وقتل اُسکے اقبال سے ہوئے ہین۔

یُقْلِقُہُ الصُّبْحُ لَا یَرٰی مَعَہٗ	بُشْرٰی بِفَتْحٍ کَاَنَّہٗ فَاقِدُ

ترجمہ ممدوح کو وہ صبح بیچین کرتی ہی جس مین کوئی مبشر فتح نا وے اس صورت مین اُسکی ایسی حالت ہوتی ہی کہ گویا اُسکے کوئی چیز گم کی ہو سو پھرے اس طرح جیسے بھولا ہوا۔

وَالْاَمْرُ لِلّٰہِ رُبَّ مُجْتَھِدٍ	مَا خَابَ اِلَّا لِاَنَّہٗ جَاھِدُ

ترجمہ اور فتح وشکست کا اختیار خداوند تعالیٰ کو ہی بہت سے کوشش کرنے والے ناکام نہین ہوئے مگر اس سبب سے کہ وہ کوشش کرنے والے تھے اور اس کوشش پر بھروسہ رکھتے تھے کیونکہ بھروسہ صرف خدا کا چاہیئے۔

وَمُتَّقٍ وَالسِّھَامُ مُرْسَلَۃٌ	یَحِیْصُ عَنْ حَابِضٍ اِلٰی صَارِدُ

عطف علی مجتہد حبض السہم اذا وقع بین یدی الرامی لضعف الرمی۔ والصارد ہو السہم النافذ ترجمہ اور بہت سے اپنی جان بچانے والے ہین اُس حالت مین کہ تیر چھوڑے جارہے ہون کہ وہ کم زور تیر سے بچکر زور آور تیر کی طرف چلے جاتے ہین اور اس لئے ہلاک ہوتے ہین۔

فَلَا یُبَلْ قَاتِلٌ اَعَادِیَہٗ	اَقَائِمًا نَالَ ذَاکَ اَمْ قَاعِدُ

لا یبل اصلہ لا یبالی حذف الیاء قیاسا لاتبل اصلہ لاتبالی مع ان المقیس علیہ جاز فیہ الحذف لکثرۃ الاستعمال ولا یبل لا یکثر استعمالہ فیجوز فیہ ما جوز فی غیرہ ترجمہ سو جو شخص اپنے دشمنون کو قتل کرتا ہی وہ پروا نہین کرتا ہی کہ آیا اُسکو کھڑے ہوئے مارا یا بیٹھے ہوئے۔ غرض یہ ہی کہ مطلب قتل دشمنان ہی اسمین کچھ فرق نہین ہی کہ اُس کو آپ قتل کیا یا اور سے قتل کرایا۔

لَیْتَ ثَنَائِیَ الَّذِیْ اَصُوْغُ فِدَاءَ	مَنْ صِیْغَ فِیْہِ فَاِنَّہٗ خَالِدُ

ترجمہ کاش میری تعریف جسکو مین ڈھال رہا ہون اُس شخص پر قربان جس کے لئے وہ ڈھالی گئی ہی کہ اُس کے ذریعہ سے یہ تعریف بھی ہمیشہ رہے گی۔

لَوَیْتُہٗ دُمْلُجًا عَلٰی عَضُدٍ	لِدَوْلَۃٍ رُکْنُھَا لَہٗ وَالِدُ

العضد مؤنثۃ وذکر الضمیر العائد الیہا فی قولہ حلا علی المعنی لانہ اراد بہ عضد الدولۃ وہو مذکر ترجمہ مینے اپنے اشعار مدحیہ کا بازو بند بنا کر اُس بازوے دولت پر جسکا رکن اُسکا والد ہی یعنے اُسکا لقب رکن الدولہ ہی جو پدر ممدوح ہی باندھا ہی

چونکہ لقب ممدوح عضد الدولہ ہی اس لئے اُسکی مدح کو بازوبند لکھا۔ **وقال فی صباہ**

سَیْفُ الصُّدُودِ عَلٰی اَعْلٰی مُقَلَّدِہٖ

ترجمہ شمشیر اعراض معشوق کی اوپر بالائی حصہ اُسکی گردن کے ہی۔ یعنی وہ عاشقون کو اپنے اعراض سے قتل کرتا ہے پس گویا اعراض کی تلوار اُسکی گردن سے لٹکتی ہی اور مصرع ثانی محفوظ نہین رہا۔ ایک فریق تو یہ کہتا ہی کہ مصرع ثانی یہ ہی یعنی ی ظلے دامقیہ فی تجردہ ترجمہ وہ اپنے عاشقون کی گردنین اعراض کو ظاہر کرکے کاٹتا ہی۔ اور ایک فریق یہ کہتا ہی کہ دوسرا مصرع بکف اھیف ذی مطل بموعدہ ہی ترجمہ وہ اعراض کی تلوار ایک معشوق باریک کمر کے ہاتھ مین ہی جسکا وعدہ پورا ہونے مین بہت دیر لگتی ہی یعنی وعدہ خلاف ہی جو خاصہ معشوق ہی اور ابن قطاع کہتا ہی کہ اول کا مصرع یہ ہی۔ وشادن نرجس من یعوا کالی یدہ ترجمہ اور بہت سے معشوق مثل آہو برہ کے خوشنما ہین کہ روح عاشق اُس کے ہاتھ مین ہی۔

مَا اهْتَزَّ مِنْهُ عَلٰی عُضْوٍ لِیَبْتُرَہٗ ۔۔۔ اِلَّا اتَّقَاہُ بِتُرْسٍ مِنْ تَجَلُّدِہٖ

ترجمہ وہ شمشیر معشوق عاشق کے کسی عضو کے کاٹنے کے لئے نہین ہلتی گر وہ عاشق اُس شمشیر کے صدمہ سے بذریعہ سپر صبر بچتا ہی یعنی جسقدر وہ اعراض کرتا ہی عاشق صبر کرتا ہی۔

ذَمَّ الزَّمَانُ اِلَیْہِ مِنْ اَحِبَّتِہٖ ۔۔۔ مَا ذَمَّ مِنْ بَدْرِہٖ فِیْ حَمْدِ اَحْمَدِہٖ

الضمیران فی الیہ واحبتہ راجعان الی المتنبی وضمائر المصراع الثانی للزمان واحمد ہو المتنبی او ممدوح آخر۔ ترجمہ زمانہ نے متنبی کے روبرو اُسکے دوستون کی اسقدر برائی کی جسقدر زمانہ نے اپنے چاند کی برائی اپنے احمد کی تعریف مین بیان کی۔ خلاصہ یہ کہ زمانہ نے میرے احباب کی اسلئے برائی کی کہ اُنھون نے متنبی جیسے عاشق صابر سے مفارقت اختیار کی۔ اور یہ بھی کہا کہ میرا بدر باوجود اپنے کمال روشنی کے احمد کی نسبت مذموم ہی۔

شَمْسٌ اِذَا الشَّمْسُ لَاقَتْہُ عَلٰی فَرَسٍ ۔۔۔ تَرَدَّدَ النُّوْرُ فِیْھَا مِنْ تَرَدُّدِہٖ

ترجمہ ممدوح ایسا آفتاب ہی کہ جب رسمی آفتاب اس سے اُسوقت ملاقات کرے جسوقت وہ سوار ہوکر گھوڑے کو جولانگاہ مین پھیرتا ہو تو اُسکے باربار جانے آنیسے نور آفتاب مین باربار آتا ہی یعنی یہ آفتاب ممدوح سے اکتساب نور کرتا ہی۔

اِنْ یَقْبُحِ الْحُسْنُ اِلَّا عِنْدَ طَلْعَتِہٖ ۔۔۔ فَالْعَبْدُ یَقْبُحُ اِلَّا عِنْدَ سَیِّدِہٖ

ترجمہ حسن مخلوقات بُرا معلوم نہین ہوتا گر اُسکے چہرۂ تابان کے روبرو یا اُس کے سامنے جیساکہ غلام ہرجگہ بُرا معلوم ہوتا ہی گر اپنے مالک کے پاس گویا وہ مالک حسن ہی اور سب کا حسن اُسکے بہ نسبت قبیح ہی۔

قَالَتْ عَنِ الرِّفْدِ طِبْ نَفْسًا فَقُلْتُ لَھَا ۔۔۔ لَا یَصْدُرُ الْحُرُّ اِلَّا بَعْدَ مَوْرِدِہٖ

ترجمہ ملامت گر عورت نے جسکو میرا سفر گوارا نتھا مجھ سے کہا کہ عطا و بخشش کے طلب کو چھوڑدے کہ وہ ملنے والی نہین ہے

تو نے اسکو جواب دیا کہ باہمت آزاد شخص گھاٹ سے نہین لوٹتا مگر اُسپر پہنچنے کے بعد۔

لَمَّا عَرَفَ الْخَيْرَ اِلَّا مُنْذُ عَرَفْتَ فَتًى	لَمْ يُوْلَدِ الْجُوْدُ اِلَّا عِنْدَ مَوْلِدِهٖ

ترجمہ مینے خیر و بھلائی کو نہین پہچانا مگر جبکہ ایسے جوانمرد کو دیکھا کہ بخشش پیدا نہین ہوئی مگر بوقت اُسکی پیدائش کے۔

نَفْسٌ تَصْغُرُ نَفْسَ الدَّهْرِ مِنْ كِبَرٍ	لَهَا نُهَى كَهْلِهٖ فِيْ سِنِّ اَمْرَدِهٖ

ضمیر الکہلہ والمردہ للدہر۔ ترجمہ ممدوح ایسا شخص باخبر ہی کہ وہ اپنی بڑائی کے سبب زمانہ کو جو مجمع خیر ہی حقیر سمجھتا ہے اُس نفس کو عقل پیران زمانہ ہی سن بے ریشگی مین سچ ہی۔ بزرگی بعقل است نہ بسال۔

وقال یمدح مساور بن محمد الرومی

اَمُسَاوِرٌ اَمْ قَرْنُ شَمْسٍ هٰذَا	اَمْ لَيْثُ غَابٍ يَقْدُمُ الْاُسْتَاذَا

یقدم بمعنے یتقدم۔ والاستاذ ہو الوزیر بعض اللغات ترجمہ کیا یہ شخص مساور ہی یا اول شعاع آفتاب یا شیر بن کا ہی جو وزیر سے بھی رتبہ مین بڑھا ہوا ہی۔

شِمْ مَا انْتَضَيْتَ فَقَدْ تَرَكْتَ ذُبَابَهٗ	قِطَعًا وَقَدْ تَرَكَ الْعِبَادَ جُذَاذَا

ذباب السیف حد طرفہ۔ والجذاذ جمع جذاذة بمعنے المکسور المقطوع۔ وشم اغمد ترجمہ جس تلوار کو تو نے سونتا ہی اُس کو میان مین کر کیونکہ تو نے بسبب کثرت ضربات کے اُسکی دھار کے ٹکڑے ٹکڑے کر دیے اور اُس دھار نے بندگان خدا کے پارے پارے۔

هَبْكَ ابْنَ يَزْدَاذٍ حَطَمْتَ وَصَحْبَهٗ	اَتَرَى الْوَرٰى اَضْحَوْا بَنِيْ يَزْدَاذَا

یزداذ اسم عجمی لاینصرف وصرفہ فی الاول للضرورة ترجمہ تو خیال کرلے کہ تو نے ابن یزداذ اور اُسکے ہمراہیونکو مار ڈالا کیا تو خیال کرتا ہی کہ تمام خلق بنی یزداذ بن گئی ہی کہ تو اُن سب کو قتل کر ڈالے گا۔

غَادَرْتَ اَوْجُهَهُمْ بِحَيْثُ لَقِيْتَهُمْ	اَقْفَاءَ هُمْ وَكُبُوْدَهُمْ اَفْلَاذَا

ترجمہ تو نے لڑا تو اُنکی پشت گردن کو اُنکا چہرہ بنا دیا یعنی جب وہ بھاگے تو بجائے چہرہ اُنکی گردن کی پشت تیرے سامنے ہوگئی گویا پشت اُنکا چہرہ ہوگیا یا یہ کہ جب اُنکے ناک و کان کٹ گئے تو اُنکا چہرہ اور قفا سپاٹ یکسان ہوگئے۔ اور تو نے اُنکے جگرون کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیا۔

فِيْ مَوْقِفٍ وَقَفَ الْحِمَامُ عَلَيْهِمِ	فِيْ ضَنْكِهٖ وَاسْتَحْوَذَا اسْتِحْوَاذَا

الضنک الضیق۔ واستحوذ استولی۔ ترجمہ یہ سارے کام مذکورہ بالا تو نے ایسی جگہ کیے جو نہایت تنگ تھی کہ اُسمین اُنکو موت نے گھیر لیا اور اُنپر پورا غلبہ حاصل کیا اور سبکو قتل کر ڈالا۔

جَمَدَتْ نُفُوْسُهُمْ فَلَمَّا جِئْتَهَا	اَجْرَيْتَهَا وَسَقَيْتَهَا الْفُوْلَاذَا

ترجمہ بسبب شدت خوف اُنکے خون جمگئے سو تو جب اُنکے پاس آیا تو اُنکو جاری کردیا یا یہ کہ اُنکی جانین محفوظ نہین تونے اُنکو تلوارون کے واسطے مباح کردیا۔ اس صورت مین جمود سے مراد اُنکا محفوظ رہنا ہی۔ یا یہ کہ اُنکے دل مثل سخت پتھر کے جامد تھے اور تکالیف جنگ پر صابر تو نے آکر اُنکو جاری کردیا اور شمشیر و نکو پلا دیا۔

لَمَّا رَاَوْكَ رَاَوْا اَبَاكَ مُحَمَّدًا	فِي جَوْشَنٍ وَاَخَا اَبِيكَ مُعَاذَا

ترجمہ جبکہ اُن لوگون نے تجھے دیکھا تو گویا تیرے باپ محمد کو زرہ پوش دیکھا اور تیرے چچا معاذ کو یعنے تجھین تیرے باپ اور چچا کی سی بہادری دیکھی اور بسبب کمال مشابہت گویا اُن دونون کو دیکھا۔

اَعْجَلْتَ اَلْسُنَهُمْ بِضَرْبِ رِقَابِهِمْ	عَنْ قَوْلِهِمْ لَا فَارِسٌ اِلَّا ذَا

ترجمہ اُنکی جلد قتل کردینے کے سبب تو نے اُنکی زبانون سے یہ کہنے ندیا کہ کوئی شہسوار نہین ہی مگر یہ ممدوح یعنے اگر اُنکے قتل مین مہلت ہوتی تو یہ کلمہ ضرور کہتے مگر تو نے اُنکے قتل مین شتابی کی اور کہنے ندیا۔

غِرٌّ طَلَعْتَ عَلَيْهِ طَلْعَةَ عَارِضٍ	مَطَرَ الْبَلَايَا وَابِلًا وَرَذَاذَا

الغر الغافل والذی لایجرب الامور۔ والعارض السحاب۔ والوابل المطر الکبار الکثیر والرذاذ الصغار الخفیف ترجمہ تیرا مخالف یزداذ غافل و ناتجربہ کار تھا کہ تو اُسپر مثل ایسی باران کثیر کبیرۃ القطرات کے ظاہر ہوا جنے اُسپر مصیبتونکا باران بڑی بڑی بوندون اور چھوٹی بوندونکا برسا دیا۔ بڑی اور چھوٹی بوندونکے یہ معنی کہ کسی کو قتل کردیا اور کسی کو زخمی اور کسیکو قید

فَغَدَا اَسِيرًا قَدْ بَلَلْتَ ثِيَابَهُ	بِدَمٍ وَبَلَّ بِبَوْلِهِ الْاَفْخَاذَا

ترجمہ سو وہ ایسے حال مین قید ہوا کہ تو نے اُسکے کپڑے اُسکے خون سے ترکردئے اور اُسنے اپنے پیشاب سے اپنی رانین ترکرلین یعنی اُسکا پیشاب مارے خوف کے خطا ہوگیا۔

سَدَّتْ عَلَيْهِ الْمَشْرَفِيَّةُ طُرْقَهُ	فَانْصَاعَ لَا حَلَبًا وَلَا بَغْدَاذَا

المشرفیۃ جمع مشرفی وہو السیف المنسوب الی مشارف الیمن قری تعمل بہا السیوف۔ وانصاع انصرف ونصب حلبا الفعل مضمر ای لایقصد حلبا ولا بغداذا ترجمہ تیری شمشیر مشرفی نے اُسکی سب راہین روک دین سو وہ بھاگا مگر نہ حلب کی طرف جو تیری دار الامارۃ ہی اور نہ بغداد کی طرف جو دار الخلافۃ ہی یونہین آوارہ ہوگیا۔

طَلَبَ الْاِمَارَةَ فِي الثُّغُورِ وَنَشْوُهُ	مَا بَيْنَ كَرْخَايَا اِلَى كَلْوَاذَا

کرخایا و کلواذا قریتان من اعمال بغداد ترجمہ اُسنے سرحدون کی امیری طلب کی حال آنکہ نشو و نما اُسکا مابین کرخایا اور کلواذا کے تھا یعنی دیہاتی کم اصل تھا اُسکو امارت سے کیا نسبت۔

فَكَاَنَّهُ حَسِبَ الْاَسِنَّةَ حُلْوَةً	اَوْ ظَنَّهَا الْبَرْنِيَّ وَالْآزَاذَا

البرنی والآزاذ نوعان من جید التمر۔ ترجمہ سو گویا اُس نے نیزون کو شیرین سمجھا تھا یا اُن کو خرمائے برنی و آزاذ

خلاصہ یہ کہ وہ پہلوان کا کھانے والا تھا نہ جنگی اور بہادر۔

لَمْ یَلْقَ قَبْلَكَ مَنْ اِذَا اخْتَلَفَ الْقَنَا	جَعَلَ الطِّعَانَ مِنَ الطِّعَانِ مَلَاذَا	

ترجمہ وہ تجھ سے پہلے ایسے شخص بہادر سے نہیں ملا تھا کہ جب نیزے بازی ہونے لگے تو نیزہ بازی کو نیزہ بازی کی پناہ کرے یعنی بوقت جنگ استعمال سلاح کو اپنی نجات دلانیوالا سمجھے اور دشمن کے نیزہ کو اپنے نیزہ سے روکے۔

مَنْ لَا تُوَافِقُهُ الْحَیٰوةُ وَطِیْبُهَا	حَتّٰی یُوَافِقَ عَزْمُهُ الْاِنْفَاذَا	

ترجمہ وہ شخص تجھ سے پہلے ایسے بہادر صاحب عزم سے نہیں ملا تھا کہ اگر اُسکا قصد پورا نہو تو اُسکو اپنی زندگی اور طیب عیش گوارا نہو۔ یعنے اُسکو اپنی زندگی جب ہی اچھی معلوم ہوتی ہو جب اُسکا قصد پورا ہو۔

مُتَعَوِّدًا لُبْسَ الدُّرُوْعِ یَخَالُهَا	فِی الْبَرْدِ خَزًّا وَالْهَوَاجِرِ لَاذَا	

الخزثیاب من الحریر۔ واللاذ ثوب رقیق یعمل من الکتان یلاذ بہ من الحر۔ ومتعوّدًا منصوب علی النعت لقولہ من وہو فی محل النصب ترجمہ وہ تجھ سے پہلے ایسے جفاکش مرد سے نہیں ملا تھا کہ وہ زرہ پوشی کا ایسا عادی وخوگر ہو اور زرہ کو جاڑون مین جامہ ریشمین دفع برد کے واسطے اور شدت گرمی اور دوپہریون مین اُسکو جامہ کتان دفع حرارت کے لئے خیال کرے۔

اَعْجِبْ بِاَخْذِكَهٗ وَاَعْجَبُ مِنْکُمَا	اَنْ لَا تَكُوْنَ لِمِثْلِهٖ اَخَّاذَا	

ترجمہ تیرا اُسکو باوجود اُسکے کثرت لشکر وسامان گرفتار کرنا نہایت عجیب ہوا اور تم دونون سے زیادہ عجیب یہ امر ہوتا کہ تجھسا صاحب اقبال اُس جیسے بد اقبال کو گرفتار کرنے والا نہوتا۔

وقال یمدح سیف الدولۃ ابا الحسن علی بن حمدان سنۃ سبع وثلث وسبعمائۃ

سِرْ حَیْثُ شِئْتَ یَحُلُّهُ النُّوَّارُ	وَاَرَادَ فِیْكَ مُرَادَكَ الْمِقْدَارُ	

النوار جمع نور وہو الزہر الابیض واذا اطلق علیہ اسم الزہر فہو الاصفر ترجمہ جس جگہ تو چاہے سیر کر اور چل تیری برکت سے وہ مکان شگوفہ زار ہو جاویگا یعنی بارش ہونے لگے گی اور قحط رفع ہو جائے گا اور تیرے معاملہ مین قضا وقدر تیری مراد کے موافق ہین۔

وَاِذَا ارْتَحَلْتَ فَشَیَّعَتْكَ سَلَامَةٌ	حَیْثُ اتَّجَهْتَ وَدِیْمَةٌ مِدْرَارُ	

الدیمۃ المطر الذی لیس فیہ رعد وبرق۔ والمدرار الدائم الدر ترجمہ اور جب تو کوچ کرے جہان تو جائے سلامتی اور برابر برسنے والا باران تیرے ساتھ رہے تاکہ قحط معدوم ہو جاوے۔

وَاَرَاكَ دَهْرُكَ مَا تُحَاوِلُ فِی الْعِدٰی	حَتّٰی كَاَنَّ صُرُوْفَهٗ اَنْصَارُ	

ترجمہ اور تجکو تیرا زمانہ تیرے دشمنون مین وہ دکھلاوے جسکا تو قصد رکھتا ہی یعنی اُنکی ہلاکی اور شکست اور زمانہ تیرا ایسا دوست ہو کر گویا اُسکے حوادث تیرے مددگار ہون۔

وَصَدَرْتَ اَغْنَمَ صَادِرٍ عَنْ مَوْرِدٍ	مَرْفُوْعَةً لِقُدُوْمِكَ الْاَبْصَارُ

الاصدار ہو الخروج عن الماء۔ والورود الدخول لطلب الماء ترجمہ اور جس گھاٹ پر تو جائے وہانسے بہت سی غنیمت لیکر ایسی طرح آئے کہ سب لوگ تجکو مشتاقانہ دیکھتے ہون۔

اَنْتَ الَّذِیْ بَجِحَ الزَّمَانُ بِذِکْرِہٖ	وَتَزَیَّنَتْ بِحَدِیْثِہِ الْاَسْمَارُ

بَجِح بالجیم بعدہ الحاء فرح ترجمہ تو وہ ہو کہ اُسکے ذکر سے زمانہ خوش ہوتا ہی کیونکہ تو اُسکا مایۂ فخر ہی اور اُسکی حکایت سے کہانیون نے زینت پکڑلی کیونکہ اُنمین تیرے حسن اخلاق و شجاعت و سخاوت کے مذکور ہوتے ہین۔

وَاِذَا تَنَکَّرَ فَالْفَنَاءُ عِقَابُہٗ	وَاِذَا عَفَا فَعَطَاؤُہُ الْاَعْمَارُ

ترجمہ اور تو وہ ہو کہ جب وہ بگڑتا ہی تو اُسکا عذاب ہلاک مغضوب علیہ ہی اور جب وہ معاف کرے تو اُسکی بخشش عمرین ہوتی ہین یعنی جیسا اُسکا غصہ باعث ہلاک ہی ایسا ہی اُسکا عفو باعث زندگی۔

وَلَہٗ وَاِنْ وَھَبَ الْمُلُوْکُ مَوَاھِبٌ	دَرُّ الْمُلُوْکِ لِدَرِّھَا اَغْبَارُ

الاغبار جمع غُبر وہو بقیۃ اللبن فی الضرع ترجمہ اگرچہ اور بادشاہ بھی بخشتے ہین مگر ممدوح کی اپنی بخششین ہین کہ عطائے شاہان دیگر اُسکی عطاسے وہ نسبت رکھتی ہی جو کہ وہ قلیل دودہ جو دوہنے کے بعد تھنون مین رہجاتا ہی دوہے ہوئے شیر سے یعنی نہایت کم۔

لِلّٰہِ قَلْبُکَ مَا یَخَافُ مِنَ الرَّدٰی	وَیَخَافُ اَنْ یَدْنُوْ اِلَیْکَ الْعَارُ

العرب اذا تعجب تقول للہ زیدًا ای للہ درہ ای لایقدر علی خلقہ الا اللہ ترجمہ تیرا دل عجیب ہی کہ اُسکو ہلاکی کا خوف نہین ہی مگر اس بات کا خوف ہی کہ اُس سے عار و ننگ قریب ہو جاوے۔

وَیَحِیْدُ عَنْ طَبْعِ الْخَلَائِقِ کُلِّہٖ	وَیَحِیْدُ عَنْکَ الْجَحْفَلُ الْجَرَّارُ

کلہ تاکید للطبع۔ والجحفل الجیش العظیم۔ والجرار ہو الذی یجر ذیل التراب ترجمہ خلائق کے کل عادات زبون سے تو احتراز کرتا ہی اور لشکر عظیم کثیر الغبار تجسے کنارہ کرتا ہی۔

یَا مَنْ یَعِزُّ عَلَی الْاَعِزَّۃِ جَارُہٗ	وَیَذِلُّ فِیْ سَطَوَاتِہِ الْجَبَّارُ۔

ترجمہ ای وہ شخص کہ بادشاہان صاحب عزت پر اُسکا ہم عہد عزیز ہی یعنی اُسکو کوئی ستا نہین سکتا اور زبردست متکبر لوگ اُسکے دبدبون سے ذلیل ہو جاتے ہین۔

کُنْ حَیْثُ شِئْتَ فَمَا تَحُوْلُ تَنُوْفَۃٌ	دُوْنَ اللِّقَاءِ وَلَا یَشُطُّ مَزَارُ

التنوفۃ الفلاۃ البعیدۃ۔ وشیط بعید۔ وتحول تمنع۔ ترجمہ تو جہاں چاہے تشریف رکھ تیری ملاقات سے ہکو کوئی بعید جنگل نہیں روک سکتا۔ اور تیری ملاقات کی جگہ ہمیں دور نہیں معلوم ہوتی۔ یعنی بسبب غایت شوق کے۔

وَبِلَادُنِ مَا اَنَا بِن وِدَادِكَ مُضْمِرٌ	يُضْنِي المَطِيَّ وَيَقْهَبُ المُسْتَامُ

المستام مفتعل من السیر والتیار تفعال منہ ترجمہ اور جو تیری محبت میرے دل میں ہے اُس سے کم میں ما دہائے شتر لاغر ہو جاتے ہیں اور سیر کرنے والا قریب۔ یعنی جس شخص کو میری نسبت تجھ سے محبت کم ہے اسکو بھی یہہ سفر دور و دراز معلوم نہیں ہوتا میری محبت تو بہت بڑھی ہوئی ہے مجکو یہہ سفر کیوں دور معلوم ہوگا۔

اِنَّ الَّذِي خَلَّفْتُ خَلْفِي ضَائِعٌ	مَالِي عَلَى قَلَقِي اِلَيْهِ خِيَارُ

ترجمہ بیشک وہ چیز جسکو مینے اپنے پیچھے چھوڑا یعنی اہل وعیال میری غیبت میں ضائع ہونے والے ہیں مجکو جو اُن کا رنج ہے اُسمیں میرا اختیار نہیں ہے واقعی کشش دل بے اختیار امر ہے۔

وَاِذَا صُحِبْتُ فَكُلُّ مَاءٍ مَشْرَبٌ	لَوْلَا العِيَالُ وَكُلُّ اَرْضٍ دَارُ

ترجمہ اور جب میں تیرے ساتھ رکھا جاؤں یعنی تیرے ہمراہ رہوں تو ہر پانی پینے کی جگہ ہے اور ہر زمین گھر ہے مگر کیا کیجئے کہ عیال کا بڑا جھگڑا ہے اور اُسکی سخت مجبوری۔

اِذْنُ الاَمِيرِ بِاَنْ اَعُودَ اِلَيْهِم	صِلَةٌ تَسِيرُ بِشُكْرِهَا الاَشْعَارُ

ترجمہ امیر کی اجازت اس بات کی کہ میں اپنے عیال میں چلا جاؤں ایک عطا ہے منجملہ اُسکی عطایا کے کہ میں اُسکا شکر اپنے اشعار میں کرونگا اور وہ شعر اُسکو سارے جہان میں لئے پھرینگے اور تیری نیکنامی کا سبب ہوں گے۔

دخیرہ میں فرسین دہما و کمیت فقال

اِخْتَرْتُ دَهْمَاءَ تَيْنِ يَا مَطَرُ	وَمَنْ لَهُ فِي الفَضَائِلِ الخِيَرُ

تین بمعنی ہاتین ای اخترت من ہاتین والخیر بمعنی الاختیار ای یا خذ المختار ترجمہ مینے ان دونوں گھوڑوں میں سے مشکی اختیار کیا ای وہ شخص کہ اُسکی سخاوت مثل باران ہے اور ای وہ شخص کہ اُسکے لئے فضائل میں عمدہ چیزیں ثابت ہیں اور اگر خبر بائے موحدہ سے پڑہیں تو اُس سے مراد اشتہار ہے۔

وَرُبَّمَا فَالَتِ العُيُونُ وَقَدْ	يَصْدُقُ فِيهَا وَيَكْذِبُ النَّظَرُ

فالت اخطأت ترجمہ اور آنکھیں اکثر غلطیاں کرتی ہیں اور ناقص کو عمدہ سمجھتی ہیں کبھی تو آنکھ گھوڑے کے دیکھنے میں صادق ہوتی ہے اور کبھی کاذب یعنی جسکو وہ اچھا سمجھتی ہے کبھی وہ واقعی اچھا ہوتا ہے اور کبھی ناقص۔

اَنْتَ الَّذِي لَوْ يُعَابُ فِي مَلَاٍ	مَا عِيبَ اِلَّا بِاَنَّهُ بَشَرُ

ترجمہ تو وہ ہے کہ اگر کسی مجمع میں تجھپر عیب لگایا جاوے تو کوئی عیب نہیں لگایا جاویگا مگر یہہ کہ تو بشر ہے یعنی تجھکو

بشر کہنا ہی عیب لگانا ہی کیونکہ تجھین جو فضائل ہین وہ شان بشر سے بڑھکر ہین تو تو ملکی خصال ہو

وَاَنَّ اِعْطَاءَكَ الصَّوَارِمُ وَالْخَيْلُ وَسُمْرُ الرِّمَاحِ وَالْعَكَرُ

الاعطار ہہنا بمعنی العطار - والعکر جمع عکرۃ وہی ما بین الخمسین الی المائۃ ترجمہ اور تجکو کوئی عیب نہین لگا سکتا سوائے اسکے کہ تیری عطا تلوارین اور گھوڑے اور گندم گون نیزے وگلہ شتران ہی یعنی اگر تجھ پر کوئی عیب لگاوے تو سوائے کثرت عطا کے اور کچھ عیب نہین لگا سکتا حالانکہ یہہ عیب نہین ہی -

فَاضِحُ اَعْدَائِهِ كَأَنَّهُمُ	لَهُ يَقِلُّوْنَ كُلَّمَا كَثُرُوْا

ترجمہ ممدوح اپنے دشمنون کو فضیحت کرنے والا ہی بسبب کثرت فضائل کے - گویا اعدا جسقدر شمار مین زیادہ ہون اُسکی نسبت کمتر ہین کیونکہ اُسکی سی قوت و شرف اُنمین نہین ہی گو شمار مین کثیر ہون

اَعَاذَكَ اللّٰهُ مِنْ سِهَامِهِمِ	وَمُخْطِئٌ مَنْ رَمِيُّهُ الْقَمَرُ

الرمی المرمی ترجمہ اُسکو دعا دیتا ہی کہ خدا تجکو دشمنون کے تیرون سے بچاوے یا خبر ہی کہ تجکو خدا نے اُنکے تیرونسے بچالیا اور کیونکر نہ بچاے کہ وہ شخص جسکا نشانہ قمر ہے خطا پر ہی کیونکہ قمر تلک تیر پہنچ نہین سکتا الٹ کر اُسی پر آویگا اور تو قمر سے بھی رفیع القدر ہی اُنکا تیر تجھ تلک بدرجہ اولی نہین پہنچیگا - وقال وقد سائرہ واجمل ذکرہ بطریق آمد

اَنَا بِالْوُشَاةِ اِذَا ذَكَرْتُكَ اَشْبَهُ	تَأْتِي النَّدَى وَيُذَاعُ عَنْكَ فَتَكْرَهُ

ترجمہ جب مین تیری سخاوت کا ذکر کرتا ہون تو چغلخورون کے مشابہ ہوتا ہون کیونکہ تو اپنی سخاوت کو چھپاتا ہی اور مین تیرے ارادہ کے خلاف اُس کو مشتہر کرتا ہون - تو سخاوت کرتا ہی اور وہ میرے سبب مشہور ہوتی ہی سو تو اس شہرت کو مکروہ سمجھتا ہی بخوف ریا و حبط ثواب -

وَاِذَا رَاَيْتُكَ دُوْنَ عِرْضٍ عَارِضًا	اَيْقَنْتُ اَنَّ اللّٰهَ يَبْغِيْ نَصْرَهُ

عارضاً حال لان رویۃ العین لاتتعدی الا الی مفعول واحد ترجمہ اور جب مین تجکو ایسے حال مین دیکھتا ہون کہ تو کسی کی عزت بچانے کے واسطے آڑ ہو رہا ہی تو مین یقین کر لیتا ہون کہ خداوند تعالے اُس عزت کی مدد کرنا چاہتا ہی اور آبرو سے مراد متنبی کی آبرو ہی کیونکہ سیف الدولہ نے اُسکی تعریف کی تھی خلاصہ یہہ ہی کہ جب تو نے میری تعریف کی تو مین جان گیا کہ اللہ تعالے میری آبرو کو حاسدون سے بچاوے گا - ان دونون شعرون مین قافیے مضطرب ہین -

وجاء رسول سیف الدولۃ برقعۃ فیہا بیتان للعباس بن الاحنف وہما

اَمُنِّيْ تَخَافُ انْتِشَارَ الْحَدِيْثِ	وَحَظِّيْ فِيْ سَتْرِهِ اَوْفَرُ
فَاِنْ لَمْ اَصُنْهُ لِبُقْيَا عَلَيْكَ	نَظَرْتُ لِنَفْسِيْ كَمَا تَنْظُرُ

ترجمہ ای محبوبہ کیا تو مجھ سے افشاے راز کا خوف کرتی ہو حالانکہ اُسکے چھپانے مین میرا فائدہ زیادہ ہی اگر مین اُس راز کو تجھ پر رحم کرکے اظہار سے نہ بچاؤن تو مین اپنا ہی تو انجام دیکھتا ہون جیسا تو اپنے لئے دیکھتی ہو۔

وسالہ اجازتہما فقال

رِضَاكَ رِضَايَ الَّذِي أُوثِرُ	وَسِرُّكَ سِرِّي فَمَا أُظْهِرُ

فما اظہر استفہام انکاری ای لا اظہر سرک ترجمہ میری خوشنودی جسکو مین اپنے لئے پسند کرتا ہون تیری خوشنودی ہو اور تیرا راز میرا راز ہی سو مین کس چیز کو ظاہر کرون کیا اپنے بھید کو سو یہ نہین ہو سکتا۔

كَفَتْكَ الْمُرُوَّةُ مَا تَتَّقِي	وَآمَنَكَ الْوُدُّ مَا تَحْذَرُ

ترجمہ میری مروت تجکو اُس خوف سے کافی ہی جس سے تو ڈرتا ہی یعنی افشائے راز سے اور میری دوستی نے تجکو اُس خوف سے جس سے تو بچتا ہی بیخوف کر دیا۔

وَسِرُّكُمُ فِي الْحَشَا مَيِّتٌ	إِذَا أُنْشِرَ السِّرُّ لَا يُنْشَرُ

ترجمہ اور تمہارا بھید اپنے باطن مین مینے اسقدر چھپایا ہی کہ گویا وہ ایسی طرح مرگیا ہی کہ جب اور دن کے بھید بروز حشر زندہ ہوکر اُٹھین گے تو میرا بھید جب بھی زندہ نہو گا۔

كَأَنِّي عَصَتْ مُقْلَتِي فِيكُمُ	وَكَاتَمَتِ الْقَلْبَ مَا تُبْصِرُ

ترجمہ میرا یہ حال ہی کہ گویا میری چشم نے تمہارے راز کے معاملہ مین میری نافرمانی کی اور اپنی دیکھی ہوئی کو دل سے چھپایا ہی اور اپنی دیکھی ہوئی شی سے دلکو خبر نہین ہونے دی پس وہ کیونکر ظاہر ہو سکتا ہی۔

وَإِفْشَاءُ مَا أَنَا مُسْتَوْدَعٌ	مِنَ الْغَدْرِ وَالْحُرُّ لَا يَغْدِرُ

ترجمہ اور اُس بھید کا اظہار جو میرے پاس امانت ہی عہد شکنی مین داخل ہی اور شریف آدمی عہد شکنی نہین کرتا ہی۔

إِذَا مَا قَدَرْتُ عَلَى نُطْقِهِ	فَإِنِّي عَلَى تَرْكِهَا أَقْدَرُ

ترجمہ جبکہ مجکو اظہار راز پر قدرت ہی تو ترک اظہار پر زیادہ قدرت ہی یعنی جو کسی کام کرنے پر قدرت رکھتا ہی اُسکو ترک پر زیادہ قدرت ہوتی ہی۔

أُصَرِّفُ نَفْسِي كَمَا أَشْتَهِي	وَأَمْلِكُهَا وَالْقَنَا أَحْمَرُ

ترجمہ اپنی طبیعت کو جسطرح چاہون پھیر سکتا ہون اور مین اُسپر قابو یافتہ ہون اُس حالین کہ نیزے خون لیر و نسے سرخ ہون

دَوَالَيْكَ يَا سَيْفُهَا دَوْلَةً	وَأَمْرُكَ يَا خَيْرَ مَنْ يَأْمُرُ

دوالیک نصب علی المصدر ای دالت لک الدولۃ دولاً بعد دول۔ وہذا من المصادر التی استعملت مثناۃ وہو للتاکید۔ ومثلہ لبیک وسعدیک وحنانیک۔ ودولۃ منصوب علی التمییز ونصب امرک باضمار فعل ای مر امرک

ترجمہ ای سیف الدولہ تجکو متواتر دولتین حاصل ہون اور اپنا حکم جاری رکھ ای امر کرنے والون مین سب سے بہتر کہ تیرا حکم واجب الاتباع ہی۔

اَتَانِیْ رَسُوْلُکَ مُسْتَعْجِلاً	فَلَبَّاہُ شِعْرِیَ الَّذِیْ اَذْخَرُ

ترجمہ میرے پاس تیرا قاصد شتابی کرتا ہوا آیا سو اسکو میرے شعر نے جسپر مین قادر تھا جواب دیا کہ مین حاضر ہون۔

وَلَوْ کَانَ یَوْمَ وَغیً قَاتِمًا	لَلَبَّاہُ سَیْفِیْ وَالْاَشْقَرُ

القاتم المظلم الذی علاہ غبار ترجمہ اور اگر مجکو تیرا طلب فرمانا اُس جنگ کے روز ہوتا جو کثرت غبار سے تاریک معلوم ہوتا ہی تو تیری طلب کا میری تلوار اور سرخ رنگ گھوڑا ضرور جواب دیتا یعنی مین اپنی تلوار اور گھوڑے سمیت حاضر ہوتا۔

فَلاَ غَفَلَ الدَّھْرُ عَنْ اَھْلِہٖ	فَاِنَّکَ عَیْنٌ بِھَا یَنْظُرُ

ترجمہ سو زمانہ اہل زمانہ سے غافل نہوجے کیونکہ تو ایسی آنکھ ہی جس سے زمانہ دیکھتا ہی سو اُسکی یہہ آنکھ ہمیشہ بنی رہے یعنی تجکو خدا ہمیشہ سالم و قائم رکھے اگر تو نہو تو زمانہ اندھا اور اپنے اہل سے غافل ہوجاویگا۔

ولما استبطاء سیف الدولة مدحه تنكر له فقال

اَرٰی ذٰلِکَ الْقُرْبَ صَارَ ازْوِرَارًا	وَصَارَ طَوِیْلُ السَّلاَمِ اخْتِصَارًا

الازورار الانحراف ترجمہ وہ قرب جو مجکو حاصل تھا اب وہ تیرے عتاب کے سبب انحراف ہوگیا یعنی تیرا مزاج مجھ سے منحرف ہوگیا ہی اور سلام دراز مشتاقانہ میرا یا تیرا مختصر رہگیا۔

تَرَکْتَنِیَ الْیَوْمَ فِیْ خَجْلَۃٍ	اَمُوْتُ مِرَارًا وَاَحْیٰی مِرَارًا

ترجمہ تو نے مجکو آج ایسی خجالت مین کر دیا ہی کہ بہت دفعہ مرتا ہون اور بہت دفعہ جیتا ہون یعنی درصورت یاد آنے وجوہ خجالت کے

اُسَارِقُکَ اللَّحْظَ مُسْتَحْیِیًا	وَاَزْجُرُ فِی الْخَیْلِ مُھْرِیْ سِرَارًا

ترجمہ اب براہ شرم مین تجکو نظر چرا کر دیکھتا ہون اور گھوڑون مین اپنے بچھیرے کو آہستہ ہنکاتا ہون یعنے شرم سے۔

وَاَعْلَمُ اَنِّیْ اِذَا مَا اعْتَذَرْتُ	اِلَیْکَ اَرَادَ اعْتِذَارِیْ اعْتِذَارًا

ترجمہ اور مین جانتا ہون کہ اگر مین بیجرم ہوکر تجسے عذر قصور کرون تو میری عذر خواہی عذر خواہی کی طالب ہوگی کیونکہ بغیر جرم عذر خواہی جھوٹ ہی اور جھوٹ اگر بولے تو عذر خواہی ضرور ہی۔

وَلٰکِنْ حَمَی الشِّعْرَ اِلاَّ الْقَلِیْلَ ھَمٌّ حَمَی النَّوْمَ اِلاَّ غِرَارًا

الغرار بالکسر النوم القلیل ترجمہ لکن میری شعر گوئی کو روکدیا مگر بقدر قلیل ایک غم جسنے میرے خواب کو روکدیا مگر کمتر خلاصہ یہہ ہی کہ ایک شدید غم نے میری شعر گوئی اور خواب کو منع کر دیا۔ یہہ دونون امر مجسے نہو سکے مگر قدر قلیل۔

کَفَرْتُ مَکَارِمَکَ الْبَاھِرَاتِ اِنْ کَانَ ذٰلِکَ مِنِّی اخْتِیَارًا

ترجمہ اگر یہہ ترک اشعار مدح مجھسے باختیار خود ہوا ہو تو مین تیرے احسانات ظاہرہ کا منکر ہو جاؤن جسکا بسبب غایت ظہور انکار ممکن ہی نہین ہی یعنی اگر اسمین جھوٹ بولتا ہون تو ایسے جرم کبیرہ کا مرتکب ہوؤن جس کے سبب ساری دنیا مجھکو جھوٹا جاننے لگے۔

وَمَا اَنَا اَسْقَمْتُ جِسْمِیْ بِهٖ — وَمَا اَنَا اَضْرَمْتُ فِی الْقَلْبِ نَارًا

ترجمہ مینے اُسی غم کے سبب اپنے جسم کو بیمار نہین کیا اور مینے باختیار خود دل مین آگ نہین بھڑکائی۔ یہہ سارے کام غم کے ہین کہ اُسنے میری شعرگوئی اور خواب کو رد کردیا جسمین میرا کچھ اختیار نہ تھا۔

فَلَا تُلْزِمَنِّیْ ذُنُوْبَ الزَّمَانِ — اِلَیَّ اَسَاءَ وَاِیَّایَ ضَارَا

ضارہ یضیرہ بمعنی ضرہ یضرہ ترجمہ سو تو قصورات زمانہ کو میرے سر نہ لگا کہ اُس نے خاص میرے ساتھ بدی کی اور خاص مجھی کو نقصان پہنچایا۔

وَعِنْدِیْ لَكَ الشُّرَّدُ السَّائِرَا — تُ لَا یَخْتَصِصْنَ مِنَ الْاَرْضِ دَارًا

الشرد جمع شرود وہو البہیمۃ النافرۃ یرید القصائد وجعلہا شرد الانہا لا تستقر بموضع ترجمہ اور میرے پاس تیرے لئے قصائد مدحیہ ہر جگہ جانیوالے اور ہر مقام پر پھیلنے والے ہین کہ کسی خاص زمین مین اقامت نہین کرتے بلکہ تمام جہان مین پھیلے ہوئے ہین۔

قَوَافٍ اِذَا سِرْنَ مِنْ مِقْوَلِیْ — وَثَبْنَ الْجِبَالَ وَخُضْنَ الْبِحَارَا

ترجمہ وہ ہر جگہ پھیلنے والے میرے اشعار ہین کہ جب وہ میری زبان سے باہر آتے ہین سو پہاڑون کو کود جاتے ہین اور دریاؤن مین گھس جاتے ہین یعنی لوگ اُنکو بطور تحفہ لیجاتے ہین پہاڑ اور دریا اُنکو روک نہین سکتے۔

وَلِیْ فِیْكَ مَا لَمْ یَقُلْ قَائِلٌ — وَمَا لَمْ یَسِرْ قَمَرٌ حَیْثُ سَارَا

ترجمہ اور تیری تعریف مین میرے ایسے قصائد ہین کہ ایسے کسی نے نہین کہے اور بسبب عمدگی اور خوبی کے جہان وہ پہنچ گئے ہین وہان ماہتاب بھی نہین پہنچا۔

فَلَوْ خُلِقَ النَّاسُ مِنْ دَهْرِهِمْ — لَكَانُوا الظَّلَامَ وَكُنْتَ النَّهَارَا

ترجمہ سو اگر لوگ اپنے زمانہ سے پیدا کئے جاوین تو وہ تاریکی ہون اور تو نور مثل روز روشن کے۔

اَشَدُّهُمْ فِی النَّدٰی هِزَّةً — وَاَبْعَدُهُمْ فِیْ عَدُوٍّ مُغَارَا

اشد بنصب الدال خبر کان وبالرفع خبر مبتدا ای انت ترجمہ تو سخاوت مین تمام اسخیا سے زیادہ خوش ہونیوالا ہی اور باعتبار غارتگری دشمنان تیری غارت بہت بڑھی ہوئی ہی۔

سَمَا بِكَ هَمِّیْ فَوْقَ النُّجُوْمِ — فَلَسْتُ اُعِدُّ یَسَارًا یَسَارَا

ترجمہ میری ہمت تیری سخاوت کے سبب ستاروں سے اونچی ہو گئی ہے اسلئے مین تونگری کو تونگری نہین سمجھتا ہون بلکہ اُس سے زیادہ خواہش رکھتا ہون۔

وَمَنْ كُنْتَ بَحْرًا لَهُ يَا عَلِيُّ   لَمْ يَقْبَلِ الدُّرَّ إِلَّا كِبَارًا

ترجمہ اور اے علی جسکا تو دریا ہے وہ نہین قبول کرتا موتیونکو مگر جبکہ وہ کلان ہون یعنے جس کا تو ممدوح ہے وہ تھوڑی عطا پر راضی نہین ہوتا۔ **وقال یہنیہ بعید الفطر**

اَلصَّوْمُ وَالْفِطْرُ وَالْأَعْيَادُ وَالْعُصُرُ   مُنِيرَةٌ بِكَ حَتَّى الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

العصر جمع عصر ترجمہ روزہ اور فطر اور عیدین اور زمانے سب تجھ سے روشن ہین یہان تلک کہ سورج اور چاند یعنے تو زمانون اور دین کے لئے موجب فرحت و سرور ہے اور سب چیزین تجھ سے روشن ہین یہان تلک کہ آفتاب اصل تمام نور کا

تُرِي الْأَهِلَّةَ وَجْهًا عَمَّ نَائِلُهُ   فَمَا يَخُصُّ بِهِ مِنْ دُونِهَا الْبَشَرُ

ترجمہ تو ہلالونکو وہ چہرہ دکھاتا ہے جسکی عطا عام ہے یعنی وہ تجھ سے اکتساب نور کرتے ہین سو تیرے چہرہ منور کے فیض کے ساتھ انسان خاص نہین ہے بلکہ ہلال بھی تجھ سے مستفیض ہین۔ بلکہ خود آفتاب۔

مَا الدَّهْرُ عِنْدَكَ إِلَّا رَوْضَةٌ أُنُفٌ   يَا مَنْ شَمَائِلُهُ فِي دَهْرِهِ زَهَرُ

الانف التی لم ترع ترجمہ زمانہ تیرے پاس ہوتے نہین ہے مگر ایک باغ جسکو مویشی نے چرا نہین یعنے تر و تازہ اور اچھوتا بارونق ہے اے وہ شخص کہ اُسکے خصائل حمیدہ اُس کے زمانہ مین بمنزلہ کلیون کے ہین۔ زمانہ باغ ہے اور تیرے شمائل اُس کی کلیان۔

مَا يَنْتَهِي لَكَ فِي أَيَّامِهِ كَرَمٌ   فَلَا انْتَهَى لَكَ فِي أَعْوَامِهِ عُمُرُ

ترجمہ ایام زمانہ مین تیرا کرم بے نہایت ہے تو سالہائے دہر مین تیری عمر بے نہایت رہے۔ دعائے دوام بقا دیتا ہے جس سے مراد بقائے ذکر خیر ہے۔

فَإِنَّ حَظَّكَ مِنْ تَكْرَارِهَا شَرَفٌ   وَحَظُّ غَيْرِكَ مِنْهَا الشَّيْبُ وَالْكِبَرُ

ترجمہ کیونکہ تیرا حصہ برسونکے مکرر آنے سے تیرے شرف و مجد کی افزائش ہے اور تیرے غیر کا حصہ تکرار اعوام سے ضعف و پیری ہے۔

وجلس سیف الدولۃ لرسول ملک الروم ولم یصل الیہ لزحام الناس فعاتبہ علی تاخیرہ وانقطاعہ

ظُلْمٌ لِذَا الْيَوْمِ وَصْفٌ قَبْلَ رُؤْيَتِهِ   لَا يَصْدُقُ الْوَصْفُ حَتَّى يَصْدُقَ النَّظَرُ

ترجمہ اس روز کا وصف کرنا اُسکے دیکھنے کے پہلے اُسپر ظلم کرنا ہے اور وصف کا صادق ہونا بدون صادق ہونے نظر کے نہین ہو سکتا ہے یعنے مین بسبب کثرت ازدحام اُس جلسہ مین جا نہین سکا تو اُسکا کیا وصف کرون۔

تَزَاحَمَ الْجَيْشُ حَتَّى لَمْ أَجِدْ سَبَبًا   إِلَى بِسَاطِكَ لِي سَمْعٌ وَلَا بَصَرُ

ترجمہ لشکر نے ایسی دھکا پیل کی کہ جینے تیری مسند تلک پہنچے اور اپنی سامعہ و باصرہ کے لئے کوئی سبب نپایا یعنی نہ مین خود وہان تلک جا سکا اور نہ کچھ سنتے اور دیکھنے پایا صرف لوگون سے سُنا۔

فَكُنْتُ أَشْهَدَ مُخْتَصٍّ وَأَغْيَبَهُ	مُعَايِنًا وَعِيَانِي كُلُّهُ خَبَرُ

ترجمہ سومین سب خواص سے زیادہ حاضر تھا کہ میرا دل وہان ہی تھا اور سب سے زیادہ غائب تھا باعتبار دیکھنے کے کیونکہ مین وہان نجا سکا اور میرا دیکھا ہوا بیان کرنا سب سُنا سنایا ہو نہ دیکھا ہوا۔

أَلْيَوْمَ يَرْفَعُ مَلِكُ الرُّومِ نَاظِرَهُ	لِأَنَّ عَفْوَكَ عَنْهُ عِنْدَهُ ظَفَرُ

ترجمہ شاہ روم آج اپنی نظر اُٹھا کر دیکھے گا ورنہ پہلے تو بسبب ذلت کے اوپر کو نہین دیکھ سکتا تھا اور اوپر کو دیکھنے کی وجہ یہہ ہو کہ تو نے جو اُسکا قصور معاف کردیا ہو وہ اُسکے نزدیک حصول فتح ہو۔

وَإِنْ أَجَبْتَ بِشَيْءٍ عَنْ رِسَالَتِهِ	فَمَا يَزَالُ عَلَى الْأَمْلَاكِ يَفْتَخِرُ

ترجمہ اور اگر تو نے اُسکے پیام سے کچھ قبول کر لیا تو وہ اور شاہو نپر ہمیشہ اس بات کا فخر کرتا رہے گا۔

قَدِ اسْتَرَاحَتْ إِلَى وَقْتٍ رِقَابُهُمُ	مِنَ السُّيُوفِ وَبَاقِي النَّاسِ يَنْتَظِرُ

ترجمہ اب ایک وقت مین تلک اُنکی گردنین تلوارون سے آرام پاگئی ہین اور سوائے روم کے اور بادشاہ تیرے حملہ کے منتظر ہین کیونکہ وہ جانتے ہین کہ تجھے بے لڑے چین نہین آتا۔ یا باقی لوگ بھی صلح کے منتظر ہین۔

وَقَدْ تُبَدِّلُهَا بِالْقَوْمِ غَيْرَهُمُ	لِكَيْ تُجَمِّمَ رُؤُسَ الْقَوْمِ وَالْقَصَرُ

والضمير فی تبدلها للروم۔ وتجم من الاجمام بالجیم ای تکثر او بمعنے تستریح۔ والقصر جمع قصرۃ وہی اصل العنق ترجمہ اور بیشک تو نے روم کے بدلے اور لوگ سوائے روم کے بدل دئے اب تو بجائے روم اُنسے لڑیگا تاکہ روم کے سر اور گردنین صلح کی مدت مین کثیر ہو جاوین اور آرام پاوین پھر بعد انقضائے مدت صلح تو اُنکی طرف متوجہ ہو اور اُنکو قتل کرڈالے۔

تَشْبِيهُ جُودِكَ بِالْأَمْطَارِ غَادِيَةً	جُودٌ لِكَفِّكَ ثَانٍ نَالَهُ الْمَطَرُ

غادیۃ حال ترجمہ تیری بخشش کی تشبیہ دینا اُن باران سے جو صبح کو برستے ہین اور وہ کثرت بارش مین مشہور ہین تیرے ہاتھ کی دوسری تعریف ہو جسکا مستحق باران ہوگیا یعنی تیری بخشش کو جو اس سے تشبیہ دی تو اُسکو فخر حاصل ہوگیا

تَكْسِبُ الشَّمْسُ مِنْكَ النُّورَ طَالِعَةً	كَمَا تَكَسَّبُ مِنْهَا نُورَهَا الْقَمَرُ

ترجمہ آفتاب بحالت طلوع تجھ سے اکتساب نور کرتا ہو اور اس لئے تمام جہان کو منور کردیتا ہو ورنہ آفتاب مین یہہ نور کہان وہ تجھ سے ایسا اکتساب نور کرتا ہو جیسا مہتاب اُس سے اُسکا نور اکتساب کرتا ہو۔

وقال لما اوقع سیف الدولۃ ببنی عقیل و قشیر و بنی العجلان و بنی کلاب حین عاثوا فی عملہ فخالفوا علیہ ویذکر اجفالہم من بین یدیہ وظفرہ بہم ولہ خبر طویل

طِوَالُ قَنًا تُطَاعِنُهَا قِصَارُ	وَقَطْرُكَ فِي نَدًى وَوَغًى بِحَارُ

تطاعنہا ای تطاعن اصحابہا ترجمہ لمبے نیزے جنکے اٹھانے والون سے تو لڑتا ہی وہ گویا چھوٹے ہین کہ تجکو کچھ نقصان نہین پہنچا سکتے اور تیرے قطرے سخاوت و جنگ مین دریا ہین یعنی تیری تھوڑی چیز بھی بہت ہی۔

وَفِيكَ إِذَا جَنَى الْجَانِي أَنَاةٌ	تُظَنُّ كَرَامَةً وَهِيَ احْتِقَارُ

ترجمہ اور تیرے مزاج مین جب گناہگار گناہ کرتا ہی ایسا حلم ہی کہ وہ گناہگار کے لئے بظاہر عزت کی بات ہی اور حقیقت مین اُسکی سُبکی ہی یعنی تو اُسکو ذلیل قابل انتقام نہین سمجھتا۔

وَأَخْذٌ لِلْحَوَاضِرِ وَالْبَوَادِي	بِضَبْطٍ لَمْ تَعَوَّدْهُ نِزَارُ

ترجمہ اور تیرے مزاج مین گرفت شہریون اور دیہاتیون کی ایسے بند وبست سے ہی کہ بنی نزار یعنے عرب اسکے عادی نہین ہین۔

تَشَمَّمُهُ شَمِيمَ الْوَحْشِ إِنْسًا	وَتُنْكِرُهُ فَيَعْرُوهَا نِفَارُ

ترجمہ بنی نزار ممدوح کی ایسی بُو لیتے ہین جیسے وحشی جانور انسان کی اور اُس بو کو اوپری سمجھتے ہین اور اُنکو نفرت عارض ہوتی ہی۔ یعنی اول وہ لوگ تیری اطاعت کرتے ہین اور جب تیری سیاست دیکھتے ہین تو ایسے بھاگتے ہین جیسے وحشی انسان سے کیونکہ اُنکو عادت اطاعت نہین ہو۔

وَمَا انْقَادَتْ لِغَيْرِكَ فِي زَمَانٍ	فَتَدْرِي مَا الْمَقَادَةُ وَالصَّغَارُ

المقادة الانقیاد والصغار الذل ترجمہ عرب سوائے تیرے کسی زمانہ مین کسی کے مطیع نہین ہوئے کہ وہ تابعداری ذلت کو جانین۔

فَأَقْرَحْتَ الْمَقَاوِدُ ذِفْرَيَيْهَا	وَصَعَّرَ خَدَّهَا هٰذَا الْعِذَارُ

اقرحت بالقاف من القرح وبالفاء بمعنے اثقلت یقال دین فارح ای ثقیل۔ والذفریان ما خلف الاذنین ویجمع علے ذفاری وذفاری کصحاری وصحارٰی۔ والصعر المیل والعذار ما یجعل علے خد الدابة من الرسن۔ والمقود ما یقاد بہ ترجمہ سو تیری باگ ڈورون نے اُن کے کانون کے پیچھے کی جگہ زخمی کر دی یا بھاری کر دی اور اُن کے رخسارون کو تیری اس لگام نے ٹیڑھا کر دیا خلاصہ یہ ہی کہ وہ لوگ غارت گری کرتے تھے سو تو اُن کو بڑی حکمت سے راہ پر لایا ہی۔ خد سے مراد خدود ہین۔

وَأَطْمَعَ عَامِرًا الْبُقْيَا عَلَيْهِمْ	وَنَزَّقَهَا احْتِمَالُكَ وَالْوَقَارُ

انما ترک صرف عامر لانہ اراد القبیلة ولہذا قال علیہم وفی روایة علیہا۔ ونزقہا النزق الخفة والطیش۔ ویرید بالبقیا الابقاء ترجمہ اور بنی عامر کو تیرے اُنکے باقی رکھنے نے سرکشی کی طمع مین ڈالا۔ اور اُن کو سبکسر کر دیا تیرے احتمال اور وقار نے یعنے تیری درگذر نے۔

وَغَيَّرَهَا التَّرَاسُلُ وَالتَّشَاكِي	وَأَعْجَبَهَا التَّلَبُّبُ وَالْمُغَارُ

التلبب بالباء الموحدة التحزم والتشمر من روى بالثاء المثلثة فمعناه الاقامة والنائى - والمغار الغارة ترجمہ اور اُن کو تیری اطاعت سے اُنکے نامہ و پیام اور تیرے لشکریونسے شکوہ کرنے نے متغیر کر دیا یعنی وہ تیرے پاس قاصد بھیجتے رہے اور تیرے لشکرسے جو اُن کو تکالیف پہنچتی تھین اُن کی شکایت کرتے رہے - اور اُنکو مغرور کردیا اُنکی طیاری جنگ و غارتگری نے

جِيَادٌ تَعْجَزُ الْأَرْسَانُ عَنْهَا وَفُرْسَانٌ تَضِيقُ بِهَا الدِّيَارُ

ترجمہ اُنکے گھوڑون وسوارون کی کثرت بیان کرتا ہی - کہ اُنکے پاس اتنے گھوڑے ہین کہ رسیان اُنکے لئے بہم نہین پہنچتین یا وہ گھوڑے بسبب قوت کے رسیونکی کچھ حقیقت نہین سمجھتے اور اُنکے پاس اتنے سوار ہین کہ بڑے بڑے مکان اُنکی کثرت کے سبب تنگی کرنے لگین -

وَكَانَتْ بِالتَّوَقُّفِ عَنْ رَدَاهَا نُفُوسُهُمْ رِدَاهَا تُسْتَشَارُ

الرداء بہنا بمعنے الارواء - والضمیر فی کانت للفرسان ترجمہ تونے جو اپنے عفو کی عادت کے سبب اُنکے قتل مین تاخیر کی تو وہ ایسی کثیر جانین ہوگئین کہ اُنکے ہلاک کرنے مین مشورہ لیا جاتا ہی - حالانکہ وہ لوگ اپنی سرکشی پر قائم رہے بلکہ ترقی کرتے رہے -

وَكُنْتَ السَّيْفَ قَائِمُهُ إِلَيْهِمْ وَفِي الْأَعْدَاءِ حَدُّكَ وَالْغِرَارُ

الغراران حدا السیف ترجمہ اور قبل بغاوت تو اُنکی حمایت کے لیئے ایک تلوار تھا کہ اُسکا قبضہ بنی عامر کے ہاتھ مین تھا یعنے اُنکی حمایت کرتا تھا اور اُن کے دشمنون مین تیری تیزی اور دھار تھی مگر جبکہ وہ باغی ہوگئے تو تیری دونون دھارین اُن مین ہوگئین -

فَأَمْسَتْ بِالْبُدَيَّةِ شَفْرَتَاهُ وَأَمْسَى خَلْفَ قَائِمِهِ الْحِيَارُ

البدیۃ والحیار ماءان معروفان ترجمہ سو مقام بدیہ اُسکی دونون دھارین اُنکے قتل مین کام آئین - اور اُسکے قبضہ کے پیچھے مقام حیار ہوگیا یعنے تو اُنکے تعاقب مین حیار سے آگے بڑھ گیا -

وَكَانَ بَنُو كِلَابٍ حَيْثُ كَعْبٌ فَخَافُوا أَنْ يَصِيرُوا حَيْثُ صَارُوا

رفع کعب بالابتداء وکائنۃ خبرہ محذوف اذ حیث لایضاف الاالی الجمل ترجمہ اور بنی کلاب تمرد اور سرکشی مین وہان ہی تھے جہان کعب تھے مگر وہ ڈرے اسبات سے کہ اُن کا انجام بھی وہ ہو جو کعب کا ہوا یعنے قتل اور غارت کئے جاوین پس وہ یہ سمجھ کر تجھ سے ملتجی ہوگئے -

تَلَقَّوْا عِزَّ مَوْلَاهُمْ بِذُلٍّ وَسَارَ إِلَى بَنِي كَعْبٍ وَسَارُوا

ترجمہ بنو کلاب اپنے مولے کی عزت کے روبرو بذلت پیش آئے یعنی یہ لوگ سیف الدولہ سے بخضوع وانقیاد پیش آئے اور اُسکے ساتھ بنی کعب کے قتل کے لئے ہولئے - اس کا قصہ یہ ہی کہ سرداران بنی کلاب جبکہ

وہ چیار سے بدیہ کو جاتے تھے سیف الدولہ سے ملے اور یہ سمجھ کر کہ اگر اس سے بھاگے تو پیاس کے مارے مرجاوینگے ناچار اُسکی اطاعت قبول کرلی۔

فَاَقْبَلَهَا الْمُرُوْجَ مُسَوَّمَاتٍ	ضَوَامِرَ لَا هُزَالَ وَلَا شِيَارُ

الضمیر فی اقبلها للخیل۔ ورفع شیار لتکرار لا ومثلہ قول الشاعر ۵ لا ام لی ان کان ذاک ولااب فالرفع علے ان لا بمعنے لیس۔ وہزال جمع ہزیل۔ وشیار حسنة المناظر سمان ترجمہ سو سیف الدولہ نے اُن گھوڑون کو جو بسبب عمدگی کے نشانمند اور باریک اندام نہ دُبلے اور نہ خوشنا موٹے تھے سبزہ زارون سلیمہ کی طرف جہان نزاری بھاگ کر گئے تھے متوجہ کردیا۔ خوش نا نہونا گھوڑون کا بسبب سفردائمی کے تھا کہ وہ غبار آلودہ پریشان بال تھے اور موٹا نہونا بسبب تغیر کے تھا

تُثِيْرُ عَلَى سُلَيْمَةَ مُسْبَطِرًّا	تَنَاكَرُ تَحْتَهُ لَوْلَا الشِّعَارُ

المسبطر العجاج الممتد الساطع۔ والشعار العلامة التی تیعارفون بہا ترجمہ وہ گھوڑے مقام سلیمہ پر پھیلا ہوا غبار اُڑاتے تھے کہ اُس غبار مین لشکری پہچانے نہین جاتے تھے اگر علامت مقررہ نہ ہوتی جسے پلول کہتے ہین۔

عَجَاجًا تَعْثُرُ الْعِقْبَانُ فِيْهِ	كَاَنَّ الْجَوَّ وَعْثٌ اَوْ خَبَارُ

عجاجا بدل من مسبطرا۔ والوعث من الارض السہل الکثیر الرمل وہی ماتغیب الاقدام فیہ بسہولة۔ والخبار الارض اللینة ترجمہ ایسا پراگندہ غبار اُڑاتے تھے کہ پرندے معروف عقاب جو لشکر کے ساتھ ساتھ اڑتے تھے اُسین پھسلے جاتے تھے یعنی غبار جو بکثرت چڑھ گیا تھا وہ بجائے خود ایک پھسلنی زمین بنگیا تھا گویا کہ آسمان اور زمین کا فاصلہ ایک دھنسانے والی یا نرم زمین ہوگیا تھا۔

وَظَلَّ الطَّعْنُ فِي الْخَيْلَيْنِ خَلْسًا	كَاَنَّ الْمَوْتَ بَيْنَهُمَا اخْتِصَارُ

خلسا بمنے اختلاس ترجمہ اور نیزہ زنی فریقین کے گھوڑون مین جانون کا اُچکنا ہوگئی گویا اُن گھوڑون مین موت کا ایک مختصر طریق نکل آیا تھا۔ یا وہ لوگ موت کو ایک مختصر وذیل سمجھتے تھے۔

فَلَزَّهُمُ الطِّرَادُ اِلَى قِتَالٍ	اَحَدُّ سِلَاحِهِمْ فِيْهِ الْفِرَارُ

لزہ الشئ الجاہ واداناہ ترجمہ سو تیرے حلے نے اُنکو ایسے جنگ کے لئے مضطر کردیا تھا کہ اُنکے ہتیارون مین سے وہان تیز ہتیار بھاگنا تھا یعنی اُنکو بھاگتے ہی بنی۔

مَضَوْا مُتَسَابِقِي الْاَعْضَاءِ فِيْهِ	لِاَرْؤُسِهِمْ بِاَرْجُلِهِمْ عِثَارُ

ترجمہ وہ ایسے بھاگے کہ بھاگنے مین ہر عضو دوسرے عضو سے شتابی کرتا تھا یعنی ہر عضو یہ چاہتا تھا کہ دوسرے سے مین پہلے بھاگ جاوٴن۔ اُنکے پاوٴن اُنکے سر کے بچانے کے واسطے لغزش کھاتے تھے اور گر جاتے تھے یعنی جب دیکھتے تھے کہ شمشیر یا نیزے کے زخم سے سر کٹنا تو اُنکو طریق نجات یہ ہی معلوم ہوتا تھا کہ گر پڑتے تھے۔

تَشُلُّهُمْ بِكُلِّ أَقَبَّ نَهْدٍ	لِفَارِسِهِ عَلَى الْخَيْلِ الْخِيَارُ

تشلهم تطردہم والاقب الضامر البطن اللاحق بالابطل۔ والنہد العالی المرتفع ترجمہ تو اُنکو بذریعہ ہر گھوڑے دُبلے شکم لگے ہوئے پُٹھے نکے ہوئے بھگاتا تھا کہ اُن گھوڑون کے سوار کو گھوڑے پر اختیار کامل حاصل تھا۔ وہ چاہے تو دشمنون کو پیچھے سے قتل کرے یا آگا روک کر۔

وَكُلِّ أَصَمَّ يَعْسِلُ جَانِبَاهُ	عَلَى الْكَعْبَيْنِ مِنْهُ دَمٌ مُمَارُ

یعسل یضطرب۔ والکعبان اللذان فی عامله وہما یغیبان فی المطعون۔ والممار الجاری ترجمہ اور اُن کو تو بھگاتا بذریعہ ہر ٹھوس نیزہ کے کہ بسبب نرمی کے اُس کے دونون جانب بالا وزیرین ہلتے ہین کہ اُس کی دونون گرہون پر جو دشمن کے بدن مین گھس گئی ہین خون جاری ہو یا زخمی کے دونون ٹخنون پر خون بہتا ہو یعنی اس کثرت سے خون نکلتا ہو کہ سر سے پانوتلک خون مین نہاگئے ہین۔ کذاب وسحاب ۱۲

يُغَادِرُ كُلَّ مُلْتَفِتٍ إِلَيْهِ	وَلَبَّتُهُ لِثَعْلَبِهِ وِجَارُ

الثعلب الداخل من الرمح فی السنان۔ والوجار بیت الضبع والثعلب ترجمہ جو شخص اُس نیزہ کی طرف دیکھتا تھا اُسکو وہ ایسے حال مین کر چھوڑتا تھا کہ اُسکا سینہ اُس نیزہ کے حصہ کا جو بھال مین ہوتا ہو مثل سوراخ کفتار یا لومڑی کے بنجاتا تھا یعنی وہ بھال ساری اُسکے جسم مین غائب ہوجاتی تھی۔ بیان وجار وثعلب کا توریہ بہت عمدہ ہی اور اچھا استعارہ ہی۔

إِذَا صَرَفَ النَّهَارُ الضَّوْءَ عَنْهُمْ	دَجَا لَيْلَانِ لَيْلٌ وَالْغُبَارُ

ترجمہ جب روز اپنی روشنی اُنسے پھیرلیتا تھا تو اُنپر دو راتین تاریک جمع ہوجاتی تھین ایک رات کی ایک غبار کی۔

وَإِنْ جُنْحُ الظَّلَامِ انْجَابَ عَنْهُمْ	أَضَاءَ الْمَشْرَفِيَّةُ وَالنَّهَارُ

ترجمہ اور اگر پارہ تاریکی شب اُنسے جدا ہوجاتا تھا تو شمشیر مشرفی اور روز کی دو روشنیان اُنپر ہوجاتی تھین۔

يُبَكِّي خَلْفَهُمْ دَثْرٌ بُكَاهُ	رُغَاءٌ أَوْ ثُؤَاجٌ أَوْ يُعَارُ

الدثر المال الکثیر۔ والرغا صوت الابل۔ والثواج صیاح الغنم۔ والیعار صوت الشاۃ ترجمہ اُنکے پیچھے اُن کا مال کثیر روتا تھا۔ وہ اونٹون کا بلبلانا یا بکریون کا یا بھیڑونکا آواز کرنا یا ممیانا تھا یعنے جب وہ لوگ بھاگ گئے تو یہ چارپائے چیختے رہگئے اُنکے بولنے کو رونے سے تشبیہ دی ہی۔

غَطَا بِالْعِثْيَرِ الْبَيْدَاءَ حَتَّى	تَحَيَّرَتِ الْمَتَالِي وَالْعِشَارُ

العثیر بالغین المعجمۃ والنون والثاء المثلثۃ اسم ماء ہناک وفی روایۃ العثیر بالعین المہملۃ والمثلثۃ وہو الغبار والمتالی جمع متلیۃ وہی الناقۃ التی تیلوہا ولدہا۔ والعشار جمع عشراء وہے اونٹنی قربت ولادتہا

وتجرت بالمحار المهلة وفی روایة بالمحار المعجمة ترجمہ ممدوح نے بمقام غضر جنگل کو بسبب کثرت لشکر چھپالیا یہان تلک کہ باوجود حدت بصر بچہ والی اور قریب الولادت اونٹنیان حیران رہگئین کہ اُنکو راہ معلوم نہوتی تھی۔ یا غبار نے دشت کو چھپالیا اور اموال غنیمت کو جمع کیا یہان تلک کہ اہل لشکر نے بچہ والی اور قریب الولادۃ اونٹنیان پسند کرلین اور باقی چیزونکو چھوڑدیا اور اُن اونٹنیونکی تخصیص کی وجہ یہہ ہو کہ عرب اُنکو نہایت عزیز مال سمجھتے ہین۔

وَمَرُّوا بِالْجِبَاهِ يَضُمُّ فِيهَا	كِلَا الْجَيْشَيْنِ مِنْ نَقْعٍ إِزَارُ

الجباہ ما ترجمہ اور وہ گذرے جباہ کے پانی پر وہان کے دونون لشکرون کو ایک غبار کے ازار نے جمع کردیا یعنے طرفین کے لشکر ایک غبار کی ازار مین آگئے اور جمع ہوگئے یعنی ممدوح نے اُنکو آپکڑا۔

وَجَاءُوا الصَّحْصَحَانَ بِلَا سُرُوجٍ	وَقَدْ سَقَطَ الْعِمَامَةُ وَالْخِمَارُ

الصحصحان اسم صحراء ہناک ترجمہ اور وہ بمقام صحرائے صحصحان آئے ایسے حال مین کہ بسبب تیزروی کے اکثر اسباب پھینک رہا تھا یہان تلک کہ گھوڑون کے زین بھی اور مردونکے عمامے اور عورتون کی اوڑھنیان گرگئی تھین۔

فَأُرْهِقَتِ الْعَذَارَى مُرْدَفَاتٍ	وَأُوطِئَتِ الْأُصَيْبِيَةُ الصِّغَارُ

ارہقہ کلفہ المشقۃ۔ والاصیبیۃ تصغیر الصبیۃ والصبیان ترجمہ اور باکرہ عورتین سواری کی تکلیف دیگئین کہ اُنکو اُنہون نے بارادہ گریز اپنے پیچھے بٹھالیا تھا اور بچے جو گھوڑون پر ٹھہر نہین سکتے گر پڑے اور روندے گئے۔

وَقَدْ نُزِحَ الْغُوَيْرُ فَلَا غُوَيْرٌ	وَنِهْيَا وَالْبُيَيْضَةُ وَالْجِفَارُ

ترجمہ اور غویر کا پانی بسبب شدت تشنگی تمام نکالا گیا اب اُسکا پتہ بھی نہین ہو اور مقامات نہیا اور بیضیہ اور جفار کا بھی اور یہہ سب مشہور جھیلین ہین۔

وَلَيْسَ بِغَيْرِ تَدْمُرَ مُسْتَغَاثٌ	وَتَدْمُرُ كَاسْمِهَا لَهُمُ دَمَارُ

تدمر موضع بالشام ترجمہ اور اُنکے لئے سوائے مقام تدمر کے کوئی فریادرسی کی جگہ نہ تھی اور یہہ سمجھتے تھے کہ وہان پہنچکر قتل سے بچ جاوینگے مگر حال یہہ ہوا کہ تدمر اپنے نام کے مانند اُنکے واسطے ہلاکی بنگیا کہ وہ مشتق دمار سے ہو غرض لشکر نے وہان بھی اُنکو جا مارا۔

أَرَادُوا أَنْ يُدِيرُوا الرَّأْيَ فِيهَا	فَصَبَّحَهُمْ بِرَأْيٍ لَا يُدَارُ

ترجمہ دشمنون نے چاہا کہ بمقام تدمر اپنی نجات کے لئے مشورہ کرین سو ممدوح نے اُنکو اُس رائے کے موافق جو پھرتی نہین اور اول ہی سے درست ہوتی ہو بوقت صبح جا مارا۔

وَجَيْشٍ كُلَّمَا حَارُوا بِأَرْضٍ	وَأَقْبَلَ أَقْبَلَتْ فِيهِ تَحَارُ

ترجمہ اور ایسے لشکر سے اُسپر صبح کو حملہ کیا کہ جب وہ لوگ کسی میدان مین اُسکی وسعت سے حیران ہوجاوین اور

لشکر اُنپر آن پڑے تو وہ بھگوڑے اُس وسیع میدان مین حیران کھڑے رہجادین یعنی بسبب شدت خوف کے وہ کشادہ میدان اُن کو تنگ معلوم ہونے لگے۔

یَحُفُّ أَعَزَّ لَا قَوَدٌ عَلَيْهِ ۔۔۔ وَلَا دِيَةٌ تُسَاقُ وَلَا اعْتِذَارُ

لا یمنی لیس - ویحف یحیط او یخدم ترجمہ وہ لشکر گرداگرد اُس دشمن پشانی یعنے سیف الدولہ کے ہی یا اُسکی خدمت کرتا ہی کہ قتل اعدا کے سبب اُسپر قصاص نہین ہی اور نہ دیت ہی کہ اُسکے شتروار شان مقتول کی طرف ہنکائے جادین اور نہ عذر قتل کا ہی کیونکہ وہ خود سر بادشاہ ہی۔

تُرِيقُ سُيُوفُهُ مُهَجَ الْأَعَادِي ۔۔۔ وَكُلُّ دَمٍ أَرَاقَتْهُ جُبَارُ

الجبار الدم الذی لا قود فیہ ولا دیۃ ترجمہ اُسکی تلوارین خونہائے اعدا گراتی ہین اور جو خون کہ اُسکو تلوارین بہادین وہ ہدر ورائگان ہی کہ اُس کا قصاص اور دیہ نہین لیجاتی۔

وَكَانُوا الْأُسْدَ لَيْسَ لَهَا مَصَالٌ ۔۔۔ عَلَى طَيْرٍ وَلَيْسَ لَهَا مَطَارُ

مصال صولہ وقوۃ ترجمہ اور وہ لوگ بغاوت سے پہلے شیر تھے مگر جب تو اُنپر غضبناک ہوا تو وہ ایسے ضعیف ہو گئے کہ ایک پرندہ پر بھی حملہ نہین کر سکتے تھے اور اُڑ بھی نہین سکتے تھے اسلئے تو نے اُنکو ہلاک کر دیا اس صورت مین یہ شعر بھگوڑون کی صفت ہوئی - اور ظاہر یہ ہی کہ یہ صفت ہی سواران سیف الدولہ کی اعتذار ہی اس امر کا کہ دشمن کیون بھاگ گئے اور سب گرفتار نہوئے یعنی تیرے سوار شیر تھے تو اسمین اُنکا عیب نہین ہی کہ مفرورین ایسے بھاگے جیسا پرندہ اُڑجاتا ہی کیونکہ شیرونکا قوت پرواز وصید اطیار نہین ہوتے - اگلا شعر ان معنونکا مؤید ہی۔

إِذَا فَاتُوا الرِّمَاحَ تَنَاوَلَتْهُمْ ۔۔۔ بِأَرْمَاحٍ مِنَ الْعَطَشِ الْقِفَارُ

ترجمہ جبکہ بھگوڑے نیزونکی زد سے بچ جاتے تھے تو دشتہائے بے آب وگیاہ پیاس کے نیزون سے اُن کی خبر لیتے تھے یعنی وہ بسبب تشنگی کے ہلاک ہوتے تھے۔

يَرَوْنَ الْمَوْتَ قُدَّامًا وَخَلْفًا ۔۔۔ فَيَخْتَارُونَ وَالْمَوْتُ اضْطِرَارُ

ترجمہ وہ لوگ اپنے آگے اور پیچھے موت کو دیکھتے تھے بس اُنہین سے ایک قسم کی موت پسند کر لیتے تھے اور موت تو امر اختیاری نہین پس حقیقت مین اُنکا اختیار بھی اضطرار تھا - اگلی موت تشنگی اور پچھلی نیزے۔

إِذَا سَلَكَ السَّمَاوَةَ غَيْرُ هَادٍ ۔۔۔ فَقَتْلَاهُمْ لِعَيْنَيْهِ مَنَارُ

ترجمہ جب کوئی انجان بغیر رہنما کے سادہ کو جانا چاہے تو اُسکے مقتول لوگ اُسکی دونون آنکھونکے لئے بجائے منار ہونگے جو راہ پر نشان راہ کے طور بنایا جاتا ہی - غرض اُنکی لاشون کے سبب راستہ نہین بھولے گا۔

وَلَوْ لَمْ يُبْقِ لَمْ تَعِشِ الْبَقَايَا ۔۔۔ وَفِي الْمَاضِي لِمَنْ بَقِيَ اعْتِبَارُ

ترجمہ اور اگر تو اُنکو معاف نکرتا تو باقی لوگ بھی زندہ نرہتے بلکہ سب مارے جاتے اور اُنکی جان بخشی سے کچھ غرض بھی نہیں کہ باقیماندون کو زمانۂ گزشتہ موجب عبرت ہو آیندہ بغاوت اختیار نکرین گے۔

إذا لم يرع سيدهم عليهم ‏ ‏ فمن يرعى عليهم أو يغار

ارعی فلان علی فلان اذا کف عنہ صدق لرو العوز ایصال النفع او من الغیرۃ ترجمہ جب اُنکا سردار اُنپر رحم نکرے تو کون رحم کریگا اور نفع پہنچاویگا یا کون اپنی ہمقوم ہونیکی غیرت کرے گا۔ غرض انپر مہربان کرتا ہی۔

تفرقهم وإياه السجايا ‏ ‏ ويجمعهم وإياه النجار

السجایا الاخلاق۔ والنجار الاصل ترجمہ باغیون اور سیف الدولہ کے اخلاق متفرق ہین اور اصل یعنی نسب اُن کو اکٹھا کرتا ہی کیونکہ دونون بنی نزار سے ہین مگر تیرا سا کرم وفضل انمین نہین ہی۔

ومال بها على أرك وعرض ‏ ‏ وأهل الرقتين لها مزار

ارک وعرض موضعان قریبان من الفرات۔ والرقتین موضع علی الفرات ترجمہ اور ممدوح اپنے سوارونکو لیکر مقامات ارک وعرض پر گیا۔ حالانکہ اُسکا قصد باشندگان موضع رقتین کا تھا یعنی اگرچہ وہ دونون موضع اُسکی منزل مقصود سے فاصلہ بعید پر تھے مگر بنی کعب کے تجسس مین وہان بھی گیا۔

وأجفل بالفرات بنو نمير ‏ ‏ وزأرهم الذي زأروا خوار

الزئیر والزار للاسد۔ والخوار للثیران ترجمہ اور بنو نمیر فرات پر بھاگے ایسے حال مین کہ اُنکی آواز اور دہڑوکنا جو مثل دہڑوکنے شیر کے تھا بسبب ذلت وخواری کے مثل آواز گاؤ کے ہوگیا تھا۔ یعنی اُنکی عزت ذلت سے بدل گئی۔

فهم حزق على الخابور صرعى ‏ ‏ بهم من شرب غيرهم خمار

الحزق الجماعات المتفرقۃ واحدہ حزقۃ ترجمہ سو بنو نمیر بمقام خابور متفرق جماعتونمین بچھڑے ہوئے پڑے ہین ایسے حال مین کہ اُنکو اور ونکے شراب پینے سے خمار ہی یعنی ممدوح کا قصد اور فوج ان پر تھا یہ مارے خوف کے بھاگ نکلے۔ اور ون نے پی اور انپر چڑھی۔ خلاصہ یہ کہ مجرم اور لوگ تھے اور ڈرے یہ۔

فلم يسرح لهم في الصبح مال ‏ ‏ ولم توقد لهم بالليل نار

ترجمہ سو بخوف ممدوح بنو نمیر کا بوقت صبح کوئی شتر چراگاہ مین نہ گیا اور نہ راتکو اُنکے یہان آگ جلی تاکہ اُنکا پتہ نہ لگے۔

حذار فتى إذا لم يرض عنهم ‏ ‏ فليس بنافع لهم الحذار

ترجمہ یہ اُنکی ساری تکالیف بسبب خوف اُس جوانمرد کے تھین کہ جب وہ اُنسے راضی نہو تو اُنکو احتیاط مفید نہین ہی۔

تبيت وفودهم تسري إليه ‏ ‏ وجدواه التي سألوا اغتفار

الوفود جمع وفد۔ ووفد فلان علی الامیر جاء لیطلب منہ شیئا ترجمہ اُنکے سائلونکا قافلہ راتون رات ممدوح کے پاس آیا اور وہ

بخشش جو انہوں نے اُس سے مانگی وہ عفو تقصیرات تھا۔

تُخَلِّفُهُمْ بِرَدِّ الْبِيضِ عَنْهُمْ	وَهَامُهُمْ لَهُ مَعَهُمْ مُعَارُ

ترجمہ سوانکو بسبب روکنے تلواروں کے باقی رکھا اور فنا کیا اور اُنکے سر اُنکے ساتھ ممدوح سے مستعار ہیں جب چاہے اُنسے لیلے کیونکہ وہ لوگ اُسکی رعیت ہیں۔

وَهُمْ مِمَّنْ أَذَمَّ لَهُمْ عَلَيْهِ	كَرِيمُ الْعِرْقِ وَالْحَسَبُ النُّضَارُ

اذم میرہم فی ذامہ۔ والعرق الاصل والنضار الخالص من کل شیٔ ترجمہ اور وہ لوگ منجملہ اُن اشخاص کے ہیں کہ اصل کریم اور نسب خالص ممدوح نے اُسکے ہاتھ پر اُن لوگوں کے لئے عفو حال اور حمایت استقبال کا عہد لیلیا یعنے شرافت ممدوح باعث اُنکی نجات کی ہوئی ورنہ وہ قابل قتل تھے۔

وَأَضْحَى بِالْعَوَاصِمِ مُسْتَقِرًّا	وَلَيْسَ لِبَحْرِ نَائِلِهِ قَرَارُ

ترجمہ ممدوح دیہات انطاکیہ میں مقیم ہوا اور اُسکے دریائے عطا کے لئے قیام و قرار نہیں ہے ہر جگہ برابر جاری ہے۔

وَأَصْبَحَ ذِكْرُهُ فِي كُلِّ أَرْضٍ	تُدَارُ عَلَى الْغِنَاءِ بِهِ الْعُقَارُ

ترجمہ اور اُسکا ذکر خیر ہر جگہ ہے یہان تلک کہ اُسکے اشعار مدحیہ گائے جاتے ہیں اور انپر دور شراب چلتا ہے۔

تَخِرُّ لَهُ الْقَبَائِلُ سَاجِدَاتٍ	وَتَحْمَدُهُ الْأَسِنَّةُ وَالشِّفَارُ

الشفار جمع شفرۃ وہی حد السیف ترجمہ قبائل عرب اُسکے سامنے بحالت سجدہ گرتے ہیں یعنی نہایت خضوع سے پیش آتے ہیں اور نیزے اور تلوار کی دھارین بسبب حسن استعمال اُسکی تعریف کرتے ہیں۔

كَأَنَّ شُعَاعَ عَيْنِ الشَّمْسِ فِيهِ	فَفِي أَبْصَارِنَا عَنْهُ انْكِسَارُ

ترجمہ گویا آفتاب کے چشمہ کی شعاع اُسمین ہے کیونکہ ہماری آنکھین اُسکے سامنے بند ہوئی جاتی ہیں اور اُسکو ہم آنکھ بھر کے بسبب اُسکی عظمت وجلال کے نہیں دیکھ سکتے جیسے آفتاب کو۔

فَمَنْ طَلَبَ الطِّعَانَ فَذَا عَلِيٌّ	وَخَيْلُ اللهِ وَالْأَسَلُ الْحِرَارُ

الحرار العطاش والاسل الرماح ترجمہ اُن باغیوں کا تو کام تمام ہولیا اب آیندہ جو نیزے بازی کا طالب ہے سو یہ علی ہے اور اُسکے ساتھ خدا کا لشکر اور دشمن کے خون کے پیاسے نیزے ہیں۔

يَرَاهُ النَّاسُ حَيْثُ رَأَتْهُ كَعْبٌ	بِأَرْضٍ مَا لِنَازِلِهَا اسْتِتَارُ

ترجمہ ممدوح کو تمام آدمی ایسے ہی بیابانوں میں ہمیشہ دیکھتے ہیں جیسے میدان میں اُسکو بنی کعب نے دیکھا ایسی زمین مین کہ اُسمین اُترنیوالیکو کوئی آڑ اور پوشیدہ ہونیکی جگہ نہیں ہے یعنے وہ ہمیشہ بیابان نورد اور جنگ پیشہ ہے۔

يُوَسِّطُهُ الْمَفَاوِزَ كُلَّ يَوْمٍ	طِلَابُ الطَّالِبِينَ لَا الِانْتِظَارُ

المفاوز جمع مفازۃ وہی الفلاۃ المہلکۃ وانما سمیت مفازۃ تفاولا من الفوز ترجمہ اُسکو ہر روز جنگلہائے بے آب کاہ میں طلب دشمنان اُمتارتی ہین۔ استظار تعاقب کرنیوالون کا خلاصہ یہ ہو کر اور لوگ جنگلون مین دشمنونسے بچنے کے لئے اُترتے ہین اور یہہ وہان اُنکی تلاش مین جاتا ہی۔

تصاهل خيله متجاوبات	وما من عادة الخيل السرار

ترجمہ اُسکے گھوڑے ایک دوسریکے ہنہنانے پر ہنہناتے ہین اور اُنکو کوئی آواز کرنے سے منع نہین کرتا اور گھوڑونکی عادت آہستہ بولنے کی نہین ہی۔ یعنی سیف الدولہ اپنے دشمنون پر نقارہ کی چوٹ حملہ کرتا ہی اور ناگاہ اور دفعۃً چڑھائی نہین کرتا بسبب اپنی قوت و دلیری و کثرت لشکر کے۔

بنو كعب وما اثرت فيهم	يد لم يدمها الا السوار

بنو کعب مبتدا خبرہ ید ترجمہ بنو کعب اور تیری تاثیر اُنمین ایسی ہو جیسا ہاتھ کہ اُسکو کنگن ہی نے زخمی کیا ہو یعنی گو تونے بنی کعب کو قتل کیا مگر اسمین اُنکی بے آبروئی نہین ہوا اور اس حرکت سے وہ ایسے نہین ہوگئے کہ وہ ہمیشہ معتوب رہین جیسا کنگن کبھی ہاتھ کو زخمی کردیتا ہو مگر وہ اُسکی زینت کا سبب ہی۔

بها من قطعه الم ونقص	وفيها من جلالته افتخار

ترجمہ ہاتھ کو کنگن کے زخمی کرنے سے درد اور نقصان پہنچتا ہی مگر ہاتھ کو اُسکی عظمت سے فخر ہوتا ہی یعنے ہرچند تونے اُنکو قتل کیا مگر تو بہرحال اُنکے لئے مایۂ فخر ہو کہ وہ ایسا سردار اپنے سرپر رکھتے ہین۔

لهم حق بشركك في نزار	وادنى الشركتين في اصل جوار

ترجمہ بنی کعب کا تجھ پر ایک یہہ حق ہو کہ وہ تیرے نزار مین شریک ہین کہ تو اور وہ دونون بنی نزار ہین اور ادنی مرتبہ شرکت نسب کا حق ہمسائگی ہو یعنی اُنکے تجھ پر دو حق ہین ایک شرکت نسب اور دوسرے ہمسائگی پس اُنپر رحم لازم ہی۔

لعل بنيهم لبنيك جند	فاول قرح الخيل المهار

ترجمہ شاید اُنکے بیٹے آیندہ تیرے بیٹونکا لشکر بنجاوین کیونکہ پنج سالہ گھوڑے اول بچھیرے ہوتے ہین۔

وانت ابر من لو عق افنى	واعفى من عقوبته البوار

ترجمہ اور تو اُس شخص سے زیادہ نیک و رحیم ہو کہ اگر وہ نافرمانی کیا جاوے تو نافرمان کو ہلاک کردے اور تو اُس آدمی سے کہ جسکا عذاب دینا قتل کرنا ہی زیادہ عفو والا ہی۔ جب یہہ حال ہی تو تجکو عفو شایان ہی۔

واقدر من يهيجه انتصار	واحلم من يحلمه اقتدار

ترجمہ اور تو زیادہ قدرت رکھتا ہی اُس شخص سے کہ اُسکو انتقام برانگیختہ کرے اور زیادہ حلیم ہو اُس سے جسکو قابو پانا زیادہ حلیم بنادے۔ عفو بوقت قدرت منجملہ اخلاق حسنہ ہو تجکو ہی زیبا ہی۔

وَمَا بِيْ سَطْوَةُ الْأَرْبَابِ عَيْبٌ	وَلَا بِيْ ذِلَّةُ الْعِبْدَانِ عَارُ	

العبدان جمع عبد سوالارباب جمع رب وہوالملک ترجمہ اور بادشاہون کے عتاب مین کچھ عیب نہین ہو اور نہ غلامونکی ذلت مین کچھ ننگ و عار یعنی وہ لوگ تیرے غلام ہین تیرے عتاب اُنکی بے آبروئی نہین ہے وقال یہجو سوارا وقد نزلوا فترلا اصابہم مطروریح

بُنَيَّةُ قَوْمِنَا ذُو نُوَابِ سُوَّارِ	وَأَنْتُمْ أُنَاسٌ شُغَفَاءُ كُشْبِ عُقَّادِ	

ترجمہ ہم لوگ اُس قوم کے بقیہ ہین جنھون نے ایک دوسرے کو خبر ہلاکی دی تھی یعنی یہ کہا تھا کہ اس جگہ کی اقامت موجب ہلاکی ہو۔ اور ہم سفرون کے لاغر کئے ہوئے مثل مرنوشون کے بیحس و حرکت ہین۔

نَزَلْنَا عَلَى حُكْمِ الرِّيَاحِ بِمَسْجِدٍ	عَلَيْنَا لَهَا ثَوْبَا حَصًى وَغُبَارِ	

ترجمہ ہم بسبب مجبور کرنے آندھیون کے ایک مسجد مین اُترے کہ اُن ہواؤن کے ہمپر دو لباس سنگریزون اور غبار کے ہین جنھون نے ہمین ڈھک رکھا تھا۔

خَلِيْلَيَّ مَا هٰذَا مُنَاخًا لِمِثْلِنَا	فَشُدَّا عَلَيْهَا وَارْحَلَا بِنَهَارِ	

ترجمہ ای میرے دونون یارو یہ جگہ ہم جیسے شریفون کے قیام کی نہین ہو تو شترونپر پالان کسو اور دن ہی سے چلدو۔

وَلَا تُنْكِرَا عَصْفَ الرِّيَاحِ فَإِنَّهَا	قِرَى كُلِّ ضَيْفٍ بَاتَ عِنْدَ سُوَارِ	

ترجمہ اور تم آندھی کا چلنا اور برا مت سمجھو کیونکہ وہ ضیافت ہر اُس مہمان کی ہی جو سوار کے پاس شب باش ہوا۔ متنبے ایک مسجد مین جو سوار نامی شخص کے گھر کے پاس تھی فروکش ہوا اُسے اُنکی مہمانی نکی لہذا اُسکی ہجو کرتا ہی۔

وقال فے صباہ

إِذَا لَمْ تَجِدْ مَا يَبْتُرُ الْفَقْرَ قَاعِدًا	فَقُمْ وَاطْلُبِ الشَّيْءَ الَّذِيْ يَبْتُرُ الْعُمْرَا	

ترجمہ جب تو وہ چیز نہ پاوے کہ وہ فقر کو درحالت قعود قطع کرے تو اُٹھ کھڑا ہو اور اُس چیز کو طلب کر جو عمر کو قطع کرے وہ قتل دشمنان وطلب ملک وریاست ہی۔

هُمَا خَلَّتَانِ ثَرْوَةٌ أَوْ مَنِيَّةٌ	لَعَلَّكَ أَنْ تُبْقِيْ بِوَاحِدَةٍ ذِكْرَا	

ترجمہ وہ دو خصلتین ہین یا تو تونگری اور یا موت شاید تو ان دونون مین سے کسی ایک کے ذریعہ سے دُنیا مین اپنا ذکر باقی چھوڑے یا تو بذریعہ تونگری یا بذریعہ موت بہادرانہ کے۔

وقال فے صباہ ایضا ولم ینشدہا احدا

حَاشَى الرَّقِيْبَ فَخَانَتْهُ ضَمَائِرُهُ	وَغَيَّضَ الدَّمْعَ فَانْهَلَّتْ بَوَادِرُهُ	

حاشاہ توقاہ وتجنبہ۔ والضمار جمع ضمیر وہو ما یضمرہ الانسان ویخفیہ۔ وبوادرہ سوابقہ ترجمہ جب عاشق نے اپنے معشوق کو دیکھا تو وہ رقیب سے ڈرا مگر اسکی بیچینی کے سبب اُس کے اسرار نے اُس سے خیانت کی یعنی رازعشق ظاہر

ہوگیا اور عاشق نے بخوف ظہور عشق اپنے اشک روک لئے مگر کیا کیجئے کہ وہ اشک جو سب سے آگے بڑھے ہوئے تھے آنکھون سے نکل ہی پڑے اور بہنے لگے۔

وَكَاتِمُ الْحُبِّ يَوْمَ الْبَيْنِ مُنْهَتِكٌ ۔۔۔ وَصَاحِبُ الدَّمْعِ لَا تَخْفَى سَرَائِرُهُ

ترجمہ اور محبت کا پوشیدہ رکھنے والا بروز فراق فضیحت ہوتا ہے اور رونے والے کے اسرار چھپے نہین رہتے۔

لَوْلَا ظِبَاءُ عَدِيٍّ مَا شُغِفْتُ بِهِمْ ۔۔۔ وَلَا بِرَبْرَبِهِمْ لَوْلَا جَآذِرُهُ

الربرب القطیع من بقر الوحش - والجآذر جمع جوذر وہو ولد البقرۃ الوحشیۃ ترجمہ اگر یہ بنی عدی کی معشوقین جو خوبی چشم وگردن مین ہرنون کے مانند ہین نہوتین تو مین اُن سے اپنی کمبختی نہ لگاتا اور نہ اُنکے گلون سے مصیبت مین پڑتا اگر اُنمین نوجوان عورتین جو خوبصورتی مین مثل بچہ ہائے گاؤ وحشی ہین نہوتین۔

مِنْ كُلِّ أَحْوَرَ فِي أَنْيَابِهِ شَنَبٌ ۔۔۔ خَمْرٌ مُخَامِرُهَا مِسْكٌ تُخَامِرُهُ

الشنب صفاء الاسنان ورقتہا - والاحور شدید بیاض العین وسوادہا - ومن یتعلق بمحذوف تقدیرہ لولا جآذرہ من کل احور - وخمر مرفوع بالابتداء - ومخامرہا مبتدء ثان ومسک خبرہ وہاتی محل الرفع بالخبر عن خمر - والضمیر فی تخامرہ للشنب ترجمہ وہ جآذر یا ظبا اُن معشوقان خوش چشم مین سے ہین جنکے دانتون مین آبداری وصفائی ہے کہ وہ جیسے شراب کے ہے جسین ایسا مشک مخلوط ہے جو آب دندان سے ملا ہوا ہے یعنے میرا قاتل اُن محبوبون مین کا ہے جنکے دندان کی آبداری مانند شراب مشکبو ہے۔

نُعْجٌ مَحَاجِرُهُ دُعْجٌ نَوَاظِرُهُ ۔۔۔ حُمْرٌ غَفَائِرُهُ سُودٌ غَدَائِرُهُ

النعج جمع انعج وہو البیاض - والدعج السواد - والغفائر جمع غفارۃ وہی خرقۃ تکون علی الراس توقی بہا المرأۃ الخمار من الدہن وقد یکون اسما للخمار - وحمرتہا لکثرۃ استعمال الطیب - والمحاجر جمع محجر وہو ما حول العین ترجمہ اُس محبوب کے گرداگرد چشم سفید ہے کیونکہ اُسکا رنگ گورا ہے اور اُسکی آنکھین سیاہ ہین اور اُنکے اوڑھنے سرخ ہین - اور اُن کے گیسو سیاہ ہین - یہ تقسیم نہایت عمدہ ہے۔

أَعَارَنِي سُقْمَ عَيْنَيْهِ وَحَمَّلَنِي ۔۔۔ مِنَ الْهَوَى ثِقْلَ مَا تَحْوِي مَآزِرُهُ

یرید بسقم العین الفتور وہو المحمود - والمآزر جمع الازار ویرید الکفل ترجمہ اُس محبوب بیمار چشم نے اپنی دونون آنکھون کی بیماری مجکو مستعار دیدی یعنی مین اُنکے سبب اُنکے مانند بیمار ہوگیا - علاوہ ازین اُنھون نے مجپر بار عشق اتنا لادیا جتنے اُسکے سرین بوجھل اور بھاری ہین - خلاصہ یہ کہ بار پر اتنا بوجھ رکھدیا۔

يَا مَنْ تَحَكَّمَ فِي نَفْسِي فَعَذَّبَنِي ۔۔۔ وَمَنْ فُؤَادِي عَلَى قَتْلِي يُضَافِرُهُ

المضافرۃ المعاونۃ ترجمہ اے وہ شخص کہ میری جان کا بزور حاکم بنگیا اور مجکو ستایا اور اے وہ شخص کہ میرے قتل مین

میرا دل اُسکا مددگار ہی کہ وہ میرا کہنا نہین مانتا اور اسنے مجکو ایسے ظالم کے پنجہ مین ڈالدیا ہی۔

	سَلَوْتُ عَنْكَ وَنَامَ اللَّيْلَ سَاهِرُهُ	بِعَوْدَةِ الدَّوْلَةِ الْغَرَّاءِ ثَانِيَةً

ترجمہ مین مجکو بھول گیا اور تجہ سے بے پروا ہوگیا بسبب لوٹ آنے دولت روشن ممدوح کے دوسری دفعہ اور رات بھر سویا اُسکا جاگنے والا یعنی مین۔ ممدوح معزول ہوکر پھر اپنے عہدہ پر واپس آیا ہی اُسکی طرف اشارہ کرتا ہی۔

	كَأَنَّ أَوَّلَ يَوْمِ الْحَشْرِ آخِرُهُ	مِنْ بَعْدِ مَا كَانَ لَيْلِي لَا صَبَاحَ لَهُ

ترجمہ یہ راحت مجکو اس حال کے بعد نصیب ہوئی کہ میری رات بشدت غموم اتنی دراز ہوگئی تھی کہ گویا اُسکے لئے صبح ہی نہین تھی اور ایسی دراز تھی کہ گویا اُس رات کا آخر اول روز حشر سے ملا ہوا تھا۔

	كَادَتْ لِفَقْدِ اسْمِهِ تَبْكِي مَنَابِرُهُ	غَابَ الْأَمِيرُ فَغَابَ الْخَيْرُ عَنْ بَلَدٍ

ترجمہ امیر ممدوح بسبب معزولی کے چلا گیا تھا تو شہر سے بھلائی ہی غائب ہوگئی تھی اُسکی خوبیان یاد کرکے قریب تھا کہ اُسکے منبر بسبب نہ مذکور ہونے اُسکے مبارک نام کے رونے لگین۔

	وَخَبَّرَتْ عَنْ أَسَى الْمَوْتَى مَقَابِرُهُ	قَدِ اشْتَكَتْ وَحْشَةَ الْأَحْيَاءِ أَرْبُعُهُ

ضمیر اربعہ للبلد ترجمہ اُس شہر کی منازل نے وحشت زندگان کا شکوہ کیا اور اموات کی بیچینی کی خبر اُسکے مقبرون نے دی یعنی اُسکے جانے سے زندے اور مُردے دونوں بیچین ہوگئے تھے۔

	أَهَلَّ بِاللَّهِ بَادِيهِ وَحَاضِرُهُ	حَتَّى إِذَا عُقِدَتْ فِيهِ الْقِبَابُ لَهُ

الاہلال رفع الصوت ترجمہ یہ لوگون کی بیقراری بنی رہی یہان تلک کہ جب اُسکے ڈیرے اور خیمے اُس شہر مین قائم ہوئے تو اُسکے شہری اور دیہاتیون نے ادائے شکر خدا کا نعرہ بڑے زور شور سے مارا۔

	وَلَا الصَّبَابَةُ فِي قَلْبٍ تُجَاوِرُهُ	وَجَدَّدَتْ فَرَحًا لَا الْغَمُّ يَطْرُدُهُ

الضمیر فی جددت لعودۃ الدولۃ۔ ترجمہ اور اس دولت کے لوٹ آنے نے ایسی تازہ خوشی بخشی جسکو کوئی غم دفع نہین کرسکتا اور نہ عاشق جو باعث آلام ہوتی ہی کسی دل کے پاس پھٹکے گی یعنی جور معشوقان بھی کسی کو نہین ستائے گا غرض مصائب اختیاری وغیر اختیاری دونون دفع ہوگئین۔

	فَلَا سَقَاهَا مِنَ الْوَسْمِيِّ بَاكِرُهُ	إِذَا خَلَتْ مِنْكَ حِمْصٌ لَا خَلَتْ أَبَدًا

الوسمی اول مطر الخریف وباکرہ اولہ ترجمہ جبکہ تیرے جود و باجود سے شہر حمص خالی ہو۔ (خدا ایسا نکرے) تو اول موسم بہار کا پہلا باران اُس شہر کو سیراب نکرے اور ہمیشہ قحط بنا رہے۔

	وَنُورُ وَجْهِكَ بَيْنَ الْخَيْلِ بَاهِرُهُ	دَخَلْتَهَا وَشُعَاعُ الشَّمْسِ مُتَّقِدٌ

ترجمہ تو حمص مین ایسے وقت آیا کہ آفتاب کی روشنی خوب چمک رہی تھی مگر باین ہمہ تیرے روئے مبارک کا نور

اپنی اردلی کے سواروں میں نورِ شمس پر غالب تھا یعنی تیرے نور کے سامنے نورِ شمس ماندہ ہوگیا تھا۔

فِیْ فَیْلَقٍ مِنْ حَدِیْدٍ لَوْ قَذَفْتَ بِهٖ ۔۔۔ صَرْفَ الزَّمَانِ لَمَا دَارَتْ دَوَائِرُهٗ

ترجمہ تو شہر میں ایسے لشکر آہن پوش مسلح کے ساتھ آیا کہ اگر تو اسکے ساتھ گردش زمانہ پر حملہ کرتا تو اسکی گردشیں اور مصائب سب دفع ہوجائیں اور کسی کو ستانہ سکتیں۔

تَمْضِی الْمَوَاکِبُ وَالْاَبْصَارُ شَاخِصَةٌ ۔۔۔ مِنْهَا اِلَی الْمَلِكِ الْمَیْمُوْنِ طَائِرُهٗ

الطائر الفال۔ والعرب تتفاول فے الخیر والشر بالطار ترجمہ سواروں کے پرے جارہے ہیں اور لوگوں کی آنکھیں اُن سواروں سے مبارک فال بادشاہ کی طرف دیکھتی ہیں اور حیران ہیں یعنی سب لوگ تیری ہی طرف دیکھتے ہیں نہ لشکر وغیرہ کی طرف۔

قَدْ حِرْنَ فِیْ بَشَرٍ فِیْ تَاجِهٖ قَمَرٌ ۔۔۔ فِیْ دِرْعِهٖ اَسَدٌ تُدْمِیْ اَظَافِرُهٗ

ترجمہ وہ نظریں ایک ایسے بشر میں حیران ہیں کہ وہ ماہتاب تاج پوش اور شیر زرہ پوش ہے کہ اسکے ناخن دشمنوں کو خون آلودہ کرتے ہیں یعنی ممدوح میں جو یہ صفات متصف ہے۔

حُلْوٍ خَلَائِقُهٗ شُوْسٍ حَقَائِقُهٗ ۔۔۔ تُحْصَی الْحَصٰی قَبْلَ اَنْ تُحْصٰی مَآثِرُهٗ

الخلائق جمع خلیقۃ وہی الخلق۔ وشوس جمع اشوس وہو الذی ینظر نظر المتکبر والحقیقۃ ما یحق علی الرجل حفظہ من الاہل والجار ترجمہ ایسا بشر کہ اُسکے اخلاق شیریں ہیں اور اُسکے واجب المحافظت کام یعنی حمایت اہل وہمسایہ متکبرانہ ہے کہ اُنمیں کبھی فرق نہیں آسکتا جیسے متکبر شخص کے خلاف کوئی کچھ نہیں کرسکتا۔ سنگریزوں کا شمار اُسکے فضائل کے شمار سے پہلے ختم ہوجاتا ہے کہ وہ سنگریزوں سے شمار میں زیادہ ہیں۔ غرض کثیر الفضائل ہے۔

تَضِیْقُ عَنْ جَیْشِهِ الدُّنْیَا فَلَوْ رَحُبَتْ ۔۔۔ کَصَدْرِهٖ لَمْ تَبِنْ فِیْهَا عَسَاکِرُهٗ

ترجمہ اُسکا لشکر اتنا کثیر ہے کہ تمام دُنیا میں سما نہیں سکتا سو اگر دُنیا اُسکے سینے کے موافق وسیع ہوتی تو اسمیں اُسکے لشکر معلوم بھی نہیں ہوتے یعنی ممدوح کا سینہ دنیا سے بہت زیادہ فراخ ہے۔

اِذَا تَغَلْغَلَ فِکْرُ الْمَرْءِ فِیْ طَرَفٍ ۔۔۔ مِنْ مَجْدِهٖ غَرِقَتْ فِیْهِ خَوَاطِرُهٗ

التغلغل الدخول فے الشئ ترجمہ جبکہ انسان اُسکے شرف کے ایک کنارہ میں غوض کرے تو اُسکے افکار اور خیالات اُسی کنارہ میں غرق ہوجاتے ہیں یعنی اُسکے پارہ فضائل کی بھی تعریف نہیں ہوسکتی چہ جائے تمام فضائل۔

تَحْمِی السُّیُوْفُ عَلٰی اَعْدَائِهٖ مَعَهٗ ۔۔۔ کَاَنَّهُنَّ بَنُوْهُ اَوْ عَشَائِرُهٗ

حمی الشئ یحمی حمی فہو حام وحم اذا اشتد حرہ ترجمہ ممدوح کے اعداء پر اُسکے غصے ہوتے ہی تلواریں غضبناک ہوجاتی ہیں۔ گویا وہ تلواریں ممدوح کے فرزند ہیں یا اُسکا کنبہ۔

إِذَا انْتَضَاهَا لِحَرْبٍ لَمْ تَدَعْ جَسَدًا ۔۔۔ إِلَّا وَبَاطِنُهُ لِلْعَيْنِ ظَاهِرُهُ

ترجمہ جب وہ تلوارون کو کسی لڑائی کے لئے سونتتا ہی تو دشمنون مین کسی کے جسم کو نہین چھوڑتا مگر ایسے حال مین کہ اُنکے لئے جسم کا باطن مثل ظاہر کے ہوجاتا ہی یعنی اُسکو پارہ پارہ کرتا ہی۔

وَقَدْ تَيَقَّنَ أَنَّ الْحَقَّ فِي يَدِهِ ۔۔۔ وَقَدْ وَثِقْنَ بِأَنَّ اللهَ نَاصِرُهُ

ترجمہ تلوارون نے بیشک یقین کرلیا ہی کہ حق ممدوح کے ہاتھ مین ہی یعنی اُسکی طرف اور بیشک اُنھون نے وثوق کرلیا ہی کہ خدا ممدوح کا مددگار ہی۔ یہ یقین بسبب کثرت مشاہدہ جنگ کا ہوا ہی۔

تَرَكْنَ هَامَ بَنِي عَوْفٍ وَثَعْلَبَةٍ ۔۔۔ عَلَى رُؤُوسٍ بِلَا نَاسٍ مَغَافِرُهُ

بنو عوف و ثعلبۃ قبیلتان من العرب۔ والمغافر جمع مغفر وہو الذی یلبس علی الراس ترجمہ اُن تلوارون نے سر قبائل بنی عوف و ثعلبہ کے ایسے حال مین کر چھوڑے ہین کہ اُنکے خود اُنکے سرون پر ہین اور آدمی ندارد ہین۔ یعنے اُن کے سر مع خود ممدوح کے روبرو پیش ہوئے اور لاشہ چھوڑ آئے۔

فَخَاضَ بِالسَّيْفِ بَحْرَ الْمَوْتِ خَلْفَهُمُ ۔۔۔ وَكَانَ مِنْهُ إِلَى الْكَعْبَيْنِ زَاخِرُهُ

زخر البحر اذا تموج۔ وبحر الموت المعرکۃ ترجمہ سو ممدوح دشمنون کے پیچھے دریاے موت مین گھس گیا یعنی معرکہ مین جو پر از خون تھا اور اُسکا دریائے مواج ممدوح کے ٹخنون تلک آیا یعنے اُسکو کچھ نقصان نہین پہنچایا۔ یا یہ کہ اُسنے ایسی جنگ کی کہ وہ بہ نسبت دشمنان امر عظیم تھا اور اُسکے روبرو اُسکی حقیقت نہ تھی۔ دشمنون کے لئے وہ بحر زخار تھا اور ممدوح کے ٹخنون تلک۔

حَتَّى انْتَهَى الْفَرَسُ الْجَارِي وَمَا وَقَعَتْ ۔۔۔ فِي الْأَرْضِ مِنْ جُثَثِ الْقَتْلَى حَوَافِرُهُ

ترجمہ یہان تلک کہ ممدوح کا سبک و چالاک گھوڑا انتہائے معرکہ مین پہنچا اور بسبب کثرت مردون کی لاشون کے اُسکے سم زمین پر نہ پڑے کیونکہ مقتول لوگ برابر زمین پر بچھے ہوئے تھے۔

كَمْ مِنْ دَمٍ رَوِيَتْ مِنْهُ أَسِنَّتُهُ ۔۔۔ وَمُهْجَةٍ وَلَغَتْ فِيهَا بَوَاتِرُهُ

الولوغ شرب السباع بالسنتہا۔ والبواتر السیوف القواطع۔ والمہجۃ دم القلب ترجمہ بہت سے خون تھے کہ اُس سے اُسکے نیزے سیراب کئے گئے اور بہت سے خون دل کے تھے کہ اُسکی شمشیر ہائے قاطع نے اُسمین منھ ڈالکر مثل درندون کے اُس کو پیا۔

وَحَائِنٍ لَعِبَتْ سُمْرُ الرِّمَاحِ بِهِ ۔۔۔ فَالْعَيْشُ هَاجِرُهُ وَالنَّسْرُ زَائِرُهُ

الحائن الہالک ترجمہ اور بہت سے ہلاک ہونیوالے ہین کہ ممدوح کے گندم گون نیزون نے اُس کے ساتھ بازی کی یعنی اُسپر قادر ہوگئے اور اپنے قابو مین کرلیا سو اُن کی زندگی تو اُس سے جدا ہوگئی اور کرگس اُسکے پاس

آئے تاکہ اُسکا گوشت کھاوین۔

مَنْ قَالَ لَسْتَ بِخَيْرِ النَّاسِ كُلِّهِم	فَجَهْلُهُ بِكَ عِنْدَ النَّاسِ عَاذِرُهُ

ترجمہ جو شخص یہ بات کہے کہ تو اپنے زمانہ کے سب لوگون سے اچھا نہین ہی تو اُس کا تیرے قدر و مرتبہ کو نجاننا لوگون کے نزدیک اُسکے جہل کا عذر خواہ ہی۔

أَوْ شَكَّ أَنَّكَ فَرْدٌ فِي زَمَانِهِم	بِلَا نَظِيرٍ فَفِي رُوحِي أُخَاطِرُهُ

خاطرمن الخطر الذی یکون بین المتراہنین ترجمہ یا کوئی آدمی اس بات مین شک کرے کہ تو اُنکے زمانہ کا یکتا و یگانہ بلا مثل ہی تو اپنی جان کی اُس سے شرط بدتا ہون یعنے اگر کوئی تیرا مثل تبلا دے تو مین اُسکو اپنی جان دے ڈالون گا۔

يَا مَنْ أَلُوذُ بِهِ فِيمَا أُؤَمِّلُهُ	وَمَنْ أَعُوذُ بِهِ مِمَّا أُحَاذِرُهُ

ترجمہ ای وہ شخص کہ مین اپنی امیدون مین اُسکی پناہ پکڑتا ہون اور ای وہ شخص کہ مین خوفناک امور سے اُس کی پناہ چاہتا ہون۔

وَمَنْ تَوَهَّمْتُ أَنَّ الْبَحْرَ رَاحَتُهُ	جُودًا وَأَنَّ عَطَايَاهُ جَوَاهِرُهُ

ترجمہ اور ای وہ شخص کہ مین نے اُسکے بارہ مین یہ وہم کیا ہی کہ اُسکی ہتیلی بخشش مین دریا ہی اور یہ کہ اُس کی بخششین جواہر اُس دریا کی ہین۔ جواب ندا اگلے شعر مین ہی۔

لَا يَجْبُرُ النَّاسُ عَظْمًا أَنْتَ كَاسِرُهُ	وَلَا يَهِيضُونَ عَظْمًا أَنْتَ جَابِرُهُ

الہیض الکسر بعد الجبر ترجمہ لوگ اُس استخوان کو نہین جوڑ سکتے جسکا تو توڑنے والا ہی اور توڑ نہین سکتے اُس ہڈی کو جسکا تو جوڑنیوالا ہی۔ یعنی کوئی شخص تیری مرضی کے خلاف کوئی کام نہین کر سکتا۔

إِرْحَمْ شَبَابَ فَتًى أَوْدَتْ بِجِدَّتِهِ	يَدُ الْبِلَى وَذَوَى فِي السِّجْنِ نَاضِرُهُ

ترجمہ تو اُس جوان کی جوانی پر رحم کر جسکی نوخیزی کو کہنگی کے ہاتہ نے ہلاک کر دیا اور قیدخانہ مین اُسکی تازگی پژمردہ ہو گئی ہی۔ یعنے قید مین اُسکی اُٹھتی جوانی کی بہار جاتی رہی کہتے سے مراد نفس شاعر ہی۔

وقال یمدح ابا احمد عبید اللہ بن یحیی البحتری المنبجی

أُرِيقُكِ أَمْ مَاءُ الْغَمَامَةِ أَمْ خَمْرُ	بِفِيَّ بَرُودٌ وَهُوَ فِي كَبِدِي جَمْرُ

ترجمہ یہ جو مینے چکھا ہی یہ تیرا آب دہن ہی یا ابر کا پانی یا شراب ہی کہ وہ میرے منہ مین خنک ہی اور میرے جگر مین آگ کیونکہ وہ آتش شوق کو مشتعل کرتا ہی اور محبت کو بڑہاتا ہی۔ اس طرحکا کلام تجاہل عارفانہ کہلاتا ہی۔

أَذَا الْغُصْنُ أَمْ ذَا الدِّعْصُ أَمْ أَنْتِ فِتْنَةٌ	وَذَيَّا الَّذِي قَبَّلْتُهُ الْبَرْقُ أَمْ ثَغْرُ

ذیا تصغیر ذا ہو تصغیر محبت ترجمہ کیا یہ تیرا قد تازہ شاخ درخت کی ہی اور کیا تیرا سرین مدور تودہ ریگ ہی اور کیا تو سراپا فتنہ ہی

کہ عاشقوں کو مفتون بناتی ہے اور کیا یہ تیرے پیارے دانت جنکا مینے بوسہ لیا ہے چمک رہے ہیں یا بجلی ہین یا واقعی دندان ہین تصغیر بسبب صغر سن یا پیار کے ہے۔

ذَاتُ وَجْهٍ مِّنْ اَهْوٰی بِلَيْلِ عَوَاذِلِيْ	فَقُلْنَ نَرٰی شَمْسًا وَّمَا طَلَعَ الْفَجْرُ

ترجمہ میری معشوقہ کا روئے تاباں رات کو زنان ملامت گر نے دیکھا تو بے اختیار بول اٹھین کہ ہم آفتاب کو دیکھتے ہین حال آنکہ ابھی صبح نہین ہوئی۔ زنان ملامت گر کی تخصیص اسوجہ سے کی کہ وہ میرے عشق کو معشوقہ سے ہٹانیکو اُسکی صورت کی مذمت کیا کرتی ہین۔ جب اُنھون ہی نے اُسکو آفتاب مانلیا تو میری اُن پر حجت تمام ہوگئی۔

رَاَيْنَ الَّتِيْ لِلسِّحْرِ فِيْ لَحَظَاتِهَا	سُيُوْفٌ ظُبَاهَا مِنْ دَمِيْ اَبَدًا حُمْرٌ

ترجمہ اُنھون نے ایسی محبوبہ کو دیکھا کہ اُس کے نظارون مین جادو کی ایسی تلوارین ہین جنکی دھارین میرے خون سے ہمیشہ سُرخ رہتی ہین۔

تَنَاهٰی سُكُوْنُ الْحُسْنِ فِيْ حَرَكَاتِهَا	فَلَيْسَ لِرَاءٍ وَجْهَهَا لَمْ يَمُتْ عُذْرٌ

ترجمہ معشوقہ کے حرکات مین سکون حسن نہایت درجہ کو پہنچ گیا ہے یعنی اُسکے حرکات وسکنات نہایت خوشنما ہین پس جو اُسکا چہرہ دیکھے اور نہ مرے اُسکو نہ مرنے مین کچھ عذر نہین ہے اُسکو مرنا ہی چاہئے تھا۔

اِلَيْكَ ابْنَ يَحْيَى ابْنَ الْوَلِيْدِ تَجَاوَزَتْ	بِيَ الْبِيْدَ عَنْسٌ لَحْمُهَا وَالدَّمُ الشِّعْرُ

العنس الناقۃ الصلبۃ۔ ترجمہ ای پسر یحییٰ بن الولید کے تیری طرف ایسے ناقہ قویہ مجکو جنگلون مین سے نکال لائے کہ اُسکا گوشت اور خون میرے اشعار مدحیہ تھے جو بطور حدی اُسپر گاتے جاتے تھے اور اُنکو سُنکر تیزی سے چلتے تھے۔ یہ مشہور ہے کہ شتر حدی سے مست ہوکر خوب چلتا ہے یعنی اُسکی غذا تیری تعریف کے شعر تھے جو قائم مقام گوشت اور خون کے تھے

نَضَحْتُ بِذِكْرَاكُمْ حَرَارَةَ قَلْبِهَا	فَسَارَتْ وَطُوْلُ الْاَرْضِ فِيْ عَيْنِهَا شِبْرُ

نضح الشئ بالماء رشہ علیہ۔ ترجمہ مین تمھارے ذکر سے یعنی اُن اشعار سے جنمین تمھاری مدح تھی ناقہ کے دل کی حرارت خنک کرتا تھا سو وہ ایسی چلی کہ زمین کی درازی اُسکی آنکھ مین بقدر ایک بالشت کے تھی۔

اِلٰى لَيْثِ حَرْبٍ يُلْحِمُ اللَّيْثَ سَيْفُهٗ	وَبَحْرِ نَدًى فِيْ مَوْجِهٖ يَغْرَقُ الْبَحْرُ

ترجمہ میری ناقہ ایسے شیر جنگ کی طرف چلی کہ وہ اپنی تلوار کو شیر کا گوشت کھلاتا ہے اور ایسے دریائے سخاوت کی طرف کہ اُسکی بخشش مین دریا غرق ہو جاوے۔

وَاِنْ كَانَ يُبْقِيْ جُوْدُهٗ مِنْ تَلِيْدِهٖ	شَبِيْهًا بِمَا يُبْقِيْ مِنَ الْعَاشِقِ الْهَجْرُ

ترجمہ اور اگرچہ اُسکی بخشش اپنے مال موروثی مین سے اتنا ہی باقی رکھتی ہے جسقدر جسم عاشق مین سے ہجر یعنی کچھ باقی نہین رکھتا غرض مجکو امید نہ تھی کہ وہان سے بسبب کثرت سخاوت کچھ ملیگا کیونکہ وہ کچھ پاس ہی نہین رکھتا کتا کھاتے۔

بِمَا حَ المَعَالِی لَا الرُّدَینِیَّۃُ السُّمُرُ	فَتَیٰ کُلَّ یَوْمٍ یَحْتَوِی نَفْسَ مَالِہٖ

احتوی علیہ اخذہ ترجمہ وہ ایسا جوانمرد ہی کہ نیزے بلند نامی کے اُسکے مال کو ہر روز لے لیتے ہین۔نہ گندم گون نیزے یعنی وہ ہمیشہ اپنے اموال کو بلند نامی کے کامون مین خرچ کرتا ہی۔اور واقعی نیزونکا تو مقدور ہی نہین کہ اُس کے مالون کو بطور غصب لیکر لیلیوین کیونکہ اُسکی ٹکر کا کوئی نہین ہی جو غالب آسکے۔

فَنَائِلُہَا قَطْرٌ وَنَائِلُہٗ غَمْرٌ	تَبَاعَدَ مَا بَیْنَ السَّحَابِ وَبَیْنَہٗ

ترجمہ ابر مین اور ممدوح مین بڑا فرق ہی سو ابر کی عطا قطرے ہین اور ممدوح کی عطا مثل گہرے آب کثیر کے۔

لَاَصْبَحَتِ الدُّنْیَا وَاَکْثَرُہَا نَزْرٌ	وَلَوْ تَنْزِلُ الدُّنْیَا عَلٰی حُکْمِ کَفِّہٖ

النزر القلیل ترجمہ اور اگر دُنیا اُسکے ہاتھ کے اختیار مین ہوتی یعنی وہ مالک دُنیا ہوتا تو ساری دُنیا کو بخشدیتا اور یہان ہمہ دنیا کا کثیر مال اُسکی عطا کے روبرو قلیل ہوتا یعنی غیر کافی۔

فَمَا لِعَظِیْمٍ قَدْرُہٗ عِنْدَہٗ قَدْرٌ	اَرَاہُ صَغِیْرًا قَدْرَہَا عُظْمُ قَدْرِہٖ

ترجمہ ممدوح کی بلندی قدر نے دُنیا کو اُسکی نظر مین حقیر دکھا دیا سو جو شخص لوگون مین عظیم القدر شمار ہوتا ہی ممدوح کے نزدیک اُسکی بھی کچھ قدر نہین ہی کیونکہ جب وہ خود دُنیا کو کم قدر جانتا ہی تو اہل دُنیا کس حساب مین ہین۔

تَخِرُّ لَہُ الشِّعْرٰی وَیَنْکَسِفُ الْبَدْرُ	مَتٰی مَا یُشِرْ نَحْوَ السَّمَاءِ بِوَجْہِہٖ

ترجمہ جبکہ وہ اپنے منور چہرہ سے آسمان کی طرف اشارہ کرتا ہی تو شعری ستارہ معروف جسکی عرب ایام جاہلیتہ مین پرستش کرتے تھے مارے شرم کے گر پڑے اور بدر کو گرہن لگجاوے اور بے نور ہو جاوے کیونکہ ممدوحکا سا نورانی نہین ہی۔

لَہُ الْمُلْکُ بَعْدَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ وَالذِّکْرُ	تَرَ الْمَلِکَ الْاَرْضِیَّ وَالْمَلِکَ الَّذِیْ

تر امر یا بدل من جواب الشرط ای تخرومن رواہ بالیا رجعلہ ستیسا فالمخاطب ترجمہ ای دیکھنے والے جب تو ممدوح کو دیکھیگا تو بادشاہ روئے زمین کو اور اُسکو دیکھیگا جسکا خدا کے بعد راج ہی اور اُسی کی تعریف اور مذکور سب جگہہ ہی یعنی وہ شخص ایسے اوصاف کا ہی۔

یُؤَرِّقُہٗ فِیْمَا یُشَرِّفُہُ الْفِکْرُ	کَثِیْرُ سُہَادِ الْعَیْنِ مِنْ غَیْرِ عِلَّۃٍ

ترجمہ وہ بے بیاری کے بڑا بیدار چشم ہی اُسکو بیدار رکھتی ہی وہ چیز کہ شرف کرے اُسکو فکر بلند یعنے اُسکی بیداری بیماری کے سبب سے نہین ہی بلکہ وہ ایسے امور کو سوچتا رہتا ہی جو باعث شرف و مجد ہین۔

بِہٖ اَقْسَمَتْ اَنْ لَا یُؤَدِّیْ لَہَا شُکْرُ	لَہٗ مِنَنٌ تُفْنِی الثَّنَاءَ کَاَنَّمَا

ترجمہ ممدوح کے لوگو پر اسقدر احسان ہین کہ اُنکی تعریف کو اُنہون نے فنا کردیا اور اُنکا حق ادا نہوا گویا احسانون نے ممدوح کی قسم کھائی ہی کہ اُنکا شکر کسی سے ادا نہو سکے اس لئے وہ تعریف سے زیادہ رہتے ہین۔

أَبَا أَحْمَدٍ مَا الْفَخْرُ إِلَّا لِأَهْلِهِ ۔۔۔ وَمَا لِامْرِئٍ لَمْ يُمْسِ مِنْ بُحْتُرٍ فَخْرُ

بحتر قبیلہ من طی قبیلۃ ہذا الممدوح ترجمہ ای ابا احمد فخر اُسی کو ہوتا ہی جو شایان فخر ہو اور جو شخص کہ قبیلہ بحتر سے نہین ہی اُس کو لیاقت فخر حاصل نہین ہی کیونکہ اصل سبب فخر تو ہی۔

هُمُ النَّاسُ إِلَّا أَنَّهُمْ مِنْ مَكَارِمٍ ۔۔۔ يُغَنِّي بِهِمْ حَضْرٌ وَيَحْدُو بِهِمْ سَفْرُ

الحضر الحاضرون فے البلاد جمع حاضر۔ والسفر المسافرون ترجمہ حقیقت مین وہ بھی آدمی ہی ہین مگر یہ لوگ ایسے ہین کہ اُنکی سرشت مین کرم ہی اسلئے شہری اُنکی تعریف گاتے ہین اور مسافر اُنکی مدح کی حدی کہتے ہین۔

بِمَنْ تَضْرِبُ الْأَمْثَالُ أَمْ مَنْ تَقِيسُهُ ۔۔۔ إِلَيْكَ وَأَهْلُ الدَّهْرِ دُونَكَ وَالدَّهْرُ

ترجمہ کس شخص سے تیری امثال بیان کی جادین یا کس سے تیرا قیاس کردن حال آنکہ اہل زمانہ و زمانہ خود تجھسے کم ہین یہان صلہ قیاس کا لفظ الی لایا ہی بتضمین معنی ضم و جمع کے گویا یہ کہتا ہی کہ کسکو تیرے ساتھ جمع کرکے موازنہ کردن اور تولون حال آنکہ تو بیمثل ہی۔

وقال یرثی محمد بن اسحاق التنوخی

إِنِّي لَأَعْلَمُ وَاللَّبِيبُ خَبِيرُ ۔۔۔ أَنَّ الْحَيَاةَ وَإِنْ حَرَصْتُ غُرُورُ

ترجمہ مین تو خوب جانتا ہون اور مجھ پر کیا موقوف ہی ہر ہوشیار جانتا ہی کہ زندگی اگرچہ مین اُس کی حرص کردن دھوکے کی چیز ہی یعنی بے اصل ہی۔

وَرَأَيْتُ كُلًّا مَا يُعَلِّلُ نَفْسَهُ ۔۔۔ بِتَعِلَّةٍ وَإِلَى الْفَنَاءِ يَصِيرُ

ما زائدۃ ترجمہ اور مینے ہر شخص کو دیکھا کہ وہ اپنی طبیعت کو ایک حیلہ و بہانہ سے بہلاتا ہی اور انجام فنا ہی۔

أَمُجَاوِرَ الدَّيْمَاسِ رَهْنَ قَرَارَةٍ ۔۔۔ فِيهَا الضِّيَاءُ بِوَجْهِهِ وَالنُّورُ

رہن منصوب علی الحال او بدل من مجاور والدیماس حفرۃ لاینفذ الیہا النور ترجمہ ای قبر تاریک کے ہمسایہ اور ای مرہون ایک جگہ متعین کے (یعنی قبر کے کہ اُسمین تو قیامت تلک مقیم ہی گویا قبر نے تجکو رہن رکھ لیا ہی) کہ اُس مین اُسکے روئے روشن کے سبب روشنی اور نور ہی جواب ندا اگلے شعر مین ہی۔

مَا كُنْتُ أَحْسِبُ قَبْلَ دَفْنِكَ فِي الثَّرَى ۔۔۔ أَنَّ الْكَوَاكِبَ فِي التُّرَابِ تَغُورُ

تغور تختفی ترجمہ مین تیرے مٹی مین دفن ہونے سے پہلے یہ نہین جانتا تھا کہ ستارے زمین مین پوشیدہ ہو جاتے ہین۔

مَا كُنْتُ آمُلُ قَبْلَ نَعْشِكَ أَنْ أَرَى ۔۔۔ رَضْوَى عَلَى أَيْدِي الرِّجَالِ تَسِيرُ

النعش ما یحمل علیہ المیت وہو کالسریر من خشب۔ ورضوی اسم جبل معروف ترجمہ مین تیرے جنازہ سے پہلے یہ امید نہین کرتا تھا کہ کوہ رضوی مردون کے ہاتھون پر چلے گا کیونکہ تو تو کوہ وقار تھا اور صاحب قوۃ بھاری بھرکم۔

خَرَجُوْا بِهٖ وَلِكُلِّ بَاكٍ خَلْفَهٗ	صَعَقَاتُ مُوْسٰى يَوْمَ دُكَّ الطُّوْرُ

الدک۔ الکسر والدق ترجمہ اسکو ایسے حال مین لیکر نکلے کہ ہر رونیوالیکو اسکے پیچھے ایسی بیہوشیان تھین جیسے حضرت موسے کو پیش آئی تھین جس روز کوہ طور تجلی الٰہی سے ریزہ ریزہ ہوگیا تھا۔

وَالشَّمْسُ فِيْ كَبِدِ السَّمَاءِ مَرِيْضَةٌ	وَالْاَرْضُ وَاجِفَةٌ تَكَادُ تَمُوْرُ

الواجفۃ کالراجفۃ المضطربۃ۔ وتمور تجئ وتذہب ترجمہ اسکے غم سے آفتاب بے نور ہوگیا وہ وسط آسمان مین مریض تھا اور زمین مضطرب ہی قریب ہوکہ چلنے لگے یعنی مضطربانہ۔

وَحَفِيْفُ اَجْنِحَةِ الْمَلَائِكِ حَوْلَهٗ	وَعُيُوْنُ اَهْلِ اللَّاذِقِيَّةِ صُوْرُ

الحفیف صوت الاجنحۃ۔ والملائک جمع ملک علی غیر القیاس۔ وصور جمع اصور وہو المائل ترجمہ اور رحمت کے فرشتونکے پرون کی سنسناہٹ اسکے گرد تھی اور اہل لاذقیہ کی آنکھین اس سنسناہٹ یا مردے کی طرف مائل تھین یعنی فرشتونکے پرون کی آواز وہ لوگ سنتے تھے یا بسبب غایت محبت تحیر از اسکو دیکھتے تھے۔ لاذقیہ اور صور دو شہر ہین پس لفظ صور مین توریہ ہی۔

حَتّٰى اَتَوْا جَدَثًا كَاَنَّ ضَرِيْحَهٗ	فِيْ قَلْبِ كُلِّ مُوَحِّدٍ مَحْفُوْرُ

الجدث القبر والضریح الشق فی وسط القبر واللحد فی جانبہ ترجمہ وہ لوگ نکلے یہان تلک کہ ایک قبر کے پاس آئے گویا اسکے وسط کا گڑھا ہر موحد کے دلمین کھدا ہوا تھا۔ اسکی محبت اور غم کے سبب۔

بِمُزَوَّدٍ كَفَنَ الْبِلٰى مِنْ مُلْكِهٖ	مُغْفٍ وَاِثْمِدُ عَيْنِهِ الْكَافُوْرُ

المغفی النائم والاثمد الکحل الاسود ترجمہ آئے ایسے شخص کو لیکر کہ اسکی سلطنت سے اسکو صرف ایک کفن دیا گیا تھا جو کہنہ ہوجائے گا اور وہ مثل سونے والے کے آنکھین بند کئے ہوئے ہی کہ اسکی چشم کو بجائے اثمد کافور لگایا گیا تھا۔ کیونکہ کافور سرمہ میت ہی جیسا اثمد سرمہ زندہ کا۔

فِيْهِ الْفَصَاحَةُ وَالسَّمَاحَةُ وَالتُّقٰى	وَالْبَاْسُ اَجْمَعُ وَالْحِجٰى وَالْخِيْرُ

الحجی العقل۔ والخیر الکرم ترجمہ اس کفن مین فصاحت اور سخاوت اور پرہیزگاری اور رعب سب اکٹھے تھے علاوہ اسکے سمجھ اور کرم۔ یعنی یہ سب اوصاف اسمین جمع تھے کہ اسکے ساتھ ہی مرگئے۔

كَفَلَ الثَّنَاءُ لَهٗ بِرَدِّ حَيَاتِهٖ	لَمَّا انْطَوٰى فَكَاَنَّهٗ مَنْشُوْرُ

ترجمہ اسکی مدح وثنا جو لوگون کی زبانون پر ہی اس کے دوبارہ زندہ کرنیکی ضامن ہوگئی ہی جب اسکا بساط زندگی طی ہوگیا پس گویا وہ زندہ کیا گیا ہی کیونکہ جسکا ذکر خیر باقی رہے وہ مثل زندونکے ہی یہ شعر بادنی تغیر حماسہ کا ہی۔

وَكَاَنَّمَا عِيْسَى بْنُ مَرْيَمَ ذِكْرُهٗ	وَكَاَنَّ عَازَرَ شَخْصُهُ الْمَقْبُوْرُ

ترجمہ اور گویا اُسکا ذکر حضرت عیسیٰ بن مریم ہی اور اُسکا جسم مدفون عازر ہی یعنی جیسا عیسیٰ نے عازر کو بعد مرنے کے زندہ کردیا تھا ایسا ہی اُسکا ذکر اُسکو زندہ کرتا ہی۔ واستزادہ بنو عمہ فقال۔

غَاضَتْ اَنَامِلُهٗ وَهُنَّ بُحُوْرٌ	وَخَبَتْ مَكَائِدُهٗ وَهُنَّ سَعِيْرٌ

ترجمہ اُسکا دست عطا جو مثل سمندر و نکے تھا اُسکی موت کے سبب خشک و گم ہوگیا اور اُسکی تدابیر جنگ کی آگ ہو مثل دوزخ تھین دشمنون کے لئے وہ بجھ گئین۔

يُبْكٰى عَلَيْهِ وَمَا اسْتَقَرَّ قَرَارُهٗ	فِي اللَّحْدِ حَتّٰى صَافَحَتْهُ الْحُوْرُ

ترجمہ یہان تو اُسپر گریہ کیا جاتا ہی اور وہان یہ حال ہی کہ وہ اپنی قرارگاہ یعنی قبر مین ٹھہرنے بھی نہین پایا کہ حورون نے اُس سے مصافحہ کیا۔ پس رونیکا کیا موقع ہی یہ تو خوشی کا سبب ہی۔

صَبْرًا بَنِيْ اِسْحَاقَ عَنْهُ تَكَرُّمًا	اِنَّ الْعَظِيْمَ عَلَى الْعَظِيْمِ صَبُوْرٌ

ترجمہ ای پسران اسحاق اُسپر براہ بزرگ منشی صبر کرو۔ بیشک عظیم القدر ہی آدمی بڑے حادثہ پر صبر کیا کرتا ہی۔

فَلِكُلِّ مَفْجُوْعٍ سِوَاكُمْ مُشْبِهٌ	وَلِكُلِّ مَفْقُوْدٍ سِوَاهُ نَظِيْرٌ

ترجمہ سو تمھارے سوا ہر دردرسیدہ کے لئے مثل ہی اور سوائے اُسکے ہر گم شدہ کے لئے نظیر ہی۔ مگر تمھارے اور میت کے لئے کوئی شبیہ اور نظیر نہین۔

اَيَّامَ قَائِمُ سَيْفِهٖ فِيْ كَفِّهِ الْيُمْنٰى وَبَاعُ الْمَوْتِ عَنْهُ قَصِيْرٌ

ترجمہ اُسکی کوئی نظیر نہ تھا اُس زمانہ مین کہ اُسکا قبضہ شمشیر اُسکے دہنے ہاتھ مین تھا اور موت کا ہاتھ اُس سے کوتاہ اُس وقت مین اُسکا کوئی مثل و مانند نہ تھا۔

وَلَطَالَمَا انْهَمَلَتْ بِمَاءٍ اَحْمَرٍ	فِيْ شَفْرَتَيْهِ جَمَاجِمٌ وَنُحُوْرٌ

ترجمہ اور اکثر دشمنون کی کھوپریان اور اُنکے سینے متوفی کی تلوار کی دونون دھاروںسے آب سُرخ یعنی خون بہاتے تھے۔

فَاُعِيْذُ اِخْوَتَهٗ بِرَبِّ مُحَمَّدٍ	اَنْ يَحْزَنُوْا وَمُحَمَّدٌ مَسْرُوْرٌ

ترجمہ سو مین اُسکے برادرون کو پروردگار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی پناہ مین دیتا ہون اس امر سے کہ وہ غمگین ہون حالانکہ محمد متوفی مسرور ہی نعیم دائم و عزت و کرامت سے۔ اور احتمال ہی کہ دونون جگہ محمدؐ سے متوفی مراد ہو۔

اَوْ يَرْغَبُوْا بِقُصُوْرِهِمْ عَنْ حُفْرَةٍ	حَيَّاهُ فِيْهَا مُنْكَرٌ وَنَكِيْرٌ

ترجمہ اور اُسکے برادرونکو اس امر سے خدا کی پناہ مین دیتا ہون کہ وہ لوگ اپنے محلون کی آسائش کے سبب اُس قبر سے کہ اُسمین متوفے سے منکر و نکیر نے صاحب سلام کی غافل ہو جاوین اور اُسکی زیارت کو نجاوین یہ شرح ابن جنی نے کی ہی شارح عروضی اسکو ناپسند کرتے ہین اور یہ معنی کہتے ہین کہ وہ اپنے محلونکو اُس قبر سے جو ریاض جنت کی ایک کیاری ہی بہتر سمجھین۔

نَفَرٌ اِذَا غَابَتْ غُمُوْدُ سُيُوْفِهِمْ | عَنْهَا فَاٰجَالُ الْعِبَادِ حُضُوْدُ

ترجمہ بنی اسحاق ایک ایسی جماعت ہی جبکہ میان اُنکی تلوارونکے اُن سے جُدا ہو جاوین یعنی وہ کھینچی جاوین تو موتین اُنکے دشمنون کے سامنے آموجود ہوتی ہین یعنی بڑے تلور نئے زن ہین۔

وَاِذَا الْتَقَوْا جَيْشًا تَيَقَّنَ اَنَّهٗ | مِنْ بَطْنِ طَيْرٍ تَنُوْفَةٍ مَحْشُوْدُ

الطیر یقع علی الواحد والجمع وہو جمع طائر واراد بطونہا ترجمہ اور جبکہ وہ لوگ کسی لشکر کے مقابل ہوتے ہین تو وہ لشکر یقین کرلیتا ہی کہ ہم اب جنگلی پرندون کے شکمون سے حشر کئے جاوینگے یعنی ہم سب قتل کئے جاوین گے اور پرندے گوشت خوار ہمکو کھا جاوین گے اور وہان سے بروز حشر محشور ہون گے۔

لَمْ تُثْنَ فِيْ طَلَبٍ اَعِنَّةُ خَيْلِهِمْ | اِلَّا وَعُمْرُ طَرِيْدِهَا مَبْتُوْدُ

ترجمہ اُنکے گھوڑون کی باگین طلب دشمن مین کبھی پھیری نہین جاتین مگر کہ عمر اُن کے بھگوڑون کی یعنے دشمنونکی مقطوع ہوتی ہی۔

يَمَّمْتُ شَاسِعَ دَارِهِمْ عَنْ نِيَّةٍ | اِنَّ الْمُحِبَّ عَلَى الْبِعَادِ يَزُوْدُ

ترجمہ مینے قصدًا اُنکے بعید گھر کا ارادہ کیا کیونکہ دوست باوجود دوری کے بھی ملتا رہتا ہی۔

وَقَنِعْتُ بِاللُّقْيَا وَاَوَّلِ نَظْرَةٍ | اِنَّ الْقَلِيْلَ مِنَ الْمُحِبِّ كَثِيْرُ

ترجمہ اور مینے صرف ملاقات اور ایک اول نظر دیکھنے پر قناعت کی بیشک دوست کی جانب سے تھوڑا بھی بہت ہی۔

وسالوہ ان ینفی الشماتۃ عنہم فقال ارتجالاً

اَزَاَلَ اِبْرَاهِيْمَ بَعْدَ مُحَمَّدٍ | اِلَّا حَنِيْنٌ دَائِمٌ وَزَفِيْرُ

استفہام انکاری۔ والزفرۃ والزفر امتلاء الجوف من النفس لشدۃ الکرب ترجمہ کیا ابراہیم اُسکے چچا کے کنبے کو بعد محمد متوفیٰ کے کوئی چیز نہین ہی مگر غم دائمی اور شدت گریہ سے لمبے لمبے سانس لینا سو ایسا ہونا چاہیئے

مَا شَكَّ خَابِرُ اَمْرِهِمْ مِنْ بَعْدِهٖ | اَنَّ الْعَزَاءَ عَلَيْهِمْ مَحْظُوْرُ

الخابر العالم بالشئ مثل الخبیر او بمعنے المجرب ترجمہ بعد مرنے متوفی کے اُنکا واقف حال خوب جانتا ہی کہ صبر اُنپر ممنوع وحرام ہی یعنی بسبب شدت حزن وہ لوگ صبر سے ایسے بچتے ہین جیسے فعل حرام سے۔

تُدْمِيْ خُدُوْدُهُمُ الدُّمُوْعُ وَتَنْقَضِيْ | سَاعَاتُ لَيْلِهِمْ وَهُنَّ دُهُوْرُ

ترجمہ اُنکے رخسارون کو آنسو ہائے خونی خون آلود کرتے ہین اور اُنکی راتون کی گھڑیان بسبب بیداری کے ایسی گزرتی ہین گویا وہ مجموعہ زمانونکا ہی بسبب درازی کے۔

اَبْنَاءُ عَمٍّ كُلُّ ذَنْبٍ لِامْرِئٍ | اِلَّا السِّعَايَةَ بَيْنَهُمْ مَغْفُوْرُ ۲۰

ترجمہ آل ابراہیم ایسے چچیرے بھائی ہین اور ایسے حلیم ہین کہ اُن کے نزدیک ہر شخص کا ہر گناہ مغفور ہی مگر اُن کی آپسین چغلخوری۔

طَارَ الْوُشَاةُ عَلٰی صَفَاءِ وِدَادِهِمْ	وَكَذَا الذُّبَابُ عَلَى الطَّعَامِ يَطِيرُ

ترجمہ غماز لوگ اُنکی صفائی دوستی پر مثل مگس بھنبھنائے اور مکھی کا خاصہ ہی کہ کھانے پر اُڑتی ہی۔ یہ دلیل ہی وجود اصل مودت پر اگر مودت نہو تی تو مگس طبع غماز یہان کیون جمع ہوتے۔

وَلَقَدْ مَنَنْتُ أَبَا الْحُسَيْنِ مَوَدَّةً	جُودِي بِهَا لِعَدُوِّهِ تَبْذِيرُ

ترجمہ اور بیشک مینے ابو الحسین کو جو متوفی کا ایک برادر ہی ایسی محبت بخشدی ہی کہ اگر وہ محبت اُسکے دشمن کو بخشدیتا تو اسراف مین داخل ہوتا یعنی اُس محبت کو بیموقع رکھتا۔

مَلِكٌ تَكَوَّنَ كَيْفَ شَاءَ كَأَنَّمَا	يَجْرِي بِفَصْلِ قَضَائِهِ الْمَقْدُورُ

ترجمہ ابو الحسین ایک بادشاہ ہی اُسکی پیدائش اُسکی مرضی کے موافق ہوئی ہی یعنی سارے اوصاف پسندیدہ اُسمین جمع ہین گویا تقدیر اُسکے حکم فیصل کے موافق چلتی ہی۔

وقال فی ابی الحسین بن ابراہیم ودخل علیہ وہو یشرب

مَرَتْكَ ابْنَ إِبْرَاهِيمَ صَافِيَةُ الْخَمْرِ	وَهُنِّئْتَهَا مِنْ شَارِبٍ مُسْكِرِ السُّكْرِ

حذف ہمزۃ مرتک ضرورۃ ترجمہ تجکو ای ابن ابراہیم شراب صاف گوارا ہو اور تجکو وہ مبارک ہو تو ایک مینوش ہی جو نشہ کو نشہ مین کردیتا ہی یعنی نشہ پر کوئی چیز غالب نہین آتی مگر تجکو ہر شی پر غلبہ حاصل ہی۔ یا یہ کہ تو اپنے حسن شمائل کے نشہ مین ہی۔

رَأَيْتُ الْحُمَيَّا فِي الزُّجَاجِ بِكَفِّهِ	فَشَبَّهْتُهَا بِالشَّمْسِ فِي الْبَدْرِ فِي الْبَحْرِ

الحمیا من اسماء الخمر لا یستعمل الا مصغرا ترجمہ مینے شیشہ شراب اُسکے ہاتھ مین دیکھا تو مینے شراب کو آفتاب سے تشبیہ دی جو شیشہ مثل بدر مین ہی اور اُسکے ہاتھ مین جو کہ سخا مین مثل بحر ہی۔

إِذَا مَا ذَكَرْنَا جُودَهُ كَانَ حَاضِرًا	نَأَى أَوْ دَنَا يَسْعَى عَلَى قَدَمِ الْخِضْرِ

ترجمہ جب ہم اُسکی بخشش کا ذکر کرتے ہین تو وہ وہان ہی مثل رفتار حضرت خضرؑ کے آموجود ہوتی ہی پھر ممدوح یا اُسکی عطا دور ہو یا نزدیک۔ کہتے ہین کہ خضرؑ کا جہان مذکور ہوتا ہی وہان ہی حاضر ہو جاتے ہین۔

وقال وقد حجبہ بدر بن عمار

أَصْبَحْتَ تَأْمُرُ بِالْحِجَابِ لِخَلْوَةٍ	هَيْهَاتَ لَسْتَ عَلَى الْحِجَابِ بِقَادِرِ

ترجمہ تونے ایسے حال مین صبح کی کہ تو ملنے والون کے روکنے کا حکم کرتا تھا۔ ایک خلوۃ کے سبب یہ امر نہایت

بعید ہی کیونکہ تو اپنے حجاب پر قدرت نہین رکھتا جیسا آفتاب جہان ہوگا ظاہر ہوگا۔

مَنْ كَانَ ضَوْءُ جَبِيْنِهِ وَنَوَالُهُ	لَمْ يُحْجَبَا لَمْ يَحْتَجِبْ عَنْ نَاظِرٖ

ترجمہ جسکا نور پیشانی اور اُسکی بخشش چھپائی نجا سکین وہ دیکھنے والون سے کب پوشیدہ ہو سکتا ہی۔

فَإِذَا احْتَجَبْتَ فَأَنْتَ غَيْرُ مُحَجَّبٍ	وَإِذَا بَطَنْتَ فَأَنْتَ عَيْنُ الظَّاهِرِ

ترجمہ سو جب پردہ مین ہو جاوے تو چھپا نہین رہتا اور جب تو پوشیدہ ہو تو کھلم کھلا ہی۔

وقال وقد اخذ الشراب منه عند بدر واراد الانصراف

نَالَ الَّذِيْ نِلْتُ مِنْهُ مِنِّيْ	لِلّٰهِ مَا تَصْنَعُ الْخُمُوْرُ

کلمۃ للّٰہ للتعجب ترجمہ شراب سے جسقدر مین نے حظ اُٹھایا تھا اُسی کے موافق اُسنے میری عقل و قوت مین سے حصہ لے لیا۔ یہ اثر جو شراب مین کرتی ہین ایسا عجیب ہی کہ گویا خدا کا کیا ہوا کام ہی۔

وَذَا انْصِرَافِيْ إِلَى مَحَلِّيْ	أَآذِنٌ أَيُّهَا الْأَمِيْرُ

ترجمہ اور یہ وقت میرے گھر کی طرف لوٹنے کا ہی اے امیر کیا تو اجازت دینے والا ہی۔

وقال یصف لعبة فی صورة جاریة

وَجَارِيَةٍ شَعْرُهَا شَطْرُهَا	مُحَكَّمَةٍ نَافِذٍ أَمْرُهَا

ترجمہ اور بہت سی چھوکریان ہین کہ اُسکے بال اُسکے نصف قد کے برابر ہین اور وہ حاکم بنائی گئی ہی اور اُسکا حکم جاری ہی کہ جب وہ کسی کے سامنے آکھڑی ہوتی ہی تو وہ اُسی وقت قدح نوش کرتا ہی۔

تَدُوْرُ عَلٰى يَدِهَا طَاقَةٌ	تَضَمَّنَهَا مُكْرَهًا شِبْرُهَا

ترجمہ وہ ایسے حال مین گھومتی ہی کہ اُسکے ہاتھ مین گلدستہ ہی کہ اُسکا ہاتھ اُس کو بزور لئے ہوئے ہی یعنے اُسنے اُسکو بخوشی نہین لیا۔

فَإِنْ أَسْكَرَتْنَا فَفِيْ جَهْلِهَا	بِمَا فَعَلَتْهُ بِنَا عُذْرُهَا

ترجمہ سو اگر وہ ہمارے پاس آکر ہمکو مدہوش کرے تو اُسکا جہل اُس کام سے جو اُسنے ہمارے ساتھ کیا اُسکا عذرخواہ ہی۔

وقال فی بدر

إِنَّ الْأَمِيْرَ أَدَامَ اللّٰهُ دَوْلَتَهُ	لَفَاخِرٌ كُسِيَتْ فَخْرًا بِهِ مُضَرُ

ترجمہ بیشک امیر بدر خدا اُسکی دولت کو ہمیشہ رکھے ایک صاحب فخر ہی کہ مضر بدر رعب اُسکے سبب لباس فخر پہنایا گیا ہی

فِي الشَّرْبِ جَارِيَةٌ مِنْ تَحْتِهَا خَشَبٌ	مَا كَانَ وَالِدَهَا جِنٌّ وَلَا بَشَرُ

جمل اسم کان نکرۃ فردۃ وشلہ یوجد فی کلام المتقدمین ترجمہ میخوارون مین سے ایک چھوکری ہی کہ اُسکے نیچے ایک

لکڑی ہی اور حصہ بالائی صورت جاریہ کی اُسکا باپ نہ جن ہی اور نہ انسان۔

قَامَتْ عَلَى فَرْدٍ بِرِجْلٍ مِنْ مَهَابَتِهِ	وَلَيْسَ تَعْقِلُ مَا تَأْتِي وَمَا تَذَرُ

ترجمہ وہ چھوکری ممدوح کے خوف سے ایک پانو پر کھڑی ہوئی اور جو حرکت کرتی ہی اور جو چھوڑتی ہی اُسکو کچھ نہیں سمجھتی۔

وقال لبدر رماحماک علی احضار اللعبۃ فقال اردت ان انفی الظنۃ عن ادبک فقال

زَعَمْتَ أَنَّكَ تَنْفِي الظَّنَّ عَنْ أَدَبِي	وَأَنْتَ أَعْظَمُ أَهْلِ الْعَصْرِ مِقْدَارَا

ترجمہ تونے خیال کیا کہ تو میرے ادب اور شاعری سے تہمت عدم قدرت بدیہہ گوئی کی دور کرے اور حال یہ ہی کہ تو تمام اہل زمانہ سے مرتبہ میں بڑا ہی۔لوگ کہتے تھے کہ متنبی قدرت بدیہہ گوئی نہیں رکھتا سو بدر نے ایک پتلی پیش کی تا کہ قوت شاعری معلوم ہو جاوے کیونکہ یہ غیر معمولی چیز تھی اسمیں یہ شبہ نہ رہا کہ پہلے سے کہلایا ہوگا۔

إِنِّي أَنَا الذَّهَبُ الْمَعْرُوفُ مَخْبَرُهُ	يَزِيدُ فِي السَّبْكِ لِلدِّينَارِ دِينَارَا

ترجمہ بیشک میں ہی سونا ہوں جسکا امتحان مشہور ہی کہ اُسکا گلانا دینار کی قیمت بڑھا دیتا ہی یا دو چند کرتا ہی۔

فقال بدر واسد للدینار قنطارا فقال

بِرَجَاءِ جُودِكَ يُطْرَدُ الْفَقْرُ	وَبِأَنْ تُعَادِي يَنْفَدُ الْعُمْرُ

ترجمہ تیری بخشش کی امید سے فقر کو بھگایا جاتا ہی کیونکہ وہ امید کرتے ہی آتی ہی اور فقر کو دور کر دیتی ہی اور اس امر سے کہ تو دشمنی کیا جاوے دشمن کی عمر تمام ہو جاتی ہی اور فوراً قتل کیا جاتا ہی۔

فَخَرَ الزُّجَاجُ بِأَنْ شَرِبْتَ بِهِ	وَزَرَتْ عَلَى مَنْ عَافَهَا الْخَمْرُ

ترجمہ شیشہ یا پیالہ اس بات پر فخر کرتا ہی کہ تونے اس میں شراب پی اور شراب نے اپنے مکروہ جاننے والے پر عیب لگایا۔

وَسَلِمْتَ مِنْهَا وَهِيَ تُسْكِرُنَا	حَتَّى كَأَنَّكَ هَابَكَ السُّكْرُ

ترجمہ اور تو شراب کی آفات اور اُسکے نشہ سے سلامت رہا اور وہ ہمکو مدہوش کر دیتی ہی یہاں تک گویا نشہ تجھسے ڈرتا ہی۔

مَا يُرْتَجَى أَحَدٌ لِمَكْرُمَةٍ	إِلَّا الْإِلٰهُ وَأَنْتَ يَا بَدْرُ

ترجمہ سخاوت کے لئے کوئی امید کے قابل نہیں ہی مگر خداوند تعالےٰ اور تو اے بدر۔

واراد الارتحال عن علی بن احمد الخراسانی فقال

لَا تُنْكِرَنَّ رَحِيلِي عَنْكَ فِي عَجَلٍ	فَإِنَّنِي لِرَحِيلِي غَيْرُ مُخْتَارِ

ترجمہ میرے شتابی رخصت ہونیکو برا مت سمجھ کیونکہ میں اپنے کوچ کا مختار نہیں ہوں وجہ اگلے شعر میں ہی۔

وَرُبَّمَا فَارَقَ الْإِنْسَانُ مُهْجَتَهُ	يَوْمَ الْوَغَى غَيْرَ قَالٍ خَشْيَةَ الْعَارِ

ترجمہ اور انسان بسا اوقات اپنی روح کو بروز جنگ بخوف عار بے اسکے کہ وہ اپنی جان کا دشمن ہو چھوڑ دیتا ہی۔

وَقَدْ مُنِيْتُ بِحُسَّادٍ أُحَارِبُهُمْ ۔۔۔ فَاجْعَلْ نَدَاكَ عَلَيْهِمْ بَعْضَ أَنْصَارِيْ

ترجمہ اور مین حاسدون کے ساتھ مبتلا ہون کہ اُنسے لڑتا رہتا ہون سو تو اپنی بخشش کو اُنکی ضرر رسانی کے واسطے منجملہ اور مددگارون کے کردے تاکہ مجکو اُنپر فخر کرنے کا موقع حاصل ہو جاوے۔

وقال یصف سیرہ فی البوادی

عَذِيْرِيْ مِنْ عَذَارَى مِنْ أُمُوْرٍ ۔۔۔ سَكَنَّ جَوَانِحِيْ بَدَلَ الْخُدُوْرِ

ای من یعذرنی وہذا یستعمل فے الشکایۃ- والعذارے البنات فی الخدور لم یفرعہن بعل واراد بہنا بالعذاری الامور العظام والخطوب التی لم یسبق الیہا- والجوانح الضلوع ترجمہ میرا کون عذرخواہ ہو اُن امور یعنی مصائب سے جو مثل دختران دوشیزہ اچھوتی ہین کہ کسی کو ایسے صدمات پیش نہین آئے اور وہ میرے باطن مین ایسے مقیم ہین جیسے باکرہ لڑکیان پردون کی ملازم ہوتی ہین- کہ عذرخواہی کے یہہ معنی ہین کہ اگر مین اُن مصائب سے انتقام لون اور لوگ مجھے ملامت کرنے لگین تو کون میری طرف سے عذرخواہی کریگا۔

وَمُبْتَسِمَاتٍ هَيْجَاوَاتِ عَصْرٍ ۔۔۔ عَنِ الْأَسْيَافِ لَيْسَ عَنِ الثُّغُوْرِ

عطف علی عذاری ای من مبتسمات- والہیجاوات جمع ہیجا وہی الحرب ترجمہ اور کون میرا عذرخواہ ہو اُن زمانہ کی لڑائیون سے کہ اُنکا تبسم تلوارونکی چمک سے ہو نہ دانتون سے۔

رَكِبْتُ مُشَمِّرًا قَدَمِيْ إِلَيْهَا ۔۔۔ وَكُلَّ عُذَافِرٍ قَلِقِ الضُّفُوْرِ

العذافر القوی من الابل- والضفور جمع الضفر من الحبل والنسع ترجمہ مین اُس لڑائی کی طرف اپنے دامن چنکر نہایت مستعدی سے کبھی اپنے قدم پر اور کبھی ہر شتر قوی پر جو بسبب کثرت سفر ولاغری اُسکا تنگ بہت ہلتا تھا یعنے اُسکے دُبلے پن سے ڈھیلا ہو گیا تھا سوار ہوا۔

أَوَانًا فِيْ بُيُوْتِ الْبَدْوِ رَحْلِيْ ۔۔۔ وَآوِنَةً عَلَى قَتَدِ الْبَعِيْرِ

الآونۃ جمع اوان مثل ازمنۃ وزمان- وقتد البعیر ہو خشب الرحل ترجمہ اپنے طول سفر اور قلت مقام کا حال بیان کرتا ہی کہ ایک زمانہ تو میرا پالان شتر جنگلی لوگون کے گھرونین تھا اور بہت زمانہ پشت شتر پر یعنے عرصہ سفر بہت تھا اور وقت اقامت کم- اسلئے اقامت کے لئے اوان مفرد لایا اور سفر کے لئے صیغہ جمع۔

أُعَرِّضُ لِلرِّمَاحِ الصُّمِّ نَحْرِيْ ۔۔۔ وَأَنْصِبُ حُرَّ وَجْهِيْ لِلْهَجِيْرِ

حر الوجہ ما بدا من الوجہ- والہجیر شدۃ الحر ترجمہ مین تیر ہائے گندم گون کے سامنے اپنا سینہ پیش کرتا تھا اور اپنے چہرہ کا کھلا حصہ گرمی کے مقابل

وَأَسْرِيْ فِيْ ظَلَامِ اللَّيْلِ وَحْدِيْ ۔۔۔ كَأَنِّيْ مِنْهُ فِيْ قَمَرٍ مُنِيْرِ

ترجمہ اور مین اکیلا تاریکی شب مین ایسا چلتا تھا گویا مین اُس شب مین روشنی قمر تا بان مین تھا اپنی راہ شناسی کی تعریف کرتا ہی کہ میرے لئے اندھیرا مثل روشنی قمر کے تھا۔

نَقُلْ فِی حَاجَۃٍ لَمْ اَقْضِ مِنْھَا	عَلٰی شَغَفِیْ بِھَا شَیْئًا دُنِیْ نَقِیْرٍ

ای قل ماشئت واکثر القول فیہ فانہ حری بہ۔ الشروی المثل والنقیر مایکون علی ظہر النواۃ من خیط۔ وشروی نقیر یضرب مثلاً للشئی الحقیر ترجمہ سو تو میری ایسی حاجت مین کہ ینے باوجود اُسکے عشق کے اُسمین سے کچھ بھی نہ پایا جو چاہے کہہ اور خوب کہہ کہ بڑی عجیب بات ہی۔

وَنَفْسٍ لَا تُجِیْبُ اِلٰی خَسِیْسٍ	وَعَیْنٍ لَا تُدَارُ عَلٰی نَظِیْرٍ

عطف علی حاجۃ ای قل فی نفس ترجمہ اور خوب ذکر کر میری طبیعت کا کہ وہ خسیس چیز کو قبول نہین کرتی اور میری آنکھ کا کہ وہ میری مثل اور نظیر پر گردش نہین دیجاتی یعنی وہ میری مثل کسی کو نہین دیکھتی۔

وَکَفٍّ لَا تُنَازِعُ مَنْ اَتَانِیْ	یُنَازِعُنِیْ سِوٰی شَرَفِیْ وَخَیْرِیْ

ترجمہ اور جو چاہے کہہ اُس سخی ہاتھ کی تعریف مین کہ وہ اُس شخص سے جو میرے پاس سوائے میرے کرم و شرف کے اور چیزون مین جھگڑتا آتا ہی نہین جھگڑتا یعنے میرے ہاتھ کو کسی چیز مین بخل نہین ہی مگر میرے کرم و شرف مین کہ وہ کسی کو نہین دیتا۔

وَقِلَّۃِ نَاصِرٍ جُوْزِیْتَ عَنِّیْ	بِشَرٍّ مِّنْکَ یَا شَرَّ الدُّھُوْرِ

ترجمہ اور میری کمی مددگار کا جتنا چاہے ذکر کر پھر زمانہ کو خطاب کرکے کہتا ہی کہ ای سب زمانون سے بدتر تو میری طرف جزا دیا جاوے ایک زمانہ کے ساتھ جو تجھ سے بدتر ہو یعنے تجکو بدتر زمانہ سے پالا پڑے۔

عَدُوِّیْ کُلُّ شَیْءٍ فِیْکَ حَتّٰی	لَخِلْتُ الْاُکْمَ مُوْغَرَۃَ الصُّدُوْرِ

ترجمہ ای زمانہ جو چیز تجھین ہی وہ میری دشمن ہی یہان تلک کہ ٹیلے جنمین لیاقت عداوت نہین ہی اُنکے بھی سینے میری عداوت سے گرم ہین۔ موغرۃ الصدور ای حرۃ بالعداوۃ۔

فَلَوْ اَنِّیْ حُسِدْتُ عَلٰی نَفِیْسٍ	لَجُدْتُ بِہٖ لِذِی الْجَدِّ الْعَثُوْرِ

الجد العثور ہو الذی لاسعادۃ لہ وہو الذی یعثر صاحبہ ویتعبہ فی طلب الرزق ترجمہ سو اگر مین کسی نفیس شی پر حسد کیا جاتا تو مین اُسکو حاسدون کو بسبب اس بدنصیب بے سعادت کے دے ڈالتا تاکہ اُن کے حسد کے شر سے بچون اور ایک روایت مین لذی الجد العثور ہی یعنے مین اُسکو کسی بے نصیب کو بخشدیتا۔

وَلٰکِنِّیْ حُسِدْتُ عَلٰی حَیَاتِیْ	وَمَا خَیْرُ الْحَیٰوۃِ بِلَا سُرُوْرٍ

ترجمہ لیکن مین حسد کیا گیا اپنی زندگی پر اور حال یہہ ہی کہ حیات بلا سرور مین کیا بھلائی ہی یعنی میری زندگی

غم والم کے ئے ہو اُسمین خوشی کا نشان بھی نہین ہو پس اُسکو کوئی نہین بیگا مگر مین تو بخشنے کو موجود ہون کیا خوب کہا ہی
ے وہ دلمین خوش کہ مفت دل زار لے گیا + اور مین یہ خوش کہ مفت کا آزار لے گیا۔

فَیَا ابْنَ کَرَوَّسٍ یَا نِصْفَ اَعْمیٰ	وَاِنْ تَفْخَرْ فَیَا نِصْفَ الْبَصِیْرِ

ابن کرَوّس رجل کان بیا دیہ ترجمہ سواے ابن کروس ای آدھے اندھے اور اگر اپنی بصارت پہ فخر کرے تو ای آدھے بینا

تُعَادِیْنَا لِاَنَّا غَیْرُ لُکْنٍ	وَتُبْغِضُنَا لِاَنَّا غَیْرُ عُوْرٍ

ترجمہ تو ہمسے اسلئے عداوت رکھتا ہی کہ ہم صاف بولتے ہین یعنی فصیح ہین اور تو ہمسے دشمنی اسلئے رکھتا ہی کہ ہم کانڑے نہین ہین

فَلَوْ کُنْتَ امْرَأً یُّهْجیٰ هَجَوْنَا	وَلٰکِنْ ضَاقَ فِتْرٌ عَنْ مَسِیْرِ

الفتر دون الشبر وهو ما بین السبابة والابهام اذا فتحا ترجمہ سواگر تجہین ایسی لیاقت ہوتی کہ تو ہجو کیا جائے تو ہم تیری ہجو کرتے مگر فاصلہ مابین انگشت شہادت اور انگوٹھے کا جب وہ کھولی جاوین قابل چلنے پھرنے کے نہین ہی یعنے تو خسیس وناکس ہی اس لائق نہین ہی کہ تیری ہجو کیجاوے۔

وقال یمدح ابا محمد الحسین بن عبد اللہ بن طغج

وَوَقْتٍ وَفیٰ بِالدَّهْرِ لِیْ عِنْدَ وَاحِدٍ	وَفیٰ لِیْ بِاَهْلِیْهِ وَزَادَ کَثِیْرَا

ترجمہ اور بہت سے وقت ہین کہ اُسنے مجکو سارا زمانہ ایک یکتا شخص کے پاس عطا فرمایا گویا اُسنے تمام اہل زمانہ کو مجھے دیدیا اور اس سے بھی زیادہ دیا۔ خلاصہ یہ ہی کہ ایک وقت جو ممدوح کی خدمت مین گذرے وہ سب زمانون کے برابر ہی جیساکہ وہ خود جمیع اہل زمانہ کی برابر ہی بلکہ زائد ہی۔

شَرِبْتُ عَلَی اسْتِحْسَانِ ضَوْءِ جَبِیْنِهٖ	وَزَهْرٍ تَرٰی لِلْمَاءِ فِیْهِ خَرِیْرَا

ترجمہ مینے شراب پی اوپر حسن نور اُسکی پیشانی کے اور اوپر شگوفون کے جنمین گرتے پانی کی آواز ہی۔

غَدَا النَّاسُ مِثْلَیْهِمْ بِهٖ لَا عَدِمْتُهٗ	وَاَصْبَحَ دَهْرِیْ فِیْ ذُرَاهُ دُهُوْرَا

ترجمہ اُس کے سبب آدمی دوچند ہوگئے جسکو مین گم کرون یعنی وہ خود ایک جہان کے برابر ہی پس وہ اور جہان دوجہان ہوگئے۔ عدمتہ دعائیہ ہی یعنی اُسکو خدا ہمیشہ بنا رکھے۔ اور میرا زمانہ اُسکی پناہ مین زمانون کا مجموعہ ہوگیا۔

وقال وقد کثر البخور وارتفعت رائحة الند والاصوات

اَنَشْرُ الْکِبَاءِ وَوَجْهُ الْاَمِیْرِ	وَصَوْتُ الْغِنَاءِ وَصَافِی الْخُمُوْرِ

النشر الرائحة الطیبة والکباء العود۔ والنشر مبتدء والخبر محذوف للعلم به کانہ یقول هذه الاشیاء لا تجمع لاحد ولا لبشر سا ترجمہ کیا عود کی خوشبو اور روئے مبارک امیر اور آواز راگ اور شرابون مین صاف وعمدہ شراب یہ سب چیزین تیرے سوائے کسی کے لئے جمع ہوئی ہین کہ اُسنے مینوشی کی ہو۔

فَدَاوِیْ خُمَارِیْ بِشُرْبِیْ لَهَا	فَإِنِّیْ سَكِرْتُ بِشُرْبِ السُّرُوْرِ

ترجمہ جب یہ سب سامان جمع ہوگیا تو مین بے پئے مست ہوگیا تواب میرے خمار کا اے مخاطب شراب پلاکر علاج کر کیونکہ مینے ابتلک نہین پی بلکہ بسبب پینے شراب خوشی کے مدہوش ہوگیا ہون۔

ذکر ابو محمد ان اباہ اختفی فعرفہ یہودی فقال

لَا تَلُمَنَّ الْيَهُوْدِيَّ عَلٰى	أَنْ يَرَى الشَّمْسَ فَلَا يُنْكِرُهَا

ترجمہ یہودی کو اس بات پر کہ وہ آفتاب کو دیکھے اور پہچان لے ہرگز ملامت مت کر کیونکہ تیرا باپ مثل آفتاب ہے اُس کو پہچان لینا عجب نہین ہے۔

إِنَّمَا اللَّوْمُ عَلٰى حَاسِبِهَا	ظُلْمَةً مِنْ بَعْدِ مَا يُبْصِرُهَا

ترجمہ بیشک ملامت اُس شخص پر ہے کہ جو اُسکو ظلمت سمجھے بعد دیکھنے کے۔

وسئل عما ارتجلہ من الشعر فاعادہ فعجبوا من حفظہ فقال

إِنَّمَا أَحْفَظُ الْمَدِيْحَ بِعَيْنِيْ	لَا بِقَلْبِيْ لِمَا أَرٰى فِي الْأَمِيْرِ

ترجمہ مین مضامین مدح اپنی آنکھ سے یاد رکھتا ہون نہ اپنے دل سے بسبب اُن خوبیون کے جو امیر مین دیکھتا ہون۔

مِنْ خِصَالٍ إِذَا نَظَرْتُ إِلَيْهَا	نَظَمَتْ لِيْ غَرَائِبَ الْمَنْثُوْرِ

ترجمہ وہ خوبیان خصلت ہین جب مین اُن خصلتون کو دیکھتا ہون تو وہ میرے لئے پراگندہ عجائب نظم کردیتی ہین یعنے ممدوح کی خوبیان میرے لئے سامان نظم ہوجاتی ہین۔ تلاش مضامین کی مجکو حاجت نہین پڑتی۔

وعاتبہ ابو محمد علی ترک مدحہ فقال

تَرْكُ مَدْحِيْكَ كَالْهِجَاءِ لِنَفْسِيْ	وَقَلِيْلٌ لَكَ الْمَدِيْحُ الْكَثِيْرُ

ترجمہ تیری مدح کا ترک کرنا میرے لئے ایسا ہے جیسا مینے اپنی ہجو کی اور تیری بہت سی تعریف بھی تیرے فضائل کی نسبت کم ہے۔

غَيْرَ أَنِّيْ تَرَكْتُ مُقْتَضَبَ الشِّعْرِ	لِأَمْرٍ مِثْلِيْ بِهِ مَعْذُوْرُ

المقتضب البدیہۃ یقال اقتضب کلاما اذا اتی بہ بدیہا کانہ اقتطع غصنا من اغصان الشجر والمقتضب فی البیت مصدر بمعنے الاقتضاب وہو الاقتطاع ای اتی بہ علی البدیہۃ ترجمہ سوائے اسکے نہین کہ مینے بدیہہ گوئی چھوڑدی ہے بسبب اُس امر کے کہ مجھ جیسا آدمی اُس امر مین مجبور ہے یعنے میرے ترک بدیہہ گوئی کے سبب کو تو جانتا ہے اس لئے اُسکے بیان کی کچھ حاجت نہین ہے۔

وَسَجَايَاكَ مَادِحَاتُكَ لَا لَفْظِيْ	وَجُوْدٌ عَلٰى كَلَامِيْ يُغِيْرُ

ترجمہ اور تیرے خصائل تیرے مدح گو ہین نہ میرا لفظ۔ اور تیری بخشش تیری ثناخوان ہے جو میرے کلام کو لوٹتی ہے۔

فَسَقَی اللّٰہُ مَنْ اُحِبُّ بِکَفَّیْکَ وَاَسْقَاکَ اَیُّھٰذَا الْاَمِیْرُ	

سقاه الله واسقاه اذا مطر بلاده - ترجمہ سو جسکو مین دوست رکھتا ہون اُسکو خدا تیرے دونون ہاتھون سے ترو تازہ کرے اور خدا تجکو ترو تازہ کرے اور تیرے شہرون مین باران برساوے ای امیر۔

وقال عند منصرفه من مصر وقد وصل الی البسیطة فرای بعض غلمانه ثورا فقال ہذہ منارة الجامع ورای آخر نعامة فی البریة فقال ہذہ نخلة

بُسَیْطَةُ مَھْلًا سُقِیْتِ الْقِطَارَا	تَرَکْتِ عُیُوْنَ عَبِیْدِیْ حَیَارَا

بُسَیْطَةُ موضع بقرب الکوفة - والقطار والقطر ہو المطر ترجمہ ای مقام بسیطہ تھم خدا تجکو باران سے ترو تازہ کرے تو نے میرے غلامون کی آنکھون کو حیران کر دیا - کیونکہ ایک غلام نے گاؤ دشتی کو دیکھا اور اُسے جامع مسجد کا منار کہدیا اور دوسرے نے شتر مرغ دیکھا اور کہا کہ یہ درخت خرما ہی۔

فَظَنُّوا النَّعَامَ عَلَیْکِ النَّخِیْلَ	وَظَنُّوا الصِّوَارَ عَلَیْکِ الْمَنَارَا

الصوار القطیع من بقر الوحش - والمنار یرید بہ منارة الجامع ترجمہ سو اُنھون نے شتر مرغ کو تیرے اوپر نخل سمجھا اور گلہ گاؤ دشتی کو منار جامع جانا یعنی اُنکی آنکھین تو نے حیران کر دین۔

فَاَمْسَکَ صَحْبِیْ بِاَکْوَارِھِمْ	وَقَدْ قَصَدَ الضِّحْکُ فِیْھِمْ وَجَارَا

ترجمہ سو میرے ہمراہیون نے بسبب کثرت خندہ بخوف سقوط اپنے شترونکے کجاوے پکڑے اور اُنمین بعض کو ہنسی متوسط درجہ آئی اور بعض کو حد سے بڑھ گئی - وقال یمدح علی بن احمد بن عامر الانطاکی

اُطَاعِنُ خَیْلًا مِنْ فَوَارِسِھَا الدَّھْرُ	وَحِیْدًا وَمَا قَوْلِیْ کَذَا وَمَعِیَ الصَّبْرُ

ترجمہ مین ایسے گروہ سوارونسے جنمین کا ایک سوار زمانہ ہی تنہا نیزہ بازی کرتا ہون اور زمانہ اور اُسکے حادثات سے تنہا لڑتا ہون پھر اس قول سے رجوع کرکے کہتا ہی کہ یہ میرا کہنا کہ مین تنہا لڑتا ہون ٹھیک نہین ہی کیونکہ بوقت جنگ مذکور میرا صبر بھی تو میرے ہمراہ ہوتا ہی۔

وَاَشْجَعُ مِنِّیْ کُلَّ یَوْمٍ سَلَامَتِیْ	وَمَا ثَبَتَتْ اِلَّا وَفِیْ نَفْسِھَا اَمْرُ

ترجمہ اور مجھسے زیادہ بہادر میری سلامتی ہی کہ باوجود خصومت زمانہ اور اُسکے حوادث کے ابتلک مین سلامت ہون اور میری سلامتی باقی نہین رہی مگر کہ اُسکے جی مین کوئی امر عظیم ہی یعنے اُسکو مجھسے کوئی بڑا کام لینا ہی۔

تَمَرَّسْتُ بِالْاٰفَاتِ حَتّٰی تَرَکْتُھَا	تَقُوْلُ اَمَاتَ الْمَوْتُ اَمْ ذُعِرَ الذُّعْرُ

ترجمہ مین تحمل آفات کا ایسا خوگر و مشاق ہو گیا ہون کہ آفات کو مینے ایسے حال مین چھوڑا کہ وہ براہ تعجب یہ کہتی ہین کیا موت مر گئی اور خوف ڈرایا گیا کہ ایسے مصائب مین یہ شخص نہین مرتا ہی۔

وَاَقْدَمْتُ اِقْدَامَ الْاَتِیِّ کَاَنَّ لِیْ ‏ ‏ سِوٰی مُھْجَتِیْ اَوْ کَانَ لِیْ عِنْدَھَا وِتْرُ

الاتی السیل الذی لایردہ شئی والوتر الحقد ترجمہ مین مواضع ہلاک مین اُس زور اور تیزی سے بڑھتا ہون جیسے طوفان خیرہ کہ اُسے کوئی روک نہین سکتا۔گویا میری جان کے سوائے میرے پاس اور جان ہو کہ اگر ایک جان جاتی رہے گی تو دوسری جان سے زندہ رہون گا یا مجکو اپنی جان سے کچھ عداوت ہو۔

ذَرِ النَّفْسَ تَاْخُذْ وُسْعَھَا قَبْلَ بَیْنِھَا ‏ ‏ فَمُفْتَرِقٌ جَارَانِ دَارُھُمَا الْعُمْرُ

ترجمہ تو اپنی طبیعت کو چھوڑ کہ وہ بقدر اپنی طاقت کے اموال وحروب ونعمتین حاصل کرلے کیونکہ وہ دو ہمسائے جنکا گھر عمر ہی ایک دوسرے سے جدا ہونیوالے ہین پس جو چیز حاصل ہوسکے جلد حاصل کرلے۔

وَلَا تَحْسَبَنَّ الْمَجْدَ زِقًّا وَقَیْنَۃً ‏ ‏ فَمَا الْمَجْدُ اِلَّا السَّیْفُ وَالْفَتْکَۃُ الْبِکْرُ

ترجمہ اور تو شرف مشکیزہ شراب اور گانیوالی چھوکری کو مت سمجھ کیونکہ شرف اور بزرگی نہین ہو مگر تلوار اور بیباد ہیشل حملہ یعنے شرف میخواری ورنگ کا نام نہین بلکہ شمشیر زنی اور شجاعت کا۔

وَتَضْرِیْبُ اَعْنَاقِ الْمُلُوْکِ وَاَنْ تَرٰی ‏ ‏ لَکَ الْھَبَوَاتُ السُّوْدُ وَالْعَسْکَرُ الْمَجْرُ

عطف علی قولہ الا السیف۔ والہبوات جمع ہبوۃ وہی الغبرۃ العظیمۃ۔ والمجر الجیش العظیم ترجمہ اور نہین شرف مگر گردن زنی شاہان مخالف کی اور یہ کہ تیرے غبار سیاہ اور لشکر عظیم دیکھے جاوین یعنی تو گھوڑون کے سمون سے لڑائی کے وقت غبار کثیر اُٹھاوے یہ شرف ہو۔

وَتَرْکُکَ فِی الدُّنْیَا دَوِیًّا کَاَنَّمَا ‏ ‏ تَدَاوَلَ سَمْعَ الْمَرْءِ اَنْمُلُہُ الْعَشْرُ

الدوی الصوت العظیم یسمع من الریح وحفیف الاشجار ترجمہ اور شرف ہو تیرا دنیا مین آوازہ بلندنامی کو چھوڑنا گویا کہ انسان کے کان مین اُسکی دس اُنگلیان نوبت بنوبت آتی ہین۔ دستور ہو کہ جب کوئی اپنا کان انگشت سے بند کرلیتا ہو تو ایک غل سُنائی دیتا ہے۔

اِذَا الْفَضْلُ لَمْ یَرْفَعْکَ عَنْ شُکْرِ نَاقِصٍ ‏ ‏ عَلٰی ھِبَۃٍ فَالْفَضْلُ فِیْمَنْ لَہُ الشُّکْرُ

ترجمہ جبکہ تیرا فضل وادب تجکو شکر بخشش شخص ناقص سے دور نکرے تو فضل اور بزرگی اُس شخص کو ہوگی جسکا تو شاکر ہوتا ہو نہ تجکو۔کیونکہ تو اُسکا محتاج ہوا۔ خلاصہ یہ ہو کہ تو شخص ناقص کی مدح نکر۔

وَمَنْ یُنْفِقِ السَّاعَاتِ فِیْ جَمْعِ مَالِہٖ ‏ ‏ مَخَافَۃَ فَقْرٍ فَالَّذِیْ فَعَلَ الْفَقْرُ

ترجمہ اور جو شخص اپنی تمام اوقات بخوف فقر جمع مال مین صرف کرے تو یہ اُسکا کام عین فقر ہو یعنی جو شخص اپنی عمر جمع اموال مین صرف کرے اور اُسکو خرچ نکرے تو اُس کی عمر فقیری مین گذری پس وہ غنی کب ہوگا غرض اُس نے فقر کو پیشگی بلالیا۔

عَلَيَّ لِأَهْلِ الْجَوْرِ كُلُّ طِمِرَّةٍ	عَلَيْهَا غُلَامٌ مُرْمِلٌ حَيْزُومُهُ غَمْرُ

الطمرۃ الفرس العالیۃ المشرفۃ۔ والحیزوم الصدر۔ والغمر الحقد ترجمہ واسطے دفع ظالمون کے مجھپر لازم ہو ایسے اونچے گھوڑونکا بندوبست کرنا کہ اُسپر ایک نوجوان سوار ہو جسکا سینہ ظالم کے کینہ سے پُر ہو۔

يُدِيرُ بِأَطْرَافِ الرِّمَاحِ عَلَيْهِمْ	كُؤُوسَ الْمَنَايَا حَيْثُ لَا تُشْتَهَى الْخَمْرُ

ترجمہ وہ غلام ظالمونپر موت کے ساغرونکا اپنے برچھون کی اَنی سے دور دیتا ہو اُس جگہ جہان شراب کی خواہش نکی جاوے یعنی معرکہ جنگ مین بسبب خوف شدید شراب کی طلب نہین ہوتی۔

وَكَمْ مِنْ جِبَالٍ جُبْتُ تَشْهَدُ أَنَّنِي	الْجِبَالُ وَبَحْرٍ شَاهِدٍ أَنَّنِي الْبَحْرُ

ترجمہ اور مینے بہت سے پہاڑونکو بطور سیر قطع کیا ہی جو اس امر کے گواہ ہین کہ مین کوہ وقار ہون اور بہت سے دریاؤنکو اُترا ہون جو گواہ ہین کہ مین ہی جود وسخا مین دریا ہون۔

وَخَرْقٍ مَكَانُ الْعِيسِ مِنْهُ مَكَانُنَا	مِنَ الْعِيسِ فِيهِ وَاسِطُ الْكُورِ وَالظَّهْرُ

الخرق المتسع من الارض۔ والعیس الابل البیض۔ والکور رحل الناقۃ و مکان العیس مبتدء و مکاننا خبرہ و واسط الکور الخ بدل منہ ترجمہ اور بہت سے فراخ میدان ہین کہ اُسمین شترون کا مکان مثل ہمارے مکان کے اُس میدانین درمیان پالان و کمر شترونکے تھا خلاصہ یہہ ہو کہ جیسے ہم پشت شتران پر ایک جگہ قائم تھے ایسے ہی شتر باوجود تیزروی کے بسبب درازی میدان کے ایک جگہ کھڑے معلوم ہوتے تھے یعنی میدان ایسا فراخ تھا کہ حرکت شتران قطع بیابان مین کچھ معلوم نہین ہوتی تھی گویا وہ ایک جگہ کھڑے تھے۔

يَخِدْنَ بِنَا فِي جَوْزِهِ وَكَأَنَّنَا	عَلَى كُرَةٍ أَوْ أَرْضُهُ مَعَنَا سَفْرُ

یخدن یسرن وھو من الوخد وھو الاسراع۔ وجوزہ وسطہ ترجمہ وہ شتر وسط میدان مین ہمکو لئے تیز جاتے ہین اور بسبب سرعت سیر گویا ہم کرہ پر سوار ہین یا اُسکی زمین ہمارے ساتھ چلتی ہو۔ کرہ پر سواری کے یہہ معنے ہین کہ جیسے کرہ کی انتہا نہین ہوتی اور وہ تیزی حرکت مین مشہور ہو ایسا ہی ہمارے سفر کی انتہا نتھی باوجودیکہ ہم تیز جاتے تھے اور زمین کا ساتھ چلنا اس لئے کہا کہ جب آدمی تیز چلتا ہو تو زمین ساتھ چلتی معلوم ہوا کرتی ہو اور جب زمین ساتھ چلے تو ظاہر ہو کہ قطع مسافت نہو گا۔ مطلب یہہ ہو کہ ہم چلتے تھے مگر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ گویا نہین چلتے۔

وَيَوْمٍ وَصَلْنَاهُ بِلَيْلٍ كَأَنَّمَا	عَلَى أُفْقِهِ مِنْ بَرْقِهِ حُلَلٌ حُمْرُ

ترجمہ اور بہت سے ایسے روز گذرے ہین کہ ہمنے اُسکو ایسی رات کیساتھ وصل کردیا ہو کہ اُسکے آسمان کے اُفق پر شب کے برق سے سُرخ لباس ہین یعنی برق جو اُسمین تابان تھی وہ اُفق کے لئے حلہائے سُرخ تھے۔

وَلَيْلٍ وَصَلْنَاهُ بِيَوْمٍ كَأَنَّمَا	عَلَى مَتْنِهِ مِنْ دَجْنِهِ حُلَلٌ خُضْرُ

الدجن الظلمۃ واراد بہ الغیم ۔ والخضر السود ۔ والسواد یسمی خضرۃ ترجمہ اور بہت سی شبکو ہنے اُسکے دن سے ملا دیا گویا پشت شب پر اُسکے ابر سے لباسہائے سیاہ ہین ۔ یعنے ہم نے ممدوح کے اشتیاق مین شب و روز سفر کیا ایام ربیع مین کہ راتون کو برق چمکتی ہی اور دن مین ابرہائے سیاہ گھرے رہتے ہین ۔

وَغَيْثٍ ظَنَنَّا تَحْتَهُ أَنَّ عَامِرًا		عَلَا لَمْ يَمُتْ أَوْ فِي السَّحَابِ لَهُ قَبْرُ	

اراد بعامر جد الممدوح ترجمہ اور بہت سے باران ہین کہ ہنے اُسکے نیچے یہ سمجھا کہ عامر جد ممدوح آسمان کی طرف چڑھ گیا ہی اور وہ مرا نہین یا اُسکی قبر ابر مین ہی اور وہ برس رہا ہی ۔ اُسکی فیاضی کی تعریف ہی یہ مخلص عمدہ ہی ۔

أَوِ ابْنَ ابْنِهِ الْبَاقِي عَلِيَّ بْنَ أَحْمَدٍ		يَجُودُ بِهِ لَوْ لَمْ أَجُزْ وَيَدِي صِفْرُ	

عطف علی عامر فہو منصوب ترجمہ یا اُسکا پوتا علی بن احمد ہی جو باقی ہی کہ وہ اُسکو برساتا ہی ۔ اگر مین بحالت تہی دستی نگزرتا ۔ یعنی چونکہ مین اُس باران سے یعنی اُسکے فیض سے تہی دست رہا تو جان لیا کہ یہ معمولی باران ہی ورنہ ممدوح کے فیض سے محروم رہنا ناممکن تھا ۔

وَإِنَّ سَحَابًا جَوْدُهُ مِثْلُ جُودِهِ		سَحَابٌ عَلَى كُلِّ السَّحَابِ لَهُ فَخْرُ	

الجود بفتح الجیم المطر ترجمہ اور بیشک وہ ابر کہ اُس کا باران مثل عطائے ممدوح کثیر ہو وہ ایک ابر ہی کہ اُس کو ہر ابر پر فخر ہی ۔

فَتًى لَا يَضُمُّ الْقَلْبُ هِمَّاتِ قَلْبِهِ		وَلَوْ ضَمَّهَا قَلْبٌ لَمَا ضَمَّهُ الصَّدْرُ	

ترجمہ ممدوح ایک جوانمرد ہی کہ اور دل اسکے دل کی ہمتین جمع نہین کرسکتا اور اگر ان ہمتون کو کوئی دل جمع کرے تو وہ ایسا وسیع ہوگا کہ کسی سینہ مین نہ آسکے ۔

وَلَا يَنْفَعُ الْإِمْكَانُ لَوْلَا سَخَاؤُهُ		وَهَلْ نَافِعٌ لَوْلَا الْأَكُفُّ الْقَنَا السُّمْرُ	

ترجمہ اور امکان سخا بے سخا لوگون کو کچھ فائدہ نہین بخشتا کیونکہ امکان سخا تو بخیل کے ساتھ بھی جمع ہوسکتا ہے خلاصہ یہ ہی کہ موجود بلا جود مفید نہین ہوتا جیسے گندم گون نیزے بے ہاتھ کے مفید نہین ہوتے ۔ اگر زور آور ہاتھ نہو تو وہ کچھ اثر نہین دکھا سکتے ۔

قِرَانٌ تَلَاقَى الصَّلْتُ فِيهِ وَعَامِرٌ		كَمَا يَتَلَاقَى الْهِنْدُوَانِيُّ وَالنَّصْرُ	

القران اسم لمقارنۃ الکوکبین ترجمہ یہ عمدہ قران السعدین ہی کہ اُسین ممدوح کا نانا صلت اور اُسکا دادا عامر جمع ہوگئے ہین جیسے شمشیر ہندی اور فتح جمع ہوجاوے کیونکہ جب شمشیر ہندی اور فتح خداداد اکٹھی ہوجاوین تو اُن کا اثر نہایت عمدہ ہوگا ۔

فَجَاءَا بِهِ صَلْتَ الْجَبِينِ مُعَظَّمًا		تَرَى النَّاسَ قُلًّا حَوْلَهُ وَهُمْ كُثْرُ	

الصلت الجبین الواضحۃ ـ والقل القلۃ والکثر الکثرۃ ترجمہ سو اُسکے دادا و نانا اُسکو کشادہ پیشانی لاتے یعنی باعث اُس کی پیدائش کے ہوئے کہ اسمین اوصاف مذکورہ موجود ہین اور ایسا بلند قدر لائے کہ اُسکے فضل وحسب کے روبرو تمام لوگ قلیل العدد معلوم ہوتے ہین حال آنکہ وہ بہت ہین۔

مُفَدًّى بِآبَاءِ الرِّجَالِ سَمَيْدَعًا	هُوَ الْكَرَمُ الْمَدُّ الَّذِي مَالَهُ جَزْرُ

السمیدع السید الکریم ـ والمد زیادۃ الماء والجزر نقصانہ ترجمہ ایسا بلند قدر کہ اور لوگون کے باپ اُسپر فدا کئے گئے ہین یعنے اُسکو کہتے ہین کہ فداک ابی وامی اور سید کریم ہی اور ایسا کرم مجسم ہی کہ اُسکے فضائل مین ہمیشہ ترقی ہی نہ تنزل مفدیٰ منصوباً بدل من قولہ معظما او صفۃ لہ۔

وَمَا زِلْتُ حَتَّى قَادَنِي الشَّوْقُ نَحْوَهُ	يُسَايِرُنِي فِي كُلِّ رَكْبٍ لَهُ ذِكْرُ

ترجمہ اور مین ہمیشہ اُسکا مشتاق رہا یہان تلک کہ شوق مجکو اُسکی طرف کھینچ لایا اُسکا ذکر خیر ہر قافلہ مین میرے ساتھ رہا یعنی جو قافلہ مجکو ملا اُس نے اُسکے محامد اور فضائل مجھ سے بیان کئے۔

وَأَسْتَكْبِرُ الْأَخْبَارَ قَبْلَ لِقَائِهِ	فَلَمَّا الْتَقَيْنَا صَغَّرَ الْخَبَرَ الْخُبْرُ

الخبر الاختبار ترجمہ اور مین اُسکی ملاقات سے پہلے اُسکے فضائل کے اخبار زیادہ گنتا تھا سو جب ہم دونون ملے تو اُسکے محامد کے امتحان نے خبر مسموع کو نہایت چھوٹا اور کم ظاہر کیا۔

إِلَيْكَ طَعَنَّا فِي مَدَى كُلِّ صَفْصَفٍ	بِكُلِّ وَآةٍ كُلَّمَا لَقِيَتْ نَحْرُ

الصفصف الفلاۃ المستویۃ ـ والواۃ الناقۃ الشدیدۃ الموثقۃ والمذکر واء یقال طعنا بہذہ الناقۃ ای قطعنا بہا الارض الواسعۃ ترجمہ تیری ہی طرف ہمنے مسافت ہر چٹیل میدان مین نیزہ بازی کی یا چلے بذریعہ ہر ناقہ قویہ کے کہ جب وہ کسی صحرائے دشوار گذار سے ملتی تھی تو وہ اُسکے حق مین بمنزلہ سینہ کاٹنے کے تھا۔ جنگلون مین اُسکی رفتار کو طعن قرار دیا اور اُن تکالیف کو کہ جو درحالت رفتار اُسکو لاحق ہوتی تھین نحر کہا۔ مطلب یہ ہی کہ وہ ناقہ میدانون مین ایسی چلی جاتی تھی جیسا زخم نیزہ سینہ شتر مین گھسجاتا ہی اور صحرا اور اُسکی مسافت بمنزلہ نحر کے تھی۔ واحدی کہتے ہین کہ یہ بھی معنے ہوسکتے ہین کہ جب یہ ناقہ تکالیف طریق سے ملتی تھی تو وہ گویا نحر کی جاتی تھی تو گویا ہر ساعت اُس کو یہ صدمہ پیش آتا تھا۔

إِذَا وَرِمَتْ مِنْ لَسْعَةٍ مَرِحَتْ لَهَا	كَأَنَّ نَوَالًا صَرَّ فِي جِلْدِهَا النِّبْرُ

النبر دویبۃ تلسع الابل فیرم موضع لسعہا ترجمہ جب وہ ناقہ کسی جانور کے کاٹنے سے ورم دار ہوجاتی تھی تو اس سے بجائے متالم ہونے کے خوش ہوتی تھی اور ایسی اکڑتی تھی کہ گویا نبر نے جو ایک چھوٹا سا گزندہ جانور ہوتا ہی ناقہ کی جلد مین عطا کی تھیلی باندھ دی ہی اُسکے ورم کو تھیلی سے تشبیہ دی ہی۔

فَجِئْنَاكَ دُوْنَ الشَّمْسِ وَالْبَدْرِ فِي النَّوٰى	وَدُوْنَكَ فِي اَحْوَالِكَ الشَّمْسُ وَالْبَدْرُ

ترجمہ سوہم تیرے پاس آئے کہ تو شمس اور بدر سے مسافت مین کم ہی یعنی ہمسے اُنکی نسبت قریب ہی اور ہمارے زیادہ کارآمد اور تیرے حالات مجد و شرف مین سورج اور چاند تجھسے کمتر ہین بھر دو وجہ شمس و بدر سے تو افضل ہی۔

كَاَنَّكَ بَرْدُ الْمَاءِ لَا عَيْشَ دُوْنَهٗ	وَلَوْ كُنْتَ بَرْدَ الْمَاءِ لَمْ يَكُنِ الْعِشْرُ

العشر آخر اظماء الابل وھوان ترد یوما وتدعہ ثمانیۃ ایام وترد الیوم العاشر ترجمہ تو لوگون کی راحت زندگانی کے لئے گویا خنکی آب ہی کہ بے اُسکے کوئی زندگی کی صورت ہی نہین ہو پھر اُس سے رجوع کرکے کہتا ہی کہ اگر تو خنکی آب ہاتا تو شترون کا دسوین روز پانی پینا نہوتا ملکہ اُنکو ایک دفعہ پانی پیکر پھر کبھی آب نوشی کی حاجت نہوتی تیرے شیرین اخلاق کے سبب

دَعَانِي اِلَيْكَ الْعِلْمُ وَالْحِلْمُ وَالْحِجٰى	وَهٰذَا الْكَلَامُ النَّظْمُ وَالنَّائِلُ النَّثْرُ

ترجمہ مجکو تیری طرف تیرے علم و بردباری اور عقل اور اس کلام منظوم اور عطائے پراگندہ نے بلایا ہی یعنے یہہ تیرے فضائل مذکورہ اور تیری دیا میری نظم دلکش و عطائے عام میری حاضری کے باعث ہوگئے ہین۔

وَمَا قُلْتُ مِنْ شِعْرٍ تَكَادُ بُيُوْتُهٗ	اِذَا كُتِبَتْ يَبْيَضُّ مِنْ نُوْرِهَا الْحِبْرُ

الحبر المداد۔ والبیوت جمع بیت من الشعر۔ وقلت یروی علی المخاطبۃ وعلی الاخبار ترجمہ درصورت خطاب یہہ ہوگا کہ ای ممدوح جو تو شعر کہتا ہی وہ ایسے عمدہ ہوتے ہین کہ جب وہ لکھے جاوین تو قریب ہی کہ اُنکے نور سے روشنائی چمکنے لگے اور درصورت اخبار یہہ معنی ہونگے کہ جب مین تیری تعریف مین اشعار لکھتا ہون تو تیرے کثرت فضائل اور اُن احسانات کے بیان سے جو تونے مجھپر فرمائے ہین سیاہی مین روشنائی آجاتی ہی۔

كَاَنَّ الْمَعَانِيْ فِيْ فَصَاحَةِ لَفْظِهَا	نُجُوْمُ الثُّرَيَّا اَوْ خَلَائِقُكَ الزُّهْرُ

ترجمہ گویا معانی اشعار اور اُن کے لفظون کی فصاحت عقد ثریا کے تارے ہین یا تیرے اخلاق شیرین یعنے سب لوگ اُنکی خوبی جانتے ہین۔

وَجَنَّبَنِيْ قُرْبَ السَّلَاطِيْنِ مَقْتُهَا	وَمَا يَقْتَضِيْنِيْ مِنْ جَمَاجِمِهَا النَّسْرُ

ترجمہ اور مجکو قرب شاہان سے اُنکے بغض نے بچایا اور اُس امر نے کہ کرگس مجھسے اُنکی کھوپریان مانگتے ہین یعنی سبب بد وضعی اور بادشاہونکے مین اُنسے ایسا بغض رکھتا ہون کہ مردار خوار جانور مجھسے تقاضا کرتے ہین کہ اُن نامعقولونکے سر کاٹکر ہمارے آگے ڈالدے تاکہ ہم اُنکو کھاجاوین۔

وَاِنِّيْ رَاَيْتُ الضُّرَّ اَحْسَنَ مَنْظَرًا	وَاَهْوَنَ مِنْ مَرْاٰى صَغِيْرٍ بِهٖ كِبْرُ

ترجمہ اور مین بیشک اپنا نقصان اچھا اور آسان سمجھتا ہون اُس کم قدر آدمی کے دیکھنے سے کہ اسمین تکبر ہو۔

لِسَانِيْ وَعَيْنِيْ وَالْفُؤَادُ وَهِمَّتِيْ	اَوُدُّ اللَّوَاتِيْ ذَا اسْمُهَا مِنْكَ وَالشَّطْرُ

یقال رجل وود وقوم اوداو وداوداء - والشطر النصف وہو عطف علی اود ترجمہ میری زبان اور آنکھ اور دل اور میری ہمت دوست ہین اُن قوتی کے جو تجمین اس نام کے ہین اور گویا تیرے نصف ہین خلاصہ یہہ ہی کہ میرے اعضائے شریفہ مذکورہ تیرے انہین اعضا کو دوست رکھتے ہین یعنی میری زبان تیری زبان کو اور میری آنکھ ودل وہمت تیری آنکھ و دل وہمت کے دوست وعاشق ہین اور میرے اور تیرے اخلاق مین اسقدر مناسبت ہی کہ گویا میرے اخلاق تیرے اخلاق کے نصف ہین یعنی ایک ٹکڑا تیرے اخلاق ہین اور دوسرا ٹکڑا میرے اخلاق۔

وَمَا اَنَا وَحْدِیْ قُلْتُ ذَا الشِّعْرَ کُلَّہٗ	وَلٰکِنْ لِشِعْرِیْ فِیْکَ مِنْ نَفْسِہٖ شِعْرٌ

ترجمہ یعنے یہہ کل شعر تنہا نہین کہے مگر میرے شعر کے لئے تیری تعریف مین اسکے نفس مین سے شعر نکلتے ہین یعنے میرے شعر خود تیری تعریف کرنا چاہتے ہین۔

وَمَا ذَا الَّذِیْ فِیْہِ مِنَ الْحُسْنِ رَوْنَقًا	وَلٰکِنْ بَدَا فِیْ وَجْہِہٖ نَحْوَکَ الْبِشْرُ

الرونق الملاحۃ - والبشر الطلاقۃ والبشاشۃ ترجمہ اور یہہ جو میرے شعر مین حسن کی رونق ہی یہہ اُسکا وصف ذاتی نہین ہی بلکہ جب وہ تیری طرف متوجہ ہوا اور تیرے روئے مبارک کو دیکھا تو اُسمین بشاشت آگئی ہی یعنے میرے شعر نے جب تجکو دیکھا تو وہ ہشاش وبشاش ہوگیا اور اُسمین رونق تیرے سبب آگئی ہی نہ میرے باعث۔

وَاِنِّیْ وَاِنْ نِلْتُ السَّمَاءَ لَعَالِمٌ	بِاَنَّکَ مَا نِلْتَ الَّذِیْ یُوْجِبُ الْقَدْرُ

ترجمہ اور میں بیشک جانتا ہون کہ جو مرتبہ تجکو حاصل ہوا ہی تیرے استحقاق سے کم ہی اگرچہ تیرا مرتبہ آسمان تلک پہنچ گیا ہی - اور بعض نے پہلے نلت کو بصیغہ تکلم پڑھا ہی اُس صورت مین یہہ معنے ہونگے کہ اگرچہ مین علو مرتبہ مین آسمان تلک پہنچ گیا ہون کیونکہ مین تیرا ایک خادم ہون مگر یہہ جانتا ہون کہ تجکو جو رتبہ بلند حاصل ہی تیری لیاقت سے کم ہی - اس صورت مین مبالغہ زیادہ ہوگا۔

اَزَالَتْ بِکَ الْاَیَّامُ عَتْبِیْ کَاَنَّمَا	بَنُوْھَا لَھَا ذَنْبٌ وَاَنْتَ لَھَا عُذْرُ

ترجمہ زمانہ نے تیرے سبب سے میرے غصہ کو جو اُسپر تھا دور کردیا گویا ابنائے زمانہ اُسکے گناہ ہین اور تو زمانہ کا عذر گناہ - خلاصہ یہہ کہ مین زمانہ پر خفا تھا کہ اُسنے کوئی لائق آدمی پیدا نہین کیا سو جب تجسا صاحب فضائل اُسنے پیدا کیا تو میرا غصہ اُسپر سے جاتا رہا اور وہ جو اور لوگ پیدا کرکے گناہ گار ہوا تھا تیرے پیدا کرنے سے اُسکا عذر گناہ ظاہر ہوگیا۔

وقال یمدح ابا الفضل محمد بن العمید

بَادٍ ھَوَاکَ صَبَرْتَ اَمْ لَمْ تَصْبِرَا	وَبُکَاکَ اِنْ لَمْ یَجْرِ دَمْعُکَ اَوْ جَرٰی

اصل لم تصبر لم تصبرن بالنون الخفیفۃ فلما وقف علیہا ابدلہا الفا ترجمہ ای متنبی تیری محبت ظاہر ہوکر رہے گی

پھر تو چاہے صبر کریا نہ کر کیونکہ عاشق کتمان محبت پر قادر نہین ہوتا اور تیر ارونا بھی ظاہر ہی خواہ تو اشک بہائے یا نہ در صورت بہانے کے تو ظہور گریہ ظاہر ہی - اور اگر اشک نہ بہائے تو آہ و نالہ و زردوئے رنگ اور خشکی لب سے ظاہر ہو جاوے گا -

کَمْ غَرَّ صَبْرُكَ وَابْتِسَامُكَ صَاحِبًا	لَمَّا رَاٰهُ وَفِي الْحَشَا مَا لَا يُرٰى	

ترجمہ بہت دفعہ تیرے صبر اور تیری خندہ نے اپنے ساتھی کو اپنے عاشق ہونے کا دھوکا دیا ہی جبکہ اُس نے صبر اور ہنسی کو دیکھا حال آنکہ تیرے باطن مین سخت آتش عشق ہی جو دکھائی نہین دیتی -

اَمَرَ الْفُؤَادُ لِسَانَهُ وَجُفُوْنَهُ	فَكَتَمْنَهُ وَكَفٰى بِجِسْمِكَ مُخْبِرًا	

ضمیر کتمنہ عائد الی قولہ مالا یری فے البیت السابق ترجمہ دل نے اپنی زبان و آنکھونکو اظہار اسرار عشق سے منع کیا یعنے زبان کو منع کر دیا کہ عشق کا نام نہ لے اور آنکھون کو اشکون سے روک دیا سو اُنھون نے حال باطن چھپا لیا مگر اس سے کیا عشق چھپا رہتا ہی کیونکہ تیرا جسم اس راز کے خبر دینے کو کافی ہی - دل کو آمر اس لئے کہا کہ اُس کا حکم تمام اعضائے بدن پر جاری ہی کسی نے کیا خوب کہا ہی ؎ بتوان داشت نہان عشق ز مردم لیکن + زردی رنگ رخ و خشکی لب را چہ علاج -

تَعِسَ الْمَهَارِي غَيْرَ مَهْرِيٍّ غَدَا	بِمُصَوَّرٍ لَبِسَ الْحَرِيْرَ مُصَوَّرًا	

المهاری جمع مہری منسوب الی بنی مہرۃ قبیلۃ من العرب ترجمہ تمام شتر ہلاک ہو جاوین سوائے اُس شتر کے جو معشوق تصویر کی حالت کو بوقت صبح لے گیا ایسے حال مین کہ وہ حریر با تصویر یعنے دیبا کا لباس پہنے ہوئے تھا یعنی وہ سلامت رہے تا کہ محبوب کو کوئی صدمہ نہ پہنچے -

نَافَسْتُ فِيْهِ صُوْرَةً فِيْ سِتْرِهِ	لَوْ كُنْتُهَا لَخَفِيْتُ حَتّٰى يَظْهَرَا	

ترجمہ مین نے معشوق کے معاملہ مین اُس تصویر پر حسد کیا جو اُس کے پردہ مین ہی یعنے مجکو حسد اسپر اسوجہ سے ہوا کہ وہ معشوق کو ہر وقت دیکھتی ہی پھر کہتا ہی کہ اگر مین وہ تصویر ہوتا تو مین پوشیدہ ہو جاتا تا کہ حبیب ظاہر ہوتا اور مین اُسکو بے حجاب دیکھتا -

لَا تَتْرَبُ الْاَيْدِي الْمُقِيْمَةُ فَوْقَهُ	كِسْرٰى مَقَامَ الْحَاجِبَيْنِ وَقَيْصَرَا	

ترب الرجل افتقر و صار علے التراب - کسری بکسر الکاف عند الکوفیین و فتحہا عند البصریین ملک العجم و قیصر ملک الروم ترجمہ وہ ہاتھ خاک آلودہ و محتاج نہون جنھون نے پردہ پر کسری اور قیصر کو بجائے دو دربانون کے قائم کر دیا ہی جو معشوق کے حاجب و مانع ہو رہے ہین مصور کے ہاتھ کو دعا دیتا ہی -

يَقِيَانِ فِيْ اَحَدِ الْهَوَادِجِ مُقْلَةً	رَحَلَتْ فَكَانَ لَهَا فُؤَادِيْ مَحْجِرَا	

المجر احول العین ترجمہ وہ کسری وقیصر ایک ہودج مین ایک معشوق کی جو مانند میری چشم کے عزیز ہی گرد وغبار یا دیدہ اغیار سے حفاظت کرتے ہین سو وہ کوچ کر گئے اب میرا دل بے نور رہگیا جیسا حدقۂ چشم بعد جانے چشم کے بے نور رہجاتا ہی۔

قَدْ كُنْتُ أَحْذَرُ بَيْنَهُمْ مِنْ قَبْلِهِ		لَوْ كَانَ يَنْفَعُ حَائِنًا أَنْ يَحْذَرَا	

ترجمہ بیشک مین دوستون کے فراق سے اُس کے پیش آنے سے پہلے ڈرتا تھا اگر ہالک شخص کو پرہیز مفید ہوتا تو میرے لئے بھی یہہ خوف مفید ہوتا۔

وَلَوِ اسْتَطَعْتُ إِذَا اغْتَدَتْ رُوَّادُهُمْ		لَمَنَعْتُ كُلَّ سَحَابَةٍ أَنْ تَقْطُرَا	

الرواد جمع رائد وہو الذی یرتاد لاہلہ الکلا والماء ترجمہ اور جب اُنکے گھانس وپانیکی تلاش کرنیوالے صبح کو روانہ ہوئے اگر اُسوقت مجکو مقدور ہوتا تو ہر ابر کو برسنے سے منع کر دیتا تاکہ اُنکو کسی جگہ گھانس وپانی نہ ملے اور وہ بناچاری میرے ہی پاس رہین اور مجکو صدمہ فراق اُٹھانا نہ پڑے۔

وَإِذَا السَّحَابُ أَخُو غُرَابِ فِرَاقِهِمْ		جَعَلَ الصِّيَاحَ بِبَيْنِهِمْ أَنْ يُمْطِرَا	

اذا السحاب مبتدؤ واخو غراب فراقہم نعت لہ وجعل الصیاح خبرہٗ ترجمہ مین اسی فکر مین تھا کہ ناگاہ ایسے ابر نے کہ وہ فراق کے کوے کا بھائی ہی (یعنے اُسکو تفریق احباب مین ایساہی دخل ہی جیسا کوے کی آواز کو حسب گمان عرب) اپنے برسنے کی آواز سے چیخنا شروع کر دیا۔ خلاصہ یہہ ہی کہ میرے حق مین باران نے وہ جدائی کا اثر دکھایا جیسا غراب البین کا اثر مشہور ہی۔ اگر وہ نہ برستا تو نہ پانی و سبزہ صحرا مین اُگتا اور نہ وہ مجھ سے جدا ہوتی۔

وَإِذَا الْحَمَائِلُ مَا يَخِدْنَ بِنَفْنَفٍ		إِلَّا شَقَقْنَ عَلَيْهِ ثَوْبًا أَخْضَرَا	

الحمائل بالحاء المہملۃ جمع حمولۃ وہی الابل التی یحمل علیہ وردی بالجیم وہی جمع جمالۃ وہی الابل اذا کانت ذکور الیس فیہا انثی یقال ہذہ جمالۃ بنی فلان والنفنف الارض المستویۃ بین الجبلین او الارض الواسعۃ ترجمہ اور ناگاہ اُن کی سواریان پہاڑون کی دون یا ترائی مین تیز نہین جاتی تھین مگر اُسپر سبز تھان قطع کرتی تھین۔ یعنے وہ لوگ مجھ سے ایام بہار مین جدا ہوئے جبکہ زمین سبز تھی سو جب وہ سبزون پر چلتے تھے تو اُنپر نشیا پڑ جاتی تھی اور سبز تھان قطع کی ہوئی معلوم ہوتی تھی۔

يَحْمِلْنَ مِثْلَ الرَّوْضِ إِلَّا أَنَّهُ		أَسْبَى مَهَاةً لِلْقُلُوبِ وَجُؤْذَرَا	

جہاۃٌ وجوذر انتصاب علی التمیز والمہا بقر الوحش والجوذر ولد البقرۃ ترجمہ وہ سواریان رنگارنگ ہودجون کو اپنے اوپر اُٹھائے ہوئے تھین جنین زنان خوش چشم وگردن مثل گاوان وحشی سوار تھین مگر اتنا فرق تھا کہ وہ عورتین گاوان وحشی وبچہ گاؤ سے دلون کو زیادہ قید کرنیوالی تھین۔

فَلَحَظْتُهَا نَكِرَتْ قَنَاتِي رَاحَتِي ۔۔۔ ضُعْفًا وَأَنْكَرَ خَاتَمَايَ الْخِنْصَرَا

ترجمہ سو اس سبب کہ مینے محبوبہ کو دیکھا میرے نیزہ نے میرے ضعف ولاغری کے باعث میری ہتیلی کو نہ پہچانا اور میری دونون انگشتریون نے میری چھنگلیا کو اوپرا سمجھا۔ یعنی میری ہتیلی سے نیزہ نہ اُٹھ سکا اور میری چھوٹی اُنگلی اتنی تپلی ہوگئی کہ انگوٹھیان اُمین فراخ ہوگئین۔

أَعْطَى الزَّمَانُ فَمَا قَبِلْتُ عَطَاءَهُ ۔۔۔ وَأَرَادَنِي فَأَرَدْتُ أَنْ أَتَخَيَّرَا

ترجمہ زمانہ نے مجکو دیا تو مینے بسبب علوہمت اُسکی عطا کو قبول نکیا اور اُسنے چاہا کہ مین تیرے سوا کسی اور کی طرف جاؤن سو مینے اُسکا کہانہ مانا اور یہہ ارادہ کیا کہ اپنے اختیار سے تجکو پسند کرون کہ تیرے اختیار کرنے سے مین زمانہ کا مالک ہو جاؤن گا۔

أَرْجَانَ أَيَّتُهَا الْجِيَادُ فَإِنَّهُ ۔۔۔ عَزْمِي الَّذِي يَذَرُ الْوَشِيجَ مُكَسَّرَا

ارجان اسم بلد بفارس وہو بلد الممدوح وہو فی الاصل مشدد الا انہ خففہ علی عادۃ العرب فی الاسماء الاعجمیۃ والوشیج شجر الرماح الذی یعمل منہا الرماح ترجمہ ای میرے عمدہ گھوڑوں ارجان کا قصد کرو کیونکہ وہ ہی میرا ایسا مضبوط قصد ہی کہ وشیج جو ایک مضبوط لکڑی ہوتی ہی اور اسی سبب سے اُسکی چوب سے نیزے بناتے ہین میرے ارادہ کے سامنے ٹوٹ جاوے۔ خلاصہ یہہ کہ میرے ارادہ کو نیزے بھی نہین روک سکتے۔

لَوْ كُنْتُ أَفْعَلُ مَا اشْتَهَيْتِ فَعَالَهُ ۔۔۔ مَا شَقَّ كَوْكَبُكِ الْعَجَاجَ الْأَكْدَرَا

الاکدر الکدر۔ والکوکب ہنا المجتمع من الخیل ترجمہ ای گھوڑو اگر مین وہ کرتا جس کا تم ارادہ کرتے ہو یعنی آرام وآسائش وترک سفر کا تو تمھارا مجمع غبار تاریک کو نچیرتا۔

أُمِّي أَبَا الْفَضْلِ الْمُبِرَّ أَلِيَّتِي ۔۔۔ لَأُيَمِّمَنَّ أَجَلَّ بَحْرٍ جَوْهَرَا

ترجمہ تم قصد کرو ابو الفضل کا جو میری قسم کا پورا کرنیوالا ہی اور وہ میری قسم یہہ ہی کہ مین اُس دریا کا قصد کرونگا جو بلحاظ جوہر سب سے بڑا ہو۔ سو یہہ میری قسم ممدوح کے پاس جانے سے پوری ہوگی ورنہ قسم ٹوٹ جاویگی۔

أَفْتَى بِرُؤْيَتِهِ الْأَنَامُ وَحَاشَ لِي ۔۔۔ مِنْ أَنْ أَكُونَ مُقَصِّرًا أَوْ مُقْصِرَا

قصر عن الشئ تقصیرا اذا ترکہ عاجزا واقصر عنہ اقصارا اذا ترکہ قادرا علیہ وحاش للہ کلمۃ تنزیہ اصلہ حاشا فحذف الالف ترجمہ اس قسم کے پوری کرنے کے لئے بالاجماع تمام خلق نے ممدوح کے دیکھنے کا فتویٰ دیا یعنی یہہ کہا کہ تیری قسم جب ہی پوری ہوگی کہ ممدوح کو دیکھ لے۔ اور میرے لئے خدا کی پناہ ہی کہ مین قسم کے پورے کرنے مین بحالت بے اختیاری یا بصورت اختیار کوتاہی کرون تمام خلق کے فتوے کے خلاف۔

صُغْتُ السِّوَارَ لِأَيِّ كَفٍّ بَشَّرَتْ ۔۔۔ بِابْنِ الْعَمِيدِ وَأَيِّ عَبْدٍ كَبَّرَا

ترجمہ یعنے کنگن ڈھلوا رکھے ہین اُس ہاتھ کے لئے جو مجکو ابن العید ممدوح کے دیکھنے کی خوشی سنادے اور اشارہ کرے کہ وہ ہو اور اُس غلام کے لئے بھی جو اُسکو دیکھکر تکبیر کہے۔ عرب کی عادت ہو کہ عمدہ چیز کو دیکھ کر تکبیر کہتے ہین۔

اِنْ لَمْ تُغِثْنِيْ خَيْلُهٗ وَ سِلَاحُهٗ	فَمَتٰى اَقُوْدُ اِلَى الْاَعَادِيْ عَسْكَرَا

ترجمہ اگر اُسکے گھوڑے اور ہتھیار میری مدد نکرین تو دشمنون کی طرف کب لشکرکشی کرسکتا ہون۔ واحدی نے کہا ہو کہ متنبی اپنے ممدوحین سے حکومت مانگا کرتا تھا نہ صلے۔

بِاَبِيْ وَ اُمِّيْ نَاطِقٌ فِيْ لَفْظِهٖ	ثَمَنٌ تُبَاعُ بِهِ الْقُلُوْبُ وَتُشْتَرٰى

ترجمہ میرے باپ و مان اُس گویا شخص پر قربان ہون کہ اُسکی گفتگو ایک قیمت ہو کہ اُس سے دلون کی خرید و فروخت ہوتی ہو یعنی لوگ اُسکی گفتگو لیتے ہین اور اپنے دل اُسکو دیتے ہین۔ یعنی نہایت بلیغ ہو۔

مَنْ لَا تُرِيْهِ الْحَرْبُ خَلْقًا مُقْبِلًا	فِيْهَا وَ لَا خَلْقٌ يَرَاهُ مُدْبِرًا

ترجمہ ممدوح وہ شخص ہو کہ اُس کو لڑائی ایسی مخلوق نہین دکھاتی کہ وہ لڑائی مین اُس سے سنمکھ ہو کر آئے اور نہ کوئی خلق اُسکو بھاگتا دیکھتی ہو یعنی کوئی اُسکے مقابل نہین ہوسکتا اور نہ وہ بھاگتا ہو۔

خَنْثَى الْفُحُوْلَ مِنَ الْكُمَاةِ بِصَبْغِهٖ	مَا يَلْبَسُوْنَ مِنَ الْحَدِيْدِ مُعَصْفَرَا

مایلبسون مفعول الصبغ والعائد محذوف ای ملبسونہ۔ وخنثی فعل ماض وزنہ فعلل واصلہ خنثث فکرہوا اجتماع الثائین فابدلوا الاخیر من الالف کما فی تقضی البازی ترجمہ ممدوح نے دشمنون کے بہادرون کو خنثے بنا دیا کیونکہ اُسی اُنکے لوہے کے ہتھیارون کو جو وہ پہنے ہوئے تھے اُنکے خون سے رنگ کر کسم کے رنگ کا کردیا ہو جو عورتون اور مخنثون کا لباس ہو۔

يَتَكَسَّبُ الْقَصَبُ الضَّعِيْفُ بِكَفِّهٖ	شَرَفًا عَلٰى صُمِّ الرِّمَاحِ وَ مَفْخَرَا

ترجمہ سرکنڈا ضعیف یعنی قلم اُسکے ہاتھ کے سبب ٹھوس نیزون پر شرف اور فخر حاصل کرتا ہو یعنی قلم جسکو شرف دست ممدوح حاصل ہو اُن نیزون پر جنکو یہ شرف نصیب نہین ہو بدرجہا افضل ہو۔

وَ يَبِيْنُ فِيْمَا مَسَّ مِنْهُ بَنَانُهٗ	تِيْهُ الْمُدِلِّ فَلَوْ مَشٰى لَتَبَخْتَرَا

ترجمہ اور جس قلم کو اُسکی اُنگلیون کی پور چھوتی ہین اُسمین بسبب اُسکے چھونے کے ناز کرنے والونکا سا ناز ظاہر ہوتا ہو سو اُسکو اگر رفتار حاصل ہو تو اکڑ کے چلنے لگے۔

يَا مَنْ اِذَا وَرَدَ الْبِلَادَ كِتَابُهٗ	قَبْلَ الْجُيُوْشِ ثَنَى الْجُيُوْشَ تَحَيُّرَا

ترجمہ اے وہ شخص کہ جب اُسکا حکم نامہ شہرون مین لشکرون کے پہنچنے سے پہلے جاتا ہو تو دشمن اُس سے ڈرجاتے ہین اور اس لئے اُنکے لشکرون کو جو بارادہ جنگ روانہ ہولئے تھے متحیر کرکے لوٹا دیتا ہو۔

أنتَ الوَحِيدُ إذَا ارْتَكِبْتَ طَرِيقَةً	فَمَنِ الرَّدِيفُ وَقَدْ رَكِبْتَ غَضَنْفَرَا

ترجمہ جبکہ تو کوئی طریقہ اختیار کرتا ہی تو تو اُسمین موجد و یکتا ہوتا ہی کہ اُس طریق پر دوسرا نہین چلسکتا اور سیح ہی کون تیرے پیچھے سوار ہو ایسے حال مین کہ تو شیر پر سوار ہو۔

قَطَفَ الرِّجَالُ القَوْلَ وَقْتَ نَبَاتِهِ	وَقَطَفْتَ أنْتَ القَوْلَ لَمَّا نَوَّرَا

ترجمہ اور لوگون نے قول کو ایسے وقت چُنا کہ جب وہ جاتا تھا اور کچا تھا اور تو نے قول اُس وقت چُنا کہ جب کلیا گیا تھا یعنے کمال کو پہنچ گیا تھا۔

فَهُوَ الْمُشَيَّعُ بِالْمَسَامِعِ إنْ مَضَى	وَهُوَ الْمُضَاعَفُ حُسْنُهُ إنْ كُرِّرَا

ترجمہ سو وہ ایسا شخص ہی کہ اُسکے کلام کے پیچھے اگر وہ جاوے لوگون کے کان لگے چلے جاتے ہین بسبب شیرینی ولذت کلام کے اور وہ ایسا شخص ہی کہ اُس کے کلام کا حسن دوچند ہوتا ہی اگر وہ کلام دُہرایا جاوے ورنہ کلام مکرر ہیزہ ہوتا ہی ؎ کہ حلوا چو یکبار خوردند بس۔

وَإذَا سَكَتَّ فَإنَّ أبْلَغَ خَاطِبٍ	قَلَمٌ لَكَ اتَّخَذَ الأصَابِعَ مِنْبَرَا

ترجمہ اور جب تو خاموش ہو تو خطبہ خوان بلیغ تیرا قلم ہی جس نے تیری اُنگلیون کا منبر اختیار کر لیا ہی۔

وَرَسَائِلٌ قَطَعَ العُدَاةُ سِحَاءَهَا	فَرَأوْا قَنًا وَأسِنَّةً وَسَنَوَّرَا

رسائل بالجر ہو اور رب و بالرفع عطف علی قلم لک ای ورسائل لک ابلغ خاطب اذا سکت والسحاء القرطاس والسنور ما یلبس من جنس الحدید خاصۃ ترجمہ اور تیرے تئے رسائل ہین کہ جسکے کاغذ نے تیرے دشمنون کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے ہین سو اُسکے بلیغ الفاظ قائم مقام سلاح ہو جاتے ہین اور وہ دشمن نیزے اور بھالین اور آہنی سلاح چلتے دیکھ لیتے ہین۔

فَدَعَاكَ حُسَّدُكَ الرَّئِيسَ وَأمْسَكُوا	وَدَعَاكَ خَالِقُكَ الرَّئِيسَ الأكْبَرَا

ترجمہ سو تجکو تیرے حاسد رئیس کہکر پکارتے ہین اور اتنا کہکر خاموش ہو جاتے ہین اور خدا نے تجکو رئیس اکبر پکارا ہی۔

خَلَقَتْ صِفَاتُكَ فِي العُيُونِ كَلامَهُ	كَالخَطِّ يَمْلأُ مِسْمَعَيْ مَنْ أبْصَرَا

ترجمہ وجہ رئیس اکبر ہونیکی یہ ہی کہ تیری خوبیان آنکھون مین کلام خدا کے قائم مقام ہوگئین جنسے یہ معلوم ہوتا ہی کہ تو افضل الناس ہی تو گویا خدا نے تجکو رئیس اکبر کہا یہ فعل خدا بجائے اُسکے قول کے ہوگیا جیسا خط دونون کان دیکھنے والے کے بھر دیتا ہی یعنی اگر کوئی کسیکا خط دیکھتا ہی تو وہ ایسا ہوتا ہی کہ گویا اُس سے کلام کر لیا۔

أرَأيْتَ هِمَّةَ نَاقَتِي فِي نَاقَةٍ	نَقَلَتْ يَدًا سُرُحًا وَخُفًّا مُجْمَرَا

السرح السہلۃ السیر والخف المجمر ای الخفیف السریع من قولہم اجمرت الناقۃ ای اسرعت ترجمہ کیا تو نے میری ناقہ کی سی ہمت کسی ناقہ مین دیکھی ہی کہ اُسنے اپنا ہاتھ سبک اُٹھایا اور اپنا پانو تیز و سریع یہان تلک کہ اتنا

فاصلہ بعید طے کر کے تجھ تلک پہنچ گئی۔

تَرَكَتْ دُخَانَ الرِّمْثِ فِي أَوْطَانِهَا ‏ ‏ ‏ طَلَبًا لِقَوْمٍ يُوقِدُونَ الْعَنْبَرَا

الرمث بنت یوقد بہ ترجمہ اُس ناقہ نے رمث گھاس کے دھوئیں کو اپنے وطنوں میں چھوڑا بقصد طلب اُس قوم کے جو عنبر کو جلاتے ہیں اور اُسکی دھونی لیتے ہیں۔ یعنی وہ اعراب کو چھوڑ کر تیرے پاس آئی۔

وَتَكَرَّمَتْ رُكَبَاتُهَا عَنْ مَبْرَكٍ ‏ ‏ ‏ تَقَعَانِ فِيهِ وَلَيْسَ مِسْكًا أَذْفَرَا

الرکبات جمع رکبۃ وعنی اثنین ولہذا قال تقعان بالتثنیۃ کقولہ تعالیٰ فقد صغت قلوبکما والاذفر الشدید الرائحۃ ترجمہ اور اُس ناقہ کے دونوں زانو ایسے نشست گاہ سے بزرگ محترز ہوگئے کہ وہ ایسی جگہ بیٹھیں جہاں مشک خالص نہو۔

فَأَتَتْكَ دَامِيَةَ الْأَظَلِّ كَأَنَّمَا ‏ ‏ ‏ حُذِيَتْ قَوَائِمُهَا الْعَقِيقَ الْأَحْمَرَا

الاظل باطن الخف الذی یلی الارض۔ وحذیت نعلت ترجمہ سو وہ تیرے پاس خون آلودہ تلوے آئی گویا اُسکے پاؤں میں عقیق سرخ کی جوتیاں پہنائی گئی ہیں۔

بَدَرَتْ إِلَيْكَ يَدَ الزَّمَانِ كَأَنَّمَا ‏ ‏ ‏ وَجَدَتْهُ مَشْغُولَ الْيَدَيْنِ مُفَكِّرَا

بدرت ای سبقت من المبادرۃ ترجمہ وہ میری ناقہ زمانہ کے قابو سے تیری طرف بڑھ آئی گویا اُس نے زمانہ کو نہایت مشغول متفکر پایا۔ اور اُسکی غفلت میں اُسکے پنجہ سے بچکر تجھ تلک پہنچ گئی ورنہ وہ تو کسی کی بھلائی کا خواہاں نہیں ہے۔

مَنْ مُبْلِغُ الْأَعْرَابِ أَنِّي بَعْدَهَا ‏ ‏ ‏ شَاهَدْتُ رَسْطَالِيسَ وَالْإِسْكَنْدَرَا

ترجمہ اعراب کو کون خبر دے کہ میں نے اُنکی مفارقت کے بعد ارسطالیس اور اسکندر کو دیکھا یعنی ممدوح علم و حکمت میں مثل ارسطالیس کے ہے اور قوت اور وسعت سلطنت میں مثل سکندر بادشاہ روئے زمین کے۔

وَمَلِلْتُ نَحْرَ عِشَارِهَا فَأَضَافَنِي ‏ ‏ ‏ مَنْ يَنْحَرُ الْبِدَرَ النُّضَارَ لِمَنْ قَرَى

العشار جمع عشراء وہی التی اتی لحملہا عشرۃ اشہر۔ والبدر جمع بدرۃ وہی عشرۃ آلاف والنضار الذہب ترجمہ اور میں ملول ہوگیا اُنکے قیمتی ناقوں کے ذبح سے سو میری ضیافت اُس شخص نے کی جو سونے کی تھیلیوں کو اپنے مہمان کے لئے ذبح کرے یعنی اُسے بخشدے۔

وَسَمِعْتُ بَطْلِيمُوسَ دَارِسَ كُتْبِهِ ‏ ‏ ‏ مُتَمَلِّكًا مُتَبَدِّيًا مُتَحَضِّرَا

دارس کتبہ مفعول ثان لسمعت۔ وبطلیموس حکیم من حکماء الروم لہ کتب فی الطب والحکمۃ ترجمہ اور میں نے ممدوح کو بطلیموس کے کتب پڑھاتے سُنا ایسے حال میں کہ وہ مالک ملک تھا اور بدوی اور شہری تھا یعنے وہ جامع صفات ہے شوکت شاہانہ رکھتا ہے اور فصاحت بدویانہ اور ظرافت شہریانہ۔

وَلَقِيتُ كُلَّ الْفَاضِلِينَ كَأَنَّمَا ‏ ‏ ‏ رَدَّ الْإِلَهُ نُفُوسَهُمْ وَالْأَعْصُرَا

ترجمہ اور اُس سے کیا ملا ملکہ سب فضلاء متقدمین سے ملا گویا خدا نے اُنکی جانین اور زمانے ممدوح پر لوٹا دئے ہیں۔

نُسِقُوا لَنَا نَسَقَ الْحِسَابِ مُقَدَّمًا	وَأَتَى فَذَلِكَ إِذْ أَتَيْتَ مُؤَخَّرًا

ترجمہ متقدمین ہمارے لئے مثل ترتیب حساب اولاً جمع کیے گئے۔ اور ممدوح بطور فذلکۃ الحساب اُنکے پیچھے آیا یعنی جیسا حساب کا دستور ہے اولاً وہ لوگ بہ تفصیل آئے اور جیسے حساب کے آخر میں میزان ہوتی ہے اور مدوار تفصیل ایسا ہی تو ہے کہ میزان اور مدوار تفصیل مین سب حساب کا خلاصہ ہوتا ہے ایسا ہی تجھین متقدمین بالاجمال جمع ہیں۔

يَا لَيْتَ بَاكِيَةً شَجَانِي دَمْعُهَا	نَظَرَتْ إِلَيْكَ كَمَا نَظَرْتُ فَتَعْذِرَا

نصب تعذر علی جواب التمنی ترجمہ ای کاش وہ عورت کہ اُسکے آنسوؤن نے بوقت رخصت مجکو غمگین کیا تجکو دیکھتی جیسا مین نے تجکو دیکھا تو وہ مجکو اس سفر طویل اور تحمل مصائب مین معذور رکھتی۔

وَتَرَى الْفَضِيلَةَ لَا تَرُدُّ فَضِيلَةً	أَلشَّمْسَ تَشْرُقُ وَالسَّحَابَ كَنَهْوَرَا

فاعل لا ترد العائد الی الفضیلۃ ونصب الشمس والسحاب بفعل مضمر ای تری الشمس والسحاب والکنہور العظیم المتکاثف ترجمہ سو وہ باکیہ ممدوح میں یہ عجب بات دیکھے گی کہ اُسکی ایک فضیلت اُسکی دوسری فضیلت کو اگرچہ اُسکی ضد ہو منع نہیں کرتی چنانچہ دستور ہے کہ ابر آفتاب کو چھپا لیتا ہے مگر یہان اُسکے خلاف ہے اُسکی چہرہ مثل آفتاب کے چمکتا دیکھے گی اور اُسکے ابر عطا کو تہ بتہ یہ دونون ایک حال مین جمع ہیں۔

أَنَا مِنْ جَمِيعِ النَّاسِ أَطْيَبُ مَنْزِلًا	وَأَسَرُّ رَاحِلَةً وَأَرْبَحُ مَتْجَرَا

اسر من السار ای اختفی بسرا ہا لیلاً حتی اتیتک۔ والکان من السرور فیکون سرورہا جہا ترجمہ مین ہی سب لوگون سے باعتبار مکان پاکیزہ تر۔ وباعتبار سواری خوشتر و بلحاظ تجارت کے سودمند تر ہون۔

زُحَلٌ عَلَى أَنَّ الْكَوَاكِبَ قَوْمُهُ	لَوْ كَانَ مِنْكَ لَكَانَ أَكْرَمَ مَعْشَرَا

ترجمہ سیارہ زحل شیخ النجوم اس بنا پر کہ اور ستارے اُسکی قوم ہیں اگر وہ تیری قوم مین سے ہوتا تو باعتبار قبیلہ حالت موجودہ سے بہتر اور کریم تر ہوتا یعنی تیری قوم نجوم سے اعلیٰ واشرف ہے۔

وقال وقد کثرت الامطار بآمد ولا یوجد ہذہ الابیات فی التبیان وقد نقلتہا من الدیوان المطبوع فی کلکتہ

أَآمِدُ هَلْ أَلَمَّ بِكِ النَّهَارُ	قَدِيمًا أَوْ أُثِيرَ بِكِ الْغُبَارُ

آمد اسم بلدۃ واراد بالنہار الشمس ترجمہ ای آمد کبھی زمانہ قدیم مین تجھین سورج نکلا ہے یا کبھی تجھین غبار اُڑایا گیا ہے یعنے کثرت ابر وباران سے یہ شبہ ہوتا ہے کہ کبھی یہان دھوپ وغبار دیکھنے مین نہین آئی۔

إِذَا مَا الْأَرْضُ كَانَتْ فِيكِ مَاءً	فَأَيْنَ بِهَا لِغَرْقَاكِ الْقَرَارُ

ما زائدۃ ترجمہ جبکہ زمین تجھین بالکل پانی ہے تو تیرے باشندے جنکو جو پانی مین ڈوبے ہوئے ہین اُسمین کہان قرارگاہ ہوگی۔

تَغَضَّبَتِ الشُّمُوسُ بِهَا عَلَيْنَا	وَمَا جَتْ فَوْقَ أَرْؤُسِنَا الْبِحَارُ

ترجمہ آدمین آفتاب ہمپر خفا ہوگئے کہ نہین نکلتے اور دریاؤن نے ہمارے سر نپر موج ماری یعنی بسبب کثرت بارش کے شموس بصیغہ جمع یا تو اسواسطے لایا ہی کہ ہر روز کے شمس کو نیا شمس قرار دیا ہی۔ چونکہ آفتاب بہت دنون سے وہان برآمد نہین ہوا لہذا اُسکو شموس کہا۔ یا چاند و سورج کو جو بسبب بارش شب و روز طلوع نہین کرتے شموس کہا۔

حَنِينُ الْبُخْتِ وَدَّعَهَا حَجِيجٌ ۔۔۔ كَأَنَّ خِيَامَنَا لَهُمْ جِمَارُ

بخت بالضم شتران بختی۔ والحجیج جمع حاج ترجمہ شتر بختی کی بلبلانیکو حاجیون نے رخصت کر دیا اب ہمارے خیمے گویا اُنکے لئے موضع رمی جمار ہین خلاصہ یہہ ہی کہ بسبب کثرت گل و لائی حاجی لوگ شترون پر سوار ہو کر حج کو نہین جاسکتے بخوف پھسلنے پانے شتران کے۔ اسلئے اُن کا بلبلانا جو بوقت سواری و باربرداری ہتا ہے موقوف ہی۔ اب ہمارے خیمونکے گرد کھڑے ہین جیسے حاجی ایک جگہ کھڑی ہو کر رمی جمار کرتے ہین

وَلَا حَيَّا الْإِلٰهُ دِيَارَ بَكْرٍ ۔۔۔ فَلَا يَرْوِي مَزَارِعَهَا الْقِطَارُ

ترجمہ خداوند تعالیٰ دیار بکر کو جسکے علاقہ مین شہر آمد ہی تباہ کرے اور اُسکے کھیتونکو قطرہائے باران تر نکرین قولہ لاحی معطوف علی المقدر ای لاعمرہ ولاحیاہ

بِلَادٌ لَا سَمِينٌ مَنْ رَعَاهَا ۔۔۔ وَلَا حَسَنٌ بِأَهْلِيهَا الْيَسَارُ

ترجمہ دیار بکر ایسی بستیان ہین کہ جو اسمین چرتا ہی وہ فربہ نہین ہوتا اور نہ اُنکے باشندونکی تونگری اچھی ہی۔

إِذَا لَبِسَ الدُّرُوعَ لِيَوْمِ بُؤْسٍ ۔۔۔ فَأَحْسَنُ مَا لَبِسْتَ بِهَا الْغِرَارُ

الغرار بالکسر شبابی و تیزی سلاح ترجمہ جب آمدین بروز جنگ زرہین پہنی جاوین تو تیری سب سے بہتر یہہ لباس ہے کہ تو تیز شمشیر لے اور وہانکے باشندونکو جو تجھسے پیش نہین آئے قتل کر دے اور اگر فرار باختیار ماجاد کو یعنی کہ تو وہان سے بھاگ کیونکہ وہ مقام قابل قیام نہین ہی۔ قال ولم نجد ہذہ الاشعار فی التبیان بل نقلنا من الدیوان المطبوع فی کلکتہ

إِذَا مَا كُنْتَ مُغْتَرِبًا فَجَاوِرْ ۔۔۔ بَنِي هَمَّامِ بْنِ قُطْبَةَ أَوْ دِثَارَا

ترجمہ جب تو مسافر ہو تو بنی ہمام یا بنی دثار کی ہمسائگی اختیار کر کیونکہ وہ لوگ غریب نواز ہین۔

إِذَا جَاوَرْتَ أَدْنَى مَازِنِيٍّ ۔۔۔ فَقَدْ أَلْزَمْتَ أَفْضَلَهَا جِوَارَا

ترجمہ جب تو کمتر مازنی کا ہمسایہ ہوا تو تو نے فضل مجاورت کو لازم پکڑ لیا ہی یعنی یہہ لوگ اپنے جار کے بڑے حامی ہین۔

وقال یہجو کافورا ولم نجد ہذہ القصیدۃ فی التبیان نقلناہا من الدیوان المطبوع فی کلکتہ

أَلِيفَا خُمَارِ الْهَمِّ نَغَّصْتُمَا الْخَمْرَا ۔۔۔ وَسُكْرِي مِنَ الْأَيَّامِ جَنَّبَنِي السُّكْرَا

ترجمہ ای میرے دونون دوستو ہوش مین آؤ اور مجکو مدہوشی کی تکلیف مت دو کیونکہ غم کے خمار نے میری شراب خواری کا لطف کھو دیا اور مین جو حوادثات زمانہ سے متوالا ہون آپنے مجکو شراب کے نشہ سے یکسو کر دیا پس تمکو بھی میرا ہمرنگ ہونا چاہئے یعنی جیسا مین بسبب مصائب دہر تارک خمر ہون تمکو بھی ایسا ہی کرنا چاہئے

تَسُرُّ خَلِيلَيَّ الْمُدَامَةُ وَالَّذِي ۔۔۔ بِقَلْبِيَ يَأْبَى أَنْ أُسَرَّ كَمَا سُرَّا

ترجمہ میرے دو دوستونکو شراب خوش کرتی ہی اور وہ غم جو میرے دل مین ہی وہ اس بات سے انکار کرتا ہی کہ مین اُنکی طرح خوش ہون۔

لَبِسْتُ صُرُوفَ الدَّهْرِ أَخْشَنَ مَلْبَسٍ ۔۔۔ تَعَرَّقَتْنِي نَابًا وَمَزَّقَنِي ظُفْرَا

تعریق العظم اکل ما علیہ من اللحم ترجمہ مینے حوادث زمانہ کو جو سخت ترین لباس ہی پہن لیا کہ وہ ہر طرف سے مجکو محیط ہوگئین سو انھون نے میرے استخوان کا گوشت دانتون سے نوچ لیا اور ناخن سے میری کھال چیر ڈالی۔

وَفِی کُلِّ لَحْظٍ لِیْ وَمَسْمَعِ نَغْمَةٍ … یُلَاحِظُنِیْ شَزْرًا وَیُسْمِعُنِیْ هُجْرًا

ترجمہ اور زمانہ ہر بار کے دیکھنے مین مجکو تیز اور غضب آلودہ نگاہ سے دیکھتا ہی اور ہر دفعہ کے بولنے مین مجکو فحش بات سناتا ہی غرض نادیدنی دیکھتا ہون اور ناشنیدنی سنتا ہون۔

سَدِکْتُ بِصَرْفِ الدَّهْرِ طِفْلًا وَیَافِعًا … فَاَفْنَیْتُهٗ عَزْمًا وَلَمْ یُفْنِنِیْ صَبْرًا

سدکت بہ لزمتہ ویفع الغلام راہق العشرین فہو یافع ترجمہ مجکو بحالت طفلی و نوجوانی گردش زمانہ سے پالا پڑا سومینے اُسکو اپنے قصد سے فنا کر دیا اور اُسنے مجکو بلحاظ صبر فنا نکیا۔ یعنے میرا قصد اُسپر غالب رہا اور میرے صبر پر وہ غالب نآیا۔

اُرِیْدُ مِنَ الْاَیَّامِ مَا لَا یُرِیْدُهٗ … سِوَایَ وَلَا یَجْرِیْ بِخَاطِرِهٖ فِکْرًا

ترجمہ مین زمانہ سے ایسے مقصد بلند کا خواہشمند ہون جسکا میرے سوا اور شخص ارادہ نہین کرتا بلکہ غیر کے۔ لیکن ایسے امر عظیم کا وسوسہ بھی نہین آتا۔ اپنی اولوالعزمی کی تعریف کرتا ہی۔

وَاَسْاَلُهَا مَا اَسْتَحِقُّ قَضَاءَهٗ … وَمَا اَنَا مِمَّنْ رَامَ حَاجَتَهٗ یُسْرًا

یسر الحاجۃ طلبہا فی غیر اوانہا ترجمہ اور مین زمانہ سے ایسے مطلب کے پورے کرنے کا سوال کرتا ہون جسکے ملنے کا مین مستحق ہون اور مین ان لوگون مین سے نہین ہون کہ اپنی حاجت کو بیوقت مانگے یعنی بلکہ ایسے مطلب کی درخواست کرتا ہون جسکی عطا کا وقت ہی۔

وَلِیْ کَبِدٌ مِنْ رَایِ هِمَّتِهَا النَّوٰی … فَتَرْکَبُنِیْ مِنْ عَزْمِهَا الْمَرْکَبَ الْوَعْرَا

ترجمہ اور میرا ایسا جگر ہی کہ اُسکی ہمت کی رائے مین فراق احباب اور سفر ہی سو وہ جگر اپنے قصد بلند کے سبب مجکو سخت سواری پر سوار کرتا ہی اور ہمیشہ دشت گردی و صحرانوردی مین مبتلا رکھتا ہی۔

تَرُوْقُ بَنِی الدُّنْیَا عَجَائِبُهَا وَلِیْ … فُؤَادٌ بِبِیْضِ الْهِنْدِ لَا بِیْضِهَا مُغْرًا

تروق تسر و تعجب ترجمہ اہل دنیا کو اُسکے عجائب خوش معلوم ہوتے ہین اور متعجب کرتے ہین مگر میرا دل شمشیرہائے صیقلدار ہند پر عاشق ہی نہ زنان سفید دنیا پر یعنی مین عیاش نہین ہون سپاہی ہون۔

اَخُوْ هِمَمٍ رَحَّالَةٍ لَا تَزَالُ بِیْ … نَوًی تَقْطَعُ الْبَیْدَاءَ اَوْ اَقْطَعُ الْعُمْرَا

اومبعنی الی ان ترجمہ میرا دل صاحب ہمتہائے کثرت سفر ہی کہ مجھ سے وہ ہمیشہ جب تلک مین اپنی ایام عمر قطع کرون دشتہائے ناپیداکنار بقصد فراق احباب قطع کراتی ہین یعنی ہمیشہ سفر مین رہتا ہون۔

وَمَنْ کَانَ عَزْمِیْ بَیْنَ جَنْبَیْهِ حَثَّهٗ … وَخَیَّلَ طُوْلُ الْاَرْضِ فِیْ عَیْنِهٖ شِبْرًا

ترجمہ یہ کثرت سفر کچھ مجھ پر ہی نہیں منحصر ہی بلکہ جو شخص اُسکے دو پہلو و نمین میرا سا بلند قصد ہوگا تو وہ اُسکو سفر دائمی پر برانگیختہ کریگا اور طول تمام زمین کو اُسکی آنکھ مین بقدر ایک بالشت نمایان کرے گا۔

صَحِبْتُ مُلُوْكَ الْاَرْضِ مُغْتَبِطًا بِهِمْ	وَفَارَقْتُهُمْ مَلْآنَ مِنْ شَنَفٍ صَدْرَا

شنف لہ البغضہ وتنکرہ والاغتباط بارزو آمدن ترجمہ مین شاہان روئے زمین کے ساتھ آرزو مندانہ رہا۔ اور جب انسے میری آرزو پوری نہوئی تو مین اُنسے ایسے حال مین جدا ہوا کہ میرا سینہ اُنکے بغض سے پُر تھا۔

وَلَمَّا رَأَيْتُ الْعَبْدَ لِلْحُرِّ مَالِكًا	أَبَيْتُ إِبَاءَ الْحُرِّ مُسْتَرْزِقًا حُرَّا

ترجمہ اور جبکہ مینے غلام یعنی کافور کو آزاد شخص کا مالک دیکھا تو مینے اُس سے ایسا انکار کیا جیسا آزاد مرد غلام سے کیا کرتا ہی ایسے حال مین کہ مین ایک آزاد شخص یعنی سیف الدولہ سے طالب رزق تھا۔

وَمِصْرُ لَعَمْرِي أَهْلُ كُلِّ عَجِيبَةٍ	وَلَا مِثْلُ ذَا الْخَصِيِّ أَعْجُوبَةً نُكْرَا

ترجمہ اپنی زندگی کی قسم مصر ہر عجیب چیز کا صاحب ہی مگر اس خصی یعنے کافور کے مانند کوئی اعجوبہ انوکھا نہین ہی۔

يُعَدُّ إِذَا عُدَّ الْعَجَائِبُ أَوَّلًا	كَمَا يُبْتَدَى فِي الْعَدِّ بِالْإِصْبَعِ الصُّغْرَى

ترجمہ جبکہ عجائب مصر یا دنیا شمار کئے جاتے ہین تو اُنین کافور اول شمار کیا جاتا ہی جیسا شمار مین چھنگلیا سے اول شروع کیا جاتا ہی۔ یعنی وہ عجائب مین سب سے گھٹیا ہی۔

فَيَا هَلْ سِوَى الدُّنْيَا وَيَا عِلْزَةَ الْوَرَى	وَيَا أَيُّهَا الْخَصِيُّ مَنْ أُمَّاتُ الْبَظْرَا

ہرلمہ نتف شعرہ۔ والعجوز بلیت کبرا۔ والبظرا بین اسکتی الفرج یعنی ما بین دوکرانہ فرج زن وامۃ بظراء طویلۃ ترجمہ سوائے تمام دنیا کے نوچے ہوئے بال یا ای چڑ چڑی ہوئی بڑھیا اور ای سبب عبرت خلائق اور ای خصی تیری مان فراخ کُس کون بلا تھی جسنے تجھسے نالائق کو جنا۔

نُوَيْبِيَّةٌ لَمْ تَدْرِ أَنَّ بُنَيَّهَا	النُّوَيْبِيَّ بَعْدَ اللهِ يُعْبَدُ فِي مِصْرَا

نوب بالضم جیل من السودان ترجمہ اُسکی مادر گروہ نوب سے جو منجملہ ملک حبش ہی تھی مگر اُسکو یہ معلوم نتھا کہ اُس کا چھوٹا بیٹا بعد خداوند تعالی کے مصر مین پرستش کیا جاوے گا یعنے وہان کا حاکم بنیگا۔

وَيَسْتَخْدِمُ الْبِيضَ الْكَوَاعِبَ كَالدُّمَى	وَرُومَ الْعِبِدَّى وَالْغَطَارِفَةَ الْغُرَّا

ترجمہ اور وہ یہ بھی نہین جانتی تھی کہ اُسکا بیٹا زنان سفید رنگ انار پستان مانند بتان اور غلامان رومی اور سرداران روشن رو یعنے شرفا سے خدمت لیگا۔

قَضَاءٌ مِنَ اللهِ الْعَلِيِّ أَرَادَهُ	أَلَا رُبَّمَا كَانَتْ إِرَادَتُهُ شَرَّا

ترجمہ یہ فرمان روائی کافور خداوند تعالی کا حکم ہی جس کا اُسنے ارادہ فرمایا۔ سن لے کہ بسا اوقات اُسکا ارادہ شر ہوتا ہی

کیونکہ خیر و شر سب اُسکے حکم سے ہی پس حکومت کافور گو شر ہی مگر اُسکے حکم سے ہی۔

وَلِلّٰهِ آيَاتٌ وَلَيْسَتْ كَهٰذِهٖ   أَظُنُّكَ يَا كَافُوْرُ آيَتَهُ الْكُبْرٰى

ترجمہ خدا کی آیات قدرت بہت ہین مگر ایسی بڑی کوئی نہین ہی اے کافور مین تجکو خدا کی بڑی آیت قدرت خیال کرتا ہون۔

لَعَمْرِيْ مَا دَهْرٌ بِهٖ أَنْتَ طَيِّبٌ   أَيَحْسَبُنِيْ ذَا الدَّهْرُ أَحْسَبُهُ دَهْرًا

ترجمہ قسم اپنی عمر کی کہ اے کافور جس زمانہ مین تو ہی وہ اچھا نہین ہی کیا مجکو یہہ زمانہ یہہ خیال کرتا ہی کہ مین اُسکو اچھا زمانہ سمجھتا ہون یعنی یہہ بات ہرگز نہین ہی بلکہ بُرا زمانہ ہی۔

وَأَكْفُرُ يَا كَافُوْرُ حِيْنَ تَلُوْحُ لِيْ   فَفَارَقْتُ مُذْ فَارَقْتُكَ الشِّرْكَ وَالْكُفْرَا

ترجمہ اے کافور جب تو میرے روبرو ظاہر ہوتا تھا تو مین مرتکب کفر ہوتا تھا یعنی تیری تعظیم کرنی ایسی تھی جیسے بُت کی تعظیم جو کفر ہی سو جب سے مین تجھ سے جدا ہوا ہون شرک و کفر سے دور ہو گیا۔

عَثَرْتُ بِسَيْرِيْ نَحْوَ مِصْرِكَ وَالِعًا   بِهَا وَلِعًا بِالسَّيْرِ عَنْهَا وَلَا عَثْرَا

ترجمہ تیرے مصر کی طرف حریصانہ آنے مین مینے بڑی لغزش کھائی اور خطا کی۔ اور جب وہان آیا تو مجکو رغبت وہانسے لوٹ آنیکی ہوئی اور یہہ میرا ارادہ درست تھا کہ اسمین کچھ لغزش و خطا نہ تھی۔

وَفَارَقْتُ خَيْرَ النَّاسِ قَاصِدَ شَرِّهِمْ   وَأَكْرَمَهُمْ طُرًّا لِأَلْأَمِ ذَلِهِمْ طُرًّا

ترجمہ اور مینے بہترین آدمیون سے یعنے سیف الدولہ سے مفارقت کی ایسے حال مین کہ بدترین خلق کا قصد کرنیوالا تھا یعنی کافور کا اور مینے مفارقت کی اُس شخص سے جو سب سے کریم تھا اُس شخص کے لئے جو سب سے کمینہ تھا۔

تُعَاقِبُنِي الْخَصِيُّ بِالْغَدْرِ جَازِيًا   لِأَنَّ رَحِيْلِيْ كَانَ مِنْ حَلَبٍ غَدْرَا

ترجمہ سو کافور خصی نے بسبب بدعہدی و خلف وعدہ عذاب بطور جزا مجکو دیا کیونکہ میرا کوچ حلب سے یعنی سیف الدولہ کے پاس سے براہ عہد شکنی تھا۔ غرض جیسا مینے سیف الدولہ سے غدر کیا تھا اسی طرح کافور نے مجھسے غدر کیا۔

وَمَا كُنْتُ إِلَّا فَائِلَ الرَّأْيِ لَمْ أُعَنْ   بِحَزْمٍ وَلَا اسْتَصْحَبْتُ فِيْ وِجْهَتِيْ حِجْرَا

ترجمہ اور مین درصورت قصد کافور تھا مگر سست رائے کہ نہ اعانت کیا گیا مین ہوشیاری سے اور حلب سے بجانب کافور متوجہ ہونے مین مینے عقل کو ساتھ نلیا تھا۔ کافور کے پاس آنے سے پچتاتا ہی۔

وَقَدْ رَأَى الْخِنْزِيْرُ أَنِّيْ مَدَحْتُهٗ   وَلَوْ عَلِمُوْا قَدْ كَانَ يُهْجٰى بِمَا يُطْرَا

ترجمہ اور خنزیر یعنے کافور نے جانا کہ مینے اُسکی تعریف کی اور اگر وہ اور اُسکے مصاحب سمجھتے تو جان لیتے کہ میرے مبالغہ مدح کے سبب وہ ہجو کیا جاتا ہی۔ واقعی کافور کی اکثر مدح بادنی تغیر ہجو ہی۔

حَرَمْتُ عَلٰى دَهْيَاءِ مِصْرٍ فَفُتُّهَا   وَلَمْ يَكُنِ الدَّهْيَاءُ إِلَّا مَنِ اسْتَجْرَا

تنہا سبقتہا ترجمہ میٔنے مصیبت مصر کے معاملہ میں بڑی ہوشیاری کی اور اُس سے آگے بڑھ آیا یعنی کافور مجکو گرفتار نکر سکا اور اصل میں کوئی مصیبت تھی مگر وہ جس نے جرأت کی یعنی میں خود نہ وہاں جاتا نہ یہ تکلیف اُٹھاتا۔

سَاَجْلِبُهَا اَشْبَاهَ مَا جَلَبْتَهُ مِنْ اَسِنَّتِهَا جُرْدًا مُقَسْطَلَةً غُبْرًا	

اجلب علی الفرس زجرہ۔ والقسمر للخیل۔ وجرد امع صفاتہا بیان للضمیر فی اجلبہا والاصل فی العبارۃ ساجلبہا جردا مقسطلۃ غبرا اشباہ ما جلبتہ من اسنتہا ترجمہ اب میں اُن گھوڑوں کو جو عمدہ اور بسبب کثرت دوڑ دھوپ کے گرد آلود و غبار آلودہ ہوں اور تیزی میں مانند اُن نیزوں کے ہوں جنکو اُنکے سوار لیے ہیں چمکاؤں گا یعنے ان کے ذریعہ سے دشمنوں پر دھاوا کروں گا۔

وَ اُظْلِمُ بِيضًا كَالشُّمُوسِ مُظَلَّةً	إِذَا طَلَعَتْ بِيضًا وَإِنْ غَرَبَتْ حُمْرًا

ترجمہ اور نکالوں گا چمکدار شمشیرونکو کہ اُنکی روشنی اور عکس مثل آفتابوں کے ہے۔ جب وہ اپنے میانوں سے نکلتی ہیں تو سفید چمکتی ہوتی ہیں اور میانوں میں کیجاتی ہیں تو خون اعداسے سُرخ ہوتی ہیں۔

فَإِنْ بَلَغَتْ نَفْسِي الْمُنَى فَبِعَزْمِهَا	وَإِلَّا فَقَدْ أَبْلَغْتُ فِي حِرْصِهَا عُذْرًا

ترجمہ سو اگر میرا نفس اپنی آرزونکو پہنچگیا تو اپنی عزم کی برکت سے ہے اور اگر نہ پہنچا تو میٔنے اُسکی حرص میں اُسکو عذر تلک پہنچا دیا ہے یعنے اب میں معذور ہوں۔

وقال یمدح ابا بکر علی بن صالح الکاتب بدمشق

كَفِرِنْدِي فِرِنْدُ سَيْفِي الْجُرَازِ	لَذَّةُ الْعَيْنِ عُدَّةٌ لِلْبِرَازِ

الفرند جوہر السیف۔ والجراز القاطع منہ۔ والبراز مبارزۃ الاقران فی الحرب ترجمہ میری شمشیر بران کا جوہر میرے جوہر کے مانند ہے یعنی جیسا میں چلتا پرزا اور ماضی العزیمۃ ہوں ایسے ہی میری تلوار ہے کہ وہ آنکھ کے لئے پوری لذت ہے اور لڑائی کے واسطے سامان کامل۔

تَحْسِبُ الْمَاءَ خُطَّ فِي لَهَبِ النَّا	رِ أَدَقَّ الْخُطُوطِ فِي الْأَحْرَازِ

الاحراز جمع حرز وہو العوذۃ لانہا تحرز حاملہا من الشیاطین ومن العین ترجمہ تلوار کی چمک کو آگ سے و آثار جوہر کو جو اُسمیں ہیں اور اُنکی باریکی کو خطوط باریک پانی سے تشبیہ دیتا ہے اور کہتا ہے کہ تو گمان کرے کہ باریک خطوط پانیکے شعلہ آتش میں کھینچے گئے ہیں جیسے تعویذوں میں باریک خط اکثر ہوتے ہیں۔

كُلَّمَا رُمْتَ لَوْنَهُ مَنَعَ النَّا	ظِرَ مَوْجٌ كَأَنَّهُ مِنْكَ هَازِي

ترجمہ جبکہ تو چاہے کہ شمشیر کا رنگ معلوم کرے تو دیکھنے والے کو اُسکے پانی اور چمک کی موج دیکھنے سے روکتی ہے گویا وہ تجھ سے دل لگی کرتی ہے۔

باقی صفحہ

وَدَقِيْقٍ قَدَى الْهَبَاءِ اَنِيْقٍ ... مُتَوَالٍ فِيْ مُسْتَوٍ هَزْهَازِيْ

الہباء ہو ماتراہ فی الشمس اذا دخلت من موضع ضیق۔ والمستو صحیح الضرب ای فی متن مستو۔ وہزہاز یجیٔ ویذہب وقدی الہباء ای مقدارہ ترجمہ اور وہ جوہر باریک ہین مثل ذرہ کے اور خوشنما ہین اور بسبب چمک کے پےدرپے آئینوالے ہین اور وہ ایک پہل صحیح الضرب مین ہین۔ اور بسبب آبداری کے اُسمین شعاعون کی موجین آتی جاتی ہین۔

وَرَدَ الْمَاءَ فَالْجَوَانِبُ قَدْرًا ... شَرِبَتْ وَالَّتِيْ تَلِيْهَا جَوَازِيْ

الجوازی جمع جازیۃ وہی التی جزئت بالرطب عن الماء من الوحش ترجمہ وہ تلوار پانی مین آئی سو اُسکے اطراف یعنی دونون دھارون نے قدرے پانی پیا اور جو اُنکے متصل اُسکا پہل ہی وہ تشنہ رہا۔ دستور ہی کہ ساری تلوار کو بجھاتے نہین ہین بلکہ صرف دھارون کو تاکہ چوٹ سے ٹوٹ نجاوے۔

حَمَلَتْهُ حَمَائِلُ الدَّهْرِ حَتّٰى ... هِيَ مُحْتَاجَةٌ اِلٰى خَرَّازِ

حمائل السیف ہی نجادہ۔ والخراز ہو الذی یخرز بالسیور الحمائل وغیرہا ترجمہ اُس کو زمانہ کے پرتلون نے اس کثرت سے اُٹھایا ہی کہ وہ پرتلے میان سینے والیکی طرف محتاج ہین یعنی وہ تلوار پہلے وقتون کی ہی اور کثیر الاستعمال۔ زمانہ کی طرف نسبت مجازاً ہی۔

وَهُوَ لَا تَلْحَقُ الدِّمَاءُ غِرَارَيْهِ وَلَا عِرْضَ مُنْتَضِيْهِ الْمَخَازِيْ

غراریہ ای حدّہ وحدہ۔ وانتضی السیف سلہ۔ والمخازی جمع مخزاۃ وہی ما یخزی بہ الانسان ترجمہ سو وہ ایسی تیز ہی کہ خون اعدا اُسکے دونون کنارون کو نہین لگتا اور نہ اُسکے کھینچنے والے کی آبرو کو رسوائیان لاحق ہوتی ہین یعنے اُسکا وار خالی نہین جاتا اور جسم مین سے صاف نکل جاتی ہی۔

يَا مُزِيْلَ الظَّلَامِ عَنِّيْ وَرَوْضِيْ ... يَوْمَ سُكْرِيْ وَمَعْقِلِيْ فِي الْبَرَازِ

الروض جمع روضۃ۔ والمعقل الحصن۔ والبراز الصحراء الواسعۃ ترجمہ ای مجھ سے تاریکی دور کرنے والی بسبب اپنی درخشانی کے اور ای میری میخواری کے روز بسبب اپنی خضرت کے میرے باغ اور ای میرے قلعہ صحرائی لق ودق مین یعنے ای سبب میری حفاظت کے۔

وَالْيَمَانِيَّ الَّذِيْ لَوِ اسْتَطَعْتُ كَانَتْ ... مُقْلَتِيْ غِمْدَهُ مِنَ الْاِعْزَازِ

ترجمہ اور ای ایسی شمشیر یمانی کہ اگر مجکو مقدور ہوتا تو اُسکے اعزاز کے سبب میری چشم اُسکا میان ہوتی۔

اِنَّ بَرْقِيْ اِذَا بَرَقْتَ فَعَالِيْ ... وَصَلِيْلِيْ اِذَا صَلَلْتَ ارْتِجَازِيْ

الصلیل الصوت۔ والارتجاز ما یقال من الرجز وہو ضرب من الشعر ترجمہ میرے افعال حسنہ تیری برق کے موافق ہین جب تو چمکے اور میرا اشعار رجز پڑھنا میری اُس قسم کی آواز ہی جیسے تو آواز کرتی ہی خلاصہ یہ ہی کہ میرے

افعال ایسے روشن ہین جیسا تیرا چمکنا اور میرا جنگ مین اشعار پڑھنا قائم مقام تیری آوازکے ہو۔

وَلَمَّا تَحْمِلْكَ مُعْلِمًا هٰكَذَا اِلَّا ۞ لِضَرْبِ الرِّقَابِ وَالْاَجْوَازِ

المعلم الذی قد شہر نفسہ فی الحرب بعلامۃ یعرف بہا وکان یفعلہ الابطال من الحرب والاجواز الاوساط ترجمہ اور مینے تجکو اسطرح بحال نشانمندی نہین اٹھایا مگر واسطے مارنے گردنون اور کمرون دشمنون کے یعنی لڑائی مین مینے تجکو زینت کے لئے نہین باندھا بلکہ قتل اعدا کے لئے۔

وَلِيَقْطَعِيَّ بِكَ الْحَدِيدُ عَلَيْهَا	فَكِلَانَا لِجِنْسِهِ الْيَوْمَ غَازِي

الضمیر فی علیہا للرقاب والاجواز ترجمہ اور مینے تجکو اس لئے اٹھایا ہو تاکہ جو لوہا یعنی زرہ اور خود گردنون اور کمر پر ہو تیرے ذریعہ سے مین اسکو کاٹ ڈالون سو آج ہم دونون اپنی جنس سے لڑتے ہین یعنے تو لوہے سے اور مین آدمیون سے۔

سَلَّهُ الرَّكْضُ بَعْدَ وَهْنٍ بِنَجْدٍ	فَتَصَدَّى لِلْغَيْثِ اَهْلُ الْحِجَازِ

بلیغ

الرکض العدو السریع۔ والوہن شطر من اللیل او ہو نحو من نصف اللیل ترجمہ جب مینے گھوڑا خوب دوڑایا تو قریب آدہی رات کے وہ میان سے اوگل پڑی اور مثل برق کے چمکی تو اہل حجاز یعنے اہل مکہ معظمہ و مدینہ منورہ بارش کے منتظر ہوگئے کہ برق چمکی مینہہ برسے گا۔

وَتَمَنَّيْتُ مِثْلَهُ فَكَأَنِّي	طَالِبٌ لِابْنِ صَالِحٍ مَنْ يُوَازِي

یوازی یعادل و یماثل وابن صالح ہو الممدوح ترجمہ اور مینے اپنی شمشیر کی مثل کی آرزو کی سو یہ آرزو ایسی ہی جیسا ابن صالح ممدوح کا مثل تلاش کیا جائے جو ممکن ہی نہین ہو۔ یہ مخلص نہایت عمدہ ہو۔

لَيْسَ كُلُّ السَّرَاةِ بِالرُّوذْبَارِي ۞ وَلَا كُلُّ مَا يَطِيرُ بِبَازِي

السراۃ جمع سری وہو السید۔ والروذباری ہو الممدوح نسبۃ الی بلدابیہ و روذباز بلدۃ من بلاد العجم ترجمہ سب سردار مثل ممدوح نہین ہوتے اور نہ ہر پرندہ مثل باز کے ہوتا ہو۔

فَارِسِيٌّ لَهُ مِنَ الْمَجْدِ تَاجٌ	كَانَ مِنْ جَوْهَرٍ عَلَى اَبْرَوَازِ

ابرواز ہو ابرویز احد ملوک العجم۔ غیر اسمہ للوزن علی عادۃ العرب بالاسماء العجمیۃ ترجمہ ممدوح فارس کا باشندہ ہو کہ اسکے سر پر مجد و شرف کا تاج ہی مثل اُس تاج کے جو جوہر سے ابرویز کے سر پر تھا یعنی یہ شخص خاندان شاہی مین سے ہو اور پرویز سے بڑھکر ہو۔ اُسکے سر پر جوہر کا تاج تھا اور اسکے سر پر شرف کا۔

نَفْسُهُ فَوْقَ كُلِّ اَصْلٍ شَرِيفٍ	وَلَوَ اَنِّي لَهُ اِلَى الشَّمْسِ عَازِي

عزوتہ اذ انسبتہ الی ابیہ ترجمہ ممدوح کی ذات اور طبیعت ہر اصل شریف پر فائق ہو اگرچہ مین اُسکی آفتاب سے نسبت لگاؤن۔

وَكَأَنَّ الْفَرِيدَ وَالدُّرَّ وَالْيَا	قُوتَ مِنْ لَفْظِهِ وَسَامُ الرِّكَازِ

وسام عطف علی اسارکان - والبحر البحار والمجرد والدر الفرید ما یتولد فی صدف وحدہ ویکون کبیرا البتہ - وسام عروق الذہب وانما قال الرکاز لان الرکاز ہی معادن الذہب وکنوز الجاہلیۃ ترجمہ اور گویا دریکدانہ اور اور قسم کے موتی اور یاقوت اور رگہائے معادن ذہب وفضہ اُسکے بعض لفظون سے ہین -

شَغَلَتْ قَلْبَهُ حِسَانُ الْمَعَالِي	عَنْ حِسَانِ الْوُجُوهِ وَالْأَعْجَازِ

ترجمہ خوبرویان بلند نامی نے اُسکے دلکو معشوقان خوش چہرہ وخوش سرین سے روکدیا ہی یعنی وہ عیاش نہین ہی

نَقْضَمُ الْجَمْرَ وَالْحَدِيدَ الْأَعَادِي	دُونَهُ قَضْمَ سُكَّرِ الْأَهْوَازِ

ترجمہ اُسکے دشمن انگارون اور لوہے کو اُسکے حسد کے سبب ایسی طرح چباتے ہین کہ شکر بلاد اہواز کا چبانا اُس سے کم ہی یعنی چونکہ اُسکے دشمن اُس سے کسی چیز مین لگا نہین کھاتے ہین اس لئے براہ غضب آگ اور لوہے کو چبائے ڈالتے ہین -

بَلَّغَتْهُ الْبَلَاغَةُ الْجُهْدَ بِالْعَفْوِ وَنَالَ الْإِسْهَابَ بِالْإِيجَازِ

الاسہاب الاکثار - والعفو القلیل ترجمہ بلاغت نے اُسکو بسبب تھوڑی سعی کے نہایت کو پہنچا دیا ہی اور اُس نے ایجاز اور اختصار مین اطناب کو حاصل کرلیا ہی یعنے وہ اپنی بلاغۃ کے باعث تھوڑی کوشش سے نہایت کو اور ایجاز سے اطناب کو پہنچ گیا ہی -

حَامِلُ الْحَرْبِ وَالدِّيَاتِ عَنِ الْقَوْمِ وَثِقْلِ الدُّيُونِ وَالْأَعْوَازِ

الاعواز الاعیاد ترجمہ ممدوح سب قوم کی طرف سے اُٹھانیوالا تکالیف جنگ و دیتون کا اور گرانی قرضونکا اور درماندگی کا ہی

كَيْفَ لَا يَشْتَكِي وَكَيْفَ تَشَكَّوْا	وَبِهِ لَا بِمَنْ شَكَاهَا الْمَرَازِي

المرازی جمع مرزئۃ واصلہ الہمز خفف للفرد رۃ ترجمہ سومین تعجب کرتا ہون کہ ممدوح تکالیف مذکورہ شعر سابق سے کیون شکوہ نہین کرتا اور اور لوگ کیون شکایت کرتے ہین اور حال یہ ہی کہ یہ سب مصائب ممدوح پر گذرتے ہین نہ اُن لوگون پر جو اُنسے شکوہ کرتے ہین -

أَيُّهَا الْوَاسِعُ الْفِنَاءِ وَمَا فِيهِ مَبِيتٌ لِمَالِكَ الْمُجْتَازِ

الفنا المنزل - والمجتاز الذی یجوز بالمکان ولا یقعد فیہ ولا یبیت ترجمہ ای بڑے گھر والے اور حال یہ ہی کہ اُس گھر مین باوجود وسعت کے تیرے مال کو جو وہان سے جاتا ہوا گذرتا ہی شب باشی کی جگہ نہین ہی یعنے وہ تیرے گھر ایک رات بھی قیام نہین کرتا بلکہ تو سائلون کو دیڈالتا ہی

بِكَ أَضْحَى شَبَا الْأَسِنَّةِ عِنْدِي	كَشَبَا أَسْوُقِ الْجَرَادِ النَّوَازِي

شبا الاسنۃ حدہا - واسوق جمع ساق - والنوازی النوافر ترجمہ بسبب تیری حمایت کے تیز ان نیزون کی میرے نزدیک مثل تیزی ساق ٹڈیون جست کرنیوالی کے ہوگئین یعنے غیر قابل مبالات -

وَانْثَنٰی عَنِّی الرُّدَیْنِیُّ حَتّٰی ٭ دَارَ دَوْرَ الْحُرُوْفِ فِیْ هَوَّازِ

انثنی رجع وانعطف ترجمہ اور نیزہ ردینی میری طرف سے لوٹ گیا یہان تلک کہ وہ ایسا پھرا جیسے ہوّزمین حروف یعنی ہا واؤ و زاے یعنے وہ بجائے میری طرف آنیکے خود اپنے اوپر پلٹنے لگا اور مجکو کچھ نقصان نہ پہنچایا۔ ہوزمین الف بضرورت شعری زائد کردیا ہی۔

وَبِاٰبَائِکَ الْکِرَامِ التَّاَسِّیْ ٭ وَالتَّسَلِّیْ عَمَّنْ مَضٰی وَالتَّعَازِیْ

التاسی التعزی۔ والتعازی جمع تعزیۃ ترجمہ جب کوئی مرجاتا ہی تو تیرے اجداد کرام کو یاد کرکے ہمکو صبر اور تسلی حاصل ہو جاتی ہی اُس شخص کے صدمہ مرگ سے جو راہی عالم بقا ہوتا ہی۔

تَرَکُوا الْاَرْضَ بَعْدَ مَا ذَلَّلُوْهَا ٭ وَمَشَتْ تَحْتَهُمْ بِلَا مِهْمَازِ

المہماز حدید فی عقب الراکب ینخس بہا بطن الدابۃ حتی تسرع فے المشی ترجمہ تیرے آبائے کرام زمین کو چھوڑ گئے بعد اُسکے مطیع کرنیکے حال آنکہ چلی زمین اُنکے نیچے بلا مہمیز اور کانٹے کے۔

وَاَطَاعَتْهُمُ الْجُیُوْشُ وَهِیْبُوْا ٭ فَکَلَامُ الْوَرٰی لَهُمْ کَالنُّحَازِ

النحاز سُعال تاخذ الابل والغنم ترجمہ اور اُن کے لشکرون نے اطاعت کی اور لوگون کے دلون مین اُن کی ہیبت ڈالی گئی سو خلق کا کلام اُنکی ہیبت سے ایسا پست اُنکے روبرو ہوگیا جیسے کھانسی والے کی آواز باریک و پست ہو جاتی ہی۔

وَهِجَانٍ عَلٰی هِجَانٍ تَاَیَّتْکَ عَدِیْدَ الْحُبُوْبِ فِی الْاَقْوَازِ

تأی تفعل من التائی و ہو تیضمن معنی القصد من قولہم تاییت لہذا الامر ای حسنت الصنع وہو التلطف فی الفعل والاقواز جمع قوز وہی القطعۃ المستدیرۃ من الرمل ترجمہ اور بہت سے شریف مرد عمدہ ناقون پر سوار تیرے پاس آتے ہین بقدر شمار دانہ ہائے ریگ کے جو بڑے گول تو دہ ریگ مین۔

صَفَّهَا السَّیْرُ فِی الْعَرَاءِ فَکَانَتْ ٭ فَوْقَ مِثْلِ الْمُلَاءِ مِثْلَ الطِّرَازِ

العرا الارض الواسعۃ والملاء جمع ملاءۃ وہی الازار۔ والطراز مایکون فے الثوب فارسیۃ علم جامہ ترجمہ اُن ناقون کو سیر میدان وسیع نے ایک قطار مین کردیا ہی سو وہ ناقے ایسے سیدھے جاتے ہین جیسے تہ بند کا پلہ کہ وہ بہت ہی سیدھا ہوتا ہی۔

وَحَکٰی فِی اللُّحُوْمِ فِعْلَکَ فِی الْوَفْرِ فَاَوْدٰی بِالْعَنْتَرِیْسِ الْکِنَازِ

العنتریس الناقۃ الشدیدۃ الصلبۃ۔ والکناز الکثیرۃ اللحم ترجمہ سو اُس سیر سفر نے مضبوط و طیار ناقون کے گوشت مین وہ اثر کیا جیسا تیرا فعل تیرے مال کثیر مین اثر کرتا ہی یعنے جیسا تیرا ہاتھ تیرے مال کو فنا کردیتا ہی ایسا ہی سفر نے ناقون کے گوشت کو فنا کردیا۔

کُلَّمَا جَادَتِ الظُّنُوْنُ بِوَعْدٍ ٭ عَنْکَ جَادَتْ یَدَاکَ بِالْاِنْجَازِ

ترجمہ جبکہ لوگون کے گمان تیرے وعدہ کی بخشش کرتے ہین یعنی جب اُنکے گمان ہین یہ آتا ہی کہ ممدوح وعدہ عطا کرنگا تو فوراً تیرے ہاتھ اُنکا وعدہ یعنے خیال وعدہ کو پورا کردیتے ہین۔

وَلَنَا الْقَوْلُ وَهْوَ اَدْرٰى بِفَحْوَاهُ	وَاَهْدٰى فِيهِ اِلَى الْاِعْجَازِ

فحواہ معناہ ترجمہ اور ہم کہتے ہین اور وہ اُسکے معنی سمجھتا ہی اور اُس قول ہین اعجاز کی طرف زیادہ راہ پانیوالا ہی۔

وَمَلِكٌ مُنْشِدُ الْقَرِيضِ لَدَيْهِ	وَاضِعُ الثَّوْبِ فِي يَدَيْ بَزَّازِ

القریض الشعر ترجمہ وہ ایسا بادشاہ ہی کہ اُسکے روبرو شعر پڑھنے والا ایسا ہی جیسا کوئی تھان کو بزاز کے سامنے رکھدینے یعنے اس فن کا کامل ماہر ہی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَجُوزُ عَلَيْهِ	شُعَرَاءُ كَاَنَّهَا الْخَازِ بَازِ

الخازباز حکایۃ صوت الذباب ویسمی الذباب خازباز ترجمہ اور بعض لوگ ایسے ناواقف ہین کہ اُنکے پاس ایسے شاعر گذرتے ہین کہ اُنکا کلام مکھیون کی بھن بھن ہی یعنے محض ہذیان۔

وَيَرٰى اَنَّهُ الْبَصِيرُ بِهٰذَا	وَهْوَ فِي الْعُمْىِ ضَائِعُ الْعُكَّازِ

ترجمہ وہ شخص جنکے پاس ایسے شعرا جاتے ہین ایسا سمجھتے ہین کہ ہم فن شعر کے جاننے والے ہین حالانکہ وہ نابینا ہی جسکی چوبدستی جاتی رہی ہو اور اس لئے بھٹکتا پھرتا ہی۔

كُلُّ شِعْرٍ نَظِيرُ قَائِلِهِ فِيكَ وَعَقْلُ الْمُجِيزِ مِثْلُ الْمُجَازِ

ویروی نظیر قابلہ منک ترجمہ اُس شاعر ناقص کی طرف خطاب کرکے کہتا ہی کہ تیرا ہر شعر نظیر ہی اُس شخص کی جس نے اُسکو تیری طرف سے قبول کیا اور عقل صلہ دینے والیکی مثل عقل صلہ دئے گئے کی ہوتی ہی یعنی عقل ممدوح کی جس نے تیرا شعر قبول کیا مثل تیری عقل کے ہی کیونکہ ماہر فن شعر عمدہ ہی کو قبول کرتا ہی اور ناواقف عمدہ اور غیر عمدہ کو بلا تمیز قبول کرتا ہی۔ اور روایت ہین یعنے نظیر قائلہ فیک کی یہ معنے ہونگے کہ ہر شعر مثل اپنے قائل کے تیرے حق مین ہوتا ہی اگر اُسکا قائل اچھا ہی تو شعر بھی اچھا ہوگا اور اگر بُرا ہی تو بُرا۔

وقال وقد اذّن المؤذن فوضع سیف الدولۃ الکاس من یدہ فقال ابو الطیب ارتجالاً

اَلَا اَذِّنْ فَمَا اَذْكَرْتَ نَاسِي	وَلَا لَيَّنْتَ قَلْبًا وَهْوَ قَاسِي

ترجمہ سن ای موذن تو اذان دے سو تونے فراموشکار کو یاد نہین دلایا اور تونے اپنی اذان سے اُس دلکو نرم نہین کیا جو سخت دل ہو۔ یعنے سیف الدولہ پابند اوقات نماز اور نرم دل ہی۔

وَلَا شُغِلَ الْاَمِيرُ عَنِ الْمَعَالِي	وَلَا عَنْ حَقِّ خَالِقِهِ بِكَاسِ

ترجمہ اور امیر سیف الدولہ بسبب مینوشی کے عمدہ کاموں سے روکا نہین گیا اور نہ اپنے خالق کے حق سے بسبب ساغر می کے

وقال یمدح عبید اللہ بن خراسان

أَظَبْيَةَ الْوَحْشِ لَوْلَا ظَبْيَةُ الْأَنَسِ	لَمَا غَدَوْتُ بِجَدٍّ فِي الْهَوَى تَعِسِ

الانس بالتحریک جماعۃ الناس۔ والتعس الہلاک ترجمہ ای آہوئے وحشی اگر آہو کے انسی نہوتے جنکے عشق مین مین مبتلا ہون تو مین ایسے نصیب کے ساتھ صبح نکرتا جو اسکی محبت مین ہلاک ہونیوالا ہی۔ شاعر آہوئے وحشی سے اسلئے خطاب کرتا ہی کہ بسبب کثرت قیام صحرا جو لوازم جنون عشق سے ہی وہ اُس سے مانوس ہوگئی ہی۔

وَلَا سَقَيْتُ الثَّرَى وَالْمُزْنُ مُخْلِفُهُ	دَمْعًا يُنَشِّفُهُ مِنْ لَوْعَةٍ نَفَسِي

ترجمہ اور مین زمین کو اپنے اشک سے جسکو میرا دم گرم خشک کرتا ہی ایسے حال مین کہ باران نے برسنا موقوف کردیا ہی تروتازہ نکرتا۔ یعنی اگر مجکو مرض عشق آہوئے انسی نہوتا تو مین اپنے اشکونسے زمین کو ترنکرتا گو زمین کی تری کو میری آہ گرم جو بسبب حرارت عشق ہی خشک کردیتی ہی۔ غرض مین سوزش درون وکثرت گریہ مین مبتلا ہون۔

وَلَا وَقَفْتُ بِجِسْمٍ مُسْيَ ثَالِثَةٍ	ذِي أَرْسُمٍ دُرُسٍ فِي الْأَرْسُمِ الدُّرُسِ

المسی والمساء واحد کالصبح والصباح۔ والرسم الاثر جمعہ ارسم والدرس جمع دارسۃ و دارس ترجمہ اور اگر مجکو مرض عشق محبوبہ نہوتا تو مین بشام روز سوم فراق ایک جسم زار و نزار کو کہ غم فراق مین بالکل تحلیل ہوگیا ہی نشانہائے منزل محبوبہ پر جو بسبب کثرت ریاح وامطار بہت جلد مندرس ہوگئے ہین بحالت اضطرار کھڑا نکرتا۔

صَرِيعَ مُقْلَتِهَا سَآلَ دِمْنَتِهَا	قَتِيلَ تَكْسِيرِ ذَاتِ الْجَفْنِ وَاللَّعَسِ

یجوز فی صریع الحرکات الثلث فالرفع لمبتدء محذوف۔ والنصب علی الحال من وقفت والجر علی انہ صفۃ جسم او بدل منہ۔ والدمنۃ جمعہا دمن وہوما اسود من آثار الدار۔ واللعس سمرۃ الشفۃ ترجمہ اُس آثار کہنہ پر مین ایسے حال مین کھڑا نہوتا کہ مین اُسکے حسن چشم کا کشتہ ہون اور اُسکے منزل وکھنڈرات کا حال بہت پوچھنے والا ہون اور اُسکے مژہ ضعیف وبیمار اور گندم گون لب کا مقتول ہون۔

خَرِيدَةٌ لَوْ رَأَتْهَا الشَّمْسُ مَا طَلَعَتْ	وَلَوْ رَآهَا قَضِيبُ الْبَانِ لَمْ يَمِسِ

الخریدۃ الجاریۃ الحییۃ ومیس یتثنی ترجمہ وہ محبوبہ ایسی زن نوجوان شرمگین ہی کہ اگر اُسکو آفتاب دیکھ پاوے تو مارے شرم کے طلوع نکرے۔ اور اگر اُسکو شاخ بان دیکھ لے تو اپنا لچکنا چھوڑدے۔

مَا ضَاقَ قَبْلَكِ خَلْخَالٌ عَلَى رَشَإٍ	وَلَا سَمِعْتُ بِدِيبَاجٍ عَلَى كَنَسِ

الرشا الظبی۔ والکنس والکناس بیت الظبی ترجمہ ای محبوبہ تو حسن مین مثل آہو ہی مگر تجھسے پہلے خلخال کسی آہو پر تنگ

نہیں ہوئے کیونکہ پائے آہو باریک بے گوشت کے ہوتے ہین اور تیرے پانو گداز ہین اور نہ تینے خوابگاہ آہو پر دیباکے پردے دیکھے - خلاصہ یہ ہے کہ تو آہو سے زیادہ خوبصورت ہے -

إن ترمني نكبات الدهر عن كثب	ترم امرأ غير رعديد ولا نكس

النكبات جمع نكبة وهي المصيبة - والكثب القرب - والرعديد الجبان - والنكس الساقط النذل ترجمہ اگر مصائب زمانہ قریب سے میرے تیر مارے جو خطا نجاوے تو وہ ایسے جوانمرد کے تیر مارینگے جو نامرد اور بزدل ہونیسے مین مصائب سے ڈرنیوالا نہین ہون -

يفدي بنيك عبيد الله حاسدهم	بجبهة العير يفدى حافر الفرس

العير الحمار - ترجمہ ای عبید اللہ تیرے بیٹون پر انکے حاسد قربان ہوجاوین اور یہ امر کچھ عجیب نہین ہے کیونکہ چہرۂ خر سم اسپ پر قربان کیا جاتا ہے یعنی حقیر شی عزیز شی پر فدا کرنیکے قابل ہوتی ہے -

أبا الغطارفة الحامين جارهم	وتارك الليث كلبا غير مفترس

الغطارفة جمع غطريف وهو السيد منصوبة على البدل من عبيد الله المنادى ترجمہ ای ایسے سردارون کے باپ جو اپنے ہمسایہ کی حمایت کرتے ہین اور بسبب اپنی شجاعت کے شیر کو ایک کتا غیر درندہ کر دیتے ہین -

من كل أبيض وضاح عمامته	كأنما اشتملت نورا على قبس

عمامته مبتدأ والخبر الجملة التي بعده - والابيض الكريم - والوضاح الواضح الجبهة - والقبس الشعلة من النار ترجمہ ہرایک انمین کا کریم اور روشن رو ہے گویا اُسکا عمامہ مشتمل ہے نور کو جو شعلہ پر ہو - اُسکے چہرہ کو شعلہ سے تشبیہ دی ہے بسبب غایت حسن وروئے درخشان کے -

دان بعيد محب مبغض بهج	أغر حلو ممر لين شرس

البهج الفرح - والشرس الصعب ترجمہ ہرایک انمین کا ارباب حاجت سے قریب ہے اور بُرونسے دور اور صاحبان فضل کا دوست - بدونکا دشمن - مہمانون کے آنیسے خوش ہونیوالا - روشن رو دوستونکے حق مین شیرین دشمنون کے لئے تلخ نرم خو بدخواہونکے لئے سخت مزاج ہے - یعنے ہرایک مین یہ اوصاف جمع ہین -

ند أبي غر واف أخي ثقة	جعد سري نه ندب رضا ندس	۱۵

ند وما بعده نعت لدان وهو بدل من ابيض - ند جواد كريم ندى الكف - والابى الذي يابى الدنايا - غر اى مغرى بفعل الجميل - وجعد ماض في الامور - والسري من السراة الشرافة ونه اى ذو نهية وهي العقل - وندب اى سريع فى الامر اذا ندب اليه ورضى اى مرضي القول - والندس العارف بالامور البحاث عنها ترجمہ ہرایک انمین کا سخی بُری باتون سے انکار کرنے والا - اچھے کام کا حریص - عہد کا پورا کرنیوالا - صاحب اعتماد - ارادہ کا پورا - شریف - عاقل - فریادرسی کے لئے جلد پہنچنے والا - پسندیدہ قول - تجربہ کار اصل حقیقت کا متلاشی ہے -

لو کان فیض یدیہ ماء غادیۃ — عز القطا فی الفیافی موضع الیبس

موضع الیبس من باب اضافۃ المنعوت الی النعت والغادیۃ السحابۃ تغدو بالمطر وعز ههنا بمعنے اعوز۔ والفیافی الارض البعیدۃ القلیلۃ الماء۔ والیبس المکان الیابس۔

ترجمہ اگر اُسکے دونوں ہاتھوں کا فیض ابر صبح بار کا پانی ہو جائے تو جنگلوں میں پرندہ قطا کو خشک مکان کا ملنا تنگ کردے یعنے اُسکو خشک مکان نہ ملے کیونکہ اُسکی عطا کا باران مثل طوفان ہی۔

اکارم حسد الارض السماء بہم — وقصرت کل مصر عن طرابلس

الاکارم جمع اکرم کما یقال افاضل فی جمع افضل۔ وطرابلس بلدۃ الممدوح وہی من بلاد الشام بالساحل ترجمہ وہ لوگ ایسے سخی ہیں کہ اُنکے سبب آسمان زمین پر حسد کرتا ہی کیونکہ وہ زمین پر مقیم ہیں اور ہر شہر طرابلس سے کمتر ہے گا یعنے اُنکی اقامت اور شرف کے سبب۔

ای الملوک وهم قصدی احاذرہ — وای قرن وهم سیفی وهم ترسی

القرن المماثل ترجمہ بادشاہوں میں میں کس بادشاہ سے ڈروں جبکہ میرے ممدوح میرے مقصود ہوں اور کون میرا ہمسر اور مثل ہی ایسے حال میں کہ یہ لوگ میری شمشیر و سپر ہوں یعنے ایسے حالمیں نہ میرا کوئی ہمسر ہی اور نہ جائے خوف

وسالہ ابو ضبیس الشرب فقال ارتجالاً

الذ من المدام الخندریس — واحلی من معاطاۃ الکؤوس

الخندریس من اسماء الخمر سمیت بذلک لقدمها ومنہ حنطۃ خندریس ای عتیق۔ والکؤوس جمع کاس ولا یسمے کاساً حتے یکون فیہ شراب ترجمہ شراب کہنہ سے مزیدار اور کاسہائے شراب کے دور سے شیریں۔

معاطاۃ الصفائح والعوالی — واقحامی خمیساً فی خمیس

الصفائح جمع صفیحۃ وهو السیف العریض۔ والعوالی الرماح الطوال والخمیس الجیش العظیم والاقحام الادخال ترجمہ اور شمشیر عریض و نیزہ ہائے طویل اور ایک لشکر کو دوسرے لشکر میں میرا گھسا دینا ہی۔ یعنے بیہوشی سے میرے نزدیک شمشیر زنی اور دشمن کا بھگا دینا زیادہ پسند ہی۔

فموتی فی الوغی اربی لانی — رأیت العیش فی ارب النفوس

الارب الحاجۃ ترجمہ سو لڑائی میں مرنا میری عین تمنا یا زندگی ہی کیونکہ میں دلوں کی خواہش میں زندگی سمجھتا ہوں یعنی زندگی نام کامیابی کا ہی چونکہ جنگ میں مرنا میرا دلی مقصد ہی اس لئے اس قسم کی موت کو میں زندگی سمجھتا ہوں۔

ولو سقیتہا بیدی ندیم — اُسرّ بہ لکان ابا ضبیس

ترجمہ اور اگر میں شراب پلایا جاؤں دونوں ہاتھوں ایسے ہمنشین سے کہ میں اُس سے خوش کیا جاؤں تو ایسا شخص میرا دوست ابا ضبیس ہے

وقال یمدح محمد بن زریق الطرسوسی

هٰذِی بَرَزْتِ لَنَا فَهِجْتِ رَسِیْسًا	ثُمَّ انْثَنَیْتِ وَمَا شَفَیْتِ نَسِیْسًا

ہذی تقدیرہ یا ہذہ حذف حرف النداء ضرورۃ - والرسیس اول الحمی وہو ما یتولد من الضعف والنسیس بقیۃ النفس ترجمہ ای یہ محبوبہ تو ہمارے سامنے ظاہر ہوئی سو تونے اُس محبت کو جوش تپ دلمیں پوشیدہ تھی اوبھار دیا پھر تو لوٹی اور بقیہ جان کو شفا ندی یعنے وصل سے محروم رکھا۔

قَطَعْتِ ذَیَّاكَ الْخُمَارَ بِسَكْرَةٍ	وَاَدَرْتِ مِنْ خَمْرِ الْفِرَاقِ كُؤُوْسًا

ذیاک تصغیر ذاک ترجمہ تونے یہ خمار ایک نشہ فراق سے اُتار دیا اور شراب فراق کے پیالونکا دور کیا معشوقہ کے بخل کو ایام قرب مین خمار سے تشبیہ دی اور فراق کو نشہ سے اور خمار کو بصیغہ تصغیر اسواسطے تعبیر کیا کہ جب اُسکو نشہ فراق سے نسبت کرکے دیکھا تو وہ خمار تکلیف مین شدائد فراق سے کم تھا۔

وَجَعَلْتِ حَظِّیْ مِنْكِ حَظِّیْ فِی الْكَرٰی	وَتَرَكْتِنِیْ لِلْفَرْقَدَیْنِ جَلِیْسًا

ترجمہ اور تونے میرا حصہ اپنے وصل سے ویساہی مقرر کیا جیسا میرا حصہ خوابمین ہے یعنی جیسا مین خواب سے محروم ہون ایسا ہی تیرے وصل سے اور تونے مجکو فرقدین کا جو دو ستارے قطب کے پاس ہین اور جو عدم افتراق مین ضرب المثل ہین ہمنشین بنا دیا یعنے میری تمام راتین اختر شماری مین گذرتی ہین۔

اِنْ كُنْتِ ظَاعِنَةً فَاِنَّ مَدَامِعِیْ	تَكْفِیْ مَزَادَكُمُ وَتُرْوِی الْعِیْسَا

المزاد جمع مزادۃ وہی وعاء الماء الذی تیزود للسفر ترجمہ اگر تو ای محبوبہ کوچ کرنے والی ہو تو بیشک میری آنکھین تمہارے مشکیزونکے بھرنے کیلئے کافی ہین اور تمہارے شترونکو بھی بسبب کثرت گریہ سیراب کرینگی۔

حَاشَا لِمِثْلِكِ اَنْ تَكُوْنَ بَخِیْلَةً	وَلِمِثْلِ وَجْهِكِ اَنْ یَكُوْنَ عَبُوْسًا

حاشا من المحاشاۃ وہی المباعدۃ والمجانبۃ - والعبوس الکریہۃ ترجمہ تجھ جیسی حسینہ کریم الاصل کو اس عیب سے بچاتا ہون کہ اپنے عاشق جانباز سے اپنے وصل مین بخل کرے اور تجھ جیسے چہرہ تابان کو اس برائی سے دور کرتا ہون کہ وہ ترشرو ہو ؎ ندانم از چہ سبب رنگ آشنائی نیست + سہی قدان سیہ چشم ماہ سیمارا۔

وَلِمِثْلِ وَصْلِكِ اَنْ یَكُوْنَ مُمَنَّعًا	وَلِمِثْلِ نَیْلِكِ اَنْ یَكُوْنَ خَسِیْسًا

ترجمہ اور تجھ جیسی جمیلہ کے وصل کو اس قباحت سے بچاتا ہون کہ وہ اپنے عاشق صادق سے روکی جاوے اور تجھ جیسی کی عطا خسیس و ناکارہ ہو یعنے انقطاع واعراض سے۔ بعض شراح نے اس شعر پر یہ اعتراض کیا ہے کہ شاعر اپنے معشوق کا سہل الوصل ہونا چاہتا ہے اور یہ عیوب مین سے ہے جواب اُسکا یہ ہے کہ متنبی معشوق کو اپنے

وصل کی طرف راغب کرتا ہی نہ سارے جہان کی طرف۔ اور کون شخص طالب وصال نہین ہوتا۔

خَوْدٌ جَنَتْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ عَوَاذِلِیْ	حَرْبًا وَغَادَرَتِ الْفُؤَادَ وَطِیْسًا

الوطیس تنور من حدید ترجمہ معشوقہ ایک زن نازک اندام ہو کہ اُسنے مجھ مین اور زنان ملامت گر مین ایک جنگ عظیم برپا کردی ہو کہ وہ ہر وقت اُس کے عشق سے مجکو مانع ہوتی ہین اور مین اُنکی نہین مانتا اور اُسنے میرے دلکو آتش سوزان عشق کے باعث مثل تنور آہنی گرم کرکے چھوڑ دیا ہو۔

بَیْضَاءُ یَمْنَعُهَا تَكَلُّمَ دَلُّهَا	تِیْهًا وَیَمْنَعُهَا الْحَیَاءُ تَمِیْسَا

تکلم وتمیسا منصوبان بان المحذوفۃ ای ان تکلم وان تمیسا۔ والدلال والتیہ شئی ترجمہ وہ گورے رنگ کی ہو کہ اُس کا ناز بطور غرور اُسکو کلام کرنے سے منع کرتا ہو اور اُسکی شرم اُسکو خرامان چلنے سے روکتی ہو۔

لَمَّا وَجَدْتُ دَوَاءَ دَائِیْ عِنْدَهَا	هَانَتْ عَلَیَّ صِفَاتُ جَالِیْنُوْسَا

جالینوس یضرب بہ المثل فی الطب وہو رومی ترجمہ جب مین نے اپنے درد کی دوا محبوبہ کے پاس پائی یعنے اُسکا وصال تو جالینوس طبیب کی صفات میری نظرون مین حقیر ہوگئین۔

اَبْقٰی زُرَیْقٌ لِلثُّغُوْرِ مُحَمَّدًا	اَبْقٰی نَفِیْسٌ لِلنَّفِیْسِ نَفِیْسَا

الثغر ما یلاقی ممالک الکفار۔ زریق اب الممدوح محمد ترجمہ زریق پدر ممدوح نے حفاظت سرحد ممالک اسلام کے واسطے اپنے بیٹے محمد ممدوح کو چھوڑا نفیس یعنے زریق نے واسطے کار نفیس یعنے حفاظت سرحد کی نفیس کو یعنے محمد کو باقی چھوڑا

اِنْ حَلَّ فَارَقَتِ الْخَزَائِنُ مَالَهٗ	اَوْ سَارَ فَارَقَتِ الْجُسُوْمُ الرُّؤُوْسَا

ترجمہ اگر ممدوح مقیم ہوتا ہو اور لڑائی نہین کرتا تو اُسکے خزانے اُسکے مال سے مفارقت کرتے ہین یعنے اپنے سائلین کو بخشدیتا ہو اور جب جنگ کے لئے جاتا ہی تو دشمنون کے جسم اُنکے سرون سے جدا ہو جاتے ہین یعنی وہ سخی اور شجاع ہی۔

مَلِكٌ اِذَا عَادَیْتَ نَفْسَكَ عَادَهٗ	وَرَضِیْتَ اَوْحَشَ مَا كَرِهْتَ اَنِیْسَا

رضیت عطف علی عادیت ترجمہ وہ ایسا بادشاہ ہی کہ جب تو اپنی جان کا دشمن ہو جاوے اور نہایت مکروہ امر سے راضی ہو جاوے تو تو اُسکا دشمن بنجا کہ یہ دونون خرابیان تجکو پیش آوین گی۔

اَلْخَائِضَ الْغَمَرَاتِ غَیْرَ مُدَافَعٍ	وَالشَّمَّرِیَّ الْمِطْعَنَ الدِّعِّیْسَا

نصب الخائض وما بعدہ علی المدح بفعل مضمر۔ والغمرات الشدائد۔ والشمری بفتح الشین وکسرہا المشمر الجاد فی الامور والمطعن الجید الطعن۔ والدعیس فعیل من الدعس وہو من ابنیۃ المبالغۃ۔ ودعسہ بالرمح طعنہ ترجمہ مین مدح کرتا ہون اُس شخص کی کہ شدائد جنگ مین گھسنے والا ہی کہ اُسکو کوئی روک نہین سکتا اور اپنے مقاصد مین بڑا کوشش کرنیوالا اور بڑا نیزے باز ہی۔

كَشَفْتُ جَمْهَرَةَ الْعِبَادِ فَلَمْ أَجِدْ	إِلَّا مَسُوْدًا جَنْبَهُ مَرْؤُوْسَا

جمہرۃ الشیٔ اکثرہ کذا جمہورہ - والمسوّد الذی سادہ غیرہ وکذا المرؤوس الذی قد علا علیہ غیرہ بالریاستہ ترجمہ بینے تمام لوگون کا حال بخوبی دریافت کیا سواء اُسکے مقابلہ مین بینے سب زیر دست پائے۔

بَشَرٌ تَصَوَّرَ غَايَةً فِي آيَةٍ	يَنْفِي الظُّنُوْنَ وَيُفْسِدُ التَّقْيِيْسَا

ترجمہ وہ بصورت بشر ہی کہ قدرت الٰہی کا ایک بڑا نمونہ ہی۔ وہ گمانون کی نفی کرتا ہو اور قیاس کرنے کو فاسد یعنے اگر کوئی مثلاً اُسکو عطا مین دریا کے یاحسن صورت مین آفتاب یا سلطنت مین سکندر یا حکمت مین ارسطو۔ تو وہ اُن سے بھی بڑھکر ہی۔ غرض اُسکا کوئی نظیر نہین ہی۔

وَبِهِ يُضَنُّ عَلَى الْبَرِيَّةِ لَا بِهَا	وَعَلَيْهِ مِنْهَا لَا عَلَيْهَا يُوْسَى

الضن البخل - ویوسا یحزن یقال آسیت علیہ اذا حزنت علیہ ترجمہ تمام خلق سے ممدوح کی بابت بخل کیا جاتا ہی نہ تمام خلق سے یعنی اگر ممدوح تمام خلق پر فدا کیا جاوے اسطرح کہ تمام خلق سالم رہے نہ وہ تو ساری مخلوق اُس کے فضائل کو نہ پہنچے گی اس لئے اُسکے فدا کرنے مین بخل کیا جاتا ہی اور اگر تمام خلق اُسپر فدا کی جاوے تو محل بخل نہین ہی کیونکہ وہ تمام دُنیا سے افضل ہی اُسکے ہوتے کسی مخلوق کی حاجت نہین ہی۔ اور اُسپر تمام دُنیا کی نسبت غم و افسوس کیا جاتا ہی اگر وہ ہلاک ہوجاوے نہ تمام دُنیا پر۔ خلاصہ یہ کہ ممدوح مین تمام دُنیا کے منافع موجود ہین اور دُنیا مین اُسکے سے منافع نہین ہین۔

لَوْ كَانَ ذُو الْقَرْنَيْنِ أَعْمَلَ رَأْيَهُ	لَمَّا أَتَى الظُّلُمَاتِ صِرْنَ شُمُوْسَا

ترجمہ اگر سکندر ذوالقرنین اُسکی رائے کو کام مین لاتا جبکہ وہ ظلمات مین گیا تھا تو ظلمات مثل شموس روشن ہوجاتے۔

أَوْ كَانَ صَادَفَ رَأْسَ عَازَرَ سَيْفُهُ	فِي يَوْمِ مَعْرَكَةٍ لَأَعْيَا عِيْسَى

عازر رجل من بنی اسرائیل احیاہ اللہ تعالیٰ لعیسیٰ ۔ ویوم معرکۃ یوم حرب واعیا اعجز ترجمہ یا اُسکی تلوار بروز جنگ سر عازر پر لگتی تو اُسکا زندہ کرنا حضرت عیسیٰ کو عاجز کر دیتا۔ نعوذ باللہ من ہذا الافراط۔

أَوْ كَانَ لُجُّ الْبَحْرِ مِثْلَ يَمِيْنِهِ	مَا انْشَقَّ حَتَّى جَازَ فِيْهِ مُوْسَى

لج البحر معظمہ ووسطہ ترجمہ اور اگر وسط دریائے قلزم مثل عطایائے دست راست ممدوح کثیر ہوتا تو وہ نہ پھٹتا کہ اُس مین حضرت موسیٰ مع بنی اسرائیل گزر جاتے۔ اس غلو بے حاجت سے خدا کی پناہ۔

أَوْ كَانَ لِلنِّيْرَانِ ضَوْءُ جَبِيْنِهِ	عُبِدَتْ فَصَارَ الْعَالَمُوْنَ مَجُوْسَا

المجوس طائفۃ یعبدون النار ترجمہ اور اگر اُسکی پیشانی کا سا نور آگون مین ہوتا تو وہ قابل معبود ہونے کے ہوتین اور ساری دُنیا آتش پرست ہوجاتی۔

لَمَّا سَمِعْتُ بِهٖ سَمِعْتُ بِوَاحِدٍ ۔۔۔ وَرَأَيْتُهٗ فَرَأَيْتُ مِنْهُ خَمِيْسَا

الخمیس العسکر العظیم المشتمل علی خمسۃ ارکان المقدمۃ ۔ والقلب ۔ والمیمنۃ والمیسرۃ والساقۃ ترجمہ جب مینے اُسکا ذکر سنا تو ایک شخص کا ذکر سنا اور جب مینے اُسکو دیکھا تو اُسکو ایک لشکر عظیم دیکھا یعنے وہ تنہا قائم مقام لشکر ہی ۔ لیس من اللہ بمستنکر ؕ ان یجمع العالم فے واحد ۔

وَلَحَظْتُ اَنْمُلَهٗ فَسِلْنَ مَوَاهِبًا ۔۔۔ وَلَمَسْتُ مُنْصُلَهٗ فَسَالَ نُفُوْسَا

لحظ الانامل کنایۃ عن الاستمطار ولمس النصل کنایۃ عن الاستنصار ترجمہ اور مینے اُسکی انگلیون کی طرف بامید عطا دیکھا تو وہ از روے عطایا بہنے لگین اور اُسکی شمشیر کی طرف بامید امداد دیکھا تو اُسمین سے دشمنون کی جانین نکل پڑین کیونکہ اُنکو اُسنے قتل کیا تھا اور اُنکی جانون کا ذخیرہ اسمین جمع تھا ۔

يَا مَنْ نَلُوْذُ مِنَ الزَّمَانِ بِظِلِّهٖ ۔۔۔ حَقًّا وَنَطْرُدُ بِاسْمِهٖ اِبْلِيْسَا

ترجمہ اے وہ شخص کہ ہم حوادث زمانہ سے بیشک ہمیشہ اُسکی پناہ پکڑتے ہین اور اُسکے نام کی برکت سے شیطان کو بھگاتے ہین کیونکہ وہ ہمنام حضرت رسالت پناہ کے ہی یا اُس کے خوف سے بھاگ جاتا ہی ۔

صَدَقَ الْمُخَبِّرُ عَنْكَ دُوْنَكَ وَصْفُهٗ ۔۔۔ مَنْ بِالْعِرَاقِ يَرَاكَ فِيْ طَرَسُوْسَا

وصفہ مبتدا و دونک خبرہ ومن فاعل یراک ترجمہ تیرا مدح خوان جو تیرے اوصاف کی خبر دیتا ہی سچا ہی بلکہ اُسکا وصف تیرے استحقاق سے کم ہی ۔ یہان پر کلام تام ہوگیا ۔ پھر کہتا ہی کہ جو شخص عراق مین ہی وہ وہان تیرے آثار بفضل دیکھ کر یہ سمجھتا ہی کہ تو عراق مین ہی حالانکہ تو طرسوس مین ہی یعنے تیرا ذکر خیر ہر جگہ ہی ۔

بَلَدٌ اَقَمْتَ بِهٖ وَذِكْرُكَ سَائِرٌ ۔۔۔ يَشْنَا الْمَقِيْلَ وَيَكْرَهُ التَّعْرِيْسَا

المقیل القیلولۃ وقت القائلۃ ۔ والتعریس النزول فے آخر اللیل ۔ ویشنا مھموز فابدل الہمزۃ الفا وھو بمعنے یبغض ترجمہ طرسوس ایک شہر ہی جسمین تو مقیم ہی اور تیرا ذکر خیر ہمیشہ رات دن دنیا مین پھرتا ہی اسطرح کہ قیام نیم روز و آخر شب کو جو ضروری اور معمولی بات ہی مبغوض اور مکروہ سمجھتا ہی ۔

فَاِذَا طَلَبْتَ فَرِيْسَةً فَارَقْتَهٗ ۔۔۔ وَاِذَا خَدَرْتَ تَخِذْتَهٗ عِرِّيْسَا

اسد خادر داخل فے الخدر وھی الاجمۃ واخدر الاسد اذا لزم الخدر ۔ وتخذت بمعنے اتخذت والعریس الاجمۃ ترجمہ سو تو جب شکار طلب کرتا ہی تو طرسوس کو چھوڑ دیتا ہی اور جب تو اُسمین قیام کرتا ہی تو اُسکو بیشہ بنا لیتا ہی ۔

اِنِّیْ نَثَرْتُ عَلَيْكَ دُرًّا فَانْتَقِدْ ۔۔۔ كَثُرَ الْمُدَلِّسُ فَاحْذَرِ التَّدْلِيْسَا

التدلیس اخفاء العیب ترجمہ مینے تجھپر موتی یعنی اپنے شعر بکھیرے سو تو اُنکو پرکھ لے ایسے شاعر جو اپنے اشعار کا عیب چھپاتے ہین بہت ہوگئے ہین سو اُنکے عیب چھپانے سے بچ اور کھوٹے کھرے کو دیکھ لے

حَجَبتَہَا عَن اَھلِ اِنطَاکِیَّۃٍ	وَجَلَوتَہَا لَکَ فَاجتَلَیتَ عَرُوسًا

عروسا حال من القصیدۃ او من الممدوح لان العروس یقع علی الذکر والانثٰی ترجمہ مینے اس قصیدہ کو باشندگان انطاکیہ سے چھپایا اور اُسکو تیرے روبرو ظاہر کیا سو تونے اُسکو ظاہر دیکھا مثل ایک عروس کے کہ تیرے لئے اور یا تو مثل دلہا کے ہو اُس کے لئے یعنی وہ تیرے ہی شایان شان ہو نادر کے۔

خَیرُ الطُّیُورِ عَلَی القُصُورِ وَشَرُّھَا	یَاْوِی الخَرَابَ وَیَسکُنُ النَّاؤُوسَا

الناؤوس لیس بعربی وھو مقابر النصاری وقیل مقابر المجوس ترجمہ عمدہ پرندے محلون پر بیٹھتے ہین اور اُن کے بدتر مثل بوم ویرانہ مین اور مجوس کے مقابر مین رہتے ہین جنکی زیارت کو کوئی نہین جاتا۔ خلاصہ یہہ ہو کہ میرے اشعار عمدہ ہین اور تو بہترین ملوک ہو۔ سو عمدہ عمدونکے واسطے اور ردی ردی کے لئے ہو۔

لَو جَادَتِ الدُّنیَا فَدَتکَ بِاَھلِھَا	اَو جَاھَدَت کُتِبَت عَلَیکَ حَبِیسًا

الحبیس المحبوس وھو الوقف الذی لایباع ولا یوھب ترجمہ اگر دنیا مین لیاقت بخشش کرنیکی ہوتی تو وہ اپنے باشندونکو تجھ پر قربان کردیتی اور تجکو ہمیشہ رکھتی اور اگر صاحب جہاد ہوتی تو تیرے لئے وقف ہوتی مثل اُس گھوڑے کے جو خدا کی راہ مین وقف کردیا جاتا ہو یعنے سوائے تیری خدمت کے اور کے پاس نجاتی اور یہہ اس لئے کہا کہ محمد ممدوح صاحب جہاد اور محافظ سرحد اسلام حامی مسلمین اہل روم سے تھا۔

ودس علیہ کافور من یستعلم ما فی نفسہ ویقول لہ قد طال قیامک عند ہذا الرجل فقال

یُقِلُّ لَہُ القِیَامُ عَلَی الرُّؤُسِ	وَبَذلُ المُکرَمَاتِ مِنَ النُّفُوسِ

ترجمہ ہمارا سر کے بل اُسکی خدمت مین کھڑا رہنا ایک کمتر کام ہو کیونکہ وہ اس سے زیادہ کا مستحق ہو اور ہماری جانہائے گرامی کا اُس کی خدمت مین خرچ کرنا بے حقیقت شی ہو۔

اِذَا خَانَتہُ فِی یَومٍ ضَحُوکٍ	فَکَیفَ تَکُونُ فِی یَومٍ عَبُوسٍ

ضمیر خانت للانفس ترجمہ جبکہ ہماری جانین خوشی کے دنین کافور کی خیانت کرین تو کیا حال ہوگا اُن جانون کا ترشروئی کے روز یعنی بروز جنگ۔ خلاصہ یہہ ہو کہ اگر ہم ایام امن مین اُسکی خدمت نکرین تو بروز جنگ ہم سے کیا ہوگا۔

وقال یہجو کافورا

اَنوَکُ مِن عَبدٍ وَمِن عِرسِہٖ	مَن حَکَّمَ العَبدَ عَلٰی نَفسِہٖ

الضمیر فی عرسہ عائد الی من حکم او الی عبد ترجمہ جو شخص غلام کو اپنی جان پر حاکم بنادے وہ زیادہ احمق ہو غلام اور اپنی بی بی سے یا غلام کی بی بی سے۔ شاعر اپنے اوپر عتاب کرتا ہو کہ کیون کافور کے پاس آیا۔

وَاِنَّمَا یُظھِرُ تَحکِیمَہٗ	لِیُحکِمَ الاِفسَادَ فِی حِسِّہٖ

ترجمہ اور عبد اپنے نفس پر اظہار تحکیم نہین کرتا مگر اسلئے کہ اُسکی عقل مین فساد تحکم اور اُسکی بیتقلی قطعی ہوجاوے۔

مَا مَنْ يَرَى أَنَّكَ فِي وَعْدِهِ ۔۔۔ كَمَنْ يَرَى أَنَّكَ فِي حَبْسِهِ

ترجمہ ای متنبے جو شخص تجکو یہ سمجھتا ہی کہ تو اُسکے وعدہ کے بھروسے پر ہی وہ اُس شخص کے مانند نہین ہوتا جو یہ جانتا ہی کہ تو اُسکی قید مین ہی یعنی جسکو اپنے وعدہ کا لحاظ ہوتا ہی وہ امیدوار کی کامیابی مین سعی کرتا ہی اور جو امیدوار کو اپنی قید مین سمجھتا ہی وہ اُسکو ذلیل کیا کرتا ہی سو کافور تجکو اپنی قید مین جانتا ہی اور اس لئے اُس سے امید خیر نہین ہی۔

اَلْعَبْدُ لَا تَفْضُلُ أَخْلَاقُهُ ۔۔۔ عَنْ فَرْجِهِ الْمُنْتِنِ أَوْ ضِرْسِهِ

ترجمہ غلام کے اخلاق اپنی شرمگاہ بدبو اور اپنے دانت سے آگے نہین بڑھتے۔ یعنی وہ ہمیشہ اپنی فرج و شکم کی خدمت مین رہتا ہی۔ اُسکو نیکنامی اور فضائل کی طرف بالکل توجہ نہین ہوتی۔

لَا يُنْجِزُ الْمِيعَادَ فِي يَوْمِهِ ۔۔۔ وَلَا يَعِي مَا قَالَ فِي أَمْسِهِ

ضمیر یومہ للمیعاد و ضمیر امسہ للکافور ترجمہ کافور اپنے وعدہ کو بروز ایفائے وعدہ پورا نہین کرتا اور جو اُسنے کل کہا تھا اُسکو آج یاد نہین رکھتا یعنی غافل و فراموش کار ہی۔

وَإِنَّمَا تَحْتَالُ فِي جَذْبِهِ ۔۔۔ كَأَنَّكَ الْمَلَّاحُ فِي قَلْسِهِ

القلس حبل السفینۃ الذی تجذب بہ السفینۃ فے الاصعاد ترجمہ اور سوا اسکے نہین ہی کہ ای متنبی تو اُسکو امور خیر کی طرف کھینچنے مین حیلہ کرتا ہی گویا تو ملاح ہی اپنی اُس رسی مین جسکے ذریعہ سے کشتی کو بلندی کی طرف لیجاتا ہی یعنی یہ شخص بالطبع خیر کی طرف مائل نہین ہی بزور اُسکو امور خیر کی طرف کھینچتا ہی۔

فَلَا تُرَجِّ الْخَيْرَ عِنْدَ امْرِئٍ ۔۔۔ مَرَّتْ يَدُ النَّخَّاسِ فِي رَأْسِهِ

فی بمعنی علے۔ وہمزیعنی الفعل من راسہ علے الاصل والقافیۃ ترجمہ سو تو ایسے شخص سے امید خیر رکھ جسکے سر پر بردہ فروش کا ہاتھ پھرا ہو یعنے ذلیل رہا ہو

وَإِنْ عَرَاكَ الشَّكُّ فِي نَفْسِهِ ۔۔۔ بِحَالِهِ فَانْظُرْ إِلَى جِنْسِهِ

ترجمہ اور اگر تجکو اُسکی ذات و حال مین شک پیش آئے تو اُسکے ہم جنس اور غلامونکو دیکھ لے کہ انمین مروت و کرم کا نام نہین ہی۔

فَقَلَّمَا يَلْؤُمُ فِي ثَوْبِهِ ۔۔۔ إِلَّا الَّذِي يَلْؤُمُ فِي غَرْسِهِ

الغرس جلدۃ رقیقۃ تخرج علی راس الولد عند الولادۃ۔ واللؤم البخل وسوء الطباع ترجمہ سو یہ کمتر ہوتا ہی کہ کوئی اپنے لباس مین بخیل ہو مگر وہ کہ اپنی سرشت مین ناکس و کمینہ ہو یعنے بخیل الاصل ہی۔

مَنْ وَجَدَ الْمَذْهَبَ عَنْ قَدْرِهِ ۔۔۔ لَمْ يَجِدِ الْمَذْهَبَ عَنْ قِنْسِهِ

القنس الاصل ترجمہ جس شخص نے دولت کی راہ اپنے مقدار سے پائی وہ راہ لیاقت اپنی اصل سے نہیں پاتا یعنی اصل غالب آتی ہی

واحضرہ ابو الفضل بن العمید مجمرۃ محشوۃ بالنرجس والآس والدخان یخرج من خلال ذلک فقال مرتجلاً

اَحَبُّ امْرِئٍ حُبَّتْ اِلَی الْاَنْفُسُ	وَاَطْیَبُ مَا شَمَّہٗ مِعْطَسُ

احب واطیب خبران لمبتدء محذوف۔ والمعطس الانف ترجمہ یہ ممدوح اُن چیزون مین جنکو جانین دوست رکھتی ہین سب سے زیادہ محبوب ہی اور یہ دعوی اُن خوشبوؤن مین جنکو ناک سونگھتی ہی سب سے عمدہ ہی۔

وَنَشْرٌ مِنَ النَّدِّ لٰکِنَّمَا	مَجَامِرُہُ الْآسُ وَالنَّرْجِسُ

الند ہو ضرب من الطیب۔ والآس نبت معروف وکذلک النرجس۔ والمجامر جمع مجمرۃ وہی مایوضع علیہ البخور ترجمہ یہ بوے خوش ندکی ہی مگر اُسکی انگیٹھیان آس و نرگس ہین کہ دھوان اُسمین سے نکلتا ہی۔

وَلَسْنَا نَرٰی لَہَبًا ہَاجَہٗ	فَہَلْ ہَاجَہٗ عِزُّکَ الْاَقْعَسُ

الاقعس الثابت ترجمہ اور ہم نہین دیکھتے کہ آگ نے اس خوشبو کو اُٹھایا ہی کیا اُسکو تیری عزت پایدار نے اُٹھایا ہی۔

وَاِنَّ الْفِئَامَ الَّتِیْ حَوْلَہٗ	لَتَحْسُدُ اَرْجُلُہَا الْاَرْؤُسُ

الضمیر فے ارجلہا للرؤس۔ والفئام بکسر الفاء والہمزۃ ہم الجماعات وصفہ بعضہم بالفاف ترجمہ اور بیشک وہ گروہ جو ممدوح کے گرد ہین البتہ اُنکے سر اپنے پانوؤن پر حسد کرتے ہین کیونکہ پانوؤنکو بسبب قیام خدمت ممدوح یا اس لئے کہ وہ اُس زمین پر کھڑے ہین جسپر ممدوح رونق افروز ہی اُن کے سرونپر فخر ہی۔

وقال یمدح ابا العشائر علی بن الحسین بن حمدان

مَبِیْتِیْ مِنْ دِمَشْقَ عَلٰی فِرَاشٍ	حَشَاہُ لِیْ بِحَرِّ حَشَایَ حَاشٍ

الحشا ما بین الاضلاع الی الورک ترجمہ یاد دمشق سے میری خوابگاہ ایسے فرش گرم پر ہی جسکو میری سوزش درون سے کسی بھرنے والے نے پُر کر دیا ہی۔ اپنی شدت مصائب محبت و حرارۃ قلب کا بسبب اشتیاق محبوب کے بیان کرتا ہی۔

لَقٰی لَیْلٍ کَعَیْنِ الظَّبْیِ لَوْنًا	وَہَمٍّ کَالْحُمَیَّا فِی الْمُشَاشِ

لقی بمعنی ملقی حال ای ملقی فے لیل وملقی فی ہم۔ وعین الظبی یضرب بہا المثل فے السواد والحمیا من اسماء الخمر والمشاش رؤس العظام الرخوۃ ترجمہ ایسے حال مین کہ مین گشتہ ایسے شب فراق کا ہون جو مثل چشم آہو سیاہ ہی اور ایسے غم کا بچھاڑا ہوا جو استخوانون مین مثل شراب سرایت کرتا ہی۔

وَشَوْقٍ کَالتَّوَقُّدِ فِیْ فُؤَادٍ	کَجَمْرٍ فِیْ جَوَانِحَ کَالْمِحَاشِ

الجوانح عظام اعالی الصدر المحیطۃ بہ۔ والمحاش بکسر المیم وضمہا لغتان وہو ما احرقتہ النار۔ ترجمہ اور مین کشتہ شوق ہون جو دلمین مثل شعلہ زن آتش کے ہی بلکہ وہ اجزاے سینہ سوختہ مین مثل چنگاری کے ہی شاعر نے تین چیزون کو تین سے

تشبیہ دی۔ شوق کو تو قدنارسے اور دلکو چنگاری سے اور پسلیون کو شی سوختہ سے۔

سَقَى الدَّمُ كُلَّ نَصْلٍ غَيْرِ نَابٍ	وَرَوَّى كُلَّ رُمْحٍ غَيْرِ رَاشِ

نبا السیف اذا لم یؤثر فی الضریبة وارتفع۔ ورمح راش ای ضعیف کرجل مال ای ذو مال ترجمہ خون دشمنان ہر شمشیر کو جو مضروب سے اچٹتی نہو تر رکھیو اور سیراب کیجو ہر نیزہ قوی الضرب کو جو ضعیف نہو۔

فَإِنَّ الْفَارِسَ الْمَنْعُوتَ خَفَّتْ	لِمُنْصُلِهِ الْفَوَارِسُ كَالرِّيَاشِ

المنعوت الموصوف بالشجاعة۔ وخفت تطایرت تطایر الریش والریاش جمع ریشہ بمعنے پر فی الفارسیة ترجمہ کیونکہ شہسوار موصوف بشجاعت یعنے ممدوح کی تلوار سے سواران دشمن مثل پر کے اڑ گئے۔

فَقَدْ أَضْحَى أَبَا الْغَمَرَاتِ يُكْنَى	كَأَنَّ أَبَا الْعَشَائِرِ غَيْرُ فَاشِ

الغمرات الشدائد ترجمہ کیونکہ وہ بسبب کثرت جنگ وجدل ابو الغمرات یعنے شدائد کا باپ کنیت رکھا گیا گویا اسکی کنیت قدیم ابو العشائر پوشیدہ ہو گئی ہے۔

وَقَدْ نُسِيَ الْحُسَيْنُ بِمَا يُسَمَّى	رَدَى الْأَبْطَالِ أَوْ غَيْثَ الْعِطَاشِ

ردی الابطال ای ہلاکہم ترجمہ چونکہ ممدوح کا نام اب ہلاکی دشمنان وباران تشنگان رکھا گیا ہے لہذا اسکا اصلی نام حسین فراموش کیا گیا ہے کہ اسکے حال کے القاب سے شجاعت وسخاوت بخوبی ظاہر ہے۔

لَقُوهُ حَاسِرًا فِي دِرْعِ ضَرْبٍ	دَقِيقِ النَّسْجِ مُلْتَهِبِ الْحَوَاشِي

درع ضرب الاضافة بمعنی اللام والحاسر الذی لا درع علیہ وملتہب الحواشی بریق السیف ترجمہ ممدوح کے دشمن اسوقت مقابل ہوئے جب وہ معمولی زرہ پہنے ہوئے نہ تھا بلکہ ضرب شمشیر کی ایسی زرہ پہنے ہوئے تھا کہ وہ باریک بنی ہوئی اور اسکے کنارے چمکدار تھے خلاصہ یہ کہ اسکی زرہ اسکی شمشیر ہے جو ضرر دشمنان سے بچاتی ہے۔ شمشیر کے جوہر دلکو دقیق النسج کہا۔ وچمکدار کنارے بسبب لمعان سیف کے۔

كَأَنَّ عَلَى الْجَمَاجِمِ مِنْهُ نَارًا	وَأَيْدِي الْقَوْمِ أَجْنِحَةُ الْفَرَاشِ

ترجمہ گویا دشمنون کے سرونپر اسکی تلوار بسبب صفائی وچمک کے ایک آگ ہے جس سے انکے سرونکو جلاتا ہے اور دشمنون کے ہاتھ مثل پر ہائے پروانہ ہین جو آگ پر گرتا ہے یعنے انکے ہاتھ ایسے کٹے ہوئے ہوتے ہین جیسے پروانے۔

كَأَنَّ جَوَارِيَ الْمُهَجَاتِ مَاءٌ	يُعَاوِدُهَا الْمُهَنَّدُ مِنْ عُطَاشِ

المہجة دم القلب۔ والعطاش کالصداع شدة العطش ترجمہ گویا دشمنون کے خون جاری پانی ہین کہ اسکو بسبب شدت تشنگی تیری شمشیر تیز یا ہندی لوہے کی باربار پیتی ہے۔ خلاصہ یہ کہ تیری شمشیر دشمنونکے خون کی پیاسی ہے۔

فَوَلَّوْا بَيْنَ ذِي رُوحٍ مُفَاتٍ	وَذِي رَمَقٍ وَذِي عَقْلٍ مُطَاشِ

مخات مفعل من الفوت وہو الذی حیل بین روحہ وبینہ۔ وطاش ذہب ترجمہ سو دشمن اُسکے آگے سے ایسے حالمین بھاگے کہ بعض امین مردہ تھے اور بعض مین کچھ سانس باقی تھی اور بعض کی مارے خوف کے عقل جاتی رہی تھی۔

وَمُنْعَفِرٍ لِنَصْلِ السَّيْفِ فِيهِ ۔۔۔ تَوَارِي الضَّبِّ خَافَ مِنِ احْتِرَاشِ

تواری مصدر۔ والمنعفر الذی یقع علے العفر وہو التراب۔ والاحتراش صید الضب ترجمہ اور بعض ایسے حال مین زمین پر پڑے ہوئے تھے کہ اُسمین شمشیر کا پھل ایسا غائب تھا جیسے گوہ بخوف شکار اپنے سوراخین گھس جاتی ہو

يُدَمِّي بَعْضُ أَيْدِي الْخَيْلِ بَعْضًا ۔۔۔ وَمَا بِعُجَايَةٍ أَثَرُ ارْتِهَاشِ

العجایۃ عصبۃ فی الید فوق الحافر۔ والارتہاش اصطکاک الیدین حتی تنعقر الرواہش وہی عروق باطن الذراع ترجمہ بسبب خطر بھاگنے اور اژدحام کے بعض گھوڑون کے ہاتھ اور بعض کو خون آلودہ کرتے تھے حال آنکہ پانو کے پٹھے مین اثر ٹکرانیکا نہین ہی یعنے اُنکے نیور نہین لگتا تھا کہ اُنکا اگلا ایک پانو دوسرے پر پڑے اور دونون پانو خون آلودہ ہوجادین یا اُن کا خون آلود ہونا خون مقتولین سے تھا جنپروہ چلتے تھے۔

وَرَايِعُهَا وَحِيدٌ لَمْ يَرُعْهُ ۔۔۔ تَبَاعُدُ جَيْشِهِ وَالْمُسْتَجَاشِ

رایعہا مخوفہا والمستجاش الذی یطلب منہا الجیش والمراد بہ سیف الدولۃ ترجمہ اور اُنکا ڈرانے والا ایک یکتا شخص ہی کہ اُسکو اُسکے لشکر سے دور ہونا اور اُسکا دور ہونا جو اُسکی مدد کو عند الطلب لشکر بھیجے یعنے سیف الدولہ نہین ڈراتا۔

كَأَنَّ تَلَوِّيَ النُّشَّابِ فِيهِ ۔۔۔ تَلَوِّي الْخُوصِ فِي سَعَفِ الْعِشَاشِ

الخوص ورق النخل۔ والسعف ہو اغصان النخل وہو ما یکون فے آخر الجرید۔ والعشاش جمع عشۃ وہی النخلۃ اذا قل سعفہا ودق اسفلہا ترجمہ گویا تیر اندازونکا اُس سے لپٹنا ایسا تھا جیسے پتے درخت خرما کے اُسکی شاخ پر لپٹتے ہین کیونکہ ممدوح شجاعت کے سبب تیرون اور ضرب اور طعن کی کچھ پروا نہین کرتا۔

وَنَهْبُ نُفُوسِ أَهْلِ النَّهْبِ أَوْلَى ۔۔۔ بِأَهْلِ الْمَجْدِ مِنْ نَهْبِ الْقُمَاشِ

اہل النہب الجیش۔ والقماش المتاع ترجمہ اور دشمنون کے لشکر کی جانین لوٹنا اہل شرف کو غارت اسباب سے زیادہ مناسب ہی۔ اسباب کا لوٹنا دون ہمتی پر دلالت کرتا ہو اور قتل اعدا عالی ہمتی ہی۔

تُشَارِكُ فِي النِّدَامِ إِذَا نَزَلْنَا ۔۔۔ بِطَانٌ لَا تُشَارِكُ بِالْجِحَاشِ

الندام المنادمۃ۔ والبطان جمع بطین وہو کبیر البطن والجحاش المجاحشۃ وہی المدافعۃ فے القتال ترجمہ جب ہم گھوڑون کی پشتون سے اُترتے ہین تو مینوشی مین ہمارے شریک بسیار خوار لوگ بڑی توند والے جو لڑائی مین شریک نہ تھے ہوجاتے ہین۔ یہ اُن لوگو پر تعریض ہی جو ممدوح کو میدان جنگ مین تنہا چھوڑ آئے تھے۔

وَمِنْ قَبْلِ النِّطَاحِ وَقَبْلَ يَأْتِي ۔۔۔ تَبِينُ لَكَ النِّعَاجُ مِنَ الْكِبَاشِ

قبل یاتی روی منصوباً علی الظرفیۃ ومخفوضا عطف علی الاول- والنطاح مناطحۃ ذوات القرون والنواح جمع نعجۃ وہی العنز
ترجمہ اور لڑائی سے پہلے اور قبل اسکے کہ لڑائی کا وقت آئے تجکو معلوم ہو جاتا ہی کہ کون بھیڑ ہی اور کون مینڈھا
جو ٹکر دن لڑتا ہی-

فَيَا بَحْرَ الْبُحُورِ وَلَا أُوَرِّي	وَيَا مَلِكَ الْمُلُوكِ وَلَا أُحَاشِي

التوریۃ الاخفاء- ولا احاشی ای لا استثنی احدا ترجمہ سوا سے دریاؤنکے دریا اور اس بات کو مین چھپاتا نہین ہون
بلکہ نقارہ کی چوٹ کہتا ہون اور اے بادشاہون کے بادشاہ اور اُس سے کسی کو مین مستثنے نہین کرتا یعنی سبکا-

كَأَنَّكَ نَاظِرٌ فِي كُلِّ قَلْبٍ	فَمَا يَخْفَى عَلَيْكَ مَحَلُّ غَاشٍ

الغاشی القاصد والزائر- واصلہ غاشش فاعل الغین یا ترجمہ گویا تو ہر دل کے احوال کو دیکھتا ہی سو تجہ پر
بسبب فرط ذکاوت کے کسی آنے والے کا مرتبہ پوشیدہ نہین ہتا یعنی تو ہر سائل اور اُسکے مطلوب کو جانتا ہی-

أَأَصْبِرُ عَنْكَ لَمْ تَبْخَلْ بِشَيْءٍ	وَلَمْ تَقْبَلْ عَلَيَّ كَلَامَ وَاشٍ

ترجمہ کیا مین تجہ سے صبر کر سکتا ہون حالانکہ تو نے مجہسے کسی چیز کا بخل نہین کیا اور میرے معاملہ مین تو نے غماز کی بات
کو نہین انا یعنے بس ایسے حال مین کسطرح ہو سکتا ہی کہ تیری خدمت مین حاضر نہون-

وَكَيْفَ وَأَنْتَ فِي الرُّؤَسَاءِ عِنْدِي	عَتِيقُ الطَّيْرِ مَا بَيْنَ الْخَشَاشِ

الرؤسا جمع رئیس کشرفاء وشریف- والخشاش بالخاء المعجمۃ صغار الطیر ومنہ الحدیث تاکل من خشاش الارض ترجمہ اور
مین تجکو کسطرح چھوڑ دون اور کسی اور رئیس کے یہان جاؤن اور حال یہ ہو کہ تو سب سردارون مین ایسا ہی جیسا عمدہ اور
شریف پرندے درمیان چھوٹے اور کمزور پرندون کے-

فَمَا خَاشِيكَ لِلتَّكْذِيبِ رَاجٍ	وَلَا رَاجِيكَ لِلتَّخْيِيبِ خَاشِي

ترجمہ سو تجہ سے ڈرنیوالے کو یہ اُمید نہین ہو کہ درباب تجہے ڈرنے کے اُسکو کوئی جھٹلادے کیونکہ سب لوگ تیرے
رعب اور خوف پر متفق ہین اور تیرا اُمیدوار ناکامی سے ڈرنیوالا ہی کیونکہ تو کسی اُمیدوار کو نا اُمید نہین کرتا-

تُطَاعِنُ كُلُّ خَيْلٍ سِرْتَ فِيهَا	وَلَوْ كَانُوا النَّبِيطَ عَلَى الْجِحَاشِ

النبیط قوم بسواد العراق حراثون یقال نبط ونبیط- والجحاش جمع جحش وہو ولد الحمار وارد بخیل اہل کل خیل ترجمہ ہر سوار
جنین تو ہی نیزہ زنی کرتا ہی اگرچہ وہ نبیط ہو جو زراعت پیشہ قوم ہی اور گھوڑے کی سواری نہین جانتے گدھے کے
بچہ پر سوار ہوتے ہین یعنے تیری بہادری کا اثر سب پر پڑتا ہی اس لیے سب ہمراہی بہادر ہو جاتے ہین اگرچہ اُس کو
لڑائی سے کچہ مناسبت نہو-

أَرَى النَّاسَ الظَّلَامَ وَأَنْتَ نُورٌ	وَإِنِّي فِيهِمُ لَإِلَيْكَ عَاشِ

عشوت الی النار اذا جئتها لیلا اذا ہو الاصل ثم صار کل قاصد عاشیا ترجمہ مین لوگون کو تاریکی دیکھتا ہون اور تو محض نور ہو کر تیرے کرم کی روشنی دور سے مثل آتش درخشان معلوم ہوتی ہو۔ اور مین اُن لوگون مین سے تیری ہی طرف ٹکٹکی باندھے بامید عطا دیکھ رہا ہون جیسا تاریکی شب مین آگ کی طرف دیکھا جاتا ہی۔

بُلِیْتُ بِھِمْ بَلَاءَ الْوَرْدِ یَلْقیٰ	اُنُوْفًا ھُنَّ اَوْلیٰ بِالْخُشَاشِ

الخشاش العود الذی یکون فی انف البعیر والناقۃ ترجمہ مین اُن لوگون کے سبب ایسی بلا مین مبتلا ہوا جیسے گلاب کا پھول ایسے ناکسون مین مبتلا کیا جاوے جو سزاوار نکیل ہین یعنے شتر کے خلاصہ یہ ہو کہ وہ میرے قدرشناس نہین ہین اور میرا اُنکے پاس رہنا بے محل ہی جیسا شتر کو گلاب کا پھول سنگھایا جاوے۔

عَلَیْکَ اِذَا ھُزِلْتَ مَعَ اللَّیَالِیْ	وَحَوْلَکَ حِیْنَ تَسْمَنُ فِیْ ھِرَاشٍ

الہراش محاربۃ الکلاب بعضہا من بعض ترجمہ وہ لوگ تجکو نقصان پہنچانیوالے ہین اگر تو حوادث روزگار سے لاغر کیا جاوے اور محتاج ہوجاوے اور جب تو فربہ ہو اور تجھ پر آسودگی آجاوے تو وہ تیرے گرد اگرد آبیٹھین تو کتون کے مانند آپسین کھانے پر لڑنے لگین یعنے بحالت آسودگی دوست بنجاتے ہین اور بحالت افلاس دشمن۔

اَتیٰ خَبَرُ الْاَمِیْرِ فَقِیْلَ کَرُّوْا	فَقُلْتُ نَعَمْ وَلَوْ لَحِقُوْا بِشَاشٍ

الشاش بلدۃ من بلاد ماوراء النہر ترجمہ خبر فتح امیر کی آئی اور کہا گیا کہ اُسنے مع لشکر دشمن پر حملہ کیا سومینے اس خبر کی تصدیق کی اور کہا کہ بیشک وہ دشمنون کو جا ماریگا اگرچہ وہ فاصلہ بعید شاش تلک بھاگین۔

یَقُوْدُھُمْ اِلیٰ الْھَیْجَا لَجُوْجٌ	یُسِنُّ قِتَالُہٗ وَالْکَرُّ نَاشٍ

من روی یسن بضم الیاء وکسر السین نصب القتال ومن روٰی بفتح الیاء رفع القتال بالفعل والہیجا تمد وتقصر وہی من اسماء الحرب واللجوج الذی لاینثنی عن الاعداء ویسن قتالہ من طول السن ہو العمر یرید یطول حتی یصیر کالمسن الذی طال عمرہ وناش شاب ترجمہ اُن لشکرونکو لڑائی کی طرف ایک شخص پکے ارادہ والا یعنے ممدوح ہنکاتا ہی کہ اُس کا قتال تو ہمیشہ کا کام اور پرانا ہی اور دراز ہو گر حملہ جدید کرتا رہتا ہی یعنے اُسکا حال اول جنگ و آخر جنگ مین یکسان ہی۔

وَاُسْرِجَتِ الْکُمَیْتُ فَنَاقَلَتْ بِیْ	عَلیٰ اِعْقَاقِہَا وَعَلیٰ غِشَاشٍ

المناقلۃ تحسین نقل یدیہا ورطیہا بین الحجارۃ والاعقاق مصدر اعقت الدابۃ اذا انفتق بطنہا بالحمل والغشاش بالغین المعجمۃ والکسر العجلۃ ترجمہ اور میری کمیت گھوڑی پر زین کسا گیا سو وہ مجکو اسی طرح لیکے چلی کہ پتھرون مین اُسکے اگلے اور پچھلے پانوبہت درست پڑتے تھے باوجود اُسکے حاملہ ہونے اور میری جلدبازی کے۔ یعنے باوجود حمل خوب درست چلی اور تیز چلی۔

مِنَ الْمُتَمَرِّدَاتِ یُذَبُّ عَنْہَا	بِرُمْحِیْ کُلُّ طَائِرَۃِ الرَّشَاشِ

الرشاش ما ترشہ الطعنۃ من الدم - وارا دبتمرد بہا انہا صعبۃ الانقیاد ترجمہ وہ گھوڑی اس مزاج کی ہو کہ اپنے سوار سے سرکشی کرتی ہو اور اسکی مطیع نہین ہوتی - اور اس سے ہر زخم خون چکان میرے نیزے کا دشمن کی وار کو دور کرتا ہو خلاصہ یہ کہ مین اپنی نیزہ زنی سے کسی دشمن کو اسکے نیزہ مارنے نہین دیتا ہون اور اسکی حفاظت کرتا ہون -

وَلَوْ عُقِرَتْ لَبَلَّغَتْنِیْ اِلَیْہِ		حَدِیْثٌ عَنْہُ یَحْمِلُ کُلَّ مَاشِ	

العقران یقطع عصب الرجل من الفرس او الناقۃ او البعیر ترجمہ اور اگر بالفرض میری گھوڑی کی کونچین کاٹی جاتین تو کہانیان فضائل ممدوح کی جو ہر مسافر کو اٹھائے چلی جاتی ہین یعنی اسکے ذکر خیر مین ہر مسافر کو تکلیف نہین معلوم ہوتی اور راہ باسانی قطع ہو جاتی ہو - مجکو اسکے پاس پہنچا دیتین - یہ معنے بصورت منصوب ہونے کل کے ہین اور اگر اسکو مرفوع پڑھین تو ضمیر عنہ حدیث کی طرف راجع ہوگی تو یہ معنے ہون گے کہ مجکو اسکے پاس اسکی کہانی جو بسبب شہرت دنیکنامی کے ہر مسافر کو یاد ہو پہنچا دیتی اور پیادہ روی کی کچھ تکلیف نہوتی -

اِذَا ذُکِرَتْ مَوَاقِفُہٗ لِحَافٍ		وَشِیْکَ فَمَا یُنَکِّسُ لِانْتِقَاشِ	

المواقف اکثر ما یستعمل فی الحرب - وشیک دخل فی رجلہ الشوک - والانتقاش اخراج الشوک بالمناقش ترجمہ جبکہ ذکر مواقع عطا و سخا ممدوح کسی برہنہ پا کے روبرو ایسے وقت مین کیا جاوے کہ اسکے پاؤن مین کانٹا چبھا گیا ہو تو وہ زنبور سے کانٹا نکال لینے کے لئے سر بھی نہین جھکائے گا بلکہ ایسے حالمین بھی اس کی طرف دوڑا چلا جاویگا شارح ابن فورجہ کہتا ہو کہ جب کوئی بہادر شخص اسکے کارنامہ جنگ سنتا ہو تو مشتاقانہ اسکے دیکھنے کو بھاگا چلا جاتا ہو - اور اس معنی کی تائید روایت اس شخص کی کرتی ہو جنے بجائے مواقفہ وقائعہ روایت کی ہو -

تُزِیْلُ مَخَافَۃَ الْمَصْبُوْرِ عَنْہُ		وَتُلْہِیْ ذَا الْفِیَاشِ عَنِ الْفِیَاشِ	

تزیل وتلہی یجوزان یکونا بتاء الخطاب او بیاء المثناۃ التحتانیۃ والمصبور المحبوس للقتل - والفیاش المفاخرۃ ترجمہ اے ممدوح تو یا ممدوح دور کرتا ہو خوف اس شخص کو جو قتل کے واسطے قید کیا گیا ہو اور تو ہر مدعی فخر کو مفاخرت سے روکدیتا ہو یعنے تیرے روبرو وہ فخر نہین کر سکتا -

فَمَا وُجِدَ اشْتِیَاقٌ کَاشْتِیَاقِیْ		وَلَا عُرِفَ انْکِمَاشٌ کَانْکِمَاشِیْ	

الانکماش الجد فی الامر وکذا الاکماش ورجل کمیش جاد ماض فی الامور ترجمہ سو کوئی اشتیاق مثل میرے اشتیاق کے نہین پایا گیا اور نہ کوئی کوشش مثل میری کوشش کے تیرے پاس حاضر ہونیکے لئے -

فَسِرْتُ اِلَیْکَ فِیْ طَلَبِ الْمَعَالِیْ		وَسَارَ سِوَایَ فِیْ طَلَبِ الْمَعَاشِ	

ترجمہ سو مین تیری طرف بقصد اکتساب بلندی مراتب روانہ ہوا - اور سوائے میرے اور لوگ بطلب معیشت -

قافیۃ الضاد - وامر سیف الدولۃ بانفاذ خلعۃ الیہ فقال

فَعَلَتْ بِنَا فِعْلَ السَّمَاءِ بِأَرْضِهٖ ۔۔۔ خِلَعُ الْأَمِيْرِ وَحَقَّهٗ لَمْ نَقْضِهٖ

الضمیر فے ارضہ یعود الی السماء - وذکر الضمیر لانہ اراد السقف والمطر - ویجوز ان یکون للممدوح جعل الارض لہ لتصرفہ فیہا بامرہ ونہیہ - وحقہ نصبہ باضمار ما فسرہ بہ ترجمہ امیر کے خلعتون نے ہمارے ساتھ وہ معاملہ کیا جو آسمان اپنی زمین کے ساتھ کرتا ہی یعنے جیسا آسمان بذریعہ باران زمین کو سرسبز اور گلون سے رنگین کردیتا ہی ایسا ہی تو تے خلعتہائے رنگا رنگ سے ہمکو رنگین کردیا اور ہمنے اُسکا حق شکر جو واجب تھا ادا نہین کیا کیونکہ وہ ممکن نتھا -

فَكَأَنَّ صِحَّةَ نَسْجِهَا مِنْ لَفْظِهٖ ۔۔۔ وَكَأَنَّ حُسْنَ نَقَائِهَا مِنْ عِرْضِهٖ

العرض النفس والنسب ترجمہ سو گویا اُس خلعت کی عمدہ بناوٹ لفظ ممدوح سے ہی یعنے جیسے الفاظ ممدوح درست وہموار وخوشنما ہوتے ہین ایسے اُس خلعت کی عمدگی ہی اور گویا حسن اُسکی پاکیزگی کا اُسکے نسب شریف وذات منیف سے ہی یعنے اُسمین کچھ عیب نہین ہی -

وَإِذَا وَكَلْتَ إِلٰى كَرِيْمٍ رَأْيَهٗ ۔۔۔ فِي الْجُوْدِ بَانَ مَذِيْقُهٗ مِنْ مَحْضِهٖ

المذیق ہو المذوق الممزوج - والمحض الخالص من کل شئ ترجمہ اور جب تو درباب کرم اپنا امر کریم کی رائے کے سپرد کردے اور خود نہ مانگے تو تو اپنی مراد کو پہنچے گا اور تجکو صحیح الرائے اور قبیح الرائے کا فرق معلوم ہوجائیگا کیونکہ اول بے طلب دیتا ہی اور دوم مانگنے سے بھی نہین دیتا - وقال لما اعتل

إِذَا اعْتَلَّ سَيْفُ الدَّوْلَةِ اعْتَلَّتِ الْأَرْضُ ۔۔۔ وَمَنْ فَوْقَهَا وَالْبَأْسُ وَالْكَرَمُ الْمَحْضُ

ترجمہ جبکہ سیف الدولہ بیمار ہوتا ہی تو تمام زمین اور اہل زمین جو اسپر بستے ہین اور رعب اور خالص کرم بیمار ہوجاتے ہین کیونکہ وہ سب مخلوق کا مربی ہی اُسکی بیماری سب کی بیماری ہی -

وَكَيْفَ انْتِفَاعِيْ بِالرُّقَادِ وَإِنَّمَا ۔۔۔ بِعِلَّتِهٖ يَعْتَلُّ فِي الْأَعْيُنِ الْغُمْضُ

ترجمہ اور مین کسطرح خواب شیرین سے منتفع ہون کیونکہ اُسکی بیماری سے خواب آنکھوں مین بیمار ہوجاتا ہی -

شَفَاكَ الَّذِيْ يَشْفِيْ بِجُوْدِكَ خَلْقَهٗ ۔۔۔ لِأَنَّكَ بَحْرٌ كُلُّ بَحْرٍ لَهٗ بَعْضُ

ترجمہ وہ ذات پاک تجکو شفا دے جو تیری بخشش کے سبب سب خلق کو شفا دیتا ہی یعنے فقر کے درد سے کیونکہ تو ایک سمندر ہی کہ سب دریا اُسکے ٹکڑے ہین - وقال فے بدر بن عمار

مَضَى اللَّيْلُ وَالْفَضْلُ الَّذِيْ لَكَ لَا يَمْضِيْ ۔۔۔ وَرُؤْيَاكَ أَحْلٰى فِي الْعُيُوْنِ مِنَ الْغُمْضِ

الرؤیا یستعمل فے المنام خاصۃ - ولو قال لقیاک لکان احسن - ولکنہ ذہب بالرؤیا الی الرویۃ لانہ کان لیلاً کقولہ تعالٰی وما جعلنا الرؤیا التی اریناک ولم یرد بہ النوم ہہنا انما اراد الیقظۃ وکان ذلک لیلاً فے لیلۃ الاسرٰی ترجمہ رات گذر گئی اور تیرا فضل تمام نہوگا بلکہ وہ دائم وثابت ہی اور تیرا دیدار آنکھون مین خواب سے شیرین معلوم ہوتا ہی -

عَلٰی اَنِّیْ طُوِّقْتُ مِنْكَ بِنِعْمَةٍ	شَهِيْدٌ بِهَا بَعْضِیْ لِغَيْرِیْ عَلٰی بَعْضِیْ

قولہ علے انی متعلق بفعل محذوف ای اعرف عنک علی حال انی طوقت الخ ترجمہ مین اب تجھ سے ایسی حالت مین رخصت ہوتا ہون کہ میرے گلے مین تیری نعمتونکا ایسا ہار پہنایا گیا ہی کہ دیکھنے والونکے لیے میرے بعض اجزا اور بعض اجزا پر گواہی دیتے ہین خلاصہ یہ کہ اگر مین تیرے انعامات کا انکار کرون تو میری صورت حال میرے خلاف گواہی دیگی یعنے مین کسیطرح انکار نہین کرسکتا۔

سَلَامٌ الَّذِیْ فَوْقَ السَّمٰوٰتِ عَرْشُهٗ	تَخُصُّ بِهٖ يَا خَيْرَ مَاشٍ عَلَی الْاَرْضِ

ترجمہ سلام اُس ذات پاک کا جسکا عرش آسمانونپر ہی ای بہترین اُن لوگون کے جو زمین پر چلتے ہین یعنے سب کے تیرے لئے مخصوص ہی

وخرج یانک مملوک سیف الدولۃ الی الرقۃ فخرج سیف الدولۃ لیشیعہ وہبت ریح شدیدۃ فقال

لَا عَدِمَ الْمُشَيِّعَ الْمُشَيَّعُ	لَيْتَ الرِّيَاحَ صُنَّعٌ مَا تَصْنَعُ

المشیع اسم فاعل سیف الدولۃ واسم مفعول یانک غلامہ ترجمہ رخصت کرنے والیکو یعنی سیف الدولہ کو رخصت کیا گیا یعنی یانک گم نکرے یعنے یانک کا مالک مع اپنے غلام کے ہمیشہ بنا رہے۔ کاش ہوائین ایسا کام مفید کرتین جیسا تو نافع کام کرتا ہی یعنے لوگون کو غنی کرتا ہی۔

بَكْرُنَ ضَرًّا وَ بَكَرْتَ تَنْفَعُ	وَسَجْسَجٌ اَنْتَ وَهُنَّ زَعْزَعُ

السجسج ریح الجنۃ۔ والزعزع الریح الشدیدۃ الموذیۃ ترجمہ وہ ہوائین ایسے حال مین صبح کرتی ہین کہ وہ خلق کو نقصان پہنچاتی ہین اور تو مثل ہوائے بہشت ہی نہ زیادہ سرد نہ زیادہ گرم اور ہوائین جھکڑ اور موذی ہین۔

وَوَاحِدٌ اَنْتَ وَهُنَّ اَرْبَعٌ	وَاَنْتَ نَبْعٌ وَالْمُلُوْكُ خِرْوَعُ

النبع شجر صلب یتخذ منہ القسی والخروع بنت ضعیف ہین ترجمہ اور تو یکتا ہی اور ہوائین چار ہین شرقی و غربی و جنوبی و شمالی اور باین ہمہ تو اُن سب سے زیادہ نفع رسان ہی اور تو مثل درخت نبع کے جسکی کمان بناتے ہین مضبوط و قوی ہی اور اور بادشاہ مانند گیاہ ضعیف یا مثل ارنڈ ہین وقال یذکر الوقعۃ فی جمادی الاولیٰ سنۃ تسع و ثلثین و ثلثمائۃ

غَيْرِیْ بِاَكْثَرِ هٰذَا النَّاسِ يَنْخَدِعُ	اِنْ قَاتَلُوْا جَبُنُوْا اَوْ حَدَّثُوْا شَجُعُوْا

ترجمہ میرے سوا اکثر ان لوگون سے دھوکا کھاجاتے ہین اگر وہ لڑتے ہین تو نامردی کرتے ہین اور باتین کرتے ہین تو بہادر بنجاتے ہین۔ پس ناواقف انکو بہادر جانتا ہی۔

اَهْلُ الْحَفِيْظَةِ اِلَّا اَنْ تُجَرِّبَهُمْ	وَفِی التَّجَارُبِ بَعْدَ الْغَيِّ مَا يَزَعُ

روی اہل بالحرکات الثلاث فالرفع علے انہ خبر ہم المحذوف۔ والنصب علی الذم۔ والجر بدل من الناس۔ والحفیظۃ الحمیۃ والغی الفساد۔ ویزع یکف ترجمہ وہ لوگ اہل حمیت وغیرت ہین قبل تجربہ کے اور بعد تجربہ کے اہل حمیت نہین نکلتے

اور تجربون مین جب ظہور گراہی ایسے عیب معلوم ہوتے ہین کہ اُنکے اختلاط سے منع کرتے ہین۔

وَمَا الْحَيٰوةُ وَنَفْسِيْ بَعْدَ مَا عَلِمَتْ أَنَّ الْحَيٰوةَ كَمَا لَا تَشْتَهِيْ طَبَعُ

نفسی فی موضع رفع معطوف علے الحیٰوۃ کقولک ما انت وزیدٌ۔ والطبع الدنس ترجمہ اور میرے نفس کو زندگی سے کیا سروکار ہے بعد اُسکے معلوم کرلینے کے کہ زندگی غیر مرغوب بسبب بے آبروئی کے ذمارۃ اور غساست ہے۔

لَيْسَ الْجَمَالُ لِوَجْهٍ صَحَّ مَارِنُهُ أَنْفُ الْعَزِيْزِ بِقَطْعِ الْعِزِّ يُجْتَدَعُ

المارن مقدم الانف وہو مالان منہ ترجمہ حقیقی جمال اُس چہرہ کو حاصل نہین ہے کہ اُس کی ناک سالم ہو کیونکہ ذی عزت شخص کی ناک بیعزتی سے درحقیقت کٹ جاتی ہے گو بظاہر اُسکی ناک موجود ہو۔

أَأَطْرَحُ الْمَجْدَ عَنْ كَتِفِيْ وَأَطْلُبُهُ وَأَتْرُكُ الْغَيْثَ فِيْ غِمْدِيْ وَأَنْتَجِعُ

الانتجاع طلب الکلاء فے الاصل ثم وسع فے کل طلب ترجمہ کیا یہ ہوسکتا ہے کہ مجد وشرف کہ جو تلوار کے ذریعہ سے حاصل ہوسکتی ہے اپنے شانہ سے ڈالدون اور پھر اُسکو کسی اور ذریعہ سے طلب کرون اور تلوار کو جو توسیع رزق مین مثل باران ہے میان مین کرلون اور پھر طلب رزق کرون یعنے یہہ دونون باتین ناممکن ہین۔

وَالْمَشْرَفِيَّةُ لَا زَالَتْ مُشَرَّفَةً دَوَاءُ كُلِّ كَرِيْمٍ أَوْ هِيَ الْوَجَعُ

من روی مشرفۃ بفتح الراء جعلہ دعاءً لہا یعنی السیف لا زالت مشرفۃ ومن روی بالکسر دعاءً للکرام ای ما کانت المشرفیۃ دار الکرام بل کانت دواءً لہم ترجمہ اور شمشیرہائے مشرفی ہمیشہ مشرف رہیو کہ وہ ہر کریم کی دوا ہے اگر وہ اُسکے ذریعہ سے کامیاب ہوا یا وہ خود درد ہے درصورت ناکامیابی کے کہ باعث قتل ہوجاتی ہے۔

وَفَارِسُ الْخَيْلِ مَنْ خَفَّتْ فَوَقَّرَهَا فِي الدَّرْبِ وَالدَّمُ فِيْ أَعْطَافِهَا دُفَعُ

وقرہا ثبتہا۔ والدرب المضیق فی المدخل الی بلاد العدو۔ والاعطاف جمع عطفٍ وہو الجانب۔ الدفع ان یدفع شئی بعد شئے ترجمہ اور شاہسوار گھوڑونکا وہ شخص ہے کہ جب سوار ہلکے ہوگئے اور بھاگنے کے لئے آمادہ ہوگئے تو اُس نے یعنی سیف الدولہ نے اپنے لشکر کو جرأت دلاکر بھاری بھرکم بنادیا روم کی گھاٹیون مین سے کسی گھاٹی مین اور اُنکو ثابت قدم کردیا اور حال یہہ تھا کہ خون بسبب کثرت قتال کے اطراف سواران مین بار بار بہتا تھا۔ فارس الخیل سے مراد سیف الدولہ ہے۔

وَأَوْحَدَتْهُ وَمَا فِيْ قَلْبِهِ قَلَقٌ وَأَغْضَبَتْهُ وَمَا فِيْ لَفْظِهِ قَذَعُ

الضمیر المرفوع فے اوحدتہ للخیل وکذلک فے اغضبتہ۔ والضمیر الآخر لسیف الدولۃ وہو مفعول۔ والقذع الفحش والسب ترجمہ اور اُسکے سوارون نے اُسکو تنہا چھوڑدیا تو اُسکے دلمین بسبب غایۃ شجاعت کے کچھ اضطراب نتھا اور اُنھون نے اُسکو خفا کردیا اُسوقت بھی اُسکے کلام مین کچھ فحش ودشنام نہ تھے یعنے وہ حلیم وحکیم ہے۔

بِالْجَيْشِ تَمْتَنِعُ السَّادَاتُ كُلُّهُمُ وَالْجَيْشُ بِابْنِ أَبِي الْهَيْجَاءِ يَمْتَنِعُ

ترجمہ تمام سردار باعانت لشکر محفوظ رہتے ہین مگر سیف الدولہ سے لشکر محفوظ رہتا ہی اگر وہ نہو تو لشکر تباہ ہوجائے۔

قَادَ الْمَقَانِبَ اَقْصٰى شُرْبِهَا نَهَلٌ ۔۔ عَلَى الشَّكِيْمِ وَاَدْنٰى سَيْرِهَا سِرَعُ

السرع بکسر السین وفتحہا مصدر بمعنے الاسراع والمقانب جمع مقنب وہو زہاء ثلاث المائۃ من الخیل ونحوہ والنہل الشرب الاول والشکیم جمع شکیمۃ وہی الحدیدۃ التی تعرض فی اللجام ترجمہ ممدوح نے ایسے تیزرو گھوڑے دشمن پر روانہ کئے کہ نہایت انکا پانی پینا صرف ایک دفعہ تھا وہ بھی لگام دئے ہوتے یعنی بسبب تیزروی کے لگام نہ اُتاری گئی اور کمتر رفتار گھوڑون کی تیزروی تھی زیادہ رفتار کا تو کیا کہنا ہی۔

لَا يَعْتَقِيْ بَلَدٌ مَسْرَاهُ عَنْ بَلَدٍ ۔۔ كَالْمَوْتِ لَيْسَ لَهُ رِيٌّ وَلَا شِبَعُ

الاعتقاء مقلوب اعتیاق المنع ترجمہ اُسکو ایک شہر دوسرے شہر کے جانے سے نہین روکتا یعنے ایک شہر فتح کرکے دوسرے شہر کو فتح کرتا ہی رُکتا نہین ہی اور قتل اعداء سے سیر نہین ہوتا وہ مثل موت کے ہی کہ اُسکے لئے ہلاک کرنے سے سیرابی اور سیری نہین ہوتی۔

حَتّٰى اَقَامَ عَلٰى اَرْبَاضِ خَرْشَنَةٍ ۔۔ تَشْقٰى بِهِ الرُّوْمُ وَالصُّلْبَانُ وَالْبِيَعُ

ترجمہ وہ برابر چلتا رہا یہان تک کہ فصیلون شہر خرشنہ پر جا ٹھہرا اور وہ وسط بلاد روم مین ہی کہ اُس لشکر سے اہل روم اور اُنکے صلیب اور اُنکے گرجون کی کم بختی لگی تھی۔

لِلسَّبْيِ مَا نَكَحُوْا وَالْقَتْلِ مَا وَلَدُوْا ۔۔ وَالنَّهْبِ مَا جَمَعُوْا وَالنَّارِ مَا زَرَعُوْا

اتی انی المصرع الاول لذوی العقول موافقۃ للمصرع الثانی۔ او اشارۃ الی انہم لما ارتکبوا ما لم یجوزہ العقل السلیم من مخالفۃ الممدوح الحقوا بغیر ذوی العقول ترجمہ انجام اُنکی زوجات کا قید اور انجام اُنکی اولاد بالغ کا قتل اور نتیجہ اُن کے اموال کا غارت اور اُنکی زراعت کا جلانا ہوا۔

مُخْلًى لَهُ الْمَرْجُ مَنْصُوْبًا بِصَارِخَةٍ ۔۔ لَهُ الْمَنَابِرُ مَشْهُوْدًا بِهَا الْجُمَعُ

مخلی ومنصوبا حالان من سیف الدولۃ۔ ومشہودا حال من صارخۃ وہی مدینۃ ببلاد الروم والمرج موضع فیہا۔ والجمع جمع جمعۃ ترجمہ یہ سب کچھ سیف الدولہ کو ایسے حال مین حاصل ہوا کہ مقام مرج اُسکے لئے خالی کیا گیا تھا یعنے وہان کے باشندے بھاگ گئے تھے۔ اور شہر صارخہ مین اُسکے لئے منبر ایسے حال مین قائم کئے گئے تھے کہ اسمین جمعون کی نمازین جسمین امیر کا نام اور اُسکے لئے دعا پڑھی جاتی اہین پڑھی گئین۔

يُطْمِعُ الطَّيْرَ فِيْهِمْ طُوْلُ اَكْلِهِمِ ۔۔ حَتّٰى تَكَادُ عَلٰى اَحْيَائِهِمْ تَقَعُ

ترجمہ پرندے جو ایک عرصہ تک آدمیون کا گوشت کھاتے رہے تو وہ اُنکے کھانے کے طامع ہوگئے یہان تک کہ قریب ہی کہ اُن کے زندون پر جھپٹے لگا دین اور اُنکو اُچک لیجاوین۔

ولو رآہ حواریّوہم لبنوا ۔۔۔ علے محبّتہ الشرع الذی شرعوا

الحواریون اصحاب عیسے علیہ السلام ترجمہ اور اگر اُنکے حواری سیف الدولہ اور اُسکے عدل اور کرم کو دیکھتے تو ممدوح کی محبت پر اُس شرع کی جو اُنھون نے مقرر کی ہی بنا ڈال دیتے اور اہل روم کو ممدوح کا اتباع لازم ہوجاتا۔ حواریون کی نسبت رومیون کی طرف اسلئے کی کہ وہ مدعی اُنکے اتباع کے ہین۔

ذمّ الدُّمُستقُ عینیہ وقد طلعت ۔۔۔ سُودُ الغمامِ فظنّوا انّہا قزعُ

القزع المتفرق من السحاب واحدہ قزعۃ ترجمہ دمستق نے اپنی دونون آنکھونکی اُسوقت مذمت کی کہ ممدوح کے لشکر متواتر برنگ ابر سیاہ ظاہر ہوئے سو اُسنے اور اُسکے ہمراہیون نے یہ خیال کیا کہ یہ پارہاے ابر متفرق ہین۔ جب اُن کو تحقیق ہوا کہ یہ لشکر ہی تو دمستق اپنی آنکھونکی غلط بینی کی بُرائی کرنے لگا۔ یا یہ معنے ہین کہ اُسنے ابر عظیم دیکھا تو اُس کو پارہاے ابر سمجھا یعنے کثیر کو قلیل جانا جب اُسکو حقیقت حال کھلی تو اپنی آنکھونکی غلطی کے سبب اُنسے ناراض ہوا۔

فیہا الکماۃُ التی مفطومُہا رجلٌ ۔۔۔ علی الجیادِ التی حولیُّہا جذعُ

ضمیر فیہا السود الغمام۔ والکماۃ جمع کمی وہو الشجاع المکمی فی سلاحہ ای المستتر۔ والجذع الذی اتت علیہ حولان۔ والحولی الذی اتی علیہ حول۔ ترجمہ اُس ابر سیاہ مین ایسے دلیر کامل السلاح تھے کہ اُنکا صغیر بچہ جسکا ابھی دودھ چھڑایا ہی پورا مرد تھا اور ایسے عمدہ گھوڑون کے سوار تھے کہ اُنکا یکسالہ بچہ دو برس کا معلوم ہوتا تھا یعنے اُنکا صغیر بھی کبیر تھا۔

تُذری اللقانُ غبارًا فی مناخرِہا ۔۔۔ وفی حناجرِہا من آلسٍ جرعُ

اللقان موضع ببلاد الروم۔ وآلس نہر ہناک ترجمہ موضع لقان گھوڑونکے نتھنون مین اپنا غبار اُڑاتا تھا ایسے وقت مین کہ اُنکے گلونمین نہر آلس کے گھونٹ موجود تھے یعنی وہ گھوڑے ایسی تیزی سے جاتے تھے کہ آلس کا پانی ابھی اُنکے گلون سے نہین اُترا تھا کہ وہ لقان مین پہنچ گئے باوجودیکہ دونون جگھونمین بہت فاصلہ ہے۔

کأنّما تتلقّاہم لتسلکہم ۔۔۔ فالطعنُ یفتحُ فی الاجوافِ ما تسعُ

ترجمہ گویا ممدوح کے گھوڑے رومیونسے اسلئے ملتے تھے تاکہ اُنمین گھسجاوین اور اُنمین راہ بنالین کیونکہ اُنکے نیزونکی ضرب دشمنون کے شکمون مین اسقدر چوڑا زخم لگاتی تھی کہ اُنمین گھوڑے آسکین۔

تہدی نواظرَہا والحربُ مظلمۃٌ ۔۔۔ من الاسنّۃِ نارٌ والقنا شمعُ

ترجمہ ظلمت غبار مین جبکہ لڑائی کا میدان تاریک ہوتا ہی تو ممدوح کے گھوڑونکو نیزونکے بھالون کی روشنی راہ دکھاتی ہی اور خود نیزے بمنزلہ شمع ہوتے ہین۔ بھالون کو آگ سے تعبیر کیا اور نیزونکو شمع سے۔

دون السّہامِ ودون القرِّ طافحۃً ۔۔۔ علے نفوسہمُ المقوّرۃُ المُزَعُ

السہام بالفتح حر السموم۔ والقر البرد۔ وطفح اذا ذہب یعدو۔ والمقورۃ الضامرۃ۔ والمزع السریعۃ۔ وطافحۃ حال من الخیل

ترجمہ گرمی اور سردی سے پہلے یعنے ایام اعتدال ربیعی وخریفی مین اُنکی جانستانی کےئے ممدوح کے گھوڑے چھریرے جلد باز دشمنون پر بہت سرعت سے آتے ہین اور اُنکو مارتے اور لوٹتے ہین یعنی سال مین دو دفعہ دشمنون پر ممدوح جہاد کرتا ہی - اور روایت شارح ابن جنی سہام بکسر سین ہی یعنے تیرون کے اور فرینع فا ہی یعنی قبل اسکے کہ غازیون کے تیر دشمنون کے لگین اور وہ بھاگ جاوین ممدوح کے گھوڑے انکو آن مارتے ہین -

إِذَا دَعَا الْعِلْجُ عِلْجاً حَالَ بَيْنَهُمَا ۔۔۔ أَظْمَى تُفَارِقُ مِنْهُ أُخْتَهَا الضِّلَعُ

العلج رجل من کفار العجم - والاظمی الاسمر یرید بہا القناۃ ترجمہ جبکہ ایک کافر عجمی دوسرے کو اعانت کے واسطے بلاتا ہی تو اُن دونون کے بیچ مین ایک گندم گون نیزہ حائل ہو جاتا ہی کہ اُسکے زخم کے سبب پسلیان اپنی بہن یعنے متصل کی پسلی سے جُدا ہو جاتی ہین پس ایک دوسرے کی اعانت نہین کر سکتا -

أَجَلٌ مِنْ وَلَدِ الْفَقَّاسِ مُنْكَتِفٌ ۔۔۔ إِذْ فَاتَهُنَّ وَأَمْضَى مِنْهُ مُنْصَرِعُ

اجل وامضی مبتدا ان ومنکتف ومنصرع خبران لہما - والفقاس ہو الدمستق ابو جدہ اور رئیس جیش الروم ترجمہ اگر دمستق بھاگ گیا تو کیا افسوس ہی کیونکہ اُس سے بلند قدر اور زیادہ بہادر قیدی مشکین بندھے ہوئے ہین اور اُس سے زیادہ چلتے پرزے پچھڑے ہوئے اور مقتول ہین - یہ قیدی اور مقتول دمستق سے زیادہ بہادر اسلئے ہوتے کہ وہ بھاگ گیا اور یہ نہ بھاگے

وَمَا نَجَا مِنْ شِفَارِ الْبِيضِ مُنْفَلِتٌ ۔۔۔ نَجَا وَمِنْهُنَّ فِي أَحْشَائِهِ فَزَعُ

شفار البیض حد السیف ترجمہ اور جو انہین کا بھاگ کر بچگیا ہی حقیقت مین وہ بچا نہین جبکہ اُسکے باطن مین تیرے سوار ونکا خوف ہی کیونکہ وہ مارے ہیبت اور دہشت کے جو اُسنے بھگتی ہی آخر مرجا دیگیا جسکی یہ حالت ہی گو اُسکا وجود عدم برابر ہی -

يُبَاشِرُ الْأَمْنَ دَهْراً وَهُوَ مُخْتَبَلٌ ۔۔۔ وَيَشْرَبُ الْخَمْرَ حَوْلاً وَهُوَ مُمْتَقَعُ

المختبل الذاہل المضطرب - والممتقع المتغیر اللون ترجمہ وہ بھگوڑا اپنی قوم مین پہنچکر ایک عرصہ تک مامون ہا گر بد حواس اور ایک برس تلک شراب پیا کیا مگر تیرے خوف سے متغیر اللون رہا یعنے اُسکے مُنھ پر ہوائیان اُڑتی رہین باوجودیکہ شراب کا استعمال رنگ چہرہ کو سُرخ کر دیتا ہی -

كَمْ مِنْ حُشَاشَةِ بِطْرِيقٍ تَضَمَّنَهَا ۔۔۔ لِلْبَاتِرَاتِ أَمِينٌ مَالَهُ وَرَعُ

الحشاشۃ الرمق - البطریق الفارس من الروم - والباترات السیوف القواطع - والامین اراد بہ ہنا القید - والورع اصلہ الکف من المحارم ترجمہ بہت سی بقیہ جانین روم کے شہسوار کی ہین کہ اُنکے ضامن شمشیر ہائے بران کے لئے قید ہو گئی ہی جو پرہیزگار نہین ہی - یعنے بہت سے سوار ایسے ہین کہ اُنکی زندگی مین صرف ایک رمق باقی ہی اور وہ مقید ہین اور تلوارونکے لئے قید اُنکی ضامن ہی یعنے تلوارون سے قید نے یہہ کہہ لیا ہی کہ جب تم اُنکو قتل کے لئے مانگو گے مین اُنکو دیدونگی - امین کے لئے تقویٰ ضرور ہی مگر قید ایسی امین ہی جو صاحب تقوےٰ نہین ہے

اسکی وجہ اگلے شعر سے مفہوم ہوتی ہی۔

يُقَاتِلُ الْخَطْوَ عَنْهُ حِيْنَ يَطْلُبُهُ	وَيَطْرُدُ النَّوْمَ عَنْهُ حِيْنَ يَضْطَجِعُ

الضمیر فی یقاتل ویضطجع للامین وہوالقید۔ والضمیر المفعول فی یطلبہ للخطو وضمیر عنہ للماسور ترجمہ وہ قید اُس کو قدم نہین اُٹھانے دیتی جب قیدی قدم اُٹھانا چاہے اور جب وہ لیٹتا ہی تو وہ اُسکی نیند کو دور کرتی ہی اور یہہ ہی وجہ اُسکی نا پرہیزگاری کی ہی۔

تَغْدُو الْمَنَايَا فَلَا تَنْفَكُّ وَاقِفَةً	حَتّٰى يَقُوْلَ لَهَا عُوْدِيْ فَتَنْدَفِعُ

ترجمہ موتین جو صبح کو اُسکے پاس آتی ہین اور برابر کھڑی رہتی ہین اور اُسکے امر کی منتظر رہتی ہین کہ اگر ممدوح کہے قیدیو نسے ہٹ جاؤ تو فوراً لوٹ پڑتی ہین اور اگر قیدیون پر حملہ کرنے کو کہتا ہی تو اُنکو مارنے لگتی ہین۔

قُلْ لِلدُّمُسْتُقِ إِنَّ الْمُسْلِمِيْنَ لَكُمْ	خَانُوا الْأَمِيْرَ فَجَازَاهُمْ بِمَا صَنَعُوْا

المسلمین بفتح اللام من اسرہ الاعداء من المسلمین وقتلوہ ترجمہ ای مخاطب دمستق سے کہدے کہ جن لوگون کو تمنے قید اور قتل کیا ہی اُنھون نے امیر سیف الدولہ کی نافرمانی کی سو اُنکے جرم کے بدلے اُنکو خدا نے یہہ قید اور قتل کی سزا دی ہی اسکا قصہ یہہ ہی کہ جب سیف الدولہ رومیون کی جنگ سے فارغ ہوا اور اُنکے قتل و قید سے فرصت پائی تو اُس موضع سے روانہ ہوگیا۔ اور کچھ مسلمان واسطے علاج اپنے زخمون کے وہان رہ گئے اور بعض سوتے رہگئے تو دشمن نے آکر اُنکو قتل کردیا اور بعض کو مقید۔ چنانچہ اگلے شعر مین اسکا ذکر کرتا ہی۔

وَجَدْتُمُوْهُمْ نِيَامًا فِيْ دِمَائِكُمْ	كَأَنَّ قَتْلَاكُمْ إِيَّاهُمْ فَجَعُوْا

ترجمہ تم نے اُن مسلمانون کو اپنے مقتولون کے خونون مین سوتا پایا گویا تمھارے مقتولون نے اُنکو دردناک کیا تھا یعنی وہ مسلمان تمھارے مقتولون کے خیرخواہ تھے پس وہ قابل سزا تھے۔

ضَعْفٰى تَعِفُّ الْأَعَادِيْ عَنْ مِثَالِهِمِ	مِنَ الْأَعَادِيْ وَإِنْ هَمُّوْا بِهِمْ نَزَعُوْا

ضعفی جمع ضعیف ونزعت عن الشئ رغبت عنہ واعرضت ترجمہ وہ لوگ جنکو تم نے گرفتار کیا ایسے ناتوان تھے کہ دشمن اُن جیسے ضعیفون سے اعراض کرتے تھے یعنی اگر وہ لڑنے کا ارادہ کرتے تو دشمن اُنکے ضعف کے سبب اُنکی جنگ سے اعراض کرتے۔ خلاصہ یہہ کہ ایسے ناتوانونکا گرفتار کرنا بہادرونکا کام نہین ہی۔

لَا تَحْسَبُوْا مَنْ أَسَرْتُمْ كَانَ ذَا رَمَقٍ	فَلَيْسَ يَأْكُلُ إِلَّا الْمَيْتَةَ الضَّبُعُ

ترجمہ ای رومیو تم اُن لوگون کو جنکو تمنے قید کیا جیتا مت سمجھو بلکہ وہ بمنزلہ مردونکے تھے سو کفتار نہین کھاتی مگر مردہ کو۔ یعنے جب وہ مردے تھے تو تم مثل کفتار مردار خوار ہوئے۔

هَلَّا عَلٰى عَقَبِ الْوَادِيْ وَقَدْ صَعِدَتْ	أُسْدٌ تَمُرُّ فُرَادٰى لَيْسَ تَجْتَمِعُ

العقب جمع عقبۃ - وفرادی جمع فرد - واسد جمع اسد ترجمہ کیون نہ کھڑے رہے تم ناے کی گھاٹیون مین جبکہ سیف الدولہ کے بہادرش شیر اسپر چڑھ گئے تھے جو تنہا چلتے تھے اور ایک دوسرے کے سہارے کے لئے جمع نہین ہوتے تھے۔

تَشُقُّکُمُ بِقَنَاهَا کُلُّ سَلْهَبَۃٍ	وَالضَّرْبُ یَاخُذُ مِنْکُمْ فَوْقَ مَا یَدَعُ

السلہبۃ الطویلۃ من الخیل والمراد اصحاب الخیل ترجمہ حکایت حال ماضی کرتا ہی کہ ہر طویل گھوڑے کا سوار تمکو چیرتا ہی یا تمھارے لشکر کی صفین - اور حال یہ ہی کہ ضرب بہادران تم سے زیادہ لیتی ہو اور کمتر چھوڑتی ہی یعنی بکثرت قتل کرتی ہی۔

وَاِنَّمَا عَرَّضَ اللّٰہُ الْجُنُوْدَ بِکُمْ	لِکَیْ یَکُوْنُوْا بِلَا فَسْلٍ اِذَا رَجَعُوْا

عرض ہنا بمعنی ابتلیٰ والفسل الدنی العاجز من الرجال ترجمہ اور سوائے اس کے نہین ہی کہ خدا نے لشکر سیف الدولہ کے ان لوگونکو جو پیچھے رہگئے ای ردمیو تمھارے ساتھ مبتلا کیا تاکہ لشکر اسلام عاجز و اوباش سے خالی ہوجاوے جب بارہ تمپر حملہ کرے

فَکُلُّ غَزْوٍ اِلَیْکُمْ بَعْدَ ذَا فَلَہٗ	وَکُلُّ غَازٍ لِسَیْفِ الدَّوْلَۃِ التَّبَعُ

ترجمہ وہ جو جہاد اسکے بعد تمپر ہوگا وہ بکام سیف الدولہ ہوگا کیونکہ اب صرف دلیر لوگ اُسکے لشکر مین رہگئے ہین اور جو تمپر جہاد کریگا وہ اُسکا تابع ہوگا - یعنے یہ راہ اُسنے نکالی ہی اب جو ہوگا اُسکا مقلد ہوگا۔

یَمْشِی الْکِرَامُ عَلٰی اٰثَارِ غَیْرِھِمٖ	وَاَنْتَ تَخْلُقُ مَا تَاْتِیْ وَتَبْتَدِعُ

ترجمہ اور عمدہ لوگ اوروں کے نشان قدم پر چلتے ہین اور تو جو کرتا ہی وہ نئی بات ہوتی ہی یعنے تونے اور عمدہ امور کا موجد ہی۔

وَھَلْ یَشِیْنُکَ وَقْتٌ اَنْتَ فَارِسُہٗ	وَکَانَ غَیْرُکَ فِیْہِ الْعَاجِزُ الضَّرَعُ

الضرع الضعیف ترجمہ اور کیا تجکو وہ وقت عیب لگا سکتا ہی جسکا تو شہسوار رہا اور تیرا غیر اُسوقت مین عاجز و ضعیف نکلا یعنے تونے بڑی بہادری دکھائی اور تنہا ڈٹا رہا پس ضعیفون بزدلون کا عیب تجھ پر نہین لگ سکتا۔

مَنْ کَانَ فَوْقَ مَحَلِّ الشَّمْسِ مَوْضِعُہٗ	فَلَیْسَ یَرْفَعُہٗ شَیْءٌ وَلَا یَضَعُ

ترجمہ جو شخص کہ اُسکا مرتبہ آفتاب کے مرتبہ سے اونچا ہو تو اُسکو کوئی چیز بڑھا و گھٹا نہین سکتی۔

لَمْ یُسْلِمِ الْکَرُّ فِی الْاَعْقَابِ مُھْجَتَہٗ	اِنْ کَانَ اَسْلَمَھَا الْاَصْحَابُ وَالشِّیَعُ

الکر الاقدام فی الحرب مرۃ بعد اخریٰ - والاعقاب جمع عقبۃ - والشیع جمع شیعۃ ترجمہ اُسکے متواتر حملون نے گھاٹیون کی لڑائی مین اُسکی جان کو دشمنون کے سپرد نہین کیا اگرچہ اُسکی جان کو اُسکے یارون اور اتباع نے سپرد کر دیا تھا - یعنے ممدوح صرف بدولت اپنے متواتر حملون کے بچا ورنہ ہمراہی تو اُسکو چھوڑ کر چلے گئے تھے۔

لَیْتَ الْمُلُوْکَ عَلَی الْاَقْدَارِ مُعْطِیَۃٌ	فَلَمْ یَکُنْ لِدَنِیٍّ عِنْدَھَا طَمَعُ

ترجمہ کاش بادشاہ ہر کسی شاعر کو اُسکے مرتبہ کے موافق دیتے اگر ایسا کرتے تو بادشاہون کے پاس خسیس کو لالچ نہوتا - یہ تعریض ہی سیف الدولہ پر کہ وہ مجکو اور خسیس شاعرونکو عطا مین برابر کرتا ہی۔

	وَضِلِيتَ مِنهُم بِأَن ذُقتَ الوَغَى فَرَأَوَا	وَإِن قَرَعتَ حَبِيكَ البَيضِ فَاستَمَعُوا	

حبیک البیض الطرائق التی فی السیوف والواحد حبیکۃ ترجمہ ای ممدوح تو اور شاعر وں نے اس بات پر راضی ہو گیا کہ تو لڑائی مین گھسا اور اُنھون نے تجھے دور سے دیکھ لیا اور اگر تو نے شمشیر زنی کی تو اُنھون نے اُسکی آواز سن لی یعنے وہ تیرے ساتھ ہو کر لڑتے نہین ہین دور سے تماشا دیکھتے ہین اور مین شریک جنگ ہوتا ہون پھر اُنکو میرے موافق کیون بخشش دیجاتی ہی۔

	لَقَد أَبَاحَكَ غِشًّا فِی مُعَامَلَۃٍ	مَن كُنتَ مِنهُ بِغَيرِ الصِّدقِ تَنتَفِعُ	

ترجمہ جو شخص ایسا ہی کہ تو اُسکی جھوٹی بات سے منتفع ہوتا ہی یعنے وہ تیرے روبرو جھوٹی باتین بناتا ہی اور اپنے کو بہادر بتاتا ہی تو اُسنے تیرے روبرو معاملہ مین فریب کو مباح سمجھا یعنے وہ فریبی ہی اُسکو دفع کرنا چاہیے۔

	أَلدَّهرُ مُعتَذِرٌ وَالسَّيفُ مُنتَظِرٌ	وَأَرضُهُم لَكَ مُصطَافٌ وَمُرتَبَعُ	

المصطاف والمرتبع المنزل فی الصیف والربیع ترجمہ تیرے لشکر کے درماندہ وضعفاء کے قتل کی بابت زمانہ تجھ سے عذر خواہ ہی۔ اور تلوار تیرے دوبارہ حملہ کی منتظر ہی کہ کب تو حملہ کرے اور دشمنون سے انتقام لے اور اُنکی زمین تیرے لیے فرودگاہ گرما اور موسم بہار ہی کوئی تجھکو روک نہین سکتا۔

	وَمَا الجِبَالُ لِنَصرَانٍ بِحَامِيَۃٍ	وَلَو تَنَصَّرَ فِيهَا الأَعصَمُ الصَّدَعُ	

النصرانی منسوب الی ناصرۃ وہی مدینۃ اوموضع۔ والاعصم الوعل الذی فی احدی یدیہ بیاض وفی رجلیہ والصدع الوعل العوان ترجمہ اور اب پہاڑ کسی نصرانی کی پناہ دینے والے نہون گے اگرچہ اُن پہاڑون کے بزہائے جوان کوہی نصرانی بنجاوین تبھی پہاڑ اُنکے حامی نہون گے۔

	وَمَا حَمِدتُكَ فِی هَولٍ ثَبَتَّ لَهُ	حَتَّى بَلَوتُكَ وَالأَبطَالُ تَمتَصِعُ	

الامتصاع شدۃ القراع بالسیوف۔ وبلوتک اختبرتک ترجمہ اور تیرے کسی خوفناک مقام پر جمے رہنے کی مین نے تعریف نہین کی جب تلک کہ یعنے تیرا امتحان اُسوقت مین کر بہادر لوگ کھٹا کھٹ شمشیر زنی کرتے تھے نہین کیا یعنے یہ تیری تعریف اُسوقت کی ہی جب تیری بہادری کا معائنہ اور امتحان کر لیا ہی۔

	فَقَد يُظَنُّ شُجَاعًا مَن بِهِ خَرَقٌ	وَقَد يُظَنُّ جَبَانًا مَن بِهِ زَمَعُ	

الخرق الطیش والخفۃ وقیل الدہش من الخوف اوالحیاء۔ والزمع رعدۃ تعتری الشجاع من الغضب ترجمہ کیونکہ کبھی وہ بہادر خیال کیا جاتا ہی جسکے مزاج مین ہلکا پن ہوتا ہی حال آنکہ وہ بہادر نہین ہی اور کبھی وہ شخص نامرد خیال کیا جاتا ہی جو غصہ سے کانپنے لگے باوجودیکہ یہ عین بہادری ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ اکثر خیال غلط نکلتے ہین اور مردی اور نامردی کا فیصلہ بے تجربہ نہین ہو سکتا۔

	إِنَّ السِّلَاحَ جَمِيعُ النَّاسِ تَحمِلُهُ	وَلَيسَ كُلُّ ذَوَاتِ المِخلَبِ السَّبُعُ	

المخلب للطیر والسباع بمنزلۃ الظفر للانسان ترجمہ بیشک ہتیار سب لوگ اُٹھاتے ہین مگر بہادر کوئی ہی ہوتا ہی دیکھو ہر پنجہ دار درندہ نہین ہوتا ہی۔ یعنی سیف الدولہ کی سی صورت سب بناتے ہین مگر سیرت کہان سے لاوین۔

وقال فی صباہ

حُشَاشَۃُ نَفْسٍ وَدَّعَتْ یَوْمَ وَدَّعُوا	فَلَمْ اَدْرِ اَیَّ الظَّاعِنَیْنِ اُشَیِّعُ

ترجمہ میری بقیہ جان مجھ سے رخصت ہوئی اُس روز کہ دوست رخصت ہوئے سو مین نہین جانتا کہ ان دونون جانے والون سے کسکو رخصت کرنے جاؤن یعنے دو پیاری چیزین جان اور دوست جاتے ہین اب مین کسکی مشایعت کرون حیران ہون

اَشَارُوْا بِتَسْلِیْمٍ فَجُدْنَا بِاَنْفُسٍ	تَسِیْلُ مِنَ الْاٰمَاقِ وَالسَّمُّ اَدْمُعُ

السم یرید بہ الاسم ترجمہ دوستون نے سلام رخصت کا اشارہ کیا اور ہم نے اپنی جانین دے ڈالین جو ہمارے گوشہ ہائے چشم سے بہتی تھین اور اُنکا نام آنسو تھا یعنے وہ اشک درحقیقت ہماری ارواح تھے جو بصورت آنسو نکلتے تھے۔

حَشَایَ عَلٰی جَمْرٍ ذَکِیٍّ مِّنَ الْھَوٰی	وَعَیْنَایَ فِیْ رَوْضٍ مِّنَ الْحُسْنِ تَرْتَعُ

ترجمہ میرے اعضائے باطنی جنکا افسر دل ہی بسبب صدمہ فراق احباب انکے عشق کے باعث ایک جلتی چنگاری پر دھرے ہوئے ہین اور میری دونون آنکھیں باغہائے حسن مین چرتی ہین بسبب دیدار احباب کے۔

وَلَوْ حُمِّلَتْ صُمُّ الْجِبَالِ الَّذِیْ بِنَا	غَدَاۃَ افْتَرَقْنَا اَوْشَکَتْ تَتَصَدَّعُ

ترجمہ اور وہ صدمہ جو ہمکو بوقت صبح جدائی تھا اگر اُسکو ٹھوس پہاڑون پر رکھا جاتا تو قریب تھا کہ وہ پھٹ جاتے۔

التی	بِمَا بَیْنَ جَنْبَیَّ الَّذِیْ خَاضَ طَیْفُھَا	اِلَیَّ الدَّیَاجِیْ وَالْخَلِیُّوْنَ ھُجَّعُ

الباء متعلقۃ بمحذوف تقدیرہ افدیہا بما بین جنبی یرید روحہ اوالتی مطابقۃ بتلاف لروحی التی بین جنبی ترجمہ اپنی روح کو جو درمیان میرے دو پہلوؤن کے ہی اُس محبوبہ پر فدا کرتا ہون کہ اُسکے خیال کا میرے پاس تاریکیون مین گھس آنا ایسے حالین ہوا کہ عشق سے خالی لوگ سوتے تھے۔

اَتَتْ زَائِرًا مَا خَامَرَ الطِّیْبُ ثَوْبَہٗ	وَکَالْمِسْکِ مِنْ اَرْدَانِھَا یَتَضَوَّعُ

زائرا حال وتذکیرہ لانہ اراد الطیف ترجمہ وہ محبوبہ براہ خیال میرے پاس ایسی کیفیت سے آئی کہ خوشبو اُس کے لباس کو نہین لگی ہوئی تھی مگر اُسکی آستینون سے مثل مشک خوشبو نکلتی تھی یعنے وہ بالطبع خوشبو دار ہی اُس کو خوشبو لگانے کی حاجت نہین ہی۔

وَمَا جَلَسَتْ حَتّٰی انْثَنَتْ تُوْسِعُ الْخُطَا	کَفَاطِمَۃٍ عَنْ دَرِّھَا قَبْلَ تُرْضِعُ

ترجمہ اور وہ نہ بیٹھی اور لوٹ گئی ایسے حال مین کہ وہ قدم بڑے بڑے رکھتی تھی مثل اُس مرضعہ کے کہ اُس نے اپنے بچہ کا دودھ قبل اُسکی سیری کے چھڑا لیا ہو کسی ضرورت کے سبب اور پھر وہ جلد دودھ پلانے جاتی ہی۔

فَشَرَّدَ اِعْظَامِی لَهَا مَا اَتَی بِهَا ۔ مِنَ النَّوْمِ وَالْتَاعَ الْفُؤَادُ الْمُفَجَّعُ

اعظمتہ اکبرتہ - والتاع احترق داعظامی فاعل شرد و ما اتی بہا مفعولہ ترجمہ سو مین جو اُس خیال یعنے محبوبہ کی تعظیم کو اُٹھا تو اُسنے اُس چیز کو بھگا دیا جسکو اُس کا خیال کسی قدر خواب کو لایا تھا یعنی مجکو تو نیند بالکل آتی ہی نتھی مگر اُسکے خیال مین کچھ آنکھ لگ گئی تھی اب جو اُسکی تعظیم کو اُٹھا تو وہ نیند اُڑ گئی اور جب بحالت بیداری اُسکو موجود نہ پایا تو میرا دلِ دردمند فراق کی آتش سے جلنے لگا۔

فَيَا لَيْلَةً مَا كَانَ اَطْوَلَ بِتَّهَا ۔ وَسُمُّ الْاَفَاعِي عَذْبٌ مَا اَتَجَرَّعُ

یریدہ ماکان اطولہا فی بت الضمیر لاقامۃ الوزن ترجمہ سواے دوست افسوس کہ اُس رات پر کہ وہ کسقدر دراز تھی- یعنے اُسکو ایسے حال مین بسر کیا کہ افعی سانپون کا زہر اُس سے شیرین تھا جس تلخی کو مین پیتا تھا۔

تَذَلَّلْ لَهَا وَاخْضَعْ عَلَى الْقُرْبِ وَالنَّوَى ۔ فَمَا عَاشِقٌ مَنْ لَا يَذِلُّ وَيَخْضَعُ

ترجمہ محبوبہ کے سامنے اظہار اپنی ذلت کا کر- اور اُس کا بحالت قرب و بعد مطیع رہ کیونکہ وہ شخص عاشق صادق نہین ہی جو معشوق سے بخشوع و خضوع پیش نہ آوے۔

وَلَا ثَوْبُ مَجْدٍ غَيْرَ ثَوْبِ ابْنِ اَحْمَدٍ ۔ عَلَى اَحَدٍ اِلَّا بِلُؤْمٍ مُرَقَّعُ

من روی ثوب مجد بالرفع جعلہ عطفا علے قولہ ما عاشق ومن نصبہ جعلہ اضافۃ منفصلۃ ترجمہ اور لباس خالص مجد و شرف کا کسی پر سواے لباس ابن احمد کے نہین ہی اور اگر ہی تو اُسمین خست کا پیوند لگا ہوا ہی۔

وَاِنَّ الَّذِي حَابَا جَدِيلَةَ طَيِّئٍ ۔ بِهِ اللهُ يُعْطِي مَنْ يَشَاءُ وَيَمْنَعُ

حابا بمعنے اعطے- وجدیلۃ بطن من طئ- وبہ خبر ان ترجمہ اور بیشک وہ شخص یعنے ممدوح جو خدا نے جدیلہ طی کو عنایت فرمایا ہی وہ ہی کہ اُسکے ذریعہ سے خدا جسکو چاہتا ہی دیتا ہی اور جس سے چاہتا ہی روکتا ہی کیونکہ وہ بادشاہ ہی جسکے سپرد خدا نے نفع و نقصان خلق کر دیا ہی۔

بِذِي كَرَمٍ مَا مَرَّ يَوْمٌ وَشَمْسُهُ ۔ عَلَى رَأْسِ اَوْفَى ذِمَّةً مِنْهُ تَطْلُعُ

بذی کرم بدل من قولہ بہ اللہ- وذمۃ منصوب علی التمیز- واوفے صفۃ محذوف ای علی راس رجل اوفی ترجمہ اور خدا دیتا ہی اور لیتا ہی بذریعہ ایسے سخی کے کہ کوئی روز ایسا نہین گذرتا جس کا آفتاب طلوع کرے ایسے شخص پر جو ایفائے ذمہ مین اُس سے بڑھکر ہو بلکہ وہ ہی سب سے بڑھکر ہو۔

فَاَرْحَامُ شِعْرٍ يَتَّصِلْنَ لَدُنَّهُ ۔ وَاَرْحَامُ مَالٍ مَا تَنِي تَتَقَطَّعُ

قال ابو الفتح قولہ لدنہ فیہ قبح وشناعۃ ولیس ہو معروفا فی کلام العرب ولیس لیسد الا اذا کان فیہا نون اخری تخوانی وقد یجیئ لابی الطیب فیقال شبہ بعض النونین بعضہا ببعض کما یقال لدنی فیقال لدنہ وماتنی اے لا تزال

قال الواحدی ہو من الولیٰ وہو الضعف فوضعہ موضع لایزال لانہا اذالم تفتر عن القطع یکون بمعنے لایزال تنقطع ترجمہ اُسکے پاس ارحام یعنے قرابتین شعر کی متصل ہوتی ہین یعنے وہ شعر سُنتا ہی اور اُس پر صلہ نمایان دیتا ہی تو گویا ممدوح اور شعر مین ایک تعلق حاصل ہوتا ہی مثل صلہ رحم کے۔ اور یہ بھی معنے ہوسکتے ہین کہ وہ ہمیشہ اشعار مدحیہ سُنتا رہتا ہی اور بعض اشعار بعض سے متصل ہوجاتے ہین جیسا بعض ارحام بعض سے متصل ہوتے ہین۔ اور اُسکے ارحام مال ہمیشہ منقطع ہوتے رہتے ہین۔ یعنی اُنکو اکٹھا نہین ہونے دیتا سائلون کو دے ڈالتا ہی تو گویا یہ قطع رحم ہی۔

فَتًی اَلْفُ جُزْءٍ رَأْیُهٗ فِیْ زَمَانِهٖ ۔ اَقَلُّ جُزَیٍّ بَعْضُهُ الرَّأْیُ اَجْمَعُ

رأیہ مبتدء والف جزء خبرہ مقدمًا علیہ وترتیب الکلام فتی رأیہ الف جزء اقل جزء من ہذہ الاجزاء الالف بعضہ ای بعض الاقل الذی فے ایدی الناس ترجمہ ممدوح ایک جوانمرد ہی کہ اُس کی رائے کے اُسکے زمانہ مین ہزار ٹکڑے ہین ان ہزار مین سے اقل ٹکڑے کا بعض وہ ہی جو سب لوگون کی عقل کا مجموعہ ہی تو تمام لوگ اُسکی عقل کے ہزارون حصہ کے بعض سے اپنی کارروائی کرتے ہین۔

غَمَامٌ عَلَیْنَا مُمْطِرٌ لَیْسَ یَقْشَعُ ۔ وَلَا الْبَرْقُ فِیْهِ خُلَّبًا حِیْنَ یَلْمَعُ

خلبا خبر لیس کانہ قال لیس ہو مقشعًا ولیس البرق فیہ خلبا۔ یقشع یتفرق ترجمہ وہ باران جود ہی کہ اُسکی عطا ہم پر برابر برستی ہی اور وہ کبھی متفرق نہین ہوتا یعنے وہ اس باران معمولی کے موافق نہین ہی کہ کبھی برستا ہی اور کبھی کھل جاتا ہی اور اُسکی بجلی جب چمکتی ہو بے باران نہین ہوتی۔ یعنے جو اُمید اُس سے کیجاتی ہو اُسے پوری کرتا ہی۔

اِذَا عَرَضَتْ حَاجٌ اِلَیْهِ فَنَفْسُهٗ ۔ اِلٰی نَفْسِهٖ فِیْهَا شَفِیْعٌ مُشَفَّعُ

الحاج جمع حاجۃ ترجمہ جب سائلون کی حاجات اُسکے پاس ظاہر ہوتی ہین تو خود اُسکی طبیعت اپنی طبیعت کیطرف ان حاجتون کے برلانے کے لئے ایک شفیع مقبول الشفاعۃ ہوتی ہی کسی دوسرے کی شفاعت کی حاجت نہین پڑتی۔

خَبَتْ نَارُ حَرْبٍ لَمْ تَهِجْهَا بَنَانُهٗ ۔ وَاَسْمَرُ عُرْیَانٌ مِنَ الْقِشْرِ اَصْلَعُ

واسمر معطوف علی بنانہ واراد بالاسمر القلم وجعلہ اصلع لملاستہ کالراس الاصلع الذی لانبت فیہ ترجمہ وہ لڑائی کی آگ جسکو اُسکی انگلیون اور اُس کے گندم گون قلم نے جو پوست سے برہنہ ہی اور سپاٹ ہی نہین بھڑکایا ہی وہ بجھ جاتی ہی عرصہ تلک نہین رہتی اور اُسکی لڑائی کی آگ بسبب اُسکی علو ہمت اور کثرت سامان حرب نہین بجھتی۔

نَحِیْفُ الشَّوٰی یَعْدُوْ عَلٰی اُمِّ رَاْسِهٖ ۔ وَیَحْفٰی فَیَقْوٰی عَدْوُهٗ حِیْنَ یُقْطَعُ

نحیف نعت لاسمر۔ والشوے الاطراف الیدان والرجلان والراس ترجمہ وہ قلم باریک اطراف ہی کہ اپنے کھوپڑی کے بل دوڑتا ہی اور جبکہ وہ تھک جاتا ہی تو اُس کا دوڑنا قوی ہوجاتا ہی جبکہ اُس کا سر کاٹا جاتا ہی یعنے اُس کو قط لگایا جاتا ہی۔

یَمُجُّ ظَلَامًا فِیْ نَهَارٍ لِسَانُهٗ	وَیُفْهِمُ عَمَّنْ قَالَ مَا لَیْسَ یَسْمَعُ

ترجمہ اسکی زبان تاریکی یعنے سیاہی سفید روشن چیز یعنے کاغذ پر اگلتی ہی اور قائل یعنے کاتب کی طرف سے مکتوب الیہ کو وہ مضمون سمجھا دیتا ہی جسکو وہ اپنے کانون سے نہین سُنتا۔

ذُبَابُ حُسَامٍ مِنْهُ أَنْجَی ضَرِیْبَةً	وَأَعْصٰی لِمَوْلَاهُ وَذَا مِنْهُ أَطْوَعُ

ضریبۃ تیز دہی بمعنے المضروب۔ والحسام من الحسم وہو القطع ترجمہ دھار شمشیر بران کی مضروب کے لئے بہ نسبت قلم ممدوح زیادہ نجات دہندہ ہی کیونکہ جسپر تلوار ماری جاتی ہی وہ کبھی بسبب اُچٹ جانے تلوار کے بچ بھی جاتا ہی اور قلم کا مارا پانی بھی نہین مانگتا۔ اور تلوار بہ نسبت قلم کے اپنے مالک کی زیادہ نافرمان ہی کہ وہ کبھی مضروب کو کاٹتی ہی اور کبھی نہین اور قلم تلوار کی بہ نسبت اپنے مالک کا زیادہ فرمان بردار ہی جو وہ لکھنا چاہتا ہی وہ ہی لکھدیتا ہی۔

فَصِیْحٌ مَتٰی یَنْطِقْ تَجِدْ کُلَّ لَفْظَةٍ	أُصُوْلَ الْبَرَاعَاتِ الَّتِیْ تَتَفَرَّعُ

البراعۃ کمال الفصاحۃ ترجمہ قلم ممدوح ایک کامل فصیح ہی جب وہ بولتا ہی تو اُسکے ہر لفظ کو تو اصول فصاحات پاوے گا جسپر تمام لوگ اپنے کلام کو مبنی کرتے ہین یعنے تمام لوگون کی فصاحت ممدوح کی فصاحت کی شاخ ہی۔

بِکَفِّ جَوَادٍ لَوْ حَکَتْهَا سَحَابَةٌ	لَمَا فَاتَهَا فِی الشَّرْقِ وَالْغَرْبِ مَوْضِعُ

ترجمہ وہ قلم ایک ایسے سخی کے ہاتھ مین ہی کہ اگر اُسکے مشابہ ابر ہو جاوے اور برسے تو کوئی مقام مشرق و مغرب مین اُس سے نہ بچے یعنے سب غرق ہو جاوین یا اُس کا فیض سب کو پہنچے۔

وَلَیْسَ کَبَحْرِ الْمَاءِ یَشْتَقُّ قَعْرَهٗ	إِلٰی حَیْثُ یَفْنَی الْمَاءُ حُوْتٌ وَضِفْدَعُ

ترجمہ اُسکا دریائے عطا مثل پانی دریا کے نہین کہ مچھلی اور مینڈک اُس کے قعر کو چیر کر وہان تلک پہنچ جاوین جہان پانی تمام ہو جاوے۔

أَبَحْرٌ یَضُرُّ الْمُعْتَفِیْنَ وَطَعْمُهٗ	زُعَاقٌ کَبَحْرٍ لَا یَضُرُّ وَیَنْفَعُ

المعتفون السائلون۔ والزعاق مر الطعم لایمکن شربہ ترجمہ کیا یہ دریائے رسمی جو سائلونکو غرق کرکے نقصان پہنچاتا ہی اور اُس کا مزہ نہایت تلخ ہی مثل اُس دریا کے ہو سکتا ہی جو سبکو نفع پہنچاتا ہی اور کسی کو نقصان نہین پہنچاتا یعنے کیا وہ دریا مثل ممدوح کثیر العطا کے ہو سکتا ہی۔ ہرگز نہین ہو سکتا۔

یَتِیْهُ الدَّقِیْقُ الْفِکْرِ فِیْ بُعْدِ غَوْرِهٖ	وَیَغْرَقُ فِیْ تَیَّارِهٖ وَهُوَ مِصْقَعُ

الدقیق الفکر تقدیرہ الرجل الدقیق الفکر۔ والغمیر البحر۔ والتیار المواج۔ والمصقع الفصیح البلیغ ترجمہ ممدوح ایسا عظیم الشان دریا ہی کہ شخص باریک فکر اُس کے گہراؤ کی دوری مین حیران ہو جاتا ہی اور اُس مواج دریا مین باوجود اپنی فصاحت و بلاغت کے غرق ہو جاتا ہی یعنی اُسکی تعریف کما حقہ نہین کر سکتا۔

أَلَا أَيُّهَا الْقَيْلُ الْمُقِيمُ بِمَنْبِجٍ ۔۔۔ وَهِمَّتُهُ فَوْقَ السِّمَاكَيْنِ تُوضِعُ

القیل الملک من ملوک حمیر وجمعہ اقیال۔ ومنبج بلدۃ بقرب الفرات من ارض الشام۔ والسماکان کوکبان الرامح والاعزل۔ وتوضع من الایضاع وہو الاسراع ترجمہ ای بادشاہ جو بمقام منبج مقیم ہی اور اُس کی ہمت دونون ستارون سماکین کے روبرو دوڑی پھرتی ہی۔ جواب ندا اگلے شعر مین ہی۔

أَلَيْسَ عَجِيبًا أَنَّ وَصْفَكَ مُعْجِزٌ ۔۔۔ وَأَنَّ ظُنُونِي فِي مَعَالِيكَ تَظْلَعُ

عجیبا خبر لیس واسمہا ان وصفک۔ وظلعت الدابۃ اذا عرجت ترجمہ کیا یہ بات عجیب نہین ہی کہ تیرا وصف مجکو عاجز کرنیوالا ہی کہ میری جودت طبع وہان کچھ نہین کرسکتی ہی اور بھی یہ بات کہ میری فکر تیری بلند نامی تک پہنچنے سے پہلے لنگ کرتی ہی

وَأَنَّكَ فِي ثَوْبٍ وَصَدْرُكَ فِيكُمَا ۔۔۔ عَلَى أَنَّهُ مِنْ سَاحَةِ الْأَرْضِ أَوْسَعُ

صدرک مرفوع مبتدء مستانف۔ والظرف معمول الخبر ترجمہ اور کیا یہ امر عجیب نہین ہی کہ تیرا جسم اپنے جامہ مین ہی اور تیرا سینہ تیرے جسم اور تیرے جامہ مین باین ہمہ تیرا سینہ فراخی زمین سے زیادہ وسیع ہی۔

وَقَلْبُكَ فِي الدُّنْيَا وَلَوْ دَخَلَتْ بِنَا ۔۔۔ وَبِالْجِنِّ فِيهِ مَا دَرَتْ كَيْفَ تَرْجِعُ

قلبک مرفوع بالابتداء ومن نصبہ عطفہ علے اسم ان فیما قبلہ ترجمہ اور تیرا دل دنیا مین ہی اور حال یہ ہی کہ اگر دنیا ہمکو اور جنون کو لیکر اسمین داخل ہوجاوے تو بسبب وسعت دل دُنیا کو لوٹنے کی راہ معلوم نہو اور بھٹکتی پھرنے لگے۔

أَلَا كُلُّ سَمْحٍ غَيْرَكَ الْيَوْمَ بَاطِلٌ ۔۔۔ وَكُلُّ مَدِيحٍ فِي سِوَاكَ مُضَيَّعُ

السمح السخی ترجمہ سن ہر سخی آج سوائے تیرے نکما ہی اور ہر تعریف تیرے سوا بیکار ہی کیونکہ سوا تیرے کوئی مستحق تعریف نہین ہی

وقال فی صباہ علی لسان من سالہ ذلک

شَوْقِي إِلَيْكَ نَفَى لَذِيذَ هُجُوعِي ۔۔۔ فَارَقْتَنِي فَأَقَامَ بَيْنَ ضُلُوعِي

الہجوع النوم ترجمہ تیری طرف میرے مشتاق ہونے نے میرے خواب شیرین کو مجھسے دور کردیا تو مجھ سے جدا ہوا تو وہ شوق میرے دل مین رہ پڑا۔

أَوَمَا وَجَدْتُمْ فِي الصَّرَاةِ مُلُوحَةً ۔۔۔ مِمَّا أُرَقْرِقُ فِي الْفُرَاتِ دُمُوعِي

الصراۃ نہر یاخذ من الفرات فینسکب فی دجلۃ ورقرق الماء صبہ ترجمہ کیا تم نے نہر صراۃ مین جسپر تم مقیم ہو میرے اشکون سے جو مین فراق مین گراتا ہون نمکینی نہین پائی کیونکہ اشکہائے غم نمکین ہوتے ہین اور اشکہائے فرح شیرین۔

مَا زِلْتُ أَحْذَرُ مِنْ وَدَاعِكَ جَاهِدًا ۔۔۔ حَتَّى اغْتَدَى أَسَفِي عَلَى التَّوْدِيعِ

ترجمہ مین بخوف فراق تیرے رخصت کرنیسے جو رنج دینے والی چیز ہی ہمیشہ بہت خائف تھا اب یہان تک بسبب طول فراق نوبت پہنچی ہی کہ میرا افسوس رخصت کرنے پر ہی یعنی خواہان تودیع ہون کہ اسمین دیدار اور معانقہ اور شکوہ تو ہوتا ہی۔

رَحَلَ الْعَزَاءُ بِرِحْلَتِي فَكَأَنَّمَا ۔۔۔ أَتْبَعْتُهُ الْأَنْفَاسَ لِلتَّشْيِيعِ

اتبعتہ جلتہ تابعًا ترجمہ جب میں تم سے رخصت ہوا تو میری رخصت کے ساتھ ہی میرا صبر بھی رخصت ہوگیا سو گویا میں نے اپنے انفاس کو متابعت کے لئے صبر کے پیچھے پیچھے کردیا ہی یعنی اب میری زندگی کی کوئی صورت نہین ہی۔

وقال یمدح علی بن ابراہیم التنوخی

مُلِثَّ الْقَطْرِ اَعْطِشْهَا رُبُوْعَا	وَاِلَّا فَاسْقِهَا السَّمَّ النَّقِیْعَا

ربوعًا منصوب علے التمیز یرید من ربوع - والملث الدائم المقیم - والربوع جمع ربع وہو المنزل والنقیع المنقوع ترجمہ ای جھکے برسنے والے باران تو ان منازل سابقہ محبوبہ کو تشنہ رکھ اور آپ مت برس اور اگر تجکو اُنکا تشنہ رکھنا منظور نہین ہی تو اُنکو گھلا ہوا زہر پلا وے - وجہ عتاب اگلے شعر مین ہی۔

اُسَائِلُهَا عَنِ الْمُتَدَیِّرِیْهَا	فَلَا تَدْرِیْ وَلَا تُذْرِیْ دُمُوْعَا

اضاف الی الضمیر والاصل المتدیرین فیہا ای متخذیہا دارًا - تذری ای تلقی دموعا ترجمہ مین اُن گھرون سے اُنکے رہنے والون کا حال دریافت کرتا ہون تو وہ کچھ نہین جانتے اور نہ میرے ساتھ ہو کر روتے ہین۔

لَحَاهَا اللّٰهُ اِلَّا مَاضِیَیْهَا	زَمَانَ اللَّهْوِ وَالْخَوْدَ الشَّمُوْعَا

اصل اللحا القشر ومنہ لحوت العود اذا قشرتہ ثم صار یستعمل فے الدعاء - والخود المرأۃ الناعمۃ - والشموع اللعوب المزاحۃ ترجمہ ان گھرون کو خدا ہلاک کرے کہ وہ میرے سوال کا جواب نہین دیتے اور نہ میرے ساتھ ہو کر روتے ہین مگر اُن کے دو زمانون گذشتہ کا بھلا کرے ایک تو زمانہ لہو لعب کا جو اُن مین گزرا اور دوسرا زن نازک اندام خوش طبع ہنسوڑ کے وصل کا زمانہ۔

مُنَعَّمَةٌ مُمَنَّعَةٌ رَدَاحٌ	یُکَلِّفُ لَفْظُهَا الطَّیْرَ الْوُقُوْعَا

الرداح الضخمۃ العجیزۃ ترجمہ وہ خوش حال اور محفوظہ ہی کہ ہر کوئی اُس پاس نہین جاسکتا اور کلان سرین ہی۔ اُسکا تلفظ ایسا نرم و پاکیزہ ہی کہ پرندون کو اُترنے کی تکلیف دیتا ہی۔

تَرَفَّعُ ثَوْبَهَا الْاَرْدَافُ عَنْهَا	فَیَبْقٰی مِنْ وِشَاحَیْهَا شُسُوْعَا

الوشاحین قلادتین تتوشح بہا المرأۃ ترسل احدہما علے الجنب الایمن والاخری علے الایسر الشسوع البعید ترجمہ اُسکے سرین کلان اُس کے لباس کو اُسکے تن سے جدا رکھتے ہین سو اُسکا لباس اُسکے دونون بدھیون سے جو بجانب دست راست وچپ پہنے ہوتے ہی دور رہتا ہی۔

اِذَا مَاسَتْ رَاَیْتَ لَهَا ارْتِجَاجًا	لَهٗ لَوْلَا سَوَاعِدُهَا نَزُوْعَا

الضمیر فے لہ للثوب - ونزوعا صفۃ للارتجاج - وماست مشت متبخترۃ - والارتجاج الاضطراب والحرکۃ ترجمہ جب وہ تبختر سے چلتی ہی تو اُس کے سرینون کو ایسی حرکت تو دیکھے گا جو اُس کے لباس کو اُتارنے والی ہو اگر اُس کے

دونون ہاتھ یا بازو ہون یعنے اُس کے بازو دیکھ جو آستینین ہین وہ لباس کو اُسکے جسم سے اُترنے نہین دیتین ورنہ اُسکا لباس اُسکے بدن سے بسبب کثرت جنبش تبختر جدا ہو جاتا۔

تَأَلَّمُ دَرْزَهُ وَالدَّرْزُ لَيِّنٌ … كَمَا تَتَأَلَّمُ الْعَضْبَ الصَّنِيعَا

الضمیر فی تتألم للمرأة فی الوضعین - والدرز موضع الخیاطة - والعضب السیف - والصنیع المحکم الصقال و الصنعة ترجمہ سیون جامہ باوجود اپنی نرمی کے اُسکو ایسی تکلیف دیتی ہے جیسے وہ شمشیر صیقلدار سے تکلیف اُٹھاوے اُس کی نزاکت بدن کی تعریف کرتا ہے

ذِرَاعَاهَا عَدُوَّا دُمْلُجَيْهَا … يَظُنُّ ضَجِيعُهَا الزَّنْدَ الضَّجِيعَا

ترجمہ اُسکے دونون بازو اُسکے دونون بازوبند کے دشمن ہین یعنے وہ ایسی فربہ وگداز ہے کہ اُسکے بازوبند اُس کے بازوؤن مین تنگ آتے ہین اور اُنکو توڑے دیتے ہین بسبب اپنے فربہی بازو کے جب وہ کسی کے پاس سوتی ہے تو اُس کا ہمخواب اُس کے بازو کو اپنا ہمخواب سمجھتا ہے نہ محبوبہ کو۔

كَأَنَّ نِقَابَهَا غَيْمٌ رَقِيقٌ … يُضِيءُ بِمَنْعِهِ الْبَدْرَ الطُّلُوعَا

یضیٔ لازم لا متعدی - والبدر منصوب مبنعہ ای منع البدر ترجمہ گویا اُسکا نقاب ایک ہلکا ابر ہے کہ وہ روشن ہے اس سبب سے کہ وہ بدر کو ظاہر نہین ہونے دیتا - یعنے جیسا باریک ابر جب بدر پر آجاتا ہے تو وہ بدر کی روشنی سے منور ہوتا ہے ایسا ہی نقاب اُس کا چہرہ کی روشنی سے روشن ہے - کیا لطیف تشبیہ ہے۔

أَقُولُ لَهَا اكْشِفِي ضُرِّي وَقَوْلِي … بِأَكْثَرَ مِنْ تَدَلُّلِهَا خُضُوعَا

خضوعا تمیز تقدیرہ باکثر خضوعا ترجمہ مین اُس سے کہتا ہون کہ تو میرے ستانے کو دور کردے یعنے مت ستا اور ایسے عجز و نیاز سے کہتا ہون کہ یہ میرا قول عاجزی مین اُسکے ناز سے بہت زیادہ ہے یعنے اگرچہ اُس کا ناز حد سے بڑھا ہوا اور کثیر ہے مگر میرا عجز نیاز اُس سے بھی زیادہ ہے۔

أَخِفْتِ اللهَ فِي إِحْيَاءِ نَفْسٍ … مَتَى عُصِيَ الْإِلٰهُ بِأَنْ أُطِيعَا

ترجمہ کیا تو کسی جان کے زندہ کرنے مین خدا کا خوف کرتی ہے باوجودیکہ یہ بڑے ثواب کا کام ہے خدا کی جب اطاعت کیجاتی ہے تو اُسکی نافرمانی نہین ہوتی ہے - یعنے تیرا وصل میری زندگی کا سبب اور فراق باعث موت ہے پس تو مجھے مل اور میری حیات کا سبب ہو اور ثواب عظیم کما اور اُسکو گناہ مت سمجھ۔

غَدَا بِكِ كُلُّ خِلْوٍ مُسْتَهَامًا … وَأَصْبَحَ كُلُّ مُسْتَتِرٍ خَلِيعَا

الخلو الخالی من المحبة - والمستهام الهائم الذاهب العقل - والخلیع الذی خلع العذار و تظاهر بالانتہاک فی المحبة ترجمہ تیری محبت یا حسن کے سبب ہر شخص محبت سے خالی عاشق مدہوش ہوگیا اور ہر عاشق جو اپنے عشق کے پوشیدہ رکھنے

پر قادر تھا مثل شتر بے مہار بے اختیار اظہار عشق کرنے لگا یعنی رسوا ہوگیا۔

أُحِبُّكَ أَوْ يَقُولُوا جَرَّ نَمْلٌ	ثَبِيرًا وَابْنُ إِبْرَاهِيمَ رِيعَا

او بمعنی الی ان او حتی۔ وثبیر جبل عظیم فے الحجاز معروف ترجمہ مین تجکو دوست رکھونگا یہان تلک کہ لوگ کہین کہ ایک چیونٹی نے کوہ ثبیر کو کھینچ لیا اور ابن ابراہیم ڈرایا گیا۔ یعنے جیسے یہ دو امر محال ہین ایسے ہی میرے عشق کی انتہا بھی محال ہی اس شعر مین تعلیق المحال بالمحال ہی

بَعِيدُ الصِّيتِ مُنْبَثُّ السَّرَايَا	يُشَيِّبُ ذِكْرُهُ الطِّفْلَ الرَّضِيعَا

الصیت الذکر الحسن۔ والسرایا جمع سریۃ ترجمہ اُسکا ذکر خیر دور تلک پہنچا ہی اور اُس کے لشکر سب جگہہ پھیل رہے ہین اور اُسکا ذکر بباعث غایت ہیبت طفل شیرخوار کو بوڑھا کردیتا ہی۔

يَغُضُّ الطَّرْفَ مِنْ مَكْرٍ وَدَهْيٍ	كَأَنَّ بِهِ وَلَيْسَ بِهِ خُشُوعَا

الدہی والمکر اخفاء السوء ترجمہ وہ بسبب مکر اور فریب کے آنکھ کو بند رکھتا ہی اُسکی صورت سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ اُسمین عجز و انکسار ہی اور درحقیقت یہ مضمون اُس مین نہین ہی۔ ممدوح کو مثل بگلہ بھگت کے بنانے مین شاعر نے خدا جانے کیا تعریف سمجھی ہی اسمین تو صریح ہجو ہی۔

إِنِ اسْتَعْطَيْتَهُ مَا فِي يَدَيْهِ	فَقَدْكَ سَأَلْتَ عَنْ سِرٍّ مُذِيعَا

قدک حسبک وکفاک۔ والمذیع المظہر المفشی ترجمہ اگر تو اس سے اُسکا سارا مال مانگے تو یہ تیرے لئے کافی ہی زیادہ سعی کی حاجت نہین ہی سوال ہی پر سب کچھ دے ڈالیگا اُس سے مانگنا ایسا ہی جیسا کسی افشائے راز کرنے والے سے تو کوئی راز پوچھے تو فوراً بتلا دیگا کیونکہ وہ تو خود ہی افشائے راز کرتا ہی پس استفسار پر جلد بتلا دیگا۔ ایسا ہی ممدوح بے سوال دینے والا ہی سوال پر تو دینے مین کچھ تامل ہی نہین کرے گا۔

قَبُولُكَ مَنَّهُ مَنٌّ عَلَيْهِ	وَإِلَّا يَبْتَدِئْ يَرَهُ فَظِيعَا

ترجمہ سخاوت مین اُسکو مزہ آتا ہی پس تو جب اُسکی عطا قبول کرے گا گویا اسپر احسان کریگا اور اگر وہ ابتداءً نہ دے تو یہ حرکت اُسکے نزدیک نہایت زشت ہی۔

لِهَوْنِ الْمَالِ أَفْرَشَهُ أَدِيمًا	وَلِلتَّفْرِيقِ يَكْرَهُ أَنْ يَضِيعَا

ترجمہ مال کے لئے جو اُس نے فرش ادیم بچھایا سو اُسکے ذلیل کرنے کے واسطے نہ اُسکی عزت کے سبب۔ اور چونکہ اُسکو تفریق و تقسیم مال منظور ہی اس لئے اسکے ضائع ہونے کو مکروہ سمجھتا ہی اور مستحقوں کو دینا ضرور جانتا ہی۔ کہتے ہین کہ ممدوح کے اموال خراج کی تھیلیان آئی تھین اُس نے وہ تھیلیان فرش پر رکھوا دین اس لئے متنبی اس کا عذر کرتا ہی اور اگلے شعر مین اسکی تصریح کرتا ہی۔

إِذَا ضَرَبَ الْأَمِيرُ رِقَابَ قَوْمٍ	فَمَا لِكَرَامَةٍ مَدَّ النُّطُوعَا	

ترجمہ میرے اس دعوی کی کہ یہ فرش عزت اموال کے لئے نہیں بچھایا یہ دلیل ہو کہ جب امیر کسی مجرم قوم کی گردن مارتا ہو تو اُنکی عزت کے لئے بچھونے نہیں بچھاتا ہو بلکہ آلایش خون سے بچنے کے لئے۔ ایساہی امیر نے اموال کو تقسیم کے لئے فرش پر پراگندہ کرایا نہ اُسکی عزت کے لئے۔

فَلَيْسَ بِوَاهِبٍ إِلَّا كَثِيرًا	وَلَيْسَ بِقَاتِلٍ إِلَّا قَرِيعًا	

القریع الفحل الکریم وارادہنا السید الشریف ترجمہ سو وہ نہیں بخشتا ہو گر مال کثیر اور نہیں قتل کرتا ہو گر عظیم القدر شخص کو

وَلَيْسَ مُؤَدِّبًا إِلَّا بِنَصْلٍ	كَفَى الصَّمْصَامَةُ التَّعَبَ الْقَطِيعَا	

القطیع السوط تقطع من جلود الابل۔ والقطیع المفعول الاول لکفی والثانی التعب ترجمہ اور وہ بے ادبون کو ادب نہیں دیتا گر تلوار سے اُسکی تلوار نے تازیانہ کی محنت بچالی ہو۔

عَلِيٌّ لَيْسَ يَمْنَعُ مِنْ مَجِيءٍ	مُبَارِزَهُ وَيَمْنَعُهُ الرُّجُوعَا	

ترجمہ علی یعنے ممدوح اپنے لڑنے والے کو آنے سے منع نہین کرتا مگر اُس کو سالم جانے سے منع کرتا ہو یعنی اُسکو قتل کردیتا ہو۔

عَلِيٌّ قَاتِلُ الْبَطَلِ الْمُفَدَّى	وَمُبْدِلُهُ مِنَ الزَّرَدِ النَّجِيعَا	

المفدی الذی یفدونہ الناس بانفسہم نایرون من شجاعتہ وشدۃ باسہ۔ ترجمہ علے بہادر دلیر دشمن عظیم القدر کو قتل کرتا ہو اور بجائے زرہ کے لباس خون دیتا ہو اور اُسکی زرہ چھین لیتا ہو۔

إِذَا اعْوَجَّ الْقَنَا فِي حَامِلِيهِ	وَجَازَ إِلَى ضُلُوعِهِمُ الضُّلُوعَا	

اعوج انحنی ترجمہ جبکہ نیزے اُسکے نیزون کے اُٹھانیوالون کے یعنے دشمنون کے بدنون مین گھس کر ٹیڑھے ہو جاتے ہین اور وہ اُنکی بعض پسلیون سے بڑھکر اور پسلیونکی طرف پہنچ جاتے ہین یعنے اُس کے نیزے سب پسلیون کو چھید دیتے ہین جواب شرط تیسرے شعر مین ہی۔

وَنَالَتْ ثَأْرَهَا الْأَكْبَادُ مِنْهُ	فَأَوْلَتْهُ انْدِقَاقًا أَوْ صُدُوعَا	

ترجمہ اور جب دشمنون کے جگرون نے اپنا انتقام نیزہ ممدوح سے لے لیا اور اُس نیزہ کو باریک ہونا یا ٹوٹ جانا اُن کے جگرون نے دیدیا۔ خلاصہ یہ ہو کہ ممدوح نے جو بشدت نیزہ زنی کی تو اُسکا نیزہ دشمنون کے جگرون مین گھسکر باریک ہوگیا یا ٹوٹ گیا تو یہ گویا اُنکے جگرون نے نیزہ سے اپنا انتقام لے لیا جیسے وہ مقتول ہوئے ایساہی نیزہ بھی ٹوٹ گیا۔

فَحِدْ فِي مُلْتَقَى الْخَيْلَيْنِ عَنْهُ	وَإِنْ كُنْتَ الْخُبَعْثِنَةَ الشَّجِيعَا	

فحد جزاء اذا۔ والخبعثنۃ من اوصاف الاسد وہو الشدید والشجیع الشجاع ترجمہ جب بسبب شدت نیزہ زنی کے نیزے مڑ جاوین اور پسلیاں اُس سے چھد جاوین اور جگر اپنا انتقام لے لین اور فریقین کے گھوڑون کی مٹ بھیڑ ہو جاوے

تو ایسی حالت میں تو ممدوح سے ایک سو ہو جا اگرچہ تو سخت بہادر ہو۔

إِذَا اسْتَجْرَأَتْ عَيْنٌ تَرْمُقُهُ بَعِيدًا	فَقُلْ اسْطَعْتَ شَيْئًا مَا اسْتَطِيعَا

ترجمہ جبکہ تجکو اسقدر جرأت ہو جاوے کہ تو ممدوح کو دور سے دیکھ لے یعنے لڑائی میں تو تجکو ایسی شئے پر قدرت ہوگئی کہ اتنی قدرت کسی کو نہیں ہوتی۔

وَإِنْ مَارَيْتَنِي فَارْكَبْ حِصَانًا	وَمَثِّلْهُ تَخِرُّ لَهُ صَرِيعَا

ترجمہ اور اگر تو میرے قول میں جھگڑا کرتا ہے اور اسکی شجاعت کو نہیں مانتا تو تو ایک گھوڑے پر سوار ہو اور اسکا تصور دلمیں باندھ لے تو وہیں تو پچھاڑ کھا کر گر پڑے گا۔

غَمَامٌ رُبَّمَا مَطَرَ انْتِقَامًا	فَأَقْحَطَ وَدْقُهُ الْبَلَدَ الْمَرِيعَا

ترجمہ وہ ابر عطا ہے مگر جیسا ابر سے کبھی صاعقہ اور اولے گرتے ہیں ایسا ہی وہ بھی کبھی کبھی انتقام اعدا کا باران برساتا ہے تو اسکا باران انتقام سرسبز شہر کو قحط ناک کر دیتا ہے خلاف باران معمولی کے۔

رَآنِي بَعْدَ مَا قَطَعَ الْمَطَايَا	تَيَمُّمُهُ وَقَطَّعَتِ الْقُطُوعَا

القطوع جمع القطع وہو الطنفسۃ تحت الرحل۔ وتیممہ قصدہ ترجمہ اُسنے مجکو ایسے حال کے بعد دیکھا کہ اُسکی خدمت میں حاضر ہونے کے قصد نے میرے ناقون کو فنا کر دیا تھا اور ناقون نے عرق گیرون کو پرزہ پرزہ کر دیا تھا بسبب کثرت سفر و طول مسافت کے۔

فَصَيَّرَ سَيْلُهُ بَلَدِي غَدِيرًا	وَصَيَّرَ خَيْرُهُ سَنَتِي رَبِيعَا

ترجمہ سو اُس دریائے عطا کی سیل نے میرے شہر کو مثل حوض مالامال کر دیا اور اُس کی خیر نے میرے قحط کو مثل موسم بہار سرسبز کر دیا۔

وَجَاوَدَنِي بِأَنْ يُعْطِي وَأَحْوِي	فَأَغْرَقَ سَيْلُهُ أَخْذِي سَرِيعَا

المجاودۃ جود کل علی الآخر ترجمہ اور اُسنے مجپر عطا کی اور یعنے اُسپر اول صورت تو اسطرح ہوئی کہ وہ عطا کرتا رہا اور میں اُسکو جمع کرتا گیا اسکا انجام تو یہ ہوا کہ میں باوجود یکہ اُسکی عطا کے لینے میں جلد باز تھا مگر اُسکی بخشش کی سیل نے مجکو غرق کر دیا یعنے اُسکی عطا میرے اخذ پر غالب آگئی اور دوسری صورت اسطرح کہ وہ میرے قبول عطا کو عطا سمجھا۔

أَمُنْسِيَّ الْكِنَاسَ وَحَضْرَمَوْتًا	وَوَالِدَتِي وَكِنْدَةَ وَالسَّبِيعَا

الکناس محلۃ بالکوفۃ وکذا حضرموت وکندۃ محلۃ غربی الکوفۃ والسبیع سوق بالکوفۃ ومحلۃ کبیرۃ وکل ہذہ المواضع سمیت باسماء من سکنہا ترجمہ ای وہ شخص کہ وہ بسبب احسانات کے محلات کناس وحضرموت وکندہ وسبیع اور میری والدہ کا مجکو بھلانے والا ہے۔

لَقَدِ اسْتَقْصَیْتَ فِی سَلْبِ الْاَعَادِیْ	فَرُدَّ لَهُمْ مِنَ السَّلَبِ الْهُجُوْعَا

السلب بفتح اللام المسلوب والاغارة ترجمہ بیشک تونے غارتگری دشمنان مین اپنی کوشش نہایت کو پہنچادی ہی یہان تک کہ انکی نیند بھی چھین لی ہو کہ وہ تیرے خوف کے سبب سوتے نہین این سواب مین تجھ سے انکی سفارش کرتاہون کہ انکی لی ہوئی اور چیزو مین سے انکی نیند واپس کردے اور اس تکلیف مالایطاق سے انکو بچائے۔

اِذَا مَا لَمْ تَسِرْ جَیْشًا اِلَیْهِمْ	اَسَرْتَ اِلٰی قُلُوْبِهِمُ الْهُلُوْعَا

الهلوع الجزع ترجمہ جب تو دشمنون کی طرف کوئی لشکر نہین بھیجتا تو انکے دلون کی طرف گھبراہٹ بھیجدیتا ہی۔

فَلَا عُزْلٌ وَاَنْتَ بِلَا سِلَاحٍ	لِحَاظُكَ مَا تَكُوْنُ بِهٖ مَنِیْعَا

الاعزل من لاسلاح معه والعزل مصدر منه والمنیع المحفوظ ترجمہ جب تو مسلح نہین ہوتا تب بھی بے ہتھیار نہین ہوتا تیری نظر ایسی پُررعب ہو کہ جب تو دشمن کی طرف دیکھتا ہی تو اسکے ہاتھ پانو بھول جاتے این اور تو اسکے شر سے محفوظ رہتا ہی

لَوِ اسْتَبْدَلْتَ ذِهْنَكَ عَنْ حُسَامٍ	قَدَدْتَ بِهِ الْمَغَافِرَ وَالدُّرُوْعَا

ترجمہ اگر تو بجائے شمشیر اپنے ذہن کو اپنے ہاتھ مین لیلے تو اسکے ذریعے سے خودون اور زرہون کو کاٹ ڈالے ممدوح کی حدت ذہن اور ذکاوت اور صفائی اور تیزی طبیعت کی تعریف کرتا ہی۔

لَوِ اسْتَفْرَغْتَ جُهْدَكَ فِی قِتَالٍ	اَتَیْتَ بِهٖ عَلَی الدُّنْیَا جَمِیْعَا

ترجمہ اگر تو لڑائی مین اپنی تمام کوشش صرف کرے تو اس کوشش کے سبب تمام دنیا کو لیلے مگر اسطرف تیری توجہ کم ہی

سَمَوْتَ بِهِمَّةٍ تَسْمُوْ فَتَسْمُوْ	فَمَا تُلْفٰی بِمَرْتَبَةٍ قَنُوْعَا

یسمو یعلو۔ وتلفی توجد و قولہ تسمو یجوزان یکون خطابا للممدوح ویجوزان یکون خبراعن الهمة ترجمہ تو بسبب ایسی ہمت کے بلند قدر ہوا کہ وہ اور بلند ہوتی ہو سو اسکے سبب تیرا مرتبہ بلند ہوتا ہی یا ایسی ہمت کے ذریعہ سے تو بلند ہوا کہ وہ بڑھتی اور پھر بڑھتی ہو یعنے دم بدم تیری ہمت بڑھتی ہو سو اس لئے تو کسی مرتبہ پر قانع نہین پایا جاتا بلکہ ہردم ترقی مراتب کا خواہان ہی۔

فَهَبْكَ سَمَحْتَ حَتّٰی لَا جَوَادٌ	فَكَیْفَ عَلَوْتَ حَتّٰی لَا رَفِیْعَا

جواد رفعه علی ان لا بمعنی لیس۔ ورفیع نصبه بغیر تنوین لان لا لنفی الجنس والالف للاشباع ولیس هو مبدل عن تنوین ترجمہ سو ہمنے تیرے لئے یہ مان لیا کہ تو نے اسقدر سخاوت کی ہو کہ سبکی سخاوت تیرے سامنے محو ہوگئی ہو مگر یہ تو بتا کہ تو کسطرح اسقدر بلند ہوا کہ تیرے مقابل مین کوئی بلند قدر نہین ہو۔

وقال یمدح عبدالواحد بن العباس بن ابی الاصبغ الکاتب

اَرَكَائِبُ الْاَحْبَابِ اِنَّ الْاَدْمُعَا	تَطِسُ الْخُدُوْدَ كَمَا تَطِسْنَ الْیَرْمَعَا

ارکاب جمع الرکوب وہی الابل ۔ تطس تدق و الوطس الدق ۔ والربع حجارۃ بیض صغار رخوۃ ترجمہ ای شتران احباب بیشک اشک رخسارون کو ایسا کوٹتے اور ستاتے ہین جیسا تم نرم پتھر کوٹتے ہو۔

فَاعْرِفْنَ مَنْ حَمَلَتْ عَلَيْكُنَّ النَّوٰى ۔۔۔ وَامْشِيْنَ هَوْنًا فِي الْاَزِمَّةِ خُضَّعَا

ترجمہ سو تم پہچانو قدر اُس محبوبہ کی کہ اُس نے تمھارے اوپر فراق لاد دیا ہی یعنے وہ تمپر سوار ہو کر ہمکو بلائے فراق مین مبتلا کرتی ہی اور تم اپنے مہارون مین آہستہ نرمی سے چلو کہ اُسکو بسبب نزاکت کے تمھاری حرکت ضعیف کی تاب نہین ہی اور تمھاری آہستہ روی مین یہہ بھی ہمارا فائدہ ہی کہ جتنی دیر اُسکے دیدار کی دولت نصیب ہو غنیمت ہی۔

قَدْ كَانَ يَمْنَعُنِي الْحَيَاءُ مِنَ الْبُكَا ۔۔۔ فَالْيَوْمَ يَمْنَعُهُ الْبُكَا اَنْ يَمْنَعَا

البکا یمد و یقصر والاشہر المد ترجمہ بیشک پہلے مجکو حیا و شرم رونیسے روکتی تھی سو آج بسبب شدت الم فراق میرا رونا حیا کو منع گریہ سے روکتا ہی ۔ یعنے پہلے گریہ پر حیا غالب تھی اور آج گریہ حیا پر غالب ہی۔

حَتّٰى كَاَنَّ لِكُلِّ عَظْمٍ رَنَّةً ۔۔۔ فِي جِلْدِهٖ وَلِكُلِّ عِرْقٍ مَدْمَعَا

الرنۃ فعلۃ من الرنین وہو صوت الباکی ترجمہ اب میری کثرت بکا کا حال یہان تلک پہنچا ہی کہ ہر استخوان کو اُس کی کھال مین ایک رونے کی آواز ہی اور ہر رگ کے لئے جگہ آنسو بہانے کی۔

وَكَفٰى بِمَنْ فَضَحَ الْجِدَايَةَ فَاضِحًا ۔۔۔ لِمُحِبِّهٖ وَبِمَصْرَعِيْ ذَا مَصْرَعَا

الجدایۃ ولد الظبی ترجمہ اور جس نے اپنی خوبی گردن و چشم کے سبب ہرن کے بچہ کو فضیحت کر دیا ہی وہ اپنے دوست کی فضیحت کرنے کو کافی ہی یعنی اگر عاشق اُسکی خوبی کو دیکھکر بیتاب و رسوا ہو جاوے تو کیا عجب ہی اور میرا یہہ پچھڑنا پر پچھڑنے کے لئے کافی عذر ہی ۔ خلاصہ یہہ کہ محبوبہ کا حسن اور میرا عشق دونون کمال کو پہنچے ہوئے ہین۔

سَفَرَتْ وَبَرْقَعَهَا الْحَيَاءُ بِصُفْرَةٍ ۔۔۔ سَتَرَتْ مَحَاسِنَهَا وَلَمْ تَكُ بُرْقُعَا

ترجمہ اُس نے اپنا چہرہ دم رخصت کھولا تو شرم و خوف رقبا و درد فراق نے اسپر زرد رنگی کا ایسا برقع ڈالدیا جس نے اُسکی خوبہائے حسن کو چھپا لیا اور حقیقت مین اُسوقت اُسکے چہرہ پر برقع نہ تھا۔

فَكَاَنَّهَا وَالدَّمْعُ يَقْطُرُ فَوْقَهَا ۔۔۔ ذَهَبٌ بِسِمْطَيْ لُؤْلُؤٍ قَدْ رُصِّعَا

الضمیر فی کانہا للصفرۃ ترجمہ سو گویا وہ زردی چہرہ ایسے حال مین کہ اشک متواتر اُسپر ٹپکتے تھے ایک سونا تھی جو دو موتیون کی لڑی سے جڑا گیا ہی ۔ زردی چہرہ کو سونے سے اور قطرات متواتر اشک کو موتی کی لڑی سے تشبیہ دی ہی۔

كَشَفَتْ ثَلَاثَ ذَوَائِبٍ مِنْ شَعْرِهَا ۔۔۔ فِي لَيْلَةٍ فَاَرَتْ لَيَالِيَ اَرْبَعَا

ترجمہ محبوبہ نے ایک رات اپنے سر کے بالونکے تین گیسو کھولدئے سو اُسنے چار راتین ایک جگہ دکھلا دین ہر گیسو بسبب شدت سیاہی کے بجائے ایک رات کے تھا اور چوتھے خود رات تھی۔

وَاسْتَقْبَلَتْ قَمَرَ السَّمَاءِ بِوَجْهِهَا	فَأَرَتْنِيَ الْقَمَرَيْنِ فِي وَقْتٍ مَعَا

ترجمہ محبوبہ نے اپنا روئے منور آسمانی چاند کے سامنے کردیا سو اُس نے مجکو دو چاند ایک وقت اکٹھے دکھا دئے-ایک اُسکا چہرہ اور دوسرے خود چاند-

رُدِّي الْوِصَالَ سَقَى طُلُولَكِ عَارِضٌ	لَوْ كَانَ وَصْلُكِ مِثْلَهُ مَا أَقْشَعَا

العارض السحاب واقشع انقلع وتفرق ترجمہ ای محبوبہ اپنے ایام وصل کو پھر لوٹا لا تیرے کھنڈروں کو ایسا ابر برابر برسنے والا تر کرے کہ اگر تیرا وصل مثل اُس ابر کے پائدار اور دائم ہوتا تو وہ ہم سے کبھی جدا نہوتا اول اُسکو دعا دیتا ہی اور پھر کہتا ہی اگر تیرا وصل مثل اُس ابر کے دائم وقائم ہوتا تو وہ دور نہوتا اور ہمیشہ بنا رہتا اور ہم درد فراق سے محفوظ رہتے-

زَجِلٌ يُرِيكَ الْجَوَّ نَارًا وَالْمَلَا	كَالْبَحْرِ وَالتَّلَعَاتِ رَوْضًا مُمْرِعَا

زجل صوت الرعد-والملا المتسع من الارض-والتلعات جمع تلعة وہو ا... من الارض-والممرع المخصب ترجمہ وہ ابر ایسا کڑکتا ہو کہ تجکو فضائے مابین آسمان وزمین کو آگ سے بھرا ہوا اپنی بجلیون کی چمک سے دکھلائے اور میدان وسیع کو مثل دریا کے اور ٹیلون کو باغہائے سرسبز کیونکہ اُسکی بارش عام ہو-

كَبَنَانِ عَبْدِ الْوَاحِدِ الْغَدِقِ الَّذِي	أَرْوَى وَآمَنَ مَنْ يَشَاءُ وَأَفْزَعَا

الغدق الكثير الماء ترجمہ وہ ابر کثیر الفیض مثل ہاتھ عبد الواحد یعنے ممدوح بڑے سخی کے ہو کہ وہ جسکو چاہے سیراب کرے اور امن دے اور جسکو چاہے ڈراوے یہہ گریز بھی عمدہ ہی-

أَلِفَ الْمُرُوَّةَ مُذْ نَشَا فَكَأَنَّهُ	سُقِيَ اللِّبَانَ بِهَا صَبِيًّا مُرْضَعَا

اللبان بکسر اللام جمع اللبن الذی شربہ ترجمہ وہ ابتدائے نشو ونما سے مروت اور کرم سے مالوف ہی گویا اُس کو بجائے شیر اور جبکہ وہ بچہ شیر خوار تھا شیر مروت پلایا گیا ہی-

نُظِمَتْ مَوَاهِبُهُ عَلَيْهِ تَمَائِمًا	فَاعْتَادَهَا فَإِذَا سَقَطْنَ تَفَزَّعَا

نظمت یروی معلوماً ومجہولاً-فعلی روایۃ المعلوم تمائماً مفعول وعلی روایۃ المجہول تمیز ترجمہ صورت اول مین یہہ ہوگا کہ اُسکی بخششون نے اُسپر تعویذ باندھ دئے ہین یعنے وہ اُسکی پناہ مین ہو جیسا خوف زدہ تعویذ کی پناہ مین ہوتا ہی ممدوح مواہب کے تعویذ کا عادی ہوگیا ہی جب یہہ اُسکی جسم سے گر پڑتے ہین تو گھبرا جاتا ہی اُسی طرح کہ جب خوف زدہ سے اُسکے تعویذ جدا ہوتے ہین وہ ڈرنے لگتا ہی-اور دوسری صورت مین یہہ ترجمہ ہوگا کہ اُسکی بخششین تعویذ بنا کر اُس کے گلے مین لٹکا دین یا بازو مین باندھ دی ہین جب وہ عطا نکرے اور دعائے سائلین ونقرانہ سنے تو گھبرا جاتا ہی-

تَرَكَ الصَّنَائِعَ كَالْقَوَاطِعِ بَارِقَاتٍ وَالْمَعَالِي كَالْعَوَالِي شُرَّعَا

الصنائع الایادی-والقواطع السیوف-وبارقات مشرقات-والعوالی الرماح-وشرعاً منتصبۃ مرتفعۃ ترجمہ اُس نے

اپنے احسانات کو مثل شمشیرہائے بران و درخشان کردیا ہی اور فضائل کو مثل نیزونکے سیدھا و بلند یعنے اُسکے احسان مشہور ہین اور فضائل کو ایسا کردیا ہی کہ دور سے انھین ہر کوئی دیکھ لے - یا یہہ معنے کہ جیسا اور لوگ شمشیر اور نیزہ سے لوگون کو مسخر کرتے ہین وہ اپنے دشمنون سے اور حساد سے بذریعہ احسانات و فضائل لڑتا ہی کہ اُس کے سبب وہ اُسکے مطیع رہتے ہین -

مُتَبَسِّمًا لِعُفَاتِهٖ عَنْ وَاضِحٍ	تَغْشَى لَوَامِعُهُ الْبُرُوْقَ اللُّمَّعَا

متبسما حال من ترک ترجمہ ایسے حال مین وہ اپنے سائلین کے لئے ایسے دندان واضح سے تبسم کرتا ہی کہ اُس کی چمکاری برقہائے درخشندہ کو ڈھانپ لیتے ہین -

مُتَكَشِّفًا لِعُدَاتِهٖ عَنْ سَطْوَةٍ	لَوْ حَكَّ مَنْكِبُهَا السَّمَاءَ لَزَعْزَعَا

ترجمہ ایسے حال مین کہ وہ اپنے دشمنون کے واسطے ایسی شوکت و سطوت کھلم کھلا ظاہر کرتا ہی کہ اگر اُس سطوت کا پہلو آسمان کو لگے اور صدمہ دے تو وہ بھی جنبش کرنے لگے -

اَلْحَازِمَ الْيَقِظَ الْاَغَرَّ الْعَالِمَ الْفَطِنَ الْاَلَدَّ الْاَرْيَحِيَّ الْاَرْوَعَا

الحازم و مابعدہ منصوب علے المدح - والحازم ذوالحزم فی امورہ - والیقظ الکثیر التیقظ وہو الذی لایغفل عن امورہ والالد الشدید الخصومۃ - والاریحی الذی یرتاح للمعروف والکرم - والاروع الذی یردعک بجمالہ وقیل ہوالحاد الذکے ترجمہ مین مراد رکھتا ہون - ہوشیار بیدار روشن اور عالم دانا دشمنون سے بڑے جھگڑنے والے بخشش سے بہت خوش ہونے والے اپنے جمال سے سبکو خوش کرنے والے سے یعنے ممدوح مین یہہ صفات ہین -

اَلْكَاتِبَ اللَّبِقَ الْخَطِيْبَ الْوَاهِبَ النَّدُسَ اللَّبِيْبَ الْمِبْرَزِيَّ الْمِصْقَعَا

اللبق الخفیف فے الامور - والندس الفہیم - والبرزی بتقدیم الراء المہملۃ علے الزاء المعجمۃ السید الکریم الوسیم - والمصقع الفصیح ترجمہ منشی - ہر کام مین چست سبک خیز خطیب کریم فہیم ہوشیار عمدہ سخی خوش وسردار فصیح کو مین ارادہ کرتا ہون

نَفْسٌ لَهَا خُلُقُ الزَّمَانِ لِاَنَّهٗ	مُفْنِي النُّفُوْسِ مُفَرِّقٌ مَا جَمَّعَا

ترجمہ ممدوح ایک نفس مقدس ہی کہ اُسکی عادتین مثل زمانہ کی عادات کے ہین کیونکہ ممدوح دشمنونکی جانون کا فنا کرنیوالا اور مال مجتمع کا تفریق کرنے والا ہی - اُسکی شجاعت اور سخاوت کی تعریف کرتا ہی -

وَيَدٌ لَهَا كَرَمُ الْغَمَامِ لِاَنَّهٗ	يَسْقِي الْعِمَارَةَ وَالْمَكَانَ الْبَلْقَعَا

ترجمہ اور ممدوح کا ایسا ہاتھ ہی کہ اُسکی بخشش مثل باران کے عام ہی کیونکہ وہ مکان آباد و غیر آباد کو سیراب کرتا ہی -

اَبَدًا يُصَدِّعُ شَعْبَ وَفْرٍ وَافِرٍ	وَيَلُمُّ شَعْبَ مَكَارِمٍ مُتَصَدِّعَا

الشعب مصدر شعبت الشئ اذا لامتہ - والوفر الغنی - والمال الکثیر - ویلم یجمع - والشعب الثانی بمعنے التفرق ترجمہ ممدوح ہمیشہ اجتماع مال کثیر کو متفرق و پارہ پارہ کرتا ہی اور تفرق مکارم متفرقہ کو جمع کرتا ہی یعنے اموال مجتمع کو متفرق اور

مکارم متفرق کو جمع کرتا ہی۔ اس شعر مین صنعت تطبیق اور تجنیس جمع ہی۔

يَهْتَزُّ لِلْجَدْوَى اهْتِزَازَ مُهَنَّدٍ
يَوْمَ الرَّجَاءِ هَزَزْتَهُ يَوْمَ الْوَغَى

الجدوی العطایا۔ والوغی بالعین والغین اصوات الحرب وغیرہا او ہی الحرب ترجمہ ممدوح عطایا کے لئے بروز امید بخشش بسبب غایت فرحت ایسا جھومنے لگتا ہی جیسے شمشیر بروز جنگ۔

يَا مُغْنِيًا أَمَلَ الْفَقِيرِ لِقَاؤُهُ
وَدُعَاؤُهُ بَعْدَ الصَّلٰوةِ إِذَا دَعَا

ترجمہ ای وہ شخص کہ اُسکی ملاقات آرزوئے فقیر کو بے نیاز کرتی ہی اور وہ دعائے فقیر ہی جب بعد نماز دعا کرتا ہی یعنے وہ جانتا ہی کہ ملاقات ممدوح برآرندہ حاجات ہی اس لئے دعا کرتا ہی کہ اُسکی ملاقات خدا میسر کرے یا اُسکی بقا کی دعا کرتا ہی۔

أَقْصِرْ فَلَسْتَ بِمُقْصِرٍ جُزْتَ الْمَدٰى
وَبَلَغْتَ حَيْثُ النَّجْمُ تَحْتَكَ فَارْبَعَا

فاربعا اردفاربعن فوقفت بالالف کقولہ تعالیٰ لنسفعا وقولہ اربع ای کف حبک ترجمہ بس کر کیونکہ تو نہایت مرتبۂ عالی سے گذر گیا اور بلندی منزلت مین تو ایسے مکان پر پہنچ گیا ہی کہ ستارہ تجھ سے نیچے ہی پس ٹھہر جا۔ اور لست بمقصر کے دو معنے ہین ایک یہ کہ مین تجھے ہزار منع کرون مگر تو رُکے گا نہین۔ دوسرے یہ کہ مین جانتا ہون کہ اگرچہ تو نے ابا بس کی مگر حقیقت مین یہ بس نہین کیونکہ آگے ترقی کا موقع ہی نہین رہا

وَحَلَلْتَ مِنْ شَرَفِ الْفِعَالِ مَوَاضِعًا
لَمْ يَحْلُلِ الثَّقَلَانِ مِنْهَا مَوْضِعًا

الثقلان الجن والانس ترجمہ اور تو بسبب شرف اپنے افعال نیک کے ایسے مراتب پر جا اُترا ہی کہ تمام جن و انسان اُن مراتب مین سے ایک مرتبہ کو بھی نہین پہنچے بباعث علو تیرے مرتبہ کے۔

وَحَوَيْتَ فَضْلَهُمَا وَمَا طَمِعَ امْرُؤٌ
فِيهِ وَلَا طَمِعَ امْرُؤٌ أَنْ يَطْمَعَا

ضمیر فیہ راجع الی الفضل۔ وان یطمعا فی موضع نصب بحذف الخافض ای فی ان یطمعا ترجمہ اور تو نے جن و انسان کا فضل جمع کر لیا اور کسی مرد نے اُس فضل کی طمع نہین کی اور نہ کسی مرد نے اس طمع کی طمع کی یعنے کبھی اُس کے دل مین بسبب دشواری کے اُسکا خیال بھی نہین آیا۔

نَفَذَ الْقَضَاءُ بِمَا أَرَدْتَ كَأَنَّهُ
لَكَ كُلَّمَا أَزْمَعْتَ شَيْئًا أَزْمَعَا

لک ای موافق لک ومطیع لک وہو خبر کان۔ وازمعت ای عزمت ترجمہ جس امر کا تو ارادہ کرتا ہی اُسی کے موافق حکم الٰہی جاری ہوتا ہی گویا قضا و قدر تیری مطیع ہین کہ جب تو کسی شئ کا ارادہ کرتا ہی تو وہ بھی اُسکا ارادہ کرتے ہین۔

وَأَطَاعَكَ الدَّهْرُ الْعَصِيُّ كَأَنَّهُ
عَبْدٌ إِذَا نَادَيْتَ لَبّٰى مُسْرِعًا

العصی العاصی ترجمہ اور زمانہ جو اور لوگون کی مرضی کے خلاف کام کرتا ہی وہ تیرا مطیع ہو گیا ہی گویا وہ تیرا غلام ہی کہ جب تو اُسکو پکارتا ہی تو فوراً حاضر ہون گا جواب دیتا ہی۔

عَنۡ شَادِهِنَّ مَطِيُّ وَجِيِّ ظُلَّعَا		أَكَلَتْ مَفَاخِرُكَ الْمَفَاخِرَ وَانْثَنَتْ	

شاد بمن اسبقهن۔ وظلع جمع ظالع وہوالعاثر من یاد رجل ترجمہ تیرے مفاخر نے اور لوگوں کے مفاخر کو کھالیا۔ اور اُنکے ساتھ قدم بقدم چلنے سے میری مدح خوانی کی ناقہ لنگڑی ہوکر لوٹی یعنے ہرچند مدح سرائی میں مبالغہ کیا مگر حق توصیف ادا نہو سکا۔

نَقْطَعْنَ مِنْهُ بِهَا وَجُزْنَ الْمَطْلَعَا		وَجَرَيْنَ مَجْرَى الشَّمْسِ فِي أَفْلَاكِهَا	۱۵

ترجمہ اور تیرے مفاخر دنیا میں ایسے مشہور ہوئے اور ایسے چلے جیسا آفتاب اپنے افلاک میں سوان مفاخر نے مغرب و مشرق شمس کو طے کردیا یعنے تیرا ذکر خیر مثل آفتاب کے ہر جگہ پہنچ گیا۔

نَعَمْتُهَا وَخَشِيْتُ أَنْ لَا تَقْنَعَا		لَوْ يَنْطِقُ الدُّنْيَا بِأُخْرَى مِثْلِهَا	

ضمیر خشیت للمفاخر۔ وفے روایۃ لعمتہا بالنار والضمیر للممدوح وخشیت بضم التاء والضمیر للمتنبی ترجمہ اور اگر یہ ہماری دنیا دوسری ایسی ہی دنیا سے ملائی جاوے تو تیرے مناقب اُن دونوں کو گھیر لیں یا تو اُنکو گھیرلے موافق دوسری روایت کے اور ان مفاخر یا مجکو یہ خوف رہے کہ تو انپر بھی قناعت نکریگا کیونکہ تیری ہمت نہایت بلند ہے۔

وَاللّٰهُ يَشْهَدُ أَنَّ حَقًّا مَا ادَّعَىٰ		فَمَتَىٰ يُكَذَّبُ مُدَّعٍ لَكَ فَوْقَ ذَا	

جل اسم ان نکرۃ وہو جائز فی ضرورۃ الشعر ترجمہ سو جو شخص اس سے زیادہ مناقب کا تیرے حق میں دعویٰ کرے تو وہ کب جھٹلایا جاسکتا ہے اور اللہ گواہ ہے اس بات کا کہ جو اُسنے دعویٰ کیا ہے وہ راست ہے۔

حَفِظَ الْقَلِيْلَ النَّزْرَ مِمَّا ضَيَّعَا		وَمَتَىٰ يُؤَدِّيْ شَرْحَ حَالِكَ نَاطِقٌ	

النزر ہو القلیل ترجمہ سو وہ گویا شخص جسنے تیرے تھوڑے فضائل یاد رکھے ہوں اور اسی قسم کے اور فضائل کثیر کو بوجہ کثرت بھول گیا ہو تیری شرح حال کو کب ادا کرسکتا ہے۔ یعنے میں تیری شرح کمالات سے عاجز ہوں۔

رَجُلًا فَسَمِّ النَّاسَ طُرًّا إِصْبَعَا		إِنْ كَانَ لَا يُدْعَى الْفَتَىٰ إِلَّا كَذَا	

رجلاً مفعول ثان لیدعی ترجمہ اگر جوان کو مرد جب ہی کہہ سکتے ہیں کہ وہ مثل ممدوح ہو تو دُنیا میں کوئی بھی مرد نہوگا تو اب سب لوگونکا نام ایک انگشت رکھ کیونکہ وہ تمام لوگ تیرے ساتھ اگر تُولے جاویں تو یہ ہی نسبت ہوگی۔ اور یہ اشارہ اسطرف ہے کہ ممدوح کو ذوالاصبع کہتے تھے کیونکہ اُسکی ایک انگشت زائد تھی جسکو ہماری زبان میں چھنگلا کہتے ہیں۔

إِلَّا كَذَا فَالْغَيْثُ أَبْخَلُ مَنْ سَعَىٰ		إِنْ كَانَ لَا يَسْعَىٰ لِجُوْدٍ مَاجِدٌ	

ترجمہ اگر شریف شخص پر در باب بخشش ایسی ہی کوشش لازم ہے جیسی تو کرتا ہے تو باران اُن اشخاص میں جو بخشش میں کوشش کرتے ہیں سب سے زیادہ بخیل ہوگا۔

مَنْ أَتَىٰ لَنَا ذَا أَبِي الْهَيْجَاءِ مَسْمَعَا		قَدْ خَلَفَ الْعَبَّاسُ عَمَّكَ ابْنَهُ	

مراثی وسمعا نصبہما علی البدل من الغرۃ او حالان لہ۔ وابنہ یرید یا ابنہ ترجمہ بیشک تیرے باپ عباس نے ای عباس کے بیٹے تیرے روئے روشن کو اس لئے اپنے پیچھے چھوڑا ہی تاکہ ہم تجھے اور تیرے فضائل کو بچشم خود دیکھین اور تیرا اور تیرے پدر کا ذکر خیر قیامت تلک پچھلے لوگ سنین۔

وقال یرثی اباشجاع فاتکا

اَلْحُزْنُ یُقْلِقُ وَالتَّجَمُّلُ یَرْدَعُ		وَالدَّمْعُ بَیْنَهُمَا عَصِیٌّ طَیِّعُ	

ترجمہ بسبب موت اباشجاع کے ہلکو غم رنج دیتا ہی اور صبر جمیل جزع فزع سے روکتا ہی اور ان دونون کے بیچ مین اشک کا یہ حال ہی کہ وہ غم کی تابعداری کرتا ہی اور صبر کی نافرانی کر وہ جاری ہی۔

یَتَنَازَعَانِ دُمُوْعَ عَیْنِ مُسَهَّدٍ		هٰذَا یَجِیْءُ بِهَا وَهٰذَا یَرْجِعُ	

المسہد الکثیر السہاد وہو الممنوع النوم ترجمہ صبر اور حزن اشکہائے چشم شخص بیخواب میری مین باہم جھگڑتے ہین حزن توان اشکون کو لاتا ہی اور صبر اُنکو لوٹاتا ہی۔

اَلنَّوْمُ بَعْدَ اَبِیْ شُجَاعٍ نَافِرٌ		وَاللَّیْلُ مُعْیٍ وَالْکَوَاکِبُ ظُلَّعُ	

ترجمہ بعد وفات اباشجاع کے خواب تو آنکھون سے بھاگتا ہی اور رات درماندہ اور ستارے لنگڑے ہین درازی شب کا غم بیان کرتا ہی کہ رات گویا تھک گئی اور ستارے لنگڑے ہوگئے کہ بسبب عدم حرکت رات تمام نہین ہوتی۔

اِنِّیْ لَاَجْبُنُ مِنْ فِرَاقِ اَحِبَّتِیْ		وَتُحِسُّ نَفْسِیْ بِالْحِمَامِ فَاَشْجَعُ	

ترجمہ مین بیشک دوستون کے فراق کے معاملہ مین نامرد ہون یعنے مین اُس سے ایسا ڈرتا ہون جیسا نامرد موت سے اور میرا نفس آثار موت کو دیکھتا ہی تو مین بہادر ہوجاتا ہون یعنے مین فراق سے ڈرتا ہون نہ موت سے۔

وَیَزِیْدُنِیْ غَضَبُ الْاَعَادِیْ قَسْوَةً		وَیُلِمُّ بِیْ عَتْبُ الصَّدِیْقِ فَاَجْزَعُ	

ترجمہ اور دشمنون کا غصہ میری سنگدلی کو بڑھاتا ہی یعنے مین اُنسے دبتا نہین ہون اور عتاب دوست مجھ پر نازل ہوتا ہی تو مین گھبرا جاتا ہون یعنے اُسکا تحمل نہین کرسکتا۔

تَصْفُو الْحَیٰوةُ لِجَاهِلٍ اَوْغَافِلٍ		عَمَّا مَضٰی مِنْهَا وَمَا یُتَوَقَّعُ	

ترجمہ زندگی غمون سے صاف ہوتی ہی دو شخصون کے لئے یا تو اُس نادان کے لئے جو انجام موت سے بیخبر ہی یا اُس شخص کے واسطے جو اپنی حیات گذشتہ اور مصائب آیندہ سے غافل ہی اور ہوشیار کی زندگی تو ہمیشہ مکدر ہی رہتی ہی۔

وَلِمَنْ یُغَالِطُ فِی الْحَقَائِقِ نَفْسَهٗ		وَیَسُوْمُهَا طَلَبَ الْمُحَالِ فَتَطْمَعُ	

یسومہا یطلبہا ترجمہ اور زندگی صاف ہوتی ہی اُس شخص کی جو امور واقعیہ مین کہ منجملہ اُن کے موت ہی اپنے نفس کو غلطی مین ڈالے اور دھوکا دے اور اُس زندگی کا شش مطلب محال کے قصد کرے یعنے یہ چاہے کہ مین ہمیشہ زندہ رہون

اور میری ساری امیدین پوری ہون اور اُسکا نفس اُن اُمور کی طمع کرے۔

اَیْنَ الَّذِی الْھَرَمَانِ مِنْ بُنْیَانِہٖ	مَا قَوْمُہٗ مَا یَوْمُہٗ مَا الْمَصْرَعُ

الہرمان بناران قدیمان عظیمان بارض مصر ارتفاع کل واحد منہما اربعائتہ ذراع وہا ثابتان ولا یعرف الیانی لہا قیل بناہا ادریس علیہ السلام لحفظ العلوم فیہا عن طوفان نوح علیہ السلام او الاوائل لما علموا بالطوفان من جہۃ النجوم۔ وقیل نے احدہا قبر شداد بن عاد و نے الثانی قبر ارم ذات العماد۔ وما قومہ وما بعدہ استفہام للتعجب ترجمہ کہان گیا وہ شخص کہ ہرمان اُسکے منجملہ تعمیرات کے ہی اب وہ بنائین تو باقی ہین اور بنانے والیکا پتہ نہین ہی کہ اُس کی کسقدر کثیر قوم تھی اور اُسکا زمانہ سلطنت کسقدر باشوکت تھا اور یہہ بھی معلوم نہین کہ وہ کس طرح مرا۔ خلاصہ یہہ ہی کہ دُنیا محل ثابت نہین ہی آخر سب کے لئے فنا ہی۔

تَتَخَلَّفُ الْاٰثَارُ عَنْ اَصْحَابِھَا	حِیْنًا وَّیُدْرِکُھَا الْفَنَاءُ فَتَتْبَعُ

ترجمہ نشان والون کے نشان ایک خاص وقت تلک باقی رہتے ہین پھر اُن نشانون کو بھی فنا آ کر تی ہی اور وہ بھی صاحبان نشان کے پیچھے ہو لیتے ہین یعنی نیست ہوجاتے ہین۔

لَمْ یَرْضَ قَلْبُ اَبِیْ شُجَاعٍ مَبْلَغٌ	قَبْلَ الْمَمَاتِ وَلَمْ یَسَعْہُ مَوْضِعٌ

ترجمہ متوفی ایسا عالی ہمت تھا کہ اُسکے دلکو کوئی مقدار مرتبہ کی گو کیسا ہی عالی ہو راضی اور خوشنود نہین کرتی تھی جس رتبہ پر پہنچتا تھا اُس کو اپنی شان سے کم سمجھتا تھا اور اُس کو بسبب کثرت لشکر کوئی جگہ سما نہین سکتی تھی اب وہ ایک تنگ قبر مین پڑا ہوا ہی۔

کُنَّا نَظُنُّ دِیَارَہٗ مَمْلُوَّۃً	ذَھَبًا فَمَاتَ وَکُلُّ دَارٍ بَلْقَعٌ

ترجمہ ہم اُسکے بیوت اموال کو سونے سے پُر سمجھتے تھے سو وہ مرگیا اور ہر گھر نقدی سے خالی ہی کیونکہ وہ سخی تھا بخشش کو عمدہ کام سمجھتا تھا۔

وَاِذَا الْمَکَارِمُ وَالصَّوَارِمُ وَالْقَنَا	وَبَنَاتُ اَعْوَجَ کُلَّ شَیْءٍ یَّجْمَعُ

کل روی بالنصب والرفع فمن رفع فالتقدیر کل شئی من ہذہ الاشیاء یجمع ومن نصب اراد یجمع کل شئی من المذکورات قولہ بنات اعوج ہو فحل کریم فے الجاہلیۃ تنسب الیہ الخیل الاعوجیۃ۔ وقیل سمی اعوج لان غارۃ نزلت بہم وکان ہذا الفرس مہرا فحملوہ فی دعاء علی الابل حین ہربوا من الغارۃ فاعوج ظہرہ وبقی منہ العوج فلقب بالاعوج۔ وقال الاصمعی سئل فارس اعوج عنہ فقال ضللت فے بعض مغاور بنی تمیم فرأیت قطاۃ تطیر فقلت فے نفسی واللہ ما یرید الا الماء فما تبعتہا حتے وردت الماء وادرکت القطاۃ ترجمہ جبکہ مین نے اُسکے خزانے زر سے خالی پائے اور مین اس سے متعجب ہوا تو ناگاہ مینے دیکھا کہ فضائل اور شمشیر ہائے بران اور نیزے اور اعوج کی نسل کی گھوڑیان انہین سے ہر شی جمع کی ہی۔ یعنے

بجائے سیم وزر ممدوح نے بیہ ارام یونکے سامنے جمع کئے ہین۔

اَلْمَجْدُ أَخْسَرُ وَالْمَكَارِمُ صَفْقَةً	مِنْ أَنْ يَعِيشَ بِهَا الْكَرِيمُ الْأَرْوَعُ

لا یجوزان یعطف المکارم علی المجد لانہ فی ہذہ الصورۃ یلزم الفصل بین الموصول وبین ما یجری مجری الصلۃ لان صفقۃ تمل من اخسر محل الصلۃ من الموصول فالصواب ان تجعل المکارم عطفا علی الضمیر فی اخسر فحینئذ لا یکون اجنبیا منہ فلا یعد فصلا بینہ وبین صفقۃ ویجوز وجہ آخر وہو ان تنصب صفقۃ بفعل مضمر یدل علیہ اخسر فیصیر التقدیر المجد اخسر والمکارم ایضا الخ

ترجمہ شرف اور فضائل کا حصہ اور بخت اس سے کم ہوگیا کہ انین سخی اور متعجب شخص یعنے ابوشجاع جو ان دونون وصفون کا حامی اور محافظ تھا اپنی زندگی بسر کرے۔

وَالنَّاسُ أَنْزَلُ فِي زَمَانِكَ مَنْزِلًا	مِنْ أَنْ تُعَايِشَهُمْ وَقَدْرُكَ أَرْفَعُ

ترجمہ تیرے زمانہ کے لوگ تجھ سے مرتبہ مین بہت گھٹے ہوئے تھے اس بات مین کہ تو انسے اختلاط رکھے کیونکہ تیرا مرتبہ ان سے بلند تر ہی۔ یعنے اسی لئے تو ان سے جدا ہوکر ملا اعلے مین چلا گیا۔

بَرِّدْ حَشَايَ إِنِ اسْتَطَعْتَ بِلَفْظَةٍ	فَلَقَدْ تَضُرُّ إِذَا تَشَاءُ وَتَنْفَعُ

ترجمہ میرے باطن یعنے دل کی حرارت کو اگر تجھ سے ہوسکے تو کچھ بولکر خنک کردے کیونکہ تو بحالت حیات ایسا تھا کہ جب تو چاہتا تھا تو دشمنون کو نقصان اور اپنے دوستون کو فائدہ پہنچاتا تھا کیا دردمندانہ شعر ہی۔

مَا كَانَ مِنْكَ إِلَى خَلِيلٍ قَبْلَهَا	مَا يُسْتَرَابُ بِهِ وَلَا مَا يُوجِعُ

ترجمہ پہلے تو قبل مرگ تجھے کسی دوست کے ساتھ ایسا کام نہین ہوتا تھا کہ جس سے وہ شک مین ڈالا جاوے یا وہ دردمند کرے۔ یعنے اب تیرے نہ بولنے سے کچھ بے التفاتی کا شک ہوتا ہی اور اپنے غم کے سبب تو نے خلاف اپنی عادت کے ہکو درد پہنچایا ہی۔ اس قسم کی گفتگو بسبب غایت مدہوشی وزوال عقل کے ہی۔

وَلَقَدْ أَرَاكَ وَمَا تُلِمُّ مُلِمَّةٌ	إِلَّا نَفَاهَا عَنْكَ قَلْبٌ أَصْمَعُ

الاصمع الذکی الحاد ترجمہ مین تجکو اب بھی اسی حال مین دیکھتا ہون کہ بحالت حیات تجھپر کوئی مصیبت نازل ہنین ہوتی تھی مگر اسکو تجھ سے تیرا ہوشیار وذکی دل دور کردیتا تھا۔

وَيَدٌ كَأَنَّ قِتَالَهَا وَنَوَالَهَا	فَرْضٌ يَحِقُّ عَلَيْكَ وَهْوَ تَبَرُّعُ

ید عطف علی قلب ترجمہ اور اس مصیبت کو تیرا ایسا دست قوی دور کردیتا تھا کہ اس کا جنگ کرنا دشمنون سے اور عطا کرنا اس کا دوستون پر گویا تجھ پر فرض ہین اور انکا کرنا تیرے اوپر واجب وسزاوار ہی حالانکہ وہ نفل غیر واجب تھا۔

يَا مَنْ يُبَدِّلُ كُلَّ يَوْمٍ حُلَّةً	أَنَّى رَضِيتَ بِحُلَّةٍ لَا تُنْزَعُ

الحلۃ ثوبان یلبسہا الرجل مجتمعین ترجمہ ای وہ شخص کہ ہر روز نیا لباس بدلتا تھا اب تو کس طرح ایسے لباس سے

راضی ہوگیا جو اُتارا نہین جاتا۔ یعنے کفن سے۔

مَا زِلْتَ تَخْلَعُهَا عَلٰى مَنْ شَاءَهَا	حَتّٰى لَبِسْتَ الْيَوْمَ مَا لَا تَخْلَعُ

ترجمہ تو ہمیشہ اس حلہ کو نکالکر دیتا تھا اُس شخص کو جو اُسکا سوال کرتا تھا۔ اب انجام یہہ ہوا کہ آج تونے ایسا حلہ پہنا جو تو کسی کے لئے نہین اُتاریگا یعنے وہ ہی کفن۔

مَا زِلْتَ تَدْفَعُ كُلَّ أَمْرٍ فَادِحٍ	حَتّٰى أَتَى الْأَمْرُ الَّذِي لَا يُدْفَعُ

الفادح الذی یثقل حملہ ترجمہ تو اپنے دوستون سے ہمیشہ مصائب ثقیلہ کو دور کرتا رہا یہان تلک کہ خود تجھ پر ایسی مصیبت آئی کہ کسی سے دفع نہین ہوسکتی۔ خلاصہ یہہ کہ تو ہمیشہ ہمارے کام آیا اور ہمسے تیرا کچھ فائدہ نہوا۔

فَظَلِلْتَ تَنْظُرُ لَا رِمَاحُكَ شُرَّعٌ	فِيمَا عَرَاكَ وَلَا سُيُوفُكَ قُطَّعُ

عراک اصابک۔ واشراع الرماح بسط الایدی بہا ترجمہ سو تو اب ایسے حال مین ہوگیا کہ تو موت کو ایسی مجبوری کی حالت مین دیکھتا ہی۔ کہ نہ تیرے نیزے اُسکی طرف سیدھے کئے جاتے ہین اُس مصیبت کی بابت جو تجکو پیش آئی اور نہ تیری تلوارین بُرّان ہین۔

بِأَبِي الْوَحِيدُ وَجَيْشُهُ مُتَكَاثِرٌ	يَبْكِي وَمِنْ شَرِّ السِّلَاحِ الْأَدْمُعُ

ترجمہ مین اپنے باپ کو اُس شخص پر قربان کرتا ہون جو تنہا بے یار و یاور ہی اور اُس کا لشکر کثیر تھا اور رو رہا ہی اور اشک بدترین ہتھیارون کا ہی کیونکہ اُس سے مدافعت دشمن نہین ہوسکتی۔

وَإِذَا حَصَلْتَ مِنَ السِّلَاحِ عَلَى الْبُكَا	فَحَشَاكَ رُعْتَ بِهِ وَخَدَّكَ تَقْرَعُ

ترجمہ جب تو ہتھیار چھوڑکر گریہ پر پہنچے تو اُس سے اپنے دل و جگر کو ڈراویگا اور اپنے رخسار کو کوٹے گا اسکے سوائے کچھ اور فائدہ نہوگا۔

وَصَلَتْ إِلَيْكَ يَدٌ سَوَاءٌ عِنْدَهَا	الْبَازُ الْأَشْهَبُ وَالْغُرَابُ الْأَبْقَعُ

الباز الاشہب ہو الذی غلب علیہ البیاض والابقع الذی فی صدرہ بیاض ترجمہ تجھ پر اُس ہاتھ کا صدمہ پہنچا کہ اُس کے نزدیک وہ باز جس کی سفیدی سیاہی پر غالب ہو اور کوا سفید سینہ برابر ہین یعنے موت شریف و رذیل کو ایک بھاؤ خریدتی ہی۔

مَنْ لِلْمَحَافِلِ وَالْجَحَافِلِ وَالسُّرَى	فَقَدَتْ بِفَقْدِكَ نَيِّرًا لَا يَطْلُعُ

المحافل جمع محفل وہو المجتمع۔ والجحافل جمع جحفل وہو العسکر العظیم۔ والسری سیر الوفود باللیل ترجمہ اب کون رہا واسطے انتظام و خبر گیری مجمعون اور لشکرون کے اور دشمنون پر شب خون مارنے کے لئے اُنہین سے ہر ایک نے تیرے جانے سے ایسے روشن ستارے کو گم کیا جو کبھی طلوع نہین کرے گا۔

وَمَنِ اتَّخَذْتَ عَلَى الضُّيُوْفِ خَلِيْفَةً	ضَاعُوْا وَمِثْلُكَ لَا يَكَادُ يُضِيْعُهُمْ

ترجمہ اور تونے واسطے مہمانون کی تواضع کے کسکو اپنا قائم مقام کیا وہ لوگ ضائع ہوگئے اور تجھ جیسا آدمی کسی کو برباد نہین کیا کرتا مگر کیا کیجئے موت سب قاعدے توڑ دیتی ہو اور سخت بیرحم ہو۔

قُبْحًا لِوَجْهِكَ يَا زَمَانُ فَإِنَّهُ	وَجْهٌ لَهُ مِنْ كُلِّ لُؤْمٍ بُرْقُعُ

قبحا مصدر قبح اللہ وجہک قبحا ترجمہ ای زمانہ خدا تیرے منہ کا برا کرے اور اُس کو بگاڑ دے کیونکہ وہ ایسا منہ ہو جس پر ہر بخل وخست کے برقع پڑے ہوئے ہین یعنے تجھین ہر طرح کی برائیان ہین۔

أَيَمُوْتُ مِثْلُ أَبِيْ شُجَاعٍ فَاتِكٌ	وَيَعِيْشُ حَاسِدُهُ الْخَصِيُّ الْأَوْكَعُ

فاتک مجرور بدل من ابی شجاع او مرفوع بدل من مثل والاوکع الجانی القلب او الاحمق ترجمہ کیا ابو شجاع فاتک جیسا عمدہ شخص مرجاوے اور اُس کا حاسد خصی احمق یعنے کافور زندہ رہے۔

أَيْدٍ مُقَطَّعَةٌ حَوَالَيْ رَأْسِهِ	وَقَفًا يَصِيْحُ بِهَا أَلَا مَنْ يَصْفَعُ

ترجمہ یہان سے ہجو کافور شروع کردی اور یہ استطراد کی قسم سے ہو۔ کہتا ہو کہ کافور کے سر کے گرد کٹے ہوئے ہاتھ ہین یعنے اُسکے نوکرون کے ہاتھ کٹے ہوئے ہین کیونکہ اُسکی قفا یعنے پس گردن جسکو گدی کہتے ہین چیخ رہی کہ کوئی سیلی مارنے والا ہو پس اگر اُن لوگون کے ہاتھ ہوتے تو ضرور اُس کے چپکڑ مارتے۔

أَبْقَيْتَ أَكْذَبَ كَاذِبٍ أَبْقَيْتَهُ	وَأَخَذْتَ أَصْدَقَ مَنْ يَقُوْلُ وَيَسْمَعُ

ترجمہ ای زمانہ تونے بڑا غضب کیا کہ باقی رکھا تونے اُس شخص کو جو باقی ماندون جھوٹون مین سب سے جھوٹا ہو یعنی کافور کو اور اُس شخص کو لیلیا جو جملہ قائلین وسامعین مین سب سے سچا تھا۔

وَتَرَكْتَ أَنْتَنَ رِيْحَةٍ مَذْمُوْمَةٍ	وَسَلَبْتَ أَطْيَبَ رِيْحَةٍ تَتَضَوَّعُ

ترجمہ اور تونے ای زمانہ ایک شخص کو جسکی بوئے بد نہایت بری ہو چھوڑ دیا اور اُس شخص کو ہمسے چھین لیا کہ جس کی عمدہ بوئے خوش ہر جگہ پھیلتی تھی یعنے کافور کو چھوڑ دیا اور فاتک کو چھین لیا۔

فَالْيَوْمَ قَرَّ لِكُلِّ وَحْشٍ نَافِرٍ	دَمُهُ وَكَانَ كَأَنَّهُ يَتَطَلَّعُ

التطلع الاستشراف ترجمہ سو آج بسبب وفات فاتک کے ہر وحشی متنفر کا خون اُنکے بدن کی رگون مین ٹھہر گیا اور اسکی حیات مین تو ایسے حال مین تھا کہ گویا ابھی نکل پڑے گا یعنے وہ دلیر شکاری تھا۔

وَتَصَالَحَتْ ثَمَرُ السِّيَاطِ وَخَيْلُهُ	وَأَوَتْ إِلَيْهَا سُوْقُهَا وَالْأَذْرُعُ

ثمر السیاط والثلثۃ العقد الذی یکون فی عذبات السیاط۔ واوت عادت الیہا ورجعت والسوق جمع ساق ترجمہ اور متوفی کے گھوڑون اور چابک کی گرہون نے باہم صلح کرلی اور اُنکے ساق اور دست اپنی جگہ پر آگئے ورنہ فاتک

گھوڑون کے بوقت جنگ و فریادرسی مظلوم و عزم شکار خوب چابک دگا تا تھا اور اُنکو دوڑاتا تھا گویا ان کے ساق دوست اپنی جگہ پر نہ تھے۔

وَعَفَا الطِّرَادُ فَلَا سِنَانٌ رَاعِفٌ		فَوْقَ الْقَنَاةِ وَلَا حُسَامٌ يَلْمَعُ	

عفا درس وذہب۔ والطراد مطاردۃ الفرسان وہوالتبادل فی الحرب۔ والراعف الذی یقطرمنہ الدم ترجمہ اور فاتک کی موت کے سبب دشمنون پر حملہ نابود ہوگیا تو اب بھال نیزون کی انپر خون نہین بہاتی۔ اور نہ شمشیر قاطع چمکتی ہے یعنے یہ سامان حرب اس تلک تھے۔

وَلَّى وَكُلُّ مُخَالِمٍ وَمُنَادِمٍ		بَعْدَ اللُّزُومِ مُشَيِّعٌ وَمُوَدِّعُ	

المخالم المصادق۔ والمنادم الندیم ترجمہ متوفی نے ہماری طرف سے پشت پھیری یعنے بجانب قبر چلا ایسے حال مین کہ ہر دوست وہمنشین بعد دوام صحبت کے اُسکا مشایعت کرنے والا اور رخصت کرنے والا تھا یعنے اُس سے اُنس قدیم اور لزوم باقی نہین رہا تھا۔

مَنْ كَانَ فِيهِ لِكُلِّ قَوْمٍ مَلْجَاءٌ		وَلِسَيْفِهِ فِي كُلِّ قَوْمٍ مَرْتَعُ	

من فاعل ولی۔ والملجاء المکان الذی یلجاء الیہ ویتحصن بہ من المخاوف۔ والمرتع المرعی ترجمہ اُس شخص نے پشت پھیری کہ اُس مین ہر قوم کے لئے جائے پناہ تھی اور اُس کی تلوار کے لئے ہر قوم مین چراگاہ یعنے اُس کی ہیبت تمام دلون مین پھیل رہی تھی۔

إِنْ حَلَّ فِي فُرْسٍ فَفِيهَا رَبُّهَا		كِسْرَى تَذِلُّ لَهُ الرِّقَابُ وَتَخْضَعُ	

الفرس ہم اہل الفارس۔ وکسریٰ ہو ملک فارس ترجمہ اگر متوفی فارس کے لوگون مین فروکش ہوتا تو بجائے اُنکے بادشاہ کسریٰ کے ہوتا تھا جس کے سامنے سب کی گردنین جھک جاتی اور عاجزی کرتی تھین۔

أَوْ حَلَّ فِي رُومٍ فَفِيهَا قَيْصَرٌ		أَوْ حَلَّ فِي عُرْبٍ فَفِيهَا تُبَّعُ	

روم جمع رومی وملکہم یلقب بالقیصر۔ وتبع ہو ملک العرب ترجمہ یا رومیون مین اُترتا تو اُنمین مثل اُنکے بادشاہ قیصر لقب کے ہوتا تھا یا اہل عرب مین اُترتا تھا تو اُن مین بجائے اُنکے بادشاہ تبع لقب کے ہوتا یعنے سب لوگ اُسکے مطیع تھے۔

قَدْ كَانَ أَسْرَعَ فَارِسٍ فِي طَعْنَةٍ		فَرَسًا وَلٰكِنَّ الْمَنِيَّةَ أَسْرَعُ	

فرسا منصوب علی التمیز ترجمہ وہ شخص نیزہ زنی مین گھوڑے پر سوار ہونے کے اعتبار سے سب سے زیادہ تیزدست سوار تھا مگر کیا کیجئے کہ موت اُس سے زیادہ تیزدست تھی لہذا اُسکو قتل کردیا۔

لَا قُلِّبَتْ أَيْدِي الْفَوَارِسِ بَعْدَهُ		رُمْحًا وَلَا حَمَلَتْ جَوَادًا أَرْبَعُ	

ترجمہ سوارون کے ہاتھ اُسکے بعد کوئی نیزہ نہ اُٹھائیو اور نہ کوئی عمدہ گھوڑا اپنے چارون قدم یہ قول بطور دعا کے ہے

یعنے استعمال اسلحہ وسواری اسپ اُسکے موافق کوئی نہین جانتا تو اب ان چیزون کا استعمال غیر مفید ولغو ہی۔

وقال فی صباہ

بِأَبِي مَنْ وَدِدْتُهُ فَافْتَرَقْنَا ۔۔۔ وَقَضَى اللهُ بَعْدَ ذَاكَ اجْتِمَاعَا

ترجمہ مین اپنے باپ کو اُس شخص پر قربان کرتا ہون جسکو مین دوست رکھتا ہون سو وہ مجھسے جدا ہوگیا اور پھر بعد جدائی کے خداوند تعالی نے اُس سے ملنے کا حکم کردیا یعنے بعد فراق پھر ملاقات نصیب ہوگئی۔

وَافْتَرَقْنَا حَوْلًا فَلَمَّا الْتَقَيْنَا ۔۔۔ كَانَ تَسْلِيمُهُ عَلَيَّ وَدَاعَا

ترجمہ اور ہم ایک سال تلک جدا رہے سو جب ہم ملے تو اُسکا سلام ملاقات سلام رخصت ہوگیا یعنی ملتے ہی رخصت ہوگئے

وقال وہی توجد فی بعض النسخ دون بعض ولم یذکرہ الشارح

قَطَعْتُ بِسَيْرِي كُلَّ يَهْمَاءَ مَفْزَعِ ۔۔۔ وَجُبْتُ بِخَيْلِي كُلَّ صَرْمَاءَ بَلْقَعِ

الیہماء الفلاۃ لا یہتدی فیہا - والصرماء المفازۃ لا ماء فیہا - والبلقع الارض الیابسۃ ترجمہ یعنے اپنے سفر سے ہر دشت ناپیدا نشان خوفناک کو اور اپنے گھوڑے کے ذریعہ سے ہر بیابان بے آب خشک کو قطع کیا ہی۔ اپنی جفاکشی کی تعریف کرتا ہی۔

وَثَلَّمْتُ سَيْفِي فِي رُؤُوسٍ وَأَذْرُعٍ ۔۔۔ وَحَطَّمْتُ رُمْحِي فِي نُحُورٍ وَأَضْلُعِ

الثلم الفل - والحطم الکسر ترجمہ یعنے اپنی تلوار کی دھار مین بسبب قطع سرہا و دستہاے دشمنان دندانے ڈالدیئے اور تیر اپنے نیزے کو دشمنون کے سینون اور پہلوؤن مین توڑ دیا ہی اپنی شجاعت کی تعریف کرتا ہی۔

وَصَيَّرْتُ رَأْيِي بَعْدَ عَزْمِي رَائِدِي ۔۔۔ وَخَلَّفْتُ آرَاءً أَتَى الَتْ بِمَسْمَعِي

الرائد من یتقدم الجیش لطلب الماء والکلاء ترجمہ اور مینے بعد قصد ترک مصر اپنی عقل کو بمنزلہ اپنے پیشرو کے کردیا اور اُن عقلون کو پیچھے چھوڑ دیا جو درباب منع سفر میرے کان مین متواتر آتی تھین۔

وَلَمَّا تَرَكْتُ أَمْرًا أَخَافُ اغْتِيَالَهُ ۔۔۔ وَلَا طَمِعَتْ نَفْسِي إِلَى غَيْرِ مَطْمَعِ

الاغتیال القتل غیلۃ ترجمہ اور مینے ایسا کوئی امر نہین چھوڑا کہ اُس کے دفعۃً ہلاک کرنے کا مجھے خوف ہو یعنی سب امور مہلک پر مین غالب آگیا اور میری طبیعت نے کسی چیز یعنے کافور کی طمع نہ کی۔

وَفَارَقْتُ مِصْرًا وَالْأُسَيْوِدُ عَيْنُهُ ۔۔۔ حِذَارَ مَسِيرِي تَسْتَهِلُّ بِأَدْمُعِ

ترجمہ اور مینے مصر کو ایسے وقت چھوڑا کہ زنگی بچہ یعنے کافور کی آنکھ میرے سفر کے خوف سے آنسو بہاتی تھی یعنے وہ میری مفارقت نہین چاہتا تھا یا بخوف میری ہجو کے روتا تھا۔

أَلَمْ تَفْهَمِ الخُنْثَى مَقَالِي وَأَنَّنِي   أُفَارِقُ مَنْ أَقْلِي بِقَلْبٍ مُشَيِّعِ

ترجمہ کیا میرے کلام کو خنثی نسمجھا اور نہ اس بات کو کہ جس سے مین بغض رکھتا ہون تو مین اُس سے اسطرح جدا ہوتا ہون کہ میرا دل میرے جسم کے ساتھ ہوتا ہے یعنی مفارقت جسمانی وقلبی دونون ہوتے ہین۔

وَلَا أَدَّعِي إِلَّا إِلَى مَنْ يَوَدُّنِي   وَلَا يَطَّبِينِي مَنْزِلٌ غَيْرُ مُمْرِعِ

ادعوی ادعی۔ اطبیت الیہ دعوتہ۔ والممرع المخصب ترجمہ اور مین نہین جاتا ہون مگر اُس شخص کے پاس جو مجھے دوست رکھے۔ اور مجھے نہین بلاتی ہے مگر سرسبز جگہ جہان ہرطرح کی آسائش ہو۔

أَبَا النَّتْنِ كَمْ قَيَّدْتَنِي بِمَوَاعِدٍ   مَخَافَةَ نَظْمٍ لِلْفُؤَادِ مُرَوِّعِ

ترجمہ ای ملازم نجاست تونے مجکو بخوف میرے اشعار ہجو یہ کے جس کے سننے سے دل کانپتا ہے جوٹے وعدون سے روکا۔

وَقَدَّرْتَ مِنْ فَرْطِ الجَهَالَةِ أَنَّنِي   أُقِيمُ عَلَى كِذْبٍ بِحَيْفٍ مُضَيِّعِ

ترجمہ اور تونے بسبب اپنی فرط جہالت کے یہہ خیال کرلیا کہ مین اوپر تہ بتہ جھوٹ بیفائدہ کے ہمیشہ تیرے پاس مقیم رہون گا یعنی تیری جھوٹی مدح غیر مفید کہتا رہون گا۔

أُقِيمُ عَلَى عَبْدٍ خَصِيٍّ مُنَافِقٍ   لَئِيمٍ رَدِيِّ الفِعْلِ لِلْجُودِ مُدَّعِي

ترجمہ کیا مین مقیم رہسکتا ہون ایک غلام خصی منافق ناکس ناقص الفعل بخشش کے دعوے کرنیوالیکے پاس یعنی ہرگز نہین

وَأَتْرُكُ سَيْفَ الدَّوْلَةِ المَلِكَ الرِّضَا   كَرِيمَ المُحَيَّا أَرْوَعًا وَابْنَ أَرْوَعِ

الرضی المرضی۔ والمحیا الوجہ۔ والاروع المعجب من حسنہ وکمالہ ترجمہ اور چھوڑ دون مین سیف الدولہ شاہ پسندیدہ کریم الوجہ کو جو اپنے حسن اور کمال سے لوگون کو متعجب کرتا ہے اور اُس کا باپ بھی ایسا ہی ہے۔

فَتًى بَحْرُهُ عَذْبٌ وَمَقْصَدُهُ غِنًى   وَمَرْتَعُ مَرْعَى جُودِهِ خَيْرُ مَرْتَعِ

ترجمہ سیف الدولہ ایسا جوان ہے کہ اُسکا دریا شیرین اور اُسکا قصد کرنا غنی کرنیوالا یا خود غنی ہے اور چراگاہ اُسکے جود کی چراگاہ کی عمدہ چراگاہ ہے۔

تَظَلُّ إِذَا مَا جِئْتَهُ الدَّهْرَ آمِنًا   بِخَيْرِ مَكَانٍ بَلْ بِأَشْرَفِ مَوْضِعِ

ترجمہ جب تو سیف الدولہ کے پاس آوے تو تو ہمیشہ کو امن مین اچھے مکان بلکہ عمدہ جگہ مین ہوگا۔

وقال وقد سالہ سیف الدولہ عن فرس بیاریہ فقال

مَوْقِعُ الخَيْلِ مِنْ نَدَاكَ طَفِيفُ   وَلَوَ انَّ الجِيَادَ فِيهَا أُلُوفُ

الطفیف القلیل الحقیر ترجمہ گھوڑون کا موقع یا مرتبہ تیرے عطا مین کمتر اور حقیر ہے اگرچہ عمدہ گھوڑے اُس گلہ مین ہزارون ہون کیونکہ تیری عطایا کی کوئی حد ونہایت نہین ہے۔

وَمِنَ اللَّفْظِ لَفْظَةٌ تَجْمَعُ الْوَصْفَ ٭ وَذَاكَ الْمُطَهَّمُ الْمَعْرُوفُ

المطہم ہو التام الجمال المشہور صفتہ ترجمہ اور بعض الفاظ میں ایسا لفظ ہوتا ہی کہ وہ سارے اوصاف کا جامع ہوتا ہی اور ایسا لفظ گھوڑ وںین جمال کا پورا اصیل یہ وصف مشہور ہی خلاصہ یہ کہ میں تجھ سے اسپ با جمال اصیل چاہتا ہوں یہ لفظ تمام گھوڑوں کے عمدہ وصف کو شامل ہی۔

كُلُّ مَا يَمْنَحُ الشَّرِيفُ شَرِيفُ	مَا لَنَا فِي النَّدَى عَلَيْكَ اخْتِيَارٌ

ترجمہ یہ جو مینے گھوڑ یکا وصف بیان کیا بتعمیل حکم ہی اور واقعی یہ ہی کہ ہکو در باب عطا تجھ پر کچھ اختیار نہیں ہی شخص شریف جو بخشتا ہی وہ چیز شریف ہی ہوتی ہی۔

وقال فی ابی دلف وقد تعاہدہ فی الحبس وکان صدیقہ

وَالسِّجْنِ وَالْقَيْدِ يَا أَبَا دُلَفِ	أَهْوِنْ بِطُولِ الثَّوَاءِ وَالتَّلَفِ

اہون ای ما اہون۔ والثواء المقام ترجمہ ای ابو دلف طول قیام قیدخانہ اور ہلاکی اور قید کسقدر آسان ہی اپنی ہمت وجرت کی تعریف کرتا ہی کہ مجکو ان تکالیف کی کچھ پروا نہیں ہی۔

وَالْحُرُّ عَبْدٌ يُرْضِي الْأُسُودَ بِالْجِيَفِ	غَيْرَ اخْتِيَارٍ قَبِلْتُ بِرَّكَ بِي

ترجمہ تیرے احسان کو مینے حالت اضطرار مین قبول کر لیا ہی اور گرسنگی شیروں کو مردار خواری پر راضی کر دیتی ہی۔

وَطَّنْتُ لِلْمَوْتِ نَفْسَ مُعْتَرِفِ	كُنْ أَيُّهَا السِّجْنُ كَيْفَ أَنْتَ فَقَدْ

ترجمہ ای قیدخانہ تو تکالیف وشدت مین ایسا ہی رہ جیسا تو ہی یہ مین تجھسے تخفیف تکالیف کی درخواست نہین کرتا کیونکہ مینے آپ کو خوگر موت بنا لیا ہی جیسا مجرم اقراری مصائب پر صبر کیا کرتا ہی۔

لَمْ يَكُنِ الدُّرُّ سَاكِنَ الصَّدَفِ	لَوْ كَانَ سُكْنَايَ فِيكَ مَنْقَصَةً

ترجمہ ای قیدخانہ اگر میرا قیام تجھین میرے نقصان وعیب کا سبب ہوتا تو موتی با این ہمہ قدر سیپ جیسے بیقدر شی مین نہ رہتا۔

وقال یمدح ابا الفرج احمد بن الحسین القاضی

لَوْ حُشَيْشَةٍ لَا مَا لِلْحُشَيْشَةِ شَنَفَا	لِجِنِّيَّةٍ أَمْ غَادَةٍ رُفِعَ السَّجْفُ

اراد الجنیۃ فحذف ہمزۃ الاستفہام ودل علیہا قولہ ام۔ والغادۃ الناعمۃ۔ والسجف جانب الستر۔ والشنف ما علق فی اعلی الاذن والقرط ما کان فی اسفلہ ترجمہ کیا واسطے پری یا زن نازک اندام کے پردہ اٹھایا گیا ہی۔ اور لوحشیۃ کے دو معنے ہوسکتے ہین ایک یہ کہ وہ سابق کے مانند استفہام ہو یعنے کیا واسطے آہوے وحشی کے پردہ اٹھایا گیا ہی اور دوسری یہ کہ وحشیہ کے لئے پردہ کا اٹھانا اول تسلیم کرتا ہی یعنے وحشیہ کے لئے پردہ اٹھایا گیا ہی پھر ہوش مین آکر تسلیم سابق سے انکار کرتا ہی کہ اگر یہ پردہ کا اٹھانا آہوئے وحشی کے لئے ہوتا تو یہ آویزہ گوش اسکے کان مین نہوتا۔

نَفُوْرٌ عَرَتْهَا نَفْرَةٌ فَتَجَاذَبَتْ ۔۔۔ سَوَالِفُهَا وَالْحَلْيُ وَالْخَصْرُ وَالرِّدْفُ

عرتہا اصابتہا ۔ والسوالف جمع سالفۃ وہی صفحۃ العنق ترجمہ وہ محبوبہ وحشی مزاج ہی اسپر اجنبی مردونکے دیکھنے سے اُسکو اور وحشت پیش آئی پس دو وحشتین جمع ہوگیین اسلئے اُس کے اعضا اور زیور مین کھینچا تانی پڑی ۔ سو اُسکے لنارۂ گردن اور زیور نے ہر ایک نے دوسرے کو اپنی طرف کھینچا اور اُسکے سرین گران نے اُسکی پتلی کمر کو اپنی طرف کھینچا ۔ خلاصہ یہ کہ جب اُسنے بحالت اضطرار اُٹھنے کا قصد کیا تو یہ صورت کشاکشی پیش آئی ۔

وَخُيِّلَ مِنْهَا مِرْطُهَا فَكَأَنَّمَا ۔۔۔ تَثَنَّى لَنَا خُوْطٌ وَلَاحَظَنَا خِشْفُ

اصل التخیل الاضطراب ۔ والخوط القضیب ۔ والمرط الثوب والکساء من صوف او خز والخشف ولد الظبیۃ ترجمہ جب وہ ریشمی چادر اوڑھ کر برآمد ہوئی تو اُسکی چادر نے اُسکی صورت ہمارے خیال مین ایسی نمایان کی کہ گویا ہمارے سامنے ایک نازک شاخ لچک رہی ہی اور ہمکو ایک آہو برہ نے دیکھا ہی اور صرف قامت اور لحظ کا ذکر اسواسطے کیا کہ چادر نے تمام اُسکے جسم کی خوبیان سوائے قد اور چشم کے چھپالین تھین ۔

زِيَادَةُ شَيْبٍ وَهِيَ نَقْصُ زِيَادَتِي ۔۔۔ وَقُوَّةُ عِشْقٍ وَهِيَ مِنْ قُوَّتِي ضَعْفُ

زیادۃ خبر مبتدء محذوف ای حالی وقوۃ عطف علیہا ترجمہ میرا حال یہ ہی کہ بڑھاپا بڑھتا جاتا ہی اور یہ زیادتی پیری میرے لئے زیادتی قوی کا نقصان ہی اور عشق زور پکڑتا جاتا ہی اور یہ ہی سبب میری ضعف قوۃ کا ہی ۔

هَرَاقَتْ دَمِي مَنْ بِي مِنَ الْوَجْدِ مَا بِهَا ۔۔۔ مِنَ الْوَجْدِ بِي وَالشَّوْقُ بِي وَلَهَا حِلْفُ

ہراقت بمعنی اراقت والہاء بدل من الہمزۃ ۔ وحلف ملازم ترجمہ میرا خون اُس محبوبہ نے گرایا ہی جسکا مجکو عشق ایسا ہی ہی جیسا اُسکو میرا عشق اور شوق طرفین کا ملازم ہی ۔

وَمَنْ كُلَّمَا جَرَّدْتَهَا مِنْ ثِيَابِهَا ۔۔۔ كَسَاهَا ثِيَابًا غَيْرَهَا الشَّعَرُ الْوَحْفُ

الوحف الکثیر الملتف ترجمہ اور اُس محبوبہ نے میرا خون گرایا ہی کہ اگر اُسکو اُسکے لباس سے تو برہنہ کرے تو اُس کو دوسرا لباس اُسکے موہائے کثیر پہنادین ۔ کثرت سر کے بالونکی تعریف کرتا ہی ۔

وَقَابَلَنِي رُمَّانَتَا غُصْنِ بَانَةٍ ۔۔۔ يَمِيلُ بِهِ بَدْرٌ وَيُمْسِكُهُ حِقْفُ

الحقف ما اعوج من الرمل وجمعہ احقاف وحقاف ۔ ترجمہ اور محبوبہ جب رخصت کرنے کھڑی ہوئی تو اُس نے میرے سامنے دو انار شاخ درخت بان یعنی دو پستان مثل انار اپنے قد پر جو مانند شاخ بان لچکدار تھا کئے جسکو ایک چہرہ مثل بدر حرکت دیتا تھا اور ایک طرف کو جھکاتا تھا اور اُسکو اُس کے سرین جو مثل تودہ ریگ تھے اپنی گرانی کے سبب روکتے تھے اس لئے جلد نہین چل سکتی تھی ۔

أَكِيدًا لَنَا يَا بَيْنُ وَاصَلْتَ وَصْلَنَا ۔۔۔ فَلَا دَارُنَا تَدْنُو وَلَا عَيْشُنَا يَصْفُو

نصب کیدا علی المصدر ای اکیدنی کیدا ترجمہ ای فراق کیا تو ہمسے فریب کرتا ہو کہ تو ہمارے وصل سے مل بیٹھا اور اس کو مبدل بفراق کردیا سواب نہ ہمارا گھر ہمسے قریب ہوتا ہو اور نہ ہمارا عیش صاف۔

اُرَدِّدُ وَيْلِي لَوْ قَضَى الْوَيْلُ حَاجَةً	وَاُكْثِرُ لَهْفِي لَوْ شَفَى غُلَّةً لَهْفُ

ویل کلمۃ یقال عند الوقوع فی الہلکۃ۔ واللہف التحسر علی مافات ترجمہ مین کلمہ ای وائے باربار کہتا ہون کاش کلمہ کچھ حاجت برآری کرے اور اپنے افسوس کا تکرار اکثر کرتا ہون کاش افسوس میری تشنگی کو کچھ مفید ہو۔

ضَنًى فِي الْهَوَى كَالسُّمِّ فِي الشَّهْدِ كَامِنًا	لَذِذْتُ بِهِ جَهْلًا وَفِي اللَّذَّةِ الْحَتْفُ

ضنی ای بی ضنی فہو خبر مبتدء محذوف او علی العکس۔ وکامنا حال من السم ترجمہ محبت مین بیماری ایسی چھپی ہوئی ہو جیسا زہر شہد مین سینے بحالت نادانی محبت سے مزہ اُٹھایا اور اُس مزہ ہی مین میری موت تھی۔

فَاَفْنَى وَمَا اَفْنَتْهُ نَفْسِي كَاَنَّمَا	اَبُو الْفَرَجِ الْقَاضِي لَهُ دُونَهَا كَهْفُ

ترجمہ سو اس بیماری نے مجکو فنا کردیا اور میرا نفس اُسکو فنا نکرسکا گویا ابو الفرج قاضی اُس بیماری کا میرے نفس سے ورے اُسکی جائے پناہ ہو لہذا وہ مجہ پر غالب رہی۔ وہذا من التخلص الحسنۃ۔

قَلِيلُ الْكَرَى لَوْ كَانَتِ الْبِيضُ وَالْقَنَا	كَآرَائِهِ مَا اَغْنَتِ الْبَيْضُ وَالزَّغْفُ

الزغف الدروع السابغۃ والبیض الاول بکسر الباء کنایہ عن السیوف والثانی بفتح الباء ہو ما یلبس علی الرؤس ترجمہ ممدوح بسبب اشتغال امور قضا و تحصیل حسنات مجد کے کم سوتا ہی۔ اور ایسا تیز ہوش ہو کہ اگر تلوارین صیقلدار اور نیزے ایسے تیز ہوتے جیسے اُسکی رائین ہین تو سلاح پوشون کو خود اور پوری زرہ کچھ فائدہ بخش نہین آتی بلکہ تلوار ونیزہ خود وزرہ مین گھسجاتے۔

يَقُومُ مَقَامَ الْجَيْشِ تَقْطِيبُ وَجْهِهِ	وَيَسْتَغْرِقُ الْاَلْفَاظَ مِنْ لَفْظِهِ حَرْفُ

قطب وجہہ اذا جمع ما بین عینیہ عبوسا ترجمہ اُسکی ترشروئی قائم مقام لشکر ہو اور اُسکے لفظ کا ایک حرف تمام الفاظ کو گھیر لیتا ہو۔ خلاصہ یہ کہ وہ رعبدار ہو اور تھوڑے سے الفاظ مین معانی کثیر جمع کردیتا ہو۔

وَاِنْ فَقَدَ الْاِعْطَاءَ حَنَّتْ يَمِينُهُ	اِلَيْهِ حَنِينَ الْاِلْفِ فَارَقَهُ الْاِلْفُ

ترجمہ اور اگر اُسکا دست راست بخشش نکرے تو وہ اعطا کی طرف ایسا مشتاق ہوجاتا ہو جیسا دوست مشتاق ہوتا ہو دوسرے دوست کی طرف جو جدا ہوگیا ہو۔ یعنی اُسکا ہاتھ بخشش سے سخت مالوف ہو۔

اَدِيبٌ رَسَتْ لِلْعِلْمِ فِي اَرْضِ صَدْرِهِ	جِبَالٌ جِبَالُ الْاَرْضِ فِي جَنْبِهَا قُفُّ

القف الغلیظ من الارض لایبلغ ان یکون جبلا۔ ورست ثبتت ترجمہ وہ ایک ادیب ہو کہ اُس کے زمین سینہ مین علم کے ایسے پہاڑ قائم ہوگئے ہین کہ زمین کے پہاڑ اُس کے مقابلہ مین اونچے ٹیلے ہین بلکہ کمتر۔

جُوْدٌ سَمَتْ فِی الْخَیْرِ وَالشَّرِّ کَفُّہٗ	سُمُوًّا اَوَدَّ الدَّھْرَ اَنَّ اِسْمَہٗ کَفُّ

او والدہرای حلۃ علی الود ترجمہ وہ ایسا سخی ہے کہ اسکی ہتیلی نفع رسانی دوستان و ضرر رسانی دشمنان مین ایسی بلند ہو کہ اُسنے زمانہ کو اس امر کا خواستگار بنا دیا ہو کہ اُس کا نام کف ممدوح ہو۔ خلاصہ یہہ ہو کہ سب خیر و شر کو زمانہ کی طرف نسبت کیا کرتے ہین اس لئے جب اُس نے غایت خیر و شر کف ممدوح دیکھی تو تمنا کی کہ مین کاش کف ممدوح ہون تاکہ یہہ دونون امر مجہ سے علےٰ وجہ الکمال صادر ہون۔

وَاَضْحٰی وَبَیْنَ النَّاسِ فِیْ کُلِّ سَیِّدٍ	مِنَ النَّاسِ اِلَّا فِیْ سِیَادَتِہٖ خُلْفُ

ترجمہ اور وہ ایسے حال مین ہو گیا ہو کہ اُسکی سرداری مین کسی کو اختلاف وانکار نہین ہو یعنی اُسکی سرداری متفق علیہ سب کی ہو اور اور سردارونکی سرداری مختلف فیہ ہو۔

یُفَدُّوْنَہٗ حَتّٰی کَاَنَّ دِمَاءَھُمْ	لِجَارِیْ ھَوَاہُ فِیْ عُرُوْقِھِمْ تَقْفُوْ

ترجمہ لوگ اُسکو فدایت شوم کہتے ہین گویا اُنکے خون ممدوح کی محبت کے جو اُنکی رگون مین دوڑتی پھرتی ہو پیچھے پیچھے جارہے ہین یعنی اُسکی محبت اول اُنکے دلون مین آئی اور خون پیچھے خلاصہ یہہ کہ وہ اُسکو اپنی جانون سے زیادہ عزیز سمجھتے ہین

وُقُوْفَیْنِ فِیْ وَقْفَیْنِ شُکْرٍ وَنَائِلٍ	فَنَائِلُہٗ وَقْفٌ وَشُکْرُھُمْ وَقْفُ

الوقوف مصدر بمعنی الواقف ترجمہ ممدوح اور اور لوگ دو کھڑے ہونیوالے ہین دو وقف چیزون پر یعنے شکر و عطا پر سو عطائے ممدوح لوگون پر وقف ہو اور شکر لوگون کا ممدوح پر وقف ہو یعنے وہ اُنپر ہمیشہ عطا کرتا ہو اور وہ ممدوح کا ہمیشہ شکر کرتے ہین۔

وَلَمَّا فَقَدْنَا مِثْلَہٗ دَامَ کَشْفُنَا	عَلَیْہِ فَدَامَ الْفَقْدُ وَانْکَشَفَ الْکَشْفُ

ترجمہ اور جبکہ ہمکو اُسکا مثل نملا تو ہم ہمیشہ اس امر کی تحقیق کرتے رہے کہ آیا وہ حقیقت مین بیمثل ہو یا ہمکو اُسکا مثل نہین ملتا اور واقع مین ہو تو فقد مثل ہمیشہ رہا اور حال کھل گیا کہ اُس کا مثل ہی نہین۔

وَمَا حَارَتِ الْاَوْھَامُ فِیْ عُظْمِ شَاْنِہٖ	بِاَکْثَرَ مِمَّا حَارَ فِیْ حُسْنِہِ الطَّرْفُ

ترجمہ بلندی شان ممدوح مین لوگون کے اوہام اسقدر زیادہ حیران نہین ہوئے جسقدر آنکھین اُسکے حسن مین۔

وَلَا نَالَ مِنْ حُسَّادِہِ الْغَیْظُ وَالْاَذٰی	بِاَعْظَمَ مِمَّا نَالَ مِنْ وَفْرِہِ الْعُرْفُ

ترجمہ غصہ اور تکلیف نے اُسکے حاسدون کو جسقدر ستایا ہو وہ اُس سے بڑھکر نہین ہو جسقدر اُسکے احسان نے اُسکے مال کثیر کو ستایا ہو۔

تَفَکُّرُہٗ عِلْمٌ وَمَنْطِقُہٗ حُکْمٌ	وَبَاطِنُہٗ دِیْنٌ وَظَاھِرُہٗ ظَرْفُ

ترجمہ اُسکا تفکر علم ہو یعنے مسائل شرعیہ مین فکر کرتا رہتا ہو اور اُسکی گویائی حکم دینا موافق شرع کے ہے اور اُس کا

باطن دین ہی اور اُسکا ظاہر خوشروئی و خوش طبعی - یہہ قصیدہ ضرب اول طویل سے ہی اور عروض طویل ہمیشہ مقبوض آتی ہی یعنے بجائے مفاعیلن مفاعلن آتا ہی مگر مطلع قصیدہ مین کہ اُس کا ضرب مفاعیلن و فعولن آتا ہی اور عروض ضرب کا تابع ہوتا ہی - اور یہہ شعر مطلع نہین ہی بااین ہمہ اُسکا عروض مفاعیلن بضرورت شعری آگیا ہی شارح واحدی نے اُسکا یہہ عذر لکھا ہی کہ اُس نے مفاعلن کو اُسکے اصل مفاعیلن کی طرف رد کر لیا بضرورت شعری جیسا غیر منصرف کو منصرف کر لینا یا مثل اسکے جیسا فک ادغام و اجرائے معتل مجرائے صحیح و قصر ممدود - اور اگر بجائے حکم ہای لا آیا تقی تو یہہ خلل جاتا رہتا -

أَمَاتَ رِيَاحَ اللُّؤْمِ وَهْيَ عَوَاصِفٌ	وَمَغْنَى الْعُلَى يُودِي وَرَسْمُ النَّدَى يَعْفُو

ترجمہ ممدوح نے ہواؤن خست و بخل کو جو بشدت چل رہی تھین مار دیا اور حال یہہ تھا کہ غنی یا علی کا گھر قریب الہلاکت تھا اور نشان سخا قریب تھا کہ محو ہو جاوے سو اُس نے وقت پر خبر لی کہ دونون غنی اور ندی دنیا مین باقی ہے -

فَلَمْ نَرَ قَبْلَ ابْنِ الْحُسَيْنِ أَصَابِعًا	إِذَا مَا هَطَلْنَ اسْتَحْيَتِ الدِّيَمُ الْوُطْفُ

الوطف جمع وطفاء وہی السحابۃ المسترخیۃ الجوانب لکثرۃ ماءہا - والدیم جمع دیمۃ وہی دوام المطر ایاما ترجمہ سو ہم نے قبل ابن الحسین کے ایسی انگلیان نہین دیکھین کہ جب وہ برسین یعنے بکثرت بخشش کرین تو اُسکے سامنے بادل نہایت بسیار بار شرما جاوین اور اقرار کرین کہ ہم سے ایسی سخاوت نہین ہو سکتی -

وَلَا سَاعِيًا فِي قُلَّةِ الْمَجْدِ مُدْرِكًا	بِأَفْعَالِهِ مَا لَيْسَ يُدْرِكُهُ الْوَصْفُ

قلۃ المجد اعلاہ ترجمہ اور نہین دیکھا ہمنے مثل ممدوح کے بلندی بزرگی پر چڑھنے والا اور اپنے افعال سے اُس رتبہ کو پہنچنے والا جسکو وصف ادراک نہین کر سکتا یعنے اُسکی تعریف نہین ہو سکتی -

فَلَمْ نَرَ شَيْئًا يَحْمِلُ الْعِبْءَ حَمْلَهُ	وَيَسْتَصْغِرُ الدُّنْيَا وَيَحْمِلُهُ طِرْفُ

العبء الثقل - والطرف الفرس ترجمہ ہمنے کسی شی کو نہین دیکھا کہ وہ اُس کے مانند بارہات و تاوانات و مطالبات اٹھاتی ہو اور دنیا اُسکی نظر مین ایک شی حقیر ہو اور اسپر اُسکو ایک گھوڑا اٹھا لیتا ہو یعنے یہہ تعجب خیز امر ہی -

وَلَا جَلَسَ الْبَحْرُ الْمُحِيطُ لِقَاصِدٍ	وَمِنْ تَحْتِهِ فَرْشٌ وَمِنْ فَوْقِهِ سَقْفُ

ترجمہ اور ہمنے سوائے ممدوح نہین دیکھا کہ دریائے محیط واسطے بخشش اُس شخص کے جو اُسکے پاس آوے بیٹھا ہو اور اُسکے نیچے فرش ہو اور اوپر چھت یعنے عجب طرح کا بحر ہی -

فَوَا عَجَبَا مِنِّي أُحَاوِلُ نَعْتَهُ	وَقَدْ فَنِيَتْ فِيهِ الْقَرَاطِيسُ وَالصُّحْفُ

ترجمہ سو تعجب ہی مجھ سے کہ مین اُسکی تعریف کا قصد کرتا ہون حال آنکہ اُسکے وصف مین کاغذ اور کتابین تمام ہو گئین اور اُسکا وصف ناتمام رہا -

وَدُونَ كَثْرَةِ الْأَخْبَارِ عَنْ مَكْرُمَاتِهِ	يَمُرُّ بِهِ صِنْفٌ وَيَأْتِي لَهُ صِنْفُ

ترجمہ اور اُسکے اوصاف حمیدہ کی کثرت اخبار کے سبب ایک قسم کے لوگ کامیاب ہوکر جاتے ہین اور دوسری قسم کے لوگ بامید عطا آتے ہین یا اُسکے کرمات کے اقسام متعددہ کا ذکر یکے بعد دیگرے ہوتا ہی۔

وَتَفْتَرُّ مِنْهُ عَنْ خِصَالٍ كَأَنَّهَا	ثَنَايَا حَبِيبٍ لَا يُمَلُّ لَهَا رَشْفُ

ترجمہ اور وہ اخبار ہنستے ہین یعنے ظاہر کرتے ہین ممدوح کی ایسی عمدہ خصلتین کہ گویا وہ حبیب کے دندان ہین کہ اُنکے چوسنے سے کبھی سیری نہین ہوتی۔

قَصَدْتُكَ وَالرَّاجُونَ قَصْدِي إِلَيْهِمُ	كَثِيرٌ وَلَكِنْ لَيْسَ كَالذَّنَبِ الْأَنْفُ

ترجمہ یعنے تیرا قصد کیا حال آنکہ امیدوار میرے قصد کے اپنی طرف بہت تھے یعنی اور لوگ بھی میرے آنیکے امیدوار تھے مگر ناک مثل دم کے نہین ہی یعنی تو سیا امرا مین بمنزلہ بینی کے ہی اور وہ لوگ مثل دم کے تو مین کسطرح اُنکے پاس جاتا۔

وَلَا الْفِضَّةُ الْبَيْضَاءُ وَالتِّبْرُ وَاحِدٌ	نَفُوعَانِ لِلْمُكْدِي وَبَيْنَهُمَا صَرْفُ

نفوعان ای ہما نفوعان۔ والتبر الذہب والمکدی الفقیر الذی لا خیر عندہ ترجمہ اور چاندی اور سونا ایکسان نہین ہین گو دونون فقیر کو مفید ہین مگر اُن دونوں کی قیمت مین بڑا فرق ہی ایسا ہی تو اور امرا مین بمنزلہ زر اور وہ بمنزلہ سیم ہین۔

وَلَسْتَ بِدُونٍ يُرْتَجَى الْغَيْثُ دُونَهُ	وَلَا مُنْتَهَى الْجُودِ الَّذِي خَلْفَهُ خَلْفُ

رفع خلف وجردون لانہ جعلہا اسما لا ظرفا ترجمہ اور تو ایسا قلیل صغیر المقدار نہین ہی کہ اُمید باران اُسکے سوا یا اُس کے ورے کسی اور شخص سے کیجاوے اور نہ تو ایسا منتہائے جود ہی کہ اُسکے پیچھے یعنی اُسکے سوا کوئی اُسکا خلیفہ سخاوت مین ہو۔ خلاصہ یہہ کہ تو منتہائے جود ہی اور وہ تجھ پر ہی منحصر ہی نہ تجھ سے پہلے اور نہ تیرے بعد کوئی سخی ہی۔

وَلَا وَاحِدًا فِي ذَا الْوَرَى مِنْ جَمَاعَةٍ	وَلَا الْبَعْضُ مِنْ كُلٍّ وَلَكِنَّكَ الضِّعْفُ

ترجمہ اور نہین ہی تو اُس خلق مین منجملہ جماعت کے ایک اور نہ تو بعض کل خلائق ہی بلکہ تو تمام خلق سے دونا ہی یعنی جتنی سب خلق ملکر نفع رسانی کرتی ہی اُس سے دونا تو تنہا فیض بخشی کرتا ہی۔

وَلَا الضِّعْفُ حَتَّى يَتْبَعَ الضِّعْفَ ضِعْفُهُ	وَلَا ضِعْفَ الضِّعْفِ بَلْ مِثْلُهُ أَلْفُ

مثلہ منصوب لانہ نعت نکرۃ فقدم علیہا فینصب علی الحال والنکرۃ الف ترجمہ تو خلق کا دونا ہی نہین ہی یہان تلک کہ یہہ دونا دونا کیا جاوے یعنی یہہ ضعف دو ضعف ہو جاوین اور نہ ضعف الضعف کا دونا بلکہ اُسکے مثل ہزار یعنی تو تمام مخلوق سے بہت بڑھا ہوا ہی

أَقَاضِيَنَا هَذَا الَّذِي أَنْتَ أَهْلُهُ	غَلِطْتُ وَلَا الثُّلْثَانِ هَذَا وَلَا النِّصْفُ

ترجمہ ای ہمارے قاضی یہہ ہی تعریف جو مین نے کی تو اُسکا سزاوار ہی پھر اس دعوے سے رجوع کرکے کہتا ہی کہ مینے اس قول مین غلطی کی یہہ تعریف نہ تیری استحقاق سے دو تہائی ہی اور نہ نصف بلکہ اُس سے بھی کم۔

وَذَنْبِی تَقْصِیْرِی وَمَاجِئْتُ مَادِحًا	بِذَنْبِی وَلٰکِنْ جِئْتُ اَسْاَلُ اَنْ تَعْفُوْ

ترجمہ اور میرا گناہ تیری مدح مین کوتاہی ہی اور مین اپنے گناہ سے تیرا مادح ہوکر نہین آیا مگر اس لئے آیا ہون کر تجھ سے عفو گناہ تقصیر کا سوال کرون کر تو میرے اس گناہ کو معاف کرے۔

واخرج ابوالعشائر جوشنا فقال کیف تراہ فقال مرتجلاً

بِہٖ وَبِمِثْلِہٖ شُقَّ الصُّفُوْفُ	وَزَلَّتْ عَنْ مُبَاشِرِہِ الْحُتُوْفُ

ترجمہ اس زرہ اور اس جیسی زرہ کے ذریعے سے صفہائے اعدا چیری جاتی ہین یعنے یہہ پہنکر خوف تیر و شمشیر نہین رہتا اور اُسکے پہننے والے سے موتین دور ہو جاتی ہین۔

فَدَعْہُ لَقًی فَاِنَّکَ مِنْ کِرَامٍ	جَوَاشِنُہَا الْاَسِنَّۃُ وَالسُّیُوْفُ

الجواشن جمع جوشن وہو الدرع ترجمہ سو اُسکو تو افتادہ چھوڑ اور مت پہن کیونکہ تو اُن عمدہ لوگون مین ہی جنکی زرہین نیزے اور تلوارین ہین یعنی وہ ایسے بہادر ہین کہ اُنکو زرہ پوشی کی بسبب غایت شجاعت حاجت نہین ہی

وانتسب لہ بعض من ہم بقتلہ لیلاً علی باب سیف الدولۃ بعد قولہ واحر قلباہ ممن قلبہ شبم الی ابی العشائر وذکرانہ ہو الذی امرہم بہ فقال

وَمُنْتَسِبٍ عِنْدِیْ اِلٰی مَنْ اُحِبُّہٗ	وَلِلنَّبْلِ حَوْلِیْ مِنْ یَدَیْہِ حَفِیْفُ

ترجمہ اور بہت سے شخص ایسے ہین کہ وہ میرے روبرو اپنے آپ کو اس شخص کی طرف نسبت کرتے ہین جسکو مین دوست رکھتا ہون یعنی ابوالعشائر کی طرف اور ایسے حال مین اپنا انتساب بیان کرتے ہین کہ میرے گرد اُسکے دونون ہاتھون سے تیر کی آواز ہی بارادہ میرے قتل کے۔ اسکا قصہ یہہ ہی کہ ایک قصیدہ مین جس کا ایک مصرعہ عنوان مین لکھا ہی متنبی نے سیف الدولہ پر اس بابت سخت عتاب کیا ہی کہ وہ میرے معاملہ مین چغلخورون کی چغلیان کیون سنتا ہی اور حاسدون کی بڑی مذمت کی ہی۔ جب یہہ قصیدہ سیف الدولہ کے روبرو پڑھا گیا تو حاضرین محفل سے ایک شخص نے جو متنبی سے عداوت رکھتا تھا سیف الدولہ کی طرف سے ابوالعشائر کو انطاکیہ مین یہہ حال لکھ بھیجا اور قتل متنبی کی ترغیب دی چنانچہ اُس نے دس غلام اُسکے قتل کے واسطے بھیجے اور اُنھون نے متنبی کو بہانہ طلب سیف الدولہ رات کو بلا بھیجا جب وہ سیف الدولہ کے دروازہ کے قریب پہنچا غلامون نے اُسپر حملہ کیا۔ گر یہہ اُنکے حملہ سے بچگیا اور اُنمین ایک غلام کو مار ڈالا جب وہ قتل متنبی سے ناامید ہوئے تو اُنمین ایک نے کہا کہ ہم ابوالعشائر کے غلام ہین اس پر متنبی کہتا ہی ؎ ومنتسب عندی الخ

فَہَیَّجَ مِنْ شَوْقِیْ وَمَا مِنْ مَذَلَّۃٍ	حَنَنْتُ وَلٰکِنَّ الْکَرِیْمَ اَلُوْفُ

ترجمہ غلامون نے جو اپنے کو تیری طرف منسوب کیا تو تیرا نام سنکر میرا شوق کسی قدر جوش مین آگیا اور مین اس حال مین

سبب اُنکی ہیبت کے مشتاق وزرم نہین ہوا الملکہ اس سبب سے کہ عمدہ شخص جلد الفت کرلیوالا ہوتا ہے۔

وَکُلُّ وِدَادٍ لَا یَدُوْمُ عَلَی الْاَذٰی	دَوَامَ وِدَادِیْ لِلْحُسَیْنِ ضَعِیْفٗ

ترجمہ اور ہر دوستی کہ باوجود تکلیف دہی کے ایسی پائدار نہو جیسی میری دوستی ابو العشائر سے پائدار ہے تو وہ دوستی ضعیف ہوتی ہے۔

فَاِنْ یَّکُنِ الْفِعْلُ الَّذِیْ سَاءَ وَاحِدًا	فَاَفْعَالُهُ اللَّاتِیْ سَرَرْنَ اُلُوْفٗ

ترجمہ سو اگر حسین کا وہ فعل جسنے مجھے رنجیدہ کیا ہے ایک ہے تو اُسکے وہ افعال جنھون نے مجھے خوش کیا ہے ہزارون ہین۔

وَنَفْسِیْ لَهٗ نَفْسِی الْفِدَاءُ لِنَفْسِهٖ	وَلٰکِنَّ بَعْضَ الْمَالِکِیْنَ عَنِیْفٗ

ترجمہ مجھے اپنی جان کی قسم کہ میری جان اُسکی جان پر قربان ہے یعنی مین اُسکا غلام ہون ولکن بعض مالکان عبد اپنے غلامون کے حقین سخت ہوتے ہین جیسے ابو العشائر ؎ یارب مباد کس را مخدوم بے عنایت۔

وقال فی عبدہ اذا اخذ فرسہ واراد قتلہ

اَعْدَدْتُ لِلْغَادِرِیْنَ اَسْیَافًا	اَجْدَعُ مِنْهُمْ بِهِنَّ آنَافًا

ترجمہ مینے عہد شکنون کے لئے بہت سی تلوارین طیار رکھی ہین کہ اُنسے اُنکی ناکین کاٹتا ہون۔

لَا یَرْحَمُ اللّٰهُ اَرْؤُسًا لَهُمْ	اَطَرْنَ عَنْ هَامِهِنَّ اَقْحَافًا

الضمیر فی اطرن للسیوف ترجمہ خدا اُن کے اُن سرونپر رحم نکرے جنکی تشرون نے تلوارنے اُنکی کھوپریان اڑادی ہین۔

مَا یَنْقِمُ السَّیْفُ غَیْرَ قِلَّتِهِمْ	وَاَنْ تَکُوْنَ الْمِئُوْنَ آلَافًا

اراد ان لاتکون فحذف لا ترجمہ سوائے غادرین کی قلت کے تلوار اور کسی چیز کو مکروہ نہین سمجھتی اور اسکو بھی مکروہ سمجھتی ہے کہ انکے سیکڑون ہزارون نہوجاوین یعنے وہ بکثرت ہون تاکہ ایک ہی دفعہ اُن سب کو قتل کرڈالے۔ اور ظاہر یہ ہے کہ یہ مقولہ بطور حسن تعلیل ہے یعنے اُسکا قتل واسطے کثرت کے ہے کہ بذریعہ شمشیر اُسکے متعدد ٹکڑے ہوجاوین اور مطلب دونون تقریرونکا افنائی غادرین ہے جیسا اس شعر مین ؎ کثرت گران اگر منظور ہے ÷ ایک کے دو کیجے تلوار سے

یَا شَرَّ لَحْمٍ فَجَعْتُهٗ بِدَمٍ	وَزَارَ لِلْخَامِعَاتِ اَجْوَافًا

الخامعات یرید بہ الضباع لان الضبع تخمع ای یعرج فی مشیہ ولہذا قیل الضبع العرجاء ترجمہ غلام مقتول کی طرف خطاب کرکے کہتا ہے کہ اے بدترین گوشت کہ مینے اُسکا خون گراکر اُسکو دردناک کیا ہے اور اُس گوشت نے کفتارونکے شکمونکی زیارت کی ہے یعنی وہ کفتارونکے شکمون مین جاکر اُنکی غذا ہوا جواب ندا اگلے شعر مین ہے۔

قَدْ کُنْتَ اُغْنِیْتَ عَنْ سُؤَالِكَ بِیْ	مَنْ زَجَرَ الطَّیْرَ لِیْ وَمَنْ عَافَا

زجر الطیر والعیافۃ کانت العرب تقول بہا فاذا نفرت الطائر عن یمین تفاءلت بہ ترجمہ تو توبیشک میرا حال شگونسے

سے پوچھکر میرے انتقام سے بے پروا کیا گیا تھا پھر تو کیون نہ بچا- اس غلام نے کسی شگوفے سے انجام غدر اپنے خونے کا حال پوچھا تھا- چنانچہ اُس نے ایسی بات کہی کہ اُسکو جرأت غدر ہوئی-

وَعَدْتُ ذَا النَّصْلِ مَنْ تَعَرَّضَهٗ ۔۔۔ وَخِفْتُ لَمَّا اعْتَرَضْتَ اِخْلَافَا

ترجمہ میں نے اپنی اس تلوار سے اُس شخص کے مارنے کا وعدہ کر لیا تھا جو اُس سے متعرض ہو کر اپنے قتل ہونیکی مجھ سے درخواست کرے اور جبکہ تو نے غدر کرنا چاہا کہ میرا گھوڑا لیکر بھاگے تو میں نے اپنی شمشیر سے خلاف وعدگی کا خوف کیا مگر خوب ہوا کہ میرا وعدہ پورا ہو گیا-

اس طرح لَا يُذْكَرُ الْخَيْرُ اِنْ ذُكِرْتَ وَلَا ۔۔۔ تَتْبَعُكَ الْمُقْلَتَانِ تَوْكَافَا

التوکاف تفعال من الوکف وہو جریان الماء ترجمہ اگر تیرا مذکور ہوگا تو وہاں خیر کا ذکر نہ ہوگا کیونکہ تجھمیں کوئی خیر کی بات ہی نہ تھی اور نہ دونوں آنکھیں تیرے پیچھے آنسو بہاوین گی-

اِذَا امْرُؤٌ رَاعَنِيْ بِغَدْرَتِهٖ ۔۔۔ اَوْرَدْتُهُ الْغَايَةَ الَّتِيْ خَافَا

ترجمہ جبکہ کوئی شخص مجھکو اپنی بدعہدی سے ڈراوے تو میں اُسکو غایت خوف کی جگہ پہنچا دیتا ہوں یعنی اُسکو قتل کرتا ہوں وقال یمدح سیف الدولہ

اَيَدْرِي الرَّبْعُ اَيَّ دَمٍ اَرَاقَا ۔۔۔ وَاَيَّ قُلُوْبِ هٰذَا الرَّكْبِ شَاقَا

استفہام انکاری وکان الاولیٰ ان یقال شاقہ اولا ثم یذکر اراقہ لان اراقۃ الدم یکون بعد الشوق والجواب ان الواو لمطلق الجمع لا للترتیب
ترجمہ کیا منزل محبوب جانتی ہے کہ اُسنے کسکا خون گرایا- اور اس قافلہ شتر سوار میں کس کس کے دل مشتاق کئے- خلاصہ یہ کہ جبکہ خانہ محبوب کو خالی دیکھا اولا جوش شوق ہوا اور گریہ آیا اور جب اشک تمام ہو گئے تو خون بہا یعنی کیا منزل محبوب یہ ماجرا نہیں جانتی-

لَنَا وَلِاَهْلِهٖ اَبَدًا قُلُوْبٌ ۔۔۔ تَلَاقٰى فِيْ جُسُوْمٍ مَا تَلَاقٰى

ترجمہ ہمارے لئے اور اہل اُس منزل کے لئے جو وہاں سے چلے گئے ہمیشہ ایسے دل ہیں جو بسبب دوام ذکر و یاد ایام وصال آپس میں ملتے رہتے ہیں مگر وہ دل ایسے جسموں میں ہیں جو باہم ملاقات نہیں کرتے-

وَمَا عَفَتِ الرِّيَاحُ لَهٗ مَحَلًّا ۔۔۔ عَفَاهُ مَنْ حَدَا بِهِمْ وَسَاقَا

ترجمہ اور ہواؤں نے اُس منزل کی کوئی جگہ محو و نیست نہیں کی بلکہ حدی خوانوں نے جو اُنکو شترون پر سوار کرکے حدی کہتے اور شترونکو ہنکاتے تھے اُس منزل کو ویران کیا ہے نہ اُنکو وہ لیجاتے اور نہ گھر ویران ہوتے-

فَلَيْتَ هَوَى الْاَحِبَّةِ كَانَ عَدْلًا ۔۔۔ فَحَمَّلَ كُلَّ قَلْبٍ مَا اَطَاقَا

ترجمہ سو کاش دوستونکا عشق عادل ہوتا تو ہر دل پر اُسی قدر بوجھ رکھتا جسکی وہ طاقت رکھتا ہے مگر عشق بڑا ظالم ہے کہ کاہ برگ کو بوجھ کوہ کا رکھ دیتا ہے

نَظَرْتُ اِلَيْهِمْ وَالْعَيْنُ شَكْرٰى ۔۔۔ فَصَارَتْ كُلُّهَا لِلدَّمْعِ مَاقَا

العین الشکریٰ الممتلئۃ بالدمع واشکر ضرع الناقۃ اذا امتلأت لبنا- والماق طرف العین مما یلی الصدغ وہو مخرج الدمع من العین ترجمہ میں نے اُنکو بوقت وداع ایسے حال میں دیکھا کہ آنکھ میں اشک بھرا ہوا تھا سو ساری آنکھ کوئے مجری اشک بسبب گریہ کے ہو گئے

وَاَعْطَانِي مِنَ السَّقَمِ الْمُحَاقَا	وَقَدْ اَخَذَ التَّمَامَ الْبَدْرُ فِيهِمْ

التمام الکمال - والمحاق بضم المیم وکسرہا النقصان ترجمہ اور جب اُنھون نے کوچ کیا تو اُنمین پورا چودھوین رات کا چاند اپنے حسن وجمال کے سبب ہوگیا اور اُس بدر نے مجکو بسبب بیماری عشق کے گھٹنا دے دیا۔

يَقُودُ بِلَا اَزِمَّتِهَا النِّيَاقَا	وَبَيْنَ الْفَرْعِ وَالْقَدَمَيْنِ نُورٌ

ترجمہ اور محبوبہ کے بالون سے لیکر قدمین تلک ایسا نور تھا کہ وہ ناقون کو بے اُنکی باگون کے ہنکاتا تھا۔

بِهَا نَقْصٌ سَقَانِيهَا دِهَاقَا	وَطَرْفٌ اِنْ سَقَى الْعُشَّاقَ كَاْسًا

ترجمہ اور اُسکی ایسی آنکھ تھی کہ اگر وہ اور عشاق کو اوچھا پیالہ پلادے تو وہ مجکو چھلکتا ہوا پیالہ پلادے یعنی وہ قدر شناس ہی ہر ایک کو بقدر اُسکے عشق کے پلاتی ہی۔

كَاَنَّ عَلَيْهِ مِنْ حَدَقٍ نِطَاقَا	وَخَصْرٌ تَثْبُتُ الْاَبْصَارُ فِيهِ

ترجمہ اور اُسکی ایسی کمر ہی کہ بسبب اُسکی خوشنائی کے ناظرین کی آنکھین اسمین رہجاتی ہین گویا اُسکی کمر پر دیکھنے والون کی نظرون کا کمربند ہی یعنی عشاق کی آنکھون نے کمر کو چارون طرف سے گھیر رکھا ہی۔

وَسَيْفِي وَالْهَمَلَّعَةَ الدِّفَاقَا	سَلِي عَنْ سِيرَتِي فَرَسِي وَرُمْحِي

الہملعۃ الناقۃ الخفیفۃ القویۃ - والدفاق السریعۃ المندفقۃ فی السیر ترجمہ ای محبوبہ میری خصلت وعادت کا حال میرے گھوڑے اور میری تلوار اور میرے نیزے اور میری سواری ہلکے بدن کی قویہ کود کر چلنے والی ناقہ سے دریافت کر کہ مین کیسا جفاکش ہون اور یہی چیزین صرف میرے ہمراہ رہتی ہین۔

وَنَكَّبْنَا السَّمَاوَةَ وَالْعِرَاقَا	تَرَكْنَا مِنْ وَرَاءِ الْعِيسِ نَجْدًا

العیس الابل البیض - والسماوۃ فلاۃ بین الشام والعراق - ونجد ارض بین العراق والحجاز - ونکبنا ای عدلنا ترجمہ ہمنے بقصد حاضری خدمت ممدوح نجد کو اپنے شترون کے پیچھے چھوڑا اور ہمنے دشت سماوہ وعراق کی راہ سے کنارہ کیا تاکہ ممدوح کی خدمت مین جلد حاضر ہوجاوین۔

لِسَيْفِ الدَّوْلَةِ الْمَلِكِ ائْتِلَاقَا	فَمَا زَالَتْ تَرَى وَاللَّيْلُ دَاجٍ

الداجی المظلم - والائتلاق البریق واللمعان ترجمہ سو شتر حال آنکہ شب تاریک تھی سیف الدولہ بادشاہ کی روشنی چہرہ کی برابر دیکھتی رہی - روشنی چہرہ سے مراد رونق وآبادی ملک ہی۔

اِذَا فَتَحَتْ مَنَاخِرَهَا انْتِشَاقَا	اَدِلَّتُهَا رِيَاحُ الْمِسْكِ مِنْهُ

ترجمہ جب وہ شتر اپنے نتھنے کھولتے تھے تو اُنکی رہنما سیف الدولہ ممدوح کی مشکی ہوائین تھین جبکہ اُنکو وہ سونگھتے تھے یا واسطے سونگھنے کے انتشاقا حال ہی یا مفعول لہ۔

أَبَاحَ الْوَحْشَ يَا وَحْشُ الْأَعَادِيْ	فَلِمْ تَتَعَرَّضِيْنَ لَهُ الرِّفَاقَا

ترجمہ ای وحشی درندو سیف الدولہ نے وحشی جانورون کے لئے اپنے اُن دشمنوںکو جنکو وہ ہمیشہ قتل کرتا ہی مباح کردیا ہی سوتم اُس قافلے سے جو اُس کے پاس جاتا ہی کیون متعرض ہوتے ہو اُسکے دشمنان مقتول کو کھاؤ۔

وَلَوْ تَبِعَتْ مَا طَرَحَتْ قَنَاهُ	لَكَفَّكِ عَنْ رَذَايَانَا وَعَاقَا

الرذایا المهازیل من الابل ترجمہ اور ای وحش اگر تم اُن دشمنان کے جنکو اُسکے نیزون نے مار کر ڈالدیا ہی پیچھے لگ رہتے اور اُنہی تلاش کرتے تو تمکو وہ مردے ہمارے لاغر شترون سے جو بسبب طول سفر و مصائب طریق ایسے ہو گئے ہین جو چل نہین سکتے کافی ہو جاتے اور ہمارے تعرض سے تمکو روکتے۔

وَلَوْ سِرْنَا إِلَيْهِ فِيْ طَرِيْقٍ	مِنَ النِّيْرَانِ لَمْ نَخَفِ احْتِرَاقَا

ترجمہ ممدوح کی سطوت اور برکت کی تعریف کرتا ہی کہ اگر اُسکی طرف ہم ایک راہ آتشناک مین چلین تو ہمکو جلنے کا خوف نہو کیونکہ اُسکے توسل کو آگ نہین جلاسکتی پس ای وحشیو تمھاری کیا حقیقت ہی۔

إِمَامٌ لِلْأَئِمَّةِ مِنْ قُرَيْشٍ	إِلَى مَنْ يَتَّقُوْنَ لَهُ شِقَاقَا

ترجمہ ممدوح امام ہی قریش کا جو سب لوگون کے امام ہین اُن لوگون کی طرف جنکے خلاف سے ڈرتے ہین یعنی اُس کو تمام قریش کے خلفا لڑائیون مین دشمن سے لڑنے کے واسطے اپنا امام بناتے ہین۔

يَكُوْنُ لَهُمْ إِذَا غَضِبُوْا إِمَامًا	وَلِلْهَيْجَاءِ حِيْنَ تَقُوْمُ سَاقَا

ترجمہ ممدوح قریش کا امام ہوتا ہی جب وہ کسی پر خفا ہون اور جب لڑائی قائم ہوتی ہی تو اُسکے لئے بمنزلہ ساق ہی خلاصہ یہہ کہ جنگ کا قوام اور اُسکی قوت ممدوح ہی یہہ نہو تو لڑائی کا کچھ ڈھنگ نرہے۔

وَلَا تَسْتَنْكِرَنَّ لَهُ ابْتِسَامًا	إِذَا فَهِقَ الْمَكَرُّ دَمًا وَضَاقَا

المکر المعرکۃ۔ وفہق امتلاء ترجمہ جبکہ میدان جنگ خون سے بھر جاوے اور کثرت بہادرونسے پُر ہو جاوے تو اُس کے ہنسنے کو عجیب اور اوپری بات مت سمجھ۔ وجہ اُسکی اگلے شعر مین ہی۔

فَقَدْ ضَمِنَتْ لَهُ الْمُهَجَ الْعَوَالِيْ	وَحَمَّلَ هَمَّهُ الْخَيْلَ الْعِتَاقَا

العتاق الخیل الکرام ترجمہ کیونکہ اُسکے نیزے اُسکے لئے دشمنونکی جانون کے ضامن ہو گئے ہین اور اُسکے ارادہ کو اُس کے عمدہ گھوڑون نے اپنے اوپر اُٹھالیا ہی یعنی جہان پہنچنے کا وہ ارادہ کرتا ہی گھوڑے وہان فوراً پہنچا دیتے ہین۔

إِذَا أُنْعِلْنَ فِيْ آثَارِ قَوْمٍ	وَإِنْ بَعُدُوْا جَعَلْنَهُمْ طِرَاقَا

الطراق تضعیف جلد النعل ترجمہ جبکہ اُسکے گھوڑے کسی قوم دشمن کے پیچھے یعنے اُنسے جنگ کے لئے نعل باندھے جاتے ہین اگرچہ وہ قوم دور ہو گر وہ گھوڑے اُنکو ایسا پامال کر دیتے ہین جیسے اُن نعلون کے نیچے کی دوہری کھال کو۔

وَاِنْ نَقَعَ الصَّرِیْخُ اِلیٰ مَکَانٍ	نَصَبْنَ لَہٗ مُؤَلَّلَۃً دِقَاقًا

النقع رفع الصوت - والصریخ المستغیث - والمؤللۃ المحددۃ والدقاق الرقاق وہی صفۃ للآذان وآذان الخیل توصف بالدقۃ ترجمہ اور اگر فریاد خواہ کسی جگہ مین اپنی آواز بلند کرے تو وہ گھوڑے چونکہ فریادرسی کے عادی ہین اُس آواز پر اپنے تیز اور باریک کان کھڑے کر لیتے ہین اگرچہ وہ مستغیث کسی اَور فریادرسی کا خواہان ہو اسلئے مکان منکر عام لایا۔

وَکَانَ الطَّعْنُ بَیْنَہُمَا جَوَابًا	وَکَانَ اللَّبْثُ بَیْنَہُمَا فُوَاقًا

الفواق قدر ما بین الحلبتین ویضرب مثلا فے السرعۃ ترجمہ سو درمیان استغاثہ اور فریادرسی گھوڑون کے نیزہ زنی جواب ہوتا ہی اور اُن دونون مین درنگ اسقدر ہوتی ہی جسقدر دو ہنے شیر مین ہوتی ہی یعنی اسقدر کہ دو هنیوالا ایک دفعہ دوھ کر کچھ ٹہر کر دوسری دفعہ دوہنے لگتا ہی یعنے نہایت قلیل عرصہ - خلاصہ یہہ کہ جلد فریادرسی کرتے ہین -

مُلَاقِیَۃً نَوَاصِیْہَا الْمَنَایَا	مُعَوَّدَۃً فَوَارِسُہَا الْعِنَاقَا

من رفع ملاقیۃ ومعودۃ جعلہا خبر مبتدء محذوف ومن نصب جعلہا حالا من قولہ فکان الطعن والعامل فیہا المصدر ترجمہ وہ گھوڑے ایسے ہین کہ اُنکی پیشانیون سے دشمنون کی موتین ملی ہوئی ہین اور ان گھوڑون کے سوار دشمنون سے لت پت ہونے کے عادی ہین - لڑائی کے چند مراتب ہین اول تیر اندازی اور پھر نیزہ بازی پھر گھوڑون سے اُتر کر لڑنا پھر کشتی اور معانقہ -

تَبِیْتُ رِمَاحُہٗ فَوْقَ الْہَوَادِیْ	وَقَدْ ضَرَبَ الْعَجَاجُ لَہَا رِوَاقَا

الہوادی جمع ہادیۃ وہی اعناق الخیل ترجمہ اُسکے نیزے گھوڑون کی گردنون پر شب گذارتے ہین حال آنکہ غبار اسپان گھوڑون کا سراپردہ ہوتا ہی - عرب کی عادت ہی کہ بوقت سفر نیزونکو عرض مین گھوڑون کی گردنون پر رکھتے ہین و بوقت جنگ اُنکو دشمنونکی طرف سیدھا کر لیتے ہین قال قائلہم ؎ جاء شقیق عارضا رمحہ ان بنی عمک فیہم رماح - خلاصہ یہہ کہ سوار بقصد شب خون رات کو اصطباحًا سفر کرتے ہین تاکہ دفعتہ دشمنون پر چھاپا ماریں -

تَمِیْلُ کَاَنَّ فِی الْاَبْطَالِ خَمْرًا	عُلِلْنَ بِہٖ اصْطِبَاحًا وَاغْتِبَاقَا

الاصطباح والغبوق وہتان مستعملان فے الشرب عند الصباح والعشی ترجمہ ان سوارون کے نیزے بسبب لچک کے ایسے ہلتے ہین گویا دلیرون مین شراب کا دور ہوا ہی کہ اُن کو شراب صبح وشام دوبارہ پلائی گئی ہی یعنی ممدوح کثیر الغارت ہی کہ اُس کے سوار شب وروز اسی شغل مین رہتے ہین -

تَعَجَّبَتِ الْمُدَامُ وَقَدْ حَسَاہَا	فَلَمْ یَسْکَرْ وَجَادَ فَمَا اَفَاقَا

ترجمہ شراب نے تعجب کیا حال آنکہ اُس نے نوشی کی اور اُس کو نشہ نہ چڑھا اور بخشش کی اور نشہ جود سے اُسکو افاقہ نہوا یعنی شراب اُسکی عقل زائل نہین کرتی اور عطاے اُسکو سیری نہین ہوتی -

أَقَامَ الشِّعْرُ يَنْتَظِرُ الْعَطَايَا … فَلَمَّا فَاقَتِ الْأَمْطَارَ فَاتَا

ترجمہ شعر اُسکے دروازے پر بخششوں کا امیدوار کھڑا ہوا سو جب اُسکی بخششیں بارشوں سے بڑھ گئیں تو اُسکے اشعار مدحیہ بھی بارشوں سے بڑھ گئے یعنے اُسکی مدح کے اشعار بکثرت ہیں۔

وَزَنَّا قِيمَةَ الدَّهْمَاءِ مِنْهُ … وَوَفَّيْنَا الْقِيَانَ بِهِ الصَّدَاقَا

القیان جمع قینۃ وہی الجاریۃ المغنیۃ وغیر المغنیۃ۔ والدہماء الخیل والفرس السوداء۔ والصداق بکسر الصاد وفتحہا ہو مہر المرأۃ ترجمہ یعنے قیمت مشکی گھوڑے کی شعر سے تولدی اور اُسی شعر سے مہر چھوکریوں کا پورا ادا کردیا۔ ممدوح نے متنبی کو ایک مشکی گھوڑی اور ایک چھوکری ہدیۃً بھیجی تھی لہذا کہتا ہی کہ یہ شعر مدحیہ کہکر دونوں کی قیمت ادا کری۔

وَحَاشَا لِارْتِيَاحِكَ أَنْ يُبَارَى … وَلِلْكَرَمِ الَّذِي لَكَ أَنْ يُبَاقَى

حاشا بمعنی الاعاذۃ والتنزیہ۔ ویباری یجاری ویباقی یفاعل من البقاء والارتیاح النشاط ترجمہ میں پناہ مانگتا ہوں کہ تیری داد و دہش کی خوشی سے مقابلہ کیا جاوے اور تیرے کرم سے دوام و بقا میں مباہات و فخر کیا جاوے پہلے شعر میں کہا تھا کہ میں نے تیری دونوں عطاؤں کا شعر سے بدلہ دیدیا اب اُس سے رجوع کرتا ہی کہ تیری عطاؤ اُسکے دوام و بقا کا ہرگز کسی سے حق ادا نہیں ہو سکتا۔

وَلٰكِنَّا نُدَاعِبُ مِنْكَ قَرْمًا … تَرَاجَعَتِ الْقُرُومُ لَهُ حِقَاقَا

القرم الصعب من الابل والسید۔ والحقاق جمع حقۃ وہی من النوق ما دخلت فی السنۃ الرابعۃ واستحقت ان یحمل علیہا۔ والمداعبۃ الممازحۃ ترجمہ ولیکن جو یہ شعر میں کہا وہ بطور دل لگی ہی ایسے حال میں کہ تو ایسا سردار ہے کہ تیرے روبرو اور سردار ایسے مطیع و فرمانبردار ہیں جیسے شتر نر کے سامنے چہار سالہ مادہ شتر یعنے جیسے شتر نر کی ناقہ مذکور تابع ہو جاتی ہی ایسے ہی اور سردار تیرے مطیع ہیں۔

فَتًى لَا تَسْلُبُ الْقَتْلٰى يَدَاهُ … وَيَسْلُبُ عَفْوُهُ الْأَسْرٰى الْوِثَاقَا

ترجمہ وہ ایسا جوانمرد ہی کہ اُس کے ہاتھ مقتولوں کے اسباب نہیں چھین لیتے یعنے بسبب بلند ہمتی کے بلکہ اُن کی جانیں لیتا ہی اور اُسکا عفو قیدیوں سے اُنکی قید چھین لیتا ہی یعنے براہ عفو اُنکو رہا کردیتا ہی۔

وَلَمْ تَأْتِ الْجَمِيلَ إِلَيَّ سَهْوًا … وَلَمْ أَظْفَرْ بِهِ مِنْكَ اسْتِرَاقَا

ترجمہ اور تو نے جو مجھ پر احسان کیا ہی وہ سہواً نہیں کیا اور وہ احسان یعنے تجھ سے براہ سرقہ حاصل نہیں کیا یعنے جو احسان تو نے مجھ پر کئے اور جو یعنے تجھ سے حاصل کیا وہ بطور استحقاق ہوئے ہیں۔

فَأَبْلِغْ حَاسِدِيَّ عَلَيْكَ أَنِّي … كَبَا بَرْقٌ يُحَاوِلُ بِي لَحَاقَا

کبا ای عثر وسقط ترجمہ سو تو میرے حاسدوں کو جو تیری عنایت کے سبب مجھ پر حسد کرتے ہیں یہ بات پہنچا دے

کہ میں ایسا شخص ہوں کہ اگر بجلی با این ہمہ سرعت حرکت مجھسے ملنے کا ارادہ کرے تو وہ بھی منھ کے بل گر پڑے حاسدین کی تو کیا حقیقت ہی قالوا تحمیل الرسالۃ قبیح لکن قولہ حاسدی علیک اخرج عن الجنۃ۔

وَهَلْ تُغْنِي الرَّسَائِلُ فِي عَدُوٍّ	إِذَا مَا لَمْ يَكُنَّ ظُبًا رِقَاقَا

ترجمہ اور کیا دشمن کو پیغام مفید ہوتے ہیں جبکہ وہ پیام شمشیر ہائے باریک نہوں یعنے دشمن بزور شمشیر ہی زیر ہوتے ہیں نہ باتوں سے۔

إِذَا مَا النَّاسُ جَرَّبَهُمْ لَبِيبٌ	فَإِنِّي قَدْ أَكَلْتُهُمُ وَذَاقَا

ترجمہ جبکہ کوئی عاقل لوگوں کا تجربہ کرے تو وہ مجھ سے زیادہ انکا کیا حال دریافت کرسکے گا کیونکہ اس نے تو انکو صرف چکھا ہی اور میں نے انکو کھایا ہی۔ پس جیسا کھانے والا چکھنے والے سے حال معلوم خوب جانتا ہی ایسا ہی میں اس عاقل سے انکا حال زیادہ جانتا ہوں۔

فَلَمْ أَرَ وُدَّهُمْ إِلَّا خِدَاعًا	وَلَمْ أَرَ دِينَهُمْ إِلَّا نِفَاقَا

ترجمہ سو میں نے لوگوں کی دوستی نہیں دیکھی مگر فریب اور میں نے انکا دین نہ دیکھا مگر نفاق۔

يُقَصِّرُ عَنْ يَمِينِكَ كُلُّ بَحْرٍ	وَعَمَّا لَمْ تُلِقْهُ مَا أَلَاقَا

الاق امسک ترجمہ تیرے دست کی بخشش سے ہر دریا کم ہی اور اس اموال کثیرہ کی عطاسے جسکو تو نے نہیں روکا یعنے بخشدیا ہی اب دریا باوجود کثرت کے کمتر ہی۔

وَلَوْلَا قُدْرَةُ الْخَلَّاقِ قُلْنَا	أَعَمْدًا كَانَ خَلْقُكَ أَمْ وِفَاقَا

ترجمہ اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ خداوند تعالی ہر شئ پر قادر ہی تو ہم کہتے کہ تیری پیدائش اس کمالات کے ساتھ ارادۃً ہوئی ہی یا یہ امر اتفاقاً ہوگیا ہی اور ایسے کامل شخص کا پیدا ہونا بن پڑا ہی للّٰہ در القائل سه

برامید نقش روئیت دست نقاش ازل ✤ نقشہا بر بستہ لیکن چون تو کمتر یافتہ

فَلَا حَطَّتْ لَكَ الْهَيْجَاءُ سَرْجًا	وَلَا ذَاقَتْ لَكَ الدُّنْيَا فِرَاقَا

ترجمہ سو لڑائی تیرا زین کبھی نگرائیو یعنے بسبب تیری موت کے اور دنیا تیرے فراق کا مزہ نہ چکھیو یعنی تو ہمیشہ زندہ رہیو۔

وقال یمدحہ ویذکر الفداء الذی طلبہ ملک الروم وکتابہ الیہ

لِعَيْنَيْكِ مَا يَلْقَى الْفُؤَادُ وَمَا لَقِي	وَلِلْحُبِّ مَا لَمْ يَبْقَ مِنِّي وَمَا بَقِي

ترجمہ تیری ہی آنکھوں کے سبب ہی وہ مصیبت اور محنت جسکو دل جھیلے گا اور وہ جسکو جھیل چکا ہی اور تیری دوستی کے باعث ہی وہ چیز جو جاچکی اور جو باقی ہی یعنے میں تو تیرے عشق کی نذر ہو چکا۔

وَمَا كُنْتُ مِمَّنْ يَدْخُلُ الْعِشْقُ قَلْبَهُ	وَلٰكِنَّ مَنْ يَنْظُرْ جُفُونَكِ يَعْشَقِ

ترجمہ اور مین اُن لوگون مین تھا کہ عشق اُنکے دلمین داخل ہوکر گیا کیونکہ جو شخص تیری آنکھونکو دیکھے گا بے اختیار عاشق ہوجاوے گا- یعنی تیری آنکھون کو دیکھ کر فوراً عاشق ہوگیا ہون-

وَبَيْنَ الرِّضَا وَالسُّخْطِ وَالْقُرْبِ وَالنَّوَى	مَجَالٌ لِدَمْعِ الْمُقْلَةِ الْمُتَرَقْرِقِ

المترقرق الذی یجول فی العین ولا ینحدر ترجمہ اور درمیان حالات رضائے محبوبہ اور اُسکے غصہ اور اُسکی نزدیکی اور دوری کی جولانگاہ ہی واسطے اشک چشم کے جو آنسوؤنسے ڈبڈبا رہی ہو یعنی مین ہر حال مین روتا ہون- رضا مین خوف نارضامندی ہو اور نزدیکی مین خوف فراق ہو-

وَأَحْلَى الْهَوَى مَا شَكَّ فِي الْوَصْلِ رَبُّهُ	وَفِي الْهَجْرِ فَهُوَ الدَّهْرَ يَرْجُو وَيَتَّقِي

ترجمہ اور شیرین تر حال عشق وہ ہی جسمین عاشق کو وصل وہجر مین شک ہو تو وہ ہمیشہ امید وصل رکھتا ہی اور فراق سے ڈرتا ہی غرض اس حالت تذبذب مین ایک مزہ اُٹھاتا ہی-

وَغَضْبَى مِنَ الْإِدْلَالِ سَكْرَى مِنَ الصِّبَا	شَفَعْتُ إِلَيْهَا مِنْ شَبَابِي بِرَيِّقِ

الریق اول الشباب ترجمہ اور بہت سی محبوبہ براہ ناز غضبناک اور نوعمری کے نشہ مین ہین کہ مین اپنی اُٹھتی جوانی کو اُنکے پاس اپنا سفارشی لایا یعنے وہ میری نوجوانی کے سبب میری طرف متوجہ ہوئے-

وَأَشْنَبَ مَعْسُولِ الثَّنِيَّاتِ وَاضِحٍ	سَتَرْتُ فَمِي عَنْهُ فَقَبَّلَ مَفْرِقِي

الشنب الثغر البراق- والواضح الابیض- والمعسول الذی کان فیہ عسلاً ترجمہ اور بہت سے معشوق سفید دندان شیرین بوسہ گاہ سیم رنگ ہین کہ مینے اپنے مُنھ کو بتقاضائے عفت اُس سے چھپایا اور اُسنے بسبب میری محبت وعظمت کے میرے سر کا بوسہ دیا- اپنی عفت کی تعریف کرتا ہی-

وَأَجْيَادِ غِزْلَانٍ كَجِيدِكِ زُرْنَنِي	فَلَمْ أَتَبَيَّنْ عَاطِلاً مِنْ مُطَوَّقِ

ترجمہ اور ای محبوبہ بہت سی ہرن کے مانند خوب صورت گردنین ہین کہ وہ میرے پاس آئین سو مینے اُن کی طرف کچھ توجہ نکی اور یہ بھی نجانا کہ کون بے زیور ہی اور کون ہار پہنے ہوئے ہی- اپنی پرہیزگاری کی تعریف کرتا ہی-

وَمَا كُلُّ مَنْ يَهْوَى يَعِفُّ إِذَا خَلَا	عَفَافِي وَيُرْضِي الْحِبَّ وَالْخَيْلُ تَلْتَقِي

الحب المحبوب یطلق علی الذکر والانثیٰ ترجمہ اور ہر عاشق جبکہ معشوق کے ساتھ خلوت مین ہو میرے مانند عفیف نہین ہوتا کہ محبوبہ کو اُس حالت مین خوش کرے جبکہ طرفین کے گھوڑے آپسین ملجاوین عرب کی عورتین اپنے شوہر یا دوست کی بہادری سے خوش ہوتی تھین اور اُنکو پسند کرتی تھین-

سَقَى اللهُ أَيَّامَ الصِّبَا مَا يَسُرُّهَا	وَيَفْعَلُ فِعْلَ الْبَابِلِيِّ الْمُعَتَّقِ

البابلی نسبۃ الی بابل وکان بلدا قدیما خرب وہوا بین بغداد والکوفۃ تنسب الیہ الخمر ترجمہ خداوند تعالی ایام کودکی کو اُس چیز سے

تروتازہ کرے جو اُنکو خوش کرے اور وہ ان ایام کے ساتھ وہ کام کرے جیسے شراب بابلی کنہ کرتی ہو یعنی موزث طلب ہوتی ہو۔ ان الفاظ کا ظاہر دعائے ایام طفلی ہو اور مراد انکے گذجانیکا تحسر اور اُنکی یادگاری ہی۔

إِذَا مَا لَبِسْتَ الدَّهْرَ مُسْتَمْتِعًا بِهِ	تَخَرَّقْتَ وَالْمَلْبُوسُ لَمْ يَتَخَرَّقِ

ترجمہ جبکہ تو زمانہ کو بمنزلہ اپنے لباس کے پہنے اور اُس سے دیر تلک متمتع ہو تو انجام کو تو ہی پھٹجاویگا یعنی فنا ہو جاویگا اور زمانہ نہیں پھٹیگا یعنے زمانہ ویسا ہی رہتا ہی اور اہل زمانہ فنا ہو جاتے ہین

وَلَمْ أَرَ كَالْأَلْحَاظِ يَوْمَ رَحِيلِهِمْ	بَعَثْنَ بِكُلِّ الْقَتْلِ مِنْ كُلِّ مُشْفِقِ

قال ابن فورجہ فاعل بعثن النساء لا الالحاظ لان الالحاظ تبعث رسلاً عند خوف الرقیب والظاہر ان فاعل بعثن لالحاظ وقولہ بکل القتل ای بقتل فظیع ترجمہ بروز کوچ محبوبات جب مینے اُنکو دیکھا اور اُنھون نے مجکو تو مینے مثل اُن نظارون کے کوئی ایسی چیز نہین دیکھی جنسے ہر قسم کا قتل ہر ترسندہ طرف سے بھیجا ہو ہر ترسندہ کے یہ معنی کہ وہ ہمارے فراق سے خائف تھین اور ہم اُنکے فراق سے یعنی اُنکا نظارہ گو ہمارے قتل کا باعث ہو گیا مگر یہ امر اُنسے عمداً نہین ہوا وہ یہ نہین چاہتی تھین کہ مین قتل ہو جاؤن بلکہ اس سے خائف تھین یہ معنی حسب مذاق ابن جنی ہین۔ اور موافق رائے ابن فورجہ جو محبوبات کو فاعل بعثن کہتا ہی یہ معنی ہونگے کہ محبوبات نے اپنے نظارون کو ہماری طرف بھیجا مگر نہ بقصد قتل بلکہ وہ اس سے ڈرتی تھین۔

أَدَرْنَ عُيُونًا حَائِرَاتٍ كَأَنَّهَا	مُرَكَّبَةٌ أَحْدَاقُهَا فَوْقَ زِئْبَقِ

ترجمہ محبوبات نے اپنی آنکھون کو جو بسبب پُری اشک وبار بار دیکھنے کے حیران تھین ایسے جلد جلد پھرایا اور جنبش کہ گویا اُن آنکھون کے ڈھیلے پارہ پر رکھے ہوئے تھے کہ کسی حالت مین اُنکو قرار نتھا۔

عَشِيَّةَ يَعْدُونَا عَنِ النَّظَرِ الْبُكَا	وَعَنْ لَذَّةِ التَّوْدِيعِ خَوْفُ التَّفَرُّقِ

یعدونا یصرفنا ترجمہ اُنھون نے اُس شام کو اپنی آنکھوں کو گردش دی کہ ہکو کثرت گریہ اُنکو دیکھنے سے منع کرتی تھی اور لذت قرب و معانقہ رخصت سے خوف فراق روکتا تھا۔

نُوَدِّعُهُمْ وَالْبَيْنُ فِينَا كَأَنَّهُ	قَنَا ابْنِ أَبِي الْهَيْجَاءِ فِي قَلْبِ فَيْلَقِ

ابو الہیجا ہو والد سیف الدولہ۔ والقنا الرماح۔ والفیلق الکتیبۃ الشدیدۃ ترجمہ ہم اُنکو رخصت کرتے تھے اور جدائی ہم مین ایسی اثر کرتی تھی جیسے نیزے سیف الدولہ کے قلب لشکر اعدا مین عمل کرتے ہین یعنے فراق ہکو قتل کئے دیتا تھا۔ وہذا من احسن المخالص۔

قَوَاضٍ مَوَاضٍ نَسْجُ دَاوُدَ عِنْدَهَا	إِذَا وَقَعَتْ فِيهِ كَنَسْجِ الْخَدَرْنَقِ

الخدرنق بذال معجمۃ وہملۃ العنکبوت ترجمہ وہ نیزے دشمنون کا فیصلہ کرنے والے اور ایسے تیز ہین کہ جب وہ زرہ

ساخت حضرت داؤد پر لگین تو وہ زرہ اُنکے روبرو مثل کڑی کے جالے کے کمزور ہون۔

هَوَادٍ لِأَمْلَاكِ الْجُيُوشِ كَأَنَّهَا	تَخَيَّرُ أَرْوَاحَ الْكُمَاةِ وَتَنْتَقِي

یقال ہدیتہ ای ہداہ ومنہ قولہ تعالی الحمد للہ الذی ہدانا لہذا وقولہ ہوا دبمعنی متہدیۃ ترجمہ وہ نیزے رہنا ہین یا راہ پائے ہوئے ہین طرف لشکرون کے بادشاہونکے گویا وہ ارواح دلیرون کو پسندکرتے ہین اور چھانٹ لیتے ہین یعنی وہ چن چن کر سرداران لشکر کو مارتے ہین۔

تَقُدُّ عَلَيْهِمْ كُلَّ دِرْعٍ وَجَوْشَنٍ	وَتَفْرِي إِلَيْهِمْ كُلَّ سُورٍ وَخَنْدَقِ

تقد تحل۔ والجوشن الدرع۔ ویفری یقطع ویروی تعد ترجمہ سیف الدولہ کے نیزے اپنے دشمنون کے بدنون مین ہر زرہ کو چیر کر گھس جاتے ہین بسبب قوت بازو کے اور اُن تلک ہر دیوار اور خندق کو قطع کرکے پہنچ جاتے ہین۔

يُغِيرُ بِهَا بَيْنَ اللُّقَانِ وَوَاسِطٍ	وَيُرْكِزُهَا بَيْنَ الْفُرَاتِ وَجِلِّقِ

اللقان واد بارض الروم۔ وواسط بلدۃ بالعراق وہی التی بناہا الحجاج۔ وجلق یقال ہی دمشق ترجمہ ممدوح اُن نیزون کے زور سے مابین مقامات لقان اور واسط کے غارتگری کرتا ہی اور اُن کو درمیان فرات اور دمشق کے گاڑتا ہی۔ یعنے کثیر الغارات اور بڑی عملداری والا ہی۔

وَيُرْجِعُهَا حُمْرًا كَأَنَّ صَحِيحَهَا	يُبَكِّي دَمًا مِنْ رَحْمَةِ الْمُتَدَقِّقِ

المتدقق المنکسر ترجمہ اور ممدوح نیزونکو اجسام دشمنان سے سرخ نکالتا ہی یعنے خون آلودہ گویا اُسکے صحیح اور ثابت نیزے براہ رحم اُن نیزونپر جو دشمنون کے بدنون پر ٹوٹ گئے ہین خون روتے ہین یہ اُنکے سرخ ہونیکی حسن تعلیل ہی۔

فَلَا تُبْلِغَاهُ مَا أَقُولُ فَإِنَّهُ	شُجَاعٌ مَتَى يُذْكَرْ لَهُ الطَّعْنُ يَشْتَقِ

ترجمہ سوای میرے دو دوستو یہ جو مین اُسکی طعن وضرب کی تعریف کرتا ہون اُس تلک نہ پہنچاؤ کیونکہ وہ ایک بہادر ہی جب نیزہ بازی کا ذکر اُسکے روبرو کیا جاوے گا تو وہ جنگ کا مشتاق ہو جاویگا۔

ضَرُوبٌ بِأَطْرَافِ السُّيُوفِ بَنَانُهُ	لَعُوبٌ بِأَطْرَافِ الْكَلَامِ الْمُشَقَّقِ

الکلام المشقق العویص الغامض الذی شق بعضہ من بعض ترجمہ اُسکی انگلیان تلوارونکی دھارون کو دشمنون پر بہت مارنے والی ہین اور کلام پہلودار دشوار سے بڑا کھیلنے والا ہی۔ یعنی وہ بوقت جنگ بڑا بہادر اور بوقت کلام بڑا گویا ہی۔ کلام سے کھیلنے کے یہ معنی کر وہ بے تکلف اس قسم کا کلام کرتا ہی۔

كَسَائِلِهِ مَنْ يَسْأَلُ الْغَيْثَ قَطْرَةً	كَعَاذِلِهِ مَنْ قَالَ لِلْفَلَكِ ارْفُقِ

ترجمہ جو شخص ابر سے ایک قطرہ طلب کرے وہ مانگنے مین ایسا ہی کوتاہ ہمت ہی جیسا اُسکا سائل اگرچہ وہ اُس سے بہت کچھ مانگے کیونکہ ہمت ممدوح اسقدر بلند ہی کہ جو اُس سے مانگو وہ تھوڑا ہی اور کثرت عطا مین اُس کا ملامتگر

طالب محال ہو کیونکہ وہ عطا سے رُک نہیں سکتا جیسا کوئی شخص آسمان سے کہے کہ آہستہ چل یعنی یہ کب ہو سکتا ہے یا یہ معنی کہ جیسا ابر بے مانگے برستا ہے ایسا ہی ممدوح بے طلب دیتا ہے سو اُس سے مانگنا فضول ہے۔ سائل ممدوح کو مشبہ بہ اسلئے کہا کہ وجہ شبہ مشبہ بہ میں کامل ہوتی ہے۔

وَقَدْ حُدْتَ حَتّٰی جُدْتَ فِی کُلِّ مِلَّۃٍ	وَحَتّٰی اَتَاکَ الْحَمْدُ مِنْ کُلِّ مَنْطِقٖ

ترجمہ تو نے اسقدر بخشش کی کہ ہر ملت و مذہب کے لوگوں کو پہنچ گئی اور یہاں تک کہ تیرے پاس تیری تعریف ہر مختلف زبان والے سے آئی کیونکہ تیرا احسان عام اور سب کو شامل ہے۔

رَأَی مَلِکُ الرُّوْمِ ارْتِیَاحَکَ لِلنَّدٰی	فَقَامَ مَقَامَ الْمُجْتَدِی الْمُتَمَلِّقِ

ترجمہ شاہ روم نے تیرا بخشش کرنے سے خوش ہونا دیکھا سو وہ بجائے سائل چاپلوسی کرنے والے کے کھڑا ہو گیا۔

وَخَلَّی الرِّمَاحَ السَّمْہَرِیَّۃَ صَاغِرًا	لِاَدْرَبَ مِنْہُ بِالطِّعَانِ وَاَحْذَقِ

السمہریۃ منسوب الی سمہر زوج ردینۃ کانا یقومان الرماح والدربۃ العادۃ ترجمہ اور روم کے بادشاہ نے سمہری نیزوں کو چھوڑ دیا یعنے اُنسے اُس نے اپنی کارروائی نہ دیکھی ایسے حال میں کہ وہ ذلیل ہو گیا اُس شخص کے روبرو جو اُس سے نیزہ بازی کا زیادہ عادی اور بڑا ماہر ہے یعنے سیف الدولہ۔

وَکَاتَبَ مِنْ اَرْضٍ بَعِیْدٍ مَرَامُہَا	قَرِیْبٍ عَلٰی خَیْلٍ حَوَالَیْکَ سُبَّقِ

قال بعید و قریب یرید المکان ویجوز ان یکون یرید الارض۔ وقیل اذا کان نعتا سقطت منہ الہا کقولہ تعالیٰ ان رحمۃ اللہ قریب من المحسنین ترجمہ اور اُس نے اُس سرزمین سے جسکا مقصد دور ہے اور وہ باایں ہمہ دوری تیرے تیز رو گھوڑوں سے جو تیرے گرد اگرد کھڑے ہیں پاس ہے تجھ سے خط و کتابت جاری کی۔

وَقَدْ سَارَ فِیْ مَسْرَاکَ مِنْہَا رَسُوْلُہٗ	فَمَا سَارَ اِلَّا فَوْقَ ہَامٍ مُّفَلَّقِ

المسریٰ الموضع الذی یسار فیہ باللیل ترجمہ اور اُسکا قاصد اُس راہ پر جو تیری طرف آتی ہے چلا سو وہ پھٹا گر چری ہوئی کھوپریوں پر یعنے اُن سروں پر جو تیری تیغ نے کاٹی تھی اور تمام راہ پر پڑی تھیں۔

فَلَمَّا دَنَا اَخْفٰی عَلَیْہِ مَکَانَہٗ	شُعَاعُ الْحَدِیْدِ الْبَارِقِ الْمُتَاَلِّقِ

الضمیر فی مکانہ للرسول ترجمہ سو وہ قاصد جب تیرے نزدیک آیا تو ہتھیاروں کی چمک دمک نے اُسپر اُسکا راستہ چھپا دیا یعنے بسبب روشنی لوہے کے اُسکی آنکھ خیرہ ہو گئی اور اُسکو راہ نظر نہ آئی۔

وَاَقْبَلَ یَمْشِیْ فِی الْبِسَاطِ فَمَا دَرٰی	اِلَی الْبَحْرِ یَمْشِیْ اَمْ اِلَی الْبَدْرِ یَرْتَقِیْ

ویروی البساط وہو وصف یقومون بین یدی الملوک ترجمہ سو وہ ایسے حال میں آیا کہ فرش پر یا دونوں صفوں کے درمیان چلتا تھا تو نہیں جانتا تھا کہ وہ دریائے جود و کرم کی طرف چلتا ہے یا بدر عز و عظمت کی طرف چڑھتا ہے

یعنے اُسنے تجکو دریائے کرم اور بدر رفیع القدر سمجھا۔

وَلَمْ تُثْنِنَاتَ الْاَعْدَاءُ عَنْ مُهَجَاتِهِمْ ‖ بِمِثْلِ خُضُوْعٍ فِیْ کَلَامٍ مُنَمَّقِ

المنمق المحسن والتنمیق التحسین ترجمہ اور تجکو دشمن اپنی جانون سے کسی صورت مین ایسا نہین روکتے جیسے اُنکی عاجزی کا کلام آراستہ مین اُنکے قتل سے تجکو روکتی ہے۔ اور روم کی ایسی ہی حالت ہے۔

وَکُنْتَ اِذَا کَاتَبْتَهٗ قَبْلَ هٰذِهٖ ‖ کَتَبْتَ اِلَيْهِ فِیْ قَذَالِ الدُّمُسْتُقِ

القذال موخر الراس ترجمہ اور قبل اس امان دینے کے جب تو دمستق کو خط لکھتا تھا تو اُسکو اسی طرح لکھتا تھا کہ اُسکی گدی یعنے قفا مین تیری تلوار اثر کرے۔ یہ اس لئے کہا کہ سابق دمستق جنگ مین مجروح ہوچکا ہے۔

فَاِنْ تُعْطِهٖ مِنْكَ الْاَمَانَ فَسَائِلٌ ‖ وَاِنْ تُعْطِهٖ حَدَّ الْحُسَامِ فَاَخْلِقِ

فاخلق ای اخلق بذلک کقولہ تعالےٰ اسمع بہم وابصر ای ما اسمعہم وابصرہم ترجمہ سو اگر تو اُسکو امان دے تو بجا ہے کیونکہ وہ سائل ہے جسکو تو کبھی ناامید نہین کرتا اور اگر تو اُسکو شمشیر بران کی دھار دے یعنے اُس سے لڑے تو بہت شایان ہے کیونکہ وہ کافر حربی ہے۔

وَهَلْ تَرَكَ الْبِيْضُ الصَّوَارِمُ مِنْهُمُ ‖ اَسِيْرًا لِفَادٍ اَوْ رَقِيْقًا لِمُعْتِقِ

ترجمہ اور کیا تیری صیقلدار شمشیرون نے رومیون کو کوئی قیدی چھوڑا ہے جو فدیہ دہندہ کے کام آوے یا آزاد کرنے والے کے لئے غلام ہو بلکہ تو نے سب کو قتل کردیا ہے۔

لَقَدْ وَرَدُوْا وِرْدَ الْقَطَا شَفَرَاتِهَا ‖ وَمَرُّوْا عَلَيْهَا زَرْدَقًا بَعْدَ زَرْدَقِ

الضمیر نے شفراتہا للصوارم۔ والزردق الصف من الناس معرب ترجمہ بیشک وہ لوگ تیری تلوارونکی دھارونپر ایسے اُترے ہین جیسے قطا پرندے چشمون پر جاتے ہین اور اُنکی دھارونپر ایک صف بعد دوسری صف کے گذری ہے یعنے وہ رومی سب تیری تلوار کے گھاٹ پر اُتر چکے ہین اور اُسکا مزہ چکھے ہوئے ہین۔

بَلَغْتُ بِسَيْفِ الدَّوْلَةِ النُّوْرِ رُتْبَةً ‖ اَنَرْتُ بِهَا مَا بَيْنَ غَرْبٍ وَمَشْرِقِ

ترجمہ مین بسبب سیف الدولہ کے جو جہان کے لئے نور ہے ایسے رتبہ کو پہنچگیا ہون کہ بسبب اس رتبہ کے مینے ما بین مغرب و مشرق کو روشن کردیا ہے۔

اِذَا شَاءَ اَنْ يَّلْهُوْ بِلِحْيَةِ اَحْمَقٍ ‖ اَرَاهُ غُبَارِیْ ثُمَّ قَالَ لَهُ الْحَقِ

اسکن الواو من الفعل وہو منصوب ضرورۃ ترجمہ سیف الدولہ کے مضاجون کی طرف جو متنبی پر حسد کرتے تھے تعریض کرکے کہتا ہے کہ جب ممدوح یہ چاہتا ہے کہ کسی احمق کی داڑھی سے بازی کرے تو وہ اُسکو میرا غبار دکھا کر کہتا ہے کہ اُس سے جا مل سو وہ مجھسے کب مل سکتا ہے اور اس احمق کی تضحیک ہوتی ہے اور جب میرے غبار سے نہین ملسکتا

تو مجھے کب مل سکتا ہی۔ خلاصہ یہ کہ وہ میرے ادنی اشعار مدحیہ سے بھی مقابلہ نہین کر سکتے کہتے ہین کہ خالد اور عثمان دو مصاحب سیف الدولہ کے تھے اُنھون نے مکرر سیف الدولہ سے کہا کہ آپ ناحق متنبی کے اشعار کی اسقدر تعریف کرتے ہین اگر ارشاد ہو تو ہم جس قصیدہ کا فرمایئے جواب لکھ سکتے ہین ناچار اُسنے متنبی کا یہی قصیدہ واسطے تحریر جواب کے دیا اُسکو دیکھکر عثمان نے خالد سے کہا کہ یہ قصیدہ تو چندان عمدہ نہین ہی پھر کس نئے سیف الدولہ نے اسکے جواب کی فرمائش کی ہی پھر دونون نے بعد غور کہا کہ واللہ اسی شعر کے سبب ہم سے جواب لکھواتے ہین یہ سمجھ کر تحریر جواب بھی اور دوبارہ پھر سیف الدولہ سے اس قسم کی درخواست نکی

وَمَا كَمَدُ الْحُسَّادِ شَيْئًا قَصَدْتُهُ	وَلٰكِنَّهُ مَنْ يَزْحَمِ الْبَحْرَ يَغْرَقِ

ترجمہ حاسدین کا رنج ایسی شی نہین ہی جسکا مینے قصد کیا ہو یعنے مین حاسدون کے رنج کا قصد نہین کرتا مگر بات یہ ہی کہ جو شخص دریا کا مقابلہ کرے گا وہ ڈوب جاویگا۔ خلاصہ یہ کہ مین مثل دریا ہون جو مجھ سے مزاحمت کریگا وہ مثل دریا کے مزاحمت کرنے والے کے ڈوب جاویگا بے اسکے کہ مین اُسکے غرق کا قصد کرون۔

وَيَمْتَحِنُ النَّاسَ الْأَمِيرُ بِرَأْيِهِ	وَيُغْضِي عَلٰى عِلْمٍ بِكُلِّ مُمَخْرِقِ

المخرق صاحب الاباطیل ترجمہ اور ممدوح اپنی رائے سے سب لوگون کو آزماتا ہی اور ہر بیہودہ شخص سے باوجود جاننے اُسکے اصل حال کے چشم پوشی کرتا ہی

وَإِطْرَاقُ طَرْفِ الْعَيْنِ لَيْسَ بِنَافِعٍ	إِذَا كَانَ طَرْفُ الْقَلْبِ لَيْسَ بِمُطْرِقِ

الاطراق السکون والامساک عن الکلام۔ وطرف العین نظرہا ترجمہ ممدوح کی چشم پوشی مفید نہین ہی جبکہ اُس کے دلکی آنکھ ساکن وساکت نہین ہو یعنے جبکہ اُسکو دل سے بُرا جانتا ہو۔

فَيَا أَيُّهَا الْمَطْلُوبُ جَاوِرْهُ تَمْتَنِعْ	وَيَا أَيُّهَا الْمَحْرُومُ يَمِّمْهُ تُرْزَقِ

ترجمہ سوائے وہ شخص جو کسی خوف سے چھپتا پھرتا ہو اور اُسکو نوف ڈھونڈ رہے ہین تو اُسکی پناہ مین آجا اُسنے بچارہے گا اور اے محروم بے رزق ممدوح کا قصد کر رزق دیا جاوے گا۔

وَيَا أَجْبَنَ الْفُرْسَانِ صَاحِبْهُ تَجْتَرِئْ	وَيَا أَشْجَعَ الشُّجْعَانِ فَارِقْهُ تَفْرَقِ

ترجمہ اور اے سب سوارونسے نامرد ممدوح کی مصاحبت اختیار کر جری ہو جاویگا یعنے اُس سے بہادری سیکھے گا یا اُسکے بھروسہ پر کسی سے نہین ڈریگا۔ اور اے سب بہادرون کے بہادر ممدوح سے جدا ہو جا تو ڈرنے لگے گا۔

إِذَا سَعَتِ الْأَعْدَاءُ فِي كَيْدِ مَجْدِهِ	سَعٰى جَدُّهُ فِي كَيْدِهِمْ سَعْيَ مُحْنَقِ

المحنق المغضب ترجمہ جب اُسکے دشمن اُسکی بزرگی و شرف کے فریب دینے مین سعی کرتے ہین یعنی اُسکے مجد کا ازالہ چاہتے ہین تو اُسکا نصیب اُنکے فریب کے دور کرنے مین مثل ایک شخص غضبناک کے کوشش کرتا ہی۔

وقال الواحدی

دیروی سی جدہ نے مجدہ ترجمہ یعنے اُسکا نصیب اُسکے مجد کے استحکام مین سعی کرتا ہی۔

وَمَا يَنْصُرُ الفَضْلُ المُبِينُ عَلَى العِدَى	إِذَا لَمْ يَكُنْ فَضْلَ السَّعِيدِ المُوَفَّقِ

ترجمہ تیرا فضل ظاہر بمقابلہ دشمنان تیری مدد نہین کرے گا جبکہ تیرا فضل سعید یا صاحب توفیق کا سا نہوگا یعنی فضل ظاہر بے بخت سعید کچھ مفید نہین ہوتا ہی۔

وقال یمدحہ ویذکر ایقاعہ بقبائل العرب

تَذَكَّرْتُ مَا بَيْنَ العُذَيْبِ وَبَارِقٍ	مَجَرَّ عَوَالِينَا وَمَجْرَى السَّوَابِقِ

مابین العذیب مفعول تذکرت ومجر ومجری بدل منہ بدل اشتمال ویجوز ان یکون ظرفاً للتذکیر۔ والعذیب وبارق موضعان بظاہر الکوفۃ ومجری بضم المیم وفتحہا بمعنی المصدر او المکان ترجمہ یاد کیا مینے درمیان مواضع عذیب وبارق کے اپنے نیزون کے کھینچنے کو اور تیز رو گھوڑون کے بھگانے کو یا گھوڑون کے ہنکانے کی جگہ کو۔ خلاصہ یہہ کہ مینے اپنے وطن اور شغل نیزہ بازی و فرس رانی کو یاد کیا۔

وَصُحْبَةَ قَوْمٍ يَذْبَحُونَ قَنِيصَهُمْ	بِفَضْلَاتِ مَا قَدْ كَسَّرُوا فِي المَفَارِقِ

القنیص الصید۔ والمفارق جمع مفرق وہو فرق الراس ترجمہ اور مینے یاد کی اُس قوم کی صحبت کہ جو اپنے شکار کو اُس بچے ہوئے حصہ شمشیر سے ذبح کرتی تھی جو انھون نے بیچون بیچ سرہائے دشمنان کے توڑے تھے۔ ان کی بہادری کی تعریف کرتا ہی کہ وہ اپنی تلوارین وسط سر دشمن مین مارتے ہین۔

وَلَيْلًا تَوَسَّدْنَا الثَّوِيَّةَ تَحْتَهُ	كَأَنَّ ثَرَاهَا عَنْبَرٌ فِي المَرَافِقِ

الثویۃ موضع علی ثلاثۃ امیال من الکوفۃ۔ والمرافق جمع مرفقۃ وہی الوسادۃ ترجمہ اور یاد کیا اُس رات کو کہ ہم نے مقام ثویہ کو اُسمین اپنی مسند بنائی یعنی ہم اُس پر لیٹ کر سوئے۔ گویا مقام مذکور کی مٹی ہماری کہنیون کے تلے مثل عنبر خوشبودار تھی۔ کہنیون کے تلے کے یہہ معنے کہ جب ہم اُس زمین پر کہنیان ٹیک کر بیٹھے تو اُس کی مٹی سے عنبر کی سی خوشبو آنے لگی۔

بِلَادٌ إِذَا زَارَ الحِسَانَ بِغَيْرِهَا	حَصَى تُرْبِهَا ثَقَّبْنَهُ لِلْمَخَانِقِ

المخانق القلادۃ واحدہ مخنقۃ۔ والحسان جمع حسناء۔ وفاعل زار حصا تربہا ترجمہ وہ ایسے شہر ہین کہ جب اُن کی مٹی کے سنگریزے اور شہرون کی خوبصورت عورتون کے پاس جاتے ہین تو وہ اُنکو اپنے ہارون کے لئے پرو لیتی ہین بسبب ان سنگریزون کی نفاست اور خوبصورتی کے۔

سَقَتْنِي بِهَا القُطْرُبُلِّيَّ مَلِيحَةٌ	عَلَى كَاذِبٍ مِنْ وَعْدِهَا ضَوْءُ صَادِقِ

القطربلی شراب معروف منسوب الی قطربل ضیعۃ من اعمال بغداد و منسوب الیہ الخمور ترجمہ مجکو اُس سرزمین پر شراب قطربلی ایک ایسی نمکین معشوقہ نے پلائی کہ اُسکے جھوٹے وعدہ پر بھی چک شخص صادق کی تھی یعنی اُسکا کلام ایسا محبوب و مرغوب تھا اور وہ ایسی خوش تقریر تھی کہ اُسکا جھوٹ بھی سچ معلوم ہوتا تھا۔

سُهَادٌ لِاَجْفَانٍ وَشَمْسٌ لِنَاظِرٍ ‏ ‏ ‏ وَسُقْمٌ لِاَبْدَانٍ وَمِسْكٌ لِنَاشِقِ

ترجمہ موافق مذاق ابن جنی یہہ ہی کہ وہ معشوقہ عاشقون کی آنکھون کے لئے بیداری ہی کہ اُسکی یاد مین سوتا نہین ہی اور وہ دیکھنے والے کو مثل آفتاب روشن معلوم ہوتی ہی اور وہ عاشقون کے جسمون کی بیماری ہی اور سونگھنے والیکو بمنزلہ مشک ہی غرض یہہ جملہ اوصاف ملیحہ کے ہین۔ اور شارح عروضی یہہ تمام اوصاف شراب قطربلی کے ٹہراتا ہی کیونکہ شراب بیخوابی لاتی ہی اور بسبب چمک دمک کے مثل شمس کے ہی اور وہ شارب کے اعضا کو ڈھیلا کردیتی ہی اور وہ اُٹھ نہین سکتا اور بسبب بوئے خوش کے مثل مشک ہی۔

وَاَغْيَدَ يَهْوَى نَفْسَهُ كُلُّ عَاقِلٍ ‏ ‏ ‏ عَفِيفٍ وَيَهْوَى جِسْمَهُ كُلُّ فَاسِقِ

الاغید الناعم الطویل العنق وہو معطوف علی ملیحۃ ای وسقانی اغید ترجمہ اور مجکو شراب پلائی ایک ایسی معشوق نازک اندام نے کہ اُسکے نفس کو بسبب خوبی ذاتی کے ہر عاقل پرہیزگار دوست رکھتا ہی اور اُسکے جسم کو ہر شخص فاسق بدکار۔

اَدِيبٌ اِذَا مَا جَسَّ اَوْتَارَ مِزْهَرٍ ‏ ‏ ‏ بَلَا كُلَّ سَمْعٍ عَنْ سِوَاهَا بِعَائِقِ

المزہر العود الذی یستعمل فی الغناء ترجمہ وہ نازک اندام ایسا ادیب ہی کہ جب وہ عود کے تار دنکو چھیڑتا ہی تو ہر گوش کو سوائے اُن تارونکے اور چیزونسے روکتا ہی۔ یعنے عود خوب بجاتا ہی کہ سامعین اُسکے عود کے سوا اور کسی طرف متوجہ نہین ہوتے۔

يُحَدِّثُ عَمَّا بَيْنَ عَادٍ وَبَيْنَهُ ‏ ‏ ‏ وَصُدْغَاهُ فِي خَدَّيْ غُلَامٍ مُرَاهِقِ

عاد کانوا فی قدیم الزمان اہلکہم اللہ تعالیٰ بالریح الباردۃ والمراہق من قارب البلوغ ترجمہ وہ قوم عاد اور اپنے زمانہ کے درمیان کی باتین کرتا ہی یعنی وہ تاریخ دان ہی یا وہ اشعار قدیمہ اور ان الحان کا جو زمانہ گذشتہ مین گائی گئی مین واقف کار ہی حال آنکہ ابھی اُسکے رخسارون کے بال نوجوان قریب البلوغ کے سے ہین۔

وَمَا الْحُسْنُ فِي وَجْهِ الْفَتَى شَرَفًا لَهُ ‏ ‏ ‏ اِذَا لَمْ يَكُنْ فِي فِعْلِهِ وَالْخَلَائِقِ

الخلائق الخصال ترجمہ چہرہ جوان مین حسن کا ہونا باعث اُسکی شرافت کا نہین ہوتا ہی جبکہ وہ حسن اُسکے افعال اور خصائل مین نہو۔ یعنے خوبروئی بے خوبی خصائل قابل ستائش نہین ہی۔

وَمَا بَلَدُ الْاِنْسَانِ غَيْرُ الْمُوَافِقِ ‏ ‏ ‏ وَلَا اَهْلُهُ الْاَدْنَوْنَ غَيْرُ الْاَصَادِقِ

الاصادق جمع صدیق وہم الذین یصدقون الود فہو بمعنی الاصدقاء والادنون الاقربون ترجمہ ترک وطن و دوستان وطن کی رغبت دلانے کو کہتا ہی کہ انسان کا شہر وہ نہین ہی جو اُس کو موافق نہو اور اُس کے اہل قریب نہین ہین

گردوستان صادق۔

وَجَائِزَۃٌ دَعْوَی الْمَحَبَّۃِ وَالْهَوٰی	وَاِنْ كَانَ لَا يَخْفٰى كَلَامُ الْمُنَافِقِ

جائزۃ خبر مبتدأ مقدم علیہ ودعوی المحبۃ ابتداء۔ والمنافق الذی یظہر خلاف ما یعتقدہ ترجمہ اور دعوئی محبت وعشق کا اُس شخص سے جو عشق کا معتقد نہیں ہی جائز ہی اگرچہ منافق شخص کا کلام چھپا نہیں رہتا۔ یہہ تعریض ہی مشائخ بنی کلاب پر کہ وہ سیف الدولہ سے جھوٹی محبت کا اظہار کرتے تھے۔

بِرَأْيِ مَنِ انْقَادَتْ عُقَيْلٌ اِلَى الرَّدٰى	وَاِشْمَاتِ مَخْلُوقٍ وَاِسْخَاطِ خَالِقِ

عقیل بن کعب قبیلۃ من قبائل قیس بن عیلان ومنہم کان رؤساء الجیش الذین اوقع بہم سیف الدولۃ ترجمہ بنی عقیل کس کی رائے کے تابع ہوئے کہ جس کا انجام اُنکی ہلاکی اور اُن کے دشمن کو خوش کرنا اور خداوند تعالےٰ کا خفا کرنا ہوا۔

اَرَادُوا عَلِيًّا بِالَّذِي يُعْجِزُ الْوَرٰى	وَيُوسِعُ قَتْلَ الْجَحْفَلِ الْمُتَضَايِقِ

علی ہو سیف الدولۃ ترجمہ اُنھوں نے علے یعنی سیف الدولہ کی نافرمانی کا ارادہ کیا جس نے تمام خلق کو عاجز کردیا ہی یعنے اُس کے عصیان پر کسی کو قدرت نہیں ہی اور جو لشکر عظیم کو جس کی کثرت روئے زمین کو تنگ کرے بکثرت قتل کرتا ہی۔

فَمَا بَسَطُوا كَفًّا اِلٰى غَيْرِ قَاطِعٍ	وَلَا حَمَلُوا رَأْسًا اِلٰى غَيْرِ فَالِقِ

ترجمہ سو بنی عقیل نے اپنے ہاتھ کو ایسے شخص کی طرف نہیں پھیلایا جو ہاتھوں کا کاٹنے والا نہو اور اُنھوں نے اپنا کوئی سر ایسے بہادر کی طرف نہیں اُٹھایا جو سر کو چیرنے والا نہو بلکہ وہ یعنی سیف الدولہ دشمنوں کے ہاتھوں کا کاٹنے والا اور اُنکے سروں کا چیرنے والا ہی۔

لَقَدْ اَقْدَمُوا لَوْ صَادَفُوا غَيْرَ آخِذٍ	وَقَدْ هَرَبُوا لَوْ صَادَفُوا غَيْرَ لَاحِقِ

ترجمہ بیشک وہ لوگ آگے بڑھے اور اپنی بہادری دکھلائی کاش وہ ایسے شخص سے مقابلہ کرتے جو دشمنوں کو گرفتار کرنے والا نہوتا تو یہہ حملہ اُن کے لئے مفید ہوتا اور بیشک وہ بھاگے کاش اُن کو ایسے بہادر سے پالا نہ پڑتا جو اُن کو پکڑلے تو یہہ بھاگنا اُن کا بکار آمد ہوتا۔ خلاصہ یہہ ہی کہ نہ اُن کا حملہ مفید ہوا اور نہ بھاگنا۔

وَلَمَّا كَسَى كَعْبًا ثِيَابًا طَغَوْا بِهَا	رَمٰى كُلَّ ثَوْبٍ مِنْ سِنَانٍ بِخَارِقِ

ترجمہ اور جبکہ سیف الدولہ نے بنی کعب کو خلعت پنائے جنکو پہنکر وہ سرکش ہوگئے تو ممدوح نے اُنکی ہر خلعت کو نیزے مارکر پھاڑدیا یعنی جب اُنھوں نے شکر انعام نکیا تو اُنکو کفران نعمت کا بدلا دیا۔

وَلَمَّا سَقَى الْغَيْثَ الَّذِي كَفَرُوا بِهِ	سَقٰى غَيْرَهُ فِي غَيْرِ تِلْكَ الْبَوَارِقِ

ترجمہ اور جبکہ ممدوح نے اُنکو ایسا باران احسان پلایا جس کو پیکر اُنھون نے اُس کا کفران نعمت کیا تو اُن کو اُس نے بجائے باران احسان اور طرح کا باران اور طرح کی بجلیون مین پلایا۔ یعنے باران موت شمشیر ہائے درخشان کی بجلیون مین پلایا۔ خلاصہ یہہ ہی کہ جب اُنھون نے اُس کے احسان کی قدر نکی تو اُنپر باران قتل وغارت برسایا۔

وَمَا یُوجِعُ الحِرْمَانُ مِنْ کَفِّ حَارِمٍ	کَمَا یُوجِعُ الحِرْمَانُ مِنْ کَفِّ رَازِقٍ

ترجمہ نہ دینے والے کے ہاتھ سے محروم رہنا ایسا نہین ستاتا جیسا سخی ورازق کے ہاتھ سے محروم رہنا ستاتا ہی۔ یعنے بنی کعب کو اپنے محسن قدیم سیف الدولہ کی عطا سے محروم رہنا سخت ناگوار گذرا ہی۔

أَتَاهُمْ بِهَا حَشْوَ العَجَاجَةِ وَالقَنَا	سَنَابِكُهَا تَحْشُو بُطُونَ الحَمَالِقِ

الضمیر فی بہا للخیل ولم یجر لہا ذکر لانہ ذکر الجیش فدل علی الخیل۔ وحشو نصب علی الحال کانہ قال محشوۃ۔ والحمالق اصلہ حمالیق حذف الیاء منہ لیقیم الوزن وہو جمع حملاق بمعنے باطن جفن العین ترجمہ ممدوح اُن گھوڑون کو درمیان ایسے غبار اور نیزون کے لایا کہ سم اُن گھوڑون کے مژہائے چشم کے باطن کو غبار سے پُر کرتے تھے۔ یہہ معنے حسب مذاق ابن جنی کے ہین۔ اور شارح عروضی کہتا ہی کہ یہہ معنے اچھے نہین ہین اس مین کیا فخر ہی کہ غبار سم ہائے اسپ آنکھون مین جاتا تھا بہتر یہہ ہی کہ کہا جاوے کہ گھوڑے سرہائے کشتگان کو روندتے تھے اور اُن مُردون کی آنکھین جو کھلی کی کھلی رہگئین تھین اُن مین گھوڑون کے سم غبار بھرتے تھے۔

عَوَابِسَ حَلْیًا یَابِسُ المَاءِ حُزْمُهَا	فَهُنَّ عَلَى أَوْسَاطِهَا كَالْمَنَاطِقِ

عوابس نصب علی الحال من ضمیر اتاہم۔ والحزم جمع حزام وہو مایشد بہ الرحل۔ ویابس الماء العرق۔ والمناطق جمع منطقۃ وہی مایشد بہ الوسط ترجمہ گھوڑے ایسے حال مین لائے گئے کہ وہ بسبب شدت دوڑ دھوپ کے ترش رو تھے کہ عرق خشک نے اُن کے تنگون کو زیور پہنا رکھا تھا سو تنگ اُن کی کمرون کے وسط مین پٹکون کے مانند تھے۔ عرق خشک ہو کر سفید ہو جاتا ہی۔ اس لئے اُن کے تنگ ایسے معلوم ہوتے تھے گویا کہ وہ روپہلے پٹکے ہین۔

فَلَيْتَ أَبَا الهَيْجَا يَرَى خَلْفَ تَدْمُرٍ	طِوَالَ العَوَالِي فِي طِوَالِ السَّمَالِقِ

الہیجا الحرب یمد ویقصر۔ وابو الہیجا کنیۃ والد سیف الدولۃ۔ وتدمر موضع بالشام بغیر بالش بعلاۃ الحجارۃ والسمالق جمع سملق وہی الفیافی البعیدۃ المستویۃ الارض ترجمہ سو کاش ابو الہیجا پدر ممدوح زندہ ہوتا اور پیچھے مقام تدمر کے تیرے بلند نیزے چٹیل اور وسیع میدان مین دیکھتا جہان تو رعب سے لرزتا تھا۔

وَسَوْقٍ عَلَيَّ مِنْ مَعَدٍّ وَغَيْرِهَا	قَبَائِلَ لَا تُعْطِي الْقُفِيَّ لِسَائِقِ

القفی جمع قفا کعصی وعصا ترجمہ کاش اُسکا باپ دیکھتا ہنکانے اور بھگانے علی بیٹے سیف الدولہ کو بہت سے قبیلون بنی معد وغیرہ کے تئین جنھون نے اپنی پس گردن کسی ہنکانے والیکو نہین دی یعنی کبھی کسی کے مطیع نہین ہوئے۔ لام سائق کا تاکید کے لئے زیادہ کیا گیا ہی۔

قُشَيْرٌ وَبَلْعَجْلَانِ فِيهَا خَفِيَّةٌ	كَرَاءَيْنِ فِي أَلْفَاظِ أَلْثَغَ نَاطِقِ

رفع قشیر علے خبر الابتداء۔ ویجوز النصب علی البدل من قبائل والجر علے البدل من غیرہ والعجلان یرید بنی العجلان کما قالوا فی بنی الحارث بلحارث۔ والالثغ الذی لایفصح فے الکلام فے حروف معروفۃ کالکاف والتاء والراء والسین ترجمہ قشیر و بنی العجلان جیسے کثیر التعداد قبیلے ان قبیلون مین جو سیف الدولہ کے روبرو سے بھاگے پوشیدہ اور بے حقیقت ہین جیسے دو رائین بولنے والے تتلے کے الفاظ مین۔ یعنے سیف الدولہ کے مقابلہ مین باوجودیکہ اس کثرت سے قبائل تھے مگر اُنکو بھاگنا ہی پڑا۔

تُخَلِّيهِمُ النِّسْوَانُ غَيْرَ فَوَارِكٍ	وَهُمْ خَلَّوُا النِّسْوَانَ غَيْرَ طَوَالِقِ

فرکت المرأۃ اذا ابغضت الزوج وہی فارکۃ والجمع فوارک۔ والطوالق جمع طالق ترجمہ اُن مین ایسی کھل بلی پڑی کہ اُنکی عورتون نے اُنکو ایسے حال مین چھوڑ دیا کہ وہ اپنے شوہرون سے ناراض نہ تھین اور ان مردون نے اپنی عورتون کو بے طلاق دیئے چھوڑ دیا یعنے ایسے بے اختیار بھاگے۔

يُفَرِّقُ مَا بَيْنَ الْكُمَاةِ وَبَيْنَهَا	بِضَرْبٍ يُسَلِّي حَرُّهُ كُلَّ عَاشِقِ

ترجمہ ممدوح دلیرون اور اُنکی عورتون مین ایسی مار سے تفریق کر دیتا ہی کہ اُسکی گرمی اور شدت ہر عاشق کو اُس کا معشوق بھلا دے یعنی اُسکی ضرب شدید ہی کہ اُسکے سبب وہ لوگ عورتون سے جدا ہو گئے۔

أَتَى الظُّعُنَ حَتَّى مَا تَطِيرُ رَشَاشَةٌ	مِنَ الْخَيْلِ إِلَّا فِي نُحُورِ الْعَوَاتِقِ

الظعن جمع ظعینۃ وہی النساء فے الہوادج۔ رشاشۃ بالتنوین وفے روایۃ الطعن من الطعان بالرماح۔ ورشاشہ بالاضافۃ الی الضمیر۔ والعواتق جمع عاتق وہی الجاریۃ الشابۃ ترجمہ روایت اول کا ترجمہ یہ ہی کہ ممدوح اُن کی زنان ہودج نشین مین گھس آیا اور اُن سے آملا یہان تلک کہ کوئی قطرہ خون نہین اُڑتا تھا مگر وہ زنہائے جوان کے سینون پر پڑتا تھا یعنی دشمنون کی بڑی بیحرمتی ہوئی کہ وہ اپنی جوان عورتون کی بھی حفاظت نکر سکے۔ اور دوسری روایت کے یہ معنی ہین کہ ممدوح نے نیزہ بازی کی یہان تلک کہ اُنکو اُنکی عورتون کے بیچ مین جا مارا کہ اُن کا خون عورتون کی چھاتیون پر پڑا۔

بِکُلِّ فَلَاۃٍ تُنْکِرُ الْاِنسُ اَرْضَہَا	ظَعَائِنُ حُمْرُ الْحُلِیِّ حُمْرُ الْاَیَانِقِ

الظعائن مبتدء موخر والجر المقدم بکل فلاۃ - والایانق جمع ناقہ ترجمہ ہر دشت دشوارگذار مین جسکی زمین آدمی کو اوپرا سمجھتی تھی کیونکہ وہان تلک کوئی نہین جاتا تھا زنان ہودج نشین سرخ سنہری زیور والیان سرخ ناقون والیان یعنے زنہائے امرا کو ممدوح نے جا پکڑا یعنے باوجودیکہ وہ لوگ بسبب شدت خوف ایسے صحرائے لق ودق مین پناہ گزین ہوئے مگر ممدوح نے انکو وہان بھی اچھوتا نچھوڑا - شارح واحدی حمرالحلی وحمرالایانق کے یہ معنی کہتے ہین کہ یہ دونون چیزین بسبب چھینٹون خون مقتولون کے سرخ تھین -

وَمَلْمُوْمَۃٍ سَیْفِیَّۃٍ رَبْعِیَّۃٍ	تَصِیْحُ الْحَصٰی فِیْہَا صِیَاحَ اللَّقَالِقِ

عطف علی قولہ ظعائن یرید وبالفلاۃ لمومۃ وہی الکتیبۃ المجتمعۃ - وسیفیۃ نسبۃ الی سیف الدولۃ - وربعیۃ منسوبۃ الی ربیعۃ وہی قبیلۃ سیف الدولۃ - اللقالق جمع لقلق وہو طائر کبیر یسکن العمران فی ارض العراق ترجمہ ہر دشت مین لشکر کثیر مجمع سیف الدولہ والا بنی ربیعہ والا موجود ہی - بسبب واقع ہونے سم گھوڑون کے اُس مین سنگریزے لگ لگون کے مانند آواز کرتے ہین -

بَعِیْدَۃٍ اَطْرَافِ الْقَنَا مِنْ اُصُوْلِہٖ	قَرِیْبَۃٍ بَیْنَ الْبَیْضِ غُبْرُ الْیَلَامِقِ

بعیدۃ صفۃ لملومۃ وکان الوجہ ان یقول غبراء الیلامق الا انہ حملہ علی المعنی لا اللفظ لان الکتیبۃ جماعۃ - والبیض جمع بیضۃ وہی الخوذۃ تکون علی الراس - والیلامق جمع یلمق وہی القباء ترجمہ وہ لشکر مجتمع ایسا ہی کہ اُن کے نیزون کی جڑین اُنکے اطراف سے دور ہین اور خود دونکا فاصلہ قریب ہی یعنے نیزے لمبے ہین اور بسبب کثرت انبوہ اُن کے سر ملے ہوئے ہین اور اُنکی قبائین بسبب غبار کے اُسکے ہمرنگ ہین -

نَہَاہَا وَاَغْنَاہَا عَنِ النَّہْبِ جُوْدُہٗ	فَمَا تَبْتَغِیْ اِلَّا حُمَاۃَ الْحَقَائِقِ

حماۃ الحقائق المانعون حریمہم ترجمہ اُن لشکرون کو بخشش ممدوح نے غارت اموال سے منع کر رکھا ہی اور اُن کو غارتگری سے بے پروا کر رکھا ہی سو وہ اب طلب نہین کرتے مگر اُن بہادر لوگون کو جو اپنے کس وکو کی حمایت کرتے ہین -

تَوَہَّمَہَا الْاَعْرَابُ سَوْرَۃَ مُتْرَفٍ	تُذَکِّرُہُ الْبَیْدَاءُ ظِلَّ السُّرَادِقِ

السورۃ الوثبۃ - والمترف المتنعم - والسرادق مایکون حول الفسطاط ترجمہ بدوی لوگون نے تیرے لشکرون کو حملہ ایسے آسودہ شخص کا خیال کیا تھا کہ جب صحرائے کشادہ مین آوے گا تو وہ صحرا اُسکو سایہ قنات یاد دلاویگا یعنی جب اُس آسودہ شخص کو دھوپ اور تشنگی ستاویگی تو سایہ یاد آویگا اور فوراً لوٹ جاوے گا -

فَذَکَّرْتَہُمْ بِالْمَاءِ سَاعَۃَ غَبَّرَتْ	سَمَاوَۃُ کَلْبٍ فِیْ اُنُوْفِ الْحَزَائِقِ

ذکرۃ الشئی وذکرۃ بالشئی بمعنی فالبا زائدۃ - وسماوۃ کلب ارض کلب - والحزائق جمع حزیقۃ وہی الجماعۃ ترجمہ سو تونے

اُنکو پانی یاد دلایا جبکہ صحرائے سادہ کلب نے اُنکی ناکون مین اپنا غبار ڈالا یعنے جب وہ تیرے سامنے قتل کئے گئے اُسوقت تونے اُنکی تشنگی کے سبب اُنکو پانی یاد دلایا اور تونے خود نہ پیا لہذا وہ جان گئے کہ پانی کی ضبط مین ممدوح ہم سے بہت بڑھا ہوا ہی۔

وَكَانُوْا يُرَوِّعُوْنَ الْمُلُوْكَ بِاَنْ بَدَوْا	وَاَنْ نَبَتَتْ فِي الْمَاءِ نَبْتَ الْغَلَافِقِ

قولہ بان بدوا یرید بانہم فہی مخففۃ من الثقیلۃ۔ وان نبتت یعنی الملوک۔ و بدوا خلوا فے البادیۃ۔ والغلافق جمع غلفق وہوا لطلب الذی یکون علے وجہ الماء ترجمہ اور بدوی لوگ بادشاہونکو اس بات سے ڈراتے تھے کہ جب وہ ہمپر چڑھ کر آوین گے تو ہم دشتہائے بے آب مین چلے جاوین گے اور اس امر سے کہ بادشاہ پانی مین ایسے جمے ہوئے ہین جیسے کائی پانی مین پس وہ بسبب نہونے پانی کے ہم تلک نہین پہنچ سکین گے کیونکہ وہ تشنگی کے عادی نہین ہین۔

فَهَاجُوْكَ اَهْدٰى فِي الْفَلَاةِ مِنَ الْقَطَا	وَاَبْدٰى بُيُوْتًا مِنْ اَدَاحِي النَّقَانِقِ

اہدی نصب علی التمیز واداحی جمع ادحی بضم الہمزۃ وتشدید الیاء وہو موضع بیض النعام۔ والنقانق جمع نقنق وہو ذکر النعام وابدی لزم البادیۃ وسکنہا ترجمہ سو اُن لوگون نے تجکو لڑائی کے لئے برانگیختہ کیا اس خیال سے کہ بادشاہ گرمی دشت وشدت تشنگی کی برداشت نہین کرسکتے مگر تیرا یہ حال ہی کہ تو جنگلون مین اُنکے ستارون سے زیادہ راہ پانیوالا ہی اور جنگل مین زیادہ گھر بنانے والا ہی بیضہ گاہ شتر مرغ سے۔ کہتے ہین کہ شتر مرغ اپنے بیضہ گاہ گھانس تہ بتہ سے جنگل کے دور تر جگہ مین بناتا ہی اور وہان بیضے دیتا ہی۔

وَاَصْبَرَ عَنْ اَمْوَاهِهِ مِنْ ضِبَابِهٖ	وَاٰلَفَ مِنْهَا مُقْلَةً لِلْوَدَائِقِ

الضباب جمع ضبۃ وہی دابۃ لاترد الماء ولا تطلبہ۔ والودائق جمع ودیقۃ وہی شدۃ الحر ترجمہ اور تجکو ایسے حال مین پایا کہ تو اُنکے پانی سے اُنکے سوسمارون کی نسبت زیادہ صابر ہی اور تیری چشم بہ نسبت سوسمار کے گرمیون سے زیادہ مالوف ہی۔

وَكَانَ هَدِيْرًا مِنْ فُحُوْلٍ تَرَكْتَهَا	مُهَلَّبَةَ الْاَذْنَابِ خُرْسَ الشَّقَاشِقِ

ہدیرا خبر کان واسمہا ضمیر فیہا تقدیرہ کان فعلہم وکیدہم۔ ومہلبۃ الاذناب وخرس المفعول الثانی لترکتہا بمعنی صیرتہا۔ ومہلبۃ الاذناب ہی المقطعۃ شعر الاذناب۔ والہلب شعر الذنب۔ والشقاشق جمع شقشقۃ وہی ما یخرج من فم البعیر عند ہدیرہ وہا یہدر ولا یخرج الا عند ہیاجہ ترجمہ اُن کا جنگ ایک نر شتر کا بلبلانا تھا سو تونے اُنکو لنڈورا کرچھوڑا اور اُن کا بلبلانا خاموش کردیا کہتے ہین کہ جب شتر نر کی دُم کے بال کاٹ دیتے ہین تو اُس کی مستی جاتی رہتی ہی اور ذلیل وحقیر ہو جاتا ہی۔

فَمَا حَرَمُوْا بِالرَّكْضِ خَيْلَكَ رَاحَةً	وَلٰكِنْ كَفَاهَا الْبَرُّ قَطْعَ الشَّوَاهِقِ

ترجمہ سو جب تیرے گھوڑے اُنپر چڑھ دوڑے تو اس سبب سے انھون نے تیرے گھوڑون کو آرام وراحت سے

محروم نہین کیا ہان میدان کی لڑائی اُنکے لئے قلع کوہائے بلندسے کافی ہوگئی خلاصہ یہہ کہ تو ہمیشہ جنگ پیشہ ہے اعراب سے نہ لڑتا تو رومیون سے جا لڑتا۔ البتہ اتنی بات فرور ہوئی ہو کہ اگر تو رومیونسے لڑتا تو پہاڑون پر چڑھنا پڑتا اور یہان میدان کی لڑائی تھی تیرے گھوڑونکو یہہ آرام تو ہوا ہو۔

وَلَا شَغَلُوا صُمَّ الْقَنَا بِنُحُورِهِمْ ۔۔۔ عَنِ الرَّكْزِ لٰكِنْ عَنْ قُلُوبِ الدَّمَاسِقِ

رکز الرمح اذا جعلہ فی الارض قائما لا لیطعن بہ۔ والدماسق جمع دمستق علی حذف التاء لان ہذا الاسم لو کان عربیا لکانت التاء فیہ زائدۃ وہو اسم اعجمی تیغیر مجموعہ عن مفردہ علی عادۃ العرب فی الاسماء الاعجمیۃ ترجمہ اور اُنھون نے تیرے ٹھوس نیزون کو بسبب اپنے سینون کے زمین مین گڑنے اور قرار پکڑنے سے نہین روکا بلکہ دمستقون کے دلون سے یعنے اگر یہہ نیزے اعراب کے سینون پر نہ لگتے تو رومیون کے دلون پر لگتے زمین پر کھڑے رہنا اُنکا تو ممکن ہی نہ تھا۔

اَلَمْ يَحْذَرُوْا مَسْخَ الَّذِيْ يَمْسَخُ الْعِدٰى ۔۔۔ وَيَجْعَلُ اَيْدِي الْاُسْدِ اَيْدِي الْخَرَانِقِ

اسکن یاء ایدی ضرورۃ۔ والمسخ قلب الخلقۃ۔ والخرانق جمع خرنق وہی الاناث من اولاد الارانب وقیل الصغار منہا ترجمہ کیا دشمن اُس شخص کے مسخ کرنے سے نہ ڈرے جو دشمنون کی سرشت بدلدیتا ہو اور شیرونکے زبردست ہاتھونکو مثل ہاتھ بچہ ہائے خرگوش کے کوتاہ اور ضعیف کر دیتا ہو یعنے بہادرون کو ذلیل اور قوی کو ضعیف بنا دیتا ہے اور یہہ بہی مسخ ہو۔

وَقَدْ عَايَنُوْهُ فِيْ سِوَاهُمْ وَرُبَّمَا ۔۔۔ اَرٰى مَارِقًا فِي الْحَرْبِ مَصْرَعَ مَارِقِ

المارق الذی یمرق من الطاعۃ والدیانۃ کمروق السہم ترجمہ دشمن اُس سے نہ ڈرے حال آنکہ انھون نے اُسکے وقائع اور سزائین اپنے غیرون مین دیکھی ہین اس صورت مین اُنکو عبرت حاصل کرنی چاہئے تھی کیونکہ اُس نے بارہا جنگ مین ایک سرکش کو دوسرے سرکش کی ہلاکی دکھادی ہو۔

تَعَوَّدَ اَنْ لَا تَقْضَمَ الْحَبَّ خَيْلُهُ ۔۔۔ اِذَا الْهَامُ لَمْ تَرْفَعْ جُيُوْبَ الْعَلَائِقِ

العلائق جمع علیقۃ وہی المخالی۔ وجیوبہا نواحیہا وجیب المخلاۃ فمہا وجیوبہا مافتح من اعلاہا ترجمہ اُسکے گھوڑون کی عادت ہوگئی ہو کہ وہ دانہ نہین کہاتے جب تلک کہ سرہائے دشمنان اُنکے توبرون کے پہلوؤن یا موہنون کو بلند نکرین۔ گھوڑے کا دستور ہو کہ جب اُسکو توبرہ چڑھایا جاتا ہو تو وہ اُونچی جگہ تلاش کرتا ہو اور توبرہ کو اُسپر سہارا دیکر دانہ کہاتا ہو۔

وَلَا تَرِدُ الْغُدْرَانَ اِلَّا وَمَاؤُهَا ۔۔۔ مِنَ الدَّمِ كَالرَّيْحَانِ تَحْتَ الشَّقَائِقِ

لا ترد منصوب عطفا علی لا تقضم۔ والغدران جمع غدیر وہو ما غادرہ السیل ای ترکہ والشقائق نور احمر ینسب الی النعمان واحدتہا شقیقۃ۔ والریحان نبت طیب الرائحۃ ترجمہ چونکہ ممدوح بکثرت دشمنون کو قتل

کرتا ہو یہان تلک کہ اُن کے خون بیکر حوضہائے آب ہین چلے جاتے ہین اور اُس کے گھوڑے معرکون ہین اُنھین حوضون ہین پانی پیتے ہین لہذا اُن کی یہ عادت ہوگئی ہو کہ وہ اُنھین حوضون ہین پانی پیتے ہین جن کا پانی آمیزش خون سے ایسا ہوجاوے جیسا ریحان لالہ زار کے تلے خلاصہ یہ ہو کہ خون کے نیچے پانی کی سبزی ایسی معلوم ہوتی ہو جیسے لالہ کے تلے ریحان - اور پانی کی سبزی بسبب کائی کے ہو - اور یہ معنے بھی ہوسکتے ہین کہ اُس کے گھوڑے ایسی ہی صورتین حوضون کا پانی پیتے ہین جب اُنکا پانی خونہائے اعداکے تلے ہو اور وہ ایسا معلوم ہوتا ہو جیسا ریحان سبز گلہائے لالہ کے تلے اور پانی کی سبزی سے اشارہ ہو اُسکی صفائی اور کثرت کی طرف -

لَوَفْدُ نُمَيْرٍ كَانَ اَرْشَدَ مِنْهُمُ	وَقَدْ طَرَدُوا الْاَظْعَانَ طَرْدَ الْوَسَائِقِ

نمیر قبیلۃ من قیس عیلان تلقوا سیف الدولۃ حین قصد الی بنی عامر بن صعصعۃ واظہروا الخضوع فسلموا منہ - والاظعان الجماعۃ الکثیرۃ من النساء علی الابل - والوسائق جمع وسیقۃ وہی القطعۃ من حمر الوحش ترجمہ البتہ گروہ بنی نمیر کا جو سیف الدولہ سے بخشوع پیش آئے اور اپنے مال و جانین بچالین ایسے حال مین کہ خوف ممدوح سے وہ اپنی سوار عورتونکو ایسی تیزی سے بھاگتے تھے جیسا گلہ وحشی خرون کا تیز جاتا ہو مگر اُس سے امن لیکر لوٹ آئے بہ نسبت اُن باغیون کے زیادہ راہ پر تھا کہ یہ ہلاک ہوئے اور وہ صاف بچ گئے -

اَعَدُّوا رِمَاحًا مِنْ خُضُوعٍ فَطَاعَنُوا	بِهَا الْجَيْشَ حَتّٰى رَدَّ غَرْبَ الْفَيَالِقِ

الفیالق جمع فیلق وہی الکتیبۃ الکثیرۃ السلاح - والغرب الحد ترجمہ بنی نمیر نے اپنی عاجزی کے نیزے طیار کرکے سوائے ذریعہ سے لشکر سیف الدولہ سے لڑے یہان تلک کہ اُنھون نے تیزی اور حدت لشکرون کی ہٹا دی اور صحیح وسالم بچے رہے -

فَلَمْ اَرَ اَرْمٰى مِنْهُ غَيْرَ مُخَاتِلٍ	وَاَسْرٰى اِلَى الْاَعْدَاءِ غَيْرَ مُسَارِقِ

المخاتل المخادع وکذا المسارق ترجمہ سوپنے سیف الدولہ سے زیادہ کوئی تیرانداز غیر دغاباز اور نہ دشمنون کیطرف زیادہ جانیوالا بے فریب اُسکے مثل دیکھا وہ نقارہ کی چوٹ لڑتا ہو -

تُصِيبُ الْمَجَانِيقُ الْعِظَامُ بِكَفِّهِ	دَقَائِقَ قَدْ اَعْيَتْ قِسِيَّ الْبَنَادِقِ

المجانیق جمع منجنیق وہو ما یرمی بہ علی الحصون فے الحصار - والبنادق جمع بندقۃ وہو ما یعمل من الطین ویرمی بہا الطیر ترجمہ اُسکے ہاتھ کی بڑی گوپھن یا گوپیے ایسی باریک چیزون پر نشانہ مارتے ہین کہ اُنھون نے غلیل کو عاجز کردیا ہو - یعنے قادر انداز ہو باوجودیکہ گوپھن سے بسبب عدم ضبط ٹھیک نشانہ نہین لگتا مگر وہ اُس سے ٹھیک نشانہ مارتا ہو کہ ایسا کوئی غلیل سے غلہ بھی نہین مارسکتا ہو باوجودیکہ اسمین موقع نشانہ مارنے کا زیادہ ہو -

وقال یمدح اباشجاع محمد بن اوس

أرق على أرق ومثلي يأرق ‏ ‏ ‏ ‏ وجوى يزيد وعبرة تترقرق

الارق فقد النوم - والجوی الحزن الذی یستبطن الانسان فیکون فے حشاہ - والعبرۃ تردد الدمع فے العین - وترقرقت المار ای اسلتہ ترجمہ میرے لئے بیداری پر بیداری ہے یعنی بیداری کی تہین چڑھی ہوئی ہین اور مجھ جیسا عاشق بیدار رہتا ہے بسبب شدت درد عشق کے اور میری سوزش دردنی دمبدم بڑھتی ہے اور آنسو ڈبڈبائے رہتے ہین -

جهد الصبابة أن تكون كما أرى ‏ ‏ ‏ ‏ عين مسهدة وقلب يخفق

جہد الصبابۃ مبتدأ وان تکون فے موضع رفع خبرہ - وعین مسہدۃ خبر مبتدء محذوف ای لی عین - والجہد بالفتح المشقۃ وبالضم الطاقۃ وقیل ہما لغتان بمعنی والصبابۃ رقۃ الشوق ترجمہ مشقت محبت اس کا نام ہے کہ تو اُس حال پر ہووے جسکو مین بھگت رہا ہون یعنی چشم بیدار ہو اور دل مضطر -

ما لاح برق أو ترنم طائر ‏ ‏ ‏ ‏ إلا انثنيت ولي فؤاد شيق

ولی فواد مبتدأ وخبرہ مقدم علیہ وہی جملۃ فے موضع الحال - والشیق یجوز ان یکون بمعنی فاعل من شاق یشوق ویجوز ان یکون علی وزن فعیل بمعنی مفعول ترجمہ کبھی کوئی بجلی نہین چمکتی اور کوئی پرندہ نہین چہچہاتا مگر مین ایسے حال مین لوٹتا ہون کہ میرا دل دوستون کا مشتاق ہوتا ہے کیونکہ برق کا چمکنا اُن کا کوچ طلب آب و گیاہ کے لئے یاد دلاتا ہے اور ایسا ہی ترنم طائر -

جربت من نار الهوى ما تنطفي ‏ ‏ ‏ ‏ نار الغضا وتكل عما تحرق

ما تنطفے مصدریۃ - والضمیر فے تحرق لنار الہویٰ ترجمہ مینے اپنے تجربہ مین آتش عشق ایسی تیز پائی کہ اُسکی حرارت کے سامنے جانڈ کی آگ بجھ جاوے اور یہہ آگ اُسقدر جلانے سے عاجز ہے جسقدر آتش عشق جلاتی ہے یا اُس چیز کے جلانے سے عاجز ہے - خلاصہ یہہ کہ آتش عشق آتش غضا سے بہت تیز ہے -

وعذلت أهل العشق حتى ذقته ‏ ‏ ‏ ‏ فعجبت كيف يموت من لا يعشق

ترجمہ اور مینے عاشقون کو درباب عشق ملامت کری اور بعد ازان مین خود بلائے عشق مین مبتلا ہوگیا اور اُسکا مزہ چکھا اور اُسکے مصائب اور شدائد جھیلے تو مجکو تعجب ہوا کہ جسکو عشق نہین وہ کیونکر مرتا ہے اس لئے کہ عشق کے سوائے کوئی چیز ایسی سخت نہین ہے کہ وہ سبب موت ہو جاوے - اور بعض شارح اسکے یہہ معنے کہتے ہین کہ لوگون کی طبیعتون مین یہہ بات ٹھہری ہوئی ہے کہ موت کی شدتین نہایت سخت ہین سو جب مین عاشق ہوگیا اور اُسکی سختیان اُٹھائین تو مینے اُنکے خیال سے سخت تعجب کیا اور کہا کہ یہہ رائین اُن کی کیسی درست ہوسکتی ہین سب سے زیادہ سخت تو عشق ہے -

وعذرتهم وعرفت ذنبي أنني ‏ ‏ ‏ ‏ عيرتهم فلقيت فيه ما لقوا

ترجمہ اور جب مین عشق مین مبتلا ہوگیا تو عاشقون کو معذور سمجھا اور اپنے گناہ کو جان لیا کہ مینے انکو ملامت کی تھی اُس کا انجام یہ ہوا کہ مینے صدمات عشق وہ اُٹھائے جو اُنھون نے اُٹھائے تھے۔

أَبَنِي أَبِينَا نَحْنُ أَهْلُ مَنَازِلٍ ۔۔۔ أَبَدًا غُرَابُ الْبَيْنِ فِيهَا يَنْعِقُ

کانت العرب اذا صاح فی دیارہم الغراب تشاءمت بہ - ونعق بالغین المعجمۃ مع القاف ہو صیاح الغراب ترجمہ اے ہمارے بھائیو ہم ایسے گھرون کے رہنے والے ہین کہ ہم مین جدائی کا کوا یعنے جسکی آواز کی تاثیر سے آپسین تفرقہ پڑجاتا ہی ہمیشہ کائین کائین کرتا رہتا ہی یعنے ہم برابر مبتلائے فراق رہتے ہین اور بسبب موت کے متفرق ہوجاتے ہین متنبی اس جگہ غزل اور تشبیب سے وعظ کی طرف آگیا ظاہرا یہ بے جوڑ ہی ذکر موت تو مرثیون مین مناسب ہوتا ہی۔

نَبْكِي عَلَى الدُّنْيَا وَمَا مِنْ مَعْشَرٍ ۔۔۔ جَمَعَتْهُمُ الدُّنْيَا فَلَمْ يَتَفَرَّقُوا

ترجمہ تو فراق دنیا پر روتا ہی اور حال یہ ہی کہ کوئی ایسا گروہ نہین ہی کہ دنیا نے اُن کو اکٹھا کیا ہو اور آخر مین متفرق نہوگئے ہون۔

أَيْنَ الْأَكَاسِرَةُ الْجَبَابِرَةُ الْأُولَى ۔۔۔ كَنَزُوا الْكُنُوزَ فَمَا بَقِينَ وَلَا بَقُوا

الاکاسرۃ جمع کسریٰ وہم ملوک فارس - والجبابرۃ جمع جبار - والاولی بمعنے الذین - والکنوز الاموال المدفونۃ ترجمہ کہان گئے زبردست بادشاہان فارس جنھون نے خزانے زمین مین گاڑے سو نہ وہ خزانے رہے نہ وہ بادشاہ۔

مَنْ كُلِّ مَنْ ضَاقَ الْفَضَاءُ بِجَيْشِهِ ۔۔۔ حَتَّى ثَوَى فَحَوَاهُ لَحْدٌ ضَيِّقُ

الفضاء الارض الواسعۃ - وثوی من رواہ بالمثناۃ فمعناہ ہلک ومن رواہ بالمثلثۃ فمعناہ اقام فی القبر ترجمہ وہ بادشاہ اُن لوگون مین سے تھے کہ میدان وسیع اُن کے لشکرون کی کثرت کے سبب تنگ ہوگئے انجام اُنکا یہ ہوا کہ وہ ہلاک ہوگئے یا مقیم قبر ہوگئے اور تنگ لحد اُنپر محیط ہوگئی۔

خُرْسٌ إِذَا نُودُوا كَأَنْ لَمْ يَعْلَمُوا ۔۔۔ أَنَّ الْكَلَامَ لَهُمْ حَلَالٌ مُطْلَقُ

ترجمہ جبکہ وہ پکارے جاوین تو وہ گونگے ہین کچھ جواب نہین دیتے گویا اُنکو یہ معلوم ہی نہین ہوا کہ کبھی اُن کو بولنا حلال مطلق ہوا ہی۔

فَالْمَوْتُ آتٍ وَالنُّفُوسُ نَفَائِسٌ ۔۔۔ وَالْمُسْتَغِرُّ بِمَا لَدَيْهِ الْأَحْمَقُ

المستغر المغرور وروی المستعز بالزاء والعین المہملۃ من العز ترجمہ سو موت آنے والی ہی اور جانین عزیز اور قابل بخل ہین اور جو شخص اپنی جمعیت پر مغرور ہی یا جو اُس کے ذریعہ سے طالب عزت ہی وہ جاہل احمق ہی کیونکہ اُسکو قیام نہین ہی۔

وَالْمَرْءُ يَأْمُلُ وَالْحَيَوٰةُ شَهِيَّةٌ ۔۔۔ وَالشَّيْبُ أَوْقَرُ وَالشَّبِيبَةُ أَنْزَقُ

الشبیبۃ الشباب - والنزق الخفۃ والطیش ترجمہ اور مرد زندگی کی اُمید کرتا ہی اور سچ یہی ہی کہ زندگی ایک مرغوب شی ہی

اور پیری نہایت باوقار چیز ہی۔ اور جوانی سبکسری اور ہلکاپن کازمانہ ہی۔ خلاصہ یہ ہو کہ انسان پیری کو کروہ سمجھتا ہے حالانکہ وہ سبب وقار ہی اور جوانی کو دوست رکھتا ہی باوجودیکہ وہ باعث خفت و ہلکاپن ہی۔ ذرہ سے خلاف طبع امر مین غضبناک ہوجاتا ہی۔

وَلَقَدْ بَكَيْتُ عَلَى الشَّبَابِ وَلِمَّتِي	مُسْوَدَّةٌ وَلِمَاءِ وَجْهِي رَوْنَقُ

اللمۃ من الشعر الملم بالمنکب۔ والرونق الحسن والضیاء ترجمہ اور مین تو جوانی پر بیشک اُس زمانہ مین بھی بطور قبل از مرگ واویلا رولیا ہون جب میرے سر کے بال جو تا دوش تھے سیاہ تھے اور میرے چہرہ کی رونق بنی ہوئی تھی اور معشوق میرے طالب تھے۔

حَذَرًا عَلَيْهِ قَبْلَ يَوْمِ فِرَاقِهِ	حَتَّى لَكِدْتُ بِمَاءِ جَفْنِي أَشْرَقُ

بماء جفنی ای بسبب ماء جفنی۔ والتقدیر کدت بسبب ماء جفنی اشرق بریقی۔ وحذرا حال من بکیت او مفعول مطلق ای حذرت علیہ حذرا او مفعول لہ ای بکیت للحذر علیہ ترجمہ مین جوانی کے زوال سے قبل اُسکے فراق کے ڈرتا تھا اب اُسکے جانے سے اسقدر رو رہا ہون کہ قریب ہی کہ مجکو بسبب کثرت اشک اُچھو آجاوے اور تھوک نہ نگلا جاوے۔

أَمَّا بَنُو أَوْسِ بْنِ مَعْنِ بْنِ الرِّضَا	فَأَعَزُّ مَنْ تُحْدَى إِلَيْهِ الْأَيْنُقُ

اما فی الاکثر تستعمل مکررۃ قال اللہ تعالی واما السفینۃ واما الغلام واما الجدار وقلما تاتی مفردۃ وہی للتفصیل۔ والاینق جمع ناقۃ علی غیر القیاس۔ والاصل الانوق فابدلوا الواو یاء وقدموہا علی النون ترجمہ مگر بنو اوس بن معن بن الرضا سو ایسی قوم ہی کہ وہ اُس شخص سے جس کے پاس سائل جاتے اور حدی کہتے ہوئے اپنے ناقون کو ہنکاتے ہین زیادہ معزز ہین۔

كَبَّرْتُ حَوْلَ دِيَارِهِمْ لَمَّا بَدَتْ	مِنْهَا الشُّمُوسُ وَلَيْسَ فِيهَا الْمَشْرِقُ

ترجمہ اُن کے گھرون کے پاس مینے براہ تعجب تکبیر کہی جبکہ اُن گھرون مین سے ممدوح لوگ مثل آفتابون کے شان و شوکت مین نورانی چہرون سے ظاہر ہوئے اور اُس طرف مشرق نتھی بلکہ وہ بجانب مغرب تھے۔

وَعَجِبْتُ مِنْ أَرْضٍ سَحَابُ أَكُفِّهِمْ	مِنْ فَوْقِهَا وَصُخُورُهَا لَا تُورِقُ

ترجمہ اور مینے اُس زمین سے تعجب کیا کہ اُنپر ابر دستہائے ممدوحین برسرہا ہی اور اُس کے سخت پتھر نرم ہوکر سبز نہین ہوتے چاہئے تھا کہ وہ برگ لے آتے۔

وَتَفُوحُ مِنْ طِيبِ الثَّنَاءِ رَوَائِحٌ	لَهُمُ بِكُلِّ مَكَانَةٍ تُسْتَنْشَقُ

مکان و مکانۃ کمنزل و منزلۃ بمعنی ترجمہ اُنکی تعریف کی خوشبو سے ہر مکان مین اُنکی خوشبوئین پھیلتی ہین اور سونگھی جاتی ہین یعنی اُنکا ذکر خیر ہر جگہ مذکور ہوتا ہی کیونکہ اُنکے ثناخوان ہر جگہ بکثرت موجود ہین۔

مِسْكِيَّةُ النَّفَحَاتِ إِلَّا أَنَّهَا	وَحْشِيَّةٌ بِسِوَاهُمُ لَا تَعْبَقُ

النفحات الروائح وبیق یفوح ترجمہ اُنکی تعریف کی خوشبوئین مانند مشک کے ہین مگر یہہ خوشبوئین ایسی وحشی ہین کہ اُنکے سوا اور پر خوشبو نہین دیتی ہین خلاصہ یہہ کہ اُنکی تعریف ایسی ہو کہ دوسرے کی تعریف ویسی نہین ہو۔

أَمُرِيدَ مِثْلِ مُحَمَّدٍ فِي عَصْرِنَا	لَا تَبْلُنَا بِطِلَابِ مَنْ لَا يُلْحَقُ

البلاء بالفتح والمد الامتحان والاختبار ترجمہ ای مثل محمد ممدوح کے ہمارے زمانہ مین ارادہ کرنے والے تو اس چیز کی تلاش مین جس تلک رسائی نہو سکے ہمارا امتحان نکر کیونکہ طلب محال مین سوائے ناکامی اور کیا حاصل ہو۔

لَمْ يَخْلُقِ الرَّحْمٰنُ مِثْلَ مُحَمَّدٍ	أَبَدًا وَظَنِّي أَنَّهُ لَا يَخْلُقُ

ترجمہ خداوند تعالیٰ نے اب تلک مثل محمد ممدوح کے کبھی پیدا نہین کیا اور مجھکو یقین ہو کہ آیندہ ایسا پیدا نہین کریگا۔

يَا ذَا الَّذِي يَهَبُ الْجَزِيلَ وَعِنْدَهُ	أَنِّي عَلَيْهِ بِأَخْذِهِ أَتَصَدَّقُ

ترجمہ ای وہ شخص جو مال کثیر مجھکو بخشتا ہو اور اُسکی یہہ رائے ہو کہ مین جو اُسکو لیتا ہون تو گویا مین اُسکو صدقہ دیتا ہون۔

أَمْطِرْ عَلَيَّ سَحَابَ جُودِكَ ثَرَّةً	وَانْظُرْ إِلَيَّ بِرَحْمَةٍ لَا أَغْرَقُ

تقدیرہ فان تنظر الی اغرق۔ ویحتمل رفعہ وجہین احدہما ارادلئلا اغرق فحذف لام العلۃ ثم حذف ان فارتفع کقولہ اوجدنا وکقول طرفۃ الا ایہذا الزاجری احضر الوغی اراد ان احضر۔ والثانی ان یکون بالفاء مقدرۃ واذا کانت فی الجواب مقدرۃ ارتفع الفعل بتقدیرہا کما یرتفع باثباتہا۔ ویحتمل الاستیناف فیرتفع کقول الشاعر ؎ وقال رائدہم ارسوا نزاولہا۔ والثرۃ الکثیر من المار من الثرارۃ ترجمہ تو مجھ پر اپنے عطائے کثیر کا ابر برسا اور میری طرف بنظر رحمت دیکھ کہ تیری بخشش کے آب کثیر مین غرق نہو جاؤن۔

كَذَبَ ابْنُ فَاعِلَةٍ يَقُولُ بِجَهْلِهِ	مَاتَ الْكِرَامُ وَأَنْتَ حَيٌّ تُرْزَقُ

ترجمہ حرامکار عورت کے بیٹے نے جھوٹ بولا جو اپنے جہل کے سبب یہہ کہتا ہو کہ سخی لوگ مرگئے اور حال یہہ ہے کہ تو زندہ ہو جو رزق دیا جاتا ہو۔ اور ایک روایت مین ترزق ہو اور ضمیر ممدوح کی طرف راجع ہو یرید یعطی الناس ارزاقہم۔ والاول اجود لانہ یقال فلان یرزق ای حی وذلک انہ ادام حیا مرزوق۔

وقال فی صباہ

أَيَّ مَحَلٍّ أَرْتَقِي	أَيَّ عَظِيمٍ أَتَّقِي

ترجمہ مینے سب مراتب بلند نامی کے طے کرلئے اب کس مرتبہ پر ترقی کرون اور کس شخص عظیم سے ڈرون۔

وَكُلُّ مَا قَدْ خَلَقَ	اللّٰهُ وَمَا لَمْ يَخْلُقِ
مُحْتَقَرٌ فِي هِمَّتِي	كَشَعْرَةٍ فِي مَفْرِقِي

ترجمہ اور حال یہہ ہو کہ جو چیز خدا نے پیدا کی اور وہ چیز جو پیدا نہین کی یہہ دونون چیزین میری ہمت کے سامنے

حقیر ہین جیسا ایک بال میرے سرکا۔ اس قسم کی ڈینگین متنبی کی سرشت مین داخل ہین۔

وقال یمدح الحسین بن اسحٰق التنوخی

ھُوَ البَینُ حَتّٰی مَا تَأنّٰی الحَزائِقُ	وَیَا قَلْبُ حَتّٰی اَنْتَ مِمَّنْ اُفارِقُ

البین مبتدء و خبرہ مضمر تقدیرہ ہو البین الذی فرق کل شئ۔ وحتی للابتداء۔ تقدیرہ البین ما منع الحزائق اذا ظہرت یا قلب مما افارقہ اذا ظہر۔ وتانی تمہل و ترفق۔ والحزائق الجماعات واحدہا حزیقۃ ترجمہ وہ جدائی ہی جو ہر شئ کو دوسرے سے جدا کر دیتی ہی یہان تلک کہ جب اُسکا حکم جاری ہوتا ہی تو جماعتین اور گروہ متفرق ہو جاتی ہین پر تامل نہین کرتین فوراً جدا ہو جاتی ہین۔ پھر اپنے دلکو خطاب کرکے کہتا ہی کہ سب چیزین مجکو چھوڑ جاوینگی یہان تلک کہ ای دل تو بھی۔ خلاصہ یہہ ہی کہ احباب مجہ سے جدا ہو گئے اور اُنکے ساتہہ دل بھی مفارقت کر گیا۔

وَقَفْنَا وَمِمَّا زَادَ بَثًّا وُقُوفُنَا	فَرِیقَیْ ھَوًی مِنَّا مَشُوقٌ وَشَائِقُ

فریقی فے موضع نصب علی الحال من الضمیر فے وقوفنا۔ والبث الحزن۔ والمشوق العاشق الذی یشوقہ حبیبہ بفراقہ والشائق المعشوق الذی یشوق عاشقہ ترجمہ ہم رخصت کے لئے کھڑے ہوئے اور باعث زیادتی ہمارے غم کا ایک یہہ ہوا کہ ہم کھڑے ہوئے ایسے حال مین کہ ہم دو فریق مبتلائے محبت تھے بعض تو ہم مین عاشق تھے کہ اُن کا حبیب بسبب اپنے فراق کے اُنکو اپنا مشتاق کرتا تھا اور بعض معشوق کہ اپنے عاشق کو اپنا مشتاق کرتے تھے اور اس حال کو موجب مزید غم اسواسطے کہا کہ فراق محبوب بہ نسبت فراق اور آشناؤن اور ہمسایون کے زیادہ سخت ہوتا ہی۔

وَقَدْ صَارَتِ الاَجْفَانُ قَرْحٰی مِنَ البُکَا	وَصَارَ بَھَارًا فِی الخُدُوْدِ الشَّقَائِقُ

البہار زہر اصفر والشقائق جمع شقیقۃ وہی زہر احمر ینسب الی النعمان۔ وقرحی بغیر تنوین جمع قریح کجریح وجرحی۔ وقال ابن جنی قلت لہ عند القراءۃ اترید بالتنوین فقال نعم جمع قرحۃ وہی اسم لا وصف ترجمہ اور بیشک آنکھون کی پلکین بسبب کثرت گریہ زخمی ہو گئین اور رخسارونکی سرخی جو برنگ گل لالہ تھے مثل گل بہار زرد ہو گئے بسبب صدمہ فراق کے۔

عَلٰی ذَا مَضَی النَّاسُ اجْتِمَاعٌ وَفُرْقَۃٌ	وَمَیْتٌ وَمَوْلُوْدٌ وَقَالٍ وَوَامِقُ

ای لہم اجتماع وفرقۃ ترجمہ اسی حالت پر اگلے لوگ گذر گئے کہ اُن کے لئے کبھی اجتماع تھا اور کبھی فرقت اور کبھی کوئی مرتا تھا اور کوئی پیدا ہوتا تھا اور کوئی دشمن ہوتا تھا اور کوئی دوست۔

تَغَیَّرَ حَالِی وَاللَّیَالِی بِحَالِھَا	وَشِبْتُ وَمَا شَابَ الزَّمَانُ الغُرَانِقُ

الغرانق الشاب الناعم وجمعہ غرانق بفتح الغین کجوالق وجوالق بفتح الجیم واصلہ من الغرانیق ہو نبات لین فے اصل العوسج شبہ نضارتہ وطراوتہ الشاب الناعم بہ ترجمہ میرا حال متغیر ہو گیا اور حال راتون کا ویسا ہی ہی مین تو بوڑھا ہو گیا اور زمانہ ویسا ہی نوجوان ہی۔

سل البيد اين الجن منا بجوزها ۔۔۔ وعن ذي المهاري اين منها النقانق

این متعلق بحل المحذوف وجواب سل محذوف وہو یجزک ۔ وجوز کل شئی وسطہ ۔ والمہاری جمع مہری ویجوز فیہ فتح الراء وکسرہا کصحاری وصحاری وہی ابل منسوبۃ الی قبیلۃ من الیمن وہم بنو مہرۃ بن حیدان والنقانق جمع نقنق وہو ذکر النعام ترجمہ اپنی کثرت اسفار کی تعریف کرتا ہی کہ ای مخاطب تو صحراہائے لق و دق سے دریافت کر کہ ان کے بیچون بیچ سفر کرنے مین جن جوبڑے سریع السیر ہوتے ہین ہم سے کیا لگا کھاتے ہین اور ان شترون سے پوچھ کہ شترمرغان نر جو دوڑ مین مشہور ہین ہماری تیزروی اور دوڑ دھوپ سے کس درجہ گھٹے ہوئے ہین

وليل دجوجي كأنا جلت لنا ۔۔۔ محياك فيه فاهتدينا السمالق

رفع السمالق علی انہ فاعل جلت ومحیاک فی موضع نصب بالمفعولیۃ ۔ ولنا متعلق بجلت ۔ وضمیر فیہ للیل وہو متعلق باہتدینا ۔ والدجوجی المظلم ولا یستعمل الا بیاء النسبۃ ۔ وجلت کشفت واظہرت ۔ والمحیا الوجہ ۔ والسمالق جمع سملق وہی الارض البعیدۃ ترجمہ اور بہت سی شب تاریک ہین کہ ہم تیری طرف اسمین چلے اور بیابانہائے دور و دراز نے ہمارے لئے گویا تیرے چہرۂ تابان کی روشنی ظاہر کر دی جس سے ہم تیری طرف راہ یاب ہوئے اور اسکی تاریکی تیرے چہرہ کی روشنی سے مبدل ہوگئی

فما زال لولا نور وجهك جنحه ۔۔۔ ولا جابها الركبان لولا الايانق

جنح الطریق جانبہ ۔ وجنوح اللیل اقبالہ بظلام علے النہار ای یمیل علیہ وجابہ کطعہ ۔ والایانق جمع ناقۃ کما مر تحقیقہ ترجمہ سو اگر تیرا نور وجہ نہوتا تو شب کا پارہ تاریکی بجاتا اور نہ شترسوار زمین قطع کر سکتے اگر مادر شتران نہوتین ۔

وهز اطار النوم حتى كأنني ۔۔۔ من السكر في الغرزين ثوب شبارق

ہز بالرفع عطف علی الایانق وہو التحریک والازعاج ۔ واراد بالسکر النعاس والغرز رکاب من خشب للابل خاصۃ ۔ وقال ابو الغوث ہو رکاب من جلد فاذا کان من خشب او حدید فہو رکاب ۔ والشبارق الخلق المنقطع ترجمہ اور اگر شترون کی تیزرفتاری کا ہلانا اور حرکت دینا نہوتا (جسنے نیند کو اڑا دیا تھا) یہان تلک کہ نشہ خواب سے ایسا ہو گیا تھا کہ گویا مین دونون رکابون مین پانو دھرے ایسا ہلتا تھا جیسا پرانا کپڑا پھٹا ہوا ہوا کے صدمہ سے ادھر ادھر ہلتا ہی تو مین رات کو تیر نہ کر سکتا ۔

شدوا بابن اسحق الحسين فصافحت ۔۔۔ ذفاريها كيرانها والنمارق

شدوا غنوا یرید بمدح ابن اسحاق ۔ والذفری الموضع الذی یعرق من البعیر خلف الاذنین ولا واحد والجمع ذفرات وذفاری بفتح الراء والالف منقلبۃ عن یاء ۔ والنمارق جمع نمرقۃ وہی الوسادۃ تکون تحت الراکب وغیرہ والکیران جمع کور وہو الرحل ترجمہ یاران ہمسفر نے مدح ابن حسین کی گائی تو شتر خوش ہو کر ایسے تیز چلے اور اتنی اپنی گردنین بلند کین کہ انکے پس گوش نے انکے کجاوون اور عرق گیر دن سے مصافحہ کیا یعنی انسے ملگئے خلاصہ یہہ کہ ممدوح کی مدح ایسی لذیذ ہی کہ شترونکو بھی پسند ہی

بمن تقشعر الارض خوفا اذا مشى ۔۔۔ عليها وترتج الجبال الشواهق

بمن بدل من ابن اسحاق وقداعاد العامل فی البدل ترجمہ یارون نے اُس شخص کی تعریف گائی کہ جب وہ چلتا ہی تو اُسکے خوف سے زمین کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہین اور بلند پہاڑ کانپنے لگتے ہین۔

فتیً کالسحاب الجُونِ یُخشیٰ ویُرتجیٰ	یُرجّیَ الحیا منہا وتُخشی الصواعقُ

من روی الجون بضم الجیم جعلہ نعتا للسحاب وقال ہو جمع سحابۃ ومن روی الجون بفتح الجیم جعلہ نعتا للسحاب علی الافراد۔ والجون الابیض۔ والحیا بالقصر المطر لانہ یحیی الارض ترجمہ وہ ایک جوان مرد مثل ابر ہائے سفید یا مانند ابر سفید کے ہی کہ اُس سے خوف کیا جاتا ہی اور امید کیجاتی ہی خوف تو اُسکے بجلیون کا ہی اور اُمید اُسکے باران کی۔

ولکنّہا تمضی وھذا اَخُ تیمۃٌ	وتکذبُ احیانا وذا الدھرَ صادقُ

ترجمہ مگر ممدوح اور ابر مین اتنا فرق ہی کہ ابر کبھی چلا جاتا ہی یعنے کھل جاتا ہی اور ممدوح ہمیشہ عطا کے بارہ مین کبھی خلاف وعدگی نہین کرتا اور برابر ثابت رہتا ہی اور ابر کبھی چمک دمک ورعد وبرق کے بعد جھوٹا ہوجاتا ہی یعنی برستا نہین ہی اور یہ ہمیشہ سچا رہتا ہی۔

تخلّی من الدّنیا لیُنسٰی فما خلت	مغاربُہا من ذکرہٖ والمشارقُ

ترجمہ ممدوح دُنیا سے ایکسو ہو بیٹھا تاکہ وہ فراموش کیا جاوے سو اُس کے ذکر خیر سے دنیا کی مغربین اور مشرقین خالی نرہین اور وہ ہر جگہ بسبب کثرت عطا مشہور ہی اُسکی خلوت نشینی اور زہد اُسکی شہرت کو مانع نہوئے۔

غذی الھندوانیّاتِ بالھامِ والطّلیٰ	فہنّ مداریہا وھنّ المخانقُ

الھندوانیات جمع ہندی وسیف ہندی وہندی وہو ماعمل ببلاد الہند او من حدیدہ والطلی الاعناق۔ والمداری جمع مدری وہو ما یفرق بہ الشعر۔ والمخانق جمع مخنقۃ وہی قلادۃ قصیرۃ ترجمہ ممدوح شمشیرہائے ہندی کو دشمنون کے سرون اور گردنون کے خون سے غذا دیتا ہی سو اُسکی تلوارین گردنون کے لئے ایسی ہین جیسے شانے سرون کے واسطے اور ہار گردنون کے واسطے یعنی جب اُسکی تلوارین سرون سے بلند ہوتی ہین تو وہ بمنزلہ شانون کے اور جب گردنون سے بلند ہوتے ہین تو مانند ہار کے ہوجاتی ہین یعنے سرون وگردنون سے جدا نہین ہوتین۔

تُشقّقُ منہنّ الجیوبُ اذا غزا	وتُخضبُ منہنّ اللحیٰ والمفارقُ

اللحی جمع لحیۃ ترجمہ اُن تلوارون سے جب وہ لڑتا ہی تو دشمنون کے گریبان چاک ہوتے ہین اور اُنکی ڈاڑھیان اور سر شمشیرونکے ذریعہ سے رنگین ہوجاتے ہین۔

یُجنّبہا من حتفُہٗ عنہُ غافلٌ	ویَصلی بہا من نفسُہٗ منہ طالقُ

جنبہ الشی بعدہ عنہ۔ وصلی یصلی بالامر اذا قاسی حرہ وشدتہ ترجمہ جسکی موت اُس سے غافل ہی یعنے اُس کے مرنے کا وقت نہین آیا وہ اُسکی شمشیر سے جدا رہتا ہی اور اُس کی تلوار کی تکلیف وہی شخص اُٹھاتا ہی جس نے

اپنے نفس کو طلاق دیدی ہی یعنے اُسکی شمشیر کے سامنے وہی شخص آتا ہی جسکی موت کا وقت آگیا ہو۔

یُحَاجَی بِہٖ مَا نَاطِقٌ وَھُوَ سَاکِتٌ	یُرٰی سَاکِتًا وَالسَّیْفُ عَنْ فِیْہِ نَاطِقُ

الاحجیۃ الکلمۃ المخالفۃ اللفظ للمعنی ترجمہ ممدوح چیستان بنایا جاتا ہی اسطرح کہ کون وہ چیز ہی کہ وہ گویا بھی ہو اور خاموش بھی تو جواب دیا جاتا ہی کہ ایسے اوصاف متضادہ کا جامع ممدوح ہی کیونکہ وہ خود خاموش ہی اور اپنی بہادری اور فخر کو بیان نہین کرتا اور اُسکی تلوار بسبب ظہور آثار اُسکی شجاعت و اسباب فخر کے اُس کے اوصاف صاف بیان کرتی ہی پس وہ ناطق بھی ہی اور صامت بھی۔

نَکِرْتُکَ حَتّٰی طَالَ مِنْکَ تَعَجُّبِیْ	وَلَا عَجَبٌ مِنْ حُسْنِ مَا اللّٰہُ خَالِقُ

نکرت وانکرت اذا لم تعرف ولایستعمل من نکر الا ماضیا ترجمہ مین تیرے اوصاف مین نہایت متعجب ہوا اور تیری مثل کے وجود کا انکار کیا اور پھر مجھکو معلوم ہوا کہ خوبی خلق خداے بیامر کچھ بعید نہین ہی لانہ علی کل شئی قدیر۔

کَاَنَّکَ فِی الْاِعْطَاءِ لِلْمَالِ مُبْغِضٌ	وَفِیْ کُلِّ حَرْبٍ لِلْمَنِیَّۃِ عَاشِقُ

ترجمہ گویا تو کثرت بخشش کے سبب اپنے مال کا دشمن ہی اور ہر لڑائی مین موت کا عاشق یعنے تیری سخاوت و شجاعت کمال کو پہنچی ہوئی ہی۔

اَلَا قَلَّ مَا تَبْقٰی عَلٰی مَا بَدَا لَھَا	وَحَلَّ بِھَا مِنْکَ الْقَنَا وَالسَّوَابِقُ

قلما اذا ابطلتہا مصدریۃ فصلت بینہما فی الخط و من اللام واذا جعلتہا کافۃ وصلتہا وضمیر الہاء و بہا لکلواحد من القنا والسوابق وہا فاعلا تبقی ترجمہ سنئے کہ نیزے اور عمدہ گھوڑے اس کثرت استعمال کی صورت مین جو اُنپر تیری طرف سے ظاہر ہوئے اور اُنپر گذرے کمتر باقی رہین گے بلکہ از کار رفتہ ہو جاوین گے ممدوح کی کثرت جنگ و جدل کا ذکر کرتا ہی۔

سَیُحْیِیْ بِکَ السُّمَّارُ مَا لَاحَ کَوْکَبٌ	وَیَحْدُوْ بِکَ السُّفَّارُ مَا ذَرَّ شَارِقُ

السمار جمع سامر وہم الذین یسمرون لیلا۔ والسفار جمع سفر و سافر وہم الذین یلازمون الاسفار۔ و ذر طلع۔ والشارق الشمس والقمر ترجمہ ابا فسانہ گو لوگ جب تلک ستارے ظاہر ہون گے یعنے ہمیشہ راتون کو تیری نیکنامی کے افسانون سے زندہ رکھین گے اور مسافر لوگ جب تلک آفتاب طلوع کرے گا یعنے تا قیامت تیرے مدائح سے حدی خوان رہین گے۔

فَخَفِ اللّٰہَ وَاسْتُرْ ذَا الْجَمَالَ بِبُرْقُعٍ	فَاِنْ لُحْتَ ذَابَتْ فِی الْخُدُوْرِ الْعَوَاتِقُ

البرقع نقاب للعرب یغطی بہ الجبین والوجہ ولا یکون فیہ الا ثقبتان للعینین ینظران منہما۔ والعواتق جمع عاتق وہی الجاریۃ المقاربۃ للاحتلام ترجمہ ای ممدوح تو خداے ڈر اور اپنے اس جمال کو بذریعہ برقع پوشیدہ رکھ ورنہ اگر تو ظاہر ہوا

تو تیرے عشق میں زمان نوجوان پردون میں گل جاوین گی دنی روایۃ حاضت بدل ذابت یعنی من غلبۃ الشہوۃ۔

فَمَا تَرْزُقُ الْأَقْدَارُ مَنْ أَنْتَ حَارِمٌ	وَلَا تَحْرِمُ مَا لَا قَدَارُ مَا أَنْتَ رَازِقُ

ترجمہ سو قضا و قدر جس کو تو محروم رکھے رزق نہین دیتین اور جس کو تو رزق دیتا ہی تو قضا و قدر اُس کو محروم نہین رکھ سکتین نعوذ باللہ من ہذہ المبالغۃ المذمومۃ۔

وَلَا تَفْتُقُ الْأَيَّامُ مَا أَنْتَ رَاتِقٌ	وَلَا تَرْتُقُ الْأَيَّامُ مَا أَنْتَ فَاتِقُ

الرتق ضد الفتق ترجمہ زمانہ جسکو تو باندھے کھول نہین سکتا اور جس کو تو کھولے اُس کو باندھ نہین کرسکتا یعنے زمانہ تیرا مطیع ہی۔

لَكَ الْخَيْرُ غَيْرِي رَامَ مِنْ غَيْرِكَ الْغِنَى	وَغَيْرِي بِغَيْرِ اللَّاذِقِيَّةِ لَاحِقُ

اللاذقیۃ بلد الممدوح ترجمہ تیری خیر رہے میرے سوا اور شاعرون نے تیرے غیر سے طلب غنا کی اور میرے سوا اور لوگ سوائے بلدہ لاذقیہ کے اور شہرون سے جاملے مگر مین تجھ سے ہی طالب غنا ہون اور تیرے ہی شہر کا قصد کرنیوالا ہون۔

هِيَ الْغَرَضُ الْأَقْصَى وَرُؤْيَتُكَ الْمُنَى	وَمَنْزِلُكَ الدُّنْيَا وَأَنْتَ الْخَلَائِقُ

ترجمہ تیرا شہر لاذقیہ میرا نہایت درجہ کا مطلب ہی جو اُس مین پہنچ جاتا ہی اُس کی ساری اُمیدین پوری ہوجاتی ہین اور تیرا دیدار مجموعہ آرزون کا ہی اور تیرا گھر ساری دُنیا ہی کہ اُس مین اُس کی ساری نعمتین موجود ہین اور تو تنہا تمام خلائق کے برابر ہی۔

وعرض علیہ بدر بن عمار الصحبۃ للشرب فی غدٍ فقال ارتجالاً

وَجَدْتُ الْمُدَامَةَ غَلَّابَةً	تُهَيِّجُ لِلْقَلْبِ أَشْوَاقَهُ

غلابۃ ای تغلب العقل ترجمہ مینے شراب کو عقل پر نہایت غالب ہونے والی چیز پایا کہ وہ دل کے لئے اُس کے شوق برانگیختہ کرتی ہی۔

تُسِيءُ مِنَ الْمَرْءِ تَأْدِيبَهُ	وَلَكِنْ تُحَسِّنُ أَخْلَاقَهُ

ترجمہ وہ شراب مرد کی تادیب کو بگاڑ دیتی ہی مگر اُس کے اخلاق کو یعنی سخاوت کو سنوار دیتی ہی۔

وَأَنْفَسُ مَا لِلْفَتَى لُبُّهُ	وَذُو اللُّبِّ يَكْرَهُ إِنْفَاقَهُ

ترجمہ اور جوان کی تمام چیزون مین نفیس تر عقل ہی اور عقلمند اُس کے خرچ کرنے اور کھونیکو مکروہ سمجھتا ہی۔

وَقَدْ مِتُّ أَمْسِ بِهَا مَيْتَةً	وَلَا يَشْتَهِي الْمَوْتَ مَنْ ذَاقَهُ

ترجمہ اور مین تو کل اُس کے سبب پورا مرچکا ہون اور جو شخص ایکدفعہ موت کو چکھ لے وہ دوبارہ موت کا طالب نہین ہوتا۔ یہان نشہ اور زوال عقل کو موت سے تعبیر کیا ہی۔

وقال فی وصف لعبتہ عند بدر بن عمار

وَذَاتِ غَدَائِرٍ لَا عَیْبَ فِیْهَا	سِوٰی اَنْ لَیْسَ تَصْلُحُ لِلْعِنَاقِ

ان لیس ہی المخففۃ من الثقیلۃ۔ والتقدیر انہا ولا یدخل علیہا الفعل الا بفاصل یفصل بینہا نحو سوف والسین نحو ان سیتوم وانما دخلت علی لیس لضعفہا عن الفعلیۃ وعدم انصرافہا ترجمہ بہت سے لعبت زلفوں والے ہیں کہ اُن میں اُسکے سوا اور کوئی عیب نہیں ہے کہ وہ معانقہ کے قابل نہیں ہیں کیونکہ وہ جنس آدم سے نہیں ہیں۔

اَمَرْتَ بِاَنْ تُشَالَ فَفَارَقَتْنَا	وَلَمْ تَأْلَمْ لِحَادِثَةِ الْفِرَاقِ

الشول الرفع ترجمہ تو نے اُسکے اُٹھانیکا حکم کیا سو وہ ہم سے جدا ہو گئی اور بسبب حادثہ فراق کے غمگین نہوئی

اِذَا هَجَرَتْ فَعَنْ غَیْرِ اجْتِنَابٍ	وَاِنْ زَارَتْ فَعَنْ غَیْرِ اشْتِیَاقِ

ترجمہ جب وہ جدا ہوتی ہے تو براہ اجتناب جدا نہیں ہوتی اور جب وہ ملتی ہے تو بے اشتیاق ملتی ہے۔

وعرض علیہ محمد بن طغج الشراب فامتنع فاقسم علیہ بحقہ فشرب فقال

سَقَانِی الْخَمْرَ قَوْلُكَ لِیْ بِحَقِّیْ	وَوُدٌّ لَمْ تَشُبْهُ لِیْ بِمَذَاقِ

سقی واسقی لغتان فصیحتان نطق بہا القرآن۔ وشابہ یشوبہ خالطہ۔ والمذق المزج ترجمہ مجکو تیرے اس قول نے کہ تجکو میرے حق کی قسم شراب پی لے اور اُس محبت خالص نے کہ تو نے اُسکو میرے لئے غیر خالص کی ملونی سے مخلوط نہیں کیا شراب پلادی ورنہ اُس کے پینے کی مجکو رغبت نتھی۔

یَمِیْنًا لَوْ حَلَفْتَ وَاَنْتَ نَاءٍ	عَلٰی قَتْلِیْ بِهَا لَضَرَبْتُ عُنُقِیْ

یمینا مصدر لان قولہ بحقی قسم کانہ قال اقسمت علے قسما ترجمہ تو نے مجکو ایسی قسم دی کہ اگر تو ویسی قسم میرے قتل پر کھاجائے حال آنکہ تو مجھ سے دور ہو تو تیری قسم پوری کرنے کو مین خود اپنی گردن اوڑا دوں اور مجھ سے دور ہو کے یہ معنے کہ تیری محبت مجکو حضور و غیبت میں برابر ہے منافقانہ نہیں ہے۔

وقال یصف فرسا تاخر الکلاء عنہ بوقوع الثلج

مَا لِلْمُرُوْجِ الْخُضْرِ وَالْحَدَائِقِ	یَشْكُوْ خَلَاهَا كَثْرَةَ الْعَوَائِقِ

المروج جمع مرج وہو الذی یرسل فیہ الدواب للرعی۔ والخلاء الکلاء الرطب والحدائق جمع حدیقۃ وہی القطعۃ من النخل والشجر والزرع ترجمہ سبزہ زاروں اور باغوں کو کیا ہو گیا ہے کہ اُن کی سبز گھانس اپنے بڑھنے اور نشو نما کے باب میں کثرت موانع برف کا جو اُسکے بڑھنے کا مانع ہے شکوہ کرتی ہے۔

اَقَامَ فِیْهَا الثَّلْجُ كَالْمُرَافِقِ	یَعْقِدُ فَوْقَ السِّنِّ رِیْقَ الْبَاصِقِ

ترجمہ ان سبزہ زارون مین برف مثل دوست رفیق کے مقیم ہوگیا ہی کہ ٹلتا ہی نہین اور اُسکے سبب سردی اسقدر زیادہ اور شدید ہی کہ تھوکنے والیکا تھوک اُس کے دانت پر جم جاتا ہی بسبب شدت سردی کے۔

ثُمَّ مَضٰى لَا عَادَ مِنْ مُفَارِقِ	بِقَائِدٍ مِنْ ذَوْبِهٖ وَسَائِقِ

القائد من جذب الدابۃ ویقودہ من امام والسائق من یسوقہا من خلف۔ جبل اوائل الذوب قائدا والاخر سائقا ترجمہ پھر وہ برف بعد شدت مذکورہ چلا گیا یعنی گھل گیا بذریعہ اول برف گلنے والے کے جو بمنزلہ آگے سے کھینچنے والے چوپائے کے ہی اور بسبب برف پیچھے گلنے والے کے جو مانند پیچھے سے ہنکانے والے کے ہی اب بطور دعا کہتا ہی کہ یہ جدا ہونیوالا برف خدا کرے پھر نہ لوٹے۔ عرب کو شدت سرما سخت ناگوار ہوتی ہی۔

كَاَنَّمَا الطِّخْرُوْرُ بَاغِي آبِقِ	يَاْكُلُ مِنْ نَبْتٍ قَصِيرٍ لَاصِقِ

الطخرور اسم فرس۔ والباغی الطالب والآبق الہارب۔ ترجمہ بسبب قلت گھانس کے میری طخرور گھوڑی کا یہ حال ہی کہ وہ ایک جگہ نہین ٹھہرتی گویا کسی بھاگجانے والے کو تلاش کرتی ہی اور وہ چھوٹی گھانس کو جو زمین سے ملی ہوئی ہی چرتی ہی۔

كَقَشْرِكَ الْحِبْرَ مِنَ الْمَهَارِقِ	اَدُودُهُ مِنْهُ بِكَالسُّوذَانِقِ

الحبر ما یکتب بہ۔ والمہارق جمع مہرق وہی الصحیفۃ التی یکتب فیہا وہو معرب مہر کردہ کانوا یاخذون الخرق ویطلونہا بشئ ویصقلونہا ویکتبون فیہا۔ والسوذانق ہو الشاہین معرب من قول العجم سا وانگ ای نصف درہم فکانہ نصف ابازی۔ والضمیر فی ادودہ للنبات وادخل الباء علی کاف التشبیہ لانہا فی تاویل الاسم ای بمثل السوذانق فی خفتہ وحرکتہ ترجمہ چھوٹی گھانس زمین سے ملی ہوئی کو اور اُسمین اپنی گھوڑی کے چرنے کو اُس سیاہی کے ساتھ تشبیہ دیتا ہی جو کاغذ سے چھیلی جاوے جیسا چھیلنے کا آلہ اُس مین کبھی آتا ہی اور کبھی جاتا ہی ایسے ہی وہ گھوڑی بسبب چھوٹے ہونے گھانس اور اُس کی کمی کے کبھی جاتی ہی اور کبھی آتی گویا وہ لفظ کو کاغذ سے چھیلتی ہی یہ تشبیہ عمدہ ہی یہ خلاصہ شعر ہی اور ترجمہ اُس کا یہ ہی کہ وہ گھوڑی ایسی جلد آتی جاتی ہی جیسا تو سیاہی کو کاغذ سے چھیلے اور مین اُس کی گھانس چرنے کو اُس گھوڑی سے ایسا طلب کرتا ہون یعنی دیکھتا ہون کہ وہ سرعت سیر اور سبکی مین مثل شاہین تیز و چالاک ہی۔

بِمُطْلَقِ الْيُمْنٰى طَوِيلِ الْفَائِقِ	عَبْلِ الشَّوٰى مُقَارِبِ الْمَرَافِقِ

المطلق الیمنی من الخیل ما اختلف لون قائمتہ الیمنی لون قوائمہ الثلث بان یکون فیہا تحجیل دون الثلاث۔ والفائق مفصل الراس فی العنق واذا طال الفائق طال العنق وعبل الشوی غلیظ الاطراف واذا تدانت مرافقہ کان اروح لہ ترجمہ وہ ایسی ہیئت مین ہی کہ اُس کے اگلے دہنے پاؤن کا رنگ باقی تین پاؤن کے رنگ سے مختلف ہی اور اُسکی گردن کا اُس کے سرے جوڑ دراز ہی یعنی گردن اُسکی لمبی ہی۔ اور اُس کے جوڑ بند مضبوط موٹے ہین اور اُس کی کہنیان باہم قریب

ہین جو گھوڑون مین علامت عمدگی ہی۔

رَحْبِ اللَّبَانِ نَائِهِ الطَّرَائِقِ	ذِي مَنْخِرٍ رَحْبٍ وَإِطْلٍ لَاحِقِ

رحب اللبان واسع الصدر۔ ونائہ الطرائق النائہ العالی المشرف ۔ والطرائق جمع طریقۃ وہی الاخلاق اوہو مرتفع الاخلاق وشریف الاخلاق لکرمہ وعتقہ وروی نابہ بالباء الموحدۃ من النباہۃ ۔ والاطل الخاصرۃ ۔ واللاحق یرید ضمور الخاصرۃ وسعۃ المنخر محمود فے الفرس لئلا یکبس نفسہ ترجمہ اور وہ گھوڑا چوڑا سینہ شریف الاخلاق کشادہ نتھنون والا کمر کا پتلا ہی سینہ کی کشادگی گھوڑے کے عمدہ اوصاف مین ہی اگر سینہ اُسکا تنگ ہوگا تو قدم کشادہ نہین رکھ سکیگا۔ اور وسعت نتھنون سے سانس نہین رُکتا اور خوب فراٹے بھرتا ہی۔

مُحَجَّلٍ نَهْدٍ كُمَيْتٍ زَاهِقِ	شَادِخَةٍ غُرَّتُهُ كَالشَّارِقِ

المحجل الذی لون قوائمہ تخالف لون سائر جسدہ ۔ والنہد العالی المشرف ۔ والزاہق المتوسط بین السمین والمہزول ۔ والغرۃ الشادخۃ التی تملاء الوجہ ولم یشتمل العینین والشارق ضوء الشمس ترجمہ اُسکے چارون پانو کا رنگ اُس کے تمام بدن کے رنگ سے جدا ہی اور قد آور کمیت اور نہ بہت موٹا ہی کہ اُسکی چالاکی مین فرق آجاوے اور نہ دبلا ضعیف اور اُسکی ساری پیشانی سفید ہی مثل آفتاب کے ستارہ پیشانی نہین ہی خلاصہ یہ کہ پچکلیان اور رنگ کا کمیت ہی۔

كَأَنَّهَا مِنْ لَوْنِهِ فِي بَارِقِ	بَاقٍ عَلَى الْبَوْغَاءِ وَالشَّقَائِقِ

البارق السحاب فیہ البرق ۔ والبوغاء التراب ۔ والشقائق جمع شقیقۃ ۔ وہی الارض فیہا رمل وحصی ترجمہ گویا اُس کا رنگ ایسا چمکتا ہی جیسا ابر مین بجلی یعنی اُسکی پیشانی سفید مثل برق کے ہی اور اُسکا جسم مانند ابر اور وہ پتھریلی اور بالودار اور نرم زمین کے سفر کو جھیلتا ہی یعنے جفاکش ہی۔

وَالْأَبْرَدَيْنِ وَالْهَجِيرِ الْمَاحِقِ خَوْفُ الْجَبَانِ فِي فُؤَادِ الْعَاشِقِ	لِلْفَارِسِ الرَّاكِضِ مِنْهُ الْوَاثِقِ كَأَنَّهُ فِي رَيْدِ طَوْدٍ شَاهِقِ

الابردان الغداۃ والعشی ۔ والہجیر شدۃ الحر ۔ والماحق الذی یمحق کل شئ ۔ وخوف الجبان مبتدأ موخر خبرہ المقدم للفارس الخ واللام متعلقۃ بالمبتدء ۔ فے ریداے طے ریدہ وہو حرف الجبل ۔ والطود الجبل الشاہق العالے ترجمہ اور وہ گھوڑا باقی رہتا ہی اور متحمل ہوتا ہی تکالیف صبح وشام وگرمائے سخت کو جو ہر شی کو فنا کردیتی ہی اور ایسے شہسوار کو جو اپنی شاہسواری پر اعتماد رکھتا ہی اُس کی چالاکی اور تیزی کے سبب دل مین ایسا خوف ہی جیسا نامرد بزدل کے دل مین عاشق کا سا خوف کہ وہ اُس کے سبب مدہوش ہوجاتا ہی اور بسبب اُس کے قد کے بلندی کے اُس کا سوار ایسا سمجھتا ہی کہ گویا وہ اونچے پہاڑ کے کنارے پر ہی۔

یشأی إلی المسمع صوت الناطق	لو سابق الشمس من المشارق
جاء إلی الغرب مجیٔ السابق	یترک فی حجارة الأبارق
آثار قلم الحلی فی المناطق	مشیًا وإن یعد فکالخنادق

ایشأی یسبق - والابارق جمع ابرق وہی اکام فیہا حجارۃ وطین - والمناطق جمع نطق وہی مایشد بہا الوسط - وشیا مصدر فی موضع الحال ترجمہ وہ گھوڑا ایسا تیز رو ہی کہ قبل اسکے کہ بولنے والے کی آواز کان مین آئے وہ سبقت کرجاتا ہی یعنے آواز سے بھی تیز رو ہی - اگر وہ مشرقون سے آفتاب کے ساتھ دوڑے تو اُس سے پہلے مغرب مین پہنچ جائے اور اپنی تیزی قوت رفتار کے باعث پتھریلے کیچڑ کے پتھرون مین ایسے نشان چھوڑجاتا ہی جیسے پٹکے مین زیور اُکھاڑنے کے بعد نشان رہجاتے ہین یہ بات اُس وقت ہی کہ جب قدم قدم چلے اور اگر دوڑ پڑے تو اُس زمین پر نشان گہرے مثل خندقون کے چھوڑجاوے -

لو أوردت غب سحاب صادق	لأحسبت خوامس الأیانق

غب السحاب بعدہ - والصادق الکثیر المطر - واحسبت کفت - والخوامس الابل التی ترد الخمس فی الیوم الخامس والایانق جمع ناقۃ ترجمہ اُس کے قدم کی نشانیان ایسی گہری ہین کہ اگر بعد بارش کثیر کے اونپر پانچ روز کے تشنہ شترلائے جاوین تو وہ گہرے گڑھے اُن شترونکی سیرابی کو کافی ہون یعنے وہ بہت گہرے ہین -

إذا اللجام جاءہ لطارق	شحا لہ شحو الغراب الناعق

شحا فتح فاہ - والناعق الصائح بالغین المعجمۃ یقال نعق الغراب بالمعجمۃ ونعق الراعی بالمہملۃ - فالغین للغین والعین للعین ترجمہ جبکہ اُس گھوڑے کے پاس کسی ضرورت شب آیندہ کے سبب لگام آتا ہی تو وہ اُس کے واسطے مثل کائین کرنے والے کوے کے اپنا مُنھ کھولدیتا ہی یعنے بدلگام نہین ہی - جب رات کے وقت جو ہنگام خواب آرام ہی مطیع ہی تو دنکو بطریق اولےٰ مطیع ہوگا -

کأنما الجلد لعری الناہق	منحدر عن سیتی جلاہق

الناہقان عظمان شاخصان من ذوی الحوافر فی مجری الدمع یوصف بالعری من اللحم - والانحدار النزول من علو الی سفل وسیتا القوس جانباہ - والجلاہق البندق ومنہ قوس الجلاہق معرب جلہ ترجمہ رقت جلد کی تعریف کرتا ہی کہ اُسکے رخسارون پر کی ہڈی اس سبب سے کہ وہ گوشت سے خالی ہی ایسی نمایان اور جھکی ہوئی اور سخت ہی جیسے کمان کے جھکے ہوئے ہر دو طرف -

بذ المذاکی وہو فی العقائق	وزاد فی الساق علی النقانق

بذ غلب والمذاکی جمع مذکی وہو الفرس الذی اتی علیہ بعد قروحہ سنۃ - والعقائق جمع عقیقۃ وہی الشعر الذی

یخرج علے المولود من بطن امہ۔ والنقانق جمع نقنق وھو ذکر النعام ترجمہ وہ گھوڑا اسپان پنجسالہ سے ایکبرس زیادہ عمر والون پر رفتار مین غالب تھا ایسے حال مین کہ اُس کے بدن پر جسم کے بال تھے اور تیزی رفتار یا دنت ساق مین شتر مرغ نر سے بڑھا ہوا ہی۔

وَزَادَنِي اَلوَثِيْرِ عَلَى الصَّوَاعِقِ	وَزَادَنِي الاُذُنِ عَلَى الخَزَانِقِ

الخزانق جمع خزنق وھو ولد الارنب ترجمہ اور بسبب قوت کے اُسکی آواز یا بجلیون کی کڑک سے یا نشان اُس کے سم کا نشان برق سے زیادہ ہی اور کسریون کے استادگی اور باریکی یا حس خفی کے معلوم کرنے مین بچہ خرگوش سے بڑھا ہوا ہی اور یہ اوصاف محمودہ اسپان مین۔

وَزَادَنِي الحَذَرِ عَلَى العَقَاعِقِ	يُمَيِّزُ الهَزْلَ مِنَ الحَقَائِقِ

العقاعق جمع عقعق وھو مثل الغراب یضرب بہ المثل فی الحذر والخوف ترجمہ وہ گھوڑا احتیاط اور خبرداری مین عقعق سے جو ایک قسم کا کوا ہی زیادہ ہی اور اُس کا سوار جو اُس کو کہے تو وہ تمیز کر لیتا ہی کہ یہ قول اُس کا بطور دل لگی ہی یا واقعی اور حقیقی۔

وَيُنْذِرُ الرَّكْبَ بِكُلِّ سَارِقٍ	يُرِيكَ خُرْقًا وَهُوَ عَيْنُ الحَاذِقِ

الخرق ضد الحذق۔ والحاذق الماہر ترجمہ اور وہ تنہا کر قافلہ کو چور کے آنے سے ڈرا دیتا ہی اور خبردار کر دیتا ہی اور وہ تجکو ظاہر احمق دکھاتا ہی بسبب اپنی بے باکانہ رفتار کے حال آنکہ وہ خالص ماہر ہی یعنی بے وقت تیزی نہین کرتا یا ساری قوت اپنی ایکدفعہ ہی صرف نہین کرتا حاجت کے لئے باقی رکھتا ہی۔

يَحُكُّ اَنَّى شَاءَ حَكَّ البَاشِقِ	قُوبِلَ مِنْ اَفْقَلِهِ وَ الاَفِقِ

الافق من کل شئی فاضلہ وشریفہ ترجمہ وہ ایسا جوڑ بند کا نرم یا دراز گردن ہی کہ جس جگہ اپنے بدن کو چاہے کھجا لیتا ہی مثل باشہ کے اور اُسکے مادر و پدر شرافت مین برابر ہین یعنے نجیب الطرفین ہی۔

بَيْنَ عِتَاقِ الخَيْلِ وَالعَتَائِقِ	فَعُنُقُهُ يُرْبِي عَلَى البَوَاسِقِ

العتاق من الخیل الکرام والعتیقۃ النجیبۃ والبواسق جمع باسقۃ وہی النخلۃ العالیۃ ترجمہ وہ شرافت آباواجداد مین برابر ہی اور اُسکی گردن نخلہاے بلند سے زیادہ اونچی ہی۔

وَحَلْقُهُ يُمْكِنُ فِتْرَ الخَانِقِ	اَعْدَدْتُهُ لِلطَّعْنِ فِي الفَيَالِقِ

الفتر ما بین الابہام والسبابۃ۔ والفیالق جمع فیلق وہی الکتیبۃ من الجیش ترجمہ اور اُس کا حلق ایسا باریک ہی کہ فاصلہ انگوٹھے اور انگشت شہادت مین گلا بھینچنے والے کو اپنے اوپر قادر کرتا ہی یعنے اسقدر فاصلہ مین اس کا حلق آجاتا ہی وہ چاہے تو اُس کا گلا بھینچ دے۔ مین اُسکو نیزہ زنی لشکروں کے واسطے طیار رکھتا ہون۔

وَالضَّرْبِ فِي الْأَوْجُهِ وَالْمَفَارِقِ	وَالسَّيْرِ فِي ظِلِّ اللِّوَاءِ الْخَافِقِ

ترجمہ اور مین اُسکو طیار رکھتا ہون واسطے ضرب چہرون اور سرہا کے اعدا اور ٹہلنے کے لئے درمیان سایہ بیرق لہلہاتے کے

يَحْمِلُنِي وَالنَّصْلُ ذُو السَّفَاسِقِ	يَقْطُرُ فِي كُمِّي إِلَى الْبَنَائِقِ

النصل بالرفع مبتدأ و بالنصب عطف علے الضمیر فی یحملنی - وسفاسق النصل طرائقہ الواحد سفسقۃ - والبنائق جمع بنیقۃ وہی الدخریص ترجمہ وہ گھوڑا مجکو ایسے حال مین اٹھاتا ہی کہ شمشیر دھاریون دار میری آستین مین جو بغلوں تک خون برساتی ہو یعنی بلند گردن ہی -

لَا أَلْحَظُ الدُّنْيَا بِعَيْنَيْ وَامِقِ	وَلَا أُبَالِي قِلَّةَ الْمُوَافِقِ

ترجمہ مین دنیا کو دوستا کی دونون آنکھون سے نہین دیکھتا کہ اُسکی طلب مین ذلت اٹھاؤن اور کمی دوست موافق کی کچھ پروا نہین کرتا - مجکو اپنی شجاعت پر کامل بھروسہ ہی -

أَيْ كَبْتَ كُلِّ حَاسِدٍ مُنَافِقِ	أَنْتَ لَنَا وَكُلُّنَا لِلْخَالِقِ

الکبت الالقاء علی الوجہ ترجمہ گھوڑے کو خطاب کرکے کہتا ہی کہ اے ہر حاسد و منافق کو منھ کے بل ڈالنے والے تو ہمارے لئے بنایا گیا ہی اور ہم سب خدا کے لئے -

وقال یہجو اسحاق بن کیغلغ وقد بلغہ ان غلمانہ قتلوہ

قَالُوا لَنَا مَاتَ إِسْحَاقٌ فَقُلْتُ لَهُمْ	هَذَا الدَّوَاءُ الَّذِي يَشْفِي مِنَ الْحُمُقِ

ترجمہ لوگون نے مجھ سے کہا کہ اسحاق مرگیا تو مین نے اُن سے کہا کہ یہ موت ایسی دوا ہی جو نادانی سے شفا دیتی ہی یعنے احمق کی دوا سوائے موت اور کچھ نہین ہی -

إِنْ مَاتَ مَاتَ بِلَا فَقْدٍ وَلَا أَسَفٍ	أَوْ عَاشَ عَاشَ بِلَا خَلْقٍ وَلَا خُلُقِ

ترجمہ اگر وہ مرگیا تو بے غم معدوم ہونے کے اور بلا افسوس مرگیا کیونکہ جینا اور مرنا اُس کا برابر تھا تو افسوس و غم کا کیا موقع تھا اور اگر وہ جیا تو بے خوبروئی اور نیک خلق کے جیا - غرض نہ اُسمین ظاہری خوبی تھی نہ باطنی -

مِنْهُ تَعَلَّمَ عَبْدٌ شَقَّ هَامَتَهُ	خَوْنَ الصَّدِيقِ وَدَسَّ الْغَدْرِ فِي الْمَلَقِ

الخون الخیانۃ - والملق اظہار المحبۃ والمدح ترجمہ جس غلام نے اُسکا سر چیرا دوست کی خیانت کرنا اور بدعہدی کا چاپلوسی مین چھپانا اُس ہی سے سیکھا تھا جو اُسنے ایسی حرکت کی -

وَحَلْفَ أَلْفِ يَمِينٍ غَيْرِ صَادِقَةٍ	مَطْرُودَةٍ كَكُعُوبِ الرُّمْحِ فِي نَسَقِ

وحلف عطف علی خون مفعول تعلم ترجمہ اور وہ غلام اُسی سے سیکھا تھا ہزار قسمیں جھوٹی کھانا جو مثل پوریون نیزہ کے ترتیب مین پے درپے ہوتی تھیں -

مَا زِلْتُ أَعْرِفُهُ قِرْدًا بِلَا ذَنَبٍ	صِفْرًا مِنَ الْبَأْسِ مَمْلُوًّا مِنَ النَّزَقِ

ترجمہ یہ اُس کے عیوب مجھ پر اُسی وقت نہیں ظاہر ہوئے بلکہ مین تو اُسکو ہمیشہ ایک بے دُم کا بندر جانتا تھا شجاعت سے خالی اور خفت حرکات سے پُر مثل حرکات و افعال بندر کے۔

كَرِيشَةٍ بِمَهَبِّ الرِّيحِ سَاقِطَةٍ	لَا تَسْتَقِرُّ عَلَى حَالٍ مِنَ الْقَلَقِ

ترجمہ اُسکے خفیف حرکات اور غیر استقلال مزاج کی مذمت کرتا ہو کہ وہ مانند ایک افتادہ پر کی ہوا کے رُخ مین تھا کہ بسبب اضطراب کے کسی حال پر قائم نہین رہتا تھا۔

تَسْتَغْرِقُ الْكَفُّ فَوْدَيْهِ وَمَنْكِبَهُ	وَتَكْتَسِي مِنْهُ رِيحَ الْجَوْرَبِ الْعَرِقِ

الفودان جانبا الراس - والجورب لباس الخف الا انہ من صوف یلبس تحت الخف ترجمہ مارنے والے کی ہتھیلی اس کے سر کی دونون پٹیون اور اُس کے دوش کو گھیر رہتی تھی یعنے وہ ذلیل حقیر تھا کہ اُس کے سر کے بال اور اُس کے شانہ پکڑکر مارتے تھے اور ہتھیلی مین اُس کے بدن لگنے سے بدبو دار ترجراب کی آتی تھی۔

فَسَائِلُوا قَاتِلِيهِ كَيْفَ مَاتَ لَهُمْ	مَوْتًا مِنَ الْقَتْلِ أَوْ مَوْتًا مِنَ الْفَرَقِ

الفرق الخوف والفزع ولہم ای بسببہم ترجمہ سو اُس کے قاتلون سے پوچھو کہ وہ کیسے مرگیا کیا واقعی وہ قتل کیا گیا یا ڈر کے مارے مرگیا کیونکہ وہ نہایت نامرد بزدلہ تھا۔

وَأَيْنَ مَوْقِعُ حَدِّ السَّيْفِ مِنْ شَبَحٍ	بِغَيْرِ رَأْسٍ وَلَا جِسْمٍ وَلَا عُنُقِ

ترجمہ اور اُس بھض لوتھڑے پر تلوار کس جگہ پڑے جسکے نہ سر تھا اور نہ بدن اور نہ گردن یعنی نہایت صغیر الجثہ بدنما تھا۔

لَوْلَا اللِّئَامُ وَشَيْءٌ مِنْ مُشَابَهَةٍ	لَكَانَ أَلْأَمَ طِفْلٍ لُفَّ فِي خِرَقِ

اراد باللئام آباءہ ترجمہ اگر اُس کی ناکس اجداد نہوتی اور یہ اُنکے کچھ مشابہ نہوتا تو - یہ اُن لڑکون مین جو بعد ولادت کے کپڑون مین بنظر حفاظت چھپایا جاتا ہو سب سے زیادہ خسیس شمار ہوتا مگر اب اُسکو مین بیشک نہین کہہ سکتا کیونکہ اُس کے اجداد بھی ایسے ہی تھے۔

كَلَامُ أَكْثَرِ مَنْ تَلْقَى وَمَنْظَرُهُ	مِمَّا يَشُقُّ عَلَى الْآذَانِ وَالْحَدَقِ

منظرہ مصدر مضاف الی المفعول یعنی النظر الیہ ویجوز ان یکون بمعنے الوجہ ترجمہ اسحاق ہی پر کیا موقوف ہو بلکہ کلام اکثر اُن لوگون کا جنسے تو ملے اور اُسکی طرف دیکھنا یا اُس کا چہرہ ایسے ہین کہ اُنکی بات سننی کانون کو گران ہو کیونکہ وہ لغو گو ہین اور آنکھون کو اُن کا دیکھنا بسبب زشتی صورت کے ناگوار۔

وقال یمدح ابا العشائر

أَتُرَاهَا لِكَثْرَةِ الْعُشَّاقِ	تَحْسَبُ الدَّمْعَ خِلْقَةً فِي الْمَآقِي

المآق جمع ماق وہو موخر العین ترجمہ ای مخاطب کیا تجکو محبوبہ ایسے حال مین دکھائی جاتی ہو کہ وہ بسبب اپنے عشاق کی کثرت کے خیال کرتی ہو کہ اشک گوشہ ہائے چشم مین مخلوق ہین یعنے وہ چونکہ اپنے عاشقان زار بیشمار کو روتا دیکھتی ہو تو یہ سمجھتی ہو کہ اشک گوشہ چشم ہی مین پیدا ہوتے ہین۔

كَيْفَ تَرْثِي الَّتِي تَرَى كُلَّ جَفْنٍ ❊ رَاءَهَا غَيْرَ جَفْنِهَا غَيْرَ رَاقِ

را رہا بوزن راعہا والاصل رأ ہا بوزن قضاہا قدم الالف واخر الہمزۃ ضرورۃ ونصب غیر الاولیٰ علی الاستثناء والثانیۃ علی الحال۔ ورقأ الدمع والدم اذا انقطع وہو مہموز وانما ابدل الہمزۃ فی راقی یاءً لانہ آخر البیت والعرب تفعل مثل ہذا فی الوقف ترجمہ وہ محبوبہ جس نے سوائے اپنی آنکھ کے ہر آنکھ کو اشکون سے بہتا ہوا دیکھا ہو کیونکر رحم کرے اس لئے کہ وہ سمجھتی ہو کہ اشکونکے پیدا ہونے کی جگہ گوشہائے چشم ہو۔

أَنْتِ مِنَّا فَتَنْتِ نَفْسَكِ لٰكِنَّكِ عُوفِيتِ مِنْ ضَنًى وَاشْتِيَاقِ

ترجمہ ای محبوبہ تو بھی ہمارے مانند گروہ عشاق سے ہو فرق اتنا ہو کہ ہم تیرے عاشق ہین اور تو خود اپنے حسن کی عاشق ہو اسلئے تو ہمکو اپنے وصل سے روکتی ہو مگر چونکہ تجکو اپنا وصل ہمیشہ حاصل ہو اس لئے تو لاغری اشتیاق سے جو لوازم عشق ہین محفوظ ہو اور ہم بسبب صدمات ہجران ان دونون بلاؤن مین مبتلا ہین۔

حُلْتِ دُونَ الْمَزَارِ فَالْيَوْمَ لَوْ زُرْتِ لَحَالَ النُّحُولُ دُونَ الْعِنَاقِ

المزار الزیارۃ ترجمہ تو پہلے ہم مین اور ملاقات مین حائل اور مانع ہوگئی تھی اس سے ہم غمہائے فراق مین گھل گئے سو اگر آج تو ہم سے ملے تو ہماری لاغری معانقہ کے مانع ہو جسکے سبب ہم گلے لگنے کے قابل نہین رہے۔

إِنَّ لَحْظًا أَدَمْتِهِ وَأَدَمْنَا ❊ كَانَ عَمْدًا لَنَا وَحَتْفَ اتِّفَاقِ

ترجمہ بیشک تیرا ہمکو ہمیشہ دیکھنا اور ہمکو تیرا برابر دیکھنا ہمارے ارادے سے تھا مگر وہ مرگ اتفاقی ہوگیا۔

لَوْ عَدَا عَنْكِ غَيْرَ هَجْرِكِ بُعْدٌ ❊ لَأَرَارَ الرَّسِيمُ مُخَّ الْمَنَاقِي

عدا صرف۔ وارار اذاب۔ والرسیم ضرب شدید من سیر الابل۔ والمناقی جمع منقیۃ وہی السمینۃ ذات المخ من الابل ونصب غیر علی الحال ترجمہ اگر ہمکو تیرے ہجر کے سوا کوئی اور دوری روکتی تو البتہ تیز رفتاری شتران اپنے مغز استخوان کو گلا دیتی یعنی ہم تیرے ملنے کے لئے سفر دور و دراز جس سے شتر لاغر ہو جاوین اختیار کرتے مگر کیا کیجئے کہ مانع ہجر خود تو اور تیری نفرت قلبی ہو۔

وَلَسِرْنَا وَلَوْ وَصَلْنَا عَلَيْهَا ❊ مِثْلَ أَنْفَاسِنَا عَلَى الْأَرْمَاقِ

الضمیر المجرور للمناقی۔ والارماق جمع رمق وہو بقیۃ النفس ترجمہ اور البتہ ہم جاتے اگرچہ ہم اُن شترون پر ایسے حال مین پہنچتے کہ بسبب ضعف و لاغری ایسے سبک ہو جاتے جیسے ہماری بقیہ جان کے سانس اور شتر

بس ایسے ہی حال میں ہو جاتے۔

مَا بِنَا مِنْ هَوَى الْعُيُونِ اللَّوَاتِي	لَوْنُ أَشْفَارِهِنَّ لَوْنُ الْحِدَاقِ

ما استفہامیۃ ومعناہ التعجب۔ والاشفار جمع شفرۃ وہو منبت الشعر من الجفن۔ والحداق جمع حدقۃ ترجمہ ہم حیران ہیں اُس مصیبت سے جو ہکو محبت ایسی چشمان سرگین معشوق سے پہنچی جنکے پپوٹون یعنے کنارہ ہائے مژہ کا سیاہ رنگ مثل حدقہائے چشم ہو یعنی میں نہیں جانتا کہ سیاہی چشمان محبوب نے میرا ایسا حال کیون کر دیا۔

قَصُرَتْ مُدَّةُ اللَّيَالِي الْمَوَاضِي	فَاطَالَتْ بِهَا اللَّيَالِي الْبَوَاقِي

ترجمہ شبہائے گذشتہ وصال کو تاہ تھین سو اُنکے عوض شبہائے ہجر حال دراز ہو گئین بسبب یاد وحسرت لذات وصال

كَاثَرَتْ نَائِلَ الْأَمِيرِ مِنَ الْمَا	لِ بِمَا نَوَّلَتْ مِنَ الْإِيرَاقِ

الایراق مصدر اورق الصائد اذا لم یصد شیئا۔ ویحتمل انیکون من الارق بمعنی الاسہار قال فی القاموس آرقہ وارّقہ اسہرہ۔ والمکاثرۃ المغالبۃ فی الکثرۃ۔ والتنویل الاعطاء ترجمہ محبوبہ کثرت بخشش اموال امیر کا اپنی ناکامیابی یا بیداری عشاق سے جو اُس نے اپنے عاشقون کو بخشی ہین مقابلہ کرتی ہو یعنے جیسے عطایائے امیر کثیر ہین ایسے ہی ممانعت وصل محبوبہ اور عشاق کو اُسکی تکلیف رسانی نہایت کو پہنچی ہوئی ہو۔

لَيْسَ إِلَّا أَبَا الْعَشَائِرِ خَلْقٌ	سَادَ هٰذَا الْأَنَامَ بِاسْتِحْقَاقِ

خلق اسم لیس وابا العشائر خبرہا والتقدیر لیس خلق ساد الوری باستحقاق الا ابا العشائر ترجمہ کوئی مخلوق سوائے ابو العشائر کے ایسی نہین ہو کہ حسب استحقاق تمام خلق کا سردار ہوا ہو۔

طَاعِنُ الطَّعْنَةِ الَّتِي تَطْعَنُ الْفَيْلَقَ بِالذُّعْرِ وَالدَّمِ الْمُهَرَاقِ

الفیلق الجیش۔ والذعر الفزع۔ والمہراق السائل ترجمہ ممدوح دشمن کے ایسا صیب زخم نیزہ مارتا ہو کہ دشمن کا تمام لشکر اُسکی ہیبت سے خوف اور خون میں بھر جاتا ہو یعنی سارا لشکر تھرا جاتا ہو۔

ذَاتُ فَرْغٍ كَأَنَّهَا فِي حَشَا الْمُخْبِرِ عَنْهَا مِنْ شِدَّةِ الْإِطْرَاقِ	الطراق الاطراق

من رفع ذات جعلہا خبر مبتدا ای ہی طعنۃ ذات فرغ ومن نصب جعلہا حالا من الطعنۃ بمعنی واسعۃ۔ والفرغ مخرج الماء من الدلو۔ والمخبر بکسر الباء بمعنی المحدث وبفتح الباء بمعنی المخبر بہا ترجمہ وہ زخم ایسا وسیع وکشادہ ہو کہ جب کوئی مخبر اُسکی خبر دیتا ہو یا جسکو خبر دیتا ہو وہ ایسا سرنگون اندوہناک ہو جاتا ہو گویا وہ زخم اُس کے پہلو میں لگا ہو۔

ضَارِبُ الْهَامِ فِي الْغُبَارِ وَمَا يَرْهَبُ أَنْ يَشْرَبَ الَّذِي هُوَ سَاقِ

ترجمہ ممدوح دشمنون کے سر غبار جنگ مین اُڑاتا ہو اور وہ ڈرتا نہین ہو اس امر سے کہ پیوے وہ پیالہ جس کو دشمنونکو پلاتا ہو یعنی اپنے مرنے سے نہین ڈرتا کہ وہ موجب فخر ہو۔

فَوْقَ شَقَّاءَ لِلْاَشَقِّ مَجَالٌ	بَيْنَ اَرْسَاغِهَا وَبَيْنَ الصِّفَاقِ

فرس اشق والانثی اشقاء اذا کان رحب الفروع طویلا۔ والصفاق الجلد الاسفل الذی تحت الجلد الذی علیہ الشعر ترجمہ وہ ایسے دراز قامت لنبے چوڑے ہاتھ پانو کے گھوڑے پر نیزہ زنی کرتا ہی کہ اُس کے پہنچون اور کھال پیٹ ہاتھ پانو کے درمیان ویساہی طویل گھوڑا پھر جاوے۔

مَا رَآهَا مُكَذِّبُ الرُّسْلِ اِلَّا	صَدَّقَ الْقَوْلَ فِي صِفَاتِ الْبُرَاقِ

البراق الدابۃ التی جاء بہا جبرئیل علیہ السلام للنبی صلی اللہ علیہ وسلم لیلۃ المعراج فرکبہا ترجمہ اُس گھوڑے کو پیغمبرون کا جھٹلانے والا نہین دیکھتا مگر براق کے صفات کو جو حدیث شریف مین مذکور ہین اُن کی تصدیق کرنے والا ہوتا ہی یعنے ایسے گھوڑے کا قائل ہوجاتا ہی کہ قدم بقدر وسعت نظر رکھے اور آسمان پر چڑھ جاوے۔

هَمُّهُ فِي ذَوِي الْاَسِنَّةِ لَا فِيـ ـهَا وَاَطْرَافُهَا لَهُ كَالنِّطَاقِ

ترجمہ ممدوح کا ارادہ نیزے والون کے قتل کا ہو نہ نیزون کا ایسے حال مین کہ نیزون کی بھالین اُس کے گرد مثل کمربند کے محیط ہون۔

ثَاقِبُ الْعَقْلِ ثَابِتُ الْحِلْمِ لَا يَقْـ ـدِرُ اَمْرٌ لَهُ عَلَى اِقْلَاقِ

ترجمہ وہ روشن رائے حلم کا مستحکم ہی کوئی امر اُس کے مضطر کرنے پر قدرت نہین رکھتا۔

يَا بَنِي الْحَارِثِ ابْنِ لُقْمَانَ لَا تَعْـ ـدَمْكُمْ فِي الْوَغَى مُتُونُ الْعِتَاقِ

الحارث بن لقمان جد ابی العشائر۔ والعتاق الخیل الکرام ترجمہ ممدوح کے کنبے کو دعا دیتا ہی کہ اے فرزندان حارث بن لقمان خدا کرے کہ عمدہ گھوڑونکی کمرین تمھین لڑائی مین گم نکرین یعنی تم ہمیشہ لڑائی مین سوار رہو نہ پیادہ۔

بَعَثُوا الرُّعْبَ فِي قُلُوبِ الْاَعَادِي	فَكَاَنَّ الْقِتَالَ قَبْلَ التَّلَاقِي

ترجمہ اُنھون نے اپنی ہیبت دشمنون کے دلون مین لڑائی سے پہلے بھیجدی سو گویا قتال مقابلہ سے پہلے ہوگیا۔

وَتَكَادُ الظُّبَا لِمَا عَوَّدُوهَا	تَنْتَضِي نَفْسَهَا اِلَى الْاَعْنَاقِ

الظبا السیوف ترجمہ چونکہ اُنکی تلوارین دشمنونکی گردنون کے میان ہونیکی خوگر ہین اس لئے قریب ہی کہ قبل اس کے کہ کوئی اُن کو سونتے آپ میان سے نکلکر دشمنون کی گردنون تلک پہنچ جاوین

كُلُّ ذِمْرٍ يَزِيدُ فِي الْمَوْتِ حُسْنًا	كَبُدُورٍ تَمَامُهَا فِي الْمُحَاقِ

الذمر الرجل الشجاع۔ والمحاق بکسر المیم وضمہا نقصان القمر فی اواخر الشہر ترجمہ وہ ایسے بہادر ہین کہ جنگ مین مرنا اُنکے لئے ایک عمدہ باعث مجد و شرف ہی جیسا بدر کے واسطے اُس کا آخر ماہ مین گھٹنا سبب اُس کے کمال کا ہونا ہی وہ نہ گھٹتا تو بدر ہوتا

جَاعِلٍ دِرْعَهُ مَنِيَّتَهُ اِنْ	لَمْ يَكُنْ دُوْنَهَا مِنَ الْعَارِ دَاقِ

ترجمہ وہ اپنی موت کو بجائے زرہ پہن لیتا ہی جبکہ سوائے موت کوئی امر عار و ننگ سے بچانیوالا نہو۔

كَرَمٌ خَشَّنَ الْجَوَانِبَ مِنْهُمْ	فَهُوَ كَالْمَاءِ فِي الشِّفَارِ الرِّقَاقِ

الشفار جمع شفرۃ وہی حد السیف۔ والرقاق الحداد القاطعات ترجمہ ممدوح کا ایسا کرم ہی کہ اُسکے اطراف دشمنوں کے واسطے سخت ہین کہ وہ باوجود کرم و نرم مزاجی اُن سے نہین بچتا سو وہ پانی کے مانند ہی نرم و شیرین مگر جب تلوار کی دھار مین پہنچتا ہی تو اُس کو قاطع بنا دیتا ہی۔

يَا ابْنَ مَنْ كُلَّمَا بَدَوْتَ بَدَا لِي	غَائِبُ الشَّخْصِ حَاضِرُ الْاَخْلَاقِ

ترجمہ ای بیٹے اُس شخص کے کہ جب تو ظاہر ہوتا ہی تو مجکو ظاہر معلوم ہونے لگتا ہی وہ شخص جس کا جسم میری نظر سے غائب ہی اور اُسکے اخلاق حسنہ میرے سامنے موجود یعنی تو اپنے باپ کے نہایت مشابہ ہی۔

وَمَعَالٍ اِذَا ادَّعَاهَا سِوَاهُمْ	لَزِمَتْهُ جِنَايَةُ السُّرَّاقِ

ترجمہ اور اُن کے لئے ایسی بلندنامی کے کام ہین کہ اگر اُن کاموں کا کوئی اور دعوے کرے تو اُس پر جرم سرقہ ثابت ہو جاتا ہی۔

لَوْ تَنَكَّرْتَ فِي الْمَكَرِّ لِقَوْمٍ	حَلَفُوْا اَنَّكَ ابْنُهُ بِالطَّلَاقِ

المکر التکرار بالحرب بالطعن والضرب ترجمہ تو اپنے باپ کے ایسا مشابہ ہی کہ اگر تو لڑائی مین جو محل اظہار مجد و شرف شجاعت ہی اپنی ہیئت اور بباس بدل ڈالے تو دیکھنے والے طلاق کی قسم اس بات پر کھاجاوین کہ تو اپنے باپ کا بیٹا ہی کیونکہ تیری شجاعت اور اقدام اُسی کا سا ہی۔ شارح خطیب ابنہ کی ضمیر مکر کی طرف پھیرتا ہی اور یہ معنی کہتا ہی کہ تیری جنگ بے باکانہ ہی اور با این ہمہ تیرے زخمہائے نیزہ و شمشیر سے سالم رہنے کا سبب یہ معلوم ہوتا ہی کہ تو ابن حرب ہی اس لئے وہ تجکو صدمات سے بچاتی ہی۔

كَيْفَ يَقْوَى بِكَفِّكَ الزَّنْدُ وَالْاٰفَاقُ فِيْهَا كَالْكَفِّ فِي الْاٰفَاقِ

الآفاق جمع افق وہی نواحی الدنیا ترجمہ تیرا پہنچا تیری ہتھیلی کو کیونکر اُٹھانے کی قدرت رکھتا ہی حال آنکہ تمام اطراف دنیا تیری ہتھیلی کے سامنے ایسے ذلیل و حقیر ہین جیسے کہ انسان کے کف بہ نسبت تمام نواحی دُنیا کے یعنے تمام دنیا تیرے قبضہ مین ایک بے حقیقت چیز ہی۔

قَلَّ نَفْعُ الْحَدِيْدِ فِيْكَ فَمَا يَلْقَاكَ اِلَّا مَنْ سَيْفُهُ مِنْ نِفَاقِ

ترجمہ دشمنون کے سلاح آہنی تجہ پر کچھ اثر نہین کر سکتے تیرے خوف و ہیبت کے سبب سوا ب تجہ سے کوئی مقابلہ نہین کرتا مگر نفاق کی تلوار لیکر یعنے بظاہر چاپلوسی و اظہار نیازمندی کرتا ہی۔

اَلِفُ هٰذَا الْهَوَاءِ اَوْقَعَ فِی الْاَنْفُسِ اَنَّ الْحِمَامَ مُرُّ الْمَذَاقِ

الہوا رالمدود ہوالریح - والمقصور ہیے النفس ترجمہ غدر منافقون کے نفاق کا بیان کرتا ہی کہ محبت زندگی نے اُنکے دلون مین یہ مضمون ڈالدیا ہی کہ موت کا مزہ کڑوا ہی اسلئے موت سے ڈرتے ہین اور نفاق سے پیش آتے ہین ابو العلاء المعری نے کہا ہی کہ یہ شعر اور اُس سے اگلا ایک کتاب مفصل ہی کتب فلاسفہ سے مضمون اُن کا عین صدق ہی اور نظم نہایت عمدہ اور شاعر کے فضل کے لئے یہ ہی کافی ہین-

وَالْاَسٰی قَبْلَ فُرْقَةِ الرُّوْحِ عَجْزٌ　　وَالْاَسٰی لَا یَکُوْنُ بَعْدَ الْفِرَاقِ

الاسی الحزن ترجمہ غم روح نکلنے سے پہلے عجز و قصور کی بات ہی اور بعد روح نکلنے کے غم کا کیا موقع ہی - شجاعت کی تحریص کرتا ہی کہ مرنے سے پہلے غم کرنا قبل از مرگ واویلا ہی اور مرنے کے بعد غم کے کیا معنی

کَمْ ثَرَاءٍ فَرَّجْتَ بِالرُّمْحِ عَنْهُ　　کَانَ مِنْ بُخْلِ اَهْلِهٖ فِیْ وَثَاقِ

الثراء بالمد کثرة المال - والمقصور التراب ترجمہ بہت سے کثیر مال ہین کہ بسبب بخل اُن کے مالکون کے وہ قید مین تھے سو تونے اُنکو بذریعہ نیزہ اُس قید سے چھڑا دیا یعنے اُنکے بخیل مالکون کو قتل کرکے اُنکو مستحقون کو بخشدیا-

وَالْغِنٰی فِیْ یَدِ اللَّئِیْمِ قَبِیْحٌ　　قَدْرَ قُبْحِ الْکَرِیْمِ فِی الْاِمْلَاقِ

الاملاق الفقر والحاجة - واراد قدر قبح الاملاق فی ید الکریم فقلب ضرورة ترجمہ ناکس کے ہاتھ مین تونگری ایسی بری معلوم ہوتی ہی جیسے کریم کے ہاتھ مین فقر اور تنگی قبیح ہی-

لَیْسَ قَوْلِیْ فِیْ شَمْسِ فِعْلِکَ کَالشَّمْسِ وَلٰکِنْ فِی الشَّمْسِ کَالْاِشْرَاقِ

استعار لفعلہ شمسا لاضارتہ ترجمہ میرا قول تیرے فعل کے رتبہ کو جو مانند آفتاب کے نمایان ہی نہین پہنچتا ہی بلکہ اُس سے کمتر ہی مگر وہ تزئین و اظہار مین مثل اشراق شمس کے ہی یعنی جیسا اشراق شمس کے لئے باعث زینت ہی-

شَاعِرُ الْمَجْدِ خِدْنُهٗ شَاعِرُ اللَّفْظِ　　کِلَانَا رَبُّ الْمَعَانِی الدِّقَاقِ

ترجمہ تو مجد و شرف کے لئے بمنزلہ شاعر کے ہی کہ اُنمین نئے نئے مضمون نکالتا ہی اور تیرا دوست یعنے مین الفاظ کا شاعر ہون کہ تیری واقعی مدح کرتا ہون اب ہم دونون معانی دقیقہ کے صاحب ہین-

لَمْ تَزَلْ تَسْمَعُ الْمَدِیْحَ وَلٰکِنَّ　　صَهِیْلَ الْجِیَادِ غَیْرُ النُّهَاقِ

ترجمہ تو شاعرونسے اپنی مدح برابر سُنتا ہی مگر گھوڑے کی آواز گدہے کی آواز سے جدی ہی - یعنے میرے اشعار اور شاعرون کے اشعار پر ایسے فائق ہین جیسے آواز اسپ آواز خر پر-

لَیْتَ لِیْ مِثْلَ جَدِّ ذَا الدَّهْرِ فِی الْاَدْ　　هُرِ اَوْ رِزْقِهٖ مِنَ الْاَرْزَاقِ

الادہر جمع دہر ترجمہ کاش میرا نصیب ایسا ہوتا جیسا اس زمانہ کا نصیب اور زمانون مین ہی یا رزقون میں میرا

رزق مثل رزق اُس زمانہ کے جس مین تو موجود ہی ہوتا کیونکہ وہ تیرے سبب اور زمانون سے مبارک تر ہو اور اس کا نصیب فائق ہو۔

اَنْتَ فِيْهِ وَكَانَ كُلُّ زَمَانٍ	يَشْتَهِيْ بَعْضَ ذَا عَلَى الْخَلَاقِ

ترجمہ اس زمانہ موجود کی یہ خوش نصیبی ہو کہ تو اس مین ہو ورنہ پہلے سے ہر زمانہ اس قسم کی خواہش خدا سے رکھتا تھا

وضرب ابو العشائر خيمة على الطريق فكثر سؤاله وغاشيته فقال له انسان جعلت مضربك على الطريق فقال احب ان يذكره ابو الطيب فقال

لَامَ اُنَاسٌ اَبَا الْعَشَائِرِ فِيْ	جُوْدِ يَدَيْهِ بِالتِّبْرِ وَالْوَرِقِ

ترجمہ لوگون نے ابو العشائر کو اس بات کی ملامت کی کہ وہ اپنے دونون ہاتھون سے اسقدر سونا و چاندی کیون بخشتا ہی۔

وَاِنَّمَا قِيْلَ لِمَ خُلِقْتَ كَذَا	وَخَالِقُ الْخَلْقِ خَالِقُ الْخُلُقِ

ترجمہ یہ اُن کا ملامت کرنا ایسا ہی جیسا اُس سے کہا جاوے کہ تو سخی کسواسطے پیدا کیا گیا اور حال یہ ہو کہ خلق کا پیدا کرنے والا انکی خصلتون کا بھی پیدا کرنے والا ہی۔ حاصل یہ ہو کہ اُنکی ملامت بے سود ہی ممدوح کو خدا نے سخی پیدا کیا پس اُسکو تبدیل شرف مین دخل نہین ہی۔

قَالُوْا اَلَمْ تَكْفِهِ سَمَاحَتُهُ	حَتّٰى بَنٰى بَيْتَهُ عَلَى الطُّرُقِ

ترجمہ ابو العشائر نے میا فارقین مین خیمہ راہ مین کھڑا کیا تھا تاکہ سائل اُسکے پاس بے روک ٹوک آوین متنبی اُسکا ذکر کرتا ہی کہ لوگون نے کہا کہ کیا اُس کی سخاوت شہر مین کافی نتھی یہان تاک کہ اُس نے اپنا راہ پر ڈیرا ڈالدیا۔

فَقُلْتُ اِنَّ الْفَتٰى شَجَاعَتُهُ	تُرِيْهِ فِي الشُّحِّ صُوْرَةَ الْفَرَقِ

الشح البخل۔ والفرق الخوف ترجمہ سو مینے اُسکو جوابدیا کہ جوانمرد کی شجاعت اُسکو بخل مین خوف کی صورت دکھاتی ہو یعنی بخیل فقر سے ڈرتا ہی اور بہادر وہ ہو جو اس سے نڈرے پس بہادر شخص بخیل نہین ہوتا۔

يَضْرِبُ هَامَ الْكُمَاةِ تَمَّ لَهُ	كَسْبُ الَّذِيْ يَكْسِبُوْنَ بِالْمَلَقِ

ترجمہ بسبب قتل دشمنان یعنی شجاعت کے ممدوح کو وہ بات بالکل حاصل ہو گئی جسکو اور لوگ بذریعہ چاپلوسی حاصل کرتے ہین یعنے اور لوگ بذریعہ خوش آمد محبوب القلوب حاصل کرتے ہین اور یہ بسبب غایت شجاعت محبوب القلوب ہی ہکذا قال الشارح اور دوسرے یہ معنے بھی ہو سکتے ہین کہ اور لوگ اموال بسبب چاپلوسی کے کماتے ہیں اور یہ بسبب تیغ زنی و غارت اموال دشمنان۔

اَلشَّمْسُ قَدْ حَلَّتِ السَّمَاءَ وَمَا	يَحْجُبُهَا بُعْدُهَا عَنِ الْحَدَقِ

ترجمہ آفتاب آسمان پر ہی اور اُسکی دوری اُسکو آنکھوں سے نہین چھپاتی ایسا ہی ممدوح ہر جگہ معروف و مشہور ہے

کُن لُجَّةً اَیُّهَا السَّمَاحُ فَقَدْ	اٰمَنَهُ سَیْفُهُ مِنَ الْغَرَقِ

ترجمہ اے سخاوت تو بحر عظیم مہلک ہو جا اس سے ممدوح کو کچھ خوف و خطر نہین ہے کیونکہ اُسکو اُسکی تلوار نے غرق یعنے افلاس سے مامون کر دیا ہی جتنا وہ بخشتا ہی اُس سے ہزار درجہ دشمنون سے بذریعہ شمشیر چھین لیتا ہی یعنے وہ جامع شجاعت و سخاوت ہی۔

حرف الکاف وقال وقد اجل سیف الدولة ذکرہ

رُبَّ نَجِیْعٍ بِسَیْفِ الدَّوْلَةِ انْسَفَکَا	وَرُبَّ قَافِیَةٍ غَاظَتْ بِهٖ مَلِکَا

النجیع الدم۔ والقافیۃ القصیدۃ ترجمہ بہت سے خون دشمنان حسب الحکم سیف الدولہ کے بہے ہین اور بہت سے قصائد اُسکی مدح کے ہین کہ اُنھون نے بسبب اپنی خوبیون کے کسی نہ کسی بادشاہ حاسد کو رنج مین ڈالا ہی۔

مَنْ یَعْرِفِ الشَّمْسَ لَا یُنْکِرْ مَطَالِعَهَا	اَوْ یُبْصِرِ الْخَیْلَ لَا یَسْتَکْرِمِ الرَّمَکَا

الرمک جمع رمکۃ وہی الفرس التی تتخذ للنتاج دون الرکوب وقال الجوہری ہی الانثی من البراذین ترجمہ سیف الدولہ کے پسند و ممدوح بنانے کی اور بھی اُس کے متنبی کے قدرشناس ہونے کی وجہ بطور ضرب مثل بیان کرتا ہی کہ جو آفتاب کو جانے گا تو اُسکے طلوع ہونے کی جگہون کا انکار نہین کرے گا یا عمدہ نر گھوڑے کو دیکھے گا تو یکچکش گھوڑی یا خچری کو اچھا نہین سمجھے گا۔

تَسُرُّ بِالْمَالِ بَعْضَ الْمَالِ تَمْلِکُهُ	اِنَّ الْبِلَادَ وَاِنَّ الْعَالَمِیْنَ لَکَا

ترجمہ تو بعض مال کو جو تیری ملک مین بسبب مال کے خوش کرتا ہی کیونکہ تمام شہر اور تمام مخلوق تیری ہی یعنی ہم تیرے غلام ہین اور تیری ملک پس تو جو ہمکو مال دیکر خوش کرتا ہو وہ ایسا ہی جیسا بعض مال کو مال سے خوش کیا جاوے

ولما انشد اجاب ومعی الخ استحسنہا فقال

اِنَّ هٰذَا الشِّعْرَ فِی الدُّنْیَا مَلَکٌ	سَارَ فَهُوَ الشَّمْسُ وَالدُّنْیَا فَلَکٌ

ترجمہ یہہ میرے شعر جو تونے پسند فرمائے دنیا مین بسبب لطافت و حُسن کے فرشتہ کے مانند ہین وہ تمام دنیا مین مشہور ہوگئے سو وہ مثل آفتاب ہین اور دنیا اُن کا آسمان۔

عَدَلَ الرَّحْمٰنُ فِیْهِ بَیْنَنَا	فَقَضٰی بِاللَّفْظِ لِیْ وَالْحَمْدِ لَکَ

ترجمہ خداوند تعالی نے تقسیم شعر ہم دونون مین بڑے انصاف سے فرمادی یعنی اسکے الفاظ مجھے عنایت کئے جنین طرح طرح کی ابداع و ایجاد کرتا ہون اور مدح اور ثنا کا مستحق و سزاوار ہمیشہ کے لئے تجھکو بنایا۔

فَاِذَا مَرَّ بِاُذْنَیْ حَاسِدٍ	صَارَ مِمَّنْ کَانَ حَیًّا فَهَلَکَ

ترجمہ سوجب وہ میرے شعر کسی شاعر میرے حاسد کے پاس اے امیر تیرے حاسد کے دونوں کانوں میں پہنچتے ہیں تو وہ حسد کے مارے اُن لوگوں میں ہو جاتا ہے کہ زندہ تھا مگر بسبب شدت حسد مر گیا۔

وقال لابن عبد الوہاب قد جلس ابنه عند المصباح

اَمَا تَرٰی مَا اَرَاهُ اَیُّهَا الْمَلِكُ	کَاَنَّنَا فِیْ سَمَاءٍ مَا لَهَا حُبُكُ

الحبک جمع حبیکۃ وہی الطرائق ترجمہ ای بادشاہ کیا تو وہ چیز نہیں دیکھتا جو میں دیکھ رہا ہوں گویا ہم ایسے آسمان میں ہیں جسکی راہیں نہیں ہیں یعنی تیری محفل بسبب علو شان مثل آسمان ہے جس میں غیر کو راہ نہیں ہے۔

اَلْفَرْقَدُ ابْنُكَ وَالْمِصْبَاحُ صَاحِبُهُ	وَاَنْتَ بَدْرُ الدُّجٰی وَالْمَجْلِسُ الْفَلَكُ

الفرقدان نجمان یوصفان بالاخوۃ ترجمہ تیرا لڑکا روشن رو مثل ایک فرقد کے ہے اور چراغ اُس کا ہمنشین یعنے دوسرا فرقد ہے اور تو ماہ تمام تاریکی ہے اور تیری مجلس بمنزلہ آسمان ہے پس سارا سامان آسمان کا موجود ہے۔

وقال یمدح عبید اللہ بن یحییٰ البحتری

بَکَیْتُ یَا رَبْعُ حَتّٰی کِدْتُ اُبْکِیْکَا	وَجُدْتُ بِیْ وَبِدَمْعِیْ فِیْ مَغَانِیْکَا

المغانی جمع مغنی وہو المنزل الذی کان بہ الاھل ترجمہ ای منزل محبوبہ تجھ کو ویران دیکھکر اور محبوبہ کو جو تجھمیں رہتی تھی یاد کر کے میں اسقدر رویا کہ قریب تھا کہ تجھکو بھی باوجود عدم شعور رُلا دوں اور مینے اپنی جان اور اپنے تمام اشک تیرے گھر میں جو سابق میں آباد تھا بہا دئے اور فنا کر دئے۔

فَعِمْ صَبَاحًا لَقَدْ هَیَّجْتَ لِیْ شَجَنًا	وَارْدُدْ تَحِیَّتَنَا اِنَّا مُحَیُّوْکَا

عم صباحا کلمۃ تحیۃ من وعم یعم یعنی نعم ینعم ترجمہ سو تیری صبح اچھی رہیو اگرچہ تو ہمارے لئے باعث ہیجان غم ہو گئی ہے کہ تجھکو دیکھ کر بے اختیار محبوبہ یاد آگئی ہے۔ اور ہمارے سلام کا جواب دے دیکھ تو ہم تجھے سلام کر رہے ہیں۔ اعراب بادیہ نشین کے مختلف فرقے کسی پانی و گھاس کی جگہ پر جمع ہو جاتے ہیں اور آپسمیں ملاقاتیں اور عشق جم جاتے ہیں آخر بسبب نہ رہنے پانی و گھاس مویشی کے متفرق کوئی کسی طرف اور کوئی کہیں چلا جاتا ہے۔ اور جب اتفاقاً اُس تفرقہ کے بعد اُس فرودگاہ پر گذر ہوتا ہے تو نشانہائے منازل منہدمہ دیکھکر اور صحبت ہائے سابقہ کو یاد کر کے اشعار عاشقانہ پڑھتے ہیں اور ایسے مضامین پر سوز و گداز در و دیوار ہائے کہنہ کو مخاطب کر کے ادا کرتے ہیں کہ اُنکو سنکر کیسا ہی سنگدل ہو زار زار رونے لگتا ہے ۵ ہم تری خاطر نازک سے حذر کرتے ہیں + ورنہ یہ نالے تو پتھر میں اثر کرتے ہیں۔

بِاَیِّ حُکْمِ زَمَانٍ صِرْتَ مُتَّخِذًا	رِئْمَ الْفَلَا بَدَلًا مِنْ رِئْمِ اُهْلِیْکَا

الریم الظبی الخالص البیاض والفلا جمع فلاۃ وہی الارض الواسعۃ البعیدۃ ترجمہ ای منزل محبوبہ تو نے زمانہ کے کونسے حکم سے جنگلی سفید ہرنوں کو اپنی اہلی ہرنوں سے یعنی زنہائے حسینہ کے عوض تبدیل کر لیا ہے۔ خلاصہ پہلے تو ان

منازل میں زنہائے حسینہ رہتی تھیں اب اُسمیں وحشی ہرن کیوں رہنے لگے۔

أَيَا مَرِيكَ شُمُوسٌ مَا انْبَعَثْنَ لَنَا	إِلَّا انْبَعَثْنَ دَمًا بِاللَّحْظِ مَسْفُوكَا

الشموس ہہنا الجواری - وانبعثن جئن وذہبن وتحرکن - وانبعثن الثانیۃ اسلن - والمسفوک المصبوب ترجمہ میں اُن دنوں کو یاد کرتا ہوں کہ جمیں نوجوان حسینہ عورتیں رہتی تھیں کہ وہ کہیں آتی جاتی اور چلتی پھرتی نہ تھیں یاہم سے جدا ہوتی تھیں مگر اپنے نظارہ سے خون عاشقان بہاتی تھیں۔

وَالْعَيْشُ أَخْضَرُ وَالْأَطْلَالُ مُشْرِقَةٌ	كَأَنَّ نُورَ عُبَيْدِ اللهِ يَعْلُوكَا

ترجمہ اُس زمانہ میں عیش سرسبز وتر وتازہ تھا اور تیرے اونچے ٹیلے اُنکے سبب روشن تھے گویا عبیداللہ ممدوح کا نور تجھپر چھا رہا ہے۔ وہذا من احسن المخالص واطیبہا۔

نَجَا امْرُؤٌ يَا ابْنَ يَحْيَى كُنْتَ بُغْيَتَهُ	وَخَابَ رَكْبُ رِكَابٍ لَمْ يَؤُمُّوكَا

الرکب جمع راکب والرکاب الابل - ولم یؤموک یقصدونک ترجمہ ای یحیٰی کے بیٹے جسکا تو مقصد ومطلب ہے اُس نے مکارہ زمان سے نجات پائی اور وہ قافلہ شتر سواروں کا ناکامیاب ہوا جو تیرے پاس نگیا۔

أَحْيَيْتَ لِلشُّعَرَاءِ الشِّعْرَ فَامْتَدَحُوا	جَمِيعَ مَنْ مَدَحُوهُ بِالَّذِي فِيكَا

ترجمہ تونے شعرا کے لئے شعر زندہ کردئے یعنے تجھ سے وہ دقائق کرم وفضائل حمیدہ ظاہر ہوئے کہ شاعروں کو حاجت تلاش مضامین دقیقہ نرہی اور شعرگوئی آسان ہوگئی پس گویا تونے شعر کو زندہ کردیا - اب جو شاعر اور ملوک کی تعریف میں شعر کہتے ہیں وہ وہی فضائل مجد ہیں جو تجھ میں ہیں۔

وَعَلَّمُوا النَّاسَ مِنْكَ الْمَجْدَ وَاقْتَدَرُوا	عَلَى دَقِيقِ الْمَعَانِي مِنْ مَعَانِيكَا

ترجمہ اور شاعروں نے لوگوں کو شرف ومجد تجھ سے سکھایا اور وہ تیرے معانی دقیقہ کرم کے سبب معانی دقیقہ پر قادر ہوگئے۔

فَكُنْ كَمَا أَنْتَ يَا مَنْ لَا شَبِيهَ لَهُ	أَوْ كَيْفَ شِئْتَ فَمَا خَلْقٌ يُدَانِيكَا

ترجمہ ای وہ شخص کہ اُس کے ہمرنگ کوئی نہیں ہے سو تو جیسا ہے ویسا ہی رہ یا جسطرح چاہے رہ تیرا طریقہ بلندنامی اور کرم وشرف کا ایسا دشوار ہے کہ کوئی تجھسے لگا نہیں کھائیگا۔

وَعُظْمُ قَدْرِكَ فِي الْآفَاقِ أَوْهَمَنِي	أَنِّي بِقِلَّةِ مَا أَثْنَيْتُ أَهْجُوكَا

ترجمہ اور تمام دنیا میں جو تو عظیم القدر ہے اس امر نے مجکو شبہ میں ڈالدیا ہے کہ میں بسبب کمی تیری تعریف کے گویا تیری ہجو کررہا ہوں کیونکہ میری مدح تیری شان کے لائق نہیں ہے۔

شَكْوَى الْعُفَاةِ بِمَا أُولِيتَ أَوْجَدَنِي	إِلَى يَدَيْكَ طَرِيقَ الْعُرْفِ مَسْلُوكَا

العفاۃ جمع عاف وہو السائل - والطریق عند اہل نجد مذکر وعند اہل الحجاز مؤنث - واوجدنی ای دلنی - دنی

روایة الی نداک ترجمہ سائل لوگ جو تیری بخششوں کا شکر کرتے ہیں اُس نے مجکو تیرے احسان کی طرف جاری راستہ بتلا دیا یعنے انکا شکر سنکر میں بھی حاضر ہوا ہون۔

کفی بانک من قحطان فی شرف	وان فخرت فکل من موالیکا

ترجمہ تیرے لئے یہ شرف کافی ہو کہ تو بنی قحطان سے ہو اور اگر تو اپنے کمال ذاتی پر فخر کرے تو سب تیرے غلام ہیں۔

ولو نقصت کما قد زدت من کرم	علی الوری لرأونی مثل شانیکا

الشانی المبغض ترجمہ اور اگر میں تیری مدح میں کوتاہی کرون جیسا تو خلق پر کرم میں بڑھا ہوا ہو تو لوگ مجکو تیرے دشمن کے مانند سمجھیں گے۔

لبی نداک لقد نادی فاسمعنی	یفدیک من رجل صحبی وافدیکا

ترجمہ تیری سخاوت نے مجکو پکارا اور مجکو اپنی آواز سنائی تو مین نے اُسکے جواب مین کہا کہ مین حاضر ہون و قولہ یفدیک من رجل یعنی انا افدیک من بین الرجال فمن ہہنا تفسیر و تخصیص یعنے مین ہی سب لوگون مین سے اور میرے یار تجھ پر قربان ہون۔

مازلت تتبع ما تولی ید ابیدا	حتی ظننت حیوتی من ایادیکا

ترجمہ اپنے عطایا کے پیچھے اور عطا دست بدست تو دیتا رہا یہان تک کہ مین نے خیال کیا کہ میری زندگی بھی منجملہ تیری نعمتون کے ہی۔

فان تقل ھا فعادات عرفت بہا	اولا فانک لا یسخو بہا فوکا

ا بمعنی خذ۔ وروی لا یشجو بالشین والحاء ای لا یفتح ترجمہ سو اگر تو نے کہا ہے تو یہ اس قسم کی عادات مین سے ہی جنمین تو مشہور ہی اور اگر لا کہا یعنے عطاے انکار کیا تو یہ امر اس طرح کا ہی کہ اُسکے کہنے کو تیرا مُنھ گوارا نہین کرما یا ایسی نامناسب بات کے لئے تیرا مُنھ نہین کھلتا۔

وقال و قد ورد کتاب باضافة الساحل الی بدر بن عمار

تہنی بصور ام نہنیہا بکا	وقل الذی صور وانت لہ لکا

صور بلد بساحل البحر من ارض الشام۔ تہنی اراد اتہنی فحذف ہمزة الاستفہام ولت علیہ ام ترجمہ کیا تو مبارکباد کہا جاوے بعطاے حکومت صور یا شہر صور کو مبارکی دیجاوے تجھ جیسے حاکم عادل کے عمل مین آنے سے بھر کہتا ہی کہ صاحب صور ابن رائق جس کا تو ظاہر مین ماتحت ہی تیرے روبرو کمتر و حقیر ہی تیسری لیاقت اور شرف کو نہین پہنچتا ہی۔

وما صغر الاردن والساحل الذی	حبیت بہ الا الی جنب قدرکا

الاردن موضع بالشام ولہ نہر ترجمہ شہرِ اردن اور وہ ساحل جو تجکو عطا کیا ہی جلیل القدر ہین گر تیری قدر عالی کی بہ نسبت قلیل و ذلیل ہین۔

تحاسدت البلدان حتی لو انّہا	نفوس لسار الشرق والغرب نحو کا

ترجمہ تمام شہرون نے صورِ حسد کیا یہان تلک کہ اگر وہ شہر جاندار ہوتے تو شرق و غرب سب تیری طرف چلے آتے۔

واصبح مصر لا تکون امیرہ	ولو انہ ذو مقلۃ وفم بکا

ترجمہ اور وہ شہر جسکا تو حاکم نہین ہی مغموم ہی اور اگر اُسکی آنکھ اور منھ ہوتا تو اس غم سے رونے لگتا۔

وسقاہ بدر ولم یکن لہ رغبۃ فی الشراب

لم تر من نادمت الاکا	لا لسوی ودّک لی ذاکا

من نکرۃ موصوفۃ وصفہا نادمت والتقدیر لم تر احدا او انسانا۔ وقولہ الاکا ہو جائز فی ضرورۃ الشعر والوجہ ان یقال الاایاک لان الالیست بیا قوۃ الفعل ولا ہی عاملۃ ترجمہ ای ممدوح تو نے کوئی ایسا آدمی نہین دیکھا کہ تیرے سوا محفل شراب مین پینے اُس سے ہمنشینی کی ہو اور یہ امر کسی اور سبب سے نہین ہوا مگر اس سے کہ تو تجکو دوست رکھتا ہی اس لئے پینے خاص تیری ہی منادمت اختیار کی۔

ولا لحبہا ولکننی	امسیت ارجوک واخشاکا

الضمیر فی قولہ لحبہا الخمرۃ وان لم یجر لہا ذکر ترجمہ اور تیری منادمت بسبب حب شراب پینے نہین کی مگر اس سبب سے کہ مین تجھ سے اُمید رکھتا ہون اور تجھ سے ڈرتا بھی ہون۔

وقد کان تاب بدر بن عمار من الشراب مرۃ بعد اخری فراٰہ یشرب فقال

یا ایہا الملک الذی ندماؤہ	شرکاؤہ فی ملکہ لا ملکہ

ترجمہ ای وہ بادشاہ کہ اُس کے ہمنشین اُسکی اشیائے مملوکہ مین شریک ہین نہ اُسکی سلطنت مین۔

فی کل یوم بیننا دم کرمۃ	لک توبۃ من توبۃ فی سفکہ

جعل الخروم الکرم استعارۃ وجعل شربہا سفکا ترجمہ ہر روز ہم مین خون انگور یعنے شراب کا دور رہتا ہی اور تو اُسکی خونریزی کی توبہ سے توبہ کرتا ہی یعنے اُسکی توبہ سے توبہ کرتا ہی۔ اور توبہ کو توڑتا ہی۔

وما احسن ماقال رباعی ؎

از بسکہ شکستہ باز بستم توبہ + فریاد ہمی کند ز دستم توبہ	دیروز بتوبہ شکستم ساغر + امروز بساغرے شکستم توبہ
والصدق من شیم الکرام فنبّنا	امن الشراب تتوب ام من ترکہ

فنبنا اصلہ فنبئن ثم کتب بالالف وہذا تصحیف من ابی الفتح ترجمہ سچ بولنا عمدہ لوگون کی خصلت ہوتی ہے

تواب تو ہمسکو بلاکر تو شراب خواری سے توبہ کرتا ہو یا ترک میخواری سے۔

وقال عند ابی محمد بن طغج

قَدْ بَلَغْتَ الَّذِیْ اَرَدْتَ مِنَ الْبِرِّ وَمِنْ حَقِّ ذَا الشَّرِیْفِ عَلَیْکَا
وَاِذَا لَمْ تَسِرْ اِلَی الدَّارِ فِیْ وَقْتِكَ ذَا خِفْتُ اَنْ تَسِیْرَ اِلَیْکَا

ترجمہ جو تونے ہمارے اکرام کا ارادہ کیا سو وہ تونے پورا کر دیا۔ اور حق اس علوی کا جو تیری مجلس مین حاضر تجھپر تھا تونے ادا کر دیا۔ اب اگر تو اسوقت اپنے دولت خانہ مین نجاویگا تو مجھے خوف ہو کہ وہ گھر تیرے پاس شتاقانہ تیرے پاس چلا آدے

وقال فی ابی العشائر وعندہ انسان ینشدہ شعرا فی وصف برکۃ فی دارہ فقال

لَئِنْ کَانَ اَحْسَنَ فِیْ وَصْفِهَا لَقَدْ تَرَكَ الْحُسْنَ فِی الْوَصْفِ لَكْ
لِاَنَّكَ بَحْرٌ وَاِنَّ الْبِحَارَ لَتَاْنَفُ مِنْ مَدْحِ هٰذَا الْبِرَكْ

ترجمہ اگرچہ اس شاعر نے وصف حوض اچھا کیا مگر اُسنے تیری تعریف کی خوبی کو چھوڑ دیا اور بیہ اچھا نکیا کیونکہ تو دریا ہو اور بیشک دریا ان حوضونکی تعریف سے نفرت کرتے ہین۔ کہتے ہین کہ اُس شاعر نے جو دین ابو العشائر کو حوض سے تشبیہ دی تھی اس لئے متنبی کہتا ہو کہ گو اُس نے حوض کی اچھی تعریف کی مگر تیرے وصف مین کوتاہی کی باوجودیکہ تو بمنزلہ دریا ہو تجکو حوض سے تشبیہ دیدی۔

کَاَنَّكَ سَیْفُكَ لَا مَا مَلَكْتَ یَبْقٰی لَدَیْكَ وَلَا مَا مَلَكْ

ترجمہ گویا تو اپنی تلوار کے مانند ہو کہ نہ تیرا مال باقی رہے سب اہل حاجات کو بخشدیتا ہو اور نہ وہ باقی رہے جس کی تیری شمشیر مالک و قابض ہوئی یعنے سر ہائے اعدا الملکہ دونون تمام ہو جاتے ہین۔

فَاَکْثَرُ مِنْ جَرْیِهَا مَا وَهَبْتَ وَاَکْثَرُ مِنْ مَائِهَا مَا سَفَكْ

ترجمہ سو تیری بخشش آب جاری حوض سے زیادہ ہو اور اُس کے پانی سے زیادہ خون ہین جو تونے گرائے۔

اَسَاْتَ وَاَحْسَنْتَ عَنْ قُدْرَةٍ وَدُرْتَ عَلَی النَّاسِ دَوْرَ الْفَلَكْ

ترجمہ تونے دشمنون سے بُرائی اور دستونپر اپنی قدرت واختیار سے احسان کیا۔ اور تمام آدمیون پر ایسا محیط اور قابو یافتہ نافع وضار ہو گیا جیسا آسمان تمام دُنیا پر۔

وقال یمدح اباشجاع عضد الدولۃ ویودعہ وہو آخر ما قال وجری کلام کانہ نعی نفسہ وان لم یقصد ذلک وانشدہا فی شعبان سنۃ اربع وخمسین وفیہا قتل

فِدًی لَكَ مَنْ یُقَصِّرُ عَنْ مَدَاکَا فَلَا مَلِكٌ اِذًا اِلَّا فَدَاکَا

ترجمہ وہ شخص جو تیرے انتہائے شرف سے قاصر ہی تجھ پر قربان ہو سوا اس صورت مین کوئی بادشاہ نہین ہا جو تجھپر قربان ہو کیونکہ تمام بادشاہ تیرے انتہائے مجد سے قاصر ہین۔

وَلَوْ قُلْنَا فِدًى لَكَ مَنْ يُسَاوِي	دَعَوْنَا بِالْبَقَاءِ لِمَنْ قَلَاكَا

قلاہ ابغض ترجمہ اور اگر ہم یہ کہین کہ وہ شخص جو مرتبہ مین تیرے برابر ہی تجھ پر فدا ہو تو یہ دعائے بقا تیرے دشمنون کی ہی کیونکہ تیرا مثل معدوم ہی اور تمام دشمن مرتبہ سے گرے ہوئے ہین۔

وَآمَنَّا فِدَاءَكَ كُلَّ نَفْسٍ	وَإِنْ كَانَتْ لِمَمْلَكَةٍ مِلَاكَا

وآمنا عطف علی دعونا۔ والمملکۃ الملک و ملاک الشیٔ قوامہ ترجمہ اور درصورت دعائے مذکور ہر جان کو تیرے اوپر فدا ہونے سے بیخوف کردینگے اگرچہ وہ کسی سلطنت کا رکن ہو کیونکہ اُنمین کوئی تیرے برابر نہین ہی۔

وَمَنْ يَظَّنُّ نَثْرَ الْحَبِّ جُودًا	وَيَنْصِبُ تَحْتَ مَا نَثَرَ الشِّبَاكَا

ومن عطف علی قولہ کل نفس۔ واصل یظن یظتنن نقلبت التاء طاء لقرب المخرج وابدلت الطاء ظاء او ادغمت احدٰہما فی الاخری فصار یظنن وادغمت النون فی النون او اصلہ یتظنن وہو تفعل من الظن ترجمہ اور اُن شخصون کو خوف فدا سے امن دیدینگے جو جال پر دانہ بکھیرنے کو بخشش سمجھتے ہین اور دانہ کے نیچے دام بر پا کرتے ہین یعنی ان بادشاہون کو جنکی بخشش غرض آمیز ہی دام کے تلے دانہ بکھیرنا بخشش نہین ہی بلکہ وہ بغرض صید گیری ہی۔

وَمَنْ بَلَغَ التُّرَابَ بِهِ كَرَاهُ	وَقَدْ بَلَغَتْ بِهِ الْحَالُ السُّكَاكَا

ومن عطف علی الاول۔ والسکاک الجو والہواء۔ وروی ومن بلغ الحضیض وہو قرار الارض ترجمہ اور اُس شخص کو قربان کرنے سے امن دین گے جسکو خواب غفلت و جہالت نے نہایت پستی رتبہ مین پہنچا دیا ہی اور اُس کی صورت حال اور اُسکی ترقی اتفاقی نے اُس کو اوج پر پہنچا دیا ہی مگر باعتبار فضائل و حسنات نہایت گمنا ہوا ہی۔

فَلَوْ كَانَتْ قُلُوبُهُمْ صَدِيقًا	لَقَدْ كَانَتْ خَلَائِقُهُمْ عِدَاكَا

عدا جمع عدو ترجمہ سوا اسے نالائقون کے دل اگر تیرے دوست بھی ہون تو یہ اُنکے لئے کیا مفید ہو سکتے ہین کیونکہ اُنکی عادتین بخل وغیرہ تیری دشمن ہین۔

لِأَنَّكَ مُبْغِضٌ حَسَبًا نَحِيفًا	إِذَا أَبْصَرْتَ دُنْيَاهُ ضِنَاكَا

الحسب المال۔ والمرأۃ الضناک المکتنزۃ باللحم واستعار ذلک للدنیا ترجمہ کیونکہ حسب ضعیف کو جبکہ اُسکی دنیا مثل موٹی عورت کے طیار ہو تو مبغوض جانتا ہی۔ یعنے اُس شخص کو ناپسند کرتا ہی کہ وہ کثیر المال ہو اور قلیل العطا اور شرف و مفاخر کو دوست نہ رکھے۔

أَرُوحُ وَقَدْ خَتَمْتَ عَلَى فُؤَادِي	بِحُبِّكَ أَنْ يَحُلَّ بِهِ سِوَاكَا

ترجمہ مین تجھ سے ایسے حال مین رخصت ہوتا ہون کہ تونے میرے دل پر اپنی محبت کی مہر لگادی ہو اس خیال سے کہ اُس مین کوئی اور نہ اترے۔

وَقَدْ حَمَّلْتَنِي شُكْرًا طَوِيلًا	ثَقِيلًا لَا أُطِيقُ بِهِ حَرَاكَا

الحراک الحرکۃ ترجمہ اور تونے اپنے شکر طویل ثقیل کا بوجھ مجھ پر ایسا رکھ دیا ہی کہ مین اُسکے سبب حرکت نہین کر سکتا۔

أُحَاذِرُ أَنْ تَشُقَّ عَلَى الْمَطَايَا	وَلَا يَمْشِي بِنَا إِلَّا سِوَاكَا

السواک مشئ ضعیف من مشی الابل المهازیل الضعاف ترجمہ بسبب گرانی بار شکر مجکو ڈر ہی کہ میری سواری کی اُونٹنی کو اُسکا اٹھانا مشکل ہو اور ہمکو بیکر نہ چلین مگر موافق رفتار شتر لاغر ضعیف کے۔

لَعَلَّ اللهَ يَجْعَلُهُ رَحِيلًا	يُعِينُ عَلَى الْإِقَامَةِ فِي ذَرَاكَا

الذری الکنف والناحیۃ ترجمہ کاش خداوند تعالی اس رخصت ہونیکو ایسا کوچ کرے کہ وہ تیری پناہ مین ٹھہرنے کی امداد کرے یعنے مین جلد اپنے کنبے سے ملکر تیری خدمت مین حاضر ہو کر مقیم ہون۔

وَلَوْ أَنِّي اسْتَطَعْتُ خَفَضْتُ طَرْفِي	فَلَمْ أُبْصِرْ بِهِ حَتَّى أَرَاكَا

ترجمہ اور اگر مجھ سے ہوسکے تو مین اپنی آنکھین بند کرلون اور اُس سے کسی کو نہ دیکھون جبتک تجکو دیکھون یعنی جلد لوٹ آؤن۔

وَكَيْفَ الصَّبْرُ عَنْكَ وَقَدْ كَفَانِي	نَدَاكَ الْمُسْتَفِيضُ وَمَا كَفَاكَا

ترجمہ اور تیری جدائی پر کس طرح صبر ہو سکتا ہی حال آنکہ تیری عطائے عام میری تمام حاجات کو کافی ہو گئی اور تجکو اب بھی عطا سے سیری نہین ہوئی۔

أَتَتْرُكُنِي وَعَيْنُ الشَّمْسِ نَعْلِي	فَتَقْطَعَ مِشْيَتِي فِيهَا الشِّرَاكَا

اتترکنی ہو استفهام انکار وہو مقلوب والاصل ان اترک ترجمہ تو مجکو یا مین تجکو کس طرح چھوڑ سکتا ہون حال آنکہ تیری عنایات و قرب کے سبب مجکو یہ فخر حاصل ہی کہ خود چشمہ آفتاب میری پاپوش بنگیا ہی اب اگر مین تجھ سے جدا ہون تو میری رفتار اُس آفتاب مین میرے تسمہ کو توڑ دے اور وہ گر پڑے اور میرا شرف جاتا رہے۔

أَرَى أَسَفِي وَمَا سِرْنَا بَعِيدًا	فَكَيْفَ إِذَا غَدَا السَّيْرُ ابْتِرَاكَا

الابتراک السقوط علی الرکب وادا دہما سرعۃ السیر ترجمہ مین اپنے افسوس کو حاضر پاتا ہون اور ابھی ممدوح سے دور نہین گیا سو کیا حال ہوگا جب تیز روی زیادہ ہوگی۔

وَهَذَا الشَّوْقُ قَبْلَ الْبَيْنِ سَيْفٌ	فَهَا أَنَا مَا ضُرِبْتُ وَقَدْ أَحَاكَا

حاک السیف واحاک قطع ترجمہ اور یہ شوق قبل فراق تلوار کا کام کر رہا ہی سو سنو مین تو ابتک شمشیر فراق مارا نہین گیا اور اُس نے ابھی مجکو قتل کر دیا ہی۔

اِذَا التَّوْدِیْعُ اَعْرَضَ قَالَ قَلْبِیْ		عَلَیْکَ الصَّمْتَ لَا صَاحَبْتَ فَاکَا	

اعرض الشی بدا وظہر ترجمہ جب رخصت کا وقت سامنے آتا ہے تو میرا دل مجھے کہتا ہے کہ خاموش رہ اور رخصت کا نام نہ لے خدا کرے یہ منہ جس سے تو رخصت کا لفظ بولنا چاہتا ہے تیرے ساتھ نہ رہے یعنی تجکو قدرت گویائی نہ رہے۔ یہ الفاظ بدفالی میں سے ہیں۔

وَلَوْلَا اَنَّ اَکْثَرَ مَا تَمَنّٰی		مُعَاوَدَۃٌ لَقُلْتُ وَلَا مُنَاکَا	

مناجمع منیۃ وہو ما یتمناہ الانسان والمعاودۃ العود الیہ ترجمہ اور اگر یہ بات نہوتی کہ غالب تمنا میرے دل کی تیری طرف واپس آنا ہے تو میں اپنے دل سے کہتا کہ تو اپنی مراد کو نہ پہنچے اور ارتحال نصیب نہو۔

قَدِ اسْتَشْفَیْتَ مِنْ دَاءٍ بِدَاءٍ		وَاَقْتَلُ مَا اَعَلَّکَ مَا شَفَاکَا	

ترجمہ ای میرے دل تو نے ایک مرض یعنی مفارقت اہل وعیال سے طلب شفا کری دوسرے مرض یعنی ممدوح سے اور حال یہ ہے کہ جسنے تجھے بیمار کیا ہے یعنی فراق ممدوح وہ اس سے زیادہ سفاک ہے جسنے تجھے شفا دی یعنی ملاقات اہل وعیال سے۔ خلاصہ یہ کہ فراق ممدوح فراق اہل وعیال سے زیادہ مضر ہے۔

فَاَسْتُرُ مِنْکَ نَجْوٰی اَنَا وَاُخْفِیْ		هُمُوْمًا قَدْ اَطَلْتُ لَهَا الْعِرَاکَا	

النجوی مایستر من الکلام۔ والعراک المزاحمۃ ترجمہ سوائے ممدوح میں تجھ سے وہ راز کی باتیں جو مجھ میں اور دلین تی ہیں چھپاتا ہوں اور تیرے فراق کے ارادوں کو جنسے میری جنگ ایک عرصہ تک رہی ہے تجھ سے پوشیدہ رکھتا ہوں۔

اِذَا عَاصَیْتُهَا کَانَتْ شِدَادًا		وَاِنْ طَاوَعْتُهَا کَانَتْ رِکَاکَا	

الرکاک الضعاف وہو جمع رکیک ترجمہ جب میں ان ہموم فراق ممدوح کی نافرمانی کرتا ہوں تو وہ ہموم مجھ پر سخت ہو جاتے ہیں اور اگر ان ارادوں کی فرمانبرداری کرتا ہوں اور ارادہ ارتحال کرتا ہوں تو وہ غم ضعیف ہو جاتے ہیں۔

وَکَمْ دُوْنَ الثَّوِیَّۃِ مِنْ حَزِیْنٍ		یَقُوْلُ لَهٗ قُدُوْمِیْ ذَا بِذَاکَا	

الثویۃ مکان علی ثلثۃ امیال من الکوفۃ ترجمہ اور مقام ثویہ سے ورے میرے فراق سے بہت سے غمگین ہیں اور جب میں ان سے ملونگا تو وہ خوش ہوں گے تو میرا واپس آنا ان سے کہے گا کہ یہ خوشی وصال بعوض اس غم فراق کے ہے جب میں تم سے جدا ہوا تھا۔

وَمِنْ عَذْبِ الرُّضَابِ اِذَا اَنَخْنَا		یُقَبِّلُ رَحْلَ تُرْوَکَ وَالْوِرَاکَا	---

عطف علی قولہ من حزین۔ والرضاب ماء الانسان۔ وتروک اسم ناقۃ قد اعطاہا لہ عضد الدولۃ۔ والوراک جلد تتخذ الراکب تحت ورکہ قدام واسطۃ الرحل ترجمہ اور مقام ثویہ سے ورے بہت سے معشوق شیریں آب دندان ہیں گے

جب ہم شترونکو بٹھا دینگے تو وہ معشوق ترک ناقہ کے کجاوہ کو اور اُس کمال کو جو زیر سرین آرام سوار کیلئے ڈالتے ہین بوسہ دینگے بسبب محبت وخوبی زیرانداز کے۔

يُحَرِّمُ أَنْ يَمَسَّ الطِّيبَ بَعْدِي ... وَقَدْ عَبِقَ الْعَبِيرُ بِهِ وَصَاكَا

صاک الشئ بالشئ لصق بہ ترجمہ اُس معشوق شیرین آب دہن نے میرے بعد خوشبو لگانا حرام سمجھا ہوا باوجود اس حالیکہ ہوگا کہ میری ملاقات کی خوشی مین اُسکے بدن سے عنبر کی خوشبو آتی ہوگی جو اُسکے بدنسے لگی ہوگی۔

وَيَمْنَعُ ثَغْرَهُ مِنْ كُلِّ صَبٍّ ... وَيَمْنَحُهُ الْبَشَامَةَ وَالْأَرَاكَا

البشام والاراک ضربان من الشجر یستاک بفروعہا ترجمہ اور وہ معشوق اپنے دندان کو بسبب عفت کے ہر عاشق سے محفوظ رکھتا ہے البتہ اپنے دندان چوب بشامہ واراک کو جسے وہ مسواک کرتا ہے دیتا ہے۔

يُحَدِّثُ مُقْلَتَيْهِ النَّوْمُ عَنِّي ... فَلَيْتَ النَّوْمَ حَدَّثَ عَنْ نَدَاكَا

ترجمہ خواب میرا حال اُسکی دونون آنکھون سے بیان کرتا ہے کاش خواب تیری سخاوت کا حال میری نسبت بیان کردے کہ مین تیرے پاس کس عمدہ حالت مین ہون تاکہ اُسکی تسلی کا باعث ہو۔

وَأَنَّ الْبُخْتَ لَا يُعْرِقْنَ إِلَّا ... وَقَدْ أَنْضَى الْعُذَافِرَةَ اللِّكَاكَا

فاعل انضى محذوف دل علیہ یعرقن - والتقدیر لا یعرقن الا وقد انضى الاعراق نحو ہا کما فی قولہ تعالیٰ اعدلوا ہو اقرب للتقویٰ ای العدل اقرب للتقویٰ فرد الضمیر الی العدل لدلالۃ اعدلوا علیہ ویجوز ان یکون الفاعل مقدرا ای وقد انضاہا مثل عطایا الممدوح - واعرق اذا اتی العراق وانجد اذا اتی النجد - والکوفۃ بلد الی الطیب احد العراقین - وانضاہا اذہب لحمہا وہزلہا - والعذافرۃ الناقۃ الشدیدۃ - وسمی الاسد عذافرا لشدتہ - واللکاک المکتنزۃ اللحم ترجمہ اور کاش خواب اُس سے یہ بھی بیان کردے کہ شتران خراسانی میرے جو ممدوح نے عنایت کئے ہین عراق مین یعنی کوفہ مین داخل ہونگے مگر بعد اسکے کہ بار ہائے گران عطایائے ممدوح نے شتر قوی و پرگوشت وطیار کو دُبلا وضعیف کر دیا ہوگا۔

وَمَا أَرْضَى لِمُقْلَتِهِ بِحُلْمٍ ... إِذَا انْتَبَهَتْ تَوَهَّمَهُ ابْتِشَاكَا

البتشک الابتشاک الکذب ترجمہ پھر مقولہ سابق سے رجوع کرکے کہتا ہے کہ مین محبوب کی آنکھ کے واسطے ایسا خواب دیکھنا پسند نہین کرتا کہ جب وہ جاگے تو اُسکو جھوٹا خیال کرے۔

وَلَا إِلَّا بِأَنْ يُصْغِي وَأَحْكِي ... فَلَيْتَكَ لَا يُتَيِّمُهُ هَوَاكَا

ولا ای لا ارضى الا فحذف فلا لدلالۃ الاول علیہ ترجمہ اور مین تو کوئی بات پسند نہین کرتا مگر یہ کہ محبوب میری طرف اپنے کان جھکائے اور تیری عنایات وعطیات کا حال مین اُس سے بیان کرون ورنہ وہ شاید اپنے خواب کو جھوٹا سمجھے لہٰذا تیرے کرم وعطا اُسکو اپنا مطیع نکرین سچ ہے الانسان عبید الاحسان۔

وَکَمْ طَرَبِ الْمَسَامِعِ لَیْسَ یَدْرِیْ	اَیَعْجَبُ مِنْ ثَنَائِیْ اَمْ عُلَاکَا

الطرب خفة تلحق عند شدة الفرح والحزن ترجمہ اور بہت سے اشخاص ایسے ہونگے کہ تیری تعریف کے اشعار سنکر خوش ہونگے اور اچھل پڑیں گے اور یہ نہیں معلوم ہوگا کہ وہ اشعار مدحیہ سنکر خوش ہوئے ہیں یا تیری علو قدر سے۔

وَذَاکَ النَّشْرُ عِرْضُکَ کَانَ مِسْکًا	وَذَاکَ الشِّعْرُ فِهْرِیْ وَالْمَدَاکَا

النشر الرائحة الطيبة - والفهر الحجر الذی یسحق به الطیب - والمداک الصلاية التی یداک علیها - والدوک الدق والسحق ترجمہ اور یہ ثنائے طیب تیری آبرو ہی جو بمنزلہ مشک ہی جو فی نفسہ خوشبودار ہی مگر گھسنے سے اُسکی بو زیادہ پھیلتی ہی اور میرے شعر بمنزلہ بٹے اور سل کے ہیں جس سے مشک پیسا جاتا ہی یعنی میرے اشعار کے ذریعہ سے تیرے فضائل تمام دُنیا میں منتشر ہوتے ہیں

فَلَا تَحْمَدْهُمَا وَاحْمَدْ هُمَامًا	اِذَا لَمْ یُسْمِ حَامِدُهٗ عَنَاکَا

ترجمہ سو تو میرے شعر یعنی سل بٹے کی تعریف نکر اور صاحب ارادہ سردار کی تعریف کر کہ جب اُس سردار کا اُسکا ثناخوان نام نہ لے تو اُسکی مراد اُس سے تو ہی ہی۔

اَغَرَّ لَهٗ شَمَائِلُ مِنْ اَبِیْهِ	غَدًا یَلْقٰی بَنُوْکَ بِهَا اَبَاکَا

الاغر الابیض وتفسیره صفة لهما - الشمائل الطبائع والخلائق الواحدة شمال ترجمہ وہ سردار روشن ہی کہ اپنے باپ سے خصال حمیدہ کا وارث ہی پھر اُسکو خطاب کر کے کہتا ہی کہ کل کو تیرے بیٹے تیرے باپ یعنی اپنے دادے سے اُن فضائل سے متصف ہو کر ملیں گے یعنی اُسکے مشابہ ہونگے - تیرے باپ سے مشابہ ہونگے اس سے یہ مراد ہی کہ اُنمیں تیری سی خوبیاں تو ہو ہی نہیں سکتیں۔

وَفِی الْاَحْبَابِ مُخْتَصٌّ بِوَجْدٍ	وَاٰخَرُ یَدَّعِیْ مَعَهٗ اشْتِرَاکَا

ترجمہ اور دوستوں میں بعض تو محبت اور عشق کے ساتھ خاص ہوتے ہیں یعنی اُنکی محبت صحیح ہوتی ہی اور بعض ایسے ہوتے ہیں کہ خود خالص المحبة نہیں ہوتے مگر خالص کے ساتھ ہو بیٹھتے ہیں مومیں خالص الوداد ہوں۔

اِذَا اشْتَبَهَتْ دُمُوْعٌ فِیْ خُدُوْدٍ	تَبَیَّنَ مَنْ بَکٰی مِمَّنْ تَبَاکٰی

ترجمہ جبکہ اشک رخساروں پر مشتبہ ہوں تو آنرو وہ شخص جو دلسے روتا ہی اُس شخص سے جو بتکلف روتا ہی ظاہر ہوجاتا ہی۔

اَذَمَّتْ مَکْرُمَاتُ اَبِیْ شُجَاعٍ	لِعَیْنِیْ مِنْ نَوَایَ عَلٰی اُوْلَاکَا

الذمة العهد - واذم الرجل لغیره اذا عاهده علی امر لزمه له ومعنی اذم له علی فلان اذا منعه منه کما قال ؎ وهم من اذم لهم علیه ٭ کریم العرق والحسب النضار - والنوی البعد واولاک لغة فی اولئک - وعلی من صلة اذمت ترجمہ ابو شجاع کی مکرمتوں نے میری آنکھوں سے عہد لے لیا ہی یا مجھکو منع کر دیا ہی کہ اُس سے جدا ہو کر اپنے اہل وعیال

کی طرف متوجہ نہونگا۔ ومن ردٰی ثواء بالثار الثلثۃ جبل علی صاۃ الشوار یعنی مین اُنکے پاس مقیم ہونگا فوراً واپس آؤن گا۔

نَزَّلْ يَا بُعْدُ عَنْ أَيْدِيْ رِكَابٍ	لَهَا وَقْعُ الْأَسِنَّةِ فِيْ حَشَاكَا

ترجمہ جب میرا ارادہ جلد واپس آنیکا ہی تو اے بعد وطن میری سواری کے شتر کے سامنے سے پرے ہٹ کیونکہ اُس کی تیز رفتاری ایسی ہی جیسے تیرے باطن مین نیزونکا پڑنا وہ تجکو کاٹ ڈالے گی۔

وَأَيًّا شِئْتِ يَا طُرُقِيْ فَكُوْنِيْ	أَذَاةً أَوْ نَجَاةً أَوْ هَلَاكَا

ترجمہ اے میری راہہائے وطن اب جیسی تم چاہو ہو تکلیف یا نجات یا ہلاک یعنی مجکو اسکی کچھ پروا نہین کہتے ہین کہ عضد الدولہ نے اس امر سے بدفالی لی کہ متنبی نجات کو تکلیف اور ہلاک کے بیچ مین لایا۔

وَلَوْ سِرْنَا وَفِيْ تَشْرِيْنَ خَمْسٌ	رَأَوْنِيْ قَبْلَ أَنْ يَرَوُا السِّمَاكَا

تشرین شہر من اشہر الفرس وہو اول سنتہم۔ والسماک کوکب معروف وہو یطلع بالغداۃ لخمس یخلون من تشرین الاول ترجمہ اور اگر ہم کوفے کو چلے ایسے وقت مین کہ تشرین کی پانچوین تاریخ شروع ہوجاوے تو میرے متعلقین جو کوفہ مین ہین مجکو سماک کے دیکھنے سے پہلے دیکھین گے۔ یہ گفتگو بطور مبالغہ کے ہی یعنی اگر میری روانگی اور طلوع سماک ایک وقت ہو تو اہل کوفہ مجکو قبل رویت سماک دیکھین گے غرض میری تیز رفتاری سماک سے زیادہ ہی۔

يُشَتِّتُ يُمْنُ فَنَّاخُسْرَ عَنِّيْ	قَنَا الْأَعْدَاءِ وَالطَّعْنَ الدِّرَاكَا

فناخسر اسم عجمی وہو اسم عضد الدولۃ۔ والطعن الدراک المتتابع ترجمہ سعادت و برکت عضد الدولہ کی مجھسے دشمنون کے تیرون اور متواتر نیزہ زنی کو دور اور دفع کردے گی۔

وَأَلْبَسُ مِنْ رِضَاهُ فِيْ طَرِيْقِيْ	سِلَاحًا يُذْعِرُ الْأَبْطَالَ شَاكَا

الغالب علی السلاح التذیر وقد یونث۔ وسلاح شاک یعنی شائک ای ذو شوکۃ ترجمہ اور اپنی راہ مین خوشنودی ممدوح کے ایسے صاحب شوکت ہتھیار پہنون گا جو دلیرونکو ڈرادین۔

وَمَنْ أَعْتَاضُ عَنْكَ إِذَا افْتَرَقْنَا	وَكُلُّ النَّاسِ زُوْرٌ مَا خَلَاكَا

ترجمہ اور جب ہم جدا ہوجاوین تو مین کسکو تیرا عوض سمجھون یعنی کوئی تیرا بدل نہین ہوسکتا اور حال یہ ہی کہ تیرے سوائے سب لوگ دوستی مین جھوٹے ہین پس جھوٹا سچے کا بدل نہین ہوسکتا۔

وَمَا أَنَا غَيْرُ سَهْمٍ فِيْ هَوَاءٍ	يَعُوْدُ وَلَمْ يَجِدْ فِيْهِ امْتِسَاكَا

ترجمہ اور مین سوائے تیر ہوائی کے اور کچھ نہین ہون کہ وہ اپنی غایت ارتفاع پر پہنچکر بے ٹھہرے فوراً لوٹ آتا ہی ایسا ہی میرا وطن جانا ہی کہ پہنچتے ہی فوراً واپس آؤنگا۔

حَيِيٌّ مِنْ إِلٰهِيْ أَنْ يَرَانِيْ	وَقَدْ فَارَقْتُ دَارَكَ وَاصْطَفَاكَا

روی ابو الفتح اصطفاک بکسر الطاء وہو من باب تقصر الممدود۔ والاصطفاء الاختیار والاکثر جاءہ بکسر الطاء وقرء وہ بفتح الطاء علی صیغة الماضی ترجمہ صورت اول مین یہ ہوگا کہ مین خداوند تعالیٰ سے شرم کرتا ہون اس امر کی کہ وہ مجکو ایسے حال مین دیکھے کہ مین تیرے گھر اور تیری محبت خالص سے مفارقت اختیار کرون کہ یہ سخت ناقدردانی ہے اس حالتین اصطفا مصدر مقصور ہوگا اور دوسری صورت مین یہ ترجمہ ہوگا کہ اس سے مجھے شرم ہے کہ مین تجھ سے ایسے حال مین جدا ہون کہ خدا نے تجکو برگزیدہ کیا ہے اسوقت اصطفاک صیغہ ماضی ہوگا۔ وقد ذکر محمد بن میدان المتنبی قال لم اقصر ممدودا الا موضعا واحدا وہو سے خذ من ثنای علیک اصطیتہ الا تلزمنی فی الثناء الواجبا۔

وقال یمدح سیف الدولة وقد عزم علی الرحیل من انطاکیة وکثر المطر

رُوَیْدَکَ اَیُّہَا الْمَلِکُ الْجَلِیْلُ	تَاَیَّ وَعُدَّہٗ مِمَّا تُنِیْلُ

رویدک تمہل۔ وتائی ترفق والمکث وفی روایة تان بالنون وہو ایضا بمعنی تمہل ترجمہ ای جلیل القدر بادشاہ کوچ مین تامل فرما اور اس درنگ کو اپنی نعمتون سے ایک نعمت شمار کر دیجئے اپنے لشکر کے واسطے۔

وَجُوْدَکَ بِالْمُقَامِ وَلَوْ قَلِیْلاً	فَمَا فِیْمَا تَجُوْدُ بِہٖ قَلِیْلُ

نصب جودک باضمار فعل ای اونا جودک او فعلتہ قلیلا فنصب قلیلا علی الحال ترجمہ اور قیام کی بخشش فرما اگرچہ وہ قیام قلیل ہو اور تیری عطا تو قلیل ہی نہین ہوتی۔

لِاَکْبِتَ حَاسِدًا وَاُرِیْ عَدُوًّا	کَاَنَّہُمَا وَدَاعُکَ وَالرَّحِیْلُ

الکبت الخیبة واری من الوری وہو اصابة الریة وہو داء فی الجوف ترجمہ تو قیام فرما تاکہ مین حاسد کو ناکامیاب اور دشمن کے پھیپھڑے دنکو دردناک کرون اور وہ حاسد اور دشمن ایسے مبغوض ہین جیسا تجھ سے رخصت ہونا اور تیرے پاس سے کوچ کرنا یہان دو چیزون کو دو چیزون سے تشبیہ دی ہے۔ اور تیرے قیام سے میرے حاسد اور دشمن اس لئے رنجیدہ ہون گے کہ تو نے میری غرض سے قیام فرمایا اور میرا تقرب ثابت ہوا۔

وَیَہْدَأُ ذَا السَّحَابُ فَقَدْ شَکَکْنَا	اَتَغْلِبُ اَمْ حَیَاہُ لَکُمْ قَبِیْلُ

الہدء السکون۔ وتغلب قبیلة الممدوح وہی تغلب بن وائل۔ والحیا المطر۔ والقبیل العشیرة ترجمہ آپ قیام فرمایئے تاکہ یہ ابر بارش سے ٹھہر جاوے کیونکہ ہمکو اسکی کثرت سے شک ہوگیا ہے کہ یہ فرقہ بنی تغلب تیری قوم ہے یا اس کا باران تمہارا ہم جد قبیلہ ہے ورنہ اور چیزین تو ایسی کثیر نہین ہوتین۔

وَکُنْتُ اَعِیْبُ عَذْلًا فِیْ سَمَاحٍ	فَہَا اَنَا فِی السَّمَاحِ لَہٗ عَذُوْلُ

قال ابن القطاع ضمیر لہ للسحاب والجمہور بخلاف ما قال ترجمہ اور مین سابقا در باب سخاوت ملامت کرنے کو برا سمجھتا تھا

سواب مین افراط سخاوت ممدوح دیکھکر اُسکا ملامت گر ہون یا ابر کی کثرت بارش و سخاوت پر اُس کو ملامت کرتا ہون کہ اتنا نہ برس -

وَمَا اَخْشٰى نُبُوَّكَ عَنْ طَرِيْقٍ	وَسَيْفُ الدَّوْلَةِ الْمَاضِي الصَّقِيْلُ

النبو الارتفاع والرجوع ومنہ نبا السیف عن الضریبۃ ترجمہ اور مجکو یہ خوف نہین ہی کہ تو کسی راہ سے اوچٹ جائے یعنی عاجز ہو جائے اور حال یہ ہی کہ تو سیف دولت اسلام ہی اور سیف اسلام برندہ اور صیقلدار ہوتی ہی پس اُسکے اوچٹنے کے کیا معنی - خلاصہ یہ کہ مین تجکو کوچ سے اس لئے نہین روکتا کہ طریق تجکو دشوار ہوگا کیونکہ تجکو کوئی چیز عاجز نہین کرتی -

وَكُلُّ شَوَاةِ غِطْرِيْفٍ تَمَنّٰى	لِسَيْرِكَ اَنَّ مَفْرِقَهَا السَّبِيْلُ

الشواۃ جلدۃ الراس - والغطریف السید الکریم ترجمہ اور ہر سردار کے سر کی کھال آرزو مندہی کہ تیرے چلنے کے واسطے اُسکا سر تیری راہ ہو کیونکہ تو خود شریف کریم ہی تجھ سے کوئی چیز کوئی دریغ نہین کرتا -

وَمِثْلُ الْعُمْقِ مَمْلُوْءٍ دِمَاءً	مَشَتْ بِكَ فِيْ مَجَارِيْهِ الْخُيُوْلُ

من رفع مثل العمق ومملوا جعلہ مبتدأ وخبرا - ومن خفض وعلیہ الاکثر جعلہ عطفا علی قولہ طریق - وقیل العمق واد وخفضہ بواو رب ای رب مکان مثل العمق وھو الاظہر ترجمہ اور بہت سے وادی مثل نالۂ عمق کے خون سے پر ہین کہ تیرے گھوڑے تجکو لیکر اُسکی دھارون پر چلتے ہین پس اُسکے سیل کا کیا خوف ہی -

اِذَا اعْتَادَ الْفَتٰى خَوْضَ الْمَنَايَا	فَاَهْوَنُ مَا يَمُرُّ بِهِ الْوُحُوْلُ

الوحول جمع وحل وھو ما یبقی فی الارض من سیل ترجمہ جبکہ جوانمرد موتون کے دریا مین گھسنے کا عادی ہو تو کیچڑون مین اُسکو چلنا نہایت آسان ہی - خلاصہ یہ ہی کہ تجکو کیچ گارہ سفر سے نہین روکتا ہی -

وَمَنْ اَمَرَ الْحُصُوْنَ فَمَا عَصَتْهُ	اَطَاعَتْهُ الْحُزُوْنَةُ وَالسُّهُوْلُ

الحزن ضد السہل وھو ما صعب من الارض ترجمہ اور جو شخص قلعون کو حکم کرے تو وہ اُسکی اطاعت کرین اور فتح ہو جائین تو اُسکی دشوار گزار اور نرم زمینین بطریق اولے اطاعت کرین گی -

اَتَخْفِرُ كُلَّ مَنْ رَمَتِ اللَّيَالِيْ	وَتَنْشُرُ كُلَّ مَنْ دَفَنَ الْخُمُوْلُ

ہذا استفہام تعجب - وتنشر بمعنی تحیی - وخفرت الرجل اجرتہ ومنعت منہ - والخمول السقوط ترجمہ کیا تو پناہ دیتا ہی اُس کو جس کے حوادث روزگار نے تیر مارے ہین اور زندہ کرتا ہی اُسکو جسکو گمنامی نے دفن کردیا ہی کہ وہ تیری اعانت سے نامور ہو جاتا ہی -

وَنَدْعُوْكَ الْحُسَامَ وَهَلْ حُسَامٌ	يَعِيْشُ بِهِ مِنَ الْمَوْتِ الْقَتِيْلُ

الحسام السیف القاطع ترجمہ اور ہم تجکو تلوار کے نام سے یعنے سیف الدولہ کہکر پکارتے ہین اور کیا ایسی بھی کوئی تلوار ہوتی ہو کہ اُسکے سبب سے مقتول زندہ ہو جاوے سو تو عجیب شخص ہو۔

وَمَا لِلسَّیْفِ اِلَّا الْقَطْعَ فِعْلٌ	وَاَنْتَ الْقَاطِعُ الْبَرُّ الْوَصُوْلُ

نصب القطع لانہ استثناء مقدم ترجمہ اور تلوار کا کام تو سوائے قطع اور کچھ نہین ہو مگر تو عجب تلوار ہو کہ تجھ مین اوصاف متضادہ جمع ہین یعنی دشمنونکے حق مین تو تو قاطع ہو اور امیدوارونکے حق مین نکوکار اور دوستون کے لئے بڑا ملنے والا اور محسن۔

وَاَنْتَ الْفَارِسُ الْقَوَّالُ صَبْرًا	وَقَدْ فَنِیَ التَّکَلُّمُ وَالصَّهِیْلُ

صبراً ای اصبر صبراً ترجمہ اور تو ایک شہسوار معلم صبر ہو اُسوقت کہ بسبب شدت مصائب جنگ لوگون کا بولنا اور گھوڑون کا ہنہنانا جاتا رہے۔ ثابت قدمی کی تعریف ہو۔

یَحِیْدُ الرُّمْحُ عَنْكَ وَفِیْهِ قَصْدٌ	وَیَقْصُرُ اَنْ یَّنَالَ وَفِیْهِ طُوْلُ

الحید الرجوع۔ والقصد الاستقامۃ ترجمہ تیرے شرف وکرم وہیبت کے سبب نیزہ باوجود اپنی استقامۃ کے تیری طرف سے لوٹ پڑتا ہو اور باوجود طویل ہونیکے تجھ تلک پہنچنے مین کوتاہی کرتا ہو۔ گویا جمادات تیرا لحاظ کرتے ہین۔ یعنے دلیر لوگ اُس سے لڑائی مین کنارہ کرتے ہین۔

فَلَوْ قَدَرَ السِّنَانُ عَلٰی لِسَانٍ	لَقَالَ لَكَ السِّنَانُ کَمَا اَقُوْلُ

ترجمہ سواگر نیزہ کی بھال کو بولنے کی قدرت ہوتی تو وہ تجھسے ایسا کہتی جیسا کہ مین کہتا ہون یعنی یہ ہم تیرا لحاظ کرتے ہین۔

وَلَوْ جَازَ الْخُلُوْدُ خَلَدْتَ فَرْدًا	وَلٰکِنْ لَّیْسَ لِلدُّنْیَا خَلِیْلُ

ترجمہ اور اگر ہمیشہ زندہ رہنا جائز ہوتا تو تو بسبب اپنے فضائل وکمالات کے دُنیا مین ہمیشہ رہتا مگر کیا کیجئے کہ دنیا کا کوئی دوست نہین ہو وہ سب کو ایک بہا ؤ خریدتی ہو اور فنا کردیتی ہو۔

وقال یرثی والدۃ سیف الدولۃ وقد توفیت بمیافارقین وجاء الخبر بموتہا الی حلب سنۃ تسع وثلثین وثلثمائۃ وانشدہ ایاہا فی جمادے الآخرۃ من السنۃ

نُعِدُّ الْمَشْرَفِیَّةَ وَالْعَوَالِیْ	وَتَقْتُلُنَا الْمَنُوْنُ بِلَا قِتَالٍ

المشرفیۃ السیوف والعوالی الرماح والمنون الدہر یذکر ویونث ترجمہ ہم دشمنون کے قتال کے واسطے عمدہ تلوارین اور بلند نیزے طیار کرتے ہین اور موت بے لڑے ہمکو مار ڈالتی ہو۔

وَنَرْتَبِطُ السَّوَابِقَ مُقْرَبَاتٍ	وَمَا یُنْجِیْنَ مِنْ خَبَبِ اللَّیَالِیْ

المقربات من الخیل ہی الکرام التی تربط لکرامتہا علی اصحابہا او لفرط الحاجۃ الیہا ترجمہ اور ہم عمدہ گھوڑے طیار رکھتے ہین مگر وہ تیزروی زمانہ سے ہمکو نجات نہین دیتے حوادث ہمکو آہی پکڑتے ہین۔

وَمَنْ لَمْ يَعْشَقِ الدُّنْيَا قَدِيْمًا	وَلٰكِنْ لَا سَبِيْلَ اِلَى الْوِصَالِ

ترجمہ اور ہمیشہ سے وہ کون شخص ہی جو دنیا پر عاشق نہو مگر دوام وصال دنیا کا کوئی راستہ نہین ہی یعنی دُنیا قحبہ کے مانند ہر ایک سے مل بیٹھتی ہی مگر اُسکے دوام وصال کی کوئی تدبیر نہین ؎ فیوا عند عطار دیوا عند بیطار۔

نَصِيْبُكَ فِيْ حَيَاتِكَ مِنْ حَبِيْبٍ	نَصِيْبُكَ فِيْ مَنَامِكَ مِنْ خَيَالِ

ترجمہ تیرا حصہ دوست کی ملاقات سے اپنی زندگی مین ایسا ہی جیسا تیرا حصہ خیال سے خواب مین

رَمَانِي الدَّهْرُ بِالْاَرْزَاءِ حَتّٰى	فُؤَادِيْ فِيْ غِشَاءٍ مِنْ نِبَالِ

الارزاء جمع رزء وہی المصیبات ترجمہ زمانہ نے میرے مصائب کے تیر مارے یہان تلک کہ میرا دل اُسکے تیرون کے پردہ مین ہی یعنی میرے دلپر ہر طرف سے تیر لگ رہے ہین اور میرا دل اُنمین غائب ہی۔

فَصِرْتُ اِذَا اَصَابَتْنِيْ سِهَامٌ	تَكَسَّرَتِ النِّصَالُ عَلَى النِّصَالِ

ترجمہ سو مین ایسے حال مین ہو گیا کہ جب مجھے تیر لگتے تھے تو تیرونکی بھالین تیرونکی بھالونپر لگ کر ٹوٹتی تھین یعنے مصائب کے تیر اس کثرت سے لگتے تھے کہ تیر دلپر نہین لگتے تھے بلکہ بھالونپر۔

وَهَانَ فَمَا اُبَالِيْ بِالرَّزَايَا	لِاَنِّيْ مَا انْتَفَعْتُ بِاَنْ اُبَالِيْ

ترجمہ اور مصائب دہر کے تیر لگنے مجھکو آسان ہو گئے کیونکہ جو مصیبت ہمیشہ بنی رہتی ہو اُس کا تحمل مساوات ہو جاتا ہی بلکہ وہ مصیبت ایک ضروری امر ہو جاتا ہی مومن خان خوب کہتے ہین ؎ درد ہی جان کی عوض ہر رگ و پے مین ساری + چارہ گر ہم نہین ہونگے جو درمان ہوگا۔ اب مجکو مصیبتونکی کچھ پروا نہین ہی کیونکہ پروا کرنے سے کچھ فائدہ مجکو نہین ہوا جو مصیبت مقدر مین ہی پہنچکر ہی رہتی ہی۔

وَهٰذَا اَوَّلُ النَّاعِيْنَ طُرًّا	لِاَوَّلِ مَيْتَةٍ فِيْ ذَا الْجَلَالِ

الناعون جمع ناع واصلہ رفع الصوت واظہارہ بالمصیبۃ۔ والناعی الذی یاتی بخبر المیت۔ واصلہ ان العرب کانت اذا مات منہا میت لہ شرف یرکب فارس فرسًا وجعل یسیر فی الناس ویقول نعار فلانًا ای انعہ واظہر خبر وفاتہ ترجمہ اور یہہ شخص تیری والدہ کی خبر مرگ لانیوالا ایسے مردہ صاحب جلال کا اول خبر مرگ لانیوالا شخص ہی۔ کیونکہ اس سے پہلے ایسی شریف عورت نہین مری۔

كَاَنَّ الْمَوْتَ لَمْ يَفْجَعْ بِنَفْسٍ	وَلَمْ يَخْطُرْ لِمَخْلُوْقٍ بِبَالِ

ترجمہ یہہ مصیبت ایسی سخت ہی کہ اس سے پہلے گویا موت نے کسی جان کو دردمند نہین کیا اور کسی مخلوق کے

دل مین بھی ایسی مصیبت کا خیال نہین آیا۔ یعنی اس مصیبت نے تمام مصیبتون کو بھلا دیا۔

صَلٰوۃُ اللّٰہِ خَالِقِنَا حَنُوطٌ	عَلٰی الْوَجْہِ الْمُکَفَّنِ بِالْجَمَالِ

الحنوط طیب یستعمل فی غسل المیت۔ والصلوۃ الترحم والدعاء ترجمہ خدا کی رحمت بجائے خوشبوے میت اُس روئے مبارک پر لگی ہوئی ہو جسکو جمال بمنزلہ کفن ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہو۔

عَلٰی الْمَدْفُوْنِ قَبْلَ التُّرْبِ صَوْنًا	وَقَبْلَ اللَّحْدِ فِیْ کَرَمِ الْخِلَالِ

اللحد ما کان فی جنب القبر والشق فی وسطہ ترجمہ خدا کی رحمت اُس مردہ عورت پر جو مرنے سے پہلے صیانۃً مین دفن تھی اور قبل قبر مین جانے کے بزرگ خصلتون مین۔

فَاِنَّ لَہٗ بِبَطْنِ الْاَرْضِ شَخْصًا	جَدِیْدًا اِذْکُرُنَاہُ وَھُوَ بَالِیْ

ترجمہ کیونکہ اُس مدفون کے لئے شکم زمین مین ایسا وجود ہی کہ وہ کہنہ ہوگیا ہو اور ہماری یاد اُس کے لئے نرم تازہ ہی۔

وَمَا اَحَدٌ بِخُلْدٍ فِی الْبَرَایَا	بَلِ الدُّنْیَا تَؤُوْلُ اِلٰی زَوَالِ

ترجمہ اور دنیا مین کوئی ہمیشہ نہین رہے گا بلکہ دنیا اور اہل دنیا کا انجام فنا ہی۔

اَطَابَ النَّفْسَ اَنَّکِ مُتِّ مَوْتًا	تَمَنَّتْہُ الْبَوَاقِیْ وَالْخَوَالِیْ

ترجمہ ہماری طبیعت کو اس امر نے خوش کیا ہی کہ تو ایسی موت مری جسکی تمنا زندہ اور مردہ عورتین رکھتی ہین۔

وَزُلْتِ وَلَمْ تَرَیْ یَوْمًا کَرِیْھًا	تُسَرُّ الرُّوْحُ فِیْہِ بِالزَّوَالِ

ترجمہ اور تو ایسے حال مین مری کہ تو نے کبھی ایسا مکروہ روز نہین دیکھا کہ اُسین روح مرنے سے خوش ہو۔

رِوَاقُ الْعِزِّ حَوْلَکِ مُسْبَطِرٌّ	وَمُلْکُ عَلِیٍّ اِبْنِکِ فِیْ کَمَالِ

ترجمہ عزت کا سرا پردہ تجھ پر تنا ہوا ہی اور سلطنت تیرے بیٹے علی سیف الدولہ کی کمال مین قال الصاحب ذکرہ الاسبطرار فی مرثیۃ النساء من الخذلان المبین۔ قال ابن فورجۃ لاخذلان فیہا فصیح واستعمل کثیرا۔ قال العروضی سمعت ابا بکر الشعرانی خادم المتنبی یقول قدم علینا وقرأنا علیہ شعرہ فانکر ہذہ اللفظۃ وقال مستظل فسقط الاعتراض۔

سَقٰی مَثْوَاکِ غَادٍ فِی الْغَوَادِیْ	نَظِیْرُ نَوَالِ کَفِّکِ فِی النَّوَالِ

مثواک قبرک۔ والغوادی جمع غادیۃ وہی السحاب تنشأ صباحا ترجمہ تیری قبر کو منجملہ ابرہائے صبح بار ایک ایسا ابر تر کرے جو کثیر ہو جیسے سخاوتون مین تیری سخاوت۔

لِسَاحِیْہِ عَلَی الْاَجْدَاثِ حَفْشٌ	کَاَیْدِی الْخَیْلِ اَبْصَرَتِ الْمَخَالِیْ

الساحی الناشر۔ والحفش شدۃ الوقع۔ والمخالی جمع مخلاۃ وہو وعاء یجعل فیہ التبن والشعیر للدابۃ ترجمہ وہ پراگندہ ابر بسبب شدت بارش کے زمین کو ایسا ادھیڑے جیسے گھوڑون کے پانو دانہ کے توبڑون کو دیکھ کر بسبب

شدت رغبت دانہ کے۔

قال ابو الفتح الغرض فی الدعاء للقبور بالغیث الانبات وما یدعو الناس الی الحلول والاقامۃ واجتماعہم لیذکروا اصاحبہا ویثنوا علیہ

اُسَائِلُ عَنْكَ بَعْدَكَ كُلَّ مَجْدٍ	وَمَا عَهْدِي بِمَجْدٍ عَنْكَ خَالِ

الوجہ ان یقول خالیا فنصبہ علی الحال ولکنہ اسکنہ علی قول من قال رایت قاضی او لضرورۃ الوزن وقال قوم فی اعراب قولہ خال ہو نعت المجد فیکون المعنی لیس لی عہد بمجد خال عنک علی ہذا لیس فیہ ضرورۃ ترجمہ مین تیرا حال ہر شرف اور مجد سے پوچھتا ہون کہ وہ تیرے ملازم اور مصاحب تھے کیونکہ میرا علم تیری زندگی کے زمانہ مین یہ ہی کہ کوئی بزرگی وشرف تجھ سے خالی نہ تھی اس لئے تیرا حال اُس سے دریافت کرتا ہون۔

يَمُرُّ بِقَبْرِكَ الْعَافِي فَيَبْكِي	وَيَشْغَلُهُ الْبُكَاءُ عَنِ السُّؤَالِ

العافی السائل ترجمہ سائل تیری قبر پر گذرتا ہی اور تیرے احسانات کو یاد کرکے رو پڑتا ہی اور اُس کا رونا اُسکو مانگنا بھلا دیتا ہی۔

وَمَا أَهْدَاكِ لِلْجَدْوَى عَلَيْهِ	لَوَ انَّكِ تَقْدِرِينَ عَلَى فَعَالِ

ترجمہ اور تو اُسکی عطا کی بہت راہ جانتی تھی اگر تجکو قدرت احسان ہوتی جسکو موت مانع ہی۔

بِعَيْشِكِ هَلْ سَلَوْتِ فَإِنَّ قَلْبِي	وَإِنْ جَانَبْتُ أَرْضَكِ غَيْرُ سَالِي

ترجمہ تجکو تیری زندگی کی قسم دیکر پوچھتا ہون کہ کیا تو حیات اور اُسکے حالات کو بھول گئی ہی کیونکہ مین اگرچہ تیری سرزمین سے دور ہون مگر میرا دل تیرے غم کو نہین بھولتا۔

نَزَلْتِ عَلَى الْكَرَاهَةِ فِي مَكَانٍ	بَعُدْتِ عَنِ النُّعَامَى وَالشَّمَالِ

النعامی الجنوب۔ والشمال الریح التی تہب من ناحیۃ القطب ترجمہ تو ہمارے خلاف مرضی ایسے مکان مین جا اتری کہ اُس کے سبب باد جنوبی وشمالی کی خوشبو سُننے دور جا پڑی کیونکہ قبر مین خوشبو نہین پہنچ سکتی۔ واین ہذا من قول الحماسی ؎ انی حللت وکنت ذات فروقۃ + بلدا یمر بہ الشجاع فیفزع۔

تُحَجَّبُ عَنْكِ رَائِحَةُ الْخُزَامَى	وَتُمْنَعُ عَنْكِ أَنْدَاءُ الطِّلَالِ

الخزامی نبت طیب الریح۔ والطلال جمع طل وہو المطر الصغار۔ والانداء جمع ندی ترجمہ اب تجھ سے بوئے خوش خزامی روکی جاتی ہی اور پھوار کی تریان منع کیجاتی ہین۔

بِدَارٍ كُلُّ سَاكِنِهَا غَرِيبٌ	طَوِيلُ الْهَجْرِ مُنْبَتُّ الْحِبَالِ

المنبت المنقطع ترجمہ یہ ساری تکالیف تجکو اُس گھریعنے قبر مین گذری ہین کہ اُسکا ہر باشندہ مسافر اپنے اقارب واحباب سے دور طویل المفارقت منقطع الوصال ہی۔

كَتُومُ السِّرِّ صَادِقَةُ الْمَقَالِ		حَصَانٌ مِثْلُ مَاءِ الْمُزْنِ فِيهِ	

الحصان العفیفة المالكة لنفسها ترجمہ اُس قبر مین ایک آزاد پاکدامن عورت مثل آب باران پاک وصاف رازکی چھپانیوالی راست گفتار مقیم ہی۔

وَوَاحِدُهَا نِطَاسِيُّ الْمَعَالِي		يُعَلِّلُهَا نِطَاسِيُّ الشَّكَايَا	

النطاسی الحاذق فے الامور- والشکایا واحدها شکوی- واراد بواحدها انہا الذی ہو واحد الناس وفردہم ترجمہ اُس متوفیہ کا بحالت مرض ایسا شخص علاج کرتا ہی جو بیماریون کے علاج مین بڑا ماہر ہی اور اُس کا فرزند یگانہ سیف الدولہ بلند پایۂ قدر کا معالج ہی- یعنی علو رتبہ مین جو نقصان ہو اُس کا جبر کردیتا ہی-

شَفَاهَا الْأَسِنَّةُ الْأَسَلِ الطِّوَالِ		إِذَا وَصَفُوا لَهُ دَاءً بِثَغْرٍ	

الثغر ثغر العدو وہو الموضع الذی یقرب العدو- والاسل الرماح ترجمہ جبکہ کسی سرحد کا مرض لوگ اُس کے بیٹے کے روبرو بیان کرین تو اُس سرحد کو اُس کے لنبے نیزونکی بھالین شفا دیتی ہین یعنے مرض فساد اعدا کو نیزون کے ذریعے سے دور کردیتا ہی-

تُعَدُّ لَهَا الْقُبُورُ مِنَ الْحِجَالِ		وَلَيْسَتْ كَالْإِنَاثِ وَلَا اللَّوَاتِي	

ترجمہ اور وہ گو برائے نام عورت تھی مگر وہ عقل مین مثل اور عورتون کے تھی اور نہ مانند اُن عورتون کے تھی کہ اُنکی قبور اُنکے واسطے حجلہ کے مثل شمار کی جاوین خلاصہ یہ ہی کہ وہ حالت حیات مین ہی مستور تھی اور قبر ہی اُسکے لئے پردے نہین ہوئی-

يَكُونُ وَدَاعُهَا نَفْضَ النِّعَالِ		وَلَا مَنْ فِي جِنَازَتِهَا تِجَارٌ	

الجنازة بالفتح والكسر واحد- وقیل بالفتح النعش اذا کانت المیت فیہ وبالکسر النعش ترجمہ اور وہ ایسی عورت نتھی کہ اُسکے جنازہ کے ہمراہ ارباب تجارت اور بازاری لوگ ہون کہ جب وہ واپس آوین تو اُن کا رخصت کرنا جوتیون کا جھاڑنا ہو یعنے جب وہ جنازہ سے واپس آوین تو جوتیون کو جھاڑنے لگین وہ تو ملکہ جلیل القدر تھی

كَأَنَّ الْمَرْوَ مِنْ زِفِّ الرِّئَالِ		مَشَى الْأُمَرَاءُ حَوْلَيْهَا حُفَاةً	

حولیہا یعنے حولہا وحولک وحولیک وحوالیک بمعنی واحد- والمرو حجارۃ بیض براقة تکون فیہا النار والزف صغار الریش- والرئال جمع رال وہو ولد النعام ترجمہ اُس کے اور اُسکے بیٹے کی شرف کے باعث امیر لوگ اُس کے جنازہ کے گرد پیادہ چلے اور ایسے غم مین مستغرق تھے کہ اُن کو تھرون کی تکلیف کچھ معلوم

نہوی گویا پتھر اُنکے پانو کے تلے چھوٹے چھوٹے پرچہ ہاے شتر مرغ کے تھے یعنی بہت نرم۔

وَاَبْرَزَتِ الْخُدُوْرُ مُخَبَّآتٍ ۔۔۔ يَضَعْنَ النِّقْسَ اَمْكِنَةَ الْغَوَالِي

النقس المداد وہو السواد۔ والغوالی جمع غالیۃ وہو نوع من الطیب ترجمہ اور اس میت کے صدمہ سے پردوں نے اپنے پردہ نشینوں کو ظاہر کردیا ایسے حال میں کہ انھوں نے بجائے غالیہ اپنے چہروں پر سیاہی مل لی تھی یعنے انھوں نے سیاہ لباس پر قناعت نکی چہرے تلک سیاہ کرلئے۔

اَتَتْهُنَّ الْمَصَائِبُ غَافِلَاتٍ ۔۔۔ فَدَمْعُ الْحُزْنِ فِي دَمْعِ الدَّلَالِ

ترجمہ اُن پردہ نشینوں پر بحالت غفلت یہ مصیبت جو بجائے مجموعہ مصیبتوں کے تھی آپڑی سو وہ اس حال میں کہ ناز سے رو رہیں تھیں اشک غم اُمنڈ آئے یعنے دونوں طرح کے اشک باہم ملگئے۔ واقعی یہ خیال بہت نازک ہی اور مایہ فخر شاعر۔

وَلَوْ كَانَ النِّسَاءُ كَمَنْ فَقَدْنَا ۔۔۔ لَفُضِّلَتِ النِّسَاءُ عَلَى الرِّجَالِ

ترجمہ اور اگر تمام عورتیں ایسی جامع حسنات وکمالات ہوں تو عورتوں کو بیشک مردوں پر فضیلت دیجائے۔

وَمَا التَّانِيْثُ لِاسْمِ الشَّمْسِ عَيْبٌ ۔۔۔ وَلَا التَّذْكِيْرُ فَخْرٌ لِلْهِلَالِ

ترجمہ جبکہ شمس بالذات روشن ہی تو اُس کے نام کا مونث ہونا کوئی عیب نہیں ہی اور ہلال کا جو اُس کے نور سے مستفید ہے مذکر ہونا اُس کے لئے باعث فخر نہیں ہی۔

وَاَفْجَعُ مَنْ فَقَدْنَا مَنْ وَجَدْنَا ۔۔۔ قُبَيْلَ الْفَقْدِ مَفْقُوْدَ الْمِثَالِ

ترجمہ اور اُن آدمیوں میں جنکو ہم نے گم کیا ہی یعنے وہ مرگئے ہیں سب سے زیادہ ستانے والی وہ ہی جو قبل مرنے کے بے مثل تھی یعنی بیمثل شخص کا مرنا نہایت موذی ہوتا ہی کیونکہ اُس کا کوئی بدل نہیں ہی جس کو دیکھکر اُسکا غم بھولجاویں۔

يُدَفِّنُ بَعْضُنَا بَعْضًا وَيَمْشِي ۔۔۔ اَوَاخِرُنَا عَلَى هَامِ الْاَوَالِي

الاوالی مقلوب الاوائل وہو کثیر فی اشعارہم ترجمہ اہل دنیا کا عجب حال ہی کہ ایک دوسرے کو اپنے ہاتھوں دفن کرتا ہی اور پچھلے اگلوں کے سروں پر چلتے ہیں اور کچھ عبرت نہیں پکڑتے۔

وَكَمْ عَيْنٍ مُقَبَّلَةِ النَّوَاحِي ۔۔۔ كَحِيْلٍ بِالْجَنَادِلِ وَالرِّمَالِ

الجنادل جمع جندلۃ وہی الحجارۃ ترجمہ اور بہت سی آنکھیں ایسی ہیں کہ سابق بسبب اُن کی عزت وشرف کے اُنکی چشم کے گرداگرد بوسہ دیئے جاتے تھے کہ انمیں بالفعل پتھروں اور ریگوں کا یعنے خاک قبر کا سرمہ ڈالا ہوا ہی۔

وَمُغْضٍ كَانَ لَا يُغْضِي لِخَطْبٍ ۔۔۔ وَبَالٍ كَانَ يُفَكِّرُ فِي الْهُزَالِ

المغضی الصابر عن غیر قدرة۔ واصل الاغضاء اطباق الجفون بعضها علی بعض ترجمہ اور بہت سے اب بحالت عجز ومجبوری چشم پوش دتکالیف پر صابر ہین اور پہلے اُنکا یہ حال تھا کہ اُنکی کسی بڑے حادثہ سے پلک نہین جھکتی تھی اور بہت سے دل ہین کہ اُنکو اُنکا دبلاپن فکر مین ڈالتا تھا یعنے وہ تن پرور تھے۔ یعنے ایسے عمدہ نامور لوگ زمین کے پیوند ہوگئے۔

اَسَیْفَ الدَّوْلَةِ اسْتَنْجِدْ بِصَبْرٍ	وَکَیْفَ بِمِثْلِ صَبْرِکَ لِلْجِبَالِ

استنجد من النجدة وہی الاعانة ای استعن ترجمہ ای سیف الدولہ اس صدمہ عظیمہ مین صبر کی مدد لے اور تجکو یہ ہی لائق ہی کہ تیرا سا صبر پہاڑون کو بھی نصیب نہین ہوتا۔

وَاَنْتَ تُعَلِّمُ النَّاسَ التَّعَزِّیْ	وَخَوْضَ الْمَوْتِ فِی الْحَرْبِ السِّجَالِ

السجال الحرب التی یتداول فیہا الغلبة وذلک دعی الی شدتہا وہی ان تکون مرة علے ہؤلاء ومرة علے ہؤلاء ترجمہ اور تو تمام لوگونکو صبر اور سخت لڑائی مین موت کی طرف گھس جانا سکھلاتا ہی پس تجکو بھی صبر لازم ہی۔ اصل مین سجال کے معنی ڈول یعنی دلو کے ہین۔ والحرب سجال مثل مشہور ہی یعنی کبھی ایک طرف کو غلبہ ہوتا ہی اور کبھی دوسری طرف کو یہ محاورہ اُس جگہہ صادق آتا ہی جہان ایک چرخ چاہ پر دو ڈول ایک اسطرف اور ایک دوسری طرف لٹکاکر پانی کھینچتے ہین کہ وہان کبھی ایک ڈول نیچے یعنے پانی مین ہوتا ہی اور دوسرا اونچا اور کبھی اُسکا عکس۔

وَحَالَاتُ الزَّمَانِ عَلَیْکَ شَتّٰی	وَحَالُکَ وَاحِدٌ فِیْ کُلِّ حَالِ

ترجمہ اور زمانہ کے حالات تجھ پر بدلتے رہتے ہین کبھی سختی ہی کبھی نرمی کبھی غم ہی کبھی خوشی مگر تیرا حال ہر حال مین یکسان ہی یعنی تو کوہ وقار ہی۔

فَلَا غِیْضَتْ بِحَارُکَ یَا جَمُوْمًا	عَلٰی عَلَلِ الْغَرَائِبِ وَالدِّخَالِ

غیضت نقصت۔ والجموم الکثیر یقال بیر جموم اذا کان کثیر الماء۔ والعلل ہو الشرب الثانی بعد النہل۔ والدخال ان یدخل بعیر قد شرب بین بعیرین لم یشربا لیزداد شربًا۔ والغرائب جمع غریبة وہی التی ترد الحوض ولیست لاہل الحوض ترجمہ ای بحر مواج خدا کرے تیرے دریا باوجود دوبارہ پینے بیگانون اور یگانون کے کم آب نہون یعنی تیرا دریائے سخا برابر جاری رہے اور تیرے احسانات آشنا وغیر آشنا پر متواتر رہین۔

رَأَیْتُکَ فِی الَّذِیْنَ اَرٰی مُلُوْکًا	کَاَنَّکَ مُسْتَقِیْمٌ فِیْ مُحَالِ

المحال من الحول وہو اعوجاج القوس ومنہ الاحول وہو غیر مستقیم البصر یری شیئًا شیئین ترجمہ مین تجکو اُن بادشاہون مین جو میرے پیش نظر ہین ایسا دیکھتا ہون جیسے راست ومستقیم شی کج وغیرہ مستقیم مین۔

خلاصہ یہ کہ تجکو اور بادشاہوں پر ایسی فضیلت ہے جیسے راست کو کج پر۔

فَإِنْ تَفُقِ الْأَنَامَ وَأَنْتَ مِنْهُمْ	فَإِنَّ الْمِسْكَ بَعْضُ دَمِ الْغَزَالِ

ترجمہ سو اگر تو تمام دنیا پر فائق ہے حال آنکہ تو اُسی کی اہل مین سے ہے تو اسکا کیا مضائقہ ہے دیکھو مسک خون ہرن کا ایک پارہ ہے اور اُس کے اور تمام خون سے افضل ہے۔

وقال یمدحہ ویذکر استنقاذہ ابا وائل تغلب بن داؤد

إِلَامَ طَمَاعِيَةُ الْعَاذِلِ	وَلَا رَأْيَ فِي الْحُبِّ لِلْعَاقِلِ

ترجمہ ملامت گر کب تلک اپنے کلام کو مجھ سے قبول کرانیکی طمع رکھے گا حال آنکہ در باب عشق عاقل کی عقل کو کچھ دخل نہین ہوتا یعنی یہ امر اضطراری ہے اور ملامت امر اختیاری پر ہوتی ہے۔

يُرَادُ مِنَ الْقَلْبِ نِسْيَانُكُمْ	وَتَأْبَى الطِّبَاعُ عَلَى النَّاقِلِ

الطباع الطبیعۃ وہی الخلیقۃ ترجمہ ملامت گر کا مطلب ملامت سے یہ ہے کہ مین تمکو بھولجاؤن اور تمھارا عشق جو میری سرشت مین داخل ہوگیا ہے وہ اُسکی تبدیل کرنیوالے سے انکار اور مخالفت کرتا ہے۔

وَإِنِّي لَأَعْشَقُ مِنْ عِشْقِكُمْ	نُحُولِي وَكُلَّ امْرِئٍ نَاحِلِ

ترجمہ اور مین بیشک تمھارے عشق کے سبب اپنی لاغری کو اور ہر مرد لاغر کو دوست رکھتا ہون کیونکہ امر اول بسبب تمھارے عشق کے ہے اور دوم ہمرنگ عاشق ہے۔

وَلَوْ زُلْتُمُ ثُمَّ لَمْ أَبْكِكُمْ	بَكَيْتُ عَلَى حُبِّيَ الزَّائِلِ

ترجمہ اور اگر تم مجھسے جدا ہو جاؤ اور پھر مین تمھارے فراق کے سبب نہ روؤن تو مین بسبب جانیوالی محبت کے گریہ کرون خلاصہ یہ کہ مین تمکو دوست رکھتا ہون اور تمھارے عشق کو بھی اگر تمھارا عشق جاتا رہے تو مین اس صدمہ سے رویا کرون

أَيُنْكِرُ خَدِّي دُمُوعِي وَقَدْ	جَرَتْ مِنْهُ فِي مَسْلَكٍ سَائِلِ

المسلک الطریق والسائل الطریق الجادۃ ترجمہ کیا میرا رخسار میرے اشکونکو اوپرا اور اجنبی سمجھتا ہے حال آنکہ وہ اشک رخسار کے راہ جاری پر روان ہوتے ہین یعنے یہ تو ہمیشہ کا میرا دستور ہے۔

أَأَوَّلُ دَمْعٍ جَرَى فَوْقَهُ	وَأَوَّلُ حُزْنٍ عَلَى رَاحِلِ

ترجمہ کیا یہ اشک اول دفعہ رخسار پر جاری ہوا ہے اور کیا یہ اول غم ہے کہ یار رہاجر پر کیا گیا ہے یعنے یہ دونون امر نئے نہین ہین بلکہ یہ صدمات تو مجھ پر ہمیشہ ہوتے رہے ہین اوپری سمجھنے کے کیا معنی۔

وَهَبْتُ السُّلُوَّ لِمَنْ لَامَنِي	وَبِتُّ مِنَ الشَّوْقِ فِي شَاغِلِ

ترجمہ مینے بیتی اور فراموشکاری اپنے ملامت گر کو بخشدی یعنے یہ اُس کا حصہ ہے نہ میرا اور مینے بسبب

شوق کے ایسے حال مین رات بسر کی کہ اُسین مجکو ملامت گر کی ملامت سننے کی فرصت نتھی۔

كَأَنَّ الْجُفُونَ عَلَى مُقْلَتِي	ثِيَابٌ شُقِقْنَ عَلَى ثَاكِلِ

الثاکل المرأة التی تفقد ولدہا ترجمہ شب فراق کی حیرانی بیان کرتا ہو کہ گویا میری پلکین میری آنکھ پر ایسے کپڑے تھے جو زن فرزند گم کردہ کے بدن پر چاک کیے گئے تھے تمام شب انتظار یار مین آنکھین کھلی کی کھلی رہگئین اور پلک سے پلک نہ لگی۔

وَلَوْ كُنْتُ فِي غَيْرِ أَسْرِ الْهَوَى	ضَمِنْتُ ضَمَانَ أَبِي وَائِلِ

ابو وائل ہو تغلب بن داؤد ابن عم سیف الدولہ ترجمہ اور اگر مین سوائے عشق کسی اور کی قید مین ہوتا تو مین بھی مثل ابی وائل کے ضمانت دیکر چھوٹجاتا مگر کیا کیجئے یہ قید عشق ہی یہان کسی حیلہ سے رہائی ممکن ہی نہین۔ کہتے ہین کہ ابی وائل کو ایک خارجی نے قید کر لیا تھا اُس نے بضمانت ادائے زر و اسپ اُسکی قید سے رہائی پائی خارجی انتظار اشیائے ضمانت مین تھا کہ سیف الدولہ کے لشکر نے پہنچکر اُسکو قتل کر ڈالا۔

فَدَى نَفْسَهُ بِضَمَانِ النُّضَارِ	وَأَعْطَى صُدُورَ الْقَنَا الذَّابِلِ

النضار الذہب۔ والقنا الذابل الرقاق ترجمہ ابو وائل نے سونیکی ضمانت دیکر اپنی جان چھڑائی اور اُسکو سینہ ہائے باریک نیزونکے عنایت کیے۔ یعنی سیف الدولہ نے اُسے دفعتہً جا مارا۔

وَمَنَّاهُمُ الْخَيْلَ مَجْنُوبَةً	فَجِئْنَ بِكُلِّ فَتًى بَاسِلِ

الباسل الشجاع القوی۔ والخیل المجنوبۃ التی لیس علیہا الفرسان فلا ترکب الا فی وقت الحرب لکرمہا ترجمہ ابو وائل نے خارجی کے سردارونکو کوتل عمدہ گھوڑون کے دینے کا آرزومند کیا سو وہ گھوڑے ہر جوان بہادر کو اُن کے قتل کے لئے لائے یعنی سپاہ سیف الدولہ کو۔

كَأَنَّ خَلَاصَ أَبِي وَائِلٍ	مُعَاوَدَةُ الْقَمَرِ الْآفِلِ

ترجمہ گویا رہائی ابی وائل کی ڈوبے چاند کا لوٹ آنا ہی کہ اُس کے آنیسے ہماری تاریکی غم دور ہو گئی۔

دَعَا فَسَمِعْتَ وَكَمْ سَاكِتٍ	عَلَى الْبُعْدِ عِنْدَكَ كَالْقَائِلِ

ترجمہ ابو وائل نے تجکو پکارا اور تجھ سے مدد چاہی اور تو نے اُسکی سُنی اور مدد کی اور بہت سے اشخاص باوجود تجھ سے دور ہونے کے تیرے نزدیک مثل ہمکلام کے قریب ہین یعنی تو اپنے متوسلون کے حال سے غافل نہین ہی اگر وہ مدد طلب نکرتا تب بھی تو اُسکی مدد کرتا۔

فَلَبَّيْتَهُ بِكَ فِي جَحْفَلٍ	لَهُ ضَامِنٍ وَبِهِ كَافِلِ

ترجمہ سو تو نے اُسکی ایک لشکر عظیم لیکر جو اُس کا ضامن اور کارساز تھا اجابت کی۔

خَرَجْنَ مِنَ النَّقْعِ فِيْ عَارِضٍ	دَمِنْ عَرَقِ الرَّكْضِ فِيْ وَابِلِ

العارض السحاب۔ والوابل المطر الکثیر ترجمہ ممدوح کے گھوڑے کثرت غبار سے ایسے نمایان ہوئے جیسے کوئی چیز ابر سے برآمد ہو اور تیز ہنکانے کے سبب جو انکو عرق آرہا تھا اسمین ایسے نکلے جیسے بڑے برسنے والے باران سے

فَلَمَّا نَشِفْنَ لَقِيْنَ السِّيَاطَ	بِمِثْلِ صَفَا الْبَلَدِ الْمَاحِلِ

الصفا الصخر۔ والسیاط جمع سوط۔ والماحل الذی لم یمطر ترجمہ سو جبکہ وہ گھوڑے عرق سے خشک ہو گئے تو وہ چابکوں سے ایسے حالمین ملے جیسے شہر قحط زدہ بے باران کے پتھرے یعنی بسبب خشکی عرق انکی طبد سخت ہو گئی تھی۔

شَفَنَّ لِخَمْسٍ اِلٰى مَنْ طَلَبْنَ قُبَيْلَ الشُّفُوْنِ اِلَى نَازِلِ

الشفون النظر بموخر العین ترجمہ اُن گھوڑوں نے بعد متواتر سفر پانچ راتوں کے اُس شخص کو دیکھا جس کی وہ تلاش مین تھے (یعنی ابا وائل کو جسکو خارجی نے قید کر لیا تھا) اس سے پہلے کہ وہ سوار کو گھوڑے کی پشت سے اُترتا دیکھین۔ خلاصہ یہ کہ سواران ممدوح پانچ شب تلک برابر چلے رہے یہان تلک کہ خارجی پر جا پڑے۔

فَدَانَتْ مَرَافِقُهُنَّ الْبَرٰى	عَلٰى ثِقَةٍ بِالدَّمِ الْغَاسِلِ

البری التراب ترجمہ سو بسبب تیز رویکے انکے کھنیے تلک زمین مین دھس گئے یا ایسے دوڑے کہ انکے شکم زمین کے قریب ہوگئے اس اعتماد پر کہ انکے پاؤن کی مٹی کو خونہائے کشتگان دھو دین گے۔

وَمَا بَيْنَ كَاذَتَيِ الْمُسْتَغِيْرِ	كَمَا بَيْنَ كَاذَتَيِ الْبَائِلِ

الکاذۃ لحم موخر الفخذ۔ والبائل الذی ینفرج لیبول۔ والمستغیر طالب الغارۃ ترجمہ اور درمیان گوشت رانوں اسپ طالب غارت کے اتنا ہی فاصلہ تھا جتنا فاصلہ درمیان دونون رانون پیشاب کرنے والے کے ہوتا ہی جبکہ وہ ٹانگین چھدرا کر پیشاب کرتا ہی۔ غرض بیان مضبوطی پاہائے اسپان ہر کہ باوجود شدت دوڑ دھوپ اُنکے پاؤن مین زیادہ فاصلہ نہین ہوتا تھا جیسا کمزور گھوڑ دوڑ مین ہو جاتا ہی۔

فَلَقِيْنَ كُلَّ رُدَيْنِيَّةٍ	وَمَصْبُوْحَةٍ لَبَنَ الشَّائِلِ

الردینیۃ الرماح نسبت الی ردینۃ امرءۃ کانت تقوم الرماح والمصبوحۃ الفرس التی تسقی اللبن صباحًا لکرامتہا علی اہلہا۔ والشائل الناقۃ التی ابتدر حملہا فجف لبنہا واصلہا الشائلۃ حذف الہاء لاقامۃ الوزن وقیل ہی التی مر علیہا من وقت نتاجہا سبعۃ اشہر فجف لبنہا ترجمہ سو سیف الدولہ کے گھوڑے بعد اسقدر دوادوش کہ ملاقات کرائی گئی خارجی کے ہر نیزہ اور ہر گھوڑے سے جو بسبب شرافت اور عمدگی کے ہر صبح اُس کو ایسے ناقہ کا دودھ پلایا گیا تھا جس کا دودھ بسبب بعد ولادت کے قلیل المقدار اور گاڑھا اور نہایت زور آور ہوتا ہی۔

وَجَیْشٍ اِمَامٍ عَلٰی نَاقَۃٍ		صَحِیْحُ الْاِمَامَۃِ فِی الْبَاطِلِ	

الامام ہو الخارجی ترجمہ اور ملاقات کرائے گئے وہ گھوڑے لشکر امام خارجی سے جو ناقہ پر سوار تھا اور اُسکی امامت امر باطل مین صحیح تھی یعنی اُسکی امامت باطل تھی اور نا درست۔

فَاَقْبَلْنَ یَنْحَزْنَ قُدَّامَہٗ		نَوَافِرَ کَالنَّحْلِ وَالْعَاسِلِ	

ینحزن من الانحیاز ینضم بعضہا الی بعض۔ والعاسل الذی یجمع العسل من بیوت النحل ترجمہ سو خارجی کے گھوڑے سیف الدولہ کے لشکر سے ایسے حال مین ملے کہ وہ بھاگتے جاتے تھے جیسے شہد کی مکھیان چھتے کے توڑنیوالے اور شہد جمع کرنے والے سے بھاگتی ہین۔

فَلَمَّا بَدَوْتَ لِاَصْحَابِہٖ		رَاَتْ اُسْدُھَا اٰکِلَ الْاٰکِلِ	

ترجمہ سو جب تو رفیقان خارجی کے روبرو ظاہر ہوا تو اُس کے بہادرون نے ایسے شخص کو دیکھا جو کھا نیوالے کو کھانے والا تھا یعنی انھون نے تیرے لشکر کو اپنے سے زیادہ بہادر دیکھا۔

بِضَرْبٍ یَعُمُّھُمُ جَائِرٍ		لَہٗ فِیْھِمِ قِسْمَۃُ الْعَادِلِ	

ترجمہ جبکہ تو اُنکے روبرو ظاہر ہوا ایسی ضرب کے ساتھ جو سب کے لئے عام تھی اور جو بسبب کثرت اور شدت کے ظالم معلوم ہوتی تھی مگر اس ضرب کی قسمت اعدا مین عادلانہ تھی کیونکہ وہ سب کو پہنچتی تھی یا جس کے لگتی تھی اُس کے دو برابر ٹکڑے کرتی تھی۔

وَطَعْنٍ یُجَمِّعُ شُذَّانَھُمْ		کَمَا اجْتَمَعَتْ دِرَّۃُ الْحَافِلِ	

الشذان المتفرقون۔ والحافل التی حفل ضرعہا و امتلاء لبنہا ترجمہ اور تو ظاہر ہوا ایسی نیزہ زنی کے ساتھ جو اُنکے متفرق لوگون کو ایک جگہہ اکٹھا کرتی تھی یعنی کسی کو بھاگنے نہین دیتی تھی جیسا بہت سا دودھ پستان ناقہ زیادہ دودھ دینے والی مین اکٹھا ہو جاتا ہے۔

اِذَا مَا نَظَرْتَ اِلٰی فَارِسٍ		تَحَیَّرَ عَنْ مَذْھَبِ الرَّاجِلِ	

ترجمہ جب تو کسی سوار دشمن کیطرف دیکھے تو وہ پیادہ کی رفتار سے بھی حیران رہجا ویگا یعنی وہ تیرے خوف سے اسقدر بھی نہین بھاگ سکے گا جتنا پیادہ بھاگ سکتا ہے باوجودیکہ سوار کو بہ نسبت پیادہ بھاگنے کی قدرت زیادہ ہوتی ہے

فَظَلَّ یُخَضِّبُ مِنْھَا اللِّحٰی		فَتًی لَّا یُعِیْدُ عَلَی النَّاصِلِ	

اللحی جمع لحیۃ۔ والناصل الذی قد ذہب خضابہ وہو فاعل بمعنی مفعول ترجمہ سو ممدوح جوان ایسے حال مین ہو گیا کہ خون اعدا سے اُنکی ڈاڑھیونکو رنگتا تھا اور جس کا خضاب جاتا رہتا تھا اُسکو دوبارہ خضاب کی حاجت نہین ہوتی یعنی ایکہی ہاتھ مین اُسکا کام تمام کر دیتا تھا دوسرے ہاتھ کی حاجت نہین رہتی تھی۔

وَلَا يَسْتَغِيْثُ إِلَىٰ نَاصِرٍ ۔۔ وَلَا يَتَضَعْضَعُ مِنْ خَاذِلِ

ترجمہ اور وہ کسی مددگار سے فریاد خواہ نہیں ہوتا اور نہ کسی اپنے چھوڑ دینے والے سے لچتا ہی کیونکہ وہ خود تنہا قائم مقام لشکر ہی۔

وَلَا يَنْزِعُ الطَّرْفَ عَنْ مُقْدَمٍ ۔۔ وَلَا يَرْجِعُ الطَّرْفَ عَنْ هَائِلِ

النزع الکف۔ والطرف بالکسر الفرس الکریم۔ والہائل الامر العظیم ترجمہ اور وہ اپنے عمدہ گھوڑے کو کسی بہادر پیشرو سے نہیں روکتا ملکہ بے تامل مقابل ہو جاتا ہی اور نہ کسی امر عظیم سے آنکھ جھپکاتا ہی۔

إِذَا طَلَبَ التَّبْلَ لَمْ يُشْأَهُ ۔۔ وَإِنْ كَانَ دَيْنًا عَلَىٰ مَاطِلِ

التبل الثار والترۃ۔ ولم یشاہ لم یفتہ۔ والماطل الذی یمطل فی اداء الدین ترجمہ جب وہ اپنا انتقام کسی سے لینا چاہتا ہی تو اسے بے لئے نہیں چھوڑتا اگرچہ وہ انتقام نادہندہ یا دیر دہندہ پر ہو یعنی کینہ دیرینہ ہو۔

خُذُوْا مَا أَتَاكُمْ بِهِ وَاعْذِرُوْا ۔۔ فَإِنَّ الْغَنِيْمَةَ فِي الْعَاجِلِ

اتاکم بمعنی جاءکم ترجمہ اعداء سے بطور استہزا کہتا ہی کہ ضمان ابو وائل میں جو ممدوح لایا ہی یعنی یہ کہ تمہارا قتل عام اسکو بطیب خاطر قبول کرو اور باقی سے معذور رکھو کیونکہ غنیمت بار دہ وہ ہی جو جلد ملجاوے مثل ہی نو نقد نہ تیرہ اُدھار۔

وَإِنْ كَانَ أَعْجَبَكُمْ عَامُكُمْ ۔۔ فَعُوْدُوْا إِلَىٰ حِمْصَ فِي قَابِلِ

ترجمہ اور اگر تمکو یہ سال عام خوش معلوم ہوا ہی تو سال آیندہ میں شہر حمص کیطرف پھر آئیو ایسا ہی حملے قتل و قید و غارت تمکو ملجاوینگے

فَإِنَّ الْحُسَامَ الْخَضِيْبَ الَّذِيْ ۔۔ قُتِلْتُمْ بِهِ فِيْ يَدِ الْقَاتِلِ

ترجمہ کیونکہ خون اعداء سے رنگین شمشیر جس سے تم قتل کئے گئے ہو ممدوح قاتل دشمنان کے ہاتھ میں ہی اُسکو کہیں سے کچھ لانا نہیں ہی پس اُسکو سال حال کا سا انعام سال آیندہ میں دینا کچھ دشوار نہیں ہی۔

يَجُوْدُ بِمِثْلِ الَّذِيْ رُمْتُمُ ۔۔ فَلَمْ تُدْرِكُوْهُ عَلَى السَّائِلِ

علی السائل متعلق بیجود ترجمہ جس مال ضمان ابی وائل کا تم نے ارادہ کیا اور وہ تمکو نہ ملا ایسا تو وہ اپنے سائل کو دیڈالتا ہی۔ یعنی اگر تمکو اُس سے مال کثیر لینا تھا تو سائلانہ آئے ہوتے لڑائی میں تو ملنا معلوم۔

أَمَامَ الْكَتِيْبَةِ تُزْهَىٰ بِهِ ۔۔ مَكَانَ السِّنَانِ مِنَ الْعَامِلِ

الکتیبۃ الجماعۃ من الخیل۔ والعامل صدر الرمح۔ والزہو الکبر والفخر ترجمہ وہ اپنے لشکر کے آگے یعنے اُس سے ایسا بڑھا رہتا ہی جیسے بھال نیزہ سے اور اس تقدم پر فخر کیا جاتا ہی یعنی اُس کا لشکر اُسکی اس بہادری پر ناز کرتا ہی۔

وَإِنِّيْ لَأَعْجَبُ مِنْ آمِلٍ ۔۔ قِتَالًا بِكُمٍّ عَلَىٰ بَازِلِ

البازل یوصف بہ الجمل والناقۃ بلفظ واحد وہو الذی طلع نابہ فی السنۃ التاسعۃ او الثامنۃ ترجمہ اور میں بیشک تعجب کرتا ہوں ایسی امیدوار فتح جنگ کے خواستگار سے کہ وہ شترنہ سالہ پر سوار ہو کر

اپنے اشارہ آستین سے لشکر کو ترغیب جنگ دی یعنی یہ خارجی شتر پر سوار ہوکر آستین کے اشارہ سے اشتعال جنگ دیتا ہی سو یہ سامان فتح نہین ہی۔

أقالَ لهُ اللهُ لا تلقَهُم ۔۔۔ بماضٍ على فرسٍ حائلِ

الفرس الحائل التی لم تحمل وفی الصراح حائل شتر نازاینده وارادبه القوی۔ والماضی السیف ترجمہ کیا خدا نے اُس خارجی سے یہ کہدیا ہی کہ سیف الدولہ کے لشکر سے قوی گھوڑے پر سوار ہوکر تیز تلوار لیکر مقابلہ نکیجیو یعنے لڑائی کا سامان نکیجیو یہ اسواسطے کہا کہ خارجی کا یہ قول تھا کہ مین وہی کام کرتا ہون جو خدا فرماتا ہی اور دعوے نبوت کرتا تھا

إذا ما ضربتَ بهِ هامةً ۔۔۔ براها وغنّاكَ فی الكاهلِ

غناک ای سمعت صوت رنتہ۔ والکاہل اعلی مجمع الکتفین واذا ما ضربت صفۃ لقولہ بماض ای ہل قال لہ اللہ تعالے لا تلقہم بسیف کذا ترجمہ کیا خدا نے تجھ سے ای خارجی یہ کہدیا ہی کہ سیف الدولہ کے لشکر سے ایسی تلوار لیکر مقابلہ مقابلہ نکیجیو کہ جب تو اُسکو کسی کھوپری پر مارے تو وہ اُسکو قطع کرے اور اُس کی آواز دشمن کے دوش پر نکلتی تجکو معلوم ہو۔

ولیسَ بأوّلِ ذی همّةٍ ۔۔۔ دعتهُ لما لیسَ بالنائلِ

ترجمہ اور یہ خارجی پہلا شخص ایسی ہمت والا نہین ہی کہ اُسکی ہمت نے اُسکو ایسے امر کی طرف بلایا ہو جو ممکن الحصول نہو یعنے امارت وولایت کی بلکہ بہت سے شخصون نے طمع امارت کی ہی اور مثل خارجی ناکامیاب رہے ہین۔

یشمّرُ للُّجّ عن ساقهِ ۔۔۔ ویغمرهُ الموجُ فی الساحلِ

اللج العمیق من البحر۔ والموج جمع موجۃ ترجمہ یہ خارجی گہرے دریا مین گھسنے کے لئے اپنی ساق سے دامن اوپر اُٹھاتا تھا حالانکہ اُسکو کنارے ہی پر موج نے دبالیا اور ڈبا دیا یعنی اُسکا ارادہ تھا کہ قلب لشکر مین گھس کر سیف الدولہ سے لڑے مگر اوائل لشکر مین آتے ہی قتل ہوگیا۔

أما للخلافةِ من مشفقٍ ۔۔۔ علی سیفِ دولتها الفاصلِ

الفاصل القاطع ویروی الفاضل بالضاد وہو صفۃ سیف الدولۃ ترجمہ کیا حامیت خلافت کے لئے اُس کی دولت کی شمشیر قاطع یا عمدہ کے باب مین کوئی خائف اور مآل اندیش نہین ہی کہ اُسکو کثرت جدال وقتال سے روکے کیونکہ اگر اُسکو کوئی صدمہ پہنچ جاوے گا تو خلافت بے شمشیر ضعیف رہجاویگی۔

یقدُّ عداها بلا ضاربٍ ۔۔۔ ویسری إلیهم بلا حاملِ

ترجمہ ممدوح رسمی تلوار نہین ہی بلکہ وہ ایسی تلوار ہی کہ اپنے دشمنونکو طول مین بلا مدد کسی ضارب کے دو پارے کرتا ہی اور اُنکی طرف رات کو بقصد شب خون بے کسی اُٹھانے والے کے جاتا ہی

تَرَكْتَ جَمَاجِمَهُمْ فِي النَّقَا ۔۔۔ وَمَا يَتَخَلَّصْنَ لِلنَّاخِلِ

النقا الکثیب من الرمل۔ والجماجم جمع جمجمۃ۔ والناخل فاعل من نخل ینخل ترجمہ ای ممدوح تونے دشمنون کی کھوپڑیون کو گھوڑونسے بے سپر کرکے ایسے حالمین چھوڑا ہی کہ چلنی سے چھاننیوالیکو بھی اُنکے ریزے نہین ملتے۔

فَأَنْبَتَ مِنْهُمْ رَبِيعَ السِّبَاعِ ۔۔۔ فَأَثْنَتْ بِإِحْسَانِكَ الشَّامِلِ

ترجمہ تونے دشمنونکے قتل کے سبب درندونکے لئے موسم بہار کردیا یعنے درندے جو گھانس نہین کھاتے اُن کے لئے اجسام کشتگان سے ایسی کثیر خوراک پیدا کردی ہی جیسے موسم بہار مین کثرت نباتات سے گھانس کھانے والے مویشی کے لئے خوراک کثیر ہو جاتی ہی سو اگر اُنکو قوت نطق ہوتی تو وہ تیرے احسان عام کی تعریف کرتے مگر اب بھی بزبان حال تیری تعریف کر رہے ہین۔

وَعُدْتَ إِلَى حَلَبٍ ظَافِرًا ۔۔۔ كَعَوْدِ الْحُلِيِّ إِلَى الْعَاطِلِ

العاطل الذی لاحلی علیہ۔ ترجمہ اور تو بعد فتح اپنے دارالامارۃ حلب کی طرف ایسے حال مین لوٹا جیسا زیور بے زیور کو پہنا دیا جاوے۔ یعنی تیری معاودت سے شہر حلب مین رونق آگئی

وَمِثْلُ الَّذِي دُسْتَهُ حَافِيًا ۔۔۔ يُؤَثِّرُ فِي قَدَمِ النَّاعِلِ

الناعل ذوالنعلین ترجمہ اور ایسی راہ دشوار گذار جسکو تونے برہنہ پا طی کیا وہ راہ پاپوش پہننے والے کے قدم کو بھی زخمی کر دیتی ہی یہ لطیفہ مثل ہی مطلب یہ ہی کہ یہ بڑا کام جو تونے بے طیاری سامان انجام دیا اور لوگون سے بڑے اہتمام کے ساتھ بھی نہین ہو سکتا۔

وَكَمْ لَكَ مِنْ خَبَرٍ شَائِعٍ ۔۔۔ لَهُ شِيَةُ الْأَبْلَقِ الْجَائِلِ

الشیۃ العلامۃ تکون من غیر سائر اللون علی البدن وہو خلط لون بلون۔ والابلق من کل لون الذی فیہ سواد وبیاض۔ والجائل الذی یجول بین الصفین ترجمہ اور بہت سی تیری فتح وظفر کی ایسی مشہور خبرین ہین کہ اُنکے نشان اور علامت ایسی نمایان ہین جیسا ابلق گھوڑا دو صفونین پھرنیوالا ہر شخص پر ظاہر ہوتا ہی۔

وَيَوْمِ شَرَابٍ بَنِيهِ الرَّدَى ۔۔۔ بَغِيضِ الْحُضُورِ إِلَى الْوَاغِلِ

الردی الموت۔ والواغل الداخل علے القوم من غیر ان یدعیٰ والوارش الذی یدخل علے القوم فی طعامہم ترجمہ اور بہت سے تیرے ایسے معرکے ہین کہ اُسمین شراب ابنائے حرب یعنی اور زمان جنگ کی ہلاکی اور موت ہی اور اُس شخص کو جو ناخواندہ محفل شراب مین آوے اُس معرکہ میں جانا نہایت مبغوض ہی۔

تَفُكُّ الْعُنَاةَ وَتُغْنِي الْعُفَاةَ ۔۔۔ وَتَغْفِرُ لِلْمُذْنِبِ الْجَاهِلِ

العناۃ جمع عان وہم الاسری والعفاۃ جمع عاف وہم السوال ترجمہ اور تیری قدیم عادت یہ ہی کہ تو قیدیون کو

چھوڑتا ہی اور سائلون کو مالدار کرتا ہی اور جاہل گناہگار کا قصور معاف کرتا ہی وکل ہذہ من مکارم الاخلاق۔

فَهَنَّأَكَ النَّصْرَ مُعْطِيكَهُ	وَأَرْضَاهُ سَعْيُكَ فِي الْآجِلِ

معطیکہ یعنی معطاک ایاہ ترجمہ سو خداوند تعالیٰ تجکو فتح بخشنے والا یہ فتح تجکو مبارک کرے یعنی دنیا مین اور تیری کوشش جہادکی ایزد سبحانہ کو آخرت مین خوشنود کرے کہ تجکو اجر عظیم وہان بخشے۔

فَذِي الدَّارُ أَخْوَنُ مِنْ مُومِسٍ	وَأَخْدَعُ مِنْ كِفَّةِ الْحَابِلِ

المومس والمومسة المرأة الفاجرة۔ والحابل الصائد ذو الحبالة وہی الشرک والکفۃ بالکسر حفیرۃ مستدیرۃ ترجمہ سو یہ دنیا زن قحبہ سے زیادہ بیوفا اور خائن ہی اور ہر روز ایک نیا آشنا چاہتی ہی فیوماً عند عطار ویوماً عند بیطار اور یہ دنیا گول گڈھے صیاد دامدار سے بھی جسمین وہ دانہ ڈالتا ہی زیادہ فریب دینے والی ہی۔

تَفَانَى الرِّجَالُ عَلَى حُبِّهَا	وَمَا يَحْصُلُونَ عَلَى طَائِلِ

ترجمہ تمام لوگ اُس کی محبت پر مر مٹے اور کھپ گئے اور اُنکو اُسکی محبت سے کچھ فائدہ حاصل نہوا۔

وسار سیف الدولہ الی الموصل لنصرۃ اخیہ فقال ابو الطیب

أَعَلَى الْمَمَالِكِ مَا يُبْنَى عَلَى الْأَسَلِ	وَالطَّعْنُ عِنْدَ مُحِبِّيهِنَّ كَالْقُبَلِ

الممالک جمع مملکۃ وہی سلطان الملک فی رعیتہ۔ والاسل الرماح۔ والقبل جمع قبلۃ ترجمہ سلطنتون مین اعلیٰ سلطنت وہ ہی جس کی بنیاد نیزون پر ہو یعنے بزور سلاح حاصل کی گئی ہو اور نیزہ بازی اُس کی عاشقون کے نزدیک مثل بوسہ ہائے معشوقہ محبوب ولذیذ ہی۔ وکان الوجہ ان یقول عند محبہ لان الطعن مصدر طعن الا انہ جعل جمع طعنۃ۔ اور اس قصیدہ کے کہنے کا یہ قصہ ہی کہ معز الدولہ نے ناصر الدولہ اور سیف الدولہ سے لڑنیکے واسطے قصد موصل کا کیا اور سیف الدولہ اپنے بھائی کی مدد کے واسطے موصل کی طرف روانہ ہوا جب معز الدولہ کو یہ خبر پہنچی تو ناصر الدولہ سے صلح کرلی ناچار سیف الدولہ بے قتال موصل سے بغداد کی طرف آگیا۔

وَمَا تَقِرُّ سُيُوفٌ فِي مَمَالِكِهَا	حَتَّى تَقَلْقَلَ دَهْرًا قَبْلُ فِي الْقُلَلِ

التقلقل ضد السکون وہو الحرکۃ العنیفۃ۔ والقلل جمع قلۃ وہی اعلی الراس ماخوذ من قلۃ الجبل ترجمہ اور تلوارین اپنی سلطنتون مین نہین ٹھہرتی ہین جب تلک کہ پہلے ایک عرصہ تلک سرہائے اعدا مین سخت حرکت نکرین یعنی امن کے واسطے اول لازم ہی کہ دشمن بکثرت قتل کیے جاوین۔

مِثْلُ الْأَمِيرِ بَغَى أَمْرًا فَقَرَّبَهُ	طُولُ الرِّمَاحِ وَأَيْدِي الْخَيْلِ وَالْإِبِلِ

ترجمہ مثل سیف الدولہ یعنی خود اُس نے جب ایک امر یعنی موصل کا قصد کیا تو درازی نیزون اور دستہائے اسپ وشتر نے منزل مقصود سے اُسکو نزدیک کر دیا۔

وَعَزْمَةٍ بَعَثَتْهَا هِمَّةٌ زُحَلُ	مِنْ تَحْتِهَا بِمَكَانِ التُّرْبِ مِنْ زُحَلِ

زحل من الکواکب السبعۃ وہنا ال ہو فے السماء السابعۃ ترجمہ اور اُسکو موصل سے نزدیک کر دیا اُس کے قصد نے جسکے باعث اُسکی ایسی ہمت بلند ہوئی تھی کہ زحل باوجود غایت ارتفاع اُس کی نسبت اتنا پست ہو جتنی زمین زحل سے پست ہی۔

عَلَى الْفُرَاتِ أَعَاصِيرٌ وَفِي حَلَبٍ	تَوَحُّشٌ لِمُلَقِّي النَّصْرِ مُقْتَبِلِ

اللام فی لملقی لام الاجل ای لاجل خروجہ عن حَلَبٍ۔ والاعاصیر جمع اعصار وہی الریح تلتف بالغبار وتعلو مستطیلۃ۔ والمقتبل الذی تناہی شبابہ ولیس علیہ اثر الکبر ترجمہ دریائے فرات پر گبولے ہین بسبب کثرت غبار لشکر سیف الدولہ یا نامر الدولہ کے اور دار الامارۃ حلب مین بسبب دوری سیف الدولہ کے جو فیروزمند اور پورا جوان ہی اور کامل القوت مقبول العیون توحش ہی۔

تَتْلُو أَسِنَّتُهُ الْكُتْبَ الَّتِي نَفَذَتْ	وَيَجْعَلُ الْخَيْلَ أَبْدَالًا مِنَ الرُّسُلِ

ترجمہ اُسکے نیزے وہ نامے پڑھتے ہین جو جاری ہو چکے ہین اور وہ سوارونکو قائم مقام قاصدون کے کرتا ہی یعنے ممدوح پہلے دشمنون کو بذریعہ نامون کے ڈراتا ہی اگر وہ اطاعت نہین کرتے تو اُن پر لشکر چڑہ جاتا ہی خلاصہ یہ کہ وہ دشمنون پر بے خبر کئے نہین چڑھائی کرتا ہی بلکہ اُن کو متنبہ کر کے اُن پر حملہ کرتا ہی بسبب غایت شجاعت کے۔

يَلْقَى الْمُلُوكَ فَلَا يَلْقَى سِوَى جَزَرٍ	وَمَا أَعَدُّوا فَلَا يَلْقَى سِوَى نَفَلِ

الجزر الشاۃ التی اعدت للذبح۔ وما اعدّوا عطف علے الملوک ترجمہ بادشاہان مخالف سے ممدوح مقابلہ کرتا ہی تو اُن سے اُس کا مقابلہ ایسا ہوتا ہی جیسے اُس بکری سے جو ذبح کے لئے طیار ہو اور اُن کے سامان سے مقابلہ کرتا ہی سو وہ اُسکی غنیمت ہوتے ہین یعنے اُسکی ٹکر کا کوئی نہین ہی۔

صَانَ الْخَلِيفَةُ بِالْأَبْطَالِ مُهْجَتَهُ	صِيَانَةَ الذَّكَرِ الْهِنْدِيِّ بِالْخِلَلِ

الضمیر فے مہجتہ لسیف الدولۃ لان الضمیر اذا عاد الی الخلیفۃ کان ازراء بالممدوح لانہ من جملتہ۔ والہندی السیف الکریم منسوب الی حدید الہند۔ والذکر السیف الصقیل والخلل جمع خلۃ وہی جلود اغشیۃ الاغماد ترجمہ خلیفہ بعدد دلیران سیف الدولہ کے جان کی ایسی حفاظت کرتا ہی جیسی شمشیر عمدہ ہندی کی حفاظت میانون سے کرتے ہین کیونکہ وہ دولت خلیفہ کی شمشیر ہی۔

اَلْفَاعِلُ الْفِعْلَ لَمْ يُفْعَلْ لِشِدَّتِهِ	وَالْقَائِلُ الْقَوْلَ لَمْ يُتْرَكْ وَلَمْ يُقَلِ

من روی الفعل بالنصب اراد یفعل الفعل ویقول القول لان اسم الفاعل یعمل عمل الفعل ومن رواہ بالجر جعلہ مضافا کقولہ تعالے والمقیمی الصلوۃ ترجمہ وہ ایسے کام کا کرنیوالا ہے کہ جس کو کسی نے بسبب اُسکی دشواری کے نہ کیا ہو اور ایسے قول کا کہتا ہے کہ اُسکو کسی نے نہیں کہا اور نہ وہ متروک رہا یعنی اُس تلک کسی کے فہم کی رسائی نہیں ہوئی اور جب رسائی نہیں ہوئی تو وہ چھوڑا بھی نہیں گیا کیونکہ چھوڑنا بعد رسائی اور شناسائی کے ہوتا ہے۔

وَالْبَاعِثُ الْجَيْشَ قَدْ غَالَتْ عَجَاجَتُهُ	ضَوْءَ النَّهَارِ فَصَارَ الظُّهْرُ كَالطَّفَلِ

غالہ یغولہ اذا استقصہ واصلہ الاہلاک ومنہ الغول۔ والطفل وقت غروب الشمس۔ والظہر وقت الظہیرۃ وھو وقت قیام الشمس للزوال ترجمہ اور ممدوح ایسے لشکر کا بھیجنے والا ہے کہ اُسکا غبار دن کی روشنی کو محو و نابود کردیتا ہے سو ٹھیک دوپہر مثل شام ہوجاتا ہے کثرت غبار کے سبب۔

اَلْجَوُّ اَضْيَقُ مَا لَاقَاهُ سَاطِعُهَا	وَمُقْلَةُ الشَّمْسِ فِيهِ اَحْيَرُ الْمُقَلِ

الجو الغبار۔ والمقل جمع مقلۃ ترجمہ آسمان وزمین کے درمیان کا فاصلہ جبکہ بلند ہونے والا غبار اُس سے ملتا ہے تنگ معلوم ہوتا ہے اور چشم آفتاب اُس غبار میں سب آنکھوں سے زیادہ حیران ہوتی ہے۔

يَنَالُ اَبْعَدَ مِنْهَا وَهِيَ نَاظِرَةٌ	فَمَا تُقَابِلُهُ اِلَّا عَلَى وَجَلِ

ترجمہ ممدوح اُس چیز تلک پہنچتا ہے جو آفتاب سے بھی دور ہے اور وہ آفتاب اس امر کو خود دیکھتا ہے سو وہ ممدوح کے سامنے نہیں آتا مگر ترسان ولرزان اُس کے قصد سے کہ مبادا میرا نور چھین لے۔

قَدْ عَرَّضَ السَّيْفَ دُونَ النَّازِلَاتِ بِهِ	وَظَاهَرَ الْحَزْمَ بَيْنَ النَّفْسِ وَالْغِيَلِ

ظاہر الحزم جعل بعضہ فوق بعض کما یظاہر الرجل بین الدرعین واصلہ المعاونۃ والغیل جمع غیلۃ وہی قتل الخدیعۃ۔ واصل الغیل الہلاک ترجمہ اُن مصائب سے ورے جو اُس کا ارادہ رکھتے ہیں اپنی تلوار پیش کردیتا ہے اس لئے وہ مصائب اُس تلک پہنچ نہیں سکتے اور ہوشیاری کی تہین چڑھا دیتا ہے درمیان اپنے نفس اور ہلاکیون کے یعنی مصائب کو بزور شمشیر دفع کرتا ہے اور اپنی ہوشیاری اور بیدار مغزی کو اپنی حفاظت کے لئے بمنزلہ دُہری زرہ کے پہنتا ہے۔

وَوَكَّلَ الظَّنَّ بِالْاَسْرَارِ فَانْكَشَفَتْ	لَهُ ضَمَائِرُ اَهْلِ السَّهْلِ وَالْجَبَلِ

ترجمہ اور اپنے ظن صادق کو لوگون کے دلی ارادوں پر مقرر کردیتا ہے یعنے اُنکی دریافت کے لئے سو اُس کو اسرار پوشیدہ دیسی اور کوہی باشندون کے معلوم ہوجاتے ہیں یعنی وہ ذکی اور فہیم ہے اپنے گمان

صحیح کے ذریعہ سے سب کا حال جانتا ہی۔

هُوَ الشُّجَاعُ يَعُدُّ الْبُخْلَ مِنْ جُبُنٍ	وَهُوَ الْجَوَادُ يَعُدُّ الْجُبْنَ مِنْ بُخْلِ

البخل بضم الباء وسکون الوسط وبفتح الباء والحاء لغتان فصیحتان ترجمہ ممدوح ایک بہادر ہی کہ بخل کو جبن و نامردی سمجھتا ہی کیونکہ بخل خوف فقر سے ہوتا ہی اور خوف جبن ہی اور شجاع نامرد نہین ہوتا اور وہ ہی ایسا سخی ہی کہ نامردی کو اقسام بخل سے جانتا ہی کیونکہ نامرد بخوف جان نامردی کرتا ہی یعنے جان دینے مین بخیلی کرتا ہی۔

يَعُودُ مِنْ كُلِّ فَتْحٍ غَيْرَ مُفْتَخِرٍ	وَقَدْ أَغَذَّ إِلَيْهِ غَيْرَ مُحْتَفِلِ

یعود یرجع۔ والاغذاذ الاسراع فی السیر ترجمہ وہ ہر فتح کے بعد ایسے حال مین لوٹتا ہی کہ اُسپر کچھ فخر اور گھمنڈ نہین کرتا ہی حال آنکہ اُسکی طرف لا اُبالیانہ و بے پروایانہ جلد گیا تھا خلاصہ یہ کہ وہ صاحب ظرف عالی ہی اور بلند حوصلہ کہ مقابلہ دشمن کی اُسکے روبرو کچھ حقیقت نہین ہی

وَلَا يُجِيرُ عَلَيْهِ الدَّهْرُ بُغْيَتَهُ	وَلَا تُحَصِّنُ دِرْعٌ مُهْجَةَ الْبَطَلِ

اجار علیہ منعہ مایطلبہ ترجمہ زمانہ اُس کے خلاف اُسکے مطلب کو روک نہین سکتا اور اُس کے مقابل کوئی زرہ دلیر کی جان کو نہین بچا سکتی یعنے وہ فیروزمند و صاحب بخت عالی ہی۔

إِذَا خَلَعْتُ عَلَى عِرْضٍ لَهُ حُلَلاً	وَجَدْتُهَا مِنْهُ فِي أَبْهَى مِنَ الْحُلَلِ

الحلل جمع حلۃ۔ قال ابو عبید الحلل برود الیمن۔ والحلۃ ازار ورداءٌ۔ ولا یسمی حلۃ حتی یکون ثوبین ترجمہ جبکہ مین اُسکی آبرو پر خلعت اپنی مدح کا پہناتا ہون یعنی اُسکی تعریف کرتا ہون تو مین اُس خلعت مدح کو اُس کے باعث نہایت بارونق تمام خلعتون سے پاتا ہون یعنے مین اُس خلعت شعر کو دیکھتا ہون کہ اُسمین نہایت نور و ضیا حاصل ہوجاتا ہی اور ممدوح کے سبب اُس کو زینت ہوجاتی ہی بجائے اس کے کہ خلعت مدح سے اُسکو زینت ہو۔ خلاصہ یہ کہ اُس کی آبرو میرے اشعار مدحیہ سے اچھی ہی۔

بِذِي الْغَبَاوَةِ مِنْ إِنْشَادِهَا ضَرَرٌ	كَمَا تُضِرُّ رِيَاحُ الْوَرْدِ بِالْجُعَلِ

الجعل دُوَیبۃ معروفۃ تأوی فی النجاسات ترجمہ میرے اشعار پڑھنے سے غبی جاہل کو نقصان پہنچتا ہی جیسے گلاب کے پھول کی خوشبو گبریلے کیڑے کو جو ہمیشہ نجاسات مین رہتا ہی نقصان پہنچاتی ہی۔ وجہ نقصان غبی کی یہ ہوتی ہی کہ فضائل ممدوح جو میرے اشعار مین مذکور ہوتے ہین وہ اپنی ذات مین نہین پاتا اور اپنے نقصان سے خبردار ہوجاتا ہی۔

لَقَدْ رَأَتْ كُلُّ عَيْنٍ مِنْكَ مَالِئَهَا	وَجَرَّبَتْ خَيْرَ سَيْفٍ خِيرَةُ الدُّوَلِ

ترجمہ بیشک ہر آنکھ نے تجھسے اپنی پُر کرنیوالی چیز پائی یعنی ہر چشم ترے جمال وجلال سے پُر ہی - اور تمام سلطنتون سے بہتر سلطنت یعنی خلیفہ کی خلافت نے تجکو بہترین سیوف پایا اور آزمایا - اشارہ ہی طرف لقب سیف الدولہ کے -

فَمَا تُكَشِّفُكَ الْأَعْدَاءُ عَنْ مَلَلٍ	مِنَ الْحُرُوبِ وَلَا الْآرَاءُ عَنْ زَلَلِ

ترجمہ سو تیرے دشمن کبھی تیر الملال لڑائیون سے باوجود کثرت اپنے تجربون کے ظاہر نہین دیکھتے اور نہ عقول عاقلان تیری رائے مین خلل دیکھتی ہین -

وَكَمْ رِجَالٍ بِلَا أَرْضٍ لِكَثْرَتِهِمْ	تَرَكْتَ جَمْعَهُمْ أَرْضًا بِلَا رَجُلِ

ترجمہ اور بہت سے ایسے لوگ ہین کہ بسبب اُنکی کثرت کے اُنکے تلے کی زمین نہین معلوم ہوتی سو تو نے اُنکی بسبب قتل ایسی صفائی کردی ہی کہ اُنکی زمین بے کسی مرد کے رہگئی یعنی سبکو قتل کرڈالا -

مَا زَالَ طِرْفُكَ يَجْرِي فِي دِمَائِهِمْ	حَتَّى مَشَى بِكَ مَشْيَ الشَّارِبِ الثَّمِلِ

الطرف الفرس الکریم - والثمل والشامل السکران ترجمہ تیرا عمدہ گھوڑا خون اعدامین برابر چلتا رہا یہان تک کہ مستانہ رفتار سے تجکو لیکر چلا یعنے بسبب کثرت خون اعدا لڑکھڑاتا چلا -

يَا مَنْ يَسِيرُ وَحُكْمُ النَّاظِرَيْنِ لَهُ	فِيمَا يَرَاهُ وَحُكْمُ الْقَلْبِ فِي الْجَذَلِ

الجذل الفرح ویروی الناظرین علے التثنیۃ والمراد بہ عینا الممدوح - ویروی بصیغۃ الجمع لجماعۃ النظار الیہ ترجمہ ای وہ شخص کہ ایسے حال مین چلتا ہی کہ جسکو اُس کی دونون آنکھین یا تمام ناظرین کی آنکھین دیکھین اور پسند کرین وہ چیز اُسی کی ہی کوئی اُس کو منع نہین کرسکتا - یا یہہ کہ اُس کی سلطنت وسیع ہے جہان جاتا ہی وہ اُس کے زیر حکم ہی اور اُس کے دل کا حکم خوشی مین جاری ہی جس قسم کی خوشی پسند کرے وہ موجود ہی -

إِنَّ السَّعَادَةَ فِيمَا أَنْتَ فَاعِلُهُ	وُفِّقْتَ مُرْتَحِلًا أَوْ غَيْرَ مُرْتَحِلِ

جواب ندا ترجمہ جو کام تو کرتا ہی سعادت اُس مین ہی یا ہوجیو - تو کوچ و مقام مین توفیق خیر بخشا گیا ہی یا بخشا جائیو -

أَجْرِ الْجِيَادَ عَلَى مَا كُنْتَ مُجْرِيَهَا	وَخُذْ بِنَفْسِكَ فِي أَخْلَاقِكَ الْأُوَلِ

الجیاد جمع جواد - وقلب الواو یاء ہنا شاذ فی القیاس دون الاستعمال ترجمہ اپنے گھوڑون کو اپنے دشمنون پر روانہ فرما جیسا تو پہلے روانہ کیا کرتا تھا اور جیسی تیری قدیم عادتین ہین اُسین اپنی طبیعت کو لگا -

يَنْظُرْنَ مِنْ مُقَلٍ أَدْمَى أَحِجَّتَهَا	قَرْعُ الْفَوَارِسِ بِالْعَسَّالَةِ الذُّبُلِ

الاجۃ جمع حجاج وہو الغار الذی فیہ العین۔ والعسالۃ الرماح الطوال التی تہتز۔ والذبل جمع ذابل وہو الیابس

ترجمہ وہ گھوڑے ایسی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں جنکے خانہائے چشم کو جنگ سواروں نے بذریعہ نیزہائے دراز ولچکدار وخشک کے خون آلودہ کر رکھا ہے یعنے وہ دشمنوں سے سنگھ ہو کر لڑتے ہیں۔

فَلَا هَجَمَتْ بِهَا إِلَّا عَلَى ظَفَرٍ		وَلَا وَصَلَتْ بِهَا إِلَّا إِلَى أَمَلِ	

ترجمہ ممدوح کو دعا دیتا ہے کہ تو ان گھوڑوں کے ذریعہ سے حملہ نکیجو مگر اسی طرح کہ تو فتح مند ہو اور ان گھوڑوں کے وسیلہ سے نہ پہنچیو مگر اپنی امید پر۔

وقال یرثی ابا الہیجا عبداللہ بن سیف الدولۃ

بِنَا مِنْكَ فَوْقَ الرَّمْلِ مَا بِكَ فِي الرَّمْلِ		وَهٰذَا الَّذِي يُضْنِي كَذَاكَ الَّذِي يُبْلِي	

ترجمہ ہمارا تیرے غم سے زمین پر وہ حال ہے جو تجھ پر زیر زمین گزر رہا ہے اور یہ حزن جو ہمکو لاغر کر رہا ہے وہ مثل اس حال کے ہے جو تجکو قبر میں بوسیدہ کر رہا ہے یعنے ہم زمین کے اوپر مردہ ہیں اور تو زیر زمین۔

كَأَنَّكَ أَبْصَرْتَ الَّذِي بِي وَخِفْتَهُ		إِذَا عِشْتَ فَاخْتَرْتَ الْحِمَامَ عَلَى الثُّكْلِ	

الحمام الموت۔ والثکل فقد الحبیب العزیز ترجمہ گویا تونے وہ صدمہ جو مجھ پر گذر رہا ہے معلوم کر لیا اور تو اس سے ڈرا اگر تو جیتا تو تونے موت کو حبیب کے مرنے پر اختیار کر لیا۔ یعنے تونے معلوم کر لیا کہ جو صدمہ مجھ پر گذر رہا ہے وہ بحالت تیرے زندہ رہنے کے تجھ پر بسبب فراق احبہ کے گزرے گا اس لئے قبل تحمل صدمہ تونے موت کو پسند کر لیا۔

تَرَكْتَ خُدُودَ الْغَانِيَاتِ وَفَوْقَهَا		دُمُوعٌ تُذِيبُ الْحُسْنَ فِي الْأَعْيُنِ النُّجْلِ	

الغانیات جمع غانیۃ وہی التی غنیت بحسنہا عن التحسین وقیل ہی التی غنیت بزوجہا۔ والعین النجلاء الواسعۃ الحسنۃ۔ والجمع انجل۔ ترجمہ تونے رخسارے ایسی عورتوں کے جنکو حاجت زینت مصنوعی نہیں ہے ایسے حال میں کرچھوڑے کہ ان پر ایسے بکثرت اشک جاری ہیں کہ انکی چشمہائے فراخ میں حسن کو گلاتے دیتے ہیں بزیل کی جگہہ یذیب اسواسطے کہا کہ اشک حسن چشم کو آہستہ آہستہ کھوتے ہیں اس لئے اس کو گلنے سے تشبیہ دی۔ یا اس لئے کہ ذوب کے معنے سیلان کے ہیں اور اشک سائل ہوتے ہیں تو گویا حسن چشم ان کے ساتھ بہگیا۔

تَبُلُّ الثَّرَى سُوداً مِنَ الْمِسْكِ وَحْدَهُ		وَقَدْ قَطَرَتْ حُمْراً عَلَى الشَّعْرِ الْجَثْلِ	

الجثل الشعر الکثیر الملتف ترجمہ وہ اشک جو صرف مشک کی آمیزش سے سیاہ ہوگئے زمین کو تر کرتے ہیں

اور حال یہ ہی کہ وہ بسبب آمیزش خون کے اُنکے موہائے کثیر پیچیدہ پر سُرخ گرتے تھے خلاصہ یہ کہ اُن زنان حسینہ نے قبل اس صدمہ کے اپنے موہائے سر پر استعمال مشک کیا تھا اور اس صدمہ مین اُنھون نے سر کے بال شل اور ماتم زدون کے کھولڈالے اور اشک ہائے خونی سے روئین اور یہ سرخ اشک اُنکے پریشان بالونپر جو مشک آمیز تھے گذر کے زمین پر سیاہ ہوکر گرے بسبب آمیزش مشک کے۔

فَاِنْ تَكُ فِيْ قَبْرٍ فَاِنَّكَ فِي الْحَشَا	وَاِنْ تَكُ طِفْلاً فَالْاَسٰى لَيْسَ بِالطِّفْلِ

ترجمہ سو اگرچہ تو ایک قبر مین ہی سو بیشک تو ہمارے دلمین ہی کہ ہر وقت تیری تصویر اُسمین بنی رہتی ہی اور تیری برابر یاد رہتی ہی اور اگرچہ تو صغیر بچہ تھا مگر تیرا غم صغیر نہین ہی بلکہ بڑا ہی۔

وَمِثْلُكَ لَا يُبْكٰى عَلٰى قَدْرِ سِنِّهٖ	وَلٰكِنْ عَلٰى قَدْرِ الْمَخِيْلَةِ وَالْاَصْلِ

المخیلۃ السحابۃ التی یتاکد الرجاء فے مطرہا۔ والدلالۃ الصادقۃ بالشیٔ مخیلۃ۔ واراد ہہنا الفراسۃ ترجمہ اور تجھے بچہ پر بقدر اُس کے سال عمر کے گریہ نہین کیا جاتا بلکہ بقدر فراست وپاکی اصل کے۔ کیونکہ تو عمدہ نسب کا بچہ تھا اور اس لئے تجھ سے بڑے نیک کامون کی اُمید تھی۔

اَلَسْتَ مِنَ الْقَوْمِ الَّذِيْ مِنْ رِمَاحِهِمْ	نَدَاهُمْ وَمِنْ قَتْلَاهُمْ مُهْجَةُ الْبُخْلِ

اراد بالذی الذین فحذف النون تخفیفا للضرورۃ ترجمہ ای بچہ کیا تو اُس قوم سے نہین ہی کہ اُن کی سخاوت منجملہ اُنکے ہتیارون کے ہی اور بخل کی جان اُنکے کشتونین سے ہی یعنے تیری قوم اپنے اعدا کو بزور سخاوت زیر کرتی ہی کہ وہ خواہ نخواہ اُنکی یہ فضیلت دیکھکر اُن کے مطیع ہوجاتے ہین۔

بِمَوْلُوْدِهِمْ صَمْتُ اللِّسَانِ كَغَيْرِهٖ	وَلٰكِنَّ فِيْ اَعْطَافِهٖ مَنْطِقُ الْفَضْلِ

الاعطاف جمع عطف وہو الجانب من راس الی ورک ترجمہ اُس قوم کا بچہ شل اور قوم کے بچون کے بولتا نہین ہی مگر اُسکے اطراف وجوانب مین اُس کا فضل برابر بول رہا ہی اور اُسپر آثار سیادت نمایان ہین۔

تُسَلِّيْهِمُ عَلْيَاؤُهُمْ عَنْ مُصَابِهِمْ	وَيُشْغِلُهُمْ كَسْبُ الثَّنَاءِ عَنِ الشُّغْلِ

ترجمہ اس قوم کی بلندی قدر اُنکی مصیبت سے اُنکو تسلی دیتی ہی کہ وہ صبر کرتے ہین اور اُن کو تحصیل فضائل قابل مدح اور شغلون سے روکتی ہی یعنے وہ لوگ بلند حوصلہ اور امور خیر مین ساعی ہین۔

اَقَلُّ بَلَاءٍ بِالرَّزَايَا مِنَ الْقَنَا	وَاَقْدَمُ بَيْنَ الْجَحْفَلَيْنِ مِنَ النَّبْلِ

اَقَل بلاءً ای مبالاۃ واقل خبر مبتداء محذوف ای ہم اقل۔ والقدم ای اشد اقداما ترجمہ یہ لوگ تحمل مصائب مین نیزون سے بھی زیادہ بے پروا ہین اور دو بڑے لشکرون مین تیرسے بھی زیادہ آگے بڑھنے والے ہین یعنے نیزے اور تیر بسبب لایعقل ہونے کے مصائب کی پروا نہین کرتے اور یہ قوم باوجود عاقل ہونے کے

عَزَاءَكَ سَیفَ الدَّولَۃِ المُقتَدیٰ بِہٖ	فَاِنَّکَ نَصلٌ وَالشَّدَائِدُ لِلنَّصلِ

عزاک ای الزم عزاک۔ والمقتدیٰ بہ فی موضع نصب لغتاً للعزاء۔ والضمیر فی بہ للعزاء ترجمہ ای سیف الدولہ اپنا ایسا صبر لازم پکڑ جس کا سب اقتدا کرتے ہیں کیونکہ تو تلوار کا پھل ہی اور تمام شدائد تلوار کے پھل کے لئے ہین کہ وہ لوہونکو کاٹتا ہی۔

مُقِیمٌ مِّنَ الھَیجَاءِ فِی کُلِّ مَنزِلٍ	کَاَنَّکَ مِن کُلِّ الصَّوَارِمِ فِی اَھلِ

ترجمہ ای ممدوح تو ہر منزل جنگ مین نہایت راحت و استقلال کے ساتھ مقیم ہی گویا تمام تلوارین تیرا کنبہ ہی۔

وَلَم اَرَ اَعصیٰ مِنکَ لِلحُزنِ عَبرَۃً	وَاَثبَتَ عَقلاً وَالقُلُوبُ بِلَا عَقلِ

ترجمہ اور مینے بلحاظ اشک غم کا غیر مطیع اور عقل کا ثابت جبکہ سب قلوب کی عقل جاتی رہے تجھسے زیادہ نہین دیکھا

تَخُونُ المَنَایَا عَھدَہٗ فِی سَلِیلِہٖ	وَتَنصُرُہٗ بَینَ الفَوَارِسِ وَالرَّجلِ

السلیل الولد الذکر۔ والفوارس جمع فارس۔ والرجل جمع راجل ترجمہ ممدوح کا حال عجیب ہی کہ موتین اُسکے لڑکے کے معاملہ مین اُس سے بدعہدی کرین اور سوار اور پیادون مین اُسکی مدد کرین۔

وَیَبقیٰ عَلیٰ مَرِّ الحَوَادِثِ صَبرُہٗ	وَیَبدُوْ کَمَا یَبدُو الفِرِندُ عَلَی الصَّقلِ

ترجمہ اور باوجود تواتر مصائب اُس کا صبر باقی رہتا ہی اور وہ صبر اُس مین ایسا ظاہر ہوتا ہی جیسے صیقلدار تلوار مین جوہر۔

وَمَن کَانَ ذَا نَفسٍ کَنَفسِکَ حُرَّۃٍ	فَفِیہِ لَھَا مُغنٍ وَفِیھَا لَہٗ مُسلٍ

ترجمہ اور جس شخص کی آزاد طبیعت مثل تیری طبیعت کے ہو تو اُس شخص مین ایسی چیز موجود ہی کہ اُس کی طبیعت کو ہر دوست سے بے پروا کرے اور اُسکی طبیعت مین اُس شخص کا تسلی دینے والا موجود ہی۔

وَمَا المَوتُ اِلَّا سَارِقٌ دَقَّ شَخصُہٗ	یَصُولُ بِلَا کَفٍّ وَیَسعیٰ بِلَا رِجلِ

ترجمہ اور نہین ہی موت مگر ایک چور جس کا بدن نہایت باریک ہو اور اس سبب سے اُس سے بچنا ناممکن ہو یہ موت بے ہاتھ حملہ کرتی ہی اور بے قدم چلتی ہی غرض اُس سے احتراز ہو نہین سکتا۔

یَرُدُّ اَبُو الشِّبلِ الخَمِیسَ عَنِ ابنِہٖ	وَیُسلِمُہٗ عِندَ الوِلَادَۃِ لِلنَّملِ

ترجمہ سیف الدولہ کے عاجز ہونے کو اپنے بیٹے کی حمایت اور دفع کرنے مصائب عظیمہ سے بطور ضرب مثل کہتا ہی کہ یہ امر ایسا ہی کہ شیر اپنے بچہ کی ضرر رسانی سے بڑے لشکر کو لوٹا دیتا ہی اور جب وہ پیدا ہوتا ہی تو اُس کو چیونٹیون کے سپرد کر دیتا ہی یعنی اُن سے اپنے بچے کو بچا نہین سکتا۔ کہتے ہین کہ بچہ شیر

کو چیونٹیاں ہلاک کر دیتی ہیں۔

	اِلیٰ بَطْنِ اُمٍّ لَا تُطَرِّقُ بِالْحَمْلِ		بِنَفْسِیْ وَلِیْدٌ عَادَ مِنْ بَعْدِ حَمْلِہٖ

ولید خبر مبتدء محذوف تقدیرہ المفدی بنفسے ولید۔ ویجوز رفعہ علے مالم یسم فاعلہ وتقدیرہ یفدی بنفسے ولید۔ وہذا خبر فیہ معنی التمنی۔ والتطریق بالحمل ہوان یخرج من الولد بعضہ ویبقی بعضہ فے البطن ترجمہ میری جان اُس بچہ پر قربان جو بعد حمل اپنی مادر کے ایسی مادر کے شکم میں گیا جس کو جننے میں کچھ دشواری نہیں ہی کیونکہ زمین جمادات کے اقسام سے ہی یا اس لئے کہ خداوند تعالے قادر ہی اسپر کہ اموات کو اُسمین سے بسہولت نکالدے۔

	وَصَدَّ وَفِیْنَا غُلَّۃُ الْبَلَدِ الْمُحْلِ		بَدَا وَلَہٗ عَھْدُ السَّحَابَۃِ بِالرَّوِیْ

الروی الماء الکثیر۔ والغلۃ العطش ترجمہ وہ بچہ ایسے حال میں پیدا ہوا کہ مثل ابر کے آب کثیر شیرین کا وعدہ کرتا تھا یعنی آثار فیاضی اُس کے چہرہ سے نمایان تھے اور اُس نے ایسے حال میں روگردانی کی اور مرگیا کہ ہم لوگوں میں مثل شہر قحطناک تشنگی موجود ہی کیونکہ ہماری تشنگی اُس کے دریائے فیض سے زائل نہ ہوئی۔

	اِلیٰ وَقْتِ تَبْدِیْلِ الرِّکَابِ مِنَ النَّعْلِ		وَقَدْ مَدَّتِ الْخَیْلُ الْعِتَاقُ عُیُوْنَھَا

الخیل العتاق الکرام۔ والرکاب السرج اومایکون فے سرج الدابۃ ترجمہ اور عمدہ گھوڑوں نے اپنی آنکھیں کھول رکھی تھیں اور وہ منتظر تھے اُسوقت کے کہ بجائے پائے پوش زین بدلا جاوے اور وہ بچہ ہمپر سوار ہو۔

	وَجَاشَتْ لَہُ الْحَرْبُ الضَّرُوْسُ وَمَا تَغْلِیْ		وَرِیْعَ لَہٗ جَیْشُ الْعَدُوِّ وَمَا مَشٰی

جاشت القدر غلت وارجت۔ والضروس الشدیدۃ العض۔ وقولہ وما تغلی تنبیہ علے ان الحرب قامت یعنی معنی لا صورۃ ترجمہ اور ابھی وہ لڑکا اپنے پانوں نہیں چلا تھا کہ اُس سے دشمنوں کا لشکر ڈرایا گیا۔ اور اُس کے سبب سخت جنگ نے جوش کھایا حالانکہ وہ جوش نہیں کھاتا تھا خلاصہ یہہ کہ ابھی اُس کے سبب لڑائی حقیقۃ قائم نہیں ہوئی تھی مگر اُس کے آثار نمایان تھے۔

	وَیَاْکُلُہٗ قَبْلَ الْبُلُوْغِ اِلَی الْاَکْلِ		اَیَفْطِمُہُ التُّوْرَابُ قَبْلَ فِطَامِہٖ

الاستفہام للانکار۔ والتوراب لغۃ فے التراب ترجمہ کیا اُس بچہ کا قبل اوسکے دودھ چھٹنے کے قبر کی مٹی دودھ چھوڑا دے اور اس سے پہلے کہ وہ کھانے لگے مٹی اُسے کھاجاوے یعنی ایسا ہونا محل تاسف ہی۔

	وَیَسْمَعُ فِیْہِ مَا سَمِعْتَ مِنَ الْعَذْلِ		وَقَبْلَ یَرٰی مِنْ جُوْدِہٖ مَا رَاَیْتَہٗ

اراد وقبل ان یری فحذفہا واعملہا علے روایۃ نصب یسمع ترجمہ اور کیا وہ مرجاوے اس سے پہلے کہ وہ اپنی کثرت بخشش سے وہ حال دیکھے جو تو نے اپنی بخشش کثیر سے دیکھا یعنی محبوب القلوب ہونا اور اس سے پہلے کہ وہ اپنی کثرت جود کے معاملہ میں وہ ملامت ناصحان سنے جسکو سننے کا تجکو اتفاق ہوا ہی۔

وَيَلْقَى كَمَا تَلْقَى مِنَ السِّلْمِ وَالْوَغَى
وَيُمْسِي كَمَا تُمْسِي مَلِيكًا بِلَا مِثْلِ

ترجمہ اور وہ اس سے پہلے مرجاوے کہ تیری مانند صلح و جنگ کا اُس کو اتفاق پڑے اور تیرے مانند بیمثل بادشاہ ہوجاوے۔

تُوَلِّيهِ أَوْسَاطَ الْبِلَادِ رِمَاحُهُ
وَتَمْنَعُهُ أَطْرَافُهُنَّ مِنَ الْعَزْلِ

ترجمہ اور اس سے پہلے کہ اُس کے نیزے اُسکو شہرونکے وسط کا مالک کردین اور اُنکی بھالین اُس کو معطل اور معزول کرنیسے منع کرین یعنے ایسی قوت و شوکت حاصل ہو کہ اُس سے کوئی سلطنت چھین نہ سکے۔

نُبَكِّي لِمَوْتَانَا عَلَى غَيْرِ رَغْبَةٍ
تَفُوتُ مِنَ الدُّنْيَا وَلَا مَوْهِبٍ جَزْلِ

الموہب العطار۔ والجزل الکثیر ترجمہ ہم اپنے مردون کے لئے روتے ہین بے اسکے کہ کوئی مرغوب شی ہمارے پاس سے جاتی رہے اور نہ کوئی عطائے کثیر ہمسے فوت ہوئے کیونکہ تمام دنیا اور اہل دُنیا بے حقیقت ہین۔

إِذَا مَا تَأَمَّلْتَ الزَّمَانَ وَصَرْفَهُ
تَيَقَّنْتَ أَنَّ الْمَوْتَ ضَرْبٌ مِنَ الْقَتْلِ

ترجمہ جب تو زمانہ اور اُس کے حوادث کو دیکھے گا تو یقین کرلے گا کہ موت ایک قتل کی قسم ہے یعنے جیسے موت باعث زوال روح ہی ایسا ہی قتل بھی پس مرد شجاع جیسا قتل سے نہین ڈرتا چاہئے کہ ایسا ہی موت سے بھی نہ ڈرے۔

هَلِ الْوَلَدُ الْمَحْبُوبُ إِلَّا تَعِلَّةٌ
وَهَلْ خَلْوَةُ الْحَسْنَاءِ إِلَّا أَذَى الْبَعْلِ

التعلۃ التعلل ترجمہ فرزند محبوب نہین ہی مگر ایک چندروزہ دل لگی کی چیز جسکو دوام نہین ہی اور خلوت زن حسینہ نہین ہی مگر شوہر کے لئے ایک تکلیف کی شی کہ وہ امور ضروریہ سے غافل کرتی ہی اور ضررہائے متعددہ اُس سے پیدا ہوتے ہین یا یہ کہ وہ باعث اولاد ہوتی ہی جس کا انجام تکالیف گوناگون ہی اور درصورت وفات ولد سبب اضمحلال قوی ہوتی ہی۔

وَقَدْ ذُقْتُ حَلْوَاءَ الْبَنِينَ عَلَى الصِّبَا
فَلَا تَحْسَبَنِّي قُلْتُ مَا قُلْتُ عَنْ جَهْلِ

الحلواء معروفۃ وہی تستعمل ابکل مایستحلی ترجمہ اور بیٹے بیشک شیرینی پسران بوقت اُن کی خوردسالی کے یا اپنے آغاز جوانی مین چکھی ہی اور اُن کا حال ایسا ہی پایا جیسا مینے گذارش کیا سو تو میرے اس قول کو ایسا نہ سمجھ کہ مین نے وہ نادانستگی مین کہا بلکہ بعد تجربہ۔

وَمَا تَسَعُ الْأَزْمَانُ عِلْمِي بِأَمْرِهَا
وَلَا تُحْسِنُ الْأَيَّامُ تَكْتُبُ مَا أُمْلِي

ترجمہ اور جسقدر مین احوال دُنیا جانتا ہون زمانون کو اسقدر وسعت اور مقدرت نہین ہی کہ اُسقدر جان سکین اور زمانہ اُس قدر کلام حکمت جو مین اُس سے لکھواؤن اچھی طرح نہین لکھ سکتا پس اُس کا

علم ہی کیا ہے۔

وَمَا الدَّهْرُ اَهْلٌ اَنْ تُؤَمَّلَ عِنْدَهٗ	حَيٰوةٌ وَاَنْ يُّشْتَاقَ فِيْهِ اِلَى النَّسْلِ

ترجمہ ۔ اور زمانہ اس امر کا سزاوار نہیں ہے کہ اس میں زندگی کی امید کی جاوے اور اُس میں اولاد کا اشتیاق کیا جاوے۔

وقال یمدحہ

لَا الْحُلْمُ جَادَ بِهٖ وَلَا بِمِثَالِهٖ	لَوْلَا ادِّكَارُ وَدَاعِهٖ وَزِيَالِهٖ

الحلم النوم ۔ والزیال المزایلۃ والزوال والمفارقۃ والتقدیر الاول فی المصراعین للحبیب وان لم یجر لہا ذکر للعلم بہ عند السامع

ترجمہ ۔ شدت ہجر حبیب کی شکایت کرتا ہے کہ اگر یادگار حبیب کی رخصت اور اُس کے فراق کی نہوتی یعنے میں ہمیشہ اُس کی رخصت اور فراق کے صدمہ کو یاد نکیا کرتا تو نہ خواب خود اُس کے ملنے کی بخشش کرتا اور نہ اُس کی شبیہ کی ۔ خلاصہ یہ ہے کہ اُس کا میرے پاس خواب میں آنا صرف بطفیل یادگاری بیداری ہے کہ جس کا ذکر ہر وقت بیداری میں کرتا ہوں وہ ہی خواب میں نظر آتا ہے ورنہ حبیب جیسا ملنے آتا وہ معلوم ہے قال الواحدی جعل الحلم بالحبیب جودہ بمثالہ فجعلہ شیئین ظنا منہ انہ یرے الحبیب فی النوم ویرٰی خیالہ والحال ان رؤیتہ ہو خیالہ لا رویۃ شخصہ بعینہ۔

اِنَّ الْمُعِيْدَ لَنَا الْمَنَامُ خَيَالَهٗ	كَانَتْ اِعَادَتُهٗ خَيَالَ خَيَالِهٖ

رفع المنام علی الفاعلیۃ والتقدیر الذی اعاد لنا المنام خیالہ ۔ ونصب خیال لانہ خبر کان ۔ واقام المصدر مقام المفعول لانہ یرید باعادۃ الشئ المعاد کالخلق بمعنے المخلوق۔

ترجمہ ۔ بیشک وہ محبوب جس کے خیال کو خواب لوٹا لایا یعنے وہ خواب میں نظر آیا یہ اُس کے خیال کا خیال تھا ۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہم اُس کا خیال بحالت بیداری برابر رکھتے تھے وہ ہی ہمکو خواب میں نظر آیا پس وہ خیال بیداری کا خیال ہے اور اس لئے وہ خیال خیال ہوا۔

بِتْنَا يُنَاوِلُنَا الْمُدَامَ بِكَفِّهٖ	مَنْ لَيْسَ يَخْطُرُ اَنْ نَّرَاهُ بِبَالِهٖ

ترجمہ ۔ ہم نے خواب میں تمام رات اس طرح گذاری یعنے خواب میں دیکھتے رہے کہ اپنے ہاتھ سے ہمکو کاسۂ شراب دیتا ہے وہ شخص جس کے دل میں کبھی یہ خیال بھی نہیں آتا تھا کہ ہم اُس کو دیکھیں گے بسبب درازی مسافت یا شدت اعراض کے۔

نَجْنِي الْكَوَاكِبَ مِنْ قَلَائِدِ جِيْدِهٖ	وَنَنَالُ عَيْنَ الشَّمْسِ مِنْ خَلْخَالِهٖ

ترجمہ ہم نے ایسے خیال مین رات تیرکی کہ محبوب کی گردن کے ہار دن سے ہم ستارے چن رہے ہین اور اُس کے خلخال سے چشمۂ آفتاب یا عین آفتاب کو لے رہے ہین یعنے اُن کو مس کر رہے ہین اور اُن سے متمتع ہو رہے ہین - یہان شاعر محبوب کے ہار کے موتیون کو ستارون سے اور خلخال کو عین شمس سے چمک دمک مین تشبیہ دیتا ہی اور نہایت لطیف اشارہ کرتا ہی طرف حصول نظارہ و معانقہ و ملامست کے اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ تشبیہ دشواری مین ہی - یعنے اُس سے ملاقات ایسی ہی دشوار تھی جیسے کواکب و شمس تلک رسائی -

بِنْتُمْ عَنِ الْعَیْنِ الْقَرِیْحَةِ فِیْکُمْ		وَسَکَنْتُمْ طَیَّ الْفُؤَادِ الْوَالِہِ	

استعمل السار الاصلیۃ فی الوالہ وصلا وہی لام الکلمۃ وہی جائزۃ - الولہ التحیر وذہاب العقل لشدۃ الحب - ترجمہ تم اُس آنکھ سے جو تمھارے فراق مین روتے روتے زخمی ہوگئی ہی دور ہوگئے اور اُس دل کی تہہ مین جو بسبب شدت عشق مدہوش ہی آٹھہرے ہو -

فَدَنَوْتُمْ وَدُنُوُّکُمْ مِنْ عِنْدِہٖ		وَسَمَحْتُمْ وَسَمَاحُکُمْ مِنْ مَالِہٖ	

ترجمہ سو تم خواب مین مجھ سے نزدیک ہوگئے اور تمھارا نزدیک ہونا بسبب دل کے ہی اور تمنے اپنے وصل کی سخاوت کی مگر تمھاری سخاوت بدولت دل ہی نہ وہ رات دن تمھارا تصور رکھتا نہ تم خواب مین ملتے -

اِنِّیْ لَاُبْغِضُ طَیْفَ مَنْ اَحْبَبْتُہٗ		اِذْ کَانَ یَھْجُرُنَا زَمَانَ وِصَالِہٖ	

الطیف الخیال ترجمہ مین بیشک خیال محبوب سے دشمنی رکھتا ہون کیونکہ وہ ہمکو زمانۂ وصال محبوب مین چھوڑ جاتا ہی پس وہ نشان ہجران ہی اور اس لیئے مثل فراق مبغوض ہی - وقال الواحدی کان من حقہ اذ کان یواصلنے زمان الہجران ان یہجران الطیف زمان الوصال لایوجب بغضالہ اذلاحاجۃ بہ الی الطیف زمان الوصال لکنہ قلب الکلام علی معنی ان ہجرانہ زمان الوصال یوجب وصالہ زمان الہجران -

مِثْلَ الصَّبَابَةِ وَالْکَآبَةِ وَالْاَسٰی		فَارَقْتُہٗ فَحَدَثْنَ مِنْ تَرْحَالِہٖ	

نصب مثل بفعل مضمر تقدیرہ ابغضہ مثل ویجوز ان یکون ہیجرنا ای ہیجرنا مثل ہذہ الاشیاء التی حدثت من حال الحبیب ترجمہ مین خیال محبوب کو مبغوض سمجھتا ہون مثل سوزش عشق اور بیچینی اور غم فراق کے - جب مین محبوب سے جدا ہوا تو یہ بلائین اُس کے کوچ کے سبب پیدا ہوگئین مثل خیال محبوب کے اس لیئے مین اُن سب کو مبغوض سمجھتا ہون -

وَقَدِ اسْتَقَدْتُ مِنَ الْھَوٰی وَاَذَقْتُہٗ		مِنْ عِلَّتِیْ مَاذُقْتُ مِنْ بَلْبَالِہٖ	

استقدرت اقتصعت وہو استفعلت من القود- والبلبال الہموم والحزن ترجمہ یعنے عشق سے اپنا بدلہ لے لیا اور اپنی عفت اور پرہیزگاری کا اُسکو وہ مزہ چکھایا جو یعنے اُس کے عشوں نے چکھا تھا - یعنی جیسا عشق نے مجھکو فراق مین ستایا تھا ایسا ہی یعنے اُسکو بحال وصال ستایا یعنے عشق بحال وصال متقاضی اُن اُمور کا ہوا جو خلاف تقوٰی تھے سو یعنے اُسکا کہنا نہ مانا اور اُسکو خوب جلایا

وَلَقَدْ ذَخَرْتُ لِكُلِّ أَرْضٍ سَاعَةً | تَسْتَجْفِلُ الضِّرْغَامَ عَنْ أَشْبَالِهِ

الاستجفال الہرب بعجلۃ وسرعۃ - والضرغام من اسماء الاسد- وکنی بالساعۃ عن قصر المدۃ والاشبال واحدہا شبل وہو ولد الاسد ترجمہ یعنے واسطے فتح ہر زمین کے تھوڑا سا ایسا وقت لگا رکھا ہی کہ اُس کی شدت سے شیر اپنے بچون کو چھوڑ کر ہوا ہو جاوے - یہ شعر متنبی کے خبط قدیم کا نمونہ ہی -

تَلْقَى الْوُجُوْهُ بِهَا الْوُجُوْهَ وَبَيْنَهَا | ضَرْبٌ يَجُوْلُ الْمَوْتُ مِنْ أَجْوَالِهِ

الضمیر فی بہا للساعۃ المذکورۃ - ویجوز ان یکون للارض - والاجوال النواحی الواحد جول ترجمہ وہ ایسی ساعت ہی کہ اُس مین بعض دلیرون کے چہرے اور دلیرون کے چہرون سے ایسی سخت حالت مین ملتے ہین کہ اُن مین ایسی ضرب شدید حائل ہوتی ہی کہ موت اُس کے اطراف مین جولانی کرتی پھرتی ہی -

وَلَقَدْ خَبَأْتُ مِنَ الْكَلَامِ سُلَافَهُ | وَسَقَيْتُ مَنْ نَادَمْتُ مِنْ جِرْيَالِهِ

السلاف ہو اول ما یجری من ماء العنب من غیر عصر وہو اجود واصفٰی- والجریال صبغ احمر وما اشتدت حمرتہ من الخمر یسمے جریالا علے المشابہۃ ترجمہ اور بیشک مین اپنے کلام مین سے افضل واسہل کو چھپانے یا لگائے رکھتا ہون - اور جو میری مصاحبت او ہمنشینی کرتا ہی اُس کو اپنے کلام سے خوشنما اور ظاہر پسند شراب کا ساغر پلاتا ہون یعنی درجہ دوم کا کلام اُن کو سُناتا ہون اور اپنے نہایت عمدہ اشعار ہر کسی کو نہین دیتا - اپنی قدرت کلام کی تعریف کرتا ہی -

وَإِذَا تَعَثَّرَتِ الْجِيَادُ بِسَهْلِهِ | بَرَّزْتُ غَيْرَ مُعَثَّرٍ بِجِبَالِهِ

الجیاد جمع جواد علے السماع لا علے القیاس والمراد بالجیاد الشعراء المجیدون ترجمہ اور جبکہ کلام سہل وہموار مین بڑے بڑے شاعر ٹھوکرین کھانے لگین اور بسبب دشواری موقع اُن کو دشواریان پیش آوین تو مین اُن پر غالب آتا ہون ایسے حال مین کہ اُس کی دشوار گذار وسنگلاخ زمین مین بھی ٹھوکرین نہین کھاتا -

وَحَكَمْتُ فِي الْبَلَدِ الْعَرَاءِ بِنَاعِجٍ | مُعْتَادِهِ مُجْتَابِهِ مُغْتَالِهِ

اضمار تعود الی العراء وہو الارض الواسعۃ الفضاء - والناعج الابیض الکریم من الابل والمعتاد من العادۃ والجناب القاطع وہو الذی یقطع الارض بالسیر والمغتال الذی یستوفی غایتہ ترجمہ اور مین میدان وسیع پر بذریعہ عمدہ شتر کے جو اُس میدان مین چلنے کا خوگر ہو اور اُس کا قطع کرنے والا اور اپنی تیزروی سے اُس کا ہلک ہو قادر اور قابو یافتہ ہوگیا - حسب عادت عرب اپنے سفر پیشگی وجفاکشی کی تعریف کرتا ہی -

یَمْشِیْ کَمَا عَدَتِ الْمَطِیُّ وَرَاءَہٗ	وَیَزِیْدُ وَقْتَ جِمَامِہَا وَکَلَالِہٖ

المطی جمع مطیۃ - والجموم من الخیل کلما ذہب منہ جری جاء جری آخر - وکللت من المشی اعییت ترجمہ وہ میرا شتر قدم قدم ایسا چلتا ہی کہ اور دوڑنے والے شتر اُس کے پیچھے رہجاتے ہین اور جب اور شتر تیز چلین اور میرا شتر تھکا ہوا ہو تب بھی میرا شتر اُن سے آگے بڑھا رہتا ہی -

وَتُرَاعُ غَیْرَ مُعَقَّلَاتٍ حَوْلَہٗ	فَیَفُوْتُہَا مُتَجَفِّلًا بِعِقَالِہٖ

تراع تفزع - والمتجفل المسرع - والعقال حبل یشدبہ الجمل الی عضدہ ترجمہ اور اور شتر بے پائے بند یعنے بے زانو بند ھے میرے شتر کے گرد وپیش ڈرائے اور ہنکائے جاتے ہین سو اُن سے میرا شتر زانو بندھا دوڑتا ہوا آگے بڑھ جاتا ہی اپنے شتر کی تیزروی کی تعریف کرتا ہی -

فَغَدَا النَّجَاحُ وَرَاحَ فِیْ اَخْفَافِہٖ	وَغَدَا الْمِرَاحُ وَرَاحَ فِیْ اِرْقَالِہٖ

الاخفاف جمع خف وہو خف البعیر - والمراح النشیط - والارقال ضرب من السیر وہو الخبب ترجمہ سو کامیابی اُس کی رفتار مین صبح وشام کرتی ہی اور خوش رفتاری اُس کی تیزروی مین قیام رکھتی ہی یعنی وہ بڑا مبارک ہی اُسپر سوار ہوکر ہر طرح کی کامیابی حاصل ہوتی ہی اور بڑا خوش رفتار ہی -

وَشَرِکْتُ دَوْلَۃَ ہَاشِمٍ فِیْ سَیْفِہَا	وَشَقَقْتُ خِیْسَ الْمُلْکِ عَنْ رِئْبَالِہٖ

الخیس اجمۃ الاسد - والرئبال الاسد ترجمہ اور مین دولت بنی ہاشم مین اُنکی تیغ کا شریک ہوگیا یعنے ممدوح جیسا سیف بنی ہاشم اور اُنکا حامی ہی ایسا ہی میرا بھی باعث تقویت ہی - اور مین بیشہ ملک کو اُس کے شیرے دور کرکے بعد دفع موانع اُس تلک پہنچا ہون مطلب یہہ ہی کہ مین نے سارے شاہون کو چھوڑ کر اُس کو پسند کیا ہی -

عَنْ ذَا الَّذِیْ حُرِمَ اللُّیُوْثُ کَمَالَہٗ	یُنْسِی الْفَرِیْسَۃَ خَوْفَہٗ بِجَمَالِہٖ

ترجمہ یعنے موانع ملاقات ایسے ممدوح کے دور کئے کہ شیر اُس کے کمال سے محروم ہین یعنی جو مراتب کمال اُس مین پائے جاتے ہین وہ شیرون مین نہین پائے جاتے منجملہ اُن کمالات کے ایک یہہ ہی کہ وہ شکار کو بسبب اپنی خوبروئی کے اپنا خوف بھلا دیتا ہی - یعنے شیر مین محض ہیبت وخوف ہی اور

ممدوح مین علاوہ ہیبت حسن کامل بھی ہی کہ اُس پر شکار محو ہو کر بخوشی جان دیتا ہی۔ یعنی وہ باوجودیکہ قاتل اعدا ہی اُسپر بھی وہ لوگ بسبب جمال وکمال ممدوح کو دوست رکھتے ہین۔

وَتَوَاضَعَ الْاُمَرَاءُ حَوْلَ سَرِيرِهِ	وَتُرِي الْمَحَبَّةَ وَهْيَ مِنْ اُكَالِهِ

الاکال جمع اکل بالضم واکل بالضمتین وتری بمعنی تظہر ترجمہ اور تمام امرا بسبب علو مرتبہ ممدوح کے اُس کے تخت کے گرد بخشوع وخضوع پیش آتے ہین اور اُس سے محبت ظاہر کرتے ہین اور محبت منجلہ اُس کے ارزاق واقوات کے ہی یعنی محبت جزو بدن ممدوح ہی۔ خلاصہ یہ کہ ہر شخص چہ دوست وچہ دشمن اُسکو دوست رکھتا ہی۔

وَيُمِيتُ قَبْلَ قِتَالِهِ وَيَبُشُّ قَبْـلَ نَوَالِهِ	وَيُنِيلُ قَبْلَ سُؤَالِهِ

البشاشۃ الاستبشار والنوال العطا ترجمہ ممدوح اپنی ہیبت اور رعب کے سبب دشمن کو لڑائی سے پہلے قتل کر دیتا ہی اور بخشش سے پہلے خوشروئی ظاہر کرتا ہی اور طلب سے پہلے بخشتا ہی۔ یہ شعر سہل ممتنع کی قبیل سے ہی۔

اِنَّ الرِّيَاحَ اِذَا عَمَدْنَ لِنَاظِرٍ	اَغْنَاهُ مُقْبِلُهَا عَنِ اسْتِعْجَالِهِ

مقبلہا اولہا۔ والروایۃ الصحیحۃ مقبلہا بفتح الباء ای اقبالہا ترجمہ دعوی سابق کے لئے ایک مثل بیان کرتا ہی کہ ممدوح کو کارہائے خیر مین محرک کی حاجت نہین ہی۔ بیشک ہوائین جب کسی دیکھنے والے کا قصد کرتی ہین تو اُن کا بزودی چلنا اور پیش آنا دیکھنے والے کو اُس کی شتاب طلبی سے بے پروا کرتا ہی۔

اَعْطَى وَمَنَّ عَلَى الْمُلُوكِ بِعَفْوِهِ	حَتَّى تَسَاوَى النَّاسُ فِي اِفْضَالِهِ

الافضال العطا ترجمہ ارباب حاجت کو اموال عنایت کرتا ہی اور بادشاہون پر جو محتاج اموال نہین ہین عفو تقصیرات کا احسان رکھتا ہی یہان تلک کہ تمام لوگ خواص عوام اس کی عطا مین برابر ہین سبکو اُس سے فائدہ ہی۔

وَاِذَا غَنُوْا بِعَطَائِهِ عَنْ هَزِّهِ	وَالَى فَاَغْنَى اَنْ يَقُولُوْا وَالِهِ

ترجمہ اور جبکہ لوگ اُس کی عطا کے سبب تحریک وطلب عطا سے بے پروا ہو جاتے ہین تب بھی وہ اُنپر متواتر احسان کرتا ہی اور اُن کو اس کہنے سے کہ ہکو دم بدم بخشش عطا فرمایئے بے پروا کر دیتا ہی۔

وَكَاَنَّمَا جَدْوَاهُ مِنْ اِكْثَارِهِ	حَسَدٌ لِسَائِلِهِ عَلَى اِقْلَالِهِ

ترجمہ اور گویا اُس کی عطا بسبب اُس کی کثرت اعطا کے اُس کے سائل کے فقر پر حسد ہی یعنی وہ اس کثرت سے عطا کرتا ہی کہ گویا سائل کے فقر پر حسد کرتا ہی اور چاہتا ہی کہ اُس کا فقر مجھ پر آجاوے۔

غَرَبَ النُّجُومُ فَغُرْنَ دُونَ هُمُومِهِ	وَطَلَعْنَ حِيْنَ طَلَعْنَ دُوْنَ مَنَالِهِ

الہمۃ والہموم واحد ترجمہ ستارے ڈوبے اور غائب ہوئے تو اُس کی ہمتون سے ورے ڈوبے اور اُنھون نے طلوع کیا تو اُس کے پُہنچنے کی جگہہ سے گھٹتے رہے یعنی ستارے باوجود بلندی محل ارتفاع مواضع مطالع ومغارب اُسکی ہمت سے گھٹے ہوئے ہین

وَاللّٰهُ یُسْعِدُ کُلَّ یَوْمٍ جَدَّهٗ	وَیَزِیْدُ مِنْ اَعْدَائِهٖ فِیْ اٰلِهٖ

ترجمہ اور خداوند تعالے ہر روز اُس کے نصیبے کو زیادہ سعید کرے اور اُس کے کنبے مین اُسکے دشمنون سے زیادہ کرے نہایت عمدہ دعا ہی یعنے اُس کے دشمن اُس کے تابع ہو جاوین اور یہ اُنکا مربی ہو جیسا اپنے کنبے کا۔

لَوْلَمْ تَکُنْ تَجْرِیْ عَلٰی اَسْیَافِهٖ	مُهَجَاتُهُمْ تَجْرِیْ عَلٰی اِقْبَالِهٖ

ترجمہ اگر دشمنون کی جانین اُس کی تلوارون پر نہ بہین تو اُس کے اقبال پر ضرور بہجاوین گی یعنے اگر وہ دشمنون کو اپنی تلوارون سے قتل نکرے تو وہ لوگ بزور اُس کے اقبال کے ضرور ہلاک ہو جاوین گے۔

فَلِمِثْلِهٖ جَمَعَ الْعَرَمْرَمَ نَفْسَهٗ	وَلِمِثْلِهٖ انْفَصَمَتْ عُرَی اَقْتَالِهٖ

العرمرم الجیش الکبیر۔ والاقتال الاعداء جمع قتل بالکسر ترجمہ لشکر عظیم اپنے آپ کو ایسے ہی نامی گرامی شخص کے لئے جمع کرتا ہی اور اُس کی اطاعت قبول کرتا ہی اور ایسے ہی مدبر ہوشیار کے لئے اُس کے دشمنون کے بندوبست کھل جاتے ہین یعنے اُن کی جمعیت متفرق اور اُن کی تدبیرین غلط ہو جاتی ہین۔

لَمْ یَتْرُکُوْا اَثَرًا عَلَیْهِ مِنَ الْوَغٰی	اِلَّا دِمَاءَهُمْ عَلٰی سِرْبَالِهٖ

السربال الثوب والجمع سرابیل ترجمہ دشمنون نے ممدوح پر کوئی لڑائی کا نشان نہین چھوڑا مگر اپنے خون اُس کے پیراہن پر۔ یعنے اُن کی لڑائی سے ممدوح پر کچھ اثر مثل زخم نہین ہی مگر اُن کا خون تو اُس کے کپڑون پر ضرور ہی جس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ دشمنون سے لڑا ہی۔

یَا اَیُّهَا الْقَمَرُ الْمُبَاهِیْ وَجْهَهٗ	لَا تَکْذِبَنَّ فَلَسْتَ مِنْ اَشْکَالِهٖ

المباہی المشاکل والمضاہی۔ والاشکال جمع شکل وہو الشبہ ترجمہ ای چاند جو اپنے چہرہ کو ممدوح کے روے مبارک سے مشابہ کرتا ہی تو جھوٹ مت بول کیونکہ تو اُس کے اشباہ وامثال سے نہین ہی ممدوح تجھ سے نور وضیا مین بڑھا ہوا ہی اور مشابہ کرنے کے یہ معنے کہ تو جو ہر روز نور مین ترقی کرتا ہی گویا اُس کی مشابہت کا قصد کرتا ہی۔

وَاِذَا طَمَا الْبَحْرُ الْمُحِیْطُ فَقُلْ لَهٗ	دَعْ ذَا فَاِنَّکَ عَاجِزٌ عَنْ حَالِهٖ

طما البحر اذا ارتفع ترجمہ جبکہ بحر محیط جوش مارے تو اُس سے کہدے کہ تو یہ حرکت چھوڑ دے کیونکہ تو ممدوح کی سخاوت کے مرتبہ سے عاجز ہی تو ہزار جوش مارے اور دونی کی لے کہین اُس کی کثرت عطا کو پہنچ سکتا ہی۔

وَهَبَ الَّذِیْ وَرِثَ الْجُدُوْدَ وَمَا رَأٰی	اَفْعَالَهُمْ لِابْنٍ بِلَا اَفْعَالِهٖ

نصب الجدود باسقاط حرف الجر ای من الجدود۔ والضمیر فی افعالہ یعود الی الابن۔ ورای بمعنی رضی واختار۔ ترجمہ ممدوح جس مال کا اپنے اجداد سے وارث ہوا تھا اُسنے اُس کو سب بخش دیا۔ سخاوت اپنی قوم کو اور اموال

سائلون کو عطا کر دیئے اور وہ بڑون کے فضائل اُس فرزند کے لئے پسند نہین کرتا جو خود صاحب فضائل ہو۔

حَتّیٰ إِذَا فَنِیَ التُّرَاثُ سِوَی الْعُلیٰ ‖ قَصَدَ الْعُدَاةَ مِنَ الْقَنَا بِطِوَالِہٖ

التراث المال الموروث ترجمہ یہان تلک کہ جب سوائے کارہائے بلندنامی کے تمام اموال موروثہ بسبب کثرت عطا تمام ہوگئے تو بڑے لنبے نیزے لیکر اُس نے دشمنون کا قصد کیا تاکہ اموال غنیمت سے بخشش جاری رکھے اور سوی العلی کا یہ مطلب ہو کہ وہ اپنی بلندنامی کسی کو نہین دیتا ہو اسمین بخل کرتا ہو۔

وَبِأَدْعِنْ لِبْسِ الْعَجَاجِ إِلَیْہِمْ ‖ فَوْقَ الْحَدِیْدِ وَجَرَّ مِنْ أَذْیَالِہٖ

الارعن الجیش العظیم المضطرب۔ والضمیر فی اذیالہ للعجاج ترجمہ اور ممدوح نے دشمنون کی طرف ایسا جرار لشکر لیکر قصد کیا کہ اُس نے لوہے یعنے زرہ پر غبار کو بمنزلہ لباس پہن لیا تھا اور اُس غبار کا دامن دور تلک کھینچ رکھا تھا یعنی وہ دور تلک بسبب کثرت کے پھیل رہا تھا۔

فَكَأَنَّمَا قَذِیَ النَّہَارُ بِنَقْعِہٖ ‖ أَوْ غَضَّ عَنْہُ الطَّرْفَ مِنْ إِجْلَالِہٖ

ضمیر نقعہ للجیش وضمیر اعنہ واجلالہ ایضاً للجیش او للممدوح وہو امدح۔ والقذی ما یدخل فی العین فیمنعہا النظر ترجمہ سو گویا اُس لشکر نے دن کی آنکھ مین کنک یعنی خاشاک اپنے غبار سے ڈالدیا ہو کہ اُس کی چشم مین روشنی نہین رہی یا دن نے بسبب ہیبت وجلال ممدوح اپنی چشم بند کرلی ہو۔

اَلْجَیْشُ جَیْشُكَ غَیْرَ أَنَّكَ جَیْشُہٗ ‖ فِیْ قَلْبِہٖ وَیَمِیْنِہٖ وَشِمَالِہٖ

ترجمہ لشکر فی الحقیقت تیرا ہی لشکر ہو یعنے جسکو لشکر کہنا چاہئے وہ تیرا ہی لشکر ہو کہ نہایت بہادر اور غایت مطیع ہو مگر واقع مین تو اپنے لشکر کا لشکر ہو یعنے اُن کا حامی ہو اور تیری شجاعت کو دیکھکر وہ شجاع ہوتے ہین وسط لشکر اور اُس کے راست وچپ مین تو اُن کی حمایت اور استحکام کرتا ہو۔

تَرِدُ الطِّعَانَ الْمُرَّ عَنْ فُرْسَانِہٖ ‖ وَتُنَازِلُ الْأَبْطَالَ عَنْ أَبْطَالِہٖ

ترجمہ تو نیزہ بازی مین جس کا ذائقہ بسبب قتل وجرح کے کڑوا ہو قبل اپنے سوارونکے داخل ہوتا ہو اور پیادہ ہوکر اپنے بہادرون کے بدلہ دلیران دشمن سے کشتی کرتا ہو پس تو اپنے لشکر کا لشکر ہو۔

كُلٌّ یُرِیْدُ رِجَالَہٗ لِحَیٰوتِہٖ ‖ یَا مَنْ یُرِیْدُ حَیٰوتَہٗ لِرِجَالِہٖ

ترجمہ ہر شخص اپنی زندگی کے لئے اپنے لشکر کو چاہتا ہو مین اُس شخص کو پکارتا ہون جو اپنی زندگی اپنے لشکر کے لئے طلب کرتا ہو یعنے تو اپنی حیات کا اس لئے خواہشمند ہو کہ اپنے لشکر سے تکالیف دور کرے وہذا غایۃ الکرم والشجاعۃ وہذا البیت مبنی علے حکایۃ تذکر عن سیف الدولۃ مع الاخشید وذلک انہ جمع جیشا عظیما واتی لمحاربۃ سیف الدولۃ فوجہ الیہ سیف الدولۃ یقول لقد جئت الی بلادی وجمعت الجیش ابرز

بنفسک ائی ولاتقتل الناس بینی وبینک فاینا غلب فالہ الملک فاجاب قائلاً ما رأیت اعجب منک انا جمعت ہذا الجیش العظیم لاتی بنفسی افترید بان ابارزک ان ہذا لعجبٌ - وقد روی مثل ہذا عن امیر المومنین علے رضہ انہ بعث الی معٰویۃ رضہ وہما بصفین قد فنی الناس بینی وبینک فابرزالیّ فاینا قتل صاحبہ ملک الناس فقال عمرو لمعٰویۃ قد قال لک حقاً واتاک بالانصاف فقال معٰویۃ لعمرو اعلمت ان علیاً برزالیہ احدٌ فرجع سالماً واللّٰہ لایبرزالیہ سواک فحملہ حمی برزالی علی فلما تقارب کشف عن سورتہ فترکہ علے رضہ قائلاً لا اذہب فانت عتیق دبرک ورجع الی اصحابہ بغیر قتال فانشدوا فے المعنی ؎ وخیر فی الردی بمذلۃ + کما ردہا یوما بسوئۃ عمرو -

دُوْنَ الحَلَاوَۃِ فِی الزَّمَانِ مَرَارَۃٌ — لَا تُخْتَطٰی اِلَّا عَلٰی اَھْوَالِہٖ

ترجمہ زمانہ مین شیرینی کے حاصل ہونے سے پہلے اس کثرت سے تلخی ہوکہ قدم نہین رکھا جاتا مگر زمانہ کے خوفون پر یعنے قبل کامیابی وحصول ظفر بہت سختیان جھیلنی پڑتی ہین اور ہر قدم مصائب زمانہ پر پڑتا ہے -

فَلِذَاکَ جَاوَزَھَا عَلِیٌّ وَحْدَہٗ — وَسَعٰی بِمُنْصُلِہٖ اِلٰی اٰمَالِہٖ

جاوزہا قطعہا - والنصل السیف ترجمہ سواسی دشواری کے سبب علے یعنی سیف الدولہ نے اُن تلخیون اور سختیون کو تنہا قطع کیا اور بعد اپنی تلوار کے حصول آمال مین سعی بلیغ کی -

وقال وقد توسط جبال الابطریق آمد

یُؤَمِّمُ ذَا السَّیْفُ اٰمَالَہٗ — وَلَا یَفْعَلُ السَّیْفُ اَفْعَالَہٗ

السیف الاول سیف الدولۃ - والثانی الحدید ترجمہ یہ تلوار یعنے سیف الدولہ اپنی امیدون کا قصد کرتا ہی اور کامیاب ہوتا ہی اور یہ معمولی تلوار ممدوح کے مانند کام نہین کرسکتی -

اِذَا سَارَ فِیْ مَھْمَہٍ عَمَّہٗ — وَاِنْ سَارَ فِیْ جَبَلٍ طَالَہٗ

المہمہ المفازۃ البعیدۃ - وعمّہ شملہ - وطالہ علاہ ترجمہ جبکہ وہ دشت دور دست مین چلتا ہی تو بسبب کثرت لشکر اُس کو بھر دیتا ہی اور اگر وہ کسی پہاڑ پر چلتا ہی تو اُس سے بھی اونچا ہوتا ہی -

وَاَنْتَ بِمَا نِلْتَنَا مَالِکٌ — یُثَمِّرُ مِنْ مَالِہٖ مَالَہٗ

نلتنا من النیل وہو العطا ویقال نال ینول اذا اعطی - وثمر مالہ اذا احسن القیام علیہ واصلہ فے الشجر ۳۱

الذی یثمر ترجمہ اور تو بسبب اس عطا کے جو ہمکو دیتا ہی ایک ایسا مالک ہو کہ اپنے مال سے اپنے مال کی بخوبی خبرداری کرتا ہی کیونکہ تیرا مال اور ہم دونون تیری ملک ہین۔

کَاَنَّکَ مَا بَیْنَنَا ضَیْغَمٌ	یُرَشِّحُ لِلْفَرْسِ اَشْبَالَہٗ

الضیغم الاسد۔ والترشیح التغذیۃ شیئاً فشیئاً ترجمہ گویا تو ہم مین ایسا شیر ہی کہ اپنے بچون کو شکار کرنا سکھاتا ہو یعنی یہ ہماری شجاعت صرف بذریعہ تیری تعلیم کے ہی۔

وقال یمدحہ ویذکر الخیمۃ التی رمتہا الریح وقد ضرب سیف الدولۃ خیمۃ بمیافارقین و اشاع الناس ان مقامہ یتصل فہبت ریح شدیدۃ فوقعت الخیمۃ فتکلم الناس فی ذلک فقال

اَیَنْفَعُ فِی الْخَیْمَۃِ الْعُذَّلُ	وَتَشْمَلُ مَنْ دَھْرَھَا یَشْمَلُ

الاستفہام للانکار۔ والمعنی اتنفع فی سقوطہا عذل العذل فحذف المضاف وروی ایقدح فلاحذف ترجمہ کیا سقوط خیمہ مین ملامت گرون کی ملامت کچھ کام کی ہو بلکہ نکمی ہی اور خیمہ کس طرح چھپالے اُس شخص کو جو خیمہ کے زمانہ اور اہل زمانہ کو چھپالے پس اُسکو گرنا ہی لازم تھا۔

وَتَعْلُوْ الَّذِیْ زُحَلُ تَحْتَہٗ	مُحَالٌ لَعَمْرُکَ مَا تَسْأَلُ

زحل اسم نجم معروف من السبعۃ المدبرات ویقال ہو فی السماء السابعۃ ترجمہ اور خیمہ کسطرح لمبند ہو جاوے اُس شخص سے جسکے علو قدر و شرافت کے روبرو زحل ارفع سیارات سبعہ بھی پست ہی تیری زندگی کی قسم تو جو قائم رہنے خیمہ کا سوال کرتا ہی یہ ایک امر محال ہی۔ گرنے کے سوا کوئی اُس کے لئے صورت ہی نہین تھی۔

فَلِمْ لَا تَلُوْمُ الَّذِیْ لَامَھَا	وَمَا فَصُّ خَاتَمِہٖ یَذْبُلُ

المعنی لیس والتقدیر لم لا تلوم الخیمۃ من لامہا علی ان لیس فص خاتمہ یذبل فالضمیر راجع الی ہذا اللائم والخاتم بکسر التاء وفتحہا لغتان فصیحتان۔ ویذبل جبل معروف ترجمہ سو خیمہ کس واسطے اُس شخص کو ملامت نہین کرتا جو خیمہ کو گرجانے پر ملامت کرتا ہی اس بات پر کہ نگین انگشتری ملامت گر کوہ یذبل نہین۔ یعنی جیسا یہ امر کسی انسان کا نگین انگشتری یذبل نہین ہو سکتا اور اُسپر انسان قابل ملامت نہین ایسا ہی قیام خیمہ بھی بوجہ مذکورہ ممکن نہتھا پس اُسپر اُس امر کی کوئی ملامت نہین کر سکتا۔

تَضِیْقُ بِشَخْصِکَ اَرْجَاؤُھَا	وَیَرْکُضُ فِی الْوَاحِدِ الْجَحْفَلُ

الرکف العدو ترجمہ اطراف خیمہ تیرے جسم کے سامنے سے تنگی کرتے ہیں حال آنکہ وہ خیمہ ایسا وسیع ہے کہ اُس کے ایک گوشہ میں لشکر عظیم تاخت کر سکتا ہے۔ پس خیمہ تیرے جسم کے سامنے کیسے کھڑا رہے۔

وَتَقْصُرُ مَا كُنْتَ فِي جَوْفِهَا	وَتُرْكَزُ فِيهَا الْقَنَا الذُّبَّلُ

الذبل ایابستہ الدقیقۃ الطویلۃ وانما خص الذبل لانہا لاتذبل حتی تطول ترجمہ اور جب تو خیمہ میں ہوتا ہے تو وہ تیری عظمت کے سبب کوتاہ ہوجاتا ہے اور اُس کی وسعت وارتفاع کا یہ حال ہے کہ اُس میں طویل باریک خشک نیزہ جو سبب خشکی کے جھکتا نہیں ہے سیدھا گاڑا جاتا ہے۔

وَكَيْفَ تَقُومُ عَلَى رَاحَةٍ	كَأَنَّ الْبِحَارَ لَهَا أَنْمُلُ

الراحۃ وسط الکف والانمل جمع انملۃ وہی من الجموع التی بینہا وبین مفردہا الہاء ترجمہ اور خیمہ کس طرح اُس ہتھیلی پر سایہ افگن رہے کہ گویا تمام دریا اُس کف کی اُنگلیاں ہیں۔

فَلَيْتَ وَقَارَكَ فَرَّقْتَهُ	وَحَمَّلْتَ أَرْضَكَ مَا تَحْمِلُ

ترجمہ سو کاش تو اپنی عظمت و وقار اپنے اور لوگوں میں تقسیم کر دیتا اور اپنے وقار کا زمین پر اسقدر بوجھ رکھدیتا جسقدر وہ اُٹھا سکے تو اس صورت میں خیمہ اور زمین کو بھی کسی قدر وقار حاصل ہوجاتا اور وہ لغزش کھا کر نگرتا۔

فَصَارَ الْأَنَامُ بِهِ سَادَةً	وَسُدْتَهُمُ بِالَّذِي يَفْضُلُ

ترجمہ سو تمام خلق تیرے وقار کے سبب سردار ہوجاتی اور جو وقار قسمت سے زیادہ رہا اُس کے سبب تو سرداروں کا سردار ہوجاتا۔

رَأَتْ لَوْنَ نُورِكَ فِي لَوْنِهَا	كَلَوْنِ الْغَزَالَةِ لَا يُغْسَلُ

الغزالۃ الشمس سمیت لان حبالہا کالغزل الذی تغزلہ المرأۃ ترجمہ خیمہ نے تیرے نور کے رنگ کو اپنے رنگ میں دیکھا مثل نور آفتاب کے جو دھونے سے نہیں جاتا اور وہ تمام منور ہوگیا۔

وَأَنَّ لَهَا شَرَفًا بَاذِخًا	وَأَنَّ الْخِيَامَ بِهَا تَخْجَلُ

الباذخ العالی ترجمہ اور اُس خیمہ نے یہ دیکھا کہ بسبب قیام ممدوح کے اُس کو شرف عالی حاصل ہوا اور تمام خیمے اُس کی شرافت وعظمت کے سبب اُس سے شرمندہ ہیں یعنی اُسکے رتبہ سے کم ہیں۔

فَلَا تُنْكِرَنَّ لَهَا صَرْعَةً	فَمِنْ فَرَحِ النَّفْسِ مَا يَقْتُلُ

ترجمہ سو اُس خیمہ کا گر پڑنا نئی بات نہ سمجھ کیونکہ بعض طبیعت کی خوشی ایسی ہوتی ہے کہ وہ قتل کر دیتی ہے اور گرنا تو بڑی بات نہیں ہے۔

وَلَوْ بَلَغَ النَّاسُ مَا بَلَغَتْ | لَخَانَتْهُمُ حَوْلَكَ الْأَرْجُلُ

ترجمہ اور اگر لوگون کو وہ مرتبہ دیا جاوے جو اس خیمہ کو دولت قرب امیر سے دیا گیا ہی تو تیرے گرد بسبب تیری ہیبت اور رعب کے اُن کے پاؤن اُنکے قابو مین نرہین جیسا خیمہ مذکور کا حال ہوا اور اسمین کچھ بی محل تعجب نہین ہی۔

وَلَمَّا أَمَرْتَ بِتَطْنِيبِهَا | أُشِيعَ بِأَنَّكَ لَا تَرْحَلُ

التطنیب مد الاطناب ترجمہ اور جب تونے خیمہ کھڑا کرنے کا حکم دیا تو یہ بات مشہور کی گئی کہ تو اب جہاد کے لئے کوچ نہین کرے گا۔

فَمَا اعْتَمَدَ اللهُ تَقْوِيضَهَا | وَلٰكِنْ أَشَارَ بِمَا تَفْعَلُ

التقویض الحط ورفع الاطناب لقلع الخیمۃ ترجمہ سو خداوند تعالےٰ نے اُسکے گرانیکا قصد نہین کیا لیکن اُسنے اشارہ کیا اُس چیز کا جو تجکو کرنا چاہئے یعنے کوچ اور جہاد اعدا۔

وَعَرَّفَ أَنَّكَ مِنْ هَمِّهِ | وَأَنَّكَ فِي نَصْرِهِ تَرْفُلُ

من ہمہ ای من ارادتہ۔ ورفل تبختر ترجمہ اور تجکو خدا نے یہ بتلا دیا کہ تو مجسم ارادہ خداوندی ہی اور یہ کہ تو اُس کے دین کی مدد مین خرامان ہی۔ اور اسلئے خیمہ گرا دیا کہ اُسکی تائید مین مصروف ہو۔

فَمَا الْعَانِدُونَ وَمَا أَمَّلُوا | وَمَا الْحَاسِدُونَ وَمَا قَوَّلُوا

استفہام بلفظ الا تہ استفہام تصغیر وتحقیر ترجمہ جب خیمہ کے گرجانیمین یہ مصلحتین ہین تو مخالف لوگون اور اُنکی امیدونکی جو اُسکو بدفالی سمجھتے ہین کیا حقیقت ہی یعنی کچھ نہین اور حاسدون اور اُن کی باتین بنانے کی کیا قدر ہی یعنی بالکل نہین۔ وروی ما اثلوا بالثاء المثلثۃ ای جمعوا۔

هُمُ يَطْلُبُونَ فَمَنْ أَدْرَكُوا | وَهُمْ يَكْذِبُونَ فَمَنْ يَقْبَلُ

ترجمہ وہ لوگ تیرے مرتبہ کی خواہش رکھتے ہین سو کون اس مین کامیاب ہوا یعنے نہین ہوا یا یہ کہ وہ اپنے فریب سے تیرا قصد رکھتے ہین سو اُنکا فریب کہان چلا ہی جو تجھ پر چلے گا اور وہ جھوٹ بولتے ہین سو اُنکی بات کون قبول کرتا ہی۔

وَهُمْ يَتَمَنَّوْنَ مَا يَشْتَهُونَ | وَمِنْ دُونِهِ جَدُّكَ الْمُقْبِلُ

ترجمہ وہ لوگ جو اُن کا دل چاہتا ہی دور دراز کی آرزوئین کرتے ہین یعنی تجھپر غالب آنے کی اور اُنکی تمنا کے ورے تیرا بخت بلند وسعید اُنکی خواہشون کے پورا ہونے کی آڑ ہی سو وہ پوری نہین ہوسکتین۔

وَمَلْمُومَةٌ زَرَدٌ ثَوْبُهَا | وَلٰكِنَّهُ بِالْقَنَا مُخْمَلُ

وملمومۃ عطف علی جدک۔ والملمومۃ الکتیبۃ المجموعۃ۔ ومخمل الثوب خواب جامہ ترجمہ اور اُنکی آرزو کے

پورے ہونے کے درپے ایک انبوہ لشکر ہی کہ جس کا لباس زرہ ہی مگر ایسی زرہ جو نیزون سے ڈھکی ہوئی ہی اُس تلک پہنچنے کا مانع ہی پس اُنکی کامیابی محال ہی۔

یُفَاجِیُٔ جَیْشًا بِھَا حَیْنُہٗ	وَیُبْدِنُ جَیْشًا بِھَا الْقَسْطَلُ

المفاجاۃ المسارعۃ۔ والحین الہلاک۔ والقسطل الغبار ترجمہ ممدوح اپنے لشکر مجتمعہ سے کبھی لشکر اعدا پر دفعۃً جا پڑتا ہی کہ وہ سبب ہلاک دشمنان ہوتا ہی یعنی شبخون مارتا ہی یا سخت اور سنگلاخ زمین پر سفر کرتا ہی جسمین غبار لشکر نہین اُٹھتا اور اُنکی بیخبری مین اُن کو جا مارتا ہی اور کبھی اپنے لشکر مذکورہ سے جس مین غبار ہوتا ہی دشمنون کے لشکر کو ڈرا دیتا ہی اور وہ غبار لشکر دیکھ کر بھاگ جاتے ہین یعنی روز روشن مین اُنپر چڑھائی کرتا ہی یا ایسی زمین پر جس سے غبار اُٹھے سفر کرتا ہی۔

جَعَلْتُکَ بِالْقَلْبِ لِیْ عُدَّۃً	لِاَنَّکَ بِالْیَدِ لَا تُجْعَلُ

ترجمہ مینے تجکو دل نے اپنے لئے سامان ٹھیرا رکھا ہی کیونکہ تو بزور دست حامی نہین ٹھیرایا جا سکتا مثل سلاح کہ وہ بزور دست مددگار ہوتے ہین اور تیرا مرتبہ اس سے بلند ہی۔

لَقَدْ رَفَعَ اللّٰہُ مِنْ دَوْلَۃٍ	لَھَا مِنْکَ یَا سَیْفَھَا مُنْصُلُ

المنصل بضم الصاد وفتحہا السیف ترجمہ بیشک خدا نے اُس دولت کو بلند کیا کہ اُس دولت کو یعنی خلیفہ کو تجھسے ای سیف الدولہ ایک شمشیر بران حاصل ہوگئی ہی۔ دولت سے مراد دولت خلافت ہی۔

فَاِنْ طُبِعَتْ قَبْلَکَ الْمُرْھَفَاتُ	فَاِنَّکَ مِنْ قَبْلِھَا الْمِقْصَلُ

المرہفات جمع مرہف وہو السیف الرقیق الحد۔ والطبع الصناعۃ۔ والمقصل القاطع ترجمہ سو اگر تجھ سے پہلے عمدہ تلوارین بنائی گئی ہین تو کیا عجب ہی کیونکہ تو قبل اُن سیوف کے قاطع ہی اس لئے کہ تو اپنی رائے و تدبیر سے وہ کام کرتا ہی جو قاطع شمشیر نہین کرسکتی۔

وَاِنْ جَادَ قَبْلَکَ قَوْمٌ مَضَوْا	فَاِنَّکَ فِی الْکَرَمِ الْاَوَّلُ

ترجمہ اور اگر اُس قوم نے جو تجھ سے پہلے گذر چکی بخشش کی تو کیا ہوا کیونکہ سخا مین اول تو ہی ہی ایسی عطا کسی نے پہلے نہین کی۔

وَکَیْفَ تُقَصِّرُ عَنْ غَایَۃٍ	وَاُمُّکَ مِنْ لَیْثِھَا مُشْبِلُ

المشبل الانثیٰ من السباع وہی ذات اشبال والشبل ولد الاسد ترجمہ اور تو کس طرح نہایت مجد اور نہایت فضل و کرم کے پہنچنے مین کوتاہی کرسکتا ہی حالانکہ تیری مادر اپنے شیر سے بچہ دار ہی یعنے تیری ماں شیرنی اور تیرا باپ شیر ہی یعنے تو نجیب الطرفین ہی۔

اَلَمْ تَکُنِ الشَّمْسُ لَا تَنْجِلُ	وَقَدْ وَلَدَتْ فَقَالَ الْوَرٰی

ترجمہ اور تیری ماں نے تجکو جنا تو خلق کہنے لگی کہ کیا یہ بات نہین ہی کہ آفتاب کی اولاد نہین ہوتی یعنے تعجب ہی کہ آفتاب کی اولاد ہوگئی۔ اس صورت مین اور ممدوح کو بلندی رتبہ وعظمت مین آفتاب سے تشبیہ دی۔ اور زبان عرب مین شمس مونث مستعمل ہی اور یہہ بھی ہوسکتا ہی کہ شمس سے مراد ممدوح ہو یعنے خلق نے کہا کہ شمس کسی کی اولاد نہین ہوتا۔

وَمَنْ یَدَّعِیْ اَنَّهَا تَعْقِلُ	فَتَبًّا لِدِیْنِ عَبِیْدِ النُّجُوْمِ

نصب تبًا علے المصدر من تب تبا ای ہلک ہلاکا ترجمہ سو ستارہ پرستون کے دین کو ہلاکی ہووے اور اُس شخص کو بھی کہ جو یہ کہتا ہی کہ ستارے ذوی العقول ہین۔ وجہ بد دعا اگلے شعر مین ہی۔

تَرَاكَ تَرَاهَا فَلَا تَنْزِلُ	وَقَدْ عَرَفَتْكَ فَمَا بَالُهَا

ترجمہ اور بیشک ستارون نے تجھے پہچان لیا سو اُن کا کیا حال ہی کہ وہ تجھے ایسے حال مین دیکھتے ہین کہ تو اُنکو دیکھ رہا ہی پھر اپنے مقام سے اُتر کر تیری خدمت مین حاضر نہین ہوتے واقعی بیعقل ہین۔

لَبِتَّ وَاَعْلَاكُمَا الْاَسْفَلُ	وَلَوْ بِتُّمَا عِنْدَ قَدْرَیْكُمَا

ترجمہ اور اگر تم دونون اپنے مرتبہ کے موافق رات گذارتے تو تو ایسے حال مین شب بسر کرتا کہ جو تم دونون مین اونچا ہی یعنے ستارے وہ نیچے ہوتے اور تو جو نیچے مقام مین ہی اونچے مقام مین ہوتا۔

اَنَالَكَ رَبُّكَ مَا تَامُلُ	اَنَلْتَ عِبَادَكَ مَا اَمَّلُوْا

ترجمہ تونے اپنے تابعدارون کو اُن کی اُمیدین اور خواہشین دین اُس کے عوض مین تیرا رب تجکو وہ دیوے جسکی تو امید کرتا ہی۔

وقال یمدحہ ویعتذر الیہ مما خاطبہ فے القصیدۃ المیمیۃ التی اولہا ہ

ذاحر قلباہ ممن قلبہ شبم

دَعَا فَلَبَّاهُ قَبْلَ الرَّكْبِ وَالْاِبِلِ	اَجَابَ دَمْعِیْ وَمَا الدَّاعِیْ سِوٰی طَلَلٍ

الاجابۃ الاسراع۔ والتلبیۃ الاقامۃ علے الاجابۃ۔ والرکب رکاب الابل والطلل ما شخص من آثار الدیار ترجمہ میرے اشک نے جواب دیا اور پکارنیوالا سوائے کھنڈرات دیار محبوبہ کے کوئی اور نتھا۔ اُن کھنڈرون نے میرے اشکون کو بلایا تو شتر سوارون سے اور شترون سے پہلے مین حاضر ہون کہا۔ خلاصہ یہہ کہ مین بقیہ کھنڈر دیار پر بڑا سو اُس کو ویران دیکھ کر میرا جی بھر آیا اور یہہ حال میرے رونے کا باعث ہوا قبل اس کے

کرسواروں اور شترون پر یہ حالت طاری ہو۔ عرب کا خیال ہو کہ شتر بھی دیار محبوبہ کو دیکھکر مغموم ہوتے ہین۔

ظَلِلْتُ بَيْنَ اُصَيْحَابِي اُكَفْكِفُهُ	وَظَلَّ يَسْفَحُ بَيْنَ الْعُذْرِ وَالْعَذَلِ

ظللت بفتح اللام وکسرہا اذا فعلہ بالنہار۔ واکفکفہ اکفہ۔ ویسفح یجری ویسیل۔ واصیحابے تصغیر عظمۃ ترجمہ مین اپنے عمدہ یارون مین دن بھر اشک کو روکتا رہا اور وہ تمام روز مابین عذر اور ملامت کے بہتا رہا۔ یعنی اپنی اشکباری کا مین عذر کرتا رہا اور وہ ملامت کرتے رہے یا یہ کہ بعض احباب مجکو گریہ مین معذور سمجھتے رہے اور بعض ملامت کرتے رہے۔

اَشْكُو النَّوٰى وَلَهُمْ مِنْ عَبْرَتِي عَجَبٌ	كَذَاكَ كَانَتْ وَمَا اَشْكُو سِوَى الْكِلَلِ

الواو فے وما واو الحال۔ والکلل جمع کلۃ وہی الستر ترجمہ مین شکوہ فراق کرتا ہون اور روتا ہون اور میرے دوست میرے رونے سے متعجب ہوتے ہین۔ میرے اشک ایسے ہی بہتے تھے اُس حال مین کہ مین باوجود قرب محبوبہ سوائے پردہ کے جو بیچ مین اور اُس مین حائل تھا کسی چیز کی شکایت نہین کرتا تھا۔ یعنی جب مین صرف پردہ کے حائل ہونے کی شکایت کرتا تھا اور روتا تھا تو اب بحالت دوری محبوبہ کیونکر نروؤن پس ملامت بیجا ہی۔

وَمَا صَبَابَةُ مُشْتَاقٍ عَلٰى اَمَلٍ	مِنَ اللِّقَاءِ كَمُشْتَاقٍ بِلَا اَمَلِ

الصبابۃ رقۃ الشوق ترجمہ اور عاشقی اُس مشتاق کی جسکو امید ملاقات محبوبہ ہو مانند عاشقی اُس مشتاق کے نہین ہی جس کو امید ملاقات نہو بلکہ مشتاق بلاامل کی عاشقی سخت موذی ہی کیونکہ امید ملاقات رنج فراق کو خفیف کردیتی ہی۔ واتفق لی التوارد مع المتنبی فی بعض ماقلت بالفارسیۃ ؎

مائیم دیاس و دردل شبہا گریستن + سہل است بیخبر بتمنا گریستن

مَتٰى تَزُرْ قَوْمَ مَنْ تَهْوٰى زِيَارَتَهَا	لَا يُتْحِفُوكَ بِغَيْرِ الْبِيضِ وَالْاَسَلِ

روضمیر من علی المعنی لان المراد بہ المحبوبۃ فقال زیارتہا ترجمہ جب تو اُس محبوبہ کی قوم مین جاوے جس سے تو ملنا چاہتا ہی تو وہ قوم تجکو سوائے تلوارون اور نیزون کے اور تحفہ نہ دیگی کیونکہ محبوبہ محفوظہ ہی۔

وَالْهَجْرُ اَقْتَلُ لِي مِمَّا اُرَاقِبُهُ	اَنَا الْغَرِيقُ فَمَا خَوْفِي مِنَ الْبَلَلِ

ترجمہ اور حال یہ ہی کہ ہجر محبوبہ اُس شمشیر و سنان سے جس سے مین بچنا چاہتا ہون مجکو زیادہ قتل کرنیوالی ہی مین تو مثل اُس شخص کے ہون جو دریا مین ڈوبا ہو پس مجکو تری کا جو اُس سے سہل ہی کیا خوف ہی۔

مَا بَالُ كُلِّ فُؤَادٍ فِي عَشِيرَتِهَا	بِهِ الَّذِي بِي وَمَا بِي غَيْرُ مُنْتَقِلِ

العشیرۃ الاہل ترجمہ اُسکے کنبے اور قوم کے ہر دل کا کیا حال ہی اُس کی قوم کے ہر دل پر عشق کا وہی

صدمہ ہی جو مجھپر ہی اور جو صدمہ عشق اور محبت مجھ پر ہی زوال پذیر اور قابل نقل و تبدیل کے نہین ہی بیان شاعر نے اپنے دلی شوق کو ایک شخص فرض کیا ہی اور شخص کا یہ خاصہ ہی کہ جس وقت ایک مکان مین ہوتا ہی اُسی وقت وہ دوسرے مکان مین نہین ہو سکتا سو اِس بنا پر کہتا ہی کہ عشق محبوبہ تو میرے دلمین جاگزین ہی پس وہ بے نقل مکان محبوبہ کے قوم کے دلون مین کس طرح جا رہا یہ معنی حسب مذاق ابن جنی ہین یا یہ معنی ہین کہ میرے اور اُس کی قوم کے عشق مین فرق ہی میرا عشق لازوال ہی اور اُس کا چندروزہ اور یہ بھی کہہ سکتے ہین کہ محبوبہ ہی تمام قوم کی بسبب حسن و جمال کے معشوقہ ہی اور اس لئے وہ اُس کی بڑی حفاظت کرتے ہین اور اُس تلک کسی کی رسائی نہین ہوسکتی اس صورت مین بموجب قول مشہور الیاس احدی الراحتین کے مجکو اُس کے عشق سے دست بردار ہونا چاہئے تھا مگر با این ہمہ اُس کا عشق دل سے نہین جاتا۔

مُطَاعَةُ اللَّحْظِ فِی الْاَلْحَاظِ مَالِکَةٌ	لِمُقْلَتَیْهَا عَظِیْمُ الْمُلْکِ فِی الْمُقَلِ

ترجمہ تمام نگاہین اُسکی نگاہ کی مطیع و تابع ہین اور وہ سب نگاہون کی مالک ہی یعنی نگاہین جب اُس کو دیکھتی ہین تو اُسکی غلام ہو جاتی ہین اور اپنی نظرین اُس سے دوسری طرف پھیر نہین سکتین اُسکی دونون آنکھون کی تمام آنکھون مین بڑی سلطنت ہی کہ اُس کی سب رعیت ہین۔

تَشَبَّهُ الْخَفِرَاتُ الْاٰنِسَاتُ بِهَا	فِی مَشْیِهَا فَیَنَلْنَ الْحُسْنَ بِالْحِیَلِ

الخفرات النساء الحییات۔ والآنسات الحسان ترجمہ شرمگین حسینہ عورتین اُسکی رفتار مین مشابہ ہوتی ہین یعنی اُسکی سی رفتار چلتی ہین سو وہ ان تدبیرون سے حسن حاصل کرتی ہین۔

قَدْ ذُقْتُ شِدَّةَ اَیَّامِیْ وَلَذَّتَهَا	فَمَا حَصَلْتُ عَلٰی صَابٍ وَلَا عَسَلِ

الصاب شجر مر ترجمہ یعنے بیشک سختی زمانہ اور اُسکی لذت کا ذائقہ چکھا سو مین نہ اُس کی تلخی پر باقی رہا اور نہ شیرین پر یعنے سختی اور نرمی ہر دو ناپائیدار و غیر قائم ہین نہ وہ رہی نہ یہ۔

وَقَدْ اَرَانِی الشَّبَابُ الرُّوْحَ فِیْ بَدَنِیْ	وَقَدْ اَرَانِی الْمَشِیْبُ الرُّوْحَ فِیْ بَدَلِیْ

ترجمہ اور بیشک جوانی نے میری روح میرے بدن مین دکھلائی اور میری پیری نے میری روح اور لوگون کے بدن مین یعنے میری جوانی جو درحقیقت زندگی ہی اور لوگون مین یعنے میری اولاد مین دکھائی اور مین جیتا مرگیا۔

وَقَدْ طَرَقْتُ فَتَاةَ الْحَیِّ مُرْتَدِیًا	بِصَاحِبٍ غَیْرِ عِزْهَاةٍ وَلَا غَزِلِ

رجل عزہاۃ ہو الذی لا یطرب للہو و یبعد عنہ۔ والغزل الذی یحب محادثۃ النساء ترجمہ اور مین نے جوان

قوم کے پاس رات کو آیا ایسے حال مین کہ ایک دوست کہ جو نہ لہو پسند تھا اور نہ عورتوں کی باتوں کا شائق اپنے ساتھ بمنزلہ چادر لئے ہوئے تھا - مراد دوست سے تلوار ہے جسکو بمنزلہ چادر ساتھ لئے ہوئے تھا - اور ظاہر ہے کہ تلوار مین دونون وصف مذکور پائے جاتے ہین - اور اس کا ساتھ لینا بخوف دشمنان تھا -

فَبَاتَ بَيْنَ تَرَاقِيْنَا نُدَافِعُهُ	وَلَيْسَ يَعْلَمُ بِالشَّكْوٰى وَلَا الْقُبَلِ

ترجمہ سو وہ ہمراہی ہماری چنبر گردن کے بیچ مین رات بھر رہا اور چونکہ وہ مانع معانقہ تھا اسلئے ہم مین ہر ایک اسکو اپنے سے جدا کرتا اور ہٹاتا تھا اور اس ہمراہی کو ہماری باہمی شکایت اور بوسونکی کچھ خبر نہ تھی - دستور ہے کہ جب دوست بعد فراق ملتے ہین تو شکوہ و شکایت کیا کرتے ہین -

ثُمَّ اغْتَدٰى وَبِهِ مِنْ رَدْعِهَا اَثَرٌ	عَلٰى ذُؤَابَتِهِ وَالْجَفْنِ وَالْخِلَلِ

الردع اثر الطیب - والخلل واحدہا خلۃ بالکسر جلود منقوشۃ بالذہب وغیرہ یغشی بہا اغماد السیف - وجفن السیف غمدہ وذوابتہ راس قائمہ ترجمہ پھر اس ہمراہی نے ایسے حال مین صبح کی کہ معشوقہ کی خوشبو کا اسپر اثر تھا اُس کے قبضہ اور میان اور پوشش میان پر - خلاصہ یہ ہے کہ مینے اپنی تلوار کو بخوف دشمنان معانقہ کے حال مین بھی اپنے سے جدا نہین کیا -

لَا اَكْسِبُ الذِّكْرَ اِلَّا مِنْ مَضَارِبِهٖ	اَوْ مِنْ سِنَانٍ اَصَمِّ الْكَعْبِ مُعْتَدِلِ

کعوب الرمح العقد الناشزۃ من انابیبہ - والاصم ہو الذی یصلب تلک الکعوب منہ ترجمہ اول اظہر اجمال تلوار کی طرف اشارہ کیا اور پھر اُس کو صریح بیان کرتا ہے - کہ مین ذکر خیر نہین چاہتا مگر اُسکے زخمون سے یا ایسے نیزہ کے ذریعہ سے جسکی پوریان ٹھوس ہون اور معتدل

جَادَ الْاَمِيْرُ بِهٖ لِيْ فِيْ مَوَاهِبِهٖ	فَزَانَهَا وَكَسَانِي الدِّرْعَ فِي الْحُلَلِ

ترجمہ منجملہ اور بخششونکے وہ تلوار تھی جو امیر نے مجکو بخشی تھی سو اُن بخششونکو اس نے زینت دیدی اور خلعتون مین مجکو زرہ پہنائی - یعنے امیر نے منجلہ اور بخششونکے مجھے تلوار اور زرہ بھی عنایت کی -

وَمِنْ عَلِيِّ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ مَعْرِفَتِيْ	بِحَمْلِهٖ مَنْ كَعَبْدِ اللّٰهِ اَوْ كَعَلِيْ

ترجمہ اور علے بن عبداللہ یا سیف الدولہ سے مینے تلوار کا اٹھانا سیکھا ہے اب مجھے کوئی بتلادے کہ مثل عبداللہ یا اُسکے بیٹے علے کے کون شخص اس فن کا جاننے والا ہے -

مُعْطِي الْكَوَاعِبِ وَالْجُرْدِ السَّلَاهِبِ وَالْبِيْضِ الْقَوَاضِبِ وَالْعَسَّالَةِ الذُّبُلِ

الکواعب من النساء التی نبت ثدیہن - والجرد من الخیل التی یقصر شعر جلودہا وذلک من شواہد کرمہا - والسلاہب منہا الطوال - والقواضب من السیوف القواطع الماضیۃ - والعسال من الرمح المنعطفۃ عند ہزہا المضطربۃ

والذبل الیابسۃ منہا ترجمہ۔ وہ اپنے سائلوں کو زنہائے نارپستان اور کوتاہ موقد آور گھوڑے اور صیقلدار سیوف اور چمکدار خشک نیزے بخشنے والا ہی۔

ضَاقَ الزَّمَانُ وَوَجْہُ الْاَرْضِ عَنْ مَلِكٍ	مِلْءَ الزَّمَانِ وَمِلْءَ السَّہْلِ وَالْجَبَلِ

ترجمہ میدان وزمان روئے زمین ایسے بادشاہ سے جو بقدر پری زمانہ و پری میدان و پہاڑ ہی تنگ ہی یعنی اُسکی ہیبت ورعب اور اُسکے فضائل وکمالات اور لشکر ہائے کثیرہ تمام زمین وزمان کو گھیرے ہوئے ہیں۔

فَنَحْنُ فِيْ جَذَلٍ وَالرُّوْمُ فِيْ وَجَلٍ	وَالْبَرُّ فِيْ شُغُلٍ وَالْبَحْرُ فِيْ خَجَلِ

الجذل محرکا الفرح۔ والوجل الخوف ترجمہ ہم اُسکی فتح ونصرت سے خوش ہیں اور روم اُس کے حملہ سے خائف ہی۔ اور خشکی اُسکی لشکروں سے گھری ہوئی ہی اور دریا اُسکی سخاوت کے مقابلہ میں شرمندہ۔

مِنْ تَغْلِبَ الْغَالِبِيْنَ النَّاسَ مَنْصِبُہٗ	وَمِنْ عَدِيٍّ اَعَادِي الْجُبْنِ وَالْبَخَلِ

ترجمہ ممدوح بنی تغلب سے ہی جسکا مرتبہ سب آدمیوں سے بڑھا ہوا ہی اور وہ بنی عدی سے ہی جو نامردی اور بخل کے دشمن ہیں۔

وَالْمَدْحُ لِابْنِ اَبِي الْہَيْجَاءِ تُنْجِدُہٗ	بِالْجَاہِلِيَّةِ عَيْنُ الْعِيِّ وَالْخَطَلِ

ابوالہیجا کنیۃ عبداللہ اب سیف الدولۃ۔ والعی ضد الصواب والرشد والمراد فساد الکلام۔ والخطل المنطق الفاسد وتنجدہ فی موضع الحال ترجمہ اپنے نفس کو خطاب کر کے کہتا ہی کہ تعریف سیف الدولہ ایسے حال میں کہ تو اُسکی امداد زمانہ جاہلیت سے کرے یہ عین برائی اور کلام فاسد ہی یعنی اگر تو اُس کی تعریف میں اُس کے بڑوں کا جو ایام جاہلیۃ میں گزرے ہیں مذکور کرے تو یہ نادرست بات ہی کیونکہ ممدوح بسبب اپنے اوصاف ذاتی کے اوصاف اضافیہ سے مستغنی ہی۔ یہ تعریض ہی ابو العباس نامی پر کہ اُسنے ایک قصیدہ سیف الدولہ کی تعریف میں لکھا جس میں اُس کے بزرگان جاہلیت کا ذکر کیا ہی۔

لَيْتَ الْمَدَائِحَ تَسْتَوْفِيْ مَنَاقِبَہٗ	فَمَا كُلَيْبٌ وَاَہْلُ الْاَعْصُرِ الْاُوَلِ

کلیب ہو ابن ربیعۃ رئیس بنی تغلب وسیدہم فی الجاہلیۃ وکانت العرب تضرب بہ المثل فی العز فیقولون اعز من کلیب بن وائل ترجمہ کاش اُس کے قصائد مدحیہ اُس کے مناقب کو پورا پورا بیان کردیں مگر یہ ہو نہیں سکتا کیونکہ کلیب اور پہلے زمانوں کے لوگوں کی اُس کے روبرو کچھ حقیقت نہیں ہی

خُذْ مَا تَرَاہُ وَدَعْ شَيْئًا سَمِعْتَ بِہٖ	فِيْ طَلْعَةِ الشَّمْسِ مَا يُغْنِيْكَ عَنْ زُحَلِ

ترجمہ جو اُس کے اوصاف تو دیکھتا ہی اُسی کا مذکور کر اور جو تو نے سنا ہی اُسے چھوڑ دے کیونکہ چہرہ شمس میں جو ہر وقت بے تکلف نظر آتا ہی وہ خوبی ہی کہ اُس کے ہوتے زحل کے دیکھنے کی حاجت نہیں ہی۔

وَقَدْ وَجَدْتَ مَكَانَ الْقَوْلِ ذَا سَعَةٍ	فَإِنْ وَجَدْتَ لِسَانًا قَائِلًا فَقُلِ

ترجمہ اور تونے بیشک مدح ممدوح میں جائے گفتار و نظم اشعار وسیع پائی ہو سو اگر تو زبان گویا رکھتا ہے تو جو ہو سکے بول۔

إِنَّ الْهُمَامَ الَّذِي فَخْرُ الْأَنَامِ بِهِ	خَيْرُ السُّيُوفِ بِكَفَّيْ خَيْرَةِ الدُّوَلِ

الهمام الشجاع ذو الهمة العالية ۔ وخيرة تانيث خير ترجمہ بیشک وہ باہمت سردار جس پر تمام مخلوق فخر کرتی ہو وہ بہترین شمشیروں کا ہو بہترین دولتوں کے دونوں ہاتھوں میں یعنے وہ خلافت کے لئے تمام شمشیروں سے اچھی شمشیر ہو۔

تُمْسِي الْأَمَانِيُّ صَرْعَى دُونَ مَبْلَغِهِ	فَمَا يَقُولُ لِشَيْءٍ لَيْتَ ذَلِكَ لِي

ترجمہ آرزوئیں اُس کی بلندی قدر کے ورے کشتہ ہوتی ہیں کیونکہ قبل تمنا اُسکے پاس سب نعمتیں موجود ہیں تو اب جو عمدہ چیز وہ دیکھتا ہو اُس سے بہتر اُس کے پاس ہو اس لئے وہ کسی شئ کو یہ نہیں کہتا کہ کاش یہ میری ہوتی۔ خلاصہ یہ ہو کہ سب نعمتیں اُس کے پاس ہیں پھر تمنا کرنے کی اُسکو حاجت کیا ہو۔

اُنْظُرْ إِذَا اجْتَمَعَ السَّيْفَانِ فِي رَهَجٍ	إِلَى اخْتِلَافِهِمَا فِي الْخَلْقِ وَالْعَمَلِ

الرهج الغبار ترجمہ جبکہ سیف الدولہ اور رسمی آہنی شمشیر کسی غبار جنگ میں جمع ہوں تو اُن کی سرشت اور اُن کے کام کے فرق کو بچشم تامل دیکھ کہ یہ رسمی تلوار سیف الدولہ سے اوصاف میں کسقدر گھٹی ہوئی ہو۔

هَذَا الْمُعَدُّ لِرَيْبِ الدَّهْرِ مُنْصَلِتًا	أَعَدَّ هَذَا لِرَأْسِ الْفَارِسِ الْبَطَلِ

منصلتا حال من سیف الدولة ومعناه المتجرد عن غمده ترجمہ یہ یعنی سیف الدولہ جب میان سے لیا جاتا ہو یعنے جنگ کے لئے آمادہ ہوتا ہو تو وہ مصائب زمانہ کے دفع کے لئے طیار کیا جاتا ہو اور وہ رسمی آہنی شمشیر کو دلیر سوار کے سر کاٹنے کو طیار کرتا ہو پس دونوں میں فرق ظاہر ہو۔

فَالْعُرْبُ مِنْهُ مَعَ الْكُدْرِيِّ طَائِرَةٌ	وَالرُّومُ طَائِرَةٌ مِنْهُ مَعَ الْحَجَلِ

الكدري جنس من القطا وسكنة السهل ۔ والحجل القبج واحده حجلة يقال له في الفارسية كبك تكون في الجبال۔ ترجمہ سو اُسکے عربی دشمن اُسکی ہیبت سے قطا کے ساتھ اُڑ جاتے ہیں اور رومی دشمن چکور کے ساتھ ہوا ہو جاتے ہیں یعنے اُس کے دشمن یا تو دشتہائے ناپیدا کنار بعیدہ میں یا کوہ ہائے دشوار گزار میں اُس کے خوف سے گذر کرتے ہیں۔ عرب کو قطا کے ساتھ اور روم کو چکور کے ساتھ اس لئے اُڑایا ہو کہ عرب مثل قطا میدان کے باشندے ہیں اور روم مانند کبک کوہستانی ہیں۔

وَمَا الْفِرَارُ إِلَى الْأَجْبَالِ مِنْ أَسَدٍ	تَمْشِي النَّعَامُ بِهِ فِي مَعْقِلِ الْوَعِلِ

المنقل المکان المنیع الذی لا یقدر علیہ ۔ والوعول شیاہ الجبل الواحد وعل ترجمہ اور پہاڑون مین بھاگنا ایسے شیر سے کیا فائدہ بخش ہی کہ اُسکی سعادت بخت کی مدد سے شترمرغ جو میدان کا رہنے والا ہی جائے پناہ بزکوہی مین جکا مسکن خاص پہاڑ ہی چلتا پھرتا ہی یعنے اُس کے اقبال کے زور سے پہاڑ بھی پست ہوکر میدانون کے ہموار ہو جاتے ہین کہ اب شترمرغ جیسا میدان کا رہنے والا آباد ہوجاتا ہی ۔ اور بعض شراح کہتے ہین کہ یہان سیف الدولہ کو شیر سے اور اُسکے سوارون کو شترمرغ سے تشبیہ دی ہی یعنی اُنکے گھوڑے بے تکلف پہاڑون پر چڑھ جاتے ہین اسکو اغراب کہتے ہین کیونکہ شترمرغ پہاڑون مین نہین ہوتے ہین ۔

	وَزَالَ عَنْهَا وَذَاكَ الرَّوْعُ لَمْ يَزَلِ	جَازَ الدُّرُوبَ إِلَى مَا خَلْفَ خَرْشَنَةٍ	

الدروب المسالک التی یکون فی الجبل اراد بہا الجبل الحاجزۃ بین بلاد الروم وبلاد المسلمین وخرشنۃ مدینۃ من مدن الروم ترجمہ ممدوح پہاڑ کی گھاٹیون کو جو سرحد ممالک اسلام تہین قطع کرکے شہر خرشنہ سے جو رومیون کی عملداری مین تھا آگے بڑھ گیا اور اُس سے لوٹ آیا اور خوف حملہ ممدوح کا اُنکے دلون سے نگیا ۔

	فَإِنَّمَا حَلَمَتْ بِالسَّبْيِ وَالْجَمَلِ	فَكُلَّمَا حَلَمَتْ عَذْرَاءُ عِنْدَهُمُ	

الحلم ما یراہ النائم فی منامہ ترجمہ خوف ممدوح اُنکے دلون مین ایسا جمگیا ہی کہ جب کوئی باکرہ عورت اُنکی خواب دیکھتی ہی تو اپنے قید ہونے اور شتر پر سوار کرکے لیجانیکا خواب دیکھتی ہی ۔ عرب کی خاص سواری شتر ہی ۔

	مِنْهَا رِضَاكَ وَمَنْ لِلْعُورِ بِالْحَوَلِ	إِنْ كُنْتَ تَرْضَى بِأَنْ يُعْطُوا الْجِزَى بَذَلُوا	

الجزی جمع جزیۃ وہو ما یعطیہ اہل الذمۃ لحفظ نفوسہم ودمائہم ترجمہ اے سیف الدولہ اگر تو اُن سے جزیہ لینے پر راضی ہوجاوے تو وہ تجکو من مانا جزیہ دیدین اور ایسا کون شخص ہی کہ اندھون کو بھینگا پن دیدیوے اور اُس کا ضامن ہوجاوے ۔ کیونکہ اندھے پن سے کجی چشم اچھی ہی ۔

	يَا غَيْرَ مُنْتَحِلٍ فِي غَيْرِ مُنْتَحَلِ	نَادَيْتُ مَجْدَكَ فِي شِعْرِي وَقَدْ صَدَرَا	

الانتحال الادعاء ۔ والمنتحل من المجد والشرف ما ادعی علی غیر حقیقۃ ۔ ترجمہ یعنے تیرے شرف ومجد کو جو میرے شعر مین مذکور ہی ایسے حال مین پکار کر کہا (کہ مجد تجہ سے صادر ہوئے تھے اور شعر مجہ سے) اور وہ تمام دنیا مین پھیلنے کو روانہ ہوئے کہ تم دونون سچے ہو اور تمھارا دعوی بے حقیقت نہین ہی اور باقی مضمون اگلے شعر مین ہی

	فَطَالِعَاهُمْ وَكُونَا أَبْلَغَ الرُّسُلِ	بِالشَّرْقِ وَالْغَرْبِ أَقْوَامٌ نُحِبُّهُمُ	

ترجمہ یعنے اُن دونون سے کہا کہ یقیناً تم مشرق ومغرب دنیا مین جاؤگے تو وہان ایسی قوم پاؤگے جن کو ہم دوست رکھتے ہین سو تم اُنکو دیکھیو اور اُن سے کہیو اور تم عمدہ قاصد دینے بنیو ۔

	أُقَدِّبُ الطَّرْفَ بَيْنَ الْخَيْلِ وَالْخَوَلِ	وَعَرِّفَاهُمْ بِأَنِّي فِي مَكَارِمِهِ	

الخول جمع خائل وہو الخادم ترجمہ اور اس امر سے آنا گاہ کیجیو کہ مین ممدوح کی بخششون مین اپنی آنکھ گھوڑون اور خدام مین پھیرتا ہون یعنی اُس نے ہم کو یہ چیزین اس کثرت سے عنایت کی ہین کہ جدھر دیکھتا ہون اُنھین پر نظر پڑتی ہے۔

یَا اَیُّهَا الْمُحْسِنُ الْمَشْکُوْرُ مِنْ جِهَتِیْ		وَالشُّکْرُ مِنْ قِبَلِ الْاِحْسَانِ لَا قِبَلِیْ	

ترجمہ۔ اے محسن جو میری جانب سے بسبب کثرت احسانات شکر کیا گیا ہے اور حقیقت مین شکر تیرے احسان کی جانب سے ہے نہ میری طرف سے یعنی مین جو تیری مدح کرتا ہون وہ تیرے احسانات کے سبب ہے۔

مَا کَانَ نَوْمِیْ اِلَّا فَوْقَ مَعْرِفَتِیْ		بِاَنَّ رَأْیَكَ لَا یُؤْتٰی مِنَ الزَّلَلِ	

وروی ابن جنی الا بعد معرفتی ای ماکنت السہو والتفریط الابعد سکون النفس الی نفضلک وحلمک ترجمہ میری غفلت تیری طرح وثنا سے ظہور مین نہین آئی مگر اس امر کے جاننے کے بعد کہ تیری رائے لغزش سے محفوظ ہے یعنی یہ خطا صرف باعتماد تیرے حلم اور خوبی فہم کے ہے

اَقِلْ اَنِلْ اَقْطِعْ اِحْمِلْ عَلِّ سَلِّ اَعِدْ		زِدْ هَشَّ بَشَّ تَفَضَّلْ اَدْنِ سُرَّ صِلِ	

اس ایک شعر مین چودہ درخواستین ہین۔ اقل من الاقالۃ وہی العفو۔ وانل من الانالۃ۔ واقطع من الاقطاع اقطعہ ارض کذا۔ احمل من حملتہ علی فرس۔ عل من العلو والرفعۃ۔ وسل من السلو۔ واعد من الاعادۃ۔ وہش من قولہم ہششت الی کذا وہو التہلل نحو الشئ۔ وبش من البشاشۃ وہی الطلاقۃ۔ وتفضل من الافضال۔ وادن من الدنو وسر من السرور۔ وصل من الصلۃ وہی العطیۃ ترجمہ تو گناہگار کا قصور معاف کر سائل کو بخشش دے۔ جاگیر عنایت کر۔ سواری کے لئے گھوڑا دے۔ امیدوار کی قدر بلند کر۔ مغموم کو تسلی دے اور امور مکرر عمل مین لا۔ اور اسپر زیادہ کر۔ ہشاش بشاش رہ۔ اور مہربانی فرما مجکو قرب عنایت فرما۔ اور خوش ہو۔ اور صلہ عطا فرما۔ فوقع سیف الدولۃ تحت اقل اقلناک۔ وتحت انل تحمل الیک من الدراہم کذا وتحت اقطع اقطعناک ضیعۃ کذا بباب حلب۔ وتحت احمل تحمل الیک الفرس الفلانیۃ۔ وتحت عل قد فعلنا۔ وتحت سل فاسل وتحت اعد اعدناک الی حالک وتحت زد نزدا وکذا وکذا وتحت تفضل قد فعلنا۔ وتحت ادن ادنیناک وتحت سر قد سررناک قال ابو الفتح قال ابو الطیب انا اردت من السرۃ فامرلہ بجاریۃ۔ وتحت صل قد فعلنا۔ وکان بحضرۃ سیف الدولۃ شیخ یضحک منہ یقال لہ المغفل حسد المتنبی علی ما اعطاہ سیف الدولۃ فقال یا مولای بلا قلت لہ اما ہش بش ہہ ہہ یحکی الضحک لانہ قد وقعت لہ بما اراد فہلا ضحکت فضحک سیف الدولۃ منہ وقال اذہب یا ملعون۔

لَعَلَّ عَتْبَكَ مَحْمُوْدٌ عَوَاقِبُهٗ		فَرُبَّمَا صَحَّتِ الْاَجْسَادُ بِالْعِلَلِ	

ترجمہ شاید تیرے عتاب کے انجام اچھے ہون۔ یعنی آپکو جو غمازون نے مجھسے خفا کر دیا ہے اُس کا خاتمہ میرے حق مین عمدہ ہو کیونکہ اکثر اجسام بسبب بیماریون کے صحت یاب ہوتے ہین جیسا داغ دینا یا فصد کھلوانا مثلاً گو باعث فساد بعض اعضا ہوتے ہین مگر اُن کے سبب باقی اعضا تندرست ہو جاتے ہین۔

وَلَا سَمِعْتُ وَلَا غَيْرِي بِمُقْتَدِرٍ	أَذَبَّ مِنْكَ لِزُورِ الْقَوْلِ عَنْ رَجُلِ

ترجمہ کسی شخص سے بہتان اور جھوٹے قول کو دفع کرنے والا تجھ سے زیادہ مقتدر بادشاہ نہ مینے سُنا اور نہ کسی اور نے۔

لِأَنَّ حِلْمَكَ حِلْمٌ لَا تَكَلُّفُهُ	لَيْسَ التَّكَحُّلُ فِي الْعَيْنَيْنِ كَالْكَحَلِ

التکحل ہو الاکتحال وتحسین العین بالکحل۔ والکحل ہو الذی یکون خلقۃ فی العین۔ رجل اکحل بین الکحل وہو الذی یعلو جفون عینیہ سواد مثل الکحل من غیر اکتحال ترجمہ خوبی مذکور تمہین اسواسطے ہو کہ تیرا حلم خلقی ہو نہ تکلفی پس کوئی شخص تکلف سے اُس کی نقل نہین کرسکتا۔ سرمہ لگاکر آنکھ کو سرگین کرنا مثل اُس سُرگین چشم کے نہین ہوسکتا جو سرشت مین سرگین ہو۔

وَمَا ثَنَاكَ كَلَامُ النَّاسِ عَنْ كَرَمٍ	وَمَنْ يَسُدُّ طَرِيقَ الْعَارِضِ الْهَطِلِ

ثناہ صرفہ وردہ۔ والعارض السحاب۔ والہطل الکثیر المطر ترجمہ اور تجھکو لوگون کی غمازیون نے کرم وبخشش سے نروکا اور وہ کیسے روک سکتی تھین اور حال یہ ہو کہ راہ ابر بسیار بار کو کون بند کرسکتا ہو۔

أَنْتَ الْجَوَادُ بِلَا مَنٍّ وَلَا كَذِبٍ	وَلَا مِطَالٍ وَلَا وَعْدٍ وَلَا مَذَلِ

المذل الفترۃ والضجر ترجمہ تو سخی ہو بے احسان جتلائے اور بے درنگ دیے وعدہ اور بے تنگدلی کے۔

أَنْتَ الشُّجَاعُ إِذَا مَا لَمْ يَطَأْ فَرَسٌ	غَيْرَ السَّنَوَّرِ وَالْأَشْلَاءِ وَالْقُلَلِ

السنور لبوس من قد کالدرع۔ والاشلاء جمع شلو وہو العضو من اعضاء اللحم۔ واشلاء الانسان اعضاءہ بعد البلی والتفرق۔ والقلل جمع قلۃ وہی اعلے الراس من قلۃ الجبل ترجمہ تو ہی اُسوقت کا بہادر ہو جب گھوڑے کا قدم نہ بڑھے مگر جلتہ اور اعضاء مقطوعہ اور کھوپریون پر۔

وَرَدَّ بَعْضُ الْقَنَا بَعْضًا مُقَارِعَةً	كَأَنَّهُ مِنْ نُفُوسِ الْقَوْمِ فِي جَدَلِ

مقارعۃ حال من القنا۔ والجدل ہو اید فع بہ المتجادلان حجۃ صاحبہ ترجمہ اور تو اُس وقت کا بہادر ہو کہ جب بعض نیزے بعض نیزون کو آپس مین کھٹکھٹا کر لوٹا دیوین گویا وہ قوم کی جانون کی طرف سے باہم لڑتے ہین۔

لَا زِلْتَ تَضْرِبُ مَنْ عَادَاكَ عَنْ عُرُضٍ	بِعَاجِلِ النَّصْرِ فِي مُسْتَأْخِرِ الْأَجَلِ

عن عرض ای عن جانب وناحیۃ ترجمہ ممدوح کو دعا دیتا ہو کہ تو اپنے دشمن کو ہر طرف سے اور ہر حال مین مارتا رہیو ساتھ فتح موجود اور موت مفقود کے یعنی فتح تجکو ہر وقت حاصل رہے اور تیری زندگی دراز ہو۔

ولما انشد اکل انل الخ را ہم یعدون الفاظہ فقال وزاد فیہ

اَقِلْ اَنِلْ اُنْ صُنِ احْمِلْ عَلِّ سَلِّ اَعِدْ ۔۔۔ زِدْ ہَشِّ بَشِّ ہَبِ اغْفِرْ اُدْنُ سُرَّ صِلِ

ان من الاون وہو الرفق ترجمہ باقی لغات کا مسطورہ بالا سے ظاہر ہی حاجت اعادہ نہین ہی اس شعر مین سولہ درخواستین ہین-

فراہم یستکثرون الحروف فقال

عِشْ اِبْقَ اسْمُ سُدْ قُدْ جُدْ مُرِ انْہَ رِفِ اسْرِ نَلْ ۔۔۔ غِظِ ارْمِ صِبِ احْمِ اغْزُ اسْبِ رُعْ زَعْ دِلِ اثْنِ نَلْ

امر فی ہذا البیت باربعة وعشرین امرا زاد علے البیت الاول عشرة- عش من العیش وابق من البقاء واسم من السمو- وسد من السیادة- وقد من قود الخیل- وجد من الجود- ومر من الامر- وانہ من النہی- ور من الوری وہو داء فی الجوف یقال وراہ اللہ- وف من الوفاء- واسر من سری یسری- ونل من النیل وہو العطاء- وغظ من الغیظ- وارم من الرمی- وصب من صاب السہم الہدف- واحم من الحمایة- واغز من الغزو- واسب من السبی- ورع من الروع وہو الافزاع- وزع من وزعتہ اذا کففتہ- ود من الدیة- ول من الولایة واثن من تثنیة- ونل من نالہ ینولہ اذا اعطیتہ- وروی بن جنی بل الوابل وہو اشد المطر- ترجمہ نعمت مین جیتا رہ- اور باعزت باقی رہ- اور تمام شاہون سے بلندی رتبہ مین بڑھا رہ- اور تمام زمانہ کا سردار رہ اور دشمنون پر لشکر حملہ آور رکھ- اور دوستون کو اموال بخشتا رہ- اور حکم ممنوع کرتا رہ- اور برائیون سے منع کرتا رہ- اور بدخواہون کو دق کرتا رہ- اور وفائے عہد کرتا رہ- اور دشمنون پر شب خون مارتا رہ- اور کامیاب رہ اور اعدا کو اپنی فتح سے خشمناک رکھ- اور اپنے رعب کے تیر دشمنون کے جگرون مین مار- اور اُن کے سیچے نشانون کے تیر لگا اور اپنے عہد کی حمایت کر- اور دشمنون کو قید کر- اور اُن کو ڈرا- اور اُنکو روک- اور دوستون کی طرف سے براہ کرم دیت ادا کر- اور سلطنت کا مالک رہ- اور دشمنون کو اُسپر حملہ کرنے سے روک- اور بخشش دوستونکو بخش- یا اُن پر ابر عطا برسا-

وَہٰذَا دُعَاءٌ لَوْ سَکَتُّ کُفِیْتُہٗ ۔۔۔ لِاَنِّیْ سَاَلْتُ اللہَ فِیْکَ وَقَدْ فَعَلْ

ترجمہ اور اگر اسقدر دُعا کرکے مین خاموش ہوجاؤن تو مجکو یہ کافی ہی اور باربار دعا کی حاجت نہین ہی کیونکہ یہ سب خداوند تعالی قاضی الحاجات سے مانگی اور اُس نے قبول کرلی- اسقدر امر ایک شعر مین کسی نے جمع نہین کئے-

وقال وقد حضر مجلس سیف الدولة وبین یدیہ نارنج وطلع وہو یمتحن الفرسان فقال لابن جش شیخ المصیصة لاتوہم ہذا للشرب فقال ابو الطیب

شَدِیْدُ الْبُعْدِ مِنْ شُرْبِ الشَّمُوْلِ ۔۔۔ تُرُنْجُ الْھِنْدِ اَوْ طَلْعُ النَّخِیْلِ

شدید خبر مبتدء محذوف تقدیرہ انت شدید البعد۔ و ترنج رفعہ بالابتداء تقدیرہ بین یدیک اوفی مجلسک ترنج واللغۃ الفصیحۃ اترج واترجۃ واحدہ۔ وحکی ابوزید ترنج وترنجہ ۔ وقال ابن فورجۃ شدید البعد من شرب الشمول ترنج الہند الدیک فحذف لدیک واتی بہ فے البیت الثانی والا شطے حذفہ والشمول من اسماء الخمر وقیل ہی البارودۃ التی ہبت علیہا ریح الشمال وقیل ہی التی تشمل القوم بریحہا ترجمہ حسب ترکیب اول یہ ہی کہ تو مینوشی سے شدید البعد ہی اور تیرے سامنے یا تیری مجلس مین ترنج ہندی اور شگوفہ درخت خرما موجود ہین۔ اور دوسری ترکیب کے موافق ترجمہ یہ ہوگا کہ ترنج ہندی وشگوفہ خرما جو تیری مجلس مین حاضر ہین شایان مینوشی نہین ہین کیونکہ یہ امر تیری شان کو شایان نہین ہی بلکہ اس لئے ہین کہ ہر اچھی چیز خورد و کلان وخوشبو تیرے پاس حاضر رہتی ہی چنانچہ اگلے شعر مین ہی۔

وَلٰکِنْ کُلُّ شَیْئٍ فِیْہِ طِیْبٌ ۔۔۔ لَدَیْکَ مِنَ الدَّقِیْقِ اِلَی الْجَلِیْلِ

ترجمہ بلکہ سبب اُن کے احضار کا یہ ہی کہ ہر شی خوشبو دار تیرے پاس موجود رہتی ہی خواہ چھوٹی ہو یا بڑی۔

وَمَیْدَانُ الْفَصَاحَۃِ وَالْقَوَافِیْ ۔۔۔ وَمُمْتَحَنُ الْفَوَارِسِ وَالْخُیُوْلِ

ممتحن مکان یمتحن فیہ الفوارس وہی جمع فارس ترجمہ اور تیرے پاس میدان فصاحت واشعار کا ہی اور مکان امتحان سوارون اور گھوڑون کا۔ یعنے تو سماعت اشعار فصیح اور امتحان سوارون اور گھوڑون مین جو منجملہ سامان غزا ہی مصروف رہتا ہی نہ مینوشی مین۔

وکان عندہ قوم زعم بعض الرواۃ ان ابن خالویہ انکر علیہ ترنج وقال المعروف اترج فاستشہد ابو الطیب بروایۃ ابی زید انہما مقولان وقال

اَتَیْتُ بِمَنْطِقِ الْعَرَبِ الْاَصِیْلِ ۔۔۔ وَکَانَ بِقَدْرِ مَا عَایَنْتُ قِیْلِیْ

الاصیل من کل شیٔ الثابت۔ والقیل والقول بمعنی واحد ترجمہ مین اپنے شعر مین اصلی بولی عرب عربا کی لایا اور میری گفتگو میرے معائنہ پر مبنی ہی پس مجکو کیا حاجت ہی کہ کہون انت شدید البعد وفی مجلسک ترنج یعنی جب مین بالمشافہ ومعائنہ شعر کہتا ہون تو مجکو خطاب کی کیا ضرورت ہی اور یہ اس لئے کہا کہ معترض نے اعتراض کیا تھا کہ یہ اشعار اسطرح کیون نکہے کہ ؎ بعیداً انت من شرب الشمول ٭ علی الناریخ او طلع النخیل ٭ یشغلک بالمعالی والعوالی ٭ وکسب الحمد والذکر الجمیل ٭ وفتح خواطر العلماء فحصاً ٭ وممتحن الفوارس والخیول۔ بندہ مترجم کے نزدیک اشعار معترض بہ نسبت کلام متنبی سہل وصاف بے تکلف حذف ہین اُسکا انکار متنبی کی منہ زوری اور اُسکا دہنگر ولا ہی۔

تُعَارِضُهُ كَلَامٌ كَانَ مِنْهُ	بِمَنْزِلَةِ النِّسَاءِ مِنَ الْبُعُوْلِ

البعول جمع بعل وہو زوج المرأة ترجمہ سو میرے اشعار سے ایسے کلام نے معارضہ کیا جو اُس سے وہ نسبت رکھتا تھا جو عورتوں کو اپنے شوہروں سے ہوتی ہے یعنی ضعیف و کم طاقت۔

وَهٰذَا الدُّرُّ مَأْمُوْنُ التَّشَظِّيْ	وَأَنْتَ السَّيْفُ مَأْمُوْنُ الْفُلُوْلِ

التشظی التکسر والتشقق۔ والفلول جمع فل ہو ما یلحق السیف من الضرب ترجمہ اور یہ میرے شعر جو بمنزلہ موتی کے ہیں ٹوٹنے اور متغیر ہونے سے بے خوف ہیں ورنہ رسمی موتی ایک عرصہ کے بعد متغیر اللون ہو جاتے ہیں اور تو ایسی تیغ ہے کہ جو دندانہ دار ہونے سے امن میں ہے۔

وَلَيْسَ يَصِحُّ فِي الْأَذْهَانِ شَيْءٌ	إِذَا احْتَاجَ النَّهَارُ إِلَى دَلِيْلِ

ترجمہ جبکہ اثبات روز بے دلیل درست نہو تو ذہن میں کوئی شئ صحیح نہو گی یعنی بدیہی امر دلیل طلب نہیں ہوتا۔

ودخل علیہ سنۃ احدیٰ واربعین وثلثمائۃ وعندہ رسول ملک الروم واحضر والبوۃ مقتولۃ ومعہا ثلثۃ اشبال بالحیٰوۃ والقوہا بین یدیہ فقال مرتجلاً

لَقِيْتَ الْعُفَاةَ بِآمَالِهَا	وَزُرْتَ الْعُدَاةَ بِآجَالِهَا

العفاة جمع عاف وہو طالب المعروف ترجمہ تو سائلوں سے اُنکی امیدیں لیکر ملا اور دشمنوں نے اُنکی موتیں لیکر یعنی سائلوں کو اُنکی اُمیدیں عطا کرتا ہے اور دشمنوں کو اُنکی موتیں دیتا ہے۔

وَأَقْبَلَتِ الرُّوْمُ تَمْشِيْ إِلَيْكَ بَيْنَ اللُّيُوْثِ وَأَشْبَالِهَا

ترجمہ اور روم یعنی رسول روم شیروں اور اُسکے بچوں کے درمیان چلکر تجھ تلک پہنچا

إِذَا رَأَتِ الْأُسْدَ مَسْبِيَّةً	فَأَيْنَ تَفِرُّ بِأَطْفَالِهَا

ترجمہ جبکہ روم یعنی اُنکا بادشاہ شیروں کو تیری قید میں دیکھے گا تو وہ اپنے بچوں کو لیکر کہاں بھاگے گا۔

ودخل علیہ لیلاً وہو یصف سلاحاً کان بین یدیہ رفع فقال ارتجالاً

وَصَفْتَ لَنَا وَلَمْ نَرَهُ سِلَاحًا	كَأَنَّكَ وَاصِفٌ وَقْتَ النِّزَالِ

النزال الحرب ترجمہ تو نے ہمارے روبرو ہتھیاروں کا وصف بیان کیا جنکو ہم نے نہیں دیکھا کیونکہ ہمارے آنے سے پہلے اُٹھائے گئے تھے تو نے اُن کی چمک دمک اور براقی کا ایسا ذکر کیا جیسا گویا اُن کا حال بوقت جنگ ہوتا ہے۔

وَاَنَّ الْبِيضَ صُفَّ عَلٰى دُرُوْعٍ	فَشَوَّقَ مَنْ رَآهُ اِلَى الْقِتَالِ

البیض جمع بیضۃ وہی المغفر من الحدید یکون علے الراس ترجمہ اور تونے یہ ذکر کیا کہ خود زرہون پر مرتب رکھے گئے سو اس تقریر نے اُن کے دیکھنے والے کو جنگ کا مشتاق کر دیا یعنی تیرے بیان نے جنگ کا سمان باندھ دیا۔

فَلَوْ اَطْفَأْتَ نَارَكَ تَالَدَيْهِ	قَرَأْتَ الْخَطَّ فِي سُوْدِ اللَّيَالِيْ

تا بمعنی ہذہ نعت للنار اشارۃ الی المؤنث الحاضر ترجمہ سو اگر تو روشنی شمع جو اُس ہتھیار کے پاس ہی بجھا دے تو اُس کی درخشانی لمعان کے سبب مکتوب شبہائے تاریک مین پڑھ لے۔

اِنِ اسْتَحْسَنْتَ وَهُوَ عَلٰى بِسَاطٍ	فَاَحْسَنُ مَا يَكُوْنُ عَلَى الرِّجَالِ

ارادا استحسنتہ فحذف المفعول ترجمہ اگر یہ سلاح جب فرش پر رکھا ہو تجکو اچھا معلوم ہو اُس کی نہایت خوشنائی اُسوقت ہوگی جبکہ مرد اُسکو باندھے ہوئے ہون۔

وَاِنَّ بِهَا وَاِنَّ بِهٖ لَنَقْصًا	وَاَنْتَ لَهَا النِّهَايَةُ فِي الْكَمَالِ

الضمیر الاول للرجال والثانی للسلاح ترجمہ اور بیشک اُن مردون مین اور اُس ہتھیار مین بڑا عیب ہو اور تو مردون کے لئے کمال مین نہایت وانتہا ہی کہ تجھ سے بہتر کوئی مرد شجاع و بہادر ہو نہین سکتا۔

وَلَوْ لَحَظَ الدُّمُسْتُقُ جَانِبَيْهِ	لَقَلَّبَ رَأْيَهُ حَالًا بِحَالِ

ترجمہ اور اگر دمستق سردار رومیان اُس کی دونون دھارین دیکھ لیوے تو بیشک اپنی رائے جنگ سے صلح کی طرف پھیر دے۔

وقال یمدحہ وانشدہا فی جمادی الآخرۃ سنۃ اثنین واربعین وثلثمائۃ

لَيَالِيَّ بَعْدَ الظَّاعِنِيْنَ شُكُوْلُ	طِوَالٌ وَلَيْلُ الْعَاشِقِيْنَ طَوِيْلُ

شکول جمع شکل وشکل الشئ مثلہ وجمع القلۃ اشکال واتی ہہنا بجمع الکثرۃ لانہ ابلغ فی شکوی الحال والظاعنین جمع ظاعن وہو المرتحل ترجمہ میری راتین بعد کوچ دوستان برابر ایک سی دراز این اور اس کا تعجب ہی کیا ہی کیونکہ شب عاشقان بسبب بیداری وافکار ہجران ہمیشہ دراز ہوتی ہی۔

يُبِنَّ لِيَ الْبَدْرَ الَّذِيْ لَا اُرِيْدُهُ	وَيُخْفِيْنَ بَدْرًا مَا اِلَيْهِ سَبِيْلُ

ترجمہ شبہائے ہجر مجکو رسمی چاند جس کو مین دیکھنا نہین چاہتا ظاہر دکھاتی ہین اور محبوبہ بدر مثال

کوجس تلک رسائی نہین ہوسکتی مجھ سے چھپاتی ہین۔

وَمَا عِشْتُ مِنْ بَعْدِ الْأَحِبَّةِ سَلْوَةً   وَلٰكِنَّنِي لِلنَّائِبَاتِ حَمُوْلُ

ترجمہ اور مین بعد فراق دوستان براہ تسلی و فراموشی احباب جیتا نہین رہا مگر مین مصائب اُٹھانیوالا ہون یعنے صرف شدائد ہجر کے اُٹھانے کے لئے زندہ رہا ہون۔ وللہ در القائل ؎

ذلتین تونے اُٹھائین عبث ای جان حزین + ہجر کا نام ہی سُنکر تجھے مرجانا تھا

وَإِنَّ رَحِيْلًا وَاحِدًا حَالَ بَيْنَنَا   وَفِي الْمَوْتِ مِنْ بَعْدِ الرَّحِيْلِ رَحِيْلُ

ترجمہ اور بیشک ابھی تو ایک ہی تمھارا کوچ ہم مین حائل ہوگیا ہی اور موت مین جو تمھارے صدمہ فراق سے عنقریب ہونے والی ہی تمھارے کوچ کے بعد مجکو بہت بڑا کوچ پیش آنے والا ہی سچ ہی لا دار ابعد من القبر ولا سبب اقطع من الموت۔

وَإِذَا كَانَ شَمُّ الرَّوْحِ أَدْنٰى إِلَيْكُمْ   فَلَا بَرِحَتْنِي رَوْضَةٌ وَقَبُوْلُ

الروح نسیم الریح الشرقیۃ ترجمہ جبکہ سونگھنا باد شرقی کا مجکو تم سے نزدیک کرتا ہو کیونکہ اُس مین سے تمھاری خوشبو آتی ہی تو مجھ سے باغ اور باد صبا کبھی جدا نہون تاکہ اس ذریعہ سے تمھاری بوئے خوش سونگھتا رہون ذکر قبول سے معلوم ہوتا ہی کہ محبوب بجانب مشرق ہی۔

وَمَا شَرِقِيْ بِالْمَاءِ إِلَّا تَذَكُّرًا   لِمَاءٍ بِهِ أَهْلُ الْحَبِيْبِ نُزُوْلُ

تذکرا ای متذکرا ترجمہ میرے گلے مین پانی اٹکنا یعنے اُچھو آنا نہین ہوتا ہی مگر بحالت یاد اُس پانی کے جس پر دوست کا کنبہ فروکش ہی۔ یعنے وہ پانی مجکو یاد آتا ہی اُس کی حسرت اور حبیب کی یاد مین پانی گلے سے نیچے نہین اُترتا۔

يُحَرِّمُهُ لَمْعُ الْأَسِنَّةِ فَوْقَهُ   فَلَيْسَ لِظَمْآنٍ إِلَيْهِ وُصُوْلُ

ترجمہ نیزے بہادرون کے جو اُس پانی پر چمکتے ہین لوگون کو اُس سے روکتے ہین سو کوئی پیاسا اُس تلک نہین پہنچ سکتا ہی خلاصہ یہہ ہی کہ جب اُس پانی تلک کسی کی رسائی نہین ہی تو محبوبہ تلک پہنچنا محال ہی اور یہ بھی کہ محبوبہ کے محافظ بہت سے ہین۔

أَمَا لِي فِي النُّجُوْمِ السَّائِرَاتِ وَغَيْرِهَا   لِعَيْنِيْ عَلٰى ضَوْءِ الصَّبَاحِ دَلِيْلُ

ترجمہ درازی شب سے تنگ ہوکر کہتا ہی کیا سیارون وغیرہا مین جس سے اختتام شب کا حال معلوم ہوتا ہی میری آنکھ کو جو بیداری سے بجان ہی روشنی صبح کا کچھ پتہ ملسکتا ہی وقد احسن القائل فی الفارسیۃ ؎

سعدیا نوبتۂ امشب دہل صبح نکوفت + یا مگر صبح نباشد شب تنہائی را

اَلَمْ یَرَ هٰذَا اللَّیْلُ عَیْنَیْكَ رُؤْیَتِی	فَتُظْهِرَ فِیْهِ رِقَّةً وَّنُحُوْلُ

نصب تظہر لانہ جواب الاستفہام بالفاء ترجمہ محبوبہ سے خطاب کرکے کہتا ہی کہ کیا اِس شب دراز نے تیری آنکھوں کو میرے دیکھنے کے موافق بنظر عاشقانہ نہین دیکھا کہ اُس مین لاغری اور ضعف ظاہر ہو جاتا اور وہ فنا ہو جاتی اور صبح نمایان ہوتی اور عاشق اپنے غم واندوہ سے فی الجملہ نجات پاتا۔

لَقِیْتُ بِدَرْبِ الْقُلَّةِ الْفَجْرَ لَقْیَةً	شَفَتْ كَمَدِی وَاللَّیْلُ فِیْهِ قَتِیْلُ

درب القلۃ موضع ببلاد الروم ترجمہ بمقام درب قلہ مین صبح سے ایسا ملنا ملا کہ اُس نے میرے غم کو شفا دی اور شب وہان مقتول تھی یعنی مین بوقت صبح مقام مذکور مین پہنچا اور رات کی بےچینی کے مرض سے مجکو شفا حاصل ہوئی اور رات مقتول ہوگئی یعنی تمام ہوگئی۔ یا رنج سے شفا پانے سے یہ مراد ہی کہ اُس مقام پر سیف الدولہ کو فتح وظفر حاصل ہوئی اور غنیمت کثیرہ ہاتھ آئی۔

وَیَوْمًا كَاَنَّ الْحُسْنَ فِیْهِ عَلَامَةٌ	بَعَثْتَ بِهَا وَالشَّمْسُ مِنْكَ رَسُوْلُ

نصب یوما عطفا علے معمول لقیت ترجمہ اور مین اُس مقام پر ایسے روز سے ملا کہ گویا حسن اُس روز کا ایک نشان تیری طرف سے تھا جو تونے بھیجا تھا اور آفتاب تیرا قاصد تھا اور ابو الفتح نے کہا ہی کہ جب غبار اُٹھا تو اُس نے آفتاب کو چھپا لیا گویا وہ محبوبہ کا مخفی فرستادہ تھا شارح عکبری کہتا ہی کہ یہ لطیف خیال ہی۔

وَمَا قَبْلَ سَیْفِ الدَّوْلَةِ اثَّارَ عَاشِقٌ	وَلَا طُلِبَتْ عِنْدَ الظَّلَامِ ذُحُوْلُ

اثار افتعل من الثار واصلہ الہمز۔ والذحول جمع ذحل وہو الحقد والعداوۃ ترجمہ اور سیف الدولہ سے پہلے کسی عاشق نے اپنی ستانیوالی شَے سے انتقام نہین لیا اور نہ تاریکیون مین کینے طلب کئے گئے۔ یعنے یہ صرف اُسی کی بدولت ہی کہ رات جو مجکو سخت تکلیف دے رہی تھی مقتول ہوئی اور یہ حمرۂ شفق اُس کے کشتہ ہونے کی دلیل ہی جو ہمرنگ خون ہی اور اُس شب موذی سے جو میرے قتل پر آمادہ تھی بدلہ لیا گیا

وَلٰكِنَّهٗ یَاْتِیْ بِكُلِّ غَرِیْبَةٍ	تَرُوْقُ عَلَی اسْتِغْرَابِهَا وَتَهُوْلُ

تروق تعجب وتہول تفزع۔ ترجمہ اور میرا شب سے انتقام لینا بسبب سیف الدولہ کے کوئی عجیب امر نہین ہی کیونکہ وہ ہمیشہ شجاعت وسخاوت مین ایسے نئے کام کرتا ہی کہ وہ کام باوجود اپنی غرابت کے خوش معلوم ہوتے ہین اور ڈراتے ہین یعنے خوش کرتے ہین اُس کے دوستون کو اور ڈراتے ہین اُس کے دشمنون کو۔

رَمَى الدَّرْبَ بِالْجُرْدِ الْجِیَادِ اِلَی الْعِدَا	وَمَا عَلِمُوْا اَنَّ السِّهَامَ خُیُوْلُ

الدرب المدخل فی ارض العدو۔ والجرد القصیرۃ الشعر الجلد وہو من شواہد الکرم لسا ترجمہ ممدوح نے

گھاٹی پر جو دشمن کے ملک مین جانے کا ناکہ تھا اپنے کم مواد اور عمدہ گھوڑے دفعتہً مثل تیر کے دشمنون پر پھینک مارے اور دشمنون کو یہ پہلے معلوم نتھا کہ گھوڑے بھی تیر دن کا کام دیا کرتے ہین کہ مثل تیر دفعتہً آمارتے ہین۔

شَوَائِلَ تَشْوَالَ الْعَقَارِبِ بِالْقَنَا	لَهَا مَرَحٌ مِنْ تَحْتِهِ وَصَهِيلُ

شوائل حال من الجرد۔ وضمیر تحتہ یعود علے القنا او علے الممدوح۔ والشوائل التی ترفع اذنابہا عند الجری دمو دیل علے قوتہا۔ والمرح لعب یتبعہ النشاط ترجمہ وہ گھوڑے ایسے حال مین آئے کہ نیزون سے مثل کژدم دُمین اُٹھائے ہوئے تھے یعنے گھوڑے بجائے عقرب اور نیزے بجائے اُٹھی ہوئی دُم کے اُن گھوڑون کو نیزون یا ممدوح کے نیچے شوخی وچلبلاہٹ اور ہنہنانا تھا۔ دُم اُٹھا کر قوی گھوڑا چلتا ہو اور اُس کا آواز کرنا بھی اُسکی قوت واصالت کی نشانی ہی۔

وَمَا هِيَ إِلَّا خَطْرَةٌ عَرَضَتْ لَهُ	بِحَرَّانَ لَبَّتْهَا قَنًا وَنُصُولُ

حران بلدۃ من بلاد الجزیرۃ بقرب الرقۃ۔ والتلبیۃ الاجابۃ۔ والنصول جمع نصل وہی السیوف ترجمہ اور یہ ارادہ وقصد اُس کا نتھا مگر ایک خیال کہ اُس کے دل مین بمقام حران گزرا اور اُس کے ارادہ کرتے ہی نیزے اور تلوارین پکار اُٹھے کہ ہم لڑائی کے لئے حاضر ہین یعنے اُس نے اس غزوہ کا پہلے سے ارادہ نکیا تھا بے طیاری فتح حاصل ہوگئی۔

هُمَامٌ إِذَا مَا هَمَّ أَمْضَى هُمُومَهُ	بِأَرْعَنَ وَطْءُ الْمَوْتِ فِيهِ ثَقِيلُ

الہمام الملک ذوالہمۃ۔ والارعن الجیش الکثیر لہ رعون کرعون الجبال وہی انف الجبال ترجمہ ممدوح باہمت پورے ارادے والا ہی جب کسی امر کا قصد کرتا ہی تو اپنا قصد پورا کر کے رہتا ہی بذریعہ ایک لشکر کثیر کے جسین دشمنون کو موت کا روندنا بڑا بھاری ہو مارہی کے چھوڑتی ہی۔

وَخَيْلٍ بَرَاهَا الرَّكْضُ فِي كُلِّ بَلْدَةٍ	إِذَا عَرَّسَتْ فِيهَا فَلَيْسَ تَقِيلُ

وخیل عطف علے ارعن۔ وبراہا ابراہا واضعفہا ترجمہ اور ممدوح اپنے ارادون کو بذریعہ ایسے گھوڑون کے پورا کرتا ہی کہ اُنکو تمام شہرون کے دوڑنے دُبلا کر دیا ہی جب کسی شہر مین آخر شب مین آرام کرتے ہین تو دوپہر تلک وہان نہین ٹھہرتے بلکہ بعد فتح وغارت کے کسی اور شہر پر جا چڑھتے ہین۔

فَلَمَّا تَجَلَّى مِنْ دَلُوكٍ وَصَنْجَةٍ	عَلَتْ كُلَّ طَوْدٍ رَايَةٌ وَرَعِيلُ

دلوک وصنجۃ بلدان من بلاد الروم۔ والرعیل الجماعۃ من الناس والخیل ترجمہ جبکہ ممدوح مقامات دلوک وصنجۃ سے نمایان ہوا یعنے وہان پہنچ گیا تو ہر بلند پہاڑ پر ایک جھنڈا اور گروہ اسپان مردان

چڑھ گیا یعنے دشمنون کو کہین پناہ نہ لینے دی۔

عَلیٰ طُرُقٍ فِیْهَا عَلیٰ الطُّرُقِ رِفْعَةٌ	وَفِیْ ذِکْرِهَا عِنْدَ الْاَنِیْسِ خُمُوْلُ

علیٰ طرق حرف الجر فیہا یتعلق بحذوف یعنی سلک الی الروم ترجمہ وہ لشکر ایسے راہ ہائے دشوار گزار پر چلا کہ اُن مین ایک راہ دوسری سے اونچی تھی اور اُس کے ذکر مین لوگون کے نزدیک خاموشی تھی یعنی اُس راہ کو کوئی چلتا تھا کہ اُسکو کوئی جانتے اور ذکر کرے۔

فَمَا شَعَرُوْا حَتّٰی رَاَوْهَا مُغِیْرَةً	قِبَاحًا وَاَمَّا خَلْقُهَا فَجَمِیْلُ

نصب قباحا علےانہ صفۃ لمغیرۃ ترجمہ سوآدمی خبردار نہوئے یہان تلک کہ اُنھون نے اُن کو لوٹتا ہوا اور بُرا دیکھا کیونکہ وہ اُنپر غارت ڈال رہے تھے مگر اُنکی صورت وطیاری خوش تاتھی۔

سَحَائِبُ یُمْطِرْنَ الْحَدِیْدَ عَلَیْهِمْ	فَکُلُّ مَکَانٍ بِالسُّیُوْفِ غَسِیْلُ

سحائب نصبہ علے البدل من قباحا اوعلے البدل من ضمیر راوہا ترجمہ اُنھون نے اُس کے سوارون کو بمنزلہ ابرون کے دیکھا کہ اُنپر وہ لوہے کا باران برساتے تھے کبھی تیر کبھی نیزے کبھی تلوارین مثل باران اُن پر پڑتی تھین سو اُن کا ہر مکان بسبب تلوارون کے غسل دیا گیا تھا یعنے اُس خون سے جو تلوارین اُن بدنون مین سے بہاتی ہین۔

وَاَمْسٰی السَّبَایَا یَنْتَحِبْنَ بِعِرْقَةٍ	کَاَنَّ جُیُوْبَ الثَّاکِلَاتِ ذُیُوْلُ

الانتحاب البکاء۔ وعرقۃ موضع ببلاد الروم۔ والثاکلات جمع ثکلیٰ وہی التی فقدت ولدا اوبعلا اوابا اواخا ترجمہ اور قیدی عورتون نے بمقام عرقہ روتے ہوئے شام کری اور اپنے گریبان اتنے چاک کئے کہ اُنکے گریبان جواپنی اولاد یا شوہرون یا باپ یا بھائی پر روتی تھین مثل لٹکتے ہوئے دامانون کے ہوگئے۔

وَعَادَتْ فَظَنُّوْهَا بِمَوْزَارَ قُفَّلًا	وَلَیْسَ لَهَا اِلَّا الدُّخُوْلَ قُفُوْلُ

الموزار موضع ببلاد الروم ترجمہ اور سیف الدولہ کے سوار لوٹے تو رومیون نے سمجھا کہ یہ مقام موزار کو لوٹنے والے ہین اور نہ تھا اُن سوارون کا رجوع مگر اُنپر داخل ہونا یعنی اُنھین پر چڑھ آئے۔

فَخَاضَتْ نَجِیْعَ الْجَمْعِ خَوْضًا کَاَنَّهٗ	بِکُلِّ نَجِیْعٍ لَمْ تَخُضْهُ کَفِیْلُ

الضمیر فی کانہ للخوض والنجیع الدم الضارب الی السواد او ہو دم الجوف خاصۃ والکفیل الضامن ترجمہ سو یہ سوار خون دشمنان مین اسی طرح گھسے کہ گویا اُنکا یہ گھس جانا ہر اُس خون کا ضامن ہے جسین ابتلک نہ گھسے تھے کیونکہ جس نے اُن کا یہ خوض دیکھا وہ معلوم کر لیتا تھا کہ اُنپر باقی خونریزی دشوار نہین ہے۔

تُسَایِرُهَا النِّیْرَانُ فِیْ کُلِّ مَسْلَکٍ	بِهِ الْقَوْمُ صَرْعٰی وَالدِّیَارُ طُلُوْلُ

الطلول ما بقی من آثار الدیار ترجمہ ہر راہ مین جبین قوم رومیان پچھڑی اور مقتول پڑی تھی اور اُن کے گھر کھنڈر ہو گئے تھے آگین سیف الدولہ کے سوارون کے ساتھ یقین کر اُس سے اُنکے باقیماندہ گھرونکو جلاتے تھے۔

وَكَرَّتْ فَمَرَّتْ فِي دِمَاءِ مَلَطْيَةٍ	مَلَطْيَةُ أُمٌّ لِلْبَنِينَ ثَكُولُ	

ملطیۃ مدینۃ معروفۃ من بلاد الروم۔ وغیرہا لانہا اعجمیۃ والاسم الاعجمی اذا وقع الی العرب غیرتہ وسکن الطاء للوزن ترجمہ اور اُن سوارون نے دوبارہ حملہ کیا اور خونہائے کشتگان اہل ملطیہ مین گذرے۔ اور شہر ملطیہ بچون کی مادر تھی جسکے فرزند مر گئے یعنی مقتول ہوئے۔

وَأَضْعَفْنَ مَا كَلَّفْنَهُ مِنْ قُبَاقِبٍ	فَأَضْحَى كَأَنَّ الْمَاءَ فِيهِ عَلِيلُ	

قباقب اسم نہر ببلاد الروم ترجمہ اور گھوڑون کو جو تکلیف عبور نہر قباقب دیگئی اُنھون نے بسبب اپنی کثرت و قوت کے نہر مذکور یعنی اُس کے جوش کو ضعیف کر دیا سو وہ ایسی ہو گئی گویا اُس کا پانی بیمار ہی کہ سست چلتا ہی۔

وَرُعْنَ بِنَا قَلْبَ الْفُرَاتِ كَأَنَّمَا	تَخِرُّ عَلَيْهِ بِالرِّجَالِ سُيُولُ	

ترجمہ اور اُن گھوڑون نے ہماری کثرت کے سبب فرات کے دل کو ڈرا دیا گویا دریائے مذکور پر مردان جنگی کے سیلاب آپڑے۔ یہہ خیال لطیف ہی دریا تو چڑھا کرتا ہی یہان مردون کی رَوئین اُسپر آچڑھین۔

يُطَارِدُ فِيهِ مَوْجَهُ كُلُّ سَابِحٍ	سَوَاءٌ عَلَيْهِ غَمْرُهُ وَمَسِيلُ	

السابح الفرس الذی یمد یدیہ کانہ یسبح فی البحر۔ وغمرۃ الماء مجتمعہ ومعظمہ۔ والمسیل مجری ماء المطر ترجمہ اُس نہر مین ہر تیز و سبک رفتار گھوڑا اُس کی موج سے مقابلہ و مزاحمت کرتا ہی جسکو اُس کا آب کثیر و پایاب برابر ہی غرض بیان قوت اسپان ہی۔

تَرَاهُ كَأَنَّ الْمَاءَ مَرَّ بِجِسْمِهِ	وَأَقْبَلَ رَأْسٌ وَحْدَهُ وَتَلِيلُ	

التلیل العنق ترجمہ گھوڑا جب آب فرات مین تیرتا ہی تو پانی کی کثرت اور تموج سے سوائے اُس کے سر و گردن کے اور کچھ نمایان نہین رہتا اس لئے ایسا معلوم ہوتا ہی کہ پانی اُس کے جسم کو بہائے گیا اور صرف سر و گردن بے ہو کے آتے ہین۔

وَفِي بَطْنِ هِنْزِيطٍ وَسِمْنِينَ لِلظُّبَا	وَصُمِّ الْقَنَا مِمَّنْ أَبَدْنَ بَدِيلُ	

ہنزیط وسمنین موضعان فی بلاد الروم۔ والظبا جمع ظبۃ وہی السیوف ترجمہ اور دو شہرون ہنزیط اور سمنین مین تلوارون اور ٹھوس نیزون کے لئے اُن کشتگان سے جنکو اُنھون نے سابق ہلاک کیا تھا بدل موجود ہی یعنی محلات سابق مین جنکو قتل کر گئے تھے اب اُنکی جگہ اور لوگ آباد ہو گئے ہین جو کشتگان سابق کے بدلے

مقتول ہونے کو طیار ہین اور علف شمشیر وسنان ہو سکتے ہین۔

طَلَعْنَ عَلَيْهِمْ طَلْعَةً يَعْرِفُونَهَا	لَهَا غُرَرٌ مَا تَنْقَضِي وَحُجُولُ

الغرر جمع غرة وہی البیاض یکون فے جبہۃ الفرس زائدا علے قدر الدرہم۔ والحجول بیاض یکون فی قوائمہا ترجمہ وہ گھوڑے اُن دونون موضعون مین اُس شان وشوکت سے ظاہر ہوئے جنکو وہ سابق سے پہچانتے ہین کہ اُنکے سر پا کے نشان اور علامتین کبھی پوشیدہ نہون گی۔

تَمَلُّ الْحُصُونُ الشُّمُّ طُولَ نِزَالِنَا	فَتُلْقِي إِلَيْنَا أَهْلَهَا وَتَزُولُ

الشم الطوال المرتفعۃ العالیۃ ترجمہ بلند قلعے ہماری مدت جنگ کی درازی سے تنگ ملول ہو جاتے ہین سو ناچار ہوکر وہ اپنے رہنے والون کو ہماری طرف ڈالدیتے ہین اور خود گر پڑتے ہین یعنی بدرجہ ناچاری اہل قلعہ ہمارے پاس حاضر ہو جاتے ہین اور ہم قلعہ کو منہدم کردیتے ہین۔

وَبِتْنَ بِحِصْنِ الرَّانِ رَزْحَى مِنَ الْوَجَى	وَكُلُّ عَزِيزٍ لِلْأَمِيرِ ذَلِيلُ

حصن الران حصن من حصون الروم۔ ورزحی نعبۃ کلیلۃ ترجمہ سو ممدوح کے گھوڑون نے بحالت درماندگی وسودہ پائی قلعہ ران مین شب بسر کی یعنی بسبب شدت دوڑ و دھوپ و درازی سفر وہ تھک گئے تھے پھر اس کا عذر بیان کرتا ہی کہ گھوڑے ضعف کے سبب نہین تھکے تھے بلکہ اس سبب سے کہ امیر نے اپنی بلند ہمتی کے سبب اُنکو تکلیف مالایطاق دی تھی اور گھوڑے ہرچند عزیز تھے اور نہایت قیمتی مگر اُس کی ہمت عالی کے روبرو ذلیل تھے۔ یا یون کہئے کہ ایسے حال مین قیام کیا کہ عزیزان روم ممدوح کے روبرو ذلیل ہو گئے تھے۔

وَفِي كُلِّ نَفْسٍ مَا خَلَاهُ مَلَالَةٌ	وَفِي كُلِّ سَيْفٍ مَا خَلَاهُ فُلُولُ

ترجمہ اس حملہ کی شدت کے سبب ہر طبیعت مین سوائے سیف الدولہ کے ملال تھا مگر وہ ویسا ہی تازہ دم تھا اور ہر تلوار مین سوائے سیف الدولہ کے دندانے پڑگئے تھے اور وہ کند ہوگئی تھی سوائے ممدوح کے۔

وَدُونَ سُمَيْسَاطِ الْمَطَامِيرُ وَالْمَلَا	وَأَوْدِيَةٌ مَجْهُولَةٌ وَهُجُولُ

سمیساط بلد من بلاد الروم والمطامیر جمع مطمورۃ وہی حفرۃ غائرۃ فی الارض۔ والملا الفلاۃ والہجول جمع ہجل وہو المطمئن من الارض ترجمہ اور شہر سمیساط سے ورے گہرے گڈھے اور جنگل اور نالے اور کھالی غیر معلوم الاسم اور پست زمینین ہین اور باوجود ان دشواریون کے ممدوح نے اُسے فتح کرلیا۔ اور شارح عکبری اُسکے یہ معنی کہتا ہی کہ جب سیف الدولہ کو یہ خبر پہنچی کہ رومی لوگ مسلمانون کے شہرون کو لوٹنے لگے تو یہ مع اپنے لشکر کے سمیساط مین تھا تو باوجودیکہ اُس کے گرد و پیش مین بڑے گڈھے وغیرہ موانع تھے

وہ سب ان دشواریوں پر غالب آکر مسلمانون کی حمایت کے لئے پہنچا اور دشمنون کو مار بھگایا۔

لَبِسْنَ الدُّجٰی فِیْهَا اِلٰی اَرْضِ مَرْعَشٍ	وَلِلرُّوْمِ خَطْبٌ فِی الْبِلَادِ جَلِیْلُ

مرعش حصن من حصون الروم۔ ولبسن الدجی سرن فی الظلام ترجمہ اُسکے سوار تاریکی مین سرحد مرعش تلک گئے گویا اُنھون نے تاریکی کو بمنزلہ لباس پہن لیا حالانکہ روم کے لئے شہرون مین عزت عظیم تھی یعنی اُنکی قوت وشوکت زیادہ تھی تب بھی اُن کو کوئی روک نسکا۔ یا یہ معنے کہ جب سیف الدولہ قلعہ ران مین پہنچا تو اُسکو خبر ملی کہ رومی مسلمانون کے شہرونکو لوٹنے لگے تو یہ فوراً وہان پہنچا اور دشمنون کو بکثرت قتل کیا اور دمستق کے مُنھ پر زخم لگا اور اُس کا بیٹا قسطنطین گرفتار ہوا یعنی اُنکو بڑی دشواریان پیش آئین۔

فَلَمَّا رَاَوْهُ وَحْدَهٗ قَبْلَ جَیْشِهٖ	دَرَوْا اَنَّ کُلَّ الْعَالَمِیْنَ فُضُوْلُ

الفضول الزوائد التی لا حاجۃ الیہا ترجمہ سو جب سیف الدولہ کو اہل روم نے تنہا اپنے لشکر سے پہلے دیکھا تو اُنکو معلوم ہوگیا کہ سب لوگ حاجت سے زائد ہین اُسکے ہوتے کسی کی حاجت نہین ہو۔

وَاَنَّ رِمَاحَ الْخَطِّ عَنْهُ قَصِیْرَةٌ	وَاَنَّ حَدِیْدَ الْهِنْدِ عَنْهُ کَلِیْلُ

الخط موضع بالیمامۃ تنسب الیہ الرماح الخطیۃ۔ والکلیل الذی لا یقطع ترجمہ اور اُنھون نے یہ بات بھی جان لی کہ نیزہ خطی ممدوح سے کوتاہ ہین یعنی اُس تلک نہین پہنچ سکتے اور یہ بات بھی معلوم کرلی کہ تیغ ہندی اُس سے کند ہی یا تو بسبب اُسکی خوش اقبالی کے یا اِس سبب سے کہ بباعث رعب اُس تلک کوئی پہنچ نہین سکتا یا بسبب واقفیت قواعد جنگ وقوت وچالاکی کے۔

فَاَوْرَدَهُمْ صَدْرَ الْحِصَانِ وَسَیْفَهٗ	فَتًی بَاْسُهٗ مِثْلُ الْعَطَاءِ جَزِیْلُ

الحصان الفحل من الخیل۔ والجزیل الکثیر ترجمہ یہ اشارہ ہو اسطرف کہ سیف الدولہ رومیون کی دستبرد کی خبر سُنکر فوراً دشواریان راہ کی قطع کرکے اوپر جا پڑا سو کہتا ہو کہ اُن کو اپنے گھوڑے کے سینہ اور تلوار کے سامنے رکھ لیا اُس جوان نے جس کا رعب مثل اُس کی بخشش کے کثیر ہی یعنے اُس کی ہیبت وعطا دونون کثیر ہین۔

جَوَادٌ عَلَی الْعِلَّاتِ بِالْمَالِ کُلِّهٖ	وَلٰکِنَّهٗ بِالدَّارِعِیْنَ بَخِیْلُ

العلات العوائق۔ والدارعون جمع دارع وہو الذی علیہ الدرع مثل لابن وتامر ترجمہ وہ باوجود موانع عطا ودرپیش حاجات اپنا سارا مال بخشنے والا ہی مگر وہ اپنے سپاہیان زرہ پوش کے معاملہ مین بخیل ہی اُن کو کسی کو نہین دیتا اور اگر زرہ پوش اعدا کے مراد لیوین تو یہ معنے ہون گے کہ اُنکو قتل کرڈالتا ہی اور دشمنون کو نہین دیتا۔

فَوَدَّعَ قَتْلَاهُمْ وَشَيَّعَ فَلَّهُمْ	بِضَرْبٍ حُزُوْنُ الْبَيْضِ فِيْهِ سُهُوْلُ

الفل المنہزم والحزن ماغلظ من الارض وہو ضد السہل - والبیض جمع بیضۃ وہو الخود ترجمہ سو ممدوح نے اُنکے مقتولون کو چھوڑ دیا اور اُنکے بھگوڑون کے پیچھے ایسی ضرب شدید کیساتھ روانہ ہوا کہ اُنکے خودون کو اُنکے سرون پر اس آسانی سے توڑ دیا کہ خود جو بمنزلہ سنگلاخ تھے اس کے رو بروشل زمین ہموار کے ہو گئے۔

عَلٰى قَلْبِ قُسْطُنْطِيْنَ مِنْهُ تَعَجُّبٌ	وَاِنْ كَانَ فِيْ سَاقَيْهِ مِنْهُ كُبُوْلُ

قسطنطین ہو ابن الدمستق مقدم الروم - والکبول جمع کبل وہو القید الضخم ترجمہ قسطنطین کے دل مین اُس ضرب سے تعجب ہی اگرچہ اُس کے دونون ساقون مین بھاری بیڑیان ہین یعنے اسپر بھی تعجب ضرب اُسکے دل سے نہین جاتا ہی۔ کہتے ہین کہ جب قسطنطین سیف الدولہ کی قید مین آیا تو اُس نے اُس کی بہت تواضع کی مگر آخر کو وہ مرگیا اور اسکا سیف الدولہ کو بہت رنج ہوا اور اُس کے باپ نے یہہ خیال کرکے کہ اُسکو کچھ کھلا کر مار دیا ہی چند مسلمانون کو مار ڈالا اور سیف الدولہ اُسکی اس حرکت کو معیوب سمجھتا تھا۔

لَعَلَّكَ يَوْمًا يَا دُمُسْتُقُ عَائِدٌ	فَكَمْ هَارِبٍ مِمَّا اِلَيْهِ يَئُوْلُ

ترجمہ شاید تو اے دمستق کسی روز سیف الدولہ کی طرف لڑنے کو آوے اور جس موت سے تو بھاگا ہی اُسکے پنجہ مین گرفتار ہو جاوے کیونکہ اکثر آدمی اُس امر سے بھاگتا ہی جسکی طرف انجام مین لوٹتا ہی۔

نَجَوْتَ بِاِحْدٰى مُهْجَتَيْكَ جَرِيْحَةً	وَخَلَّفْتَ اِحْدٰى مُهْجَتَيْكَ تَسِيْلُ

المہجۃ الجریحۃ الدمستق والسائلۃ یرید بہا ابنہ ترجمہ تو اپنی دو جانون مین سے ایک جان زخمی لے بھاگا یعنے منھ کا زخم کھاکر تو تو بھاگ گیا اور اپنی دو جانون مین سے ایک جان بہتی ہوئی چھوڑ گیا۔ زخمی ہونا بدن کی صفت ہی مگر چونکہ جسم کی تکلیف روح مین سرایت کرجاتی ہو اس نے زخم جسم کو زخم روح کہا۔ بہتی ہوئی جان کے یہہ معنی ہین کہ وہ قید مین غم سے گھلتی ہی یا وہ قتل کیا جاوے گا سو اُسکا قتل گویا تیرا قتل ہی۔

أَتُسْلِمُ لِلْخَطِّيَّةِ ابْنَكَ هَارِبًا	وَيَسْكُنُ فِي الدُّنْيَا اِلَيْكَ خَلِيْلُ

ترجمہ کیا تو بھاگتا ہوا اپنے بیٹے کو نیزہ خطی کے حوالہ کر گیا اور اس بیرحمی کے بعد کوئی تیرا دوست تجھ پر اطمینان و اعتماد کرے گا یعنے نہین کریگا۔ خلاصہ یہہ کہ جب تو نے بیٹے جیسی پیاری چیز کی حمایت نہ کی تو پھر کسکی کریگا۔

بِوَجْهِكَ مَا اَنْسَاكَهُ مِنْ مُرِشَّةٍ	نَصِيْرُكَ مِنْهَا رَنَّةٌ وَعَوِيْلُ

المرشۃ الطعنۃ التی یرش منہا الدم ارشاشاً - والرنۃ الصوت بالبکاء والعویل البکاء ترجمہ تیرے چہرہ پر ایسا زخم خون چکان موجود ہی جس نے تجھے تیرا بیٹا بھلا دیا اب تیرا اُس زخم کی تکلیف مین مددگار اور رفیق چیخنا اور رونا ہی۔ خلاصہ یہ کہ جب تو اپنی حفاظت نہین کرسکا بیٹے کی کیا کرے گا۔

أَعَزَّكُمْ طُولُ الْجُيُوشِ وَعَرْضُهَا	عَلِيٌّ شَرُوبٌ لِلْجُيُوشِ أَكُولُ

ترجمہ کیا تم کو تمھارے لشکر کے طول وعرض یعنے کثرت نے دھوکے مین ڈالا ہی اُس کا حال سُن لو کہ علے یعنے سیف الدولہ تمھارے لشکرون کو کھانے پینے والا ہی یعنے اُس کے روبرو تمھارے لشکرون کی کچھ حقیقت نہین وہ سبکو چٹ کر جاویگا۔

إِذَا لَمْ تَكُنْ لِلَّيْثِ إِلَّا فَرِيسَةً	غِذَاءً وَلَمْ يَنْفَعْكَ أَنَّكَ فِيلُ

غذاہ صار لہ غذاءً۔ والضمیر للیث ترجمہ بطور مثل کہتا ہی کہ جب شیر کے لئے تو سوائے شکار اور کچھ نہو تو وہ اُس کو کھا جاوے گا اور یہ امر تجکو نافع نہوگا کہ تو ہاتی ہی۔ جب شکار کر لیا تو کیا چھوٹا اور کیا بڑا۔

إِذَا الطَّعْنُ لَمْ تُدْخِلْكَ فِيهِ شَجَاعَةٌ	هِيَ الطَّعْنُ لَمْ يُدْخِلْكَ فِيهِ عَذُولُ

ترجمہ جبکہ نیزہ زنی مین تجکو شجاعت داخل نکرے تو وہ ایسی نیزہ زنی ہی کہ اُسین تجکو ملامت گر داخل نہین کر سکتی یعنی تحریک وترغیب نامرد بزدل کو مفید نہین ہوتی

فَإِنْ تَكُنِ الْأَيَّامُ أَبْصَرْنَ صَوْلَةً	فَقَدْ عَلَّمَ الْأَيَّامَ كَيْفَ تَصُولُ

الصولۃ حملۃ الباطش ترجمہ سو اگر زمانہ نے سیف الدولہ کا حملہ دیکھا تو اُسکو یہ فائدہ ہوا کہ سیف الدولہ نے زمانہ کو حملہ کرنا سکھا دیا۔ باوجودیکہ حملات زمانہ مشہور ہین۔

فَدَتْكَ مُلُوكٌ لَمْ تُسَمَّ مَوَاضِيًا	فَإِنَّكَ مَاضِي الشَّفْرَتَيْنِ صَقِيلُ

ترجمہ تجھ پر وہ بادشاہ قربان ہون جو تیری مشابہت کا قصد کرتے ہین اور اُن کا نام شمشیر ہائے قاطع نہین رکھا گیا سو کس طرح وہ تیرے مشابہ ہوسکتے ہین کیونکہ تیری دونون دھارین قاطع ہین اور صیقلدار۔ دو دھاری شمشیر کو اُردو مین کتی کہتے ہین۔

إِذَا كَانَ بَعْضُ النَّاسِ سَيْفًا لِدَوْلَةٍ	فَفِي النَّاسِ بُوقَاتٌ لَهَا وَطُبُولُ

البوق ہو الذی ینفخ فیہ جمعہ بوقات مثل حمام وحمامات ترجمہ جبکہ بعض لوگ یعنے تو دولت کی سیف ہوا تو اور لوگ تیری نسبت ترئے یا بگل اور نقارے ہین یعنے کچھ حقیقت نہین رکھتے۔ اور شارح عروضی کہتا ہی کہ بوق اور طبل سے مراد شاعر لوگ ہین جو اُسکے فضائل کو شائع اور شہر کرتے ہین۔

أَنَا السَّابِقُ الْهَادِي إِلَى مَا أَقُولُهُ	إِذَا الْقَوْلُ قَبْلَ الْقَائِلِينَ مَقُولُ

ترجمہ اپنی تعریف کرتا ہی کہ مین امام شاعران ہون اور اور لوگون کا اُس طریق جدید کی طرف جو مینے ایجاد کیا ہی رہنما ہون جبکہ اور شاعر اُس طریق کا اتباع کرتے ہین جو پہلے لوگ کہہ گئے ہین۔ غرض مین موجد ہون

وَمَا لِكَلَامِ النَّاسِ فِيمَا يُرِيبُنِي ‏ ‏ أُصُولٌ وَلَا لِلْقَائِلِيهِ أُصُولُ

ترجمہ اور حاسدین کے کلام کے لئے اُس بارہ مین جو مجھ پر تہمت رکھتے ہین یا شک مین ڈالتے ہین اصلین نہین ہین اور نہ خود اُنکے لئے فضل و شرف مین اصول ثابتہ ہین بلکہ وہ لوگ مجہول النسب ہین۔

أُعَادَى عَلَى مَا يُوجِبُ الْحُبَّ لِلْفَتَى ‏ ‏ وَأَهْدَأُ وَالْأَفْكَارُ فِيَّ تَجُولُ

ترجمہ مین عداوت کیا جاتا ہون ایسے امور پر جو مرد کی دوستی کے باعث ہون یعنے علم و فضل و کمال شاعری پر جو موجب محبت ہونے چاہین اور شاعر میری دشمنی کرتے ہین اور مین ساکن و خاموش ہون اور حاسدون کی فکرین میری بُرائی مین جولانی کرتی ہین۔

سِوَى وَجَعِ الْحُسَّادِ دَاوِ فَإِنَّهُ ‏ ‏ إِذَا حَلَّ فِي قَلْبٍ فَلَيْسَ يَحُولُ

ترجمہ بطور مثل کہتا ہی کہ سوائے درد و مرض حاسدون کے اور امراض کا علاج کر کیونکہ مرض حسد جب کسی دلمین ٹھہر جاتا ہی پھر زائل نہین ہوتا۔

وَلَا تَطْمَعَنْ مِنْ حَاسِدٍ فِي مَوَدَّةٍ ‏ ‏ وَإِنْ كُنْتَ تُبْدِيهَا لَهُ وَتُنِيلُ

ترجمہ اور حاسد سے محبت کی طمع و امید مت کر اگرچہ تو اُس سے محبت ظاہر کرے اور اُسکو عطا بخشے۔

وَإِنَّا لَنَلْقَى الْحَادِثَاتِ بِأَنْفُسٍ ‏ ‏ كَثِيرُ الرَّزَايَا عِنْدَهُنَّ قَلِيلُ

ترجمہ اور ہمارے صبر و ہمت کا یہ حال ہی کہ ہم حادثات زمانہ کا ایسی جانون ثابت العزم کیساتھ مقابلہ کرتے ہین کہ مصائب کثیرہ اُنکے روبرو قلیل و حقیر ہین صدمات سے گھبراتے نہین۔

يَهُونُ عَلَيْنَا أَنْ تُصَابَ جُسُومُنَا ‏ ‏ وَتَسْلَمَ أَعْرَاضٌ لَنَا وَعُقُولُ

ترجمہ ہمکو یہ آسان ہی کہ ہمارے جسم لڑائی مین زخمون وغیرہ کی مصیبت پہنچانے جاوین اور ہماری آبروئین اور عقلین سلامت رہین یعنی ہمکو قتل و زخم اجسام کی کچھ پروا نہین ہان بے آبروئی اور بیعقلی کے روادار نہین ہین۔

فَتِيهًا وَفَخْرًا تَغْلِبُ ابْنَةَ وَائِلٍ ‏ ‏ فَأَنْتِ لِخَيْرِ الْفَاخِرِينَ قَبِيلُ

نصب تیہا و فخرا علے المصدر۔ وانث تغلب لانہا قبیلۃ وہم رہط سیف الدولۃ ترجمہ ای قبیلہ تغلب ابنۃ وائل تو تمام عرب پر دون کی لے اور فخر کر کیونکہ تو عمدہ فخر کرنیوالون کا یعنی سیف الدولہ کا قبیلہ ہی۔

يَغُمُّ عَلِيًّا أَنْ يَمُوتَ عَدُوُّهُ ‏ ‏ إِذَا لَمْ تَغُلْهُ بِالْأَسِنَّةِ غُولُ

تغالہ تہلکہ والغول المہلک والمنیۃ ترجمہ علی یعنی سیف الدولہ کو اُس کے دشمن کی موت جبکہ اُس کو موت نیزون سے ہلاک نکرے مغموم و محزون کرتی ہی۔ یعنی وہ چاہتا ہی کہ اپنے دشمن کو خود ہلاک کرے یہ اُسے پسند نہین ہی کہ دشمن اپنی موت سے مرے یعنے کینہ کش بہادر ہی۔

شَرِیکُ المَنَایَا وَالنُّفُوسُ غَنِیمَةٌ	فَکُلُّ مَمَاتٍ لَمْ یُمِتْهُ غُلُولُ		

الغلول ما اخذ من المغانم قبل القسمة ترجمہ ممدوح قتل اعدا میں موتوں کا شریک ہو اور جانیں اموال غنیمت سو جو موت کہ اُس کے ذریعہ سے نہیں ہوئی وہ خیانت قبل القسمۃ ہو۔ موتوں کے ساتھ شرکت کے یہ معنی ہیں کہ اسقدر قتل اعدا بکثرت اُس کے ہاتھ سے ہوتا ہو گویا وہ موتوں کا قتل میں شریک ہی۔

فَإِنْ تَکُنِ الدُّوَلَاتُ قِسْمًا فَإِنَّهَا	لِمَنْ وَرَدَ المَوْتَ الزُّؤَامَ تَدُولُ		

الدولات الظفر۔ والزوام العاجل المکروہ ترجمہ سو اگر فتح و دولت کا بہاپی کی کوئی قسم ہو تو یہ دولت اُس شخص کے حصہ میں ہو جو جنگ کرکے بے صاحب نزاش ہونے کے اور بے تکالیف امراض اٹھانے کے موت عاجل سے مرے بہادر لوگ اسطرح کی موت کو نہایت پسند کرتے ہیں۔

لِمَنْ هَوَّنَ الدُّنْیَا عَلَی النَّفْسِ سَاعَةً	وَلِلْبِیضِ فِی هَامِ الکُمَاةِ صَلِیلُ		

البیض السیوف۔ والصلیل امتداد الصوت ترجمہ یہ دولت اُس شخص کو نصیب ہوتی ہو جو دنیا کو ایک ساعت کے لئے اپنے واسطے ذلیل وبیقدر سمجھے اور مصائب جنگ پر صبر کرے اور موت سے اُس وقت نڈرے جب چمکدار شمشیر ونکو سرہائے بہادران میں پھنساجھنی اور کنا کہتی ہو۔

وقد جری ذکر ما بین العرب والاکراد من الفضل فقال لہ سیف الدولۃ ما تقول فی ہذا وتحکم یا ابا الطیب فقال

إِنْ کُنْتَ عَنْ خَیْرِ الأَنَامِ سَائِلًا	فَخَیْرُهُمْ أَکْثَرُهُمْ فَضَائِلًا		

ترجمہ ای ممدوح اگر تو بہترین خلق کو دریافت فرماتا ہو تو سب سے بہتر وہ شخص ہو جو باعتبار فضائل اکثر واشہر ہو

مَنْ أَنْتَ مِنْهُمْ یَا هُمَامُ وَائِلَا	الطَّاعِنِینَ فِی الوَغَی أَوَائِلَا		

جبل وائلا اسما للقبیلۃ فلم یعرفہ ترجمہ باعتبار فضائل اکثر وہ ہو جنمیں تو ای سردار باہمت بنی وائل ہو وہ لوگ ایسے ہیں کہ لڑائی میں پیشروان لشکر اعدا کے بڑھ کر نیزے مارتے ہیں۔

وَالعَاذِلِینَ فِی النَّدَی العَوَاذِلَا	قَدْ فَضَلُوا لِفَضْلِکَ القَبَائِلَا		

ترجمہ تیری قوم ایسی سخی ہو کہ جو اُنکو کثرت سخاوت میں ملامت کرتے ہیں یہ اُسکو اس ملامت کی بابت ملامت کرتے ہیں یعنے یہ اُن کو اُلٹا در باب بخل قابل ملامت سمجھتے ہیں وہ لوگ تیرے شرف و مجد کے سبب تمام قبیلوں سے فاضل ہو گئے ہیں۔

وقال یمدحہ عند دخول رسول الروم فی صفر سنۃ ثلث واربعین وثلثمائۃ

	دُرُوعٌ لِمَلْكِ الرُّوْمِ هٰذِی الرَّسَائِلُ		یَرُدُّ بِهَا عَنْ نَفْسِهٖ وَیُشَاغِلُ

ملک ہو مخفف من ملک ترجمہ یہ خطوط شاہ روم کے لئے بمنزلہ زرہون کے ہین کہ وہ اُن کے ذریعہ سے جنگجو اور تیرے لشکرون کو اپنی جان سے روکتا اور مشغول کرتا ہی یعنے پیغام صلح بھیجکر۔

	هِیَ الزَّرَدُ الضَّافِی عَلَیْهِ وَلَفْظُهَا		عَلَیْكَ ثَنَاءٌ سَابِغٌ وَفَضَائِلُ

الزرد الدرع - والضافی الکثیف السابغ ترجمہ یہ خطوط شاہ روم پر درحقیقت ایک وسیع چوڑی چکلی گاڑھی زرہ ہی اور اُس کے لفظ تیری تعریف کامل اور تیری فضیلتین ہین - خلاصہ یہ کہ وہ بخوشامد تجھ سے خواہان صلح ہی۔

	وَاَنّٰی اهْتَدٰی هٰذَا الرَّسُوْلُ بِاَرْضِهٖ		وَمَا سَكَنَتْ مُذْ سِرْتَ فِیْهَا الْقَسَاطِلُ

القساطل جمع قسطل وہو الغبار الذی تثیرہ الخیل بحوافرہا ترجمہ اس قاصد کو اپنے ملک کی زمین مین تیری طرف آنے کے لئے کس طرح راہ ملی اور حال یہ ہی کہ جب سے تو اُس ملک مین غازیانہ پھرا ہی تیرے گھوڑون کے سمونکا غبار ابتلک نہین ٹھیرا اور بیٹھا ہی۔

	وَمِنْ اَیِّ مَاءٍ كَانَ یَسْقِیْ جِیَادَهٗ		وَلَمْ تَصْفُ مِنْ مَزْجِ الدِّمَاءِ الْمَنَاهِلُ

ترجمہ اور یہ قاصد راہ مین اپنے گھوڑونکو کس پانی سے سیراب کرتا ہوگا اور حال یہ ہی کہ ابتلک خونونکی آمیزش سے اُس کے دیس کے چشمے صاف نہین ہوتے یعنی بسبب تیری کثرت خونریزی کے۔

	اَتَاكَ یَكَادُ الرَّاْسُ یَجْحَدُ عُنْقَهٗ		وَتَنْقَدُّ تَحْتَ الذُّعْرِ مِنْهُ الْمَفَاصِلُ

الذعر الفزع - وتنقد تنقطع - والمفاصل الاعضاء ترجمہ وہ قاصد تیرے پاس ایسے حال مین آیا کہ قریب تھا کہ اُس کا سر اُس کی گردن سے انکار کرے یعنی تیری ہیبت کے سبب تیری طرف بڑھتے ہوئے ایک عضو دوسرے سے جدا ہوا جاتا تھا اور اُس کا سر وبال دوش ہورہا تھا اور بسبب غلبہ خوف کے اُس کے جوڑ بند چکنا چور ہوئے جاتے تھے۔

	یُقَوِّمُهٗ تَقْوِیْمُ السَّمَاطَیْنِ مَشْیَهٗ		اِلَیْكَ اِذَا مَا عَوَّجَتْهُ الْاَفَاكِلُ

من روی تقویم بالنصب جعلہ مصدرا - ویکون الضمیر فی یقوم للرسول - ومن رفعہ جعلہ فاعلا والسماطان الصفان - والافاکل جمع افکل وہی الرعدۃ التی تعرض عند الفزع ترجمہ جبکہ قاصد کو تیرے رعب ہیبت کے سبب کپکپی اور لرزے راست روی سے کج کردیتے تھے تو دونون صفہائے لشکر کی راستی اُس کی رفتار کو سیدھا کردیتی تھی یعنی وہ ٹیڑھا نہین چل سکتا تھا۔

	فَقَاسَمَكَ الْعَیْنَیْنِ مِنْهُ وَلَحْظَهٗ		سَمِیُّكَ وَالْخِلُّ الَّذِیْ لَا یُزَایِلُ

سیکسا یرید بہ السیف۔ والخل الخلیل ویقال للسیف خلیل دخل ترجمہ سو قاصد کی دونون آنکھون اور اُسکی نگاہ کو تجھ سے تیرے ہمنام اور اُس دوست نے جو تجھ سے کبھی جدا نہین ہوتا یعنے تلوار رسمی نے تقسیم کر لیا تھا یعنے کبھی تو وہ بامید عطا تیری طرف دیکھتا تھا اور کبھی بخوف قتل تیری تلوار کو جسکی تفصیل اگلے شعر مین ہی۔

وَاَبْصَرَ مِنْكَ الرِّزْقَ وَالرِّزْقُ مُطْمِعٌ	وَاَبْصَرَ مِنْهُ الْمَوْتَ وَالْمَوْتُ هَائِلُ

الہائل المفزع ترجمہ اور وہ جب تجکو دیکھتا تھا تو تیری کثرت عطا کے سبب تجھ سے رزق کو دیکھتا تھا اور جب تیری تلوار کو دیکھتا تھا تو اُس سے موت کو جو بڑی خوفناک چیز ہی دیکھتا تھا غرض اسی حال خوف و رجا مین تیری طرف آتا تھا۔

وَقَبَّلَ كُمَّا قَبَّلَ التُّرْبَ قَبْلَهُ	وَكُلُّ كَمِيٍّ وَاقِفٌ مُتَضَائِلُ

المتضائل المنقبض المخفی شخصہ فرقا ترجمہ اور قاصد نے پہلے تیری خاک در کو بوسہ دیا اور پھر تیری آستین کو ایسے حال مین کہ تیرے لشکر کا ہر دلیر بہادر ششدر اور دبا ہوا تیرے رعب کے سبب کھڑا ہوا تھا۔

وَاَسْعَدُ مُشْتَاقٍ وَاَظْفَرُ طَالِبٍ	هُمَامٌ اِلَى تَقْبِيلِ كُمِّكَ وَاصِلُ

الہمام الملک الرفیع الہمۃ ترجمہ اور مشتاقون مین بڑا سعادت مند اور طالبان مقاصد مین بڑا کامیاب وہ باہمت مرد ہی جسکو تیری آستین کا بوسہ نصیب ہوا اور اس مطلب کو پہنچ جاوے۔

مَكَانٌ تَمَنَّاهُ الشِّفَاهُ وَدُونَهُ	صُدُورُ الْمَذَاكِي وَالرِّمَاحُ الذَّوَابِلُ

المذاکی من الخیل التی کملت اسنانہا۔ والذوابل من الرماح الیابسۃ العوالی ترجمہ تیری آستین کا بوسہ ایک مرتبہ عالی ہی جسکی لبہائے مردم آرزو رکھتے ہین مگر حصول اس مرتبہ کا آسان نہین ہی کیونکہ اُس سے ورے پنج سالہ گھوڑون کے سینے اور خشک اور بلند نیزے حائل ہین وہان تلک رسائی سخت دشوار ہی۔

فَمَا بَلَغَتْهُ مَا اَرَادَ كَرَامَةٌ	عَلَيْكَ وَلٰكِنْ لَمْ يَخِبْ لَكَ سَائِلُ

ترجمہ سو اُس قاصد کو اُس کے مطلب تلک یعنے بوسہ آستین تلک اس بات نے نہین پہنچایا کہ وہ تیرے نزدیک مکرم تھا بلکہ اس کا یہ سبب ہی کہ تیرا کوئی سائل ناکامیاب نہین ہوتا۔ اُس نے سوال کیا اور تو نے اُسکو پورا کر دیا۔

وَاَكْبَرَ مِنْهُ هِمَّةً بَعَثَتْ بِهِ	اِلَيْكَ الْعِدَى وَاسْتَنْظَرَتْهُ الْجَحَافِلُ

اکبرہ رآہ کبیراً وعظم عندہ۔ وبعثت بہ لغۃ فی بعثتہ حکاہ ابوعلے الفارسی۔ واستنظرتہ ای انتظرتہ او طلب منہ المہلۃ ترجمہ اور اُس قاصد نے اپنی ہمت کو جس کے سبب اور بھروسہ پر دشمنون نے اُس کو تیری طرف بھیجا بڑا عالی سمجھا۔ اس صورت مین اکبر کا فاعل قاصد ہوا اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ اکبر کا فاعل

عدلی ہون اس صورت مین یہ ترجمہ ہوگا کہ تیرے رومی دشمنون نے اُس قاصد کی ایسی ہمت کو جو اُس کو تیری طرف لے آئی بہت بڑا اشمار کیا کیونکہ تیرے رعب کے سبب ہر کوئی تیرے پاس آتا ڈرتا ہی اور رومیون کے لشکر اُس کے لوٹنے کے منتظر ہین کہ دیکھئے صلح منظور ہوتی ہی یا نہین - یا اُنکے لشکر اُس قاصد کے ذریعہ سے طالب مہلت جنگ ہین -

فَاَقْبَلَ مِنْ اَصْحَابِهٖ وَهُوَ مُرْسَلٌ	وَعَادَ اِلٰى اَصْحَابِهٖ وَهُوَ عَاذِلُ

ترجمہ سو قاصد اپنے رفقا کے پاس سے اُن کا پیام بر ہوکر آیا اور اُنکی طرف ایسے حال مین لوٹا کہ بسبب مائنہ تیری جاہ وحشم وکثرت افواج وخدم تجھسے لڑنے پر اُنکو ملامت کرتا تھا کہ ایسی جمعیت والے سے لڑنا سراسر مضرت ہی

تَحَيَّرَ فِيْ سَيْفٍ رَبِيْعَةُ اَصْلُهٗ	وَطَابِعُهُ الرَّحْمٰنُ وَالْمَجْدُ صَاقِلُ

طبع السیف صناعته علے ہیئة ترجمہ وہ قاصد اُس تلوار کو دیکھ کر حیران رہگیا کہ جسکی اصل بنی ربیعہ ہی اور اُسکا بنانے والا اخدا اور شرف ومجد اُسکے صیقلگر اور اُس کے جوہر ظاہر کرنے والے ہین -

وَمَا لَوْنُهٗ مِمَّا تُحَصِّلُ مُقْلَةٌ	وَلَا حَدُّهٗ مِمَّا تَجُسُّ الْاَنَامِلُ

ترجمہ اور اُس تلوار کے رنگ کو بسبب اُسکے رعب کے کوئی آنکھ نہین دیکھ سکتی اور نہ اُسکی ایسی تیزی ہی کہ اُس کو اُنگلیون کے پور معلوم کرسکین کیونکہ وہ شمشیر حقیقی نہین ہی یا نہایت تیز ہی کہ اُسکو کوئی چھو نہین سکتا -

اِذَا عَايَنَتْكَ الرُّسْلُ هَانَتْ نُفُوْسُهَا	عَلَيْهَا وَمَا جَاءَتْ بِهٖ وَالْمُرَاسِلُ

ترجمہ جبکہ تجکو باین جاہ وجلال شاہونکے قاصد دیکھتے ہین تو اُنکی جانین اور اُنکے پیام اور اُنکے بھیجنے والے اُنکو ذلیل معلوم ہونے لگتے ہین - غرض تیری عظمت مین بالکل محو ہو جاتے ہین -

رَجَى الرُّوْمُ مَنْ تُرْجَى النَّوَافِلُ كُلُّهَا	لَدَيْهِ وَلَا تُرْجَى لَدَيْهِ الطَّوَائِلُ

الطوائل الاحقاد واحدہا طائلة ترجمہ روم نے درباب اجابت صلح اُس شخص سے امید کی کہ سب اقسام عطایا کی اُس سے امید کیجاتی ہین اور اُس سے کینون یعنے انتقام لینے کی امید نہین کیجاتی ہی -

فَاِنْ كَانَ خَوْفُ الْقَتْلِ وَالْاَسْرِ سَاقَهُمْ	فَقَدْ فَعَلُوْا مَا الْقَتْلُ وَالْاَسْرُ فَاعِلُ

ترجمہ سو اگر خوف قتل وقید رومیون کو بطلب صلح لایا ہی تو اُنھون نے پہلے ہی اپنی جانون سے وہ معاملہ برتا جو قتل اور قید اُنکے ساتھ کرتے یعنی اُنھون نے نہایت ذلت درباب درخواست صلح اختیار کرلی -

فَخَافُوْكَ حَتّٰى مَا لِقَتْلٍ زِيَادَةٌ	وَجَاءُوْكَ حَتّٰى مَا تُرَادُ السَّلَاسِلُ

ترجمہ سو وہ تجھ سے ایسے ڈرے کہ کسی قتل کو اُس سے تکلیف دہی مین زیادتی نہین ہی اور ایسے مطیع ہوکر تیرے پاس آئے کہ زنجیرون کو اُسپر بڑھائے جانے کی حاجت نہین ہی کیونکہ وہ نہایت عاجز ہوکر آئے ہین -

أَرَى كُلَّ ذِي مُلْكٍ إِلَيْكَ مَصِيرُهُ	كَأَنَّكَ بَحْرٌ وَالْمُلُوكُ جَدَاوِلُ

الجداول جمع جدول وہو النہر الصغیر ترجمہ مین ہر بادشاہ کو دیکھتا ہون کہ اُسکی جاتے بازگشت و موقع پناہ تیری طرف ہی گویا تو سمندر ہی اور بادشاہ ندیان اور نہرین کہ آخر کو سمندر ہی مین جا ملتی ہین۔

إِذَا مَطَرَتْ مِنْهُمْ وَمِنْكَ سَحَائِبٌ	فَوَابِلُهُمْ طَلٌّ وَطَلُّكَ وَابِلُ

الطل المطر الضعیف - والوابل المطر الکثیر ترجمہ جبکہ اُن کے اور تیرے ابر ہائے عطا برسین تو اُن کی عطائے کثیر تیرے مقابلہ مین نہایت قلیل و بمنزلہ ترشح ہونگی اور تیری ترشح اور عطائے قلیل اُن کے باران عطا کی نسبت ایک باران کثیر ہوگا۔ یعنے تیرا قلیل بھی اُنکی نسبت کثیر ہی۔

كَرِيمٌ مَتَى اسْتُوهِبْتَ مَا أَنْتَ رَاكِبٌ	وَقَدْ لَقِحَتْ حَرْبٌ فَإِنَّكَ نَازِلُ

ای انت کریم۔ لقحت الحرب اشتدت - واللاقح من النوق التی بدا الحمل بہا ترجمہ تو ایسا سخی ہی کہ جب تجھسے بحالت شدت جنگ تیری سواری کا گھوڑا سوال کیا جاوے تو تو فوراً ایسے نازک اور شدت حاجت کے وقت گھوڑے پر سے اُتر پڑے اور سائل کو دیدے۔

أَذَا الْجُودِ أَعْطِ النَّاسَ مَا أَنْتَ مَالِكٌ	وَلَا تُعْطِيَنَّ النَّاسَ مَا أَنَا قَائِلُ

ترجمہ ای سخی تو اپنا مال لوگون کو بخش اور میرے اشعار ہرگز اُنکو نہ دے یعنے میری حاجات کا تو ہی متکفل رہ اور ایسا نکر کہ مجکو اور لوگون کی تعریف کرنی پڑے۔ شارح ابن جنی کہتا ہی کہ میرے شعر اورون کو مت دے کہ وہ اُس کے معانی مسخ کر دین گے مگر یہہ قول درست نہین ہی کیونکہ مدائح کا چھپانا ممکن نہین ہی اور عمدہ شعر وہ ہی جو سب مین مشہور ہو۔

أَفِي كُلِّ يَوْمٍ تَحْتَ ضِبْنِي شُوَيْعِرٌ	ضَعِيفٌ يُقَاوِينِي قَصِيرٌ يُطَاوِلُ

الاستفہام للتعجب والانکار۔ والضبن ماتحت الابط الی الخاصرۃ و ہو الحضن ترجمہ کیا ہر روز میری بغلین ایک حقیر ضعیف شاعر میرا مقابلہ کرتا رہے گا اور باوجود کوتاہ قدی کے مجھ سے طول مین بڑھنا چاہے گا یعنی ایسا نہونا چاہئے۔ لفظ میری بغل مین کا یہہ مطلب ہی کہ وہ ایسا حقیر ہی کہ اگر چاہون تو اُس کو بغل مین دبا کر مار دون۔

لِسَانِي بِنُطْقِي صَامِتٌ عَنْهُ عَادِلٌ	وَقَلْبِي بِصَمْتِي ضَاحِكٌ مِنْهُ هَازِلُ

ترجمہ میری زبان باوجود میری گویائی اور قوت گفتار کے اُس کی ہجو سے خاموش اور اُس سے کنارہ کرنے والی ہی کیونکہ وہ اس لائق نہین ہی کہ مین اُسکی ہجو کہون یا اُس سے گفتگو کرون اور میرا دل باوجود میری خاموشی کے اُسپر قہقہہ اُڑاتا ہی اور اُس کی جہالت کی ہنسی کرتا ہی یہہ اشارہ ہی

اُن شاعروں کی طرف جو سیف الدولہ کی محفل میں اُس سے معارضہ کرتے تھے۔

وَاَتْعَبُ مَنْ نَادَاكَ مَنْ لَا تُجِيْبُهُ	وَاَغْيَظُ مَنْ عَادَاكَ مَنْ لَا تُشَاكِلُ

ترجمہ پھر بطور مثل کہتا ہی کہ جو شخص تجکو پکارے اُنمین سب سے زیادہ رنج مین وہ ہوگا جسکو تو جواب نہ دے کہ وہ اِس صورت مین نہایت ذلیل ہوگا اس لئے مین حاسدین کو جواب نہین دیتا۔ اور اُن لوگون مین سے جو تجھ سے عداوت رکھتے ہین سب سے زیادہ خشمناک وہ ہوگا جو فضل وکمال مین تیرا مساوی اور ہمرنگ نہو پس وہ خود بخود اپنے دل مین نادم رہے گا۔

وَمَا التِّيْهُ طِبِّيْ فِيْهِمْ غَيْرَ اَنَّنِيْ	بَغِيْضٌ اِلَيَّ الْجَاهِلُ الْمُتَعَاقِلُ

الطب العادة والدیدن ترجمہ اور غرور اُن سے میری خود عادت نہین ہی ہان بیشک نادان آدمی جو بتکلف عاقل بنے میرے نزدیک قابل بغض ہی اس لئے مین اُن سے گفتگو نہین کرتا۔

وَاَكْبَرُ تِيْهِيْ اَنَّنِيْ بِكَ وَاثِقٌ	وَاَكْثَرُ مَالِيْ اَنَّنِيْ لَكَ اٰمِلُ

ترجمہ اور میرا بڑا گھمنڈ اس بات پر ہی کہ مین تیری عنایات کا بھروسا رکھتا ہون اور میرا بڑا سرمایہ یہ ہی کہ مین تیرے الطاف کا اُمیدوار ہون۔ اس لئے مجکو کسی کے ناراضمند ہو جانے کی کچھ پروا نہین ہی۔

لَعَلَّ لِسَيْفِ الدَّوْلَةِ الْقَرْمِ هَبَّةً	يَعِيْشُ بِهَا حَقٌّ وَيَهْلِكُ بَاطِلُ

القرم السید واصلہ البعیر المکرم الذی لایحمل علیہ ولکن یکون للفحلۃ ترجمہ کاش سردار سیف الدولہ کو ایسی انتباہ و توجہ ہو کہ اُس توجہ کے سبب سچی بات زندہ ہو جاوے اور غلط بات مر جاوے یعنی میرے حاسدین معارضین کے کلام کے عیوب اور میرے اشعار کی خوبی ظاہر ہو جاوے۔

رَمَيْتُ عِدَاهُ بِالْقَوَافِيْ وَفَضْلِهٖ	وَهُنَّ الْغَوَازِيْ السَّالِمَاتُ الْقَوَاتِلُ

الغوازی من الغزو جمع غازیۃ۔ والقواتل من القتل جمع قاتلۃ۔ والقوافی جمع قافیۃ وارادبہا الابیات ترجمہ مینے اُسکے دشمنون کے اپنے اشعار مدحیہ اور اُس کے فضل کے تیر مارے یعنی اپنے اشعار مین اُس کے فضائل بیان کئے اور وہ مشہور ہوئے پس یہ اشعار اُس کے دشمنون کے حق مین گویا بمنزلہ تیرون کے ہوگئے کہ وہ اُن کو سنکر براہ حسد وخشم ہلاک ہوگئے۔ اور میرے اشعار جہاد کرنیوالے اور دشمنون کے مارنے والے اور سالم رہنے والے ہین کیونکہ دشمن اُن کو کچھ مضرت نہین پہنچا سکتے ہین بخلاف اور جنگ کرنے والون کے کہ وہ دشمن سے نقصان بھی اُٹھاتے ہین۔

وَقَدْ زَعَمُوْا اَنَّ النُّجُوْمَ خَوَالِدٌ	وَلَوْ حَارَبَتْهُ نَاحَ فِيْهَا الثَّوَاكِلُ

الثواکل جمع ثاکل وہی التی فقدت ولدہا ترجمہ اور لوگون نے خیال کیا ہی کہ ستارے ہمیشہ رہنے والے ہین کبھی فنا ہنون گے اور اگر وہ ممدوح سے لڑین تو وہ بھی مقتول ہوجاوین اور زمانے تو وہ گرشل زن فرزند مردہ کے اُنکو رونے لگین یعنی اُنکی سعادت مبدل بہ نحوست ہوجاوے اور اُنکے تمام حالات منقلب ہوجاوین

وَمَا كَانَ اَدْنَاهَا لَهُ لَوْ اَرَادَهَا	وَاَلْطَفَهَا لَوْ اَنَّهُ الْمُتَنَاوِلُ	

نصب والطفہا عطفا علے ادناہا لانہ فی موضع نصب خبر کان وما ہہنا للتعجب ترجمہ اور ستارے ممدوح سے کسقدر قریب ہین اگر وہ اُن کے پکڑنے کا ارادہ کرے اور وہ کسقدر نرم اور کمزور ہین اگر وہ اُنکے لینے کا قصد فرمائے۔ یعنی جو کام اورونکو دشوار ہین ممدوح کو آسان وسہل ہین۔ قال الواحدی رح نے جمیع النسخ والطفہا برد الکنایۃ علے النجوم ولامعنی لذلک والصحیح ان ترد الکنایۃ علے الممدوح فتقول والطفہ ای وما الطفہ لوتناول النجوم بمعنی ما احذقہ وارفقہ بذلک التناول من قولہم فلان لطیف بہذا الامر ای رفیق بہ یعنے انہ یحسنہ وہو لیس فیہ باخرق۔ اس صورت میں دوسرے مصرعہ کا ترجمہ یہ ہوگا کہ ممدوح کسقدر ماہر ہی اگر وہ ستارون کو لینا چاہے یعنی اُسکو یہ کام کچھ دشوار نہین ہی۔

قَرِيبٌ عَلَيْهِ كُلُّ نَاءٍ عَلَى الْوَرٰى	اِذَا لَثَّمَتْهُ بِالْغُبَارِ الْقَنَابِلُ	

القنابل الجماعات من الخیل او الناس واحدہا قنبلۃ وہی خمسون وقال الجوہری ما بین الثلاثین الی الاربعین ترجمہ جو امر اور لوگون سے دور اور اُنپر دشوار ہی وہ ممدوح پر آسان اور اُس سے نزدیک ہی جبکہ گھوڑون کے پرے اُس کے چہرہ پر غبار کا نقاب ڈالدین۔ یعنی جبکہ وہ لشکرکشی کرے۔

يُدَبِّرُ شَرْقَ الْاَرْضِ وَالْغَرْبِ كَفُّهُ	وَلَيْسَ لَهَا وَقْتًا عَنِ الْجُودِ شَاغِلُ	

من رفع وقتا جعلہ اسم لیس وشاغل نعتالہ۔ والخبر فی الجار والمجرور وعن الجود متعلق باسم الفاعل ومن نصبہ جعلہ ظرفا وجعل شاغلا اسم لیس ترجمہ اُس کا ہاتھ مالک مشرق ومغرب کا بخوبی بند وبست کرتا ہی اور بااین ہمہ اُسکو کوئی وقت بخشش وعطا سے روکنے والا نہین ہی۔ غرض ہر وقت سخاوت کرتا ہی۔

يُتَبِّعُ هُرَّابَ الرِّجَالِ مُرَادُهُ	فَمَنْ فَرَّ حَرْبًا عَارَضَتْهُ الْغَوَائِلُ	

الغوائل جمع غائلۃ وہی الداہیۃ المہلکۃ۔ وحربا حال ای محاربا ترجمہ اُس کی ہمت بھاگنے والے لوگون کا پیچھا کرتی ہی سو جو اُس سے بحالت جنگ بھاگجاتا ہی تو اُسکو مہلک آفتین پیش آتی ہین یعنی اُسکی ہمت اور ارادہ کے سبب باوجود فرار کسی نکسی صدمہ سے مارا ہی جاتا ہی۔

وَمَنْ فَرَّ مِنْ اِحْسَانِهٖ حَسَدًا لَهُ	تَلَقَّاهُ مِنْهُ حَيْثُ مَا سَارَ نَائِلُ	

ترجمہ اور جو شخص ممدوح کے احسان سے بسبب اپنے حسد کے بھاگے یعنے وہ حاسدانہ اُس کا ممنون

ہونا چاہیے تو اُس کے احسان اور عطا جہان دہ جائے گا اُس سے ملاقات کرین گے اور اُس کو پہنچ کر رہین گے اُس کے عموم احسان کی تعریف کرتا ہی۔

فَتًى لَا يَرَى إِحْسَانَهُ وَهُوَ كَامِلٌ	لَهُ كَامِلًا حَتَّى يُرَى وَهُوَ شَامِلُ

ترجمہ ممدوح ایسا جوانمرد ہی کہ وہ اپنے احسان کو حال آنکہ وہ کامل ہو کامل خیال نہین کرتا جب تلک کہ وہ احسان ایسے حال مین دیکھا جاوے کہ وہ عامہ خلائق کو شامل ہو۔ خلاصہ یہہ ہی کہ وہ کامل احسان اُسی کو سمجھتا ہی جو سب کو پہنچے۔

إِذَا الْعَرَبُ الْعَرْبَاءُ رَازَتْ نُفُوسَهَا	فَأَنْتَ فَتَاهَا وَالْمَلِيكُ الْحُلَاحِلُ

العرباء القدیمۃ المحض التی لم یشبہا ہجین۔ ورازت جربت واختبرت والحلاحل السید الشجاع الرئیس والجمع الحلاحل بالفتح ترجمہ جبکہ خالص وٹھیٹھ عرب درباب صحت نسب اپنا امتحان لین اور آزمائش کرین تو تمام عرب مین تو ہی اُنکا سردار اور بادشاہ بہادر ہوگا اور تجھ سے سب گھٹیا۔

أَطَاعَتْكَ فِي أَرْوَاحِهَا وَتَصَرَّفَتْ	بِأَمْرِكَ وَالْتَفَّتْ عَلَيْكَ الْقَبَائِلُ

ترجمہ تمام عرب نے اپنی جانون سے تیری اطاعت کی یعنی وہ اپنی جانین تجھ پر فدا کرنے کو موجود ہین اور تیرے حکم کے موافق اُنکے حرکات وسکنات ہین۔ اور تمام قبائل باعتبار شرف نسب تجکو محیط ہین یعنے عرب کا کوئی عمدہ قبیلہ نہین ہی مگر وہ تیرا ہم نسب ہی اور تو سب مین اعلےٰ واشرف ہی۔ یہہ معنے حسب رائے ابو الفتح ہین۔ اور شارح واحدی کہتا ہی کہ تمام قبائل عرب تیری اعانت وامداد کو طیار اور مجتمع ہین۔

وَكُلُّ أَنَابِيبِ الْقَنَا مَدَدٌ لَهُ	وَمَا تَنْكُتُ الْفُرْسَانَ إِلَّا الْعَوَامِلُ

المدد رفد لہ للقنا۔ والنکت الوخز۔ والانابیب جمع انبوب وہی العقدۃ الناشزۃ فی القناۃ۔ والعوامل جمع عامل وہو صدر الرمح وہو یلی السنان سمی بہ لانہ یعمل بہ ترجمہ بطور مثل کہتا ہی کہ ہر چند تمام نیزون کی پوریان نیزہ زنی مین اُسکی مدد کرتی ہین مگر سوارون کو زخمی اور ہلاک نہین کرتین مگر وہ پوریان جن مین بھالیں نیزون کی لگی رہتی ہین یعنے ہر چند تمام عرب تیرے مددگار رہین مگر قتل اعدا خاص تیرا ہی کام ہی۔

رَأَيْتُكَ لَوْ لَمْ يَقْتَضِ الطَّعْنُ فِي الْوَغَى	إِلَيْكَ انْقِيَادًا لَاقْتَضَتْهُ الشَّمَائِلُ

الشمائل جمع شمال وہی الطباع واکثر ما یستعمل فی حسن الخلق والقدر ترجمہ یعنے تجکو ایسے حال مین دیکھا کہ اگر تیری نیزہ زنی جنگ مین تیرے انقیاد کا باعث نہو تو تیرا حسن خلق اور تیرے عمدہ خصائل تیری اطاعت وانقیاد کا باعث ہون گے۔ یعنی تیری عمدہ خصلتین ایسی ہین کہ اُن کو دیکھ کر تیرے دشمن بھی مطیع ہو جاتے ہین

وَمَنْ لَمْ تُعَلِّمْهُ لَكَ الذُّلَّ نَفْسُهُ	مِنَ النَّاسِ طُرًّا عَلَّمَتْهُ الْمَنَاصِلُ

المناصل جمع منصل ہو السیف ترجمہ اور جس شخص سرکش کی طبیعت سب لوگون مین اُسکو تیری اطاعت اور فرمان برداری نسکھاوے تو اُس کو تیری تابعداری نیزے یا شمشیر ہائے بُرّان سکھا دین گے سبحان اللہ المنان یہ دونون شعر لاجواب ہین۔

وقال یعزیہ باختہ الصغریٰ ویسلیہ بالکبری وانشدہا فی رمضان سنۃ اربع واربعین وثلثمائۃ

إِنْ يَكُنْ صَبْرُ ذِي الرَّزِيَّةِ فَضْلاً	تَكُنِ الْأَفْضَلَ الْأَعَزَّ الْأَجَلَّا

ترجمہ اگر صاحب مصیبت کا صبر اُس کے فضل و شرف کا سبب ہو تو تجکو اُن سب مین سب سے زیادہ صاحب فضل اور سب سے زیادہ عزیز اور بزرگ ہونا چاہئے یعنے تیرا صبر اور سب لوگون سے زیادہ ہونا چاہئے کیونکہ تیرا فضل اون سب سے زیادہ ہی۔

أَنْتَ يَا فَوْقَ أَنْ تُعَزَّى عَنِ الْأَحْبَابِ فَوْقَ الَّذِي يُعَزِّيكَ عَقْلاً

نصب فوق الاولیٰ لانہ منادیٰ مضاف۔ والثانیۃ لانہ ظرف خبر ترجمہ اے وہ شخص کہ تو تعزیت احباب سے فائق اور بڑھا ہوا ہی کیونکہ تعزیت ہمسر کرتا ہی اور تیرا کوئی ہمسر نہین ہی تو بلحاظ عقل اُس شخص سے جو تیری تعزیت کرے فائق ہی پس وہ کیونکر تجکو تعلیم صبر کرے۔

وَبِأَلْفَاظِكَ اهْتَدَى فَإِذَا عَزَّاكَ قَالَ الَّذِي لَهُ قُلْتَ قَبْلاً

نصب قبلا علی الظرف وجعلہ نکرۃ کما تقول جاء اولاً اذا لم تعرفہ وتقول جئتک قبلا وبعداً مثل جئتک اولاً و آخراً ترجمہ اور تیری تعزیت کرنیوالا تیرے الفاظ کا اقتدا کرتا ہی سو وہ جب تیری تعزیت کرتا ہی تو وہی کہتا ہی جو تونے اُسے بوقت اُسکی تعزیت کے پہلے فرمایا تھا۔

قَدْ بَلَوْتَ الْخُطُوبَ مُرًّا وَحُلْواً	وَسَلَكْتَ الْأَيَّامَ حَزْناً وَسَهْلاً

ترجمہ تونے بیشک حوادث روزگار کا بحالت شیرینی و تلخی امتحان کیا ہی اور زمانہ مین تو سخت اور ناہموار اور نرم وہموار راہ چلا ہی یعنے سختی و نرمی زمانہ اور اُس کا نشیب و فراز تونے دیکھا ہی تجکو سب معلوم ہین۔

وَقَتَلْتَ الزَّمَانَ عِلْماً فَمَا يُغْرِبُ قَوْلاً وَلَا يُجَدِّدُ فِعْلاً

قتل الشئی علما بلغ غایۃ معرفتہ ترجمہ اور تونے زمانہ کے احوال بخوبی معلوم کرلئے ہین سو وہ ایسی بات عجیب نہین کہتا جسکو تو نجانتا ہو اور کوئی ایسا نیا کام نہین کرتا جسکو تو نہ پہچانتا ہو۔

أَجِدُ الْحُزْنَ فِيكَ حِفْظاً وَعَقْلاً	وَأَرَاهُ فِي الْخَلْقِ ذُعْراً وَجَهْلاً

الذعر الفزع والخوف ترجمہ مین تجھین غم بلحاظ حفظ حرمت صحبت وباعتبار عبرت پاتا ہون یعنے اس خیال سے کہ آخر ایکدن ہم کو بھی یہہ صدمہ پیش آنا ہی اور اُسکو تمام خلق مین براہ خوف مرگ وجہالت دیکھتا ہون۔ اور خوف مرگ عین جہالت ہی کیونکہ مرگ سے کسی صورت مین نجات نہین ہزار غم کیا جاوے کچھ مفید نہین ہوتا۔

لَكَ اِلْفٌ يَجُرُّهُ وَاِذَا مَا كُسْ مَا كَانَ صَلُّ كَانَ لِلْإِلْفِ اَصْلاً	

الالف السکون الی الشئی ترجمہ تجکو اپنے اقارب واحباب کے ساتھ ایک انس والفت ہی کہ وہ غم مفارقت کو تیری طرف کھینچتے ہین اور جبکہ کسی کی اصل کریم ہوگی تو اُس کی الفت بھی ثابت وپائدار ہوگی۔

وَوَفَاءٌ نَبَتَّ فِيهِ وَلٰكِنْ		لَمْ يَزَلْ لِلْوَفَاءِ اَهْلُكَ اَهْلاً

قولہ ولکن علی سبیل الاستثناء کما تقول زید شریف غیر انہ سخی فھو من قبیل المدح الذی یشبہ الذم وھو معروف فی کلام العرب ترجمہ اور تجھین یعنے تیرے مزاج مین وفا رکامل ہی جس مین تونے نشوونما پایا ہی جو تیری طرف غم کو کھینچتی ہے۔ اور یہہ تیری موروثی خوبی ہی کیونکہ تیرا کنبہ وقبیلہ ہمیشہ اہل وفا رہا ہی۔

اِنَّ خَيْرَ الدُّمُوعِ عَيْنًا لَدَمْعٌ		بَعَثَتْهُ رِعَايَةٌ فَاسْتَهَلَّا

نصب عیناً علے التمیز کقولک ان احسن وجھاً لزید۔ وروی الجماعۃ غیر ابی الفتح عوناً وھی احسن من روایۃ ابی الفتح ومعناہ عوناً علی الحزن۔ والرعایۃ حسن المحافظۃ۔ والاستھلال الانسکاب ترجمہ صورت اول۔ بلحاظ آنکھ کے بہترین اشکونکا وہ اشک ہی کہ اُس کا باعث رعایت عہد صحبت وحق ملاقات ہو جس کے سبب وہ اشک بہ پڑا ہو۔ بلحاظ آنکھ کے یہہ معنی ہین کہ وہ چشم سب چشمون سے اچھی ہی اور بصورت روایت عوناً کے یہہ ترجمہ ہوگا کہ بہترین اشکونکا غم کے خلاف پر مدد کرنے کے لئے وہ اشک ہی الخ یعنی رونا غمگین کے دل کو غم سے ہلکا کر دیتا ہی پس وہ خلاف غم کا مددگار ہی اور اُس کا کم کرنیوالا۔

اَيْنَ ذِي الرِّقَّةِ الَّتِي لَكَ فِي الْحَرْبِ اِذَا اسْتُكْرِهَ الْحَدِيدُ وَصَلَّا	

صل الحدید اذا صوت۔ والصلیل امتداد الصوت۔ وصلصلۃ اللجام صوتہ ترجمہ یہہ تیری نرم دلی جو آب ہی بوقت جنگ کہان چلی جاتی ہی جبکہ سلاح آہنین بزور سرہائے دشمنان پر مارے جاتے ہین اور وہ لوہا چھنا چھن اور کھنا کھن کی بلند آواز بوقت ضرب کرتا ہے۔

اَيْنَ خَلَّفْتَهَا غَدَاةَ لَقِيتَ الرُّومَ وَالْهَامُ بِالصَّوَارِمِ تُفْلَا	

تفلا من فلیت راسہ اذا فصلت القمل منہ ترجمہ تو اس نرم دلی کو بوقت صبح جنگ روم کہان چھوڑ آیا تھا جبکہ بہادرون کے سرون کی جوئین شمشیرون سے تلاش کیجاتی تھین یعنی وہ اُنکے سر نیزہ ہر جگہ لگی تھین۔

تَاسَمْتَ الْمَنُونُ شَخْصَيْنِ جَوْنَا		جَعَلَ الْقِسْمُ نَفْسَهُ فِيهِ عَدْلاً

ترجمہ جبکہ قسم منصوب ہو اور ضمیر جعل کی جور کی طرف راجع ہو اور فیک بکاف خطاب پڑھا جاوے یہ ہوگا کہ موت نے تجھ سے دو شخصوں کو یعنے تیری دو بہنوں کو تقسیم کیا اور بڑی بہن کو تجھے دیا اور چھوٹی کو اپنے حصہ میں لگایا اور اُسے مار دیا اور یہ تقسیم جور اور ناانصافی کے طور پر تھی کیونکہ انصاف یہ تھا کہ وہ دونوں کو تجھے دیتا مگر اُس جور نے اس نفس تقسیم کو تیرے حق میں عدل سمجھا کیونکہ اُس نے تجکو زندہ چھوڑا اور مقاسمہ صرف بہنوں میں جاری کی۔ خلاصہ یہ ہو کہ جب تو باقی رہا تو یہ جور بھی عدل ہی۔ اور ایک روایت میں فیہ عدلا ہی اور لفظ قسم مرفوع ہو اس صورت میں فیہ کی ضمیر جور کی طرف عائد ہو گی اور قسم جعل کا فاعل پس یہ معنے ہونگے کہ تقسیم نے اپنے نفس کو اس جور میں عادل سمجھا کیونکہ اگر وہ چھوٹی بہن کو لے گئی تو بڑی کو چھوڑ گئی اور اسکی تائید اگلا شعر کرتا ہی۔

فَإِذَا قِسْتَ مَا أَخَذْنَ بِمَا أَغْدَرْنَ سَرَّى عَنِ الْفُؤَادِ وَسَلَّى

اغدرن مثل غادرن وهو الابقاء والترك ۔ وسرى اذهب ۔ وسلى اى عزى ترجمہ سوائے سیف الدولہ جب تو اُس چھوٹی بہن کا جسکو موت نے لیا اُس بڑی بہن سے جسکو وہ چھوڑ گئی قیاس اور اندازہ کرے گا تو یہ قیاس تیرے دل کا غم لیجاوے گا اور تجکو تسلی دے گا کیونکہ تیری پیاری بڑی بہن زندہ رہی۔

بِالْأَعَادِي فَكَيْفَ يَطْلُبْنَ شُغْلَا	وَلَعَمْرِي لَقَدْ شَغَلْتَ الْمَنَايَا

ترجمہ اپنی زندگی کی قسم تونے تو موتوں کو دشمنوں کے ہلاک کرنے میں مشغول کر دیا ہی سو وہ موتیں کوئی اور کام کیوں طلب کرتی ہیں یعنے عجب ہی کہ موتیں تیری مطیع ہو کر تیرے قریب رشتہ دار کی کیوں باعث ہلاکی ہوئیں۔

وَكَمِ انْتَشَتَ بِالسُّيُوفِ مِنَ الدَّهْرِ أَسِيرًا وَبِالنَّوَالِ مُقِلًّا

انتشتہ من صرعتہ اذا انعشہ ترجمہ اور تونے بسا اوقات بذریعہ اپنی شمشیروں کے زمانہ کے ہاتھ سے قیدی اٹھایا یعنے چھوڑایا ہی اور بوسیلہ اپنی بخشش کے مفلس کو نجات دی ہی یعنے خلاف رضائے زمانہ کے جو کسی کی بہتری نہیں چاہتا۔

صَالَ خَتْلًا رَآهُ أَدْرَكَ تَبْلًا	عَدَّهَا نُصْرَةً عَلَيْهِ فَلَمَّا

الضمیر المستتر فی عدہا للدهر والبارز لافعال سیف الدولہ ۔ والمستتر والبارز فی رآہ کلاہما للدهر وصال صولۃ وثب وثبۃ وفی المثل رب قول اشد من صول ۔ والتبل الحقد والختل افتراس الشئ علی خدیعتہ وعین غفلۃ ترجمہ زمانے نے تیرے ان افعال کو کہ تو قیدیوں کو رہا کرتا ہی اور مفلسوں کو غنی کرتا ہی اپنے خلاف اور اپنی ضرر رسانی کا معاون اور مددگار سمجھا کیونکہ زمانہ کسی کا بھلا کرنا نہیں چاہتا ہی سو

اُس نے جب براہ فریب تیری غفلت کے وقت تجھپر حملہ کیا اور تیری بہن کو ہلاک کیا تو وہ اپنے دلمین یہہ سمجھا کہ مین نے تجھ سے اپنا کینہ اور انتقام لے لیا۔ اور غفلت کے وقت کے یہ معنی ہین کہ زمانہ کھلم کھلا تیرے رعب و قوت کے سبب تیری ضرر رسانی نہین کر سکتا۔ غرض یہہ وجہ بطور حسن تعلیل ہی اور بہت عمدہ۔

کَذَبَتْهُ ظُنُوْنُهُ اَنْتَ تُبْلِيْهِ وَتَبْقٰى فِيْ نِعْمَةٍ لَيْسَ تَبْلٰى

ترجمہ زمانہ کے گمان اُس سے جھوٹ بولے اور اُنھون نے اُس کو دھوکا دیا کہ وفات متوفاۃ کو کینہ کشی خیال کیا کیونکہ تو اپنے طول سلامت و سعادت بخت کے سبب زمانہ کو کہنہ اور فنا کر دے گا اور تو ایسی نعمت پائدار مین ہمیشہ زندہ رہے گا جو کبھی کہنہ و ضعیف نہوگی پس زمانہ تجھ سے کیا مقابلہ کر سکتا ہی۔

وَلَقَدْ رَامَكَ الْعُدَاةُ كَمَا رَامَ فَلَمْ يَجْرَحُوْا لِشَخْصِكَ ظِلًّا

ترجمہ اور بیشک سابق تیرے دشمنون نے تیری ضرر رسانی کا ایسا ہی قصد کیا تھا جیسا زمانہ نے اب ارادہ کیا سو اُنھون نے تیرے جسم کے سایہ کو بھی نستایا جسم کا ستانا تو بڑی بات ہی۔

مِنْ نُفُوْسِ الْعِدٰى فَاَدْرَكْتَ كُلًّا	وَلَقَدْ رُمْتَ بِالسَّعَادَةِ بَعْضًا

ترجمہ تو نے اپنی سعادت بخت کے سبب بعض دشمنون کی جانون کا قصد کیا اور سب کو ہلاک کر دیا یعنے تو ایسا صاحب اقبال ہی کہ اپنے ارادہ سے زیادہ کامیابی حاصل کرتا ہی۔

تَرَكَ الرَّامِحِيْنَ رُمْحُكَ عُزْلًا	قَارَعَتْ رُمْحَكَ الرِّمَاحُ وَلٰكِنْ

عزل جمع اعزل وہو الذی لارمح معہ ترجمہ تیرے نیزے سے اعدا کے نیزون نے کھٹا کھٹی و جنگ کی مگر انجام مین تیرے نیزہ نے دشمنان نیزے بردار کو بے نیزہ کر دیا اور اُن کے نیزے اُن سے چھین لئے اور گرا دیئے۔

لَوْ يَكُوْنُ الَّذِيْ وَرَدْتَ مِنَ الْفَجْعَةِ طَعْنًا اَوْرَدْتَهُ الْخَيْلَ قُبْلًا

القبل جمع اقبل وہو الذی یقبل احدیٰ عینیہ علے الاخریٰ عزۃً وتشادساً ورجل اقبل بین القبل وہو الذی کانہ ینظر الیٰ طرف الفہ وہو کنایۃ عن التکبر ترجمہ اور اگر یہہ درد جس کو تو پہنچا ہی نیزہ زنی ہوتا تو اُسپر ایسے سوار لیکر چڑھ جاتا جو دشمن کی طرف ترچھی نگاہ سے متکبرانہ دیکھتے ہین۔

طَالَمَا كَشَفَ الْكُرُوْبَ وَجَلَّا	وَلَكَشَّفْتَ ذَا الْحَنِيْنَ بِضَرْبٍ

الحنین صوت الحزین ترجمہ اور البتہ اس آواز گریہ کو جو بسبب فوت مفقودہ کے ہی ایسی ضرب قوی کے وسیلہ سے دور کر دیتا اور کھول دیتا جو ہمیشہ مصائب کو دور کر دیتی ہی۔ مگر کیا کیجئے کہ موت کا کچھ علاج ہی نہین ہی۔

خِطْبَةٌ لِلْحِمَامِ لَيْسَ لَهَا رَدٌّ وَاِنْ كَانَتِ الْمُسَمَّاةُ ثُكْلًا

من روی المسماۃ بالرفع جعل ثکلا خبر کان ومن روی بنصب المسماۃ جعلہا خبر کان واسمہا الضمیر المستتر فی

کانت الراجع الی خطبة ونصب ثکلاً بالمساۃ - والخطبة الارسال فی طلب النکاح - والثکل المصیبة بالولد وما اشبہہ ومن الاحبة وذوی القرابة ترجمہ یہ وفات موت کا پیام منگنی تھا جو قابل رد ومنع نہ تھا اگرچہ اس منگنی وخواستگاری مساۃ یعنے مذکورہ کا انعام مصیبت ودرد تھا - یعنے یہ موت موت کی منگنی کا پیام تھا جسمین موت کامیاب ہوئی ومنظر عظمت مخطوبہ اسکی عزت کا سبب ہوئی -

وَاِذَا لَمْ تَجِدْ مِنَ النَّاسِ كُفْوًا	ذَاتُ خِدْرٍ اَرَادَتِ الْمَوْتَ بَعْلَا

الخدر الخیمة والکلة والحجال ترجمہ اور جبکہ مساۃ پردہ نشین نے لوگون مین کوئی اپنا ہمسر نہ پایا تو اُس نے موت کو اپنا شوہر کرنا چاہا تاکہ اُسکی عظمت محفوظ رہے اور کسی کمتر کی محکومہ نہ بنے -

وَلَذِيذُ الْحَيَاةِ اَنْفَسُ فِي النَّفْسِ وَاَشْهٰى مِنْ اَنْ يُمَلَّ وَاَحْلٰى

ترجمہ اور مزیدار زندگی انسان کی طبیعت مین نہایت نفیس ہے اور وہ زیادہ مرغوب وشیرین تر ہی اس بات سے کہ اُس سے کوئی ملول ہو - یعنے جب زندگی انسان کی سرشت مین داخل ہو -

وَاِذَا الشَّيْخُ قَالَ اُفٍّ فَمَا مَلَّ حَيَاةً وَاِنَّمَا الضُّعْفُ مَلَّا

اف کلمة التضجر ترجمہ اور جبکہ پیر مرد تکالیف پیری سے تنگدلی ظاہر کرتا ہی اور آہ بھرتا ہی تو وہ اس صورت مین بھی زندگانی سے تنگدل نہین ہوا بلکہ ضعف سے ملول ہوا ہی - غرض حُبِّ حیات کسی حال مین نہین جاتی

آلَةُ الْعَيْشِ صِحَّةٌ وَشَبَابٌ	فَاِذَا وَلَّيَا عَنِ الْمَرْءِ وَلّٰى

ترجمہ سامان زندگی صحت وجوانی ہی سو جب یہ دونون مرد سے پشت پھیرتے ہین تو زندگی بھی رخصت ہو جاتی ہی -

اَبَدًا تَسْتَرِدُّ مَا تَهَبُ الدُّنْيَا فَيَا لَيْتَ جُوْدَهَا كَانَ بُخْلَا

ترجمہ دنیا جو کسی کو بخشتی ہی وہ ہمیشہ موہوب لے سے واپس لیتی ہی سو کاش اُس کی بخشش بخل ہوتی کہ نہ دیتی اور نہ لیتی -

فَكَفَتْ كَوْنَ فَرْحَةٍ تُوْرِثُ الْغَمَّ وَخِلٍّ يُغَادِرُ الْوَجْدَ خِلَّا

الخل الخلیل والصاحب وقولہ فکفت جواب یالیت ترجمہ سو اس صورت مین وہ دنیا ہمارے لئے اُس خوشی سے جسکا انجام غم ہی اور اُس دوست سے جسکی مفارقت ہمکو غم کا دوست بنا دیتی ہی کافی ہو جاتی اور ہر دو صدمات سے ہمکو بچاتی - یعنے اگر وہ بخشش نکرتی تو یہ بات کہ ہم کسی نعمت کے وجود سے خوش ہوتے ہین اور جب دُنیا اُس نعمت کو ہم سے دور کر دیتی ہی تو ہم اُس کے غم فراق مین مبتلا ہوتے ہین وقوع مین نہ آتی اور نہ یہ صدمہ پیش آتا کہ وہ اول کسی دوست کو عطا کر کے ہمکو خوش کرتی ہی اور

جب ہم اُس سے الوف وانوس ہو جاتے تو وہ اُس کو ہلاک کر کے ہم کو مغموم کرتی ہی اور بجائے دوست اُس کا غم ہمارا دوست ہو جاتا ہی۔

وَهِيَ مَعْشُوقَةٌ عَلَى الْغَدْرِ لَا تَحْفَظُ عَهْدًا وَلَا تُتَمِّمُ وَصْلًا	

ترجمہ اور وہ دنیا با وجود اپنی بیوفائی اور اپنے دئے کو لوٹا لینے کے نہ وہ حفاظت عہد کرتی ہی اور نہ وصل کو پورا کرتی ہی لوگون کی معشوقہ ہی۔ یعنی یہہ عجب ہی کہ با وجود اسقدر عیوب کے وہ محبوب القلوب ہی۔

كُلُّ دَمْعٍ يَسِيلُ مِنْهَا عَلَيْهَا	وَبِفَكِّ الْيَدَيْنِ عَنْهَا تُخَلَّى

ترجمہ سب اشک کہ دنیا کے سبب بہتے ہین یعنے جسکو دنیا رولاتی ہی وہ اُسی دنیا کے غم مین جاری ہین یعنے وہ اُسی کے رنج مفارقت مین روتا ہی۔ اور ہر شخص دُنیا کو اپنے دونون ہاتھون سے پکڑتا ہی اور جب کہ اُس کے دونون ہاتھ بزور نہ کھولے جاوین اُسکو چھوڑتا ہی۔

شِيَمُ الْغَانِيَاتِ فِيهَا فَلَا أَدْرِي لِذَا أَنَّثَ اسْمَهَا النَّاسُ أَمْ لَا

الشیم الطبائع۔ والغانیات النساء الشواب قد غنیت بحسنہا وجمالہا وزوجہا ترجمہ زنان محبوبہ کی خصلتین یعنی بیوفائی و بدعہدی دنیا مین موجود ہین سو مجکو معلوم نہین ہی کہ لوگون نے اسی سبب سے اُسکے نام کو مونث سمجھا ہی یا نہین۔ یہہ گفتگو قبیل تجاہل عارفانہ سے ہی۔

يَا مَلِيكَ الْوَرَى الْمُفَرِّقَ مَحْيًا	وَمَمَاتًا فِيهِمْ وَعِزًّا وَذُلًّا

ترجمہ اے بادشاہ خلق جو محبون کے لئے زندگی وعزت بخش ہی اور دشمنون کے لئے جانستان ذلت دینے والا ہی۔

قَلَّدَ اللّٰهُ دَوْلَةً سَيْفُهَا أَنْتَ حُسَامًا بِالْمَكْرُمَاتِ مُحَلّٰى

ترجمہ خداوند تعالیٰ نے اُس دولت خلافت کی جسکی تو شمشیر ہی ایک تلوار لٹکا دی ہی جو فضائل و مناقب کا زیور پہنائی گئی ہی۔ یعنی تو حامی خلافت ہی اور محامد و محاسن سے مزین ہی۔

فَبِهِ أَغْنَتِ الْمَوَالِيَ بَذْلًا	وَبِهِ أَفْنَتِ الْأَعَادِيَ قَتْلًا

ترجمہ سو اُسکی شمشیر کے سبب اُس دولت نے اپنے دوستون اور خیر خواہون کو بلحاظ کثرت مصارف وجود کے غنی کر دیا اور اُسی کے باعث اُس دولت نے دشمنون کو بسبب قتل کے فنا کر دیا ہی۔

وَإِذَا اهْتَزَّ لِلنَّدٰى كَانَ بَحْرًا	وَإِذَا اهْتَزَّ لِلْوَغٰى كَانَ نَصْلًا

الاہتزاز الارتیاح ترجمہ اور جسوقت ممدوح سخاوت کے لئے خوش ہو اور جوش مین آوے تو وہ بسبب کثرت عطا مثل دریا کے ہوتا ہی۔ اور جب لڑائی کے لئے حرکت کرے تو وہ مثل شمشیر بران کے ہوتا ہی۔

وَإِذَا الْأَرْضُ أَظْلَمَتْ كَانَ شَمْسًا	وَإِذَا الْأَرْضُ أَمْحَلَتْ كَانَ وَبْلًا

المحل قلۃ النبات فی الارض من عدم المطر۔ والوبل المطر الکثیر ترجمہ اور جبکہ روئے زمین پر تاریکی چھا جاوے تو ممدوح اُس کے روشن کرنے کو آفتاب کا کام دیتا ہی۔ اور جبکہ زمین بسبب خشک سالی کے قحط ناک ہو جاوے تو وہ باران کثیر کا فائدہ بخشتا ہی۔ یعنے ہر حال باعث آسائش خلق ہی۔

وَهُوَ الضَّارِبُ الْكَتِيبَةَ وَالطَّعْنَةُ تَغْلُو وَالضَّرْبُ أَغْلَى وَأَغْلَى

ترجمہ اور ممدوح لشکر اعدا کے ایسے تنگ وقت مین تلوارین مارنے والا ہی کہ اُس وقت نیزہ زنی بھی گران وکمتر ہوتی ہو اور ضرب شمشیر تو بہت گران بہا ہوگی۔ خلاصہ یہ ہی کہ نیزہ زنی دور سے ہوسکتی ہی اور شمشیر زنی نہایت قرب کو چاہتی ہی۔ پس جس وقت اور لوگ نیزہ بھی نہین مارسکتے یہ شخص ضرب شمشیر سے کام لیتا ہی

أَيُّهَا الْبَاهِرُ الْعُقُولَ فَمَا تُدْرَكُ وَصْفًا أَتْعَبْتَ فِكْرِي فَمَهْلَا

نصب العقول ہو الاصل۔ والخفض تشبیہا باحسن الوجہ۔ ونصب وصفا علی التمیز وروی جاءۃ تدرک مجہولا خطابا للممدوح وہو الاحسن ترجمہ اے وہ شخص کہ وہ ہمارے عقول پر غالب ہی کہ وہ اُس کے ادراک کمالات سے عاجز ہین اور تیرے حقیقی اوصاف معلوم نہین کرسکتین تو نے میری فکر کو رنج مین ڈال دیا کہ اُس سے قرار واقعی تعریف نہین ہوسکتی پس نرمی فرما اور مجھ سے مواخذہ کوتاہی نکر۔

كَيْفَ لَا وَمَنْ دَلَّ فِي طَرِيقِكَ ضَلَّا	مَنْ تَعَاطَى تَشَبُّهًا بِكَ أَعْيَا

ترجمہ اور مین تیرے وصف مین کیونکر عاجز نہون اور حال یہ ہی کہ جو تیرے کرم کے مشابہ ہونے کے لئے بتکلف بخشش کرے تو یہ بھی اُس سے بن نہ آوے گی اور وہ اُسے عاجز کردے گی اور جو شخص تیری چال چلے گا وہ چل نہ سکے گا اور آخر کو گمراہ ہو جاوے گا وہ ہی مثل ہی کہ کوا چلا ہنس کی چال اپنی چال بھی بھول گیا۔

قَالَ لَا تَهْلِكْ أَوْ تَرَى لَكَ مِثْلَا	فَإِذَا مَا اشْتَهَى خُلُودَكَ دَاعٍ

ترجمہ سو جب تیرا کوئی دعا گو تیرا دوام بقا چاہے تو وہ یہ کہے کہ تو نہ مریو یہان تلک کہ تو کوئی شخص اپنا مانند دیکھے۔ یہ ہی دعا تیرے لئے ہمیشہ زندہ رہنے کی ہی۔ نہ کوئی تیرا مثل ہوگا اور نہ تو مرے گا۔

وقال یمدحہ ویذکر نہوضہ الی الثغر وذلک فی جمادی الاولی سنۃ اربعین وثلثمائۃ

هَلُكْنَا هُلْكًا وَإِلَّا فَلَا لَا	ذِي الْمَعَالِي فَلْيَعْلُوَنْ مَنْ تَعَالَى

ذی اسم مبہم یشار بہ الی المؤنث وتقدیرہ ہذہ ترجمہ سیف الدولہ کے افعال کی طرف کہ اُس نے مجمع عظیم لشکر ہائے روم کو بھگا دیا اور حصار حدث کو جس کے ہدم کے لئے وہ جمع ہوئے تھے گرانے نہ دیا اشارہ کرکے

کتا ہو کہ بلندی مراتب ایسی ہی ہونی چاہیئے جیسی سیف الدولہ سے ظہور مین آئی اب جو کوئی ارادہ حصول بلندنامی کا کرے تو چاہیئے کہ وہ ایسا ہی بلند ہووے اور نہین تو نہین یینے اگر ایسی بلند قدری حاصل نکرسکے تو اُسکے ارادہ کا نام نہ لے اور تکریر لا لقصد تاکید ہو۔

شَرَفٌ يَنْطَحُ النُّجُومَ بِرَوْقَيْهِ وَعِزٌّ يُقَلْقِلُ الْأَجْبَالَا	

الروق القرن۔ والقلقلۃ الحرکۃ۔ والاجبال جمع جبل ترجمہ ممدوح کو ایسا شرف حاصل ہو جو ستارون سے باوجود اُنکی غایت رفعت کے اپنے دونون سینگون سے ٹکرون لڑتا ہو۔ ممدوح کے شرف کے لئے دو سینگ استعارہ کئے اس لئے کہ وہ حیوانات مین منجملہ اسباب قوۃ کے ہین اور سامان جنگ۔ اور اُسکو ایسی عزت حاصل ہو جو پہاڑون کو ہلادے اور اُکھاڑدے خلاصہ یہ ہو کہ اُسکو ہر چیز پر قدرت حاصل ہو۔

حَالُ أَعْدَائِنَا عَظِيمٌ وَسَيْفُ الدَّوْلَةِ ابْنُ السُّيُوفِ أَعْظَمُ حَالَا	

ترجمہ ہمارے رومی دشمنون کا قوت وکثرت مین بہت بڑا حال ہو مگر سیف الدولہ پسر ملوک عظام جن کا حکم دشمنون پرمثل تلوارون کے جاری ہو اُن سے باعتبار عظمت ورعب کے بلحاظ حالت موجودہ بہت بڑھا ہوا ہو۔

كُلَّمَا أَعْجَلُوا النَّذِيرَ مَسِيرًا	أَعْجَلَتْهُ جِيَادُهُ الْإِعْجَالَا

النذیر الذی ینذر اصحابہ ویحذرہم والمراد بہ الجاسوس ترجمہ جبکہ رومی لوگ اپنے جاسوس کو سیف الدولہ کے لشکر کی خبر شتابی لانے کا امر کرتے ہین تو ممدوح کو عمدہ گھوڑے یا سوار اُس جاسوس کے واپس آنے سے پہلے اُنکو شتابی آمارتے ہین غرض بیان تیزروی اور شتابی سواران ممدوح کی ہو۔

فَأَتَتْهُمْ خَوَارِقَ الْأَرْضِ مَا تَحْمِلُ إِلَّا الْحَدِيدَ وَالْأَبْطَالَا	

خوارق الارض لشدۃ وطئہا حال ترجمہ سو ممدوح کے گھوڑے زمین کو چیرتے ہوئے دشمنون کو آمارتے ہین ایسے حال مین کہ وہ نہین اُٹھاتے مگر سلاح آہنین ومردان دلیر کو۔

خَافِيَاتِ الْأَلْوَانِ قَدْ نَسَجَ النَّقْعُ عَلَيْهَا بَرَاقِعًا وَجِلَالَا	

البرقع ما یستر الوجہ ولم یبق منہ الا العینان۔ والجل ما کان علے ظہر الدابۃ تحت السرج ترجمہ وہ گھوڑے دشمنون کو ایسے حال مین آمارتے ہین کہ بسبب کثرت غبار کے اُن کے رنگ پوشیدہ ہوتے ہین یہ نہین معلوم ہوتا کہ وہ مثلا مشکی ہین یا سرنگ کیونکہ غبار نے انپر اندھیریان اور عرق گیرین بن دیئے ہین۔

حَالَفَتْهُ صُدُورُهَا وَالْعَوَالِي	لَتَخُوضَنَّ دُونَهُ الْأَهْوَالَا

المحالفۃ المعاہدۃ۔ والعوالی الرماح ترجمہ گھوڑون اور نیزون کے سینون نے ممدوح سے عہد کرلیا ہو کہ ہم اُس سے پہلے مقامات خوفناک مین گھسجادین گے اور اُسکے دشمنون کو قتل کرین گے۔

وَلَتَمْضِيَنَّ حَيْثُ لَا يَجِدُ الرُّمْحُ مَسَادًا وَلَا الْحِصَانُ مَجَالَا
قال ابو الفتح کان ابو حیان یقول لتمضین وہی والکانت جماعۃ الصادر والعوالی لکنہ اجراہا مجری الواحدۃ وقد اجاز الکوفیون مثل ذلک لتمضن ولتمضن فعلی ہذا حذفت الیاء لسکونہا وسکون النون الاولی بعدہا والحصان الفرس الذکر ترجمہ اور البتہ اُن دونوں میں کا ہرایک اُس جگہ جا پہنچے گا اور گھسجاوے گا جہاں بسبب کثرت اژدحام نیزے کو گھومنے کی جگہ اور نر گھوڑے کو چکر کھانے کی جگہ نہ ملے گی۔
لَا أَلُومُ ابْنَ لَادِنٍ مَلِكَ الرُّ وْمِ وَإِنْ كَانَ مَا تَمَنَّى مُحَالَا
ترجمہ میں ابن لادن بادشاہ روم کو درباب ارادہ ہدم قلعہ حدث کے ملامت نہیں کرتا اگرچہ یہہ اُسکی آرزو محال ہو وجہ عدم ملامت اگلے شعر میں ہی۔
أَقْلَقَتْهُ بَنِيَّةٌ بَيْنَ أُذْنَيْـ ـهِ وَبَانٍ بَغَى السَّمَاءَ فَنَالَا
البنیۃ بمعنے المبنیۃ وہی فعیلۃ بمعنے المفعولۃ۔ والباغی الطالب ترجمہ کیونکہ ابن لادن کو ایک تعمیر نے جو گویا بسبب شدت اتصال وقرب اُسکے علاقہ کے اُس کے ہر دو گوش یعنے بین اُس کے سر پر ہو اور اس امر نے کہ بانی تعمیر مذکور یعنے سیف الدولہ نے بسبب غایت ارتفاع تعمیر آسمان کا قصد کیا ہی اور وہاں پہنچ گیا ہو نہایت بے چین کر دیا ہی پس وہ اس حال میں قابل ملامت نہیں ہی
كُلَّمَا رَامَ حَطَّهَا اتَّسَعَ الْبَنْـ ـيُ فَغَطَّى جَبِينَهُ وَالْقَذَالَا
القذال مؤخر الراس بین جنبی القفاء۔ والبنی مصدر کالبناء ترجمہ جبکہ ابن لادن اُس بناکو اپنے سر سے گرانیکا قصد کرتا ہی تو وہ اور وسیع ہو جاتی اور اُس کی پیشانی اور قفا یعنے گدی کو پھیلکر چھالیتی ہی۔
يَجْمَعُ الرُّومَ وَالصَّقَالِبَ وَالْبُلْغَ رَ فِيهَا وَتَجْمَعُ الْآجَالَا
الروم والصقالب والبلغر کلہم نصاریٰ۔ وقولہ فیہا ای نواحیہا ترجمہ شاہ روم اہل روم و صقالب و بلغاریوں کو قلعہ کے گرانے کے لئے اطراف قلعہ میں جمع کرتا ہی اور تو اے ممدوح اُن کی موتیں اکٹھی کرتا ہی یعنے اُن سب کو قتل کرتا ہی۔
وَتُوَافِيهِمُ بِهَا فِي الْقَنَا السُّمْـ ـرِ كَمَا وَافَتِ الْعِطَاشُ الصِّلَالَا
الصلال جمع صلۃ وہی الارض المطورۃ بین ارض غیر ممطورۃ ترجمہ اور تو گندم گوں نیزوں میں اُنکی موتیں لیکر اُن سے ایسی طرح ملتا ہی جیسا تشنہ زمین باران رسیدہ سے گویا تیرے نیزے اُن کے خون کے پیاسے ہیں۔
قَصَدُوا هَدْمَ سُورِهَا فَبَنَوْهُ وَأَتَوْا كَيْ يُقَصِّرُوهُ فَطَالَا
ترجمہ رومیوں نے قلعہ کی دیوار گرانے کا قصد کیا سو اُنھوں نے اُسے اُلٹا بنا دیا اور اُسکے نیچے کرنے کے

لئے وہ آئے سو وہ اونچی ہوگئی یعنی ممدوح نے اُسے اور زیادہ مستحکم کردیا۔

وَاسْتَجَرُّوا مَكَائِدَ الحَرْبِ حَتّٰى	تَرَكُوهَا لَهَا عَلَيْهِمْ وَبَالَا

الضمیر فی لہا للقلعۃ۔ والوبال الشدۃ ترجمہ وہ لوگ سامان جنگ اپنے ساتھ کھینچ لائے اور آخر وہ بھاگے اور سامان چھوڑ گئے اور قلعہ نشینوں کے لئے مفید ہوا اور رومیون پر وبال وشدت کہ اہل قلعہ نے اُسی سامان سے اُنکو قتل کیا اور اُنھیں کی جوتی اور اُنھیں کا سر ہوگیا۔

رُبَّ اَمْرٍ اَتَاكَ لَا تَحْمَدُ الفَعَّالَ فِيهِ وَتَحْمَدُ الافْعَالَا

اراد بالفعال الروم وبالافعال علمہم مکائد الحرب ترجمہ بہت سے ایسے کام ہوتے ہین کہ اُن کو دشمن تیرے پاس لاتے ہین۔ اُن کامون مین تو دشمنون کی تعریف نہین کرتا مگر اُن کے افعال کی توستائش کرتا ہی ایسا ہی یہان ہوا کہ سامان حرب لانے مین دشمن تو مذموم ہوئے اور یہ اُنکا کام محمود۔ کیونکہ اگر اُس کو نہ لاتے تو وہ مسلمانون کے ہاتھ کیسے آتے۔

وَقِسِيٍّ رُمِيتَ عَنْهَا فَرَدَّتْ	فِي قُلُوبِ الرُّمَاةِ عَنْكَ النِّصَالَا

القسی جمع قوس والنصال جمع نصل وہی حدائد السہام ترجمہ اور بہت سی کمانین ہین کہ اُنسے تیرے تیر مارے جاتے ہین بعد اُسکے تیر مارنے والے اپنی کمانین چھوڑ کر بھاگ جاتے ہین اور تو اُن کمانون کو اُٹھا لیتا ہی اور وہ کمانین تیر اندازان سابق کے دلون مین تیری طرف سے اُلٹی بھالین مارنے لگتی ہین۔

اَخَذُوا الطُّرُقَ يَقْطَعُونَ بِهَا الرُّسْلَ فَكَانَ انْقِطَاعُهَا اِرْسَالَا

ترجمہ رومیون نے راہین بند کردین تاکہ قاصدونکی راہ آمد و رفت بند ہو جاوے اور ممدوح کو حصار کرنے قلعہ حدث کی خبر نہو۔ سو انقطاع رسل بمنزلہ ارسال رسل کے ہوگیا یعنے انقطاع نے ارسال کا کام دیا۔ اس کا قصہ یہ ہی کہ جب رومیون نے راہ آمد و رفت قاصدان بند کردی تو سیف الدولہ بسبب آنے اخبار کے متوحش ہوا۔ اور آخر بعد حقیقت حال معلوم کرنے کے اُنپر لشکر کشی کی اور اُنکو ہزیمت دی۔

وَهُمُ البَحْرُ ذُو الغَوَارِبِ اِلَّا	اَنَّهُ صَارَ عِنْدَ بَحْرِكَ آلَا

الغوارب الامواج۔ والآل السراب ترجمہ اور وہ رومی بسبب اپنی کثرت کے ایک دریائے مواج ہین مگر حال یہ ہی کہ وہ دریا تیرے دریائے متلاطم کے سامنے سراب یعنے صرف دھوکا ہوگیا۔

مَا مَضَوْا لَمْ يُقَاتِلُوكَ وَلٰكِنْ + القِتَالَ الَّذِي كَفَاكَ القِتَالَا

ترجمہ وہ لوگ بے جنگ کئے تجھ سے کسی اور وجہ سے نہین بھاگے مگر تیری جنگ سابق اور تیری بہادری جو پہلے دیکھ چکے تھے حال کی جنگ کو کافی ہوگئی۔ ایک دفعہ پنڈت دیانند سرستی بانی فرقہ آریہ نے

جناب مولوی محمد قاسم صاحب رحمۃ اللہ علیہ سے درخواست مباحثہ مذہبی کی تھی اور طرفین بمقام روڑکی جمع ہوئے جب شرائط مباحثہ طے ہو چکین تو پنڈت جی نے آپکو مرد میدان مباحثہ بخیال کر رات ہی کو لسبیل ریل گریز کی۔ اس باب مین بندہ مترجم نے ایک قطعہ عربی مین نظم کیا تھا جسکا شعر اخیر یہ تھا ۵ ولیہ قرمد برا لم یعقب + وکفی اللہ المؤمنین القتالا۔ بسبب شرکت قافیہ نقل کیا گیا ہو اہل انصاف سے داد کی اُمید ہو کہ میرے شعر مین صنعت اقتباس کلام الٰہی بھی ہو۔

وَالَّذِیْ قَطَعَ الرِّقَابَ مِنَ الضَّرْبِ بِکَفَّیْکَ قَطَّعَ الْاٰمَالَا

ترجمہ اور اُس تیری تلوار دودستی نے جس نے سابق گردنہائے رومیان جڑ سے اوڑا دی ہین ان کی امیدین کاٹ ڈالی ہین اب اُنکو کبھی امید ظفر و کامیابی نہوگی۔

وَالثَّبَاتُ الَّذِیْ اَجَادُوْا قَدِیْمًا ‏ عَلَّمَ الثَّابِتِیْنَ ذَا الْاِجْفَالَا

الاجفال الاسراع والهزیمۃ ترجمہ اور اُس ثابت قدمی نے جو سابق اُنھون نے بخوبی کی تھی اور جس کے سبب وہ مقتول اور مقید ہوئے تھے اب اُن ثابت قدمون کو یہ بھاگنا سکھا دیا ہو یعنے اُنھون نے پہلے ثابت قدمی کا مزہ چکھلیا ہو اور مقتول اور مقید ہو چکے ہین لہذا اس دفعہ قبل جنگ بھاگ گئے۔

نَزَلُوْا فِیْ مَصَارِعٍ عَرَفُوْهَا ‏ یَنْدُبُوْنَ الْاَعْمَامَ وَالْاَخْوَالَا

الندب ذکر المیت بجمیل افعالہ ترجمہ رومی ایسے بچھڑنے کی جگہ اور مقتل مین جہان انکے اسلاف سابق تیرے مقابلہ مین مارے گئے تھے اور اُن مواضع کو وہ بخوبی پہچانتے تھے ایسے حال مین فروکش ہوکے کہ اپنے چچاؤن اور ماموؤن کی خوبیان بیان کرکے روتے تھے۔

تَحْمِلُ الرِّیْحُ بَیْنَهُمْ شَعَرَ الْهَامِ وَتُذْرِیْ عَلَیْهِمُ الْاَوْصَالَا

تذری تنثر وتفرق۔ والاوصال جمع وصل و یریدبہ العضو ترجمہ ہوا اُن مین موہائے سرہائے مقتولان اڑا لاتی تھی اور اُنپر اعضائے کشتگان پراگندہ کرتی تھی۔ یعنی تیری جنگ سابق مین جو عنقریب گزری ہو اُن کے اسلاف مارے گئے تھے ہوا اُن کے سر کے بال اور اُن کے جسم کے ٹکڑے ان پر لا ڈالتی تھی اس لئے وہ یہ خوفناک مقتل و آثار مُردگان دیکھکر ٹھہر نسکے اور لڑنے سے پہلے بھاگ گئے۔

تُنْذِرُ الْجِسْمَ اَنْ یُقِیْمَ لَدَیْهَا ‏ وَتُرِیْهِ لِکُلِّ عُضْوٍ مِثَالَا

الضمیر فے تنذر للمصارع او للاوصال ترجمہ وہ مصارع یا اوصال اعدا کے جسمون کو وہان کے ٹھرنیسے ڈراتے تھے اور اُس جسم کے ہر عضو کو ایک اُسکی مثال دکھاتے تھے۔ یعنے اُن کے سر کو ایک مقطوع سر دکھاتے تھے اور ہاتھ کو ہاتھ مثلاً۔ اور یہ اشارہ ہو اُس جنگ کی طرف جو بوقت بنائے حصار حدث جسکو چند روز ہوئے پیش آیا تھا۔

اَبْصَرُوا الطَّعْنَ فِی الْقُلُوْبِ دِرَاکًا	قَبْلَ اَنْ یُبْصِرُوا الرِّمَاحَ خَیَالًا

الدراک التتابع - والخیال مایری علے غیر حقیقۃ وخیالا تمیز لابصروا ترجمہ اُنھون نے مارے خوف کے اپنے خیال مین متواتر زخمہاے نیزہ اپنے دلون مین لگتے ہوئے معلوم کئے اس سے پہلے کہ وہ بچشم ظاہر نیزون کو دیکھین - یعنے ابتلک تیرے نیزے نمایان بھی نہین ہوئے کہ اُن کے دل شدت خوف سے تھرا گئے اور زخمون سے پہلے زخمی ہوگئے اس لئے سوائے گریز اُنکو کچھ چارہ نہ تھا -

وَاِذَا حَاوَلَتْ طِعَانَکَ خَیْلٌ	اَبْصَرَتْ اَذْرُعَ الْقَنَا اَمْیَالًا

ترجمہ اور جبکہ سواران دشمن تجھ سے نیزہ بازی کا قصد کرتے ہین تو وہ تیرے نیزونکے ہاتھون کو اپنی طرف جھکے ہوتے دیکھتے ہین یعنے تیرے نیزے ایسے طویل اور زود رس ہین کہ دشمن بسبب شدت خوف قبل اس سے کہ تجھ سے مطاعنۃ کرین یہ سمجھتے ہین کہ تیرے نیزے اُنکے آہی لگے - اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ قنا سے مراد دشمن کے نیزے ہون یعنی قصد طعن کرتے ہی اُنکے نیزے جھکجاتے ہین اور اُنکے ہاتھ اُنکو اُٹھا نہین سکتے -

بَسَطَ الرُّعْبُ فِی الْیَمِیْنِ یَمِیْنًا	فَتَوَلَّوْا وَفِی الشِّمَالِ شِمَالًا

ترجمہ تیری ہیبت اور رعب نے اپنا دست راست دشمن کے لشکر کی جانب راست مین اور اپنا دست چپ دشمن کے لشکر کی جانب چپ مین پھیلا دیا ہی یعنی سب پر تیرا رعب چھا رہا ہی اس لئے وہ بھاگ گئے -

یَنْفُضُ الرَّوْعُ اَیْدِیًا لَیْسَ تَدْرِیْ	اَسُیُوْفًا حَمَلْنَ اَمْ اَغْلَالًا

الاغلال جمع غل وہو ما تشد بہ الید الی العنق - وینفض یرعش ترجمہ تیرا خوف دشمنون کے ہاتھون کو ایسا کپکپاتا اور لرزاتا ہی کہ وہ یہ بھی نہین جانتے کہ وہ تلوارین اُٹھا رہے ہین یا طوق یعنے وہ کچھ نہیں کرسکتے -

وَوُجُوْهًا اَخَافَهَا عَنْکَ وَجْهٌ	تَرَکَتْ حُسْنَهَا لَهُ وَالْجَمَالَا

نصب وجوہا باضمار فعل دل علیہ قولہ ینفض تقدیرہ ویغیر وجوہا وجہ اخافہا ای اخاف اصحابہا ترجمہ اور تیرے خوف نے رنگ روہاے دشمنان متغیر کردیا اُن چہرون کو یعنی چہرہ والونکو تیرے ایسے چہرہ نے ڈرا دیا ہی کہ اُن چہرون نے اپنا حسن وجمال تیرے چہرہ کے لئے چھوڑ دیا ہی - اُن کے چہرے بے رونق ہین اور تیرا چہرہ رونق دار -

وَالْعِیَانُ الْجَلِیُّ یُحْدِثُ لِلظَّنْنِ زَوَالًا وَلِلْمُرَادِ انْتِقَالًا

الجلی الظاہر المکشوف ترجمہ روم کو مخاطب کرکے کہتا ہی کہ امر ظاہر بچشم دیدہ گمان وظن کو زائل کردیتا ہی اور مقصد کو بدلدیتا ہی - یعنے اُن سے کہتا ہی کہ تم جو بارادہ ہدم قلعہ حدث کے آئے اور اُس کا حصار کرلیا اور تمکو یہ یقین تھا کہ ہم کامیاب وفیروز مند ہون گے اب تم نے اپنے خام خیالی کا انجام دیکھ لیا کہ تم نوک دُم بھاگے وبچشم خود اپنا ضعف وممدوح کا زور دیکھ لیا -

وَإِذَا مَا خَلَا الْجَبَانُ بِأَرْضٍ		طَلَبَ الطَّعْنَ وَحْدَهُ وَالنِّزَالَا	

ضمیر وحدہ للجبان لا للطعن لقولہ والنزالا وہو فی موضع نصب علی الحال ای منفردا ترجمہ اور جبکہ بزدل شخص اپنے مقام مین تنہا ہوتا ہی اور وہان کوئی اُس سے لڑنے والا نہین ہوتا تو وہ بحالت تنہائی نیزہ زنی اور جنگ طلب کرتا ہی کہ کوئی ہی جو مجھ سے لڑے اور جب کسی لڑنے والے کو دیکھتا ہی تو دبک جاتا ہی اور چون نہین کرتا۔ ایسا ہی حال رومیون کا ہی کہ تیری غیبت مین قلعہ پر حملہ کیا اور تجھکو دیکھتے ہی بھاگ گئے۔

أَقْسَمُوا لَا رَأَوْكَ إِلَّا بِقَلْبٍ		طَالَمَا غَرَّتِ الْعُيُونُ الرِّجَالَا	

ترجمہ رومیون نے قسم کھائی کہ وہ تجکو نہین دیکھین گے یعنے تجھ سے نہین لڑین گے مگر دل مستحکم وثابت الارادہ کے ساتھ یعنے خوب سوچ سمجھ کر پھر کہتا ہی کہ بسا اوقات آنکھین مردونکو دھوکا دیتی ہین خلاصہ یہہ کہ وہ تیری قلت لشکر کو دیکھکر مغرور ہوگئے یہہ نجانا کہ یہہ لوگ کس بلا کے دلیر و بہادر ہین۔ ناچار بھاگ نکلے۔

أَيُّ عَيْنٍ تَأَمَّلَتْكَ فَلَاقَتْكَ وَطَرْفٍ رَنَا إِلَيْكَ فَآلَا	

آل رجع ترجمہ کونسی آنکھ کسی دلیر کی ہی کہ تجھے بغور دیکھے اور پھر تجھ سے لڑے اور کون آنکھ کسی بہادر کی ہی کہ اُس نے تیری طرف دیکھا اور پھر لڑنے کے لئے تیری طرف لوٹا۔ بلکہ تجکو دیکھکر کسی کو تاب مقابلہ نہین رہتی۔

مَا يَشُكُّ اللَّعِينُ فِي أَخْذِكَ الْجَيْشَ فَهَلْ يَبْعَثُ الْجُيُوشَ نَوَالَا	

ترجمہ ابن لاون لعین اس امر مین شک نہین کرتا کہ تو اُس کے لشکر کو گرفتار کریگا پس کیا وہ لشکرون کو بطور عطا تیرے پاس بھیجتا ہی یعنے اسواسطے کہ تو اُس کو لوٹے۔ یہہ استفہام بطور تجاہل ہی۔

مَا لِمَنْ يَنْصِبُ الْحَبَائِلَ فِي الْأَرْضِ وَمَرْجَاهُ أَنْ يَصِيدَ الْهِلَالَا	

الحبائل جمع حبالۃ وہی الاشراک۔ ومرجاۂ مفعلۃ عن الرجاء ترجمہ کیا فائدہ ہوگا اُس شخص کو کہ زمین پر جال بچھاوے اور اُسکی اُمید ہلال کے شکار کرنے کی ہو یعنے اُس کو کچھ نفع نہوگا ایسا ہی رومیون کا حال ہی کہ وہ تجھ سے لڑکر کچھ فائدہ حاصل نہین کرسکتے۔

إِنَّ دُونَ الَّتِي عَلَى الدَّرْبِ وَالْأَحْدَبِ وَالنَّهْرِ مِخْلَطًا مِزْيَالَا	

الدرب المدخل من ارض العدو۔ والاحدب جبل بقرب حصن الحدث۔ والنہر موضع بقربہ۔ وفلان مخلط مزیال ای موصوف بالشجاعۃ وجودۃ الرائے ترجمہ بیشک اُس قلعہ سے ورے جو بین گھاٹی ورہ کوہ احدب اور موضع نہر پر موجود ہی ایک شخص بہادر مستعد وحامی ہی جو دشمنون مین بڑی کھلبلی اور اُجھاڑ ڈالنے والا اور اپنے دوستون اور اپنے حدود ملک سے اعدا کو دفع کرنے والا ہی پس وہان تلک رسائی محال ہی۔

غَضَبَ الدَّهْرُ وَالْمُلُوكُ عَلَيْهَا		فَبَنَاهَا فِي وَجْنَةِ الدَّهْرِ خَالَا	

خالا منصوب علی الحال۔ وغضبتہ علی کذا ای قہرتہ ترجمہ ممدوح زمانہ اور بادشاہ ہونے پر اُس قلعہ کے بنانے مین غالب آیا اور اُس قلعہ کو رخسار دہر کا زینت دینے والا یا مثل خال مستحکم بنادیا۔

فَهِيَ تَمَشَّى مَشْيَ الْعَرُوسِ اخْتِيَالًا ۔۔۔ وَتَثَنَّى عَلَى الزَّمَانِ دَلَالًا

الاختیال الزہو والتکبر۔ والدلال الغنج ترجمہ پس وہ قلعہ مثل عروس متکبرانہ چلتا ہی اور بطور ناز زمانہ پر خم وچم کرتا ہی یعنی اُس کی صورت حال یہ کہ رہی ہی بسبب حمایت ممدوح اور اُسکی حفاظت کے۔

وَحَمَاهَا بِكُلِّ مُطَّرِدِ الْأَكْعُبِ جَوْرَ الزَّمَانِ وَالْأَوْجَالَا

المطرد المتصل الذی لا عوج فیہ۔ والاکعب العقد التی تکون بین انابیب الرمح واحدہا کعب والاوجال المخاوف الواحد وجل ترجمہ اور ممدوح نے اُس قلعہ کی بذریعہ ہر سیدھے نیزے کے جور زمانہ اور خوفناک امور سے حمایت کی کہ دشمن اُسپر غالب نہ آسکے اور بھاگ گئے۔

فِي خَمِيسٍ مِنَ الْأُسُودِ بَئِيسٍ ۔۔۔ يَفْتَرِسْنَ النُّفُوسَ وَالْأَمْوَالَا

الخمیس العسکر العظیم وسمی بہ لانہ یخمس ما یجد ای یاخذہ او لانہ خمس فرق المقدمۃ والقلب والمیمنۃ والمیسرۃ والساق۔ والبئیس الشدید الکبیر الشجعان اولی الباس ترجمہ وہ قلعہ متبخترانہ چلتا ہی ایسے شیرون کے لشکر مین جو سخت اور بہادر رعب دار ہی کہ وہ اعدا کو چیرتا اور پارہ پارہ کرتا ہی اور اُن کے اموال کو لوٹتا ہی۔

وَظُبًا تَعْرِفُ الْحَرَامَ مِنَ الْحِلِّ فَقَدْ أَفْنَتِ الدِّمَاءَ حَلَالَا

الظبا جمع ظبۃ وہی طرف السیف واصلہ ظبو بالضم وفتح الباء عطف علی الخمیس ترجمہ اور وہ قلعہ ایسی تلوارون کی دھارون مین خرامش کرتا ہی کہ وہ یعنے اُس کے اصحاب حرام کو حلال سے جدا سمجھتے ہین اور اس نے اُن دھارون نے حلال خونون کو فنا کیا کیونکہ رومی حربی کافر تھے جنکا قتل حلال ہی۔

إِنَّمَا أَنْفُسُ الْأَنِيسِ سِبَاعٌ ۔۔۔ يَتَفَارَسْنَ جَهْرَةً وَاغْتِيَالَا

الانیس جماعۃ الناس۔ والتفارس التقاتل۔ والاغتیال القتل بالخدیعۃ ترجمہ انسانون کی جانین وطبیعتین نہین ہین مگر درندے کہ وہ اپنے مرغوبات کے لئے کھلم کھلا وبراہ فریب باہم مقاتلہ کرتے ہین۔

مَنْ أَطَاقَ الْتِمَاسَ شَيْءٍ غِلَابًا ۔۔۔ وَاغْتِصَابًا لَمْ يَلْتَمِسْهُ سُؤَالَا

الغلاب المغالبۃ۔ والاغتصاب الاخذ بالقہر ترجمہ جو شخص کسی شئ کی طلب براہ غلبہ وغصب کے کر سکتا ہی تو وہ اُس شئ کو مانگتا نہین ہی۔ مانگنا درصورت کمزوری ہوتا ہی نہ درصورت غلبہ۔

كُلُّ غَادٍ لِحَاجَةٍ يَتَمَنَّى ۔۔۔ أَنْ يَكُونَ الْغَضَنْفَرَ الرِّئْبَالَا

الغضنفر والریبال اسمان معروفان من اسماء الاسد ترجمہ ہر شخص جو صبح کو بطلب کسی حاجت کے جاتا ہی تو وہ یہہ ہی آرزو کرتا ہی کہ وہ شیر ہو یعنے اپنی حاجت بطور غلبہ واستیلا کے طلب کرے مگر کبھی یہہ غلبہ اُس کو میسر آتا ہی اور کبھی نہین۔ یعنے رومیون نے اپنی فتح بذریعہ غلبہ طلب کی مگر بن نہ آئی آخر بھاگے۔

وقال یمدحہ ویشکرہ علی ہدیۃ بعثہا الیہ۔ وکتب الیہ بہا سنۃ احدیٰ وخمسین وثلثمائۃ من الکوفۃ الی حلب

مَا لَنَا کُلُّنَا جَوٍ یَا رَسُوْلُ ❊ اَنَا اَهْوٰی وَقَلْبُکَ الْمَتْبُوْلُ

کلنا مبتدء وجو خبرہ۔ والجوی الذی اصابہ الجوٰی وہو داء فے الجوف۔ وفے القاموس الجوی داء فی الصدر جوی جوی فہو جو وجوی وصف بالمصدر والمتبول الذی تیمہ الحب واسقمہ ترجمہ ہمارا کیا حال ہی کہ ای قاصد ہم دونون دردمند ہین اور ہم مین ہر ایک بحال خود مشغول ہی کہ مین تو عاشق ہون اور تیرا دل بھی بیمار ہی خلاصہ یہہ ہی کہ قاصد کو عشق محبوبہ کا متہم کرتا ہی۔

کُلَّمَا عَادَ مَنْ بَعَثْتُ اِلَیْہَا ❊ غَارَ مِنِّیْ وَخَانَ فِیْمَا یَقُوْلُ

ترجمہ وہ شخص جسکو مین بطور نامہ بر محبوبہ کے پاس بھیجتا ہون جب واپس آتا ہی تو وہ مجھسے غیرت کرنے لگتا ہی اور جواب مین خیانت کرتا ہی۔ یعنی وہ جب معشوق کو دیکھتا ہی تو اُس کے حسن وجمال کے سبب خود اُسکا عاشق ہو جاتا ہی اور اس لئے وہ میرا رقیب بنجاتا ہی اور غیرت عاشقانہ کرنے لگتا ہی اور جواب درست نہین تبلاتا۔ یہہ مضمون مبتذل اور کثیر الاستعمال ہی اردو مین بھی شائع ہی چنانچہ کہتا ہی ؎ خط اُس کو بھیج کے سادہ کوئی ملول نہو ہمین یقین نہو قاصد اگر رسول بھی ہو۔ یہان شاعر نے لفظ رسول بڑھا کر ابتذال سے مضمون کو نکالدیا ہی وقال بعضہم ؎ لکھتا ہون کئی روز سے نامہ کو ولیکن + کرتا نہین اس رشک سے قاصد کے حوالے + یہہ دیدہ نادیدہ رہے دید سے محروم + اور حال خط آنکھ رخ یار پہ ڈالے۔

اَفْسَدَتْ بَیْنَنَا الْاَمَانَاتِ عَیْنَا ❊ ہَا وَخَانَتْ قُلُوْبَہُنَّ الْعُقُوْلُ

الضمیر فے قلوبہن للعقول لتقدمہا رتبۃ ترجمہ معشوق کی دونون آنکھون نے ہمین اور قاصد مین امانات بگاڑ دین یعنے قاصد بسبب عشق کے امین نرہا خائن ہو گیا اور عقلون نے اپنے دلون سے خیانت کی یعنی جب قاصد عاشق ہو گیا تو بسبب غلبہ عشق ادائے امانت نکر سکا اور پیام یار یاد نرہا۔

تَشْتَکِیْ مَا اشْتَکَیْتُ مِنْ طَرَبِ الشَّوْ ❊ قِ اِلَیْہَا وَالشَّوْقُ حَیْثُ النُّحُوْلُ

النحول مرفوع بالابتداء وخبرہ محذوف ای موجود لان حیث لاتضاف الا الی الجمل ترجمہ اے قاصد تو

خفت وبکساری شوق کا وہ ہی شکوہ کرتا ہی جو مین اُس کے شوق کا شکوہ کرتا ہون مگر تیری یہ شکایت جھوٹی ہی کیونکہ شوق وہان ہی موجود رہتا ہی جہان لاغری ہی جب تو لاغر نہین ہی تو تجکو شوق بھی نہین ہی وللہ درالصائب حیث یقول ؎ آہ آتشین کو نالۂ حزینت کو لاف عاشقی تا چند عشق را نشانیہاست اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ تشتکی مین ضمیر محبوبہ کی طرف عائد ہو یعنی محبوبہ مثل میرا اپنے شوق کی شکایت کرتی ہی۔

وَإِذَا خَامَرَ الْهَوَى قَلْبَ صَبٍّ	فَعَلَيْهِ لِكُلِّ عَيْنٍ دَلِيلُ

ترجمہ اور جبکہ محبت دل عاشق مین مل جاتی ہی تو اُس پر یعنے اُس کے عشق پر ہر آنکھ کو دلیل ہوتی ہی۔

زَوِّدِينَا مِنْ حُسْنِ وَجْهِكِ مَا دَامَ فَحُسْنُ الْوُجُوهِ حَالٌ تَحُولُ

ادام ہہنا بمعنے ثبت کقولہ تعالی مادامت السموات والارض ترجمہ تیرے چہرہ کا حسن جب تک تبا ہوا ہی اُسمین سے ہمین بھی بطور توشہ کچھ دے کیونکہ چہرونکی خوبصورتی آنے جانے والی چیز ہی وقد احسن الشیرازی حیث یقول ؎ بر مال وجمال خویشتن غرہ مشو کین را بشبی برند وان را بشبے۔

وَصِلِينَا نَصِلْكِ فِي هَذِهِ الدُّنْيَا فَإِنَّ الْمُقَامَ فِيهَا قَلِيلُ

المقام بالفتح والضم بمعنی الاقامۃ وقد یکون بمعنی موضع القیام۔ فمن قام یقوم مفتوح المیم۔ ومن اقام یقیم مضموم المیم ترجمہ محبوبہ کو خطاب کرکے کہتا ہی کہ ہمکو اپنے وصل کی راہ بتلا تو ہم تجھ سے اس دنیا مین ملین کیونکہ عرصہ اقامت اس مین بہت تھوڑا ہی۔ تدبیر وصل مین جلدی چاہیے۔

مَنْ رَآهَا بِعَيْنِهَا شَاقَهُ الْقُطَّانُ فِيهَا كَمَا تَشُوقُ الْحُمُولُ

الضمیر فی عینہا للدنیا۔ ومن روی بعینہ فہولمن۔ والقطان جمع قاطن وہو المقیم۔ والحمول الاحمال ویجوزان یکون التحملین وکنی بالشوق عن الرقۃ لان الشوق یرق القلب ترجمہ جو شخص دنیا کو اُس آنکھ سے دیکھے جو دنیا کے دیکھنے کے لائق ہی یعنے بچشم عبرت اس صورت مین عین سے مراد عین انسان ہوگی۔ اور دُنیا کی عین بھی مراد ہو سکتی ہی اس صورت مین عین سے مراد حقیقت ہوگی یعنی جو دنیا کو حق معرفت پہچانے گا تو اُس کو اس بات کا یقین ہو جاوے گا کہ اُس کے باشندے بیشک کوچ کرنے والے ہین اس لئے اُس کو اُن لوگون کا دیکھنا جو بالفعل اُس مین مقیم ہین اور وہ لوگ جو اُس سے چل بسے ہین دونون اُس کی رقت قلب کے باعث ہون گے بوجہ قلت مقام دُنیا کہ یہ علت دونون مین مشترک اور باعث نرم دلی ہی۔

إِنْ تَرَيْنِي أَدُمْتُ بَعْدَ بَيَاضٍ	فَحَمِيدٌ مِنَ الْقَنَاةِ الذُّبُولُ

ادم بضم الدال وفتحہا من الادمۃ وہی المائلۃ الی السواد ترجمہ ای محبوبہ اگر تو مجکو ایسے حال مین دیکھتی ہی کہ مین بعد گورے رنگ کے گندم گون مائل بسیاہی ہو گیا ہون تو یہ میرے لئے عیب نہین ہی کیونکہ نیزے

کا دبلاپن ہی اچھا ہوتا ہی کہ یہ اُس کی مضبوطی کی دلیل ہی۔

عَادَةُ اللَّوْنِ عِنْدَهَا التَّبْدِيلُ	صَحِبَتْنِي عَلَى الْفَلَاةِ فَتَاةٌ

الفتاۃ الشمس جعلہا فتاۃ لان الزمان لا یوثر فیہا ترجمہ جنگلون کی سیر و سفر مین ہمیشہ میرے ساتھ ایک مساۃ جمع رہی جو کبھی بوڑھی نہین ہوتی مساۃ سے مراد آفتاب ہی جس کو عرب مونث بولتے ہین اور اُس مساۃ کا خاصہ یہ ہی کہ جس کے ساتھ وہ رہتی ہو اُس کا رنگ بدلجاتا ہی یعنی وجہ میرے تغیر رنگ کی یہ ہی کہ مین نے ہمیشہ دوپہریون مین سفر کیا ہی اس لئے میرا رنگ سیاہ ہو گیا ہی۔ دوپہریون مین سفر عرب کے نزدیک محمود اور علامت جفاکشی ہی۔

بِكِ مِنْهَا مِنَ اللَّمَى تَقْبِيلُ	سَتَرَتْكِ الْحِجَالُ عَنْهَا وَلَكِنْ

الحجال جمع حجلۃ وہو بیت العروس یزین بالثیاب والستور۔ واللمی سمرۃ تکون فی الشفتین تعد من الملاحۃ ترجمہ تجھے ای محبوبہ اُس جوان مساۃ یعنے آفتاب سے پردون نے چھپا رکھا ہی اس لئے اُس نے میرے رنگ کو سیاہ کر دیا ہی اور تو اُسکی گرمی سے محفوظ ہی مگر باین ہمہ اُس نے تیرے لب میگون سیاہی مائل کو بوسہ دیا ہی اور اسی سبب سے تیرے تمام بدن کے رنگ کی بہ نسبت اُسکا رنگ بدلگیا ہی۔ یہ حسن تعلیل عمدہ ہی۔ سیاہی لب سبب ملاحت ہی۔

مِثْلُهَا أَنْتِ لَوَّحَتْنِي وَأَسْقَمْتِ وَزَادَتْ أَبْهَاكُمَا الْعُطْبُولُ

التلویح تغیر الجسم واللون من الشمس۔ والعطبول الطویلۃ العنق التامۃ الجسم۔ وجمعہا عطابل وعطابیل ترجمہ تو بھی ای محبوبہ میرے جسم مین اثر کرنے کے باب مین مثل آفتاب کے ہی۔ آفتاب نے میرے جسم کا رنگ بدل دیا اور تو نے مجکو بیمار کر دیا مگر اتنا فرق ہی کہ جو تم دونون مین زیادہ حسین اور کامل الاعضا ہی یعنے تو وہ بلحاظ تاثیر و تغیر بہت بڑھ گیا یعنے تو نے مجکو زیادہ ستایا ہی۔

أَقَصِيرٌ طَرِيقُنَا أَمْ يَطُولُ	نَحْنُ أَدْرَى وَقَدْ سَأَلْنَا بِنَجْدٍ

نجد موضع بین الکوفۃ ومکۃ ترجمہ ہم راہ کا حال خوب جانتے تھے مگر تب بھی بسبب غایت شوق بمقام نجد ہم نے لوگون سے پوچھا کہ کیا ہماری راہ کوتاہ ہی یا بجہت اشتیاق دراز ہو جاویگی وجہ سوال اگلے شعر مین ہی۔

وَكَثِيرٌ مِنْ رَدِّهِ تَعْلِيلُ	وَكَثِيرٌ مِنَ السُّؤَالِ اشْتِيَاقٌ

ترجمہ اور بہت سے سوال کا منشا اشتیاق ہوتا ہی اور بہت سے جواب کا باعث سائل کا دل بہلانا ہوتا ہی۔

لَا أَقَمْنَا عَلَى مَكَانٍ وَإِنْ طَابَ وَلَا يُمْكِنُ الْمَكَانَ الرَّحِيلُ

لا اقمنا ای لم نقم کقولہ تعالیٰ فلا صدق ولا صلّی۔ ویجوز ان یکون علی القسم ای واللہ لا اقمنا ترجمہ ہم اثنای

سفر مین بسبب اشتیاق ممدوح کے کسی جگہ پر اگرچہ وہ اچھی تھی نہ ٹھہرے - اور مکان کو کوچ ممکن ہوتا اور نہ وہ بھی مشتاقانہ ہمارے ساتھ ہو لیتا -

كُلَّمَا رَحَّبَتْ بِنَا الرَّوْضُ قُلْنَا	حَلَبُ قَصْدُنَا وَأَنْتِ السَّبِيلُ

الترحیب بالزائر الاستبشار بہ ترجمہ جبکہ باغ جو راہ مین واقع ہوتے تھے بسبب اپنی خوشنائی اور اپنی بہار کے ہمکو مرحبا و خوش آمدی لکھکر ترغیب فروکش ہونیکی دیتے تھے تو ہم کہتے تھے کہ شہر حلب دارالامارۃ سیف الدولہ کا ہمارا ارادہ ہے اور تم گذرگاہ مین واقع ہو اس لئے ہم یہان ٹھہر نہین سکتے معاف رکھئے -

فِيكِ مَرْعَى جِيَادِنَا وَالْمَطَايَا	وَإِلَيْهَا وَجِيفُنَا وَالذَّمِيلُ

الوجیف والذمیل ضربان سریعان من السیر ترجمہ ای باغو تم مین سے ہر ایک مین ہمارے عمدہ گھوڑون اور ناقون کی چراگاہ ہے اور ہماری تیز روی اور سرعت بجانب حلب ہے -

وَالْمُسَمَّوْنَ بِالْأَمِيرِ كَثِيرٌ	وَالْأَمِيرُ الَّذِي بِهَا الْمَأْمُولُ

ترجمہ اور نام کے امیر بہت ہین اور واقعی امیر وہ ہے جو بمقام حلب امیدگاہ خلائق ہے - یعنے سیف الدولہ

الَّذِي زُلْتُ عَنْهُ شَرْقًا وَغَرْبًا	وَنَدَاهُ مُقَابِلِي مَا يَزُولُ

ترجمہ سیف الدولہ وہ ہے کہ مین اُس سے جدا ہو کے شرق و غرب مین پہرا مگر اُسکی بخشش میرے برابر رہی کبھی جدا نہوئی اور یہ اس لئے کہا کہ سیف الدولہ نے اُس کے پاس بحالت ورود عراق ہدیہ بھیجا تھا -

وَمَعِي أَيْنَمَا سَلَكْتُ كَأَنِّي	كُلُّ وَجْهٍ لَهُ بِوَجْهِي كَفِيلُ

الوجہ ماتوجہت الیہ - والکفیل الضامن ترجمہ اور اُسکی عطا میرے ساتھ ہے جہان مین جاؤن گویا مین جسطرف متوجہ ہوتا ہون اُس کا مُنھ میرے مُنھ کے سامنے ہونے کا ضامن ہے -

فَإِذَا الْعَذْلُ فِي النَّدَى زَارَ سَمْعًا	فَفَدَاهُ الْعَذُولُ وَالْمَعْذُولُ

ترجمہ سو جب بخشش کرنے کی ملامت کسی کان مین آوے تو ملامت گر اور ملامت کیا گیا دونون ممدوح پر قربان ہون یعنے جو ملامتِ سخاوت بگوش رغبت سنے وہ فدائے ممدوح ہو -

وَمَوَالٍ تُحْيِيهِمُ مِنْ يَدَيْهِ	نِعَمٌ غَيْرُهُمْ بِهَا مَقْتُولُ

موالٍ معطوف علی قولہ العذول - والموالی الاولیاء والعبید ترجمہ اور ممدوح پر فدا ہون اُسکے وہ دوست اور غلام جنکو اُسکے دونون ہاتھون کی نعمتین زندہ کرتی ہین اور وہ اُن کے غیرون یعنے دشمنونکو قتل کرتے ہین خلاصہ یہ کہ وہ دشمنونکا مال چھینکر دوستون کو دیدیتا ہے - اور بیان نعمتون کا اگلے شعر مین ہے -

فَرَسٌ سَابِقٌ وَرُمْحٌ طَوِيلٌ	وَدِلَاصٌ زَغْفٌ وَسَيْفٌ صَقِيلُ

الدلاص الدروع البراقۃ الملساء - والزغف المحکمۃ النسج ترجمہ وہ نعمتین گھوڑا سب سے آگے بڑھنے والا اور لنبا نیزہ اور زرہین براق ہموار مضبوط بنی ہوئین اور صیقلدار شمشیر ہین جن کے ذریعہ سے دشمنون کو قتل کرکے اُن کا اسباب لوٹا جاتا ہی -

كُلَّمَا صَبَحَتْ دِيَارَ عَدُوٍّ	قَالَ تِلْكَ الْغُيُوثُ هٰذِي السُّيُولُ

ترجمہ جبکہ اُس کے دوست یا غلام دیار کسی دشمن پر صبح کو غارت ڈالتے ہین تو وہ دشمن کہتا ہی کہ یہ لشکر جو ہمنے پہلے دیکھا تھا وہ بمنزلہ باران تھا اور یہ جو اُسکے پیچھے آیا بمنزلہ سیلون کے ہی مراد کثرت لشکر ہی - اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ باران سے مراد سیف الدولہ ہو اور سیلون سے اُسکے اتباع -

دَهِمَتْهُ تَطَايَرُ الزَّرَدُ الْمُحْكَمُ عَنْهُ كَمَا يَطِيرُ النَّسِيلُ

دہمتہ جاءتہ بغتۃً - والزرد حلق الدرع والنسیال (والنسیل) مایسقط من ریش الطائر ووبر البعیر وغیرہ ترجمہ احباب واتباع ممدوح دشمن پر اس تیزی سے دفعۃً جا پڑے کہ اُسکی محکم زرہ ایسی اُڑ گئی جیسے پر یا بال اُڑ جاتا ہی - یعنی دشمن کو وہ بالکل مفید نہوئی -

تَقْنِصُ الْخَيْلَ خَيْلُهُ قَنَصَ الْوَحْشِ وَيَسْتَأْسِرُ الْخَمِيسَ الرَّعِيلُ

الخمیس الجیش العظیم - والرعیل القطعۃ من الخیل تقدم الجیش - والقنص الصید ترجمہ سواران دشمن کو ممدوح کے سوار مثل وحشی جانورون کے شکار کرلیتے ہین اور دشمن کے لشکر کو جسمین پانچون ارکان ہون ایک گروہ سوارون کا جو ممدوح کے لشکر کے آگے بطور رکمٹ چلتا ہی قید کرلیتا ہی -

وَإِذَا الْحَرْبُ أَعْرَضَتْ زَعَمَ الْهَوْلُ لِعَيْنَيْهِ أَنَّهُ تَهْوِيلُ

ترجمہ اور جبکہ لڑائی کھلم کھلا پیش آتی ہی تو وہ ممدوح کی دونون آنکھونسے کہتی ہی کہ یہ بمنزلہ باتونسے ڈرانے کے ہی نہ حقیقۃً - خلاصہ یہ ہی کہ ممدوح شدائد جنگ سے خائف نہین ہوتا سرسری بات سمجھتا ہی -

وَإِذَا صَحَّ فَالزَّمَانُ صَحِيحٌ	وَإِذَا اعْتَلَّ فَالزَّمَانُ عَلِيلُ

ترجمہ جبکہ ممدوح تندرست ہی تو سارا زمانہ تندرست ہی اور جب وہ بیمار ہوتا ہی تو زمانہ بھی بیمار رہتا ہی -

وَإِذَا غَابَ وَجْهُهُ عَنْ مَكَانٍ	فِيهِ مِنْ ثَنَاهُ وَجْهٌ جَمِيلُ

الثناء الخیر کیف یعرف والثنی من حدیث ای ینشر ترجمہ اور جبکہ اُس کا روے مبارک کسی مکان سے غائب ہوتا ہی تو اُس مکان مین اُسکے ذکر کا روے نیکو موجود رہتا ہی یعنی ذکر خیر اُسکا وہان ہمیشہ رہتا ہی -

لَيْسَ إِلَّاكَ يَا عَلِيُّ هُمَامٌ	سَيْفُهُ دُونَ عِرْضِهِ مَسْلُولُ

ترجمہ ای علی یعنی سیف الدولہ سوا تیرے کوئی ایسا سردار با ہمت نہین ہی کہ اُسکی شمشیر برہنہ اُسکی آبرو کی محافظ ہو

كَيْفَ لَا يَأْمَنُ الْعِرَاقُ وَمِصْرٌ | وَسَرَايَاكَ دُونَهَا وَالْخُيُولُ

سرایا جمع سریۃ وہی ما بین خمس وتسعین الی ثلثمائۃ ترجمہ عراق اور مصر کفار کے حملات سے کسطرح امن مین نہون اس صورت مین کہ تیرے لشکر اور سوار اُنسے ورے کفار اور ہر دو ملک مین حائل آئین۔

لَوْ تَحَرَّفْتَ عَنْ طَرِيقِ الْأَعَادِي | رَبَطَ السِّدْرُ خَيْلَهُمْ وَالنَّخِيلُ

ترجمہ اگر تو دشمنون کے راستہ سے ایک سو ہو جاوے اور اُنکو نہ روکے تو خود عراق ومصر کی بیریان اور خرما کے درخت جو ہر دو ملک مین بکثرت ہوتے ہین دشمنون کے گھوڑون کو اپنے سے باندھ لین یہ بطور مبالغہ ہی یا بطریق قلب کے یعنی دشمن اپنے گھوڑے اُن سے آباندھین اور ہر دو ملک پر قابض ہو جاوین

وَدَرَى مَنْ أَعَزَّهُ الدَّفْعُ عَنْهُ | فِيهِمَا أَنَّهُ الْحَقِيرُ الذَّلِيلُ

الضمیر فیہما للعراق ومصر یعنی بہ آل بویہ وکافورا ترجمہ اور در صورت تیرے یکسو ہو جانے کے وہ شخص جسکو تیرے دشمن کے اُن سے روکنے نے صاحب عزت کر رکھا ہی معلوم کرے گا کہ وہ فی الواقع حقیر وذلیل ہی جو بطفیل مانعت ممدوح باعزت ہو رہا ہی اور وہ شخص کون ہی وہ آل بویہ حاکم عراق اور کافور والی مصر

أَنْتَ طُولَ الْحَيَاةِ لِلرُّومِ غَازٍ | فَمَتَى الْوَعْدُ أَنْ يَكُونَ الْقُفُولُ

القفول الرجوع من الغزو ترجمہ تو زندگی بھر روم پر جہاد کرنے والا ہی تو اپنی دار الامارت مین لوٹنے کا کب وعدہ ہی

وَسِوَى الرُّومِ خَلْفَ ظَهْرِكَ رُومٌ | فَعَلَى أَيِّ جَانِبَيْكَ تَمِيلُ

ترجمہ اور علاوہ روم کے تیری پس پشت مثل روم اور بھی دشمن ہین سو تو دونون طرفون مین کسطرف لڑنیکو جھکیگا

قَعَدَ النَّاسُ كُلُّهُمْ عَنْ مَسَاعِيكَ وَقَامَتْ بِهَا الْقَنَا وَالنُّصُولُ

المساعی المطالب الحسنۃ من الجود والکرم وطلب المجد۔ والنصول جمع نصل وہو السیف ترجمہ تمام لوگ تیرے سے نیک کوششون کے عمل مین لانے سے تھک کر بیٹھ رہے اور تیرے نیزے اور تلوارین اُن کوششون پر مستعد ہین۔

مَا الَّذِي عِنْدَهُ تُدَارُ الْمَنَايَا | كَالَّذِي عِنْدَهُ تُدَارُ الشَّمُولُ

الشمول الخمر التی ضربتہا ریح الشمال فتبردت ترجمہ جفاکش شخص جسکی محفل مین موتون کا دور ہو وہ مثل اس عیاش شخص کے نہین ہی جسکی مجلس مین دور شراب بارد ہو۔ شعر کی صفائی اور مضمون کی عمدگی ہر دو نہایت قابل تعریف ہین۔

لَسْتُ أَرْضَى بِأَنْ تَكُونَ جَوَادًا | وَزَمَانِي بِأَنْ أَرَاكَ بَخِيلُ

ترجمہ مین اس بات کو پسند نہین کرتا کہ تو سخی ہو اور تیری عطا میرے پاس پہنچے ایسے حال مین کہ میرا زمانہ میرے ساتھ اس بات کا بخل کرے کہ مین تجھے دیکھون۔ یعنی تیری عطا سے مجکو تیرا دیدار زیادہ مرغوب ہی۔

نَغَّصَ الْبُعْدُ عَنْكَ قُرْبَ الْعَطَايَا | مُرْتَعِي مُخْصِبٌ وَجِسْمِي هَزِيلُ

ترجمہ تیری دوری نے قرب عطایا کو مکدر کر دیا اب حال یہ ہی کہ میری چراگاہ سرسبز ہی اور میرا جسم لاغر یعنے تیرے فراق مین تیری عطایا سے متلذذ نہین ہوتا اور میرا کھایا پیا میرے جسم کو نہین لگتا ہی۔

إِنْ تَبَوَّأْتُ غَيْرَ دُنْيَاكَ دَارًا	وَأَتَانِي نَيْلٌ فَأَنْتَ الْمُنِيلُ	

التبوء القصد الى المنزل والاقامة فيه۔ المنيل المعطی ترجمہ اگر مین سواے اس اپنی دُنیا کے کہین اور جا رہون اور وہان میرے پاس کوئی عطا آوے تو مین یہ سمجھونگا کہ توہی اُسکا عطا کرنے والا ہی۔ یعنی مین تیرے سوا کسی کو معطی نہین سمجھتا اور عطا کو تجہی مین منحصر جانتا ہون۔

مِنْ عَبِيدِي إِنْ عِشْتَ لِي أَلْفُ كَافُو	رٍ وَلِي مِنْ نَدَاكَ رِيفٌ وَنِيلُ

الریف سواد العراق۔ واقلیم عظیم نے ظاہر ارض مصر۔ والنیل ایضا بمصر ترجمہ اگر تو زندہ رہا تو میرے غلامون مین سے ہزار کافور دولت وحشمت مین ہو جاوین گے مجھے اُسکی اور اُس کے چھوڑ دینے کی کچھ پروا نہین مجھکو تو تیری ہی عطا بمنزلہ ریف ونیل مصر کے ہی جسپر اُسکو ناز ہی۔

مَا أُبَالِي إِذَا اتَّقَتْكَ الرَّزَايَا	مَنْ دَهَتْهُ حُبُولُهَا وَالْخُبُولُ

الخبل بسکون الباء الفساد والجمع خبول۔ والحبل بکسر الحاء الداہیۃ والجمع حبول ترجمہ جبکہ تو مصائب سے محفوظ رہے تو مجکو اُس شخص کی کچھ پروا نہین جسکو مصائب کے فساد اور خود مصائب پیش آئین اور وہ ہلاک ہو جاوے۔

وقال فی صباہ وقد قیل لہ ما احسن شعرک او فرتک فقالہا وہو فی المکتب

لَا تَحْسُنُ الْوَفْرَةُ حَتَّى تُرَى	مَنْشُورَةَ الضَّفْرَيْنِ يَوْمَ الْقِتَالِ

الوفرۃ الشعر التام علی الراس۔ والضفرین الضفائر سماہا بالمصدر ترجمہ تمام سر کے بال اچھے معلوم نہین ہوتے جب تلک کہ اُس کے دونوطرف کی پٹیان بروز جنگ پراگندہ نہ دیکھی جاوین۔ عرب کی عادت تھی کہ بروز جنگ سر کے بال واسطے تخویف اعدا کے کھولدیتے تھے۔ خلاصہ یہ کہ مین جنگی مرد ہون۔

عَلَى فَتًى مُعْتَقِلٍ صَعْدَةً	يُعِلُّهَا مِنْ كُلِّ وَافِي السِّبَالِ

یقال اعتقل الرمح واتنکب القوس وتقلد السیف۔ والصعدۃ الرمح القصیر ویعلہا یسقیہا الدم مرۃ بعد اخری والسبال جمع سبلۃ وہی فے الفارسیۃ البروت۔ وعلے فتی متعلق بمنشورۃ ترجمہ وہ سر کے بال پراگندہ ہون ایسے جوان مرد کے چہرہ پر جو ایسا نیزہ باندہے ہوئے ہو جس کو بار بار خون اُس دشمن سے سیراب کرتا ہو جس کی مونچھین پوری ہون یعنی کامل جوان ہو۔ لڑکپن اور یہ اوج سچ ہی ہونہار بروے کے چکنے چکنے پات۔

وقال فے صباہ

مُحِبِّیْ قِیَامِیْ مَالِذٰلِکُمُ النَّصْلِ	بَرِیْئًا مِنَ الْجَرْحٰی سَلِیْمًا مِنَ الْقَتْلِ

محبی منادی مضاف ای یا محبی قیامی - والقیام الاقامۃ والوقوف والقیام الی الشئ - وجمع الکنایۃ فی ذلکم لانہ یخاطب جماعۃ المحبین ترجمہ ای میری جنگ کے لئے کھڑے ہونیکو دوست رکھنے والو تمھاری تلواروں کو کیا ہوگیا اور انپر کیا مار ہی کہ وہ زخموں سے بری اور قتل سے سالم ہیں یعنے تم میری مدد خون ریزی اعدا میں کیوں نہیں کرتے - اور شارح ابن جنی نے یہ معنی لکھے ہیں کہ ای وہ شخص جو میرے قیام اور ترک اسفار کو دوست رکھتا ہی میں کیونکر قیام کروں حال آنکہ اس تلوار نے ہنوز کسی دشمن کو نہیں مارا -

اَرٰی مِنْ فِرِنْدِیْ قِطْعَۃً فِیْ فِرِنْدِہٖ	وَجَوْدَۃُ ضَرْبِ الْہَامِ فِیْ جَوْدَۃِ الصَّقْلِ

ترجمہ میں اپنے کسی قدر جوہر اصالت جوہر شمشیر میں دیکھتا ہوں یعنی میری تلوار تیزی میں کچھ مجھ سی ہی اور عمدگی ضرب سر کی عمدگی صیقل سے ہوتی ہی - جتنی شمشیر کی صیقل عمدہ ہوگی اتنے ہی اس کی ضرب عمدہ ہوگی یہ معنی بصورت رفع جودۃ کے ہیں اور اگر اس کو منصوب پڑھیں تو وہ من فرندی پر معطوف ہوگا یعنے میں جودۃ ضرب کو جودۃ صیقل سے دیکھتا ہوں -

وَخُضْرَۃُ ثَوْبِ الْعَیْشِ فِی الْخُضْرَۃِ الَّتِیْ	اَرَتْکَ احْمِرَارَ الْمَوْتِ فِیْ مَدْرَجِ النَّمْلِ

خضرۃ ثوب العیش استعارۃ من خضرۃ النبات - ویحمد من السیف ما کان مشربا خضرۃ واحمرار الموت شدتہ - وموت احمر ای شدید واصلہ من القتل وجریان الدم - ومدرج النمل مدبہ وھو حیث درج فیہ بقوائمہ فاثر آثارا دقیقۃ ترجمہ اور خوبی عیش استعمال شمشیر سبز رنگ میں ہی جو تجکو شدت موت اعدا چیونٹیوں کے سوراخ میں دکھلائے یعنے شمشیر کے جوہر دار ہونے کے سبب جس میں آثار دقیق جوہر کے شل پائے مور معلوم ہوں -

اَمِطْ عَنْکَ تَشْبِیْہِیْ بِمَا وَکَاَنَّہٗ	فَمَا اَحَدٌ فَوْقِیْ وَلَا اَحَدٌ مِثْلِیْ

ترجمہ تو میری تشبیہ کا خیال بلفظ ما وکانہ چھوڑدے کیونکہ کوئی مجھسے زیادہ اور میری برابر نہیں ہی سب مجھ سے کمتر ہیں سو کون میرے مشابہ ہوگا - لفظ کان تو تشبیہ کے لئے مقرر ہی اور لفظ ما کو تشبیہ سے کچھ علاقہ نہیں معلوم ہوتا اس لئے شراح نے اسکی متعدد توجیہیں کی ہیں - ابن القطاع نے کہا ہی کہ لفظ ما نکرہ بمعنی شی کے ہی خصوم کے واسطے پس گویا یہ کہتا ہی کہ مجکو کسی شی کے ساتھ تشبیہ ندے - اور جرجانی کہتا ہی کہ تو یہ مت کہہ ما ہو الا کذا وکانہ کذا - اور ربعی متنبی سے ناقل ہی کہ مراد اس لفظ سے یہ ہی کہ تو یہ مت کہہ ما اشبہ فلانا بفلان - والاماطۃ الرفع -

وَذَرْنِیْ وَاِیَّاہُ وَطِرْفِیْ وَذَابِلِیْ	نَکُنْ وَاحِدًا نَلْقَی الْوَرٰی اَنْظُرَنْ فِعْلِیْ

الضمیر فی ایاہ للسیف - والطرف الفرس الکریم - والذابل مالان واہتز من الرماح ترجمہ اور مجکو اور میری

تلوار اور میرے عمدہ گھوڑے اور میرے لچکتے ہوئے نیزہ کو چھوڑ کر ہم سب ملکر ایک ہو جاوین اور تمام خلق کا مقابلہ کرین اور اسوقت میری بہادری دیکھ کہ کیسا لڑتا ہون۔

وقال یمدح سعید بن عبداللہ بن الحسن الکلابی المنبجی وہی مما قال فی صباہ

أَحْيَى وَأَيْسَرُ مَا قَاسَيْتُ مَا قَتَلَا ۔۔۔ وَالْبَيْنُ جَارَ عَلَى ضَعْفِي وَمَا عَدَلَا

ترجمہ مجکو معلوم نہین ہو کہ مین کسطرح جیتا ہون اور حال یہ ہو کہ میرے مصائب مین آسانسے آسان مصیبت قاتل ہو اور فراق نے مجپر باوجود میری ناتوانیون کے ظلم کیا اور پھر کبھی انصاف نکیا یعنی اُس کا ظلم مجھ پر برابر رہا۔

وَالْوَجْدُ يَقْوَى كَمَا تَقْوَى النَّوَى أَبَدًا ۔۔۔ وَالصَّبْرُ يَنْحَلُّ فِي جِسْمِي كَمَا نَحَلَا

الوجد الحزن والشوق ترجمہ اور غم یا شوق زور پکڑتے جاتے ہین جس قدر فراق زور پکڑتا ہو اور صبر میرے جسم مین گھلتا جاتا ہو جسقدر جسم گھلتا ہو۔

لَوْلَا مُفَارَقَةُ الْأَحْبَابِ مَا وَجَدَتْ ۔۔۔ لَهَا الْمَنَايَا إِلَى أَرْوَاحِنَا سُبُلَا

ترجمہ اگر دوستون کی جدائی نہوتی تو موتین اپنے لئے ہماری ارواح کی طرف راہ نہ پاتین یعنے ہم نہ مرتے۔

بِمَا بِجَفْنَيْكِ مِنْ سِحْرٍ صِلِي دَنِفًا ۔۔۔ يَهْوَى الْحَيَاةَ وَأَمَّا إِنْ صَدَدْتِ فَلَا

ترجمہ تجکو اُس جادو کی قسم دیتا ہون جو تیری دو آنکھون مین ہو کہ اپنے عاشق زار سے مل اگر تو ملے تو وہ خواہان زندگی ہو اور اگر تو اعراض کرے تو وہ جینا نہین چاہتا۔ جادوے چشمان سے یہ مراد ہو کہ اُن کے دیکھنے سے عقل زائل ہو جاتی ہو۔

إِلَّا يَشِبْ فَلَقَدْ شَابَتْ لَهُ كَبِدٌ ۔۔۔ شَيْبًا إِذَا خَضَبَتْهُ سَلْوَةٌ نَصَلَا

النصول ذہاب الخضاب۔ والسلوۃ ذہاب المحبۃ ترجمہ وہ عاشق زار اگر پیر نہین ہوا تو اُسکا جگر بیشک بوڑھا ہو گیا ہو یعنے اگر اُس کے سر و ریش کے بال سفید نہین ہوئے تو بسبب صدمہ شوق اُسکا جگر ایسا پیر ہو گیا ہو کہ اگر اُسپر ترک محبت کا خضاب کیا جاوے تو وہ فوراً جاتا رہتا ہو اور وہی عشق کی پیری آموجود ہوتی ہو۔

يَجِنُّ شَوْقًا فَلَوْلَا أَنَّ رَائِحَةً ۔۔۔ تَزُورُهُ فِي رِيَاحِ الشَّرْقِ مَا عَقَلَا

من روی یحن بالحاء فہو من الحنین۔ ومن روی یجن بضم الیاء وفتح الجیم فہو من الجنون وہو المناسب بقولہ اعقلا ترجمہ یہ لاغر عاشق بسبب شدۃ شوق مجنون ہو جاتا ہو سو اگر ایک بو ریاح شرقی مین کہ اُس طرف مسکن دوست ہو اُس کے پاس نہ آتی تو وہ کبھی ہوش مین نہ آتا اور اُس کا جنون مطبق ہوتا۔

هَا فَانْظُرِي أَوْ فَظُنِّي بِي تَرَيْ حُرَقًا ۔۔۔ مَنْ لَمْ يَذُقْ طَرَفًا مِنْهَا فَقَدْ وَأَلَا

الہاء للتنبیہ والمعنی ہا انا ذا وتری جواب الامر۔ والحرق جمع حرقۃ۔ ووال بجا ترجمہ ہان تو میرا حال دیکھ اور اگر مجکو دیکھنا گوارا نہین ہی تو میرے حال کا فکر فرما دونون صورتون مین ایسی سوزشین دیکھے گی کہ جس شخص نے اُنمین سے کسی سوزش کا مزہ نہ چکھا تو وہ مصائب عشق و درد محبت سے بچگیا اور جانبر ہوگیا۔

عَلَّ الْاَمِیْرَ یَرٰی ذُلِّیْ فَیَشْفَعَ لِیْ	اِلَی الَّتِیْ تَرَکَتْنِیْ فِی الْهَوٰی مَثَلَا

ترجمہ کاش امیر ممدوح میری ذلت و خواری جو عشق مین مجکو پیش آرہی ہو دیکھے اور اُس معشوقہ سے جس نے مجکو عشق مین ضرب المثل کردیا ہو میری شفاعت درباب وصل کردے۔ معلوم رہے کہ یہ درخواست خلاف شان ممدوح ہی کیونکہ اسمین بھڑواپن پایا جاتا ہی اس لئے بہتر روایت یشفعنی ہی جسکا راوی متنبی سے شعرانی ہی اور یہ مشتق ہی اُنکے قول سے کہ کان وترا فشفعتہ بآخر یعنی وہ طاق تھا مینے اُس کو دوسرے سے جفت کردیا کہ اس صورت مین یہ بھی ہوسکتا ہی کہ عاشق کو بہت روپیہ پیسا دیدے جس کے ذریعہ سے اُس کو وصل محبوبہ حاصل ہوجاوے جیسا کسی دل سوختہ نے عبدالرحیم خان خانان کو ایک قطعہ لکھ کر دیا اور لاکھ روپیہ اُٹھائے ؎ لک بخش نواب خان خانان ٭ دارم سخنے کہ دلنشین است ٭ گر جان طلبد مضائقہ نیست ٭ زر میطلبد سخن درین است ٭۔

اَیْقَنْتُ اَنَّ سَعِیْدًا طَالِبٌ بِدَمِیْ	لَمَّا بَصُرْتُ بِهٖ بِالرُّمْحِ مُعْتَقِلَا

الاعتقال ان یجعل الرمح بین ساقہ ورکابہ ترجمہ جبکہ مینے سعید ممدوح کو نیزہ باندھے دیکھا تو مجکو یقین ہوگیا کہ وہ محبوبہ سے جس نے مجھے قتل کیا ہی میرے خون کا بدلہ لینے والا ہی۔

وَاَنَّنِیْ غَیْرُ مُحْصٍ فَضْلَ وَالِدِهٖ	وَنَائِلُ دُوْنَ نَیْلِیْ وَصْفَهٗ زُحَلَا

وفی روایۃ فضل نائلہ وہو العطاء۔ وزحل نجم من النجوم السیارۃ وہو ابعدہا من الارض۔ واننی معطوف علی قولہ ان سعیدا ترجمہ اور مینے یہ بھی یقین کرلیا کہ مین شرف و مجد اُس کے والد کو یا عطائے ممدوح کی تعریف کو شمار نہین کرسکتا اور قبل وصول اُس کے حد وصف کے زحل پر جو نہایت بلند ہی پہنچ جاؤن گا تب بھی اُس کا حق توصیف ادا نہوگا۔

قَیْلٌ بِمَنْبِجَ مَثْوَاهُ وَنَائِلُهٗ	فِی الْاُفْقِ یَسْاَلُ عَمَّنْ غَیْرَهٗ سَاَلَا

قیل خبر مبتدء محذوف ای ہو قیل۔ منبج بلد بالشام عن الفرات مرحلۃ۔ والقیل بلغۃ حمیر الملک العظیم ترجمہ شہر منبج ایک شاہ عظیم الجاہ کا قرارگاہ ہی اور اُسکی عطا کرانہائے دنیا مین دائر وسائر ہی اور اُن کو پوچھتی ہی جنھون نے سوائے ممدوح کسی اور سے سوال کیا ہی تاکہ اُن کو غنی کردے یا اس بات پر عتاب کرے کہ کیون ممدوح سے سوال نہین کیا۔

يَلُوحُ بَدْرُ الدُّجَى فِي صَحْنِ غُرَّتِهِ		وَيَحْمِلُ الْمَوْتُ فِي الْهَيْجَاءِ إِنْ حَمَلَا	

الغرة غرة الوجہ وہو البیاض الذی یکون فی وجہ الفرس ترجمہ بدر تاریکی یعنے وہ جو تاریکی کو روشن کردے اُسکی پیشانی کے صحن مین ظاہر ہوتا ہی اور جب جنگ مین دشمنو پر حملہ کرتا ہی تو موت اُس کے ساتھ اعدا پر حملہ کرتی ہی یعنی موت بھی اُسکی مطیع ہی۔

تُرَابُهُ فِي كِلَابٍ كُحْلُ أَعْيُنِهَا		وَسَيْفُهُ فِي جَنَابٍ يَسْبِقُ الْعَذَلَا	

کلاب قبیلۃ وجناب قبیلۃ عدوہ۔ وقولہ سبق العذلا ہو مثل یقال سبق السیف العذل واصلہ من قول رجل قتل رجلا فی الحرب فعذل علی ذلک فقال سبق سیفی عذلکم ترجمہ قبیلہ بنی کلاب مین اُس کے خاک پا نہایت عقیدت سے اُنکی آنکھون کا سرمہ ہی اور اُسکی تلوار قبیلہ جناب مین جو اُس کے اعدا ہین ملامت سے پیش قدمی کرتی ہی یعنی وہ اُنکو بے تامل قتل کرتا ہی کہ ملامت کو کچھ گنجایش نہین رہتی۔

لِنُورِهِ فِي سَمَاءِ الْفَخْرِ مُخْتَرَقٌ		لَوْ صَاعَدَ الْفِكْرُ فِيهِ الدَّهْرَ مَا نَزَلَا	

المخترق موضع الاختراق ویرید بہ المصعد فی الہواء کانہ یشق الہواء۔ والنور ما اشتہر وسار من فضلہ ترجمہ اُس کے نور یعنے ذکر خیر کو آسمان فخر پر ایسی راہ ہی کہ اگر فکر مداح اُس راہ مین صعود کرتا رہے تو بسبب نہتی نہونیکے اُس کو اُترنا نصیب نہو۔

هُوَ الْأَمِيرُ الَّذِي بَادَتْ تَمِيمٌ بِهِ		قِدْمًا وَسَاقَ إِلَيْهَا حَيْنُهَا الْأَجَلَا	

الحین الہلاک وبادت ہلکت ترجمہ وہ ایسا امیر ہی کہ بنی تمیم اُس کے سبب ہمیشہ ہلاک ہوئے اور اُن کی طرف اُنکی ہلاکی نے اُنکی موت کو ہنکایا۔ ہلاکی موت کا باعث نہین ہوتی بلکہ موت ہلاکی کا سبب ہوتی ہی سو یہان شاعر نے قلب کردیا ہی اور یہہ جائز ہی کیونکہ ایک دوسرے سے قریب ہی۔

مُهَذَّبُ الْجَدِّ يُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِهِ		حُلْوٌ كَأَنَّ عَلَى أَخْلَاقِهِ عَسَلَا	

ترجمہ ممدوح پاکیزہ اصل ہی اور مبارک رو کہ اُس کے ذریعہ سے باران مانگا جاتا ہی اور شیرین اخلاق ہی گویا اُس کے اخلاق پر شہد لگا ہوا ہی۔

لَمَّا رَأَتْهُ وَخَيْلُ النَّصْرِ مُقْبِلَةٌ		وَالْحَرْبُ غَيْرُ عَوَانٍ أَسْلَمُوا الْحِلَلَا	

العوان الحرب التی قوتل فیہا مرۃ بعد اخری۔ والحلل جمع حلۃ وہی المنازل التی حلوہا ترجمہ جبکہ ممدوح کو بنی تمیم نے ایسے حال مین دیکھا کہ اُس کے سواران فیروزمند بڑھنے والے تھے اور ابتک جنگ شدید کی نوبت نہین پہنچی تھی تو وہ اپنے گھر چھوڑ بھاگے گویا اُن کے سپرد کردئے۔

وَضَاقَتِ الْأَرْضُ حَتَّى كَانَ هَارِبُهُمْ		إِذَا رَأَى غَيْرَ شَيْءٍ ظَنَّهُ رَجُلَا	

اراد غیر شیٔ یعتد بہ ویخاف منہ۔ وقیل اراد بالشیٔ انساناً خاصۃ لان خوفہ من الانسان ترجمہ اور بسبب شدت خوف کے اُن پر میدان زمین تنگ ہو گیا کہ اُنکو گریز کی جگہ نہ ملی یہان تلک اُنپر ہراس غالب ہوا کہ اُن مین کا بھاگنے والا جب کوئی شیٔ غیر قابل التفات وغیر خوفناک یا سوائے انسان کے جس سے خوف قتل تھا کوئی اور شیٔ دیکھتا تو بسبب غلبہ خوف اُسکو بھی ایک مرد سمجھتا تھا۔

فَبَعْدَهُ وَإِلَى ذَا الْيَوْمِ لَوْ رَكَضَتْ	بِالْخَيْلِ فِي لَهَوَاتِ الطِّفْلِ مَا سَعَلَا

ترجمہ سو بعد اُس روز کے جسمین بنی تمیم ہلاک ہوئے آج تلک بنی تمیم ایسے ذلیل وقلیل ہو گئے کہ اگر وہ اپنے گھوڑون کو لڑکے کے تالو مین ہنکا دین تو وہ کھانسے نہین اور اُسکو وہ گھوڑے معلوم بھی نہون یعنے نہایت قلیل المقدار رہگئے ہین۔ اور یہہ بھی معنی ہو سکتے ہین کہ اگر افواج منصورہ ممدوح اپنے گھوڑے اُن کے طفل صغیر کے کام مین ہنکا دین تو وہ بھی باوجود بیعقلی کے ممدوح کے لشکر سے ایسا ہیبت زدہ ہو گیا ہی کہ خوف کے مارے کھانسے بھی نہین پس اُنکے بڑون کا کیا حال ہوگا۔

فَقَدْ تَرَكْتَ الْأُولَى لَاقَيْتَهُمْ جَزَرًا	وَقَدْ قَتَلْتَ الْأُولَى لَمْ تَلْقَهُمْ وَجَلَا

الاولی بمعنی الذین۔ والجزر ما تقی للسباع ترجمہ سو تو نے اُن لوگون کو جو تیرے مقابل ہوئے مار کر درندون کا راتب کر دیا اور اُن لوگون کو جنسے تو لڑا نہین اپنی ہیبت اور خوف سے قتل کر دیا۔

كَمْ مَهْمَهٍ قَذَفٍ قَلْبُ الدَّلِيلِ بِهِ	قَلْبُ الْمُحِبِّ قَضَانِي بَعْدَ مَا مَطَلَا

المہمہ ما بعد من الارض۔ والقذف البعید۔ والضمیر فے قضانی للمہمہ ای ہذا المہمہ قضانی بعد ان مطلا وشق قطعہ ترجمہ بہت سے صحرای بعید الاطراف ہین کہ بسبب خوفناکی کے اُسمین راہبر کا دل مانند دل عاشق مضطرب ہی سو مینے اُس کو ہزار مشقت طی کیا۔ اور اُس کی قطع کے لئے درنگ اور ادا کا امتناع کر دیا ہی یعنی ان المہمہ کالمطلوب منہ انقطاعہ بالسیر وہو بطولہ وتاخر انقطاعہ کالمماطل۔

عَقَدْتُ بِالنَّجْمِ طَرْفِي فِي مَفَاوِزِهِ	وَحُرَّ وَجْهِي بِحَرِّ الشَّمْسِ إِذْ أَفَلَا

المفاوز جمع مفازۃ وسمیت بذلک تفاؤلا بالفوز۔ وحر الوجہ اشرف شیٔ فیہ وافل النجم غاب ترجمہ یعنے اُس صحرا کے قطع کے لئے اپنی آنکھ ستارہ سے باندھ لی یعنی بخوف گمراہی ستارہ کو برابر دیکھتا رہا اور اُسکے نشان پر چلتا رہا۔ اور جبکہ ستارہ غروب ہو گیا تو اپنے چہرہ کے عمدہ حصہ کو آفتاب سے باندھ دیا یعنے آفتاب سے سمت درست کر کے چلا۔ غرض شب و روز سفر کر کے ہزار مشقت ممدوح تلک پہنچا ہون۔

أَنْكَحْتُ صُمَّ حَصَاهَا خُفَّ يَعْمَلَةٍ	تَغَشْمَرَتْ بِي إِلَيْكَ السَّهْلَ وَالْجَبَلَا

ضمیر حصاہا للمفازۃ۔ والصم الشداد والصلاب من کل شیٔ۔ والیعملۃ الناقۃ القویۃ وتغشمرت تعسفت

ترجمہ اُس جنگل کے سخت پتھرون کو ایسے ناقہ قویہ کے موزہ سے جیسے پامال کرایا کہ اُس نے مجھے لیکر بزور زمین ہموار و سنگستان کو قطع کیا اور تجھ تلک پہنچا دیا۔

لَوْ كُنْتَ حَشْوَ قَمِيصِي فَوْقَ نُمْرُقِهَا ۔۔۔ سَمِعْتَ لِلْجِنِّ فِي غِيطَانِهَا زَجَلَا

الضمیر فی غیطانہا للمفاوز- والغیطان جمع غائط وہو ما اطمان من الارض والخفض- والزجل الصیاح والجلبة والنمرق نمرق الکور وہو الذی یلقی علیہ الراکب فخذہ للاستراحۃ ترجمہ اگر تو ای ممدوح میرے کرتہ مین ہوتا یعنے بجائے میرے ناقہ کے گدے پر تو تو اُس جنگل کے گڈھون مین جن کی آواز سنتا یعنی وہ صحرا خوفناک ہو کے مقام تھے جسمین بسبب ویرانہ کے جن ہی رہتے ہین-

حَتَّى وَصَلْتُ بِنَفْسٍ مَاتَ أَكْثَرُهَا ۔۔۔ وَلَيْتَنِي عِشْتُ مِنْهَا بِالَّذِي فَضَلَا

ترجمہ یہان تلک کہ مین تیرے پاس ایسی جان لیکر پہنچا جسمین بہت سے مرچکے تھے یعنی اُس کا گوشت و خون بسبب مصائب سفر جاتا رہا ہی- اور کاش مین اب اُس جان کے ساتھ جیتا رہون جو باقی ہی تاکہ تیری خدمت بجالاؤن-

أَرْجُو نَدَاكَ وَلَا أَخْشَى الْمِطَالَ بِهِ ۔۔۔ يَا مَنْ إِذَا وَهَبَ الدُّنْيَا فَقَدْ بَخِلَا

ترجمہ اب مین تیری عطا کا امیدوار ہون اور درنگ عطا کا مجکو خوف نہین ہی ای وہ شخص کہ اگر وہ تمام دنیا کو بخشدے تو بسبب علو ہمت ایسا معلوم ہو گویا اُس نے بخل کیا کیونکہ ساری دُنیا کی تیرے روبرو کچھ حقیقت نہین ہی-

وقال فی صباہ وقد اہدی لہ عبید اللہ بن خراسان ہدیۃ فیہا سمک من سکر ولوز فی عسل

قَدْ شَغَلَ النَّاسَ كَثْرَةُ الْأَمَلِ ۔۔۔ وَأَنْتَ بِالْمَكْرُمَاتِ فِي شُغُلِ

المکرمات جمع مکرمۃ وہو ما یتکرم بہ الانسان ترجمہ تمام لوگون کو تیرے انعام کی اُمیدونکی کثرت نے مشغول کر رکھا ہی اور تو کثرت داد و دہش وتحصیل فضائل مین ہمہ تن معروف ہی کہ سبکی حاجت روائی کرتا ہی-

تَمَثَّلُوا حَاتِمًا وَلَوْ عَقَلُوا ۔۔۔ لَكُنْتَ فِي الْجُودِ غَايَةَ الْمَثَلِ

ای تمثلوا بحاتم فحذف الجار ضرورۃ ترجمہ لوگون نے سخاوت مین حاتم طائی کو ضرب مثل کر رکھا ہی اور اگر وہ سمجھتے تو البتہ تو کثرت عطایا مین نہایت درجہ کا ضرب مثل ہوتا نہ حاتم-

أَهْلًا وَسَهْلًا بِمَا بَعَثْتَ بِهِ ۔۔۔ إِيهًا أَبَا قَاسِمٍ وَبِالرُّسُلِ

یقال ایہا بالنصب ای کف ودع- وایہ بالخفض الاستزادۃ من التکلم ترجمہ مرحبا اُس ہدیہ کو جو تونے بھیجا اور شاباش تیرے قاصدون کو- ای ابو القاسم بس کر کہ مجکو تیرے احسانات نے احاطہ کرلیا-

هَدِيَّةٌ مَا رَأَيْتُ مُهْدِيَهَا ۔۔۔ إِلَّا رَأَيْتُ الْعِبَادَ فِي رَجُلِ

ترجمہ یہہ ایسا ہدیہ ہی کہ مین اُس کے بھیجنے والے کو ایسے حال مین دیکھتا ہون کہ تمام بندگان خدا کے فضائل ایک شخص مین جمع ہین۔

اَقَلُّ مَا فِی اَقَلِّهَا سَمَكٌ	يَلْعَبُ فِی بِرْكَةٍ مِّنَ الْعَسَلِ

ترجمہ اقل شئ اس ہدیہ کے اقل مین ایک مچھلی ہی جو شہد کے حوض مین کھیل رہی ہی۔ حوض سے مراد ظرف شہد ہی۔

كَيْفَ اُكَافِی عَلَى اَجَلِّ يَدٍ	مَنْ لَا يَرَى اَنَّهَا يَدٌ قِبَلِی

ترجمہ مین کس طرح مکافات احسان اُس شخص کی کرون جو اپنی بزرگ تر نعمت کو یہہ بھی نہین سمجھتا کہ اُس کا مجھ پر کچھ احسان ہی۔

وقال ایضا فی صباہ

قِفَا تَرَيَا وَدْقِی فَهَاتَا الْمَخَائِلُ	وَلَا تَخْشَيَا خُلْفًا لِمَا اَنَا قَائِلُ

ہاتا اسم اشارۃ بمعنی ہذہ ای ہذہ المخائل۔ والمخائل البرق وما یستدل بہ علے المطر۔ والودق المطر والخلف الاسم من اخلاف الوعد ترجمہ ای میرے دونون دوستو ٹھہرو تو میرے باران کو یعنے میرے بڑے عمدہ کامون کو دیکھو اُن کے ظہور کے یہہ آثار موجود ہین اور جو مین کہتا ہون اُسمین خلاف وعدگی سے نڈرو۔

رَمَانِی خِسَاسُ النَّاسِ مِنْ صَائِبٍ اسْتِهِ	وَاٰخَرُ قُطْنٌ مِنْ يَدَيْهِ الْجَنَادِلُ

خساس الناس اراذلہم۔ والصائب بمعنی المصیب۔ وقولہ من صائب استہ کقولہم جاءنی القوم من فارس وراجل یعنی من ہذہ الاجناس ترجمہ ارذل لوگون نے میرے اپنے طعنون کے تیر مارے سو اُنمین بعض تو ایسے ہین کہ اُنکے تیر اُن کے سرین ہی تلک پہنچتے ہین یعنی وہ طعن اُنھین پر منقلب ہو جاتے ہین اور بعض ایسے ہین کہ وہ مجھ پر کچھ اثر نہین کرتے اور وہ ایسے کمزور ہین کہ اُن کے ہاتھ کے پتھر مانند روئی کے نرم اور بے اثر ہین۔

وَمِنْ جَاهِلٍ بِی وَهُوَ يَجْهَلُ جَهْلَهُ	وَيَجْهَلُ عِلْمِی اَنَّهُ بِی جَاهِلُ

علمی مفعول یجہل وقولہ انہ ہو الفاعل ای یجہل جہلہ بے علمی او ہو مفعول علمی ای یجہل علمی بجہلہ ترجمہ اور بعض طاعن ایسے ہین کہ میرے رتبہ کی رفعت کو نہین جانتے اور نہ میرے مرتبہ کے نہ جاننے کو سو یہہ دو جہالتین ہوئین اور وہ یہہ بھی نہین جانتا کہ مین اُس کو جاہل جانتا ہون۔ یہہ اُسکی تیسری جہالت ہی۔

وَيَجْهَلُ اَنِّی مَالِكَ الْاَرْضِ مُعْسِرًا	وَاَنِّی عَلَى ظَهْرِ السِّمَاكَيْنِ رَاجِلُ

مالک الارض نصب علی الحال وعلے ظہر السماکین فی موضع الحال ای راکبا علے ظہر السماکین۔ والسماکان السماک الرامح والسماک الاعزل وہما ستۃ انجم کل سماک ثلاثۃ ترجمہ اور وہ یہہ بھی نہین جانتا کہ مین ایسے حال مین کہ تمام روئے زمین کا مالک ہو جاؤن بسبب اپنی ہمت بلند کے اپنے نزدیک مفلس تنگدست

ہوں اور جس حالت میں کہ ہر دو نجوم سائرین کی پشت پر سوار ہو جاؤں اپنے کو پیادہ سمجھتا ہوں کیونکہ میری ہمت اس سے زیادہ مرتبہ کی خواہاں ہے۔

تُحَقِّرُ عِنْدِیْ ھِمَّتِیْ کُلَّ مَطْلَبٍ	وَیَقْصُرُ فِیْ عَیْنِیْ الْمَدَی الْمُتَطَاوِلُ

ترجمہ میری ہمت میری رائے میں ہر مطلب عظیم کو حقیر اور ناچیز دکھاتی ہے اور نہایت بعید کو کمتر۔

وَمَا زِلْتُ طَوْدًا لَا تَزُوْلُ مَنَاکِبِیْ	اِلٰی اَنْ بَدَتْ لِلضَّیْمِ فِیَّ زَلَازِلُ

الطود الجبل العظیم ومناکبہ اعالیہ ترجمہ اور میں ہمیشہ ایسا کوہ رہا کہ میرے دوشوں کو حرکت نہ تھی یہاں تک کہ مجھ میں ظلم طاغیان کے زلزلے ظاہر ہو گئے اور میں بسبب شدت غضب حرکت میں آگیا۔

فَقَلْقَلْتُ بِالْھَمِّ الَّذِیْ قَلْقَلَ الْحَشَا	قَلَاقِلَ عِیْسٍ کُلُّھُنَّ قَلَاقِلُ

قلقل حرک۔ وقلاقل عیس جمع قلقل وہی الناقۃ الخفیفۃ السریعۃ السیر ترجمہ سو میں نے بسبب ایسے غم کے جس نے میرے اعضاء باطنی کو ہلا دیا ایسے ناقہائے سریع السیر کو حرکت دی جو سب کی سب حرکات مجسم تھیں یعنے میں نے ایسے ناقدر دانوں سے سفر اختیار کیا۔ وعاب الصاحب اسمٰعیل بن عباد ابا الطیب بہذا البیت وقال ما اقلقل اسد احشاءہ وما ہذہ القافات الباردۃ۔ ولا یلزمہ من ہذا عیب فقد جرت العادۃ بذلک فقد شلشل الاعشی وسلسل مسلم بن الولید وبلبل الثعالبی فقال ؎ واذا البلابل افصحت بلغاتہا ÷ فانف البلابل باحتساء بلابل۔

اِذَا اللَّیْلُ وَارَانَا اَرَتْنَا خِفَافُھَا	بِقَدْحِ الْحَصٰی مَا لَا تُرِیْنَا الْمَشَاعِلُ

واراہ سترہ۔ والمشاعل جمع مشعل ترجمہ جبکہ شب بسبب اپنی تاریکی کے ہمکو پوشیدہ کرتی تھی تو شتروں کے موزے یعنے انکے پاؤں بسبب پتھروں کے صدمہ کے اسقدر اشیا کو بباعث اپنی روشنی کے ہمکو دکھاتے تھے جسقدر ہمکو مشعلوں کی روشنی نہیں دکھاتی تھی یعنے بسبب تیز روی شتروں کے پتھر آپس میں ٹکراتے تھے اور انہیں سے آگ نکلتی تھی۔

کَاَنِّیْ مِنَ الْوَجْنَاءِ فِیْ ظَھْرِ مَوْجَۃٍ	رَمَتْ بِیْ بِحَارًا مَا لَھُنَّ سَوَاحِلُ

الوجناء الناقۃ الغلیظۃ الوجنۃ ترجمہ ناقہ کو موج اور صحرا کو بسبب وسعت کے دریا اور اپنے آپکو مثل موج زدہ کے ٹھہرا کر کہتا ہے کہ گویا میں سواری ناقہ کے سبب ایسی موج کی پشت پر سوار تھا کہ اس نے مجھکو ایسے دریاؤں میں ڈال رکھا تھا جنکے کنارے نہ تھے۔ والضمیر فی رمت للموجۃ۔

یُخَیَّلُ لِیْ اَنَّ الْبِلَادَ مَسَامِعِیْ	وَاَنِّیْ فِیْھَا مَا تَقُوْلُ الْعَوَاذِلُ

اراد بالبلاد المفاوز ترجمہ میرے لئے ایسا خیال باندھا جاتا تھا کہ جنگل اور میدان گویا میرے کان ہیں اور میں انہیں گفتگو ملامت گرونکی ہوں یعنی میں ایک شہر سے گزر کر دوسرے شہر میں بلا توقف جاتا تھا اور ٹھہرتا نہ تھا جیسے ملامت کثرت اسفار دخول ہمالک میرے کان میں نہیں ٹھہرتی ایک کان میں آتی ہے اور دوسرے سے نکلجاتی ہے۔ ۳۵

وَمَنْ يَّبْغِ مَا اَبْغِيْ مِنَ الْمَجْدِ وَالْعُلٰے ۔ تَسَاوَى الْمَحَايِيْ عِنْدَهٗ وَالْمَقَاتِلُ

العلی تانیث الاعلی۔ والمحایی جمع المحیا کالصحاری للصحرا وہو مفعل من الحیوۃ ترجمہ اور جو شخص اس شرف و بلندنامی کا طالب ہو جو مین چاہتا ہون تو اُسکے نزدیک زندگیان اور مرگ برابر ہین۔

اَلَا لَيْسَتِ الْحَاجَاتُ اِلَّا نُفُوْسَكُمْ ۔ وَلَيْسَ لَنَا اِلَّا السُّيُوْفَ وَسَائِلُ

نصب السیوف لانہا استثنار مقدم ترجمہ ای دشمنون یا ای ملوک عصر خبردار ہو کہ میرے مطالب سوائے تمھاری جان لینے کے اور کچھ نہین اور ہمکو سوائے اپنی شمشیرون کے اس غرض کے لئے اور وسیلے نہین ہین یہ اُس کی لن ترانیان اُس کے حمق پر دلالت کرتی ہین۔

فَمَا وَرَدَتْ رُوْحَ امْرِئٍ رُوْحُهٗ لَهٗ ۔ وَلَا صَدَرَتْ عَنْ بَاخِلٍ هُوَ بَاخِلُ

ترجمہ سو میری شمشیر کسی ایسے مرد کی روح لینے کو نہین اُترتی کہ اُسکی روح اُسکی ملک ہے بلکہ وہ میری ملک ہو جاتی ہو اور وہ کسی بخیل کے پاس سے ایسے حال مین نہین لوٹتی کہ وہ اپنی جان کے دینے مین بخیل رہے بلکہ وہ اپنی جان دے ہی دیتا ہو۔

غَثَاثَةُ عَيْشِيْ اَنْ تَغِثَّ كَرَامَتِيْ ۔ وَلَيْسَ بِغَثٍّ اَنْ تَغِثَّ الْمَاٰكِلُ

الغثاثۃ الہزل۔ وغث اللحم اذا کان مہزولا ترجمہ میری زندگی کی لاغری یعنی بےلطفی یہ ہو کہ میری عزت و حرمت بےلطف و لاغر ہو جائے اور یہ نہین ہو کہ میری خوراکین کم ہو جائین اُنکو تو مین کچھ بھی نہین سمجھتا۔

وقال لصدیق لہ فی صباہ

اَحْبَبْتُ بِرَّكَ اِذْ اَرَدْتُ رَحِيْلًا ۔ فَوَجَدْتُ اَكْثَرَ مَا وَجَدْتُ قَلِيْلًا

ترجمہ جب مین نے سفر کا ارادہ کیا تو مین نے چاہا کہ تیرے ساتھ احسان کرون سو اکثر اُس مقدار کا جو مین نے اپنے پاس پایا بہ نسبت تیرے مرتبۂ عالی کے کمتر پایا۔

وَعَلِمْتُ اَنَّكَ فِي الْمَكَارِمِ رَاغِبٌ ۔ صَبٌّ اِلَيْهَا بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا

ترجمہ اور یہ مجھے معلوم تھا کہ تو عمدہ باتون مین رغبت کرنیوالا اور اُنکا صبح شام عاشق ہو۔

فَجَعَلْتُ مَا تُهْدِيْ اِلَيَّ هَدِيَّةً ۔ مِنِّيْ اِلَيْكَ وَظَرْفَهَا التَّامِيْلَا

شارح ابو الفتح کہتا ہو کہ یہ شعر دو معانی کا محتمل ہو۔ ایک تو یہ کہ اُسکے دوست نے اُسکو کچھ ہدیہ دیا ہو جو متنبی نے اُسکو بطور ہدیہ واپس دیدیا ہو۔ دوسرے یہ کہ اُسکا یہ ارادہ ہو کہ تیری کریمانہ یہ عادت ہو کہ بوقت رخصت بطور زاد راہ مجکو یہ ہدیہ دیا کرتا ہو سو مین اُسیکو بطور ہدیہ تجکو دیتا ہون یعنی مین تجھ سے یہ چاہتا ہون کہ اب اُسکی آپ تکلیف نہ فرمائیے۔ شارح عروضی اسکے یہ معنی کہتا ہو کہ ای دوست تیرا ارادہ مجکو کچھ دینے کا ہو سو مین اپنے اُس ہدیہ کے قبول کرنے کو ہی

اپنا ہدیہ تیرے لئے سمجھتا ہون کیونکہ تو قبول ہدیہ کو بہت دوست رکھتا ہو شارح واحدی پاس معنی اخیر کو بہت پسند کرتا ہی قولہ وظرفا انما میلا الظرف وعاء الشئی یعنے مین نے اپنی تا میل کو جو قبول ہدیہ پر مشتمل ہو مثل استعمال ظرف کے مظروف پر کردیا اور ہدیہ حسب اقوال مذکورہ مختلف ہو صورت اول مین ہدیہ ممدوح اُسکے پاس پہنچگیا۔ دوم مین ہدیہ یہ ہوگا کہ مدوح مادح کو کوئی ہدیہ ندے۔ سوم مین یہ کہ دوست متنبی کو کچھ ہدیہ دے۔

بِرٌّ یَخِفُّ عَلٰی یَدَیْكَ قَبُوْلُہٗ		وَیَکُوْنُ مَحْمِلُہٗ عَلَیَّ ثَقِیْلاً	

ترجمہ یہ ایسا احسان ہو کہ تیرے ہاتھون پر اُس کے قبول کا بار نہین پڑتا اور اُس کے شکر کا تحمل بسبب اُسکے کمال کے مجھپر سخت گران ہوگا شارح ابوالفتح کہتا ہی کہ اُس مین تجھے کچھ تکلیف نہوگی کیونکہ مین نے تجکو کوئی شئی اپنے مال مین سے نہین دی بلکہ وہ تیرا ہی مال تھا جو تیرے پاس لوٹ گیا۔ اور عروضی کہتا ہی کہ میری تفسیر بیت سابق کی تفسیر ہی کیونکہ شاعر کہتا ہی کہ یہ ہدیہ یعنی قبول تیرے ہدیہ کا ایک احسان ہی جسکو تو پسند کرتا ہی اسمین مجھپر کچھ احسان نہین ہی۔

وقال یمدح شجاع بن محمد الطائی المنبجی

عَزِیْزٌ اَسًی مَنْ دَاؤُہُ الْحَدَقُ النُّجْلُ	عَیَاءٌ بِہٖ مَاتَ الْمُحِبُّوْنَ مِنْ قَبْلُ

عزیز ای شدید صعب غالب علی البصیر من قولہ تعالی عزیز علیہ ما عنتم او من عزاذا قل وجودہ والآسی فیہ وجہان احدہما الحزن و فعلہ اسی یاسی۔ والآخر الاصلاح وفعلہ اسایا سو ومنہ اسوۃ ای اصلحتہ۔ والحدق جمع حدقۃ وہی السواد الذی فی العین والنجل الواسعات جمع نجلاء۔ والعیاء الداء الذی لاعلاج لہ قد اعیی الاطباء ترجمہ سخت ہو از روے علاج کے وہ شخص جسکا سبب مرض چشمان فراخ ہین یہ ایک ایسا لاعلاج مرض ہو کہ عاشقان سابق اسمین مبتلا ہو کر مرے ہین۔

وَمَنْ شَاءَ فَلْیَنْظُرْ اِلَیَّ فَمَنْظَرِیْ	نَذِیْرٌ اِلٰی مَنْ ظَنَّ اَنَّ الْھَوٰی سَھْلُ

ترجمہ اور جو شخص عاشق ہونا چاہے تو پہلے یہ شایان ہو کہ مجکو دیکھ لے کیونکہ میرا دیکھنا یا میرا جسم ڈرانیوالا ہی اُس شخص کو جو خیال کرتا ہی کہ عشق ایک امر آسان ہی۔

وَمَا ھِیَ اِلَّا لَحْظَۃٌ بَعْدَ لَحْظَۃٍ	اِذَا نَزَلَتْ فِیْ قَلْبِہٖ رَحَلَ الْعَقْلُ

ترجمہ اور محبت نہین ہو مگر بار بار معشوق کا دیکھنا اور جب وہ دل عاشق مین اُترتی ہی تو عقل کوچ کرجاتی ہی۔

جَرٰی حُبُّہَا مَجْرٰی دَمِیْ فِیْ مَفَاصِلِیْ	فَاَصْبَحَ لِیْ عَنْ کُلِّ شُغْلٍ بِہَا شُغْلُ

ترجمہ عشق محبوبہ میرے سارے اعضا مین ایسا پھیلگیا ہو جیسا خون سو اب مجکو اسمین ایسی محویت ہو کہ کسین کی خبر نہین ہی۔

وَمِنْ جَسَدِیْ لَمْ یَتْرُكِ السُّقْمُ شَعْرَۃً	فَمَا فَوْقَہَا اِلَّا وَفِیْہَا لَہٗ فِعْلُ

السقم۔ والسقم بالتحریک والتسکین وضم السین لغتان فصیحتان وما فوقہا یجوزان یکون ما ہو اعظم منہا ویجوزان یرید ما دونہا ای اصغر کما قال المفسرون فی قولہ تعالی بعوضۃ فما فوقہا بالوجہین ترجمہ بیماری عشق نے میرے جسم مین قلیل و کثیر کچھ نہین چھوڑا

مگر اس میں اُس کا کامل اثر ہی۔

اِذَا عَذَلَ لُوَّامُهَا اَجَبْتُ بِاَنَّهُ	حُبَيِّبَتَا قَلْبِي فُؤَادِي هَيَا جُمْلُ

ابدل الیار من حبیبتی فی الندار الفا تخفیفا۔ وقلبی بدل من قولہ حبیبتا وفوادی بدل من قلبی ندار بعد ندا کقولک اخی سیدی مولائی وہو فی موضع نصب لانہ منادی مضاف اراد یا حبیبتی یا قلبی یا فوادی۔ والقلب والفواد ہما الحبیبۃ وقال الواحدی یجوز ان تکون الالف فیہ للندبۃ اراد یا حبیبتاہ یا قلباہ یا فواداہ لحذف الہار للدرج فی الکلام واراد حبیبۃ قلبی فصغرہا للتقریب من قلبہ وجمل من اسمار نسار العرب کہند وسلمی۔ وقولہ انہ ہی نعاۃ من الانین وتکون من شدۃ الوجع ترجمہ جب ملامتگر محبوبہ کے معاملہ میں مجکو ملامت کرتے ہیں تو میں اُنکی گفتگو کیطرف التفات نہیں کرتا اور اُنکو رونے کا جواب دیتا ہوں یعنی رو پڑتا ہوں اور کہتا ہوں کہ ای میری بڑی پیاری ای میرے دل ای جمل میری فریادرسی کر اور مجکو رنج مفارقت سے نجات دے۔ اگلے شعر میں اس کی تفسیر ہی۔

كَاَنَّ رَقِيْبًا مِّنْكِ سَدَّ مَسَامِعِيْ	عَنِ الْعَذْلِ حَتّٰى لَيْسَ يَدْخُلُهَا الْعَذْلُ

الرقیب المحافظ ترجمہ میرا حال ملامت کے نہ سننے میں ایسا ہی کہ گویا تیری طرف سے ایک محافظ نے میرے کان ملامت کے سننے سے بند کر دیے ہیں تاکہ اُنمیں ملامت داخل نہو سکے۔

كَاَنَّ سُهَادَ اللَّيْلِ يَعْشَقُ مُقْلَتِيْ	فَبَيْنَهُمَا فِيْ كُلِّ هَجْرٍ لَنَا وَصْلُ

ترجمہ گویا بیداری شب میری آنکھ پر عاشق ہی سوان دونوں میں ہماری ہر شب ہجر میں ملاقات رہتی ہی خلاصہ یہ ہی کہ میں شب ہجر میں سوتا نہیں ہوں۔

اُحِبُّ الَّتِيْ فِي الْبَدْرِ مِنْهَا مَشَابِهٌ	وَاَشْكُوْ اِلٰى مَنْ لَّا يُصَابُ لَهُ شَكْلُ

الشکل الشبیہ والنظیر۔ والمشابہ جمع شبہ کالمحاسن جمع حسن ترجمہ میں اُس محبوبہ کا عاشق ہوں کہ بدر میں اُس کی متعدد مشابہتیں ہیں جیسا نور اور حسن اور ارتفاع محل اور لوگوں سے جدا رہنا اور اُس کے صدمۂ فراق کی اُس شخص سے شکایت کرتا ہوں جسکے کوئی مشابہ نہیں پایا جاتا کہ اُسکی عطایا کے ذریعہ سے میری وہاں تلک رسائی ہو جائے۔ وہذا مخلص جید حسن لانہ خرج من الغزل الی المدح وفضل الممدوح علے محبوبتہ بالکمال بالفاظ عذاب سلس سہل بقولہ لا یصاب لہ نظیر۔

اِلٰى وَاحِدِ الدُّنْيَا اِلَى ابْنِ مُحَمَّدٍ	شُجَاعِ الَّذِيْ لِلّٰهِ ثُمَّ لَهُ الْفَضْلُ

شجاع بدل من ابن وحذف منہ التنوین ومثلہ کثیر فی الشعر القدیم والحدیث ترجمہ اُسکی محبت کا شکوہ یگانۂ زمانہ ابن محمد شجاع سے کرتا ہوں کہ اُس کو بعد خداوند تعالی کے فضل ومجد ثابت ہی۔

اِلَى الثَّمَرِ الْحُلْوِ الَّذِيْ طَيِّئٌ لَهُ	فُرُوْعٌ وَقَحْطَانُ بْنُ هُوْدٍ لَهُ اَصْلُ

قحطان بن ہود وہو ابو قبائل الیمن وعدنان ابو قبائل العرب ترجمہ میں شکوہ جور محبوبہ کا اُس شیرین ثمرے کرونگا جسکی

اصل قحطان بن ہود ہی اور بنی طی اُس کی شاخین ہین-

إِلَى سَيِّدٍ لَوْ بَشَّرَ اللهُ أُمَّةً ۔۔۔ بِغَيْرِ نَبِيٍّ بَشَّرَتْنَا بِهِ الرُّسُلُ

ترجمہ میرا شکوہ ایسے سردار کیطرف ہی کہ اگر اللہ تعالیٰ کسی اُمت کو سوائے نبی کے اور کسی کی بشارت دیتا تو ممدوح کے پیدا ہونے کی رسولان خدا ہکو ضرور خوشخبری دیتے مگر اللہ تعالیٰ سوائے انبیا کے اور کسی کی بشارت نہین دیتا اسلئے تیری بھی بشارت نہین دی-

إِلَى القَابِضِ الأَرْوَاحِ وَالضَّيْغَمِ الَّذِي ۔۔۔ تُحَدِّثُ عَنْ وَقَفَاتِهِ الخَيْلُ وَالرَّجْلُ

من روی الارواح بالنصب نصبہ باسم الفاعل ومن رواہ بالخفض جعلہ مثل الحسن الوجہ وسکن قاف الوقفات للضرورة والرجل جمع راجل ترجمہ مین شکوہ کرتا ہون ایسے بہادر شخص سے جو دشمنون کی جانون کا قابض ہی- اور وہ ایسا دلیر شیر ہی کہ اُس کی لڑائیون کا حال اور اُسکی بہادری کی کیفیت تمام سوار وپیادے جنہون نے اُس کے وقائع بچشم خود دیکھے ہین بیان کرتے ہین-

إِلَى رَبِّ مَالٍ كُلَّمَا شَتَّ شَمْلُهُ ۔۔۔ تَجَمَّعَ فِي تَشْتِيتِهِ لِلْعُلَى شَمْلُ

شت تفرق ترجمہ ایسے صاحب مال کیطرف کہ جب اُس کے مال کی جمعیت متفرق ہوجائے تو اُس مال کے متفرق کرنیکے سبب بلندنامی کی تفریق جمع ہوجاتی ہی- خلاصہ یہ کہ اُسکی سخاوت باعث حصول بلندنامی ہی-

هُمَامٌ إِذَا مَا فَارَقَ الغِمْدَ سَيْفُهُ ۔۔۔ وَعَايَنْتَهُ لَمْ تَدْرِ أَيُّهُمَا النَّصْلُ

ترجمہ وہ ایسا باہمت سردار ہی کہ جب اُسکی شمشیر اپنی میان سے باہر ہوتی ہی اور تو اُسکو اُسوقت دیکھے تو تو یہ نجانے کہ اُن دونون مین شمشیر کون ہی کیونکہ وہ بھی مثل شمشیر اپنے ارادون مین تیز ہی-

رَأَيْتَ ابْنَ أُمِّ المَوْتِ لَوْ أَنَّ بَأْسَهُ ۔۔۔ فَشَا بَيْنَ أَهْلِ الأَرْضِ لَانْقَطَعَ النَّسْلُ

ابن ام الموت اخو الموت ترجمہ تو ممدوح کو دشمنون کے لئے ایسا برادر موت دیکھے گا کہ اگر اُسکا خوف اہل زمین مین فاش ہوجائے تو مارے خوف کے آپسہین سب مرجاوین اور سلسلۂ توالد بالکل منقطع ہوجائے-

عَلَى سَابِحٍ مَوْجَ المَنَايَا بِنَحْرِهِ ۔۔۔ غَدَاةً كَأَنَّ النَّبْلَ فِي صَدْرِهِ وَبْلُ

ترجمہ ممدوح کو ایسے گھوڑے نرم رفتار پر دیکھا کہ گویا وہ موتون کی فوج مین اپنے سینہ کے زور سے تیرتا ہی اُس صبح کو کہ گویا تیر اُس کے سینہ مین مثل باران کثیر لگتے ہین اور وہ اُنکی کچھ پروا نہین کرتا-

وَكَمْ عَيْنِ قِرْنٍ حَدَّقَتْ لِنِزَالِهِ ۔۔۔ فَلَمْ تُغْضِ إِلَّا وَالسِّنَانُ لَهَا كُحْلُ

القرن بکسر القاف الکفو- والتحدیق شدة النظر- واغضت العین غمضت ترجمہ اور اُس کے ہمسران جنگ کی بہت آنکھون نے لڑائی کیلئے اُسکی طرف تیز دیکھا سو اُنکی چشم جھپکنے بھی نہین پائی کہ بھال نیزۂ ممدوح کی منزلۂ سرمہ یعنی میل سرمہ کے ہوگئی یعنی چشم زدن

مین اُسکو مار ڈالا۔

	إِذَا قِيلَ رِفْقًا قَالَ لِلْحِلْمِ مَوْضِعٌ		وَحِلْمُ الْفَتَى فِي غَيْرِ مَوْضِعِهِ جَهْلُ

ترجمہ جب بوقت جنگ اُسکے ہمسر کہتے ہین کہ لڑائی مین نرمی کیجیے تو وہ جواب مین کہتا ہو کہ حلم اپنے موقع پر اچھا معلوم ہوتا ہو اور غیر موضع حلم مین جوان کا حلم جہالت مین داخل ہو۔

	وَلَوْلَا تَوَلِّي نَفْسِهِ حَمْلَ حِلْمِهِ		عَنِ الْأَرْضِ لَانْهَدَّتْ وَنَاءَ بِهَا الْحِمْلُ

انہدت سقطت ونار بالحمل ای اثقلہ والحمل بالکسر ما کان علی ظہر وبالفتح ما کان فی بطن او شجرۃ ترجمہ اگر ممدوح زمین سے اپنے حلم کے بوجھ اُٹھانے کا متکفل ہوتا اور اُسکو اپنے اُوپر نہ اُٹھا لیتا تو زمین بوجھ سے گر پڑتی اور حلم کا بار بسبب گرانی کے اُسکو دبا لیتا۔ چونکہ حلم کو ثقیل مان رکھا ہو چنانچہ کوہ وقار کہتے ہین اس لئے گرانی مین مبالغہ کیا ہو۔ خلاصہ یہ کہ اگر اُس کا حلم مجسم ہو تو اُس کا ثقل اسقدر ہوگا کہ زمین اُسکو نہ اُٹھا سکے۔

	تَبَاعَدَتِ الْآمَالُ عَنْ كُلِّ مَقْصِدٍ		وَضَاقَ بِهَا إِلَّا إِلَى بَابِكَ السُّبْلُ

ترجمہ لوگون کی اُمیدین ہر موقع اُمید سے دور ہو گئین اور اُنکا راستہ سوائے تیرے دروازہ کے تنگ اور بند ہو گیا یعنی اب سوائے تیرے کوئی اُمیدگاہ خلائق نہین رہا۔

	وَنَادَى النَّدَى بِالنَّائِمِينَ عَنِ السُّرَى		فَأَسْمَعَهُمْ هُبُّوا فَقَدْ هَلَكَ الْبُخْلُ

ہب الرجل من نومہ استیقظ ترجمہ اور جو لوگ بسبب شب روی کے سوتے ہوئے اور غافل تھے یعنی سفر کرکے بامید عطا تیرے پاس نہین آتے تھے اُنکو تیری سخاوت نے پکارا کہ جاگو اور ہمارے پاس آؤ کہ بخل ہلاک ہو گیا۔ اور یہ پکارنا اسقدر عمل مین آیا کہ اُنکو سُنا دیا۔

	وَحَالَتْ عَطَايَا كَفِّهِ دُونَ وَعْدِهِ		فَلَيْسَ لَهُ إِنْجَازُ وَعْدٍ وَلَا مَطْلُ

ترجمہ اور اُسکے ہاتھ کی بخششین اُس کے وعدہ سے ورے حائل ہو گئین پس وہ وعدہ نہین کرتا کہ اُس کا پورا کرنا لازم ہو نہ عطا مین درنگ ہو یعنی اُس کی عطا فوری اور نقد ہو وعدہ و درنگ کا جھگڑہ ہی نہین رکھا۔

	فَأَقْرَبُ مِنْ تَحْدِيدِهَا رَدُّ فَائِتٍ		وَأَيْسَرُ مِنْ إِحْصَائِهَا الْقَطْرُ وَالرَّمْلُ

ترجمہ رد فائت جسپر کوئی قادر نہین ہو وہ بھی اتنا متعذر نہین جیسے اُسکی بخشش کی حدبانی اور قطرات باران و ذرات ریگ بیابان کا شمار اُس کے عطایا کے شمار کی بہ نسبت بہت آسان ہو۔

	وَمَا تَنْقِمُ الْأَيَّامُ مِمَّنْ وُجُوهُهَا		لِأَخْمَصِهِ فِي كُلِّ نَائِبَةٍ نَعْلُ

ما یجوز ان یکون استفہاما بمعناہ الانکار ویجوز ان یکون نفیا واخبارا ووجوہہا مبتدء وخبرہ نعل واللام متعلق بہ ومن متعلق بتنقم وما نقموا منا ای کرہوا وعابوا۔ والاخمص باطن القدم ترجمہ اور زمانہ اُس شخص کے کس کام کو مکروہ و معیوب سمجھے گا

جس کے روبرو وہ ایسا ذلیل وخوار ہی کہ زمانہ کے چہرے اُس کے کف پا کے ہر حادثہ مین جوتے ہین پس بیچارہ ممدوح کا کیا مقابلہ کرسکتا ہی۔

وَمَا عَزَّهُ فِيهَا مُرَادٌ اَرَادَهُ		وَاِنْ عَزَّ اِلَّا اَنْ يَكُوْنَ لَهُ مِثْلُ	

عزہ غلبہ وقہرہ ترجمہ اور زمانہ مین کسی مراد کے پورے ہونے نے جب کا اُس نے ارادہ کیا ہو اگرچہ وہ دشوار و کمیاب ہو اُسکو مغلوب اور عاجز نہین کیا مگر اسبات نے کہ اُسکی مثل ہو یہ آرزو تو کسیطرح سے پوری نہین ہوسکتی کیونکہ وہ عدیم المثل ہی۔

كَفَى ثُعَلًا فَخْرًا بِاَنَّكَ مِنْهُمُ		وَدَهْرٌ لِاَنْ اَمْسَيْتَ مِنْ اَهْلِهِ اَهْلُ	

دہرا بالنصب عطف علی قولہ ثعلا واہل خبر مبتدء محذوف ای کفی دہرا فخرا لان امسیت من اہلہ ہو اہل ای مستحق و مستاہل ترجمہ ای ممدوح تیرے قبیلہ ثعل کو تمام عرب پر فخر کرنے کے لئے یہ فضیلت کافی ہی کہ تو اُس مین سے ہی اور تیرے زمانہ کو تمام ازمنہ گذشتہ اور آیندہ پر فخر کرنے کے واسطے یہ خوبی بس ہی کہ تو اس زمانہ کے لوگون مین سے ہی اور حقیقت مین یہ فخر تیرے زمانہ موجود کے لئے شایان وکافی ہی۔

وَوَيْلٌ لِنَفْسٍ حَاوَلَتْ مِنْكَ غِرَّةً		وَطُوْبَى لِعَيْنٍ سَاعَةً مِنْكَ لَا تَخْلُوْ	

ترجمہ اُس جان کو افسوس جو تجھ سے غفلت کرے اور خوشی ہو اُس آنکھ کو جو ایک لحہ بھی تجھ سے خالی نرہے۔

فَمَا بِفَقِيْرٍ شَامَ بَرْقَكَ فَاقَةٌ		وَلَا فِيْ بِلَادٍ اَنْتَ صَيِّبُهَا مَحْلُ	

شام البرق تطلع الیہ وال سحابہ این یمطر والفاقۃ الحاجۃ۔ والصیب المطر الشدید والمحل الجدب ترجمہ سو اُس فقیر کو جو تیرے برق عطا کو دیکھتا ہی کوئی حاجت نہین رہتی سب پوری ہوجاتی این آور نہ اُن بستیون مین جنکا تو ابر بسیار بار ہی قحط پڑتا ہی کیونکہ تیرے ہوتے باران کی اُنکو حاجت نہین رہتی۔

وقال یمدح عبدالرحمن بن المبارک

صِلَةُ الْهَجْرِ لِيْ وَهَجْرُ الْوِصَالِ		نَكَسَانِيْ فِي السُّقْمِ نُكْسَ الْهِلَالِ	

نکس المریض ینکس نکسا ای اعید الی المرض یستعمل مجہولا۔ وصلۃ کعدۃ مصدر ترجمہ وصال ودوری یار اور دوری وصال نے مجکو بیماری مین ایسا گھٹایا جیسا ہلال بعد ترقی کے گھٹتے گھٹتا ہی یعنی ہجر نے مجکو ترقی معکوس مین مبتلا کردیا ہی۔

فَغَدَا الْجِسْمُ نَاقِصًا وَالَّذِيْ يَنْقُصُ مِنْهُ يَزِيْدُ فِيْ بَلْبَالِيْ		

البلبال شدۃ الہم والحزن ترجمہ سو میرا جسم گھٹتا جاتا ہی اور جسقدر اُس سے گھٹتا ہی اُسیقدر میری بےچینی بڑھتی ہی۔

	قِفْ عَلَى الدِّمْنَتَيْنِ بِالدَّوِّ مِنْ رَيَّا كَخَالٍ فِيْ وَجْنَةٍ جَنْبَ خَالِ	

الدمنتین تثنیۃ دمنۃ وہی آثار الدار والدو الارض المستویۃ القفرۃ وریا اسم امرأۃ ترجمہ مسماۃ ریا کے دو کھنڈرون پر جو چٹیل میدان مین این ٹھہر اُس وقت کو یاد کر جب یہ محبوبہ اُسمین آباد تھی اور اب تو وہ ایسے رہگئے ہین جیسے کسی رخسارہ پر

ایک خال دوسرے خال کے پہلو مین یعنے کہنہ ہوکر سیاہ ہوگئے ہین۔

بِطُلُولٍ کَاَنَّھُنَّ نُجُومٌ   فِی عِرَاصٍ کَاَنَّھُنَّ لَیَالِی

العراص وسط الدار ترجمہ ایسے کھنڈرون پر ٹھہر کر وہ بسبب شدت ظہور کے گویا ستارے ہین ایسے صحنون مین گویا وہ شبہائے تاریک ہین خلاصہ یہہ ہی کہ مسکن یار کے کھنڈر مثل ستارون کے ہین اور انکے صحن خالی مثل کالی راتکے

وَنُؤِیٍّ کَاَنَّھُنَّ عَلَیْھِنَّ   خِدَامٌ خُرْسٌ بِسُوقٍ خِدَالِ

النوی جمع نوی کدلو ودلی وھو مایحفر حول البیت لیقیہ ان یدخلہ ماء المطر کالخندق حول البلد والخدام جمع خدمۃ و اصلہ سیر یشد فی رسغ البعیر وبہ سمی الخلخال خدمۃ۔ والخدال السمان ترجمہ اوران چھوٹی خندقون کو دیکھ جو ڈیرے کے گرد واسطے حفاظت داخل ہونے پانی کے کھودی ہوتی ہین گویا وہ گول گڈھے ان ڈیرون پر ایسی خلخالین ہین جو موٹی ساقون پر پہنائی گئی ہین اور اس لئے وہ بجتی نہین ہین۔ دستور ہی کہ آواز دار زیور جب ساق فربہ پر پہنائے جائین تو پھنس جانے کے سبب بجتے نہین۔

لَا تَلُمْنِی فَاِنَّنِی اَعْشَقُ الْعُشَّاقِ   فِیھَا یَا اَعْذَلَ الْعُذَّالِ

الضمیر فی فیہا للثریا المحبوبۃ۔ ترجمہ ای بڑھیا ملامتگر تو مجکو محبوبہ کے عشق مین ملامت مت کر کیونکہ مین عاشقون مین سب سے بڑھیا ہون۔ سو مین تیری کب سنتا ہون۔

مَا تُرِیدُ النَّوَی مِنَ الْحَیَّۃِ الذَّوَّاقِ   حَرَّ الْفَلَا وَبَرْدَ الظِّلَالِ

النوی البعد والفراق۔ والحیۃ الذواق یرید نفسہ ترجمہ فراق مجھ سے جو ایک مار گرمی دشت دیدہ و خنکی سایہ کشیدہ ہون کیا چاہتا ہی یعنی مین لے سب مصائب جھیلے ہین اور کیا زمانہ مجکو ستا سکتا ہی۔

فَھُوَ اَمْضَی فِی الرَّوْعِ مِنْ مَلَکِ الْمَوْتِ   وَاَسْرَی فِی ظُلْمَۃٍ مِنْ خَیَالِ

ترجمہ سو وہ سانپ یعنی مین ملک الموت سے زیادہ خوفناک جگہون مین قبض ارواح کے لئے گھسنے والا ہون اور تاریکی مین خیال سے زیادہ چلنے والا۔

وَلِحَتْفٍ فِی الْعِزِّ یَدْنُو مُحِبٌّ   وَلِعُمْرٍ یَطُولُ فِی الذُّلِّ قَالِی

ترجمہ اور وہ مار کہ یعنے مین اس موت کو جو عزت مین آوے دوست رکھتا ہون اور اس عمر کو جو بحالت ذلت دراز ہووے دشمن سمجھتا ہون۔

نَحْنُ رَکْبٌ مِلْجِنِّ فِی زِیِّ نَاسٍ   فَوْقَ طَیْرٍ لَھَا شُخُوصُ الْجِمَالِ

یرید من الجن فحذف النون لسکونہا وسکون اللام من الجن کما قالوا فی بنی العنبر بلعنبر ترجمہ ہم لوگ ایک شتر سواران جنکا قافلہ انسان کے لباس مین ہی جو ایسے پرندون پر یعنی شتران تیزرو پر سوار ہین جن کے اجسام بسبب فربہی وکلانی کے پہاڑون

کے مانند ہیں۔

مِنْ بَنَاتِ الْجَدِيلِ تَمْشِي بِنَا فِي الْبِيدِ مَشْيَ الْأَيَّامِ فِي الْآجَالِ	

الجدیل فحل کریم کانت العرب تنسب الابل الکرام الیہ ترجمہ وہ پرندے یعنی تیز رو ناقے دختران جدیل شتر نر مشہور سے ہیں وہ ہمکو جنگلوں میں ایسے تیز لیجاتے ہیں جیسا زمانہ موتوں میں چلتا ہی۔

كُلُّ هَوْجَاءَ لِلدَّيَامِيمِ فِيهَا	أَثَرُ النَّارِ فِي سَلِيطِ الذُّبَالِ

الہوجاء الناقۃ التی تری بنفسہا فی السیر لنشاطہ ولا یوصف بہ الذکر فلا یقال بعیر اہوج والدیامیم جمع دیمومۃ وہی الفلاۃ والسلیط الدہن والذبال جمع ذبالۃ وہی الفتیلۃ ترجمہ ہماری سواری ہر ناقہ تیز رو ہی کہ دشتہائے فراخ کو اُسکے اجسام میں ایسی تاثیر ہی جیسے آگ کو بتیوں کے تیل میں یعنے جیسے آگ بتیوں کے تیل کو فنا کردیتی ہی ایسے ہی مصائب سفر ناقوں کے جسم کو کھائے جاتے ہیں۔

عَامِدَاتٍ لِلْبَدْرِ وَالْبَحْرِ وَالضِّرْغَامَةِ ابْنِ الْمُبَارَكِ الْمِفْضَالِ	

عامدات قاصدات ترجمہ وہ تیز رو ناقے ایسے شخص کا قصد کرنیوالے ہیں جو حسن و شرف و علو مرتبہ میں مثل بدر ہی اور فیض میں مثل دریا اور شجاعت میں مثل شیر کے وہ کون ہی پسر مبارک کثیر الفضل جسکا فضل سب پر فائق ہی۔

مَنْ يَزُرْهُ يَزُرْ سُلَيْمَانَ فِي الْمُلْكِ جَلَالًا وَيُوسُفًا فِي الْجَمَالِ	

ترجمہ جو شخص اُس سے ملا تو وہ ایسے صاحب جلال بادشاہ سے ملا جسکی سلطنت مثل سلیمان وسیع ہی اور وہ مثل یوسف کے صاحب جمال ہی۔

وَرَبِيعًا يُضَاحِكُ الْغَيْثَ مِنْهُ	زَهَرُ الشُّكْرِ مِنْ رِيَاضِ الْمَعَالِي

ربیعا منصوب عطفا علی مفعول یزر ترجمہ اور وہ ایسے موسم بہار سے ملا جسکے باران سے شگوفہ شکر کی بلندنامیوں کے باغوں سے شگفتہ ہوتے ہیں۔ اُسکی نعمتوں کو باغ اور شکر کو کلیاں ٹھہرایا ہی۔

نَفَحَتْنَا مِنْهُ الصَّبَا بِنَسِيمٍ	رَدَّ رُوحًا فِي مَيِّتِ الْآمَالِ

نفح المسک اذا فاحت ریحہ وضمیر منہ للربیع ترجمہ صبا نے اُس ربیع کی ہمکو ایسی بوئے خوش پہنچائی جس نے ہماری اُمیدہائے مردہ میں دوبارہ جان ڈالدی۔ صبا سے مراد اُس کا ذکر خیر ہی جو سب جگہ مشہور ہی۔

هَمُّ عَبْدِ الرَّحْمٰنِ نَفْعُ الْمُوَالِي	وَبَوَارُ الْأَعْدَاءِ وَالْأَمْوَالِ

ترجمہ میرے ممدوح عبدالرحمن کا دلی قصد دوستوں کی نفع رسانی اور ہلاک دشمنان اور اُنھی اموال کا ہی۔

أَكْبَرُ الْعَيْبِ عِنْدَهُ الْبُخْلُ وَالطَّعْنُ عَلَيْهِ التَّشْبِيهُ بِالرِّئْبَالِ	

ترجمہ ممدوح کے نزدیک بڑا عیب بخل ہی اور اُس کو شیر سے تشبیہ دینا ایک بڑا طعنہ ہی کیونکہ وہ شیر سے زیادہ بہادر ہی۔

دَالجَاحَاتُ عِنْدَهُ نَغَمَاتٌ	سَبَقَتْ قَبْلَ سَيْبِهِ بِسُؤَالِ

السیب العطا ترجمہ اور جو سائلونکی آوازین بسبب اُن کے سوال کے قبل اُسکی عطا کے اُس کے کان مین آتی ہیں وہ آوازیں ممدوح کے حق مین بمنزلہ زخمون کے ہین کیونکہ وہ چاہتا ہی کہ مین قبل سوال سائلون کے حاجت روائی کرون

ذَاالسِّرَاجُ المُنِيرُ هٰذَا النَّقِيُّ الجَيْبِ هٰذَا بَقِيَّةُ الْأَبْدَالِ

النقی الجیب عبارۃ عن الطاہر من العیب وقیل الجیب القلب والابدال جمع بدل وہم العباد سموا ابدالا لانہم ابدال الانبیاء علیہم السلام فی اجابۃ دعواتہم ونصحہم للخلق اولانہ اذا مات احدہم ابدل اللہ مکانہ آخر فہم لاینقصون حتی یقوم الساعۃ وقیل ہم اربعون رجلا فی اقطار الارض ترجمہ ممدوح روشن چراغ ہدایت خلق کا ہی اور یہ پاک دل بے عیب ہی اور یہ ابدال اہل صلاح کا بقیہ ہی۔

فَخُذَا مَاءَ رِجْلِهِ وَانْضَحَا فِي الْمُدْنِ تَأْمَنْ بَوَائِقَ الزِّلْزَالِ

نضع الماء رشہ ترجمہ سواے میرے دونوں دوستون ممدوح کے پاؤن کا دھوون لو اور تمام شہرون مین چھڑکدو تو وہ شہر وملک زلزلون سے اُسکی برکت اور صلاح کے سبب بچ جاوین گے۔

وَامْسَحَا ثَوْبَهُ البَقِيرَ عَلَى دَائِكُمَا تُشْفَيَا مِنَ الْأَعْلَالِ

البقیر ثوب لاکم لہ وہو الذی یلبسہ الصبیان ویلبس للاموات عند التکفین ترجمہ اور اُس کے بے آستین کرتہ کو اپنے درد کی جگہ چھوا دو تو تمکو ساری بیماریون سے شفا ہو جاویگی کیونکہ وہ صالح بابرکت شخص ہی۔

مَالِئًا مِنْ نَوَالِهِ الشَّرْقَ وَالغَرْبَ وَمِنْ خَوْفِهِ قُلُوبَ الرِّجَالِ

المالیا منصوب علی الحال والشرق والغرب مفعولہ وکذا القلوب ترجمہ وہ ایسے حال مین ہی کہ وہ اپنی عطاے مشرق ومغرب کو اور اپنے خوف سے دل مردمان کو بھرنیوالا ہی۔

قَابِضًا كَفَّهُ اليَمِينَ عَلَى الدُّنْيَا وَلَوْ شَاءَ حَازَهَا بِالشِّمَالِ

ترجمہ وہ دنیا کو اپنی دہنی ہتیلی مین پکڑے ہوئے ہی اور اگر چاہے تو بائین مٹھی مین بوجہ بے بیمتی وہ دنیا پر بالکل قابو یافتہ ہی

نَفْسُهُ جَيْشُهُ وَتَدْبِيرُهُ النَّصْرُ وَأَلْحَاظُهُ الظُّبَا وَالعَوَالِي

الظبا السیوف جمع ظبۃ ترجمہ اُسکا نفس اُسکا لشکر ہی یعنی وہ تنہا ایک لشکر کا کام دیتا ہی اور اُسکی تدبیر ایسی صائب ہی کہ اُس کا انجام فتح ہوتا ہی اور ایسا صاحب رعب ہی کہ اُسکی نظرین قائم مقام شمشیرون اور نیزون کے ہین۔

وَلَهُ فِي جَمَاجِمِ المَالِ ضَرْبٌ	وَقْعُهُ فِي جَمَاجِمِ الْأَبْطَالِ

الجماجم جمع جمجمۃ وہی الرأس ترجمہ سرہاے اموال مین ممدوح ایسی ضرب لگاتا ہی کہ اُسکا اثر دلیران دشمن کے سرون

مین پہنچتا ہی یعنی وہ دل اپنے سوال کنون کو دیتا ہی جب تمام ہو جاتے ہین تو دشمنون کا مال لوٹکر اُن کو بخشتا ہی۔

فَهُمْ لِاتِّقَائِهِ الدَّهْرَ فِي يَوْمِ نِزَالٍ وَلَيْسَ يَوْمَ نِزَالِ

النزال المحاربۃ ترجمہ سو اُس کے دشمن بسبب اُس کے خوف کے ہمیشہ اپنے آپ کو لڑائی مین مبتلا سمجھتے ہین اگرچہ وہ یوم جنگ نہو۔ یعنی ممدوح کی لڑائی کا ہر وقت اُنکو خوف رہتا ہی۔

رَجُلٌ طِينُهُ مِنَ الْعَنْبَرِ الْوَرْدِ وَطِينُ الْعِبَادِ مِنْ صَلْصَالِ

العنبر الورد وہو الذی یضرب لونہ الی الحمرۃ والصلصال الطین الیابس الذی لہ صوت ترجمہ ممدوح ایک شخص ہی جسکی سرشت عنبر سرخ سے ہی یعنی وہ طاہر الاصل ہی اور حال یہ ہی کہ اور لوگ کھنکھناتی مٹی سے پیدا ہوئے ہین

فَبَقِيَّاتُ طِينِهِ لَاقَتِ الْمَاءَ فَصَارَتْ عُذُوبَةً فِي الزُّلَالِ

العذب الطیب والماء الزلال البارد ترجمہ سو اُسکی مٹی کا بقایا پانی مین ملگیا کہ اُس مین شیرینی و خنکی آگئی۔

وَبَقَايَا وَقَارِهِ عَافَتِ النَّاسَ فَصَارَتْ رَكَانَةً فِي الْجِبَالِ

البقایا جمع بقیۃ وعفت الشی کرہتہ والرکانۃ الشدۃ والصلابۃ ترجمہ اور اُس کے حلم سے جو بچ رہا اُسے لوگون مین جانے کو ناپسند کیا ظاہر کی سو وہ پہاڑون مین سختی اور سنگینی بنگیا خلاصہ یہ کہ جہان مین جو خوبیان ہین وہ سب ممدوح سے مستفاد ہین

لَسْتُ مِمَّنْ يَغُرُّهُ حُبُّكَ السِّلْمَ وَأَنْ لَا تَرَى شُهُودَ الْقِتَالِ

ترجمہ مین اُن لوگون مین سے نہین ہون جسکو تیرا صلح کو دوست رکھنا اور عدم حضور جنگ کو پسند کرنا اس امر کے دھوکے مین ڈالے کہ تو بزدلہ ہی بلکہ ان دونون باتون کا سبب وہ ہی جو اگلے شعر مین مذکور ہی۔

ذَاكَ شَيْءٌ كَفَاكَهُ عَيْشُ شَانِيكَ ذَلِيلًا وَقِلَّةُ الْأَشْكَالِ

ذاک اشارۃ الی القتال والاشکال جمع شکل وہو النظیر والمثل ترجمہ یہ جنگ ایسی شی ہی کہ تجکو تیرے دشمن کی ذلیل زندگی اور تیرے ہمسرون کے معدوم ہونے نے اُس جنگ سے بے پروا کردیا ہی یعنی تیرے دشمن ذلیل و کم زور ہین اور بے جنگ تیرے مطیع ہین اور لڑائی ہمسرے ہوتی ہی سو وہ مفقود ہی۔

وَاغْتِفَارٌ لَوْ غَيَّرَ السُّخْطُ مِنْهُ	جُعِلَتْ هَامُهُمْ نِعَالَ النِّعَالِ

عطف اغتفار علی قولہ قلۃ الاشکال ترجمہ اور تجکو جنگ سے بے پروا کردیا تیرے ایسے عفو اور در گزرنے کہ اگر تیرا غصہ اُس عفو کو بدل دے تو سرہائے دشمنان تیرے گھوڑون کے نعلون کی جوتیان بنجائین یعنی اُنکو کچل ڈالین۔

لِجِيَادٍ يَدْخُلْنَ فِي الْحَرْبِ أَعْرَاءً وَيَخْرُجْنَ مِنْ دَمٍ فِي جِلَالِ

اعراء جمع عری وہو الذی لاسرج علیہ وجلال جمع جل ترجمہ اُنکے سر تیرے ایسے گھوڑون کی نعلون کی جوتیان بنجائین جو لڑائی مین بے گردنیون کے جاتے ہین اور خون اعدا کی جھولین پہنکر نکلتے ہین۔

وَاسْتَعَارَ الْحَدِيْدُ لَوْنًا وَأَلْقَى	لَوْنَهُ فِي ذَوَائِبِ الْأَطْفَالِ

الذوائب جمع ذوابۃ وہو شعر الراس ترجمہ اور آہن شمشیر اور نیزہ جو بسبب صیقل دار ہونے کے سفید تھے بسبب خون اعدا اُن پر خشک ہوکر سیاہ ہو جانے کے دوسرا رنگ مستعار لے یعنی تھے سفید سے سیاہ معلوم ہونے لگیں اور اپنا رنگ لڑکون کے بالون مین ڈالدین کہ وہ بسبب شدت خوف سیاہ سے سفید ہو جائین۔

أَنْتَ طَوْرًا أَمَرُّ مِنْ نَاقِعِ السُّمِّ	وَطَوْرًا أَحْلَى مِنَ السَّلْسَالِ

نصب طورا علی الظرف ای فی طورو ہو التارۃ والحین و السلسال الماء العذب الذی تیسلسل فی الحلق ترجمہ توکبھی تو دشمنون کے حق مین خالص زہر سے زیادہ تلخ ہوتا ہی اور کبھی دوستون کے حق مین آب شیرین سے زیادہ شیرین۔

إِنَّمَا النَّاسُ حَيْثُ أَنْتَ وَمَا النَّاسُ بِنَاسٍ فِي مَوْضِعٍ مِنْكَ خَالِي

ترجمہ حقیقت مین آدمی وہ ہین جہان تو ہی اور جہان تو نہین ہی وہ بے حقیقت آدمی ہین۔

وقال ارتجالا یصف کلبا ارسلہ ابو علی الاوراجی علی ظبی

وَمَنْزِلٍ لَيْسَ لَنَا بِمَنْزِلِ	وَلَا لِغَيْرِ الْغَادِيَاتِ الْهُطَّلِ

الغادیات السحب والہطل جمع ہاطلۃ وہی الکثیرۃ الماء ترجمہ اور بہت سے فرودگاہ ایسے ہین کہ وہ نہ ہمارے اُترنے کی جگہ ہی اور نہ کسی اور کی سوائے ابرہائے صبح بارکثیر آب کے یعنے وہ باغ ہمارا قیام گاہ نہ تھا کیونکہ ہکو آگے جانا تھا۔ ہان باران کے برسنے کا موقع تھا چنانچہ اگلے شعر سے معلوم ہوتا ہی۔

نَدِي الْخُزَامَى ذَفِرِ الْقَرَنْفُلِ	مُحَلَّلٍ مِلْوَحْشِ لَمْ يُحَلَّلِ

الخزامی والقرنفل نبتان طیبان والندی الرطب والذفر الذکی الرائحۃ ومحلل ہو الذی کثر بہ الحلول ترجمہ اُسکے خیری دشتی اور لونگ کے درخت تروتازہ تھے اُسین جنگلی جانور بکثرت پھرتے تھے اور انسان کی گذرگاہ نہ تھا۔

عَنَّ لَنَا فِيْهِ مُرَاعِيْ مُغْزِلِ	مُحَيِّنُ النَّفْسِ بَعِيْدُ الْمَوْئِلِ

المراعی ظبی یقال راعت الظبیۃ اختہا اذا رعت معہا والمغزل التی معہا غزالہا والمحین من الحین وہو الہلاک والموئل المنجی ترجمہ ہکو اُس مکان مین ایک ہرن دوسرے ہرن بچہ دار کے ساتھ چرتا ظاہر ہوا جسکی جان قریب الہلاک و بعید النجات تھی کیونکہ اُس کے شکار ہونے کا وقت آگیا تھا۔

أَغْنَاهُ حُسْنُ الْجِيْدِ عَنْ لُبْسِ الْحُلِيّْ	وَعَادَةُ الْعُرْيِ عَنِ التَّفَضُّلِ

التفضل ہوان تلبس المرأۃ ثوبا للخدمۃ وتنام فیہ ترجمہ اُس ہرن کو اُسکی گردن کے حسن نے زیور پہننے سے بے پروا کر دیا تھا اور برہنگی کی عادت نے استعمال لباس سے

كَأَنَّهُ مُضَمَّخٌ بِصَنْدَلٍ ‏ ‏ مُعْتَرِضًا بِمِثْلِ قَرْنِ الْأَيِّلِ

التضمیخ الطلاء والأیل الشاۃ الوحشیۃ ترجمہ گویا وہ ہرن صندل لپیٹا گیا تھا یعنے صندلی رنگ تھا ایسے حالمین پیش آنے والا تھا کہ اُس کے سینگ مثل شاخ بزکوہی وحشی کے تھے۔

يَحُولُ بَيْنَ الْكَلْبِ وَالتَّأَمُّلِ ‏ ‏ فَحَلَّ كَلَّابِي وِثَاقَ الْأَحْبُلِ

الکلاب الذی یسوق الکلب ویصید بہا ترجمہ وہ ہرن بسبب اپنی تیزروی کے کتے اور اُسکے بغور دیکھنے مین مانع ور آڑ ہو جاتا تھا یعنی اُسکو اُس کے بغور دیکھنے پر قدرت نہین ہوتی تھی سو میرے سگبان نے اُسکی رسیون کی قید کو جس مین وہ بندھا ہوا تھا کھولدیا اور ہرن پر چھوڑ دیا۔

عَنْ أَشْدَقٍ مُسَوْجَرٍ مُسَلْسَلِ ‏ ‏ أَقَبَّ سَاطٍ شَرِسٍ شَمَرْدَلِ

الاسدق الواسع الشدق والمسوجر الذی فی رقبتہ ساجورۃ وفی الصراح ساجور چوب کہ زیرگردن سگ بندد تا ازسوراخ رز نتواند در شدن بانگور خوردن کلب مسوجر سگ با ساجور والمسلسل المقید بالسلسلۃ والاقب الضامر البطن والساطی الذی لیسطو علی الصید ویصول علیہ والشرس العضوض السیٔ الخلق والشمردل الطویل ترجمہ اُس نے قید دور کی ایک سگ کشادہ دہن ساجور بستہ سے (یعنی اُس لکڑی کے بندھے ہوئے سے جو کتے کی گردن مین باندھ دیتے ہین تا کہ انگورون کی بیل مین سوراخ سے گھُس کر انگور نہ کھا جائے) زنجیر مین بندھے ہوئے باریک کمر حملہ آور بدخو لنبی بیل والے سے جس حیوان کی بیل لنبی ہوتی ہی اُسکا قدم کشادہ پڑتا ہی۔

مِنْهَا إِذَا أُثْغِيَ لَهُ لَا يَخْتَزِلْ ‏ ‏ مُوَثَّقِ الْفِقْرَةِ رِخْوِ الْمِفْصَلِ

ضمیر منہا للکلاب ویثغ من الثغاء وہو الصیاح و لایختزل لایلہی ولا یتحیر۔ والفقرۃ خرزۃ الصلب موجد قوی موثق رخو المفصل ای شدید المتن لین المفاصل ترجمہ یہ کتا منجملہ ان کتون کے تھا کہ جب اُس کے سامنے آواز کیجائے تو وہ حیران اور غافل نہین ہوتا تھا یعنے منجانب صید کہتے ہین کہ جب شکاری کتا ہرن کے پاس آجاتا ہی تو وہ اُسکے سامنے ایک نرم آواز ایسی کرتا ہی کہ اُس کو سُنکر کتا حیران ہو جاتا ہی اور اپنی جگہ پر ٹھیر جاتا ہی شاعر کہتا ہی کہ یہ عیب اُس کتے مین نہین ہی اور اُس کی کمر کے منکے اور جوڑ مضبوط ہین اور وہ سخت کمر نرم جوڑ کا ہی جسطرف چاہے فوراً مڑ کر شکار کو پکڑ لیتا ہی

لَهُ إِذَا أَدْبَرَ لَحْظُ الْمُقْبِلِ ‏ ‏ كَأَنَّمَا يَنْظُرُ مِنْ سَجَنْجَلِ

السجنجل المراۃ ترجمہ وہ کتا پس پشت سے ایسا دیکھتا ہی جیسا سامنے سے یعنی بسبب اپنی چالاکی اور پھرتی کے فوراً مڑ جاتا ہی اور اُس کی آنکھین ایسی صاف ہین جیسا آئینہ یعنی تیز بین ہی۔

يَعْدُو إِذَا أَحْزَنَ عَدْوَ الْمُسْهِلِ ‏ ‏ إِذَا تَلَا جَاءَ الْمَدَى وَقَدْ تَلَا

احزن وقع فی الحزن وہی الارض الشدیدۃ الصلبۃ واسہل اذا وقع فی السہل وہی الارض اللینۃ وتلی تبع والمدی الغایۃ ترجمہ وہ سخت زمین

اور سنگستان میں ایسا دوڑتا ہی جیسا نرم زمین پر اور جب شکار کے پیچھے لگتا ہی تو وہ شکار تک فوراً پہنچتا ہی اور ہمراہی کے پیچھے رہجاتے ہیں حالانکہ جب اُسکو چھوڑا تھا تو یہ پیچھے کیا گیا تھا - یعنی وہ اول تابع تھا اور آخر میں متبوع ہوگیا۔

بِمُقْعٍ نُعُوِّدَ الْبَدَادِیِّ الْمُصْطَلِی		بِأَرْبَعٍ مُجَدُوْلَةٍ لَمْ تُجْدَلِ	

الاقعاء ان يجلس الكلب على اليتيه ومجدولة اى مفتولة ترجمه وہ اپنے سُرین کے بل ایسا بیٹھتا ہی جیسا گنوار آگ سے تاپنے والا کہ وہ سرین پر بیٹھکر اپنے دونوں زانو بلند کردیتا ہی تاکہ حرارت آتش اُس کے شکم اور سینہ تلک پہنچے۔ ساتھ چاروں ٹانگوں قدرتی مضبوط کے جو کسی آدمی نے اُنکو مضبوط نہیں کیا۔

فُتْلِ الْأَيَادِیْ رَبِذَاتِ الْأَرْجُلِ		آثَارُهَا أَمْثَالُهَا فِی الْجَنْدَلِ	

الضمير فی آثارها الايدى الكلب ورجليه وفتل جمع فتلاء وہى اليد التى بانت عن العضو فلم يمسها عند العدو وهو محمود فى الابل۔ والربذات الخفيفات السريعات والجندل الصخر ترجمہ ایسے سگ کی قید دور کی جسکے اگلے پاؤں کسی دوسرے عضو سے نہیں لگتے تھے تاکہ دوڑنے میں نہ اُلجھے یا فتل بمعنے مفتول ہی یعنے کھُلے ہاتھ پاؤں کا - سُبک یعنی تیز رفتار سے اور ایسا زور سے دوڑتا ہی کہ اُس کے ہاتھ پاؤں کے انھیں کی مانند نشان پتھر جیسی سخت چیز میں نمایاں ہوجاتے ہیں۔

يَكَادُ فِی الْوَثْبِ مِنَ التَّفَتُّلِ		يَجْمَعُ بَيْنَ مَتْنِهِ وَالْكَلْكَلِ	

الفتل الانفتال والكلكل الصدر ترجمہ وہ شکار پر جست وسرعت سیر کے وقت اپنی نرمی اعضا اور اُنکے کھُلے پن کے سبب قریب ہی کہ اپنی کمر اور سینہ کو ایک جا جمع کرے۔

وَبَيْنَ أَعْلَاهُ وَبَيْنَ الْأَسْفَلِ		شَبِيهُ وَسْمِیِّ الْحِضَارِ بِالْوَلِیِّ	

الوسمى اول مطر الربيع والولى ما يليه والحضار العدو ترجمہ اور اسکی اول رفتار و اخیر رفتار ایسی مشابہ ہیں جیسے بہار کا اول باران دوسرے باران سے یعنی جس تیزی سے اول دوڑتا ہی ویسا ہی آخر تک تیز رفتار رہتا ہی اور تھکتا نہیں ہی اور نہ سُست ہوتا ہی۔

كَأَنَّهُ مُضَبَّرٌ مِنْ جَرْوَلِ		مُوَثَّقٌ عَنْ دِمَاجٍ دُبَّلِ	

المضبر المشدد۔ والجرول الحجر قدر الكف ترجمہ گویا وہ سنگ پارہ سے سخت ومضبوط ہی اور لچکدار تیردن سے مستحکم باندھا گیا ہی اُس کے پاؤں کو بسبب درازی کے تیروں سے تشبیہ دی ہی اور درازی سگ میں محمود ہی جیسے گھوڑے اور شتر میں کہ اُسکے سبب طی مسافت زیادہ اور جلد ہوتی ہی۔

ذِی ذَنَبٍ أَجْرَدَ غَيْرِ أَعْزَلِ		يَخُطُّ فِی الْأَرْضِ حِسَابَ الْجُمَّلِ	

ذى ذنب خفضه على البدل من قوله اشدق والاجرد القليل الشعر والاعزل الذى لا يكون ذنبه على استواء فقاره وهو عيب

فی الخیل والکلاب ترجمہ سگبان نے ایسے کتے کو چھوڑا جس کی دم پر بال کم تھے اور وہ کج نہ تھی اور ایسی دراز تھی کہ وہ زمین پر ایسے نشان کرتی تھی جیسا کاتب حساب ابجد ہوز کا کاغذ پر نشان کرتا ہے۔

كَأَنَّهُ مِنْ جِسْمِهِ بِمَعْزِلِ	لَوْ كَانَ يُبْلِي السَّوْطَ تَحْرِيكُ بَلِي

ترجمہ اُسکی دُم دوڑتے وقت اُس کے جسم سے ایسی جُدا رہتی ہے کہ گویا وہ اُس کے جسم سے الگ اور اُسکا جزو نہیں ہے اور اگر چابک کو اُسکا ہلانا کہنہ کرتا تو وہ بھی کہنہ ہو جاتی یعنی جیسی تحریک چابک اُسکو کہنہ نہیں کرتی ایسا ہی اُسکا دم کو بار بار ہلانا کہنہ نہیں کرتا۔

نَيْلُ الْمُنَى وَحُكْمُهُ نَفْسُ الْمُرْسِلِ	وَعُقْلَةُ الظَّبْيِ وَحَتْفُ التَّتْفُلِ

التتفل ولد الظبی وقیل ولد الثعلب ترجمہ وہ شکاری کے لئے کامیابی آرزو کی ہے اور بمنزلہ نفس اُس کے چھوڑنے والے کے ہے اور وہ ہرن کی قید ہے جو اُس کو جانے نہیں دیتا ہے اور موت آہو برہ کی ہے۔

فَانْبَرَيَا فَذَّيْنِ تَحْتَ الْقَسْطَلِ	قَدْ ضَمِنَ الْآخِرُ قَتْلَ الْأَوَّلِ

انبریا اعترضا یعنی الکلب والظبی۔ فذین منفردین ترجمہ سو ہرن اور کتا تنہا غبار میں پیش آئے ایسے حال میں کہ کتا جو پیچھے تھا قتل ہرن کا جو آگے تھا گویا ضامن ہو گیا تھا۔

فِي هَبْوَةٍ كِلَاهُمَا لَمْ يَذْهَلِ	لَا يَأْتَلِي فِي تَرْكِ أَنْ لَا يَأْتَلِي

الہبوۃ الغبرۃ والالوث فی کذا اے ما الیت وما قصرت والذہول الغفول عن الشیء ولا فی لا یاتلی زائدۃ کما فی قولہ تعالی لئلا یعلم اہل الکتاب ای لیعلم ترجمہ وہ غبار میں ایسے حال سے ظاہر ہوئے کہ ہر ایک اُنمیں کا دوسرے سے غافل نہ تھا۔ کتا ہرن کو شکار کرنا چاہتا تھا اور ہرن بھاگنے میں ساعی تھا۔ اور کتا ترک تقصیر میں کوتاہی نکرتا تھا۔

مُقْتَحِمًا عَلَى الْمَكَانِ الْأَهْوَلِ	يَخَالُ طُولَ الْبَحْرِ عَرْضَ الْجَدْوَلِ

مقتحما حال من الکلب والعامل فیہ لا یاتلی والاقتحام الدخول فی الامر العظیم الشدید والجدول النہر الصغیر ترجمہ ایسے حال میں قصور نہیں کرتا تھا کہ وہ ہولناک مکان میں بے تامل گھسا جاتا تھا یعنی درازی دریا کو مثل عرض گول کے سمجھتا تھا

حَتَّى إِذَا قِيلَ لَهُ نِلْتَ افْعَلِ	افْتَرَّ عَنْ مَذْرُوبَةٍ كَالْأَنْصُلِ

المذروبۃ الانیاب المحدودۃ والانصل جمع نصل ترجمہ یہان تلک کہ جب اُس سے کہا گیا تو شکار میں کامیاب ہوا اب جو تیرا جی چاہے شکار سے کر تو وہ ایسے تیز دانتوں سے جو مثل پیکان تیر تیز تھے ہنسنے لگتا ہے یعنی منھ کھولدیتا ہے۔

لَا تَعْرِفُ الْعَهْدَ بِصَقْلِ الصَّيْقَلِ	مُرَكَّبَاتٍ فِي الْعَذَابِ الْمُنْزَلِ

مرکبات صفۃ المذروبۃ ترجمہ اُس کے تیز دانت صقل صیقلگر کو نہیں جانتے ایسے تیز وہ دانت ہیں کہ گویا عذاب آسمانی میں لگائے گئے ہیں یعنی کتا جو شکار کو اُوپر سے آدبا تا ہے گویا آسمانی عذاب ہے۔

كَاَنَّهَا مِنْ سُرْعَةٍ فِي الشَّمْأَلِ	كَاَنَّهَا مِنْ ثِقَلٍ فِي يَذْبُلِ

ترجمہ گویا وہ دانت سرعت مین مثل باد شمال کے ہین گویا وہ بسبب گرانباری سگ کے جو شکار کو معلوم ہوتی ہی کوہ عظیم یذبل مین (جو حجاز کا مشہور پہاڑ ہی) لگے ہوئے ہین۔ سگ کو سبک روی مین باد شمال سے اور ثقل مین پہاڑ سے تشبیہ دی ہی۔

كَاَنَّهَا مِنْ سَعَةٍ فِي هَوْجَلِ	كَاَنَّهُ مِنْ عِلْمِهِ بِالْمَقْتَلِ

عَلَّمَ بُقْرَاطَ فِصَادَ الْاَكْحَلِ

الہوجل الارض الواسعۃ ترجمہ گویا اُس کے دانت درازی منہ کے سبب ایک میدان وسیع مین لگے ہوئے ہین گویا اُس نے بسبب جاننے موضع قتل کے بقراط کو فصد ہفت اندام سکھا دی ہی۔ صاحب ابن عباد نے متنبی پر اس شعر مین یہ اعتراض کیا ہی کہ رگ اکحل موضع قتل نہین ہی کیونکہ وہ رگہائے فصد سے ہی۔ نہ موضع قتل اُسکا یہ جواب ہی کہ جب سگ مواضع قتل کو جانتا ہی تو اُن موضعون کو بھی جانتا ہوگا جو مواضع قتل نہین ہین تو اُس نے بقراط کو سکھا دیا ہی کہ اکحل موضع قتل نہین ہی۔

فَحَالَ مَا لِلْقَفْزِ فِي التَّجَدُّلِ	وَصَارَ مَا فِي جِلْدِهِ فِي الْمِرْجَلِ

حال انقلب والقفز الوثوب۔ والتجدل السقوط علی الارض والجدالۃ الارض والمرجل القدر ترجمہ سو پائے آہو جو جست کے لئے تھے زمین پر گرنے کے لئے ہوگئے یعنے وہ بسبب پکڑنے کتے کے زمین پر پاؤن مارنے لگا۔ اور وہ گوشت جو اُس کی کھال مین تھا دیگ مین پکانے کے لئے ڈالا گیا۔

فَلَمْ يَضِرْنَا مَعَهُ فَقْدُ الْاَجْدَلِ	اِذَا بَقِيْتَ سَالِمًا اَبَا عَلِي

فَالْمُلْكُ لِلّٰهِ الْعَزِيْزِ ثُمَّ لِي

ضارہ یضیرہ وہو من الضیر۔ والاجدل الصقر ترجمہ سو اُس کتے کے ہوتے ہمکو چرغ کے نہونے نے کچھ نقصان نہین پہنچایا کیونکہ کتے نے اُس سے بہتر کام دیا۔ ای ابو علی جب تو سلامت ہی تو اصل سلطنت خداوند غالب کی ہی اور پھر تیرے سہارے سے میرے لئے۔ **وقال یمدح بدر بن عمار وقد قصدہ لعلۃ**

اَبْعَدُ نَأْيِ الْمَلِيْحَةِ الْبَخَلُ	فِي الْبُعْدِ مَا لَا تُكَلَّفُ الْاِبِلُ

البخل بالسکون والتحریک لغتان فصیحتان ترجمہ محبوبہ ملیحہ کی دور ترینے نہایت دوری اُسکا بخل وصل عاشق مین ہی اور اقسام دوری مین وہ دوری بھی ہی جس کے قطع کرنے کی شترکو بھی باوجود اُس کی جفاکشی کے تکلیف نہین دیجاتی یعنے شتر بعد مسافت کو طی کرسکتے ہین مگر اُس دوری کو جو بسبب بخل معشوقہ ہو وہ قطع نہین کرسکتے۔

مَلُوْلَةٌ مَا يَدُوْمُ لَيْسَ لَهَا	مِنْ مَلَلٍ دَائِمٍ بِهَا مَلَلُ

يقال رجل لمول والمرأة لمول ودخول الهاء للمبالغة ترجمہ جو چیز ہمیشہ بنی رہتی ہے اُس سے اُسکا یعنی محبوبہ کا دل بھر جاتا ہے اور اُس کے باعث کلال ہو جاتا ہے مگر اُسکو اپنے دائم ملال سے ملال نہیں آتا۔ ومن روی تدوم بالتاء المثناة فوقها کانت ما نافیۃ یعنی وہ ایک حالت پر ہمیشہ نہیں رہتی مگر ملال برابر رہتی ہے۔

	سَكْرَانُ مِنْ خَمْرِ طَرْفِهَا ثَمِلُ	كَأَنَّمَا قَدُّهَا إِذَا انْفَتَلَتْ	

انفتلت تثنت وتمایلت والثمل السکران ترجمہ اُسکا قد جب وہ خراماں چلتی ہے گویا وہ اُس کی آنکھ کی شراب کے نشہ سے مست ہے یعنی گویا اُس کے قد نے اُسکی نگاہ مستانہ کو دیکھا ہے اور اس سے مست ہو گیا ہے۔

	كَأَنَّهُ مِنْ فِرَاقِهَا وَجِلُ	يَجْذِبُهَا تَحْتَ خَصْرِهَا عَجُزٌ	

ترجمہ محبوبہ کو اُس کے گران بار سرین جو زیر کمر ہیں کھینچتے ہیں اور فربہی کے سبب اُس کا گوشت ایسا حرکت کرتا ہے گویا وہ اُس کے فراق سے ڈرتا ہے اور اس سبب سے وہ مثل خائف لرزہ میں مبتلا ہے۔

	يَنْفَصِلُ الصَّبْرُ حِينَ يَتَّصِلُ	بِي حَرُّ شَوْقٍ إِلَى تَرَشُّفِهَا	

ترجمہ میں اُس کے آب دہن کے چوسنے کے شوق کی آگ میں مبتلا ہوں جب وہ شوق مجھسے ملتا ہے تو میرا صبر جاتا رہتا ہے

	فَالثَّغْرُ وَالنَّحْرُ وَالْمُخَلْخَلُ وَالْـمِعْصَمُ دَائِي وَالْفَاحِمُ الرَّجِلُ	

المخلخل موضع الخلخال والمعصم من اليد موضع السوار والفاحم الاسود والرجل الشعر ترجمہ سو محبوبہ کے دندان اور سینہ اور ساق اور پہنچا اور موئے مشکین میرے درد عشق کی دوا ہیں یعنی میں اُنکو دوست رکھتا ہوں۔

	تَعْجِزُ عَنْهُ الْعَرَامِسُ الذُّلُلُ	وَمَهْمَهٍ جُبْتُهُ عَلَى قَدَمِي	

العرامس النوق الصلاب والشداد والذلل المذللۃ بالعمل المروضۃ بالسير هي جمع ذلول ترجمہ اور بہت سے میدان دور دراز ہیں جنکو میں نے پیادہ طے کیا کہ اُن کے قطع سے ناقہ ہائے مضبوط و سفر کے مشاق عاجز ہیں۔

	مُجْتَزِئٌ بِالظَّلَامِ مُشْتَمِلُ	بِصَارِمِي مُرْتَدٍ بِمَخْبُرَتِي	

مرتد ومجتزئ ومشتمل کلہا اخبار حذف ابتداؤہا تقدیرہ انا مرتد بسیفی ترجمہ میں اپنی تلوار لٹکائے ہوئے اور مثل چادر کے پہنے ہوئے اور اپنے علم اور واقفیت راہ پر کفایت کرنے والا راہبر کا غیر محتاج اور اندھیرے کو اوڑھے ہوئے اور اُسمیں پوشیدہ تھا یعنے قطع بیابان بعیدہ کے وقت میرا یہ حال تھا۔

	لَمْ تُعْيِنِي فِي فِرَاقِهِ الْحِيَلُ	إِذَا صَدِيقٌ نَكِرْتُ جَانِبَهُ	

ترجمہ جبکہ میں کسی دوست کے پہلو یعنی مُنھ کو اپنے سے اُوپرا اور بدلا پاتا ہوں تو میری تدابیر اُسکے چھوڑنے میں مجکو عاجز نہیں کرتیں بلکہ اُسکو چھوڑ دیتا ہوں۔

	وَفِي بِلَادٍ مِنْ أُخْتِهَا بَدَلُ	فِي سَعَةِ الْخَافِقَيْنِ مُضْطَرَبٌ	

الخافقین المشرق والمغرب ان الریح تخفق فیہما والمضطرب موضع الاضطراب وہو المجئ والذہاب ترجمہ درصورت عدم موافقت ایک شہر کے لوگون کے مجکو فراخی شرق ومغرب مین آنے جانے کی گنجایش ہو اور بہت سے شہرون مین اُس کی بہن سے یعنی ایک شہر سے اور شہرون مین اُسکا بدل موجود ہی یہان نرہے وہان جارہے۔

دَنِی اِعْتِمَادُ الْاَمِیْرِ بَدْرِ بْنِ عَمَّارٍ عَنِ الشُّغْلِ بِالْوَرٰی شُغُلُ

الاعتماد ارادبہ الاعتماد علیہ بالقصد وفی روایۃ الاعتمار بالراء المہملۃ ومعناہ الزیارۃ ترجمہ اور امیر بدر بن عمار کے سہارے اور بھروسے پر مجکو تمام خلق سے بے پروائی ہو کہین اور جگہ جانے کی حاجت نہین ہی۔

اَصْبَحَ مَالًا کَمَالِہٖ لِذَوِی الْحَاجَۃِ لَا یُبْتَدٰی وَلَا یُسْئَلُ

ارادبہ مالا نافعا ترجمہ ممدوح خلق کیواسطے ایسا نافع ہوگیا جیسا اُس کا مال حاجتمندون کے لئے نافع ہی کہ وہ ابتداء بالسوال نہین کیا جاتا اور نہ اُس کے مانگنے جانیکی کچھ حاجت ہی بے مانگے ملتا ہی۔

هَانَ عَلٰی قَلْبِہِ الزَّمَانُ فَمَا یَبِیْنُ فِیْہِ غَمٌّ وَلَا جَذَلُ

الجذل الفرح ترجمہ زمانہ اُس کے دل کے، و بر وخوار ہی کیونکہ اُس کے شادی وغم ناپائدار ہین اس لئے اُسمین غم ظاہر ہوتا ہی اور نہ شادی یعنی اُس کو نہ گئے کا غم ہی اور نہ آئے کی خوشی نہ غم سے مغموم اور نہ سرور سے مسرور اہل عرفان کے نزدیک یہ بڑا مرتبہ ہی۔

یَکَادُ مِنْ طَاعَۃِ الْحِمَامِ لَہٗ یَقْتُلُ مَنْ مَّا دَنَا لَہٗ اَجَلُ

ترجمہ موت جو اُس کی مطیع ہو اس سبب سے قریب ہی کہ وہ اُسکو مار ڈالے جسکی موت نہین آئی۔

یَکَادُ مِنْ صِحَّۃِ الْعَزِیْمَۃِ مَا یَفْعَلُ قَبْلَ الْفِعَالِ یَنْفَعِلُ

ترجمہ بسبب اُسکی پختہ عزیمت وصحت قصد کے قریب ہی کہ جو کام وہ کرتا ہی قبل فعل کے ظہور پکڑے یعنی بے کئے ہو جائے۔ ان دونون شعرون مین یکاد کے لفظ نے مبالغۂ غیر محمود کو محمود بنا دیا ہی۔

تُعْرَفُ فِیْ عَیْنِہٖ حَقَائِقُہٗ کَاَنَّہٗ بِالذَّکَاءِ مُکْتَحِلُ

ترجمہ وہ مضامین محمودہ جو خدا نے اُسمین رکھے ہین دیکھنے والیکو اُس کی آنکھ دیکھنے سے معلوم ہو جاتے ہین کہ اُسمین یہ خوبیان ہین گویا وہ ذکاوت اور حدت طبع کا سُرمہ لگائے ہوئے ہی کہ ناظر کو فوراً معلوم ہو جاتی ہی۔

اُشْفِقُ عِنْدَ اتِّقَادِ فِکْرَتِہٖ عَلَیْہِ مِنْہَا اَخَافُ یَشْتَعِلُ

حذف اَنْ ورفع الفعل والتقدیر ان یشتعل ترجمہ جبکہ اُسکا شعلہ فکر بھڑکتا ہی تو مجکو اُس سے فرد ممدوح کا ڈرہی کیونکہ مجکو اس سے اس امر کا خوف ہی کہ وہ اپنی آتش فکر سے جل نہ جائے۔

اَغَرُّ اَعْدَاءُہٗ اِذَا سَلِمُوْا بِالْہَرَبِ اسْتَکْثَرُوْا الَّذِیْ فَعَلُوْا

ای ہوا غرفاعمانہ بتبدد وما بعدہ خبر الاانتر السید الکریم الشریف ترجمہ ممدوح سردار کریم و شریف ہی جبکہ اُسکے دشمن اُسکے سامنے سے بھاگ کر جان بچاتے ہین تو وہ اس امر کو نہایت بڑا شمار کرتے ہین اور اُسکے آگے سے بھاگ جانیکو عمدہ بہادری خیال کرتے ہین ورنہ اُسکے رعب سے ایسے ویسے کے تو ہاتھ پاؤن پھول جاتے ہین پھر کیسا بھاگنا۔؟

يُقْبِلُهُمْ وَجْهَ كُلِّ سَابِحَةٍ ۔۔۔ أَرْبَعُهَا قَبْلَ طَرْفِهَا تَصِلُ

ترجمہ ممدوح اپنے اعدا کیطرف ایسے گھوڑون سُبک اور تیز رفتار کو متوجہ کرتا ہی کہ اُنکے چارون پا اُن کی آنکھون سے پہلے دشمنون سے جا لگتے ہین شاعر نے اُنکی تیز رفتاری مین اتنا مبالغہ کیا کہ اُن مین ضعیف البصری کا عیب ثابت کر دیا۔

جَرْدَاءَ مِلْءِ الْحِزَامِ مُجْفَرَةٍ ۔۔۔ تَكُونُ مِثْلَ عَسِيبِهَا الْخُصَلُ

مجفرۃ واسعۃ الجوف فی تملاء الحزام لسعۃ جنبیہا و عظم بطنہا والخصل جمع خصلۃ وہی قبضۃ من الشعر والعسیب عظم الذنب ویرید قصرہ وطول شعرہ ترجمہ وہ ایسے گھوڑے ہین جو کم مو ہین کہ اُن کے تنگ بسبب کلانی ہر دو پہلو کلانی شکم کے بھرے ہوئے ہین اور اُنکی دُم کے بال دُم کی ہڈی سے دونے ہین اور گھوڑونکے لئے یہ امر محمود ہی۔

إِنْ أَدْبَرَتْ قُلْتَ لَا تَلِيلَ لَهَا ۔۔۔ أَوْ أَقْبَلَتْ قُلْتَ مَا لَهَا كَفَلُ

التلیل العنق والکفل الردف ترجمہ اگر وہ گھوڑے پشت پھیرین تو بسبب اونچائی اُنکے پٹھون کے تو یہ کہنے لگے کہ ان گھوڑون کے تو گردن نہین یعنی پٹھون کی بلندی سے گردن نہین معلوم ہوتی اور اگر وہ منھ سامنے کرین تو بسبب بلندی گردن کے تو کہے کہ اُنکے پٹھے نہین۔ گھوڑون مین اونچائی گردن اور کلانی پٹھونکی محمود ہی۔

وَالطَّعْنُ شَزْرٌ وَالْأَرْضُ وَاجِفَةٌ ۔۔۔ كَأَنَّمَا فِي فُؤَادِهَا وَهَلُ

الشزر الطعن یمنۃ ویسرۃ واجفۃ مضطربۃ۔ والوہل الفزع ترجمہ اپنے گھوڑے ایسے وقت دشمنون پر دوانہ کرتا ہی کہ چپ و راست نیزہ بازی ہو رہی ہو اور زمین ایسی طرح ہلتی ہو کہ گویا اُس کے دل مین خوف ہی۔

قَدْ صَبَغَتْ خَدَّهَا الدِّمَاءُ كَمَا ۔۔۔ يَصْبَغُ خَدَّ الْخَرِيدَةِ الْخَجَلُ

الخریدۃ المرأۃ الحییۃ ترجمہ اور روئے زمین کو خون اعدا نے رنگ دیا ہو جیسے شرم و حیا رخسار زن شرمگین کو رنگدے۔

وَالْخَيْلُ تَبْكِي جُلُودُهَا عَرَقًا ۔۔۔ بِأَدْمُعٍ مَا تَسُحُّهَا مُقَلُ

ترجمہ اور گھوڑون کی کھالین بلحاظ عرق ایسے اشکون سے روتی ہون جو آنکھون سے نہین گرے بلکہ مساموں سے

سَارٍ وَلَا قَفْرَ مِنْ مَوَاكِبِهِ ۔۔۔ كَأَنَّمَا كُلُّ سَبْسَبٍ جَبَلُ

سار صفۃ لاغر فی اول الابیات والقفر الارض المقفرۃ من الناس والسبسب المتسع المستوی من الارض ترجمہ ممدوح

ایسا سیر کرنے والا ہی کہ جب وہ کسی طرف کوچ کرتا ہی تو تمام روئے زمین اُسکے لشکر سے بھر جاتا ہی اور کوئی جگہ خالی نہین رہتی گویا ہر میدان بسبب بلند گھوڑون اور نیزون کے پہاڑ ہوجاتا ہی۔

يَمْنَعُهَا اَنْ يُصِيْبَهَا مَطَرٌ	شِدَّةُ مَا قَدْ تَضَايَقَ الْاَسَلُ

ترجمہ اُس کے سوارون اور لشکرون کو باران کے ستانے سے نیزون کی شدت اتصال منع کرتی ہی۔

يَا بَدْرُ يَا بَحْرُ يَا غَمَامَةُ يَا	لَيْثَ الشَّرٰى يَا حِمَامُ يَا رَجُلُ

الشری ہو طریق فی سلمی کثیر الاسد فنسب الیہ الاسود ترجمہ ای حسن مین مثل بدر اور کثرت فیض مین مانند بحر و ابر اور شجاعت مین مثل شیر بیشہ شری ای مرگ اعدا اور حقیقت مین ایک مرد کامل۔

اِنَّ الْبَنَانَ الَّذِيْ تُقَلِّبُهُ	عِنْدَكَ فِيْ كُلِّ مَوْضِعٍ مَثَلُ

البنان الانامل ترجمہ بیشک تیری اُنگلیونکی پور جنکو تو اپنے پاس اعطائے سامان مین ہلاتا ہی ہر جگہ سخاوت مین ضرب المثل ہین۔ وفی روایۃ منقبلہ من التقبیل ای نقبلہ نحن وجمیع الناس۔

اِنَّكَ مِنْ مَعْشَرٍ اِذَا وَهَبُوْا	مَا دُوْنَ اَعْمَارِهِمْ فَقَدْ بَخِلُوْا

ترجمہ تو بیشک ایسے گروہ مین سے ہی کہ جب وہ سوائے اپنی عمرون کے سب اموال مثل لوگون کو بخشدین اور عمر نہ بخشین تو وہ اپنے نزدیک اپنے کو بخیل خیال کرتے ہین یعنی وہ لوگ اپنی زندگی تک لوگون کو بخشدیتے ہین اس لحاظ سے کہ وہ حمایت مظلوم مین اپنی جان تک دریغ نہین کرتے۔

قُلُوْبُهُمْ فِيْ مَضَاءِ مَا امْتَشَقُوْا	قَامَاتُهُمْ فِيْ تَمَامِ مَا اعْتَقَلُوْا

الامتشاق ہو ان یسل السیف بسرعۃ والاعتقال ان تجعل الرمح بین الساق والرکاب۔ ترجمہ اُنکے دل اپنے تیغہای کشیدہ کی مانند تیز ہین۔ اور اُن کے قامت اُنکے نیزون کے مانند طویل ہین۔ والعائد الی الموصولین محذوف یرید امتشقوا بہ واعتقلوہ۔

اَنْتَ نَقِيْضُ اسْمِهِ اِذَا اخْتَلَفَتْ	قَوَاضِبُ الْهِنْدِ وَالْقَنَا الذُّبُلُ

الذبل الطوال الصلاب ترجمہ تو اپنے نام کی نقیض ہی جبکہ شمشیرہائے قاطع ہندی اور لنبے اور سخت نیزے اطراف مختلف مین چلین یعنی بوقت جنگ تیری سعادت دشمنون کے حق مین نحوست ہوجاتی ہی۔ چنانچہ اسکی تفسیر اگلے شعر مین ہی۔

اَنْتَ لَعَمْرِي الْبَدْرُ الْمُنِيْرُ وَلٰكِنَّكَ فِيْ حَوْمَةِ الْوَغٰى زُحَلُ

حومۃ الوغی شدۃ الحرب وزحل عند اہل النجوم نحس والقمر سعد ترجمہ اپنی عمر کی قسم تو تو روشن بدر ہی یعنی سعد ہی مگر بوقت شدۃ جنگ اعدا کے لئے مثل ستارہ زحل نحس اور اُنکی ہلاکی کا سبب ہوجاتا ہی۔

کتیبۃٌ لستَ ربّہا نفَلٌ	وبلدۃٌ لستَ حلیہا عطلُ

الکتیبۃ الجماعۃ من الخیل والنفل الغنیمۃ والعطل التی لاحلی علیہا ترجمہ جس جماعت کا تو مربی اور سرپرست نہین ہو وہ ہر شخص کے لئے لوٹ ہو اور وہ شہر جس کی تو زینت نہین ہو وہ مثل محبوبہ بے زیور کے زیور سے خالی اور بے رونق ہو۔

تُصِدتَ من شرقہا ومغربہا	حتی اشتکتکَ الرکابُ والسُّبُلُ

الرکاب الابل التی یسار علیہا والواحدۃ راحلۃ ولا واحد لہا من لفظہا ترجمہ شرق اور غرب یعنی تمام اطراف سے تو مقصود شترسواران ہوگیا کہ وہ بامید عطا تیرے پاس بکثرت آتے ہین یہانتک کہ تجھ سے شترہائے سواری اور راہون نے اپنی فرسودگی اور ماندگی کی شکایت کی ہو کہ ہم تو بسبب کثرت سفر اور گہرائی راہون کے مارے پڑے۔

لم تُبقِ الا قلیلَ عافیۃٍ	قد وفدت تجتدیکہا العِلَلُ

ترجمہ تو نے اپنا تمام مال سائلون کو دیدیا اب تیرے پاس تھوڑی سی صحت رہگئی ہو سو بیماریان تیرا آوازہ سخا سنکر اُسکو تجھ سے مانگنے آئین یعنی وہ چاہتی ہو کہ بقیہ صحت ہمکو عنایت کیجے جیسا اور امید وارون کو اموال دیئے ہین۔

عذرُ الملومَین فیکَ انہما	آسٍ جبانٌ ومبضعٌ بطلُ

الآسی الطبیب والمبضع حدیدۃ الفاصد ترجمہ ممدوح نے فصد کھلوائی تھی سو فصاد سے خطا ہوئی اور نشتر اُسکے ہاتھ مین گھس گیا تھا اور اس لئے وہ بیمار ہوگیا تھا اس بنا پر شاعر کہتا ہو کہ دونون قابل ملامت یعنی فصاد اور نشتر کا یہ عذر ہو کہ طبیب بزدل تھا اور نشتر دلیر اس لئے یہ مضرت پہنچی۔ پھر طبیب کے لئے دوسرا عذر بیان کرتا ہو۔

مددتَ فی راحۃ الطبیبِ یدًا	وما دری کیف یُقطعُ الامَلُ

ترجمہ تو نے کف طبیب مین اپنا ہاتھ دیا اور اُسکو یہ نہ معلوم ہوا کہ اُمید کو کسطرح قطع کرے یعنی تیرا ہاتھ ہر شخص کی اُمید یا اُمیدگاہ ہو جو سب پر احسان کرتا ہو اور طبیب عادی قطع عروق کا تھا اُسکو یہ معلوم ہوا کہ اُمید کو کیونکر قطع کرے اس لئے اُس نے فصد مین خطا کی۔

ان یکنِ النفعُ ضرَّ باطنَہا	فربّما ضرَّ ظہرَہا القُبَلُ

القبل جمع قبلۃ وہی اللثم بالفم وردی الضمیر فی موضع النفع وہو الفصد وہذا ظاہر جید ترجمہ اگر فصد نے باطن دست کو ضرر پہنچایا تو کیا عجب ہو؟ کیونکہ اکثر اُسکی پشت دست کو زائرین کے بوسے نقصان پہنچاتے ہین یعنی وہ ہاتھ بوسہ گاہ خلائق ہو پس جیسے ظاہر دست کو خلق کے بوسے ستاتے ہین باطن کو فصد نے ستایا

یشقُّ فی عرقہا الفصادُ ولا	یشقُّ فی عرقِ جودِہا العذلُ

الفصاد والفصد بمعنی والشق التاثیر ترجمہ اُس کی رگ دست مین فصد اثر کرتی ہو مگر اُسکی رگ جود مین ملامت کچھ اثر

نہین کرسکتی یعنی در باب کثرت عطا گو اُسکو ملامت کرتے ہین مگر اسپر کچھ اثر نہین ہوتا۔

خامرہ اذا مد دتہا جزع	کانہ من حذاقۃ عجل

خامر خلط ترجمہ جبکہ تو نے فصد کے لئے ہاتھ بڑھایا تو فصاد پر تیرے رعب کے سبب ہیبت چھاگئی اور اُس نے فصد مین شتابی کی گویا اُس نے اپنی واقفکاری سے شتابی کی اور اُسکو بیچ چھوڑ گیا سوا ایسا شخص ضرور خطا کریگا ومن لدی العجل بفتح الجیم ارادو اعجل فحذف المضاف۔

جاز حدود اجتہادہ فاتی	غیر اجتہادہ لامہ الہبل

الہبل الثکل وہو مصدر ہبلتہ امہ ای ثکلتہ ترجمہ طبیب نے اسقدر اجتہاد مین کوشش کی کہ اُسکے حدود سے تجاوز کرگیا اسلئے وہ کام کر بیٹھا جو اجتہاد سے باہر تھا۔ اُسکی ماں بے فرزند ہو جاوے اُسکو کوستا ہی۔

ابلغ ما یطلب النجاح بہ الطبع	وعند التعمق الزلل

الطبع العادۃ والتعمق بلوغ عمق الشئ ترجمہ وہ شئ جس سے زیادہ کامیابی ہوتی ہی وہ عادت ہی اور زیادہ مبالغہ اور تکلف مین خطا و لغزش ہوتی ہی کما قیل سہ قرب الہلاک بکل ما یتعمق

ارث لہا انہا بما ملکت	وبالذی قد اسلت تنہمل

ارث لہا ای رق واسلت الماء صببتہ والانہمال الانسکاب ترجمہ تو اپنے کف دست پر رحم کر کیونکہ وہ جبتک اُن اموال کو جنکی وہ مالک ہی اور اُن خون اعدا کو جنکو تو نے بہایا ہی بہا ڈالتی ہی۔ یعنے کف سخی ہو اُسین بخل نہین ہی جو مال باقی رہ دے ڈالتی ہی اور جو اعدا کے خون اُس نے گرائے ہین اُس کے عوض خود اپنا خون گراتی ہی۔

مثلک یا بدر لا یکون ولا	تصلح الا لمثلک الدول

الدول جمع دولۃ وقال قوم الدولۃ بالفتح والضم سواء فی الحرب وقیل بالضم فی المال وبالفتح فی الحرب وقیل بالعکس وہو من تداول الشئ ترجمہ ای بدر تیرے مانند دنیا مین نہوگا اور تیرے مثل کے ہی لئے دولتین سزاوار ہین اور یہان مثل کا لفظ بطور محاورہ کے ہی ورنہ تو عدیم المثل ہی۔

وقال ایضا یمدحہ

بقائی شاء لیس ہم ارتحالا	وحسن الصبر زموا لا الجمالا

قال ابو الفتح اسم لیس مضمر فیہا وہم ابتداء وخبرہ محذوف ای لیس الامر وانجز ہم شاء وا فحذف شاء وا والتقدم فی اول الکلام ویجوز ان یکون ہم اسم لیس الا انہ استعمل الضمیر المنفصل موضع المتصل ضرورۃ وزموا الجمال ای خلوہا بالازمۃ ترجمہ جب دوستون نے کوچ کیا سو اُسکے نہین ہی کہ میری بقا اور زندگی نے کوچ کیا یعنی اُن کا جانا میری حیات کا جانا تھا گویا میری بقا نے کوچ کا ارادہ کیا۔ اُنھون نے اس امر کا ارادہ نہین کیا اور وہ لوگ میرے صبر جمیل کی نکیل ڈالکر

لیگئے ذشتردنکی کیونکہ جب سے وہ گئے ہین میرا صبر جاتا رہا۔ احباب کی رحلت کی نفی اسلئے کرتا ہی کہ اپنی حیات کا کوچ امر عظیم سمجھتا ہی سو اپنی زندگی کے کوچ کے مقابلہ مین اُنکا جانا بمنزلہ نجانے کے سمجھتا ہی کیونکہ وہ تو لوٹ کبھی آسکتے ہین اور حیات دوبارہ نہین آتی۔

تَوَلَّوْا بَغْتَةً فَكَأَنَّ بَيْنًا   تَهَيَّبَنِي فَفَاجَأَنِي اغْتِيَالَا

فالہ واغتالہ اذا اہلکہ ترجمہ دوست ناگاہ اور دفعۃً چلے گئے سو گویا فراق مجھ سے ڈرا اور مجکو براہِ فریب ناگاہ ہلاک کیا اور غفلت مین آمارا۔

فَكَانَ مَسِيرُ عِيسِهِمُ ذَمِيلًا   وَسَيْرُ الدَّمْعِ إِثْرَهُمُ انْهِمَالَا

الذمیل سیر وسط والعیس الابل والانہمال الانہاک ترجمہ سو رفتار اُنکے شترون کی متوسط تھی اور اُنکے پیچھے میرے اشک بشدت روان تھے بسبب صدمۂ فراق کے۔

كَأَنَّ الْعِيسَ كَانَتْ فَوْقَ جَفْنِي   مُنَاخَاتٍ فَلَمَّا ثُرْنَ سَالَا

ترجمہ گویا دوستون کے شتر میری مژہ پر بیٹھے ہوتے تھے اور اسلئے میرے اشک رُکے ہوئے تھے جب وہ اُٹھے تو میرے اشک جاری ہوگئے قال ابو الفتح ما قیل فی سبب بکاء اظرف من ہذا۔

وَحَجَّبَتِ النَّوَى الظَّبَيَاتِ عَنِّي   فَسَاعَدَتِ الْبَرَاقِعَ وَالْحِجَالَا

ترجمہ اور فراق نے معشوقان آہو شال کو مجھ سے پوشیدہ کر دیا سو اُسنے نقابون اور حجلون کی جن مین وہ پہلے پوشیدہ رہتے تھے اعانت کی یعنے سابق پردون مین چھپے رہتے تھے اب پردہ دوری اسپر مستزاد ہوگیا۔

لَبِسْنَ الْوَشْيَ لَا مُتَجَمِّلَاتٍ   وَلَكِنْ كَيْ يَصُنَّ بِهِ الْجَمَالَا

الوشی ضرب من الثیاب ترجمہ اُنھون نے جامہائے منقش ریشمی بغرض حصول زینت نہین پہنے کیونکہ اُنکو زینت مصنوعی کی حاجت نہین مگر بقصد اپنی خوبروئی و حُسن چھپانیکے پہنے ہین۔

وَضَفَّرْنَ الْغَدَائِرَ لَا لِحُسْنٍ   وَلَكِنْ خِفْنَ فِي الشَّعَرِ الضَّلَالَا

الضفر فتل الشعر والغدائر الذوائب والضلال الغیبوبۃ ترجمہ اُنھون نے اپنے موئے سر کی پٹیونکو خوبصورتی کے لئے نہین گوندھا مگر اُنکو یہ خوف ہوا کہ اگر وہ گوندھے نجاوینگے تو وہ محبوبات اپنے بالون کی کثرت اور طول کے سبب اُنمین غائب ہوجاوین گی۔

بِجِسْمِي مَنْ بَرَتْهُ فَلَوْ أَصَارَتْ   وِشَاحِي ثَقْبَ لُؤْلُؤَةٍ لَجَالَا

من فی موضع رفع لانہ مبتدء تقدم خبرہ ویجوز ان یکون فی موضع نصب بتقدیر فدی بجسمی من برتہ ترجمہ میرا جسم قربان اُس محبوبہ کے جسنے اُسکو ایسا لاغر و زار کر دیا کہ اگر وہ موتیکے سوراخ کو میرا ہار کرے تو وہ اُسپر ڈھیلا ہے اور جسم اُنمین

حرکت کرتا ہے۔

ولولا اننی فی غیر نوم ۔۔۔ لبت اظننی منی خیالا

ترجمہ اور اگر یہ بات نہوتی کہ مین حالت بیداری مین ہون تو مین اپنے آپ کو اپنا خیال خواب سمجھتا

بدت قمرا وبانت خوط بان ۔۔۔ وفاحت عنبرا ورنت غزالا

ترجمہ محبوبہ اپنے حسن مین بحالت قمر ظاہر ہوئی اور مثل شاخ درخت بان ہلکی اور مانند عنبر خوشبو دی۔ اور اسنے مثل غزال دیکھا قمرا وغیرہ چارون حال ہین یعنی بدت مشرقۃ وبانت ثنیۃ الخ۔

کان الحزن مشغوف بقلبی ۔۔۔ فساعۃ ہجرہا یجد الوصالا

شغفت فوادہ اذا احرقہ ترجمہ گویا غم میرے دل پر عاشق ہی سو بوقت ہجر محبوبہ اُسکو دل سے وصل ہوتا ہی۔

کذا الدنیا علی من کان قبلی ۔۔۔ صروف لم یدمن علیہ حالا

ترجمہ دنیا کا مجھ سے پہلون پر بھی یہی حال رہا ہی وہ حوادث ہین جو ایک حال پر نہین رہتے۔

اشد الغم عندی فی سرور ۔۔۔ تیقن عنہ صاحبہ انتقالا

ترجمہ میرے نزدیک بڑا غم اُس خوشی مین ہی کہ صاحب سرور کو اسکے چلے جانے کا یقین ہو کیونکہ ہروقت اُس کو اُسکے زوال کا خوف رہتا ہی۔

الفت ترحلی وجعلت ارضی ۔۔۔ قتودی والغریری الجلالا

القتود جمع قتد وہو خشب الرحل والغریری فحل کان فی الجاہلیۃ تنسب الیہ کرام الابل والجلال الجلیل کطوال طویل وقیل الجلال الضخم ترجمہ مین اپنے کوچ سے مالوف ہوگیا اور مین نے اپنی زمین یعنی قیام گاہ اپنی چوب پالان اور شتر عظیم الجثہ وطیار کو کر لیا۔ اپنے سفر پیشگی کی تعریف کرتا ہی۔

فما حاولت فی ارض مقاما ۔۔۔ ولا ازمعت عن ارض زوالا

ترجمہ سو مین نے کسی جگہ قیام کا ارادہ نہین کیا اور نہ کسی زمین کو چھوڑنے کا قصد کیا۔ یعنی جب مین قیام نہین کرتا تو چھوڑنے کے کیا معنی؟۔

علی قلق کان الریح تحتی ۔۔۔ اوجہہا جنوبا او شمالا

ترجمہ مین شتر بحالت اضطراب ہنکاتا ہون اُس کی تیزروی کے سبب گویا مین ہوا پر سوار ہون کبھی مین اُس کو بجانب جنوب اور کبھی بجانب شمال متوجہ کرتا ہون۔

الی البدر بن عمار الذی لم ۔۔۔ یکن فی غرۃ الشہر الہلالا

الغرۃ الوجہ واول کل شئ غرتہ واراد اول الشہر والبدر یردی بغیر اللام لانہ علم وباللام اراد بہ بدر السماء لا العلم ترجمہ

مین برابر سفر کرتا ہون بدر بن عمار کیطرف جو کبھی شروع ماہ مین ہلال نہین ہوا بلکہ وہ ہمیشہ ماہ کامل رہا ہی۔

وَلَمْ یَعْظُمْ لِنَقْصٍ کَانَ فِیْهِ	وَلَمْ یَزَلِ الْاَمِیْرَ وَلَنْ یَزَالَا

ترجمہ اور وہ بعد نقصان کے جو اُسین تھا کامل نہین ہوا بلکہ وہ کامل ہی پیدا ہوا ہی اور وہ ہمیشہ امیر رہا ہی اور رہیگا۔

بِلَا مِثْلٍ وَاِنْ اَبْصَرْتَ فِیْهِ	لِکُلِّ مُغَیَّبٍ حَسَنٍ مِثَالَا

ترجمہ وہ ہمیشہ بے مثل رہے گا اگرچہ تو اُسین ہر چیز غائب عمدہ کی مثال دیکھے گا یعنی مثلاً وہ سخا مین دریا اور شجاعت مین شیر ہی۔

حُسَامٌ لِابْنِ رَائِقِ الْمُرَجّٰی	حُسَامُ الْمُتَّقِیْ اَیَّامَ صَالَا

ترجمہ حسام الثانی بدل من ابن رائق وصال تسلط وقہر ترجمہ ممدوح ابو بکر بن رائق کی شمشیر ہی جو امیدگاہ خلائق ہی اور ابن رائق امیر المومنین متقی کی جبکہ اُس نے اُسکو ساتھ لے کر بنی الیزیدی پر حملہ کیا شمشیر اور اُسکا حامی ہی۔

سِنَانٌ فِیْ قَنَاةِ بَنِیْ مَعَدٍّ	بَنِیْ اَسَدٍ اِذَا دَعَوُا النِّزَالَا

بنی اسد بدل من بنی معد ترجمہ ممدوح بنی معد بن عدنان مین یعنی عرب مین بمنزلہ نیزہ کی بھال کے ہی یعنی اُسکی نصرت وتقویت کا باعث ہی بعد اُسکے بطور بدل اشتمال کہتا ہی کہ وہ سنان نیزہ بنی اسد ہی جو سعد کی اولاد مین سے ہی یعنی وہ اسدی ہی اور اُنکی تقویت کا سبب ہی جب وہ لڑائی کے لئے طیار ہون۔

اَعَزُّ مُغَالِبٍ کَفًّا وَّسَیْفًا	وَمَقْدُرَةً وَّمَحْمِیَةً وَّاٰلَا

نصب لمنصوبات الخمس علی التمیز ترجمہ ممدوح غالب شخص پر غالب ہی از روکے ہاتھ یعنی بلحاظ سخاوت کے اور بلحاظ سیف وشجاعت وباعتبار قدرت وطاقت کے وباعتبار حمایت دوستان واولاد وکنبہ کے۔

وَاَشْرَفُ فَاخِرٍ نَفْسًا وَّقَوْمًا	وَاَکْرَمُ مُنْتَمٍ عَمًّا وَّخَالَا

ترجمہ اور وہ باعتبار اپنی ذات اور قوم کے سب فخر کرنے والون مین شریف ہی اور بزرگتر شخص منتسب کا بلحاظ چچا اور ماموں کے ہی یعنی وہ نجیب الطرفین ہی۔

یَکُوْنُ اَحَقَّ اِثْنَاءٍ عَلَیْهِ	عَلَی الدُّنْیَا وَاَهْلِیْهَا مُحَالَا

ترجمہ جو تعریف کرنا اور مدح سرائی دنیا اور اہل دنیا کی نسبت محال شمار ہوتی ہی وہ ممدوح کے حق مین سچی ثنا خوانی ہی خلاصہ یہ ہی کہ جس ثنا کا ممدوح مستحق ہی تمام لوگ اُسکی ادنی کے بھی مستحق نہین ہین۔

وَیَبْقٰی ضِعْفُ مَا قَدْ قِیْلَ فِیْهِ	اِذَا لَمْ یَتَّرِكْ اَحَدٌ مَّقَالَا

ترجمہ جبکہ کوئی مداح اپنی دانست مین ممدوح کے تمام اوصاف بیان کرے اور کوئی گفتگو کی جگہ درباب توضیح اُسکے فضائل کے نہ چھوڑے تو جو اوصاف بیان کئے گئے ہین اُسکے دوچند بے ذکر باقی رہجاوینگے۔ خلاصہ یہ کہ مادحین

اُسکی تعریف کماحقہ نہین کر سکتے۔

فَیَا ابْنَ الطَّاعِنِیْنَ بِکُلِّ لَدْنٍ ۔۔۔ مَوَاضِعَ یَشْتَکِی الْبَطَلُ السُّعَالَا

اللدن اللین المہتز ترجمہ سواے بیٹے ایسے شخصون کے کہ وہ ہر نیزۂ لچکدار سے نیزہ زنی دشمنون کے ہر ایسے مقامات پر کرتے تھے جہان کھانسی کی تکلیف دلیر لوگ کرتے ہین یعنی سینون پر کیونکہ کھانسی کا سبب شش یعنی پھیپھڑے پر نزلہ کا گرنا ہی یا ایسے خوفناک موضع مین جہان مارے خوف کے دلیر لوگ کھانس بھی نہین سکتے تھے۔

وَیَا ابْنَ الضَّارِبِیْنَ بِکُلِّ عَضْبٍ ۔۔۔ مِنَ الْعَرَبِ الْاَسَافِلَ وَالْقِلَالَا

الاسافل الارجل والقلال الرؤس واحدہا قلۃ وہی اعلی الراس ترجمہ اور اے بہادرون کے فرزند جو شمشیر ہاے بران عرب کے سر پر مارتے تھے کہ وہ پانو تلک کاٹتی چلی آتی تھی۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہی کہ اسافل سے گھٹیا لوگ اور قلال سے بڑھیا مراد ہون یعنی اُنکا قتل تمام شریرون کے لئے عام تھا۔

اَرَی الْمُتَشَاعِرِیْنَ غَرُوْا بِذَمِّیْ ۔۔۔ وَمَنْ ذَا یَحْمَدُ الدَّاءَ الْعُضَالَا

المتشاعرون المتشبہون بالشعراء والداء العضال الذی لا دواء لہ ترجمہ دونون نداؤن کا جواب ہی کہ مین اُن لوگون کو جو درحقیقت شاعر نہین ہین بلکہ اُنکی نقل کرتے ہین دیکھتا ہون کہ میری مذمت کے حریص ہوگئے ہین اور کون شخص درد بے دوا کی تعریف کرتا ہی یعنے مین اُنکے حق مین لاعلاج مرض ہون اور اُن کی بے رونقی کا سبب ہون پس مجکو وہ کس طرح پسند کرین۔

وَمَنْ یَکُ ذَا فَمٍ مُرٍّ مَرِیْضٍ ۔۔۔ یَجِدْ مُرًّا بِہِ الْمَاءَ الزُّلَالَا

الزلال الذی نزل فی الحلق لعذوبتہ مثل السلسال ترجمہ اور جس شخص کا ذائقہ دہن بسبب مرض کے تلخ ہو تو وہ اس سبب سے آب شیرین اور گوارا کو تلخ سمجھے گا۔ یعنی وہ لوگ جو مجکو بُرا کہتے ہین یہ خود اُنکا نقصان اور میری ناقدرشناسی ہی مجھ مین کوئی عیب نہین ہی۔

وَقَالُوْا هَلْ یُبَلِّغُکَ الثُّرَیَّا ۔۔۔ فَقُلْتُ نَعَمْ اِذَا شِئْتُ اسْتِفَالَا

الثریا یقال ہی ستۃ انجم ترجمہ حاسد لوگ مجھ سے کہتے ہین کہ کیا ممدوح تجکو ثریا پر پہنچا دے گا یعنی کیا ایسا تیری ترقی رتبہ کا باعث ہوگا مین نے اُنکو جواب دیا کہ ہان اسقدر رفعت تو مجکو جب ہوگی جب مین اپنا تنزل چاہون گا کیونکہ مین اب تو اُس کی خدمت کے سبب ثریا سے بلند ہون۔

هُوَ الْمُفْنِی الْمَذَاکِیَ وَالْاَعَادِیْ ۔۔۔ وَبِیْضَ الْهِنْدِ وَالسُّمْرَ الطِّوَالَا

المذاکی الخیل المسنۃ واحدہا مذک وہو الذی اتی علیہ بعد القروح سنۃ او سنتان ترجمہ ممدوح کلان سال گھوڑون یعنے پنج کو اور دشمنون اور شمشیر ہاے براق ہندی اور دراز گندم گون نیزون کو بسبب جنگ ہر روز فنا کر دیتا ہی

یعنی گھوڑون سے دوڑ دھوپ کا ایسا کام لیتا ہی کہ وہ باوجود اپنی مضبوطی کے ہلاک ہو جاتے ہین اور ایسے ہی شمشیرین اور نیزے بسبب کثرت طعن و ضرب کے فنا ہو جاتے ہین اور یہ بھی فنا کی ایک صورت ہی کہ یہ سب چیزین باوجود اُنکی عمدگی کے اپنے دستہ بن کر دیڈالتا ہی۔ یعنی بادوستی ہی۔

وَكَائِدُهَا مُسَوَّمَةً ضِنَاتٍ	عَلَىٰ حَيٍّ تَصِيحُهُ ثِقَالَا

المسومۃ المعلمۃ وقیل ہی المرسلۃ ترجمہ اور ممدوح روانہ کرنے والا اسپان نشانمند اور سُبک رو کا ہی اُوپر ایک قوم کے جنکو وہ ترجمہ ہی بھاری بنا تا ہی ایسے حال میں کہ وہ گھوڑے اُس قوم پر سخت بھاری ہوتے ہین اور اُن کو پیس ڈالتے ہین۔

جَوَائِلَ بِالْقُنِيِّ مُثَقَّفَاتٍ	كَأَنَّ عَلَىٰ عَوَامِلِهَا الذُّبَالَا

جوائل بدل من قولہ مسومۃ و قنی جمع قناۃ کقنا و قنوات و جوائل جمع جائلۃ و عوامل جمع عامل ہو عامل السنان وہو ما قرب منہ و الذبال جمع ذبالۃ ہی بالفتیلۃ ترجمہ ایسے حال میں اُن گھوڑون کو روانہ کرتا ہی کہ وہ اسپان نشانمند ایسے نیزون راست کردہ کو حرکت دیتے ہین کہ اُنکی تیر پوری پر جیسین بھال گئی ہو گویا چراغ کی بتیان روشن ہین بسبب اُنکی چمک کے۔

إِذَا وَطِئَتْ بِأَيْدِيهَا صُخُورًا	يَفِئْنَ لِوَطْءِ أَرْجُلِهَا رِمَالَا

یفئن یعدن و یرجعن ترجمہ جبکہ وہ گھوڑے اپنے اگلے اور پچھلے پاؤن سے پتھرون کو روندتے ہین تو اُن کے پاؤن کے صدمے سے وہ مثل ریت کے ہو جاتے ہین۔ گھوڑونکی قوت کی تعریف کرتا ہی۔

جَوَابُ مُسَائِلِي أَلَهُ نَظِيرٌ	وَلَا لَكَ فِي سُؤَالِكَ لَا أَلَا لَا

فی البیت تعقید اراد ولا لک فرد و کقول الآخر علیک ورحمۃ اللہ السلام ومثلہ قولہ تعالیٰ انزل علیٰ عبدہ الکتاب ولم یجعل لہ عوجاً قیماً والتقدیر قیماً ولم یجعل لہ عوجاً ترجمہ جواب میرے سائل کا جس کا یہ سوال ہو کہ کیا ممدوح کا کوئی مثل و نظیر ہی یہ ہو کہ لا ولا لک یعنی ممدوح کا فضائل مین کوئی مثل و مانند نہین ہو اور نہ اے سائل حمق مین تیرا کوئی نظیر ہی جو ایسی بدیہی بات پوچھتا ہی جسکو سب جانتے ہین کررالنفی بقولہ الا اشارۃ الی ان جہل السائل یوجب اعادۃ الجواب علیہ

لَقَدْ أَمِنَتْ بِكَ الْإِعْدَامَ نَفْسٌ	تَعُدُّ رَجَاءَهَا إِيَّاكَ مَالَا

ترجمہ وہ جان افلاس سے بیشک بیخوف ہو گئی جنے تیری اُمیدواری کو اپنے لئے بمنزلہ مال سمجھ لیا کیونکہ تو اُس کی اُمید کو پورا کر دے گا بلکہ زیادہ دے گا۔

وَقَدْ وَجِلَتْ قُلُوبٌ مِنْكَ حَتَّىٰ	غَدَتْ أَوْجَالُهَا فِيهَا وِجَالَا

الوجل الخوف والوجال جمع وجل کو جمع وجاع ترجمہ دہائے دشمنان تجھ سے ایسے ڈر گئے ہین کہ اُنکے خوف اُنکے

دلون مین خود ڈرتے ہین- یہ مبالغہ ہی جیسا کہ کہتے ہین جن جنونہ وشعر شاعر-

شَیُّ دُونَ اَنۡ تَمَسَّ النَّاسَ طُرًّا	تُعَلِّمُہُمۡ عَلَیۡکَ بِہِ الدَّلَالَا

ترجمہ تیرا سرور کامل سب لوگون کے سرور کی صورت مین ہوتا ہی سو یہ امر لوگونکو تجھ پر ناز کرنا سکھاتا ہی یہان تک کہ اگر کوئی کہے کہ مین مسرور نہین ہون تو تو اُسکے راضی کرنے مین کوشش کرنے لگتا ہی اور جس طرح بنے اُس کو خوش کرتا ہی-

اِذَا سَأَلُوا شَکَرۡتَہُمۡ عَلَیۡہِ	وَاِنۡ سَکَتُوا سَأَلۡتَہُمُ السُّؤَالَا

ترجمہ تو ایسا کریم الطبع ہی کہ جب لوگ تجھ سے سوال کرتے ہین تو تو اُنکا اُلٹا ممنون وشکر گذار ہوتا ہی اور اگر وہ سوال سے ساکت ہو وین تو اُن سے سوال کرنیکا سوال کرتا ہی یعنی کہتا ہی کہ مجھ سے مانگو تاکہ مین خوش ہون-

وَاَسۡعَدُ مَنۡ رَأَیۡنَا مُسۡتَمِیۡحٌ	یُنِیۡلُ الۡمُسۡتَمَاحَ بِاَنۡ یُنَالَا

الاستماحۃ طلب العطاء وینیل یعطی ترجمہ اور اُن لوگون مین جنکو ہم نے دیکھا ہی بڑا اسعاد تمند وہ عطا خواہ ہی کہ جب وہ بخشش دیا جائے تو وہ گویا اپنے معطی کو دیتا ہی- یعنی معطی جب کسیکو عطا کرے اور وہ قبول کرے تو وہ قبول عطا کو یہ سمجھے کہ گویا سائل نے مجکو عطا دی- سو ایسا حال ممدوح اور اُسکے سائل کا ہی-

یُفَارِقُ سَہۡمُکَ الرَّجُلَ الۡمُلَاقِیۡ	فِرَاقَ الۡقَوۡسِ مَا لَاقَی الرِّجَالَا

مالاقی فی موضع النصب علی الظرف تقدیرہ الامرکذلک مدۃ ملاقات الرجال ویجوزان یکون ما نافیۃ ترجمہ تیرا تیر اُس شخص کے جسم سے جس سے وہ ملتا ہی نفوذ کرکے اس تیزی سے نکلتا ہی جس تیزی سے کمان سے نکلا تھا یعنی اُس کا زور گھٹتا نہین اور یہ ہی حال اُس کا رہتا ہی جب تلک اُسکو مرد ملتے ہین یکے بعد دیگرے سبکو اُسی زور سے چھیدتا چلا جاتا ہی یا ایسے زور سے کہ گویا لوگون سے ملا ہی نہین خلاصہ یہ ہی کہ چاہے جسقدر اشخاص پیش آوین اُنکو چھیدکر اُسی زور سے نفوذ کرتا ہی جس زور سے کمان سے نکلا تھا-

فَمَا تَقِفُ النِّصَالُ عَلٰی قَرَارٍ	کَاَنَّ الرِّیۡشَ یَطَّلِبُ النِّصَالَا

النصال جمع نصل ہو حدیدۃ السہم ترجمہ سو تیرے تیر کی بھال کہین نہین ٹھیرتی اور آدمیون کو چھیدتی چلی جاتی ہی گویا پر تیر اُسکے پیکان کو طلب کرتے ہین اور اُس سے ملنا چاہتے ہین اور پیکان اُنسے بھاگتا ہی اور چونکہ پر ہائے تیر اُس سے پیچھے ہین اس لئے برابر اُس کے پیچھے چلے جاتے ہین کیا عمدہ خیال ہی-

سَبَقۡتَ السَّابِقِیۡنَ فَمَا تُجَارٰی	وَجَاوَزۡتَ الۡعُلُوَّ فَمَا تُعَالٰی

تجاری تلحق ترجمہ تو پہلون سے فضائل مین بڑھ گیا اب کوئی تجھ سے ملایا نہین جا سکتا اور بلند قدری کی حد سے تو آگے بڑھ گیا ہی اب کوئی تجھ سے بلند قدری مین بلند نہین کیا جاتا ہی اس صفائی کا کیا کہنا ہی-

وَاُقْسِمُ لَوْ صَلُحَتْ يَمِيْنَ شَيْءٍ	لَمَا صَلُحَ الْعِبَادُ لَهُ شِمَالاً

ترجمہ اور میں بقسم کہتا ہوں کہ اگر تو کسی شی کیجانب راست ہونیکی صلاحیت رکھے تو تمام خلق اسکی جانب چپ مفضول بھی نہیں ہوسکتی

اُقَلِّبُ مِنْكَ طَرْفِيْ فِيْ سَمَاءٍ	وَاِنْ طَلَعَتْ كَوَاكِبُهَا خِصَالاً

ترجمہ میں تجھ سے اپنی آنکھ کو ایک آسمان کیطرف پھیرتا ہوں اگرچہ اُس آسمان کے ستارے بصورت تیرے خصائل حمیدہ کے طالع ہوتے ہیں۔یعنی تو رفعت میں بمنزلہ آسمان ہو اور تیرے خصائل بمنزلہ کواکب کے وقولہ منک تجرید کما یقال رأیت منہ اسدا۔

وَاَعْجَبُ مِنْكَ كَيْفَ قَدَرْتَ تَنْشَا	وَقَدْ اُعْطِيْتَ فِي الْمَهْدِ الْكَمَالاً

تنشا ای ان تنشا ترجمہ اور میں تیرے معاملہ میں تعجب کرتا ہوں کہ تو بڑھنے پر کسطرح قادر ہوا حالانکہ تو گہوارے میں یعنی بحالت طفلی کمال عطا کیا گیا تھا۔یعنی بہمہ وجوہ کامل پیدا ہوا تھا۔

وقال یمدحہ ویذکر الاسد قد اعجلہ فضربہ بسوطہ

فِي الْخَدِّ اَنْ عَزَمَ الْخَلِيْطُ رَحِيْلاً	مَطَرٌ يَزِيْدُ بِهِ الْخُدُوْدُ مُحُوْلاً

ان عزم ای لان عزم والخلیط ہو الذی یخالطک واراد بہ الحبیب ترجمہ اس سبب سے کہ دوست نے قصد سفر کیا ہو رخسار پر ایسا باران برس رہا ہو کہ رخسار اُس کے سبب خشکی اور بے رونقی میں بڑھتے ہیں یعنی باران معمولی سے رونق اور سرسبزی آتی ہو مگر باران اشک اُس کے خلاف ہو کہ بجائے رونق باعث بے رونقی ہوتا ہو۔

يَا نَظْرَةً نَفَتِ الرُّقَادَ وَغَادَرَتْ	فِيْ حَدِّ قَلْبِيْ مَا حَيِيْتُ فُلُوْلاً

ترجمہ نفت اذہبت والفلول ما لحق حد السیف من کثرۃ الضرب ترجمہ ای وہ ایک نظر جو بوقت رخصت مجھ کو ظہور میں آئی تھی جسنے میرے خواب کو معدوم اور میری تیزی دل کو مادام الحیوۃ کند کر دیا یعنے اُسنے میری تیزی عقل و دل کو کھو دیا پھر لوٹ آ اُس نظر کے اعادہ کی آرزو کرتا ہو۔

كَانَتْ مِنَ الْكَحْلَاءِ سُؤْلِيْ اِنَّمَا	اَجَلِيْ تَمَثَّلَ فِيْ فُؤَادِيْ سُوْلاً

الضمیر فی کانت عائد الی النظرۃ والکحلاء التی بعینہا کحل من غیر تکحل والسؤل مہموز الا انہ خففہ ترجمہ وہ نظر جس کا ذکر میں نے پہلے کیا محبوبہ سرگین چشم سے میری دلی آرزو تھی اور حقیقت میں وہ میری موت تھی کہ میرے دل میں بصورت تمنائے دلی متمثل ہو گئی تھی کہ اُسنے مجھے قریب المرگ کر دیا۔

اَجِدُ الْجَفَاءَ عَلٰى سِوَاكِ مُرُوَّةً	وَالصَّبْرَ اِلَّا فِيْ نَوَاكِ جَمِيْلاً

ارادبالجفاء الامتناع فلذا عداہ بعلی والمروۃ الکرم والفعل الحسن ترجمہ میں سوائے تیرے اور محبوبہ سے رُکنے اور پرہیز کرنے کو نیک کام سمجھتا ہوں اور صبر کو اچھا جانتا ہوں مگر تیری جدائی میں۔

وَاَرَى تَدَلُّلَكِ الْكَثِيْرَ مُحَبَّبًا	وَاَرَى قَلِيْلَ تَدَلُّلٍ مَمْلُوْلًا

ترجمہ اور میں تیرے ناز کثیر کو پیارا سمجھتا ہوں اور معشوقوں کے تھوڑے ناز کو باعث ملالت جانتا ہوں۔

تَشْكُوْ رَوَادِفَكَ الْمَطِيَّةُ فَوْقَهَا	شَكْوَى الَّتِيْ وَجَدَتْ هَوَاكِ دَخِيْلًا

الروادف الکفل واحدہ جمع رادفۃ لانہ یردف الانسان کالردیف الذی یکون خلف الراکب ترجمہ تیرے سرینہائے گران بار کا وہ ناقہ جسپر تو سوار ہی شکوہ کرتی ہی اور اُس ناقہ کے شکوہ سے بڑھ کر شکوہ عاشق نیم جان ہی جس کے دمیں تیری محبت گھر کر گئی ہی یعنی گو بار سرین بھی زیادہ ہی مگر بار محبت سخت گران ہی

وَيُغِيْرُنِيْ جَذْبُ الزِّمَامِ لِقَلْبِهَا	فَمَهَا اِلَيْكِ كَطَالِبٍ تَقْبِيْلًا

ترجمہ اور مجکو تیرا ناقہ کی باگ کو کھینچنا غیرت دلاتا ہی کیونکہ ناقہ اپنے مُنہ کو تیری طرف ایسا پھیرتی ہی جیسا کوئی طالب بوسہ

حَدَقٌ الْحِسَانِ مِنَ الْغَوَانِيْ هِجْنَ لِيْ	يَوْمَ الْفِرَاقِ صَبَابَةً وَّغَلِيْلًا

ترجمہ جو عورتیں اپنے جمال ذاتی کے سبب تزئین سے بے پروا ہیں اُنمیں سے حسین محبوبوں کی آنکھیں بروز فراق میرے عشق اور سوزش درون کو برافروختہ کرتی ہیں یعنی بسبب اپنی دوری کے۔

حَدَقٌ يُذِمُّ مِنَ الْقَوَاتِلِ غَيْرَهَا	بَدْرُ بْنُ عَمَّارِ بْنِ اِسْمٰعِيْلَا

یذم بجیر ترجمہ وہ ایسی آنکھیں ہیں کہ اُنکے سوا سب قاتلوں سے بدر بن عمار بن اسمعیل پناہ دیتا ہی گر چشمان خونریز معشوقوں پر اُسکا بھی زور نہیں چلتا ہی اور وہ کھُلے بندانے عاشقوں کو قتل کرتی ہیں۔

اَلْفَارِجُ الْكُرَبَ الْعِظَامَ بِمِثْلِهَا	وَالتَّارِكُ الْمَلِكَ الْعَزِيْزَ ذَلِيْلًا

ترجمہ ممدوح اپنے دوستوں سے مصائب عظیمہ کو اُتنے ہی مصائب اپنے دشمنوں پر ڈالکر کھولدیتا ہی یعنی دشمنوں کے اموال لُوٹکر اپنے دوستوں کو دیدیتا ہی اور دشمنوں کے غالب بادشاہ کو ذلیل کر چھوڑتا ہی۔

مَحِكٌ اِذَا مَطَلَ الْغَرِيْمُ بِدَيْنِهِ	جَعَلَ الْحُسَامَ بِمَا اَرَادَ كَفِيْلًا

المحک اللجوج ترجمہ وہ ایسا ضدی اور ہیچڑ ہی کہ جب اُسکا قرضدار اُس کے دین کی ادامیں درنگ کرے تو اپنے ارادہ کا اپنی تلوار کو ضامن کرتا ہی یعنی بزور شمشیر اُس سے وصول کرتا ہی اور اپنا حق کسی پر نہیں چھوڑتا ہی۔

نَطِقٌ اِذَا حَطَّ الْكَلَامُ لِثَامَهُ	اَعْطٰى بِمَنْطِقِهِ الْقُلُوْبَ عُقُوْلًا

النطق جید النطق والقول ذواللثام الجمیل علی الوجہ من العمامۃ کانت العرب تفعلہ لاجل حر الشمس واذا ارادوا ان یتکلموا کشفوا اللثام ترجمہ وہ ایسا گویا ہی کہ جب کلام اپنے برقع کو اپنے چہرہ سے اُٹھادے یعنی جب وہ گفتگو کرنے لگے تو اپنی گویائی سے دنہائے سامعین کو ہوشیاریاں عنایت کرے کیونکہ اُس کا کلام حکیمانہ ہی۔

اَعْدَى الزَّمَانَ سَخَاؤُهُ فَسَخَا بِهِ	وَلَقَدْ يَكُوْنُ بِهِ الزَّمَانُ بَخِيْلًا

ترجمہ ممدوح کی سخاوت زمانہ مین اثر کرگئی یعنی زمانہ نے اُس سے سخاوت سیکھی سو اسلئے زمانہ نے اُسکو ہمین بطور بخشش عنایت کیا۔ یعنی اُسکو عدم سے وجود مین لایا اور اگر زمانہ اُس سے سخاوت نہ سیکھتا تو وہ اُسکے بخشنے مین بخیل ہوتا اور اُسکو ہمین نہ دیتا اور خاص اپنے لئے رکھ چھوڑتا اور اگر معترض کہے کہ سیکھنا موجود سے ہوتا ہی اور ممدوح اُسوقت معدوم تھا تو اُس کا جواب یہ ہی کہ گویا زمانہ کو قبل وجود ممدوح یہ معلوم ہوگیا تھا کہ درصورت وجود ایسا کامل سخی ہوگا پس اس علم کی بنا پر اُس سے سخاوت سیکھی۔ اور اگر یہ استفادہ زمانہ کو نہوتا تو وہ ہمیشہ بخیل رہتا۔ ابن فورجہ شعر کے یہ معنی کہتا ہی کہ زمانہ نے ممدوح سے سخاوت سیکھی تو اُس نے مجھے ممدوح کو دیدیا یعنی اُس نے مجھکو ہدایت اُس کی خدمت کی حاضری کی کی اور اگر اُس سے سخاوت نہ سیکھتا تو زمانہ مجھ پر یہ احسان نکرتا۔

	فَكَأَنَّ بَرْقًا فِي مُتُوْنِ غَمَامَةٍ		هِنْدِيَّةٌ فِي كَفِّهِ مَسْلُوْلَا

الغمامۃ السحابۃ و ہندیۃ سیف المصنوع من حدید الہند ترجمہ سو گویا برق جو ابر کی پشتون مین چمکتی ہی اُس کی برہنہ ہندی شمشیر اُس کے ہاتھ مین ہی یہ تشبیہ معکوس ہی کیونکہ تلوار کی چمک کو برق سے تشبیہ دیتے ہین یہان اُسکا عکس برق کو شمشیر کی چمک سے تشبیہ دی ہی۔

	وَمَحَلُّ قَائِمِهِ يَسِيْلُ مَوَاهِبًا		لَوْ كُنَّ سَيْلًا مَا وَجَدْنَ مَسِيْلَا

ضمیر قائمہ للسیف ترجمہ اور جگہ قبضہ شمشیر کی یعنے ممدوح کا ہاتھ از روئے بخششون کے بہتا ہی یعنی عطایا اُس کے ہاتھ سے مثل باران برابر بہتے ہین اگر یہ عطایا سیل یعنی رو بنجاتین تو بسبب اپنی کثرت کے بہنے کی جگہ نہ پاتین۔

	رَقَّتْ مَضَارِبُهٗ فَهُنَّ كَأَنَّمَا		يُبْدِيْنَ مِنْ عِشْقِ الرِّقَابِ نُحُوْلَا

رقت خفت و مضاربہ حداہ و ہو ما یضرب بہ الرقاب ترجمہ اُس تلوار کی دھارین باریک و پتلی ہین گویا وہ یہ لاغری بسبب عشق گردنہائے اعدا کے ظاہر کرتی ہین یعنے وہ گویا گردنہائے دشمنون پر عاشق ہین انکی محبت مین لاغر ہوگئی ہین۔

	أَمُعَفِّرَ اللَّيْثِ الْهِزَبْرِ بِسَوْطِهٖ		لِمَنِ ادَّخَرْتَ الصَّارِمَ الْمَصْقُوْلَا

عفرہ اذا رماہ فی العفر بالتحریک و ہو التراب والہزبر الاسد ترجمہ اے اپنے تازیانہ سے شیر ژیان کو خاک مین ملانیوالے تو نے کس جاندار کے لئے شمشیر صیقلدار ذخیرہ رکھی ہی یعنی جب تو نے شیر کو جو تمام حیوانات سے قوی اور بہادر ہی اپنے تازیانہ سے خاک مین گرادیا تو شمشیر کس غرض سے رکھی ہی۔ اسکا قصہ یہ ہی کہ ایک شیر نے کہ جسکو پچھاڑ رکھی تھی بدر بن عمار نے اُسے للکارا تو شیر فوراً ممدوح کے گھوڑے کے پٹھون پر آکودا اور اُسکو تلوار کھینچنے کی مہلت نہ دی تو اُس نے اُس کے ایسا کوڑا مارا کہ وہ نیچے گر پڑا اور سپاہیون نے اُسکا کام تمام کردیا۔

	وَقَعَتْ عَلَى الْأُرْدُنِّ مِنْهُ بَلِيَّةٌ		نُضِدَتْ بِهَا هَامُ الرِّفَاقِ تُلُوْلَا

الاردن نہر بالشام والرفاق جمع رفقۃ والتلول جمع تل و ہو الجبل الصغیر ترجمہ اُس شیر کے سبب اردن نہر کے پاس

پڑوس والون اور مسافرون پر ایک ایسی بلائے عظیم نازل ہوئی تھی کہ مسافرون کے سر کے ٹیلے مرتب و تیار ہو گئے تھے یعنی وہ بڑا مردم خوار تھا۔

وَرْدٌ اِذَا وَرَدَ الْبُحَيْرَةَ شَارِبًا	وَرَدَ الْفُرَاتَ زَئِيْرُهٗ وَالنِّيْلَا

الورد لون يقرب الى الحمرة والبحيرة بحيرة طبرية والفرات نهر الشام ترجمہ وہ شیر مائل بسرخی جب بحیرہ طبریہ پر پانی پینے آتا تھا تو اُس کے دڑکنے کی آواز فرات اور نیل تلک جاتی تھی۔

مُتَخَضِّبٌ بِدَمِ الْفَوَارِسِ لَابِسٌ	فِيْ غِيْلِهٖ مِنْ لِبْدَتَيْهِ غِيْلَا

الغيل الاجمة اراد بلبدتيه الشعر الذي على كتفيه لعظم كثافته عليها ترجمہ وہ خون سواران کشتہ سے رنگین ہی اور اپنے بن مین بسبب کثرت موئے بردوش ایک بن اور بیشہ کو پہنے ہوئے ہی۔

مَا قُوْبِلَتْ عَيْنَاهُ اِلَّا ظُنَّتَا	تَحْتَ الدُّجٰى نَارَ الْفَرِيْقِ حُلُوْلَا

حلولا حال من الفريق ترجمہ اُسکی دونون آنکھین تاریکی شب مین نہین مقابلہ کیجاتی تھین مگر وہ یہ خیال کیجاتی تھین کہ کسی گروہ کی آگ جبکہ وہ فروکش ہین تاریکی مین چمکتی ہی۔ کہتے ہین کہ شیر اور بلی اور سانپ کی آنکھین اندھیرے مین مثل آتش روشن معلوم ہوتی ہین۔

فِيْ وَحْدَةِ الرُّهْبَانِ اِلَّا اَنَّهٗ	لَا يَعْرِفُ التَّحْرِيْمَ وَالتَّحْلِيْلَا

الرهبان جمع راهب وهو زاهد النصارى وهم يوصفون بالوحدة والانقطاع عن الناس ترجمہ وہ شیر راہبون کی طرح تنہا رہتا تھا مگر وہ حرام وحلال نہین جانتا تھا کہتے ہین قوی شیر کے بیشہ مین دوسرا شیر نہین رہسکتا۔

يَطَأُ الْبَرٰى مُتَرَفِّقًا مِنْ تِيْهِهٖ	فَكَاَنَّهٗ اٰسٍ يَجُسُّ عَلِيْلَا

البرى التراب والآسى الطبيب ترجمہ وہ اپنے غرور کے سبب زمین پر بنرمی و آہستگی چلتا ہی کیونکہ اُسکو کسیکا خوف نہین ہی سو گویا وہ ایک طبیب ہی کہ آہستہ مریض کو چھوتا ہی۔

وَيَرُدُّ عُفْرَتَهٗ اِلٰى يَافُوْخِهٖ	حَتّٰى تَصِيْرَ لِرَاْسِهٖ اِكْلِيْلَا

العفرة الشعر المجتمع على قفاه واليافوخ الراس والاكليل التاج ترجمہ اور وہ بوقت غصہ اپنی گردن کے بال اپنے سر پر لوٹا لاتا ہی یہان تک کہ وہ اُس کے سر کے تاج ہو جاتے ہین۔

وَتَظُنُّهٗ مِمَّا تُزَمْجِرُ نَفْسُهٗ	عَنْهَا بِشِدَّةِ غَيْظِهٖ مَشْغُوْلَا

الزمجرة تردد الصوت ترجمہ اور اُسکے باربار آواز کرنے سے اُسکی طبیعت یہ گمان کرتی تھی کہ وہ بسبب غصہ کی شدت کے اپنے آپسے غافل و بے پروا ہی۔

قَصُرَتْ مَخَافَتُهُ الْخُطَا فَكَاَنَّمَا	رَكِبَ الْكَمِيُّ جَوَادَهٗ مَشْكُوْلَا

ترجمہ شیر کے خوف سے چلنے والون کے قدم کوتاہ کر دئے تھے یعنی اُس کے خوف سے کسی حیوان کو طاقت رفتار نہین رہتی تھی گویا بہادر شخص اپنے گھوڑے پر ایسے حال مین سوار ہوا ہی کہ اُسکے پاے بند یعنی اسکیں لگی ہوئی تھی اور بعض شراح اسکی شرح اسطرح کرتے ہین کہ خوف ممدوح نے شیر کے قدم کوتاہ کر دئے کہ وہ لشکر کے لوگون پر حملہ نکر سکے۔

اَلْقَیٰ فَرِیْسَتَه وَبَرْبَرَ دُوْنَهَا ۔ وَقَرُبْتَ قُرْبًا خَالَهٗ تَطْفِیْلَا

الفریستہ صید الاسد وہی البقرۃ التی الاجہ عنہا والبربرۃ الصیاح والصوت ترجمہ شیر نے اپنی پھاڑی ہوئی گائ کو چھوڑا اور اُس سے ورے تجکو دیکھکر اُس سے دفع کرنے کے لئے دھاڑا اور تو اے ممدوح اُس سے اسقدر نزدیک ہوا کہ اُس نے یہ سمجھا کہ یہ ناخواندہ مہمان بنکر آیا ہی تاکہ میرے شکار مین شریک ہو۔

فَتَشَابَهَ الْخُلُقَانِ فِیْ اِقْدَامِهٖ ۔ وَتَخَالَفَا فِیْ بَذْلِكَ الْمَاكُوْلَا

الخلقان الفعلان والطبعان والاقدام الشجاعۃ ترجمہ سو تیری اور شیر کی خصلتین بہادری مین تو ہمرنگ ہو گئین اور وہ دونون اسباب مین مخالف نکلیں کہ تو اپنی خوراک سائل کو دیدیتا ہی اور وہ اسبارے مین بخیل ہی۔

اَسَدٌ یَرٰی عُضْوَیْهِ فِیْكَ كِلَیْهِمَا ۔ مَتْنًا اَزَلَّ وَسَاعِدًا مَفْتُوْلَا

الازل الممسوح القلیل اللحم والمفتول القوی الشدید ترجمہ وہ ایسا شیر ہی کہ اپنے سے دونون عضو تجھ مین دیکھتا ہی۔ یعنی پتلی کمر اور بازو قوی دیتا رخلاصہ یہ ہی کہ تو شیر اندام ہی۔

فِیْ سَرْجِ ظَامِیَةِ الْفُصُوْصِ طِمِرَّةٍ ۔ یَاْبٰی تَفَرُّدُهَا لَهَا التَّمْثِیْلَا

مل الطمرۃ الفرس الوثابتہ ظامیۃ الفصوص عطاش لیست برلۃ رخوۃ وکذا خیول العرب والظامیۃ الدقیقۃ والفصوص المفاصل ترجمہ تو اُس سے مقابل ہوا ایک گھوڑی باریک جوڑ بند کی زین مین جو ہر وقت جست کے لئے آمادہ ہی اور اُسکی یکتائی اپنی تشبیہ وتمثیل سے انکار کرتی ہی یعنی اُس کا مشابہ نہین ہی۔

نَیَّالَةِ الطَّلِبَاتِ لَوْلَا اَنَّهَا ۔ تُعْطِیْ مَكَانَ لِجَامِهَا مَا نِیْلَا

الطلبات جمع طلبۃ وہی الحاجۃ ترجمہ وہ گھوڑی حاجات مین کامیاب ہونے والی ہی۔ اُسپر سوار ہو کر جہان چاہو پہنچ جاؤ اور ایسی دراز گردن اور بلند سر ہی کہ اگر وہ سر جھکا کر اپنا منھ سوار کے سامنے نکرے تو مقدور نہین کہ ہاتھ دہانہ تک پہنچایا جاوے یعنی باایں ہمہ شایستہ ومطیع ہی۔

تَنْدٰی سَوَالِفُهَا اِذَا اسْتَحْضَرْتَهَا ۔ وَیُظَنُّ عَقْدُ عِنَانِهَا مَحْلُوْلَا

السوالف جمع سالفۃ وہی صفحۃ العنق واستحضرتہا من الحضر وہو العدو وتندی تعرق ترجمہ جب تو اُسے سرپٹ دوڑائے تو اُس کے کرانہاے گردن پر عرق کی تری آجاتی ہی اور ایسی نرم و بلند گردن ہی کہ جب لگام کھینچنے کا اشارہ کرو تو فوراً گردن اونچی کرلیتی ہی اور باگ کے ڈھیلا ہونے سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ اُسکی باگ کی گرہ کھلگئی ہی۔

مَا زَالَ يَجْمَعُ نَفْسَهُ فِيْ زَوْرِهٖ — حَتّٰى حَسِبْتَ الْعَرْضَ مِنْهُ الطُّوْلَا

الزورۃ عظم الصدر ترجمہ شیر کی تعریف پھر شروع کرتا ہی کہ وہ جب تیرے سامنے آیا تو برابر اپنے آپ کو استخوان سینہ مین اکٹھا کرتا رہا یعنی سمٹ گیا یہانتک کہ تو اُس کے طول کو عرض خیال کرنے لگا۔ اور شیر کی عادات مقررہ مین ہی کہ جست کے وقت اپنے جسم کو سمیٹ لیتا ہی۔

وَيَدُقُّ بِالصَّدْرِ الْحِجَارَ كَأَنَّهُ — يَبْغِيْ إِلٰى مَا فِي الْحَضِيْضِ سَبِيْلَا

ترجمہ اور وہ شیر بحالت غضب اپنے سینہ سے پتھرون کو صدمہ پہنچاتا اور اُنکو کوٹتا ہی گویا وہ اُس چیز کیطرف جو پستی زمین مین ہی راہ ڈھونڈتا ہی یعنی زمین مین گھسنا چاہتا ہی۔

وَكَأَنَّهُ غَرَّتْهُ عَيْنٌ فَادَّنٰى — لَا يُبْصِرُ الْخَطْبَ الْجَلِيْلَ جَلِيْلَا

ادّنی افتعل من الدنو ترجمہ سو گویا اُسکو اُسکی آنکھ نے دھوکا دیا اور اُس نے تجکو اپنے غضب کے جوش مین خوب نہ دیکھا ورنہ وہ تیری ہیبت اور رعب کے سبب سے بھاگ جاتا سو وہ ایسے حال مین مغرورانہ تجھ سے نزدیک ہوا کہ امر عظیم کو عظیم نہین سمجھتا تھا۔

أَنَفُ الْكَرِيْمِ مِنَ الدَّنِيْئَةِ تَارِكٌ — فِيْ عَيْنِهِ الْعَدَدَ الْكَثِيْرَ قَلِيْلَا

الانف استنکاف ترجمہ شریف کی کمینہ امر سے نفرت اُس کی آنکھ مین مجمع کثیر کو قلیل دکھلاتی ہی اس لئے وہ بھاگتا نہین ہی۔

وَالْعَارُ مَضَّاضٌ وَلَيْسَ بِخَائِفٍ — مِنْ حَتْفِهٖ مَنْ خَافَ مِمَّا قِيْلَا

مضاض موجع محرق ترجمہ اور عار و ننگ ایک جلانیوالی آگ ہی اور جو شخص کہ لوگون کے طعنہ سے ڈرتا ہی وہ اپنی موت سے نہین ڈرتا۔

سَبَقَ الْتِقَاءَكَهُ بِوَثْبَةِ هَاجِمٍ — لَوْ لَمْ تُصَادِمْهُ لَجَازَكَ مِيْلَا

المصادمۃ مفاعلۃ من الصدم وہو الصک ترجمہ وہ تیرے ملاقی ہونے سے پہلے جست حملہ آور پر سبقت کر بیٹھا یعنی وہ قبل مقابلہ تیرے گھوڑے کے پٹھے پر چڑھ آیا اگر تو اُس سے مقابلہ نکرتا اور اُسے دبا نہ بیٹھتا تو تیری ہیبت سے تجھ سے ایک میل یعنی بقدر تین فرسخ کے بھاگجاتا مگر تیرے مقابلہ نے اُسے بھاگنے کی فرصت ندی۔

خَذَلَتْهُ قُوَّتُهُ وَقَدْ كَافَحْتَهُ — فَاسْتَنْصَرَ التَّسْلِيْمَ وَالتَّجْدِيْلَا

الخذلان ضد النصر ترجمہ اُسکی قوت نے اُسے جواب دیدیا اور چھوڑ دیا جبکہ تو نے اُس کے منہ در منہ شمشیر بازی کی تو اُس نے تیرے مطیع ہونے اور خاک پر گرنے سے مدد مانگی کیونکہ مقابلہ تو ناممکن تھا۔

قَبَضَتْ مَنِيَّتُهُ يَدَيْهِ وَعُنْقَهُ — فَكَأَنَّمَا صَادَفْتَهُ مَغْلُوْلَا

ترجمہ اُسکی موت نے اُسکے دونوں ہاتھ اور گردن پکڑ لئے سو جب تو نے اُس سے مقابلہ کیا تو گویا اُس کی گردن میں طوق پڑا ہوا تھا قال الواحدی اساء المتنبی حیث لم یجعل اثر المدح وقال کانہ کان مغلول الیدین لقبض المنیۃ علیہ ویکن ان یجاب بقبض المنیۃ اثر مکافحۃ الممدوح فلا اسارۃ فیہ۔

سَمِعَ ابْنُ عَمَّتِهٖ بِهٖ وَبِحَالِهٖ	فَنَجَا يُهَرْوِلُ مِنْكَ اَمْسِ مَهُوْلَا

ابن عمتہ اسد من جنسہ لم یرد تحقیق النسب والہرولۃ الاضطراب فی العدو والمہول المخوف ترجمہ اُسکی پھوپھی کے بیٹے یعنی اُس کے ہم جنس شیر نے یہ سنا کہ تو نے اُسے قتل کر دیا تو اُس نے پرسوں تیرے خوف کے مارے خائفانہ بھاگ کر تجھ سے جان بچائی۔

وَاَمَرُّ مِمَّا فَرَّ مِنْهُ فِرَارُهٗ	وَكَقَتْلِهٖ اَلَّا يَمُوْتَ قَتِيْلَا

فی البیت تقدیم وتاخیر تقدیرہ فرارہ امر مما فر منہ وامر خبر مقدم ترجمہ اُسکا بھاگنا ہلاک سے تلخ تر ہے اور اُسکا مقتول ہو کر نہ مرنا مثل اُس کے مقتول ہونے کے ہے کیونکہ وہ ننگ سے مرجاوے گا۔

تَلَفُ الَّذِيْ اتَّخَذَ الْجَرَاءَةَ خُلَّةً	وَعَظَ الَّذِيْ اتَّخَذَ الْفِرَارَ خَلِيْلَا

الجراۃ الشجاعۃ والخلۃ الخلیل ترجمہ اُس شیر کے ہلاک ہونے نے جس نے شجاعت کو دوست بنایا تھا اُس شیر کو نصیحت کی جس نے گریز کو اپنا دوست بنا لیا یعنی وہ سمجھ گیا کہ درصورت مقابلہ میں بھی مقتول ہوں گا۔

لَوْ كَانَ عِلْمُكَ بِالْاِلٰهِ مُقَسَّمًا	فِي النَّاسِ مَا بَعَثَ الْاِلٰهُ رَسُوْلَا

ترجمہ اگر تیری خداشناسی سب لوگوں میں تقسیم ہو جاتی تو خدا کسی رسول کو نہ بھیجتا خود راہ راست پر ہو جاتے اور کسیکو تعلیم دین کی حاجت نہ پڑتی۔ نعوذ باللہ من ہذہ المبالغۃ القبیحۃ۔

لَوْ كَانَ لَفْظُكَ فِيْهِمِ مَا اَنْزَلَ الْقُرْاٰنَ وَالتَّوْرَاةَ وَالْاِنْجِيْلَا

ترجمہ اگر تیرا کلام لوگوں میں موجود ہوتا تو خدا قرآن توراۃ اور انجیل کو نازل نہ فرماتا یعنی تیرے کلام معجز نظام سے حلال و حرام سب معلوم ہو جاتے۔ وہذا اقبح من الاول عفا اللہ عنہ۔

لَوْ كَانَ مَا تُعْطِيْهِمُ مِنْ قَبْلِ اَنْ	تُعْطِيْهِمُ لَمْ يَعْرِفُوْا التَّاْمِيْلَا

ترجمہ اگر سائلوں کے پاس تیرے عطا سے پہلے اسقدر موجود ہوتا جسقدر تو اُنکو بخشتا ہے تو وہ اُمیدواری کو نجانتے کیونکہ تیری عطا اس کثرت سے ہوتی ہے کہ پھر اُمیدواری کی حاجت نہیں رہتی۔

فَلَقَدْ عُرِفْتَ وَمَا عُرِفْتَ حَقِيْقَةً	وَلَقَدْ جُهِلْتَ وَمَا جُهِلْتَ خُمُوْلَا

ترجمہ اور بیشک تو پہچانا گیا یعنی تجکو سب آدمی جانتے ہیں مگر حقیقت میں تو نہیں جانا گیا یعنی تیری کنہ کسیکو نہیں معلوم ہوئی اور تو نہ پہچانا گیا نہ بسبب گمنامی کے بلکہ اس سبب سے کہ تیری لیاقت دریافت کرنیکی کسی میں عقل نہیں ہے۔

نطقت بسؤددك الحمام تغنيا ـــ وبما تجشمها الجياد صهيلا

الضمیر فی تجشمہا للجیاد و تغنیا وصہیلا مصدران فی موضع الحال ترجمہ کبوتر اپنے گانے یعنی کٹکنے کیوقت تیری سرداری کی تعریف بولتے ہین اور گھوڑے ہنہنا کر اُس چیز کی ثنا کرتے ہین جس کی اُن کو تو نے تکلیف دی ہو یعنی تیری شہسواری کی تعریف کرتے ہین غرض حیوان لایعقل بھی تیرے ثناخوان ہین۔

ما كل من طلب المعالي نافذا ـــ فيها ولا كل الرجال فحولا

نافذا و فحولا منصوبان بما علی لغۃ اہل الحجاز ترجمہ ہر طالب بلندنامی اُس تلک پہنچنے والا نہین ہو اور نہ تمام مرد بہادر ہین بلکہ یہ خدا کی دین ہی جسے چاہے اُسے دے۔

وقال و قد نظر الی خلع مطواۃ ولم یرہا علیہ لعلۃ منعتہ

أذي حللا مطواة حسانا ـــ عداني أن أراك بها اعتلالي

الحلل جمع حلۃ وہی عند العرب ثوبان رداء وازار و عدانی منعنی ترجمہ مین تہ کئے ہوئے عمدہ حلونکو دیکھتا ہون کہ میرے بیمار ہونے نے اُنکو تمہارے زیب بدن دیکھنے سے منع کیا۔ جس روز ممدوح کے پاس خلعتہاے ولایت آئے اُس روز متنبی بیمار تھا اس لئے پہنے ہوئے نہین دیکھا۔

وهبك طويتها وخرجت عنها ـــ أتطوي ما عليك من الجمال

ترجمہ اور تو یہ بات تسلیم کرے کہ اُن خلعتون کو تو نے اپنے بدن سے اُتار دیا اور تو اُنین سے جدا ہو گیا۔ کیا اُس کے اُتارنے اور تہ کرنے سے تیرا جمال تہ ہو سکتا ہی؟ یعنی نہین ہو سکتا کیونکہ تو لباس سے جمال حاصل نہین کرتا بلکہ لباس تجھ سے جمال حاصل کرتا ہی۔

وإن بها وإن به لنقصا ـــ وأنت لها النهاية في الكمال

ترجمہ اور بیشک اُن خلعتون مین اور اُس جمال مین جو اُنکے پہننے سے حاصل ہوتا ہو کامل نقصان ہو اور تم سے اُن خلعتون کے تئے اور اُس جمال کے لئے جو بذریعہ اُنکے پہننے کے حاصل ہوتا ہی کمال کا نہایت درجہ حاصل ہوتا ہی

لقد ظلت أواخرها الأعالي ـــ مع الأولى بجسمك في قتال

ظلت دامت و اقامت و الاعالی التی تظہر للناس من اللباس و الاولی التی تباشر جسدہ ترجمہ بیشک تیرے اوپر کے اور کپڑے یعنی دثار اُن کپڑون سے جو تیرے جسم سے لگے ہین۔ یعنی شعار سے تیرے جسم کے شرف کے سبب ہمیشہ لڑائی مین رہتے ہین کہ کیون ہمکو اُس جسم کا اتصال نصیب نہوا۔

تلاحظك العيون وأنت فيها ـــ كأن عليك أفئدة الرجال

ترجمہ جبکہ تو خلعت پہنے ہوتا ہی تو تجکو لوگون کی آنکھین برابر دیکھتی رہتی ہین گویا تمام دلہاے مردان تجھپر آگئے

ہیں تینی وہ تجھ کو دوست رکھتے ہیں یا تیرے خلعتوں کو پسند کرتے ہیں اور جب اُنکے دل تیری طرف مائل ہیں تو آنکھیں دل کی تابع ہیں یعنی جسکو دل پسند کرتا ہو اُس کو دیکھتی رہتی ہیں۔

مَتٰی اُحْصِیْتُ فَضْلَكَ فِیْ كَلَامٍ	فَقَدْ اُحْصِیْتُ حَبَّاتِ الرِّمَالِ

ترجمہ تیرے فضل کو جب میں اپنے کلام میں شمار کرلوں تو یہ ایسی بات ہو کہ دانہ ہاے ریگ کو شمار کرلوں جو قابل تسلیم عقل نہیں ہو ولقد احسن من قال فی الفارسیۃ سے

کتاب فضل ترا آب بحر کافی نیست	کہ ترکنم سر انگشت و صفحہ بشمارم

وقال الیضا فیہ

عَذَلَتْ مُنَادَمَةُ الْاَمِیْرِ عَوَاذِلِیْ	فِیْ شُرْبِهَا وَكَفَتْ جَوَابَ السَّائِلِ

ضمیر شربہا للخمر وجاز لدلالۃ المنادمۃ علیہا والمنادمۃ مقلوب من المدامۃ لانہ یدمن شرب المدام مع ندیمہ ترجمہ میں جو امیر کے ساتھ مجلس مینوشی میں ندیم رہتا ہوں اسپر ملامت گر مجکو ملامت کرتے ہیں سو منادمۃ امیر نے میرے ملامتگران شراب کو ملامت کی اور یہ ملامت یا منادمت اُس شخص کے سوال کے جواب کے لئے جو مجھ سے کہتا تھا کہ تو کیوں شئ مسکر پیتا ہو کافی ہوگئی یعنی اُس نے یہ جوابدیا کہ منادمت امیر باعث حصول شرف ہو اور شرف ہر حال مطلوب ہی نہ ممنوع۔

مَطَرَتْ سَحَابُ یَدَیْكَ رِیَّ جَوَانِحِیْ	وَحَمَلْتُ شُكْرَكَ وَاصْطِنَاعُكَ حَامِلِیْ

الجوانح الاضلاع التی تحت الترائب ہی مما یلی الصدر ترجمہ تیرے دونوں ہاتھوں کے ابر نے یعنی تیرے باران سخا نے میرے اعضائے باطنی کی سیرابی برسادی اور اُسکی پیاس بجھادی اور اس لئے میں نے بارگران تیرے شکر کو اُٹھایا اور تیرے احسان نے مجکو مع بار شکر اُٹھالیا یعنی میں نے تیرے انعام کے شکر کا بوجھ اُٹھایا اور تیرے احسان نے مجکو اُٹھالیا کیونکہ وہ میرے تمام بار اُٹھاتا ہی۔

فَمَتٰی اَقُوْمُ بِشُكْرِ مَا اَوْلَیْتَنِیْ	وَالْقَوْلُ فِیْكَ عُلُوُّ قَدْرِ الْقَائِلِ

متی ہو سوال عن الزمان فکانہ قال ای زمان اقوم بشکرک ترجمہ سو میں کسوقت تیرے عطایا کا شکر کرسکتا ہوں اور اس امر کے لئے مستعد ہو سکتا ہوں حالانکہ تیری تعریف میں گفتگو میں بلندی قدر قائل کی ہو جب میں تیرا شکر کرتا ہوں تو مجھ کو ایک اور جدید نعمت علو قدر کی حاصل ہوتی ہو تو بس میں اس سلسلہ غیر متناہی کو کیونکر تمام کرسکتا ہوں ونعم ما قیل سے گر کسے شکر او فزون گوید • شکر توفیق شکر چون گوید

وقال یمدحہ

بَدْرٌ فَتًی لَوْ كَانَ مِنْ سُؤَّالِهٖ	یَوْمًا تَوَفَّرَ حَظُّهٗ مِنْ مَالِهٖ

ترجمہ بڑا ایسا جوان مرد سخی ہی کہ وہ اگر کسی روز اپنے سائلین کے زمرہ مین داخل ہوجائے تو اُسکو اُسکے مال سے زیادہ حصہ ملے خلاصہ یہ ہی کہ وہ اپنے واسطے اپنے مال سے کمتر رکھتا ہی اور سائلون کو زیادہ دیتا ہی۔

تَتَحَیَّرُ الْاَفْعَالُ فِیْ اَفْعَالِہٖ   وَیَقِلُّ مَا یَاتِیْہِ فِیْ اِقْبَالِہٖ

ترجمہ اور لوگون کے افعال اُسکے افعال کو دیکھکر حیران ہوجاتے ہین کیونکہ اُس کے افعال اُنکے افعال سے بہت بڑھے ہوئے ہین۔ اور جبکہ وہ کوئی کام کرتا ہی تو گو کیسا ہی عظیم ہو مگر اُس کے اقبال کے سامنے وہ کمتر معلوم ہوتا ہی

قَمَرًا اَرٰی وَسَحَابَتَیْنِ بِمَوْضِعٍ   مِنْ وَجْہِہٖ وَیَمِیْنِہٖ وَشِمَالِہٖ

ترجمہ ممدوح کے چہرے اور اُس کے دست راست و چپ کے سبب ایک قمر اور دو ابر ہم ایک جگہ اکٹھے دیکھتے ہین یعنی اُسکا چہرہ مثل قمر ہی اور اُس کے دونون ہاتھ دو ابر ہین کہ اُن سے دوستون کے لئے بخشش کرتا ہی اور دشمنون کے خون گراتا ہی۔

سَفَکَ الدِّمَاءَ بِجُوْدِہٖ لَا بَاْسِہٖ   کَرَمًا لِاَنَّ الطَّیْرَ بَعْضُ عِیَالِہٖ

ترجمہ وہ خونریزی اعدا براہ کرم کرتا ہی نہ براہ تخویف کیونکہ پرندے بھی منجملہ اُس کے اہل و عیال کے ہین جنکی پرورش اُسکے ذمہ ہی خلاصہ یہ ہی کہ قتل اعدا سے اُسکی غرض براہ کرم پرندون کی پرورش ہی نہ اور

اِنْ یُفْنِ مَا یَحْوِیْ فَقَدْ اَبْقٰی بِہٖ   ذِکْرًا یَزُوْلُ الدَّھْرُ قَبْلَ زَوَالِہٖ

ترجمہ وہ اگر اپنے مال مجمع کو سخاوت مین فنا کردیتا ہی تو اس امر کے سبب وہ اپنی ایسی یادگاری چھوڑتا ہی کہ اُس ذکر خیر کے زائل ہونیسے پہلے زمانہ فنا ہوجاویگا یعنی بسبب سخا اُسکا ذکر جمیل ہمیشہ باقی رہے گا۔

وسالہ حاجۃ فقضاہا لہ

قَدْ اُبْتُ بِالْحَاجَۃِ مَقْضِیَّۃً   وَعِفْتُ فِی الْجَلْسَۃِ تَطْوِیْلَھَا

ابت رجعت وعفت کرہت ترجمہ مین اپنی حاجت روائی کرکے یعنی کامیاب ممدوح کے پاس سے واپس جاتا ہون اور نشست مین درازی کو معیوب سمجھتا ہون کیونکہ میرا مطلب حسب دلخواہ پورا ہوگیا۔

اَنْتَ الَّذِیْ طُوْلُ بَقَاءٍ لَّہٗ   خَیْرٌ لِّنَفْسِیْ مِنْ بَقَائِیْ لَھَا

ترجمہ ای ممدوح تو وہ شخص ہی کہ اُسکی درازی حیات میری درازی حیات سے میرے نفس کے لئے بہتر ہی۔

وقال یمدح القاضی ابا الفضل احمد بن عبداللہ الانطاکی

لَکِ یَا مَنَازِلُ فِی الْقُلُوْبِ مَنَازِلُ   اَقْفَرْتِ اَنْتِ وَھُنَّ مِنْکِ اَوَاھِلُ

اقفرت خلوت والاواہل العامرۃ التی بہا الاہل ترجمہ ای منازل محبوبان ہمارے دلون مین تمھارے گھر ہین تو تو محبوبون سے خالی ہوگئی کیونکہ وہ یہان سے کوچ کرگئے مگر دلہاے عاشقان تم سے آباد ہین یعنی ہمارے دل ہین

اُنکی ہمیشہ یاد لگی رہتی ہو۔

يَعْلَمْنَ ذَاكَ وَمَا عَلِمْتَ وَإِنَّمَا ۔۔۔ أَوْلَاكُمَا يُبْكَى عَلَيْهِ الْعَاقِلُ

الاولی الاحق واراد بالعاقل الفواد ترجمہ لہاے عاشقان رنج مفارقت احباب کو جانتے ہین اور تم اُسکو نہین جانتے اور زیادہ تر لائق رونیکے تے منازل خالیہ پر وہ ہی جو سمجھتا ہی یعنی دل نہ تم کہ سخت بیخبر ہو۔

وَأَنَا الَّذِي اجْتَلَبَ الْمَنِيَّةَ طَرْفُهُ ۔۔۔ فَمَنِ الْمُطَالَبُ وَالْقَتِيلُ الْقَاتِلُ

ترجمہ اور مین ہی وہ شخص ہون کہ جس کی آنکھ نے بسبب نظارۂ محبوب اپنی موت بزور اپنی طرف کھینچ لی سو کس سے اس خون کا دعوی کیا جاسے حالانکہ مقتول خود اپنا قاتل ہی۔

تَخْلُو الدِّيَارُ مِنَ الظِّبَاءِ وَعِنْدَهُ ۔۔۔ مِنْ كُلِّ تَابِعَةٍ خَيَالٌ خَاذِلُ

الضمیر فی الطرف عائد الی قولہ الذی اجتلب والتابعۃ التی تتبع اجہا فی المرعی فکانہ اراد بہ الصغیرۃ من الظباء والخاذل المتاخر ترجمہ منازل تو زنان آہو چشم سے خالی ہوگئین اور مجکو اُنکے بچہ بچہ کا خیال ہی جو اُن کی رحلت کے بعد اُنکے پیچھے رہگیا ہی۔

اَللَّاءِ أَفْتَكُهَا الْجَبَانُ بِمُهْجَتِي ۔۔۔ وَأَحَبُّهَا قُرْبًا إِلَيَّ الْبَاخِلُ

قال ابو الفتح یجوز ان یکون اللاء نعتا للظباء ولا یمتنع ان یکون محمولا علی قولہ من کل تابعۃ لان کل قد دلت علی معنی الجمع ترجمہ وہ ایسے آہو ہین کہ اُنمین جو زیادہ خائف و بزدل ہی وہ ہی میری جان کے لئے زیادہ خونریز ہی اور اُنمین زیادہ تر قرب مجکو اُس کا پسند ہی جو در باب وصل زیادہ بخیل ہی۔

اَلرَّامِيَاتُ لَنَا وَهُنَّ نَوَافِرٌ ۔۔۔ وَالْخَاتِلَاتُ لَنَا وَهُنَّ غَوَافِلُ

لوافر جمع نافرۃ واراد بہا البعیدۃ والختل الخدع ترجمہ وہ آہو ایسے ہین کہ وہ تیر نظر ہمارے دور سے مارتے ہین اور اپنے حسن پر ہمکو فریفتہ کر لیتے ہین حال آنکہ وہ ہمارے حال سے غافل ہوتے ہین۔

كَافَأْنَنَا عَنْ شِبْهِهِنَّ مِنَ الْمَهَا ۔۔۔ فَلَهُنَّ فِي غَيْرِ التُّرَابِ حَبَائِلُ

المہا بقر الوحش تشبہ النساء بہن لسواد عینہن والحبائل جمع حبالۃ الصائد ترجمہ اُن زنان آہو مثال نے اپنے ہمرنگ اور مشابہ گاوان دشتی کا ہمسے بدلہ لیا یعنی ہم گاوان دشتی کا شکار کرتے ہین اُن زنان محبوبہ نے اُنکا ہم سے انتقام لیا اور ہمکو بذریعہ اپنی آنکھون کے جو مثل چشمہاے گاوان مذکور سیاہ اور فراخ ہین شکار کر لیا سو اُنکے ایسے جال ہین جو خلاف متعارف جال کے مٹی مین چھپے ہوئے نہین ہین۔

مِنْ طَاعِنِي ثُغَرِ الرِّجَالِ جَآذِرٌ ۔۔۔ وَمِنَ الرِّمَاحِ دَمَالِجٌ وَخَلَاخِلُ

الثغر جمع ثغرۃ وہی ثغرۃ النحر التی بین الترقوتین والجاذر جمع جوذر و ہو ولد البقرۃ الوحشیۃ والدملج والدملوج المعضد

جیعہ وما لج والخلخال ما یکون من ذہب او فضۃ فی الساق وجآذر بتبدر وجبرہ مقدم علیہ ترجمہ بعض نیزہ زنان مناک چنبر گردن یعنی اُس چھوٹے گڈھے مین جو گردن کے دونون ہنسلیون کے بیچ مین ہوتا ہی بچہ ہاے گاوان دشتی ہی یعنی وہ محبوبان جو فراخی وسیاہی چشم مین اُنکی مانند ہین اور اُنکے نیزون مین بازوبند اور پاے زیب یا گوجریان ہین یعنے اسطرح کی محبوبات اپنے زیور کی خوشنمائی سے مردون کے زخمہاے کاری لگاتی ہین۔

وَلِذَا اسْمُ اَغْطِيَةِ الْعُيُوْنِ جُفُوْنُهَا	مِنْ اَنَّهَا عَمَلَ السُّيُوْفِ عَوَامِلُ

ترجمہ اور اس سبب سے نام غلافہاے چشمان کا جفون چشم ہی اس لئے کہ وہ تلوار ونکا کام کرنیوالی ہین۔ جفن کے معنی مژہ چشم کے اور غلاف شمشیر کے ہین خلاصہ یہ کہ مژہ چشم کا نام غلاف شمشیر اس لئے رکھا ہی کہ نگاہین جو اُسین سے نکلتی ہین تلوار کا سا کام کرتی ہین۔

ای کالطیف‌ه كَمْ وَقْفَةٍ سَجَرَتْكَ شَوْقًا بَعْدَمَا	غَرِيَ الرَّقِيْبُ بِنَا وَلَجَّ الْعَاذِلُ

ویروی سجرتک بالسین المہملۃ والجیم ای ملاتک او اوقدتک ویروی شجرتک بالشین المعجمۃ والجیم ای حبستک وصرفتک ویروی بالسین المہملۃ والحاء ای جعلتک مسحورًا بالشوق حتے صرت کالواله المجنون او انہا اصابت سحرک ای ریتک ترجمہ تیرے لئے بہت سے ایسے توقف ہین کہ اُس نے تجھے شوق سے بھردیا یا اُس نے تجھے روکدیا کہ وہان سے کہین جا نہ سکا یا اُس نے تجھے والہ وشیدا کردیا یا اُس نے تیرے سُش یعنے پھیپھڑے پر زخم لگایا بعد اُس کے کہ رقیب مشتاق ملامت ہوا اور ملامتگر نے ملامت مین مبالغہ کیا اور تمام کلام اگلے شعر مین ہی ای کم وقفۃ دون التعانق۔

دُوْنَ التَّعَانُقِ نَاحِلَيْنِ كَشَكْلَتَيْ	نَصْبٍ اَدَقَّهُمَا وَضَمَّ الشَّاكِلُ

ناحلین حال من تقفنا ای کم وقفۃ وقفنا ناحلین واراد بالشکلۃ الشکلۃ التی تکون فی الاعراب ہی الفتحۃ وضم الشاکل الکاتب یرید بضم قرب ولم یرد بضم الذی فے الاعراب المسمی رفعًا ترجمہ بہت سے وقفے بے معانقہ کے ایسے حالین تھے کہ ہم دونون بسبب صدمہ عشق لاغر اور قریب یکدگر تھے مثل دو شکل نصب کے جنکو کاتب نے بہت باریک و پاس پاس لکھدیا ہو کہ وہ باوجود غایت قرب متعانق نہین ہوتے۔ یہ تشبیہ نہایت عمدہ ہی۔

اِنْعَمْ وَلَذَّ فَلِلْاُمُوْرِ اَوَاخِرٌ	اَبَدًا اِذَا كَانَتْ لَهُنَّ اَوَائِلُ

ترجمہ نعمتون سے متمتع ہو اور لذت حاصل کر جب تلک جوانی ہی کیونکہ ہمیشہ تمام اُمور کے لئے نہایتین ہین جب اُنکے آغاز ہون یعنی جس چیز کیلئے آغاز ہی اُسکے لئے ضرور انجام بھی ہوتا ہی جوانی بھی ایک روز تمام ہوجائیگی۔

مَا دُمْتَ مِنْ اَرَبِ الْحِسَانِ فَاِنَّمَا	رَوْقُ الشَّبَابِ عَلَيْكَ ظِلٌّ زَائِلُ

الارب الحاجۃ وروق الشباب ریقہ اولہ ترجمہ جب تک تجھے زنان حسین کی حاجت ہی یعنی تو جوان ہی مزے اُڑا کیونکہ نوجوانی تیرے لئے ایک سایہ جانیوالا ہی۔

لِلَّهْوِ آوِنَةٌ تَمُرُّ كَأَنَّهَا ۔ قُبَلٌ يُزَوَّدُهَا حَبِيبٌ رَاحِلُ

آونہ جمع اوان ترجمہ کھیل کے زمانے ایسے جلد گذرتے ہین گویا وہ دوست کوچ کنندہ کے بوسے ہین جو بوقت رخصت بطور توشہ اپنے عاشق کو دیتا ہو گو وہ لذیذ ہین مگر سریع الزوال ہین۔

جَمَحَ الزَّمَانُ فَمَا لَذِيذٌ خَالِصٌ ۔ مِمَّا يَشُوبُ وَلَا سُرُورٌ كَامِلُ

الجماح الاسراع وجمح الفرس اذا غلب فارسہ والمشوب المخلط ترجمہ زمانہ نے مونہ زوری کی سو کوئی چیز لذیذ بے ملاوٹ شر کے نہین ہو اور نہ کوئی پوری خوشی ہو۔

حَتَّى أَبُو الْفَضْلِ بْنُ عَبْدِ اللهِ رُؤْيَتُهُ الْمُنَى وَهِيَ الْمَقَامُ الْهَائِلُ

ترجمہ کوئی خالص لذت نہین ہو یہان تلک کہ ابو الفضل بن عبد اللہ کا دیدار لوگون کی آرزو ہین ہین اور اُس کے رعب کے سبب یہ اُسکا دیدار بھی محل خوف ہو یعنی اُس کا دیدار گو لذیذ ہو مگر اُسکی ہیبت وہان بھی مخل استلذاذ ہوجاتی ہو قال ابو الفتح ہذا خروج ما روی اغرب منہ ولقد صدق فیما قال۔

مَمْطُورَةٌ طُرُقِي إِلَيْهَا دُونَهَا ۔ مِنْ جُودِهِ فِي كُلِّ فَجٍّ وَابِلُ

الہاء فی الیہا ودونہا للرویۃ وروی الیہ ودونہ والمرجع الممدوح والفج الطریق الواسع ترجمہ میرے تمام راستے رویت ممدوح یا ممدوح کیطرف قبل اُس کے پہنچنے کے سیراب و تروتازہ ہین کیونکہ اُسکی بخشش کے سبب ہر چوڑی سڑک پر بڑی بڑی بوندون کا باران موجود ہو یعنی لوگ اُس کے احسان سے قبل وصول متمتع ہوتے ہین۔

مَحْجُوبَةٌ بِسُرَادِقٍ مِنْ هَيْبَةٍ ۔ تَثْنِي الْأَزِمَّةَ وَالْمَطِيُّ ذَوَامِلُ

الذوامل السائرات سیر الذمیل وہو المرتفع عن العنق ومثلہ الرسیم ترجمہ ممدوح کی رویت ہیبت کے ایسے سراپردون مین پوشیدہ ہو کہ اگر اُن ناقون کو جو گردن اُٹھا کر چلتے ہین اُس کی ہیبت کا خیال دل مین گزر جاوے تو اُس کے رعب کے سبب اُنکا قدم آگے نہ بڑھے اور وہ پیچھے کو لوٹ پڑین۔

لِلشَّمْسِ فِيهِ وَلِلرِّيَاحِ وَلِلسَّحَابِ وَلِلْبِحَارِ وَلِلْأُسُودِ شَمَائِلُ

الشمائل جمع شمال وہی الخلائق ترجمہ ممدوح مین اشیاء ذیل کی خصلتین موجود ہین یعنی وہ نورانیت اور عموم فیض مین مثل آفتاب کے اور تصرف مین مثل ہواؤن کے اور کثرت جود مین مثل ابر و دریاؤن کے اور ہیبت و شجاعت و قوت مین مانند شیرون کے ہو یعنی اُس کے منافع عام ہین اور رعب تام۔

وَلَدَيْهِ مِلْعِقْيَانِ وَالْأَدَبِ الْمُفَادِ وَمِلْحَيَاةِ وَمِلْمَمَاتِ مَنَاهِلُ

یرید من العقیان ومن الحیوۃ ومن الممات فحذف النون لسکونہ وسکون اللام والعقیان الذہب والمناہل المشارب ترجمہ ممدوح کے پاس سونے اور ادب موجود اور زندگی کے دوستون کے لئے اور مرگ کے دشمنون کے واسطے

گھاٹ تیار رہتے ہین ہر شخص جسکا مستحق ہوتا ہی پاتا ہی۔

لَوْ لَمْ یَهَبْ لَجَبُ الْوُفُوْدِ حَوَالَهٗ	لَسَرَى إِلَيْهِ قَطَا الْفَلَاةِ النَّاهِلُ

لجب الوفود صورت الوفود وہم السؤال ویقال حولہ وحوالیہ وحوالہ وحولیہ والناہل الشارب لاول ودون العل ترجمہ اگر ممدوح کی گرد وپیش شور سائلان طالب عطای ممدوح کا خوف نہ پایا جاتا تو جنگل کا قطا پرندہ تشنہ بامید عطا اُس کے پاس چلا آتا کیونکہ اُس کا فیض سبکو پہنچتا ہی۔

يَدْرِي بِمَا بِكَ قَبْلَ تُظْهِرُهٗ لَهٗ	مِنْ ذِهْنِهٖ وَيُجِيبُ قَبْلَ تُسَائِلُ

اراد قبل ان فی الموضعین فلما حذف حرف النصب رد الفعل الی الرفع ترجمہ ممدوح اُس حال کو جو تجھ پر گذر رہا ہی قبل تیرے اظہار کے اپنی حدت فہم سے جان لیتا ہی اور اپنی ذکاوت کے سبب تیرے سوال سے پہلے جواب دیتا ہی۔

وَتَرَاهُ مُعْتَرِضًا لَهَا وَمُوَلِّيًا	أَحْدَاقُنَا وَتَحَارُ حِيْنَ يُقَابِلُ

حار یحور حوار ترجمہ اور جبکہ وہ ہماری آنکھون کے سامنے برابر کو گزرتا ہی یا پشت پھیر کر جاتا ہی تو اُسکو ہماری آنکھین دیکھتی ہین اور جبکہ وہ روبرو اور مقابل ہوتا ہی تو بسبب نورانیت اور رعب کے ہماری آنکھین بند ہو جاتی ہین۔

كَلِمَاتُهٗ قُضُبٌ وَهُنَّ فَوَاصِلُ	كُلُّ الضَّرَائِبِ تَحْتَهُنَّ مَفَاصِلُ

قضب جمع قاضب وہو السیف القاطع فواصل یفصل بین الخصوم والمفاصل جمع المفصل والضرائب جمع ضریبۃ بمعنے المضروبۃ ترجمہ کلمات ممدوح شمشیر ہاے قاطع ہین جو درمیان متخاصمین کے ناطق فیصلہ کرتے ہین وہ تمام معاملات جنپر وہ شمشیر چلاتا ہی اور اُنہین حکم دیتا ہی بمنزلہ اعضا ہین یعنی قطع خصومات نہایت صفائی سے کرتا ہی کہ اٰیندہ اُن مین محل گفتگو اور تکرار نہین رہتا ہی۔

هَزَمَتْ مَكَارِمُهُ الْمَكَارِمَ كُلَّهَا	حَتّٰى كَأَنَّ الْمَكْرُمَاتِ قَبَائِلُ

ترجمہ ممدوح کے افعال نیکو نے تمام لوگون کے مکارم کو شکست دی اور اُنپر غالب آگئے یہان تلک کہ گویا مکارم قبیلے اور اقوام ہین جو ایک دوسرے پر غالب آگئے ہین۔

وَقَتَلْنَ دَفْرًا وَالدُّهَيْمَ فَمَا تُرٰى	أُمُّ الدُّهَيْمِ وَأُمُّ دَفْرٍ هَابِلُ

دفر الدہیم اسمان من اسماء الداہیۃ والدفر النتن ویقال للدنیا ام دفر لخبثہا وکانت الدہیم ناقۃ لعمرو بن الزبانی وکانت لہ جماعۃ من البنین فقتلوا وحملت رؤسہم علی الدہیم وخلیت فذہبت الی بیت ابیہم عمرو فرأت الناقۃ امتہ لہ وفوقہا الرؤس وہی لا تعلم ما ہی فقالت لقد جئنی بنوک اللیلۃ ببیض النعام فضربت العرب بہا المثل تقول ام الدہیم

العرب تقول صبحتهم الدہیم وآبل تاکل وسلبت المرأۃ ولدہا ثکلتہ ترجمہ اور مکارم ممدوح نے دفر اور دہیم کو جو منجلہ اسماے مصائب ہین قتل کرڈالا اب وہ دیکھی نہین جاتین یعنی معدوم ہوگئین ام دہیم اور ام دفر یعنی مصائب ہر یکسا بے اولاد اور اُوتنی ہوگئین اُس کے مکارم کے سبب سے۔

علّامۃُ العُلَماءِ وَاللُّجُّ الّذی	لایَنتَہی وَلِکُلِّ لُجٍّ ساحِلُ

اللج معظم الماء والساحل المرسی ترجمہ وہ منجلہ علماء سب سے زیادہ عالم ہی اور سخاوت مین ایسا دریا کثیر الماء ہی جسکا اوڑ نہین اور دستور تو یہ ہی کہ ہر دریا کا کنارہ اور لنگرگاہ ہوتا ہی مگر اُس کے نہین۔

لَوطابَ مَولِدُ کُلِّ حَیٍّ مِثلَہٗ	وَلَدَ النِّساءُ وَمالَہُنَّ قَوابِلُ

ترجمہ اگر ہر زندہ کی ولادت مثل ممدوح کے طاہر وپاک ہو تو عورتین بچے بے اعانت دائیون کے جو آلایش اطفال دور کرتی ہین جنین۔

لَوبانَ بِالکَرَمِ الجَنینُ بَیانَہٗ	لَدَرَت بِہٖ ذَکَرٌ اَمُ اُنثیٰ الحامِلُ

ترجمہ اگر بچہ شکم مادر مین ایسا کرم ظاہر کرے جیسا اُس نے کیا ہی تو البتہ زن حاملہ پہلے سے جان جاوے کہ وہ جنین نر ہے یا مادہ۔

لِیَزِدْ بَنُو الحَسَنِ الشِّرافُ تَواضُعاً	ھَیہاتَ تُکتَمُ فِی الظَّلامِ مَشاعِلُ

کان لہذا الممدوح نسب ولد الحسن بن علی علیہما السلام ترجمہ لائق ہی کہ اولاد اشراف حسنؓ تواضع مین ترقی کرین کہ ایسا اُنکے لئے باعث اخفاے شرافت نہوگا کیونکہ یہ کب ہو سکتا ہی کہ تاریکیون مین مشعلون کے نور پوشیدہ ہو جائین بلکہ زیادہ ظاہر ہوتے ہین۔

سَتَرُوا النَّدیٰ سَتْرَ الغُرابِ سِفادَہٗ	فَبَدا وَھَل یَخفَی الرَّبابُ الھاطِلُ

ترجمہ اولاد حسنؓ سخاوت کو ایسا چھپاتی ہین جیسا کوا اپنی جفتی کو سو وہ سخاوت ظاہر ہوگئی اور چھپانے سے نہ چھپی اور کسطرح پوشیدہ رہتی کہ ابر بسیار بار کہین چھپا رہتا ہی۔

جَفَخَت وَھُم لا یَجفَخُونَ بِہا بِہِم	شِیَمٌ عَلَی الحَسَبِ الاَغَرِّ دَلائِلُ

الجفخ الفخر والشیم جمع شیمۃ وہی الخلیقۃ والاغر الابیض الواضح وفی العبارۃ تقدیم وتاخیر تقدیرہ جفخت بہم شیم وہم لا یفخرون بہا ترجمہ اُن کی خصلتین اُنپر فخر کرتی ہین اور وہ اُنپر نازش نہین کرتے اور اُنکے خصائل اُنکے حسب روشن کی دلیلین ہین یعنے شرافت آبا کی۔

مُتَشابِہِی وَدَعِ النُّفُوسِ کِبارُھُم	وَصِغارُھُم عَفُّ الاِزارِ حُلاحِلُ

عف الازار کنایۃ عن العفاف والاحتراز عن الزنا والحلاحل السید العظیم ترجمہ اُنکے بڑے اور چھوٹے پرہیزگاری مین ہر نگ

پاک ازار پرہیزگار اور سردار ہے۔

یَا اَخِی فَاِنَّ النَّاسَ فِیْکَ ثَلٰثَۃٌ	مُسْتَعْظِمٌ اَوْ حَاسِدٌ اَوْ جَاہِلٌ

ترجمہ اے ممدوح فخر کر کیونکہ لوگ تیرے معاملہ مین تین قسم کے ہین یا تو تیری عظمت کرنیوالے ہین یا حاسد یا تیرے علو قدر سے ناواقف۔

وَلَقَدْ عَلَوْتَ فَمَا تُبَالِیْ بَعْدَ مَا	عَرَفُوْا اَیَحْمَدُ اَمْ یَذُمُّ الْجَاہِلُ

ترجمہ اور بیشک تو بلند قدر ہوا بعد اسکے کہ لوگون نے تیرے فضل اور شرف کو جان لیا تجکو اسبات کی پروا نہین ہی کہ کوئی تیری تعریف کرتا ہی یا جاہل مذمت کیونکہ تیری تعریف سے تجکو علو قدر زیادہ نہین ہوتا اور نہ کیسکی مذمت سے تجکو نقصان پہنچتا ہی۔

اُثْنِیْ عَلَیْکَ وَلَوْ تَشَاءُ لَقُلْتَ لِیْ	قَصَّرْتَ فَالْاِمْسَاکُ عَنِّیْ نَائِلُ

ترجمہ مین تیری تعریف کرتا ہون اور اگر تو چاہے تو یہ کہنے لگے کہ تونے تعریف مین کوتاہی کی کیونکہ مجھ سے حق ثنا ادا نہین ہوتا سو اس اعتراض سے تیرا رکنا مجھ پر ایک نعمت عظیم ہی۔

لَا تَجْسُرُ الْفُصَحَاءُ تُنْشِدُ ہٰہُنَا	بَیْتًا وَلٰکِنِّی الْہِزَبْرُ الْبَاسِلُ

ترجمہ تیرے حضور مین اور فصحا کو ایک شعر پڑھنے کی بھی جرات نہین ہوتی کیونکہ تو شعر فہم اور نکتہ گیر ہی مگر مین تو ایک شیر دلیر ہون کہ تیرے روبرو قصیدہ پڑھ رہا ہون اور بسبب جودت اپنے کلام کے اعتراض سے نہین ڈرتا ہون۔

مَا نَالَ اَہْلُ الْجَاہِلِیَّۃِ کُلُّہُمْ	شِعْرِیْ وَلَا سَمِعَتْ بِسِحْرِیْ بَابِلُ

بابل موضع بالعراق اعنی الکوفۃ وبغداد وینسب الیہ السحر ترجمہ اہل جاہلیۃ یعنے اُن شعرا نے جو قبل ظہور اسلام گزرے ہین میرے سے شعر نہین پائے اور نہ خود بابل نے میرا سا سحر سنا دیکھنا تو در ہی۔

وَاِذَا اَتَتْکَ مَذَمَّتِیْ مِنْ نَاقِصٍ	فَہِیَ الشَّہَادَۃُ لِیْ بِاَنِّیْ فَاضِلُ

ترجمہ اور جب تیرے روبرو کوئی ناقص آدمی میری ہجو کرے سو یہ میرے فاضل ہونیکی عین گواہی ہی کیونکہ ناقص ہمیشہ فاضل کو ناپسند کرتا ہی کہ وہ اُس کا غیر جنس ہی۔

مَنْ لِیْ بِفَہْمِ اُہَیْلِ عَصْرٍ یَدَّعِیْ	اَنْ یَحْسُبَ الْہِنْدِیَّ فِیْہِمْ بَاقِلُ

باقل اسم رجل من العرب یوصف بالعی یضرب بہ المثل وذلک انہ اشتری ظبیا باحد عشر درہما فقیل لہ بکم اشتریت ففتح کفیہ وفرق اصابعہ واخرج لسانہ یشیر بذلک الی احد عشر فانفلت الظبی فصار مثلا فی العی ترجمہ میرے روبرو فہم ایسے اہل عصر کا کون ضامن ہوسکتا ہی جو دعوی کرتا ہی کہ باقل جیسا کم گو حساب اہل ہند جانتا تھا باوجود یکہ اُسکی کم گوئی پہلے مذکور ہو چکی قیل اباقل انا اتی ذلک من سوء عبارتہ لا من سوء حسابہ فلو قال ۱۵ ان یقم الخطباء

فیہم باقل او نحو ذلک لکان اصوب وقد اجاب عنہ الواحدیؒ بانہ لو بنی من سبابتہ وابہامہ دائرۃ من خنصرہ عقدۃ لم یغفلت منہ النطق وفصح قول ابی الطیب فی نسبتہ الی جہل الحساب۔

وَاِمَا وَحَقِّكَ وَهُوَ غَايَةُ مُقْسِمٍ	لَلْحَقُّ اَنْتَ وَمَا سِوَاكَ الْبَاطِلُ

مقسم بکسر السین الحالف وبفتحہا القسم ترجمہ اور سن تیرے حق کی قسم اور یہ اخیر درجہ قسم کھانیوالیکا یا قسم کا ہی البتہ حق تو ہی ہی اور تیرے سوا سب باطل ہی۔

اَلطِّيْبُ اَنْتَ اِذَا اَصَابَكَ طِيْبُهٗ	وَالْمَاءُ اَنْتَ اِذَا اغْتَسَلْتَ الْغَاسِلُ

الطیب مبتدء وانت مبتدء ثان وطیبہ خبرانت ای الطیب انت طیبہ واذا اصابک الماء انت غاسلہ اذا اغتسلت ترجمہ جب خوشبو تیرے جسم کو لگے تو تو اس کے لئے خوشبو کا کام دیتا ہی اور جب تو غسل کرے تو پانی تیرے جسم سے کسب طہارت کرتا ہی یعنی تو خوشبو سے زیادہ خوشبو دار ہی اور پانی سے زیادہ پاک۔

مَا دَارَ فِي الْحَنَكِ اللِّسَانُ وَقَلَّبَتْ	قَلَمًا بِاَحْسَنَ مِنْ نَثَاكَ اَنَامِلُ

النثا بتقدیم النون الخیر وہو مقصور قال ابو الفتح ہو یستعمل فی المدح والذم والممدود فی المدح لاغیر ترجمہ زبان تالو میں تیرے خبروں سے زیادہ اچھی جگہ دور نہیں کرتی اور نہ سرہائے انگشتان قلم کو حرکت دیتے ہیں یعنی تقریر اور تحریر کے لئے تیرے اخبار سے عمدہ اور کوئی موقع نہیں ہی وہذا غایۃ المدح۔

وقال یہجو قوما توعدوہ

اَمَاتَكُمْ مِنْ قَبْلِ مَوْتِكُمُ الْجَهْلُ	وَجَرَّبَكُمْ مِنْ خِفَّةٍ بِكُمُ النَّمْلُ

ترجمہ تمکو تمہارے مرنے سے پہلے جہل ونادانی نے مار ڈالا اور تم ایسے سبکسر اور ہلکے ہو کہ تمکو چیونٹیاں کھینچ لے گئیں دستور ہی کہ نادان خفیف العقل کو ہلکا اور کم وزن کہتے ہیں اور حلیم کو کوہ وقار اور گران سنگ شمار کرتے ہیں۔

وُلَيْدَ اَبِي الطَّيِّبِ الْكَلْبِ مَالَكُمْ	فَطِنْتُمْ اِلَى الدَّعْوٰى وَمَالَكُمْ عَقْلُ

ولید تصغیر ولد وہو ہہنا بمعنی الجماعۃ ترجمہ ای اولاد ابی الطیب سگ مثال کی تمکو کیا ہو گیا ہی کہ تم دعوے اس نسب کا سمجھنے لگے جو درحقیقت تمہارے لئے نہیں ہی حال آنکہ تم بے عقل ہو اس بیعقلی پر اس دون کی سمجھ تم میں کہاں سے آگئی؟۔

وَلَوْ ضَرَبَتْكُمْ مَنْجَنِيْقِيْ وَاَصْلُكُمْ	قَوِيٌّ لَهَدَّتْكُمْ فَكَيْفَ وَلَا اَصْلُ

رفع اصلا لانہ جعل لا بمعنی لیس ترجمہ اور اگر میرا منجنیق یعنی فلاخن باگوپھن تمہارے لگے اس حال میں کہ تمہاری اصل قوی ہو تو بھی وہ فلاخن تمکو توڑ دے یعنی میری ہجو اس صورت میں بھی تمہارا خاکا اڑادے۔ سو اس صورت

ہیں تمہارا کیا حال ہوگا جب تمہاری کچھ اصل ہی نہیں۔

وَلَوْ کُنْتُمْ مِمَّنْ یُدَبِّرُ اَمْرَہٗ	لَمَا کُنْتُمْ نَسْلَ الَّذِیْ مَالَہٗ نَسْلُ

ترجمہ اگر تم اُن لوگوں میں ہوتے جو اپنے کار کی تدبیر کر سکتے ہیں یعنی تم غافل ہوتے تو تم اُس شخص کی نسل کا دعوے نکرتے جو بلانسل شریف ہی غرض اُس قوم کی ہجو کرتا ہی جو اپنے کو شریف شمار کرتی تھی۔

وقال وقد جبل ابو محمد بن طغج یضرب بکمہ النحو ویقول سوقا الی ابی الطیب

یَا اَکْرَمَ النَّاسِ فِی الْفِعَالِ	وَاَفْصَحَ النَّاسِ فِی الْمَقَالِ

ترجمہ ای تمام کاموں میں سب لوگوں سے عمدہ اور سخی اور گفتگو میں سب سے زیادہ فصیح۔

اِنْ قُلْتَ فِیْ ذَا النَّحْوِ سُوْقًا	فَهٰكَذَا قُلْتَ فِی النَّوَالِ

قلت ای اشرت یقال قال بکمہ ای اشار ترجمہ اگر تو نے اپنی آستین کے اشارہ سے خوشبو کی دعوتی میری طرف ہنکا دی تو کیا عجب ہی کیونکہ تو بخشش میں بھی ایسا ہی کہا کرتا ہو کہ یہ سب متنبی کو دیدو۔

وقال وقد بلغہ ان اسحق بن کیغلغ تہدد بلاد الروم وکان ابوالطیب بدمشق

اَتَانِیْ کَلَامُ الْجَاهِلِ ابْنِ کَیَغْلَغٍ	یَجُوْبُ حُزُوْنًا بَیْنَنَا وَسُهُوْلَا

الحزن الارض الصلبۃ الوعرۃ والسہول جمع سہل وہی الارض الطیبۃ اللینۃ ویجوب یقطع ترجمہ جاہل ابن کیغلغ کی دھمکی سخت اور ہموار اور نرم زمینوں کو قطع کرتی آئی یعنی یہ جاہل باوجود اسقدر مسافت بعیدہ کے مجکو دھمکاتا ہی۔

وَلَوْ لَمْ یَکُنْ بَیْنَ ابْنِ صَفْرَاءَ حَائِلٌ	وَبَیْنِیْ سِوٰی رُمْحِیْ لَکَانَ طَوِیْلَا

صفراء اسم امہ وقیل کنایۃ عن الاست والعرب تنسب الرجل الی الاست ترجمہ اور اگر نہو درمیان ابن صفراء کے یا اپنی ماں کے پاخانہ کے سوائے میرے نیزہ کے فاصلہ کے تو یہ فاصلہ بھی اُسکے لئے دراز ہی کیونکہ وہ بسبب اپنی بزدلی کے مجھ پر حملہ نہیں کر سکتا پھر اسقدر دراز فاصلہ پر وہ میرا کیا کر سکتا ہی۔

وَاِسْحَاقُ مَاْمُوْنٌ عَلٰی مَنْ اَهَانَہٗ	وَلٰکِنْ تَسَلّٰی بِالْبُکَاءِ قَلِیْلَا

ترجمہ اور جو اسحق مذکور کی اہانت کرے اُسکو اُسکا کچھ خوف نہیں ہی مگر وہ اپنے تھوڑے گریہ سے اپنی تسلی کر لیتا ہی۔

وَلَیْسَ جَمِیْلًا عِرْضُہٗ فَیَصُوْنَہٗ	وَلَیْسَ جَمِیْلًا اَنْ یَکُوْنَ جَمِیْلَا

ترجمہ اُسکی آبرو اچھی نہیں ہی کہ وہ اُسکی حفاظت کرے اور اُسکی عزت کا اچھا ہونا اچھا بھی نہیں ہی۔

وَیَکْذِبُ مَا اَذْلَلْتُہٗ بِهِجَائِہٖ	لَقَدْ کَانَ مِنْ قَبْلِ الْهِجَاءِ ذَلِیْلَا

ترجمہ اور میں نے ہجو کر کے اُسکو ذلیل نہیں کیا کیونکہ وہ قبل ہجو ذلیل تھا اور یہ جھوٹ بولتا ہی کہ میں نے اُس کو ہجو کر کے ذلیل کیا ہی۔

وقال یمدح ابا العشائر

لَا تَحْسَبُوا رَبْعَكُمْ وَلَا طَلَلَهُ	أَوَّلَ حَيٍّ فِرَاقُكُمْ قَتَلَهُ

الربع المنزل صیفا وشتاءً والطلل الشخص من آثار الدیار ترجمہ تم اپنے ویران گھر اور اُسکے آثار باقیماندہ کو نسمجھو کہ یہ اول شیٔ زندہ ہی جس کو تمھارے فراق نے قتل کر دیا بلکہ اس سے پہلے تمھارے فراق نے بہت سی جانین ہلاک کی ہین۔ محبوبون کے اُس گھر سے چلے جانیکو گھر کی موت قرار دی کیونکہ انکی رحلت کے سبب اُسکی رونق جاتی رہی گویا وہ مردہ ہوگیا کیونکہ منازل کی زندگی آبادی سے ہی اور اس لئے غیر آباد زمین کو موات کہتے ہین لھذا قیل من احیی مواتا الخ یرید ارضا خرابا فعمرہا اس لئے ویرانی گھر کو موت سے تعبیر کیا وللہ درہ۔

قَدْ تَلِفَتْ قَبْلَهُ النُّفُوسُ بِكُمْ	وَأَكْثَرَتْ فِي هَوَاكُمُ الْعَذَلَهُ

العذلہ جمع عاذل وعذول ترجمہ اُس گھر کی موت سے پہلے تمھارے فراق کے صدمات سے بہت سے عشاق کی جانین ضائع گئی ہین اور ملامتگرون نے تمھارے عشق کے باب مین بہت سی ملامت کی ہی۔

خَلَا وَفِيهِ أَهْلٌ وَأَوْحَشَنَا	وَفِيهِ صِرْمٌ مُرَوِّحٌ إِبِلَهُ

الصرم الجماعۃ من البیوت بمن فیہا ترجمہ اُن کا گھر اُن سے خالی ہوگیا اور اُس مین اور لوگ آباد ہوگئے اور ہمکو اُس گھر نے ایسے حال مین متوحش کیا کہ اُس مین غیرون کا مجمع تھا جو ہنگام شام اپنے شترون کو اپنے گھر لاتے تھے وہ گھر اب بھی آباد ہین مگر غیرون سے اسلئے وہ ہمارے حساب مین ویران ہین۔

لَوْ سَارَ ذَاكَ الْحَبِيبُ عَنْ فَلَكٍ	مَا رَضِيَ الشَّمْسَ بُرْجُهُ بَدَلَهُ

الضمیر فی برجہ للحبیب تقدیرہ لو سار الحبیب عن برج من بروج السماء لم یرض برجہ الشمس تحلہ بدلامنہ ترجمہ اگر یہ ہمارا حبیب کسی آسمان سے رحلت کرے تو اُس کا برج یعنی جس مین حبیب موجود تھا اُسکی جگہ آفتاب کے قیام کو بھی پسند نکرے کیونکہ شمس اُسکا قائم مقام نہین ہوسکتا گھٹیا ہی۔

أُحِبُّهُ وَالْهَوَى وَأَدْوُرَهُ	وَكُلُّ حُبٍّ صَبَابَةٌ وَوَلَهُ

الھویٰ یجوزان یکون فی موضع النصب عطفا علی الضمیر المنصوب فی قولہ احبہ ویجوزان یکون فی موضع خفض علی القسم والصبابۃ رقۃ الشوق والولہ ذھاب العقل ترجمہ مین اُس دوست کوچ کرنے والیکو اور اُسکی محبت کو اور اُس منازل کو دوست رکھتا ہون اور ہر قسم کی محبت شیفتگی اور بیخودی ہی۔

يَنْصُرُهَا الْغَيْثُ وَهِيَ ظَامِئَةٌ	إِلَى سِوَاهُ وَسُحْبُهَا هَطِلَهُ

ارض منصورۃ اذا اصابہا المطر ترجمہ دار حبیب پر باران برستا ہی اور اُسکو تر و تازہ کرتا ہی اور وہ دار سوائے باران کسی اور شیٔ کی تشنہ ہی یعنی اُس حبیب کی جو اُسکو چھوڑ گیا ہی حالانکہ اُسپر ابر بکثرت برستے ہین۔

وَاحَرَبَا مِنْكِ يَا جِدَايَتَهَا ۔۔۔ مُقِيمَةً فَاعْلَمِي وَمُرْتَحِلَهْ

نصب مقیمۃ علی الحال والجدایۃ بکسر الجیم وفتحہا ولد الظبی واحرب الملاک فاذا وقع الرجل فی الملاک قال واحربا ترجمہ ای آہو بچہ اس گھر کے یعنی اے محبوبہ تیرے باعث میرے ہلاک ہونیکا سخت افسوس ہی سو تو اس امر کو معلوم کرلے خواہ تو اس گھر مین رہے یا کوچ کر جائے کیونکہ جب تو یہان مقیم تھی تو وصل مین بخیل تھی اور جب کہ چلی گئی تو تیرا درد فراق مارے ڈالتا ہی۔

لَوْ خُلِطَ الْمِسْكُ وَالْعَبِيْرُ بِهَا ۔۔۔ وَلَسْتِ فِيْهَا لَخِلْتُهَا تَفِلَهْ

العبیر یقال الزعفران وقیل اخلاط من الطیب تجمع والتفلۃ المتغیرۃ الریح ترجمہ اگر مشک عنبر اُس گھر مین پھیلایا جائے جب تو وہان نہو مین اُس گھر کو بدبودار سمجھون۔

أَنَا ابْنُ مَنْ بَعْضُهُ يَفُوْقُ أَبَا الْبَاحِثِ وَالنَّجْلُ بَعْضُ مَنْ نَجَلَهْ

البحث التفتیش والنجل الولد ترجمہ مین اُس شخص کا فرزند ہون جسکا بعض یعنی مین باعتبار نسب اُس شخص کے پدر پر فائق ہون جو میرے نسب کی تفتیش کرتا ہی اور فرزند جزو اپنے باپ کا ہوتا ہی۔

وَإِنَّمَا يَذْكُرُ الْجُدُوْدَ لَهُمْ ۔۔۔ مَنْ نَفَرُوْهُ وَأَنْفَدُوْا حِيَلَهْ

النفر الغلبۃ ترجمہ فخر کرنے والون کے روبرو اپنے اجداد کا ذکر وہ کرتا ہی جو فخر ذاتی مین مغلوب ہوتا ہی اور فضیلت ذاتی کے بیان کرنے مین اُس کے تمام حیلے تمام کر دیتے ہین۔

فَخْرًا لِعَضْبٍ أَرُوْحُ مُشْتَمِلَهْ ۔۔۔ وَسَمْهَرِيٍّ أَرُوْحُ مُعْتَقِلَهْ

فخرا العضب علی المصدر ای افخر فخرا ترجمہ فخر کر تو اُس شمشیر بران پر کہ مین اُسکو ہر روز مین لٹکائے جاتا ہون اور اُس نیزہ پر جو شام کو ران تلے دبائے جاتا ہون۔

وَلْيَفْخَرِ الْفَخْرُ إِذْ غَدَوْتُ بِهِ ۔۔۔ مُرْتَدِيًا خَيْرَهُ وَمُنْتَعِلَهْ

ترجمہ اور مناسب ہی کہ فخر مجھ پر فخر کرے کیونکہ مین ہر صبح بہترین فخر کو اپنی چادر اور پاپوش بناتا ہون یعنی سر سے پاؤن تک اُسمیں پوشیدہ ہون۔

أَنَا الَّذِيْ بَيَّنَ الْإِلٰهُ بِهِ الْأَقْدَارَ وَالْمَرْءُ حَيْثُمَا جَعَلَهْ

ترجمہ مین وہ شخص ہون کہ خدا نے اُس کے سبب لوگون کے مرتبے ظاہر کر دئے جیسا کوئی ہوتا ہی ایسا ہی مین اُسکا وصف بیان کرتا ہون یا یہ کہ جو مجھ پر احسان کرتا ہی وہ صاحب مروت ہوتا ہی اور جو میری قدر نہین کرتا وہ نالائق اور خبیث ہی اور آدمی کا مرتبہ وہ ہی جہان وہ اپنے آپکو ٹھہرا دے یعنی جو شخص خودداری کرتا ہی لوگ اُسکی عظمت کرتے ہین اور جو آپ کو گرا دیتا ہی وہ گر جاتا ہی وللہ در القائل سے ہمت بلند دار کہ نزد خدا و خلق

باشد بقدر ہمت تو اعتبار تو۔

جَوْهَرَةٌ يَفْرَحُ الْكِرَامُ بِهَا	وَغُصَّةٌ لَا تُسِيغُهَا السَّفِلَةُ

ای انا جوہرۃ و الغصۃ ما ینغص بہ الانسان فلا یسیغہ و السفلۃ جمع سافل وہو الدنی من الناس ترجمہ مین ایسا جوہر ہون کہ سخی لوگ اُس سے خوش ہوتے ہین کیونکہ مین اُنکے فضائل واقعیہ بیان کرتا ہون اور مین ایک بلائے گلوگیر ہون کہ اُسکو کمینے نگل نہین سکتے کیونکہ مین رذائل حقیقیہ نظم کرتا ہون۔

إِنَّ الْكِذَابَ الَّذِي أُكَادُ بِهِ	أَهْوَنُ عِنْدِي مِنَ الَّذِي نَقَلَهُ

الکذاب الکذب ترجمہ اُس قوم کیطرف جنے ابوالعشائر کی تتی اشارہ کرکے کہتا ہی کہ بیشک وہ جھوٹا جسکو مین جھٹلاتا ہون مین اُس کو اُس کے ناقل سے بھی ذلیل سمجھتا ہون۔

فَلَا مُبَالٍ وَلَا مُدَاجٍ وَلَا	وَانٍ وَلَا عَاجِزٌ وَلَا تُكَلَةٌ

المداجی الساتر المخادع والوانی المقصر والفان کبیر السن الذی افنتہ الایام والتکلۃ الذی یکل امرہ الی غیرہ ترجمہ سو مین اُس غمازی کی کچھ پروا نہین کرتا اور نہ پوشیدہ اور دیگر کرتا ہون بلکہ نقارہ کی چوٹ پر کہتا ہون اور نہ مین انتقام لینے مین سست اور عاجز اور نہ بھروسہ طلب کہ دوسرے سے درباب مکافات خیر یا شر کے طالب امداد ہون۔

وَدَارِعٍ سِفْتُهُ فَخَرَّ لَقًى	فِي الْمُلْتَقَى وَالْعَجَاجِ وَالْعَجَلَةِ

سفتہ ضربتہ بالسیف والدارع لابس الدرع واللقی الشی المطروح والعجلۃ من الاستعجال الذی یکون من المضارب والطاعن فی الضرب والطعن ویجوز ان یکون بمعنی الثکل من قولہم ناقۃ عجول اذا فقدت ولدہا ترجمہ اور مین نے بہت سے زرہ پوشون کے تلوار ماری سو وہ بے خود ہو کر میدان جنگ وغبار مین بسبب میری تیزدستی کے گر گیا۔

وَسَامِعٍ رُعْتُهُ بِقَافِيَةٍ	يَحَارُ فِيهَا الْمُنَقِّحُ الْقُوَلَةُ

القولۃ الجید القول ترجمہ اور مین نے بہت سے سُننے والون کو ایسے اشعار کہکر ڈرایا ہی کہ جسکی خوبی سے خوبی کلام کی تحقیق کرنے والا گویا فصیح حیران ہو جائے اور اُنکو سنکر دنگ رہجاوے۔

وَرُبَّمَا يَشْهَدُ الطَّعَامَ مَعِي	مَنْ لَا يُسَاوِي الْخُبْزَ الَّذِي أَكَلَهُ

ترجمہ ایک شخص مسوی نام کیطرف جو متنبی کی غمازی کرکے ابوالعشائر کا مصاحب بنگیا تھا اشارہ کرکے کہتا ہی کہ بسا اوقات میرے ساتھ کھانے مین ایسا شخص شریک ہوتا ہی جسکی قدر اتنی بھی نہین ہی جتنی اُس نے خوراک کھائی ہی۔

وَيُظْهِرُ الْجَهْلَ بِي وَأَعْرِفُهُ	وَالدُّرُّ دُرٌّ بِرَغْمِ مَنْ جَهِلَهُ

ترجمہ اور وہ میری ناشناسائی ظاہر کرتا ہی اور مین اُس کو خوب جانتا ہون اور موتی موتی ہی ہی خلاف مرضی اُس شخص

کے جو اسکو نہین جانتا یعنی اگر وہ میری عظمت وقدر نجانے تو اُس سے مجکو نقصان نہین ہی۔

مُسْتَحْيِيًا مِنْ أَبِي الْعَشَائِرِ أَنْ	أَسْحَبَ فِي غَيْرِ أَرْضِهِ حُلَلَهْ

ترجمہ اور مین جو باوجود اعدا اُنین مقیم ہون اُسکی یہ وجہ ہی کہ مین ابو العشائر سے اس امر کی شرم کرتا ہون کہ اُس کے خلعتہاے وسیعہ اُسکی سلطنت کے سوا کسی اور علاقہ مین کھینچتا پھرون۔

أَسْحَبُهَا عِنْدَهُ لَدَى مَلِكٍ	ثِيَابُهُ مِنْ جَلِيسِهِ وَجِلَهْ

ترجمہ مین اُن خلعتون کو ممدوح کے پاس پہنتا ہون وہ ایسا بادشاہ ہی کہ اُس کے لباس اُسکے ہمنشین سے نالان رہتے ہین کہ مبادا وہ یہ لباس اپنے مصاحب کو بخشدے اور مین اُس کے شرف قرب سے محروم رہون۔

وَبِيضُ غِلْمَانِهِ كَنَائِلِهِ	أَوَّلُ مَحْمُولِ سَيْبِهِ الْحَمَلَهْ

السیب العطاء والنائل ایضا العطاء ترجمہ اور اُس کے گورے غلام مثل اُس کے اور عطا کے ہین بلکہ اُس کے غلام جنپر بار عطا لدا ہوا ہی اور اُس بوجھ کے اُٹھانیوالے ہین اُس کے عطایا مین اول ہین یعنی وہ حاملان عطایاے ممدوح سے ہین اور خود عطا غلامون کو مع اموال بخشدیتا ہی۔

مَا لِي لَا أَمْدَحُ الْحُسَيْنَ وَلَا	أَبْذُلُ مِثْلَ الْوُدِّ الَّذِي بَذَلَهْ

ترجمہ مجکو کیا ہوگیا ہی کہ مین حسین یعنی ابو العشائر کی تعریف نہین کرتا اور اسقدر اُسکی دوستی کا برتاؤ نہین کرتا جسقدر اُس نے کیا ہی یہ شاعر کا قدیم ہیکر ہین ہی کہ سائل ہوکر ممدوح کا ہمسر دوست بنتا ہی۔

أَأَخْفَتِ الْعَيْنُ عِنْدَهُ خَبَرًا	أَمْ بَلَغَ الْكَيْذُبَانُ مَا أَمَلَهْ

الکیذبان الکذاب ویجوز ان یکون اینی الرقیب دانتہ علی اللفظ ترجمہ کیا رقیب اور غماز یا معائنہ نے میرے اخلاص کی کوئی خبر ممدوح سے چھپا دی یا جھوٹا تمام اپنی مراد کو پہونچگیا یعنی نہین پہنچا۔

أَلَيْسَ ضَرَّابَ كُلِّ جُمْجُمَةٍ	مَنْخُوَّةٍ سَاعَةَ الْوَغَى زَعِلَهْ

المنخوۃ التی بہا النخوۃ والزعلۃ البطرۃ ترجمہ کیا ممدوح ہر کاسہ سر صاحب نخوت ومتکبر پرغرور پر بوقت جنگ برا شمشیرزن نہین ہی بلکہ ہی پھر کیونکر کوئی اُسکی شجاعت کا انکار کر سکتا ہی۔

وَصَاحِبَ الْجُودِ مَا يُفَارِقُهُ	لَوْ كَانَ لِلْجُودِ مَنْطِقٌ عَذَلَهْ

ترجمہ اور کیا وہ ایسا سخی نہین ہی کہ عطا اُس سے کسی حال مین جدا نہین ہوتی یہان تک کہ اگر عطا کے زبان ہوتی تو وہ کثرت بخشش پر اُسکو ملامت کرتی اور اُسکو مسرف کہتی۔

وَرَاكِبَ الْهَوْلِ مَا يُفَتِّرُهُ	لَوْ كَانَ لِلْهَوْلِ مَحْزِمٌ هَزَلَهْ

الہول الامر العظیم الشدید ترجمہ کیا ممدوح امر خوفناک کا سوار اور اُسپر ایسا غالب نہین ہی کہ ہول اُسکو کبھی سست

نہین کرسکتی اگر ہول کے سینہ ہوتا تو وہ اُسکو بھی دبلا کردیتا یعنی وہ ہمیشہ اُمور خوفناک مین گھُسنے کا عادی ہی۔

وَفَارِسَ الْاَحْمَرِ الْمُكَلَّلِ فِیْ	طَیِّ الْمُشْرَعِ الْقَنَا قِبَلَهٗ

المشرع لغت والمکلل الجاد والاحمر فرسا الذی رکبہ فی وقعۃ انطاکیۃ ترجمہ اور کیا وہ سوار اسپ سرنگسا کا اور نیزون کی طرف مین کوشش کرنیوالا اور نیزون کو اُسکی طرف تولنے والا اور راست کرنے والا نہین ہی؟ بلکہ ہی۔

لَمَّا رَأَتْ وَجْهَهٗ خُيُوْلُهُمْ	أُقْسِمُ بِاللّٰهِ لَا رَأَتْ كَفَلَهٗ

ترجمہ جبکہ اُن کے سوارون اور گھوڑون نے ممدوح یا اُس کے گھوڑے کا چہرہ دیکھا یعنی جب وہ اُنکے مقابل ہوا تو اُنھون نے قسم کھائی کہ وہ اُسکا پٹھا نہ دیکھین گے یعنی وہ ہم سبکو فنا کرکے لوٹے گا۔

فَأَكْبَرُوْا فِعْلَهٗ وَأَصْغَرَهٗ	أَكْبَرُ مِنْ فِعْلِهِ الَّذِیْ فَعَلَهٗ

قال ابو الفتح تم الکلام عند قولہ واصغرہ واستانف اکبر اسے ہوا کبر ترجمہ لوگون نے اُس کے کام کو بڑا شمار کیا اور ممدوح نے اُسکو کمتر خیال کیا اور یہ بات کہ اُس نے اتنے بڑے کام کو چھوٹا شمار کیا اُس کام سے جو کیا عمدہ اور بڑا ہی اور نہایت تعریف کے لائق ہی ووری اصغر بالرفع یرید واصغر فعلہ اکبر ما استعظموہ یعنی اُس کا چھوٹا کام بھی اُس سے بڑا ہی کہ جسکو انھون نے بڑا شمار کیا۔

اَلْقَائِلُ الْوَاصِلُ الْكَمِيْلُ فَلَا	بَعْضُ جَمِيْلٍ عَنْ بَعْضِهٖ شَغَلَهٗ

الکمیل الکامل ترجمہ وہ عمدہ گفتگو کا آدمی ہی اُس کے عطایا متواصل ومتواتر رہتے ہین اور کامل ہی اس سے اُسکو بعض عمدہ کام اور عمدہ کامون سے نہین روکتے جسکی تفصیل اگلے شعر مین ہی۔

فَوَاهِبٌ وَالرِّمَاحُ تَشْجُرُهٗ	وَطَاعِنٌ وَالْهِبَاتُ مُتَّصِلَهٗ

یشجرہ ینفذ فیہ ویخالطہ ترجمہ سو وہ اُس حالت مین بھی بخشش کرتا ہی جب نیزے اُس سے ملتے ہین یعنی جنگ مین اور دشمنون کے نیزے مارتا ہی اور اس حال مین بھی اُسکی عطائین برابر جاری رہتی ہین۔

وَكُلَّمَا آمَنَ الْبِلَادَ سَرٰى	وَكُلَّمَا خِيْفَ مَنْزِلٌ نَزَلَهٗ

ترجمہ اور جبکہ شہر وغیرہ امن کردیتا ہی تو وہان سے چلدیتا ہی اور جبکہ کسی مقام پر خوف کیا جاتا ہی تو وہان ہی اُتر پڑتا ہی ’’سچ ہی جہان ڈر وہان سپاہی کا گھر‘‘

وَكُلَّمَا جَاهَرَ الْعَدُوَّ ضُحًى	أَمْكَنَ حَتّٰى كَاَنَّهٗ خَتَلَهٗ

الختل الاخذ خدعۃ علی بغتۃ ترجمہ اور جبکہ وہ دشمن سے بوقت چاشت کھلم کھلا لڑتا ہی تو اُسپر ایسا قابو پالیتا ہی گویا اُسکو فریب سے ناگہان ماریا۔ اُسکی قوت وشجاعت کی تعریف کرتا ہی۔

يَحْتَقِرُ الْبِيْضَ وَاللِّدَانَ إِذَا	سَنَّ عَلَيْهِ الدِّلَاصَ أَوْ نَثَلَهٗ

الروایۃ الجیدۃ فی البیض بکسر الباء وہی السیوف المصقولۃ والابدان جمع لدن وہی الرماح اللینۃ وقمن صب والاص الدروع البراقۃ وشن ودرع لبسہا وتشن القاعنہ ترجمہ وہ شمشیر ہائے براق وچکدار اعدا کو بے حقیقت سمجھتا ہو جائے زرہ پوش ہو یا بے زرہ۔

قَدْ هَذَّبَتْ فَهْمَةُ الْفَقَاهَةَ لِي	وَهَذَّبَتْ شِعْرِيَ الْفَصَاحَةُ لَهُ

الفقۃ الفہم ترجمہ اُس کی فہم کو اُس کی سمجھ نے میرے لئے درست کردیا کہ وہ میرے شعر کو کما ہو حقہ سمجھتا ہو اور جید اور ردی کی تمیز کرتا ہو اور میری فصاحت نے میرے شعر کو اُس کے لئے درست کردیا کہ مین اشعار فصیحہ سے اُسکی تعریف کرتا ہون۔

فَصِرْتُ كَالسَّيْفِ حَامِدًا يَدَهُ	لَا يَحْمَدُ السَّيْفُ كُلَّ مَنْ حَمَلَهُ

ترجمہ سو مین اُس کی قوت دست کی ایسی تعریف کرتا ہون جیسی اُسکی تعریف شمشیر کرتی ہو یعنی وہ بڑا تلوریا ہو اور یہ اُسکی غایت مدح ہو کیونکہ تلوار اُٹھانے والے بہت ہین مگر تلوار ہر حامل سیف کی تعریف نہین کرتی بلکہ یہ حصہ ممدوح کا ہو۔

واستاذن کافورا فی المسیر الی الرملۃ لتخلص مالا فقال نحن نبعث فی خلاصہ ونکفیک فقال ابو الطیب

أَتَحْلِفُ مَا تُكَلِّفُنِي مَسِيرًا	إِلَى بَلَدٍ أُحَاوِلُ فِيهِ مَالًا

احاول اطلب ترجمہ کیا تو اسبات کی قسم کھاتا ہو کہ تو مجکو اس شہر کیطرف جانے کی تکلیف نہ دیگا جہان مجھے مال لینا ہو کافور نے سوال کے جواب مین کہا تھا لا واللہ لا نکلفک نحن نبعث رسولا یقبضہ لک اس لئے حلف کا ذکر کیا۔

وَأَنْتَ مُكَلِّفِي أَنْبَى مَكَانًا	وَأَبْعَدَ شُقَّةً وَأَشَدَّ حَالًا

ترجمہ حالانکہ تو مجکو اُس سے بعد مکان و دور تر فاصلہ اور سخت تر حال کی تکلیف دینے والا ہو کیونکہ تیرے پاس قیام ان سب مشقتون سے زیادہ سخت ہو۔

إِذَا سِرْنَا عَنِ الْفُسْطَاطِ يَوْمًا	فَلَقِّنِّي الْفَوَارِسَ وَالرِّجَالَا

الفسطاط مصر والرجال الرجالۃ ترجمہ جبکہ ہم کسی روز مصر سے چلتے ہونگے تو تو مجکو اپنے سوار و پیادے جو میرے لوٹا لانیکو بھیجے گا دکھلا یو کہ وہ کیسے بہادر ہین اور کسطرح مجکو واپس لائین گے۔

لِتَعْلَمَ قَدْرَ مَنْ فَارَقْتَ مِنِّي	وَأَنَّكَ رُمْتَ مِنْ ضَيْمِي مُحَالًا

ترجمہ تاکہ تو معلوم کرے اُس شخص کی قدر جس سے تو میرے فراق کے سبب جدا ہوا اور یہ بھی جان لے کہ میرے اُوپر ظلم کرنے کا تیرا محال ارادہ تھا کیونکہ مین بہادر ہون مجھ پر کون ظلم کر سکتا ہو۔

وقال یمدح اباشجاع فاتکا

لا خَيْلَ عِنْدَكَ تُهْدِيهَا وَلَا مَالُ	فَلْيُسْعِدِ النُّطْقُ إِنْ لَمْ تُسْعِدِ الْحَالُ

نصب الخیل بلا التی لنفی الجنس ورفع المال لانہ معطوف علی موضع الخیل وہو الابتداء ومثلہ قول الشاعر ؎ لا ام لی انکان ذاک ولا اب ترجمہ شاعر اپنے نفس کو خطاب کرکے کہتا ہی کہ نہ تو تیرے پاس گلہ اسپان ہی اور نہ مال کہ تو بشکریہ عطایا ممدوح کی نذر کرے جب حال یہ ہی تو سزاوار ہی کہ تیری گویائی مدد کرے اور تو مدح ممدوح کرے اگر حال نے مدد نہ کی تو خیر۔

وَاجْزِ الْأَمِيرَ الَّذِي نُعْمَاهُ فَاجِئَةٌ	بِغَيْرِ قَوْلٍ وَنُعْمَى النَّاسِ أَقْوَالُ

ترجمہ اور اُس امیر کو جسکی نعمتیں بے وعدہ ناگاہ تیرے پاس آجاتی ہین مدح وثنا کا بدلہ دے اور اور لوگونکا سوائے ممدوح کے یہ حال کہ آنکی نعمتیں صرف انکی باتین ہین دگر ہیچ۔

فَرُبَّمَا جَزَتِ الْإِحْسَانَ مُوْلِيَهُ	خَرِيدَةٌ مِنْ عَذَارَى الْحَيِّ مِكْسَالُ

الخریدۃ الجاریۃ الحییۃ والجمع خرائد وخرد والعذاری عذراء وہی الجاریۃ البکر والمکسال الفاترۃ ترجمہ کیونکہ اکثر شرگین چھوکری زنان باکرہ قوم مین سے جو نہایت سست اور قلیل التصرف ہوتی ہو احسان کا بدلہ محسن کو دیدیتی ہی تو مرد ہوکر محسن کا شکر کیون نہین ادا کرتا۔

وَإِنْ تَكُنْ مُحْكَمَاتُ الشُّكْلِ تَمْنَعُنِي	ظُهُورَ جَرْيٍ فَلِي فِيهِنَّ تَصْهَالُ

الصہیل والصہال للفرس مثل النہیق والنہاق للحمیر ترجمہ اور اگر سخت پائے بندین مجکو کھلے چلنے سے روکتی ہین تو مجھے ان قیدون ہی مین ہنہنانا اور آواز کرنا ہی یہ بطور مثل ہو کہ جب گھوڑے کے مضبوط پائے بند لگا دیتے ہین تو دوڑ نہین سکتا مگر اس شوق مین ہنہناتا ہی خلاصہ یہ کہ اگر مین تمہاری مدد ظاہر بمقابلہ کافور نہین کرسکتا تو تمہارا مادح اور شکر گذار ہون یہ فاتک دشمن کافور تھا اور متنبی اُسکو دوست رکھتا تھا مگر بخوف کافور ظاہر نہین کرسکتا تھا۔

وَمَا شَكَرْتُ لِأَنَّ الْمَالَ فَرَّحَنِي	سِيَّانِ عِنْدِيَ إِكْثَارٌ وَإِقْلَالُ

ترجمہ اور مین تیرا شکر گزار اسلئے نہین کہ تیرے اموال مرسلہ نے مجکو خوش کیا کیونکہ میرے نزدیک کثیر و قلیل برابر ہین

لَكِنْ رَأَيْتُ قَبِيحًا أَنْ يُجَادَ لَنَا	وَأَنَّنَا بِقَضَاءِ الْحَقِّ بُخَّالُ

البخال جمع باخل ککاتب وکتاب ترجمہ مگر مجکو یہ برا معلوم ہوا کہ آپکی طرف سے ہمپر بخشش کیجائے اور ہم حق نعمت یعنی اداے شکر مین سخت بخیل ہون کہتے ہین کہ متنبی فاتک کا بڑا شکر گزار تھا۔

فَكُنْتُ مَنْبِتَ رَوْضِ الْحَزْنِ بَاكَرَهُ	غَيْثٌ بِغَيْرِ سِبَاخِ الْأَرْضِ هَطَّالُ

الحزن ہی الارض البعیدۃ وخصہا لبعدہا عن الغبار وسباخ الارض التی لا تنبت لملوحتہا واحدہا سبخۃ ترجمہ سو جب مجھپر ممدوح نے احسان فرمایا تو مین ایک باغ کا قطعہ بستی سے دور زمین کا ہوگیا جسپر صبح ہی باران آبر برسا جو شور زمین پر

نہین برسا ملکہ عمدہ زمین پر یعنی ممدوح کا باران احسان مجھپر جو بمنزلہ عمدہ زمین کے ہون برسا۔ بستی سے دور کی تخصیص اسواسطے کی کہ ایسا باغ گرد و غبار آبادی سے محفوظ رہتا ہی۔

غَیْثٌ یُبَیِّنُ لِلنُّظَّارِ مَوْقِعُهٗ ۔ اَنَّ الْغُیُوْثَ بِمَا تَاْتِیْهِ جُهَّالُ

ترجمہ تیرے باران کرم کے موقع نے دیکھنے والونکو یہ امر ظاہر کر دیا کہ باران ہاے رسمی اپنے فیض مین جاہل ہین اور موقع وبیموقع کو نہین جانتے ومن نصب موقعہ فمعناہ انت غیث یبین موقعہ للناظرین لانہ اتی علی مکان اثر فیہ احسن تاثیر ثم قال مبتدیا ان الغیوث الخ یرید انہا تاتی علی الارض السبخۃ۔ خلاصہ یہ کہ باران رسمی موقع اور غیر موقع کو نہین جانتا مگر تو جانتا ہی

لَا یُدْرِكُ الْمَجْدَ اِلَّا سَیِّدٌ فَطِنٌ ۔ لِمَا یَشُقُّ عَلَی السَّادَاتِ فَعَّالُ

ترجمہ شرف حاصل نہین کر سکتا مگر سردار دانا جو ایسے کام بکثرت کرے جو اور سردارون پر اُنکا کرنا دشوار ہو۔

لَا وَارِثٌ جَهِلَتْ یُمْنَاهُ مَا وَرِثَتْ ۔ وَلَا كَسُوْبٌ بِغَیْرِ السَّیْفِ سَئَّالُ

ترجمہ شرف اور مجد کو وہ شخص حاصل نہین کر سکتا جو اموال کا اپنے پدر سے وارث ہوا ہو اور ممدوح کو اُس کے باپ کی میراث نہین پہنچی کیونکہ اُسکا پدر سخی تھا اُسنے سائلون کو سب بخشدیا تھا اور اُسکا دست راست جس سے سخاوت کرتا ہی اپنی بخشش کی مقدار بسبب کثرت کے بھول گیا ہو اور ممدوح کی کمائی بذریعہ شمشیر ہی نہ اُس کے سوا کسی اور تدبیر سے اور نہ بغیر ذریعہ شمشیر کے کسی سے سوال کرتا ہی۔

قَالَ الزَّمَانُ لَهٗ قَوْلًا فَاَفْهَمَهٗ ۔ اِنَّ الزَّمَانَ عَلَی الْاِمْسَاكِ عَذَّالُ

ترجمہ زمانہ نے ممدوح سے ایک بات کہی اور اُسکو خوب سمجھا دی اور بیشک زمانہ بخل پر بڑا ملامتگر ہی یعنی زمانہ نے اسکو سمجھا دیا کہ مال باقی رہنے والی شی نہین ہی اور یہ اُس کا قول بزبان حال ہی نہ بطور قال۔

تَدْرِی الْقَنَاةُ اِذَا اهْتَزَّتْ بِرَاحَتِهٖ ۔ اَنَّ الشَّقِیَّ بِهَا خَیْلٌ وَاَبْطَالُ

ترجمہ جب نیزہ اُس کے ہاتھ مین ہلتا ہی تو وہ معلوم کر لیتا ہی کہ مجھ سے دُشمنون کے گھوڑون اور بہادرون کی کمبختی لگے گی۔

كَفَاتِكٍ وَدُخُوْلُ الْكَافِ مَنْقَصَةٌ ۔ كَالشَّمْسِ قُلْتُ وَمَا لِلشَّمْسِ اَمْثَالُ

ترجمہ مجد و شرف وہی شخص حاصل کرتا ہی جو بصفات مذکورہ متصف ہو مثل فاتک کے اسپر یہ اعتراض ہوتا ہی کہ کاف تشبیہ سے نقصان مدح ہوا کیونکہ اُس سے معلوم ہوتا ہی کہ اُس کے مانند اور بھی ہین اسکا جواب دیتا ہی کہ میرا کفاتک کہنا ایسا ہی جیسا کالشمس کہون حالانکہ اُس کے مشابہ اور مانند کوئی نہین ہی۔ پس یہ بطور توسع و مجاز کے ہی۔

اَلْقَائِدُ الْاُسْدَ غَذَّتْهَا بَرَاثِنُهٗ ۔ بِمِثْلِهَا مِنْ عِدَاهُ وَهِیَ اَشْبَالُ

الاسد منصوب باعمال اسم الفاعل والبراثن من السباع والطیر بمنزلۃ الاصابع من الانسان والمخلب ظفر البراثن والاشبال

جمع شبل وہو ولد الاسد ترجمہ ممدوح لڑائی کے لئے ایسے بہادر شیر صفت روانہ کرتا ہی جنکو اُس کے پنجہ یعنی اُسکی سیف وسنان نے ویسے ہی بہادر دشمنون کو قتل کرکے پرورش کیا ہی جبکہ وہ شبل بچہ ہاے شیر تھے یعنی اُس نے اپنے بہادر غلامون کو دشمنون کے اموال لوٹکر بچپن سے پرورش کیا ہی۔

اَلْقَاتِلُ السَّيْفَ فِي جِسْمِ الْقَتِيلِ بِهٖ ۔۔۔ وَلِلسُّيُوْفِ كَمَا لِلنَّاسِ آجَالُ

ترجمہ وہ بزور ضرب تلوار کو اُس دشمن کے جسم مین قتل کردیتا ہی یعنی توڑ دیتا ہی جسکو اُس تلوار سے قتل کرتا ہی اور جیسے آدمیون کی موت کے اوقات مقررہ ہین ایسے ہی تلوار کے لئے بھی موت کا وقت ہی۔

تَغِيْرُ عَنْهُ عَلَى الْغَارَاتِ هَيْبَتُهٗ ۔۔۔ وَمَا لَهٗ بِأَقَاصِي الْبَرِّ أَهْمَالُ

الاہمال والہمال الابل بلا راع ترجمہ ممدوح کی ہیبت اُسکی طرف سے لوٹنے والونکو لوٹتی ہی اور حال یہ ہی کہ اُسکے شتر اطراف بعیدہ زمین مین بے محافظ اور گلہ بان کے چرتے پھرتے ہین اور کوئی اُن کو لوٹ نہین سکتا اُسکی ہیبت کے سبب اول مصرع کے یہ معنی بھی ہوسکتے ہین کہ اور لوگ قومون کا مال لوٹ کر ممدوح کے پاس اُسکی ہیبت کے سبب پہنچا دیتے ہین تو گویا اُسکی ہیبت اورون کی غارت پر لوٹ ڈالتی ہی۔

لَهٗ مِنَ الْوَحْشِ مَا اخْتَارَتْ أَسِنَّتُهٗ ۔۔۔ عَيْرٌ وَهَيْقٌ وَخَنْسَاءُ وَذَيَّالُ

العیر حمار الوحش والہیق ذکر النعام والخنساء البقرۃ الوحشیۃ والذیال الثور الوحشی ترجمہ وحشی جانورون مین جنکو اُس کے نیزے پسند کرین گویا وہ اُسکی ملک اور قابو مین ہین اُنکو بذریعہ عمدہ گھوڑون کے نیزون سے شکار کرلیتا ہی خواہ وہ گورخر ہو یا شترمرغ ہو یا نیل گائے یا اُسکا نر خلاصہ یہ ہی کہ وہ جنگ پیشہ ہی اور عمدہ شکاری اور یہی وحشی اُسکی خوراک ہین۔

تُمْسِي الضُّيُوفُ مُشَهَّاةً بِعَقْوَتِهٖ ۔۔۔ كَأَنَّ أَوْقَاتَهَا فِي الطِّيْبِ آصَالُ

المشہی الذی یعطی ما اشتہی والعقوۃ ما حول الدار والاصال جمع اصیل کیتیم وایتام وہو آخر النہار ترجمہ مہمان لوگ اُسکے دولت خانہ کے گرد منہ مانگی مرادین حاصل کرکے شام کرتے ہین اور اُنکی ایسی مزے مین گذرتی ہی کہ گویا اُنکی اوقات خوشی مین شامین ہین۔ عرب گرم ملک ہی شام وصبح کو بسبب برودت وغروب آفتاب وخنک ہوا کے نہایت پسند کرتے ہین۔

لَوِ اشْتَهَتْ لَحْمَ قَارِيْهَا لَبَادَرَهَا ۔۔۔ خَرَادِلٌ مِنْهُ فِي الشِّيْزَى وَأَوْصَالُ

القاری المضیف بادرہا عاجلہا وخرادل بالذال والدال القطع والاوصال جمع وصل ہو کل عظم لا یکسر ولا یخلط بغیرہ والشیزی جفان تصنع من خشب اسود وقیل من الجوز ترجمہ اگر اُس کے مہمان اپنے میزبان کے گوشت کی بالفرض خواہش کرین تو اُس کے دینے مین بھی بخل نکرے اور اُنکے پاس فوراً اُسکے گوشت کے پارے اور استخوان بڑے کٹھرون مین آموجود ہون۔ ممدوح کی مہمان نوازی کی تعریف کرتا ہی۔

لَا یَجْھَتُ الرُّزْءَ فِی مَالٍ وَّلَا وَلَدٍ	اِلَّا اِذَا اَحْتَفَزَ الضِّیفَانَ تَرْحَالُ

الرزء المصیبۃ واحتفز واحتفزہ دعاہ ودفعہ ترجمہ وہ مال اور اولاد کی مصیبت کی کچھ حقیقت نہین سمجھتا مگر جب کوچ مہمانونکو ہنکا دے اسکو مصیبت سمجھتا ہی۔

یُرْوِیْ صَدَی الْاَرْضِ مِنْ فَضَلَاتِ مَا شَرِبُوْا	مَحْضُ اللِّقَاحِ وَصَافِی اللَّوْنِ سَلْسَالُ

الصدی العطش والمحض الذی لم یشب بماء واللقاح جمع لقحۃ وہی الناقۃ المحلوب والسلسال الذی یسیل جریہ فی الحلق ترجمہ خالص دودھ ناقون کا اور شراب صاف خوشگوار تشنگی زمین کو مہمانون کے باقیماندہ مشروبات سے سیراب کرتے ہین یعنی وہ ہرگروہ مہمانون کے لئے ضیافت جدید طیار کرتا ہی اور باقیماندہ شیر وشراب اور مہمانون کے لئے ذخیرہ نہین کرتا ہی بلکہ اُنکو گرادیتا ہی یا یہ کہ وہ مہمانون کے لئے اس کثرت سے شیر وشراب پیش کرتا ہی کہ اُن سے پیا نہین جاتا ناچار باقیماندہ اس کثرت سے گراتے ہین کہ زمین کے لئے بمنزلہ باران کے ہوجاتا ہی۔

یَقْرِیْ صَوَارِمُہُ السَّاعَاتِ عَبْطَ دَمٍ	کَاَنَّمَا السَّاعُ نُزَّالٌ وَّ قُفَّالُ

القری الضیافۃ والعبط الطری من الدم واللحم والساع جمع ساعۃ والنزال والقفال الاضیاف منہم من یرحل ومنہم من ینزل ترجمہ اُسکی شمشیر ہاے بران تمام اوقات کی خون تازہ سے ضیافت کرتی ہین یعنی ہر دم مہمانون کے لئے جدید ذبائح ذبح کرتا ہی باسی گوشت نہین کھلاتا ہی یا یہ کہ ہردم خون اعدا گراتا ہی گویا اوقات مہمانون کا نوواردقافلہ یا رخصت ہونیوالونکا گروہ ہی خلاصہ یہ کہ خون تازہ سے مراد یا خون ذبائح ہی یا خون دشمنان۔

تَجْرِی النُّفُوْسُ حَوَالَیْہِ مُخَلَّطَۃً	مِنْہَا عُدَاۃٌ وَّاَغْنَامٌ وَّاٰبَالُ

اراد بالنفوس الدماء واغنام جمع غنم واٰبال جمع ابل ترجمہ اُس کے گرداگرد مختلف خون باہم آمیختہ بہتے رہتے ہین بعض توخون دشمنان ہین اور بعض خون بکریون شترون کا مہمانون کے واسطے ہی یعنی وہ مجاہد وسخی ہی۔

لَا یَحْرِمُ الْبُعَدَاءُ اَہْلَ الْبُعْدِ نَائِلَہُ	وَغَیْرُ عَاجِزَۃٍ عَنْہُ الْاَطْفَالُ

ترجمہ دوری فاصلہ اہل دوری کو اُس کے عطاے محروم نہین کرتی بلکہ اُسکی بخشش مثل باران عام ہی یہان تک کہ چھوٹے بچے جو کہین آجا نہین سکتے وہ بھی اُسکی عطاسے محروم نہین ہین۔

اَمْضَی الْفَرِیْقَیْنِ فِیْ اَقْرَانِہٖ ظُبَۃً	وَالْبِیْضُ ھَادِیَۃٌ وَّالسُّمْرُ ضُلَّالُ

الفریقان الجیشان والاقران جمع قرن وہو العدو المکافی والظبۃ حد السیف ترجمہ وہ اپنے ہمسرون مین دونون لشکرون سے بلحاظ دھار شمشیر زیادہ تلواریا اور دشمنون کا قاتل ہی جبکہ تلوارین رہنما ہون اور گندم گون نیزے بھکنے والے شمشیر کے رہنما ہونیکے یہ معنی ہین کہ وہ دشمن مقابل کو براہ راست قتل کرتی ہی اور نیزے کو بھکنے والا اس نے کہا کہ نیزے کبھی بجانب چپ دشمن اور کبھی بطرف راست لگتے ہین۔

يُرِيكَ مُخْبَرُهٗ اَضْعَافَ مَنْظَرِهٖ ۔ بَيْنَ الرِّجَالِ وَفِيْهَا الْمَاءُ وَالْآلُ

الآل السراب ترجمہ تجکو امتحان فضائل ممدوح اُس کے ظاہر سے منجملہ اور لوگون کے بہت زیادہ خوبیان دکھلاویگا۔ یعنی ہرچند ممدوح کا ظاہر جمال وجلال سے آراستہ ہی مگر باطن بدرجہا اُس سے بہتر ہی اور اور لوگ تو بعض پانی ہین اور بعض محض دھوکا یعنی اُنکا باطن یا موافق ظاہر ہی یا ظاہر سے ناقص یہ باطن کا ظاہر سے اچھا ہونا تیرا ہی خاصہ ہی۔

وَقَدْ يُلَقِّبُهُ الْمَجْنُوْنَ حَاسِدُهٗ ۔ اِذَا اخْتَلَطْنَ وَبَعْضُ الْعَقْلِ عُقَّالُ

العقال داء یا خذ الدواب فی ارجلہا یمنعہا من المشی ترجمہ اور اُسکا حاسد اُسکو مجنون کا لقب دیتا ہی جبکہ لڑائی مین سیف وسنان آپس مین گڈبڈ ہو جاتے ہین اور بعض عقل عمدہ کام سے روکنے والی ہوتی ہی یعنی چونکہ وہ میدان جنگ مین سخت بیباکانہ لڑتا ہی اور موت کی کچھ پروا نہین کرتا اس لئے حاسد اُسکو مجنون کہتے ہین اور حقیقت مین ایسے وقت استعمال عقل واحتیاط موجب بدنامی ہوتا ہی اور بعض العقل اسواسطے کہا کہ کامل عقل اُسی امر کو پسند کرتی ہی جیسی دلیری نامک کرتا ہی پس واقع مین وہ کامل عاقل ہی۔ ولقد احسن الشاعر فی ہذا۔

يَرْمِيْ بِهَا الْجَيْشَ لَا بُدَّ لَهٗ وَلَهَا ۔ مِنْ شَقِّهٖ وَلَوَانَّ الْجَيْشَ اَجْبَالُ

الضمیر فی بہا للخیل ویجوزان یکون للنفس ترجمہ ممدوح اپنے سوارون کو دشمن کے لشکر پر پھینک مارتا ہی یعنی دفعۃ حملہ ایسا کرتا ہی کہ ممدوح اور اُس کے سوارون کو سوائے اِس کے چارہ نہین ہی کہ اُسکو چیر کر اُسمین گھس جاوین اگرچہ وہ لشکر مضبوطی مین پہاڑون کی مانند ہون یعنی اُسکا لقب مجنون اس لئے رکھا گیا ہی کہ وہ اسقدر مشہور ہی۔

الْعِدٰى ۔ اِذَا الْعِدَا نَشِبَتْ فِيْهِمْ مَخَالِبُهٗ ۔ لَمْ يَجْتَمِعْ لَهُمْ حِلْمٌ وَرِئْبَالُ

الرئبال الاسد ترجمہ جبکہ دشمنون مین اُسکے پنجے یعنے ہتھیار گڑجاتے ہین تو اُنکے لئے حلم اور شیر جمع نہین ہوتے یعنے نہ اُن سے اُسکی ضربات کا تحمل ہوسکتا ہی اور نہ مانند شیر دلیری دکھا سکتے ہین غرض اُنسے کچھ بن نہین آتا۔

يَرُوْعُهُمْ مِنْهُ دَهْرٌ صَرْفُهٗ اَبَدًا ۔ مُجَاهِرٌ وَصُرُوْفُ الدَّهْرِ تَغْتَالُ

یروعہم یفزعہم والاغتیال الاہلاک علی غفلۃ ترجمہ ممدوح مین سے ایک ایسا زمانہ نکلکر دشمنون کو ڈراتا ہی کہ اُسکے حوادث ہمیشہ کھلم کھلا ہوتے ہین اور حوادث رسمی زمانہ کے تو ناگاہ ہلاک کرتے ہین۔ ممدوح کو زمانہ بسبب تعظیم شان کہا خلاصہ یہ ہی کہ رسمی زمانہ تو دفعۃً ہلاک کرتا ہی اور یہ ایسا زمانہ ہی کہ اطلاع کرکے دشمنون کو مارتا ہی پس زمانہ رسمی فاضلتر ہی۔

اَنَالَهُ الشَّرَفَ الْاَعْلٰى تَقَدُّمُهٗ ۔ فَمَا الَّذِيْ يَتَوَقّٰى مَا اَتَى نَالُوْا

ترجمہ اُسکی پیشروی نے اُسکو شرف اعلیٰ پر پہنچا دیا یعنی چونکہ وہ میدان جنگ مین سب سے آگے بڑھکر لڑتا ہی اسلئے بلندی کا اعلیٰ درجہ اُسکو ملگیا سو وہ مصیبت جس سے دشمن ڈرتے تھے کہ ممدوح اُسکو عمل مین لاویگا وہ اُسکے تقدم کے سبب اُنکو پہنچ گئے۔

إِذَا الْمُلُوكُ تَحَلَّتْ كَانَ حِلْيَتَهُ ۔ مُهَنَّدٌ وَأَصَمُّ الْكَعْبِ عَسَّالُ

اسم کان مضمر فیہا والجملۃ بعدہا فی موضع الخبر ای اذا کان الملوک کذا کان الممدوح بہذہ حالۃ ترجمہ جبکہ اور بادشاہ تاج زیور سے مزین ہوں تو ممدوح کا زیور شمشیر ہندی اور ٹھوس گرہ کا لچکدار نیزہ ہے۔

أَبُو شُجَاعٍ أَبُو الشُّجْعَانِ قَاطِبَةً ۔ هَوْلٌ نَمَتْهُ مِنَ الْهَيْجَاءِ أَهْوَالُ

نمتہ غذتہ وربتہ ترجمہ اُسکی کنیت ابو شجاع ہے اور حقیقت میں وہ سب بہادروں کا پدر و مربی ہے۔ اور دشمنوں کے حق میں میں ہول وخوف ہے کہ جنگ کے خوفوں نے اُسے پرورش کیا اور غذا دی کیونکہ وہ خوردسالی سے جنگ ہی میں پلا ہے۔

تَمَلَّكَ الْحَمْدَ حَتَّى مَا لِمُفْتَخِرٍ ۔ فِي الْحَمْدِ حَاءٌ وَلَا مِيمٌ وَلَا دَالُ

ترجمہ وہ تعریف کا پورا مالک ہوگیا یہاں تک کہ کسی فخر کرنیوالے کے حصہ میں حمد میں سے نہ حا ہے اور نہ میم ہے اور نہ دال ہے یعنی سوائے ممدوح کوئی کسی جزو حمد کا بھی مالک نہیں ہے یعنی کوئی مستحق حمد سوائے ممدوح نہیں ہے۔

عَلَيْهِ مِنْهُ سَرَابِيلٌ مُضَاعَفَةٌ ۔ وَقَدْ كَفَاهُ مِنَ الْمَاذِيِّ سِرْبَالُ

الماذی الدروع اللینۃ شبہہ لینہا بلین العسل الماذی۔ والسربال الثوب الجمع سرابیل ترجمہ ممدوح پر حمد کے تو بتو لباس ہیں حالانکہ حرب میں زرہ کا ایک پیراہن اُسکو کافی ہے یعنی وہ مرنے سے اتنا نہیں ڈرتا جتنا ننگ و عار و بزدلی سے احتراز کرتا ہے۔

وَكَيْفَ أَسْتُرُ مَا أَوْلَيْتَ مِنْ حَسَنٍ ۔ وَقَدْ غَمَرْتَ نَوَالًا أَيُّهَا النَّالُ ١٦

النال الکثیر العطاء رجل نال اذا کان کثیر النوال ترجمہ اور جو تو نے مجکو براہ کرم عنایت کیا ہے اُسکو میں کسطرح چھپالوں حالانکہ تو نے اے کثیر العطا مجکو بخشش میں چھپالیا۔

لَطَّفْتَ رَأْيَكَ فِي بِرِّي وَتَكْرِمَتِي ۔ إِنَّ الْكَرِيمَ عَلَى الْعَلْيَاءِ يَحْتَالُ

لطفت بلغت الغایۃ من اللطف ترجمہ تو نے اپنی رائے کو میرے احسان وتعظیم میں غایت درجہ کو پہنچا دیا اور شخص سخی بلندنامی کے کام میں ہمیشہ حیلہ جو رہتا ہے کہتے ہیں کہ فاتک متنبی سے مراسلت رکھتا تھا اور اُسکی تعظیم وتوقیر ظاہرا بخوف کافور نہیں کرتا تھا اتفاقاً وہ ایک دفعہ اُسکو سفر میں ملگیا تو اُس نے اُسپر احسان نمایاں کئے اور نہایت اکرام سے پیش آیا۔ دوسرے مصرعہ میں اُسکی طرف اشارہ کرتا ہے۔

حَتَّى غَدَوْتَ وَلِلْأَخْبَارِ تَجْوَالُ ۔ وَلِلْكَوَاكِبِ فِي كَفَّيْكَ آمَالُ

ترجمہ تو ہمیشہ اکرام وطلب بلندنامی میں ساعی رہا یہاں تک کہ تو ایسا ہوگیا کہ تیرے اخبار کرم ہر طرف جولانی کرنے لگے اور ستاروں کو باایں ہمہ بلندی تیرے دونوں ہاتھوں کی بخشش میں اُمیدیں بندھ گئیں یا تیرے ذریعہ سے

اگر ہم چاہین تو کواکب تلک پہنچ سکتے ہین۔

وَقَدْ اَطَالَ ثَنَائِیْ طُوْلُ لَابِسِهٖ	اِنَّ الثَّنَاءَ عَلَی التِّنْبَالِ تِنْبَالُ

التنبال القصیر ترجمہ طول لابس ثنا نے میری ثنا کو دراز کر دیا بیشک چھوٹے قد کے آدمی پر تعریف بھی چھوٹی ہوجاتی ہی یعنے تیری مدح سے میرے اشعار شریف شمار ہوئے اور کمتر کی تعریف سے شعر بھی کم قدر ہوجاتے ہین۔

اِنْ كُنْتَ تَكْبُرُ اَنْ تَخْتَالَ فِیْ بَشَرٍ	فَاِنَّ قَدْرَكَ فِی الْاَقْدَارِ یَخْتَالُ

اختال الرجل اذا مشی الخیلاء وھو اظہار العجب ترجمہ اگر تو اسبات کو بڑی شمار کرتا ہی کہ تو کسی بشر کے روبرو فخر اور غرور سے چلے تو کیا مضائقہ ہی کیونکہ تیرا مرتبہ اور بادشاہون کے مراتب مین اکڑ کر چلتا ہی یعنی اُنکا مرتبہ تیرے مرتبے سے کمتر اور گھٹیا ہی۔

كَاَنَّ نَفْسَكَ لَا تَرْضَاكَ صَاحِبَهَا	اِلَّا وَاَنْتَ عَلَی الْمِفْضَالِ مِفْضَالُ

ترجمہ گویا تیرا نفس تجکو اپنا مصاحب بنانا پسند نہین کرتا مگر اُس حال مین کہ تو کثیر التفضل اشخاص سے فضل مین بڑھا ہوا ہو کہ اس صورت مین تیرا نفس تیرے ساتھ رہنے کو پسند کرتا ہی۔

وَلَا تَعُدُّكَ صَوَّانًا لِمُهْجَتِهَا	اِلَّا وَاَنْتَ لَهَا فِی الرَّوْعِ بَذَّالُ

ترجمہ اور گویا تیرا نفس تجکو اپنی جان کا محافظ شمار نہین کرتا مگر جبکہ تو اُسکو خوفناک جگہون مین صرف کرنیوالا ہو۔

لَوْلَا الْمَشَقَّةُ سَادَ النَّاسُ كُلُّهُمُ	اَلْجُوْدُ یُفْقِرُ وَالْاِقْدَامُ قَتَّالُ

ترجمہ اگر حصول سرداری مین محنت نہوتی تو سب لوگ سردار بنجاتے مگر اُسکا حصول سخت دشوار ہی کیونکہ بخشش محتاج کر دیتی ہی اور میدان جنگ مین پیشروی آدمی کو قتل کرنے والی ہی۔

وَاِنَّمَا یَبْلُغُ الْاِنْسَانُ طَاقَتَهٗ	مَا كُلُّ مَاشِیَةٍ بِالرَّحْلِ شِمْلَالُ

الشملال الناقۃ القویۃ السریعۃ ترجمہ اور انسان فضائل مین نہین پہنچتا مگر بسبب اپنی طاقت کے دیکھو ہر ناقہ پالان بردار سریع السیر اور قوی نہین ہوتی یعنے ہر کریم غایۃ کرم کو نہین پہنچتا۔

اِنَّا لَفِیْ زَمَنٍ تَرْكُ الْقَبِیْحِ بِهٖ	مِنْ اَكْثَرِ النَّاسِ اِحْسَانٌ وَاِجْمَالُ

ترجمہ ہم ایسے زمانہ مین ہین کہ بُری بات کا چھوڑنا اکثر لوگون مین احسان و نکوکاری ہی پس یہ امر عجائب دہر سے ہی کہ فاتک سا سخی اور خلق کا خیر خواہ و نفع رسان ہمارے زمانہ مین پیدا ہوا۔

ذِكْرُ الْفَتٰی عُمْرُهُ الثَّانِیْ وَحَاجَتُهٗ	مَا قَاتَهٗ وَفُضُوْلُ الْعَیْشِ اَشْغَالُ

ترجمہ یادگار نیک جوان کی دوسری عمر ہی۔ اور اُسکی حاجت وقوت اور ضرورت بقدر قوت ہی اور زیادہ سامان عیش نکمے جھگڑے ہین۔

وقال یمدح ابا الفوارس دلیر بن لشکر روز سنۃ ثلث وخمسین وثلثمائۃ وقد کان جاء الی الکوفۃ لقتال الخارجی الذی نجم بہا من بنی کلاب وانصرف الخارجی عن الکوفۃ قبل وصول دلیر الیہا

کَدَعْوَاكِ کُلٌّ یَدَّعِیْ صِحَّۃَ الْعَقْلِ ۔ وَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَدْرِیْ بِمَا فِیْہِ مِنْ جَہْلِ

ترجمہ زن ملامتگر کو خطاب کرکے کہتا ہے کہ تیرے دعوے کے مانند ہر ایک شخص اپنی رائے کی صحت کا دعویٰ کرتا ہے یعنی جیسے تو یہ سمجھتی ہے کہ در باب ملامت عشق میری رائے درست ہے ایسا ہی ہر شخص اپنی رائے کو درست سمجھتا ہے اور وہ کون شخص ہے کہ اپنی نادانی کی مقدار کو جانے یعنی کوئی نہیں ہے۔

لِہِنَّكِ اَوْلٰی لَائِمٍ بِمَلَامَۃٍ ۔ وَاَحْوَجُ مِمَّنْ تَعْذُلِیْنَ اِلَی الْعَذْلِ

لہنک اصلہ لانک فابدل الہمزۃ ہاء لئلا تجمع حرفا التاکید اللام وان ترجمہ کیونکہ تو زیادہ سزاوار ملامت ملامتگر کی ہے بہ نسبت میرے اور زیادہ محتاج ملامت ہے اُس سے جسکو تو ملامت کرتی ہے۔ یعنی مجھے کیونکہ میرا محبوب ایسا ہے کہ جسکے عشق میں گنجایش ملامت نہیں ہے اسکی وجہ آگے ہے۔

تَقُوْلِیْنَ مَا فِی النَّاسِ مِثْلُكَ عَاشِقٌ ۔ جِدِیْ مِثْلَ مَنْ اَحْبَبْتُہٗ تَجِدِیْ مِثْلِیْ

نصب مثلک علی الحال من عاشق ترجمہ تو کہتی ہے کہ آدمیوں میں کوئی عاشق زار تجھ سا نہیں ہے تو مثل میرے محبوب کی حسن صورت وسیرت میں تلاش کر اگر وہ ملجاوے گا تو وہاں ہی مجھ سا عاشق صادق ملجاوے گا۔ یعنی تیرا قول درست ہے جیسا میرا محبوب بیمثل ہے ایسا ہی میں عشق میں بے مانند ہوں۔

مُحِبٌّ کَنٰی بِالْبِیْضِ عَنْ مُرْہَفَاتِہٖ ۔ وَبِالْحُسْنِ فِیْ اَجْسَامِہِنَّ عَنِ الصَّقْلِ

البیض والمرہفات السیوف والبیض ایضا النساء البیض ترجمہ میں ایسا عاشق ہوں کہ جب میں بیض بولتا ہوں تو اُنسے تلواریں مراد لیتا ہوں نہ زنان سفید رنگ اور اُنکے اجسام کے حسن سے صیقل شمشیر کا قصد کرتا ہوں نہ حسن معشوقوں کا۔ یعنی میں مرد جنگی ہوں نہ عیاش۔

وَبِالسُّمْرِ عَنْ سُمْرِ الْقَنَا غَیْرَ اَنَّنِیْ ۔ جَنَاہَا اَحِبَّائِیْ وَاَطْرَافُہَا رُسْلِیْ

ترجمہ اور میں گندم گون سے معشوقان گندم گون مراد نہیں لیتا ہوں بلکہ نیزے گندم گون ہاں نیزوں کے پھل یعنے حصول بلند نامی میرے دوست ہیں۔ اور اُن نیزوں کے اطراف میرے قاصد ہیں جن کے ذریعے میرے پیام حصول شرف مجد کے برابر جاری رہتے ہیں یعنے میں فضائل کو بواسطہ استعمال نیزوں کے حاصل کرتا ہوں۔

عدِمتُ فُؤادًا لم تَبِتْ فیهِ فضلۃٌ	لِغَیرِ الثَنایا الغُرِّ والحَدَقِ النُجلِ

الغر البیض والنجل الواسعۃ ترجمہ خدا کرے مین اپنے ایسے دل کو کھو بیٹھون کہ اُسمین سوائے دندانہاے معشوقان اور اُنکی چشمہاے فراخ کے کوئی جائے زائد باقی نہین رہی یعنی وہ وقف محبوبان ہو گیا ہی۔

فما حرمت حسناءُ بالہجرِ غبطۃً	ولا بلّغتہا من شکی الہجرِ بالوصلِ

حسناء امرأۃ نکرۃ ہہنا والہاء فی بلغتہا تعود الی الغبطۃ ترجمہ کوئی زن حسینہ جب ہجر اختیار کرے اپنے عاشق مہجور کو غبطہ سے محروم نہین کرتی اس لئے کہ اگر وہ وصل کا احسان کرے تو غبطہ کو نہین پہنچاتی کیونکہ اُسکا وصل سریع الزوال و ناپائدار ہی۔ شاکی ہجر سے مراد عاشق ہی یہ معنی واحدی نے لکھے ہین اور شارح خطیب لکھتے ہین کہ شاعر حرص طلب نساء سے منع کرتا اور کہتا ہی کہ جب تو زن حسینہ سے ہجر اختیار کرے گا تو وہ تیری طرف مائل ہو گی اور تیرا حال قابل غبطہ ہوگا اور جب تو اُس سے شکوہ ہجر کرے گا اور اُس سے بعجز پیش آویگا تو اُس کی آنکھون مین ذلیل ہو جاویگا تو وہ اپنے وصل سے محروم کرے گی پھر غبطہ کا موقع نرہے گا۔

ذرینی انل ما لا ینال من العلی	فصعبُ العلی فی الصعبِ والسہلُ فی السہلِ

ترجمہ زن ملامت کنندہ کو خطاب کرتا ہی کہ تو مجکو چھوڑ اور دشوار کامون کے اختیار کرنے مین مجکو ملامت نکر تاکہ مین وہ مراتب رفیعہ حاصل کرون جو کسیکو حاصل نہین ہوتے سو سخت اور بڑی رفعت مرتبہ سخت کامون کے اختیار کرنے مین ہی اور سہل بلند نامی امور سہل مین۔

تریدین لُقیانَ المعالی رخیصۃً	ولا بُدّ دونَ الشہدِ من اِبَرِ النحلِ

ترجمہ تو حصول مراتب بلند کو ارزان جانتی ہو اور حال یہ ہی کہ شہد کے پہلے نیش زنبور عسل ضرور ہی۔

حذرتِ علینا الموتَ والخیلُ تلتقی	ولم تعلمی عن ای عاقبۃٍ تُجلی

تجلی تکشف والاجلاء الکشف ترجمہ تو مجکو ایسے وقت مرنیسے ڈراتی ہی جب سوار گڈمڈ ہو رہے ہین اور تو نہین جانتی کہ لڑائی کس انجام کو ظاہر کرے گی۔ یعنی مجکو اس مین کیا نیک نامی حاصل ہو گی۔

فلستُ غبینًا لو شریتُ منیّتی	باکرامِ دلیر بن لشکروز لی

دلیر و لشکر وز اسمان من اسماء الدیلم وہما الشجاع بالعربیۃ والغبین المغبون وشریت اشتریت ترجمہ جبکہ اپنی موت بعوض اکرام دلیر بن لشکروز خریدون تو مین خسارہ مین ہونگا بلکہ بڑا نفع حاصل کرونگا۔

تمُرّ الانابیبُ الخواطرُ بیننا	ونذکرُ اقبالَ الامیرِ فتحلو لی

الانابیب جمع انبوب وہو ما بین کعوب القناۃ والخواطر اہتز ترجمہ نیزہاے لچکدار بوقت جنگ ہم مین سخت تلخ معلوم ہوتے ہین مگر جب ہم اقبال امیر یاد کرتے ہین تو وہ شکی تلخ شیرین معلوم ہونے لگتی ہی۔

وقد عاب قوم علیہ فتحلولی مع قولہ تجلی وقالوا کیف جمع بینہا فی القافیۃ ولا صحۃ للواو ولیس الامر کذلک لان الواو والیاء اذا اسکنتا والفتح ما قبلہا کالقول والحسین اجریتا مجری الصحیح وقال ابن جنی فی ہذہ القافیۃ فساد لان واو تحلولی ردف لانہا ساکنۃ قبل حرف الروی ولیس فی ہذہ القصیدۃ قافیۃ مردفۃ غیر ہذہ وہذہ عیب عندہم الا انہ جار فی الشعر القدیم۔

وَلَوْ كُنْتُ أَدْرِیْ أَنَّهَا سَبَبٌ لَهُ ۔۔۔ لَزَادَ سُرُوْرِیْ بِالزِّیَادَةِ فِی الْقَتْلِ

ترجمہ اور اگر میں جانتا کہ یہ لڑائی سبب قدوم امیر کے ہوگی تو جسقدر قتل زیادہ ہوتا اتنی ہی میری خوشی زیادہ ہوتی۔

فَلَا عَدِمَتْ أَرْضُ الْعِرَاقَیْنِ فِتْنَةً ۔۔۔ دَعَتْكَ إِلَیْهَا كَاشِفَ الْخَوْفِ وَالْمَحْلِ

کاشف منصوب علی النداء او الحال والعراقان الکوفۃ والبصرۃ وقیل العراق الاول الکوفۃ والبصرۃ وما بینہما الی حلوان ومن حلوان الی الرے العراق الثانی والمحل الجدب ترجمہ سو دونوں عراقوں کی زمین ایسی فتنہ کو گم نکیجو جس نے تجھے اپنی طرف ای دور کرنے والے خوف وقحط کے بلایا۔

ظَلِلْنَا إِذَا أَنْبَى الْحَدِیْدُ نُصُوْلَنَا ۔۔۔ نُجَرِّدُ ذِكْرًا مِنْكَ أَمْضَى مِنَ النَّصْلِ

النبور التاخر عن النفاذ والنصول السیوف ترجمہ جبکہ آہن ہماری تلواروں کے پھلوں کو کُند کر دیتا تھا یعنی جنگ میں تو ہم تیرا خالص ذکر کرتے تھے جو تلوار سے زیادہ رواں ہی سو تلواریں اپنا کام برابر دینے لگتی تھیں۔

وَنَرْمِیْ نَوَاصِیْهَا مِنَ اسْمِكَ فِی الْوَغَى ۔۔۔ بِأَنْفَذَ مِنْ نُشَّابِنَا وَمِنَ النَّبْلِ

اسکن الیاء فی نواصیہا للضرورۃ والضمیر فیہا للخیل الاعداء والنبل سہام العرب سائر سہام العجم النشاب ترجمہ اور ہم تیرا نام لیکر لڑائی میں گھوڑوں کی پیشانیوں پر تیر مارتے ہیں جو ہمارے سب تیروں ساخت عرب وعجم سے زیادہ موثر اور گھسنے والے ہیں۔

فَإِنْ تَكُ مِنْ بَعْدِ الْقِتَالِ أَتَیْتَنَا ۔۔۔ فَقَدْ هَزَمَ الْأَعْدَاءَ ذِكْرُكَ مِنْ قَبْلُ

جعل الظرف نکرۃ فاعربا فکانہ قال اولا وقد قرر بعض اعراب بعد الامر من قبل ومن بعد ترجمہ سو اگر تو ہمارے پاس بعد خاتمہ جنگ آیا تو اسکا کیا مضائقہ ہی کیونکہ دشمنوں کو تیرے نام کی برکت یا تیرے نام لینے نے کہ وہ ہماری حمایت کو آتا ہی تیرے تشریف لانے سے پہلے ہی بھگا دیا۔

وَمَا زِلْتُ أَطْوِی الْقَلْبَ قَبْلَ اجْتِمَاعِنَا ۔۔۔ عَلَى حَاجَةٍ بَیْنَ السَّنَابِكِ وَالسُّبْلِ

السنابک مقادم الحوافر واحدہا سنبک والسبل الطرق ترجمہ اور قبل تیری اور ہماری ملاقات کے میں اپنے دل کو ہمیشہ مستعد وبیچین کرتا تھا اس مطلب کے لئے جو تمہارے اسپان اور راہوں سے متعلق تھا۔ یعنی میرا ارادہ تھا کہ گھوڑوں پر سوار ہوکر راہ طی کروں بارادہ حصول ملاقات مگر الحمد للہ کہ یہ نعمت گھر بیٹھے نصیب ہوگئی۔

وَلَوْ لَمْ تَسِرْ سِرْنَا إِلَیْكَ بِأَنْفُسٍ ۔۔۔ غَرَائِبَ یُؤْثِرْنَ الْجِیَادَ عَلَى الْأَهْلِ

ترجمہ اور اگر تو نہ آتا تو ہم تیری طرف ایسی جانون کو لیکر جنکے اخلاق حسنہ نہایت عجیب ہین اور وہ سواری اسپان و سفر کو اہل و عیال سے زیادہ پسند کرتے ہین - ضرور سفر کرتے -

وَخَيْلٍ إِذَا مَرَّتْ بِوَحْشٍ وَرَوْضَةٍ ۔۔۔ أَبَتْ رَعْيَهَا إِلَّا وَمِرْجَلُنَا يَغْلِي

المرجل القدر ویغلی من الغلیان بالطبخ ترجمہ اور ایسے گھوڑون پر سوار ہوکر تیری خدمت مین حاضر ہوتے کہ جب وہ وحشی جانورون اور چراگاہ سے گزرتے تو گھاس نہ چرتے مگر جب کہ ہماری ہنڈیان اُن کے گوشت سے جوش کھاتین یعنی وہ سفر سے نہین تھکتے اور منزل پر پہنچ کر وحشیون کا شکار کرتے ہین -

وَلَكِنْ رَأَيْتُ الْفَضْلَ فِي الْقَصْدِ شِرْكَةً ۔۔۔ فَكَانَ لَكَ الْفَضْلَانِ فِي الْقَصْدِ وَالْفَضْلِ

ترجمہ مگر ہمنے اپنے قصد کو فضل مین شرکت سمجھا یعنے اگر ہم تیری طرف سفر کرتے تو ہمکو فضل قصد حاصل ہوتا مگر ہمکو یہ امر گوارا نہ ہوا - اب فضل قصد اور فضل ذاتی تیرے لئے رہا بلا شرکت غیر -

وَلَيْسَ الَّذِي يَتَّبِعُ الْوَبْلَ رَائِدًا ۔۔۔ كَمَنْ جَاءَهُ فِي دَارِهِ رَائِدُ الْوَبْلِ

الوبل المطر الکثیر والرائد الذی تقدم القوم لطلب الکلاء - ورائد الابل مقدمہ ترجمہ اور وہ شخص جو بطلب باران جاوے اُس شخص کے مانند نہین جس کے خود گھر مین باران آجاوے - یعنی ہم بڑے خوش قسمت ہین کہ گھر بیٹھے تیرے شرف ملازمت سے مشرف و مستسعد ہوئے -

وَمَا أَنَا مِمَّنْ يَدَّعِي الشَّوْقَ قَلْبُهُ ۔۔۔ وَيَحْتَجُّ فِي تَرْكِ الزِّيَارَةِ بِالشُّغْلِ

ترجمہ مین اُن لوگون مین نہین ہون کہ اُس کا دل شوق کا دعوٰی کرے اور ترک ملاقات مین کامون کے پیش آنیکی حجت پکڑے اور بہانہ ضرورات کرے -

أَرَادَتْ كِلَابٌ أَنْ تَقُومَ بِدَوْلَةٍ ۔۔۔ لِمَنْ تَرَكَتْ رَعْيَ الشُّوَيْهَاتِ وَالْإِبِلِ

الشویہات تصغیر شاۃ اصلہ شوہۃ بالتحریک فلما صغر ردالی الاصل وجمع بالہاء والالف ترجمہ بنی کلاب نے جو تیری غیبت مین کو فہ پر چڑھ آئے یہ ارادہ کیا کہ سلطنت قائم کرین اگر یہ ارادہ کیا ہی تو اُنھون نے بکریان اور شتر چرانا جو اُنکا خاص کام ہی کس کے لئے چھوڑا ہی - یعنی وہ ضعیف ذلیل لوگ ہین -

أَبَى رَبُّهَا أَنْ يَتْرُكَ الْوَحْشَ وَحْدَهَا ۔۔۔ وَأَنْ يُؤْمِنَ الضَّبَّ الْخَبِيثَ مِنَ الْأَكْلِ

ترجمہ بنی کلاب کے ربنے یہ پسند کیا کہ وحشی جانور تنہا رہین اور سوسار یعنی گوہ بدمزہ اُنکے کھانیسے بیخوف کیجاوے بلکہ خدا کو یہ منظور ہوا کہ وہ جنگلون مین وحشیون کے ساتھ رہین اور سوسار کھایا کرین -

وَقَادَ لَهَا دَلِيرٌ كُلَّ طِمِرَّةٍ ۔۔۔ تُنِيفُ بِخَدَّيْهَا سَحُوقٌ مِنَ النَّخْلِ

الطمرۃ الفرس العالیۃ الکریمۃ والسحوق النخلۃ الطویلۃ ترجمہ اور امیر دلیر بنی کلاب کی لڑائی کے لئے تمام گھوڑے

ایسے بلند عمدہ چڑہالایا اُس کے ہر رخسار کو ایک اونچا درخت خرما بلند کرتا ہی یعنی اُسکی بلندی کے سبب یہ معلوم ہوتا ہی کہ اُسکے ہر رخسار گویا بلند درخت خرما پر رکھے ہوئے ہیں۔

وَكُلُّ جَوَادٍ تَلْطِمُ الأَرْضَ كَفُّهُ	بِأَغْنَى عَنِ النَّعْلِ الحَدِيدِ مِنَ النَّعْلِ

ترجمہ اور وہ ہر عمدہ گھوڑا چڑہالایا جسکا ہاتھ اپنی سختی اور قوت کے سبب زمین کے ایسے سخت سم کا طمانچہ مارتا ہی جو بسبب اپنی صلابت کے نعل آہنی سے بے پرواہ ہی۔ واستعار للحافر الکف کما یستعار للانسان الحافر من الفرس۔

فَوَلَّتْ تُرِيغُ الغَيْثَ وَالغَيْثُ خَلَّفَتْ	وَتَطْلُبُ مَا قَدْ كَانَ فِي اليَدِ بِالرِّجْلِ

ترجمہ بنوکلاب بسبب انعام واحسان ممدوح کے ایسے آرام وآسایش میں تھے جیسے کوئی باران میں ہوتا ہی اب انھون نے اُس سے بغاوت کی اور شکست کھاکر بھاگے اور اُس امن وچین کو جو اُنکے قبضہ میں تھی بھاگ کر طلب کرنے لگے۔

تُحَاذِرُ هَزْلَ المَالِ وَهْيَ ذَلِيلَةٌ	وَأَشْهَدُ أَنَّ الذُّلَّ شَرٌّ مِنَ الهُزْلِ

المال السائمۃ من الابل وغیرہا والہزل الضعف والاضافۃ ترجمہ وہ اپنے مویشی کی لاغری اور ضائع ہونے سے ڈرتے ہیں حال آنکہ وہ خود ذلیل ہوگئے ہیں اور میں گواہی دیتا ہون کہ ذلت ضعف لاغری سے بدتر ہی

وَأَهْدَتْ إِلَيْنَا غَيْرَ قَاصِدَةٍ بِهِ	كَرِيمَ السَّجَايَا يَسْبِقُ القَوْلَ بِالفِعْلِ

السجایا جمع سجیۃ وہی الخلق ترجمہ اور اُس نے بے ارادہ ہمارے پاس ایک کریم الاخلاق کا تحفہ بھیجا جس کا فعل قول سے سبقت کرتا ہی۔ یعنی وعدہ سے پہلے عطا کرتا ہی۔ خلاصہ یہ کہ اگر بنی کلاب بغاوت نکرتے تو ممدوح یہان تشریف نلاتا۔ پس گویا اُسکا آنا جو انکی بغاوت کے سبب ہوا اُنھون نے ہمکو ہدیہ دیا۔

تَتَبَّعَ آثَارَ الرَّزَايَا بِجُودِهِ	تَتَبُّعَ آثَارِ الأَسِنَّةِ بِالفُتْلِ

الرزایا الفجایع وآثار الاسنۃ الجراحات۔ والفتل جمع فتیلۃ وہی التی یجعل فیہا الطبیب المرہم لیوصلہ الی الجرح ترجمہ وہ اپنی بخشش سے مصائب کی نشانیون کو ڈھونڈھتا پھرا جیسا بذریعہ فتیلہ ہاے مرہم نشان زخمہاے نیزون کا تلاش کیا جاتا ہی۔ یعنی جسکا نقصان ہوا تھا اُسپر اپنی عطا کا مرہم رکھکر اُس کا علاج کیا۔

شَفَى كُلَّ شَاكٍ سَيْفُهُ وَنَوَالُهُ	مِنَ الدَّاءِ حَتَّى الثَّاكِلَاتِ مِنَ الثُّكْلِ

الثاکلات فی موضع نصب عطفا علی کل تقدیرہ شفی کل والثاکلات وہی جمع ثاکلۃ وہی التی ثکلت الولد ترجمہ ہر دردمند کو درد سے اُسکی شمشیر وعطا نے شفا بخشی یہان تلک کہ زنان فرزند مردہ کو درد بیفرزندی سے یعنی اپنے کرم سے تمام مصیبتون کا تدارک کردیا

عَفِيفٌ تَرُوقُ الشَّمْسَ صُورَةُ وَجْهِهِ	وَلَوْ نَزَلَتْ شَوْقًا لَحَادَ إِلَى الظِّلِّ

حاد مال ودرج ترجمہ وہ ایسا پارسا ہی کہ اُس کے چہرہ کی شکل آفتاب کو اچھی معلوم ہوتی ہی اور اگر آفتاب بتقاضاے شوق اُس کے پاس اتر آئے تو چونکہ وہ مؤنث ہی ممدوح براہ تقوی اُس سے بچکر سایہ میں جا کھڑا ہو۔

شجاعٌ كأنّ الحرب عاشقةٌ له ۔۔۔ إذا زارها فدّته بالخيل والرَّجْلِ

ترجمہ وہ ایسا بہادر ہے کہ گویا لڑائی اُس کی عاشق ہے جب وہ لڑائی میں جاتا ہے تو دشمن کے سوار و پیادے اسپر قربان کردیتی ہے وہذا حسن تعلیل عجیب لم یسبق الیہ۔

وريّانُ لا تصدى إلى الخمر نفسُه ۔۔۔ وعطشانُ لا تروى يداه من البذلِ

تصدی تعطش والصدی العطش ترجمہ۔ وہ ایسا تر و تازہ ہے کہ اُس کا نفس شراب کا تشنہ نہیں ہوتا اور وہ جود و عطا کا تشنہ ہے کہ اُس کے دونوں ہاتھ بخشش سے سیراب نہیں ہوتے۔

فتمليكُ دليرٍ وتعظيمُ قدرِه ۔۔۔ شهيدٌ بوحدانية الله والعدلِ

ترجمہ سو دلیر کو مالک ملک بنانا اور اُس کے مرتبہ کا بڑھانا خداوند تعالیٰ کی وحدانیت اور اُسکے عدل کے گواہ ہیں۔

وما دام دليرٌ يهزّ حسامَه ۔۔۔ فلا نابَ في الدنيا لليثٍ ولا شبلِ

ترجمہ اور جب تلک دلیر اپنے شمشیر کو حرکت دیتا ہے تو دنیا میں شیر اور بچہ شیر کے دانت کسیکو نہیں ستا سکتے ہیں۔

وما دام دليرٌ يقلّبُ كفَّه ۔۔۔ فلا خلقَ من دعوى المكارم في حِلِّ

ترجمہ اور جب تلک دلیر اپنے ہاتھ کو عطا کے لئے حرکت دیتا ہے یا اپنے ہاتھ کو دستہائے سائلین میں عطا کے لئے ڈالتا ہے تو کسی خلق کو دعوائے مکارم حلال نہیں ہے کیونکہ اُس کا سا کرم کسی میں نہیں ہے

فتًى لا يرجّي أن تتمّ طهارةٌ ۔۔۔ لمن لم يطهّر راحتيه من البخلِ

الطہارۃ التبری من الدنس ترجمہ ایسا سخی ہے کہ طہارۃ کامل اُس شخص کیلئے نہیں سمجھتا جو اپنے دونوں ہاتھ بخل سے پاک نہ کرے۔

فلا قطع الرحمنُ أصلاً أتى به ۔۔۔ فإني رأيتُ الطيّبَ الطيّبَ الأصلِ

ترجمہ سو خدائے رحمن اُس اصل کو نہ کاٹے جو ایسے شخص کو لائے کیونکہ میں اسکو طیب سمجھتا ہوں جو طیب الاصل ہو۔

وقال يمدح عضد الدولة ويذكر وقعة وهسوذان بالطرم كان والده ركن الدولة انفذ اليه جيشا من الري فهزمه واخذ بلده

أثلِثْ فإنا أيها الطللُ ۔۔۔ نبكي وترزمُ تحتنا الإبلُ

ثلثت الرجلین صرت ثالثہما والارزام بتقدیم المہملۃ علی المعجمۃ حنین الابل ترجمہ اے دیار یار کے کھنڈر ہم روتے ہیں اور ہماری سواری کے شتر رونے میں ہماری مدد کرتے ہیں تو ہمارا تیسرا گریہ کرنے میں ہو جا۔ یعنی ہم اس غم سے روتے ہیں کہ بسبب رحلت احبہ تیری رونق و زینت جاتی رہی تو بھی رونے میں ہمارا شریک و ثالث بنجا۔

أو لا فلا عتبٌ على طللٍ ۔۔۔ إنّ الطلولَ لمثلها فُعُلُ

ترجمہ اور اگر تو ہمارا گریہ میں مساعد و شریک نہیں ہوتا تو کھنڈر پر کچھ عتاب نہیں ہوسکتا بیشک کھنڈر اسیطرح کے کام ۳۹

کرنے والے ہین یعنی رونا انکا کام نہین ہی قولہ کمثلہا ای کمثل ہذہ الفعلۃ وہو ترک البکاء۔

لَوْ كُنْتَ تَنْطِقُ قُلْتَ مُعْتَذِرًا ۞ بِيْ غَيْرُ مَا بِكَ أَيُّهَا الرَّجُلُ

ترجمہ منجانب طلول عذر عدم مساعدت گریہ کرتا ہی کہ اگر تو گویا ہوتا تو بطور عذر خواہی کہتا کہ ای متنبی فراق احبہ سے مجھپر وہ صدمہ ہی جو تجھپر نہین اسکی شرح اگلے شعر مین ہی۔

أَبْكَاكَ أَنَّكَ بَعْضُ مَنْ شَغَفُوْا ۞ لَمْ أَبْكِ أَنِّيْ بَعْضُ مَنْ قَتَلُوْا

الشغف احراق الحزن للقلب ترجمہ تو مجھسے یہ کہتا کہ تو اسواسطے روتا ہی کہ تو انکے عاشقون مین ہی۔ یعنی تو گو غمِ مفارقت مین مبتلا ہی مگر جیتا تو ہی اور مین اسواسطے نہین روتا کہ مین منجملہ انکے مقتولون کے ہون۔

اَب مین کیونکر روؤن سے برنیاید زکشتگان آواز۔ ابو الفتح کہتا ہی کہ جب وہ جواب دینے پر قادر ہوا تو کیون رونے مین مساعد ہوا اسکا یہ جواب دیتا ہی کہ تکلیف گریہ جوابدینے سے سخت تر ہی۔

إِنَّ الَّذِيْنَ أَقَمْتَ وَارْتَحَلُوْا ۞ أَيَّامُهُمْ لِدِيَارِهِمْ دُوَلُ

ہذا من تمۃ کلام الطلل الدول جمع دولۃ وہی مدۃ قیام الاحبۃ فی الطلل ترجمہ بیشک وہ دوست جو کوچ کر گئے اور مین بعد انکی رحلت کے ٹھہرا رہا وہ ایسی بیوفا اشخاص ہین کہ وہ جہان قیام فرماتے ہین تو انکا قیام انکی فرودگاہون کیلئے نعمت غیر مترقبہ ہی کہ وہ انکے قیام کے سبب سے آباد ہوجاتی ہین

أَلْحُسْنُ يَرْحَلُ كُلَّمَا رَحَلُوْا ۞ مَعَهُمْ وَيَنْزِلُ حَيْثُمَا نَزَلُوْا

ترجمہ جب وہ کسی مقام سے کوچ کرتے ہین تو وہان رونق اور خوبی انکے ساتھ کوچ کرجاتی ہی اور جہان وہ فروکش ہوتے ہین وہ حسن ورونق وہان ہی اتر پڑتی ہی۔

فِيْ مُقْلَتَيْ رَشَاءٍ تُدِيْرُهُمَا ۞ بَدَوِيَّةٌ فُتِنَتْ بِهَا الْحِلَلُ

الظرف متعلق بالحسن الرشا ولد الظبیۃ الصغیر والحلل جمع حلۃ وہی القوم المجتمعون فی بیوت مجتمعۃ النزول ترجمہ وہ حسن کوچ کرتا ہی دو انکھون چھوٹے ہرنوٹے یعنی آہو برہ مین جنکو ایک زن بدویہ حرکت دیتی ہی جسپر تمام اہل قافلہ مفتون ہورہے ہین۔ یعنی حسن چشمان ہمرنگ آہو برہ زن بدویہ مین کوچ کرتا ہی۔

تَشْكُو الْمَطَاعِمُ طُوْلَ هِجْرَتِهَا ۞ وَصُدُوْدُهَا وَمَنِ الَّذِيْ تَصِلُ

یجوز فی صدودہا النصب عطفا علی طول والجر عطفا علی ہجرتہا ترجمہ کھانے معشوقہ کے بہت دنون سے انکو چھوڑ دینے کے اور اسکی اعراض کے شاکی ہین۔ یعنی وہ ہمیشہ سے کم خوراک ہی جو عورتون کی خوبیون مین شمار ہوتی ہی۔ پھر کہتا ہی کہ اگر محبوبہ نے کھانا چھوڑا تو کیا عجب ہی کیونکہ ہجر اسکی قدیمی عادت ہی وہ کسی سے بھی نہین ملتی۔

مَا أَسْأَرَتْ فِي الْقَعْبِ مِنْ لَبَنٍ ۞ تَرَكَتْهُ وَهُوَ الْمِسْكُ وَالْعَسَلُ

الجملۃ الابتدائیۃ فی موضع الحال من ترکتہ۔ وما بمعنی الذی وہو مبتدء وخبرہ ترکتہ والسور ما ابقاہ الشارب لغیرہ۔ والقعب

قدح من خشب مقعر ترجمہ معشوقہ جو پیالہ مین اپنا جھوٹا دودھ چھوڑتی ہی تو اُسکا یہ حال ہوتا ہی کہ وہ بسبب اُس کے خوشبودار ہونے کے بمنزلہ مشک ہوجاتا ہی اور بسبب شیرینی لب و آب دہن شہد۔

قَالَتْ أَلَا تَصْحُو فَقُلْتُ لَهَا	أَعْلَمْتِنِي أَنَّ الْهَوَى ثَمَلُ

الثمل السکران والثمل السکر ترجمہ زن لائہ نے کہا کہ تو کیون مدہوشی عشق سے ہوش مین نہین آتا تو مین نے اُسکو جواب دیا کہ تو نے تو مجکو بتا دیا کہ محبت نشہ ہی کیونکہ ہوش مین آنا نشہ ہی کے بعد ہوتا ہی اور پہلے تو مین بسبب بیہوشی عشق کے یہ بات نہین جانتا تھا خلاصہ یہ کہ محبت ایک نشہ ہی جو عقل پر غالب آتا ہی اور مست شخص ملامت گر کی ملامت نہین سنتا ہی سو یہ تیری سرزنش محض بیکار ہی۔

لَوْ أَنَّ فَنَّا خُسْرَ صَبَّحَكُمْ	وَبَرَزْتِ وَحْدَكِ عَاقَهُ الْغَزَلُ

فنا خسر من اسماء الدیلم وہو اسم عضد الدولۃ وصبحکم مشددا ومخففا اتاکم صباحا للغارۃ۔ والغزل الکلف بالنساء ترجمہ اگر عضد الدولہ ای محبوبہ تمکو بوقت شب لوٹنے آجاوے اور تو ای محبوبہ تنہا اُس کے سامنے آوے تو ممدوح کو رغبت زنان معشوقہ اہتمام جنگ و قتل و غارت سے روکدے باوجودیکہ وہ نہایت پارسا ہی۔ قال ابو الفتح احسن ماکنی عن الہزیمۃ بقولہ عاقہ الغزل وقال ابن فورجہ لوکانت ہذہ احدی السبایا لما ہزمت احدا فکیف عضد الدولۃ وما وجہ الہزیمۃ عمن توصف بالحسن ویقال فیہا بدیۃ نعتت بہا الطلل انما ہذا وصف لعضد الدولۃ بالرغبۃ عن النساء والتوفر علی الجد ثم لما بالغ فی وصف ہذہ دارا والخروج الی المدح الی الغایۃ فی ذکر حسنہا حتی لوان عضد الدولۃ مع توفرہ وجدہ علی تدبیر الملک لو تعرضت ہذہ المراۃ لقدحت فی قلبہ غزلا عاقہ عن الرجوع عنہا الاتراہ یقول بعدہ ماکنت فاعلۃ وضیفکم وکیف یضاف المنہزم وانما غلط ابو الفتح لما سمع قولہ وتفرقت عنکم کتائبہ وانما تفرق حینئذ عنہم لتوفرہ علی الغزل واللہو لذۃ الظفر بالحبیب۔

وَتَفَرَّقَتْ عَنْكُمْ كَتَائِبُهُ	إِنَّ الْمِلَاحَ خَوَادِعٌ قُتُلُ

الکتائب جمع کتیبۃ ہی جماعۃ من الخیل ترجمہ ای ہمراہیان محبوبہ عضد الدولہ محبوبہ کیطرف ایسا مائل ہو کر لشکر کے انتظام کا اُسکو کچھ خیال نرہے اور اُس کے لشکر متفرق ہوجائین اور تمکو ستا نہ سکین۔ اور یہ امر بیشک درست ہی کہ زنان نمکین عقل کو فریب دینے والی اور بڑی قاتل ہوتی ہین۔

مَا كُنْتِ فَاعِلَةً وَضَيْفُكُمْ	مَلِكُ الْمُلُوكِ وَشَأْنُكِ الْبُخْلُ

ترجمہ ای محبوبہ تو اُس حال مین کیا کریگی جبکہ تمہارا مہمان شہنشاہ ہوگا اور تیری عادت بخل کی ہو۔

أَتُمَنِّعِينَ قِرًى فَتَفْتَضِحِي	أَمْ تَبْذُلِينَ لَهُ الَّذِي يَسَلُ

ترجمہ کیا تو ضیافت سے روکے گی تو فضیحت ہوگی۔ یا جو وہ مانگے تو دیگی اور اپنی عادت کو بدلڈالیگی۔ ابہام اور

تعیم الذی یسیل کی نہایت لطیف ہو اور باوجود شوخی کے مضمون کو نہایت تہذیب سے ادا کیا ہو۔

بَلْ لَا یَحُلُّ بِحَیْثُ حَلَّ بِہٖ	بُخْلٌ وَّلَا جُوْرٌ وَّلَا وَجَلُ

ترجمہ۔ مذکور بخل بنے کیسا کیا بلکہ جہان ممدوح فروکش ہوتا ہو وہان بخل اور ظلم اور خوف کا پتا نہین لگتا پھر بخل کا وہان کیا موقع ہو۔

مَلِكٌ اِذَا مَا الرُّمْحُ اَدْرَکَہٗ	طَنَبٌ ذَکَرْنَاہُ فَیَعْتَدِلُ

الطنب اعوجاج فی الرمح ترجمہ ممدوح ایسا بادشاہ راست طبع ہو کہ جب نیزہ مین کجی آجاوے تو ہم اُسکا ذکر کر دیتے ہین تو وہ سیدھا ہو جاتا ہو۔

اِنْ لَمْ یَکُنْ مَنْ قَبْلَہٗ عَجَزُوْا	عَمَّا یَسُوْسُ بِہٖ فَقَدْ غَفَلُوْا

ترجمہ اگر شاہان سابق نے ایسا عمدہ بندوبست مُلک کا نہین کیا جیسا ممدوح کرتا ہو تو اُنھون نے غفلت کی کیونکہ کامل بندوبست وہ ہو جو اُس نے کیا۔

حَتّٰی اَتَی الدُّنْیَا ابْنُ بَجْدَتِہَا	فَشَکَا اِلَیْہِ السَّہْلُ وَالْجَبَلُ

ابن بجدتہا عالم بدخلہا دما یشکل من امورہا۔ یقال ہو عالم ببجدۃ امرک بفتح الباء وضمہا ای بدخلۃ امرک۔ وعندہ بجدۃ ذلک ای علمہ۔ ویقال للعالم بالشئ ہو ابن بجدتہ ترجمہ دُنیا کا انتظام سابق نادرست رہا یہان تک کہ اُس مین اُسکے اسرار باطن اور ضبط امور کا واقفکار پیدا ہوا اور زمین ہموار اور پہاڑ نے یعنی ساری دُنیا نے شکوہ بے بندوبستی کیا یعنی یہ کہا کہ تجھ سے پہلے بسبب غفلت سلاطین دُنیا مین ایسی ایسی بدانتظامیان رہین۔

شَکْوَی الْعَلِیْلِ اِلَی الْکَفِیْلِ لَہٗ	اَنْ لَا تَمُرَّ بِجِسْمِہِ الْعِلَلُ

ترجمہ سہل وجبل نے ممدوح سے ایسا شکوہ کیا جیسا شخص بیمار اپنے ایسے طبیب سے کرتا ہو جو اسبات کا ضامن ہو گیا ہو کہ بیمار کے جسم مین بیماریان نرہین۔ یعنی دنیا بسبب فساد کے بمنزلہ بیمار تھی اور ممدوح ایک طبیب اُسکی شفا کا ضامن ہو۔

قَالَتْ فَلَا کَذَبَتْ شَجَاعَتُہٗ	اَقْدِمْ فَنَفْسُكَ مَا لَہَا اَجَلُ

فلا کذبت دعاء اعتراض بین الفعل والفاعل ترجمہ ممدوح کو اُسکی شجاعت نے کہا کہ میدان جنگ مین آگے بڑھکر لڑ کیونکہ تیری جان کو کچھ جوکھون نہین ہو۔ خدا کرے اُس کی شجاعت اس قول مین جھوٹی نہ نکلے اور ممدوح ہمیشہ جیتا رہے

فَہُوَ النِّہَایَۃُ اِنْ جَرٰی مَثَلٌ	اَوْ قِیْلَ یَوْمَ وَغًی مَنِ الْبَطَلُ

ترجمہ اگر شجاعت مین کوئی مثل دیجائے تو وہ اعلی درجہ شجاعت مین ہو یا کہا جائے بروز جنگ کون بڑا بہادر ہو تو یہ بڑا شجاع نکلے گا۔

عَدَدُ الوُفُودِ الْعَامِدِیْنَ لَہٗ	دُوْنَ السِّلَاحِ الشُّکْلُ وَالْعُقُلُ	

الوفود جمع وافد وہم الذین یفدون علی الملوک للعطاء۔ والشکل جمع شکال وہو ما یجعل فی قوائم الفرس والعقل جمع عقال وہو ما یربط بہ البعیر ترجمہ جو لوگ بطلب عطا اُسکا قصد کرتے ہین اور اُسکے حضور مین حاضر ہوتے ہین اُنکا سارا سامان جو اپنے ساتھ لاتے ہین پاے بند اسپان وشتران ہی نہ ہتھیار۔ یعنی اُنکو سلاح ساتھ رکھنے کی تو کچھ حاجت نہین ہوتی کیونکہ اُس کے انتظام کامل کے سبب راہون مین امن ہی البتہ پاے بند اسپان وشتران ساتھ لاتے ہین اور بہت سی سواریان اُن مین باندھ کر بطور انعام لیجاتے ہین۔

فَلِشُکْلِہِمْ فِیْ خَیْلِہٖ عَمَلٌ	وَلِعُقْلِہِمْ فِیْ بُخْتِہٖ شُغُلٌ	

البخت الابل العجمیۃ وہی غیر العربیۃ وہی صبورۃ علی البرد والمطر غیر صابرۃ علی الحر والعطش ترجمہ سو اُنکے پاے بند اور اسکلین اُسکے گھوڑون مین بڑی لوٹ ڈالتے ہین اور اُنکے زانو بندون کو اُسکے شترون مین ایک بڑا شغل ہوتا ہی غرض جتنے گھوڑے اور شتر چاہتے ہین بطور انعام لیجاتے ہین۔

تُمْسِیْ عَلٰۤی اَیْدِیْ مَوَاہِبِہٖ	ہِیَ اَوْ بَقِیَّتُہَا اَوِ الْبَدَلُ	

ترجمہ عطایاے ممدوح کے ہاتھون پر بوقت شام وہ شتر یا اُن مین کے باقیماندے یا سیم وزر سے اُنکا بدل تا ہی یعنی اول آنے والونکو شتر دیتا ہی جسقدر وہ چاہین اور دوم آنیوالون کو بقیہ شتران اگر باقی رہے ہون اور جو باقی نرہے ہون تو اُنکا بدل یعنے قیمت دیتا ہی غرض اُس کی عطا گوناگون ہی۔

یُشْتَاقُ مِنْ یَدِہٖۤ اِلٰی سَبَلٍ	شَوْقًا اِلَیْہِ یَنْبُتُ الْاَسَلُ	

السبل بالتحریک المطر ترجمہ اُس کے سخی ہاتھ سے ایک باران کیطرف اشتیاق کیا جاتا ہی یعنی لوگ اُسکے دست عطا کے جو بمنزلہ باران ہی مشتاق رہتے ہین اور استعمال سلاح اس خوبی سے کرتا ہی کہ اُسی کے ہاتھ کے استعمال کے شوق مین اور اُسکی دست بوسی کے شرف حاصل کرنیکو نیزے زمین سے اُگتے ہین۔

سَبَلٌ تَطُوْلُ الْمَکْرُمَاتُ بِہٖ	وَالْمَجْدُ لَا الْحَوْذَانُ وَالنَّفَلُ	

الحوذان نبت۔ والنفل نبت طیب الریح ترجمہ ممدوح ایسا باران ہی کہ اُس کے سبب سے مکارم وشرف بڑھتے ہین اور نشو ونما حاصل کرتے ہین نہ حوذان ونفل جو دو قسم کی گھاس ہین جو باران زمینی سے بڑھتی ہین۔

وَاِلٰی حَصٰی اَرْضٍ اَقَامَ بِہَا	بِالنَّاسِ مِنْ تَقْبِیْلِہَا بَلَلٌ	

البلل قصر الانسان العلیا ونعطافنا الی داخل الفم ترجمہ اور لوگ مشتاق اُس سرزمین کے سنگریزون کی طرف جہان ممدوح مقیم ہی یعنی اُسکی زمین بوس کے ایسے شایق ہین کہ لوگون کے دانت اُسکو بوسہ دیتے دیتے گھِس گئے اور اندر کیطرف ٹیڑھے ہو گئے ہین

لِمَنْ تُحَابُ الْغُرُّ صَوَاحِکُہُمْ	یَکْمِنْ تُضَانُ وَتُبْذَلُ الْقُبَلُ	

الضاحک جمہا ضواحکُ وہی التی بین الانیاب والاضراس وہی اربع ضواحک ترجمہ اگر اُسکی قیام گاہ کی زمین کے سنگریزون سے لوگون کے اگلے دانت جو بوقت خندہ ظاہر ہوتے ہین نہ لین۔ پھر بوسے کس چیز کے لئے محفوظ اور ذخیرہ کئے جاتے ہین۔ یعنی انکے بوسون کے لئے کون جگہ ہی۔

وَفِي وَجْهِهِ مِنْ نُوْرِ خَالِقِهِ ۔۔۔ قُدَرٌ هِيَ الْآيَاتُ وَالرُّسُلُ

ترجمہ ممدوح کے مبارک چہرہ پر اُس کے خالق کے نور سے ایسی قدرتین نمایان ہین کہ وہ بمنزلہ آیات ورسولان کے ہین۔ یعنی ایسا نور ہی کہ اُس سے خدا کی قدرت نمایان ہی جس کی خبر آیات ورسولان سے ثابت ہی۔

وَإِذَا الْقُلُوْبُ أَبَتْ حُكُوْمَتَهُ ۔۔۔ رَضِيَتْ بِحُكْمِ سُيُوْفِهِ الْقُلَلُ

القلل جمع قلۃ وہی الرؤس ترجمہ اور جبکہ لوگون کے دل اُس کی حکومت سے انکار کرین تو اُنکے سر شمشیر کے حکم سے راضی ہوجاوین گے۔ یعنی مقتول ہونگے۔

وَإِذَا الْخَمِيْسُ أَبَى السُّجُوْدَ لَهُ ۔۔۔ سَجَدَتْ لَهُ فِيْهِ الْقَنَا الذُّبُلُ

الذبل الیابسۃ الدقاق ترجمہ اور جبکہ کامل لشکر کے لوگ اُس کے سجدہ سے انکار کرین تو اُس لشکر مین نیزہ ہاے باریک خشک اسکو سجدہ کرین گے۔ یعنی وہ لوگ نیزون سے مقتول ہون گے۔

أَرَضِيْتَ وَهْسُوْذَانُ مَا حَكَمَتْ ۔۔۔ أَمْ تَسْتَزِيْدُ لِأُمِّكَ الْهَبَلُ

وہسوذان ہو ابن محمد کان قد ہزمہ ابو عضد الدولۃ بالطرم وہو موضع فی عراق العجم والہبل الثکل تقول العرب لام فلان الہبل ترجمہ ای وہسوذان تو اُس حکم پر جو شمشیر ہاے رکن الدولہ پدر عضد الدولہ نے کیا۔ یعنی تیرے لشکر کو قتل کیا راضی ہوگیا یا اُس سے زیادہ ذلت چاہتا ہی۔ تیری مادر بے فرزند ہوجائے۔ یہ جملہ بطور بد دعا ہی۔

وَرَدَتْ بِلَادَكَ غَيْرَ مُغْمَدَةٍ ۔۔۔ وَكَأَنَّهَا بَيْنَ الْقَنَا شُعَلُ

شعل جمع شعلۃ وہی القبس من النار ترجمہ اُس کی تلوارین تیرے علاقہ مین ایسی برہنہ آئین گویا وہ نیزون مین شعلہ ہاے آتش ہین۔

وَالْقَوْمُ فِيْ أَعْيَانِهِمْ خَزَرٌ ۔۔۔ وَالْخَيْلُ فِيْ أَعْيَانِهَا قَبَلُ

الخزر ضیق العین او ان یکون الانسان کانہ ینظر بموخرہا۔ والقبل اقبال احد العینین علی الاخری کالاحول وذلک تفعل الخیل لعزۃ انفسہا ترجمہ اور قوم رکن الدولہ کی آنکھون مین بسبب غرور بہادری کے ترچھا پن تھا اور سوارون کی آنکھون مین مثل احول دیکھنا۔ خلاصہ یہ کہ سوار اور ممدوح کے گھوڑے بسبب بیقدری دشمن اُنکو ترچھی نظر سے دیکھتے تھے۔

فَأَتَوْكَ لَيْسَ بِمَنْ أَتَوْا قِبَلٌ ۔۔۔ بِهِمِ وَلَيْسَ بِمَنْ نَأَوْا خَلَلُ

الخلل بالاختلال ترجمہ سو لشکر رکن الدولہ تجھ پر چڑھ آیا جسنے تجکو مقابلہ کی طاقت نہ تھی اور نہ اُس سپاہ مین جو اُن سے لڑ رہی تھی کچھ اختلال پریشانی تھی۔ کثرت لشکر اور خوبی انتظام کی تعریف کرتا ہی۔

لَمْ يَدْرِ مَنْ بِالرَّيِّ أَنَّهُمُ ۔۔۔ فَصَلُوا وَلَا يَدْرِي إِذَا قَفَلُوا

الرے مدینۃ معروفۃ بین فارس وخراسان وکانت قاعدۃ رکن الدولۃ والفصل الخروج عن قاعدۃ الاستقرار الی العدو۔ والقفول الرجوع ترجمہ کثرت لشکر رکن الدولہ کا بیان کرتا ہی کہ باوجودیکہ ری سے اتنا لشکر کثیر وہسوذان کے مقابلہ پر بھیجا گیا مگر وہان والون کو یہ بھی نہ معلوم ہوا کہ یہان سے لشکر گیا ہی اور جبکہ یہ لوگ بعد فتح لوٹے تو یہ بھی خبر نہوئی کہ یہان کوئی آیا ہی۔

وَأَتَيْتَ مُعْتَزِمًا وَلَا أَسَدٌ ۔۔۔ وَمَضَيْتَ مُنْهَزِمًا وَلَا وَعِلُ

الوعل التیس الجبلی ترجمہ ای وہسوذان تو ایسا قصد کر کے آیا کہ ایسا حملہ شیر بھی نہین کرتا اور بھاگتا ہوا ایسا چلدیا کہ ایسا بزکوہی بھی نہین بھاگتا۔ ای لا اسد کان یقدم اقدامک ولا وعل ینہزم انہزامک فحذف الخبر للعلم بہ۔

تُعْطِي سِلَاحَهُمُ وَرَاحَهُمُ ۔۔۔ مَا لَمْ تَكُنْ لِتَنَالَهُ الْمُقَلُ

الراح جمع راحۃ وہی راحۃ الکف۔ والمقل جمع مقلۃ ترجمہ تو ایسے حال مین بھاگا کہ اُنکے ہتھیارون اور اُنکے ہاتھون کو اپنے لشکر کے مقتول ہونے یا اپنے سامان کثیر کے غارت ہونے سے وہ چیز دیتا تھا جو دیکھنے مین نہین آئی۔

أَسْخَى الْمُلُوكِ بِنَقْلِ مَمْلَكَةٍ ۔۔۔ مَنْ كَادَ عَنْهُ الرَّأْسُ يَنْتَقِلُ

ترجمہ ترک شاہی کے لئے سب بادشاہون سے زیادہ وہ بادشاہ سخی ہی جو اپنے سر کے اُڑ جانے کے ڈر سے یہ شعر بطور استہزا کے ہی کہ جب وہسوذان اپنے سر کے کٹنے سے ڈرا تو عضد الدولہ کو ملک بخش گیا۔

لَوْلَا الْجَهَالَةُ مَا دَلَفْتَ إِلَى ۔۔۔ قَوْمٍ غَرِقْتَ وَإِنَّمَا تَفَلُوا

ترجمہ ای وہسوذان اگر تیری نادانی نہوتی تو تو ایسی قوم کے پاس بھی نہ پھٹکتا جن کے صرف تھوکنے سے تو غرق ہوگیا۔ یعنی اگر تجھے عقل ہوتی تو تو کبھی ایسی قوم سے جنگ نکرتا جن کے ادنی حملہ کی بھی تو تاب نہ لاسکا۔

لَا أَقْبَلُوا سِرًّا وَلَا ظَفِرُوا ۔۔۔ غَدْرًا وَلَا نَصَرَتْهُمُ الْغِيَلُ

الغیل جمع غیلۃ وہی القتل علی غفلۃ ترجمہ وہ تجھ سے اُنکے پوشیدہ نہ آے اور نہ اُنھون نے براہ فریب فتح پائی اور نہ تیری غفلتون نے اُنکی مدد کی یعنے اُنھون نے علی الاعلان تجھے آگاہ کرکے چڑھائی کی اور تجھ سے کچھ نہ ہوسکا۔

لَا تَلْقَ أَفْرَسَ مِنْكَ تَعْرِفُهُ ۔۔۔ إِلَّا إِذَا ضَاقَتْ بِكَ الْحِيَلُ

ترجمہ ای وہسوذان جسکو تو اپنے سے زیادہ شاہسوار جانتا ہی اُس سے ہرگز مت لڑ مگر جبکہ سب تدبیرین ختم ہو جائین اور کوئی بچنے کی راہ نرہے۔ یعنی تجکو بعجز والحاح پیش آکر لڑائی سے بچنا تھا۔

لا يستحي احد يقال له | نضلوك آل بويه او فضلوا

استحى بمعنى استحيى فحذف احدى اليائين ونضلوك غلبوك۔ والتناضل المسابقة في الرمي نضلوك فيه علامة الجمع قبل الفاعل على اكلوني البراغيث ويجوز ان يكون بدلا من الضمير ترجمہ وہ شخص شرم نہین کرتا جسکو یہ کہا جاوے کہ آل بویہ تجھپر تیر اندازی مین غالب رہے اور بڑھ گئے کیونکہ وہ سب سے غالب ہین۔

قدروا عفوا وعدوا وفوا سئلوا | اغنوا علوا اعلوا ولوا عدلوا

ترجمہ آل بویہ دشمنون پر قادر ہوئے تو اُنکے قصور معاف کر دیے وعدہ کیا تو وفا کیا۔ سوال کئے گئے تو سائلین کو غنی کر دیا۔ بلند رتبہ ہوئے تو اپنے متوسلین کو بلند رتبہ کیا۔ والی ولایت ہوئے تو اُنھون نے انصاف کیا۔

فوق السماء وفوق ما طلبوا | فاذا ارادوا غاية نزلوا

یعنے علت منازلہم فوق السماء ترجمہ وہ لوگ ایسی قوم ہین کہ اُنکا مرتبہ آسمان اور اُنکے مطلوبات معالی سے بلند ہی سو جب وہ ایسے نہایت بلند امر کا ارادہ کرتے ہین جسپر اونکی دسترس نہین ہوتی تو وہ اپنے رفعت مرتبہ سے اُترتے ہین اور اُسوقت وہ کام کرتے ہین۔ غرض وہ ہر غایت سے بڑھے ہوئے ہین۔

قطعت مكارمهم صوارمهم | فاذا تعذر كاذب قبلوا

تعذر تكلف العذر ترجمہ اُنکے کرمون نے اُنکی تلوارون کو توڑ دیا یعنی اُنکا کرم اُنکے غضب پر غالب ہی سو جب کوئی جھوٹا شخص بطور عذر باتین بناتا ہی تو یہ لوگ براہ کرم اُس کا عذر قبول کر لیتے ہین۔

لا يشهرون على مخالفهم | سيفا يقوم مقامه العذل

شہر السيف اذا جرده من غمده ترجمہ یہ لوگ اپنے مخالف کے قتل کیلئے اپنی ایسی شمشیر نہین کھینچتے جس کے قائم مقام ملامت ہوسکے۔ یعنی اگر دشمن ملامت ونصائح سے راہ پر آجائے تو اُسکو قتل نہین کرتے۔

فابو علي من به قهروا | وابو شجاع من به كملوا

ابو علي هو الحسن بن بويه ركن الدولة والد عضد الدولة وابو شجاع هو فنا خسر عضد الدولة ترجمہ سو رکن الدولہ ابو علی وہ شخص ہی جس کے اقبال سے آل بویہ بادشاہون پر غالب ہوئے۔ اور عضد الدولہ وہ شخص ہی کہ جس کے سبب آل مذکور نے کمال رفعت حاصل کی۔

حلفت لذا بركات غرة ذا | في المهد ان لا فاتهم امل

الغرة الطلعة والوجه ترجمہ رکن الدولہ کے روبرو برکات چہرہ مبارک عضد الدولہ نے جب وہ گہوارہ مین تھا قسم کھائی ہی کہ اُس مولود کی برکت سے آل بویہ کے سب مطالب پورے ہوجاوینگے وخرج ابو شجاع يتصيد ومعه آلة الصيد وكان يسير قدام الجيش يمنة وشمالة فلا يرى الاصاده حتى وصل الى دشت الارزن۔ وهو موضع

حسن علی عشرة فراسخ من شیراز تحت به الجبال وفیه غاب ومیاہ ومروج فکانت الوحوش تصادوا ذا اعتصمت بالجبال اخذت الرجال علیہا المضائق فاذا اثخنہا النشاب ہربت من رؤس الجبال الی الدشت فتسقط بین یدیه فاقام بذلک المکان ایاما علی عین بارحسنة ومعه ابو الطیب فوصف الحال وانشدہ فی رجب سنة اربع وخمسین وثلثمائة وفی السنة قتل ابو الطیب -

مَا اَجْدَرَ الْاَیَّامَ وَاللَّیَالِیْ	بِاَنْ تَقُوْلَ مَالَهٗ وَمَالِیْ

یقال فلان جدیر بکذا ای خلیق وقوله ومالی وقد ذکر اجمعین الایام واللیالی وکان حقه ان یقول ولنا الا انه ذہب بجمعین الی الدہر فکانه قال ما اجدر الدہر ترجمہ رات اور دن کسقدر لائق ہین یہ بات کہنے کے لئے کہ وہ کہے کہ متنبی کا ہمارے ساتھ کیا معاملہ ہو کہ وہ ہمیشہ ہمکو تکلیف مالا یطاق دیتا ہی - یعنی وہ ہم سے ایسی درخواستین کرتا ہی جو ہمارے مقدور مین نہین - خلاصہ یہ کہ اور لوگ زمانہ کی شکایت کیا کرتے ہین مگر مین ایسا زبردست ہون کہ زمانہ میری شکایت کرے تو بجا ہی -

لَا اَنْ یَکُوْنَ ہٰکَذَا مَقَالِیْ	فَتًی بِنِیْرَانِ الْحُرُوْبِ صَالِیْ

الصالی للحرب الذی یقاسی شدتہا فشبہہا بالنار ترجمہ یہ بات لایق نہین ہو کہ مین زمانہ سے ایسی گفتگو کرون اور اسکو قابل خطاب سمجھون کیونکہ مین ایک جوان ہون جو لڑائیون کی آگون مین داخل ہوتا ہون -

مِنْهَا شَرَابِیْ وَبِهَا اغْتِسَالِیْ	لَا یَخْطُرُ الْفَحْشَاءُ لِیْ بِبَالِیْ

الفحشاء الاقدام علی ما حرمه الله تعالی ترجمہ مین ایک بہادر ہون کہ میرا پانی پینا اور میرا غسل کرنا اسی لڑائی کے پانی سے ہی یعنی مین ہمیشہ اسی مین مستغرق رہتا ہون اور بدکاری تو میرے خیال و دل مین بھی نہین گزرتی -

لَوْ جَذَبَ الزَّرَّادُ مِنْ اَذْیَالِیْ	مُخَیِّرًا لِیْ صَنْعَتَیْ سِرْبَالِیْ

الزراد صانع الزرد وہی الدروع - والاذیال اسافل الثیاب واحدہا ذیل وہو الذی یقع الی الارض والسربال القمیص وربما کنی به الدروع استعارة وجمعه سرابیل ترجمہ اگر زرہ گر میرے دامن کھینچے یعنی مجکو اپنی طرف متوجہ کرے ایسے حال مین کہ وہ مجکو درمیانی دو قسمون کے پیراہن کے اختیار دینے والا ہو یعنی وہ مجھ سے کہے کہ تو لباس متعارف چاہتا ہی یا پیراہن زرہ -

مَا سُمْتُهٗ سَرْدَ سِوٰی سِرْوَالِیْ	وَکَیْفَ لَا وَاِنَّمَا اِدْلَالِیْ

الزرد الدرع - والسرد مداخلة حلق الدروع بعضہا فی بعض - والسروال عجمی وہو الازار ترجمہ اگر زرہ گر مجکو دونون قسم کے پیراہن مذکورہ بالا مین اختیار دے تو مین سوائے ازار کے کسی اور پیراہن کی تکلیف نہ دون بغرض ستر عورت اور باقی بدن برہنہ رہنے دون - خلاصہ یہ کہ میرے جسم کی حفاظت کے لئے میری شمشیر کافی ہی ہان پردہ پوشی کے لئے

ازار ضروری ہی- اور مین کسطرح عفیف و بہادر نہون اور سوا ے اِسکے نہین کہ میرا فخر و غرور ممدوح کے ذریعہ سے ہی- جیسا اگلے شعر مین ہی-

بِفَارِسِ الْمَجْرُوْحِ وَالشِّمَالِ ۔۔۔ أَبِيْ شُجَاعٍ قَاتِلِ الْأَبْطَالِ

المجروح والشمال فرسان کانتا لعضد الدولۃ ترجمہ میرا ناز و فخر سوار اسپان مجروح و شمال پر ہی اور وہ کون ہی یعنی ابو شجاع عضد الدولۃ جو قاتل دلیران ہی پھر مین کسطرح شجاع نہ ہون-

سَاقِيْ كُؤُوْسِ الْمَوْتِ وَالْجِرْيَالِ ۔۔۔ لَمَّا أَصَارَ الْقُفْصَ أَمْسِ الْخَالِيْ

الجریال صبغ احمر شبیہ بالخمر- والقفص خیل من الاکراد اصحاب اخبیۃ- والخالی الذاہب ترجمہ وہ دشمنونکو کاسہا ے موت اور دوستون کو جامہا ے شراب پلانیوالا ہی جبکہ اُسنے گروہ قفص کو جو ایک فریق کردیون کا ہی مثل دیروز گذشتہ کے کردیا- یعنی ایسا نیست کردیا کہ پھر آنہ سکین گے-

وَقَتَّلَ الْكُرْدَ عَنِ الْقِتَالِ ۔۔۔ حَتّٰى اتَّقَتْ بِالْفَرِّ وَالْإِجْفَالِ

الاجفال بالاجتهاد فی الهرب- وعن بمعنی الباء او علی اصلہ ترجمہ اور اُس نے قوم کرد کو بسبب مقاتلہ کے قتل کردیا اُسکو قتال سے روکدیا بسبب اپنے لشکر اور قوت کے یہان تلک کہ اُس قوم نے بسبب شدۃ گریز کے اپنی جان بچائی ورنہ سب مارے جاتے-

فَهَالِكٌ وَطَائِعٌ وَجَالِيْ ۔۔۔ وَاقْتَنَصَ الْفُرْسَانَ بِالْعَوَالِيْ

الجالب الهارب عنہ بالجلاء یعنی بالاخراج عن الوطن کرہا ترجمہ سو جو لڑے وہ مقتول ہوئے اور بعض نے اطاعت اختیار کرلی اور بعض جلا وطن ہوگئے اور ممدوح نے نیزون سے سوارون کا شکار کرلیا-

وَالْعُتُقَ الْمُحْدَثَةَ الصِّقَالِ ۔۔۔ سَارَ لِصَيْدِ الْوَحْشِ فِي الْجِبَالِ

العتق جمع عتیق وہی السیوف القدیمۃ- وسار لصید الوحش جزاء لما فی لما اصار فی البیت السابق ترجمہ اور ممدوح نے شکار سواران شمشیرہا ے کہنہ سے کیا جنکی صیقل جدید تھی- اور جب جنگ سے فارغ ہوا تو حسب عادت ملوک وحشیون کا شکار کرنیکے واسطے پہاڑون مین چلاگیا-

وَفِيْ رِقَاقِ الْأَرْضِ وَالرِّمَالِ ۔۔۔ عَلٰى دِمَاءِ الْإِنْسِ وَالْأَوْصَالِ

رقاق الارض اللینۃ الوطیۃ- والاوصال جمع وصل من اعضاء الانسان ترجمہ اور ممدوح شکار کے واسطے زم میدانون اور ریگستان مین آدمیون کے خون اور اُنکے اعضاے مقطوعہ کو پامال کرکے گیا-

مُنْفَرِدَ الْمُهْرِ عَنِ الرَّعْبَالِ ۔۔۔ مِنْ عِظَمِ الْهِمَّةِ لَا الْمَلَالِ

ترجمہ ایسے حال مین گیا کہ اُسکا سواری کا نو عمر بچھیرہ گلہ اسپان سواران سے بسبب بلندی ہمت کے جدا تھا نہ

بسبب تنگدلی اور ملالت کے یعنی اُسکا آگے جانا بسبب بہادری کے تھا نہ باعث ملال کے اپنے ہمراہیوں سے

وَشِدَّةِ الضَّنِّ لَا لِاسْتِبْدَالِ	مَا يَلْحَمْنَ سِوَى انْسِلَالِ

الضن البخل۔ والانسلال الخروج من بین الاصحاب خفیۃ ویفہم من عبارۃ التبیان عطف شدۃ الضن علی الملال ای لا من شدۃ الضن فعلی ہذا لا یناسبہ الاستبدال اذ کان المناسب حینئذ والاستبدال بالعطف یعنی لامن شدۃ الضن والاستبدال فالظاہر انہ عطف علی من عظم الہمۃ ای انفرد عنہم من شدۃ الضن بصحبتہم فی کل وقت لئلا یغرب رعب السلطان ترجمہ اور ممدوح لشکر سے جدا تھا بخیال احتراز صحبت ممتد جو مانع تھا رعب ہی نہ اس سبب سے کہ وہ اپنے لشکر سے دوسرا لشکر بدلنا چاہتا تھا کیونکہ اُس کے گھوڑے اور سوار ایسے شایستہ ہیں کہ سوائے سٹک جانے اور حرکت خفیف کے اور حرکت ہی نہیں کرتے

فَهُنَّ يُضْرِبْنَ عَلَى التَّصَهَالِ	كُلُّ عَلِيلٍ فَوْقَهَا مُخْتَالِ

التصہال تفعال من الصہیل۔ والمختال المعجب بنفسہ والمتکبر فی مشیہ ترجمہ سو اگر اُن کے گھوڑے ہنہنا دیں اور بولیں تو تازیانہ یا چابک مارے جاتے ہیں ہر سوار اپنی بہادری پر متکبر و مغرور جو براہ ادب بیمار نہ خاموش اُن پر بیٹھا ہی خبر آگے ہی۔

يُمْسِكُ فَاهُ خَشْيَةَ السُّعَالِ	مِنْ مَطْلَعِ الشَّمْسِ إِلَى الزَّوَالِ

ترجمہ وہ اپنے منھ کو بخوف کھانسی سورج کے نکلنے کیوقت سے دوپہر ڈھلے تک بند رکھتا ہی۔ یعنی براہ تعظیم ممدوح یا بخوف فرار شکار۔

فَلَمْ يَئِلْ مَا طَارَ غَيْرَ آلِ	وَمَا عَدَا فَانْغَلَّ فِي الْأَدْغَالِ

یئیل ینج ویرجع الی موئل۔ والآل المقصر۔ والادغال الآجام وہی الشجر الملتفا لواحد غل فی انغل دخل فی الشجر ترجمہ سو وہ پرندہ جس نے پرواز میں کوتاہی کی اپنی جان بچا کر جائے پناہ میں نہ پہنچا۔ پس وہ طائر جسنے پرواز میں قصور کیا اُسکی ہلاک کا کیا پوچھنا ہے اور جو بھاگیا وہ بن میں جا گھس گیا۔

وَمَا احْتَمَى بِالْمَاءِ وَالدِّحَالِ	مِنَ الْحَرَامِ اللَّحْمِ وَالْحَلَالِ

الدحال جمع دحلۃ وہی ہوۃ من الارض یجتمع فیہا الماء وتنبت القصب ترجمہ اور حرام اور حلال گوشت کی جانداروں میں سے نہ پانی میں بچا اور نہ نشیبوں میں سب شکار ہوئے۔

إِنَّ النُّفُوسَ عَدَدُ الْآجَالِ	سُقْيًا لِدَشْتِ الْأَرْزَنِ الطِّوَالِ

سقیا مصدر وہو دعاء لہا بالسقیا۔ والطوال بکسر الطاء جمع طویل ترجمہ شکاری جانوروں کی جانیں موتوں کے لیے طیار ہیں تاکہ ای ممدوح تو اُنکا شکار کرے۔ خدا صحرا ے دراز ارزن کو تر و تازہ رکھے۔

بَيْنَ الْمُرُوجِ الْفِيحِ وَالْأَغْيَالِ	الْمُجَاوِرِ الْخِنْزِيرِ وَالرِّئْبَالِ

الفیح جمع فیحاۃ وہی الواسعۃ - والاغیال جمع غیل وہی الاجمۃ للاسد والخنزیر وغیرہما والرئبال الاسد ویجوز فی محاولہ الحرکات الثلث فالرفع بالخبر والجر نعت لدشت والنصب علی الحال ترجمہ یہ صحراے اردن ایسے وسیع سبزہ زاروں میں اور بیشوں میں واقع ہی جنمیں خنزیر اور شیر دونون ہمسایۂ یکدگر ہین -

دَانِی الْخَنَانِیصِ مِنَ الْأَشْبَالِ	مُسْتَشْرِفُ الدُّبِّ عَلَى الْغِزَالِ

الخنانیص جمع خنوص وہو ولد الخنزیر والاستشراف ہو النظر من مکان عال الی السافل ترجمہ اسمین بچہ ہاے خنزیر یعنے گھینٹے بچہ ہاے شیر سے قریب ہین - اور خرس یعنے ریچھ پہاڑ پر سے ہرن پر جو میدانی جانور ہی تاک لگا رہا ہی

مُجْتَمِعَ الْأَضْدَادِ وَالْأَشْكَالِ	كَأَنَّ فَنَّاخُسْرَ ذَا الْإِفْضَالِ
خَافَ عَلَيْهَا عَوَزَ الْكَمَالِ	فَجَاءَهَا بِالْفِيلِ وَالْفَيَّالِ

العوز الفقدان ترجمہ اُس دشت مین مختلف قسم کے وحشی اور ایک قسم کے بہت سے جمع ہین مختلف قسم کے جیسے ریچھ کوہی وحشی اور ہرن صحرائی ہی اور ایک قسم کے جیسے درندے کہ وہ سب ایک قسم کے ہین اور وجہ اجتماع اقسام مختلف یہ معلوم ہوتی ہی کہ گویا صاحب افضال عضد الدولہ نے اُس دشت پر فقدان کمال کا خوف کیا یعنی اس امر کا کہ اُس میں باوجود اجتماع اجناس حیوانات کثیرہ کے اب بھی بعض حیوانات نہین ہین اسلئے اُس مین ہاتھی اور فیلبان بھی لے آیا تاکہ اُسکا کمال بہمہ وجوہ پورا ہو جائے -

فَقُيِّدَتِ الْأُيَّلُ فِي الْحِبَالِ	طَوْعَ وُهُوقِ الْخَيْلِ وَالرِّجَالِ

الایل جمع ایل وہو التیس الجبلی - والوہوق حبل یلقی علی صنامۃ توخذ فیہ الدابۃ والانسان ترجمہ سو بزہاے کوہی رسیون مین قید کیے گئے ایسے حال مین کہ وہ مطیع ہین کمندہاے گھوڑون اور مردان کے -

تَسِيرُ سَيْرًا النَّعَمِ الْأَرْسَالِ	مُعْتَمَّةً بِيُبَّسِ الْأَجْذَالِ

النعم والانعام ذوات الاربع من الحیوانات وقیل ابل وغنم - والاجذال جمع جذل وہو اصل الشجرۃ اذا قطع اعلاہا ویبس جمع یابس - والارسال القطع من الابل ترجمہ پہلے تو وہ بڑے تیز دوڑتے تھے مگر اب تو وہ ایسے چلتے ہین جیسے شترون کی قطارین یعنی مطیعانہ ایسے حال مین کہ گویا وہ خشک درختون کی جڑون کا عمامہ باندھے ہوئے ہین یعنے سینگون سے -

وُلِدْنَ تَحْتَ أَثْقَلِ الْأَحْمَالِ	قَدْ مَنَعَتْهُنَّ مِنَ التَّفَالِي

قال ابو الفتح اثقل الاحمال الجبال - وقال ابن فورجۃ القرون لان الواحد منہا اذا قطع حملہ حمار ورجل قال الواحدی قول ابی الفتح اظہر لانہا ولدن بلا قرون ومن البعیدان یراد قرون ابویہا - والتفالی فلی الراس ترجمہ وہ گران بار

بوجھون کے تلے یعنی پہاڑون یا شاخہاے کثیرالوزن کے تلے پیدا ہوئے یعنی گو وہ وقت ولادت وزن ہاے شاخ ثقیل کے تلے نہ تھے مگر باعتبار مایؤل الیہ کے کہدیا ہی اور وہ شاخہاے پیچ در پیچ ایسی ہین کہ کوئی اُنکے سر کی جوئین تلاش نہین کرسکتا۔

لَا تَشْرَكُ الْاَجْسَامَ فِي الْهُزَالِ	اِذَا تَلَفَّتْنَ اِلَى الْاَظْلَالِ
اَرَيْنَهُنَّ اَشْنَعَ الْاَمْثَالِ	كَاَنَّمَا خُلِقْنَ لِلْاِذْلَالِ

وَزِيَادَةٍ فِي سُبَّةِ الْجُهَّالِ

الہزال نقصان الجسم من اللحم۔ والاظلال ظل القرون وتلفتن بمعنے التفتن ترجمہ اُن کے سینگ دُبلاپن مین اُنکے اجسام کے شریک نہین ہوتے کیونکہ اُن کے سینگ باریک ہین اور جسم موٹے۔ جبکہ وہ بزہاے کوہی یا بارہ سنگے اپنے سایون کو دیکھتے ہین تو وہ سائے اُنکو اُنکی بُری صورتین دکھلاتے ہین۔ یعنے اُنکے سائے از بس بیجا سخت بدنما معلوم ہوتی ہین۔ تو اُنکی شاخین گویا اُن کو ذلیل کرنیکے واسطے پیدا ہوئی ہین۔ جاہلون کے دشنام بڑھانے کے تئے یہ اسواسطے کہا کہ جب کوئی شخص جاہلانہ کام کرتا ہی تو اُسکو بطور سرزنش کہتے ہین کہ یہ قرنان یعنے سینگدار حیوان ہی انسان نہین ہی۔

وَالْعُضْوُ لَيْسَ نَافِعًا بِالْحَالِ	لِسَائِرِ الْجِسْمِ مِنَ الْخَبَالِ

اراد بالعضو القرن وليس هو من جملة الاعضاء لان العضو ما شارك البدن في الالم والقرن ليس كذلك فيجوز ان يكون سماه عضوا المجاورة الاعضاء۔ والخبل الفساد ترجمہ اور عضو تمام جسم کو فساد سے نہین بچاتا اور نافع نہین تھا۔ یعنے اُسکا عضو سینگ حد سے بڑھ گیا ہی تو جسم کو اُس سے کیا فائدہ ہی۔

وَاَوْفَتِ الْفُدْرُ مِنَ الْاَوْعَالِ	مُرْتَدِيَاتٍ بِقِسِيِّ الضَّالِ

اوفت اشرفت والفدر من الوعول المسنة الضخمة واحدها فادر۔ والضال شجر السدر البري تعمل منه القسي وهو جمع قوس ومرتديات اشارة الى انها متصلة من وسطها الى الكفال كالرداء ترجمہ اور شکاریون کا غل غپاڑا سنکر بڑے بڑے موٹے اور بوڑھے بزہاے کوہی جنھون نے شکاریون کا خوف بسبب دشوار گزاری کوہ کے کبھی نہین جھیلا تھا پہاڑون پر سے نیچے کو جھانکنے لگے۔ ایسی حالت مین کہ جنگلی بیرون کی کمانین بطور چادر اوڑھے ہوئے تھے یعنی اُنکے سینگ کلان و پیچیدہ سے اُنکا تمام بدن ڈھکا ہوا تھا۔

نَوَاخِسَ الْاَطْرَافِ لِلْاَكْفَالِ	يَكَدْنَ يَنْفُذْنَ مِنَ الْاَطَالِ

الآطال الاطراف واطراف القرون واخواصرواحدها اطل۔ وينفذن يخرقن۔ والاكفال جمع كفل وهو العجز ترجمہ وہ بزلبسب کلانی شاخون کے اُن سے اپنے پیچھے ایسے زور سے کھجلاتے تھے کہ قریب تھا کہ اُن کے سینگ اُنکے تہی گاہون مین گھس جائین اور اُنکو چیر ڈالین۔

لِهَا لِحیً سُوْدٌ بِلَا سِبَالِ تَصْلُحُ لِلْاِضْحَاکِ لَا الْاِجْلَالِ

اللحی جمع لحیۃ - والسبال ما احاط بالشفۃ العلیا ترجمہ اُنکی کالی داڑھیاں ہیں بغیر مونچھوں کے یعنی جو اُنکے بال گردنوں سے لٹکے ہیں وہ بستر لریش ہیں مگر اُنکی مونچھیں نہیں ہیں - اور اُنکی ریش کلان ہنسانیکے کام میں آتی ہو نہ اُنکی تعظیم کے لئے -

کُلُّ اَثِیْثٍ نَبْتُهَا مِتْفَالِ لَمْ تَغْنَ بِالْمِسْکِ وَلَا الْغَوَالِیْ

تَرْضٰی مِنَ الْاَدْهَانِ بِالْاَبْوَالِ وَمِنْ ذَکِیِّ الْمِسْکِ بِالدَّمَالِ

الاثیث من الشعر الکثیر الملتف - والمتفال المنتن - والغوالی ضرب من الطیب واحدہا غالیۃ - والدمال زبل الدواب وہو السرجین ترجمہ اُنکی ہر ریش کے بال بہت اور باہم پیچیدہ بدبودار ہیں - اور نیز مشک وغالیہ نہیں ملا گیا اور وہ چکنائیوں کے عوض پیشابوں سے راضی ہیں اور نیز مشک کے بدلہ اپنی مینگنیوں سے -

لَوْ سُرِّحَتْ فِیْ عَارِضَیْ مُحْتَالِ لَعَدَّهَا مِنْ شَبَکَاتِ الْمَالِ

بَیْنَ قُضَاةِ السُّوْءِ وَالْاَطْفَالِ

المحتال صاحب الحیلۃ ای الذی یحتال علی اموال الناس ترجمہ اگر ایسی ریش دو رخسار پر کسی شخص حیلہ گر کی ہو اور اُسمیں شانہ کرکے اُسکو اور دراز کیا وے اور چھٹکاری جاوے تو وہ شخص بیشک اُس ریش کو تحصیل مال کے لئے جال بنائے کیونکہ صاحب ریش دراز معظم شمار ہوتا ہی اور امانت دار سمجھا جاتا ہی - پس اگر وہ خیانت کا ارادہ کرے تو بہت کچھ کما سکتا ہی درمیان بُرے قاضیوں اور یتیم لڑکوں کے - یعنی اُس کے ذریعہ سے قاضی لوگ یتیموں کا مال کھا جاتے ہیں -

شَبِیْهَةِ الْاِدْبَارِ بِالْاِقْبَالِ لَا تُؤْثِرُ الْوَجْهَ عَلَی الْقَذَالِ

شبیہۃ تروی بالجر بدلا من کل اثیث وبالنصب علی الحال ترجمہ اُسکی ریش بسبب کلان اور عریض ہونے کے پس و پیش سے یکساں معلوم ہوتی ہی اور چہرہ کو قفا سے زیادہ پسند نہیں کرتی بلکہ سبکو محیط ہی -

فَاخْتَلَفَتْ فِیْ وَابِلِیْ نِبَالِ مِنْ اَسْفَلِ الطَّوْدِ وَمِنْ مُعَالِ

النبال جمع نبلۃ ترجمہ سو وہ بڑہاپے کو ہی تیروں کے دو باران کبیر القطرات میں مضطرب پہرتے ہیں - کبھی پستی کوہ سے اوپر کو جاتے ہیں اور کبھی بلندی سے پستی کیطرف - یعنی تیر باران سے گھبرائے پہرتے تھے -

قَدْ اَوْدَعَتْهَا عَتَلُ الرِّجَالِ فِیْ کُلِّ کَبْدٍ کَبِدَیْ نِصَالِ

العتل القسی الفارسیۃ - والرجال جمع راجل - والنصال جمع نصل وہی الحدیدۃ المرکبۃ فی السہم وکبدہا وسطہا وکبد القوس مقبضہا ترجمہ پیادوں کی کمانوں نے بڑہاپے کو ہی کے ہر جگر میں تیروں کے بھالوں کے ہر دو قبضہ بطور امانت رکھدئے تھے یعنے شکاریوں کے تیر اُنکے جگروں میں لگتے تھے -

فَهُنَّ يَهْوِيْنَ مِنَ الْقِلَالِ   مَقْلُوْبَةَ الْأَظْلَافِ وَالْإِرْقَالِ

يهوين يسقطن من اعالي الجبال۔ والقلال جمع قلة وهي راس الجبل۔ والارقال ضرب من العدو۔ والاظلاف جمع ظلف وهي للوحوش كالحافر للدواب ترجمہ سو وہ بکرے پہاڑ کی چوٹیوں سے ایسے حال میں گرتے تھے کہ اُنکی کھریاں اور تیزروی اُلٹی کی گئی تھی۔ یعنی سابق اُنکی کھریاں نیچے ہوتی تھیں اور باقی جسم اُوپر اور اُنہیں کے ذریعہ سے تیز چلتے تھے اب وہ پشت کے بل تیزی سے گرتے تھے۔

يُرْقِلْنَ فِي الْجَوِّ عَلَى الْمَحَالِ   فِي طُرُقٍ سَرِيْعَةِ الْإِيْصَالِ

يرقلن يعدون۔ والجو ما ارتفع من الهواء۔ والمحال جمع محالة وهي فقار الظهر ترجمہ سو وہ مابین ہوائے آسمان و زمین کے مہرہ ہائے پشت پر ایسی راہوں میں چلتے تھے کہ وہ اُنکو زمین پر بہت جلد پہنچا دیتی تھیں کیونکہ وہ پہاڑوں کی چوٹیوں سے زمین پر گرتے تھے۔

يَنَمْنَ فِيْهَا نِيْمَةَ الْمِكْسَالِ   عَلَى الْقَفَا أَعْجَلَ الْعِجَالِ

النيمة هيئة النوم۔ والمكسال الكسلان۔ والرواية الصحيحة الكسال جمع كسل وكسلان۔ كعجال جمع عجل وعجلان۔ والقفي جمع قفا كعصا وعصي۔ والعجال جمع عجل ترجمہ وہ اُس راہ میں قفا کے بل یعنی چت ہیئت کاہلان سوتے تھے اور باوجود خواب کاہلانہ جلد بازوں سے تیز چلتے تھے۔

لَا يَتَشَكَّيْنَ مِنَ الْكَلَالِ   وَلَا يُحَاذِرْنَ مِنَ الضَّلَالِ

الكلال الاعياء والتعب والضعف۔ والضلال العمى عن القصد ترجمہ وہ تیز رفتاری مذکورہ میں تھکنے کی شکایت نہیں کرتے تھے اور راہ بھی بھولنے سے نہیں ڈرتے تھے سیدھے زمین پر پہنچتے تھے۔

فَكَانَ عَنْهَا سَبَبُ التَّرْحَالِ   تَشْوِيْقُ إِكْثَارٍ إِلَى إِقْلَالِ

خبر كان مقدم على اسمها وتقدير الكلام فكان تشويق الاكثار الى اقلال سبب الترحال عنها ترجمہ سو شوق اس امر کا کہ کثیر کو قلیل کیا جائے وہاں سے کوچ کا باعث ہوا۔ یعنی باوجودیکہ شکار کی وحشت حد سے زیادہ ہوتی ہی مگر چونکہ شکار بکثرت کیا گیا اس لئے اُس سے سیر ہوگئے۔

فَوَحْشُ نَجْدٍ مِنْهُ فِيْ بَلْبَالِ   يَخَفْنَ فِيْ سَلْمَى وَفِيْ قِبَالِ

نجد ما بين مكة والعراق۔ والبلبال الهم والحزن۔ وسلمى احد جبلي طي والاخر اجاء۔ وقبال جبل في ارض بني عامر ويروى ابن جني في قتال بالتاء كمصدر راقل يقال هو جبل عال بقرب دومة الجندل ترجمہ سو سب وحشیان مقام نجد ممدوح سے ڈر رہے ہیں۔ کہ کہیں یہ کو بھی شکار نہ کرے اور اسی خوف سے ہر دو کوہ سلمیٰ وقبال میں جا چھپے۔

نَوَافِرُ الضِّبَابِ وَالْأَوْرَالِ   وَالْخَاضِبَاتِ الرُّبْدِ وَالرِّئَالِ

نوافر حال من الوحش ای یجعلن نوافر تنفر ضبابہا وادرالہا - والضباب جمع ضب - والادرال جمع ورل - والخاضبات جمع خاضبۃ وہی النعامۃ - والربد جمع ربداء وہی التی اربد لونہا وقیل الخاضبۃ التی رعبالربیع فاحمرت سوقہا ویسمی الظلیم خاضبا ولا یقال الا للظلیم دون النعامۃ - والرہال جمع رال وہو فرخ النعام ترجمہ ممدوح سے اطراف کے وحشی گھبرا رہے ہین اور سوسمار اور ورل اور بھوسلے شتر مرغ جنگی ساقین بسبب طیاری کے سُرخ ہوگئی ہین اور اُن کے بچے گھبرائے پھرتے ہین باوجودیکہ اُنین اور ممدوح مین فاصلہ بعید حائل ہو۔

وَالظَّبْيُ وَالْخَنْسَاءُ وَالذَّيَّالِ	يَسْمَعْنَ مِنْ أَخْبَارِهِ الْأَزْوَالِ
مَا يَبْعَثُ الْخُرْسَ عَلَى السُّؤَالِ	

الخنساء البقرۃ الوحشیۃ - والذیال الثور الوحشی الطوال الذنب - والازوال جمع زول وہو الحسن العجیب من کل شئ ترجمہ اور ہرن اور نیل گاے مادہ اور اُس کا نر دم دراز ممدوح کے شکار کرنے سے خائف ہین - اور اُس کے شکار کی ایسی عجیب اور عمدہ خبرین سنتے ہین کہ وہ گھنگے اشخاص کو بھی اُسکے حالات کے پوچھنے کے واسطے برانگیختہ کرتی ہین - یہ مبالغہ ہو۔

فُحُولُهَا وَالْعُوذُ وَالْمَتَالِي	تَوَدُّ لَوْ يُتْحِفُهَا بِوَالِ

الحول جمع حائل وہی ضد الحامل - وروی ابوالفتح فحولہا جمع فحل وہو الذکر من الابل والعوذ التی تعوذ بہا اولادہا وہی الحدیثات النتاج - والمتالی التی تتلوہا اولادہا واحدہا متلیۃ ترجمہ سو وہ ناقے جو حاملہ نہین ہین - اور نوزائیدہ اور دیر کی بیاہی ہوئی جنکے پیچھے اُنکے بچے پھرتے ہین - یہ سب آرزو رکھتے ہین کہ ممدوح اُنپر کوئی والی بھیج دے یعنی اُنکی تمنا ہو کہ ہمپر منجانب ممدوح کوئی والی آجادے جو ہمپر سواری کرے اور ہمین تابعدار کرے اور شکار سے بچا دے۔

يَرْكَبُهَا بِالْخُطُمِ وَالرِّحَالِ	يُؤْمِنُهَا مِنْ هٰذِهِ الْأَهْوَالِ

الخطم جمع خطام وہو زمام الابل - والرحال جمع رحل للابل ترجمہ وہ والی فرستادہ ممدوح اُنپر نکیلین لگا کر اور کجاوے رکھکر سوار ہو اور شکار ہونے کے خوف سے اُنکو نجات دیوے۔

وَيَخْمِسُ الْعُشْبَ وَلَا تُبَالِي	وَمَاءَ كُلِّ مُسْبِلٍ هَطَّالِ

المسبل الماء الماطل من الغمام یرید بارد المطر ترجمہ اور وہ والی ہم سے پانچوان حصہ گھاس کا اور پانی ہر باران بسیار بار کا لے اور یہ اس زیر باری کی کچھ پروا نہین کرتے - ایام جاہلیۃ مین سردار لوگ مال غنیمت سے چوتھائی لیتے تھے شرع نے پانچوان حصہ مقرر کردیا - خلاصۃ درخواست وحشیان یہ ہو کہ ہمکو بطور رعیت رہنا اور خمس کا دینا منظور ہو - مگر خوف شکار سے امن عنایت ہو۔

يَا أَقْدَرَ السُّفَّارِ وَالقُفَّالِ   لَوْ شِئْتَ صِدْتَ الأُسْدَ بِالثَّعَالِي

السفار المسافرون ۔ والقافل واحد القفال وہو الراجع من سفرہ ۔ والثعالی الثعالب ابدل الباء من الیاء ترجمہ اے مسافرو اور سفر سے آنیوالوں پر زیادہ قدرت والے یعنی سب لوگوں مین توانا تو اگر چاہے تو شیرون کو یعنے قویون کو لومڑون یعنے ضعیفون سے شکار کرے۔

أَوْ شِئْتَ غَرَّقْتَ العِدَى بِالآلِ   وَلَوْ جَعَلْتَ مَوْضِعَ الإِلَالِ

لَآلِئًا قَتَلْتَ بِاللَّآلِي

الآل السراب وہو ما یتخیل فی بطون الفلوات عند شدة الحر ۔ والالال جمع ال بفتح الہمزة وشد اللام ترجمہ اگر تو چاہے تو اپنے دشمنون کو دھوکے مین غرق کردے اور اگر تو بجائے آلات جنگ موتیون کا استعمال کرے تو تو دشمنون کو موتیون سے ہی قتل کرڈالے ۔

لَمْ يَبْقَ إِلَّا طَرَدُ السَّعَالِي   فِي الظُّلَمِ الغَائِبَةِ الهِلَالِ

الطرد الصید ۔ والسعالی جمع سعلاة وہی الغول یقال تتمثل فی الفلوات علی صورة الجن ۔ والظلم جمع ظلمة والمراد بہا الہلال اللیالی التی لا قمر فیہا ترجمہ جبکہ تو نے بادشاہون اور وحوش کو مغلوب کرلیا تو اب صرف شکار چڑیلون اور غولون کا رہگیا ہی جو شبہائے تاریک مین مختلف صورتون مین ظاہر ہوتے ہین۔

عَلَى ظُهُورِ الإِبِلِ الأُبَّالِ   فَقَدْ بَلَغْتَ غَايَةَ الآمَالِ

الاباّل جمع آبل وہی التی اجتزأت بالرطب عن الماء ترجمہ تو چڑیلون کا شکار ایسے شترون کی پشتون پر سوار ہوکر کرے جو تر گھاس کھاکر پانی پینے سے بے پروا ہوجاتے ہین ۔ اور تخصیص شترون کی اس لئے کی کہ گھوڑے بیابانہائے خشک مین کام نہین دے سکتے ۔ اور یہ شکار تیرے لئے کچھ دشوار نہین ہی کیونکہ تو اپنی سب تمناؤن کو پہنچگیا ہی۔

فَلَمْ تَدَعْ مِنْهَا سِوَى المُحَالِ   فِي لَا مَكَانٍ عِنْدَ لَا مَنَالِ

ترجمہ سو تو نے مقاصد مین سوائے محال کے جس کے واسطے نہ مکان ہی نہ کامیاب ہونا کوئی مطلب بے حصول کے نہین چھوڑا ۔ یعنی امور مستحیلہ کے سوائے تو نے سب حاصل کرلئے۔

يَا عَضُدَ الدَّوْلَةِ وَالمَعَالِي   اَلنَّسَبُ الحَلْيُ وَأَنْتَ حَالِي

ترجمہ اے بازو دولت و مراتب بلند کے تیرا نسب عالی تیرے لئے بمنزلہ زیور باعث زینت ہی اور تو بازیور

بِالأَبِ لَا بِالشَّنْفِ وَالخَلْخَالِ   حَلْيًا تَحَلَّى مِنْكَ بِالجَمَالِ

الشنف القرط الاعلی ۔ والحلی بفتح الحاء وسکون اللام وبکسر الحاء واللام وبضم الحاء وکسر اللام ترجمہ تو با زیور ہی اپنے والد نامدار کے سبب نہ گوشوارہ اور پازیب کے باعث ۔ اور تیرا زیور ایسا ہی کہ اُسنے تیرے سبب جمال کا زیور پہن لیا ۴۰

ہی۔ یعنی پدر پسر کے واسطے اور پسر پدر کے لئے موجب زینت و فخر ہی۔

	وَرُبَّ قُبْحٍ وَحُلِيٍّ ثِقَالٍ		اَحْسَنُ مِنْهَا الْحُسْنُ فِي الْمِعْطَالِ	

المعطال التی لاحلی علیہا وکذلک العاطل والعطل ترجمہ سو بہت سی بدصورتی و زیور ہائے گران ہین کہ اُس سے حسن زن خوبصورت بے زیور کا اچھا معلوم ہوتا ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ نسب شریف بجز تیرے اور کیسکو مفید نہسین ہی اور نسب کا شرف اوروں پر ایسا ہی کہ جیسے بدشکل عورت بہت سا زیور پہن لے کہ اُس کی بدصورتی کو اُس کا زیور چھپا نہین سکتا۔ ابن القطاع کہتا ہی کہ اکثر شارحین نے اس شعر مین تصحیف کی ہی اور قبح کو بقاف و با پڑھا ہی اور یہ غلط ہی کیونکہ سب جانتے ہین کہ حسن قبح سے بہتر ہی۔ اور روایت صحیح فتح فا و تا و خا معجمہ سے ہی جسکے معنے چھلے کے ہین جنکو زنان عرب بھی مثل اور اقوام کے زینت کے لئے پہنتی ہین۔

	فَخْرُ الْفَتٰى بِالنَّفْسِ وَالْاَفْعَالِ		مِنْ قَبْلِهٖ بِالْعَمِّ وَالْاَخْوَالِ	

الهارفی من قبلہ تعود الی فخرای قبل الفخر ترجمہ اتی فخر جوان کا شرف نفس و نیکو کرداری کے ساتھ ہی قبل اُس فخر سے بذریعہ چچا اور ماموں کے یعنے فخر اور وپدر پیچھے ہی اور خوبی نفس و افعال پہلے۔

وقال یمدح سیف الدولۃ ابا الحسن علی بن عبداللہ العدوی وہی اول ما انشدہ سنۃ سبع وثلثین وثلمائۃ عند نزولہ انطاکیۃ من ظفرہ بحصن برزویۃ وکان جالسا تحت شراع الدیباج فانشدہ

	وَفَاؤُكُمَا كَالرَّبْعِ اَشْجَاهُ طَاسِمُهٗ		بِاَنْ تُسْعِدَا وَالدَّمْعُ اَشْفَاهُ سَاجِمُهٗ	

وفاءکما مبتدء وکالربع خبرہ وتم الکلام۔ ولایجوز ان تتعلق الباء بالوفاء اذ لایجوز ان تتعلق بالمبتدء بعد الاخبار عنہ فالباء متعلق بفعل یدل علیہ الکلام ای وفیتما بان تسعدا او اشجاہ اخرتہ۔ والطاسم الدارس کالطامس۔ والساجم السائل ترجمہ شاعر اُن دونون دوستون کو جنہون نے اُس سے یہ عہد کیا تھا کہ منازل مندرسہ یار کو دیکھ کر ہم رونے مین تیری مدد کرین گے یعنی تیرے ساتھ ملکر خوب روئین گے خطاب کرکے کہتا ہی کہ تمھاری وفا در باب تیرے امداد گریہ کے مثل اُس منزل کہنہ حبیب کے ہی۔ بعد ازان وجہ شبہ بیان کرتا ہی کہ جیسا ان کھنڈرون نے بسبب اپنی کہنگی و ویرانی کے مجکو رلایا ہی۔ ایسا ہی میرے ساتھ تمھارے رونے نے مجکو اس غم سے شفا دی ہی۔ کیونکہ دوسرے کی مشارکت گریہ سے رونا اور زیادہ ہوجاتا ہی۔ اور آدمی جس قدر زیادہ روتا ہی اسیقدر دل ہلکا ہوجاتا ہی۔ چنانچہ کہتا ہی والدمع اشفاہ ساجمہ۔ یعنی اشک جسقدر زیادہ بہتے ہین اُسی قدر رفع غم کرتے ہین۔ شارح واحدی کہتا ہی کہ شاعر اپنے دوستون سے درباب گریہ طالب امداد ہی۔ یعنی تم میرے ساتھ ملکر خوب گریہ کرو کیونکہ رونا غم کو دور کرتا ہی۔ اور شارح ابن القطاع یہ معنی کہتا ہی کہ ای دوستو تم نے

جو مجھ سے وعدہ امداد گریہ کیا تھا وہ کہنہ و مندرس ہوگیا مثل دیار حبیب کے۔ اس سے پہلے تو مین ویرانی منزل اور اُس کے بوسیدہ اور کہنہ ہوسنے پر روتا تھا۔ اب مین اُس کے ساتھ تمھاری وفا کے مندرس ہونے پر بھی روتا ہون اور اشک ریزی سے طالب شفا و راحت ہون۔

وَمَا اَنَا اِلَّا عَاشِقٌ كُلُّ عَاشِقٍ ۔۔۔ اَعَقُّ خَلِيْلَيْهِ الصَّفِيَّيْنِ لَائِمُهْ

تم الکلام عند قولہ و ما انا الا عاشق ثم ابتدا فقال کل عاشق الخ فعلی ہذا کل مرفوع وروی بعضہم کل بالنصب علی انہ نعوت لعاشق ای عشق کل عاشق۔ والاعق ہہنا بمعنے العاق لئلا یشترک فی نفس العقوق بعضی کقولہ تعالیٰ ہو اہون علیہ لانہ تعالیٰ لا یوصف بان بعض الاشیاء اہون علیہ من بعض ترجمہ صورت اول مین نہین ہون مگر عاشق اور ہر عاشق صادق کا یہ حال ہوتا ہی کہ اُس کے دو ولی دوستون مین سرکش و نافرمان وہ دوست ہوتا ہی جو اُسکو درباب عشق ملامت کرے خلاصہ یہ کہ جو دوست مجکو درباب عشق ملامت کرے گا وہ میرا دشمن ہوگا۔ اور صورت دوم مین یہ ترجمہ ہوگا کہ مین نہین ہون مگر عاشق ایسے عاشق کا جو اپنے دوستون خالص سے اُسکو نافرمان سمجھے جو اُسکو ملامت کرے اس صورت مین اظہار نفرت لائم بہت بڑھ کر ہی۔

وَقَدْ يَتَزَيَّا بِالْهَوٰى غَيْرُ اَهْلِهٖ ۔۔۔ وَيَسْتَصْحِبُ الْاِنْسَانُ مَنْ لَا يُلَائِمُهْ

التزیی تکلف الزی والقیاس التزوی ولکنہ استعمل بالیاء۔ ویلائمہ یوافقہ ترجمہ اور کبھی بتکلف لباس عشق غیر اہل عشق پہن لیتا ہی اور کبھی انسان اپنے غیر موافق کے ساتھ رہتا ہی۔ یہ تعریض ہی دونون دوستون پر کہ وہ سچے عاشق مزاج نہین ہین اور اس لئے اُنھون نے گریہ مین میری شرکت پسند کی۔

بَلِيْتُ بِلَى الْاَطْلَالِ اِنْ لَمْ اَقِفْ بِهَا ۔۔۔ وُقُوْفَ شَحِيْحٍ ضَاعَ فِي التُّرْبِ خَاتَمُهْ

ترجمہ اگر مین دیار مندرسہ احبہ پر ایسا چکر بحالت تکلیف کھڑا ہون جیسا شخص بخیل کہ اُسکی انگشتری خاک مین رل گئی ہو تو مین ایسا محو و کہنہ ہو جاؤن جیسے کھنڈر دیار دوستون کے۔ یعنی اگر دیار محبوب کو دیکھکر ایسا بیچین کھڑا نہ ہون تو مین خود کہنہ و ہلاک ہو جاؤن۔ غرض اپنے آپ کو کوستا ہی اُس بخیل کے ساتھ جس کی انگشتری خاک مین رل گئی ہو اس واسطے تشبیہ دی کہ دستور ہی جب کوئی بڑی چیز مثل کنگن کے گم ہو جاتی ہی تو اُس کو مٹی مین کھڑے کھڑے تلاش کرتے ہین۔ اور جو کوئی چھوٹی چیز ہو مثل ہوتی کے تو اُسکو بیٹھ کر مٹی مین تلاش کرتے ہین اور جب کوئی شی مثل انگشتری کے مٹی مین گر جائے تو اُسے جھککر تلاش کرتے ہین۔ اور جھکنے مین کھڑے رہنے اور بیٹھنے سے زیادہ تکلیف ہوتی ہی۔ پس شاعر کہتا ہی کہ اگر مین منازل ویران احباب کو دیکھ کر اپنے جگر پر ہاتھ رکھکر بحالت تکلیف مثل انگشتری گم شدہ بخیل کے کھڑا ہون تو مین خود مضمحل مثل خانہاے ویران ہو جاؤن۔

كَئِيْبًا تَوَقَّانِي الْعَوَاذِلُ فِي الْهَوٰى ۔۔۔ كَمَا يَتَوَقّٰى رَيِّضَ الْخَيْلِ حَازِمُهْ

کیبا حال من قولہ اقف - والریض الصعب من الخیل وہو من الاضداد - والذی یشد خزامہ فیتوقی منہ - والخازم الذی یشد خزامہ ویسوسہ ترجمہ اگرمین ایسا بے چین کھڑا ہون کہ زمان ملامت گر میرے چھیڑنے سے ایسی بچتی ہون جیسا سخت مزاج گھوڑے کا تنگ کسنے والا اُس سے ڈرتا ہی -

قِفِی تَغْرَمِ الْاُوْلٰی مِنَ اللَّحْظِ مُهْجَتِیْ ۔ بِثَانِیَةٍ وَالْمُتْلِفُ الشَّیْءَ غَارِمُهُ

الاول فاعل تغرم ومہجتی فی موضع نصب لوقوع الغرامۃ علیہا وتغرم مجزوم لانہ جواب للامر ترجمہ اپنی محبوبہ سے خطاب کرکے کہتا ہی کہ ٹہرتا تیری نگاہ اول نگاہ دوم کے ذریعہ سے میری جان کا تاوان دے - یعنی تیری اول نگاہ سے مین کشتہ ہوگیا ہون اب جب تجکو دوسری بار دیکھونگا تو زندہ ہو جاؤن گا اور یہ نگاہ ثانی میری جان کا تاوان ہو جاویگی - وقال ابن القطاع من روی تغرمی باثبات الیاء وکان الاصل تغرمین فحذف النون للجزم والخطاب للمحبوبۃ والمہجۃ ہے المحبوبۃ فمہجتی فی موضع نصب بالنداء - والاولی مفعولہ - اس صورت مین ترجمہ یہ ہوگا کہ ای محبوبہ میری جان رواگی مین توقف کرتا کہ تو میری نگاہ اول کا تاوان نگاہ دوم سے دیدے وقال ابو الفتح قفی یا محبوبۃ تغرم اللحظۃ الاولی التی تحطنک بہجتی بلحظۃ ثانیۃ ترجمہ بطور ماحصل یہ ہی کہ ای محبوبہ ذرا دم لے اور میری نگاہ اول کا جس نے مجھے قتل کردیا ہی میری جان کو دوسری نگاہ تاوان دے - پھر وجہ تاوان بیان کرتا ہی کہ جو شئی کو تلف کرتا ہی - وہی اُس کا تاوان دیتا ہی -

سَقَاكِ وَحَیَّانَا بِكِ اللّٰهُ اِنَّمَا ۔ عَلَى الْعِیْسِ نَوْرٌ وَالْخُدُوْرُ كَمَائِمُهُ

النور من الزہر ما کان ابیض والزہر الاصفر - والکمائم اوعیۃ الزہر والنور قبل ان ینفتق ترجمہ ای محبوبہ خدا تجکو تر و تازہ رکھے اور ہمکو تیرے لطف سے زندہ رکھے - اور سوا اس کے ہین ہی کہ شتران سفید پر معشوقات خوشبو اور صفائی مین مثل کلیون کے سوار ہین اور اُنکے پردے بمنزلہ غلافہاے شگوفہ ہین - غرض جب اُنکو شگوفہ کہا تو اُسکی بنا پر اُس کے لئے تر و تازگی کی دعا کی -

وَمَا حَاجَةُ الْاَظْعَانِ حَوْلَكِ فِی الدُّجٰی ۔ اِلٰی قَمَرٍ مَا وَاجِدٌ لَكِ عَادِمُهُ

ترجمہ زنان ہودج نشین کو جو تیرے گرد و پیش ہین تاریکی شب مین ماہ کی کیا حاجت ہی - جس کے پاس تو ہی وہ چاند کا گم کرنے والا نہین ہی -

اِذَا ظَفِرَتْ مِنْكِ الْعُیُوْنُ بِنَظْرَةٍ ۔ اَثَابَ بِهَا مُعْیِی الْمَطِیِّ وَرَازِمُهُ

ظفرت فازت - واثاب رجع - والرازمۃ من النوق التی قامت من الاعیاء واقعدہا الہزال عن المشی ترجمہ جبکہ شترون کی آنکھین تجھ سے ایک نظر کے ذریعہ سے کامیاب ہو جاوین - تو وہ ماندہ اور دُبلے شترون کو جو تھک کر ضعف سے کھڑے ہو گئے ہین اُس نظر کے سبب اُنکی طاقت بحالت اصلی رجوع کرے گی اور جبکہ غیر ذوی العقول کا یہ حال ہی

تو ذوی العقول کو بدرجۂ اولیٰ توانائی حاصل ہوگی۔

حَبِیْبٌ کَاَنَّ الحُسْنَ کَانَ یُحِبُّہٗ ۔۔۔ فَاٰثَرَہٗ اَوْ جَارَ فِی الحُسْنِ قَاسِمُہٗ

ترجمہ یہ ایسا حبیب ہے گویا حسن اُسکو دوست رکھتا تھا اسی نے اُسکو پسند کرلیا اور سبکا سب اُسی میں آگیا یا حسن کی تقسیم میں حسن کے تقسیم کرنیوالے نے جور کیا کہ تمام حسن اُسکو دیدیا اور دنکو محروم رکھا۔

تَحُوْلُ رِمَاحُ الخَطِّ دُوْنَ سِبَائِہٖ ۔۔۔ وَتُسْبٰی لَہٗ مِنْ کُلِّ حَیٍّ کَرَائِمُہٗ

الخط موضع بالیمامۃ تنسب الیہ الرماح الخطیۃ۔ والکرائم جمع کریمۃ ترجمہ خطی نیزے اُس حبیب کے بردہ وقیدی کرنیکے درپے حائل ومانع ہیں۔ یعنی یہ حبیب ایک زبردست قوم میں سے ہو کوئی اُسکو قیدی نہیں بنا سکتا ہو اور اُس کی خدمت کے لئے ہر گروہ میں سے عمدہ اشخاص قید کئے جاتے ہیں۔

وَیُضْحِیْ غُبَارُ الخَیْلِ اَدْنٰی سُتُوْرِہٖ ۔۔۔ وَاٰخِرُہَا نَشْرُ الکِبَاءِ المُلَازِمُہٗ

الکباء العود الذی یتبخر بہ۔ ونشرہ فوحہ ترجمہ اور غبار اسپان قوم حبیب اُسکے پاس جانیوالے کے لئے اُس سے قریب تر پردے ہیں قولہ ادنی ای اقرب الی طالبہ اور آخر اُن پردونکا خوشبو چوب کباکی ہو جو اُس کے ہر وقت پاس رہتی ہو۔ یعنی اُسکی عزت کے بہت سے پردے ہیں منجملہ اُس کے طالب سے قریب پردہ غبار اسپان سواران محافظ ہو اور آخر پردہ خوشبودار چیزون کا دخان ہو جو بسبب اپنی کثرت کے بمنزلہ پردہ محبوب کے لئے ہوگیا۔

وَمَا اسْتَغْرَبَتْ عَیْنِیْ فِرَاقًا رَاَیْتُہٗ ۔۔۔ وَلَا عَلَّمَتْنِیْ غَیْرَ مَا القَلْبُ عَالِمُہٗ

ترجمہ اور وہ فراق احباب جسکو مین نے دیکھا میری آنکھون کو عجیب نہین معلوم ہوا اور میری آنکھ نے مجکو ایسی شئ نہین سکھائی جسکو دل نجانتا ہو۔ خلاصہ یہ ہو کہ مین ہمیشہ فراق احبہ ومصائب دہر مین مبتلا رہا ہون اب جو فراق یا مصیبت دیکھتا ہون مجکو عجیب وغریب معلوم نہین ہوتی

فَلَا یَتَّہِمْنِی الکَاشِحُوْنَ فَاِنَّنِیْ ۔۔۔ رَعَیْتُ الرَّدٰی حَتّٰی حَلَتْ لِیْ عَلَاقِمُہٗ

الکاشح الذی یضمر لک العداوۃ۔ والعلاقم جمع علقمۃ وہی المرارۃ ترجمہ اعداے دل مجپر جزع وفزع کی تہمت نہ رکھین کیونکہ مین عادی مصائب زمانہ ہوگیا ہون۔ یعنی مین نے اُنکو چرلیا اور اپنی غذا بنالیا یہان تلک کہ تلخیہاے زمانہ مجکو شیرین معلوم ہونے لگین۔

مُشِبُّ الَّذِیْ یَبْکِی الشَّبَابَ مُشِیْبُہٗ ۔۔۔ فَکَیْفَ تَوَقِّیْہِ وَبَانِیْہِ ہَادِمُہٗ

شب یشب فہو شب وتوقاہ حذرہ۔ والضمیر فی توقیہ للباکی وفی بانیہ وہادمہ للشباب ترجمہ جو شخص جوانی کو یاد کرکے روتا ہو اُسکو معلوم کرلینا چاہیے کہ اُسکا پیر کرنے والا وہ ہو جس نے اُسے جوان کیا تھا یعنی زمانہ پس وہ رونیوالا پیری سے کیسے بچ سکتا ہو حالانکہ بانی جوانی ہی اُس کا ہادم ہو۔

وَتَكْمِلَةُ الْعَيْشِ الصِّبَا وَعَقِيبُهُ	وَغَائِبُ لَوْنِ الْعَارِضَيْنِ وَقَادِمُهُ

تمام العیش ہو الصبا اولاثم یاتیعقبہ من بلوغ الاشد حتی یکون یا فعا مترعرعا۔ وغائب لون العارضین لون جلدہ العارض المستتر بالشعر۔ والقادم سواد الشعر النابت ترجمہ اور تکملہ عیش اور جمیع حالات زندگی اول کودکی ہو اور اُس کے جو پیچھے آوے یعنے نوجوانی وآغاز ریش جس سے رنگ ہر دو رخسارہ بسبب برآمد سبزۂ ریش اُس کے تلے چھپ جاتا ہو اور جو اُس سے آگے آوے یعنی سیاہی کامل موے ریش۔ غرض زندگی مُراد تین اشیاء مذکورہ سے ہو یعنی اول صبا دوم ترعرع سوم تکمیل جوانی اور پیری کو منجلۂ تکملہ کے نہیں شمار کیا کیونکہ مثل مشہور ہو من شاب فقدمات۔

وَمَا خَضَبَ النَّاسُ الْبَيَاضَ لِأَنَّهُ	قَبِيحٌ وَلَكِنْ أَحْسَنُ الشَّعْرِ فَاحِمُهُ

الفاحم الاسود الشدید السواد ترجمہ اور لوگوں نے سفید بالوں کا خضاب اس لئے نہیں کیا کہ یہ رنگ بُرا ہی بلکہ اس سبب سے کہ عمدہ مُو وہ ہیں جو سخت سیاہ ہوں کہ اُس کے سبب سے آدمی زنان جوان کی نظروں میں حقیر نہیں ہوتا۔ بلکہ یہ باعث اُنکی رغبت کا ہوتا ہی۔

وَأَحْسَنُ مِنْ مَاءِ الشَّبِيبَةِ كُلِّهِ	حَيَا بَارِقٍ فِي فَازَةٍ أَنَا شَائِمُهُ

ماء الشبیبۃ نضارتہا۔ والحیا مقصور المطر۔ والبارق السحاب ذو البرق اللامع والشائم الذی یرقب موضع الغیث۔ و الفازۃ القبۃ والخیمۃ۔ وکان سیف الدولۃ فی خیمۃ من دیباج قد وصفہا ابو الطیب فی ہذہ القصیدۃ وتشبب الی المدح باحسن تشبیب ترجمہ تمام تروتازگی ورونق جوانی سے وہ برق وار باران خوبتر ہی جو ایک خیمہ میں مقیم ہی اور میں اُسکی طرف بامید باراں۔ یعنی اُس کے جود کثیر کے دیکھ رہا ہوں۔ اس شعر میں مدح وحسن وجود وتامیل واستغراب کو جمع کیا ہی۔

عَلَيْهَا رِيَاضٌ لَمْ تَحُكْهَا سَحَابَةٌ	وَأَغْصَانُ دَوْحٍ لَمْ تَغَنَّ حَمَائِمُهُ

لم تحکہا ای لم تنسجہا ترجمہ اُس خیمہ پر ایسے باغ ہیں جنکو ابر نے نہیں بنا یعنے طیار کیا اور شاخیں ایسے بڑے درختوں کی ہیں جنکی قمریاں خوش آوازی سے نہیں بولتی ہیں۔ یعنی اسپر درختوں اور پرندوں کی تصویریں ہیں۔

وَفَوْقَ حَوَاشِي كُلِّ ثَوْبٍ مُوَجَّهٍ	مِنَ الدُّرِّ سِمْطٌ لَمْ يُثَقِّبْهُ نَاظِمُهُ

الموجہ من کل شیٔ ذو الوجہین۔ والسمط السلک۔ واراد بالسمط الدوائر البیض علی حاشیۃ الاثواب التی اتخذت منہا الخیمۃ ترجمہ ہر کپڑے دو رضہ کے حاشیہ پر ایسی موتیکی لڑیاں ہیں جنکو اُنکے پرونے والے نے نہیں پرویا یعنی اُن موتیوں کو کسی نے نہیں پرویا ہی۔ کیونکہ وہ حقیقی موتی نہیں ہیں بلکہ اُنکی تصویریں ہیں۔

تَرَى حَيَوَانَ الْبَرِّ مُصْطَلِحًا بِهَا	يُحَارِبُ ضِدٌّ ضِدَّهُ وَيُسَالِمُهُ

ترجمہ اُس خیمہ پر حیوانات خشکی کے بحالت صلح ایک جا جمع ہیں کہ ایک مخالف دوسرے مخالف سے جنگ کرتا ہی

اور اُس سے صلح بھی کرتا ہی۔ یعنی تصویرین ایسی کھینچی ہین مثلاً شیر ہاتھی سے لڑرہا ہی مگر چونکہ اُن مین جان نہین اس لئے حقیقت مین لڑتے نہین۔ پس گویا باہم صلح رکھتے ہین۔

إِذَا ضَرَبَتْهُ الرِّيحُ مَاجَ كَأَنَّهُ	تَجُولُ مَذَاكِيهِ وَتَدْأَى ضَرَاغِمُهُ

المذاکی المسنة من الخیل۔ و دأت الرجل اذا ختلتہ۔ وروی بالذال المعجمة من ذأی الابل اذا طردہا ترجمہ جب خیمہ کے کپڑے کو ہوا اُڑاتی ہی تو وہ موج مارنے لگتا ہی گویا وہ گھوڑے جنکی تصویرین اُسپر کھچی ہوئی ہین جولانی کرنے لگتے ہین اور اُس کے مصور شیر ہرن پر داؤ لگاتے ہین۔

وَفِي صُورَةِ الرُّومِيِّ ذِي التَّاجِ ذِلَّةٌ	لِأَبْلَجَ لَا تِيجَانَ إِلَّا عَمَائِمُهُ

الابلج ہو انقی ما بین الحاجبین وروی لاابلخ بالخاء المعجمة وہو المتکبر العظیم فی نفسہ ترجمہ رومی تاجدار کی صورت مین جو اس خیمہ پر کھینچی ہوئی ہی۔ ایک متکبر عظیم القدر یا کشادہ ابرو یعنی سیف الدولہ کے روبرو ذلت وخواری ہی کہ وہ اُسکو سجدہ کر رہی ہی اور وہ ممدوح ایسا شخص ہی کہ وہ تاجون کی کچھ حقیقت نہین سمجھتا ہی اور عامون کو تاج جانتا ہی۔ وفی کلام القدیم العمائم تیجان العرب والسیوف اردیتہا۔ والحبا خدراتہا۔

تُقَبِّلُ أَفْوَاهُ الْمُلُوكِ بِسَاطَهُ	وَيَكْبُرُ عَنْهَا كُمُّهُ وَبَرَاجِمُهُ

البراجم من الاصابع مفاصلہا ترجمہ بادشاہون کے منھ اُس کے فرش کو بوسہ دیتے ہین اور اُنسے اُسکی آستین اور انگشتان دست کا مرتبہ اُس سے بڑا ہی کہ وہ اُنکو بوسہ دیکین کیونکہ یہ عظیم القدر ہین۔

قِيَامًا لِمَنْ يَشْفِي مِنَ الدَّاءِ كَيُّهُ	وَمَنْ بَيْنَ أُذْنَيْ كُلِّ قَرْمٍ مَوَاسِمُهُ

قیاما حال من الملوک۔ والقرم السید۔ والمواسم جمع میسم وہو الذی یوسم بہ ترجمہ تمام بادشاہ اُس شخص کے سامنے استادہ ہین جس کا داغ یعنے اُسکی ضرب شمشیر مرض بغاوت سے شفا دیتی ہی اور ہر قرم کے دونون کانون مین اُسکے آہن کے داغ ہین یعنے اُس کے مطیع وحلقہ بگوش ہین۔

قَبَائِعُهَا تَحْتَ الْمَرَافِقِ هَيْبَةً	وَأَنْفَذُ مِمَّا فِي الْجُفُونِ عَزَائِمُهُ

القبائع جمع قبیعة وہی قبیعة السیف وہی الحدیدة التی فوق مقبض السیف واراد بقبائع سیوف الملوک فحذف المضاف ترجمہ بادشاہ اُس کے سامنے ایسے حال مین کھڑے ہوتے ہین کہ اُنکی شمشیرونکے وہ لوہے جو قبضہ ہاے سیف کے اُوپر ہوتے ہین یعنی بند شمشیر اُنکی کہنیون کے تلے ہین۔ یعنی اُسکی ہیبت وعظمت کے سبب اُنکے سہارے کھڑے ہین۔ اور اُسکے قصد اُس چیز سے جو میان مین ہی یعنی شمشیر سے بھی زیادہ اثر ونفوذ کرنے والے ہین۔ یعنے اُسکے ارادون کو کوئی روک نہین سکتا۔

لَهُ عَسْكَرَا خَيْلٍ وَطَيْرٍ إِذَا رَمَى	بِهَا عَسْكَرًا لَمْ يَبْقَ إِلَّا جَمَاجِمُهُ

الضمیر فی بہا للخیل والطیر ظلما جلہا جماعۃ کنی عنہا بلفظ الجمع ۔ والجماجم جمع جمجمۃ وہی عظم الراس ترجمہ ممدوح کے دو لشکر ہیں ایک تو سوار ونکا اور دوسرا پرندون کا جو مقتول دشمنون کا گوشت کھانے کے لئے اُس کے ساتھ رہتا ہی۔ جب ان لشکرون کو کسی لشکر پر پھینک مارتا ہی تو صرف اُنکی کھوپریان باقی رہجاتی ہین اور کچھ نہین بچتا۔ سب کو طائر مردار خوار کھا جاتے ہین کھوپریون کی وجہ تخصیص یہ ہی کہ وہ انسان کے جسم مین سب ہڈیون سے بڑی ہوتی ہی یا یہ کہ اُن کا دستور تھا کہ قیدی دشمنون کے گلے مین مقتول دشمن کے سر ڈالتے تھے اسلئے سوائے کھوپریون کے اور کچھ باقی نہین رہتا تھا۔

اَجِلَّتُہَا مِنْ کُلِّ طَاغٍ ثِیَابُہٗ		وَمُوْطِئُہَا مِنْ کُلِّ بَاغٍ مَلَاغِمُہٗ	

الاجلۃ جمع جل ۔ والملاغم جمع ملغم وہو احول الفم ۔ وملغمت المرءۃ اذا تطلیت حول الفم ترجمہ ممدوح کے گھوڑونکی جھولین ہر سرکش کے کپڑے ہین اور اُن گھوڑونکی روندنے کی جگہ ہر باغی کے چہرے ۔

فَقَدْ مَلَّ ضَوْءُ الصُّبْحِ مِمَّا تُغِیْرُہٗ		وَمَلَّ سَوَادُ اللَّیْلِ مِمَّا تُزَاحِمُہٗ	

اراد تغیر فیہ فحذف الظرف وہو شائع ترجمہ ای ممدوح روشنی صبح اس سبب سے ملول ہوگئی کہ تو اس مین دشمنون پر لوٹ ڈالتا ہی ۔ عرب کی عادت ہی کہ بوقت صبح جو ہنگام غفلت ہوتا ہی لوٹتے ہین ۔ اور لوٹ کے وقت اصباحاہ کہتے ہین ۔ یعنی تیری کثرت غارتگری سے صبح بھی تنگ آگئی ہی ۔ اور تیری مزاحمت کے باعث تاریکی شب ملول ہوگئی ہی ۔ کیونکہ جہان تلک شب پہنچتی ہو یعنی ساری دُنیا مین وہان تلک تو پہنچتا ہی ۔ دوسرے معنی یہ ہوسکتے ہین کہ روشنی صبح کو تو اپنی سلاح کی چمک دمک سے غیرت دلاتا ہی ۔ اور تاریکی شب کو اُنکی روشنی مزاحمت کر کے رفع کر دیتی ہی ۔ یا غبار لشکر کی کثرت سے تاریکی شب کا تو مقابلہ کرتا ہی ۔

وَمَلَّ الْقَنَا مِمَّا تَدُقُّ صُدُوْرَہٗ		وَمَلَّ حَدِیْدُ الْہِنْدِ مِمَّا تُلَاطِمُہٗ	

ترجمہ دشمنون کے نیزے اس لئے ملول ہوگئے کہ تو اُنکے سینون یعنی حصہ بالائی کو تلوارون یا گرز سے توڑ دیتا یا کاٹ دیتا ہی اور اُنکی شمشیرین تنگ آگئین اس لئے کہ تو اُنپر طمانچے سپر مارتا ہی ۔ اور رفع صدور بھی درست ہوسکتا ہی ۔ اس صورت مین ترجمہ یہ ہوگا کہ تیرے نیزے تنگ ہوگئے ۔ اس سبب سے کہ اُنکے حصہ بالا سینہ دشمنان کو بکثرت صدمہ پہنچاتے ہین ۔

سَحَابٌ مِنَ الْعِقْبَانِ یَزْحَفُ تَحْتَہَا		سَحَابٌ اِذَا اسْتَسْقَتْ سَقَتْہَا صَوَارِمُہٗ	

العقبان جمع عقاب وہو طائر کبیر معروف من الجوارح ۔ وانث السحاب الثانیۃ وذکر الاولی وذلک ان کل جمع بینہ وبین واحدہ الہاء یجوز تذکیرہ وتانیثہ فاخذ بالامرین ترجمہ وہ عقاب جو اُس کے لشکر کے اوپر صف بستہ پرواز کر رہے ہین اُنکو ابر سے تشبیہ دی اور خود لشکر کو بسبب درخشانی اسلحہ دونون باری ونعرۂ بہادران ابر کہا اس لئے کہتا ہی

عقابونکا ایکسا بر ہی کہ اُسکے تلے لشکر کا ابر تیز چل رہا ہی جب سحاب بالا سحاب پائین ہے پانی انگتا ہی تو اُسکی کلام میں سحاب بالا کو سیراب کرتی ہین استعجاب اسمین یہ ہی کہ سحاب زیرین سحاب بالا کو سیراب کرتا ہی وہذا من اغراب الصنعۃ۔

سَلَکْتُ صُرُوْفَ الدَّهْرِ حَتّٰی لَقِیْتُهٗ ۔۔۔ عَلٰی ظَهْرِ عَزْمٍ مُؤْیَدَاتٍ قَوَائِمُهٗ

المؤیدات القویات ترجمہ مین حوادث دہر کو طی کرکے ممدوح سے ملا۔ ایسے قوی ارادہ کی پشت پر سوار ہو کر جس کے پانو بہت قوی تھے۔ اپنے عزم کو مرکوب ٹھہرایا کہ سفر بے عزم کے نہین ہوتا۔ اور جب اُسکو مرکوب ٹھہرایا تو اُسکے لئے پشت و پانو بطور استعارہ مقرر کئے۔

مَهَالِكَ لَمْ تَصْحَبْ بِهَا الذِّئْبَ نَفْسُهٗ ۔۔۔ وَلَا حَمَلَتْ فِیْهَا الْغُرَابَ قَوَادِمُهٗ

نصب مهالک بفعل دل علیه الکلام ای قطعت مهالک۔ والقوادم صدور ریش الجناح من الطائر اربع فی کل جناح ترجمہ مین نے ممدوح کی ملاقات کے لئے ایسی خوفناک جگہ طی کی کہ اسمین بھیڑئے کی جان اُسکے ساتھ نہین رہ سکتی یعنے اُن جنگلون مین بھیڑئے بھی زندہ نہ رہ سکے اور اُنمین کوے کے شہپر اُسکو اُٹھا نہ سکین اور وہ گر پڑے تخصیص گرگ وزاغ اسواسطے کی ہی کہ یہ ہر دو آبادی سے دور رہتے ہین اور جب یہ عاجز ہوئے تو اور جانور بطریق اولے عاجز ہونگے۔

فَأَبْصَرْتُ بَدْرًا لَا یَرَی الْبَدْرُ مِثْلَهٗ ۔۔۔ وَخَاطَبْتُ بَحْرًا لَا یَرَی الْعِبْرَ عَائِمُهٗ

العبر العبُور والشط۔ والعائم السابح ترجمہ سو جب مین اُس سے ملا تو مین نے ایسے ماہ تمام کو دیکھا کہ اُس بدر سمی نے باوجود اپنی جہانگردی کے اُسکی مانند کوئی بدر نہین دیکھا اور ایسے دریائے جود سے بالمواجہ باتین کین کہ اسمین تیرنے والا کبھی کنارہ کو نہ دیکھے بسبب اُسکی وسعت و درازی کے۔

غَضِبْتُ لَهٗ لَمَّا رَأَیْتُ صِفَاتِهٖ ۔۔۔ بِلَا وَاصِفٍ وَالشِّعْرُ تَهْذِیْ طَمَاطِمُهٗ

الطماطم جمع طمطم وهو الذی لا یفصح ترجمہ جب مین نے صفات ممدوح بے مداح دیکھین اور وہ شعر جو اُسکی مدح مین شعراء نادان نے کہے تھے اُنکی فصاحت بمنزلہ ہذیان کے تھی تو مین اس سبب سے خفا ہوا۔ یعنی شاعران حاضر دربار اُس کے اوصاف مین قاصر پائے اس لئے مین حاضر ہوا تاکہ وہ میری قدردانی فرمائے

وَکُنْتُ إِذَا یَمَّمْتُ أَرْضًا بَعِیْدَةً ۔۔۔ سَرَیْتُ فَکُنْتُ السِّرَّ وَاللَّیْلُ کَاتِمُهٗ

یمّمت قصدت ترجمہ جب مین ممدوح کی خدمت مین حاضر ہونیکے لئے فاصلہ بعید کا ارادہ کرتا تھا۔ تو رات کو سفر کرتا تھا تاکہ اور قدردان مجکو نہ روک لین اور مین پوشیدہ مثل بھید کے تھا اور رات راز دار یعنی بھید کی چھپانے والی۔

لَقَدْ سَلَّ سَیْفَ اللّٰهِ دَوْلَتَهٗ الْحُجَّةَ مُعْلِمًا ۔۔۔ فَلَا الْمَجْدُ مُخْفِیْهِ وَلَا الضَّرْبُ ثَالِمُهٗ

معلما بکسر اللام حال من المجد ترجمہ مجد وشرف نے علی الاعلان سیف الدولہ کو ظاہر کیا یعنے قتل اعدا کے سوا مجد اسکو چھپا نہین سکتی اور نہ ضرب سے اُسین وندانے پڑتے ہین۔ کیونکہ وہ شمشیر آہنی نہین ہی۔

عَلٰی عَاتِقِ الْمَلْكِ الْاَغَرِّ نِجَادُهٗ		وَفِیْ یَدِ جَبَّارِ السَّمٰوَاتِ قَائِمُهٗ	

من روی الملک بفتح المیم اراد الخلیفة وھو الناصر لدین اللہ ومن رواہ بضم المیم وھو الاکثر اراد المملکة والاغر الابیض الکریم وقائم السیف قبضتہ ترجمہ اُس شمشیر کا پرتلہ بادشاہ روشن اور کریم کے دوش پر ہی۔ یعنی وہ خلیفہ کے لئے زینت ہی یا وہ زینت دوش سلطنت کا ہی اور اُس تلوار کا قبضہ ہاتھ مین خدا وند تعالے کے ہی۔ یعنے اُسکی تمام کارروائی حسب مرضی ایزد سبحانہ کے ہی۔

تُحَارِبُهُ الْاَعْدَاءُ وَهِیَ عَبِیْدُهٗ		وَتَدَّخِرُ الْاَمْوَالَ وَهِیَ غَنَائِمُهٗ	

ترجمہ ممدوح کے دشمن اُس سے لڑتے ہین حالانکہ وہ اُسکے غلام ہین یعنے انجام مین وہ سب اُس کے قیدی ہوتے ہین اور وہ لوگ اموال جمع کرتے ہین اور آخر کو یہ سب اُسکی لوٹ مین آنے والے ہین۔ یہ امر عجیب ہی۔

وَیَسْتَكْبِرُوْنَ الدَّهْرَ وَالدَّهْرُ دُوْنَهٗ		وَیَسْتَعْظِمُوْنَ الْمَوْتَ وَالْمَوْتُ خَادِمُهٗ	

ترجمہ اور لوگ زمانہ کو بڑا شمار کرتے ہین حالانکہ وہ اُس سے کمتر ہی یعنی اُس کا مطیع ہی سب کام اُس کی مرضی کے موافق کرتا ہی۔ اور لوگ موت کو عظیم خیال کرتے ہین حالانکہ موت اُسکی خادم ہی کہ اُس کو جب چاہتا ہی دشمنون پر مسلط کر دیتا ہی اور وہ سبکو مار ڈالتی ہی۔

وَاِنَّ الَّذِیْ سَمّٰی عَلِیًّا لَمُنْصِفٌ		وَاِنَّ الَّذِیْ سَمَّاهُ سَیْفًا لَظَالِمُهٗ	

ترجمہ اور بیشک وہ شخص جسنے اُسکا نام علی رکھا ہی وہ البتہ منصف ہی کیونکہ وہ حقیقت مین عالی قدر ہی اور بیشک اُس شخص نے جس نے اُسکا نام سیف رکھا ہی ظالم ہی کیونکہ تلوار قسم جمادات مین سے ہی اور یہ عاقل فاضل۔

وَمَا كُلُّ سَیْفٍ یَقْطَعُ الْهَامَ حَدُّهٗ		وَتَقْطَعُ لَزْبَاتِ الزَّمَانِ مَكَارِمُهٗ	

اللزبات جمع لزبة وہی الشدة ترجمہ اور ہر تلوار کی دھار سرون کو نہین کاٹتی بلکہ کبھی اُچٹ جاتی ہی اور اُس سے خطا بھی نہین پڑتا۔ اور ممدوح کے عمدہ کرم زمانہ کی سختیون کو کاٹ ڈالتے ہین پس تلوار کو اُس سے کیا نسبت۔

وقال یمدحہ وقد عزم علی الرحیل عن انطاکیة

اَیْنَ اَزْمَعْتَ اَیُّهٰذَا الْهُمَامُ		نَحْنُ نَبْتُ الرُّبٰی وَاَنْتَ الْغَمَامُ	

الازماع العزم علی الرحیل۔ والہمام الملک العظیم الہمة۔ والربی جمع ربوة وخص الربی لان الروضة اذا کانت علیہا کانت انضر ترجمہ ای شاہ عزیم الہمة تو ہمارے پاس سے کس جگہ کا قصد رکھتا ہی ایسی صورت مین کہ ہم لوگ

ٹیلون کی گھانس ہین اور تو بمنزلہ ابر کے ہو پس ہمارا ظہور و بقا صرف تیرے سبب سے ہو کیونکہ جا بجا مرتفعہ مین صرف باران ہو آب پاشی کرتا ہو۔

نَحْنُ مَنْ ضَايَقَ الزَّمَانُ لَهُ فِيكَ وَخَانَتْهُ قُرْبَكَ الْأَيَّامُ	

ترجمہ ہم وہ لوگ ہین کہ زمانہ نے اپنے لئے تیرے معاملہ مین ہمسے بخل کیا اور ایام نے تیرے قرب کے باب مین ہماری خیانت کی یعنے زمانہ تیرا عاشق ہو اس نے تجکو ہم سے جدا کرکے صرف اپنا کر لیا جیسا کوئی رقیب یار کو تنہا لے اُڑتا ہو۔

فِي سَبِيلِ الْعُلَا قِتَالُكَ وَالسِّلْمُ وَهَذَا الْمُقَامُ وَالْإِجْذَامُ	

الاجذام الاسراع فے السیر ترجمہ تیری جنگ وصلح وقیام وتیزروی سب بلندنامی کی راہ مین ہی۔

لَيْتَ أَنَّا إِذَا ارْتَحَلْتَ لَكَ الْخَيْلُ وَأَنَّا إِذَا نَزَلْتَ الْخِيَامُ	

ترجمہ کاش جب تو کوچ کرتا تو ہم تیرے گھوڑے ہوتے اور جب تو فروکش ہوتا تو ہم تیرے خیمہ یعنی ہر حاجت مین تیرے خدمت گذار ہوتے۔ یہ وہی شعر ہو کہ معترضین نے جسپر اعتراض کیا تھا کہ متنبی نے اس شعر مین سیف الدولہ سے اپنے آپ کو بلند سمجھا جس کے جواب مین لقد نسبوا الخیام الی علاء کہا ہو۔ واحدی کہتا ہو کہ یہ اچھا نہین کہا کہ ہم تیرے لئے چوپائے ہو جائین۔ شاعر کو چاہئے کہ ممدوح کی مدح مین اپنی تذلیل نکرے۔ جیسا یہ کہنا اچھا نہین ہو کہ کاش مین تیری زوجہ ہو جاؤن۔

كُلَّ يَوْمٍ لَكَ احْتِمَالٌ جَدِيدٌ	وَمَسِيرٌ لِلْمَجْدِ فِيهِ مُقَامُ

ترجمہ تیرے لئے ہر روز ایک جدید سفر درپیش رہتا ہو جس سے تیری بلندی ہمت پائی جاتی ہو اور ہر روز تجکو ایک کوچ ہو جسمین شرف مقیم ہو یعنی تیرا ہر سفر باعث حصول مجد و شرف ہو۔

وَإِذَا كَانَتِ النُّفُوسُ كِبَارًا	تَعِبَتْ فِي مُرَادِهَا الْأَجْسَامُ

ترجمہ اور جبکہ ہمتین اور نیتین بڑی ہوتی ہین تو اُنکی مراد کے حاصل کرنے مین جسم سخت تکلیف اُٹھاتے ہین۔

وَكَذَا تَطْلُعُ الْبُدُورُ عَلَيْنَا	وَكَذَا تَقْلَقُ الْبُحُورُ الْعِظَامُ

جعل بدر کل شھر علی حیالہ بدرا فجمع لذلک والا فالبدر واحد ترجمہ اور جیسا کہ تو حرکت و سفر کرتا ہو ایسا ہی بدر کا حال ہو کہ وہ کبھی طلوع کرتا ہو اور کبھی غروب ہو جاتا ہو اور ایسے ہی بڑے سمندر متحرک رہتے ہین۔

وَلَنَا عَادَةُ الْجَمِيلِ مِنَ الصَّبْرِ لَوْ أَنَّا سِوَى نَوَاكَ نُسَامُ	

نسام نکلف ترجمہ اور تیرے فراق کے سوائے کسی اور سے ہمکو تکلیف دیجا دے تو ہمکو عادت صبر جمیل کی ہو مگر تیری جدائی پر ہمکو صبر نہین ہو سکتا۔

كُلُّ عَيْشٍ مَا لَمْ تُطِبْهُ حِمَامُ	كُلُّ شَمْسٍ مَا لَمْ تَكُنْهَا ظَلَامُ

قامت الحاد مقام مجرکان والاجود ان یقول ممکن ایا۔ ترجمہ ہر زندگی جسکو تو اپنے قرب کے سبب اچھا کردے تو وہ بمنزلہ موت کے ہو اور جب تو آفتاب نہو تو آفتاب بمنزلہ تاریکی ہو

أَزِلِ الْوَحْشَةَ الَّتِي عِنْدَنَا يَا	مَنْ بِهِ يَأْنَسُ الْخَمِيسُ اللُّهَامُ

اللهام العظیم الذی یلہم کل شئ دیالکہ ترجمہ ای وہ شخص کہ اسکے سبب لشکر عظیم مانوس ہوتا ہو بسبب اس کی تقویت کے تو ہماری وحشت کو دور کردے یعنی تو ہمارے پاس مقیم رہ۔

وَالَّذِي يَشْهَدُ الْوَغَى سَاكِنَ الْقَلْبِ كَأَنَّ الْقِتَالَ فِيهَا ذِمَامُ

ترجمہ اور ای وہ شخص کہ لڑائی مین ایسا بحالت اطمینان جاتا ہے کہ گویا لڑائی نے اس سے عہد کرلیا ہے کہ تمکو کچھ ضرر نہین پہنچے گا۔

وَالَّذِي يَضْرِبُ الْكَتَائِبَ حَتَّى	تَتَلَاقَى الْفِهَاقُ وَالْأَقْدَامُ

الفہاق جمع فہقہ وہی العظم الذی یکون علی اللہاۃ وہو مرکب الراس فی العنق وقیل ہی خرزۃ العنق المتصلۃ بالظہر ترجمہ اور ای وہ شخص کہ اپنی تلوار سے لشکروں کو قتل کرتا ہو اور انکی گردن کو قطع کرتا ہو یہانتک کہ وہ قدمون سے لمجاتی ہو۔

وَإِذَا حَلَّ سَاعَةً بِمَكَانٍ	فَأَذَاهُ عَلَى الزَّمَانِ حَرَامُ

ترجمہ اور جب وہ ایک ساعت کسی مکان مین ٹہرتا ہو تو وہ مکان اسکی پناہ مین ہوجاتا ہو اس لئے اس کا ستانا اور اسپر حوادث نازل کرنا زمانہ پر حرام ہوجاتا ہو۔

وَالَّذِي تُنْبِتُ الْبِلَادُ سُرُورٌ	وَالَّذِي تَمْطُرُ السَّحَابُ مُدَامُ

ترجمہ اور جہان وہ کچھ قیام فرماتا ہو تو وہ چیز جو وہانکے شہر اوگاتے ہین وہ خوشی ہوتی ہو اور جو ابر برساتے ہین وہ شراب ہوتی ہو۔ یعنی وہان ہمیشہ کو سامان عیش مہیا ہوجاتا ہو۔

كُلَّمَا قِيلَ قَدْ تَنَاهَى أَرَانَا	كَرَمًا مَا اهْتَدَى إِلَيْهِ الْكِرَامُ

ترجمہ جبکہ ممدوح کے حق مین کہا جاتا ہو کہ وہ کرم مین نہایت درجہ کو پہنچ گیا اب اوسے زیادہ نہین ہوسکتا تو وہ ایسے حال مین ایسا کرم دکھاتا ہو کہ سخی لوگ وہان تلک نہین پہنچے۔ یعنے پہلے سے زیادہ سخاوت کرتا ہو۔

وَكِفَاحًا تَكِعُّ عَنْهُ الْأَعَادِي	وَارْتِيَاحًا يَحَارُ فِيهِ الْأَنَامُ

کاع الرجل یکیع بکسر الکاف اذا عجز عن الشئ۔ والارتیاح الاہتزاز للکرم ترجمہ اور ممدوح ایسی دیاوری تیشیرزنی دکھاتا ہو کہ اس کے دشمن اس سے عاجز ہوجاتے ہین اور بخشش کرکے ایسا خوش ہونا دکھاتا ہو کہ تمام خلق اسکے باب مین

حیران رہجاتے ہین اور اُنکی عقلین دنگ ہوجاتی ہین۔

اِنَّمَا الهَيْبَةُ المُؤَمَّلُ سَيْفُ الدَّوْلَةِ المَلِكِ فِي القُلُوبِ حُسَامُ

ترجمہ سواے اس کے نہین ہو کر رعب و ہیبت اُمید گاہ خلائق سیف الدولہ بادشاہ کی تمام دلون مین بمنزلہ تلوار کے ہو یعنے اُسکا دشمنون سے لڑنے کی کچھ حاجت نہین ہو اُسکی ہیبت ہی کار شمشیر بران دیتی ہو۔

وَكَثِيرٌ مِنَ الشُّجَاعِ التَّوَقِّي | وَكَثِيرٌ مِنَ البَلِيغِ السَّلَامُ

ترجمہ جو بہادر شخص اُس سے اپنی جان بچالے یہ اُس کا بڑا کام ہو اور جو گویا بلیغ اُسکو سلام کرلے تو یہ امر کثیر ہی کیونکہ اُسکی ہیبت کے سبب کوئی ہمکلام نہین ہو سکتا۔

وقال یمدحہ

أَنَا مِنْكَ بَيْنَ فَضَائِلٍ وَمَكَارِمٍ | وَمِنِ ارْتِيَاحِكَ فِي غَمَامٍ دَائِمِ

الارتیاح الاہتزاز بالمعروف ترجمہ مین تیرے سبب فضائل ظاہرہ و مکارم شاملہ مین ہون اور تیرے سخاوت کرکے خوش ہونیسے ابر مدام بار مین جسکا فیض کبھی منقطع نہین ہوتا۔

وَمِنِ احْتِقَارِكَ كُلَّ مَا تَحْبُو بِهِ | فِيمَا أُلَاحِظُهُ بِعَيْنَيْ حَالِمِ

الحالم النائم۔ حلم اذا رأی فی منامہ شیئا ترجمہ اور تو جو بکثرت عطا فرماکر اُسکو حقیر سمجھتا ہو تو میرا حال ہر اُس چیز مین جو مین دیکھتا ہون ایسا ہو جیسا کوئی خواب دیکھتا ہو۔ کیونکہ اسقدر جود بچشم ظاہر کہین دیکھنے مین نہین آتی ناچار مین یہ سمجھتا ہون کہ یہ حال خواب مین دیکھ رہا ہون۔

إِنَّ الخَلِيفَةَ لَمْ يُسَمِّكَ سَيْفَهَا | حَتَّى ابْتَلَاكَ فَكُنْتَ عَيْنَ الصَّارِمِ

الصارم سیفہا الدولۃ ترجمہ بیشک خلیفہ نے تیرا نام اپنی دولت کی سیف نہین رکھا یہان تلک کہ تیرا امتحان کرلیا تو تو حقیقی شمشیر قاطع ہو جس کا وار خالی نہین جاتا۔

وَإِذَا تَتَوَّجَ كُنْتَ دُرَّةَ تَاجِهِ | وَإِذَا تَخَتَّمَ كُنْتَ فَصَّ الخَاتَمِ

ترجمہ اور جبکہ خلیفہ تاج پہنے تو تو اُس کے تاج کا موتی ہو اور جب وہ انگشتری پہنے تو تو اُسکی انگشتری کا نگینہ ہو یعنے تو ہر حالت مین اُسکی زینت کا باعث ہو۔

وَإِذَا انْتَضَاكَ عَلَى العِدَى فِي مَعْرَكٍ | هَلَكُوا وَضَاقَتْ كَفُّهُ بِالقَائِمِ

ترجمہ اور جبکہ خلیفہ معرکۂ جنگ مین دشمنون پر تجھے سونتے تو سب دشمن ہلاک ہو جاوینگے اور خلیفہ کا ہاتھ یعنی پنجہ تیرے قبضہ کے پکڑنے سے تنگی کریگا۔ کیونکہ تیرا مرتبہ اُسکی اطاعت سے زیادہ ہو بسبب علو تیرے مرتبہ کے۔

أَبْدَى العُدَاةُ بِكَ السُّرُورَ كَأَنَّهُمْ | فَرِحُوا وَعِنْدَهُمُ المُقِيمُ المُقْعِدُ

ترجمہ تیری ثنا ہمیشہ اُس شخص کے لئے جو تیرے وصف کیواسطے مستعد ہو سبب عجز کا ہی کہ وہ تیری تعریف کما حقہ نہین کرسکتا۔ اور جو تیرے وصف کو پوشیدہ رکھنا چاہے تو تیرا وصف پوشیدہ رکھنے والے کے دل کو تنگ کردیگا کیونکہ وہ بے اختیار تیرا وصف کرنا چاہتا ہی اور باین ہمہ وہ وصف کے بیان مین عاجز ہی اس لئے دل تنگ رہتا ہی۔

وقال یمدحہ ویصف الجیش سنۃ ثمان وثلثین وثلثمائۃ بمیافارقین

إِذَا كَانَ مَدْحٌ فَالنَّسِيبُ الْمُقَدَّمُ	أَكُلُّ فَصِيحٍ قَالَ شِعْرًا مُتَيَّمُ

نسب الرجل بالمرأۃ اذا شبب بہا۔ والتشبیب ہو الغزل ترجمہ شعرا کی عادت ہی کہ اول قصائد واشعار مین تشبیب سے شروع کرتے ہین۔ سو متنبی اس عادت کا انکار کرتا ہی اور کہتا ہی کہ یہ کیسی عادت ہی کہ جب مدح کرنا منظور ہو تو مقدم تشبیب لاتے ہین اور وجہ انکار یہ ہی کہ کیا جو فصیح شعر کہے وہ عاشق زار ہوتا ہی حالانکہ یہ کلیہ غلط ہی۔ پس التزام تشبیب لغو ہی۔ اور چونکہ یہ بات مشتہر چکی۔

لِحُبِّ ابْنِ عَبْدِ اللّٰهِ أَوْلَى فَإِنَّهُ	بِهِ يُبْدَأُ الذِّكْرُ الْجَمِيلُ وَيُخْتَمُ

ابن عبداللہ ہو علی بن عبداللہ سیف الدولۃ ترجمہ تو البتہ محبت سیف الدولہ بن عبداللہ کے اولی وافضل ہی کیونکہ ذکر جمیل اُسی سے شروع ہوتا ہی۔ اور اُسی پر ختم کیا جاتا ہی پس تشبیب کی کچھ حاجت نہین۔

أَطَعْتُ الْغَوَانِي قَبْلَ مَطْمَحِ نَاظِرِي	إِلَى مَنْظَرٍ يَصْغُرْنَ عَنْهُ وَيَعْظُمُ

او یعظم عنہن فحذف للقرینۃ۔ ومطمح بصرہ اذا ابعد البصر بالنظرۃ ترجمہ مین نے زنان حسینہ کی جو اپنے حسن کے سبب آرایش سے بے پروا ہین قبل میرے دیکھنے ایسے چہرہ کے جس کے حسن کے روبرو زنان حسینہ بے قدر ہین اور وہ چہرہ اُن سے خوشنمائی مین بہت زیادہ اطاعت کی اور جب اُسکو دیکھا تو اُنکی تابعداری چھوڑدی۔

تَعَرَّضَ سَيْفُ الدَّوْلَةِ الدَّهْرَ كُلَّهُ	يُطَبِّقُ فِي أَوْصَالِهِ وَيُصَمِّمُ

التطبیق ہو الذی اذا اصاب المفصل قطعہ لا یمیل یمینا ولا شمالا۔ والتصمیم ان یثبت فی صمیم المفصل وہو الذی بہ قوامہ ترجمہ سیف الدولہ تمام زمانہ سے ایسی طرح متعرض ہوا کہ اُس کے جوڑ بند توڑدے اور اُسکو ذلیل وخوار کردیا۔

فَجَازَ لَهُ حَتَّى عَلَى الشَّمْسِ حُكْمُهُ	وَبَانَ لَهُ حَتَّى عَلَى الْبَدْرِ مِيسَمُ

المیسم من الوسم وہو الکی ترجمہ اُسکا حکم سب پر نافذ ہی یہانتک کہ آفتاب پر کہ نہایت عظیم القدر ہی اور اُس کا جمال ظاہر ہوا۔ یہانتک کہ بدر پر اُسکی غلامی کا داغ ہی۔ مراد کلف سے ہی جو اُسکے چہرہ پر گونہ سیاہی ہی۔

كَأَنَّ الْعِدَى فِي أَرْضِهِمْ خُلَفَاؤُهُ	فَإِنْ شَاءَ حَازُوهَا وَإِنْ شَاءَ سَلَّمُوا

ترجمہ گویا اُس کے دشمن اپنے علاقون مین اُس کے خلیفہ ہین سو اگر یہ اُنکا رہنا وہان چاہے تو رہ سکتے ہین

اور جو اُنکا نکالنا چاہے تو اُسکو وہ علاقہ سپرد کردین یعنے روم اُس کے تابع ہین۔

وَلَا كُتُبَ اِلَّا الْمَشْرَفِيَّةُ عِنْدَهُ	وَلَا رُسُلَ اِلَّا الْخَمِيْسُ الْعَرَمْرَمُ

المشرفیۃ السیوف المصنوعۃ بمشارف الیمن ترجمہ اور اُس کے نامے نہین ہین مگر اُسکی تلوارین اور اُسکے قاصد نہین ہین مگر لشکر ہاے کلان یعنی اعدا کے پاس نامہ و پیام نہین بھیجتا بلکہ اپنی شجاعت سے اُنکو مغلوب کرتا ہی۔

فَلَمْ يَخْلُ مِنْ نَعْمَائِهِ مَنْ لَهُ يَدٌ	وَلَمْ يَخْلُ مِنْ شُكْرٍ لَهُ مَنْ لَهُ فَمُ

ترجمہ سوا اُسکی اعانت سے کوئی ہاتھ والا خالی نہین ہی اور اُس کے شکر سے کوئی دہن والا محروم نہین۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ بسبب سخاوت و شجاعت کے محبوب القلوب ہی اور اُسکی سلطنت کی بنا محبت ہی۔

وَلَمْ يَخْلُ مِنْ اَسْمَائِهِ عُوْدُ مِنْبَرٍ	وَلَمْ يَخْلُ دِيْنَارٌ وَلَمْ يَخْلُ دِرْهَمُ

ترجمہ اور اُس کے اسما و القاب سے کوئی منبر خالی نہین ہی اور نہ دینار و درم یعنی اُسکا خطبہ سب جگہ پڑھا جاتا ہی اور اُسکا سکہ ہر جگہ جاری ہی کیونکہ اُنپر اُسی کے نام کا سکہ لگتا ہی۔

ضَرُوْبٌ وَمَا بَيْنَ الْحُسَامَيْنِ ضَيِّقٌ	بَصِيْرٌ وَمَا بَيْنَ الشُّجَاعَيْنِ مُظْلِمُ

ترجمہ ممدوح بڑا شمشیر زن ہی جبکہ طرفین کی دونون تلوارون مین کچھ زیادہ فاصلہ نرہے یعنی جبکہ اعدا سے مٹ بھیڑ ہو جائے اور جبکہ دو بہادرون مین بسبب غبار جنگ تاریکی ہو جائے تو وہ بسبب اپنے استقلال کے خوب دیکھنے والا ہی۔

تُبَارِيْ نُجُوْمَ الْقَذْفِ فِيْ كُلِّ لَيْلَةٍ	نُجُوْمٌ لَهُ مِنْهُنَّ وَرْدٌ وَاَدْهَمُ

نجوم القذف ہی التی تقذف بہا الشیاطین ترجمہ ممدوح کے اسپان جو بسبب چمک سلاح کے تابان ہین اور کوئی تو اُنمین سرنگ برنگ گل ہی اور کوئی مشکی اُن ستارون کا مقابلہ کرتے ہین جنسے شیاطین سنگسار کیے جاتے ہین یعنے جیسے ستارہ ہاے مذکورہ سریع السیر ہوتے ہین ایسے ہی اُسکے گھوڑے بحالت تیز رفتاری شیاطین انس کو سنگسار کرتے ہین۔

يَطَأْنَ مِنَ الْاَبْطَالِ مَنْ لَا حَمَلْنَهُ	وَمِنْ قِصَدِ الْمُرَّانِ مَا لَا يُقَوَّمُ

القصد بالکسر قطع الرماح اذا انکسرت الواحد قصدۃ۔ والمران الرماح سمی بذلک لمرانہ ای للینہ ترجمہ ممدوح کے گھوڑے دلیران مقتول دشمن سے اُن کشتون کو روندتے ہین جنکا اٹھانا دشمن کو نصیب نہین ہوتا اور نیزہ ہاے شکستہ سے جو اُنکے جسم مین ٹوٹ گئے ہین اُن نیزون کو جو پھر سیدھے نہین ہو سکتے۔ اور من لاحملنہ کے یہ معنے بھی ہو سکتے ہین کہ اُنکو روندتے ہین جو ممدوح کے گھوڑون پر سوار نہین ہین یعنے دشمنون کو۔

فَهُنَّ مَعَ السِّيْدَانِ فِي الْبَرِّ عُسَّلٌ	وَهُنَّ مَعَ النِّيْنَانِ فِي الْمَاءِ عُوَّمُ

السیدان جمع سید وہو الذئب - والعسل جمع عاسل من عسلان الذئب وہو الاسراع والنینان جمع نون وہو الحوت والعوم جمع عائم وہو السابح ترجمہ سو وہ گھوڑے خشکی مین بھیڑیون کے ساتھ دوڑنے والے ہین - اور مچھلیون کے ساتھ دریا مین تیرنے والے - یعنی ممدوح کو خشکی اور تری دونون کی جنگ پیش آتی ہین اور ہر جگہ اُس کے گھوڑے خوب کام دیتے ہین -

وَهُنَّ مَعَ الْغِزْلَانِ فِي الْوَادِ كُمَّنٌ		وَهُنَّ مَعَ الْعِقْبَانِ فِي النِّيقِ حُوَّمُ

النیق اعلی الجبل - والحوم جمع حائم وہو الدوران من حومان الطیر ترجمہ اور وہ گھوڑے ہرنون کے ساتھ کبھی نالین اور جنگلون مین پوشیدہ ہونیوالے ہین اور کبھی عقابون کے ساتھ پہاڑ کی چوٹیون مین چکر لگاتے ہین یعنے اُنکے نزدیک میدان اور پہاڑ برابر ہین -

إِذَا جَلَبَ النَّاسُ الْوَشِيجَ فَإِنَّهُ		بِهِنَّ وَفِي لَبَّاتِهِنَّ يُحَطَّمُ

الوشیج عروق القنا ثم صار اسما لہ - واللبات جمع لبۃ وہی اوق النحر والضمیر فی فانہ للوشیج علی روایۃ من فتح الطاء ومن کسرہا فالضمیر لسیف الدولۃ ترجمہ جبکہ لوگ نیزے کی لکڑی دور سے لاتے ہین تو وہ نیزے اُن گھوڑون کے ذریعہ سے دشمنون کے سینہ کے سرون مین توڑے جاتے ہین یا ممدوح اُسکو اُس مقام پر توڑتا ہی -

بِغُرَّتِهِ فِي الْحَرْبِ وَالسِّلْمِ وَالْحِجَى		وَبَذْلِ اللُّهَى وَالْحَمْدِ وَالْمَجْدِ مُعْلِمُ

الباء متعلقۃ بمعلم - والحجی العقل - واللہی العطایا والمعلم ہو الذی یعلم نفسہ بعلامۃ عند الحرب ترجمہ ممدوح اپنے چہرۂ نورانی سے لڑائی وصلح اور عقل کے صرف کرنے مین اور مجد وشرف مین نشان مندہی - یعنی جب تو اُس کے چہرہ کو دیکھے تو فوراً معلوم کرے گا کہ وہ ان اُمور مین نامی ہی - وہ جب لڑتا ہی جس وقت لڑنا بہتر ہو اور ایسے ہی صلح کا حال ہی اور باقی صفات کے آثار اُس کے چہرہ پر نمودار ہین -

يُقِرُّ لَهُ بِالْفَضْلِ مَنْ لَا يَوَدُّهُ		وَيَقْضِي لَهُ بِالسَّعْدِ مَنْ لَا يُنَجِّمُ

ترجمہ جو شخص اُسکو دوست نہین رکھتا وہ بھی اُس کے فضل کا مقر ہی اور جو نجوم نہین جانتا وہ بھی اُس کی سعادتمندی کا حکم لگاتا ہی کیونکہ اُسکا فضل وسعد ایسا ظاہر ہی کہ اُس کا انکار کسی سے نہین ہو سکتا -

أَجَارَ عَلَى الْأَيَّامِ حَتَّى ظَنَنْتُهُ		تُطَالِبُهُ بِالرَّدِّ عَادٌ وَجُرْهُمُ

ترجمہ اُس نے سب لوگونکو خلاف رضاے زمانہ اُسکے حوادث سے پناہ دی یہان تلک کہ میرا اُس کی نسبت ایسا گمان ہی کہ اقوام عاد وجرہم جنکو عرصہ دراز سے زمانہ نے معدوم کر دیا ہی وہ بھی ممدوح سے درخواست کرین کہ ہمکو بھی حوادث زمانہ سے نجات دیکر پھر دنیا مین واپس لائے -

ضَلَالًا لِهَذِي الرِّيحِ مَاذَا تُرِيدُهُ		وَهَدْيًا لِهَذَا السَّيْلِ مَاذَا يُؤَمِّمُ

ترجمہ ضا اس ہوا کو گمراہ کرے اُسکا ارادہ مین ممدوح کے ستانے سے کیا ارادہ ہی اور باران کو خدا راہ راست دکھادے کہ وہ کرم مین اُس کے مشابہ ہی۔ پھر کہتا ہی کہ ابر کا اس بارش سے کیا قصد ہی شرح اگلے شعر مین ہی۔

اَلَمْ یَسْأَلِ الْوَبْلُ الَّذِی رَامَ ثَنْیَنَا	فَیُخْبِرَہٗ عَنْکَ الْحَدِیْدُ الْمُثَلَّمُ

نصب یخبرہ لانہ جواب الاستفہام بالفاء والوبل المطر الشدید ترجمہ کیا اُس باران شدید نے جس نے ہمارے لوٹانیکا قصد کیا تیرا حال اولوالعزمی کا کسی سے نہ پوچھا اگر وہ پوچھتا تو آہن سیف وسنان جو بسبب کثرت جنگ دندانہ دار ہوگیا ہی ممدوح کی کیفیت سے اُسکو خبر دیتا یعنے ہتیار اُسکو بتلا دیتے کہ ممدوح کو دھار تلوار وغیرہ کی تو پھیر ہی نہین سکتی پھر تیری تو کیا حقیقت ہی۔

وَلَمَّا تَلَقَّاکَ السَّحَابُ بِصَوْبِہٖ	تَلَقَّاہُ اَعْلٰی مِنْہُ کَعْبًا وَّاَکْرَمُ

بصوبہ ای بانصبابہ وہو المار۔ وفلان اعلی کعبًا من فلان ارفع من صاحبہ قدرا واصلہ فی المصارعین لان کعب الغالب اعلی من کعب المغلوب ترجمہ اور جبکہ ابر تجھ سے مع اپنے باران کے ملا تو ایسے شخص سے ملا جو اُس سے بلحاظ شرف بلند مرتبہ تھا اور باعتبار سخاوت اُس سے زیادہ سخی۔

فَبَاشَرَ وَجْھًا طَالَمَا بَاشَرَ الْقَنَا	وَبَلَّ ثِیَابًا طَالَمَا بَلَّھَا الدَّمُ

ترجمہ وہ باران ایسے مبارک چہرہ سے ملا جو بسا اوقات نیزون سے ملتا تھا اور اُس نے ایسے کپڑے تر کئے جنکو خون اعدا اکثر تر کرتا تھا۔ یعنی جب وہ نیزون اور خون سے روگردان نہین ہوتا تو باران کی کیا حقیقت ہی۔

تَلَاکَ وَبَعْضُ الْغَیْثِ یَتْبَعُ بَعْضَہٗ	مِنَ الشَّامِ یَتْلُوا الْحَاذِقَ الْمُتَعَلِّمُ

تلاک تبعک ترجمہ باران نے تیری ایسے حال مین پیروی اختیار کی کہ پارہائے ابر ایک دوسرے کے پیچھے ملک شام سے چلے آتے تھے جیسا شاگرد بامید تعلم اُستاد حاذق کے پیچھے پیچھے چلا آتا ہی۔ یعنی تو سخا وکرم مین اُستاد ہی اور ابر شاگرد سو جیسا شاگرد اُستاد کی پیروی بامید سیکھنے کے کرتا ہی ایسا ہی ابر نے بامید تعلم سخا تیری پیروی کی وللہ در المتنبی حیث اجاد۔

فَزَارَ الَّتِیْ زَارَتْ بِکَ الْخَیْلُ قَبْرَھَا	وَجَشَّمَہُ الشَّوْقُ الَّذِیْ یَتَجَشَّمُ

جشمہ کلفہ ترجمہ سو باران نے تیری والدہ کی قبر کی زیارت کی جس کی تیرے سوارون نے تیرے ساتھ زیارت کی اور اُسکو اُس شوق نے تکلیف دی جس نے تجھے تکلیف سفر دی۔ ابر کا قبر کو زیارت کرنا نہایت بامزہ مضمون ہی دعا مین کہتے ہین سقی اللہ ثراہ۔

وَلَمَّا عَرَضْتَ الْجَیْشَ کَانَ بَھَاؤُہٗ	عَلَی الْفَارِسِ الْمُرْخَی الذُّؤَابَۃِ مِنْھُمُ

من نصب الذوابۃ جعلہ کالضارب الرجل فاعل اسم الفاعل ومن جرہا جعلہ کالحسن الوجہ۔ والذوابۃ الضفیرۃ من ۴

شعر الراس۔ ہذا ہو الاصل وسمی اسدل من العمامۃ بذلک وہو المراد ہہنا ترجمہ اور جب تو نے لشکر کی پریٹ لی اور شمار کیا تو باوجود کثرت جوانان زینت اور رونق اُسکی اُس شہسوار کے سبب تھی کہ اُمین اُس کے عمامہ کی دم لٹکی ہوئی تھی یعنے تیرے باعث۔ عرب کے سرداروں کی بوقت جنگ یہی وردی ہوتی ہی۔

بَحْرٌ	حَوَالَيْهِ بَحْرٌ لِلتَّجَافِيفِ مَائِجٌ		يَسِيرُ بِهِ طَوْدٌ مِنَ الْخَيْلِ أَيْهَمُ

التجافیف جمع تجفاف وہو بالفارسیۃ برگستوان۔ والایہم الذی لایہتدی الیہ ترجمہ ممدوح کے گرد گھوڑوں کے براق پاکھروں کا ایک دریا موج زن تھا جسکو گھوڑوں کا ایک پہاڑ کہ اُس میں بسبب کثرت کے راہ نہیں ملتی تھی لئے جاتا تھا۔ کثرت پاکھروں کو دریا سے اور اسپان بلند کو پہاڑ سے تشبیہ دی ہی۔ اور اسمین عجیب یہ امر تھا کہ پہاڑ دریا کو لئے جاتا تھا۔

	تَسَاوَتْ بِهِ الْأَقْتَارُ حَتَّى كَأَنَّهُ		يُجَمِّعُ أَشْتَاتَ الْجِبَالِ وَيَنْظِمُ

الاقتار جمع قتر وہو الناحیۃ من الارض وہی مثل الاقطار ترجمہ گھوڑوں کے پہاڑ سے اطراف زمین برابر ہو گئے گویا اُس نے تمام پہاڑوں کو ایک جگہ جمع اور منتظم کر لیا۔

	وَكُلُّ فَتًى لِلْحَرْبِ فَوْقَ جَبِينِهِ		مِنَ الضَّرْبِ سَطْرٌ بِالْأَسِنَّةِ مُعْجَمُ

کل عطف علی بحر ترجمہ اور اُسکے گرداگرد ہر ایک ایسا بہادر جوان تھا کہ اُسکی پیشانی پر ضرب شمشیر کی ایک سطر اور زخہائے نیزوں کے نقطے لگے ہوئے تھے۔ یعنی وہ جوان سنمکھ ہو کر لڑنے والے تھے اس لئے زخم اُنکے چہروں پر تھے نہ پشتوں پر۔

	يَمُدُّ يَدَيْهِ بِالْمُفَاضَةِ ضَيْغَمٌ		وَعَيْنَيْهِ مِنْ تَحْتِ التَّرِيكَةِ أَرْقَمُ

یرید ویفتح عینیہ وہو من باب علفتہا تبنا وماء باردا ای وسقیتہا ماء باردا وارادہ بمد یدیہ منہ محذوف للعلم بہ۔ والمفاضۃ الدرع الواسعۃ۔ والتریکۃ البیضۃ تشبیہا بالتریکۃ وہی بیضۃ النعامۃ اذا انفقئت وخرج الفرخ فترکت۔ والارقم ضرب من الحیات وجمع الارقم وسمی بذلک لنقش فی ظہرہ ترجمہ وسیع زرہ میں اپنے دونوں ہاتھ ایک شیر دراز کرتا ہی اور خود کے تلے اپنی دونوں آنکھیں ایک کوڑیالا سانپ کھولتا ہی یعنے اُمین ہر ایک بسبب قوت وشجاعت شدت حملہ میں مثل شیر و مار ارقم کے ہی اُن کے مقابلہ کی ہمت کسیکو نہیں ہی۔

	كَأَجْنَاسِهَا رَايَاتُهَا وَشِعَارُهَا		وَمَا لَبِسَتْهُ وَالسِّلَاحُ الْمُسَمَّمُ

المسمم الذی سقی السم۔ والشعار ہا الکلام الذی یتکلم بہ وقت الحرب وہو کلام اصطلحوا علیہ واراد بالشعار ہہنا العمامۃ ترجمہ مثل اجناس گھوڑوں کی عمدگی اور اختلاف رنگوں میں اُنکے جھنڈے اور اُنکے لباس اور جملہ سامان اور اُن کے ہتیار زہر پروردہ ہیں۔

وَاَدَّبَهَا طُوْلُ الْقِتَالِ فَطَرْفُهُ	يُشِيْرُ اِلَيْهَا مِنْ بَعِيْدٍ فَتَفْهَمُ

ترجمہ اوراُن گھوڑون کو مشق جنگ نے ہذب بنادیا ہی سواُن کا سوار اُنکی طرف آنکھ سے دور سے اشارہ کرتا ہی تو وہ سمجھ جاتے ہین اور حسب اشارہ کے کام کرنے لگتے ہین -

تُجَاوِبُهُ فِعْلًا وَمَا تَعْرِفُ الْوَحْيَ	وَيُسْمِعُهَا لَحْظًا وَمَا يَتَكَلَّمُ

الوحی الصوت الخفی ترجمہ وہ گھوڑے اپنے سوار کو بروے فعل جواب دیتے ہین حالانکہ وہ آواز نہین سُنتے اور سوار اُنکو باشارہ چشم اپنا مطلب سُناتا ہی اور کلام نہین کرتا -

تَجَانَفُ عَنْ ذَاتِ الْيَمِيْنِ كَاَنَّهَا	تَرِقُّ لِمَيَّافَارِقِيْنَ وَتَرْحَمُ

التجانف المیل - ومیافارقین بلدۃ من اعمال دیار بکر ترجمہ وہ گھوڑے داہنی طرف جانبسے کنارہ کرتے ہین گویا وہ شہر میافارقین پر نرم دلی اور رحم کرتے ہین - کیونکہ وہان والدۂ سیف الدولہ کی قبر ہی اُس شہر کو پامال کرنے سے احتراز کرتے ہین -

وَلَوْ زَحَمَتْهَا بِالْمَنَاكِبِ زَحْمَةً	دَرَتْ اَيُّ سُوْرَيْهَا الضَّعِيْفُ الْمُهَدَّمُ

السور حصار البلد ترجمہ اور اگروہ گھوڑے اپنے کندھون سے اُسکا کچھ بھی مقابلہ کرین تو اُس شہر کو بخوبی معلوم ہوجائے کہ حصار لشکر وحصار شہر مین سے کون ضعیف اُفتادہ ہی یعنی شہر مذکور کو معلوم ہوجائے کہ اُس کی فصیل باوجود استحکام ضعیف ہی اور کثرت لشکر کا مقابلہ نہین کرسکتی - قال ابو الفتح ومن العجب اجرلی ان ابا الطیب الشد هذہ القصیدۃ عصراً ووقع السور لیلا -

عَلٰى كُلِّ طَاوٍ تَحْتَ طَاوٍ كَاَنَّهُ	مِنَ الدَّمِ يُسْقٰى اَوْ مِنَ اللَّحْمِ يُطْعَمُ

الطاوی الخمیص الجوف ترجمہ ہر باریک کمر گھوڑا زیران ہر باریک کمر سوار کے ہی اور ایسی تیزی سے جاتے ہین کہ گویا اُنکو خون اعدا پلایا جاتا ہی اور اُن کا گوشت کھلایا جاتا ہی کہ اُس شوق مین تیزی کرتے ہین -

لَهَا فِي الْوَغٰى زِيُّ الْفَوَارِسِ فَوْقَهَا	فَكُلُّ حِصَانٍ دَارِعٌ مُتَلَثِّمُ

الحصان الذکر من الخیل - والدارع لابسۃ تجفاف وتلثم علی وجہ مخلطۃ من حدید ترجمہ اُن گھوڑون کا وہی لباس ہی جو اُن سوارون کا جو اُنپر سوار ہین پس ہر گھوڑا پاکھرے زرہ پوش اور آہن چہرہ پر واسطے حفاظت کے ڈالے ہوئے ہی -

وَمَا ذَاكَ بُخْلًا بِالنُّفُوْسِ عَلَى الْقَنَا	وَلٰكِنَّ صَدْمَ الشَّرِّ بِالشَّرِّ اَحْزَمُ

ترجمہ اور یہ سوارون کا زرہ پوش ہونا اس سبب سے نہین ہی کہ وہ اپنی جانون کا موت سے بخل کرتے ہین کیونکہ بسبب شجاعت کے اُنکو اپنے مرنے کی کچھ پروا نہین ہی - بلکہ بات یہ ہی کہ مقابلہ شر کا شر سے زیادہ ہوشیاری

کی بات ہی۔ شر اول سے مراد شر اعداہی اور شر ثانی سے مطلب وہ شر ہی جو اُنکے مقابلہ مین کی گئی اُس کو جو بطور قصاص ہی شر بخیال مشاکلۃ کہا گیا کقولہ تعالیٰ جزاء سیئۃ سیئۃ مثلہا۔

أَتَحْسَبُ بِيضُ الْهِنْدِ أَصْلَكَ أَصْلَهَا ۔۔۔ وَأَنَّكَ مِنْهَا سَاءَ مَا تَتَوَهَّمُ

ترجمہ کیا شمشیر ہاے ہندی یہ سمجھتی ہین کہ تیری اور اُنکی اصل ایک ہی اور تو اُسی قسم کی سیف ہی یہ اُن کا گمان بد ہی یعنے گو مشارکت اسمی ہو مگر تو اُن سے اعلیٰ واشرف ہی۔

إِذَا نَحْنُ سَمَّيْنَاكَ خِلْنَا سُيُوفَنَا ۔۔۔ مِنَ التِّيهِ فِي أَغْمَادِهَا تَتَبَسَّمُ

ترجمہ جبکہ ہم تیرا نام سیف لیتے ہین تو ہم خیال کرتے ہین کہ ہماری تلوارین اپنے میانون مین غرور سے تبسم کرنے لگتی ہین۔ یعنی صرف بلحاظ مشارکت نام کے۔

وَلَمْ نَرَ مَلْكًا قَطُّ يُدْعَى بِدُونِهِ ۔۔۔ فَيَرْضَى وَلٰكِنْ يَجْهَلُونَ وَتَحْلُمُ
أَخَذْتَ عَلَى الْأَعْدَاءِ كُلَّ ثَنِيَّةٍ ۔۔۔ مِنَ الْعَيْشِ تُعْطِي مَنْ تَشَاءُ وَتَحْرِمُ

الثنیۃ الجبل الصغیر وقیل ہی الطریق فے راس الجبل ترجمہ اور ہم نے کوئی ایسا بادشاہ تیرے سوا نہین دیکھا کہ وہ اپنے مرتبہ اور اپنے نام سے کمتر نام کے ساتھ پکارا جاوے اور وہ اسپر راضی ہوجائے۔ یعنی تجھے جو سیف کہتے ہین یہ نام تیرے رتبہ سے کم ہی مگر دشمن تیری قدر سے جاہل ہین اور تو بردباری کرتا ہی۔ تو نے اپنے دشمنون کی زندگی کی سب راہین روکدی ہین اور اب اُنکی زندگی کی کوئی صورت باقی نہین رہی ہی جسکو تو چاہے دے اور جسے چاہے نہ دے۔ سو یہ باتین رسمی شمشیر مین نہین ہوتین۔

فَلَا مَوْتَ إِلَّا مِنْ سِنَانِكَ يُتَّقَى ۔۔۔ وَلَا رِزْقَ إِلَّا مِنْ يَمِينِكَ يُقْسَمُ

ترجمہ سو موت کا خوف نہین ہی مگر تیرے نیزے سے اور کسیکو رزق نہین دیا جاتا ہی مگر تیرے دست راست سے

وقال یعاتب سیف الدولۃ وانشدہا فی محفل من العرب وکان سیف الدولۃ اذا تاخر عنہ مدحہ شق علیہ واحضر من لاخیر فیہ وتقدم الیہ بالتعرض لہ فی مجلسہ بما لا یحب فاکثر علیہ مرۃ بعد مرۃ فقال یعاتبہ

وَاحَرَّ قَلْبَاهُ مِمَّنْ قَلْبُهُ شَبِمُ ۔۔۔ وَمَنْ بِجِسْمِي وَحَالِي عِنْدَهُ سَقَمُ

وا حرف الندبۃ۔ وکان الاصل قلبی فابدل من الیاء الفا طلبا للخفۃ والعرب تفعل ذلک فی النداء واستجاب ہاء السکت کما تثبت فی الوقف۔ وقلباہ بکسر الہاء وضمہا وہو جائز عند الکوفیین قال ابو الفتح الکسرۃ لتقاء الساکنین الالف والہاء ومن ضمہا شبہہا بہا ہ درجاہ والکوفیون ینشدون لبعض الاعراب سہ وقد رابنی قولہا یا بناہ ویحک الحقت شرا بشر والشبم البارد ترجمہ میرے دل کی حرارت کا اُس شخص کی محبت سے جسکا دل میری مہر سے سرد ہی

سخت افسوس ہی اور اُس سے جنکی اعراض کے سبب میرا جسم اور حال بیار شدید ہی یعنی افسوس اس بات کا ہی کہ میرا دل تو اُس کی آتش محبت سے جلتا ہی اور وہ سخت دل سرد ہی۔

مَالِي أُكَتِّمُ حُبًّا قَدْ بَرَى جَسَدِي	وَتَدَّعِي حُبَّ سَيْفِ الدَّوْلَةِ الْأُمَمُ

اکتم مبالغۃ فی الکتمان وبری جسدی انحلہ واضناہ ترجمہ مجکو کیا ہوگیا ہی کہ مین اُس محبت کو چھپاتا ہون جس نے میرے جسم کو لاغر کردیا ہی اور حال یہ ہی کہ سیف الدولۃ کی محبت کا دعوی تمام لوگ کرتے ہین غرض یہ ہی کہ جنکے محبت کے دعوے بے دلیل ہین وہ تو اخفائے حب ممدوح نہین کرتے تو مین عاشق صادق ہو کر کیون رنج اخفا اُٹھاؤن۔

إِنْ كَانَ يَجْمَعُنَا حُبٌّ لِغُرَّتِهِ	فَلَيْتَ أَنَّا بِقَدْرِ الْحُبِّ نَقْتَسِمُ

الغرۃ الطلعۃ والوجہ الحسن الاغر ترجمہ اگر اُس کے روے مبارک کی محبت مجھے اور تمام خلائق کو اکٹھا کرتی ہی یعنی دونون مین مشترک ہی تو کاش ہم مین ہر ایک بقدر اپنی دوستی کے اُس کے انعام واحسان یا مراتب باہم تقسیم کرلین۔ تو اس صورت مین اُس کے احسانات یا مراتب مین میرا حصہ زیادہ ہوگا۔

قَدْ زُرْتُهُ وَسُيُوفُ الْهِنْدِ مُغْمَدَةٌ	وَقَدْ نَظَرْتُ إِلَيْهِ وَالسُّيُوفُ دَمُ
فَكَانَ أَحْسَنَ خَلْقِ اللّٰهِ كُلِّهِمِ	وَكَانَ أَحْسَنَ مَا فِي الْأَحْسَنِ الشِّيَمُ

فی المصراع الاخیر تقدیم وتاخیر والتقدیر وکان الشیم احسن مافی الاحسن ترجمہ مین نے ممدوح کو ایسے حال مین بھی دیکھا ہی کہ تلوارین ہندی میانون مین تھین یعنے بحال صلح اور ایسے وقت مین بھی دیکھا ہی کہ شمشیرین بسبب کثرت خونریزی کے سراسر خون معلوم ہوتی تھین سو وہ دونون حالون مین سب خلق اللہ سے عمدہ تھا اور اُس کی نیک خصلتین تمام اُس کے اچھے کامون مین سب سے اچھی تھین۔

فَوْتُ الْعَدُوِّ الَّذِي يَمَّمْتَهُ ظَفَرٌ	فِي طَيِّهِ أَسَفٌ فِي طَيِّهِ نِعَمُ

الضمیر فی طیہ الاول عائد الی الظفر وفی الثانی الی الاسف ترجمہ تیرے آگے سے اُس دشمن کا بھاگجانا جس کے قتل کا تونے قصد کیا۔ ایسی فتحمندی ہی کہ اُس کی تہ مین افسوس ہی کہ وہ زندہ بھاگ گیا اور اس افسوس کی تہ مین نعماے الٰہی بھی ہین کیونکہ تجکو اُسکے قتل کی تکلیف نہوئی جسمین خوف مجروح ہونے کا بھی تھا۔

قَدْ نَابَ عَنْكَ شَدِيدُ الْخَوْفِ وَاصْطَنَعَتْ	لَكَ الْمَهَابَةُ مَا لَا تَصْنَعُ الْبُهَمُ

البھم جمع بھمۃ الابطال ترجمہ تیرا رعب شدید دشمنون کے حق مین تیرا قائم مقام ہوگیا اور اُن کو بھگا دیا۔ اور تیرے لئے تیری ہیبت نے وہ کام کیا جو دلیر لوگ نہین کرتے۔

أَلْزَمْتَ نَفْسَكَ شَيْئًا لَيْسَ يَلْزَمُهَا	أَنْ لَا يُوَارِيَهُمْ أَرْضٌ وَلَا عَلَمُ

ترجمہ تونے اپنے نفس پر ایسی شئے لازم کرلی ہی جو فی الحقیقت اُسکو لازم نہ تھی وہ یہ ہی کہ دشمنون کو نہ زمین چھپا سکے اور نہ پہاڑ یعنی لڑائی سے مقصود دشمن کا بھگا دینا ہوتا ہی نہ یہ کہ کہین اُسکو پناہ نہ ملے۔

أكلما رمت جيشا فانثنى هربا ‏ ‏ ‏ تصرفت بك في آثاره الهمم

ترجمہ کیا تونے یہ قاعدہ مقرر کیا ہی کہ جب تو کسی لشکر کا قصد کرے اور وہ بھاگتا ہوا لوٹ جاوے تو تیری ہمتین اُسکے پیچھے تجکو لئے پھرین یہان تلک کہ تو اُنکو تہ تیغ کرے سو ایسا ہونا نچاہئے وجہ اگلے شعر مین ہی۔

عليك هزمهم في كل معترك ‏ ‏ ‏ وما عليك بهم عار إذا انهزموا

ترجمہ کیونکہ تجھپر یہ فرض ہی کہ اُنکو ہر میدان سے بھگاوے۔اگر وہ تجھسے لڑین اور اگر وہ بسبب تیری ہیبت کے بے لڑے بھاگ جاوین تو اُس سے تجھپر کچھ ننگ و عار عائد نہین ہوتا۔

أما ترى ظفرا حلوا سوى ظفر ‏ ‏ ‏ تصافحت فيه بيض الهند واللمم

تصافحت تلاقت بالصفاح وہی السیوف۔واللمم جمع لمۃ وہی الشعر اذا الم بالمنکب ترجمہ کیا تو کسی فتح کو شیرین نہین سمجھتا سوائے اُس فتح کے جس مین شمشیر ہائے ہندی اور سر دشمنان باہم ملین۔

يا أعدل الناس إلا في معاملتي ‏ ‏ ‏ فيك الخصام وأنت الخصم والحكم

ترجمہ ای لوگون مین بڑے عادل مگر میرے معاملہ مین کہ اُس مین تو عدل نہین کرتا۔تجھی مین میرا جھگڑا اور تجھی سے جھگڑا ہی اور تو ہی حکم ہی کیونکہ تو بادشاہ ہی تیرے سوا تیرا کون فیصلہ کرسکتا ہی۔

أعيذها نظرات منك صادقة ‏ ‏ ‏ أن تحسب الشحم فيمن شحمه ورم

قال ابو الفتح سألتہ عن الہاء علی ای شئ تعود فقال علی النظرات وقد اجاز مثلہ الاخفش فی قولہ تعالی فانہا لاتعمی الابصار فقال الہاء راجعۃ الی الابصار وغیرہ من النحویین یقول انہا اضمار علی شریطۃ التفسیر کانہ فسر الہاء بالنظرات ترجمہ تیری صادق نگاہون کے واسطے پناہ مانگتا ہون اُس عیب سے کہ تو صاحب ورم کو طیار چربی والا سمجھے یہ بطور مثل کے ہی یعنی تیری نظر صادق ہی ہر چیز کو دیکھتے ہی اُس کا حال واقعی معلوم کرلیتی ہی۔پس تجکو مناسب نہین ہی کہ گھٹیا شاعرون کو مثل میرے عمدہ شاعر سمجھے اور ورم والے کو صاحب چربی جانے۔

وما انتفاع أخي الدنيا بناظره ‏ ‏ ‏ إذا استوت عنده الأنوار والظلم

صاحب دنیا یعنے زندہ شخص کو اپنی آنکھ سے کیا فائدہ ہی جب اُس کے نزدیک روشنیان اور تاریکیان برابر ہون یعنے تجکو لازم ہی کہ مجھ مین اور کمتر شاعرون مین فرق سمجھے۔

أنا الذي نظر الأعمى إلى أدبي ‏ ‏ ‏ وأسمعت كلماتي من به صمم

ترجمہ مین وہ شخص ہون کہ اندھے نے بھی میری ادب اور لیاقت شعری کو دیکھلیا۔یعنے میرے اشعار تمام روے

زمین پر شائع ہوگئے اور سبکو اُنکی خوبی معلوم ہوگئی - اور میرے اشعار نے بہرون کو بھی صاحب سماعت کردیا کہ اُنھون نے بھی میرا کلام سُنلیا - وکان المعریؔ اذا انشد ہذا البیت قال انا الاعمیٰ -

اَنَامُ مِلْأَ جُفُوْنِی عَنْ شَوَارِدِھَا	وَیَسْھَرُ الْخَلْقُ جَرَّاھَا وَیَخْتَصِمُ

ضمیر شواردہا للکلمات - والشوارد والنوافر من قولہم شرد البعیر اذا نفر ویقال فعلت ذاک من جراک ای من اجلک ترجمہ مین تلاش مضامین دقیق سے (یعنی اُن مضامین کی تلاش سے جاور شاعرون کے ذہنون مین نہین آتے اور اُن سے بھاگتے ہین) بڑے آرام سے بھری چشم سوتا ہون کیونکہ اس قسم کے مضامین دقیقہ دست بستہ میرے آگے کھڑے رہتے ہین اور اُنکی تلاش کی تکلیف مجکو کرنی نہین پڑتی - اور اور شاعر اُنکی تلاش مین رات بھر جاگتے ہین اور باہم جھگڑتے ہین - اور کھینچا تانی کرتے ہین -

وَجَاھِلٍ مَدَّہٗ فِیْ جَھْلِہٖ ضَحِکِیْ	حَتّٰی اَتَتْہُ یَدٌ فَرَّاسَۃٌ وَفَمُ

اصل الفرس دق العنق ومنہ سمی الاسد فراسا ترجمہ اور بہت سے نادان ہین کہ اُنکو اُنکے جہل مین میرے زہرخندہ نے کھینچا ہی یعنی وہ میرے ہنسی کے دھوکے مین آگئے ہین یہان تلک کہ اُس کے پاس چیرپھاڑ کرنے والا ہاتھ اور منھ آیا اور اُسکو ہلاک کردیا - یعنی آخر مین نے اُنھین تباہ کردیا -

اِذَا نَظَرْتَ نُیُوْبَ اللَّیْثِ بَارِزَۃً	فَلَا تَظُنَّنَّ اَنَّ اللَّیْثَ مُبْتَسِمُ

ترجمہ جبکہ تو دندان شیر کھلے ہوئے دیکھے تو یہ مت سمجھ کہ شیر تبسم کرنے والا ہی بلکہ وہ تیرے ہلاک کرنے کا قاصد ہی - ایسا ہی اگر مین جاہل سے ہنسکر بولون تو یہ میری خوشنودی کی علامت نہین ہی بلکہ سبب اُسکی ہلاکی کا ہی -

وَمُھْجَۃٍ مُھْجَتِیْ مِنْ ھَمِّ صَاحِبِھَا	اَدْرَکْتُھَا بِجَوَادٍ ظَھْرُہٗ حَرَمُ

ترجمہ اور بہت سی جانین ہین کہ اُس جاندار کا قصد میری جان ہی یعنی وہ میرے قتل کا ارادہ رکھتا ہی کہ مین نے اُس جان کو بوسیلہ ایسے عمدہ گھوڑے کے جا لیا جس کی پشت سوار کے لئے بمنزلہ حرم مکہ معظمہ جاے امن ہی یعنے اُس تلک کوئی نہین پہنچ سکتا -

رِجْلَاہُ فِی الرَّکْضِ رِجْلٌ وَالْیَدَانِ یَدٌ	وَفِعْلُہٗ مَا تُرِیْدُ الْکَفُّ وَالْقَدَمُ

ترجمہ اُس کے دونون اگلے پانو بمنزلہ ایک پانو کے ہین اور دونون پچھلے پانو بمنزلہ ایک پانو کے یعنی وہ سیدھی چال کا گھوڑا ہی اگلے پاؤن دونون ایک ساتھ اُٹھاتا ہی اور رکھتا ہی اور ایسے ہی دونون پچھلے پانون - اور اُس کا کام اور رفتار اُس موافق ہی جو ہاتھ بذریعہ لگام یا چابک کے اور قدم بواسطہ اشارہ یا ایڑ کے چاہے - یعنی وہ بے اشارہ لگام و چابک اور ایڑ کے مرضی سوار کے موافق کام کرتا ہی -

وَمُرْھَفٍ سِرْتُ بَیْنَ الْجَحْفَلَیْنِ بِہٖ	حَتّٰی ضَرَبْتُ وَمَوْجُ الْمَوْتِ یَلْتَطِمُ

المرہف السیف الرقیق الشفرتین ترجمہ اور بہت سی تیز شمشیریں ہیں کہ میں اُسکو لیکر دو بڑے لشکروں کے بیچ میں گھسا ہوں ایسے حال میں کہ موج موت تھپیڑے مار رہی تھی یہان تلک کہ میں نے وہ شمشیر دشمن کے ماری۔

فَالْخَيْلُ وَاللَّيْلُ وَالْبَيْدَاءُ تَعْرِفُنِي ۔۔ وَالضَّرْبُ وَالطَّعْنُ وَالْقِرْطَاسُ وَالْقَلَمُ

البیداء الفلاۃ البعیدۃ عن الماء ترجمہ سو گھوڑے اور رات اور خشک جنگل مجکو بخوبی جانتے ہیں اور ضرب شمشیر و نیزہ اور کاغذ و قلم یعنی میں صاحب رزم و بزم و سفر و شجاعت و فصاحت ہوں۔

صَحِبْتُ فِي الْفَلَوَاتِ الْوَحْشَ مُنْفَرِدًا ۔۔ حَتَّى تَعَجَّبَ مِنِّي الْقُوْرُ وَالْأَكَمُ

القور بالضم جمع قارۃ وہی الاکمۃ ترجمہ میں جنگلوں میں تنہا وحشیوں کے ساتھ رہا یہان تلک کہ میری جفاکشی سے ٹیلہ اور پہاڑ کہ سوائے اُنکے کچھ وہان نہ تھا تعجب کرنے لگے۔ اپنے سفر پیشگی کی تعریف کرتا ہی۔

يَا مَنْ يَعِزُّ عَلَيْنَا أَنْ نُفَارِقَهُمْ ۔۔ وِجْدَانُنَا كُلَّ شَيْءٍ بَعْدَكُمْ عَدَمُ

ترجمہ ای وہ شخص کہ تمہاری مفارقت ہمکو سخت گران ہی اور تمہاری جدائی میں ہمکو ہر شئی کا پانا ہیچ ہی۔

مَا كَانَ أَخْلَقَنَا مِنْكُمْ بِتَكْرِمَةٍ ۔۔ لَوْ أَنَّ أَمْرَكُمُ مِنْ أَمْرِنَا أَمَمُ

امم اقرب من امرین لا البعید ولا قریب ترجمہ ہم کسقدر تمہاری تکریم کے سزاوار ہوتے اگر تم درباب محبت ہم سے قریب ہوتے۔ یعنی اگر تم ہم پر ایسے مہربان ہوتے جیسا ہم تم سے محبت رکھتے ہیں تو تم ہماری بڑی قدر کرتے۔

إِنْ كَانَ سَرَّكُمُ مَا قَالَ حَاسِدُنَا ۔۔ فَمَا لِجُرْحٍ إِذَا أَرْضَاكُمُ أَلَمُ

ترجمہ اگر تمکو ہمارے حاسدوں کے قول نے خوش کیا ہی تو اُس زخم کا جس نے تمکو خوش کیا ہی ہمیں درد معلوم نہیں ہوگا کیونکہ ہم ہر حال میں تمہاری موافقت کو دوست رکھتے ہیں ؎ ہر چہ از دوست میرسد نیکوست۔

وَبَيْنَنَا لَوْ رَعَيْتُمْ ذَاكَ مَعْرِفَةٌ ۔۔ إِنَّ الْمَعَارِفَ فِي أَهْلِ النُّهَى ذِمَمُ

النہی جمع نہیۃ وہی العقل۔ والذمم العہود واحدہا ذمۃ ترجمہ اور اگر تمکو ہم سے محبت نہیں ہی تو روشناسی اور آشنائی تو ضرور ہی کاش تم اُسکی اعانت کرو کیونکہ بیشک آشنائیاں عقلمندوں کے نزدیک بمنزلہ عہد ہیں۔

كَمْ تَطْلُبُونَ لَنَا عَيْبًا فَيُعْجِزُكُمْ ۔۔ وَيَكْرَهُ اللهُ مَا تَأْتُونَ وَالْكَرَمُ

ترجمہ تم کب تک ہماری عیب جوئی کروگے اور تمکو ہمارا عیب ملنا عاجز کردیگا یعنے ہمارا عیب تمکو نہ ملیگا اور تمہاری اس حرکت کو خداوند تعالی بُرا سمجھے گا اور تمہارا کرم وانصاف بھی۔ یعنے یہ تمہاری عادت کب تک رہے گی اسکو چھوڑنا چاہیے۔ کہ خداوند جل شانہ عیب جوئی کو ناپسند کرتا ہی۔ اور تمہارا کرم و عدل بھی۔

مَا أَبْعَدَ الْعَيْبَ وَالنُّقْصَانَ عَنْ شَرَفِي ۔۔ أَنَا الثُّرَيَّا وَذَانِ الشَّيْبُ وَالْهَرَمُ

ذان اشارۃ الی العیب والنقصان ترجمہ عیب و نقصان میرے شرف و بزرگی سے کسقدر دور ہیں یعنے بہت

کیونکہ مین ثریا کے ستارون کے موافق ہون اور عیب نقصان مثل پیری کے ہین سو جیسا ثریا کو بڑھاپا نہین ستا سکتا ہی اور اُس سے دور رہتا ہی ایسے ہی نقصان اور عیب مجھ سے دُور رہتے ہین۔

لَيْتَ الْغَمَامَ الَّذِي عِنْدِي صَوَاعِقُهُ	يُزِيلُهُنَّ إِلَى مَنْ عِنْدَهُ الدِّيَمُ

ترجمہ کاش وہ ابر جس کی بجلیان مجھپر گرتی ہین وہ اُن بجلیون کو اُس شخص پر گراوے جس پر باران کرم برابر برستے ہین یعنے کاش یہ عتاب جو مجھ پر ہو رہا ہی اُن لوگون پر ہو جو ممدوح کی سخاوت سے زیادہ مستفید ہوتے ہین۔

أَرَى النَّوَى تَقْتَضِينِي كُلَّ مَرْحَلَةٍ	لَا تَسْتَقِلُّ بِهَا الْوَخَادَةُ الرُّسُمُ

النوی البعد۔ والوخد والرسم ضربان من السیر۔ والوخادۃ من الابل التی تسیر بالوخد واحدہا واخدۃ۔ والرسم التی تسیر بالرسم واحد ہا رسوم ورسم ترجمہ مین فراق کو دیکھتا ہون کہ وہ مجکو ہر ایسی منزل کے قطع کرنے کی تکلیف دیتا ہی کہ شتران تیز رو پویہ جانے والے اُس کے قطع کا بوجھ نہین اُٹھا سکتے۔ یعنی فراق مجھ سے کہتا ہی کہ اب ممدوح سے منازل بعیدہ قطع کر کے دور چلا جا۔

لَئِنْ تَرَكْنَ ضُمَيْرًا عَنْ مَيَامِنِنَا	لَيَحْدُثَنَّ لِمَنْ وَدَّعْتُهُمْ نَدَمُ

لیحدثن اللام جواب القسم۔ وضمیر جبل علی یمین طالب سفر من الشام وہو قریب من دمشق ترجمہ بخدا اگر میرے شتران سواری کے کوہ ضمیر کو جب مین ارادہ سفر کرونگا ہمارے دستہاے راست کیطرف چھوڑ دین گے تو وہ سواریان اُس شخص کو جسکو مین رخصت کرون گا ندامت پیدا کرین گے یعنے میرے جانے کے بعد سیف الدولہ میرے چلے جانے سے پشیمان ہوگا چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

إِذَا تَرَحَّلْتَ عَنْ قَوْمٍ وَقَدْ قَدَرُوا	أَنْ لَا تُفَارِقَهُمْ فَالرَّاحِلُونَ هُمُ

ترجمہ اپنے جانیکا عذر سیف الدولہ کو خطاب کر کے بیان کرتا ہی کہ جب تو کسی قوم سے چلا ہوا ایسے حال مین کہ اُنکو تیرے جدا ہونے کی قدرت تھی تو اس صورت مین کوچ کرنے والی درحقیقت وہ قوم ہی نہ تو یعنی اگر ممدوح میری تکریم کر کے مجکو ٹھر الیتا تو مین ٹھر جاتا۔ جب اُس نے ایسا نہ کیا تو باعث مفارقت وہ خود ہی۔

شَرُّ الْبِلَادِ بِلَادٌ لَا صَدِيقَ بِهَا	وَشَرُّ مَا يَكْسِبُ الْإِنْسَانُ مَا يَصِمُ

یصم یعیب ترجمہ شہرون مین بدترین وہ شہر ہین جس مین کوئی دوست نہو اور انسان کی بدتر وہ کمائی ہی جو اُسکو عیب لگا دے۔

وَشَرُّ مَا قَنَصَتْهُ رَاحَتِي قَنَصٌ	شُهْبُ الْبُزَاةِ سَوَاءٌ فِيهِ وَالرَّخَمُ

الرخم جمع رخمۃ وہو طائر ابقع یشبہ النسر فی الخلقۃ والاشہب من البزاۃ ما یغلب بیاضہ علی سوادہ ترجمہ اور میرے ہاتھ کے شکارون مین وہ شکار بدتر ہی جس مین باز اشہب اور رخم (جو ایک مردار خوار چیل کی قسم کا بے حقیقت

پرندہ ہی) برابر ہو۔ یعنی ہر چند عطایا سے سیف الدولہ کثیر ہیں مگر چونکہ اُس میں مَیں اور گھٹیا شاعر برابر ہیں اسلئے وہ مجکو پسند نہیں ہیں۔ عطا ہر ایک کے مرتبہ کے موافق چاہئے۔

بِاَیِّ لَفْظٍ تَقُوْلُ الشِّعْرَ زِعْنِفَةٌ	تَجُوْزُ عِنْدَكَ لَا عُرْبٌ وَلَا عَجَمُ

زعنفۃ بکسر الزاء اللئیم الساقط من الناس وہو ماخوذ من زعنفۃ الادیم وہو ما سقط من زوائدہ ترجمہ کس فصاحت لفظ کے بھروسہ پر ناکس لئیم شخص تیری خدمت میں شعر کہکر گزارتا ہی کہ نہ وہ فصاحت میں مثل عرب ہی اور نہ سلامتی طبیعت اور خوبی نطق میں مثل عجم ہی۔ یعنے وہ کچھ بھی نہیں ہی۔ وصحف بعضہم تخور بالخاء من خوار الثور وہو صحیح المعنے خلاف الروایۃ۔ یعنی اُسکا شعر پڑھنا مثل آواز گاؤ غیر موزون و مکروہ ہی اور غیر قابل التفات۔

هٰذَا عِتَابُكَ اِلَّا اَنَّهٗ مِقَةٌ	قَدْ ضُمِّنَ الدُّرَّ اِلَّا اَنَّهٗ كَلِمُ

المقۃ المحبۃ ترجمہ یہ میرے شعر بظاہر تجھ پر میری طرف سے عتاب ہیں اور حقیقت میں یہ تقاضاے محبت ہی کیونکہ عتاب دوستوں ہی پر ہوتا ہی۔ اور اس میں موتی پروئے ہوئے ہیں گو یہ کلمات ہیں۔ ولما انشد ہذہ القصیدۃ وانصرف کان فی المجلس رجل یعادیہ فکتب الی ابی العشائر علی لسان سیف الدولۃ کتابا الی انطاکیۃ لیشرح فیہ ذکر القصیدۃ واغراہ بہ فوجہ ابو العشائر عشرۃ من غلمانہ فوقفوا قریبا من باب سیف الدولۃ فی اللیل وانفذوا الیہ رسولا علی لسان سیف الدولۃ فلما قرب منہم ضرب رجل منہم بیدہ الی عنان فرسہ فسل ابو الطیب السیف فوثب علیہ الرجل وتقدمت فرسہ بہ فعبر قنطرۃ کانت بین یدیہ واصاب احدہم فرسہ بسہم فانتزعہ واستقلت الفرس وتباعدہم لیقطعہم من ورآن کان بہم ورجع الیہم بعد ان فنی نشابہم فضرب احدہم بالسیف فی ذراعہ فوقفوا علی صاحبہم المجروح وسار وترکوہم فلما یئسوا منہ قال احدہم نحن غلمان ابی العشائر فجینہ قال ؎ ومنتسب عندی الی من احبہ وللنبل حولی من یدیہ حفیف وقد تقدم شرحہا فی حرف الفاء۔

وقال یمدحہ وقد عوفی من مرض

اَلْمَجْدُ عُوْفِیَ اِذْ عُوْفِیْتَ وَالْكَرَمُ	وَزَالَ عَنْكَ اِلٰى اَعْدَائِكَ الْاَلَمُ

زال خبر لیس ہو دعاء لانہ خاطبہ بعد زوال علتہ ترجمہ شرف و مجد وکرم صحت عطا کئے گئے جب تو تندرست ہوا اور تیری بیماری تجھ سے جدا ہو کر نصیب اعدا ہوئی۔

صَحَّتْ بِصِحَّتِكَ الْغَارَاتُ وَابْتَهَجَتْ	بِهَا الْمَكَارِمُ وَانْهَلَّتْ بِهَا الدِّيَمُ

ترجمہ تیری بیماری کے سبب جو دشمنوں پر لوٹ مار بند ہوگئی تھی گویا وہ بھی بیمار ہوگئی تھی تیری صحت کے باعث وہ بھی تندرست ہوگئی یعنے دشمن مقتول و غارت زدہ ہونے لگے اور تیری صحت سے تمام عمدہ کام خوش ہوگئے اور اُسی کے سبب باران جو بند تھے پھر برسنے لگے۔

وَرَاجَعَ الشَّمْسَ نُوْرٌ كَانَ فَارَقَهَا	كَأَنَّمَا فَقْدُهُ فِي جِسْمِهَا سَقَمُ

ترجمہ تیری بیاری کے غم مین جو آفتاب کی روشنی جاتی رہی تھی صحت کے سبب پھر لوٹ آئی - گویا فقدان نور شمس اُسکے جسم کی بیاری تھی تیری صحت کے سبب وہ بھی تندرست ہوگیا اور اُسمین نور آگیا -

وَلَاحَ بَرْقُكَ لِي مِنْ عَارِضَيْ مَلِكٍ	مَا يَسْقُطُ الْغَيْثُ إِلَّا حَيْثُ يَبْتَسِمُ

العارض اول مایلی الناب من داخل الفم ویقال ہو الناب ترجمہ اور ای ممدوح جب تونے تبسم کیا تو تیری برق دندان مثل برق دونون طرف کے دندان ایک شاہ عظیم القدر سے ظاہر ہوئی اور باران نہین برستا مگر جبکہ وہ تبسم فرماتا ہی یعنے وہ تبسم کرتا ہی تو انعام عطا کرتا ہی اور وہ مکان آباد ہو جاتا ہی -

يُسْمَى الْحُسَامَ وَلَيْسَتْ مِنْ مُشَابَهَةٍ	وَكَيْفَ يَشْتَبِهُ الْمَخْدُومُ وَالْخَدَمُ

یُسمی یعنے یسمّٰی ترجمہ اُسکا نام شمشیر رکھا جاتا ہی اور یہ امر اس سبب سے نہین ہی کہ ممدوح اور رسمی شمشیر مین کچھ مشابہت ہی حالانکہ مرتبۂ ممدوح بالاتر ہی اور کسطرح مخدوم وخادم ہرگز برابر ہوسکین شمشیر تو اُسکی خادم ہی

تَفَرَّدَ الْعُرْبُ فِي الدُّنْيَا بِمَحْتِدِهِ	وَشَارَكَ الْعُرْبَ فِي إِحْسَانِهِ الْعَجَمُ

المحتد الاصل من قولہم حتد بالمکان اقام بہ ترجمہ تمام دنیا مین یہ شرف صرف عرب ہی کو حاصل ہی کہ ممدوح عربی الاصل ہی اور اُسکے احسان مین عرب کا شریک عجم بھی ہوگیا یعنے اُسکا احسان سبکو پہنچتا ہی -

وَأَخْلَصَ اللهُ لِلْإِسْلَامِ نُصْرَتَهُ	وَإِنْ تَقَلَّبَ فِي آلَائِهِ الْأُمَمُ

ترجمہ اور اللہ تعالی نے ممدوح کی نصرت کو اسلام کے لئے خالص کردیا ہی اگرچہ تمام لوگ اُسکے احسانات مین کروٹین لے رہے ہین - یعنی گو اُسکا انعام عام ہی مگر اُسکی نصرت اسلام کے ساتھ خاص ہی -

وَمَا أَخُصُّكَ فِي بُرْءٍ بِتَهْنِئَةٍ	إِذَا سَلِمْتَ فَكُلُّ النَّاسِ قَدْ سَلِمُوا

ترجمہ مین تیری صحت کی مبارکباد خاص تجھی کو نہین دیتا بلکہ سب آدمیون کو کیونکہ جب تو سالم ہی تو سب سالم ہین وقال سلموا علے معنی کل لا علی لفظہا مثل قولہ تعالی وکل اتوہ داخرین وعلی اللفظ قولہ تعالی کلہم آتیہ -

وانفذ رجل الی سیف الدولۃ ابیاتا یذکر انہ رآہا فی النوم ویشکو الفقر فقال

قَدْ سَمِعْنَا مَا قُلْتَ فِي الْأَحْلَامِ	وَأَنَلْنَاكَ بَدْرَةً فِي الْمَنَامِ

ترجمہ جو تونے خواب مین دیکھا وہ ہمنے سُنا اور ہمنے تجکو ایک ہزار کا توڑا خواب ہی مین دیدیا یعنے بطور صلہ کے

وَانْتَبَهْنَا كَمَا انْتَبَهْتَ بِلَا شَيْءٍ	وَكَانَ النَّوَالُ قَدْرَ الْكَلَامِ

النوال العطاء ترجمہ اور ہم بیدار ہوے جیسا تو بے کسی شی کے جاگا اور ہماری عطا بقدر تیرے کلام کے تھی -

كُنْتَ فِيمَا كَتَبْتَهُ نَائِمَ الْعَيْـنِ	فَهَلْ كُنْتَ نَائِمَ الْأَقْلَامِ

ترجمہ ای شخص تو اُن اشعار مین خوابیدہ چشم تھا۔ کیا تو بوقت کتابت سوتی ہوئی قلم تھا کہ ایسے لفظ ردی اور خط بد مین لکھے۔

اَیُّهَا الْمُشْتَکِیْ اِذَا رَقَدَ الْاِعْدَامُ لَا رَقَدَّ مَعَ الْاِعْدَامِ

لا بمعنی لیس ترجمہ ای بوقت خواب افلاس کے شکوہ کرنے والے افلاس مین تو نیند ہی نہین آتی پس تو باوجود افلاس کسطرح سویا۔

اِفْتَحِ الْجَفْنَ وَاتْرُكِ الْقَوْلَ فِی النَّوْمِ وَمَیِّزْ خِطَابَ سَیْفِ الْاِمَامِ

ترجمہ اب آنکھ کھول اور خواب کی بات چھوڑ اور سیف خلیفہ سے سمجھ کر خطاب کر یعنی ادب سے۔

اَلَّذِیْ لَیْسَ عَنْهُ مُغْنٍ وَّلَا مِنْهُ بَدِیْلٌ وَلَا لِمَا رَامَ حَامِیْ

ترجمہ وہ ایسی سیف ہی کہ کوئی اُس سے بے پروا کرنے والا نہین۔ اور نہ اُس کا کوئی قائم مقام اور نہ اُس کے ارادہ کو کوئی روکنے والا۔

کُلُّ اٰخَائِهِ الْکِرَامُ بَنِی الدُّنْیَا وَلٰکِنَّهُ کَرِیْمُ الْکِرَامِ

الآخاء جمع اخ کا الآباء جمع اب ترجمہ اُس کے سب بھائی اہل دنیا کے کریم واجب التعظیم ہین مگر یہ ممدوح سب کریمون کا کریم ہی اور اُس کے ہمرتبہ کوئی نہین ہی۔

وقال یمدحہ

عَلٰی قَدْرِ اَهْلِ الْعَزْمِ تَاْتِی الْعَزَائِمُ وَتَاْتِیْ عَلٰی قَدْرِ الْکِرَامِ الْمَکَارِمُ

العزائم جمع عزیمۃ وہی القصد ترجمہ صاحب ارادون کی قدر کے موافق اُنکے ارادے ہوتے ہین اور سخیون کی قدر کے موافق اُنکے عمدہ کام ہوتے ہین۔ یعنی جتنا کوئی شخص عظیم القدر ہوگا اُتنے ہی اُسکے ارادے عظیم اور بلند ہونگے۔ اور جسقدر کوئی زیادہ کریم ہوگا اُسیقدر اُس کے مکارم کے ارادے بھی بڑے ہون گے۔ وکان سبب ہذہ القصیدۃ ان سیف الدولۃ سار نحو ثغر الحدث وکان اہلہا قد سلموہا بالامان الی الدمستق فنزل بہا سیف الدولۃ فی جمادی الآخرۃ سنۃ ثلث واربعین وثلثمائۃ فبدء فی یومہ فخط الاساس وحفر اولہ بیدہ ابتغاء ما عند اللہ فلما کان یوم الجمعۃ نازلہ ابن الفقاس دمستق النصرانیۃ فی خمسین الف فارس وراجل من جموع الروم والارمن والبلغر والصقلب ووقعت الوقعۃ یوم الاثنین سلخ جمادی الاخری وان سیف الدولۃ حمل بنفسہ فی نحو من خمسمائۃ من غلمانہ فقصد موکبہ فہزمہ واظفرہ اللہ بہ وقتل ثلاثۃ آلاف من مقاتلتہ واسر خلقا کثیرا فقتل بعضہم واستبقی البعض واسر تودس الاعور بطریق سمندو وہو صہر الدمستق علی ابنتہ واسر ابن الدمستق واقام علی الحدث الی ان بناہا ووضع بیدہ آخر شرافۃ منہا یوم الثلاثاء ثالث عشرۃ لیلۃ خلت من رجب وانشد فی ہذا الیوم ابو الطیب ہذہ القصیدۃ لسیف الدولۃ

بالحدث۔

وَتَعْظُمُ فِي عَيْنِ الصَّغِيرِ صِغَارُهَا ۔۔۔ وَتَصْغُرُ فِي عَيْنِ الْعَظِيمِ الْعَظَائِمُ

ترجمہ اور چھوٹے اور کم قدر شخص کی آنکھ میں چھوٹے قصد یا چھوٹے مکارم بڑے معلوم ہوتے ہیں اور بلند ارادہ شخص کے نظر میں بڑے کام بھی چھوٹے معلوم ہوتے ہیں۔ مقصود مدح سیف الدولہ ہی کہ اُس نے اسقدر بڑے دشوار کام کو سہل اور آسان سمجھا اور باسانی فوراً انجام کو پہنچایا۔

يُكَلِّفُ سَيْفُ الدَّوْلَةِ الْجَيْشَ هَمَّهُ ۔۔۔ وَقَدْ عَجَزَتْ عَنْهُ الْجُيُوشُ الْخَضَارِمُ

الخضارم جمع خضرم وہو العظیم الکبیر ترجمہ سیف الدولہ اپنے لشکر کو اپنے سے ارادہ کی تکلیف دیتا ہی یعنی یہ چاہتا ہی کہ سارا لشکر مجھ جیسا بلند ارادہ ہو اور حال یہ ہی کہ بڑے بڑے لشکر اُس کے ارادہ کے پورا کرنے سے عاجز ہیں کیونکہ اُسکا سارا ارادہ طاقت بشری سے باہر ہی۔

وَيَطْلُبُ عِنْدَ النَّاسِ مَا عِنْدَ نَفْسِهِ ۔۔۔ وَذٰلِكَ مَا لَا تَدَّعِيهِ الضَّرَاغِمُ

ترجمہ ممدوح لوگوں میں شجاعت چاہتا ہی جیسی اُسمیں ہی حالانکہ یہ شجاعت اسقدر بڑھی ہوئی ہی کہ شیر بھی اُسکا دعویٰ نہیں کرسکتے باوجودیکہ وہ بہادری میں ضرب المثل ہیں۔

يُفَدِّي أَتَمُّ الطَّيْرِ عُمْرًا سِلَاحَهُ ۔۔۔ نُسُورُ الْمَلَا أَحْدَاثُهَا وَالْقَشَاعِمُ

القشاعم النسور الطویلات العمر۔ والملا وجہ الارض۔ والاحداث الشوابۃ واحدہا حدث وہو الشاب۔ نسور بدل من اتم الطیر واحداثہا والقشاعم عطف بیان ترجمہ سلاح ممدوح پر پرندے طویل العمر یعنے کرگسان روے زمین بچے اور پیر قربان ہیں کیونکہ اُنکو ممدوح کی سلاح کے ذریعے سے اجسام مردگان کھانے کو ملتے ہیں اور ہمیشہ قتل اعدا منا تے ہیں

وَمَا ضَرَّهَا خَلْقٌ بِغَيْرِ مَخَالِبٍ ۔۔۔ وَقَدْ خُلِقَتْ أَسْيَافُهُ وَالْقَوَائِمُ

القوائم جمع قائم وہو قائم السیف ترجمہ اور کرگسان صغیر و کبیر کو بغیر چنگلوں کے پیدا ہونا کچھ مضر نہیں ہی جبکہ شمشیر ہاے ممدوح اور اُنکے قبضے پیدا کئے گئے ہیں۔ یعنی اگر بالفرض بے چنگال پیدا ہوں تو کچھ نقصان اُن کو نہیں ہی سیف ممدوح اُنکی رزق رسانی کے لئے کافی ہی۔ اور بچے اور بوڑھے کرگسوں کی تخصیص اسواسطے کی ہی کہ وہ اپنا رزق بسبب ضعف بذریعہ شکار حاصل نہیں کرسکتے۔

هَلِ الْحَدَثُ الْحَمْرَاءُ تَعْرِفُ لَوْنَهَا ۔۔۔ وَتَعْلَمُ أَيُّ السَّاقِيَيْنِ الْغَمَائِمُ

ای مبتدأ والغمائم الخبر۔ والحدث ہی القلعۃ التی بناہا سیف الدولۃ فی بلاد الروم وعلیہا کانت الوقعۃ ترجمہ کیا قلعہ حدث جو بالفعل سرخ رنگ ہی اپنا اصلی رنگ جانتا ہی۔ کیونکہ بالفعل اُسکا اصلی رنگ جاتا رہا اب اُسکو سرخ پتھروں سے بنایا ہی یا خون سے اُسکا رنگ سرخ ہوگیا ہی۔ اور یہ بھی اُسے معلوم ہی کہ اُسکو منجملہ دو ساقیوں کے

کس نے تروتازہ کیا ہی یعنی غمائم یعنے ابرون نے یا جاجم یعنے کھوپریون نے۔ وحذف ذکر الجاجم اکتفاءً بذکر الغمائم وبقرینۃ قولہ سقتہا الجماجم فی البیت الآتی۔

سَقَتْهَا الْغَمَامُ الْغُرُّ قَبْلَ نُزُوْلِهٖ	فَلَمَّا دَنَا مِنْهَا سَقَتْهَا الْجَمَاجِمُ

الغزوات البرق۔ والجاجم جمع جمجمۃ ترجمہ اُس قلعہ کو قبل تشریف لانے سیف الدولہ کے ابر یا برق نے سیراب کیا۔ اور جب ممدوح اُس کے پاس آیا تو اُسکو خون سراے اعدانے یعنے اُن دشمنون کو جو ممدوح کی غیبت مین اُسپر قابض ہو گئے قتل کر کے قلعہ کو رنگین وتر کر دیا۔

بَنَاهَا فَأَعْلٰى وَالْقَنَا تَقْرَعُ الْقَنَا	وَمَوْجُ الْمَنَايَا حَوْلَهَا مُتَلَاطِمُ

ترجمہ ممدوح نے قلعہ بنا کیا اور اُسکو بلند کیا ایسے حال مین کہ نیزے نیزون سے ٹکراتے تھے اور موتون کی موج اُس کے گرد جوش مین تھی۔ یعنی دشمن بذریعۂ جنگ اُسکو روکنا چاہتے تھے بگروہ نرکا۔

وَكَانَ بِهَا مِثْلُ الْجُنُوْنِ فَأَصْبَحَتْ	وَمِنْ جُثَثِ الْقَتْلٰى عَلَيْهَا تَمَائِمُ

الجثث جمع جثۃ وہی الجسد ترجمہ اور قلعہ حدث پر بسبب قبضۂ دشمنان وکشت وخون ہر روزہ ایک جنون کی سی حالت تھی سو جب تو نے بعد قتل اعدا قلعہ واپس لیا اور سراے دشمنان اُسپر لٹکا دئے تو اُس کے واسطے وہ سر بمنزلہ تعویذون کے ہو گئے اور اُسکا جنون جاتا رہا اور وہ کشت وخون بالکل منقطع ہو گیا۔ اور اُس کو کچھ خوف نرہا۔ ابو الطیب نے کہا ہی کہ مین نے اپنے شعر مین کسی کی اصلاح قبول نہین کی مگر سیف الدولہ کی مین نے جیف القتلی اُس کے سامنے پڑھا اُس نے کہا کہ بجائے جیف جثث پڑھنا چاہئے اُسکو مین نے قبول کیا اور دوسرا کر جثث القتلی پڑھا۔

طَرِيْدَةُ دَهْرٍ سَاقَهَا فَرَدَدْتَهَا	عَلَى الدِّيْنِ بِالْخَطِّيِّ وَالدَّهْرُ رَاغِمُ

الطریدۃ المطرودۃ۔ والخطی الرماح۔ والرغم لصوق الانف بالتراب واراد بہ الذلۃ ترجمہ وہ قلعہ راندۂ زمانہ تھا کہ زمانہ نے اُسکو رومیون کے قبضہ مین کر دیا اور رومیون نے اُسے منہدم وویران کر ڈالا تھا سو تو نے اُسکو پھر اہل دین کے قبضہ مین بعد نیزۂ خطی کے لوٹا دیا اور خلاف مرضی زمانہ کفار کے قبضہ سے نکال لیا اب زمانہ کی ناک خاک آلودہ ہو گئی یعنے وہ ذلیل ہو گیا۔

تُفِيْتُ اللَّيَالِيْ كُلَّ شَيْءٍ أَخَذْتَهٗ	وَهُنَّ لِمَا يَأْخُذْنَ مِنْكَ غَوَارِمُ

تفیت تفعل من الفوت۔ والغوارم جمع غارمۃ ترجمہ جس چیز پر تو قابض ہو جاتا ہی وہ زمانہ کے ہاتھ سے نکلجاتی ہی۔ یعنی زمانہ اُسکو تجھ سے واپس نہین لے سکتا اور راتین (یعنے زمانہ) جو تجھ سے لیتی ہین وہ اُس کا تاوان تجکو دیتی ہین۔ خلاصہ یہ کہ تو زمانہ پر غالب ہی۔

إِذَا كَانَ مَا تَنْوِيْهِ فِعْلًا مُضَارِعًا	مَضَى قَبْلَ أَنْ تُلْقَى عَلَيْهِ الْجَوَازِمُ

اراد بالمضارع الاستقبال ترجمہ جب توکسی کام کے انجام کا قصد کرتا ہی تو یہ فعل مستقبل ہوتا ہی مگر وہ فعل تیرے بخت سعید کے سبب اس سے پہلے کہ اُسپر حرف جازمہ لگائے جائین مثل لم ولاے نہی و علامت امر کے فعل ماضی ہوجاتا ہی یعنے ظہور مین آجاتا ہی اور اسکی حاجت نہین ہوتی کہ سائل اعطنی و عاذل لا تفعل و حاسد لم یفعل کہے ۔غرض ممدوح کی خوش اقبالی کی تعریف کرتا ہی ۔

وَكَيْفَ تُرَجِّي الرُّوْمُ وَالرُّوْسُ هَدْمَهَا	وَذَا الطَّعْنُ آسَاسٌ لَهَا وَدَعَائِمُ

الاساس ما بنی علیہ اُسّ الحائط ۔ والاساس جمع اُسس کاسباب وسبب ترجمہ اور روم اور روس کس طرح قلعہ کے منہدم کرنے کے اُمیدوار ہین حالانکہ یہ تیری نیزہ زنی اُسکی بنیاد وستون ہی یعنے وہ بذریعہ تیرے نیزون وسلاح کے محفوظ ہی پھر وہ کسطرح غالب آسکتے ہین ۔

وَقَدْ حَاكَمُوْهَا وَالْمَنَايَا حَوَاكِمٌ	فَمَا مَاتَ مَظْلُوْمٌ وَلَا عَاشَ ظَالِمُ

ترجمہ اور رومیون نے اُس قلعہ کا محاکمہ کیا اور موتین حاکم تھین سو مظلوم یعنے قلعہ جسکو گرانا چاہتے تھے اور اس لئے وہ مظلوم تھا نہ مرا یعنی قائم رہا اور نہ ظالم یعنے رومی جو گرانا چاہتے تھے زندہ رہے ۔یہان قلعہ اور روم کو دو متخاصم قرار دیا ہی اور موت یعنی لڑائی کو حکم اور فیصلہ یہ ہوا کہ قلعہ سالم رہے اور آدمی مقتول ہون ۔

أَتَوْكَ يَجُرُّوْنَ الْحَدِيْدَ كَأَنَّهُمْ	سَرَوْا بِجِيَادٍ مَا لَهُنَّ قَوَائِمُ

ترجمہ وہ رومی ایسے حال مین آئے کہ وہ لوہے کو کھینچتے تھے ۔یعنے سوار اور گھوڑے سب لوہے مین پوشیدہ تھے گویا وہ ایسے گھوڑے لیکر آئے تھے جن کے پانون ہی نہ تھے بسبب پاکھرون کے تمام پاؤن لوہے مین چھپے ہوتے تھے ۔

إِذَا بَرَقُوْا لَمْ تُعْرَفِ الْبِيْضُ مِنْهُمْ	ثِيَابُهُمْ مِنْ مِثْلِهَا وَالْعَمَائِمُ

البیض السیوف ترجمہ جب وہ بسبب کثرت آہن پوشی کے چمکتے تھے تو تلوارون مین اور اُن مین کچھ فرق نہین معلوم ہوتا تھا ۔کیونکہ اُنکے سرون پر تلوارین اور خود اور بدن پر زرہین تھین اور ایسے ہی اُنکے عمامے یعنی خود لوہے کے تھے ۔

خَمِيْسٌ بِشَرْقِ الْأَرْضِ وَالْغَرْبِ زَحْفُهُ	وَفِي أُذُنِ الْجَوْزَاءِ مِنْهُ زَمَازِمُ

الزحف التقدم ۔ والجوزا النجم معروفۃ ۔ والزمازم جمع زمزمۃ وہو صوت لا یفہم لتداخلہ ترجمہ رومیون کا ایک کامل لشکر تھا کہ اُسکی رفتار شرق وغرب زمین مین تھی یعنے بسبب کثرت کے تمام روے زمین کو گھیرے ہوتے تھا ۔ اور

اُسکا غل غپاڑہ جوزا کے کان تلک پہنچتا تھا- وخص الجوزا بالذکر من سائرالبروج لانہا علی صورۃ الانسان-

تَجَمَّعَ فِیْہِ کُلُّ لِسْنٍ وَّاُمَّۃٍ	فَمَا تُفْهِمُ الْحُدَّاثَ اِلَّا التَّرَاجِمُ

اللسن اللغۃ واللسان ایضا- والحداث جمع حادث وہو بمعنی متحدث- والتراجم جمع ترجمان ترجمہ اس لشکر مین ہر مختلف زبان کا آدمی اور ہر قوم جمع تھی- سو باتین کرنے والونکو ترجمان ہی سمجھا سکتا تھا- کثرت لشکر روم کی بیان کرتا ہی-

فَلِلّٰهِ وَقْتٌ ذَوَّبَ الْغِشَّ نَارُهٗ	فَلَمْ یَبْقَ اِلَّا صَارِمٌ اَوْ ضُبَارِمُ

یرید بالغش الضعفار من الرجال والسلاح- والضبارم الاسدالشدید الغلیظ ترجمہ سو کیا عمدہ وہ وقت تھا جسکی آگ نے کمزور اشخاص یا ناقص سلاح کو گلا دیا تھا- سو میدان جنگ مین نہ ٹھہرا مگر شجاع مثل شیر دلیر یا شمشیر قاطع کے باقی سب بھاگ گئے یا تھکے ہوگئے-

تَقَطَّعَ مَا لَا یَقْطَعُ الدِّرْعَ وَالْقَنَا	وَفَرَّ مِنَ الْاَبْطَالِ مَنْ لَا یُصَادِمُ

ترجمہ جو شمشیر زرہ اور نیزونکو کاٹ نہین سکتی تھی وہ خود ٹوٹ گئی- اور دلیرون مین سے وہ شخص بھاگ گیا جو اپنے دشمن کو صدمہ نہین پہنچا سکتا تھا-

وَقَفْتَ وَمَا فِی الْمَوْتِ شَكٌّ لِوَاقِفٍ	كَاَنَّكَ فِیْ جَفْنِ الرَّدٰی وَهُوَ نَائِمُ

ترجمہ تو ایسے مقام پر ثابت قدم رہا کہ وہان کے کھڑے رہنے والیکو مرگ مین شک نہ تھا اور ہر طرف تیری موت کے اسباب تجکو ایسے احاطہ کیے ہوئے تھے کہ گویا تو ہلاکی کا حدقہ چشم تھا یعنے وہ تجکو ہر طرف سے گھیرے ہوئے تھی جیسا حدقہ چشم بوقت بند کرنے چشم کے گھرا ہوا ہوتا ہی مگر ہلاکی تیری طرف سے خواب مین تھی یعنے وہ تیرے ہلاک کرنے سے غافل تھی- اسلئے تو سلامت رہا-

تَمُرُّ بِكَ الْاَبْطَالُ كَلْمٰی هَزِیْمَةً	وَوَجْهُكَ وَضَّاحٌ وَثَغْرُكَ بَاسِمُ

کلمی جرحی وہو جمع کلیم- وہزیمۃ بمعنے مہزومۃ- والوضاح الواضح المتبسم ترجمہ دلیر لوگ تیرے سامنے زخمی شکست خوردہ بھاگے جاتے تھے اور تیرا حال ایسے نازک وقت مین یہ تھا کہ تیرا چہرہ شگفتہ اور تیرے دندان ہنسنے والے تھے- یعنے تجہ پر اس سے کچھ ہیبت اور دہشت طاری نہین ہوتی تھی- کہتے ہین کہ جب متنبی نے یہ دونون شعر سیف الدولہ کے روبرو پڑھے تو اُس نے اعتراض کیا اور کہا کہ دونون شعرون مین مصرعہ اخیر مصرعہ اول کے مطابق نہین ہی مناسبت یہ ہی کہ شعر اول کا اخیر مصرعہ شعر دوم کا مصرعہ اخیر کیا جائے و بالعکس تاکہ کلام درست ہووے- متنبی نے جواب دیا کہ مولانا مین نے اول ذکر موت کا کیا اور اُسکی مناسبت سے ذکر ردی کیا اور چونکہ ردی منہزم ترش اور اُسکی آنکھین گریان ہوتی ہین- لہذا اُسکے بعد مین نے یہ کہا وجہک وضاح

وتغرک باسم تاکہ جمع بین الاضداد ہوجاوے۔ یہ سنکر سیف الدولہ خوش ہوگیا اور اُسکو پانچسو اشرفی انعام دین۔

تجاوزت مقدار الشجاعة والنہٰی	الی قول قوم انت بالغیب عالم

النہی العقل ترجمہ اے ممدوح تو رتبۂ شجاعت وعقل سے بڑھ گیا کہ عقل اُسکی حدکو دریافت نہین کرسکتی اور اس مرتبہ کو پہنچ گیا ہی جو ایک گروہ تیرے معاملہ مین کہتا ہی کہ تو اُمور غیبیہ جانتا ہی یعنی اسقدر بے باک لڑتا ہی کہ گویا تو انجام جنگ یعنی اپنی جیتے رہنے کو جانتا ہی اور موت سے نہین ڈرتا۔

ضممت جناحیہم علی القلب ضمۃ	تموت الخوافی تحتہا والقوادم

الخوافی اربع ریشات ستلو اربعا قبلہا من جناحی الطائر والقوادم اربع ریشات فی اول جناحی الطائر وعلیہا معولۃ فی طیرانہا۔ وجناحی العسکر المیمنۃ والمیسرۃ ولما سماہا جناحین جعل ارجالہا خوافی وقوادم والجناح یشتمل علی القوادم والخوافی۔ ترجمہ تونے دہنے اور بائین بازوے لشکر دشمن کو ایسی طرح اُن کے قلب لشکر مین مغلوب کرکے جمع کردیا کہ اُنکے چھوٹے پر اور شہپر یعنے چھوٹے اور بڑے سب مرگئے۔

بضرب اتی الہامات والنصر غائب	وصار الی اللبات والنصر قادم

بضرب متعلق بضممت۔ والہامات الرؤس واللبات النحور ترجمہ تونے اُنکی جناحین لشکر کو قلب پر بزور شمشیر جو اُنکے سرون پر لگی جمع کردیا اور تونے اس امر کو فتح نہ سمجھا یہانتلک کہ وہ شمشیر اُنکے سینون تلک پہنچی اور فتح دم نقد موجود ہوگئی۔ خلاصہ یہ ہی کہ دشمنون کے سرون پر تو تلوار مارنیکو فتح نہین سمجھتا جب تلک کہ وہ اُنکے سینون تلک نہ پہنچ جاے۔ یعنی قتل دشمن کو فتح خیال کرتا ہی۔ یہ تقریر شارح ابوالفتح کی ہی اور ابن فورجہ یہ معنی کہتا ہی کہ اس عرصۂ قلیل مین کہ تیری تلوار سر دشمن سے اُس کے سینہ تک پہنچ جائے تجکو فتح حاصل ہوگئی یعنے فوراً فتح ہوگئی اور کچھ دیر نہ لگی۔

حقرت الردینیات حتی طرحتہا	وحتی کان السیف للرمح شاتم

ترجمہ تونے ردینی نیزون کی لڑائی کو ذلیل سمجھا اور اُن نیزون کو پھینک کر تونے تلوار پکڑی کیونکہ نیزہ تنی دور سے ہوتی ہی جو نامرد بھی کرسکتا ہی اور تلوار غایت قرب وجرأت کو چاہتی ہی جو سواے مرد جانباز کے دوسرے سے بن نہین آتی اور جبکہ تلوار کو پسند اور نیزہ کو ناپسند کیا تو نیزہ ایسا حقیر ہوگیا کہ گویا شمشیر نیزہ کو ذلیل سمجھ کر اُسکو دشنام دیتی ہی۔

ومن طلب الفتح الجلیل فانما	مفاتیحہ البیض الخفاف الصوارم

ترجمہ اور جو شخص بڑی فتح کا طالب ہو تو اُس کی کُنجیان سواے شمشیر صیقلدار اور ہلکی اور بُران کے نہین ہین۔

نَثَرْتَهُمْ فَوْقَ الْاُحَيْدِبِ نَثْرَةً	كَمَا نُثِرَتْ فَوْقَ الْعَرُوسِ الدَّرَاهِمُ

الاحیدب جبل - والنثر التفریق ترجمہ تونے کوہ احیدب پر دشمنوں کی لاشوں کو ایسا بکھیرا جیسا دلھن پر دراہم کرانکے موقع وقوع مختلف ہوتے ہیں - ایسے ہی انکی لاشین کوئی یہان اور کوئی وہان گری -

تَدُوسُ بِكَ الْخَيْلُ الْوُكُورَ عَلَى الذُّرَى	وَقَدْ كَثُرَتْ حَوْلَ الْوُكُورِ الْمَطَاعِمُ

وکر الطائر موضع مبیتہ - والذری رؤس الجبال ترجمہ تیرے گھوڑے تجکو لیکر پہاڑ کی چوٹیون پر پرندون کے آشیانے روندتے ہین ایسے حال مین کہ آشیانون کے مردار خوار طیور کی خوراکین بکثرت موجود تھین - یعنی جب دشمن بھاگ کر پہاڑ کی چوٹیون پر چڑھ گئے تو تو مع اپنے سوارون کے انکے قتل کے لئے وہان ہی جا پہنچا اور قتل کرڈالا - پس مردار خوار پرندون کو وہان خوراک بکثرت فراہم ہوگئی -

تَظُنُّ فِرَاخُ الْفُتْخِ اَنَّكَ زُرْتَهَا	بِاُمَّاتِهَا وَهِيَ الْعِتَاقُ الصَّلَادِمُ

الفتخ اناث العقبان واحدتہا فتخاء وسمیت بذلک لطول جناحہا ولینہ فی الطیران والفتح لین المفاصل - والعتاق کرام الخیل - والصلادم جمع صلدم وہی الفرس الشدیدۃ الصلبۃ القویۃ ترجمہ عقاب کے مادہ کے بچے تیرے گھوڑون کو دیکھکر یہ خیال کرتے ہین کہ تو انکے پاس انکی مادرون کو لیکر آیا ہی کیونکہ وہ سرعت وسبکی رفتار مین انکے موافق ہین - حالانکہ وہ عمدہ مضبوط سخت گھوڑیان ہین - یا یہ کہ انکے گھونسلون کے پاس مردون کی لاشین اس کثرت سے پڑی ہین کہ عقاب کے بچے یہ خیال کرتے ہین کہ انکی مادرین انکی خوراک لیکر آئی ہین -

اِذَا زَلِقَتْ مَشَّيْتَهَا بِبُطُونِهَا	كَمَا تَتَمَشَّى فِي الصَّعِيدِ الْاَرَاقِمُ

الصعید وجہ الارض - والاراقم الحیات ترجمہ جب وہ گھوڑے بوقت چڑھائی پہاڑ کے پھسلتے ہین تو تو انکو انکے شکم کے بل ہنکاتا ہی جیسا کہ زمین پر سانپ شکم کے بل چلتے ہین - گھوڑون کی شائستگی اور ممدوح کی شہسواری کی تعریف کرتا ہی -

اَفِي كُلِّ يَوْمٍ ذَا الدُّمُسْتُقُ مُقْدِمٌ	قَفَاهُ عَلَى الْاِقْدَامِ لِلْوَجْهِ لَائِمُ

ترجمہ کیا ہر روز یہ دمستق سپہسالار روم میدان چڑھکر اور پیش قدمی کرکے تیری طرف آویگا اور اس پیش قدمی پر اس کی پشت اس کے منھ کو ملامت گر ہوگی کہ کیون اول اسطرف منھ کیا تھا اور آخر کیون پشت دکھائی - ذا کا اشارہ قریب تحقیر کے لئے ہی

اَيُنْكِرُ رِيحَ اللَّيْثِ حَتَّى يَذُوقَهُ	وَقَدْ عَرَفَتْ رِيحَ اللُّيُوثِ الْبَهَائِمُ

ترجمہ کیا دمستق بوی شیر کو نہین پہچانے گا جب تک اسکا تجربہ نہین کرے گا اور اسکا مزہ چکھ نہ لیگا - اور حال یہ ہی کہ شیرون کی بو کو تو چارپائے بھی جانتے ہین - پس وہ ان سے بھی نادان ہی اگر ہوشیار ہوتا تو سیف الدولہ

کا نام ہی سُنکر بھاگجاتا۔

وَقَدْ فَجَعَتْهُ بِابْنِهِ وَابْنِ صِهْرِهِ ۔۔۔ وَبِالصِّهْرِ حَمْلَاتُ الْأَمِيرِ الْغَوَاشِمُ

الغواشم الغواصب۔ والحملات بفتح المیم و سکن للضرورة ترجمہ اور بیشک سابق سیف الدولہ کے زبردست حملون نے دستق کو اُسکے فرزند و پسر داماد و داماد کا صدمہ و درد پہنچایا ہی اور وہ کم فہم اسپر بھی نہ سمجھا اور لڑائی سے باز نہ رہا۔

مَضَى يَشْكُرُ الْأَصْحَابَ فِي فَوْتِهِ الظُّبَا ۔۔۔ بِمَا شَغَلَتْهَا هَامُهُمْ وَالْمَعَاصِمُ

الظبا جمع ظبة وہی حد السیف۔ والمعاصم جمع معصم وہو الزند ترجمہ دستق ایسے حال مین بھاگا کہ وہ درباب تلوارون کی دھارون سے اپنے بچنے کے اپنے ہمراہیون کا شکرگذار تھا۔ کیونکہ ممدوح کی تلوارون کو اُس کے ہمراہیون کے سرون اور پہنچون نے روک لیا۔ یعنے ممدوح کی تلوارین اُس کے لشکر کے قتل مین مصروف ہوئین دستق اس فرصت مین بھاگ گیا۔ گویا اُس کے اصحاب کے قتل نے اُسے بچا لیا۔

وَيَفْهَمُ صَوْتَ الْمَشْرَفِيَّةِ فِيهِمُ ۔۔۔ عَلَى أَنَّ أَصْوَاتَ السُّيُوفِ أَعَاجِمُ

ترجمہ اور دستق آواز سیوف مشرفیہ کو جو اُس کے یارون پر پڑرہی یقین سمجھتا تھا۔ باوجودیکہ آواز شمشیرون کی سمجھ مین نہین آتی ہی۔ یعنی وہ شمشیرون کی چھناچھن پڑنے سے سمجھتا تھا کہ اُس کے لشکری مقتول ہو رہے ہین

يُسَرُّ بِمَا أَعْطَاكَ لَا عَنْ جَهَالَةٍ ۔۔۔ وَلَكِنَّ مَغْنُومًا نَجَا مِنْكَ غَانِمُ

ترجمہ دستق با اپنے ہمراہی اور جملہ اسباب تجکو دیکر بھاگا وہ اس سے خوش ہی نہ براہ نادانی کے بلکہ اس سبب سے کہ جو شخص لشکر تجھ سے بچ گیا وہ حقیقت مین لوٹنے والا ہی کہ اپنی جان تو بچا لے گیا۔

وَلَسْتَ مَلِيكًا هَازِمًا لِنَظِيرِهِ ۔۔۔ وَلَكِنَّكَ التَّوْحِيدُ لِلشِّرْكِ هَازِمُ

الہازم والتوحید خبران للکن کقولک حلو حامض ترجمہ تونے جو دستق کو شکست دی یہ ایسی بات نہین ہی کہ ایک بادشاہ اپنی مثل کو شکست دے بلکہ تو توحید ہی جس نے شرک کو بھگا دیا۔ خلاصہ یہ ہی کہ یہ مقابلہ ایک شاہ کا دوسرے شاہ سے نہ تھا۔ بلکہ مقابلہ توحید اور شرک کا تھا۔

تَشَرَّفُ عَدْنَانٌ بِهِ لَا رَبِيعَةٌ ۔۔۔ وَتَفْتَخِرُ الدُّنْيَا بِهِ لَا الْعَوَاصِمُ

الضمیر فی بہ للملک۔ ومفرد ربیعة ابنا نزار بن معد بن عدنان وربیعة رہط سیف الدولة والعواصم قلاع وحصون من اعمال حلب وقیل ہی من الفرات الی حمص ترجمہ ممدوح کے سبب عدنان اُسکا جد اعلی مشرف ہوگیا نہ اُسکی اولاد مین سے صرف ربیعہ قوم سیف الدولہ کی اور اُس کے سبب سے دنیا مفتخر ہوگئی۔ نہ صرف دیہات انطاکیہ۔

لَكَ الْحَمْدُ فِي الدُّرِّ الَّذِي لِيَ لَفْظُهُ ۔۔۔ فَإِنَّكَ مُعْطِيهِ وَإِنِّي نَاظِمُ

یریاء بالدرشعرہ ترجمہ اُن اشعار آبدار کے کہنے مین جو مثل موتیون کے ہین اور اُنکے پرونے یعنے نظم کرنے مین صرف لفظ میرے ہین اور معانی تیری طرف سے عطا ہوئے ہین - مَین تیرا شکر گذار ہون کیونکہ معانی کا عطا کرنے والا تو ہی ہی - اور مَین تو فقط اُنکا ناظم ہون - خلاصہ یہ ہی کہ اگر تجھ مین ایسے عجیب وعمدہ اوصاف نہوتے تو مجکو یہ مضامین ہی نہ سوجھتے جیسا سابق اُسکا قول گذرا - ؎ من یہتدی فے الفعل مالا یہتدی فی القول حتی یفعل الشعراء - یہ مضمون نہایت عمدہ ہی -

	وَاِنّی لَتَعدُو بِی عَطَایَاکَ فِی الوَغیٰ	فَلَا اَنَا مَذمُومٌ وَّلَا اَنتَ نَادِمُ	

تعدو ای تجری وتسرع ترجمہ اور بیشک تیرے عطیہ گھوڑے مجکو جنگ مین لئے دوڑے پھرتے ہین سو اسبات مین قابل مذمت نہین ہون کیونکہ تیرا شکر گذار ہون - اور نہ تو پشیمان کیونکہ تو مجکو بہت کچھ عنایت کرتا ہی -

	عَلٰی کُلِّ طَیَّارٍ اِلَیھَا بِرِجلِہٖ	اِذَا وَقَعَت فِی مِسمَعَیہِ الغَمَاغِمُ	

علی متعلق بنادم ای لست نادما علی کل طیار - والغماغم جمع غمغمۃ وہی الصوت المختلف والمراد بہ اصوات الابطال فی الحرب ترجمہ تو ایسے گھوڑے پر سوار ہوکر نادم نہین ہی جو لڑائی کیطرف اپنے پاؤن سے اُڑے یعنی تیز جاوے جبکہ اُس کے دونون کانون مین نعرۂ مردان کارزار پہنچے -

	اَلَا اَیُّھَا السَّیفُ الَّذِی لَستَ مُغمَدًا	وَلَا فِیکَ مُرتَابٌ وَّلَا مِنکَ عَاصِمُ	

ترجمہ ای وہ شمشیر جو کبھی میان مین نہین رہتی اور نہ تیرے فضائل مین شک کی گنجائش ہی اور نہ کوئی کسیکو تجھ سے بچا سکتا ہی -

	ھَنِیئًا لِضَربِ الھَامِ وَالمَجدِ وَالعُلٰی	وَرَاجِیکَ وَالاِسلَامِ اَنَّکَ سَالِمُ	

جواب ندا ترجمہ تیری سلامتی ضرب سرہائے دشمنان اور شرف اور بلندی رتبہ اور تیرے اُمیدوار اور اسلام کو مبارک وگوارا ہو کیونکہ فضائل مذکورہ صرف تیری ذات مین منحصر ہین -

	وَلِمْ لَا یَقِی الرَّحمٰنُ حَدَّیکَ مَا وَقیٰ	وَتَفلِیقُہٗ ھَامَ العِدیٰ بِکَ دَائِمُ	

لم ہمزہ استفہام انکاری وما بمعنی مادام ترجمہ اور کسواسطے خداوند رحمان تیرے دونون دہارونکی حفاظت نکرے جبتک اُسکو منظور ہی یعنی ہمیشہ اور حال یہ ہی کہ خداوند تعالیٰ سرہائے دشمنان کو یعنے دشمنان دین کو تیرے سبب ہمیشہ چیرتا ہی پس تو اُسکے دین کا حامی ہی - اور وہ تیرا حافظ ہی -

وقال یمدحہ وقد ورد علیہ رسول الروم یطلب الہدنۃ فی سلسلہ ۳۴۴ھ

	اَرَاعَ کَذَا کُلَّ المُلُوکِ ھُمَامُ	وَسَحَّ لَہٗ رُسُلَ المُلُوکِ غَمَامُ	

اراع افزع - والہمام الملک العظیم الہمۃ - وسح امطر - وکذا فی موضع نصب صفۃ مصدر محذوف ای روعا کذا مثل ہذا

ترجمہ کیا بادشاہ عالی ہمت نے جیسا مین دیکھتا ہون سب بادشاہون کو ڈرا دیا اور کیا قاصدان شاہان کو اُسکے لئے ابر نے برسا دیا ہی کہ اسکے قاصد اُس کے پاس بطلب صلح آتے ہین۔

وَدَانَتْ لَهُ الدُّنْيَا فَأَصْبَحَ جَالِسًا	وَأَيَّامُهَا فِيمَا يُرِيدُ قِيَامُ

دانت اطاعت ترجمہ تمام دنیا ممدوح کی مطیع ہوگئی سو اب آرام سے بیٹھا ہو اور زمانہ اُس کے ارادہ کے پورا کرنے کے لئے کمربستہ کھڑا ہی کہ جو وہ چاہتا ہی مہیا ہو جائے

إِذَا زَارَ سَيْفُ الدَّوْلَةِ الرُّومَ غَازِيًا	كَفَاهَا لِمَامٌ لَوْ كَفَاهُ لِمَامُ

اللمام الزیارۃ القلیلۃ ترجمہ جبکہ سیف الدولہ روم پر جہاد کے لئے آتا ہی تو روم کو اُس کا کمتر نزول کافی ہوتا ہی کاش اُسکو نزول قلیل کافی ہو مگر وہ بے تمام ملک کے سر کئے نہین ٹہرتا۔

فَتًى تَتْبَعُ الْأَزْمَانُ فِي النَّاسِ خَطْوَهُ	لِكُلِّ زَمَانٍ فِي يَدَيْهِ زِمَامُ

ترجمہ وہ ایسا جوانمرد ہی کہ لوگون مین زمانے اُسکے قدم بقدم چلتے ہین۔ یعنے جسپر وہ احسان کرتا ہی زمانہ بھی اُسپر احسان کرتا ہی اور جسکا یہ برا کرتا ہی زمانہ بھی اُسکا برا کرتا ہی۔ اُس کے دونون ہاتھون مین ہر زمانہ کی باگ ہی یعنی ہر زمانہ اُس کی مرضی کا تابع ہی جیسا گھوڑا باگ سے مطیع ہوتا ہی۔

تَنَامُ لَدَيْكَ الرُّسْلُ أَمْنًا وَغِبْطَةً	وَأَجْفَانُ رَبِّ الرُّسْلِ لَيْسَ تَنَامُ

ترجمہ بادشاہون کے قاصد تیرے پاس باامن تمام سوتے ہین اور تو جو اُنپر انعام کرتا ہی اس سے اور لوگ اُنپر غبطہ کرتے ہین کہ کاش ہمکو بھی نعمت حاصل ہو مگر قاصدون کے مالکون کی پلکین نہین سوتین۔ اس خیال سے کہ دیکھے ہماری درخواست قبول ہوتی ہی یا نہین۔ یا اس سبب سے کہ تونے قاصدون کو تو امن عنایت کیا ہی اس لئے وہ بےخوف ہین اور اُنکے بھیجنے والون کو بسبب عدم حصول امن خوف جان ہی۔

حِذَارًا لِمُعْرَوْرِي الْجِيَادِ فُجَاءَةً	إِلَى الطَّعْنِ قُبْلًا مَا لَهُنَّ لِجَامُ

اعرورت الفرس رکبتہ عریانا بالا سرج۔ والقبل المقابلۃ والمواجہۃ وہی مخففۃ من القبل۔ وقال ابو الفتح ہو جمع اقبل وقبلاء وہو الذی اقبلت احدیٰ عینیہ علی الاخریٰ تشاوشا وغیرۃ نفس ترجمہ وہ نہین سوتے ہین بخوف اُس شخص کے جو بوقت واقعہ ناگہانی عمدہ گھوڑون کی ننگی پشت یعنے بے زین و بے لگام پر جو نیزہ بازی کیطرف متکبرانہ چڑھی آنکھون سے دیکھتے ہین سوار ہو جاتا ہی یعنے وہ ایسا چست ہی کہ بوقت ضرورت اسپان بے زین و لگام پر سوار ہو کر دشمنون کو مارتا ہی اور توقف زین کسنے اور لگام چڑھانے کا گوارا نہین کرتا۔ یعنی سیف الدولہ

تُعَطَّفُ فِيهِ وَالْأَعِنَّةُ شَعْرُهَا	وَتُضْرَبُ فِيهِ وَالسِّيَاطُ كَلَامُ

الضمیر ان فی الظرفین للطعن المذکور فی البیت السابق ترجمہ اور ایسے حال مین کہ اُنکی باگین اُن کی ایال کے

بال ہین اُس نیزہ زنی مین اُنکو ایک طرف سے دوسری طرف پھیرتا ہی یعنی باشارۂ ایال اور اُسی جنگ کے وقت اُنکو مارا بھی جاتا ہی مگر اُنکے تازیانے کلام کرخت ہین۔ خلاصہ یہ ہی کہ اُس کے گھوڑے ایسے شایستہ اور تیز ہین کہ باشارۂ موے ایال کلام سخت لگام کا کام اور تازیانہ کا مقصد ادا کرتے ہین۔

وَمَا تَنفَعُ الْخَيْلُ الْكِرَامُ وَلَا الْقَنَا ۔۔۔ إِذَا لَمْ يَكُنْ فَوْقَ الْكِرَامِ كِرَامُ

ترجمہ اور عمدہ گھوڑے اور نیزے کچھ فائدہ بخش نہین ہین جبکہ عمدہ گھوڑون پر عمدہ اور بہادر آدمی سوار نہ ہون۔

إِلَى كَمْ تَرُدُّ الرُّسْلَ عَمَّا أَتَوْا لَهُ ۔۔۔ كَأَنَّهُمُ فِيمَا وَهَبْتَ مَلَامُ

ترجمہ تو کب تلک قاصدون کو اُس غرض سے جس کے لئے وہ آئے ہین ایسا ناکام لوٹا دیگا گویا کہ وہ تیرے بخشش کے معاملہ مین ملامت ہین یعنی جیسا تو درباب کثرت سخاوت ملامت نہین سنتا ہی ایسا ہی تو کب تلک اُن کی صلح کی درخواستین نہین سُنے گا اور اُنکو ناکامیاب واپس کریگا۔ وہذا ہو المدح الموجہ۔

وَإِنْ كُنْتَ لَا تُعْطِي الذِّمَامَ طَوَاعَةً ۔۔۔ فَعَوْذُ الْأَعَادِي بِالْكَرِيمِ ذِمَامُ

الذمام جمع ذمۃ وہی العہد ترجمہ اور اگر تو بخوشی عہد صلح نہین دیگا تب بھی تجھ پر صلح اور عہد کا دینا لازم آگیا۔ کیونکہ دشمنون کا شخص کریم سے پناہ چاہنا یہ ہی عہد صلح ہی اگلے شعر مین اسکی تاکید کرتا ہی۔

وَإِنَّ نُفُوسًا أَمَّمَتْكَ مَنِيعَةٌ ۔۔۔ وَإِنَّ دِمَاءً أَمَّلَتْكَ حَرَامُ

ترجمہ اور بیشک جن جانون نے تجھ سے ارادہ صلح کا کیا ہی وہ مکرم و عزیز ہین اور جن خونین نے تجھ سے اُمید امن کی ہی وہ قابل حرمت ہین اور اُنکا قتل حرام ہی۔

إِذَا خَافَ مَلْكٌ مِنْ مَلِيكٍ أَجَرْتَهُ ۔۔۔ وَسَيْفَكَ خَافُوا وَالْجِوَارَ تُسَامُ

الملک والملیک واحد ترجمہ جبکہ کوئی بادشاہ کسی دوسرے بادشاہ سے ڈرتا ہی تو تو خائف کو پناہ دیتا ہی اور رومی تیری تلوار سے ڈرے اور تیری ہمسائگی اور پناہ قصد کی گئی ہی اور جب تو غیرون سے پناہ دیتا ہی تو تجکو اپنے نفس سے پناہ دینا اولیٰ ہی۔

لَهُمْ عَنْكَ بِالْبِيضِ الْخِفَافِ تَفَرُّقٌ ۔۔۔ وَحَوْلَكَ بِالْكُتْبِ اللِّطَافِ زِحَامُ

ترجمہ وہ لوگ تیری تیز تلوارون سے ڈر کر تجھ سے متفرق ہو گئے ہین اور تیرے پاس اُنکی عرائض نیاز کا ازدحام ہی۔ پس اُنکی درخواست قابل قبول ہی۔

تَغُرُّ حَلَاوَاتُ النُّفُوسِ قُلُوبَهَا ۔۔۔ فَتَخْتَارُ بَعْضَ الْعَيْشِ وَهْوَ حِمَامُ

ترجمہ جانون کی شیرینیان یعنے حب حیوۃ اُن کے دلون کو فریب دیتی ہین یہان تلک کہ وہ عیش ذلیل کو پسند کرلیتا ہی اور درحقیقت وہ زندگی موت ہوتی ہی۔

وَشَرُّ الحِمامَینِ الزُؤامَینِ عِیشَةٌ ۔۔۔ یَذِلُّ الَّذی یَختارُها وَیُضامُ

الموت الزؤام العاجل ویضام یظلم ترجمہ اور دو جلد موتوں سے یعنی مرگ متعارف اور مرگ ذلت سے وہ زندگی بدتر ہے کہ جسکا اختیار کرنے والا ذلیل اور مظلوم ہو یعنی موت ذلت دونوں موتوں سے بدتر ہے۔

فَلَو کانَ صُلحاً لَم یَکُن بِشَفاعَةٍ ۔۔۔ وَلٰکِنَّهُ ذُلٌّ لَهُم وَغَرامُ

الغرام الشر الدائم اللازم منها الغریم للملازمۃ ترجمہ سو اگر یہ پیام رومیان صلح ہوتا تو وہ بذریعہ شفاعت سواران سرحد نہ آتا مگر یہ پیام درحقیقت رومیوں کی ذلت وعار لازمی ہے۔

وَمَنٌّ لِفُرسانِ الثُغورِ عَلَیهِمُ ۔۔۔ بِتَبلیغِهِم ما لا یَکادُ یُرامُ

ترجمہ اور یہ قبول صلح تیرے سواران سرحدات کا اُنپر احسان ہے کہ اُنھوں نے رومیوں کو ایسے مطلب پر کامیاب کر دیا جس کے پورے ہونے کا اُنکو گمان بھی نہ تھا۔ اور اب تونے بذریعہ سفارش سواران مذکور اُن کا کہنا مان لیا۔

کَتائِبُ جاؤوا خاضِعینَ فَأَقدَموا ۔۔۔ وَلَو لَم یَکونوا خاضِعینَ لَخاموا

الکتائب جمع کتیبۃ من الخیل۔ والخائم الناکص وخام عنہ ای جبن ترجمہ یہ ایک گروہ رومی سواروں کا ہے جو بخشوع تیرے پاس آئے اور اسی لئے وہ آگے بڑھے اور اگر وہ نیازمندانہ نہ آتے تو تیرے پاس آنے سے ڈرتے اور نہ آسکتے۔

وَعَزَّت قَدیماً فی ذَراکَ خُیولُهُم ۔۔۔ وَعَزّوا وَعامَت فی نَداکَ وَعاموا

الذری الظل وعام سبح ترجمہ اور تیرے سایۂ عاطفت میں اسپہائے رومیان اور خود رومی ہمیشہ معزز ہوئے ہیں اور وہ دونوں تیرے دریائے کرم میں تیرے ہیں یعنے وہ ہمیشہ تیرے ممنون و نیازمند رہے ہیں اُنکی درخواست صلح قبول ہونی چاہئے۔

عَلٰی وَجهِکَ المَیمونِ فی کُلِّ غارَةٍ ۔۔۔ صَلٰوةٌ تَوالٰی مِنهُمُ وَسَلامُ

المیمون ذو الیمن والبرکۃ والصلاۃ الرحمۃ۔ والسلام البرکۃ ترجمہ تیرے روئے مبارک پر ہر لڑائی میں اُنکی طرف سے رحمت و برکت ہے یعنے باوجودیکہ تو اُنکے لوٹتے جاتا ہے مگر جب وہ تیرا چہرہ مبارک دیکھتے ہیں رحمت بھیجتے ہیں۔

وَکُلُّ أُناسٍ یَتبَعونَ إِمامَهُم ۔۔۔ وَأَنتَ لِأَهلِ المَکرُماتِ إِمامُ

ترجمہ اور سب لوگ اپنے پیشوا کے تابع ہوتے ہیں اور تو جملہ اہل کرم وفضائل کا امام ہے اسلئے سب تیرے تابع ہیں

وَرُبَّ جَوابٍ عَن کِتابٍ بَعَثتَهُ ۔۔۔ وَعُنوانُهُ لِلناظِرینَ قَتامُ

ترجمہ اور بہت سے مخالفوں کے خط کا جواب تو نے بھیجا کہ اُنکا سرنامہ دیکھنے والوں کیواسطے غبار تیرے لشکر کا تھا یعنے اکثر دفعہ یہ ہوا ہے کہ تو نے غبار اپنے لشکر کو قائم مقام جواب نامہ دشمن کر دیا ہے۔

تَضِيقُ بِهِ الْبَيْدَاءُ مِنْ قَبْلِ نَشْرِهٖ	وَمَا فُضَّ بِالْبَيْدَاءِ عَنْهُ خِتَامُ

الفض الكسر والختام طابع الكتاب ترجمہ تیرے لشکر کی کثرت سے بڑے وسیع میدان قبل انتشار لشکر تنگ ہوجاتے ہیں حالانکہ اُس میدان میں اُس لشکر کی مہر نہیں توڑی گئی۔ لشکر کو جب کتاب کہا تو اُس کے پھیلنے اور منتشر ہونے کے لئے مہر کا توڑنا استعارہ کیا۔ وللہ درہ فقد ابدع والطف۔

حُرُوْفُ هِجَاءِ النَّاسِ فِيْهِ ثَلَاثَةٌ	جَوَادٌ وَرُمْحٌ ذَابِلٌ وَحُسَامُ

الجواد الفرس والكریم والذابل الرمح الیابس المستقیم ترجمہ اُس کتاب یعنی لشکر کے حروف تہجی میں ہیں عمدہ گھوڑا اور سوکھا اور سیدھا نیزہ اور برّندہ شمشیر یعنے یہ لشکر انسے مرکب ہی جیسا کتاب حروف ہجا سے۔

أَذَا الْحَرْبِ قَدْ أَتْعَبْتَهَا فَالْهَ سَاعَةً	لِيُغْمَدَ نَصْلٌ أَوْ يُحَلَّ حِزَامُ

الہی الرجل عن الشئ اذا اعرض ولہا یلہوا ذا اخذ فی اللہو ترجمہ ای مرد جنگی تونے گھوڑوں اور سواروں کو بہت تکلیف جنگ دی اب تھوڑی دیر یہ شغل چھوڑ دے تاکہ شمشیر میان میں کیجاوے اور گھوڑے کا تنگ کھولا جاوے۔

وَإِنْ طَالَ أَعْمَارُ الرِّمَاحِ بِهُدْنَةٍ	فَإِنَّ الَّذِيْ يَعْمُرْنَ عِنْدَكَ عَامُ

عمر الرجل طال عمرہ ترجمہ اور اگرچہ لوگوں کے نیزوں کی عمر بسبب طول ایام صلح دراز ہوجاتی ہی مگر تیرے ہاں بسبب تیری عادت جنگ کے غایۃ عمر نیزوں کی ایک برس ہی بعد اُس کے تو جنگ میں نیزے دشمنوں پر ضرور توڑے گا

وَمَا زِلْتَ تُفْنِي السُّمْرَ وَهِيَ كَثِيْرَةٌ	وَتُفْنِيْ بِهِنَّ الْجَيْشَ وَهُوَ لُهَامُ

السمر الرماح۔ واللہام الکبیر الذی یلتہم کل شئ ترجمہ تو ہمیشہ اپنے گندم گوں نیزوں کو جو کثرت سے ہیں دشمنوں کے قتل کے سبب فنا کرتا ہی یا فنا کرتا رہیو اور اُن نیزوں کے ذریعہ سے لشکر کثیر کو فنا کرتا ہی یا فنا کرتا رہیو۔ خلاصہ یہ کہ مازلت یا اخبار ہی یا دعا۔

مَتٰى عَاوَدَ الْجَالُوْنَ عَاوَدْتَ أَرْضَهُمْ	وَفِيْهَا رِقَابٌ لِلسُّيُوْفِ وَهَامُ

الجالون الذی اخرجوا من دیارہم ترجمہ جب وہ لوگ جو تیرے خوف سے جلا وطن ہوگئے ہیں بسبب صلح کے اپنے اوطان میں لوٹ آویں گے تو تو پھر اُنکی سرزمین میں ایسے حال میں جائیو کہ وہاں تیری تلوار کے لئے اُنکی گردنیں اور سر ہونگے جو بمنزلہ خوراک شمشیر ہیں۔

وَرَبَّوْا لَكَ الْأَوْلَادَ حَتّٰى تُصِيْبَهَا	وَقَدْ كَعَبَتْ بِنْتٌ وَشَبَّ غُلَامُ

الواو معطوف علی عاودت وحتی للعاقبۃ کقولہ تعالیٰ لیکون لہم عدواً وحزنا والکاعب الناہدۃ الثدی ترجمہ اور جب اُن پر پھر حملہ کر لیو کہ جب وہ اپنی اولاد کو تیری خدمت کے لئے پرورش کر لیں اس غرض سے کہ وہ تیرے کام آئیں ایسے حال میں کہ اُنکی لڑکیاں نارپستان ہوجاویں اور غلام جوان تاکہ وہ تیری بردے ہو کر خدمت کریں

یعنے یہ صلح مصلحت سے خالی نہین ہی۔

جَرٰی مَعَکَ الجَادُوْنَ حَتّٰی اِذَا انْتَہَوْا	اِلَی الغَایَۃِ القُصْوٰی جَرَیْتَ وَقَامُوْا

ترجمہ اور بادشاہ براے کسب وحصول مکارم تیرے ساتھ چلے یہان تلک کہ جب وہ نہایت اعلے مکارم کو پہنچے تو وہ تھک کر ٹھہر رہے۔ اور تو آگے بڑھکر برابر ترقی کرتا رہا۔ یعنے کسی اہل کرم سے تیرا مقابلہ نہین ہوسکتا۔

فَلَیْسَ لِشَمْسٍ مُذْ اَنَرْتَ اِنَارَۃٌ	وَلَیْسَ لِبَدْرٍ مُذْ تَمَمْتَ تَمَامُ

ترجمہ سو کسی آفتاب مین جب سے تو روشن ہوا ہی روشنی نہین رہی اور جب سے تو کامل ہوا ہی کسی بدر کو کمال نصیب نہین ہوا۔

وقال یمدحہ ویودعہ اسلے اقطاع لہ

اَیَا رَامِیًا یُصْمِی فُؤَادَ مَرَامِہٖ	تُرَبِّی عِدَاہُ رِیْشَہَا لِسِہَامِہٖ

الاصار اصابۃ المقتل فی الرمی۔ اصماہ اذا قتلہ ترجمہ ای تیرانداز کہ تو اپنی مراد کے دل مین ایسا تیر مارتا ہی کہ وہ فوراً وہان ہی شکار ہو جاتی ہی یعنی بمجرد عزم تیرا مطلب حاصل ہوجاتا ہی وقولہ تربی یہ بطور مثل ہی یعنے جیسا کہ تیر کا زور اور قوت نفوذ بذریعہ پر کے ہوتی ہی ایسے ہی۔ تیری تقویت اموال اعداسے ہی۔ پس گویا دشمن کا مال اُس کے تیر کے پر ہین اور باعث حصول طاقت جاہ یعنے دشمن جو جمع اموال کرتے ہین اُسیکے لئے ہین۔

اُسِیْرُ اِلٰی اِقْطَاعِہٖ فِیْ ثِیَابِہٖ	عَلٰی طِرْفِہٖ مِنْ دَارِہٖ بِحُسَامِہٖ

الاقطاع ما اقطعہ من البلاد۔ والطرف الفرس ترجمہ اب مین اُس سے رخصت ہو کر اُسکی عطا کی ہوئی جاگیر کیطرف اُسی کی خلعت پہنے ہوئے اُسی کی عنایتی گھوڑے پر اُسی کے بخشے ہوئے گھر سے اور اُسکی بخشی ہوئی تلوار باندھے ہوئے جاتا ہون۔ یعنی جو کچھ میرے پاس ہی سب اُسی کا بخشا ہوا ہی۔

وَمَا مَطَرَتْنِیْہِ مِنَ الْبِیْضِ وَالْقَنَا	وَرُوْمِ الْعِبِدّٰی هَاطِلَاتُ غَمَامِہٖ

الروم جمع رومی کزنج وزنجی ترجمہ اور اُن چیزون مین مستغرق ہوجاتا ہون جو اُس کے کرم کے ابرہاے ریزان نے تلوارون اور نیزون اور غلامان رومی سے مجھپر برسادی ہین وبکثرت عنایت فرمائی ہین۔

فَتًی یَہَبُ الْاِقْلِیْمَ بِالْمَالِ وَالْقُرٰی	وَمَنْ فِیْہِ مِنْ فُرْسَانِہٖ وَکِرَامِہٖ

الاقلیم القری المجتمعۃ۔ ترجمہ وہ ایسا سخی ہی کہ وہ ولایت کو مع اموال و دیہات کے اور جو اُس مین ہی سوارون اور عمدہ گھوڑون سے یعنی کل بخشدیتا ہی۔

وَیَجْعَلُ مَا خُوِّلْتُہٗ مِنْ نَوَالِہٖ	جَزَاءً لِمَا خُوِّلْتُہٗ مِنْ کَلَامِہٖ

التخویل التملیک والنوال العطاء ترجمہ اور جو مین اُس کی عظیم عطایا کا اُس کی بخشش کے سبب مالک کیا جاتا

ہیں وہ اُسکو صلہ اُس چیز کا کرتا ہی جو میں اُس کے کلام سے عطا کیا جاتا ہوں مراد کلام سے شعر ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ اُن اشیاء عظیمہ کو جو مجھے بخشتا ہی۔ عوض اُن میرے اشعار مدحیہ کا کرتا ہی جنکے مضامین میں نے خود اُس سے سیکھے ہیں۔ سیکھنے کے یہ معنی ہیں کہ اگر اُسمیں اسقدر فضائل نہوتے تو وہ مضامین مدح مجکو نسوجھتے۔ پس گویا وہ مجکو ایسی چیز کے بدلے انعام دیتا ہی جو اسی کی دی ہوئی ہی

فَلَا زَالَتِ الشَّمْسُ الَّتِي فِي سَمَائِهِ	مُطَالِعَةَ الشَّمْسِ الَّتِي فِي لِثَامِهِ

اللثام ما کان علی الوجہ الی العین من القناع والعمامۃ۔ واضاف السماء الی الممدوح مبالغۃ فی المدح ترجمہ سو وہ آفتاب یعنی جو ممدوح کے آسمان میں ہو یعنے وہ اُسکی ہی برکت سے قائم ہی ہمیشہ اُسکے چہرۂ آفتاب مثال کو جو اُسکی نقاب میں مستور ہی بسبب کمال نور کے بنظر حیرت دیکھتا رہے۔

وَلَا زَالَ تَجْتَازُ الْبُدُورُ بِوَجْهِهِ	تَعَجَّبُ مِنْ نُقْصَانِهَا وَتَمَامِهِ

ترجمہ اور ہر ماہ کے بدر اُسکے چہرہ مبارک کے روبرو اپنے نقصان اور اُس کے کامل و تمام ہونے سے تعجب کرتے گزریں یعنی تو ہمیشہ بحال کمال زندہ رہیو۔

وانشد سیف الدولۃ متمثلاً بقول النابغۃ

وَلَا عَيْبَ فِيهِمْ غَيْرَ أَنَّ سُيُوفَهُمْ	بِهِنَّ فُلُولٌ مِنْ قِرَاعِ الْكَتَائِبِ

فقال ابو الطیب مرتجلا

رَأَيْتُكَ تُوسِعُ الشُّعَرَاءَ نَيْلًا	حَدِيثَهُمُ الْمُوَلَّدَ وَالْقَدِيمَا

النیل العطاء۔ والحدیث المولد من الشعراء ہم الذین خالطوا الحضر وتربوا فی البلاد۔ والقدماء کشعراء الجاہلیۃ ترجمہ میں نے تجکو دیکھا کہ تو شعراء کو عطاء وسیع کثیر بخشتا ہی گو وہ جدید شہروں میں پرورش پائے ہوں یا پرانے وقتوں کے ہوں مثل شعرائے ایام جاہلیہ۔ تفصیل عطا اگلے شعر میں ہی۔

فَتُعْطِي مَنْ بَقِي مَالًا جَسِيمًا	وَتُعْطِي مَنْ مَضَى شَرَفًا عَظِيمًا

بقی لغۃ طی یقال بقی وبقت مکان بقی وبقیت ترجمہ سو تو اُن شاعروں کو جو زندہ باقی ہیں مال کثیر بخشتا ہی اور جو مرگئے ہیں اُنکے اشعار پڑھکر اُنکو بڑی بزرگی عنایت کرتا ہی۔

سَمِعْتُكَ مُنْشِدًا بَيْتَيْ زِيَادٍ	نَشِيدًا مِثْلَ مُنْشِدِهِ كَرِيمَا

ترجمہ میں نے تجکو دو شعر زیاد یعنی نابغہ کے پڑھتے سنا وہ شعر ایسے اچھے تھے جیسا اُنکا پڑھنے والا یعنی تو اور وہ دو شعر یہ تھے ولا عیب فیہم غیر ان سیوفہم بہن فلول من قراع الکتائب + تورثن من ازمان یوم حلیمۃ + الی الیوم قد جربن کل التجارب

فَمَا أَنْكَرْتُ مَوْضِعَهُ وَلَكِنْ	غَبَطْتُ بِذَاكَ أَعْظُمَهُ الرَّمِيمَا

ترجمہ سو میں نے نابغہ کے علو رتبہ کا شعر میں انکار نہیں کیا کیونکہ واقعی وہ بڑا عمدہ شاعر ہی مگر میں نے اُس کے استخوانہاے بوسیدہ پر غبطہ کیا کہ کاش یہ دولت مجکو بھی نصیب ہو۔

وقال فی صباہ یمدحہ سنۃ احدیٰ وعشرین وثلثمائۃ

ذِكْرُ الصِّبَا وَمَرَابِعُ الآرَامِ — جَلَبَتْ حِمَامِي قَبْلَ وَقْتِ حِمَامِي

من روی مرابع بالجر عطفہ علی الصبا ومن رفعہ عطفہ علی ذکر۔ والارام جمع ریم وہن الظباء البیض واراد بہن النساء الحسان والمرابع جمع مربع وہو المکان الذی یربعون فیہ ومن روی بالتاء المثناۃ فوقہا اراد جمع مرتع وہو المرعیٰ ترجمہ یادگار ایام کودکی ومنازل بہار وزنان ہمرنگ آہوان سفید یا اُنکی جاہاے لہو ولعب کی یادگار نے میری موت کو قبل وقت مرگ کھینچ بلایا۔ یعنی اُن ایام عیش کی یاد کے سبب میں بن آئی مرگیا۔

دِمَنٌ تَكَاثَرَتِ الهُمُومُ عَلَيَّ فِي — عَرَصَاتِهَا كَتَكَاثُرِ اللُّوَّامِ

الدمن جمع دمنۃ وہی آثار القوم بعد رحیلہم ترجمہ وہ منازل محبوبہ آثار آبادی قوم ہیں جنکو ویران دیکھکر اُن کے صحنون میں مجپر غم ایسے بکثرت طاری ہوئے جیسا ملامتگران کا ہنگامہ تھا یعنی درباب عشق محبوبہ۔

فَكَأَنَّ كُلَّ سَحَابَةٍ وَكَفَتْ بِهَا — تَبْكِي بِعَيْنَيْ عُرْوَةَ بْنِ حِزَامِ

عروۃ احد العشاق المشہورین صاحب عفراء ترجمہ سو گویا ہر پارۂ ابر جو اُن آثار دیار پر برسا وہ عروۃ بن حزام کی دونون آنکھون سے روتا ہی جو عاشق مشہور مسماۃ عفراء کا ہی۔

وَلَطَالَمَا أَفْنَيْتُ رِيقَ كَعَابِهَا — فِيهَا وَأَفْنَتْ بِالْعِتَابِ كَلَامِي

الکعاب بالفتح الکاعب وہی الجاریۃ التی قد کعب ثدیہا ترجمہ اور جب وہان محبوبہ آبادتھی تو اکثر آب دہن اُسکی زنہاے نارپستان کا مین نے چوسکر تمام کردیا تھا اور اُس نے عتاب کرکے مجکو بند کردیا تھا۔

قَدْ كُنْتَ تَهْزَأُ بِالْفِرَاقِ مَجَانَةً — وَتَجُرُّ ذَيْلَيْ شِرَّةٍ وَعُرَامِ

المجانۃ الخلاعۃ۔ والماجن الذی لایبالی بما یتکلم بہ۔ والشرۃ الحدۃ والنشاط والعرام شرس الخلق ترجمہ اے متنبی تو قبل ابتلاے عشق فراق براہ بے باکی ہنسا کرتا تھا اور دو دامن نشاط وتندخوئی کے کھینچتا تھا۔ اور کہتا تھا کہ فراق کس بلا کا نام ہی مگر اب تو فراق سے تیرا حال زار ہی۔

لَيْسَ الْقِبَابُ عَلَى الرِّكَابِ وَإِنَّمَا — هُنَّ الْحَيَاةُ تَرَحَّلَتْ بِسَلَامِ

القباب الہوادج۔ والرکاب الابل ترجمہ یہ ہودج شترون پر نہین ہین یہ تو ہماری زندگی ہی جو ہمسے سلام رخصت کرکے جاتی ہی۔ یعنی جب زندگی چلی گئی تو اب مین کیسے زندہ رہ سکتا ہون۔

لَيْتَ الَّذِي خَلَقَ النَّوَى جَعَلَ الْحَصَى — لِخِفَافِهِنَّ مَفَاصِلِي وَعِظَامِي

ترجمہ کاش جس ذات پاک نے فراق پیدا کیا وہ میرے اعضا اور استخوانوں کو اُن شتران سواری کے پاؤں کے لئے سنگریزے بنا دیتا تاکہ اُنکے قدم میرے اعضا پر پڑتے۔

مُتَلَاحِظِیْنَ نَسُحُّ مَاءَ شُؤُوْنِنَا	حَذَرًا مِنَ الرُّقَبَاءِ فِی الْاٰكَامِ		

متلاحظین منصوب علی الحال من فعل محذوف ای سرنا او تقینا - وقال الواحدی قدم الحال علی العامل وہو قولہ نسح - والسح السکب والشؤون جمع شان وہو مجری الدمع والاکام جمع اکمۃ وہی المطمئنۃ من الارض او ہی التل ترجمہ ہم روتے تھے اور ایک دوسرے کو دیکھتے جاتے تھے بخوف رقیبوں کے جو غاروں میں یا پشتوں میں پوشیدہ ہوں وفی روایۃ فی الاکمام یعنی ہم اپنے اشکوں کو بخوف رقیبوں کے اپنی آستینوں میں گراتے تھے۔

اَرْوَاحُنَا انْهَمَلَتْ وَعِشْنَا بَعْدَهَا	مِنْ بَعْدِ مَا قَطَرَتْ عَلَى الْاَقْدَامِ		

الانہمال الانصباب ترجمہ یہ اشک جو آنکھوں سے جاری ہیں یہ پانی نہیں ہے بلکہ ہماری روحیں ہیں جو بہنے لگیں اور ہمارے قدموں تلک پہنچیں اور تعجب یہ ہے کہ ہم بعد ذہاب روحوں کے زندہ رہے۔

لَوْ كُنَّ يَوْمَ جَرَيْنَ كُنَّ كَصَبْرِنَا	عِنْدَ الرَّحِيْلِ لَكُنَّ غَيْرَ سِجَامِ		

کن الثانیۃ زائدۃ - والسجام الغزیرۃ الکثیرۃ ترجمہ اگر ہمارے اشک اُس روز کہ جاری ہوئے ہمارے صبر کی مانند قلیل بوقت رحیل ہوتی تو وہ ریزاں نہوتے۔ غرض اظہار قلت صبر و کثرت اشک ہے۔

لَمْ يَتْرُكُوْا لِیْ صَاحِبًا اِلَّا الْاَسٰى	وَزَمِيْلُ ذِعْلِبَةٍ كَفَحْلِ نَعَامِ		

الذمیل ضرب من السیر السریع - والذعلبۃ الناقۃ السریعۃ - واراد بفحل النعام الذکر بسرعتہ ترجمہ دوست مجکو تنہا چھوڑکر چلے گئے اور سوائے غم کے اور تیز رفتار ناقہ کے جو مثل شترمرغ نر کے چالاک ہے میرا یار غمگسار نجھوڑا یعنی اب میں حالت اضطرار میں مارا پھرتا ہوں۔

وَتَعَذَّرُ الْاَحْرَارِ صَيَّرَ ظَهْرَهَا	اِلَّا اِلَيْكَ عَلَىَّ فَرْجَ حَرَامِ		

ترجمہ اور اسخیا و آزادمردوں کی قلت وکمیابی نے پشت اُس ناقہ کو سوائے تیری طرف کے اور طرف جانیکو ممنوع مثل شرمگاہ حرام کے کردیا - یعنی تیرے سوائے سخی نہیں ہے اس لئے صرف تیری طرف سفر کیا۔

اَنْتَ الْغَرِيْبَةُ فِیْ زَمَانٍ اَهْلُهُ	وُلِدَتْ مَكَارِمُهُمْ لِغَيْرِ تَمَامِ		

الہاء فی غریبۃ للمبالغۃ کما فی علامۃ ترجمہ تو ایک نہایت عجیب شئی ہے ایسے زمانہ میں کہ اہل زمانہ کے مکارم و فضائل ناقص و ناتمام ہیں - یقال ولد المولود لتمام تملم بالکسر والفتح۔

اَكْثَرْتَ مِنْ بَذْلِ النَّوَالِ وَلَمْ تَزَلْ	عَلَمًا عَلَى الْاِفْضَالِ وَالْاِنْعَامِ		

العلم العلامۃ التی یعرف بہا الشئی ترجمہ تو نے بخشش بکثرت کی اور تو ہمیشہ کارہائے فضل و انعام میں سرنام ہے

وَمَا زِلْتَ فِي حُلَلِ الثَّنَاءِ وَإِنَّمَا		عَدَمُ الثَّنَاءِ نِهَايَةُ الْإِعْدَامِ	

ترجمہ اور تو ہمیشہ تعریفون کے لباس پہنے ہوے تبختر انہ چلتا ہی - یعنی تیری سخاوت کے سبب شعرا ہمیشہ مدح تیری کرتے ہین - اور حقیقت مین غایۃ افلاس یہ ہی کہ کوئی اُس کی تعریف نکرے نہ قلت تونگری -

عَيْبٌ عَلَيْكَ تُرَى بِسَيْفٍ فِي الْوَغَى		مَا يَصْنَعُ الصَّمْصَامُ بِالصَّمْصَامِ	

ارا وان ترى فحذف ترجمہ تیرے نئے یہ عیب ہی کہ تو تلوار لیکر میدان جنگ مین آوے کیونکہ تلوار کا تلوار کے پاس کیا کام ہی یعنے تو خود ہی سیف الدولہ ہی شمشیر رسمی کی تجھے کیا حاجت ہی -

إِنْ كَانَ مِثْلُكَ كَانَ أَوْ هُوَ كَائِنٌ		فَبَرِئْتُ حِينَئِذٍ مِنَ الْإِسْلَامِ	

ترجمہ جب کوئی تیرا مثل ہوا ہو یا آیندہ ہووے تو مین اسلام سے بیزار ہو جاؤن یعنے اسلام کی قسم کھاتا ہون کہ تو بے مثل ہی -

مَلِكٌ زُهَتْ بِمَكَانِهِ أَيَّامُهُ		حَتَّى افْتَخَرْنَ بِهِ عَلَى الْأَيَّامِ	

اراد زہیت فابدل من الكسرة فتحة فانقلبت الياء الفاء ثم حذف لاجتماع الساكنين على لغة طی کقولہم نبت ولا يستعمل الا مجہولاً - وزہا تکبر وافتخر ترجمہ وہ ایسا بادشاہ ہی کہ اُس کے سبب اُس کا زمانہ مفتخر کیا جاتا ہی یہان تلک کہ یہ زمانہ زمانہاے سابقہ پر فخر کرتا ہی -

وَتَخَالُهُ سَلَبَ الْوَرَى أَحْلَامَهُمْ		مِنْ حِلْمِهِ فَهُمُ بِلَا أَحْلَامِ	

ترجمہ اُسکی مزید عقل کے سبب تو یہ خیال کرے گا کہ اُس نے تمام خلق کی عقل خود لے لی ہی اور تمام عالم اُسکے مقابلہ مین بے عقل ہی - والاحلام العقول -

وَإِذَا امْتَحَنْتَ تَكَشَّفَتْ عَزَمَاتُهُ		عَنْ أَوْحَدِيِّ النَّقْضِ وَالْإِبْرَامِ	

اصل الابرام فتل الحبل والخيط - والنقض ضده ترجمہ اور جب تو اُسکا امتحان کرے تو اُسکے ارادے ایسے شخص سے ظاہر ہون گے جو اُدھیڑنے اور بٹنے مین یعنی بند و بست اُمور مین یکتا ہی یعنی انتظام اُمور جنگ وصلح خوب جانتا ہی - قولہ عن اوحدی ای رجل اوحدی -

وَإِذَا سَأَلْتَ بَنَانَهُ عَنْ نَيْلِهِ		لَمْ يَرْضَ بِالدُّنْيَا قَضَاءَ ذِمَامِ	

الذمام ہہنا الحق ترجمہ اور جب تو اُس کی اُنگلیون سے اُسکی عطا کا حال پوچھے تو وہ تمام دُنیا بخشکر بھی اس بات پر راضی نہوگا کہ حق سائل ادا ہوگیا بلکہ اُسکا حق اُس سے بھی زیادہ جانتا ہی -

مَهْلًا أَلَا لِلّٰهِ مَا صَنَعَ الْقَنَا		فِي عَمْرِو حَابِ وَضَبَّةَ الْأَغْنَامِ	

اراد عمرو بن حابس فرخم المضاف اليه في غير النداء على مذهب الكوفيين - والاغنام الاغبياء الجہال ترجمہ جو کام

تیرے نیزوں نے عمرو بن حابس و جاہلان دناکسان توم ضبہ مین کیا ہی یہ بہت عمدہ ہوا۔ اب آرام کر۔

لَمَّا تَحَكَّمَتِ الْاَسِنَّةُ فِيْهِمُ	جَارَتْ وَهُنَّ يَجُرْنَ فِي الْاَحْكَامِ

ترجمہ جب تیرے نیزے اُنپر قادر اور حاکم ہوگئے تو اُنھون نے اُنپر جور اور زیادتی کی۔ یعنی اُنکو خوب قتل کیا اور یہ جور عین عدل تھا کیونکہ وہ لوگ تیرے احکام کے قبول کرنے مین زیادتی اور ظلم کرتے تھے۔ جیسا کیا ویسا پایا۔

فَتَرَكْتَهُمْ خَلْفَ الْبُيُوْتِ كَاَنَّمَا	غَضِبَتْ رُؤُوْسُهُمْ عَلَى الْاَجْسَامِ

ترجمہ سو تونے اُنکو اُنکے گھرون مین ایسا کر چھوڑا کہ گویا اُنکے سر اُنکے اجسام سے ناراض تھے۔ یعنی تونے اُنکے سر اجسام سے جدا کرکے وہان ہی چھوڑ دئے۔

اَحْجَارُ نَاسٍ فَوْقَ اَرْضٍ مِنْ دَمٍ	وَنُجُوْمُ بِيْضٍ فِي سَمَاءِ قَتَامِ

البیض بفتح الباء المغافر۔ والقتام الغبار۔ واحجار مرفوع علی انہ خبر مبتدء محذوف ای ہم احجار ترجمہ میدان معرکہ مین بجائے پتھرون کے آدمی تھے۔ یعنی مقتول بکثرت تھے اور زمین وہان کی سراسر خون تھی۔ اور غبار کے آسمان مین خودون کے ستارے تھے۔ ویحتمل فی البیض کسر الباء یعنے السیوف اللامعۃ۔

وَذِرَاعُ كُلِّ اَبِيْ فُلَانٍ كُنْيَةً	حَالَتْ فَصَاحِبُهَا اَبُو الْاَيْتَامِ

نصب کنیۃ علی الحال من ابی فلان تقدیرہ کل اب لفلان۔ وذراع عطف علی احجار ترجمہ اور اُس میدان کارزار مین دست مقطوع ہر فلان کے باپ کا تھا مثلاً ابوزید یا ابوخالد کا۔ یعنی قبل قتل اُسکی یہ کنیت تھی اب بعد قتل اُس کی کنیت پلٹ کر ابوالایتام یعنے یتیمون کا باپ ہوگئی۔ کیونکہ مقتول کی اولاد یتیم ہوگئی اور اب اُسکی کنیت ابوالایتام ہوگئی۔

عَهْدِيْ بِمَعْرَكَةِ الْاَمِيْرِ وَخَيْلِهِ	فِي النَّقْعِ مُحْجِمَةً عَنِ الْاِحْجَامِ

من روی وخیلہ بالجر عطفہ علی المعرکۃ۔ ومن روی محجمۃ بالنصب جعلہ حالاً ورفع خیلہ علی الاستیناف والواو واو الحال۔ والاحجام التاخر ترجمہ میرا علم معرکہ امیر اور اُس کے سوارون مین یہ ہی کہ وہ غبار جنگ مین پیچھے ہٹنے سے ممنوع اور رو در مین بلکہ ہمیشہ آگے بڑھتے ہین۔

يَا سَيْفَ دَوْلَةِ هَاشِمٍ مَنْ رَامَ اَنْ	يَلْقَى مَنَالَكَ رَامَ غَيْرَ مَرَامِ

ترجمہ ای شمشیر سلطنت عباسیہ کی جو بنی ہاشم مین جس شخص نے یہ ارادہ کیا کہ تیرے مطلب کو پہنچے یعنی تیری برابری کرے تو اُس نے ایسی چیز کا ارادہ کیا جسکی آرزو کبھی پوری نہوگی۔

صَلَّى الْاِلٰهُ عَلَيْكَ غَيْرَ مُوَدَّعٍ	وَسَقَى ثَرَى اَبَوَيْكَ صَوْبُ غَمَامِ

غیر مودع ای انا معک قلباً وان فارقت شخصاً او علی التفاول ویجوزان یکون ان دعی صحبتنا فانت مشیع غیر مودع

وصوب الغمام المطر ترجمہ خداوند تعالیٰ تجھ پر رحمت کرے کہ مین تجکو دل سے رخصت کیا ہوا نہین سمجھتا گو کبھی مفارقت ہو یا یہ کہ خدا مجکو تجھ سے جدا نکرے اور تیرے ماں باپ کی قبر کو ریزش ابر بینے باران تر کرے۔

وَکَسَاکَ ثَوْبَ مَهَابَةٍ مِنْ عِنْدِهٖ	وَاَرَاکَ وَجْهَ شَقِيْقِكَ الْقَمْقَامِ ۱۲ ابو السید

القمقام اصلہ البحر لانہ مجتمع الماء من قولہم قمقم اللہ عصبہ ای جمعہ وقبضہ۔ واراد بشقیقہ اخاہ ناصر الدولہ ترجمہ اور خدا تجکو اپنے پاس سے لباس ہیبت و رعب پہنائے کہ تیرے دشمن تجھ سے ڈرتے رہین اور تجکو تیرے حقیقی بھائی ناصر الدولہ کا پیارا چہرہ دکھلا دے۔

فَلَقَدْ رَمٰى بَلَدَ الْعَدُوِّ بِنَفْسِهٖ	فِیْ رَوْقِ اَرْعَنَ کَالْغِطَمِّ لُهَامِ

الروق القرن واستعارہ لانف العسکر۔ والارعن الجیش المضطرب لکثرتہ۔ والغطم الکثیر الماء واللہام الذی یلہم کل شئ۔ ترجمہ کیونکہ اس نے یعنے تیرے برادر نے اپنی جان کو دشمن کے شہر پر مثل تیر پھینک ارا ہی ایسے حال مین کر وہ مقدم اور پیشرو ایسے لشکر کثیر کا ہی جو بزرگ دریاے عظیم ہر شئی کو نگلجاتا ہی۔

قَوْمٌ تَفَرَّسَتِ الْمَنَايَا فِيْكُمْ	فَرَاَتْ لَكُمْ فِی الْحَرْبِ صَبْرَ كِرَامِ

ترجمہ تم لوگ ایسی قوم ہو کہ موتون نے تکو بتامل دیکھا سو جنگ مین تکو مثل شریف لوگون کے صابر پایا۔

تَاللّٰهِ مَا عَلِمَ امْرُؤٌ لَوْلَاكُمْ	كَيْفَ السَّخَاءُ وَكَيْفَ ضَرْبُ الْهَامِ

ترجمہ بخدا اگر تم مخلوق ہوتے تو کوئی نجانتا کہ سخاوت کی کیفیت کیا ہوتی ہی اور دشمنون کے سر کسطرح اڑاتے ہین۔

وقال بعدہ سنۃ خمس واربعین وہی آخر قصیدۃ قالہا بحضرۃ سیف الدولۃ

عُقْبَى الْيَمِيْنِ عَلٰى عُقْبَى الْوَغٰى نَدَمُ	مَاذَا يَزِيْدُكَ فِیْ اِقْدَامِكَ الْقَسَمُ

ترجمہ اس سردار رومی کو جس نے قسم کھائی تھی کہ مین سیف الدولہ پر فتح پاؤنگا خطاب کرکے کہتا ہی کہ انجام تیری قسم کا انجام جنگ مین پشیمانی ہی۔ کیونکہ تیری کامیابی بمقابلہ ممدوح ممکن نہین ہی۔ تیری قسم تیری بہادری کے لئے کیا مفید ہی یعنے کچھ نہین یعنی اگر تو بہادر ہی تو بے قسم ہی کچھ کرکے دکھلاتا اور قسم کا محتاج ہوتا۔

وَفِی الْيَمِيْنِ عَلٰى مَا اَنْتَ وَاعِدُهٗ	مَا دَلَّ اَنَّكَ فِی الْمِيْعَادِ مُتَّهَمُ

ترجمہ اور تو اپنے وعدۂ ظفر پر قسم کھاتا ہی اس سے ثابت ہی کہ تو اپنے وعدہ مین سچا نہین ہی کیونکہ راست گو محتاج قسم کا نہین ہوتا ہی۔

اٰلَى الْفَتٰى ابْنُ شُمُشْقِيْقَ فَاَحْنَثَهٗ	فَتًى مِنَ الضَّرْبِ تُنْسٰى عِنْدَهُ الْكَلِمُ

آلی حلف ومنہ الایلاء۔ وابن شمشقیق بطریق الروم ترجمہ جوان ابن شمشقیق نے سیف الدولہ سے خود لڑنے کی قسم کھائی

سو اُس کی قسم کو ایک ایسے جوانمرد یعنی ممدوح نے بضربِ شمشیر توڑ دیا کہ جس کے روبرو اُس کے رعب سے کہی بات بھُلائی جاتی ہی۔ یعنی قسم کھانے والے کو یہ یاد نہین رہتا کہ مَین نے اُس سے لڑنے کی قسم کھائی ہی بے اختیار فرار کرتا ہی۔

وَفَاعِلٌ مَا اشْتَهَى يُغْنِيهِ عَنْ حَلِفٍ	عَلَى الْفِعَالِ حُضُورُ الْفِعْلِ وَالْكَرَمُ

فاعل معطوف علی فتی ترجمہ اور رومی کی قسم کو توڑ دیا ایک شخص نے کہ وہ جو چاہتا ہی کرتا ہی کوئی اس کا معارض نہین ہوتا ہی اور اُسکو احسانات پر قسم کھانے سے حضورِ فعل سخاوکرم نے بے پرواکردیا ہی۔ یعنی جو فوراً بخشش کرے اُسکو قسم کھانے کی کیا حاجت ہی۔

كُلُّ السُّيُوفِ إِذَا طَالَ الضِّرَابُ بِهَا	يَمَسُّهَا غَيْرَ سَيْفِ الدَّوْلَةِ السَّأَمُ

السأم الضجر ترجمہ تمام شمشیرین جب اُنکے ہاتھ زیادہ مارے جاوین تو اُسکو تنگدلی اور کُندی چھو جاتی ہی سوائے امیر سیف الدولہ کے کہ اُس کا جی لڑائی سے کبھی نہین بھرتا ہی۔

لَوْ كَلَّتِ الْخَيْلُ حَتَّى لَا تَحَمَّلَهُ	تَحَمَّلَتْهُ إِلَى أَعْدَائِهِ الْهِمَمُ

من روی تحملہ رفعا وہو المشہور والمختار جعلہ فعل الحال من حتی کانہ قال حتی ہی غیر متحملۃ ومن نصب اراد الی ان لاتحملہ ترجمہ اگر بالفرض اُسکے گھوڑے تھک جاوین یہان تلک کہ اُسکو دشمنون تلک نہ پہنچا سکین تو اُسکو اُس کے ہمتہاے بلند دشمنون تلک پہنچا دینگی وہ گھوڑون ہی کے بھروسہ پر نہین ہی۔

أَيْنَ الْبَطَارِيقُ وَالْحَلْفُ الَّذِي حَلَفُوا	بِمَفْرِقِ الْمَلْكِ وَالزَّعْمُ الَّذِي زَعَمُوا

ترجمہ سرداران روم اور وہ قسم جو اُنھون نے اپنے بادشاہ کے سر کی کھائی کہان گئی اور کہان گیا اُن کا خیال باطل۔

وَلِي صَوَارِمُهُ إِكْذَابَ قَوْلِهِمِ	فَهُنَّ أَلْسِنَةٌ أَفْوَاهُهَا الْقِمَمُ

الضمیر فی ولی لسیف الدولۃ۔ والقمم جمع قمۃ وہی الراس ترجمہ ممدوح نے اپنی تلوارون کو اُن کے قول کی تکذیب کا والی کردیا یعنے اس بات کا وہ وعدہ کرکے آئے تھے کہ ہم نہین بھاگین کے سواب اُسکی تلوارین زبانین ہین جنکے مُنھ سرہاے اعدا ہین۔ یعنی جیسے زبانین مُنھ مین گردش کرتی ہین ایسے ہی تلوارین اُن کے سرون مین متحرک ہین۔

نَوَاطِقٌ مُخْبِرَاتٌ فِي جَمَاجِمِهِمْ	عَنْهُ بِمَا جَهِلُوا مِنْهُ وَمَا عَلِمُوا

ہذا البیت تفسیر للمصراع الاخیر من البیت السابق ترجمہ اب تلوارین ممدوح کی دشمنون کی کھوپریون مین جسقدر وہ نہین جانتے تھے اور جسقدر جانتے تھے ممدوح کی بہادری کا حال بیان کررہی ہین یعنی سابق مین وہ

کسیقدر حال شجاعت ممدوح جانتے تھے اب شمشیرون کی زبانی کماحقہ معلوم ہوگیا۔

اَلرَّاجِمُ الْخَيْلَ مُخْفَاةً مُقَوَّدَةً	مِنْ كُلِّ مِثْلِ وَبَارٍ اَهْلُهَا اِرَمُ

مخفاۃ ای قد حفیت من الطراد۔ مقودۃ ای یقودہا من بلد الی بلد۔ وبار مدینۃ قدیمۃ الخراب وہی من مساکن الجن وہی مبنیۃ علی الکسر مثل حذام وقطام۔ وارم جیل من الناس یقال انہم عاد ترجمہ ممدوح ایسا شخص ہی کہ میدانہائے جنگ سے اپنے گھوڑون کو بحالت سودہ پائی بسبب کثرت سفرون کے ایسے شہرون سے لوٹا نیوالا ہی جو مثل شہر وبار کے اُس کی غارتگری کے باعث تباہ وبرباد اور اُسکے باشندے مثل قوم ارم بینے عاد کے ہلاک ہوگئے ہین۔

كَتَلِّ بِطْرِيقٍ الْمَغْرُورِ سَاكِنُهَا	بِاَنَّ دَارَكَ قِنَّسْرُونَ وَالْاَجَمُ

تل بطریق موضع ببلاد الروم بقرب ملطیۃ۔ وقنسرون مدینۃ من اعمال حلب۔ والاجم موضع بالشام ترجمہ وہ شہر جو خراب ہوگئے وہ مثل تل بطریق کے ہین جہان کے باشندے اس امر سے دھوکا دیے گئے تھے کہ تیرا گھر شہرہائے قنسرین واجم ہین۔ یعنی وہ تجکو اپنے سے زیادہ فاصلہ پر سمجھتے تھے اور یہ خیال کرتے تھے کہ تو اتنے فاصلہ دور دراز سے نہین آسکتا۔

وَظَنِّهِمُ اَنَّكَ الْمِصْبَاحُ فِي حَلَبٍ	اِذَا قَصَدْتَ سِوَاهَا عَادَهَا الظُّلَمُ

ظنہم بالجر عطف علی ان دارک ترجمہ اور وہ اس امر کے دھوکے مین تھے کہ تو حلب کیلئے بمنزلہ چراغ ہی جب اُس دور جگہ کا قصد کریگا تو وہان تاریکیان لوٹ آوینگی یعنے بے بند وبستی ہو جاوینگی۔

وَالشَّمْسَ يَعْنُونَ اِلَّا اَنَّهُمْ جَهِلُوا	وَالْمَوْتَ يَدْعُونَ اِلَّا اَنَّهُمْ وَهِمُوا

ترجمہ اور تجکو وہ لوگ آفتاب جانتے تھے مگر وہ اس بات کو بھول گئے کہ آفتاب کی روشنی قریب وبعید کو برابر پہنچتی ہی۔ اور وہ تجکو اپنی موت کہتے تھے۔ مگر اُنکو یہ وہم ہوگیا کہ موت ہر جگہ پہنچ سکتی ہی یا نہین۔

فَلَمْ تُتِمَّ سَرُوجٌ فَتْحَ نَاظِرِهَا	اِلَّا وَجَيْشُكَ فِي جَفْنَيْهِ مُزْدَحِمُ

سروج موضع قرب الفرات وہو اول الشام ترجمہ مقام سروج نے ابھی اپنی آنکھ پوری نہین کھولی تھی یعنے صبح نہین ہوئی تھی کہ تیرا لشکر اُسکی دونون آنکھون مین مجتمع تھا۔

وَالنَّقْعُ يَاْخُذُ حَرَّانًا وَبُقْعَتَهَا	وَالشَّمْسُ تُسْفِرُ اَحْيَانًا وَتَلْتَثِمُ

صرف حران للضرورۃ وہو موضع۔ والبقعۃ قال ابو الفتح بضم الباء ہی المکان الواسع من الارض۔ ورواہ المعری ابو العلاء بفتح الباء وقال ہی مکان انقع کالبطحاء وقال لایجوزان یضم الباء فی ہذا الموضع لانہ اذا ذکر ان النقع وہو الغبار اخذ حران اخذ بقعتہا فلا یحتاج الی ذکرہ ترجمہ باوجودیکہ حران سروج سے فاصلہ بعیدہ پر ہی مگر غبار لشکر ممدوح

مقام زان اور مکان لقعة الحران تلک جو شہر رمگہ ہو پہنچ گیا بسبب کثرت دواد وش لشکر کے اور کثرت غبار کے باعث کبھی آفتاب ظاہر ہوتا اور کبھی اپنے چہرہ پر نقاب غبار ڈال کر پوشید ہو جاتا تھا۔

سُحُبٌ تَمُرُّ بِحِصْنِ الرَّانِ مُمْسِكَةً	وَمَا بِهَا الْبُخْلُ لَوْلَا أَنَّهَا نِقَمُ

ترجمہ ممدوح کا لشکر مثل ابرہاے متراکم کے ہی کہ وہ قلعہ ران پر جب گذرتا ہی تو بارش سے رُک جاتا ہی کیونکہ قلعہ مذکور ممدوح کا ہی اور بارش سے اُسکا رکنا بخل کے سبب سے نہین بلکہ وہ ابر انتقام اور عذاب کے ہین جس کے سزاوار دشمن ہین نہ دوست خلاصہ یہ ہی کہ جب وہ لشکر قلعہ مذکور پر پہنچا تو اہل قلعہ سے نہ لڑا کیونکہ وہ توابع سیف الدولہ سے ہین اور لڑنا بارش عذاب ہی جس کے مستحق دشمن ہین۔

جَيْشٌ كَأَنَّكَ فِي أَرْضٍ تُطَاوِلُهُ	فَالْأَرْضُ لَا أَمَمٌ وَالْجَيْشُ لَا أَمَمُ

الضمیر المرفوع فی تطاوله للارض۔ والضمیر المفعول للجیش۔ والامم بین القریب والبعید ترجمہ تیرا لشکر ایسی زمین مین ہی کہ گویا وہ تیرے لشکر سے درازی مین بحث کرتی ہی یعنی وہ چاہتی ہی کہ تیرے لشکر کے اُترنے کے بعد مین کسیقدر خالی رہون اور اُس سے درازی مین زیادہ رہون سو زمین بھی درازی مین توسط سے بڑھی ہوئی ہی اور لشکر بھی یعنے دونون دراز ہین جسکی تفصیل اگلے شعر مین ہی۔

إِذَا مَضَى عَلَمٌ مِنْهَا بَدَا عَلَمٌ	وَإِنْ مَضَى عَلَمٌ مِنْهُ بَدَا عَلَمُ

الضمیر المذکر للجیش والمؤنث للارض۔ والعلم للارض ہو الجبل وللجیش ہو الرایت ترجمہ جبکہ زمین کا ایک پہاڑ گزرجاتا ہی تو دوسرا پہاڑ ظاہر ہوتا ہی اور اگر لشکر کا ایک جھنڈا گزرتا ہی تو دوسرا جھنڈا ظاہر ہو جاتا ہی۔ یعنی دونون غیر متناہی ہین۔

وَشُزَّبٌ أَحْمَتِ الشِّعْرَى شَكَائِمَهَا	وَوَسَّمَتْهَا عَلَى آنَافِهَا الْحَكَمُ

الشزب جمع شازب وہی الفرس الضامر۔ والشعری نجم یطلع فی شدة الصیف۔ والشکائم جمع شکیمة وہی راس اللجام۔ والحکم جمع حکمة وہو ما علی انف الفرس ترجمہ اور ایسے گھوڑے بدن کے ہلکے ظاہر ہوتے ہین کہ اُنکے لگامون کو شعری کے طلوع کی گرمی نے گرم کر دیا اور اُس حصہ لگام نے جو گھوڑون کی ناک پر رہتا ہی بسبب شدت حرارت کے اُنکی ناکون پر داغ دیدئے۔

حَتَّى وَرَدْنَ بِسِمْنِينٍ بُحَيْرَتَهَا	تَنِشُّ بِالْمَاءِ فِي أَشْدَاقِهَا اللُّجُمُ

سمنین موضع من بلاد الروم والنشنش صوت الماء وغیرہ اذا اغلا۔ واللجم جمع لجام ترجمہ یہان تلک کہ وہ گھوڑے بحیرۂ مقام سمنین پر ایسی حالت مین اُترے کہ جب وہ پانی پینے لگے تو بسبب شدت حرارت آہن لگام ان کے موہون مین بسبب لگنے پانی کے آواز کرنے یعنے سنسنانے لگا۔ دستور ہی کہ جب آہن گرم پر پانی پڑتا ہی تو جوش

کی آواز آنے لگتی ہی- خلاصہ یہ ہی کہ بسبب سرعت سفر لگام اُتاری نہین گئی اور گھوڑون نے لگام چڑھے پانی پیا-

وَاَصْبَحَتْ بِقُرَیٰ هِنْزِیْطَ جَائِلَةً ۔۔۔ تَرْعَیٰ الظُّبَا فِیْ خَصِیْبٍ نَبْتُهُ اللِّمَمُ

الضمیر فی ترعیٰ للخیل- والظبا مفعول لترعیٰ- وقریٰ ہنزیط بلاد الروم- والظبا جمع ظبۃ وہی ظبۃ السیف والخصیب المکان الکثیر النبات- واللمم جمع لمۃ وہو الملم بالمنکب من الشعر- وجائلۃ تجول بالغارۃ ترجمہ اور اُن گھوڑون نے ہنزیط کے دیہات مین لوٹ مار کرتے صبح کی اور شمشیر کی دھارین ایک عمدہ سبزہ زار مین چرتی تھین مگر اُنکا سبزہ وہ موہا سرہاے اعداتھے جو اُن کی دوش تلک لٹکتے تھے یعنے شمشیر ہاے ممدوح دشمنون کے سرون کو قطع کرتی تھین-

فَمَا تَرَکْنَ بِهَا خُلْدًا لَهُ بَصَرٌ ۔۔۔ تَحْتَ التُّرَابِ وَلَا بَازًا لَهُ قَدَمُ

الخلد ضرب من الفاریت لا عیون ترجمہ سو تلوارون نے اُس سرزمین پر کوئی چھچھوندر صاحب نظر مٹی مین اور کوئی باز صاحب قدم پہاڑون مین باقی نچھوڑے بلکہ سبکو قتل کر ڈالا- خلاصہ یہ ہی کہ رومیان گریختہ دو قسم کے تھے ایک تو وہ کہ بخوف ممدوح تہ خانون مین گھس گئے تھے اُنکو چھچھوندر صاحب بصر کہا اور دوسرے یہ کہ بھاگ کر پہاڑون پر چڑھ گئے تھے اُنکو قدم والا باز کہا- غرض سب مقتول ہوئے-

وَلَا هِزَبْرًا لَهُ مِنْ دِرْعِهِ لِبَدٌ ۔۔۔ وَلَا مَهَاةً لَهَا مِنْ شِبْهِهَا حَشَمُ

الہزبر الاسد واللبد جمع لبدۃ وہی ما علیٰ کتف الاسد من شعرہ- والمہاۃ بقرۃ الوحش- والحشم الخدم ترجمہ اور ممدوح کی تلوارون نے نہ ایسا شیر مرد چھوڑا کہ اُسکے میے شانہ سے اُس کی زرہ ہی اور نہ ایسی زن جمیلہ چھوڑی کہ اُس کے خدمتگار اُسی کے مانند خوبصورت تھے یعنے اُسنے بہادر دشمنون کو قتل اور زنان خوش چشم کو اسیر کر لیا اور بردہ بنالیا

تَرْمِیْ عَلَیٰ شَفَرَاتِ الْبَاتِرَاتِ بِهِمْ ۔۔۔ مَکَامِنُ الْاَرْضِ وَالْغِیْطَانُ وَالْاَکَمُ

الشفرات جمع شفرۃ وہی حد السیف- والباترات القاطعات- ومکامن الارض الخفی منہا والغیطان جمع غائط وہو المطمئن من الارض- والاکم جمع اکمۃ کجبل وجبال وہی الہضاب ترجمہ دشمنان شامت زدون کو زمین کی جا ہاے پوشیدہ اور گڈھون اور پشتون نے شمشیر ہاے بران کی دھارون پر پھینک مارا یعنے جا ہاے نجات نے بھی اُنکو پناہ نہ دی اور سب مقتول ہوئے-

وَجَاوَزُوْا اَرْسَنَاسًا مُعْصِمِیْنَ بِهِ ۔۔۔ وَکَیْفَ یَعْصِمُهُمْ مَا لَیْسَ یَنْعَصِمُ

ارسناس نہر معروف ببلادہم ترجمہ اور وہ لوگ تیرے خوف سے نہر ارسناس کے پار اُتر گئے کہ اُسکی پناہ مین بچ جائین مگر اُنکو نہر نے بھی نہ بچایا اور کس طرح بچاوے اُنکو وہ نہر جو خود ممدوح سے بچ نہین سکی کیونکہ وہ اُسکو بذریعہ پلون اور کشتیون کے عبور کر گیا-

وَلَا تَصُدُّكَ عَنْ بَحْرٍ لَهُمْ سَعَةٌ ۔۔۔ وَلَا یَرُدُّكَ عَنْ طَوْدٍ لَهُمْ شَمَمُ

الطود الجبل۔ والشمم العلو ترجمہ اور اُنکے دریا کی وسعت تجکو روک نہین سکتی اور اُنکے پہاڑ کی بلندی تجکو ناکام نہین لوٹا سکتی۔ تیری ہمت بلند تجکو ہر جگہ کامیاب کرتی ہی۔

ضَرَبْتَهٗ بِصُدُوْرِ الْخَيْلِ حَامِلَةً	قَوْمًا اِذَا تَلِفُوْا قِدْمًا فَقَدْ سَلِمُوْا

ضمیر المفعول فی ضربتہ للنہر وہو ارسناس ترجمہ تونے نہر ارسناس کے ایسے گھوڑون کے سینے مارے جو ایسی قوم کو اپنے اُوپر سوار کیے ہوئے تھے کہ اگر وہ آگے بڑھنے مین مارے جاوین تو اسکو اپنی عین سلامتی سمجھین۔

تَجَفَّلَ الْمَوْجُ عَنْ لَبَّاتِ خَيْلِهِمِ	كَمَا تَجَفَّلَ تَحْتَ الْغَارَةِ النَّعَمُ

التجفل الاسراع فی الذہاب۔ والغارۃ الخیل المغیرۃ علی العدو۔ والنعم واحد الانعام وہی المال الراعیۃ واکثر ما یقع ہذا الاسم علی الابل ترجمہ جب گھوڑے پانی مین تیرتے ہین تو موج اُنکے سینون کے زور کے سبب ایسی پھیلتی ہی جیسے چوپائے سواران غارتگر سے ڈر کر متفرق ہو جاتے ہین۔

عَبَرْتَ تَقْدُمُهُمْ فِيْهِ وَفِيْ بَلَدٍ	سُكَّانُهٗ رِمَمٌ مَسْكُوْنُهَا حُمَمُ

الرمم البالیۃ من العظام۔ والحمم جمع حممۃ وہی ما احترق بالنار ترجمہ تونے نہر ارسناس کو ایسی طرح عبور کیا کہ تو اُس نہر کے گزرنے مین اور اپنے شہر کے داخل ہونے مین سب سے آگے تھا جس کے رہنے والے بسبب قتل کے اُستخوان بوسیدہ ہو گئے تھے۔ اور مکانات اُن کے جلکر خاکستر۔

وَفِيْ اَكُفِّهِمُ النَّارُ الَّتِيْ عُبِدَتْ	قَبْلَ الْمَجُوْسِ اِلٰى ذَا الْيَوْمِ تَضْطَرِمُ

ترجمہ اور سیف الدولہ کے لشکریون کے ہاتھون شمشیرین صفائی و لمعان مین یا ہلاک اعدا مین مثل آتش تھین اور وہ شمشیرہائے آتش وش ایسی تھین کہ مجوس سے پہلے عبادت کی گئی تھین یعنے اُنکے پہلے سے سب تابع ہین اور جب سے آجکے دن تلک مثل آتش مشتعل ہین۔

هِنْدِيَّةٌ اِنْ تُصَغِّرْ مَعْشَرًا صَغُرُوْا	بِحَدِّهَا اَوْ تُعَظِّمْ مَعْشَرًا عَظُمُوْا

جزم الشرط ولم یات بجواب مجزوم وہو جائز فی الشعر علی قبح ترجمہ وہ آگ کیا ہی شمشیر ہندی ہی اور اُس مین یہ خاصہ ہی کہ اگر وہ کسی گروہ کو ذلیل کرنا چاہے تو وہ بذریعہ اُسکی دھار کے ذلیل ہو جاتی ہی اور اگر وہ کسی گروہ کو بڑا کرنا چاہے تو وہ بڑی ہو جاتی ہی۔ یعنی وہ بادشاہ ہی جسے چاہے عزیز کرے اور جسے چاہے ذلیل۔

قَاسَمْتَهَا تَلَّ بِطْرِيْقٍ فَكَانَ لَهَا	اَبْطَالُهَا وَلَكَ الْاَطْفَالُ وَالْحُرَمُ

ترجمہ تونے اپنے مین اور اُس شمشیر مین مقام تل بطریق تقسیم کر لیا سو اُس کے حصہ مین تو مقام مذکور کے بہادر لوگ آئے جنکو اُس نے قتل کر دیا اور تیرے حصہ مین اُس کے لڑکے اور عورتین یعنے یہ تیرے بردے اور قیدی ہو گئے۔

تَلْقَى بِهِمْ زَبَدَ التَّيَّارِ مُقْرَبَةٌ — عَلَى جَحَافِلِهَا مِنْ نَضْحِهِ رَثَمُ

التیار الموج - والمقربۃ فی الاصل الفرس المدناۃ من البیوت لکرمہا واعدادہا للغارۃ والجحافل جمع جحفلۃ وہی لذی الحافر کالشفۃ للانسان - والرثم بیاض فی شفۃ الفرس العلیا ترجمہ ایک عمدہ گھوڑی جو بسبب خوبی کے ہروقت پاس رکھنے کے لائق ہو اور جس کے لبون کے گرداگرد تری کفہائے دریا یعنی موج کے جھاگون سے سفیدی ہو لشکر ممدوح کو اپنے اوپر سوار کرکے دشمنون سے جا ملتی ہے - یہان گھوڑی سے مراد کشتیان ہین اور کفہائے دریا کو جو بسبب تموج آب پیدا ہوتے ہین اور کنارہ کشتی پر لگ جاتے ہین سفیدی لبہائے اسپ سے تشبیہ دی ہے -

دُهْمٌ فَوَارِسُهَا رُكَّابُ أَبْطُنِهَا — مَكْدُودَةٌ وَبِقَوْمٍ لَا بِهَا الْأَلَمُ

رفع دہم علی البدل من مقربۃ - وفوارسہا مبتدء ورکاب خبرہ - والالم مبتدء وخبرہ الجار والمجرور مقدم علیہ ترجمہ وہ کشتیان بسبب قیر کے رنگ کے سیاہ ہین - اُس کے سوار اُس کے شکمون مین سوار ہوتے ہین مثل گھوڑون وغیرہ کے اُن کی پشتون پر اور وہ کشتیان بسبب کھنچائی کے رنج مین ڈالی گئی ہین - مگر اس رنج کی تکلیف کشتیون کو نہین ہوتی بلکہ ملاحون کو -

مِنَ الْجِيَادِ الَّتِي كِدْتَ الْعَدُوَّ بِهَا — وَمَا لَهَا خِلَقٌ مِنْهَا وَلَا شِيَمُ

ترجمہ وہ کشتیان اُن گھوڑون مین سے ہین جنکے ذریعہ سے تیری تدبیر اور فریب دشمنون پر چل گیا حالانکہ اُن کشتیون مین نہ گھوڑون کی سی سرشت ہے اور نہ عادتین -

نِتَاجُ رَأْيِكَ فِي وَقْتٍ عَلَى عَجَلٍ — كَلَفْظِ حَرْفٍ وَعَاهُ سَامِعٌ فَهِمُ

ترجمہ یہ کشتیون کا ایجاد ایک ایسے شتابی کے وقت مثل تلفظ ایک حرف کے کہ اُسکو سامع فہیم نے سنا یہ تیری ہی رائے کا نتیجہ ہے یعنی تونے یہ ایجاد ایسا جلد کیا جیسا ایک حرفی کلمہ مثل ق بولے اور سامع فہیم اُسکو سمجھ جاوے -

وَقَدْ تَمَنَّوْا غَدَاةَ الدَّرْبِ فِي لَجَبٍ — أَنْ يُبْصِرُوكَ فَلَمَّا أَبْصَرُوكَ عَمُوا

الدرب موضع - واللجب اختلاف الاصوات ترجمہ اور دشمنون نے بوقت صبح جنگ مقام درب یہ آرزو کی کہ وہ تجکو دیکھین - سو اُنہون نے تجکو دیکھا تو تیری ہیبت کے سبب مرگئے اس لئے اندھے ہوگئے - یعنی اُنکی بینائی جاتی رہی - یا ایسے خوف زدہ ہوئے کہ اُنکو کوئی تدبیر اپنی نجات کی نہ سوجھی - یا تیری ہیبت کے سبب نابینا ہوگئے -

صَدَمْتَهُمْ بِخَمِيسٍ أَنْتَ غُرَّتُهُ — وَسَمْهَرِيَّتُهُ فِي وَجْهِهِ غَمَمُ

الغمم کثرۃ الشعر واسبالہ علی الوجہ ترجمہ تونے اُنکو ایسے کامل لشکر کا صدمہ پہنچایا جسکا مکھیا تو تھا اور اُس کے نیزے اُس کے چہرہ پر مثل موے کثیر تھے - یعنی بکثرت تھے -

فَكَانَ أَثْبَتَ مَا فِيهِمْ جُسُومُهُمُ — يَسْقُطْنَ حَوْلَكَ وَالْأَرْوَاحُ تَنْهَزِمُ

ترجمہ سو اُنکی جو چیز ثابت رہی یعنی نہ بھاگی وہ اُنکے جسم تھے جو تیر سے گردو پیش گر رہے تھے اور اُنکی روحیں بھاگی جاتی تھیں یعنی بسبب موت کے۔

وَالْاَعْوَجِيَّةُ مِلْأُ الطُّرْقِ خَلْفَهُمْ	وَالْمَشْرَفِيَّةُ مِلْأُ الْيَوْمِ فَوْقَهُمْ

نصب ملاً لمحل الحال من الضمیر فی الظرف - والاعوجیۃ خیل منسوبۃ الی اعوج فحل کان فی کندۃ ما کان فی فحول العرب اکثر ذکراً منہ وکانوا یفخرون بہ وقد مروجہ تسمیۃ سابقاً ترجمہ اور اسپان نسل اعوج اُنکے پیچھے اس کثرت سے تھے کہ اُن سے تمام راہیں پُر تھیں اور تلواریں اُنکے سروں پر اسقدر تھیں کہ اُنکی روشنی سے تمام روز پُر تھا گویا قائم مقام آفتاب جہانتاب تھیں۔

اِذَا تَوَافَقَتِ الضَّرْبُ بَاتُ صَاعِدًا	تَوَافَقَتْ قُلَلٌ فِي الْجَوِّ تَصْطَلِمُ

ترجمہ ضربات شمشیر دلیران جو ہاتھ بلند کرکے مارتے ہیں جب موافق ہوتی تھیں یعنے پے درپے پڑتی تھیں تو سرہاے دشمنان ہوا میں باہم ٹکراتے تھے - یعنی ہر ضرب میں ایک سر اُڑتا تھا۔

وَاَسْلَمَ ابْنُ شُمُشْقِيقٍ اَلِيَّتَهُ	اَلَّا انْثَنٰى فَهُوَ يَنْأىٰ وَهِيَ تَبْتَسِمُ

ترجمہ اور ابن شمشقیق رومی نے اپنی اس قسم کو کہ میدان جنگ سے نہ بھاگوں گا چھوڑ دیا - یعنی اُس کا ایفا نکیا - سو اب وہ میدان سے بھاگ کر دور ہوتا جاتا ہی اور اُس کی قسم اُسپر ہنستی ہی یعنی اُس سے تمسخر کرتی ہی۔

لَا يَأْمُلُ النَّفَسَ الْاَقْصٰى لِمُهْجَتِهٖ	فَيَسْرِقُ النَّفَسَ الْاَدْنٰى وَيَغْتَنِمُ

الاقصی الابعد وہو ضد الادنی وطابق بینہما ترجمہ ابن شمشقیق اپنی جان کے لئے اُمید نفس دراز یعنے پورے سانس لینے کی نہیں رکھتا سو اب وہ چھوٹا سانس دزدیدہ لیتا ہی اور اُسیکو غنیمت سمجھتا ہی - خلاصہ یہ ہی کہ وہ بسبب شدت خوف پُورا سانس نہیں لیسکتا اور چھوٹے چھوٹے سانس لیتا ہی - بعض شراح نے نفس اقصی سے ناک کی راہ کا سانس اور نفس ادنی سے دبر کا سانس یعنے گوز مراد لیا ہی - یعنی خوف سے بجائے سانس گوز مارتا ہی - واراد فہو یسرق فلذلک رفعہ۔

تَرُدُّ عَنْهُ قَنَا الْفُرْسَانِ سَابِغَةٌ	صَوْبُ الْاَسِنَّةِ فِيْ اَثْنَائِهَا دِيَمُ

سابغۃ ای درع سابغۃ - والصوب المطر - والدیم جمع دیمۃ وہو المطر الدائم واثنارہا اطرافہا ترجمہ ابن شمشقیق سے نیزے سواروں کے ایسی کامل زرہ جو اُس کے بدن پر ہی روکتی ہی کہ نیزوں کا بکثرت اُس کے اطراف پر لگنا ایسے باران ہیں جو کبھی بند نہیں ہوتے۔

تَخُطُّ فِيْهَا الْعَوَالِيْ لَيْسَ تَنْفُذُهَا	كَاَنَّ كُلَّ سِنَانٍ فَوْقَهَا قَلَمُ

ترجمہ اُس زرہ میں نیزے نہیں گھستے صرف اُس میں خط یعنی لکیر سی نکالدیتے ہیں گویا ہر نیزہ اُس پر ایسا ہی

جیسا کاغذ پر قلم۔ ہذا البیت وماقبلہ تشبیہ بذم ایدی فرسان الممدوح ورماحہم منہ بالمدح ودح لدرع العدو حیث لم تنفذ رماحہم فیہ۔

فَلَا سَقَى الْغَيْثُ مَا وَارَاهُ مِنْ شَجَرٍ	لَوْ زَلَّ عَنْهُ لَوَارَى شَخْصَهُ الرَّخَمُ

واراه اخفاه۔ والرخم جمع رخمۃ وہو طائر ابقع یشبہ النسر فے الخلقۃ ترجمہ سو باران اُس شجر کو تر نکیجو جس نے اُسے چھپالیا اگر وہ درخت اُس سے جدا ہوجاتا تو اُس کے جسم کو ابلق چیل اپنے شکم مین چھپالیتی یعنے رومی مذکور کو سپاہ ممدوح قتل کرڈالتی۔ اور مردار خوار پرندے اُسکو کھاجاتے۔

أَلْهَى الْمَمَالِكَ عَنْ فَخْرٍ قَفَلْتَ بِهِ	شُرْبُ الْمُدَامَةِ وَالْأَوْتَارُ وَالنَّغَمُ

الہاه شغلہ۔ والممالک جمع مملکۃ وہی جمع ملک کالمشائخ جمع مشیخۃ وہو جمع شیخ واراد ارباب الممالک ترجمہ اہل ملک یعنی اور بادشاہون کو ایسے فخر سے جس کے ساتھ مشرف ہوکر تو لوٹا ہی شراب نوشی اور سازون کے تارون اور نغمون نے مشغول اور غافل کردیا اور اس لئے اُنکو وہ فخر جو تجکو حاصل ہوا میسر نہ ہوسکا۔

مُقَلَّدًا فَوْقَ شُكْرِ اللهِ ذَا شُطَبٍ	لَا تُسْتَدَامُ بِأَمْضَى مِنْهُمَا النِّعَمُ

مقلدا حال والعامل فیہا قفلت ای رجعت مقلدا۔ والضمیر فی منہما للشکر والسیف وقولہ لا تستدام ہو استیناف وذا شطب سیف فیہ طرائق ترجمہ تو ایسے حال مین بعد حصول فخر لوٹا کہ تونے شکر خداوند تعالے کو اپنا شعار بنالیا تھا یعنے وہ لباس جو بدن کے بالون سے ملا ہوا ور دوش شکر پر اپنی دھاریون دار تلوار لٹکا رکھی تھی اور نعمتون کے دوام و برقرار رہنے کے لئے شکر و تلوار سے زیادہ کوئی چیز پُر تاثیر نہین ہو۔ خلاصہ یہ ہی کہ دوام نعماے الٰہی کے لئے شکر اور سیف قوی باعث ہین سو تجہ مین دونون موجود ہین۔

أَلْقَتْ إِلَيْكَ دِمَاءُ الرُّومِ طَاعَتَهَا	فَلَوْ دَعَوْتَ بِلَا ضَرْبٍ أَجَابَ دَمُ

خونہاے روم نے تیری پوری اطاعت قبول کرلی۔ یعنی وہ تیرا لوہا مان گئے سو اگر تو اُن کو بے ضرب شمشیر بلائے تو اُنکا خون فوراً حاضر ہووے۔ یعنی اب وہ بے جنگ تیرے مطیع ہین۔ وہذہ مبالغۃ ملیحۃ۔

يُسَابِقُ الْقَتْلُ فِيهِمْ كُلَّ حَادِثَةٍ	فَمَا يُصِيبُهُمُ مَوْتٌ وَلَا هَرَمُ

ترجمہ تیرا اُنکو قتل کرنا اُنکی ہر مصیبت کے پہنچنے سے سبقت کرتا ہو۔ یعنی تیرے قتل کے سواے اُن کو کوئی مصیبت نہین پہنچتی۔ یہان تلک کہ نہ اُنکو موت رسمی ستاتی ہی اور نہ پیری۔ کیونکہ وہ ان دو حالون سے پہلے ہی مقتول ہوجاتے ہین۔

نَفَتْ رُقَادَ عَلِيٍّ عَنْ مَحَاجِرِهِ	نَفْسٌ يُفَرِّجُ نَفْسًا غَيْرَهَا الْحُلُمُ

عن محاجرہ ای عن محاجر عینیہ۔ والحلم النوم ترجمہ علی یعنے سیف الدولہ کے خواب کو اُس کی آنکھون سے

اُس کے ایسے نفس عالی نے دور کر دیا کہ اُس کے سوائے اور لوگون کے نفسون کو خواب خوش کرتے ہین بسبب وہ
بسبب اپنی ہمت بلند کے تحصیل فضائل کے لئے بیدار رہتا ہی اور اور بادشاہ چین و آرام کو ناپسند کرتے ہین۔

اَلْقَائِمُ الْمَلِكُ الْهَادِي الَّذِي شَهِدَتْ	قِيَامَهُ وَهُدَاهُ الْعُرْبُ وَالْعَجَمُ

ترجمہ وہ مدبر بادشاہ دین حق کا ایسا ہادی ہی کہ اُس کی تدبیر اور ہدایت کے عرب وعجم گواہ ہین۔

اِبْنُ الْمُعَفِّرِ فِي نَجْدٍ فَوَارِسَهَا	بِسَيْفِهِ وَلَهُ كُوفَانُ وَالْحَرَمُ

المعفر الذی عفر الفرسان فی العفر وہو التراب یرید اباہ ابا الہیجا لما حارب القرامطۃ بنجد۔ ونجد ما بین الکوفۃ والحجاز ارض کبیرۃ۔ وکوفان الکوفۃ۔ والحرم اراد مکۃ شرفہا اللہ تعالیٰ ترجمہ ممدوح پسر اُس شخص کا ہی جس نے نجد کے سوارون کو اپنی شمشیر سے خاک مین ملا دیا اور قتل کر دیا۔ یعنی ابن ابوالہیجا ہی جس نے قرامطہ کو نجد مین تباہ کر دیا اور اُس کے علاقہ مین کوفہ و مکہ معظمہ ہی۔

لَا تَطْلُبَنَّ كَرِيمًا بَعْدَ رُؤْيَتِهِ	إِنَّ الْكِرَامَ بِأَسْخَاهُمْ يَدًا خُتِمُوا

ترجمہ بعد ملاقات ممدوح کسی سخی کی ہرگز مت تلاش کر کیونکہ سخی لوگ ختم ہوگئے اُسی شخص پر جو سب سخیون سے سخی ہی۔

وَلَا تُبَالِ بِشِعْرٍ بَعْدَ شَاعِرِهِ	قَدْ أُفْسِدَ الْقَوْلُ حَتَّى أُحْمِدَ الصَّمَمُ

ترجمہ اور بعد شاعر ممدوح کے یعنی میرے کسی شعر کی پروا مت کر اور اُنکے شعر مت سن کیونکہ بیشک اُنکے قول ایسے بگاڑے گئے کہ بہرے پن کی تعریف کی گئی کہ اُس کے سبب سامع اُنکے سننے سے محفوظ رہتا ہی۔

وقال یمدح انسانا واراد ان یستکشفہ عن مذہبہ وہی من قولہ فی صباہ

كُفِّي أَرَانِي وَيْكِ لَوْمَكِ أَلْوَمَا	هَمٌّ أَقَامَ عَلَى فُؤَادٍ أَنْجُمَا

قال الخطیب یحتمل المصرع الاول وجہین احدہما ان یکون مستغنیا بنفسہ والتقدیر کفی لومک فانی ارانی الوم منک ای اکثر لوما وہم فی المصراع الثانی مرفوع بابتداء مضمر او خبر مقدم ای ہذا ہم او بفعل ای اصابنی ہم و ویک کلمۃ ترحم ترجمہ اس صورت مین یہ ہوگا کہ ای لائمہ خدا تجھ پر رحم کرے اپنی ملامت کو روک اور بس کر کیونکہ مین اپنے آپ کو تیری ملامت سے زیادہ قابل ملامت سمجھتا ہون یعنی اب تیری ملامت کی حاجت نہین ہی اب میرا یہ حال ہی کہ غم عشق میرے دل رفتہ پر جگر بیٹھ گیا ہی۔ والوجہ الثانی ان یکون المصراع الاول متعلقا بالثانی فیکون ہم فاعل ارانی۔ وانجم اقلع یقال انجمت السماء اذا اقلعت عن المطر ترجمہ اس صورت مین یہ ہوگا کہ ای زن ملامتگر میری ملامت کو چھوڑ دے کیونکہ اُس غم نے جو میرے دل رفتہ پر مقیم ہی مجکو یہ معلوم کرا دیا ہی کہ تیری ملامت خود زیادہ قابل ملامت ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ مین حزین ہون اور ملامت سے اور غم زیادہ ہوتا ہے

پس تیری ملامت لائق ملامت ہی۔

وَخَیَالُ جِسْمٍ لَمْ یُخَلِّ لَہُ الْھَوٰی	لَحْمًا فَیُنْحِلَہُ السَّقَامُ وَلَا دَمَا

وخیال عطف علی قولہم۔ ونصب فینحلہ لانہ جواب نفی بالفاء ترجمہ اور تجکو قابل ملامت سمجھا دیا ہی اُس میرے جسم نے جو بسبب شدت لاغری کے صرف بمنزلہ خیال رہگیا۔ اور محبت نے اُس کے لئے نہ گوشت چھوڑا ہی۔ کہ بیماری محبت اُسے دُبلا کرسکے اور نہ خون باقی رکھا ہی بلکہ سب تحلیل کردیا ہی۔ پس ایسے حال مین ملامت کا کیا موقع ہی۔

وَخُفُوْقُ قَلْبٍ لَوْ رَأَیْتِ لَھِیْبَہٗ	یَا جَنَّتِیْ لَظَنَنْتِ فِیْہِ جَھَنَّمَا

الخفوق الخفقان واضطراب القلب لائمہ کے خطاب سے اعراض کرکے محبوبہ کو خطاب کرتا ہی۔ اور اگر عاذلہ سے محبوبہ ہی مراد ہی تو اِس صورت مین اعراض نہین ہوگا۔ ترجمہ اور اُس اضطراب دل نے کہ اگر تو اے جنت وباعث ہرگونہ راحت اُسکے شعلہ کو دیکھے تو یہ خیال کرے کہ اُس مین تو دوزخ ہی بسبب شعلہ زنی وحرارت باطنی کے۔

وَإِذَا سَحَابَۃُ صَدِّ حِبٍّ أَبْرَقَتْ	تَرَکَتْ حَلَاوَۃَ کُلِّ حُبٍّ عَلْقَمَا

الحب المحبوب۔ وابرقت اظہرت برقہا۔ والعلقم شجر مر ویقال الحنظل ترجمہ اور جبکہ ابر اعراض محبوب اپنی برق چمکاتا ہی تو وہ شیرینی ہر شی مرغوب کو مثل ایلوے کے تلخ کردیتا ہی۔

یَا وَجْہَ دَاھِیَۃَ الَّتِیْ لَوْلَاکَ مَا	أَکَلَ الضَّنَا جَسَدِیْ وَرَضَّ الْأَعْظُمَا

داہیۃ اسم التی شبب بہا ولہذا لم یصرفہا۔ وقال ابن فورجۃ لیس ہو اسم علم لہا ولکن کنی بہ عن اسمہا علی سبیل التفجر بعظیم ما حل بہ من جہا وقال الواحدی لو لم تکن علما لکان الوجہ صرفہا۔ والرض السحق والتکسر ترجمہ اے روے محبوبہ داہیۃ یا اے روے محبوبہ جو میرے لئے بڑی مصیبت ہی اگر تو ہنوتا تو لاغری میرے جسم کو نہ کھاجاتی اور نہ میرے اُستخوانون کو چورا چورا کردیتی۔

إِنْ کَانَ أَغْنَاھَا السُّلُوُّ فَإِنَّنِیْ	أَصْبَحْتُ مِنْ کَبِدِیْ وَمِنْھَا مُعْدِمَا

السلو البغض والسام۔ والمعدم الفقیر ترجمہ اگر محبوبہ کو مجھسے اُس کے اعراض نے بے پروا کردیا ہی تو مین بیشک اپنے جگر اور محبوبہ سے مفلس ہوگیا ہون۔ یعنی مین اُس کا محتاج ہون اگرچہ وہ مجھسے مستغنی ہی۔

غُصْنٌ عَلٰی نَقَوَیْ فَلَاۃٍ نَابِتٌ	شَمْسُ النَّھَارِ تُقِلُّ لَیْلًا مُظْلِمَا

نقوی تثنیۃ نقی یقال نقوان نقیان وہو الکثیب من الرمل وتقل تحمل ترجمہ محبوبہ یعنے اُس کا قامت ایک شاخ ہی جو اُوپر دو تودہ ریگ صحرا یعنے ہر دو سرین کے جمنے والی ہی اور آفتاب روز یعنے اُس کا نورانی چہرہ

شب تاریک پہنے ہوئے سیاہ سر کو اٹھائے ہوئے ہیں۔

لَمْ تَجْمَعِ الْاَضْدَادَ فِیْ مُتَشَابِہٖ	اِلَّا لِتَجْعَلَنِیْ لِغُرْمِیْ مَغْنَمَا

الغرم الغرام وہو الزم من ہوا ہا۔ والمغنم الغنیمۃ ترجمہ محبوبہ نے اشیاء متضادہ یعنی نزاکت قد وکلانی سرین وچہرہ منور وموی سیاہ کو اپنے قامت میں جسکے تمام اعضا خوبی وحسن میں ہمرنگ یکدگر ہیں جمع نہیں کیا مگر اسلئے کہ وہ مجکو میرے عشق کیواسطے مثل مال غنیمت کرے۔ یعنی تاکہ میں ان اشیای متضادہ کو دیکھ کر از خود رفتہ وعاشق زار ہوجاؤں۔

کَصِفَاتِ اَوْحَدِنَا اَبِی الْفَضْلِ الَّتِیْ	بَہَرَتْ فَاَنْطَقَ وَاصِفِیْہِ وَاَفْحَمَا

بہرت ظہرت وغلبت۔ والافحام ضد انطق۔ والکاف فی موضع نصب صفۃ لمصدر محذوف تقدیرہ لم تجمع جمعًا مثل صفات ترجمہ مثل صفات ہالسے یگانہ ابوالفضل کے کہ وہ خوب ظاہر ہوئیں اور اپنے ثنا خوانوں کو اپنے وصف میں گویا کیا۔ اور آخرکار انکو بسبب عدم احاطۂ اوصاف خاموش کردیا۔ خلاصہ یہ ہی کہ محبوبہ میں اوصاف متضادہ مذکورہ ایسے جمع ہیں جیسے ممدوح میں کہ وہ اعدا کے حق میں تلخ اور دوستوں کیواسطے شیریں اور بزم میں خوش اخلاق اور رزم میں غضبناک ہی۔

یُعْطِیْكَ مُبْتَدِئًا فَاِنْ اَعْجَلْتَہٗ	اَعْطَاكَ مُعْتَذِرًا كَمَنْ قَدْ اَجْرَمَا

ترجمہ ممدوح تجکو ابتداءً ہی میں بے سوال دیتا ہی اور اگر تو اس سے شتابی کرے اور قبل اعطا سوال کر پڑے تو وہ تجکو ایسی عذرخواہی کے ساتھ عنایت کرے گا گویا اس نے تیرا گناہ کیا ہی۔

وَیَرٰی التَّعَظُّمَ اَنْ یُّرٰی مُتَوَاضِعًا	وَیَرٰی التَّوَاضُعَ اَنْ یُّرٰی مُتَعَظِّمَا

ترجمہ اور وہ اپنی بڑائی اس صورت میں سمجھتا ہی کہ وہ خاکساری کرے اور اپنی فروتنی اور پستی اس امر میں خیال کرتا ہی کہ وہ متکبر اور معظم دیکھا جاتے۔ یعنی وہ خاکساری کو عظمت سمجھتا ہی۔

نَصَرَ الْفَعَالَ عَلَی الْمِطَالِ كَاَنَّمَا	خَالَ السُّؤَالَ عَلَی النَّوَالِ مُحَرَّمَا

نصرہ رفعہ واعلاہ واظہرہ۔ والفعال بفتح الفاء یستعمل فی الفعل الجمیل ترجمہ اس نے اپنے کارہائے نیک کو درنگ پر غالب ومنصور کردیا ہی۔ یعنی عطا میں تاخیر نہیں کرتا ہی گویا اس نے سوال عطا کو حرام سمجھ لیا ہی۔ یعنی وہ سوال سائل سے ایسا احتراز کرتا ہی جیسا حرام سے اس لئے قبل سوال بخشتا ہی۔

یَا اَیُّہَا الْمَلِكُ الْمُصَفّٰی جَوْہَرًا	مِنْ ذَاتِ ذِی الْمَلَكُوْتِ اَسْمٰی مَنْ سَمَا

اسمی من سما موضعہ نصب لانہ منادی مضاف۔ ویجوز ان یکون موضعہ رفعًا ای انت اسمی من سما ای اعلیٰ من علا۔ ویجوز ان یکون فی موضع جر صفۃ ذی الملکوت۔ وذی الملکوت ہو اللہ تعالیٰ ترجمہ اے وہ بادشاہ

کہ اُس کی اصل وذات خداوند تعالیٰ کی جانب سے یعنی اُسکی عنایت سے پاک وصاف ہی اور اعلیٰ بلند تر ہر رفیع القدر کے۔ شارح واحدی کہتے ہیں کہ یہ الفاظ مدح انسان میں مکروہ وموہم ہیں۔ شاعر اسواسطے لایا ہو کہ اگر ممدوح ان الفاظ سے راضی ہوا تو معلوم ہوجاوے گا کہ وہ بد مذہب ہی اور اگر ناخوش ہوا تو معلوم ہوجاوے گا کہ وہ خوش اعتقاد ہی۔ غرض متنبی اس شعر سے اُس کے مذہب کا حال معلوم کرتا ہی۔

نُوْرٌ تَظَاهَرَ فِيْكَ لَاهُوْتِيَّةٌ		فَتَكَادُ تَعْلَمُ عِلْمَ مَا لَمْ يُعْلَمَا	

اللاہوت لفظ عبرانی یقال للہ لاہوت وللانسان ناسوت۔ وتظاہر ظاہر وتعاون ای عاون بعضہ بعضاً ترجمہ تجھ میں نور الٰہی ظاہر ہوگیا ہی سو قریب ہی کہ تو اُس چیز کو جان لے جو ہرگز نہیں جانی جاتی یعنے غیب کو۔

وَيَهِمُّ فِيْكَ إِذَا نَطَقْتَ فَصَاحَةً		مِنْ كُلِّ عُضْوٍ مِّنْكَ أَنْ يَّتَكَلَّمَا	

ترجمہ اور جب تو فصیحانہ گفتگو کرتا ہی تو وہ نور الٰہی یہ قصد کرتا ہی کہ تیرے ہر عضو سے کلام کرے نہ صرف زبان سے

أَنَا مُبْصِرٌ وَّأَظُنُّ أَنِّيْ نَائِمٌ		مَنْ كَانَ يَحْلُمُ بِالْإِلٰهِ فَأَحْلُمَا	

ترجمہ میں تجکو دیکھ رہا ہوں اور تیری غایت عظمت کے سبب میں یہ گمان کرتا ہوں کہ میں سوتا ہوں اور یہ رویت خواب میں ہی۔ دستور ہی کہ جب انسان کوئی نہایت عجیب چیز دیکھتا ہی تو براہ تحیر یہ سمجھنے لگتا ہی کہ میں خواب دیکھ رہا ہوں یہاں تک کلام تمام ہوگیا۔ پھر کہتا ہی کہ کون خدا کو خواب میں دیکھتا ہی تاکہ میں دیکھوں شارحین نے متنبی کے اس شعر پر باین خیال کہ اُس سے انکار رویت نوم نکلتا ہی بیچارہ شاعر کی بڑی دھجیاں اڑائی ہیں۔ کیونکہ اس باب میں روایات متواترہ وارد ہیں بندۂ مترجم کے نزدیک یہ مبالغہ مذموم ہی

كَبُرَ الْعِيَانُ عَلَيَّ حَتّٰى أَنَّهٗ		صَارَ الْيَقِيْنُ مِنَ الْبَيَانِ تَوَهُّمَا	

ترجمہ تیرا دیکھنا مجکو ایک امر عظیم معلوم ہوا یہاں تلک کہ تیرا دیدار یقینی مجکو ایک امر وہمی معلوم ہونے لگا۔

يَا مَنْ لِجُوْدِ يَدَيْهِ فِيْ أَمْوَالِهٖ		نِقَمٌ تَعُوْدُ عَلَى الْيَتَامٰى أَنْعُمَا	

ترجمہ ای وہ شخص کہ اُس کے دونوں ہاتھوں کی بخشش کو اُس کے اموال میں ایسے انتقام ہیں کہ وہ یتیموں کے حق میں نعمتیں ہوجاتے ہیں یعنی وہ اپنے اموال کو ایسا بیدریغ خرچ کرتا ہی کہ گویا وہ اُس سے انتقام لیتا ہی جیسا دشمن سے انتقام لیکر اُسکو ہلاک کرتے ہیں ایسا ہی وہ اموال کو متفرق وہلاک کرتا ہی۔

حَتّٰى يَقُوْلَ النَّاسُ مَاذَا عَاقِلًا		وَيَقُوْلَ بَيْتُ الْمَالِ مَاذَا مُسْلِمَا	

ترجمہ یہاں تلک اموال کو بکثرت صرف کرتا ہی کہ لوگ کہتے ہیں کہ یہ عاقل نہیں بلکہ مجنون ہی اور بیت المال کہنے لگتی ہی کہ یہ شخص مسلمان نہیں ہی کہ اموال مسلمانوں کو تلف کئے دیتا ہی اور اسمیں کچھ باقی نہیں چھوڑتا

إِذْكَارُ مِثْلِكَ تَرْكُ إِذْكَارِي لَهُ	إِذْ لَا تُرِيدُ لِمَا أُرِيدُ مُتَرْجِمَا

ترجمہ تجھ جیسے سخی کو میرا اپنی حاجت کو یاد دلانا یاد دلاتا ہی کیونکہ جو مین چاہتا ہون اُس کے لئے تو مترجم نہین چاہتا بلکہ تو جانتا ہی۔

وقال فی صباہ

إِلَى أَيِّ حِينٍ أَنْتَ فِي زِيِّ مُحْرِمٍ	وَحَتَّى مَتَى فِي شِقْوَةٍ وَإِلَى كَمِ

ترجمہ توکب تلک لباس احرام باندھنے والے مین رہے گا۔ یعنی بسبب افلاس کے جامہ دوختہ نہ پہنے گا اور برہنہ رہے گا۔ یا جیسا محرم قتل حیوانات سے محترز رہتا ہی توکب تلک قتل اعداء سے کنارہ کرے گا اور کس وقت تلک تو مبتلاے شقاوت بباعث فقر رہے گا اور کتنے زمانہ تلک۔

وَإِنْ لَا تَمُتْ تَحْتَ السُّيُوفِ مُكَرَّمًا	تَمُتْ وَتُقَاسِي الذُّلَّ غَيْرَ مُكَرَّمِ

ترجمہ اور اگر تو شمشیرون کے نیچے باعزت وحرمت نہین مرے گا تب بھی مرے گا اور رنج ذلت بیحرمتی مین کھینچے گا۔

فَثِبْ وَاثِقًا بِاللهِ وِثْبَةَ مَاجِدٍ	يَرَى الْمَوْتَ فِي الْهَيْجَا جَنَى النَّحْلِ فِي الْفَمِ

ترجمہ سو متوکلا علی اللہ تو اُس شریف مرد کا سا اُٹھنا اُٹھ جو لڑائی مین مرنے کو ایسا شیرین سمجھے جیسے منھ مین شہد۔

وقال فی صباہ

ضَيْفٌ أَلَمَّ بِرَأْسِي غَيْرَ مُحْتَشِمِ	وَالسَّيْفُ أَحْسَنُ فِعْلًا مِنْهُ بِاللِّمَمِ

المحتشم المستحي المنقبض۔ واللمم جمع لمۃ وہو الشعر الذی الم بالمنکبین۔ ومن ذی غیر انصب جبلہ حالا وہو ان کثر من فہمہ جبلہ صفۃ الضیف ترجمہ یہ پیری ایک ناخواندہ بے شرم مہمان ہی جو میرے سر پر دفعۃً آدھمکا اور جو کام اُس نے میرے سر کے بالون کے ساتھ کیا ہی اُس سے تلوار کا کام بہت اچھا ہی کیونکہ پیری بالون کو بدنما رنگ جو سفیدی ہی آرنگتی ہی اور تلوار بالون کو سرخ کرتی ہی جو عمدہ رنگ ہی۔

إِبْعَدْ بَعِدْتَ بَيَاضًا لَا بَيَاضَ لَهُ	لَأَنْتَ أَسْوَدُ فِي عَيْنِي مِنَ الظُّلَمِ

قال ابو الفتح لا یقال اسود من کذا لان الالوان لا یبنی منہا افعل التفضیل الا ان الکوفیین قد حکی عنہم ما اسود شعرہ وما ابیضہ فان صح ہذا فلکثرۃ استعمالہم ہذین الحرفین ترجمہ تو دفع ہو تو ہلاک ہووے تو ایسی سفیدی ہی جسکے لئے سفیدرو ئی نہین ہی بیشک تو میری آنکھ مین تاریکیون سے تاریک ہی۔

بِحُبِّ قَاتِلَتِي وَالشَّيْبِ تَغْذِيَتِي	هَوَايَ طِفْلًا وَشَيْبِي بَالِغَ الْحُلُمِ

یحتمل موضع ہوای وشیبی الرفع والجر فالرفع ان یکون مبتدئین وطفلا وبالغ حالین سدامسد الخبرین تقدیرہ ہوای اذ کنت طفلا وشیبی اذ کنت بالغ الحلم۔ والجر علی ابدالہا من الحب وحسن ابدال الہوی من الحب اذ کان بمعناہ

ترجمہ میرا تغذیہ پیری اور دوستی محبوبہ سے ہی جس کی محبت نے مجکو قتل کر ڈالا ہی یعنے جیسے غذا موجب پرورش اور ہر جاندار کو لازم ہی ایسے ہی مین نے یار کی دوستی اور پیری مین پرورش پائی ہی۔ جوانی آئی ہی نہین کیونکہ بحالت طفلی مین عاشق ہوگیا اور آغاز جوانی مین پیر ہوگیا۔ یعنی بسبب صدمات عشق طفلی ہی مین موے سر سفید ہو گئے۔ پھر جوانی کہان آئی۔

فَمَا اَقُوْ بِرَسْمٍ لَا اُسَائِلُهٗ	وَلَا بِذَاتِ اِخَادٍ لَا تُرِيْقُ دَمِيْ

الرسم اثر الدیار ما کان لاصقا بالارض ترجمہ سو اب میرا یہ حال ہی کہ مین کسی خانۂ ویران کے باقیماندۂ آثار پر نہین گزرتا کہ اُس سے حال دیار محبوبہ نہ پوچھون۔ یعنی اُسکو دیکھکر نشان باقی دیار محبوبہ بے اختیار یاد آجاتے ہین اور نہ کسی ایسی برقع پوش عورت پر گزرتا ہون کہ وہ میرا خون نگرائے۔ یعنی ہر خوبصورت زن کو دیکھکر یاد محبوبہ آجاتی ہی۔ اور یہ امر میرے قتل کا باعث ہوجاتا ہی۔

تَنَفَّسَتْ عَنْ وَفَاءٍ غَيْرِ مُنْصَدِعٍ	يَوْمَ الرَّحِيْلِ وَشَعْبٍ غَيْرِ مُلْتَئِمِ

المنصدع المنشق۔ والشعب الفراق اوارادبالشعب القبیلۃ ای فراق شعب غیر مجتمع لارتحالہم وتفرقہم فی کل وجہ والملتئم المجتمع ترجمہ جس روز جیبہ رخصت ہوئی تو اُس نے بسبب اپنی وفاے ثابت وصحیح کے اور فراق کے جس کے بعد اُمید اجتماع نہ تھی یا بسبب فراق اُس قبیلہ کے جو پھر جمع نہ ہوگا۔ ٹھنڈا سانس بھرا۔

قَبَّلْتُهَا وَدُمُوْعِيْ مَزْجُ اَدْمُعِهَا	وَقَبَّلَتْنِيْ عَلَى خَوْفٍ فَمًا لِفَمِ

نصب فما علی الحال کقولک فوہ الی فی ترجمہ مین نے محبوبہ کا ایسے حال مین بوسہ لیا کہ میرے اشک اُس کے اشکون سے ملے ہوئے تھے اور اُس نے میرا بوسہ باوجود خوف رقیبون کے منہ در منہ لیا۔ مقصود بیان غایت اتصال ہی۔

فَذُقْتُ مَاءَ حَيَاةٍ مِنْ مُقَبَّلِهَا	لَوْصَابَ تُرْبًا لَاَحْيَى سَالِفَ الْاُمَمِ

المقبل موضع التقبیل۔ وصاب نزل ترجمہ سو مین نے اُسکی بوسہ گاہ سے ایسے آب حیات کا مزہ چکھا کہ اگر وہ زمین پر جا پڑے تو پہلی اُمتون کو جو مر گئی ہین زندہ کر دے۔

تَرْنُوْ اِلَيَّ بِعَيْنِ الظَّبْيِ مُجْهِشَةً	وَتَمْسَحُ الطَّلَّ فَوْقَ الْوَرْدِ بِالْعَنَمِ

مجہشۃ متحیرۃ قد تغیرۃ وجہہا للبکاء ولم تبک۔ والعنم دود احمر یکون فی الرمل وقیل ہو نبت فی الرمل احمر وقال الجوہری ہو شجر لین الاغصان لیشبہ بہ انامل الجواری ترجمہ وہ محبوبہ روتی چشم بناکر میری طرف بچشم آہو دیکھتی ہی اور اپنے رخسار مثل گلاب سے اشک مثل شبنم کو اپنی انگشتہاے سُرخ سے پوچھتی ہی۔ یہان شاعر نے چار چیزونکو چار چیزون سے بے حرف تشبیہ تشبیہ دی ہی۔ محبوبہ کو آہو سے اور اُس کے اشکون کو شبنم سے اور رخسار کو

گلاب سے اور انگشتہاے سرخ کو عنم سے۔

رُوَیْدَ مُحْکُمَاتِ فِیْنَا غَیْرَ مُنْصِفَةٍ ۔۔۔ بِالنَّاسِ کُلِّهِمْ أَفْدِیْكِ مِنْ حَاکِمِ

رویدا سم من اسماء الافعال ای امہل وارفق ترجمہ ای محبوبہ ایسے حال مین کہ تو ظالمہ ہی اور حاکمہ مین تجھ پر تمام جہان کو قربان کرتا ہون تو اپنے حکم جفا کو ہمپر موقوف کر اور چھوڑ یہ کیا بات ہی کہ مین تجکو تمام عالم سے محبوب رکھتا ہون اور تو ایسے شخص فدائی پر ظلم کرتی ہی۔

أَبْدَیْتِ مِثْلَ الَّذِیْ أَبْدَیْتُ مِنْ جَزَعٍ ۔۔۔ وَلَمْ تُجِنِّیْ الَّذِیْ أَجْنَنْتُ مِنْ أَلَمِ

اجننت الشئ سترتہ ترجمہ تو نے بوقت رحلت ایسا جزع وفزع ظاہر کیا جیسا مین نے حالانکہ تیرے دل مین اسقدر رنج فراق نہین ہی جیسا میرے دل مین ہی بلکہ اُس سے بدارج کم ہی۔

إِذًا لَبَزَّكِ ثَوْبَ الْحُسْنِ أَصْغَرُهُ ۔۔۔ وَصِرْتِ مِثْلِیْ فِیْ ثَوْبَیْنِ مِنْ سَقَمِ

تا دیل اذا انکان الامر کما جری او کما ذکرت و بزہ سلبہ ترجمہ اگر تیرے دل مین مثل میرے غم ہوتا تو میرے رنج کا کمتر جزو تیرے لباس حُسن کو اُتار لیتا یعنی صدمہ فراق سے تیرا یہ رنگ روپ جاتا رہتا اور تو میرے مانند چادر بیماری مین ہوتی عرب کا اصل لباس چادر وازار ہی اسلئے ثوبین بصیغہ تثنیہ لایا یعنی تو حلہ بیماری کو پہنے ہوے ہوتی۔

لَیْسَ التَّعَلُّلُ بِالْآمَالِ مِنْ أَرَبِیْ ۔۔۔ وَلَا الْقَنَاعَةُ بِالْإِقْلَالِ مِنْ شِیَمِیْ

التعلل ترجیۃ الوقت بالشئ الیسیر بعد الشئ۔ والاقلال الفقر والحاجۃ ترجمہ اُمیدون مین اوقات گزاری اور ٹالم ٹولا کرنا میرا مقصد نہین ہی اور نہ افلاس پر قناعت کرنا میری خصلت خلاصہ یہ ہی کہ مین طالب کثیر ہون اور طلب اموال مین سفر کرنے والا ہون۔

وَمَا أَظُنُّ بَنَاتِ الدَّهْرِ تَتْرُكُنِیْ ۔۔۔ حَتّٰی تَسُدَّ عَلَیْهَا طُرْقَهَا هِمَمِیْ

بنات الدہر صروفہ وحوادثہ ترجمہ اور مین خیال نہین کرتا کہ حوادث زمانہ میرا پنڈ چھوڑین جب تلک کہ میری بلند ہمتین اُسکی راہین بند نکرین۔ یعنی جب تلک مین اموال ورجال سے تقویت حاصل نکرون۔

لُمِ اللَّیَالِیَ الَّتِیْ أَخْنَتْ عَلٰی جِدَتِیْ ۔۔۔ بِرِقَّةِ الْحَالِ وَاعْذُرْنِیْ وَلَا تَلُمِ

الجدۃ الغنی ورقۃ الحال الفقر۔ واخنی علیہ الدہر اہلکہ ترجمہ ای مخاطب درباب میری فقیری کے اُس زمانہ کو ملامت کر جس نے میری تونگری کو ہلاک اور میرے حال کو پتلا کر دیا اور مجکو معذور رکھ اور ملامت نکر۔

أَرٰی أُنَاسًا وَمَحْصُوْلِیْ عَلٰی غَنَمٍ ۔۔۔ وَذِكْرَ جُوْدٍ وَمَحْصُوْلِیْ عَلَی الْكَلِمِ

المحصول مصدر نقل من اسم المفعول ترجمہ مین انسانون کو دیکھتا ہون اور میرا حصول مقصد بدمہ ایسے اشخاص کے ہی جو عقل مین مثل گوسفند ہین اور مین ذکر بخشش سُنتا ہون اور میرا حصول مطلب صرف زبانی جمع خرچ

پر ہی یعنی جن سے میرا معاملہ اور اُمید حصول غرض ہی وہ محض بخیل و خسیس ہین - ایسے لوگون سے کیا اُمید نفع ہو سکتی ہی - قولہ ذکر جود ای اسمع بذکر الجود فہو من باب علفتہا تبنا و ماءً باردًا اے علفتہا تبنا و سقیتہا ماءً باردًا -

وَرَبَّ مَالٍ فَقِيْرًا مِّنْ مُرُوَّتِهٖ ‏ لَمْ يُثْرِ مِنْهَا كَمَا اَثْرٰى مِنَ الْعَدَمِ

ورب مال عطف علی قولہ انا سا وذکر جود وضمیر مروتہ عائد الی رب المال - والاثراء کثرۃ المال ترجمہ اور مین ایسے صاحب مال کو دیکھتا ہون کہ اپنی مروت مین بالکل فقیر ہی - یعنی سخت بیمروت - وہ مروت سے ایسا تونگر نہین ہوا جیسا کہ وہ فقیری سے تونگر ہوا ہی - غرض بسبب حصول مال بعد فقر تونگر تو ہو گیا - مگر مروت مین مفلس ہی رہا -

سَيَصْحَبُ النَّصْلُ مِنِّيْ مِثْلَ مَضْرِبِهٖ ‏ وَيَنْجَلِيْ خَبَرِيْ عَنْ صِمَّةِ الصِّمَمِ

النصل نصل السیف - والصمۃ الحیۃ الشجاع والصمم جمعہ ترجمہ قریب ہی کہ میری تلوار کا پھل مجھ سے ایسے تیز مزاج شخص کو اپنے ہمراہ لے گا جیسی اُس کی دھار ہی اور میری خبر ظاہر ہو گی ایک شخص سے جو سب بہادرون مین بہادر ہی - قولہ مجھ سے ایسے شخص کو الخ وقولہ ایک ایسے شخص سے الخ اسکو صنعت تجرید کہتے ہین جیسا رأیت من زید اسدًا مین -

لَقَدْ تَصَبَّرْتُ حَتّٰى لَاتَ مُصْطَبِرٍ ‏ فَالْاٰنَ اَقْحَمُ حَتّٰى لَاتَ مُقْتَحَمِ

التاء فی لات زائدۃ - والجر بہ شاذ وقد جری بہ العرب فی اشعارہم - وقال الکلبی لات بلغۃ الیمن بمعنی لیس - والمصطبر بمعنی الاصطبار - والمقتحم بمعنے الاقتحام وہو الدخول فی الشئ ترجمہ بیشک مین نے بہت صبر کیا یہان تلک کہ اب قوۃ صبر مجھ مین باقی نہین رہی سو اب مین بہالک جنگ مین اپنی نفس کو ڈالتا ہون اور تمام دشمنون کو قتل کرون گا کہ پھر جنگ کی حاجت نہ رہے گی -

لَاُتْرِكَنَّ وُجُوْهَ الْخَيْلِ سَاهِمَةً ‏ وَالْحَرْبُ اَقْوَمُ مِنْ سَاقٍ عَلٰى قَدَمِ

ساہمۃ متغیرۃ الوجوہ - وقامت الحرب علی ساقہا اشتدت ترجمہ بیشک مین شدت حرب وضرب و دوا دوش کے سبب چہرہ ہاے اسپان کو متغیر کر چھوڑون گا ایسے حال مین کہ لڑائی اُس سے خوب قائم ہو گی جیسے ساق قدم پر بلند ہو کر کھڑی ہوتی ہی - یعنی سخت جنگ برپا کرون گا -

وَالطَّعْنُ يُحْرِقُهَا وَالزَّجْرُ يُقْلِقُهَا ‏ حَتّٰى كَاَنَّ بِهَا ضَرْبًا مِّنَ اللَّمَمِ

اللمم الجنون ترجمہ اور نیزہ زنی گھوڑون پر کار آتش کرے گی اور ڈپٹنا گھوڑون کو ایسا بےچین کریگا کہ گویا اُن کو کسی قسم کا جنون ہی یعنی وہ بسبب کثرت کود پھاند کے نہایت تیزی کرین گے -

قد کلّمتها العوالي فهي کالحة	کانّما الصاب معصوب علی اللجم

کلّمتها جرحتها کالحة نحت افواهها لما بها من الجراح - والصاب نبت مر ترجمہ گھوڑون کو مین ایسے حال مین کر چھوڑون گا کہ انکو نیزون نے زخمی کردیا ہوگا - پس بسبب کثرت زخمون کے اُنکے مُنہ کھُلے کے کھُلے رہگئے ہون گے گویا ایلوا اُن کی لگامون پر بُرُ برایا گیا ہی کہ اُس کی تلخی سے مُنہ بند نہین کر سکتے -

بکلّ منصلت ما زال منتظري	حتّی أدلت له من دولة الخدم

الباء متعلقة بقوله لاترکن - وادلت له ای اعنته علیه حتی جعلت له الدولة والخدم الذین لایستحقون الامارة ترجمہ حالات مذکورہ ظہور مین لاؤن گا باعانت مردان کے کہ مثل شمشیر برہنہ کے تیز اور میرے خروج کے ہمیشہ منتظر رہتے ہین یہان تک کہ مین اُنکو اُن لوگون سے جو لائق سلطنت نہین ہین سلطنت دلوادونگا -

شیخ یری الصّلوات الخمس نافلة	ویستحلّ دم الحجّاج في الحرم

شیخ صفة لمنصلت ترجمہ وہ مرد چالاک ایسا جاہل کلان سال و بے باک اور خونریز ہی کہ نماز ہاے پنجگانہ کو نفل سمجھتا ہی اور حرم شریف مکہ مین خون حاجیون کو حلال سمجھتا ہی باوجودیکہ وہ گناہ کبیرہ ہی - یا یہ کہ شیخ سے مراد پُرانی تلوار ہی کہ کنگی شمشیر اُس کی مدح ہی یا بسبب صیقل کے اُسکو پیر کہا -

وکلّما نطحت تحت العجاج به	أسد الکتائب رامته ولم یرم

رامته زالت عنه وہولا یبرح واراد عنہ فحذف ووصل الفعل وارا د بالنطح القتال ترجمہ اور جبکہ لشکرون کے شیر زیر غبار اُس مرد چالاک بیباک یا اُس قدیم شمشیر سے جنگ کرین تو وہ بہادر لوگ اُس سے دور ہو جاوین یعنی بھاگ جاوین اور وہ اپنی جگہ سے نہ ٹلے -

تنسي البلاد بروق الجوّ بارقتي	وتکتفي بالدّم الجاري من الدّیم

الدیم جمع دیمة وہی المطر الدائم ترجمہ میری شمشیر کی چمک شہرون یا شہر والون کو آسمان و زمین کے بیچ مین چمکتی بجلیون کو بھُلا دیوے گی اور وہ شہر بسبب خون جاری اعدا کے بارشون سے بے پرواہ ہوجاوین گے -

ردي حیاض الرّدی یا نفس واترکي	حیاض خوف الرّدی للشّاء والنّعم

ردی من ورد الماء - والشاء جمع شاة - والنعم یقال ہو واحد الانعام وقیل النعم یراد به الابل خاصة ترجمہ ای میرے جی ہلاکی کے حوضون کے گھاٹون پر اُتر یعنے لڑائیون مین گھُس جا اور مرا رہ اور خوف ہلاکی کے حوضون کو بکریون اور شترون کے لئے چھوڑ جو کسی سے لڑکر اپنی جان بچا نہین سکتے -

إن لم أذرك علی الأرماح سائلة	فلا دعیت ابن امّ المجد والکرم

ترجمہ ای میری جان اگر مین تجکو نیزون پر بہتا ہوا نہ چھوڑون تو مین بھائی شرف و کرم کا نہ پکارا جاؤن -

أَيَمْلِكُ الْمُلْكَ وَالْأَسْيَافُ ظَامِئَةٌ	وَالطَّيْرُ جَائِعَةٌ لَحْمٌ عَلَىٰ وَضَمِ

لحم فاعل ایملک ای ایملک لحم علی وضم الملک۔ والوضم کل شیٔ یوضع علیہ اللحم ویضرب مثلاً للضعیف الذی لا امتناع عندہ۔ والظامی العطشان ترجمہ کیا سلطنت کا مالک ہو سکتا ہی وہ گوشت مقطوع جو تختہ وغیرہ پر رکھا ہی یعنی ایسا شخص جو دفع مہالک پر قادر نہو اور وہ بھی ایسی حالت مین کہ تلوارین ہماری اُسکے خون کی پیاسی ہون اور پرندے گوشت خوار بھوکے ہون۔

مَنْ لَوْ رَآنِي مَاءً مَاتَ مِنْ ظَمَإٍ	وَلَوْ مَثَلْتُ لَهُ فِي النَّوْمِ لَمْ يَنَمِ

من بدل من قولہ لحم علی وضم ترجمہ کیا ایسا بزدل شخص مالک سلطنت ہو سکتا ہی کہ اگر وہ مجھکو پانی سمجھ جاوے تو وہ خوف سے پانی چھوڑدے اور تشنہ مرجاوے۔ اور اگر میری صورت اُسکو خواب مین نظر آوے تو وہ سونا چھوڑدے اس خوف سے کہ مبادا مین اُسکو خواب مین نظر آجاؤن۔

مِيعَادُ كُلِّ رَقِيقِ الشَّفْرَتَيْنِ غَدًا	وَمَنْ عَصَىٰ مِنْ مُلُوكِ الْعُرْبِ وَالْعَجَمِ

ترجمہ ہر باریک دو دھاری شمشیر اور سرکش شاہان عرب وعجم کا وعدہ ملاقات کل کو ہی۔ یعنی مین اُنسے کل لڑونگا

فَإِنْ أَجَابُوا فَمَا قَصْدِي بِهَا لَهُمُ	وَإِنْ تَوَلَّوْا فَمَا أَرْضَىٰ لَهَا بِهِمِ

ترجمہ سو اگر ان بادشاہون نے میرا کہا مان لیا اور میری اطاعت قبول کرلی تو مین اُن شمشیرون کو لیکر اُن کا قصد نکرونگا اور اگر وہ مجھ سے لڑے اور بھاگے تو مین تلوارون کو صرف اُنھین دینا پسند نکرونگا۔ بلکہ مددگارون کو بھی قتل کرونگا۔ یہ شعر کیسا صاف اور اسکے الفاظ کیا عمدہ ہین۔

وقال وقد عذلہ معاذ فی اقدامہ فی الحرب

أَيَا عَبْدَ الْإِلٰهِ مُعَاذُ إِنِّي	خَفِيٌّ عَنْكَ فِي الْهَيْجَا مُقَامِي

ترجمہ ای خدا کے بندہ معاذ میرا مقام جنگ مین تجھ سے پوشیدہ ہی کیونکہ بسبب ہجوم دلیران واختلاط اعدا تو نے مجھے نہ دیکھا۔ معاذ مرفوع بالبدل من عبد الالٰہ ولو کان عطف بیان لکان منصوبا منونا لانہ اجرا عطف البیان مجری الصفۃ۔

ذَكَرْتَ جَسِيمَ مَا طَلَبِي وَأَنَّا	نُخَاطِرُ فِيهِ بِالْمُهَجِ الْجِسَامِ

لفظ ما یحتمل ان یکون زائدۃ او بمعنی الذی ترجمہ تو نے اس امر عظیم کا ذکر کیا جو ہمارا مطلوب ہی اور جس مین ہم اپنی ارواح عظیمہ کو خطرہ مین ڈالتے ہین۔ اور یہ سب تحمل مصائب واسطے حصول شرف ومجد کے ہی۔

أَمِثْلِي تَأْخُذُ النَّكَبَاتُ مِنْهُ	وَيَجْزَعُ مِنْ مُلَاقَاتِ الْحِمَامِ

ترجمہ کیا مجھ جیسے ہوشیار بہادر یا صابر شخص سے مصائب حصہ لے سکتے ہین اور مجھ سا دلیر ملاقات موت سے

گھبرا سکتا ہی۔ یعنی نہین۔

وَلَوْ بَرَزَ الزَّمَانُ إِلَيَّ شَخْصًا	لَخَضَّبَ شَعْرَ مَفْرِقِهِ حُسَامِي

ترجمہ اور اگر زمانہ میرے روبرو مجسم ہوکر ظاہر ہووے تو ضرور میری برندہ شمشیر اُس کے سر کے بال اُسکے خون سے رنگدے اور اُسکو زخمی کردے۔ جب زمانہ سے جو محل مصائب اور اُنکا موجد ہی مین نہین ڈرتا تو مصائب کی کیا حقیقت ہی۔

وَمَا بَلَغَتْ مَشِيئَتَهَا اللَّيَالِي	وَلَا سَارَتْ وَفِي يَدِهَا زِمَامِي

ترجمہ اور زمانہ میرے معاملہ مین اپنی مراد کو نہین پہنچا اور مجھکو ذلیل نہین کرسکا اور نہ وہ ایسے حال مین چلا کہ اُس کے ہاتھ مین میری باگ ہو۔ یعنی وہ مجھکو مطیع نہ کرسکا۔

إِذَا امْتَلَأَتْ عُيُونُ الْخَيْلِ مِنِّي	فَوَيْلٌ فِي التَّيَقُّظِ وَالْمَنَامِ

اراد اصحاب الخیل فحذف کقولہ علیہ السلام یا خیل اللہ ارکبی واراد فویل بہا فحذف للعلم بہ ترجمہ جبکہ سواران دشمن کی آنکھین مجھ سے پر ہوجاتی ہین تو اُنکی بیداری اور خواب پر افسوس ہی۔ یعنی وہ مجھ سے سخت خائف ہین۔ میرے دیکھنے کے بعد نہ اُن کو بیداری مین چین ہوتا ہی نہ خواب مین۔

وقال لبعض بنی کلاب اشرب ہذا الکاس سرورًا بک فقال ارتجالًا

إِذَا مَا شَرِبْتَ الْخَمْرَ صِرْفًا مُهَنَّأً	شَرِبْنَا الَّذِي مِنْ مِثْلِهِ شُرْبُ الْكَرْمِ

الصرف الخمر الخالصۃ غیر ممزوجۃ بشئی ومن مثلہ شرب الکرم یرید الماء ترجمہ جبکہ تو گوارا شراب خالص پیوے تو ہم وہ پیئین گے جس مین سے انگور نے پیا ہی یعنی پانی۔

أَلَا حَبَّذَا قَوْمٌ نَدَامَاهُمُ الْقَنَا	يُسَقُّونَهَا رِيًّا وَسَاقِيهِمُ الْعَزْمُ

ترجمہ سُن عمدہ وہ قوم ہی جس کے یاران مجلس نیزے ہین۔ یعنی بہادر لوگ جو نیزون سے لڑتے ہین اور اُن کو خون تازہ دشمنان پلاتے ہین اور حقیقت مین اُنکے ساقی اُنکے ارادہ ہائے بلند ہین۔

وقال وقد قدم لہ انسان بیدہ بکاس وحلف بالطلاق لیشربہا

وَأَخٍ لَنَا بَعَثَ الطَّلَاقَ أَلِيَّةً	لَأُعَلِّلَنَّ بِهَذِهِ الْخُرْطُومِ

الالیۃ القسم۔ والعلل السقی مرۃ بعد اخری۔ والخرطوم من اسماء الخمر وسمیت بہا لاخذہا بخراطیم شاربہا ولانہا اول ما ینصب فی صورۃ الخرطوم ترجمہ اور ہمارے بہت سے بھائیون نے طلاق کی قسم کھائی ہی کہ البتہ مین یہ شراب دوبارہ پی لون۔

فَجَعَلْتُ رَدِّي عِرْسَهُ كَفَّارَةً	عَنْ شُرْبِهَا وَشَرِبْتُ غَيْرَ أَثِيمِ

ترجمہ سو مین نے اُسکی زوجہ کو اُسکی طرف لوٹانا کفارہ اپنے شراب پینے کا کردیا۔ اور مین نے ایسے حال مین

شراب پی کر میں گناہگار نہ تھا۔ یعنی اُسکی قسم کے بعد شراب نہ پیتا تو اُسکو زوجہ پر طلاق ہو جاتی۔ لہذا میں اس عمل میں گناہ گار نہوا۔

وقال یمدح الحسین بن اسحاق التنوخی

مَلَامُ النَّوَى فِي ظُلْمِهَا غَايَةُ الظُّلْمِ	لَعَلَّ بِهَا مِثْلَ الَّذِي بِي مِنَ السُّقْمِ

النوی البعد ترجمہ فراق یار جو مجھ پر ظلم کر رہا ہی اُسکو اس بارہ میں ملامت و سرزنش کرنا نہایت ظلم ہی کیونکہ شاید فراق کو بیماری عشق محبوبہ ایسی ہی ہو جیسی مجھکو ہی اس لئے اُس نے محبوبہ کو اپنے لئے خاص اور مجھسے جدا کر لیا ہی۔

فَلَوْ لَمْ تَغَرْ لَمْ تَزْوِعَنِّي لِقَاءَكُمْ	وَلَوْ لَمْ تُرِدْكُمْ لَمْ تَكُنْ فِيكُمْ خَصْمِي

الزوی الدفع والمنع۔ والخصم المخاصم ترجمہ سو اگر فراق درباب تمہاری ملاقات کے رشک وغیرت نکرتا تو وہ مجھسے تمہاری ملاقات کو نہ روکتا اور اگر وہ تمکو اپنا مقصود نہ سمجھتا تو وہ تمہارے معاملہ میں مجھسے نہ جھگڑتا۔

أَمُنْعِمَةٌ بِالْعَوْدَةِ الظَّبْيَةُ الَّتِي	بِغَيْرِ وَلِيٍّ كَانَ نَائِلُهَا الْوَسْمِي

الوسمی اول المطر والولی مابلیہ والنائل العطاء ترجمہ کیا وہ معشوقہ آہو مثال جس کی ملاقات کا اول باران عطا بے باران دوم کے تھا (یعنی وہ صرف ایکدفعہ ملی اور دوبارہ نہ ملی) پھر بھی اپنے واپس آنے کا مجھپر احسان رکھے گی اور میری آرزو پوری کرے گی۔

تَرَشَّفْتُ فَاهَا سُحْرَةً فَكَأَنَّنِي	تَرَشَّفْتُ حَرَّ الْوَجْدِ مِنْ بَارِدِ الظَّلْمِ

الترشف المص۔ والظلم ماء الاسنان وبریقہا ترجمہ میں نے بوقت صبح جس میں بسبب بخارات معدہ کے بوے دہن متغیر ہو جاتی ہی اُسکا آب دہن چوسا سو مجھ پر ایسی حالت طاری ہوئی کہ گویا میں نے حرارت عشق خنک آب دندان سے چوسی۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ ایسی طیب النکہت ہی کہ کبھی اُسکی خوشبو میں فرق نہیں آتا اور مصرعہ دوم اس خیال پر مبنی ہی کہ جب عاشق آب دہن معشوق چوستا ہی تو آتش محبت زیادہ شعلہ زن ہوتی ہی۔

فَتَاةٌ تَسَاوَى عِقْدُهَا وَكَلَامُهَا	وَمَبْسِمُهَا الدُّرِّيُّ فِي الْحُسْنِ وَالنَّظْمِ

العقد قلادہ من در ترجمہ محبوبہ ایسی نو جوان ہی کہ اُسکے گلے کا موتیوں کا ہار اور اُس کا کلام اور اُس کے دانت چکدار خوبصورتی اور نظم میں برابر ہیں۔

وَنَكْهَتُهَا وَالْمَنْدَلِيُّ وَقَرْقَفٌ	مُعَتَّقَةٌ صَهْبَاءُ فِي الرِّيحِ وَالطَّعْمِ

المندلی ہو العود یتبخر بہ وہو منسوب الی مندل موضع بالہند- والقرقف من اسماء الخمر وکذلک الصہباء وسمیت بذلک للونہا واصل الصہوبۃ الشقرۃ فی شعر الراس ترجمہ اور ایسے ہی دہن کی خوشبو اور عود مندلی اور شراب کہنہ گلرنگ خوشبو اور مزہ میں برابر ہیں یعنے نکہت اور شراب مزہ میں اور عود بوئے خوش میں- کیونکہ عود ذائقہ دار نہیں ہوتا-

جفتنی کانی لست انطق قومہا	واطعنہم والشہب فی صورۃ الدہم

الشہب من الخیل التی یخالط الوانہا بیاض- والدہم السود ترجمہ محبوبہ نے مجھ پر جفا کی گویا میں اُسکی قوم میں بڑا گویا اور بڑا نیزہ زن نہیں ہوں جبکہ سبز رنگ گھوڑے بسبب قطرات خون مقتولان اور کثرت غبار کے اسپہائے مشکی کی صورت میں ہو جاتے ہیں- اور اس قول کی بنا عادات زنان عرب پر ہے کہ وہ فصیح و گویا و بہادر کیطرف رغبت رکھتی ہیں- اور خون خشک ہوکر سیاہ ہو جاتا ہے-

یحاذرنی حتفی کانی حتفہ	وتنکزنی الافعی فیقتلہا سمی

النکز کالغرز انعض بشیٔ محدود ذکرۃ الحیۃ ای لسعتہ بالغنا فاذا عضتہ بانیابہا قیل نشطتہ ترجمہ میری موت مجھ سے ایسی ڈرتی ہے کہ گویا میں اُسکی موت ہوں اور مجکو سانپ افعی کاٹتا ہے تو اُسکو میرا زہر مار ڈالتا ہے-

طوال الردینیات یقصفہا دمی	وبیض السریجیات یقطعہا لحمی

الردینیات رماح منسوبۃ الی ردینۃ امرأۃ السمہری کانا یقومان الرماح بخط ہجر- والسریجیات سیوف منسوبۃ الی قین اسمہ سریج ترجمہ لنبے نیزوں کو میرا خون توڑ ڈالتا ہے اور شمشیرہائے سریجیہ کو میرا گوشت ٹکڑے ٹکڑے کر دیتا ہے- غرض بیان اپنی شجاعت کا بطریق مبالغہ ہے-

برتنی السری بری المدی فرددننی	اخف علی المرکوب من نفسی جرمی

المدی جمع مدیۃ وہی السکین- والجرم الجسد والسری الاسم من سری سریۃ ترجمہ مجکو شب روی نے ایسا قطع کیا جیسے چھری کاٹتی ہے سو اُس نے مجکو ایسے حال میں کر دیا کہ میرا جسم سواری پر میرے سانس سے بھی زیادہ ہلکا ہے-

وابصر من زرقاء جو لاننی	اذا نظرت عینای شاء ہما علمی

الابصر عطف علی اخف- جو قصبۃ الیمامۃ وزرقاء اسم امرأۃ من اہل جو شدیدۃ البصر کانت تدرک ببصرہا الشئ البعید فضربت العرب بہا المثل فقالوا ابصر من زرقاء الیمامۃ وشاء ہما ای سبقہما ترجمہ اور مجکو شب روی نے ساکنہ زرقاء مقام جو کی رہنے والی سے بھی زیادہ بینا کر دیا کیونکہ میرا یہ حال ہے کہ جب کسی چیز کو میری دونوں آنکھیں دیکھتی ہیں تو اُن سے میرا علم سبقت کر جاتا ہے- یعنی میں دیکھنے سے پہلے چیز کو جان لیتا ہوں

كَأَنِّي دَحَوْتُ الْأَرْضَ مِنْ خِبْرَتِي بِهَا	كَأَنِّي بَنَى الْإِسْكَنْدَرُ السَّدَّ مِنْ عَزْمِي

الدحو البسط۔ والخبرۃ العلم بالشی ترجمہ مین تمام زمین کے حالات سے ایسا واقف ہون کہ گویا مین نے زمین کو خود بچھایا ہی اور ایسا صاحب عزم ہون کہ گویا سکندر ذوالقرنین نے لوگون کو یاجوج و ماجوج کے قتل و غارت سے محفوظ رکھنے کے لئے دیوار جسکو سد سکندری کہتے ہین میرے ہی قصد سے بنائی ہی۔

لِكَالْفَى ابْنِ إِسْحٰقَ الَّذِي دَقَّ فَهْمُهُ	فَأَبْدَعَ حَتّٰى جَلَّ عَنْ دِقَّةِ الْفَهْمِ

اللام متعلقہ بقولہ برتنی ای برتنی السری لانی الممدوح ترجمہ مجکو سفرون نے اس لئے مضمحل کردیا تاکہ مین ابن اسحق سے ملون جو دقیق الفہم ہی اور نئی نئی ایجاد کرتا ہی یہان تلک کہ فہم دقیق بھی اُسکو دریافت نہین کرسکتا۔

وَأَسْمَعُ مِنْ أَلْفَاظِهِ اللُّغَةَ الَّتِي	يَلَذُّ بِهَا سَمْعِي وَلَوْ ضُمِّنَتْ شَتْمِي

ترجمہ اور تاکہ مین اُس کی زبان سے ایسی لغت سنون جس سے میرے کان لذت حاصل کرین اگرچہ انہین میری گالیان ہی ہون۔

يَمِينُ بَنِي قَحْطَانَ رَأْسُ قُضَاعَةٍ	وَعِرْنِينُهَا بَدْرُ النُّجُومِ بَنِي فَهْمِ

ترجمہ وہ بنی قحطان کے لئے مثل دست راست کے ہی اور سردار اور ناک بنی قضاعہ کا ہی اور بنی فہم کا جو بمنزلہ نجوم ہین بدر ہی۔

إِذَا بَيَّتَ الْأَعْدَاءَ كَانَ اسْتِمَاعُهُمْ	صَرِيرَ الْعَوَالِي قَبْلَ قَعْقَعَةِ اللُّجْمِ

ترجمہ وہ ایسا صاحب تدبیر اور سدھے ہوئے گھوڑون والا ہی کہ جب اپنے دشمنون پر شبخون مارتا ہی تو وہ دشمن اپنے اجسام مین آواز نیزہ زنی قبل آواز لگامون کے سُنتے ہین یعنے اُسکا لشکر اور گھوڑے ایسے مہذب اور شایستہ ہین کہ وہ چپ چاپ دشمنون کو آمارتے ہین اور کھڑکا وڑکا کچھ نہین ہونے پاتا۔

مُذِلُّ الْأَعِزَّاءِ الْمُعِزُّ وَإِنْ يَئِنْ	بِهِ يُتْمُهُمْ فَالْمُوتِمُ الْجَابِرُ الْيُتْمِ

خبر مبتدا محذوف۔ والاعزا جمع عزیز۔ ویئن یحین ترجمہ ممدوح عزیزون کو ذلیل کرنے والا اور ذلیلون کو عزت بخشنے والا ہی اور اگر اُس کے حکم سے اُنکی یتیمی کا وقت پہنچ جاوے تو وہ یتیم کرنے والا اور یتیمی کے نقصان کا جبر کرنے والا ہی یعنی یتیمون کے پدرون کا قاتل ہی۔ اور یتیمون کا محسن اور پرورش کرنیوالا ہی۔

وَإِنْ تُمْسِ دَاءً فِي الْقُلُوبِ قَنَاتُهُ	فَمُمْسِكُهَا مِنْهُ الشِّفَاءُ مِنَ الْعُدْمِ

من روی ممسکہا بفتح السین ہو موضع الامساک وہو الکف مثل المدخل والمخرج موضع الادخال والاخراج ومن کسر اراد نفسہ والعدم الفقر ترجمہ اور اگر اُس کے نیزے دلہاے اعدا کے لئے بمنزلۂ مرض ہین تو کف دست ممدوح

جو سیرون کا اُٹھانے والا ہی مرض افلاس کے لئے شفا ہی۔ یعنی اُس کی بخشش سے لوگون کا افلاس جاتا رہتا ہی۔ داء اور شفا مین صنعت تضاد ہی۔

مُقَلِّدُ طَاغِي الشَّفْرَتَيْنِ مُحَكَّمٌ ۔۔۔ عَلَى الْهَامِ اِلَّا اَنَّهُ جَائِرُ الْحُكْمِ

الشفرتان حد السیف۔ والطاغی الذی یتجاوز الحد ترجمہ وہ ایسی تلوار گلے سے لٹکانے والا ہی جس کی دونون دھارین اعدا پر حد سے زیادہ زیادتی کرتی ہین۔ اور دشمنون کے سرون پر قابو یافتہ ہی مگر اُس کا حکم قتل اعدا مین جور کے مرتبہ مین پہنچ گیا ہی۔ کیونکہ وہ سبکو قتل کر ڈالتا ہی۔

وَجَدْنَا ابْنَ اِسْحٰقَ الْحُسَيْنَ كَجَدِّهٖ ۔۔۔ عَلٰى كَثْرَةِ الْقَتْلٰى بَرِيْئًا مِنَ الْاِثْمِ

ترجمہ ہمنے ابن اسحاق حسین کو اس امر مین مثل اپنے دادا کے پایا کہ وہ باوجود کثرت کشتگان گناہ سے پاک ہی کیونکہ وہ کافرون حربی کو قتل کرتا ہی جن کے قتل سے مستحق ثواب ہوتا ہی بعض شراح نے کحدہ بالحاء المہملہ پڑھا ہی اس صورت مین ضمیر راجع سیف کیطرف ہوگی۔ یعنی جیسا تلوار پر گناہ نہین ہوتا ایسا ہی ممدوح بیگناہ ہی

لَهُ تَحَرُّجٌ عَنْ حَقْنِ الدِّمَاءِ كَاَنَّهُ ۔۔۔ يَرٰى قَتْلَ نَفْسٍ تَرْكَ رَاْسٍ عَلٰى جِسْمِ

التحرج الکف عن الشئ والامساک عنہ۔ وحقن الدماء حفظہا وترکہا فی ابدانہا ترجمہ ممدوح خون اعدا کے محفوظ رکھنے سے رُک گیا یعنے ہمیشہ اُنکی خونریزی کرتا ہی گویا وہ دشمن کے کسی سر کو کسی جسم پر چھوڑنے اور باقی رکھنے کو مثل خون ناحق کے گناہ کبیرہ سمجھتا ہی۔

مَعَ الْحَزْمِ حَتّٰى لَوْ تَعَمَّدَ تَرْكَهٗ ۔۔۔ لَاَلْحَقَهٗ تَضْيِيْعُهُ الْحَزْمَ بِالْحَزْمِ

الحزم قوۃ الرای والتدبیر ترجمہ ہمنے ممدوح کو ایسی راے قوی وتدبیر کے ساتھ متصف پایا کہ اگر وہ بالفرض قصداً ترک ہوشیاری کرے تو اُسکو اُسکا ہوشیاری کا ضائع کرنا ہوشیاری سے ملا دیتا ہی یعنی اُسکی ترک ہوشیاری صرف اس صورت مین ہوتی ہی کہ طلب مجد کے لئے اپنا کل مال بخشدیتا ہی سو یہ عین ہوشیاری ہی۔

وَفِي الْحَرْبِ حَتّٰى لَوْ اَرَادَ تَاَخُّرًا ۔۔۔ لَاَخَّرَهُ الطَّبْعُ الْكَرِيْمُ اِلَى الْقُدْمِ

الظرف متعلق بوجدناہ وہو معطوف علی قولہ مع الحزم ای وجدناہ مع الحزم وفی الحرب والقدم الاقدام ترجمہ اور ہمنے ممدوح کو ہمیشہ بہادرانہ جنگ مین مصروف پایا یہان تلک کہ اگر وہ لڑائی مین تاخر وتامل کرے تو اُسکی عمدہ طبیعت اُسکو پیش قدمی کیطرف تاخر سے ہٹا کر لیجاوے۔ یعنی وہ بالطبع بہادر ہی رُکنا اور ہٹنا جانتا ہی نہین۔

لَهُ رَحْمَةٌ تُحْيِي الْعِظَامَ وَغَضْبَةٌ ۔۔۔ بِهَا فَضْلَةٌ لِلْجُرْمِ عَنْ صَاحِبِ الْجُرْمِ

ترجمہ ممدوح کے مزاج مین ایسی رحمت ہی کہ وہ استخوانہاے مردہ کو زندہ کر دیتی ہی یعنے اُس کی

رحمت سے مردے بھی محروم نہین ہین اور ایسا غصہ ہی کہ اُسکی زیادتی مجرم سے بڑھکر جرم تک پہنچتی ہی یعنی اُسکے غضب سے مجرم اور جرم دونون فنا ہو جاتے ہین ۔ جرم اس لئے فنا ہو جاتا ہی کہ پھر دنیا مین اُس کے غضب کے خوف سے کوئی وہ جرم نکر سکے پس گویا اُس کے غضب کے خوف سے وہی ہلاک ہو گیا۔

وَرِقَّةُ وَجْهٍ لَوْ تَعَمَّمْتَ بِنَظْرَةٍ	عَلَى وَجْنَتَيْهِ لَا انْمَحَى أَثَرُ الْخَتْمِ

ترجمہ اس کے لئے ایسی نرم روئی ہی کہ اگر تو اُس کے چہرہ پر ایک نظر کرے تو اُسکے دونون رخسارون پر مہر کا سا نشان ہو جاوے گا اور پھر وہ نشان مہرنے کا نہین ۔ یعنی وہ نہایت شرمرو اور باحیا ہی کمینہ نہین ہی۔

أَذَاقَ الْغَوَانِي حُسْنُهُ مَا أَذَقْنَنِي	وَعَفَّ فَجَازَاهُنَّ عَنِّي عَلَى الصَّرْمِ

الغوانی جمع غانیۃ وہی التی غنیت بحسنہا عن الحلی وقیل بزوجہا والصرم القطع ترجمہ ممدوح نے زنان حسینہ کو اپنے عشق کا وہ مزہ چکھایا ہی جو اُن عورتون نے مجکو اپنے عشق کا مزہ چکھایا ہی ۔ یعنی جو مصائب عشق خوبصورت عورتون نے مجھ پر ڈالی تھین اُسیطرح کے صدمات اپنی محبت کے اُنھون پر ڈالے ہین ۔ خلاصہ یہ ہی کہ زنان حسینہ ممدوح پر عاشق ہین اور اسپر ممدوح عفیف و پارسا ہی اس لئے اُنکے وصال سے محترز ہی تو اُس نے میری طرف سے اُنکو آلام فراق کی جزا دی ۔ جیسا اُن عورتون نے اپنے فراق سے مجکو ستایا تھا اُسیطرح ممدوح نے میرے بدلے اُنکو ستایا۔

فِدًى مَنْ عَلَى الْغَبْرَاءِ أَوَّلُهُمْ أَنَا	لِهَذَا الْأَبِيِّ الْمَاجِدِ الْجَائِدِ الْقَرْمِ

الفدیٰ بمد اذا فتحت الفاء و یقصر اذا کسرت ۔ والغبراء الارض ۔ والابی بمعنی الآبی وہو الذی یابی الدنایا ۔ والجائد الجواد ۔ والقرم السید ترجمہ اُس بُرے کامون سے بچنے والے شریف سخی سردار پر تمام روے زمین پر رہنے والے قربان سب سے پہلے مین کیونکہ وہ سب کا سردار ہی اور میرا سب سے زیادہ محسن ہی۔

لَقَدْ حَالَ بَيْنَ الْجِنِّ وَالْأَمْنِ سَيْفُهُ	فَمَا الظَّنُّ بَعْدَ الْجِنِّ بِالْعُرْبِ وَالْعُجْمِ

العُرب والعَرب والعُجم والعَجم بمعنی کالشُقم والسَقم ۔ وحال منع و دو ترجمہ بیشک اُسکی تلوار درمیان انس و جن کے حائل و مانع ہو گئی اب جن انسان کو نہین ستا سکتے ۔ سو بعد ڈر جانے جن جیسے صاحب قوۃ کے تیرا عرب و عجم کی نسبت کیا خیال ہی یعنے وہ بیشک تجھ سے ڈرین گے۔

وَأَرْهَبَ حَتَّى لَوْ تَأَمَّلَ دِرْعَهُ	جَرَتْ جَزَعًا مِنْ غَيْرِ نَارٍ وَلَا فَحْمِ

ارہب اخاف ترجمہ ممدوح نے اپنی ہیبت سے ہر چیز کو خواہ وہ عاقل ہو یا غیر عاقل ڈرا دیا یہان تلک کہ اگر وہ اپنی زرہ کیطرف بغور دیکھے تو وہ بے آگ اور کوئلون کے مارے خوف کے بہنے لگے۔

وَجَادَ فَلَوْلَا جُوْدُہٗ غَیْرَ شَارِبٍ	لَقِیْلَ کَرِیْمٌ ھَیَّجَتْہُ ابْنَۃُ الْکَرْمِ

ترجمہ ممدوح نے بکثرت بخشش کی سو اگر اسکی بخشش بے شراب پیے نہوتی تو ضرور یہ کہا جاتا کہ یہ ایک سخی ہو کہ اسکو دختر رز یعنی شراب نے کرم وجود پر برانگیختہ کیا ہو۔

اَطَعْنَاکَ طَوْعَ الدَّھْرِ یَا ابْنَ ابْنِ یُوْسُفٍ	لِشَھْوَتِنَا وَالْحَاسِدُوْ لَکَ بِالرَّغْمِ

ارتفع الحاسدون عطفا علی الضمیر المرفوع فی اطعناک وحسن العطف علی الضمیر المرفوع من غیر تاکید لطول الکلام کقولہ تعالیٰ لو شاء اللہ ما اشرکنا ولا آباؤنا وقیل والحاسدو حذف النون لانہ شبہہ بالاسم الموصول کانہ قال والذین حسدوک ترجمہ ہم نے تیری تابعداری اپنی خوشی سے ایسی کی جیسے زمانہ نے تیری اطاعت کی ای ابن یوسف کے بیٹے اور تیرے حاسدوں نے بجاری دولت اس صورت مین طوع فاعل کیطرف مضاف ہو اور یہ بھی ہو سکتا ہو کہ اضافت مفعول کیطرف ہو۔ یعنی ہم نے تیری اطاعت کی جیسے لوگ زمانہ کی اطاعت کرتے ہین اور بیشک زمانہ کا ہر کوئی تابع ہو۔

وَثِقْنَا بِاَنْ تُعْطِیْ فَلَوْ لَمْ تَجُدْ لَنَا	لَخِلْنَاکَ قَدْ اَعْطَیْتَ مِنْ قُوَّۃِ الْوَھْمِ

الوہم الظن ترجمہ اور ہم نے تیری عطا پر کلی اعتماد کر رکھا ہو سو اگر بالفرض تو ہمکو عطا نہ دے تو ہم اپنے وہم کی قوۃ کے سبب یہ خیال کرین کہ تو نے ہمکو بیشک عطا دی ہو۔

دُعِیْتُ بِتَقْرِیْظِیْکَ فِیْ کُلِّ مَجْلِسٍ	وَظَنَّ الَّذِیْ یَدْعُوْ ثَنَائِیْ عَلَیْکَ اِسْمِیْ

التقریظ مدح الرجل حیا والتابین مدحہ میتا ترجمہ اس سبب سے کہ مین تیری ہمیشہ مدح کرتا ہون لوگ ہر مجلس مین مجکو تیرا مداح کہکر پکارتے ہین اور جو شخص مجکو پکارتا ہو وہ یہ خیال کرتا ہو کہ میرا نام ثنائی علیک ہو یعنے مدح تیری پس پکارتا ہو کہ یا ثناء فلان۔ اس شعر مین دو وجہ سے مبالغہ ہو ایک یہ ہو کہ میرے اصل نام پر یہ وصف غالب آگیا۔ دوسرے یہ کہ مین خود میری مدح ہو گیا مداح نہین ہا جیسا کہتے ہین زید عدل۔

وَاَطْمَعْتَنِیْ فِیْ نَیْلِ مَا لَا اَنَالُہٗ	بِمَا نِلْتُ حَتّٰی صِرْتُ اَطْمَعُ فِی النَّجْمِ

ترجمہ تو نے بسبب اپنی عطائے دائمی کے مجکو اس چیز کے حاصل کرنے کی طمع مین ڈالدیا جسکو مین حاصل نہین کر سکتا یہان تلک کہ مجکو اس امر کی طمع ہوگئی کہ رفعت قدر مین ستارون تلک پہنچ جاؤن۔ یعنی یہ خواہش مجکو اس سبب سے ہوئی کہ تو نے میری سب آرزوئین پوری کین۔

اِذَا مَا ضَرَبْتَ الْقِرْنَ ثُمَّ اَجَزْتَنِیْ	فَکِلْ ذَھَبًا لِیْ مَرَّۃً مِنْہُ بِالْکَلْمِ

القرن کفو الرجل فی شجاعتہ۔ والجائزۃ ما یعطی الشاعر۔ والکلم الجرح ترجمہ جبکہ تو اپنے ہمسر بہادر کے

زخم لگا دے پھر تو مجکو صلہ مدح عنایت فرمائے تو میری درخواست یہ ہی کہ تو زخم وسیع دشمن مین مجکو ایک دفعہ سونا بھر کے عنایت کر کہ اس صورت مین مجکو زر کثیر حاصل ہو جاویگا۔ خلاصہ یہ ہی کہ تو زخم وسیع دشمن کے لگاتا ہی

أَبَتْ لَكَ ذَمِّي نَخْوَةٌ يَمَنِيَّةٌ	وَنَفْسٌ بِهَا فِي مَأْزِقٍ أَبَدًا تَرْمِي

النخوۃ الکبر اراد التکبر عن الدنایا والمازق مضیق الحرب ترجمہ تیرے تکبر یمنیہ نے یعنی عیوب سے بچنے نے جو اہل یمن کے مزاج مین ہوتا ہی اور اُس نفس نے جسکو تو ہمیشہ تنگنائی جنگ مین بے باکانہ پھینکتا ہی مجکو تیری مذمت سے بچایا ہی یعنی مجکو اس سبب سے تیری مذمت کا موقع نہین ملتا کہ تو ہمیشہ بُرے کامون سے بچتا ہی اور بڑا بہادر ہی۔

فَكَمْ قَائِلٍ لَوْ كَانَ ذَا الشَّخْصُ نَفْسَهُ	لَكَانَ قَرَاهُ مَكْمَنَ الْعَسْكَرِ الدَّهْمِ

القری الظہر۔ والمکمن المخفی والمستتر۔ والدہم الکثیر ترجمہ اور بہت سے کہنے والے یہ کہتے ہین کہ اگر یہ جسم ممدوح مثل اُس کے نفس اور ہمت کے ہوتا تو لشکر گران اُس کے پس پشت پوشیدہ ہو جاتا۔ اس شعر کا مضمون مکرر ہی

وَقَائِلَةٍ وَالْأَرْضَ أَعْنِي تَعَجُّبًا	عَلَيَّ امْرُءٌ يَمْشِي بِوَقْرِي مِنَ الْحِلْمِ

نصب الارض باعنی تقدیرہ وقائلۃ اعنی الارض وتعجبا مصدر فی موضع الحال ترجمہ اور بہت سے کہنے والی یعنے زمین براہ تعجب یہ کہتی ہی کہ مجھ پر ایک مرد ہی کہ میرے سے حلم کے ساتھ چلتا ہی۔ ممدوح کے وقار اور بھاری بھرکم ہونے کی تعریف کرتا ہی۔ یعنی اُس کا حلم مانند زمین کے گران ہی جیسا کہتے ہین کہ وہ وقار۔

عَظُمْتَ فَلَمَّا لَمْ تُكَلَّمْ مَهَابَةً	تَوَاضَعْتَ وَهْوَ الْعُظْمُ عُظْمًا عَنِ الْعُظْمِ

نصب عظما علی المصدر وقال ابو الفتح نصبہ بعظمت علی الحال فکانہ قال تعظمت متعظما عن العظم او تعظما عن التعظیم ترجمہ تو عظیم القدر اور بلند ہمت ہوا سو جب تجھ سے بسبب خوف وہیبت لوگ کلام نکر سکے تو تو نے فروتنی اختیار کی ایسے حال مین کہ تو عظمت سے بچتا تھا اور عظمت حقیقی اسی کا نام ہی کیونکہ تواضع شریف کی اُسکے شرف سے افضل ہی۔

وقال یمدح علی بن ابراہیم التنوخی

أَحَقُّ عَافٍ بِدَمْعِكَ الْهِمَمُ	أَحْدَثُ شَيْءٍ عَهْدًا بِهَا الْقِدَمُ

العافی الدارس الذاہب ترجمہ اُن چیزون مین جو محو و مندرس و معدوم ہوگئی ہین سب سے زیادہ لائق گریہ ہمتین ہین۔ نہ خانہاے ویران ونشانہاے باقیماندہ کیونکہ ہمتون کو معدوم ہوئے ایک ایسا زمانہ دراز گذر چکا ہی کہ قدم یعنی زمانہ قدیم کا وقت بھی اُس کی نسبت نہایت نوپیدا چیز ہی۔ اور جبکہ زمانہ قدیم اُسکی نسبت نوپیدا چیز ہی تو اُس کے دیکھنے کی کسیکو نوبت نہین پہنچی۔

وَإِنَّمَا النَّاسُ بِالْمُلُوكِ وَمَا	تُفْلِحُ عُرْبٌ مُلُوكُهَا عَجَمُ

ترجمہ اور سواے اسکے نہین ہی کہ رفعت مرتبہ لوگون کی بادشاہون سے ہوتی ہی اور اُن عرب کو کیا فلاح وغیرہ حاصل ہوسکتی ہی جنکے بادشاہ عجمی ہون کیونکہ اُن مین تنافر اختلاف عادت وزبان مانع اختلاط و تلطف ہی۔

لا اَدَبٌ عِندَهُم وَلا حَسَبٌ ۔۔۔ وَلا عُهُودٌ لَهُم وَلا ذِمَمُ

الحسب الکرم والمال ترجمہ عجمیون مین نہ ادب ہی نہ کرم اور نہ عہد اور نہ رعایت ذمہ داری۔

فِی کُلِّ اَرضٍ وَطِئتَهَا اُمَمٌ ۔۔۔ تُرعیٰ بِعَبدٍ کَاَنَّهُم غَنَمُ

ترجمہ جس زمین مین تو جاوے ایسے گروہ مردمان کو دیکھے گا جو ایک غلام کی زیر حفاظت چرائے جاتے ہین گویا وہ بکریان ہین۔ یہ اشارہ ہی امراے ترکون اور اُنکی رعایا کیطرف۔

یَستَخشِنُ الخَزَّ حِینَ یَلبَسُهٗ ۔۔۔ وَکَانَ یُبرٰی بِظُفرِہٖ القَلَمُ

الخز ثیاب تعمل من الابریسم ترجمہ اب اُس غلام کا دماغ ایسا بگڑا کہ جب جامہ ہاے ریشمین پہنتا ہی تو اُنکو درشت وسخت سمجھتا ہی۔ اور پہلے اُسکے ناخن ایسے بڑھے رہتے تھے کہ اُن سے قلم تراشا جاتا تھا۔

اِنِّی وَاِن لُمتُ حَاسِدِیَّ فَمَا ۔۔۔ اُنکِرُ اَنِّی عُقُوبَةٌ لَهُمُ

ترجمہ اور اگرچہ مین اپنے حاسدون کو ملامت کرتا ہون مگر مین بیشک اسبات کا انکار نہین کرتا کہ مین اُن کے لئے عذاب ہون کیونکہ میرے کمالات کے سبب اُن کے نقصان ظاہر ہوتے ہین اور اُنکو میرے فضل وشرف کے باعث سخت تکلیف ہوتی ہی اس لئے وہ اپنے حسد مین معذور ہین۔

وَکَیفَ لا یُحسَدُ امرُؤٌ عَلَمٌ ۔۔۔ لَهٗ عَلٰی کُلِّ هَامَةٍ قَدَمُ

العلم ہو الجبل المنیف اراد بہ ہہنا شہرتہ فی الناس۔ والہامۃ الراس ترجمہ پھر اُن کے حسد کا عذر کرتا ہی کہ کیونکہ حسد کیا جاوے ایک بڑا نامور مثل کوہ کے نمایان شخص یعنے مین کہ اُسکا قدم ہر سر پر ہو۔ یعنی اُسکا شرف سب سے زیادہ ہو اور اور لوگ اُس سے کمتر۔

یَهَابُهٗ اَبسَاُ الرِّجَالِ بِهٖ ۔۔۔ وَیَتَّقِی حَدَّ سَیفِهِ البُهَمُ

ابسأ بمعنی آنس۔ والبہم الابطال ترجمہ وہ ایسا شخص ہو کہ جو مرد اُس سے زیادہ مانوس ہو وہ بھی ہیبت کے سبب اُس سے ڈرے اور اُس کی تلوار کی دھار سے بہادر لوگ بھی خوف کھائین۔

کَفَانِیَ الذَّمَّ اَنَّنِی رَجُلٌ ۔۔۔ اَکرَمُ مَالٍ مَلَکتُهُ الکَرَمُ

کفانی بمعنی منعنی ترجمہ مجکو مذمت نے اس بات سے بچایا ہی کہ مین ایسا جوان مرد ہون کہ جس عمدہ مال کا مین مالک ہوا وہ میری عطا وبخشش ہی۔ یعنی مین بسبب سخاوت کے مذمت سے بچا رہا۔

يَجْنِي الْغِنَا لِلِّئَامِ لَوْ عَقَلُوْا	مَا لَيْسَ يَجْنِيْ عَلَيْهِمُ الْعَدَمُ

اللئام جمع لئیم وہو البخیل والعدم الفقر ویجنی یکسب ترجمہ تونگری بخیلون کو اگر وہ سمجھین اسقدر برائی حاصل کراتی ہی جسقدر اُنکو افلاس نقصان نہین پہنچاتا۔ کیونکہ بخیل تونگر نہایت بُرا ہی بخلاف مفلس کے کہ وہ معذور ہی

هُمْ لِاَمْوَالِهِمْ وَلَيْسَ لَهُمْ	وَالْعَارُ يَبْقٰى وَالْجُرْحُ يَلْتَئِمُ

ترجمہ بخیل لوگ اپنے مال کے خادم و محافظ ہین اور اُنکے مال اُنکو کچھ مفید نہین ہوتے یعنی وہ لوگ نہ دُنیا یعنی مدح وثنا حاصل کرتے ہین نہ ثواب آخرت کیونکہ وہ کیسکو کچھ نہین دیتے اگر اور آفات سے اُنکا مال بچ رہا تو وارثون مین منتقل ہوتا ہی پھر اُسکو کیا ملا اور عار باقی رہتی ہی اور زخم بھر جاتا ہی۔ خلاصہ یہ کہ بخیل مصداق خسر الدنیا والآخرة کا ہوتا ہی۔

مَنْ طَلَبَ الْمَجْدَ فَلْيَكُنْ كَعَلِيٍّ يَهَبُ الْاَلْفَ وَهُوَ يَبْتَسِمُ

ترجمہ جو شخص طالب شرف ہو تو اُسکو چاہئے کہ وہ مثل علی ممدوح کے ہو کر وہ ہزار بحالت خوشروئی بخشتا ہی۔

وَيَطْعَنُ الْخَيْلَ كُلَّ نَافِذَةٍ	لَيْسَ لَهَا مِنْ وَحَائِهَا اَلَمُ

یریدا صحاب الخیل والوحاء السرعة یدویقصر ترجمہ اور وہ سوارون کے بدن مین ایسا گھسنے والا نیزہ مارتا ہی کہ اُسکی سرعت و تیزدستی کے سبب مقتول کو کچھ الم معلوم نہین ہوتا کیونکہ وہ قبل وصول الم مرجاتا ہو اور مردہ کو درد نہین معلوم ہوتا۔ تیزدستی مین اس سے زیادہ مُبالغہ نہین ہوسکتا۔

وَيَعْرِفُ الْاَمْرَ قَبْلَ مَوْقِعِهٖ	فَمَا لَهٗ بَعْدَ فِعْلِهٖ نَدَمُ

ترجمہ اور وہ انجام امر کو اُسکے وقوع سے پہلے جانتا ہی اس لئے اُسکو بعد کرنے کسی کام کے ندامت نہین ہوتی

وَالْاَمْرُ وَالنَّهْيُ وَالسَّلَاهِبُ وَالْبِيْضُ لَهٗ وَالْعَبِيْدُ وَالْحَشَمُ

السلاہب جمع سلہبة وسلہب وہو الفرس الطویل الذنب۔ والحشم اتباع الرجل ترجمہ اور ممدوح کے لئے امر نہی اور لمبی بیل کے دراز دُم گھوڑے و شمشیر ہائے براق اور غلام اور نابعدار نوکر موجود ہین۔ یعنے اُس کے پاس جملہ سامان ریاست تیار ہی۔

وَالسَّطَوَاتُ الَّتِيْ سَمِعْتَ بِهَا	تَكَادُ مِنْهَا الْجِبَالُ تَنْفَصِمُ

السطوات جمع سطوة وہی القہر بالبطش۔ والفصم الکسر من غیران یبین ترجمہ اور ممدوح کے لئے ایسی بزرشیان اور قہر ہین جنکا حال بسبب کثرت شہرت تونے سُنا ہوگا وہ حملات اور قہر ایسے ہین کہ قریب ہی کہ اُنکی شدت اور ہیبت سے پہاڑ پارہ پارہ ہوجاوین۔

يُرْعِيْكَ سَمْعًا فِيْهِ اسْتِمَاعٌ اِلَى الدَّاعِيْ وَفِيْهِ عَنِ الْخَنَا صَمَمُ

ارعنی سمعک بمعنی اسمع منی ترجمہ ممدوح تیریطرف سے تیری معروض سُننے کو ایسے کان لگاتا ہی جس مین خاصہ فریادی کی فریاد سُننے کا ہی اور اُس مین فحش کے سُننے سے بہرہ پن ہی یعنے کلام فاحش سنتا ہی نہین ہی۔

یُرِیْکَ مِنْ خَلْقِهٖ غَرَائِبَهُ — فِیْ مَجْدِهٖ کَیْفَ یُخْلَقُ النَّسَمُ

غرائبہ منصوب بالمصدر وہو خلقہ یریدا ذاخلق غرائبہ۔ والنسم جمع نسمۃ وہی النفس والروح ترجمہ ممدوح جو اپنے مجد و شرف مین غرائب حسنات و عجائب برکات پیدا کرتا ہی تو وہ تجکو یہ دکھلاتا ہی کہ روح کیسے پیدا کیجاتی ہی یعنی اُس کے افعال عجائب قدرت خداوندتعالی کے نمونہ ہین اور اُس سے یہ ظاہر ہوتا ہی کہ جب مخلوق ایسے عجیب کامون کے پیدا کرنے پر قادر ہی تو ایسے بڑے کام خداوندتعالیٰ پر کیا دشوار ہین۔

مِلْتُ اِلٰی مَنْ یَکَادُ بَیْنَکُمَا — اِنْ کُنْتُمَا السَّائِلَیْنِ یَنْقَسِمُ

ترجمہ حسب عادت عرب اپنے دو دوستون کیطرف خطاب کرتا ہی کہ مین ایسے سخی کیطرف مائل و راغب ہوا ہون کہ اگر تم دونون اُس سے اُسی کا سوال کرو تو قریب ہی کہ وہ تم مین اپنے آپ کو آدھا آدھا تقسیم کردے اور مال کی تو کچھ حقیقت نہین ہی۔

مِنْ بَعْدِ مَا صِیْغَ مِنْ مَوَاهِبِهٖ — لِمَنْ اُحِبُّ الشُّنُوْفُ وَالْخَدَمُ

الشنف ماکان فی اعلی الاذن والقرط ماکان فی الشحمۃ۔ والخدم جمع خدمۃ وہی الخلخال ترجمہ یعنے ممدوح کیطرف رغبت کی اور اُس کی خدمت مین حاضر ہوا جبکہ اُس کے عطایاے کثیر میرے پاس آچکین ہین یہان تلک کہ مین نے اپنے دوستون کے لئے آویزہائے گوش اور خلخالین بنوا دین یعنے اُسکی جود سے مین مالدار ہو گیا۔

مَا بَذَلَتْ مَا بِهٖ یَجُوْدُ یَدٌ — وَلَا تَهَدّٰی لِمَا یَقُوْلُ فَمُ

ترجمہ جسقدر اُس نے بخشش کی ہی اُس کے سوا کسی ہاتھ نے نہین کی اور جسقدر کلام فصیح وہ بولتا ہی اُسکی طرف کسی مُنھ نے راہ نہین پائی۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ اجود الناس و افصح الناس ہی۔

بَنُوا الْعَفَرْنٰی مَحَطَّةَ الْاَسَدِ الْاُسْدُ وَلٰکِنْ رِمَاحُهَا الْاَجَمُ

محطۃ بدل من العفرنی و فتحۃ لعدم الصرف۔ والاسد الاول صفۃ لمحطۃ۔ والثانیۃ خبر لبنوا العفرنی۔ والمحطۃ ہو جد الممدوح یقال ان المنصور عرض الاسلام علیہ فلم یسلم فقتلہ۔ والعفرنی من اسماء الاسد واصلہ من العفر کانہ یریدانہ یعفر صیدہ لقوتہ۔ والالف والنون للالحاق بسفرجل ترجمہ پسران جد ممدوح محطہ شیر کے سب شیر ہین مگر اُنکے نیزے اُنکی حفاظت کے لئے ایسے ہین جیسے شیرون معمولی کے لئے اُنکے بن ہوتے ہین یعنے یہ لوگ شیر جنگ ہین نہ شیر بن۔

قَوْمٌ بُلُوْغُ الْغُلَامِ عِنْدَهُمُ — طَعْنُ نُحُوْرِ الْکُمَاةِ لَا الْحُلُمُ

الحلم البلوغ ترجمہ وہ ایسی قوم ہی کہ لڑکے کا بالغ ہونا اُن کے نزدیک یہ ہو کہ وہ دلیروں کی گردنوں مین نیزے مارے محض احتلام کو علامت بلوغ نہین سمجھتے - یعنی شجاعت کو علامت بلوغ سمجھتے ہین -

كَأَنَّمَا يُولَدُ النَّدَى مَعَهُمُ	لَا صِغَرٌ عَاذِرٌ وَلَا هَرَمُ

الہرم الکبر والعجز عن التصرف ترجمہ گویا سخاوت اُنکے ساتھ پیدا کیجاتی ہی یعنی اُنکی ہمزاد ہی نہ کودکی اُن کو سخاوت سے معذور رکھنے والی ہی نہ پیری - یعنی وہ ہر حال مین سخی ہین -

إِذَا تَوَلَّوْا عَدَاوَةً كَشَفُوا	وَإِنْ تَوَلَّوْا صَنِيعَةً كَتَمُوا

الصنیعۃ المعروف ترجمہ جبکہ وہ والی عداوت ہوتے ہین - یعنی کسی سے عداوت رکھتے ہین تو علی الاعلان اُسکو ظاہر کردیتے ہین دشمن سے وہ بطور فریب انتقام نہین لیتے اور اگر کسی کے ساتھ احسان کرتے ہین تو اُس کو لوگون سے چھپاتے ہین - یعنی اُن کا احسان بطور ریا وسمعہ نہین ہی -

تَظُنُّ مِنْ فَقْدِكَ اعْتِدَادَهُمُ	أَنَّهُمْ أَنْعَمُوا وَمَا عَلِمُوا

الاعتداد ما یعتد ترجمہ اس امر سے کہ وہ اپنی سخاوت کو معتد بہ نہین سمجھتے بلکہ اُسکو حقیر اور کمتر جانتے ہین تو یہ خیال کریگا کہ اُنھون نے بحالت نادانستگی انعام دیا ہی - یعنی وہ لوگ صاحب ہمت بلند ہین اپنے دئے کو تھوڑا سمجھتے ہین خواہ کتنا ہی بڑا ہو -

إِنْ بَرَقُوا فَالْحُتُوفُ حَاضِرَةٌ	أَوْ نَطَقُوا فَالصَّوَابُ وَالْحِكَمُ

برقوا خوفوا وتہددوا - والحتوف جمع حتف وہو الہلاک ترجمہ اگر وہ اپنے دشمنون کو دھمکاتے ہین تو اُنکی موتین فوراً حاضر ہو جاتی ہین اور اگر گفتگو کرتے ہین تو درست بات اور حکمتین بولتے ہین -

أَوْ حَلَفُوا بِالْغَمُوسِ وَاجْتَهَدُوا	فَقَوْلُهُمْ خَابَ سَائِلِي الْقَسَمُ

الغموس من الیمین التی من کذب فیہا غمستہ فی الاثم ترجمہ جبکہ وہ ایسی قسم کھاتے ہین جس کے توڑنے مین قسم کھانے والا گناہ کے دریا مین ڈوب جاوے اور اُس قسم کے پورا کرنے مین اُنکو نہایت کوشش ہو تو خاب سائلی اُنکی قسم ہی یعنی یہ کہتے ہین کہ اگر مثلاً مین فلان کام کرون تو میرا سائل مجھ سے ناکامیاب ہو خلاصہ یہ ہی کہ اُنکی بڑی سخت قسم خاب سائلی ہی کیونکہ وہ محرومی سائل کو سب سے زیادہ سخت گناہ جانتے ہین -

أَوْ رَكِبُوا الْخَيْلَ غَيْرَ مُسْرَجَةٍ	فَإِنَّ أَفْخَاذَهُمْ لَهَا حُزُمُ

ترجمہ یا وہ بخیال سخت فریادرسی برہنہ پشت گھوڑون پر سوار ہوں تو اُنکی رانین اُن گھوڑون کے تنگ ہو جاتی ہین - یعنی جیسا زین کو گرجانے سے تنگ روکتا ہی ایسا ہی اُن کی رانین اور آسن اُنکو گھوڑے پر سے گرنے کو روکتے ہین - غرض یہ ہو کہ شاہ سوار اور آسنون کے مضبوط ہین -

اَذُشَھِدُوا الحُرُوبَ لَاقُوا اَخَذُوا	مِنْ مُّھَجِ العِدَا اِذَا عَلِقُوا مَا اَختَلَسُوا

اللاقح الحرب الشدید مشبہۃ بالناقۃ اذا حملت ترجمہ اور اگر وہ سخت جنگ میں حاضر ہوویں تو دشمنان زرہ پوش کی جانیں جسقدر چاہیں لے لیویں۔ یعنی جتنے دشمن چاہیں قتل کر دیں۔

تَشْرِقُ اَعْرَاضُھُمْ وَاَوْجُھُھُمْ	کَاَنَّھَا فِی نُفُوسِھِمْ شِیَمُ

الشیم الخلائق واحدھا شیمۃ ترجمہ اُنکی آبروئیں اور اُنکے چہرے ایسے چمکتے ہیں گویا وہ اُنکے نفوس میں خصلتیں ہیں یعنی وہ لوگ پاک صورت وسیرت وباآبرو ہیں۔

لَوْلَاکَ لَمْ اَتْرُکِ البُحَیْرَۃَ وَالغَوْرُ دَفِیءٌ وَمَاؤُھَا شَبِمُ

اراد بالبحیرۃ بحیرۃ طبریۃ موضع بالشام۔ والبحیرۃ تصغیر بحرۃ وھی الواسعۃ ولیست تصغیر بحر لان البحر مذکر۔ والغور موضع بالشام وکل ما انخفض من الارض والشبم البارد۔ والدفی الحار ترجمہ اگر تو یہاں تشریف نہ رکھتا تو میں بحیرہ طبریہ کو چھوڑکر یہاں نہ آتا حالانکہ موضع غور گرم ہی اور اُس کا پانی خنک۔ یعنی صرف تیری خدمت میں حاضر ہونے کے لئے یہ تمام سرد وگرم کی تکالیف میں نے گوارا کی ہیں۔

وَالمَوْجُ مِثْلُ الفُحُولِ مُزْبِدَۃً	تَھْدِرُ فِیھَا وَمَا بِھَا قَطَمُ

مزبدۃ حال من الفحول او من الموج او البحیرۃ۔ وھدر الفحل اذا ھاج واخرج زبادتہ۔ والقطم شھوۃ الضراب ومنہ فحل قطم۔ والموج جمع موجۃ فلھذا قال کالفحول ترجمہ بحیرہ اور اُسکی موج کا وصف بیان کرتا ہی کہ موجوں کا یہ حال تھا کہ وہ مثل شتر ہائے نر کے جھاگ لانے والی تھیں اور بحیرہ میں مانند مست شتر کے آواز کرتی تھیں حالانکہ اُنکو جفت ہونے کی شہوت نہ تھی۔

وَالطَّیْرُ فَوْقَ الحَبَابِ تَحْسِبُھَا	فُرْسَانَ بُلْقٍ تَخُونُھَا اللُّجُمُ

الحباب الطرائق۔ والابلق ما کان فیہ سواد وبیاض۔ وشبھا بلق الخیل لان زبدہ ابیض والیس لمزبد فھو یضرب الی الخضرۃ ترجمہ اور پرندے جو پانی کی دھار پر بے اختیار جاتے تھے ایسے حال میں بہتے تھے کہ گویا وہ ایسے اسپہائے ابلق کے سوار ہیں جنکی باگیں ٹوٹ گئی ہیں کہ ایسی صورت میں گھوڑے جسطرف چاہتے ہیں بے مرضی سوار چلے جلتے ہیں۔ طیور کو سواران ابلق گھوڑوں سے اور امواج کو اسپہائے ابلق سے تشبیہ دی ہی۔ کیونکہ کف پانی کے سفید ہوتے ہیں اور رنگ پانی مائل بہ سیاہی۔

کَاَنَّھَا وَالرِّیَاحُ تَضْرِبُھَا	جَیْشَا وَغًی ھَازِمٌ وَمُنْھَزِمُ

ترجمہ گویا وہ پرندے اُس حال میں کہ ہوائیں اُنپر صدمہ یا طمانچہ مارتی تھیں اور اُنکی قطاریں یکے بعد دیگرے متواتر بہتی چلی آتی تھیں دو لشکر جنگ ہیں ایک بھاگنے والا اور دوسرا بھگانے والا کہ ہازم منہزم کا تعاقب

کرتا تھا یہ اشارہ ہی کثرت طیور کی طرف۔

کَاَنَّھَا فِیْ نَھَارِھَا قَمَرٌ	حَفَّ بِہٖ مِنْ جِنَانِھَا ظُلَمٌ

ترجمہ گویا وہ بحیرہ یعنی اُسکا پانی بسبب اپنی صفائی کے اپنے زور مین ایک چاند تھا کہ اُسکے گرد وپیش کے باغون کی شدت سبزی مائل بسیاہی کے سبب اُسکو تاریکیون نے احاطہ کرلیا تھا۔ خلاصہ یہ ہی کہ آب مثل قمر تابان تھا اور اُس کے کنارون کے باغون کی سیاہی سنے اُسے چارون طرف سے گھیر رکھا تھا پس گویا دن مین قمر کو رات نے احاطہ کرلیا تھا۔ اور روز کی تخصیص اسواسطے کی کہ یہ کیفیت روز ہی مین معلوم ہوتی ہی۔ وقال حف بہ ولم یقل حفہ کما ہو الظاہر لانہ عداہ علی معنی الفعل لان حف بمعنی احاط بہ فلہذا عداہ بنفسہ کقولہ تعالی قد احسن بی ای لطف بی۔

نَاعِمَۃُ الْجِسْمِ لَا عِظَامَ لَھَا	لَھَا بَنَاتٌ وَمَا لَھَا رَحِمُ

ترجمہ بحیرہ کی چیستان کہتا ہی کہ وہ ایسا جسم کا زم ہی کہ اُسکی ہڈیان نہین ہین۔ اور اُسکی بیٹیان یعنی دختر ین ہین حالانکہ اُس کے بچہ دان نہین ہی۔ بیٹیون سے مراد مچھلیان وغیرہ حیوانات آبی ہین۔

یُبْقَرُ عَنْھُنَّ بَطْنُھَا اَبَدًا	وَمَا تَشْکٰی وَلَا یَسِیْلُ دَمُ

البقر الشق ترجمہ بحیرہ کے شکم کو چیر کر اُس کی دختر ین ہمیشہ نکالی جاتی ہین یعنی اُس کے شکم سے مچھلیان شکار کیجاتی ہین اور باوجود شق شکم اُسکو درد ہوتا ہی نہ خون بہتا ہی۔

تَغَنَّتِ الطَّیْرُ فِیْ جَوَانِبِھَا	وَجَادَتِ الرَّوْضَ حَوْلَھَا الدِّیَمُ

جادت من الجود وہو المطر ترجمہ پرندے اُس کے اطراف مین چہچہاتے ہین اور اُس کے گرد کے باغون کو باران ہمیشہ تر کرتے ہین۔

فَھِیَ کَمَاوِیَّۃٍ مُطَوَّقَۃٍ	جُرِّدَ عَنْھَا غِشَاؤُھَا الْاَدَمُ

الماویۃ المرآۃ شبہت بالماء لصفائہا۔ ومطوقۃ لہا طوق فضۃ او ذہب ترجمہ سو وہ بحیرہ بسبب صفائی آب کے مثل اُس آئینہ کے ہی جس کے گرداگرد سونے یا چاندی کا طوق یا چوکھٹا لگا ہوا ہو اور اُس سے اُس کا ادھوڑی کا غلاف اُتار لیا ہو یعنے اُس کا آب صاف مثل آئینہ ہی اور اُس کے گرد کے باغ مانند طوق آئینہ آبی غلاف کے۔

یَشِیْنُھَا جَرْیُھَا عَلٰی بَلَدٍ	یَشِیْنُہُ الْاَدْعِیَاءُ وَالْقَزَمُ

یشینہا یعیبہا۔ والقزم ہم رذال الناس۔ والادعیاء ہم الذین ینسبون الی غیر آبائہم ترجمہ اُس بحیرہ کو یہ امر عیب لگاتا ہی کہ وہ ایسے شہر پر بہتا ہی جسکو سکونت مجہول النسب اور کمینون کی عیب دار کرتی ہی۔ یعنی یہ بحیرہ

اس قابل نہ تھا کہ وہ ایسے ناقص لوگوں میں رہے۔

أَبَا الْحُسَيْنِ اسْتَمِعْ فَمَدْحُكُمْ	فِي الْفِعْلِ قَبْلَ الْكَلَامِ مُنْتَظِمُ

ترجمہ ای ابو الحسین سن کہ تمہاری تعریف کردار قبل گفتار نظم ہونیوالی ہو کیونکہ مداح تمہارا سب سے پہلے خود تمہارا فعل ہی اور ایک روایة میں فی العقل ہو یعنی لوگ تمہاری تعریف قبل نظم کلام سمجھتے ہیں۔

وَقَدْ تَوَالَى الْعِهَادُ مِنْهُ لَكُمْ	وَجَادَتِ الْمَطْرَةُ الَّتِي تَسِمُ

العهاد جمع عهدة هو المطر الذي يكون بعد المطر۔ ويجمع ايضا عهودا۔ والمطرة التي تسم هي الوسمي وهي التي تكون في اول السنة في التي تسم الارض بالنبات وضمير منه للمدح او المادح ترجمہ اور منجانب مادح باران مدح تمہارے لئے متواتر برسا اور یہ قصیدہ جو بمنزلہ باران اول بہار ہی خوب برسا۔ مدائح کو باران سے اس لئے تشبیہ دی کہ وہ مثمر انعامات ہیں۔

أُعِيذُكُمْ مِنْ صُرُوفِ دَهْرِكُمْ	فَإِنَّهُ فِي الْكِرَامِ مُتَّهَمُ

ترجمہ میں تمکو تمہارے زمانہ کے حوادث سے خدا کی پناہ میں دیتا ہوں کیونکہ زمانہ عمدہ لوگوں کے ستانے میں متہم ہی۔

وقال يمدح المغيث بن علي العجلي

فُؤَادٌ مَا تُسَلِّيهِ الْمُدَامُ	وَعُمْرٌ مِثْلُ مَا يَهَبُ اللِّئَامُ

ترجمہ میرا دل ایسا ہی کہ اُسکو شراب تسکین نہیں دیتی کیونکہ میں صاحب عزم بلند ہوں عیاش و مے نوش نہیں ہوں اور عمر ایسی کوتاہ اور کمتر ہی جیسے بخیلوں کی بخشش تھوڑی اور حقیر ہوتی ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ دیکھئے اس تھوڑے عرصہ میں میری مرادیں پوری ہوتی ہیں یا نہیں کسینے خوب کہا ہی ع فکر معاش و عشق بتان یاد رفتگان + تھوڑی سی عمر میں کوئی کیا کیا کیا کرے۔

وَدَهْرٌ نَاسُهُ نَاسٌ صِغَارٌ	وَإِنْ كَانَتْ لَهُمْ جُثَثٌ ضِخَامُ

ترجمہ اور میرا زمانہ ایسا ہی کہ اُس کے آدمی کم ہمت اور حقیر القدر ہیں اگرچہ اُنکے بدن بڑے موٹے تازے ہیں۔ ذوق آدمیت سے ہی بالا آدمی کا مرتبہ + پست ہمت یہ نہو گو پست قامت ہو تو ہو۔ ولہ ہوتے سیرت سے ہیں مردان دلاور ممتاز + ورنہ صورت میں تو کچھ کم نہیں شہباز سے چل۔

وَمَا أَنَا مِنْهُمُ بِالْعَيْشِ فِيهِمْ	وَلَكِنْ مَعْدِنُ الذَّهَبِ الرَّغَامُ

الرغام التراب ترجمہ میں جو اُنمیں زندگی بسر کرتا ہوں اُنکے میل کا نہیں ہوں بلکہ اُنسے اعلی اور افضل ہوں جیسے سونے کی کان کہ اُس کا مولد مٹی ہی باوجود اُس کے کہ وہ اُس سے فائق و اشرف ہی۔

اَرَانِبٌ غَیْرَ اَنَّهُمْ مُلُوْكٌ	مُفَتَّحَةٌ عُیُوْنُهُمْ نِیَامُ

ترجمہ وہ لوگ مثل خرگوشوں کے ہیں سوائے اسکے کہ وہ بظاہر بادشاہ ہیں اور وہ کھلی آنکھوں ...... مثل خرگوش سونے والے غافل ہیں۔ کہتے ہیں کہ خرگوش کی بحالت خواب آنکھیں کھلی رہتی ہیں۔ ظاہر اس جگہ یہ تھا کہ وہ بظاہر بادشاہ ہیں اور حقیقت میں مثل خرگوش ہیں۔ مگر بطور مبالغہ عکس کر دیا ہے۔

بِاَجْسَامٍ یَحَرُّ الْقَتْلُ فِیْهَا	وَمَا اَقْرَانُهَا اِلَّا الطَّعَامُ

یحر یشتد من قولہم حر یوما یحر حرارۃ ترجمہ اُن لوگوں کے ایسے اجسام ہیں کہ وہ بسبب بسیار خواری اکثر مرتے ہیں پینے تخمہ سے اور اُن کے ہمسر اور رفقا کھانے ہی میں مصروف رہتے ہیں اور بسبب بدہضمی مرجاتے ہیں۔

وَخَیْلٍ لَا یَخِرُّ لَهَا طَعِیْنٌ	كَاَنَّ قَنَا فَوَارِسِهَا ثُمَامُ

خیل معطوف علی قولہ باجسام۔ وخر یخر یسقط۔ والثمام نبت ضعیف واحد ثمامۃ ترجمہ اور اُنکے ایسے سوار ہیں کہ اُن کے نیزوں سے کوئی زخمی زمین پر نہیں گرتا۔ یعنی اس سبب سے کہ وہ بزدلی کے باعث کسی سے نہیں لڑتے یا قوت بازو نہیں رکھتے۔ گویا اُن کے سواروں کے نیزے مثل گیاہ ثمام نرم ہیں۔

خَلِیْلُكَ اَنْتَ لَا مَنْ قُلْتَ خِلِّیْ	وَاِنْ كَثُرَ التَّجَمُّلُ وَالْكَلَامُ

ترجمہ تو ہی اپنا دوست ہے نہ وہ شخص جسکو تو اپنا دوست بتاتا ہے اگرچہ اُس کی سخن آرائی در تملقانہ گفتگو زیادہ ہو

وَلَوْ حِیْزَ الْحِفَاظُ بِغَیْرِ عَقْلٍ	تَجَنَّبَ عُنْقَ صَیْقَلِهِ الْحُسَامُ

الحفاظ ہو المحافظۃ علی الحقوق ورعی الذمام ترجمہ اور اگر بواسطہ عقل حفاظت حقوق وایفاے عہد جمع کیا جاسکے تو شمشیر براں اپنے صیقلگر کی گردن کاٹنے سے احتراز کرے مگر ایسا نہیں ہوتا۔ غرض یہ ہے کہ اہل زمانہ بے تمیز وکم فہم ہیں اس لئے اُن سے محافظت حقوق اہل فضل نہیں ہوتی ہے۔

وَشِبْهُ الشَّیْءِ مُنْجَذِبٌ اِلَیْهِ	وَاَشْبَهُنَا بِدُنْیَانَا الطَّغَامُ

الطغام جمع طغامۃ وہو الجاہل الذی لا یعرف شیئا ترجمہ اور ہمرنگ اپنے ہمرنگ کیطرف مائل ہوتا ہے اور ہماری دُنیا سے زیادہ مشابہ جاہل اور فرومایہ اشخاص ہیں اس لئے دنیا کمینوں کیطرف راغب ہے۔

وَلَوْ لَمْ یَعْلُ اِلَّا ذُوْ مَحَلٍّ	تَعَالَی الْجَیْشُ وَانْحَطَّ الْقَتَامُ

القتام الغبار ترجمہ اور اگر بلند ہوتا مگر صاحب مرتبہ رفیعہ تو لشکر اوپر ہوتا اور غبار نیچے۔

وَلَوْ لَمْ یَرْعَ اِلَّا مُسْتَحِقٌّ	لِرُتْبَتِهِ اَسَامَهُمُ الْمُسَامُ

سامت السائمۃ اذا رعت۔ واسمتہا اذا رعیتہا۔ والمسام الرعیۃ او البہائم والضمیر فی اسامہم للملوک ترجمہ اور اگر رعیت داری اور حکومت نہ کرے مگر وہ شخص جو اپنے مرتبہ عالیہ کا مستحق ہو تو بادشاہان زمانہ کو اُنکی رعیت

اپنا تابعدار یعنی رعیت بنائے کیونکہ رعیت اُس سے زیادہ لائق ہی اور اگر سوام سے بہائم مراد ہین تو یہ مطلب ہوگا کہ بہائم بھی ایسے بادشاہون سے اعقل ہین اور یہ اُس سے کمتر۔

وَمِنْ خَبَرِ الْغَوَانِیْ فَالْغَوَانِیْ	ضِیَاءٌ فِیْ بَوَاطِنِهٖ ظَلَامُ

ترجمہ اور زنان حسینہ کی یہ خبر ہی کہ وہ بظاہر روشنی اور نور ہین اور اُنکے دل تاریک کہ عاشقون پر رحم نہین کرتین۔ الغرض معاملات دنیا تمام اُلٹے ہین۔ بادشاہون کا یہ حال ہی اور معشوقون کا وہ۔

اِذَا کَانَ الشَّبَابُ السُّکْرَ وَالشَّیْبُ	هَمًّا فَالْحَیٰوةُ هِیَ الْحِمَامُ

ترجمہ جبکہ جوانی بدمستی و مدہوشی اور پیری سراسر غم والم ہی تو زندگی حقیقت مین موت ہی ہی۔

وَمَا کُلٌّ بِمَعْذُوْرٍ بِبُخْلٍ	وَلَا کُلٌّ عَلٰی بُخْلٍ یُلَامُ

ترجمہ اور ہر شخص در باب بخل معذور نہین ہی بلکہ قابل سخت ملامت ہی مثلاً اگر تونگر یا وہ شخص جو عمدہ لوگون اور سخیا کی اولاد ہی بخل کرے تو البتہ قابل ملامت ہی اور نہ ہر شخص بخیلی اختیار کرنے مین لائق سرزنش ہی جیسا مفلس یا بخیل کی اولاد کہ اُس نے اپنے باپ کو سخی نہین دیکھا وہ کس سے سخاوت سیکھے۔

وَلَمْ اَرَ مِثْلَ جِیْرَانِیْ وَمِثْلِیْ	لِمِثْلِیْ عِنْدَ مِثْلِهِمِ مُقَامُ

ترجمہ اور مین نے جہت مین اپنے ہمسایون کی مانند اور فضل و شرف اور احتیاج مین اپنی مانند نہین دیکھا کہ مجھ سا صاحب فضل ایسے خسیسون کے پاس رہے اور وہ لوگ میری مدارات نکرین مطلوب فہم ہمسائگان اور اپنے قیام کی اُمین ہی۔

بِاَرْضٍ مَا اشْتَهَیْتَ رَاَیْتَ فِیْهَا	فَلَیْسَ یَفُوْتُهَا اِلَّا کِرَامُ

ترجمہ مین ایسی جگہ مقیم ہون کہ وہان جو اموال و نعم دیکھنا چاہون سب موجود ہین۔ مگر وہان سخی لوگ نہین ہین سب بخیل ہین۔

فَهَلَّا کَانَ نَقْصُ الْاَهْلِ فِیْهَا	وَکَانَ لِاَهْلِهَا مِنْهَا التَّمَامُ

الضمیر فی منہا للکرام ترجمہ سو کیون اُس روے زمین کے باشندے شمار مین کم نہوئے اور کیون اُسکے باشندے سخی کرم مین پورے نہوئے۔

بِهَا الْجَبَلَانِ مِنْ صَخْرٍ وَفَخْرٍ	اَنَافَا ذَا الْمُغِیْثُ وَذَا اللُّکَامُ

انافا اشرفا وطالا - واللکام جبل یقال لہ جبل الابدال - والمغیث ہو الممدوح ترجمہ اُس زمین پر دو پہاڑ ہین ایک پتھر کا اور دوسرا فخر کا جو دونون بہت بلند ہین۔ یہ مغیث ممدوح ہی اور یہ کوہ لکام صخر کو فخر پر مقدم کیا بلحاظ متانت اور حذاقت کے اور فخر کے کوہ کو صخر کے کوہ حقیقی پر عطف کیا۔

وَلَيْسَتْ مِنْ مَوَاطِنِهٖ وَلٰكِنْ	يَمُرُّ بِهَا كَمَا مَرَّ الْغَمَامُ

ترجمہ اور یہ سرزمین جسکے اہل کی مین نے مذمت بیان کی ممدوح کے اقامتگاہون مین نہین ہی مگر وہ وہان ایسا گزرجاتا ہی جیسا ابر اور اس سے اُسکو منفعت پہنچ جاتی ہی بلا لحاظ زمین ناقص وکامل کے۔

سَقَى اللّٰهُ ابْنَ مُنْجِبَةٍ سَقَانِيْ	بِدَرٍّ مَا لِرَاضِعِهٖ فِطَامُ

المنجبۃ من ولدت ولدا نجیبا ترجمہ خداوند تعالیٰ فرزند زن منجبہ کو یعنی اُس عورت کے فرزند کو جو نجیب اولاد کی مان ہی یعنی ممدوح کو تر و تازہ رکھے کہ اُس نے مجکو ایسا دودھ پلایا اور نفع پہنچایا کہ اُس کے شیرخوار کو دودھ کا چھوڑنا نہین ہی یعنی اُسکا مجپر فیض دائم ہی۔

وَمَنْ اِحْدٰى فَوَائِدِهِ الْعَطَايَا	وَمَنْ اِحْدٰى عَطَايَاهُ الدَّوَامُ

ترجمہ اگر من موصول پڑھا جائے تو ترجمہ یہ ہوگا کہ ممدوح وہ شخص ہی کہ منجملہ اُس کے فوائد کے بخششین ہین اور منجملہ عطایا اُسکے کے دوام ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ بخشتا ہی اور ہمیشہ بخشتا رہتا ہی۔ اور اگر لفظ من کو لفظ جار پڑھین تو یہ معنی ہون گے کہ ممدوح کی منجملہ فوائد کے بخششین ہین الخ اس صورت مین تین سقانی سے متعلق ہوگا۔

وَقَدْ خَفِيَ الزَّمَانُ بِهٖ عَلَيْنَا	كَسِلْكِ الدُّرِّ يُخْفِيْهِ النِّظَامُ

ترجمہ اور بیشک بسبب محاسن ممدوح کے زمانہ کی بدیان ہمپر پوشیدہ ہوگئین جیسا موتیون کی لڑی کا دھاگا پروئے ہوئے موتیون مین پوشیدہ ہوجاتا ہی اور اُس کو موتیون سے زینت حاصل ہوجاتی ہی۔

تَلَذُّ لَهُ الْمُرُوَّةُ وَهِيَ تُؤْذِيْ	وَمَنْ يَعْشَقْ يَلَذُّ لَهُ الْغَرَامُ

المروۃ الکرم ترجمہ ممدوح کو کرم مین بڑا مزہ آتا ہی حالانکہ وہ کریم کو باعث تکلیف ہوتا ہی اور اس مین کیا عجب ہی کیونکہ وہ عاشق کرم ہی اور جو عاشق ہوتا ہی اُسکو درد عشق مزہ دیتا ہی۔

تَعَلَّقَهَا هَوٰى قَيْسٍ لِلَيْلٰى	وَوَاصَلَهَا فَلَيْسَ بِهٖ سَقَامُ

ترجمہ اُسکو مروت سے ایسا عشق ہی جیسا قیس مجنون کو لیلی کے ساتھ مگر فرق اتنا ہی کہ ممدوح کو مروت کے ساتھ وصل دائمی ہی اس لئے اُسکو اُس کے عشق مین بیماری نہین ہی بخلاف مجنون کے کہ اُسکو وصل لیلی میسر نہین ہوا اس لئے سقیم رہا۔

يُرَوِّعُ رَكَانَةً وَيَذُوْبُ ظَرْفًا	فَمَا نَدْرِيْ اَشَيْخٌ اَمْ غُلَامُ

ترجمہ وہ اپنی متانت و وقار سے دیکھنے والون کو ڈراتا ہی وبوقت ظرافت خوش دلی ایسا نرم ہوجاتا ہی کہ قریب ہی کہ پگھل جائے سو ہم نہین جانتے کہ وہ پیر ہی یا نوجوان یعنی وہ وقار مین پیر ہی اور ظرافت مین نوجوان

تَمَلَّكُهُ الْمَسَائِلُ فِي الْعَطَايَا	وَاَمَّا فِي الْجِدَالِ فَلَا يُرَامُ

ترجمہ بخشش کیوقت سوالہاے سائلان ممدوح کے مالک ہو جاتے ہین۔ یعنی وہ جو مانگین وہی دیڈالتا ہی مگر بوقت جنگ وہ کسی کی نہین سنتا اور کوئی اُس کا قصد نہین کرسکتا۔ یعنی وہ کریم وشجاع ہی۔

وَقَبْضُ نَوَالِهٖ شَرَفٌ وَعِزٌّ	وَقَبْضُ نَوَالِ بَعْضِ الْقَوْمِ ذَامُ

الذام المذمۃ والعیب ترجمہ اور اُسکی بخشش کا لینا باعث شرف وعزت ہی اور بعض بخیل لوگونکی عطا قبول کرنا باعث مذمت وعیب ہی کیونکہ وہ سائلون کو بخوشی نہین دیتے بلکہ بُرے جی سے۔

اَقَامَتْ فِي الرِّقَابِ لَهٗ اَيَادٍ	هِيَ الْاَطْوَاقُ وَالنَّاسُ الْحَمَامُ

الحمام عند العرب القاری والفواخت وغیرہما من ذوات الاطواق۔ والایادی جمع ید من النعمۃ۔ وجمع الجارحۃ ایدی ترجمہ ممدوح کے عطایا تمام لوگون کی گردنون پر ثابت وقائم ہین وہ نعمتین بمنزلہ طوق کے ہین اور تمام لوگ بمنزلہ طوقدار حیوانات کے۔ یعنی اُسکی نعمتین لوگون کے گلے کا ہار ہین۔

اِذَا عُدَّ الْكِرَامُ فَتِلْكَ عِجْلٌ	كَمَا الْاَنْوَاءُ حِيْنَ تُعَدُّ عَامُ

الانواء جمع نوء وہو طلوع النجم من منازل القمر فی الغرب وطلوع آخر یقابلہ فی المشرق فسمی النجم نوءا ترجمہ جبکہ اسخیا کا شمار کیا جائے تو اُنکا مجموعہ بنی عجل ہی جیسے منازل قمر جب شمار کیجاوین تو اُن کا مجموعہ سال تمام ہی کیونکہ منازل قمر اٹھائیس ہین اور ہر ماہ کے لئے ایک نوء ہی جسکا مجموعہ سال تمام ہی۔

تَقِيْ جَبَهَاتُهُمْ مَا فِيْ ذُرَاهُمْ	اِذَا بِشِفَارِهَا حَمِيَ اللِّطَامُ

الذرے العلو۔ والذری ایضا کل ما استترت بہ یقال انا فی ذری فلان ای کنفہ وسترہ والشفار السیوف واللطام۔ المصادمۃ بہا ترجمہ درصورتیکہ جبہاتہم مضموم پڑھا جاوے تو معنی یہ ہون گے کہ اُنکی پیشانیان اُن لوگون کی حفاظت کرتی ہین جو اُنکی پناہ مین ہین۔ یعنی وہ قوم بنی عجل اپنے چہرون پر زخم کھاتے ہین جبکہ تلوارون کی دھارون سے جنگ ہو اور اپنے توابع کو بچاتے ہین۔ اور اگر جبہاتہم کو منصوب پڑھا جائے تو ترجمہ یہ ہوگا کہ اُنکی تلوارین اُنکے چہرون کو زخم سے بچاتی ہین جبکہ تیغ زنی بکثرت ہو۔ والمعنی ذراہم ای السیوف لانہا تعلق فی اعالی البدن۔

وَلَوْ يَمَّمْتَهُمْ فِي الْحَشْرِ تَجْدُوْ	لَاَعْطَوْكَ الَّذِيْ صَلَّوْا وَصَامُوْا

یمم قصد ترجمہ اور اگر بالفرض تو اُنکے پاس بروز حشر جہان کوئی کسی کا نہو گا بطلب عطا جاوے تو وہ ایسے سخی ہین کہ ایسے اُس وقت مین بھی ردسوال نکرین گے بلکہ اپنی صلوٰۃ وصوم کا ثواب تجکو دیدیوین گے۔

فَاِنْ حَلُمُوْا فَاِنَّ الْخَيْلَ فِيْهِمْ	خِفَافٌ وَالرِّمَاحُ بِهَا عُرَامُ

ترجمہ سو اگر وہ حلیم باوقار ہین تو کیا مضائقہ ہی۔ کیونکہ اُن کے گھوڑے سبکرو اور اُن کے نیزون مین شوخی

اور تیزی ہی خلاصہ یہ ہی کہ اُن کا حلم بزدلی سے نہین ہی بلکہ بسبب شرافت کے ہی۔ والعرام الشراسۃ وصبی عارم بین العرامۃ فیہ شرس وحدۃ۔

وَعِنْدَهُمُ الْجِفَانُ مُكَلَّلَاتٌ	وَشَزْرًا الطَّعْنِ وَالضَّرْبُ التُّؤَامُ

مکللات حال۔ والجفان جمع جفنۃ وہی اناء یتخذ من الخشب۔ والشزر ما او برتہ عن الصدر ترجمہ اور اُنکے پاس مہمانون کے لئے ایسے کٹھرے پُراز طعام ہین کہ گوشت کے پارے اُن کے سرون پر بمنزلہ تاج ہین اور نیزے پہلو مین لگنے والے اور شمشیر زنی متواتر۔

نُصَرِّعُهُمْ بِأَعْيُنِنَا حَيَاءً	وَتَنْبُو عَنْ وُجُوهِهِمُ السِّهَامُ

تنبو ترتفع ترجمہ وہ ایسے باحیا و شرم رو ہین کہ جب اُن کو دیکھتے ہین۔ تو اُنکی حیا کے سبب ہم اُنپر قابو پاتے ہین اور قادر ہو جاتے ہین اور ہمارے حسب آرزو ہمپر بخشش کرتے ہین اور بوقت جنگ ایسے باہیبت ہین کہ اُنکی طرف کوئی شست باندھکر تیر نہین مار سکتا ہی پس دشمنون کے تیر اُنکے چہرون کے پاس بھی نہین جا سکتے اُن کا نشانہ خطا جاتا ہی۔

قَبِيلٌ يَحْمِلُونَ مِنَ الْمَعَالِي	كَمَا حَمَلَتْ مِنَ الْجَسَدِ الْعِظَامُ

القبیل الجماعۃ تکون من الثلاثۃ فصاعدا من قوم شتی ترجمہ وہ ایسی گروہ ہی کہ وہ بلند نامیون کو ایسے اُٹھاتے ہین جیسے بدن کو ہڈیان یعنی قیام معالی اُنھین سے ہی جیسا قیام بدن استخوانون سے۔

قَبِيلٌ أَنْتَ أَنْتَ وَأَنْتَ مِنْهُمْ	وَجَدُّكَ بِشْرٌ الْمَلِكُ الْهُمَامُ

قال الخطیب الواو حالیۃ وانت فی موضع الحال ای انت منتسبا الیہم فلا تقدیم فیہ کما قال الواحدی ولتقدیر الکلام ہم قبیل انت وجدک منہم وانت فی الشرف انت ترجمہ بنی عجل ایسی گروہ ہی کہ تو باین علو رتبہ کہ تو ہی اور تیرا دادا بشر جو بادشاہ صاحب عزم ہی اُس قوم مین سے ہی پس افتخار بنی عجل کے لئے یہ کافی ہی۔ تمزقہ

لِمَنْ مَالٌ تُمَزِّقُهُ الْعَطَايَا	وَيُشْرِكُ فِي رَغَائِبِهِ الْأَنَامُ

ترجمہ ایسا مال کثیر جسکو تیرے عطایا متفرق کرتے ہین اور تیری عمدہ اشیا مین تمام خلق حصہ دار ہی تیرے سوا کسکو میسر ہی۔

وَلَا نَدْعُوكَ صَاحِبَهُ فَتَرْضَى	لِأَنَّ بِصُحْبَةٍ يَجِبُ الذِّمَامُ

اراد لصحبۃ فحذف اللام ضرورۃ وہو جائز۔ والذمام العہد وقیل ہو جمع ذمۃ وہی الامان نروی فیرضی بالیاء والضمیر للمال ای فیرضی المال بذلک حتی یجب لہ منک الامان ترجمہ صورت اول ہم تجکو صاحب اُس

مال کا نہین پکارتے اور تو اُسپر راضی بھی نہین ہی کیونکہ اگر تو اس مال کا صاحب ہی تو اُس کے متفرق کرنے سے تجکو امان دینا لازم آجاوے اور تو اُسکو جمع رکھنا نہین چاہتا ہی۔ صورت دوم مین یہ خلاصہ ہوگا کہ اگر مین تجکو صاحب اُس مال کا کہون تو مال خوش ہو جاوے گا کیونکہ وہ جانتا ہی کہ صاحب شی کا اس شی کو متفرق نہین ہونے دیتا۔

تَحَايَدُهُ كَأَنَّكَ سَامِرِيٌّ	تُصَافِحُهُ يَدٌ فِيهَا جُذَامُ

حاد عن الشی یحید ومال عنہ وعدل۔ والسامری ہو المذکور فی القرآن واراد ہہنا احدا من قبیلتہ ای کانک رجل سامری لقولک حنفی وشافعی ترجمہ ای ممدوح تو اُس مال سے ایسا احتراز کرتا ہی جیسا سامری کہ وہ ہر شخص کے چھونے سے بچتا تھا کیونکہ وہ بسبب بددعا موسی علیہ السلام کے ایسے حال مین ہو گیا تھا کہ اگر اُسے کوئی چھوے تو اُسے فوراً تپ چڑھ جاتی تھی وہ ہر شخص کے مس سے بچتا تھا خصوصاً مجذوم کے ہاتھ سے کہ اسمین علاوہ تپ کے نفرت طبعی بھی ہی۔ اور یہ بددعا بسبب ایجاد گوسالہ پرستی ہوئی تھی۔

إِذَا مَا الْعَالِمُونَ عَرَوْكَ قَالُوا	أَفِدْنَا أَيُّهَا الْحَبْرُ الْهُمَامُ

عراہ واعتراہ قصدہ واراہ۔ والحبر العالم وقال الفراء ہو بالکسر وہو العالم بتحبیر الکلام وتحسینہ ترجمہ جبکہ علمار تیرے پاس آتے ہین تو کہتے ہین کہ ای عالم صاحب عزم ہمکو اپنے علم سے فائدہ بخشئے کیونکہ تو سب سے اعلم ہی۔

إِذَا مَا الْمُعْلِمُونَ رَأَوْكَ قَالُوا	بِهٰذَا يُعْلَمُ الْجَيْشُ اللُّهَامُ

المعلم صاحب العلامۃ فی الحرب ترجمہ جبکہ وہ لوگ کہ ہنگامہ جنگ مین صاحب نشان شجاعت ہین تجھے دیکھتے ہین تو کہتے ہین کہ اس شخص سے لشکر عظیم جانا جاتا ہی یعنی یہ تنہا بجاے لشکر عظیم ہی یا اُس کے ساتھ لشکر عظیم ہوگا۔

لَقَدْ حَسُنَتْ بِكَ الْأَوْقَاتُ حَتَّى	كَأَنَّكَ فِي فَمِ الدَّهْرِ ابْتِسَامُ

ترجمہ تیرے سبب اوقات اہل زمانہ اچھی حالت مین ہو گئے گویا وہان زمانہ کے لئے تو بمنزلہ تبسم کے ہی۔ یعنی اہل زمانہ تجھ سے سابق ترشرو بسبب مصائب کے رہتے تھے۔ خوشوقتی تیرے ہی زمانہ مین پائی گئی۔

وَأُعْطِيتَ الَّذِي لَمْ يُعْطَ خَلْقٌ	عَلَيْكَ صَلٰوةُ رَبِّكَ وَالسَّلَامُ

ترجمہ تجکو منجانب خداوند تعالی وہ انعام عطا ہوئے جو کسیکو نہین ملے تجھپر خدا کی رحمت وسلامتی ہے دعا دیتا ہی۔

وقال یمدح عمر بن سلیمان الشرابی وہو یومئذ یتولی الفداء بین العرب والروم

نَرَى عِظَمًا بِالْبَيْنِ وَالصَّدُّ أَعْظَمُ	وَنَتَّهِمُ الْوَاشِينَ وَالدَّمْعُ مِنْهُمُ

البین البعد والفراق۔ والواشون النامون ترجمہ وہ لوگ فراق کو مصیبت عظیمہ سمجھتے ہین حالانکہ یہ غلط ہی کیونکہ فراق یار تو مسافت قطع کرنے سے مبدل بوصال ہو جاتا ہی بلکہ سخت تر مصیبت اعراض دوست ہی جسکے لئے قطع مسافت اور سفر ہی نہین ہی۔ وفی روایۃ نری عظما بالصد والبین اعظم ترجمہ ہم اعراض دوست کو مشقت شاقہ سمجھتے ہین حالانکہ سخت تر باعتبار محنت فراق ہی کیونکہ جب دوست اعراض فرماتا ہی تو دیدار سے تو محروم نہین ہوتے بخلاف فراق کے کہ اُس مین دولت دیدار نصیب نہین ہوتی۔ اور دوسرے مصرع کے یہ معنی ہین کہ ہم افشاے راز محبت مین چغلخورون پر تہمت رکھتے ہین حالانکہ سب سے زیادہ غماز اشک ہی جو فوراً پردہ فاش کرتا ہی۔

وَمَنْ لُبُّهُ مَعْ غَيْرِهِ كَيْفَ حَالُهُ	وَمَنْ سِرُّهُ فِي جَفْنِهِ كَيْفَ يَكْتُمُ

ترجمہ اور جسکی عقل اُس کے پاس نہو بلکہ یار کے پاس ہو اُس کا حال کیسا تباہ ہوگا اور جسکا راز اُسکے مژہ مین ہو وہ اپنے بھید کو کیسے پوشیدہ رکھے گا۔ یہ تفسیر اول شعر کے دوسرے مصرع کی ہی۔

وَلَمَّا الْتَقَيْنَا وَالنَّوَى وَرَقِيبُنَا	غَفُولَانِ عَنَّا ظَلْتُ اَبْكِي وَتَبْسِمُ

ترجمہ اور جبکہ ہم اور دوست ملے ایسے حال مین کہ فراق اور ہمارا رقیب ہم دونون سے بے خبر تھے تو ہمپر یہ حال گذرا کہ مین روتا تھا صدمات فراق یاد کرکے اور محبوبہ براہ تعجب و ناز تبسم کرتی تھی۔

فَلَمْ اَرَ بَدْرًا ضَاحِكًا قَبْلَ وَجْهِهَا	وَلَمْ تَرَ قَبْلِي مَيِّتًا يَتَكَلَّمُ

ترجمہ سو مین نے قبل چہرۂ محبوبہ ماہ تمام کو ہنستے ہوتے نہین دیکھا تھا۔ اور محبوبہ نے مجھ سے پہلے مردہ باتین کرتے نہین دیکھا تھا۔

ظَلُومٌ كَمَتْنَيْهَا لِصَبٍّ كَخَصْرِهَا	ضَعِيفُ الْقُوَى مِنْ فِعْلِهَا يَتَظَلَّمُ

المتنان الجانبان الاسفلان من الظہر۔ والخصر اوقیما ترجمہ وہ اپنے عاشق زار پر جو مثل اُسکی کمر کے ناتوان و لاغر ہی ایسا ظلم کرتی ہی جیسے اُس کے دونون سرین ثقیل اُس کمر نازک پر جس سے وہ متعلق ہین بسبب اپنی گرانباری کے ظلم کرتے ہین۔ پھر اپنی ناتوانی کا حال بیان کرتا ہی کہ مین ضعیف القوی ہون اور اُس کے جور کا شکوہ کرتا ہون۔

بِفَرْعٍ يُعِيدُ اللَّيْلَ وَالصُّبْحُ نَيِّرٌ	وَوَجْهٍ يُعِيدُ الصُّبْحَ وَاللَّيْلُ مُظْلِمُ

الباء یتعلق بمحذوف ای تسبی او تقبل بفرع او یتعلق بیعید ای یعید اللیل بفرع والصبح بوجہ او الباء بمعنی مع ترجمہ جبکہ صبح روشن ہوتی ہی تو وہ اپنے موے سر کو کھول کر شب کو لوٹا لاتی ہی اور جب تاریک شب ہوتی ہی تو اپنے چہرۂ تابان کو دکھا کر صبح کو لوٹا لاتی ہی یعنی جمع بین الضدین کردیتی ہی۔

فَلَوْ كَانَ قَلْبِي دَارَهَا كَانَ خَالِيًا	وَلٰكِنَّ جَيْشَ الشَّوْقِ فِيْهِ عَرَمْرَمُ

العرمرم العظیم الکبیر ترجمہ سواگر میرا دل اُس کے گھر کے موافق ہوتا تو وہ بھی خالی ہوتا جیسا محبوبہ کا گھر اُس کے چلے جانیسے خالی ہو گیا ہی مگر وہ ایسا نہین ہی کیونکہ اُسمین شوق کا بڑا لشکر موجود ہی - یعنی حُب محبوبہ سے پُر ہے -

أَثَافٍ بِهَا مَا بِالْفُؤَادِ مِنَ الصَّلَا	وَرَسْمٌ كَجِسْمِي نَاحِلٌ مُتَهَدِّمُ

الاثافی جمع اثفیۃ وہی التی تنصب تحت القدر و الصلا الاصطلاء بالنار اذا فتحت قصرت وان کسرت مددت والرسم مابقی من آثار الدار ترجمہ مساکن محبوبہ مین ایسے دیگدان یا چولھے ہین کہ اُن کا بسبب احتراق ایسا رنگ ہو جیسا جلکر میرے دل کا رنگ ہو گیا ہی اور اُن گھرون کے نشان ایسے کہنہ و فرسودہ ہو گئے ہین جیسا میرا جسم کہ وہ بسبب صدمات فراق سخت لاغر ہو گیا ہی -

بَلَلْتُ بِهَا رُدْنَيَّ وَالْغَيْمُ مُسْعِدِي	وَعَبْرَتُهُ صِرْفٌ وَفِي عَبْرَتِي دَمُ

ترجمہ مین نے اُس گھر مین بسبب یاد محبوبہ روتے روتے اپنی دونون آستینین تر کرلین اور ابر جو اُسوقت برس رہا تھا میری مدد کر رہا تھا مگر اُس کا پانی خالص تھا اور میرے اشک مین خون ملا ہوا تھا۔ بدرالتقابل -

ترجو لیستسقوا فقلت لہم قفوا	وسمی نیویکم عن الانوار	قالوا صدقت ففی دموعک مقنع	لکنہا ممزوجۃ بدمار

وَلَوْ لَمْ يَكُنْ مَا انْهَلَّ فِي الْخَدِّ مِنْ دَمِي	لَمَا كَانَ مُحْمَرًّا يَسِيلُ فَأَسْقَمُ

ترجمہ اور اگر وہ اشک جو میرے رخسار پر بہتے ہین میرے خون مین ملے ہوئے نہوتے تو وہ سُرخ نہوتے کہ وہ بہتے ہین اور اُن کے کثرت سیلان سے مین بیمار ہو جاتا ہون -

بِنَفْسِي الْخَيَالُ الزَّائِرِي بَعْدَ هَجْعَةٍ	وَقَوْلَتُهُ لِي بَعْدَنَا الْغُمْضَ تَطْعَمُ

الزائری الالف واللام بمعنی الذی - والہجعۃ النوم الخفیف من اول اللیل ترجمہ میری جان قربان اُس محبوبہ کے خیال پر جو اول شب میری آنکھ جھپکنے کے بعد میرے پاس آیا اور اُس کے مجکو اس کہنے پر فدا کہ تو ہماری جدائی کے بعد خواب کا مزہ چکھتا ہی یعنی خیال محبوبہ نے براہ عتاب کہا کہ تو فراق مین کیسا سوتا ہی -

سَلَامٌ فَلَوْلَا الْخَوْفُ وَالْبُخْلُ عِنْدَهُ	لَقُلْتُ أَبُو حَفْصٍ عَلَيْنَا الْمُسَلِّمُ

سلام مبتدء محذوف الخبر ای قال الخیال لی سلام ترجمہ خیال محبوبہ نے مجکو سلام کیا سو اگر اُس خیال مین خوف و بخل جو صفات خاصہ محبوبہ سے ہین ہوتا تو میرے نزدیک وہ ایسا عظیم القدر اور پیارا تھا کہ مین اُسکو کہتا کہ یہ ابو حفص ممدوح ہمکو سلام کرتا ہی مگر اُس کے خوف اور بخل کے سبب یہ نہ کہہ سکا کیونکہ ممدوح مین یہ دونون صفات ذمیمہ نہین ہین -

مُحِبُّ النَّدَى الصَّابِي اِلٰى بَذْلِ مَالِهٖ	صُبُوًّا كَمَا يَصْبُو الْمُحِبُّ الْمُتَيَّمُ

صبا یصبو اذا مال الی الشیٔ ترجمہ وہ سخاوت دوست اور اپنے مال کے خرچ کا ایسا عاشق ہے جیسا عاشق زار۔

وَاُقْسِمُ لَوْلَا اَنَّ فِي كُلِّ شَعْرَةٍ	لَهٗ ضَيْغَمًا قُلْنَا لَهٗ اَنْتَ ضَيْغَمُ

ترجمہ اور میں بقسم کہتا ہون کہ اگر اُس کے جسم کے ہر بال مین شیر نہوتا تو مین اُسکو کہتا کہ تو شیر ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ شیر رسمی سے اُسکی شجاعت اسقدر زیادہ ہے جتنے اُس کے جسم پر بال اس لئے مین اُسکو شیر نہین کہہ سکتا۔

اَنَنْقُصُهٗ مِنْ حَظِّهٖ وَهُوَ زَائِدٌ	وَنَبْخَسُهٗ وَالْبَخْسُ شَيْءٌ مُحَرَّمُ

البخس النقص ترجمہ کیا ہم اُسکو اُسکی شجاعت کے حصہ سے گھٹا دیوین حالانکہ وہ بہت بڑھا ہوا ہے اور اُس کو اُس کے رتبہ سے ناقص تبلاوین حالانکہ کامل کو ناقص کہنا حرام ہے کیونکہ وہ کذب صریح ہے۔

يَجِلُّ عَنِ التَّشْبِيْهِ لَا الْكَفُّ لُجَّةٌ	وَلَا هُوَ ضِرْغَامٌ وَلَا الرَّأْيُ مِخْذَمُ

المخذم السیف القاطع۔ واللجۃ معظم البحر ترجمہ ممدوح کا رتبہ اس سے بڑا ہے کہ اُسکو کسی کے ساتھ تشبیہ دیجائے اُسکی کف دست لجہ دریا کے نہین ہے بلکہ اُس سے فائق ہے اور نہ بہادری مین وہ شیر ہے بلکہ اُس سے زیادہ ہے اور نہ اُس کی رائے تیزی مین شمشیر بران ہے بلکہ اُس سے تیزی مین بڑھی ہوئی ہے۔

وَلَا جُرْحُهٗ يُؤْسٰى وَلَا غَوْرُهٗ يُرٰى	وَلَا حَدُّهٗ يَنْبُو وَلَا يَتَثَلَّمُ

یوسی ای یداوی۔ ینبو یرید تقع عن الضریبۃ ترجمہ اور نہ ممدوح کا لگایا ہوا زخم علاج پذیر ہوتا ہے اور نہ اُس کی گہرائی دریافت کیجاسکتی ہے یعنی زخم کاری کی یا مقدار غور ممدوح کی۔ اور نہ اُس کی دھار اُچٹتی اور ناکارگر ہوتی ہے۔ اور نہ اُس مین دندانے پڑتے ہین یعنے وہ بھرتی اور گرتی نہین ہے۔

وَلَا يُبْرَمُ الْاَمْرُ الَّذِيْ هُوَ حَالِلٌ	وَلَا يُحْلَلُ الْاَمْرُ الَّذِيْ هُوَ مُبْرِمُ

اظہر التضعیف فی حالل للضرورۃ۔ ابرام الامر احکامہ واصلہ من فتل الحبل ترجمہ اور جس امر کو وہ اُدھیڑے وہ بٹا نہین جاتا اور جس امر کو وہ مستحکم کرے وہ اُدھیڑا نہین جاتا۔ یعنی اُس کے بند وبست مین کوئی دخل نہین کرسکتا۔

وَلَا يَرْمَحُ الْاَذْيَالَ مِنْ جَبْرِيَّةٍ	وَلَا يَخْدُمُ الدُّنْيَا وَاِيَّاهُ تَخْدُمُ

یرمح الاذیال یرید الخیلاء یقال للمختال انہ یرمح الاذیال اذا طال ذیلہ ولم یرفعہ وضربہ برجلہ۔ والجبریۃ الکبر ترجمہ وہ بباعث تکبر اپنے دامنوں کو اپنے پاؤن سے ٹھکراتا نہین چلتا۔ یعنی وہ متکبرانہ رفتار نہین چلتا اور وہ دُنیا کی یا اہل دُنیا کی خدمت نہین کرتا بلکہ وہ ہی اُس کی خدمت کرتی ہے۔

وَلَا يَشْتَهِيْ يَبْقٰى وَتَفْنٰى هِبَاتُهٗ	وَلَا تَسْلَمُ الْاَعْدَاءُ مِنْهُ وَيَسْلَمُ

ترجمہ وہ یہ نہین چاہتا کہ وہ باقی رہے اور اُس کی بخششین فنا ہو جاوین بلکہ مقصود زندگی کا بخشش سمجھتا ہے

اور یہ بھی نہین چاہتا کہ اُس کے دشمن اُسکے قتل سے سالم رہین اور خود بھی سلامت رہے یعنی وہ صاحب جہاد خواہان قتل اعدا ہی اگرچہ اُسمین خود قتل ہو جائے۔

أَلَذُّ مِنَ الصَّهْبَاءِ بِالْمَاءِ ذِكْرُهُ	وَأَحْسَنُ مِنْ يُسْرٍ تَلَقَّاهُ مُعْدِمُ

ترجمہ اُسکا ذکر شراب آب آمیختہ سے مزیدار ہی اور اچھا ہی اُس تونگری سے جسکو مفلس حاصل کرین۔

وَأَغْرَبُ مِنْ عَنْقَاءَ فِي الطَّيْرِ شَكْلُهُ	وَأَعْوَزُ مِنْ مُسْتَرْفِدٍ مِنْهُ يُحْرَمُ

عنقا۔ طائر ذہب وبقی اسمہ۔ وسمیت عنقاء لبیاض کان عنقہا کالطوق ترجمہ اُس کی پاک صورت عجیب تر از جیسے پرندون مین عنقا اور وہ اُس سائل سے بھی نایاب ہی جو اُسکی عطا سے محروم رہا ہو۔ یعنی اُسکی عطا سے کوئی محروم نہین جاتا۔ خلاصہ یہ کہ وہ اپنے سائل محروم سے بھی زیادہ نایاب ہی۔

وَأَكْثَرُ مِنْ بَعْدِ الْأَيَادِي أَيَادِيًا	مِنَ الْقَطْرِ بَعْدَ الْقَطْرِ وَالْوَبْلُ مُثْجِمُ

اداوہو اکثر ایادیا بعد الایادی من القطر۔ واثجمت السماء دام مطرہا ترجمہ اور پیاپے بخشنے مین اُس باران سے جو بعد باران برسے ایسے حال مین کہ اُس کے قطرات کلان و دائم ہون ممدوح بہت بڑھا ہوا ہی۔

سَنِيُّ الْعَطَايَا لَوْ رَأَى نَوْمَ عَيْنِهِ	مِنَ اللُّؤْمِ آلَى أَنَّهَا لَا تُهَوِّمُ

السناء ممدود وا وہو الرفعۃ۔ والتہویم اختلاس ادنی النوم واصلہ النوم القلیل ترجمہ وہ ایسا بلند روشن عطایا ہی کہ اگر وہ اول نوم یعنی اونگھنے کو بخل کی قسم سمجھے تو قسم کھا بیٹھے کہ آیندہ اُس کی آنکھ اُونگھے گی بھی نہین باوجودیکہ خواب ستہ ضروریہ مین سے ہی یعنی اُسکو بخل سے اسقدر نفرت ہی کہ اگر یہ جانے کہ خواب اقسام بخل مین سے ہی تو اُسے بھی چھوڑ دے۔

وَلَوْ قَالَ هَاتُوا دِرْهَمًا لَمْ أَجُدْ بِهِ	عَلَى سَائِلٍ أَعْيَا عَلَى النَّاسِ دِرْهَمُ

ترجمہ اور اگر وہ لوگون سے یہ کہے کہ ایسا درہم لاؤ جو مین نے سائل کو نہ دیا ہو تو لوگون کو ایسے درہم کا بہم پہنچانا عاجز کردے اور ایسا درم اُنکو نہ ملے۔ یعنی جو لوگون کے پاس ہی تمام اُسکا بخشا ہوا ہی۔

وَلَوْ ضَرَّ مَرْءًا قَبْلَهُ مَا يَسُرُّهُ	لَأَثَّرَ فِيهِ بَأْسُهُ وَالتَّكَرُّمُ

ترجمہ اور اگر کسی مرد کو اُس سے پہلے اُس چیز نے نقصان پہنچایا ہو جو ممدوح کو خوش کرے اور پسند آوے تو ممدوح کو اُس کی جنگ مین چیرہ دستی اور کرم نے نقصان پہنچایا ہوگا۔ کیونکہ وہ اُن دونون اوصاف کو نہایت پسند کرتا ہی۔ شارح واحدی یہ معنی کہتے ہین کہ اگر ممدوح اُس چیز سے متضرر ہو جو انسان کو خوش کرے تو اُسکو کرم اور اقدام ضرر کرے کیونکہ وہ اُن دونون کو پسند کرتا ہی۔

يُرَدِّي بِكَا الْفُرْصَادِ فِي كُلِّ غَارَةٍ	يَتَامَى مِنَ الْأَغْمَادِ تُنْضَى وَتُوتِمُ

بیضا فسقہ لیتامی - وبتامی فی موضع نصب بیروی - ویوتم معطوف علی یردی - والفرصاد التوت الاحمر یرید بدم کالفرصاد فی حمرتہ - والیتامی السیوف التی فارقت اغمادہا فجعلہا یتامی لانہا فارقت ما کان یاویہا ویحوطہا کالوالدین ترجمہ ممدوح ہر غارت مین شمشیرہاے برہنہ وچکدار کو جو اطفال اعدا کو یتیم کرتی ہی ایسے خون سے سیراب کرتا ہی جو برنگ توت سُرخ ہی شاعر نے اول تلوارون کو جو میان سے باہر ہین یتیمون سے تعبیر کیا ہی اسوجہ سے کہ جیسا یتیم بے خانمان ہوتا ہی ایسی وہ تلوارین میانون سے نکل کر نگھری ہوگئی ہین -

اِلَی الْیَوْمِ مَا حَطَّ الْفِدَاءُ سُرُوْجَہٗ ۔۔۔ مُنْذُ الْغَزْوُ سَارٍ مُسْرِجُ الْخَیْلِ مُلْجِمُ

من رفع الغزو رفعہ بالابتداء وخبرہ محذوف تقدیرہ منذ الغزو واقع او کائن ومن جرہ اراد منذ زمن الغزو فحذف المضاف وقولہ سار خبر مبتدء محذوف ای ہو سار والفداء ما کان بین المسلمین والنصاری ترجمہ نصاری کے فدیہ دینے کی درخواست نے جب سے جہاد شروع ہوا ہی آجتلک اُسکے زینون کو گھوڑون کی پشتون سے اُتارا نہین یعنی ممدوح برابر مصروف جہاد ہی اُن کے قیدیون کی رہائی کے عوض فدیہ لینا قبول نہین کرتا - اور وہ جنگ کے لئے راتکو سفر کرنے والا اور گھوڑون پر زین کسنے والا اور لگام دینے والا ہی -

یَشُقُّ بِلَادَ الرُّوْمِ وَالنَّقْعُ اَبْلَقٌ ۔۔۔ بِاَسْیَافِہٖ وَالْجَوُّ بِالنَّقْعِ اَدْہَمُ

ترجمہ وہ شہرہاے روم کو ایسے حال مین قطع کرتا ہی کہ اُس کے لشکر کا غبار جو سیاہ ہی بسبب چمک شمشیرون کے جو اُسمین چمک رہی ہین ابلق یعنی دورنگ معلوم ہوتا ہی اور وہ میدان جو درمیان آسمان وزمین کے واقع ہی وہ بسبب غبار کے صرف سیاہ معلوم ہوتا ہی - کیونکہ اُس مین درخشانی شمشیر نہین ہی -

اِلَی الْمَلِکِ الطَّاغِیْ فَکَمْ مِنْ کَتِیْبَۃٍ ۔۔۔ تُسَایِرُ مِنْہُ حَتْفَہَا وَہِیَ تَعْلَمُ

الی متعلقۃ بیشق ترجمہ وہ ممدوح قطع بلاد کرتا ہی طرف سرکش بادشاہ روم کے سو اُس کے بہت سے لشکر ہین کہ جب وہ اُس سے مقابلہ کرتے ہین تو وہ گویا اپنی موت کے ساتھ چلتے ہین اور وہ اس امر کو جانتے ہین -

وَمِنْ عَاتِقٍ نَصْرَانَۃٍ بَرَزَتْ لَہٗ ۔۔۔ اَسِیْلَۃِ خَدٍّ عَنْ قَرِیْبٍ سَتُلْطَمُ

العاتق البکر وجمعہ عواتق - ونصرانیۃ تانیث نصران وخد اسیل حسن طویل ترجمہ اور بہت سی زنہاے باکرہ نصرانیہ ممدوح کے غلبہ کے سبب پردون سے باہر نکل آئین جنکے رخسار خوبصورت مائل بدرازی تھے - اب وہ بسبب ذلت قید طمانچہ ماری جاوین گی - یا بسبب موت اپنے اقارب کے اپنے رخسارون کو پیٹین گی -

صُفُوْفًا لِلَیْثٍ فِیْ لُیُوْثٍ حُصُوْنُہَا ۔۔۔ مُتُوْنُ الْمَذَاکِیْ وَالْوَشِیْجُ الْمُقَوَّمُ

صفوفا حال من عاتق لانہ فی معنی الجمع کقولک کم رجل جاءنی فارجلہا بمعنی جماعۃ ویجوز ان یکون حالا من قوم ذکرہم کتیبۃ والمذاکی الخیل المسنۃ - والوشیج شجر الرماح ترجمہ زنہاے باکرہ صف بستہ ایک ایسے شیر کے لئے ظاہر

ہوئین جو ایسے سواران شیر صفت مین تھا جنکے قلعے پوری عمر کے گھوڑون کی پشتین اور سید ہے نیزے ہین یعنی اپنی جانون کی حفاظت بذریعہ سلاح جنگ کرتے ہین۔

تَغِيبُ الْمَنَايَا عَنْهُمُ وَهُوَ غَائِبٌ	وَتَقْدَمُ فِي سَاحَاتِهِمْ حِيْنَ يَقْدَمُ

ترجمہ جب ممدوح رومیون سے لڑائی نہین کرتا تو انکی موتین ان سے غائب ہوتی ہین اور جب وہ لڑائی کے لئے ان کے ملکون مین آتا ہی تو انکی موتین آموجود ہوتی ہین۔یعنی ممدوح مین موت اعدا ہی۔

أَجِدَّكَ مَا تَنْفَكُّ عَانٍ تَفُكُّهُ	عُمَرَبْنَ سُلَيْمَانٍ وَمَالًا تُقَسِّمُ

اجدک نصبہ علی المصدر تقدیرہ اجد جدک ہذا اصلہ ثم صار افتتاحا للکلام وقولہ عم ترخیم عمر علی رای اہل الکوفہ من ترخیم الثلاثی اذا کان متحرک الاوسط کعمر وزفر خلافا للبصریین والکسائی۔والعانی الاسیر ترجمہ کیا تو اے عمر بن سلیمان اس امر مین کوشش کرتا ہو کہ وہ قیدی جسکو تو چھوڑتا ہی اور اپنا مال خرچ کرتا ہی کبھی رہائی نہ پاوے اور وہ ہمیشہ تیرے بند احسان مین رہے۔یا یہ معنی ہین کہ کیا تو ہمیشہ قیدی کو چھوڑے گا اور انکو اموال دیگا۔ورو ی ینفک بالیاء ومال بالرفع۔

مُكَافِيكَ مَنْ أَوْلَيْتَ دِيْنَ رَسُولِهِ	يَدًا لَا يُؤَدِّي شُكْرَهَا الْيَدُ وَالْفَمُ

مکافیک صلہ الہمزۃ ولکنہ ابدال بالیاء اضطرارا کشانیک ترجمہ جس کو تونے دین نبی صلے اللہ علیہ وسلم عطا فرمایا۔یعنی جسکو تونے دین اسلام تلقین کیا وہ تیری ایسی مکافات کریگا اور ایسی نعمت بخشے گا کہ جس کا شکر ہاتھ اور منھ ادا نہین کرسکین گے۔یعنی وہ بروز قیامت تیرا شفیع ہوکر تجکو جنت مین داخل کرا دیگا۔

عَلَى مَهَلٍ إِنْ كُنْتَ لَسْتَ بِرَاحِمٍ	لِنَفْسِكَ مِنْ جُوْدٍ فَإِنَّكَ تَرْحَمُ

ترجمہ تو بہت جہاد کرچکا اب تامل فرما اور اپنی جان کو آرام دے اگر تو اپنے اوپر رحم نہین کرتا اور ہر چیز کو بخشتا ہی اور جان تک مین دریغ نہین کرتا ہی تو لوگون کو تجپر اور تیری جانکنی پر رحم آتا ہی۔

مَحَلُّكَ مَقْصُوْدٌ وَشَانِيْكَ مُفْحَمٌ	وَمِثْلُكَ مَفْقُوْدٌ وَنَيْلُكَ خِضْرِمُ

المفحم الساکت۔والشانی المبغض والخضرم الکثیر ترجمہ تیرا رتبہ اور مقام مقصود خلائق ہی اور تیرے دشمن کا تیرے معاملہ مین دم بند ہی کہ تجھ مین کچھ عیب نکال نہین سکتا اور تیرا مثل معدوم اور تیری عطا کثیر ہی۔

وَذَا ذَنْبِي دُوْنَ الْمُلُوْكِ تَحَرُّجِي	إِذَا عَنَّ بَحْرٌ لَمْ يَجُزْ لِي التَّيَمُّمُ

التحرج التضیق والاجتناب عن المعاصی ترجمہ اور مجکو میرا گناہ سے بچنا اور بادشاہون سے بچاکر تیرے پاس لے آیا کیونکہ جب دریا ظاہر ہو تو مجھکو تیمم جائز نہ تھا۔یعنی تیرے ہوتے اور سردار کے پاس جانا مجھکو درست نہ تھا جیسا دریا کے ہوتے تیمم جائز نہین ہی۔

فَعِشْ لَوْ فَدَى الْمَمْلُوكُ رَبًّا بِنَفْسِهٖ | مِنَ الْمَوْتِ لَمْ تُفْقَدْ وَفِي الْاَرْضِ مُسْلِمُ

ترجمہ سو تو زندہ رہ۔ اگر غلام اپنے مالک کی موت سے جان بچانیکو اپنی جان دیدے یعنی اگر ایسا ممکن ہو تو جب تلک روے زمین پر ایک بھی مسلمان رہے گا تو معدوم ہوگا کیونکہ تمام مسلمان تیرے جان نثار ہین۔ خلاصہ یہ ہی کہ سارے مسلمان تیرے غلام ہین پس کفار تو سب کے سب بطریق اولی تیرے بردے ہین۔

وقال وقد سمع زئیر الاسد بالفرادیس

أَجَارُكَ يَا أُسْدَ الْفَرَادِيسِ مُكْرَمٌ | فَتَسْكُنَ نَفْسِي أَمْ مُهَانٌ فَمُسْلَمُ

فتسکن جواب الاستفہام فنصبہ بالفاء۔ والفرادیس موضع بالشام ترجمہ ای شیران مقام فرادیس کیا تمھارا پڑوسی عزت کیا جاتا ہی اگر ایسا ہی تو میرے جی کو اطمینان ہوجائے یا وہ ذلیل اور دشمنون کے سپرد کیا جاتا ہی حیوانات کیطرف خطاب کرنا عرب کی عادت ہی۔

وَرَائِي وَقُدَّامِي عُدَاةٌ كَثِيرَةٌ | أُحَاذِرُ مِنْ لِصٍّ وَمِنْكَ وَمِنْهُمُ

ترجمہ میرے پس و پیش بہت سے دشمن موجود ہین مجکو خوف چورونکا ہی اور تیرا اور دشمنون کا۔

فَهَلْ لَكَ فِي حِلْفِي عَلَى مَا أُرِيدُهٗ | فَإِنِّي بِأَسْبَابِ الْمَعِيشَةِ أَعْلَمُ

ترجمہ سو کیا تجکو میرے ارادہ مین ہم قسم ہونے کی رغبت ہی کیونکہ مین معیشت کے سامان خوب جانتا ہون۔

إِذًا لَأَتَاكَ الْخَيْرُ مِنْ كُلِّ وِجْهَةٍ | وَأَثْرَيْتَ مِمَّا تَغْنَمِينَ وَأَغْنَمُ

ترجمہ اگر تم میرے ہم عہد ہوجاؤ تو بھلائی تمپر ہر طرف سے آن لگے اور تم اپنی اور میری لوٹ سے تونگر ہوجاؤ

وقال فی لعبۃ کانت تدور فسقطت عند بدر بن عمار

مَا نَقَلَتْ فِي مَشِيئَةٍ قَدَمًا | وَلَا اشْتَكَتْ مِنْ دُوَارِهَا أَلَمَا

ترجمہ اُس پتلے نے اپنے ارادہ سے کبھی ایک قدم بھی نہین اُٹھایا اور نہ اپنے چکر کھانے سے کبھی کسی درد کی شکایت کی۔

لَمْ أَرَ شَخْصًا مِنْ قَبْلِ رُؤْيَتِهَا | يَفْعَلُ أَفْعَالَهَا وَمَا عَزَمَا

ترجمہ اُس پتلے کے دیکھنے سے پہلے مین نے کوئی ایسا شخص نہین دیکھا کہ وہ بے قصد اپنے سارے کام کرے۔ یعنی اُسکو کوئی اور آدمی چکر دیتا ہی۔

فَلَا تَلُمْهَا عَلَى تَوَاقُعِهَا | أَطْرَبَهَا أَنْ رَأَتْكَ مُبْتَسِمَا

ترجمہ اُس پتلے کو گر جانے پر ملامت نکر کیونکہ اُسکو اسبات نے خوش کیا کہ اُس نے تجکو ہنستا دیکھا اسلئے وہ

خوشی کے مارے گر پڑے۔

وقال یمدح علی بن احمد الخراسانی

لَا افْتِخَارَ اِلَّا لِمَنْ لَا يُضَامُ	مُدْرِكٍ اَوْ مُحَارِبٍ لَا يَنَامُ

اراد ان یقول لا افتخار بالفتح کقولک لا رجل فی الدار وانما الرفع جائز مع النفی بلا اذا عطف علیہ غیر رفع وتنوین کقولک لا رجل فی الدار ولا امرأۃ وانما اجازہ لغیر عطف لانہ جعل لا بمعنی لیس کبیت الحماسۃ ٭ من فرعن نیرانہا۔ فانا ابن قیس لا براح ترجمہ فخر کرنا نہیں پہنچتا مگر اس شخص کو جس پر ظلم نکیا جائے۔ یعنی اُسپر کوئی ظلم نکر سکے بسبب اسکی طاقت وعزت کے سوا ایسا شخص یا تو اپنے مطلب میں کامیاب ہونے والا ہو یا لڑنے والا کہ قبل حصول مطلب سونا حرام سمجھے۔ خلاصہ یہ کہ ایسا شخص ممدوح ہی ہے۔ اور۔

لَيْسَ عَزْمًا مَا مَرَّضَ الْمَرْءُ فِيهِ	لَيْسَ هَمًّا مَا عَاقَ عَنْهُ الظَّلَامُ

ترجمہ قصد کامل یہ نہیں ہے کہ مرد اُسمین کوتاہی کرے اور ارادہ یہ نہیں ہے کہ تاریکی شب اُس کے پورا کرنے سے روکے۔

وَاحْتِمَالُ الْاَذَى وَرُؤْيَةُ جَانِيهِ	غِذَاءٌ تَضْوَى بِهِ الْاَجْسَامُ

تضوی تہزل ترجمہ اور تکلیف اُٹھانا اور دشمن تکلیف دہندہ کا دیکھنا ایسی غذا ہے کہ اُس کے سبب اجسام لاغر ہوتے ہیں۔ یعنی اُٹھانا تکلیف کا سخت ہے اور دیکھنا تکلیف دینے والے کا سخت تر کہ اُسکے سبب اضمحلال لاحق ہوتا ہے۔

ذَلَّ مَنْ يَغْبِطُ الذَّلِيلَ بِعَيْشٍ	رُبَّ عَيْشٍ اَخَفُّ مِنْهُ الْحِمَامُ

رفع اخف لانہ خبر مبتدء یعنی الحمام اخف منہ ترجمہ وہ شخص ذلیل ہے جو ذلیل کی زندگی پر رشک کرے کیونکہ بہت سی زندگیاں ایسی ہوتی ہیں کہ موت اُن سے تکلیف میں سبکتر ہوتی ہے۔ یعنی مرنا اُن سے بہتر ہوتا ہے۔

كُلُّ حِلْمٍ اَتَى بِغَيْرِ اقْتِدَارٍ	حُجَّةٌ لَاجِئٌ اِلَيْهَا اللِّئَامُ

ترجمہ جو تحمل بے حصول قدرت انتقام ہو وہ ایسا دلیل ہے کہ کمینے لوگ اُسکی پناہ پکڑتے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ درصورت قدرت انتقام تحمل کرنا حلم ہے ورنہ عجز ہے کہ سفیہ اُس کا بہانہ کیا کرتے ہیں۔

مَنْ يَهُنْ يَسْهُلِ الْهَوَانُ عَلَيْهِ	مَا لِجُرْحٍ بِمَيِّتٍ اِيلَامُ

ترجمہ جو شخص ذلت اختیار کرے اور اپنی کچھ قدر نکرے اُسکو ذلت آسان ہو جاتی ہے اور اُسکو اُس میں کچھ تکلیف نہیں معلوم ہوتی جیسے مُردہ شخص کو زخم سے کچھ تکلیف نہیں ہوتی۔ یہ تشبیہ عمدہ ہے۔

ضَاقَ ذَرْعًا بِاَنْ اَضِيقَ بِهِ ذَرْعًا	زَمَانِي وَاسْتَكْرَمَتْنِي الْكِرَامُ

ضاق ذرعا بکذا اذا لم یطقه - واصله ان یمد رجل ذراعه الی الشیٔ فلا یصل الیه ترجمہ میرا زمانہ اس امر سے عاجز ہوگیا کہ میرے اُوپر ایسی مصیبت ڈالے کہ مین اُس کے تحمل سے عاجز ہو جاؤن - یعنی مین بڑا صاحب ہمت وصابر ہون کیونکہ مین ایسا ہون کہ مجھکو عمدہ لوگون نے کریم وصابر پایا ہی -

وَاقِفًا تَحْتَ اَخْمَصَیْ قَدْرِ نَفْسِیْ ۔۔۔ وَاقِفًا تَحْتَ اَخْمَصَیَّ الْاَنَامُ

واقفا فی الموضعین منصوب علی الحال - والاخمصان من القدمین باطناه اللذان لا یلصقان الارض ترجمہ مین اُس حال مین کہ تمام خلق میرے ہر دو کف پا کے تلے کھڑی ہوئی ہو اُس حال مین زیر ہر دو کف پا اپنی نفس کے قدر عظیم کے کھڑا ہون گا - خلاصہ یہ ہی کہ مین گو تمام خلق سے فائق اور بالا تر شمار کیا جاؤن مگر مین اُس حال مین بھی اپنی قدر بلند کے پاؤن تلے ہون گا کیونکہ میری ہمت بلند اور میرا حوصلہ بس عالی ہی مین علاوہ مذکور کو حقیر اور کمتر سمجھتا ہون -

اَقَرَارًا اَلَذُّ فَوْقَ شَرَارٍ ۔۔۔ وَمَرَامًا اَبْغِیْ وَظُلْمِیْ یُرَامُ

الشرار شرار النار ترجمہ کیا مین شعلہ پر آتش کے ٹھہرنے کو خوش مزہ پاؤن اور ایسے حال مین اپنے کسی مطلب کا خواستگار ایسی صورت مین ہون کہ میرے ظلم کا ارادہ کیا جائے - یہ استفہام بطور انکار ہی - یعنی یہ امر مجھ سے نہین ہو سکتا کہ مین مظلوم ہو کر اپنا مطلب حاصل کرون بلکہ پہلے ایسی تدابیر کرون گا کہ کوئی مجھ پر ظلم نہ کر سکے اُسوقت طالب اپنے مطلب کا ہون گا -

دُوْنَ اَنْ یَّشْرَقَ الْحِجَازُ وَنَجْدٌ ۔۔۔ وَالْعِرَاقَانِ بِالْقَنَا وَالشَّامُ

الشام اصله الہمزة لانه ماخوذ من الید الشومی وہی الشمال وذلک انک اذا وقفت بمکة مستقبلا مطلع الشمس کان الشام عن شمالک والیمن عن یمینک - والحجاز من المدینة الی مکة ونجد ارض بین الکوفة والحجاز وعراق العرب من الکوفة الی حلوان عرضا ومن تکریت الی البحر طولا - وعراق العجم من حلوان الی الری ترجمہ مین قرار وآرام کو لذیذ نہین سمجھون گا بدون اس کے کہ حجاز اور نجد اور عراق عرب وعراق عجم اور شام میرے چمکدار نیزون سے روشن ہو جاوین اور وہان کے بادشاہون کو قتل کر کے خود اُنپر قابض ہو جاؤن -

شَرِقَ الْجَوُّ بِالْغُبَارِ اِذَا سَا ۔۔۔ رَ عَلِیُّ بْنُ اَحْمَدَ الْقَمْقَامُ

القمقام السید ترجمہ جبکہ علی بن احمد سردار اپنے دشمنون پر چڑھائی کرتا ہی تو بسبب کثرت لشکر کے فاصلہ مابین آسمان وزمین کو غبار کی فراوانی سے اُچھو آجاتا ہی یعنی اتنا غبار اُڑتا ہی کہ جو کے گلو مین اٹک جاتا ہی -

اَلْاَدِیْبُ الْمُهَذَّبُ الْاَصْیَدُ الضَّرْبُ الذَّکِیُّ الْجَعْدُ السَّرِیُّ الْهُمَامُ

الاصید الملک العظیم الذی لا یلتفت کبرا - والضرب الخفیف اللحم - والہمام الذی ینفذ ما یہم بہ - والجعد اذا استعمل

بغیر اضافۃ کان المعنی الکریم واذا قیل جعد الیدین کان المعنی بخیلا والسری السخی ذو مروۃ ترجمہ ابن احمد ادیب مہذب مرد دار بدن کا چھریرہ سخی صاحب مروت ارادہ کا پورا ہی۔ یعنی جو وہ ارادہ کرتا ہی اُسے پورا کرچھوڑتا ہی۔

وَالَّذِیْ رَیْبُ دَهْرِہٖ مِنْ اُسَارَاہُ وَمِنْ حَاسِدِیْ یَدَیْہِ الْغَمَامُ

ترجمہ وہ ایسا شخص ہی کہ اُس کے زمانہ کے حوادث اُس کے قیدی ہین کہ اُس کے عہد مین حوادث دہر بے اُس کے حکم کے ستا نہین سکتے اور ایسا سخی ہی کہ ابر باین ہمہ بخشش اُس کے سخائے دست پر حسد کرنے والون سے ایک ہی۔

یَتَدَاوٰی مِنْ کَثْرَۃِ الْمَالِ بِالْاِقْلَالِ جُوْدًا کَاَنَّ مَالًا سِقَامُ

جودا نصب علی المصدر ای یجود جودا ترجمہ وہ کثرت اموال کا افلاس سے علاج از روے بخشش کرتا ہی گویا مال کو بیاری سمجھتا ہی۔ یعنی وہ اموال کو ایسی طرح دفع کرتا ہی گویا وہ بیاری ہی۔

حَسَنٌ فِیْ عُیُوْنِ اَعْدَائِہٖ اَقْبَحُ مِنْ ضَیْفِہٖ رَاَتْہُ السَّوَامُ

فی عیون اعدائہ ظرف لاقبح۔ والسوام المال المرعی ترجمہ وہ واقع مین خوبصورت ہی مگر دشمنون کی آنکھون مین اُس کے مہمان سے جس کو اُس کے چرندے چوپائے دیکھین قبیح المنظر ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ ممدوح مہمان نواز ہی پس جب اُس کے شتر اُسکے مہمان کو دیکھتے ہین تو یقینا جان لیتے ہین کہ وہ ہمکو اُس کی ضیافت کے لئے ذبح کرے گا اس لئے مہمان کیصورت اُنکی نظرون مین بُری معلوم ہوتی ہی اسیطرح ممدوح کی صورت کو اُسکے اعدا زشت سمجھتے ہین۔

لَوْ حَمٰی سَیِّدًا مِنَ الْمَوْتِ حَامٍ	لَحَمَاکَ الْاِجْلَالُ وَالْاِعْظَامُ

ترجمہ اور کسی سردار کو کوئی حمایت کرنے والا موت سے بچاوے تو ضرور لوگون کا تجکو جلیل اور عظیم القدر سمجھنا موت سے بچاوے گا۔ یعنی وہ لوگ اپنی جانین فدا کرین گے اور تجکو مرنے نہ دینگے۔

وَعَوَارٍ لَوَامِعٌ دِیْنُهَا الْحِلُّ وَلٰکِنَّ زِیَّهَا الْاِحْرَامُ

ترجمہ اور تجکو موت سے بچالین گی شمشیرہاے برہنہ درخشان کہ اُنکا دین حل ہی یعنی وہ مانند شخص حلال یعنے غیر محرم کے قتل سے احتراز نہین کرتین مگر اُن کا لباس احرام ہی یعنی اپنے میانون سے باہر رہتی ہین اور مثل محرم استعمال لباس دوختہ سے احتراز کرتی ہین۔

کُتِبَتْ فِیْ صَحَائِفِ الْمَجْدِ بِسْمٌ	ثُمَّ قَیْسٌ وَبَعْدَ قَیْسِ السَّلَامُ

رفع بسم لانہ اجری الکلمۃ مع الباء بمنزلۃ کلمۃ واحدۃ فرفعہا ترجمہ کتب مجد و کرم مین بسم اللہ الخ لکھی گئی پھر

قبیلہ قیس کا جو ممدوح کا قبیلہ ہی نام لکھا گیا اور بعد قیس سلام لکھا گیا جو آخر کتاب مین لکھا جاتا ہی مطلب یہ ہی کہ مجد قبیلہ قیس پر ختم ہی اور بس۔

اِنَّمَا مُرَّةُ بْنُ عَوْفِ بْنِ سَعْدٍ	جَمَرَاتٌ لَا تَشْتَهِيهَا النَّعَامُ

النعام تشتہی الجمرۃ لفرط برودۃ فی طبعہا۔ وجمرات العرب ثلاث بنو ضبۃ بن اد و بنو الحارث بن کعب و بنو نمیر بن عامر سموا بہا لفرط شوکتہم ترجمہ بیشک مرہ بن عوف بن سعد قبیلہ ممدوح ایسے انگرپارے اور چنگاریان ہین جنکو شترمرغ نہین چاہتے۔ شترمرغ کی تخصیص اسوجہ سے کی کہ وہ بوجہ برودت طبع خواہان حرارت ہوتا ہی یعنی تم جمرات حرب ہو نہ معمولی جمرات جسکو شترمرغ پسند کرتا ہی۔

لَيْلُهَا صُبْحُهَا مِنَ النَّارِ وَالْإِصْبَاحُ لَيْلٌ مِنَ الدُّخَانِ تِمَامُ

کل لیل طال من مرض او ہم فہو تمام وانما جاربہ للقافیۃ والا فقد تم الکلام دونہ ترجمہ قوم مذکور کی رات بسبب روشنی نار ضیافت مانند صبح روشن ہوتی ہی اور انکی صبح بسبب کثرت پخت طعام و دخان کثیر کے ایک تیری دراز شب ہی۔ یعنی یہ لوگ شب و روز ضیافت مہمانان مین مصروف رہتے ہین۔ اور یہ بھی ہو سکتا ہی کہ وہ روز مین غارتگری اور جنگ کرتے ہین اور اس لئے اُن کا روز روشن بسبب کثرت غبار کے شب تاریک ہوتا ہی۔

هِمَمٌ بَلَّغَتْكُمْ رُتَبَاتٍ	قَصُرَتْ عَنْ بُلُوغِهَا الْأَوْهَامُ

ترجمہ اے قوم ممدوح تمھاری ہمتین ایسی عالی ہین کہ انہون نے تمھین ایسے رتبون پر پہنچا دیا ہی کہ وہم بھی وہان تلک نہین پہنچ سکتے۔

وَنُفُوسٌ إِذَا انْبَرَتْ لِقِتَالٍ	نَفِدَتْ قَبْلَ يَنْفَدُ الْإِقْدَامُ

الانبرار التعرض للشیٔ۔ والنفاد الفناء ترجمہ اور تمھاری ایسی جانین ہین کہ جب وہ جنگ اختیار کرتی ہین تو قبل تمام ہونے پیشروی جنگ کے وہ تمام ہو جاتی ہین۔ یعنی مین اقدام مین فنا ہو جاتی ہین ہٹنا جانتی ہی نہیں۔

وَقُلُوبٌ مُوَطَّنَاتٌ عَلَى الرَّوْعِ كَأَنَّ اقْتِحَامَهَا اسْتِسْلَامُ

موطنات مسکنات۔ والروع ہہنا الحرب۔ والاقتحام الدخول فی الحرب۔ والاستسلام طلب الصلح ترجمہ اور تمھارے دل لڑائی کے ایسے عادی و خوگر ہین کہ گویا اُس جنگ مین گھسنے کو طلب صلح جانتے ہین۔ یعنی جنگ مین ایسے بے باک و سرد ہو جاتے ہین گویا طالب صلح ہین۔

قَائِدُوا كُلِّ شَطْبَةٍ وَحِصَانٍ	قَدْ بَرَاهَا الْإِسْرَاجُ وَالْإِلْجَامُ

الشطبۃ الفرس الطویلۃ۔ وبرابا ہزلہا داخلہا ترجمہ وہ لوگ ایسے دراز قد گھوڑے اور ہر عمدہ نر گھوڑے جفاکش کو جنگ کیطرف ہنکاتے اور لیجاتے ہیں جس کو زین کسنے اور لگام دینے نے لاغر کردیا ہے۔

یَتَعَثَّرْنَ بِالرُّؤُسِ کَمَا مَرَّ بِتَاءَاتِ نُطْقِہِ التَّمْتَامُ	

التمتام الذی یتردد لسانہ بالتاء کالفافا الذی یتردد لسانہ بالفاء ترجمہ وہ گھوڑے میدان جنگ میں بسبب سرہائے دشمنان کشتہ کے ایسی لغزشیں اور ٹھوکریں کھاتے ہیں جیسے تتلا شخص اپنی گفتگو کے تاؤں میں اُن کا بار بار تلفظ کرتا ہے۔ یعنی گھوڑے بسبب کثرت سرہائے مقتولان دوڑ کر نہیں چل سکتے۔

طَالَ غِشْیَانُکَ الْکَرَائِہَ حَتّٰی	قَالَ فِیْکَ الَّذِیْ اَقُوْلُ الْحُسَامُ

الکرایہ جمع کریہۃ بمعنی المکروہ ترجمہ تیرا لڑائیوں میں مصروف رہنا دراز ہو گیا۔ یعنی تو نے بہت جنگ کی یہاں تک کہ شمشیر برندہ نے تیرے حق میں بزبان اپنے دندانوں کے یا بزبان حال وہ ہی کہا جو میں کہتا ہوں۔

وَکَفَتْکَ الصَّفَائِحُ النَّاسَ حَتّٰی	قَدْ کَفَتْکَ الصَّفَائِحَ الْاَقْلَامُ

الصفائح جمع صفیحۃ وہی السیف ترجمہ اور تجھکو تیری تلواروں نے لوگوں کی استعانت سے بے پروا کر دیا یہاں تک کہ تیری قلموں نے تجھکو تلواروں سے مستغنی کر دیا۔ یعنی تیری قلم شمشیروں کا کام دیتی ہے اور تیری ہیبت اور رعب لوگوں کے دلوں میں ایسا چھا گیا ہے کہ صرف تیرے لکھنے سے ڈر جاتے ہیں اور شمشیر کشی کی نوبت نہیں پہنچتی۔

وَکَفَتْکَ التَّجَارِبُ الْفِکْرَ حَتّٰی	قَدْ کَفَاکَ التَّجَارِبَ الْاِلْہَامُ

ترجمہ اور تجھکو تجربے فکر سے کافی ہو گئے یعنی چونکہ تو تجربہ کار ہے اس لئے تجھکو کسی پہلو کے اختیار کرنے میں فکر کی حاجت نہیں پڑتی یہاں تک کہ الہام الٰہی تیرے لئے تیرے تجربوں سے کافی ہو گیا۔ یعنی الہام الٰہی صواب کیطرف تیرا راہ نما ہے۔

فَارِسٌ یَشْتَرِیْ بِرَازَکَ لِلْفَخْرِ بِقَتْلٍ مُعَجَّلٍ لَا یُلَامُ

البراز المبارزۃ وہی ان یبارز الرجل قرنہ ترجمہ جو سوار تجھ سے براہ فخر جنگ کرنا بقصد فوراً قتل ہونے کے اختیار کرے وہ قابل ملامت نہیں ہے کیونکہ تجھ سے مقابل ہو کر مقتول ہونا واقعی قابل فخر ہے۔

نَائِلٌ مِنْکَ نَظْرَۃً سَاقَہُ الْفَقْرُ عَلَیْہِ لِفَقْرِہٖ اِنْعَامُ

ترجمہ جس شخص کو اُسکے فقر نے تیری طرف بلایا اور تجھکو اُس نے پایا تو نے اُسکو ایک نظر دیکھا تو حق یہ ہے کہ اُس پر اُسکے فقر کا بڑا انعام ہے کیونکہ تیرا دیدار ایک نعمت بے بدل ہے جس کے حصول کا باعث اُس کا فقر ہوا۔

خَیْرُ اَعْضَائِنَا الرُّؤُسُ وَلٰکِنْ	فَضَلَتْہَا بِقَصْدِکَ الْاَقْدَامُ

ترجمہ ہمارے بہترین اعضا سر ہیں کیونکہ وہ مجمع حواس ومحل عقل ہیں مگر انپر اقدام نے بسبب تیرے قصد کے فضیلت حاصل کی۔ کیونکہ ہم انکے ذریعہ سے تیری خدمت میں حاضر ہو گئے۔ اقول ہو کلام لطیف۔

قَدْ لَعَمْہَا نِے اَقْصَہَاتُ عَنْکَ وَلِلْوَفْدِ اِزْدِحَامٌ وَلِلْعَطَایَا اِزْدِحَامُ

الوفد ہم الوافدون علی الملوک ترجمہ میں نے ایسے حال میں تیری خدمت کی حاضری میں بیشک کوتاہی کی کہ تیرے پاس طالبان عطا او بخششوں کا مجمع کثیر ہے اور اس کی وجہ اگلے شعر میں بیان کرتا ہے۔

خِفْتُ اَنْ صِرْتُ فِي يَمِيْنِكَ اَنْ تَاْخُذَنِي فِي هِبَاتِكَ الْاَقْوَامُ

ترجمہ میں بوقت کثرت سائلان وعطایا اس خوف سے حاضر نہیں ہوا کہ اگر میں تیرے دست راست میں آ جاؤنگا تو مجکو اقوام سائلان بشمول تیرے دیگر عطایا کے لے لیں گی۔ یعنے تیرے ہبات بے دریغ ہیں تو مجکو اس امر کا خوف ہوا کہ تو مجکو بھی طالبان عطا کو نہ بخشدے۔ وہو غایۃ المبالغۃ فی کثرۃ العطایا وللہ دره۔

وَمِنَ الرُّشْدِ لَمْ اَزُرْكَ عَلَى الْقُرْبِ عَلَى الْبُعْدِ يُعْرَفُ الْاِلْمَامُ

تم الکلام علی القرب ثم استانف ما بعدہ ترجمہ اور یہ راہ کی بات ہوئی کہ جب تو مجھ سے قریب تھا اسوقت میں تیری خدمت میں حاضر نہوا اور جب تو دور تھا اسوقت حاضر ہوا کیونکہ شوق زیارت فاصلہ بعید کے طے کرنے سے معلوم ہوتا ہے پاس سے تو ہر کوئی حاضر ہو جاتا ہے۔

اَسْرَعُ السُّحْبِ فِي الْمَسِيْرِ الْجِهَامُ	وَمِنَ الْخَيْرِ بُطْءُ سَيْبِكَ عَنِّي

البطؤ التاخر۔ والسیب العطاء۔ والجہام السحاب الذی لا ماء فیہ ترجمہ تیری عطا جو مجکو دیر میں پہنچی یہ عمدہ بات ہوئی کیونکہ جو ابر جلد چلتا ہے وہ بے آب ہوتا ہے برستا نہیں ہے۔

وُدُّهَا اَنَّهَا بِفِيْكَ كَلَامُ	قُلْ فَكَمْ مِنْ جَوَاهِرٍ بِنِظَامٍ

الود بالفتح التمنی وبالضم المحبۃ ترجمہ اے ممدوح آپ کلام کریں کیونکہ بہت سے جواہر منظوم کی یہ خواہش ہے کہ وہ تیرے دہان مبارک کا کلام ہوں اس لئے کہ تیرا کلام نہایت پاک اور تیرا بیان واضح ہے۔

هَابَكَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ فَلَوْ تَنْهَاهُمَا لَمْ تَجُزْ بِكَ الْاَيَّامُ

ترجمہ شب وروز تجھسے ڈرتے ہیں اور تیرے ایسے مطیع ہیں کہ اگر تو انکو حرکت سے منع فرما دے تو تیرے حکم کے سبب زمانہ کو حرکت نہ ہے۔ یعنی اگر تو زمانہ کو حرکت سے منع کرے تو فوراً ٹہر جاوے۔

حَسْبُكَ اللّٰهُ لَا تَضِلُّ عَنِ الْحَقِّ وَلَا تَهْتَدِي اِلَيْكَ اٰثَامُ

ترجمہ خداوند تعالیٰ تیرے مطالب پورا کرنے کو کافی ہو تو حق سے نہیں ہٹکتا اور گناہ کے کاموں کو تجھ تک رسائی نہیں ہے۔

لِمَ لَا تَحْذَرُ الْعَوَاقِبَ فِي غَيْرِ الدَّنَايَا أَوَ مَا عَلَيْكَ حَرَامُ	

الدنایا جمع دنیۃ ترجمہ ای ممدوح تو سوائے اُن اُمور کے جنکے اختیار کرنے مین کمینہ پن ہو اور سوائے اُن افعال کے جو تجھ پر حرام ہین بدانجامی سے کیون ہنین ڈرتا یعنی تو اُمور دنیہ اور شئی حرام سے تو ضرور احتراز کرتا ہی اور سوائے ہر دو اُمور مذکورہ کے مصائب جنگ اور مہالک سے ہنین احتراز کرتا اور اُن کے انجام بد سے ہنین ڈرتا سو ایسا ہنین کرنا چاہئے انجام کا خیال ضرور ہی وروی ابو الفتح اوما بالف الاستفہام وقال لاذا طک فی توقی الدنایا صار کانک لا حرام علیک غیرہا۔ اور درصورت الف استفہام یہ معنی بھی ہوسکتے ہین کہ تم اپنے نفس کو مہالک مین کیون ڈالتا ہی کیا تو یہ ہنین جانتا کہ نفس کو مہالک مین ڈالنا حرام ہی قال اللہ تعالیٰ لا تلقوا بایدیکم الی التہلکۃ۔ غرض اظہار شجاعت ہی۔

كَمْ حَبِيبٍ لَا عُذْرَ فِي اللَّوْمِ فِيهِ	لَكَ فِيهِ مِنَ التُّقَى لُوَّامُ

ترجمہ بہت سے ایسے محبوب ہین کہ اُنکی مواصلت مین گنجایش ملامت ہنین ہی۔ یعنی وہ ایسے نفیس حسین ہین کہ اُنکے وصل مین کوئی تجکو ملامت ہنین کر سکتا مگر تیرا تقولی اُنکے وصل کے باب مین تیرا ملامت گر اور مانع وصل ہی اور اُسی کے باعث تو اُنکے وصل سے احتراز کرتا ہی۔ غرض بیان ممدوح کے تقوی اور خوف خدا کا ہی اور اُسی کی تاکید اگلے شعر مین کرتا ہی۔

رَفَعَتْ قَدْرَكَ النَّزَاهَةُ عَنْهُ	وَثَنَتْ قَلْبَكَ الْمَسَاعِي الْجِسَامُ

اصل التنزہ التباعد وہو البعد عن السواد۔ والجسام العظام ترجمہ تیری پاکدامنی نے تیرے مرتبہ کو وصل محبوب سے بلند رکھا اور تیرے دل کو تیری کوششہائے عظیمہ نے اُس سے پھیر دیا۔

إِنَّ بَعْضًا مِنَ الْقَرِيضِ هُذَاءٌ	لَيْسَ شَيْئًا وَبَعْضَهُ أَحْكَامُ

القریض الشعر وہو ماخوذ من قرض الشئی اذا قطعہ کان الشاعر یقطعہ من فکرہ ترجمہ بیشک بعض شعر ہذیان لاشئی ہوتے ہین اور بعض حکمتین وہو ماخوذ من قولہ علیہ السلام ان من الشعر لحکمۃ۔

مِنْهُ مَا يَجْلِبُ الْبَرَاعَةُ وَالْفَضْلُ وَمِنْهُ مَا يَجْلِبُ الْبِرْسَامُ

برع فاق۔ والبرسام علۃ معروفۃ ترجمہ بعض شعر ایسے ہوتے ہین کہ اُنکی جالب اور باعث فوقیۃ علم اور فضل ہوتے ہین۔ اور بعض کا باعث برسام وہذیان وجنون یہ تعریض ہی اور شاعرون پر یعنی میرا کلام ایسا ہنین ہی۔

وقال یرثی جدتہ لامہ وکانت جدتہ قد یئست منہ لطول غیبتہ فکتب الیہا کتابا فلما وصلہا قبلتہ وفرحت بہ حمت من وقتہا لما غلب علیہا من السرور فمات

أَلَا لَا أَرَى الْأَحْدَاثَ حَمْدًا وَلَا ذَمًّا ۔۔۔ فَمَا بَطْشُهَا جَهْلًا وَلَا كَفُّهَا حِلْمًا

الاحداث المصائب ترجمہ سنو صاحب مین مصائب زمانہ کو نہ قابل ستایش جانتا ہون نہ لائق نفرین کیونکہ نہ اُسکی سخت گرفت براہ جہالت ہی اور نہ اُسکا ضرر رسانی سے رکنا براہ حلم - یعنی زمانہ کے افعال مین خود اُسکو دخل نہین ہی - تمام اُمور قبضہ قدرت خداوند تعالی شانہ مین ہین

إِلَى مِثْلِ مَا كَانَ الْفَتَى مَرْجِعُ الْفَتَى ۔۔۔ يَعُودُ كَمَا أُبْدِي وَيُكْرِي كَمَا أُرْمِي

ابدی بمعنی خلق - واکری نقص - وارمی زاد ومنہ رمیت علی الخمسین ترجمہ جیسا جوان اول معدوم تھا ایسا ہی اُسکا انجام ہوگا جیسا اُسکو خداوند تعالی نے عدم سے پیدا کیا ایسا ہی وہ حالت عدم کیطرف لوٹ آوے گا اور جیسا بڑھا ہی ویسا ہی گھٹجاوے گا -

لَكِ اللَّهُ مِنْ مَفْجُوعَةٍ بِحَبِيبِهَا ۔۔۔ قَتِيلَةِ شَوْقٍ غَيْرِ مُلْحِقِهَا وَصْمَا

الوصم العیب - ولک اللہ دعا لہا - وحبیبہا یعنی لنفسہ ترجمہ ای متوفاۃ خدا تجھپر رحم کرے کہ تجھکو تیرے پیارے فرزند یعنی میرے فراق کی تکلیف دی گئی ہی اور تو اپنے فرزند کے اشتیاق کی مقتول ہی اور یہ اشتیاق ایسا ہی کہ یہ تجھکو عیب نہین لگاتا کیونکہ اپنی اولاد کا اشتیاق موجب عیب نہین بلکہ باعث اجر ہی -

أَحِنُّ إِلَى الْكَأْسِ الَّتِي شَرِبَتْ بِهَا ۔۔۔ وَأَهْوَى لِمَثْوَاهَا التُّرَابَ وَمَا ضَمَّا

ترجمہ مین اُس کاسہ موت کا مشتاق ہون جو میری نانی نے پیا - یعنی اُس کی وفات کے بعد مجکو جینا منظور نہین ہی اور اُس کے خاک مین دفن ہونے سے مٹی کو اور اُسکو جو مٹی کے اندر ہی دوست رکھتا ہون یعنی میری خواہش یہ ہی کہ مین بھی مرجاؤن اور متوفاۃ سے جا ملون - یا یہ کہ اُس کے سبب ہر مدفون کو دوست رکھتا ہون -

بَكَيْتُ عَلَيْهَا خِيفَةً فِي حَيَاتِهَا ۔۔۔ وَذَاقَ كِلَانَا ثُكْلَ صَاحِبِهِ قِدْمَا

ترجمہ مین اُسکی زندگی مین بخوف اُس کے مرگ کے روتا تھا اور ہم مین ہر ایک نے ہمیشہ ایک دوسرے کے گم کرنے کا مزہ چکھ لیا تھا کیونکہ مین زندگی ہی مین اُس سے جدا رہا اور وہ مجھ سے -

وَلَوْ قَتَلَ الْهَجْرُ الْمُحِبِّينَ كُلَّهُمْ ۔۔۔ مَضَى بَلَدٌ بَاقٍ أَجَدَّتْ لَهُ صَرْمَا

اَجَدَّت بمعنی احدثت - والصرم البعد والقطعۃ ترجمہ اور اگر اُسکی جدائی اُس کے تمام دوستدارون کو قتل کر دے تو تمام شہر جو باقی رہا ہی اور وہ متوفاۃ اُس سے ابھی جدا ہوئی ہی سب کے سب مرجاوین کیونکہ اُس کو سب دوست رکھتے ہین اور باعث فخر جانتے ہین -

مَنَافِعُهَا مَا ضَرَّ فِي نَفْعِ غَيْرِهَا ۔۔۔ تَغَذَّى وَتَرْوَى أَنْ تَجُوعَ وَأَنْ تَظْمَا

ترجمہ شارح ابوالفتح اس شعر کے یہ معنی لکھتے ہین کہ منافع احداث یعنی مصائب کے اُس مین ہین جو غیر کے نفع کو ضرر پہنچائے۔ کیونکہ اُنکی غذا اور سیرابی یہ ہی کہ وہ مصائب مین بھوکے رہین اور پیاسے اور یہ امر اورون کو مضر ہی اس لئے کہ اُنکی بھوک اور پیاس یہ ہی کہ لوگون کو ہلاک کرین اور دُنیا کو لوگون سے خالی۔ شارح واحدی ان معنون کو پسند نہین کرتے بلکہ کہتے ہین کہ تجوع بتنلا واحد مخاطب کے صیغے ہین اور معنی یہ ہین کہ حوادث کی غذا اور سیرابی یہ ہی کہ اے مخاطب تو بھوکا پیاسا رہے۔ یعنی ضرر رسانی اُن کا مین دلی مقصود ہی اور ابن فرجہ کہتے ہین کہ ضمیر منافعہا کی جدہ متوفاۃ کی طرف راجع ہو اور معنی یہ ہین کہ متوفاۃ خود کم کھاتی اور بھوکی رہتی تھی اور اپنا کھانا اورون کو بخشدیتی تھی۔ پس گویا اُس کا خورونوش اُس کا بھوکا اور پیاسا رہنا تھا۔ یعنی اورونکے کھانے پینے سے وہ خوش ہوتی تھی۔

عَرَفْتُ اللَّيَالِي قَبْلَ مَا صَنَعَتْ بِنَا	فَلَمَّا دَهَتْنِي لَمْ تَزِدْنِي بِهَا عِلْمَا

ترجمہ مین احوال راتون کا یعنے حوادث زمانہ کا کہ وہ دوستون مین تفرقہ اندازہی قبل اُسکی تفرقہ اندازی کے جو اُس نے ہمارے معاملہ مین کی خوب جانتا تھا سو جب یہ مصیبت مجھ پر گزری تو اُسنے میری واقفکاری کو کچھ بڑھایا نہین۔ یہ مضمون ماخوذ ہی ایک عرب کے قول سے جس کا پسر مرگیا تھا اور اُس نے صبر جمیل کیا تھا۔ لوگون نے اُس سے سبب صبر پوچھا تو اُسنے کہا اسکا یقین ہمکو پہلے سے تھا سو جب ظاہر ہوا ہمکو اُوپرا نہ معلوم ہوا۔

أَتَاهَا كِتَابِي بَعْدَ يَأْسٍ وَتَرْحَةٍ	فَمَاتَتْ سُرُورًا بِي فَمُتُّ بِهَا هَمَّا

الترح الحزن ترجمہ میری نانی کے پاس میرا خط جب آیا کہ وہ میری زندگی سے نااُمید اور میرے غم مین مبتلا تھی سو اُسکو جب میرے خط سے میری زندگی معلوم ہوئی تو اُسکو شادی مرگ ہوگیا اور مین اُسکے غم مین قریب المرگ ہوگیا۔

حَرَامٌ عَلَى قَلْبِي السُّرُورُ فَإِنَّنِي	أَعُدُّ الَّذِي مَاتَتْ بِهِ بَعْدَهَا سُمَّا

الضمیر فی بہ للسرور ترجمہ اب میرے دلکو خوشی حرام ہی کیونکہ مین بیشک اُس خوشی کو جس کے سبب وہ مرگئی ہی بمنزلہ زہر واجب الاحتراز سمجھتا ہون اور اپنے اُوپر حرام جانتا ہون۔

تَعَجَّبُ مِنْ خَطِّي وَلَفْظِي كَأَنَّهَا	تَرَى بِحُرُوفِ السَّطْرِ أَغْرِبَةً عُصْمَا

اغربۃ جمع غراب۔ والاعصم الذی فی احد جناحیہ ریشۃ بیضاء وہو قلیل الوجود ترجمہ وہ میرے خط اور میرے لفظ سے ایسا تعجب کرتی تھی کہ گویا حروف سطر مین زاغہائے سفید پر دیکھتی تھی یعنی ایک نہایت عجیب چیز جو دیکھنے مین نہین آتی۔ اور یہ تعجب اس لئے تھا کہ اُسکا خط بعد نااُمیدی آیا۔

وَتَلْثِمُهُ حَتَّى أَصَارَ مِدَادُهُ	مَحَاجِرَ عَيْنَيْهَا وَأَنْيَابَهَا سُحْمَا

اللثم القبابۃ۔ وسحا سوداً ترجمہ اور وہ میرے خط کو بوسہ دیتی رہی یہان تلک کہ اُس کی سیاہی نے اُس کے گرداگرد ہر دو چشم اور اُسکے دانتون کو اپنے سبب سیاہ کر دیا۔

رَقَا دَمْعُهَا الْجَارِي وَجَفَّتْ جُفُونُهَا	وَفَارَقَ حُبِّي قَلْبَهَا بَعْدَ مَا أَدْمَى

رقا انقطع واصابہ الہمزۃ ترجمہ اب وہ مر گئی اسلئے اُس کے اشک جاری تھم گئے اور اُسکی پلکین خشک ہو گئین اور اُسکے دل سے میری محبت جاتی رہی بعد اُسکے کہ میری محبت نے اُسکے دلکو خون آلودہ کر دیا تھا۔

وَلَمْ يُسْلِهَا إِلَّا الْمَنَايَا وَإِنَّمَا	أَشَدُّ مِنَ السُّقْمِ الَّذِي أَذْهَبَ السُّقْمَا

ترجمہ اور اُسکو مجھے فراموش نہین کرایا مگر موت نے یعنی مرجانے کے سبب وہ بھول گئی اور حال یہ ہیکہ وہ موت جس نے اُسے میرے فراق سے رہائی بخشی اور اُسکی بیماری کو دور کیا اُس بیماری فراق سے سخت تھی۔

طَلَبْتُ لَهَا حَظًّا فَفَاتَتْ وَفَاتَنِي	وَقَدْ رَضِيَتْ بِي لَوْ رَضِيتُ لَهَا قِسْمَا

ترجمہ مین اُسکی آسایش کے لئے حصۂ دنیا یعنی مال کا طالب ہوا اور اسی غرض سے مین نے سفر اختیار کیا سو وہ خود بسبب موت میرے ہاتھ سے جاتی رہی اور وہ حظ بھی حاصل نہوا اور اگر مین پسند کرتا تو اُس امر کو پسند کرتی تھی کہ مین اُس کے حصہ مین آجاؤن یعنی اُس کے پاس رہون اور کہین نجاؤن۔

فَأَصْبَحْتُ أَسْتَسْقِي الْغَمَامَ لِقَبْرِهَا	وَقَدْ كُنْتُ أَسْتَسْقِي الْوَغَى وَالْقَنَا الصُّمَّا

ترجمہ سو اب مین ایسا ہو گیا کہ اُسکی قبر کے تر و تازہ رکھنے کو ابر سے باران مانگتا ہون ورنہ پہلے تو مین جنگ اور ٹھوس نیزون سے خونہاے اعدا کا باران مانگتا تھا۔ یعنی اب مین نے اُسکے غم کے سبب لڑائی چھوڑ دی اور اُسکی دعا مین مشغول ہون۔

وَكُنْتُ قُبَيْلَ الْمَوْتِ أَسْتَعْظِمُ النَّوَى	فَقَدْ صَارَتِ الصُّغْرَى الَّتِي كَانَتِ الْعُظْمَى

ترجمہ اور مین اُس کے مرنے سے پہلے اُسکی جدائی کو ایک امر عظیم سمجھتا تھا سو اب مین جسکو مصیبت عظیم جانتا تھا یعنی اُس کے فراق کو سو بسبب صدمۂ اعظم اُسکی موت کے مصیبت فراق کمتر اور چھوٹی ہو گئی۔

هَبِينِي أَخَذْتُ الثَّأْرَ فِيكِ مِنَ الْعِدَى	فَكَيْفَ بِأَخْذِ الثَّأْرِ فِيكِ مِنَ الْحُمَّى

ہبینی احسبنی ترجمہ تو مجھکو ایسا خیال کرے کہ اگر کوئی تجھکو قتل کرتا تو تیرا بدلہ دشمنون سے لے لیتا سو تیری موت کا عوض تپ سے کیسے لے سکتا ہون۔ یعنی یہ سخت مجبوری کا مقام ہے یہان کچھ چل نہین سکتی۔

وَمَا انْسَدَّتِ الدُّنْيَا عَلَيَّ لِضِيقِهَا	وَلَكِنَّ طَرْفًا لَا أَرَاكِ بِهِ أَعْمَى

ترجمہ اور دنیا کی راہین مجھ پر اُسکی تنگی کے سبب بند نہین ہوئین بلکہ سب راہین کشادہ ہین مگر کیا کیجے کہ وہ آنکھ جس کے ذریعہ سے مین تجکو نہ دیکھون وہ نابینا ہے اس لئے تمام راہین میرے لئے بند ہین۔

فوا اسفا ان لا اکب مقبلا	لراسک والصدر اللذی ملئا حزما

الاکباب الخرور علی الوجه - والذی اراد به اللذین فحذف النون لطول الاسم وقیل بل هی لغة فی اللذ حذف الیاء وفی التثنیة اللذا ترجمہ سو ہائے افسوس کہ مین بوقت تیری وفات کے حاضر نہ تھا اس لئے تیرے سر مبارک اور سینہ پر حزینہ پر جو عقل وہوشیاری سے پر تھے بوسہ دینے کے لئے مُنھ کے بل نہ گر سکا۔

وان لا الاقی روحک الطیب الذی	کان ذکی المسک کان له جسما

شیئ ذکی شدید الرائحة ترجمہ اور مجکو یہ افسوس ہی کہ تیری ایسی پاک روح سے کہ گویا تیز خوشبوے مشک اُس روح کا جسم ہی مل نہ سکا۔

ولو لم تکونی بنت اکرم والد	لکان اباک الضخم کونک لی اُمّا

الضخم العظیم - والجدة تسمی اُمّا وتقوم فی المیراث مقام الام ترجمہ اور اگر تو بالفرض دختر عمدہ والد کی نہوتی تو ضرور تیرا میری ادر ہونا تیرا پدر عظیم القدر ہوتا - یعنی میری مادر ہونا تیرے لئے ایسے شرف کا باعث ہوتا - جیسا شرف پدر بزرگوار سے حاصل ہوتا ہی - جب لوگ کہتے کہ یہ متنبی کی والدہ ہی -

لئن لذ یوم الشامتین بیومها	فقد ولدت منی لانافهم رغما

لذ طاب - وبیومها ای بموتها ومنه لا ارانی الله یومک ترجمہ اور اگر میرے غم سے خوش ہونے والون کا روز بسبب اُسکی وفات کے اچھا اور خوش ہوگیا ہی تو کیا مضائقہ ہی کیونکہ میری طرف سے یا مجھ سے اُنکے لئے ایسے اُمور مکروہ پیدا ہوئے ہین جو اُنکی ناکون کو خاک مین رگڑ دین یعنی اُن کو سخت ذلیل وخوار کرین کیونکہ مین اُنکی ذلت کا کامل سبب ہون -

تغرب لا مستعظما غیر نفسه	ولا قابلا الا لخالقه حکما

ترجمہ شاعر آپکو غائب قرار دیکر کہتا ہے کہ اُس شخص نے جو اُس سے پیدا ہوا ہی متکبرون سے سفر کیا اور وہ اپنے نفس کے سوا کسیکو عظیم القدر نہین جانتا اور اُس نے کسی کا حکم نہین مانا مگر اپنے خالق جل شانہ کا۔

ولا سالکا الا فؤاد عجاجة	ولا واجدا الا لمکرمة طعما

ترجمہ اور وہ شخص نہین چلتا مگر بیچون بیچ غبار جنگ اور کسی چیز کا مزہ نہین چکھا مگر مکارم کا۔

یقولون لی ما انت فی کل بلدة	وما تبتغی ما ابتغی جل ان یسمی

ما واقعة علی صفات من یعقل فاذا قال ما انت فالمراد ای شیئ انت فنقول کاتب او شاعر او فقیه - قال الله تعالی حاکیا عن فرعون قال فرعون وما رب العالمین - وما تبتغی ای شیئ تبتغی وتم الکلام وما ابتغی الثانی مبتدا و فقال الذی ابتغی امر جلیل ترجمہ مین کثیر الاسفار ہون اسواسطے لوگ مجھ سے پوچھتے ہین کہ تو کیا بلا ہی کہ ہر

شہر مین پھرتا ہی اور تیرا کیا مطلب ہی مین نے اُن سے کہا کہ میرا مطلب اُس سے بڑا ہی کہ اُسکا نام لیا جائے یعنے قتل ملوک وامثال مالک۔

كَأَنَّ بَنِيهِمْ عَالِمُونَ بِأَنَّنِي ۔۔۔ جَلُوبٌ إِلَيْهِمْ مِنْ مَعَادِنِهِ الْيُتْمَا

الضمیر فی بنیہم للسائلین اوللشامتین۔ وجلوب بمعنی جالب ترجمہ گویا اُن پوچھنے والون کے لڑکے اس بات کو جانتے ہین کہ مین اُنکی طرف یتیمی کے کانون سے یتیمی کو کھینچنے والا ہون بسبب قتل اُن کے پدرون کے اس لئے وہ مجھ سے بغض رکھتے ہین۔

وَمَا الْجَمْعُ بَيْنَ الْمَاءِ وَالنَّارِ فِي يَدِي ۔۔۔ بِأَصْعَبَ مِنْ أَنْ أَجْمَعَ الْجَدَّ وَالْفَهْمَا

الجد الحظ والبخت ترجمہ پانی اور آگ کا اپنے ہاتھ مین جمع کرنا اس امر سے زیادہ دشوار اور سخت نہین ہی کہ مین سعادت بخت اور فہم درست کو جمع کرون۔ یعنی علم اور صاحب نصیبی ہرگز مجتمع نہین ہوسکتی۔ خلاصہ یہ ہی کہ مین صاحب علم اور فہم ہون اسلئے میرا بخت میری یاری نہین کرتا۔

وَلَكِنَّنِي مُسْتَنْصِرٌ بِذُبَابِهِ ۔۔۔ وَمُرْتَكِبٌ فِي كُلِّ حَالٍ بِهِ الْغَشْمَا

ذباب السیف طرفہ۔ والغشم الظلم ترجمہ مگر مین باینہمہ کم نصیبی آرام سے بیٹھنے والا نہین ہون بلکہ دم شمشیر اور اُسکی دھار سے خواہان امداد ہون۔ اور ہر حال مین سیف سے دشمنون پر ظالم ہون۔

وَجَاعِلُهُ يَوْمَ اللِّقَاءِ تَحِيَّتِي ۔۔۔ وَإِلَّا فَلَسْتُ السَّيِّدَ الْبَطَلَ الْقَرْمَا

ترجمہ اور مین دم شمشیر کو بروز جنگ دشمنون کے لئے بمنزلہ اپنی علیک سلیک کے کرنیوالا ہون اور اگر ایسا نکرون تو مین سردار بہادر حسب شمار نہون بلکہ ذلیل نامرد کہلاؤن۔

إِذَا فَلَّ عَزْمِي عَنْ مَدًى خَوْفُ بُعْدِهِ ۔۔۔ فَأَبْعَدُ شَيْءٍ مُمْكِنٌ لَمْ يَجِدْ عَزْمَا

یروی فل بالفاء والقاف فبالفاء یرتفع خوف لانہ فاعل وبالقاف ینتصب علی المفعول لہ والمدی الغایۃ ترجمہ جبکہ میرے ارادہ کو انتہاے مطلوب تک پہونچنے سے خوف اُسکی دوری کا توڑ دے اور کند کردے تو دور تر ہر شئ کا وہ امر ممکن ہی جس کے ساتھ ارادہ متعلق نہو۔ خلاصہ یہ ہی کہ بے پختہ ارادہ کے آسان چیز بھی ممکن الحصول نہین ہی چہ جائیکہ چیز متعسر الحصول۔ پس ارادہ مین کوتاہی نہین چاہیے۔

وَإِنِّي لَمِنْ قَوْمٍ كَأَنَّ نُفُوسَنَا ۔۔۔ بِهَا أَنَفٌ أَنْ تَسْكُنَ اللَّحْمَ وَالْعَظْمَا

الانف الاستنکاف من الشئ ولو قال نفوسہم کان اوجہ لاعادۃ الضمیر علی لفظ الغیبۃ لکن اختار صیغۃ المتکلم لتصریح المدح ترجمہ اور بیشک مین ایسی قوم مین سے ہون کہ گویا ہم سب کی جانین اسبات سے ننگ وعار رکھتی ہین کہ گوشت واستخوان مین رہین اس لئے بے خوف جنگ کرتے ہین اور مرنے سے نہین ڈرتے۔

كَذَا أَنَا يَا دُنْيَا إِذَا شِئْتِ فَاذْهَبِي	وَيَا نَفْسُ زِيدِي فِي كَرَائِهِهَا قُدُمَا

ترجمہ ای دنیا میں تو ایسا ہی ہوں کہ کسی ظلم و ذلت کی برداشت نہیں کر سکتا سو اگر تو مجھے راضی نہیں ہو تو جب چاہے چلدے مجھے تیری پروا نہیں ہے اور ای جی یا میری طبیعت تو اس امر میں پیشروی کر جسکو دنیا ناپسند کرتی ہے یعنی میری تنظیم و تکبر کو یا ای طبیعت اس امر میں پیشروی کر جسکو اہل دنیا ناپسند کرتے ہیں یعنی جنگ کو خلاصہ یہ ہے کہ تو خلاف اہل دنیا جو زندگی پسند ہیں خوب لڑ۔

فَلَا عَبَرَتْ بِي سَاعَةٌ لَا تُعِزُّنِي	وَلَا صَحِبَتْنِي مُهْجَةٌ تَقْبَلُ الظُّلْمَا

ترجمہ سو مجھ پر ایسی ساعت نگزریو جو میری عزت کا باعث نہو۔ اور ایسی جان میرے پاس نرہیو جو لوگوں کا ظلم قبول کرے۔

وقال یمدح ابا محمد الحسن بن عبید اللہ بن طغج وکان ابو محمد قد کثرت مراسلتہ الی ابی الطیب من الرملۃ فسار الیہ فلما دخل بالرملۃ اکرمہ فمدحہ بہذہ القصیدۃ وہی اول ما قال فیہ ابو الطیب

أَنَا لَائِمِي إِنْ كُنْتُ وَقْتَ اللَّوَائِمِ	عَلِمْتُ بِمَا بِي بَيْنَ تِلْكَ الْمَعَالِمِ

المعالم بقایا دیار الاحبۃ من آثار الدواب والخیام والنار ترجمہ جبکہ میں بقیہ خانہائے ویران محبوبہ دیکھکر کثرت روتا تھا اور ملامتگر میرا یہ حال دیکھکر مجکو سخت ملامت کرتے تھے اور میں بے ہوش تھا سو اگر مجکو یہ بات معلوم ہو کہ ان خانہائے ویران میں مجکو کیا کیا ملامت ہوئی اور مجھ پر کیا کیا گزری تو میں خود اپنے نفس کو قلت شوق وکمی عشق پر ملامت کردوں کیونکہ ایسے نازک وقت میں ہوش وحواس کا درست رہنا علامت قصور محبت کی ہے خلاصہ یہ ہے کہ دیار ویران محبوبہ کو دیکھکر بے ہوش ہوگیا مجکو خبر نہیں کہ مجھپر کیا ملامت ہوئی۔

وَلَكِنَّنِي مِمَّا شُدِهْتُ مُتَيَّمٌ	كَسَالٍ وَقَلْبِي بَائِحٌ مِثْلُ كَاتِمِ

الشدہ التحیر ترجمہ ولیکن میں بسبب شدت حیرت کے ایک عاشق ہوں مثل بیغم خالی از عشق کے کیونکہ بسبب ہجوم حیرت آہ وزاری نہیں کرتا۔ اور میرا دل مظہر عشق مثل اُسکے پوشیدہ رکھنے والے کے ہے کیونکہ اُسکا اظہار بحالت اضطرار بے اختیاری ہے۔ یعنی اُس کی دونوں حالتیں اضطراری ہیں۔

وَقَفْنَا كَأَنَّا كُلُّ وَجْدِ قُلُوبِنَا	تَمَكَّنَ مِنْ أَذْوَادِنَا فِي الْقَوَائِمِ

الاذواد جمع ذود وہو ما بین الثلاثۃ الی العشرۃ من الابل ترجمہ ہم ایسے جگر کھڑے ہوتے یعنی کھنڈرات مذکورہ پر کہ گویا ہمارے دلوں کا تمام عشق ہمارے شتران سواری کے پاؤں میں آگیا تھا۔ اس نے وہ متحیرانہ کھڑے رہے۔

وَدُسْنَا بِأَخْفَافِ الْمَطِيِّ تُرَابَهَا	فَلَا زِلْتُ أَسْتَشْفِي بِلَثْمِ الْمَنَاسِمِ

المنسم خف کا کنارہ بمنزلہ ناخن - واللثم القبل ترجمہ اور ہم نے شتروں کے موزون سے دیار محبوبہ کی مٹی کو خوب روندا اب میں بوسہ پا ہائے شتران سے اپنے دردِ عشق کی دوا کرتا چاہتا ہوں کیونکہ وہ دیار احبہ میں چلے ہیں -

دِيَارُ اللَّوَاتِي دَارُهُنَّ عَزِيزَةٌ	بِطُولِ الْقَنَا يُحْفَظْنَ لَا بِالتَّمَائِمِ

التمائم جمع تمیمۃ وہی العوذۃ ترجمہ یہ خانہائے ویران مگر ان عورتوں کے ہیں کہ جنکے گھر نہایت عزیز ہیں اور انکی حفاظت بذریعہ دراز نیزوں کے ہے نہ بذریعہ تعویذون کے یعنی انکی قوم بہادر ہے کمانی نہیں ہے -

حِسَانُ التَّثَنِّي يَنْقُشُ الْوَشْيُ مِثْلَهُ	إِذَا مِسْنَ فِي أَجْسَامِهِنَّ النَّوَاعِمِ

الوشی النقش وہی الثیاب المنقوشۃ - ومسن تبخترن ترجمہ وہ محبوبات خوش رفتار ہیں اور ایسی نازک اندام ہیں کہ انکے اجسام نازک میں جب وہ تبختر سے چلتی ہیں انکے ریشمی کپڑوں کی بوٹیاں اُبھر آتی ہیں - تبختر سے چلنے کی اس واسطے قید لگائی کہ بحالت نشست وانکا بار بدن سے نقش کا ہو جانا علامت نزاکت نہیں -

وَيَبْسِمْنَ عَنْ دُرٍّ تَقَلَّدْنَ مِثْلَهُ	كَأَنَّ التَّرَاقِي وُشِّحَتْ بِالْمَبَاسِمِ

التراقی جمع ترقوۃ وہی العظام التی فوق الصدر - والمباسم جمع مبسم وہو الثغر ترجمہ اور وہ ایسے دندان سے ہنستی ہیں جو موتیوں کے مانند سفید ہیں اور دندان کے مانند سفید موتیوں کا ہار پہنے ہوئے ہیں - گویا اُنکے سینوں یا چھاتیوں پر دانتوں کی بدھی ڈالی گئی ہے - خلاصہ یہ ہے کہ اُنکے دانت صفائی حسن میں موتیوں کے مانند ہیں اور موتی اُنکے دانتوں کے مثل -

فَمَا لِي وَلِلدُّنْيَا طِلَابِي نُجُومُهَا	وَمَسْعَايَ مِنْهَا فِي شُدُوقِ الْأَرَاقِمِ

الطلاب الطلب والمراد المطلوب ترجمہ سوچ سے دُنیا کو کیا عداوت ہو گئی ہے کہ میرا مطلوب اُس کے ستارے یعنی شرف و مجد ہے اور میری کوشش کا نتیجہ دُنیا میں دہانہائے یاران میں ہے یعنی وہ مجکو اُمور مہالکہ میں ڈالتی ہے اور کامیاب نہیں ہونے دیتی - خلاصہ شکایت دُنیا ہے -

مِنَ الْحِلْمِ أَنْ تَسْتَعْمِلَ الْجَهْلَ دُونَهُ	إِذَا اتَّسَعَتْ فِي الْحِلْمِ طُرْقُ الْمَظَالِمِ

ترجمہ جبکہ حلم کے سبب ظلموں کی راہیں کشادہ ہوں تو اُسوقت یہ بھی حلم میں داخل ہے کہ اُس سے پہلے تو جہالت برتے ورنہ در صورت حلم تو ہر طرح مظلوم ہو گا - خوب کہا ہے سہ کہ بر ہمل جز جہل نارد شکست -

وَأَنْ تَرِدَ الْمَاءَ الَّذِي شَطْرُهُ دَمٌ	فَتُسْقَى إِذَا لَمْ يُسْقَ مَنْ لَمْ يُزَاحِمِ

ترجمہ اور یہ بھی منجملہ حلم ہے کہ تو اُس پانی میں اُترے جس میں بسبب کثرت مقتولوں کے آدھا خون ہو اور پانی پیوے اُسوقت جبکہ مزاحمت نکرنے والے کو پانی نہیں ملتا - یعنی امر مرغوب پر مزاحمت کرنی لازم ہے -

وَمَنْ عَرَفَ الْاَیَّامَ مَعْرِفَتِیْ بِھَا	وَبِالنَّاسِ رَوّٰی رُمْحَہٗ غَیْرَ رَاحِمٖ

ترجمہ اور جو شخص زمانہ کو ایسا جانے جیسا میں اسکو اور لوگون کو جانتا ہون تو بیرحمانہ اپنے نیزے کو اُن کے خون سے سیراب کرے گا یعنی اُنکو بیدریغ قتل کرے گا۔

فَلَیْسَ بِمَرْحُوْمٍ اِذَا ظَفِرُوْا بِہٖ	وَلَا فِی الرَّدٰی الْجَارِیْ عَلَیْہِمْ بِاٰثِمٖ

ترجمہ جبکہ اہل زمانہ عارف حال زمانہ و اہل زمانہ پر فتحمند ہون گے تو وہ اُسپر رحم نکرین گے بلکہ اُس سے بری طرح پیش آوین گے اور نہ وہ عارف اُنپر ہلاکی جاری کرنے مین گناہ گار ہی کیونکہ وہ قابل ہلاک ہین۔

اِذَا صُلْتُ لَمْ اَتْرُكْ مَصَالًا لِصَائِلٍ	وَاِنْ قُلْتُ لَمْ اَتْرُكْ مَقَالًا لِعَالِمٖ

المصاولۃ المواثبۃ ترجمہ جب مین حملہ کرتا ہون توکسی حملہ کرنے والے کو جاے حملہ نہین چھوڑتا اور اگر مین گفتگو کرتا ہون توکسی زبردست عالم کے لئے جاے بولنے کی نہین چھوڑتا۔ یعنی مین بڑا بہادر اور گویا ہون۔

وَاِلَّا فَخَانَتْنِی الْقَوَافِیْ وَعَاقَنِیْ	عَنِ ابْنِ عُبَیْدِ اللّٰہِ ضُعْفُ الْعَزَائِمٖ

ترجمہ اور اگر مین اپنے ہر دو دعوی مذکورہ مین جھوٹا ہون تو قافئے یعنی اشعار مجھ سے دغا اور خیانت کیجو اور میری سست عزمیان مجکو ابن عبیداللہ ممدوح کے پاس جانیسے روکیو۔ یعنی نہ مجکو شعر کہنا نصیب ہو اور نہ ممدوح کی ملاقات۔

عَنِ الْمُقْتَنِیْ بَذْلَ التِّلَادِ تِلَادَہٗ	وَمُجْتَنِبِ الْبُخْلِ اجْتِنَابَ الْمَحَارِمٖ

ترجمہ میرے ضعیف ارادے اُس ممدوح کے پاس جانے سے روکیو جو اپنے موروثی مال کے خرچ کرنے کو اپنا موروثی مال سمجھ کر اُسکا ذخیرہ جمع کرتا ہی اور وہ بخل سے ایسا احتراز کرتا ہی جیسا وہ حرام چیزون سے بچتا ہی یعنی وہ بذل مال موروثی کو اپنا موروثی مال سمجھتا ہی۔ موروثی کی قید اس نے لگائی کہ وہ زیادہ عزیز ہوتا ہی۔

تَمَنّٰی اَعَادِیْہِ مَحَلَّ عُفَاتِہٖ	وَتَحْسُدُ کَفَّیْہِ ثِقَالُ الْغَمَائِمٖ

العفاۃ جمع عاف وھو طالب المعروف ترجمہ اُس کے دشمن یہ آرزو کرتے ہین کہ ہم بمنزلہ اُس کے سائلین کے ہو جاوین کیونکہ اُسکے سائل حوادث دہر سے مامون ہین دشمن بھی اسکو جانتے ہین۔ یا یہ معنی ہین کہ اُس کے دشمن اُس کا مال لوٹنا چاہتے ہین۔ سو یہ بات اُس کے سائل ہوکر بخوبی حاصل ہو سکتی ہی۔ اور بھاری ابر اُسکے کفدست پر حسد کرتے ہین کیونکہ اُنکا سا فیض ابر مین نہین ہی۔ لہذا بسبب عجز حسد کرتے ہین۔

وَلَا یَتَلَقَّی الْحَرْبَ اِلَّا بِمُھْجَۃٍ	مُعَظَّمَۃٍ مَذْخُوْرَۃٍ لِلْعَظَائِمٖ

ترجمہ اور وہ جنگ مین نہین جاتا مگر ایسی جان لیکر جو عظیم القدر ہی اور بڑے بڑے کامون کے لئے

ذخیرہ کی گئی ہی۔

وَذِی لَجَبٍ لَا ذُوالْجَنَاحِ اَمَامَهٗ	بِنَاجٍ وَلَا الْوَحْشُ الْمُغَارُ بِسَالِمِ

اللجب کثرۃ الاصوات فی الحرب ترجمہ اور ایسے لشکر کثیر پرشور کو لیکر میدان جنگ مین جاتا ہی کہ اُسکے آگے نہ کوئی پرندہ نجات پانیوالا ہی اور نہ کوئی وحشی جانور جو لشکر کے غل سے اپنی پوشیدہ رہنے کی جگہ سے اُٹھایا جاتا ہی سلامت رہتا ہی۔ یعنی اُسکا لشکر شاہانہ ہی اُس کے ساتھ باز وغیرہ شکاری پرندے اور چیتے و کتے وغیرہ درندے ساتھ رہتے ہین اور ہر طرح کا شکار کرتے ہین یا پرندے شکار کو بذریعہ تیر اور چوپائے شکار کو ہاتھون سے پکڑ لیتے ہین۔ غرض بیان کثرت لشکر ہی۔

تَمُرُّ عَلَيْهِ الشَّمْسُ وَهِيَ ضَعِيفَةٌ	تُطَالِعُهٗ مِنْ بَيْنِ رِيشِ الْقَشَاعِمِ

القشاعم النسور الکبار واحد ہا قشعم ترجمہ اُس لشکر پر آفتاب ایسے حال مین گزرتا ہی کہ وہ بسبب کثرت غبار یا سایہ مردار خوار پرندون کے جو بامید گوشت دشمنان مقتول کے اُس کے ہمراہ رہتے ہین یا بسبب درخشانی اسلحہ کے ضعیف اور اُسکی دھوپ کی تیزی ماند ہوتی ہی۔ وہ اُس لشکر کو پرہاے کرگسان پرہا مین سے جو اُسکے سر پر اُڑتے ہین جھانکتا ہی۔

اِذَا ضَوْءُهَا لَاقَی مِنَ الطَّيْرِ فُرْجَةً	تَدَوَّرَ فَوْقَ الْبِيضِ مِثْلَ الدَّرَاهِمِ

ترجمہ جبکہ آفتاب کی روشنی کو پرہاے پرندگان مین کچھ سوراخ ملجاتا ہی تو وہ خودون پر گول درہمون کی مانند نظر آتی ہی۔

وَيَخْفٰی عَلَيْكَ الْبَرْقُ وَالرَّعْدُ فَوْقَهٗ	مِنَ اللَّمْعِ فِي حَافَاتِهٖ وَالْهَمَاهِمِ

الہاہم والہمہمۃ صوت یتردد فی الصدر لا یفہم۔ وحافاتہ جوانبہ ترجمہ ای مخاطب درخشانی لشکر کے اسلحہ سے برق کی چمک اور لشکر کے شورون سے جو بسبب اُسکی کثرت کے ہوتا ہی آواز رعد کی جو اطراف سے اُسکے سر پر گرجتا ہی تجھ پر پوشیدہ ہوجاوینگی۔ یعنی تجھکو چمک برق کی اور آواز رعد کی سُنائی ندے گی۔

اَرٰی دُوْنَ مَا بَيْنَ الْفُرَاتِ وَبُرْقَةٍ	ضِرَابًا يُمَشِّي الْخَيْلَ فَوْقَ الْجَمَاجِمِ

برقۃ موضع ذو حجارۃ و رمل وطین ترجمہ مین دریاے فرات و موضع برقہ کے وسط سے ورے ایسے شمشیر زنی کے آثار دیکھتا ہون کہ گھوڑے مردون کی کھوپریون پر چلتے ہین یعنی وہان بہت خونریزی ہوئی ہی۔

وَطَعْنَ غَطَارِيفٍ كَاَنَّ اَكُفَّهُمْ	عَرَفْنَ الرُّدَيْنِيَّاتِ قَبْلَ الْمَعَاصِمِ

الغطریف السید الکریم۔ والردینیات جمع ردینی وہو الرمح المنسوب الی ردینۃ امرأۃ من العرب کانت تقوم الرماح والمعصم موضع السوار من الساعد وما یجعل من خرز وغیرہ یسمی معصما وہو ما یلبسہ اعلام

والجاریۃ ۔ ف ۔ اہ ۔ نفر ترجمہ اور مین نیزہ زنی ایسے عمدہ سرداروں کی دیکھتا ہون کہ گویا اُن کی ہتیلیون نے تعویذون سے پہلے نیزون سے آگاہی حاصل کی ہے یعنے یہ وصف اُن کا خلقی ہے۔

حَمَتۡهُ مِنَ الۡاَعۡدَاءِ مِنۡ كُلِّ جَانِبٍ	سُيُوۡفُ بَنِيۡ طَغۡجٍ بۡنِ جُفِّ الۡقَمَاقِمِ

الضمیر فی حمتہ یعود الی ذی لجب وہو الجیش ہکذا قال الشارح والظاہر انہ عائد الی المکان الذی دون الفرات وبرقۃ ۔ وطغج الاصل فیہ ضم الغین وانما غیرہ علی عادۃ العرب فی تغییر الاسماء الاعجمیۃ ۔ والقماقم جمع قمقام وہو السید العظیم ترجمہ اُس مکان کو ہر طرف سے شمشیرہائے سرداران بنی طغج نے دشمنون سے روک رکھا ہے کہ وہ وہان نہین آسکتے۔

هُمُ الۡمُحۡسِنُوۡنَ الۡكَرَّ فِيۡ حَوۡمَةِ الۡوَغٰى	وَاَحۡسَنُ مِنۡهُ كَرُّهُمۡ فِي الۡمَكَارِمِ

الکر ہو تکرار الاقدام فی الحرب ترجمہ وہی لوگ میدان جنگ مین بار بار اچھا حملہ کرتے ہین اور اُس حملہ جنگ سے اُن کا حملہ عمدہ کامون مین نہایت اچھا ہے یعنی وہ صاحبان شجاعت وسخاوت ہین۔

وَهُمۡ يُحۡسِنُوۡنَ الۡعَفۡوَ عَنۡ كُلِّ مُذۡنِبٍ	وَيَحۡتَمِلُوۡنَ الۡغُرۡمَ عَنۡ كُلِّ غَارِمِ

الغرم اسم للغرامۃ وہی ما یلزم الرجل اداؤہ من دیۃ او ضمان او غیر ذلک ۔ والغارم من لزمہ الغرامۃ ترجمہ وہ لوگ ہر گناہ سے اچھی درگزر کرتے ہین اور ہر تاوان والے کا تاوان اپنے اُوپر لے لیتے ہین ۔ یعنی اُسکی طرف سے خود ادا کرتے ہین یعنی اُن کے سب احوال اچھے ہین۔

حَيِيُّوۡنَ اِلَّا اَنَّهُمۡ فِيۡ نِزَالِهِمۡ	اَقَلُّ حَيَاءً مِّنۡ شِفَارِ الصَّوَارِمِ

الشفار جمع شفرۃ ترجمہ وہ لوگ باحیا ہین مگر اپنی جنگ کے وقت تلوارون کی دھارون سے بھی حیا مین کم ترہین یعنی لڑائی مین دربارۂ قتل اعدا کچھ شرم نہین کرتے بیدریغ قتل کرتے ہین

وَلَوۡلَا احۡتِقَارُ الۡاُسۡدِ شَبَّهۡتُهَا بِهِمۡ	وَلٰكِنَّهَا مَعۡدُوۡدَةٌ فِي الۡبَهَائِمِ

احتقر الشیٔ عدہ حقیرا ترجمہ اور اگر شیر حقیر شمار نہوتے تو مین شیرون کو شجاعت مین ممدوح اور اُس کی قوم سے تشبیہ دیتا اور یہ کہتا کہ شیر ایسے بہادر ہین جیسے وہ لوگ ۔ اور یہ معلوم ہے کہ مفضول کی تشبیہ فاضل سے دیجاتی ہے جب اُسمین کچھ مناسبت ہو مگر یہان کچھ مناسبت نہین ہے کیونکہ شیر بہائم مین سے ہین پس نہ اُنکو شجاعت مین مشابہت نہ شرافت مین پھر تشبیہ کیسی۔

سَرٰى النَّوۡمُ عَنِّيۡ فِيۡ سُرَايَ اِلَى الَّذِيۡ	صَنَائِعُهٗ تَسۡرِيۡ اِلٰى كُلِّ نَائِمِ

سری اذا صار لیلا ۔ والصنائع العطایا ترجمہ اُس شخص کی طرف راتون کے سفر سے میری نیند جاتی رہی جسکے

احسانات ہر سونے والے کیطرف پہنچتے ہین - یعنی لوگون کو گھر بیٹھے عطا کرتا ہے -

اِلیٰ مُطْلِقِ الْاَسْرٰی وَمُخْتَرِمِ الْعِدٰی	وَمُشْکِیْ ذَوِی الشَّکْوٰی وَرَغْمِ الْمُرَاغِمِ

الاخترام الاستیصال والشکی من اشلیت الرجل اذا نزعت لہ عما یشکوہ والمراغم الذی یرغم غیرہ ترجمہ میری شب روی اُس شخص کیطرف تھی جو قیدیون پر احسان کر کے چھوڑتا ہے اور دشمنون کا استیصال کرنے والا ہے اور شکایت مندون کی شکایات کا دور کرنے والا ہے اور مخالف کا خاک مین ملانے والا -

کَرِیْمٌ نَفَضْتُ النَّاسَ لَمَّا بَلَغْتُہٗ	کَاَنَّھُمْ مَا جَفَّ مِنْ زَادِ قَادِمِ

ترجمہ وہ ایسا کریم ہے کہ جب مین اُسکے پاس پہنچا ہون تو سب لوگون کو مین نے دسے دور کر دیا اور ایسا جھاڑ دیا کہ گویا وہ توشہ خشک سفر سے واپس آنیوالے کے ہین دستور ہے کہ جب مسافر اپنے وطن مین پہنچتا ہے تو بقیہ توشہ جھاڑ دیتا ہے -

وَکَادَ سُرُوْرِیْ لَا یَفِیْ بِنَدَامَتِیْ	عَلٰی تَرْکِہٖ فِیْ عُمْرِیَ الْمُتَقَادِمِ

ترجمہ جب مین اُسکی خدمت مین پہنچکر مسرور ہوا تو قریب تھا کہ میری خوشی اُس ندامت کو کافی نہو - جو میری عمر گذشتہ مین اُسکے چھوڑنے اور اُس سے جدا رہنے مین مجھکو لاحق ہوئی ہے - اچھی میری عمر وہی ہے جو اُسکی خدمت مین بسر ہو -

وَفَارَقْتُ شَرَّ الْاَرْضِ اَھْلًا وَّتُرْبَۃً	بِھَا عَلَوِیٌّ جَدُّہٗ غَیْرُ ھَاشِمِ

الضمیر فی بہا للتربۃ ترجمہ اور مین ایسی زمین سے جدا ہوا کہ جس کے باشندے اور مٹی تمام جہان سے بدترین اُسکے عیوب مین ایک یہ ہے کہ اُس مین ایک علوی حکمران ہے جس کا دادا ہاشم نہین ہے پس وہ اولاد علی مرتضی رض سے نہین ہے کیونکہ ہاشم ابن عبد مناف جد کلان جناب سرور کائنات ؐ وحضرت علی رضی اللہ عنہ کے ہین -

بَلَی اللّٰہُ حُسَّادَ الْاَمِیْرِ بِحِلْمِہٖ	وَاَجْلَسَہٗ مِنْھُمْ مَکَانَ الْعَمَائِمِ

ترجمہ خداوند تعالی حاسدین امیر کو اُس کے حلم کے عذاب مین مبتلا کرے کہ وہ اُنکو قتل نکرے اور وہ ذلیل و خوار جیتے رہین کہ یہ حال اُنکے لئے موت سے بدتر ہے عرفی نے خوب کہا ہے ؎ بر حسود تو ز حسم ، اثر بود + گر نبی بودے استمال ہلاک + اور خدا ممدوح کو اُنکا سرتاج رکھے -

فَاِنَّ لَھُمْ فِیْ سُرْعَۃِ الْمَوْتِ رَاحَۃً	وَاِنَّ لَھُمْ فِی الْعَیْشِ حَزَّ الْغَلَاصِمِ

الغلاصم جمع غلصمۃ وہی الحلقوم الناتی فی الحلق - وغلصمۃ قطع غلصمۃ ترجمہ کیونکہ اُنکے لئے جلد مرجانے مین بڑی راحت ہے اور بیشک اُنکو جینے مین اُنکے گلون کا کٹنا ہے بسبب خواری ہر روزہ کے -

کَاَنَّکَ مَا جَاوَدْتَ مَنْ بَانَ جُوْدُہٗ	عَلَیْکَ وَلَا قَاتَلْتَ مَنْ لَمْ تُقَاوِمِ

ترجمہ اُن حاسدون کو جو ممدوح سے عطا وجود مین مقابلہ کرنا چاہتے ہین خطاب کر کے کہتا ہے کہ گویا تو نے

جود میں اُس شخص سے مقابلہ نہیں کیا جس کی بخشش تجھ پر ظاہر و غالب ہو گئی۔ اور گویا تو اُس شخص سے نہیں لڑا جس سے تو جنگ میں برابری نہیں کر سکا کیونکہ تو ہر دو امر میں مغلوب رہا۔

واقسم علیہ ابو محمد ان یشرب فاخذ الکاس وقال ارتجالا

حُيِّيتَ مِنْ قَسَمٍ وَأَفْدِي الْمُقْسِمَا	أَمْسَى الْأَنَامُ لَهُ مُجِلًّا مُعْظِمَا

الضمیر فی لہ عائد الی المقسم ترجمہ ای قسم تو زندہ رہے اور میں ایسی قسم دینے والے پر فدا ہوں کہ تمام خلق اُسکو جلیل القدر جانتی ہی اور اُسکی تعظیم کرنے والی ہی۔ یعنی ممدوح پر۔

وَإِذَا طَلَبْتُ رِضَى الْأَمِيرِ بِشُرْبِهَا	وَأَخَذْتُهَا فَلَقَدْ تَرَكْتُ الْأَحْرَمَا

ترجمہ اور جبکہ میں خوشنودی امیر کا بسبب شرب خمر طالب ہوں اور اُسکو لوں تو میں اُس امر کو چھوڑوں گا جو سب سے زیادہ حرام ہی یعنی شرب مَی حرام ہی اور مخالفت امیر حرام تر۔ نعوذ باللہ من ہذا الکذب الصریح

وحدثہم ابو محمد عن مسیرہ فی اللیل والمطر فقال

غَيْرُ مُسْتَنْكَرٍ لَكَ الْإِقْدَامُ	فَلِمَنْ ذَا الْحَدِيثُ وَالْإِعْلَامُ

ترجمہ تیری پیشروی و شجاعت کا کوئی انکار نہیں کرتا تو تیری یہ بات اور خبر دینا کس شخص کے لئے ہی۔

قَدْ عَلِمْنَا مِنْ قَبْلُ أَنَّكَ مَنْ لَمْ	يَمْنَعِ اللَّيْلُ هَمَّهُ وَالْغَمَامُ

ترجمہ بیشک ہمتو پہلے ہی سے جانتے ہیں کہ تو وہ شخص ہی جس کے قصد کو رات اور ابر نہیں روک سکتا۔

وقال وقد کبست الطاکیہ فقتل مہرہ الذی وصفہ والجرامہ

إِذَا غَامَرْتَ فِي شَرَفٍ مَرُومٍ	فَلَا تَقْنَعْ بِمَا دُونَ النُّجُومِ

المغامرۃ الدخول فی المہالک۔ والمروم المطلوب ترجمہ جبکہ تو شرف مطلوب میں گھسے یعنی اُسے بکوشش تمام طلب کرے تو ستاروں سے ورے قناعت نہ کر یعنی طالب شرف اعلیٰ ہو اور مجد کمتر پر خوش مت ہو۔

فَطَعْمُ الْمَوْتِ فِي أَمْرٍ صَغِيرٍ	كَطَعْمِ الْمَوْتِ فِي أَمْرٍ عَظِيمِ

ترجمہ کیونکہ چھوٹے امر میں موت کا مزہ چکھنا مثل چکھنے موت کے ہی بڑے امر میں۔ یعنی جب مرنا ہی تو بڑے امر کی طلب میں مرے۔

سَتَبْكِي شَجْوَهَا فَرَسِي وَمُهْرِي	صَفَائِحُ دَمْعُهَا مَاءُ الْجُسُومِ

وَبِی وَهِیَ بَدَلَان مِنَ الضمیر فی شجوہا- ترجمہ اب میرے گھوڑے اور بچھیرے کے غم میں وہ شمشیریں رووین گی جنکے اشک آب ابدان ہیں یعنی خون- غرض یہ ہے کہ میں دشمنوں کو قتل کروں گا اور اُنکے جسموں سے خون بہاؤنگا جو بمنزلہ اشک شمشیروں کے ہیں- اور وجہ گریہ شمشیر یہ ہے کہ میں اُنپر سوار ہوکر شمشیروں کو تر کرتا تھا-

قَرُبْنَ النَّارَ ثُمَّ نَشَأْنَ فِيهَا	كَمَا نَشَأَ الْعَذَارَى فِي النَّعِيمِ

اقترب سیر اللیل لیرد وانی صباحا الماء ترجمہ جیسے مسافرات بھر سفر کرکے علی الصباح پانی پر اُترتے ہیں اور آب سے نشو و نما پاتے ہیں- اُن کے برخلاف میری تلواریں بجائے پانی آگ پر اُتریں اور اُسی سے نشو و نما حاصل کیا جیسے باکرہ چھوکریاں ناز و نعمت میں نشو و نما پاتی ہیں یعنی وہ اول آہن تھیں آگ کے ذریعہ سے جھکر تلواریں ہوگئیں اور اُن کا میل کچیل سب جاتا رہا- اور ایک روایت میں قرین بالیاء المثناة ہے مشتق قرٰی سے یعنی میری شمشیریں جہاں آتش ہوئیں اور وہاں ہی بڑھیں حضرت مرزا مظہر جانجاناں قدس اللہ سرہ نے کیا خوب فرمایا ہے- ؎ ما از پرورتب و تابیم میخورد + چون نخل شعلہ آب ز آتش درخت ما-

وَفَارَقْنَ الصَّيَاقِلَ مُخْلَصَاتٍ	وَأَيْدِيهَا كَثِيرَاتُ الْكُلُومِ

الصیاقل جمع صیقل ہو الفین ترجمہ اور وہ تلواریں آہنگروں سے ایسے حال میں جدا ہوئیں کہ وہ میل یعنی چرک آہن سے پاک تھیں اور اُن لوہاروں کے ہاتھ اُنکی تیزی کے سبب بکثرت زخمی تھے-

يَرَى الْجُبَنَاءُ أَنَّ الْعَجْزَ عَقْلٌ	وَتِلْكَ خَدِيعَةُ الطَّبْعِ اللَّئِيمِ

الجبناء جمع جبان ترجمہ نامرد لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ عاجزی اور دشوار کاموں اور لڑائیوں سے بچنا ہوشیاری ہے اور یہ درست نہیں ہے بلکہ یہ اُسکی کمینہ طبیعت کا فریب ہے اور بہادری ہر حال میں بہتر ہے-

وَكُلُّ شَجَاعَةٍ فِي الْمَرْءِ تُغْنِي	وَلَا مِثْلَ الشَّجَاعَةِ فِي الْحَكِيمِ

ترجمہ اور مرد میں ہر قسم کی شجاعت مفید ہے مگر ایسی مفید نہیں ہے جیسے بہادری عاقل و حکیم کی کہ یہ نہایت مفید ہے بسبب انضمام عقل کے-

وَكَمْ مِنْ عَائِبٍ قَوْلًا صَحِيحًا	وَآفَتُهُ مِنَ الْفَهْمِ السَّقِيمِ

ترجمہ اور قول صحیح کے عیب گیر بہت ہیں حالانکہ وہ درست ہوتا ہے اور خرابی عیب گیری کی اُس کا فہم بیمار ہے-

وَلَكِنْ تَأْخُذُ الْآذَانُ مِنْهُ	عَلَى قَدْرِ الْقَرِيحَةِ وَالْعُلُومِ

القریحة خالص الطبع ترجمہ مگر بات یہ ہے کہ سامع کے کان اُس قول سے بقدر اپنی طبیعت اور علوم کے سمجھتے ہیں کہتے ہیں کہ جب آیت شریف الیوم اکملت لکم دینکم نازل ہوئی تو اکثر صحابہ کرام خوش ہوئے اور حضرت امیر المومنین ابوبکر صدیق رونے لگے سبب پوچھا گیا تو فرمایا کہ یہ آیت منذر وفات شریف سرور کائنات ہے

اسلئے میں رویا اس سے معلوم ہوتا ہی کہ کار رسالت جس کے واسطے آپ مبعوث ہوئے ختم ہو لیا۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔ سبحان اللہ خداوند تعالیٰ نے انکو کیا فہم کامل عنایت کیا تھا رضی اللہ عنہ وعن کل الصحابۃ

وسار ابو الطیب من الرملۃ یرید انطاکیۃ فی سنۃ ست وثلاثین فنزل بطرابلس وکان نازلا بہا اسحق بن ابراہیم الاعور بن کیغلغ وکان جاہلا وکان یجالسہ ثلثۃ نفر من بنی حیدرۃ وکان بینہ وبین ابی الطیب عداوۃ قدیمۃ فقالوا لہ ما تحب ان یتجاوزک ولا یمدحک وجعلوا یغرونہ فراسلہ ان یمدحہ فاحتج علیہ بیمین لحقہ لا یمدح احدا الی مدۃ فعاقہ عن طریقہ ینتظر المدۃ فاخذ علیہ الطریق وضبطہا ومات النفر الثلاثۃ الذین کانوا یغرونہ فی مدۃ اربعین یوما فہجاہ ابو الطیب املاہا علی من یثق فلما ذاب الثلج خرج کانہ یسیر فرسہ وسار الی دمشق فاتبعہ ابن کیغلغ خیلا ورجلا فاعجزہم وظہرت القصیدۃ وہی

لِهَوَى النُّفُوسِ سَرِيرَةٌ لَا تُعْلَمُ	عَرَضًا نَظَرْتُ وَخِلْتُ أَنِّي أَسْلَمُ

عرضا صفۃ مصدر محذوف ای نظرت نظرا عرضا ای فجاءۃ واعتراضا من غیر قصد قال عنترۃ علقتہا عرضا ترجمہ عشق نفوس کے لئے ایک بھید ہی جسکا حال معلوم نہیں ہوتا یعنی یہ معلوم نہیں ہوتا کہ عشق کسطرح جلوہ فرما ہوتا ہی میں نے یار کو بے قصد وارادہ ناگاہ دیکھا اور یہ خیال کیا کہ میں اسکے مرض عشق سے سلامت رہونگا مگر سالم نہ رہا۔

يَا أُخْتَ مُعْتَنِقِ الْفَوَارِسِ فِي الْوَغَى	لَأَخُوكِ ثَمَّ أَرَقُّ مِنْكِ وَأَرْحَمُ
يَرْنُو إِلَيْكِ مَعَ الْعَفَافِ وَعِنْدَهُ	أَنَّ الْمَجُوسَ تُصِيبُ فِيمَا تَحْكُمُ

رنا الیہ یرنو ادام الیہ النظر ترجمہ شارح ابن جنی ہر دو شعر کو ہجو پر حمل کرتا ہی اسکی راے پر ترجمہ یہ ہوگا کہ ای اس شخص کی بہن جو سواروں سے میدان جنگ میں لپٹتا ہی یعنی اسکو علت ابنہ ہی لہذا اس کے شوق سے سواروں کو چمٹتا ہی اور بسبب علۃ مفعولیۃ کے اُن سے کارروائی چاہتا ہی تو البتہ تیرا بھائی اُس مکان یعنی میدان جنگ میں تجھ سے نرم طبیعت اور مہربان اپنے فاعلوں پر ہی۔ اور تیرا بھائی باوجود ادعاے عفاف تیری طرف بنظر بد دیکھتا ہی اور اُس کی راے یہ ہی کہ مجوسی لوگ جو حکم لگاتے ہیں کہ نکاح محارم درست ہی وہ ٹھیک کہتے ہیں خلاصہ یہ کہ وہ تجھ سے طالب نکاح ہی۔ اور ابن فورجہ اور عروضی ان دونوں شعروں کو تشبیب پر محمول کرتے ہیں اور عروضی یہ کہتے ہیں کہ میری محبوبہ بہادر لوگوں کے خاندان سے ہی اور اُس کا برادر سواروں سے لڑتا ہی۔ پھر محبوبہ کو خطاب کر کے کہتا ہی کہ تو سنگدل ہی اور مجھپر جسم

نہین کرتی اور تیرا بھائی باوجودیکہ مرد جنگی ہو اور لڑائی مین مرد سخت دل ہو جاتا ہی معہ کہ مین بھی تجھسے زیادہ نرم دل ہو۔ دوسرے شعر مین غرض بیان کمال حسن محبوبہ ہی کہ وہ ایسی حسین ہی کہ اُس کا برادر اُس کے حسن پر فریفتہ ہوکر اُس سے خواہان نکاح ہی باوجود ادعاے عفت کے۔ بندہ مترجم کے نزدیک یہ دونون شعر بہر دو معنی نہایت مکروہ و مذموم ہین اور اُن کی شرح سے طبیعت بگڑتی ہو۔

رَاعَتْكِ رَائِعَةُ الْبَيَاضِ بِعَارِضِي	وَلَوْ اَنَّهَا الْاُولٰى لَرَاعَ الْاَسْحَمُ

ترجمہ ای محبوبہ تجکو میرے رخسارون کے بالون کی سفیدی نے ڈرا دیا ہی یعنی تجکو میرے بالون کی سفیدی باعث نفرت ہوئی ہی یا اُس کے سبب تونے میرے مرگ کا خیال کیا ہی گر ایسا نہونا چاہئے کیونکہ اگر اول رنگ بیاض ہوتا۔ تو تجکو موے سیاہ ڈراتے پس رنگ مو باعث خوف نہونا چاہئے۔ وردی ابوالفتح راعیۃ بتقدیم العین وقال ہی اول شعرۃ یطلع من الشیب۔ وردی رائعۃ وہی التی تروع الناظر وہو الاصوب والاسحم الاسود۔ والعارض مایلی الخد۔

وَكَانَ يُمْكِنُنِيْ سَفَرْتُ عَنِ الصِّبَا	فَالشَّيْبُ مِنْ قَبْلِ الْاَوَانِ تَلَثُّمُ

سفرت اظہرت والتلثم ستر الوجہ ترجمہ اگر مجھ سے ہو سکتا اور میرے مقدور مین ہوتا تو مین اپنی کودکی وطفلی ظاہر کردیتا کیونکہ مین باعتبار عمر نوجوان ہون گر پیری بیوقت آگئی اور بڑھاپا قبل وقت ایسا برقع ہی جو اصل چہرہ کو چھپا لیتا ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ میرے بال قبل از وقت سفید ہوگئے

وَلَقَدْ رَاَيْتُ الْحَادِثَاتِ فَلَا اَرٰى	يَقَقًا يُمِيْتُ وَلَا سَوَادًا يَعْصِمُ

ترجمہ اور مین نے بیشک حادثات زمانہ دیکھے ہین سو مین یہ نہین دیکھتا کہ نہایت سفید بال کسیکو مار دیتے ہون اور نہ موے سیاہ کسیکو مرجانیسے بچاتے ہین بلکہ بسا اوقات جوان مرجاتے ہین اور بوڑھے جیتے رہتے ہین۔

وَالْهَمُّ يَخْتَرِمُ الْجَسِيْمَ نَحَافَةً	وَيُشِيْبُ نَاصِيَةَ الصَّبِيِّ وَيُهْرِمُ

یخترم یہلک ویستاصل ترجمہ اور غم شخص جسیم کو بسبب لاغری کے ہلاک کردیتا ہی اور موئے پیشانی نوعمر کو سفید کردیتا ہی اور اُسکو بیوقت پیر کردیتا ہی۔ یعنی یہ ہی حال میرا ہی کہ غمون نے قبل از وقت مجکو پیر کردیا ہو۔

ذُو الْعَقْلِ يَشْقٰى فِي النَّعِيْمِ بِعَقْلِهٖ	وَاَخُو الْجَهَالَةِ فِي الشَّقَاوَةِ يَنْعَمُ

ترجمہ عقلمند مآل اندیش ناز و نعمت مین شقی اور شل بدنصیب کے رہتا ہی اور جاہل باوجود بدنصیبی کے عین اُڑاتا ہی کیونکہ اُسکو فکر مآل نہین ہوتا۔ ولقد احسن من قال ؎ دیوانہ باش تا غم تو دیگران خورند :: عاقل مباش تا غم دیگران خوری۔ ومنہ قولہم یاسر عاقل قط لانہ یتفکر فی عواقب امرہ

وَالنَّاسُ قَدْ نَبَذُوا الْحِفَاظَ فَمُطْلَقٌ	يَنْسَى الَّذِيْ يُوْلٰى وَعَافٍ يَنْدَمُ

نبذت الشی القیتہ۔ والحفاظ المحافظۃ علی العہود وغیرہا۔ وعاف من العفو عن الاساءۃ ترجمہ اور لوگوں نے حفاظت عہود چھوڑ دی اور احسان اور شکر کا مضمون دلوں سے جاتا رہا اب حال یہ ہی کہ جسکو تو قید سے چھڑا دے وہ اُس احسان کو بھول جاتا ہی اور جو کسی کے قصور معاف کرتا ہی تو وہ اُسکا شکر گذار نہیں ہوتا اور معاف کرنیوالا اُس بیجا احسان پر نادم و پشیمان ہوتا ہی۔

لَا یَخْدَعَنَّکَ مِنْ عَدُوٍّ دَمْعُہٗ ۔۔۔ وَارْحَمْ شَبَابَکَ مِنْ عَدُوٍّ تَرْحَمُ

ترجمہ تجکو دشمن کا رونا دھوکے مین نڈالے اور اُس دشمن کے فریب جسپر تو رحم کرتا ہی اپنی جوانی پر رحم کر کیونکہ جب وہ تجھ پر قابو پائے گا تو رحم نکرے گا۔ وہٰذا ہو الاکثر الذی یعتد بہ ویعتمد علیہ۔

لَا یَسْلَمُ الشَّرَفُ الرَّفِیْعُ مِنَ الْاَذٰی ۔۔۔ حَتّٰی یُرَاقَ عَلٰی جَوَانِبِہِ الدَّمُ

ترجمہ شریف کے شرف رفیع اعدا و حساد کی تکلیف سے نہین بچتے جبتک اُس کے اطراف مین خون دشمنان نگرایا جاوے اور وہ ڈر کر اُس سے متعرض نہون۔ قال ابو الفتح اشہد بامدانہ لو لم یقل الا ہذا لکان اشعر المحدثین لکان لہ ان یتقدم علیہم۔

یُؤْذِی الْقَلِیْلُ مِنَ اللِّئَامِ بِطَبْعِہٖ ۔۔۔ مَنْ لَا یَقِلُّ کَمَا یَقِلُّ وَیَلْؤُمُ

القلیل ہہنا بمعنی الخسیس الحقیر کما یقول الکاتب لنفسہ العبد الاقل ترجمہ ناکسون مین سے حقیر و ذلیل شخص بتقاضائے اپنی بدسرشتی کے اُس شخص کو ستاتا ہی اور ملامت کرتا ہی جو اُس کے مانند ذلیل نہو کیونکہ وہ اُسکی ضد ہوتا ہی۔

اَلظُّلْمُ مِنْ شِیَمِ النُّفُوْسِ فَاِنْ تَجِدْ ۔۔۔ ذَا عِفَّۃٍ فَلِعِلَّۃٍ لَا یَظْلِمُ

ترجمہ ستمگاری نفوس کی سرشتون مین داخل ہی سو اگر تو ایسے شخص کو پاوے جو ظلم سے بچتا ہی تو وہ کسی وجہ خاص سے ظلم نہین کرتا ہی۔ یعنی بہ خوف جزائے اُخروی یا انتقام دنیوی کے ورنہ مقتضائے طبیعت ظلم ہی ہی۔

یَحْمِی ابْنُ کَیْغَلَغَ الطَّرِیْقَ وَعِرْسُہٗ ۔۔۔ مَا بَیْنَ رِجْلَیْہَا الطَّرِیْقُ الْاَعْظَمُ

ترجمہ ابن کیغلغ لوگون کا راستہ روکتا ہی اور حال یہ ہی کہ اُس کی زوجہ کے دونون پانوون مین سڑک اعظم ہی پاین رجلین سے مراد اُسکی شرمگاہ ہی اور سڑک اعظم سے مراد اُسکا بکثرت زانیہ ہونا۔ یعنی وہ لوگون کی راہ کیون روکتا ہی اگر اُسکو روکنا ہی تو اُس طریق کشادہ کو روکے اور اُس کی حفاظت کا بندوبست کرے۔ کہتے ہین کہ متنبی کا اثنائے سفر مین گزر شہر طرابلس مین ہوا۔ اُس نے وہان اُسکو روک لیا کہ مدح کہکر جانا ہوگا متنبی نے کہا کہ مین نے شعر نہ کہنے کی ایک مدت تلک قسم کھالی ہی اسپر ابن کیغلغ نے اُس کی راہ روک لی اُس مدت تلک جو متنبی نے بیان کی تھی۔ سو یہ وہان سے بھاگ گیا اور اُسکی ہجو کہی۔

اَقِبِ الْمَنَابِرَ فَوْقَ شَفْرِ مُسْکِیْنَۃٍ ۔۔۔ اِنَّ الْمَنِیَّ بِحَلْقَتَیْہَا خِضْرِمُ

المسالح جمع مسلحۃ وہو موضع یعلق علیہ السلاح۔ والخضرم البحر الکثیر الماء۔ والشفر ہو حرف الفرج ترجمہ اب تو ان جگہوں کو جہان ہتھیار لٹکے ہوتے ہین کنارہ فرج اپنی زوجہ سکینہ پر رکھدے اور قائم کر دے کیونکہ بیچ اُسکے دو جانبوں فرج اور رحم مین مثل دریاے بسیار آب کے ہی۔ ظاہرا مسالح سے مراد مردان زانی اور اُنکے آلات رجولیت ہین۔

	وَاسْتُرْ اَبَاكَ فَاِنَّ اَصْلَكَ مُظْلِمُ		وَارْفُقْ بِنَفْسِكَ اِنَّ خَلْقَكَ نَاقِصٌ

ترجمہ تو مجھ سے خواہان مدح نہو اور اپنی جان پر رحم کر کیونکہ تو ناقص الخلقت یعنی اعور ہی اور اپنے پدر کو چھپا کیونکہ تو مجہول النسب ہی۔ یعنی تو شاعرون سے مت اُلجھ ورنہ وہ تیرے اور تیری ماں کے عیوب کھولدین گے

	تَقْوٰی عَلٰی كُمَرِ الْعَبِيْدِ وَتَقْدُمُ		وَاحْذَرْ مُنَاوَاةَ الرِّجَالِ فَاِنَّمَا

الکمر جمع کمرۃ وہی راس الذکر۔ والمناواۃ المساوات ترجمہ تو مردون کی عداوت سے بچ تو کیر غلامون کی ہی طاقت رکھتا ہی اور اُنکی طرف بڑھتا ہی۔ مردون کے حملات کی تجکو طاقت نہین ہی۔

	وَرِضَاكَ فَيْشَلَةٌ وَرَبُّكَ دِرْهَمُ		وَغِنَاكَ مَسْئَلَةٌ وَطَيْشُكَ نَفْخَةٌ

فیشلۃ و فیشۃ ہو الذکر ترجمہ اور تیری تونگری لوگون سے سوال کرتا ہی۔ اور تیرا غصہ اور چکنا صرف ایک پھونک کی مانند بے حقیقت ہی اور تیری خوشنودی کیر ہی اور تیرا معبود درہم ہی۔

	عَنْ جَهْلِهٖ وَخِطَابُ مَنْ لَّا يَفْهَمُ		وَمِنَ الْبَلِيَّةِ عَذْلُ مَنْ لَّا يَرْعَوِيْ

ترجمہ از نبلہ مصیبت کے ملامت کرنا اُس شخص کا ہی جو اپنی نادانی سے باز نہ آوے اور بے فہم سے خطاب کرنا یعنی تو ایسا ہی۔

	تَحْتَ الْعُلُوْجِ وَمِنْ وَّرَاءٍ يُلْجَمُ		يَمْشِيْ بِاَرْبَعَةٍ عَلٰی اَعْقَابِهٖ

العلوج جمع علج وہو الرجل العجمی والکافر الوحشی۔ وقولہ یمشی باربعۃ ذکر لانہ ذہب بالیدین والرجلین مذہب الاعضاء والقیاس باربع ترجمہ وہ اپنے دونون ہاتھون اور دونون پاؤن سے یعنی چارون اعضاء سے گبرون کے نیچے بطبع دخول کیر پیچھے کو لوٹتا ہی بخلاف عادت کے کیونکہ مرکوب آگے کو چلتا ہی۔ اور وجہ خلاف عادت چلنے کی یہ ہی کہ اُسکو پیچھے سے دھکا دیا جاتا ہی۔ یعنی لوطیون کے کیر اُسکی دُبر مین مانند لگام دیتے جاتے ہین۔

	مَطْرُوْفَةٌ اَوْ فُتَّ فِيْهَا حِصْرِمُ		وَجُفُوْنُهٗ مَا تَسْتَقِرُّ كَاَنَّهَا

ترجمہ اور اُسکی پلکین جھپکنے سے نہیں ٹھہرتی ہین برابر جھپکے جاتی ہین گویا اُن پلکون مین کوئی چیز مثل تنکا ڈالی گئی ہی یا انگور ترش اُن مین نچوڑا گیا ہی یعنی وہ پلک پٹیا بدنما ہی یا لوطیون کو اپنی طرف مائل کرتا ہی۔

	قَرْمٌ يُقَهْقِهُ اَوْ عَجُوْزٌ تَلْطِمُ		وَاِذَا اَشَارَ مُحَدِّثًا فَكَاَنَّهٗ

ترجمہ اور وہ صاف بات نہین کرسکتا مگر وہ بات کرتے وقت اشارہ کرتا ہی تو وہ ایسا معلوم ہوتا ہی گویا بندر ہنس رہا ہی یا بڑھیا اپنا منھ پیٹتی ہی۔ یعنی اُس کا مطلب سمجھ مین نہین آتا اور نہایت بدنما ہی۔

یَقْلِی مُفَارَقَۃَ الْاَکُفِّ قَذَالُہٗ ۔۔۔ حَتّٰی یَکَادُ عَلٰی یَدٍ یَتَعَمَّمُ

یقلی بمعنی یبغض۔ وقلیہ یقلاہ مثل رضیہ یرضاہ وہو من الیاء۔ والقذال القفا۔ ترجمہ وہ شخص مفارقت سیلی کو اپنی قفا یعنی پس گردن سے برا سمجھتا ہی اور یہ چاہتا ہی کہ اُس کی قفا پر ہمیشہ دھولین لگا کرین کیونکہ وہ اُس کا خوگر ہوگیا اور اس مین اُسکو مزہ آتا ہی یہان تلک کہ قریب ہی کہ اپنے ہاتھ پر بھی عمامہ باندھ لے تاکہ لوگ اُس کو سر سمجھ کر اُس پر بھی دھپ جڑین اور موجب اُس کے ازدیاد لذت کا ہو۔

وَتَرَاہُ اَصْغَرَ مَا تَرَاہُ نَاطِقًا ۔۔۔ وَیَکُوْنُ اَکْذَبَ مَا یَکُوْنُ وَیُقْسِمُ

یقول اکذب ما یکون مقسما فوضع المضارع موضع الحال وزاد واو۔ ترجمہ وہ جب تلک بولیگا تو اُسکو کمتر سمجھے گا کیونکہ وہ صاف نہین بولتا بلکہ اٹک اٹک کر۔ اور سب سے زیادہ جھوٹا جب ہوگا جب قسم کھائے گا۔

وَالذُّلُّ یُظْہِرُ فِی الذَّلِیْلِ مَوَدَّۃً ۔۔۔ وَاَوَدُّ مِنْہُ لِمَنْ یَوَدُّ الْاَرْقَمُ

ترجمہ اور ذلت ذلیل مین دوستی کو ظاہر کراتی ہی۔ یعنی وہ اپنے دشمن سے اظہار دوستی کرتا ہی کیونکہ وہ اپنے دشمن سے انتقام نہین لے سکتا ہی اور نہ اُس مین تاب اپنے بچانے کی ہی اور حال یہ ہی کہ ذلیل جس سے اپنی دوستی کا اظہار کرے اُس کے حق مین ذلیل کی نسبت کوڑیالا سانپ زیادہ قابل دوستی ہی۔

وَمِنَ الْعَدَاوَۃِ مَا یَنَالُکَ نَفْعُہٗ ۔۔۔ وَمِنَ الصَّدَاقَۃِ مَا یَضُرُّ وَیُؤْلِمُ

ترجمہ اور بعض عداوت ایسی ہوتی ہی کہ تجکو اُسکا فائدہ پہنچتا ہی اور بعض دوستی ایسی ہوتی ہی کہ تجھکو وہ ضرر اور درد پہنچاتی ہی۔ یعنی ذلیل کی عداوت تجکو مفید ہی کیونکہ اس صورت مین وہ تجھ سے نہین ملے گا پس تو اثر صحبت بد سے محفوظ رہے گا اسی طرح اُس کی دوستی موجب تیرے نقصان کا ہی۔

اَرْسَلْتَ تَسْأَلُنِی الْمَدِیْحَ سَفَاھَۃً ۔۔۔ صَفْرَاءُ اَضْیَقُ مِنْکَ مَاذَا اَزْعُمُ

صفراء یرید انہا امک ترجمہ تونے میرے پاس براہ کمینگی پیام اپنی مدح گوئی کا بھیجا۔ تو صفرا تیری ماں تجھ سے بھی زیادہ خسیس ہی سو بتا کہ مین تیری مدح مین کیا کہون سوائے اس کے کہ تیرے عیوب ظاہر کردن۔

اَتَرَی الْقِیَادَۃَ فِیْ سِوَاکَ تَکَسُّبًا ۔۔۔ یَا ابْنَ الْاُعَیْرِ وَھِیَ فِیْکَ تَکَرُّمُ

الاعیر تصغیر اعور وکان ابوہ اعور ترجمہ اے کانے کے بیٹے یعنی ابراہیم اعور کے کیا تو بھڑواپن اور لوگون کا پیشہ اور اپنے تئے مایۂ فخر سمجھتا ہی اور اُسپر خواہان مدح ہی یہ کیسی بے تک بات ہی۔

فَلَشَدَّ مَا جَاوَزْتَ قَدْرَکَ صَاعِدًا ۔۔۔ وَلَشَدَّ مَا قَرُبَتْ عَلَیْکَ الْاَنْجُمُ

شدا بھزاز نماء بسما ترجمہ تو کس قدر اپنے مرتبہ سے بلندی مین بڑھ گیا اور بسبب علو قدر کسقدر ستارے تجھ سے قریب ہوگئے کہ تو مجھ سے سوال مدح گوئی کرتا ہی۔ اور ہوسکتا ہی کہ انجم سے مراد اشعار متنبی ہون۔

وَادَّعَتْ مَا رَأَبِي الْعَشَائِرِ خَالِصًا	إِنَّ الثَّنَاءَ لِمَنْ يُزَادُ فَيُنْعِمُ

الارائۃ الطلب ترجمہ اور تو نے مجھ سے وہ شئی طلب کی جو خالص حق ابو العشائر کا ہی یعنی میرے اشعار مدحیہ کا مستحق وہ ہی کیونکہ تعریف اُسی کی کیجاتی ہی جس کے پاس کوئی جاوے تو وہ انعام دے۔

وَلِمَنْ يُهِينُ الْمَالَ وَهُوَ مُكَرَّمٌ	وَلِمَنْ يَجُرُّ الْجَيْشَ وَهُوَ عَرَمْرَمُ

ضمیر ہو یعود الی المال او الممدوح۔ والعرمرم الکبیر العظیم ترجمہ اور تعریف اُس شخص کی کیجاتی ہی کہ جو اپنے مال کو بسبب کثرت عطا کے ذلیل کرے حال آنکہ وہ مال یا وہ شخص معظم ہی اور بھی اُس شخص کی جو لشکر کثیر کو دشمن پر لیجائے سو تجھ مین ان اوصاف مین سے ایک بھی نہین۔

وَلِمَنْ أَقَمْتَ عَلَى الْهَوَانِ بِبَابِهِ	تَدْنُو فَيُوجَأُ أَخْدَعَاكَ وَتُنْهَمُ

الاخدعان عرقان معروفان فی العنق۔ والوجأ القطع۔ والنہم الزجر الشدید ترجمہ اور تعریف اُس شخص کا حق ہی جس کے دروازہ پر تو باوجود اپنی ذلت کے پڑا رہتا ہی یا کھڑا رہتا ہی۔ تو اُس کے نزدیک جاتا ہی۔ تو تیری دونون رگہائے گردن درد پہنچائی جاتی ہین۔ یعنی اُنپر دھولین لگتی ہین اور تجھپر جھڑکیان پڑتی ہین

وَلِمَنْ إِذَا الْتَقَتِ الْكُمَاةُ بِمَأْزِقٍ	فَنَصِيبُهُ مِنْهَا الْكَمِيُّ الْمُعْلَمُ

الکماۃ جمع کمی وہو المستتر بالسلاح۔ والمازق المضیق ومنہ یسمی موضع الحرب۔ المعلم الذی لہ علامۃ فی الحرب ترجمہ اور تعریف اُس شخص کا حق ہی کہ جب تنگنائے حرب مین دلیر زرہ پوش بہادر آپس مین گتھ جاوین تو اُسکا حصہ اُنمین سے بہادر نشان مند مشہور شخص ہو یعنی وہ دلیرون کو قتل کرے اور غارت کیطرف متوجہ ہو

وَلَرُبَّمَا أَطَرَ الْقَنَاةَ بِفَارِسٍ	وَثَنَى فَقَوَّمَهَا بِآخَرَ مِنْهُمُ

اطر اعوج ترجمہ اور ممدوح نے بسا اوقات اپنے نیزہ کو ایک سوار کے مار کر خمدار کردیا اور پھر اُسکو دوسرے سوار کے دوسری دفعہ مارا تو اُسکو سیدھا کردیا۔ خلاصہ یہ کہ نیزہ زنی مین بڑا اُستاد ہی۔

وَالْوَجْهُ أَزْهَرُ وَالْفُؤَادُ مُشَيَّعٌ	وَالرُّمْحُ أَسْمَرُ وَالْحُسَامُ مُصَمِّمُ

الازہر النیر الابیض۔ والمشیع الجری۔ والمصمم الذی لاینبو عن الضریبۃ ترجمہ اور اسکا چہرہ جنگ مین روشن اور دل قوی اور نیزہ گندم گون مستحکم اور اُس کی شمشیر کا وار خالی نہین جاتا۔

أَفْعَالُ مَنْ تَلِدُ الْكِرَامُ كَرِيمَةٌ	وَفَعَالُ مَنْ تَلِدُ الْأَعَاجِمُ أَعْجَمُ

الاعاجم عند العرب لئام وہم یسمون من لم یتکلم بلغتہم اعجم من ای جیل کان ترجمہ کردار اُس شخص کے جسکو

کریم جنین یعنی انکی نسل مین ہوا چھی ہوتی ہو اور جو عجمیون کی اولاد ہو وہ ناکس ہو۔

واجازہ بیعلبک فخلع علیہ علیؓ بن عسکر وحمل الیہ فقال

رَوِیْنَا یَا بْنَ عَسْکَرِ الْھُمَامَا	وَلَمْ یَتْرُکْ نَدَاکَ بِنَا ھُیَامَا

الہمام بدل من ابن عسکر۔ والہیام العطش ترجمہ ای ابن عسکر سردار با ہمت ہم تیری عطاے سیراب ہوگئے اور تیری بخشش نے ہماری پیاس بالکل کھودی یعنی تیرے انعام اور احسان نے ہمکو سیر کردیا۔

وَصَارَ اَحَبُّ مَا تُھْدِیْ اِلَیْنَا	لِغَیْرِ قِلیً وَدَاعَکَ وَالسَّلَامَا

ترجمہ اور تیرے سب تحفون سے بے رنج ہمکو یہ بات پسند ہو کہ تو ہمکو رخصت کرے اور ہمارا سلام قبول فرماے

وَلَمْ نَمْلَلْ تَفَقُّدَکَ الْمَوَالِیْ	وَلَمْ نَذْمُمْ اَیَادِیَکَ الْجِسَامَا

الموالی الذی یلی بعضہ بعضاً ترجمہ اور ہم تیری عنایات متواترہ سے ملول نہین ہوئے اور نہ تیری عظیم نعمتونکی برائی کی

وَلٰکِنَّ الْغُیُوْثَ اِذَا تَوَالَتْ	بِاَرْضِ مُسَافِرٍ کَرِہَ الْغَمَامَا

ترجمہ ولیکن جب باران زمین مسافر پر پے در پے برستا ہی تو وہ باران کو اچھا نہین سمجھتا ایسا ہی میرا حال ہو کہ مین مسافر ہون اور تیرے باران کرم نے مجکو روک لیا اسلئے مین گھبراگیا اور طالب رخصت ہوا وجہ ملال کیا عمدہ بیان کی ہو کہ اسمین وصف کثرت عطایا ممدوح بابلغ وجہ بیان کی۔

فکان مع ابی العشائر لیلا علی الشراب فاراد القیام فسألہ الجلوس فقال ارتجالاً

اَعَنْ اِذْنِیْ تَھُبُّ الرِّیْحُ رَھْوًا	وَیَسْرِیْ کُلَّمَا شِئْتُ الْغَمَامُ

الرہو الساکن۔ والاستفہام للانکار ترجمہ کیا ہواے ساکن میری اجازت سے چلتی ہو اور جب مین چاہتا ہون ابر روان ہوجاتا ہی۔ ریح اور غمام سے مراد ممدوح ہو۔ یعنی اس کی عطایا سرعت مین مثل ہوا ہین اور اس کی بخششین کثرت کے سبب ابر کی مانند ہین اور یہ اسکے کام میرے ارادہ سے نہین ہین بلکہ بمقتضاے طبع ہین چنانچہ اگلے شعر مین کہتا ہی۔

وَلٰکِنَّ الْغَمَامَ لَہٗ طِبَاعٌ	تَبَجُّسُہٗ بِھَا وَکَذَا الْکِرَامُ

التبجس التفجر ترجمہ ولیکن ابر کے لئے طبیعت خاص ہو جس کے سبب وہ برستا ہو اور ایسا ہی حال تمام سخیون کا ہوتا ہی۔

وقال یمدح کافورا وقد اہدی الیہ مہرا ادہم

فِرَاقٌ وَمَنْ فَارَقْتُ غَيْرُ مُذَمَّمٍ	وَأَمٌّ وَمَنْ يَمَّمْتُ خَيْرُ مُيَمَّمِ

مذمم مفعل من المذمۃ ویممت قصدت ترجمہ یہ فراق کا وقت ہی اور جس سے میں نے مفارقت کی ہو یعنی سیف الدولہ قابل مذمت نہیں ہی۔ اور یہ فراق ایک دوسرے امیر کا قصد ہی اور جس کا مین نے قصد کیا ہی وہ بہتر مقصود ہی یعنی کافور حبشی والی مصر

وَمَا مَنْزِلُ اللَّذَّاتِ عِنْدِي بِمَنْزِلٍ	إِذَا لَمْ أُبَجَّلْ عِنْدَهُ وَأُكَرَّمِ

ترجمہ اور جس جگہ مجھکو لذات عیش حاصل ہون جب مین وہان معظم ومکرم ہنون تو وہ جگہ میری رائے مین قابل قیام نہین ہی۔

سَجِيَّةُ نَفْسٍ مَا تَزَالُ مُلِيحَةً	مِنَ الضَّيْمِ مَرْمِيًّا بِهَا كُلَّ مَخْرِمِ

سجیۃ خبر مبتدء محذوف۔ ملیحۃ مشفقۃ من ان تضام۔ والاح من الامر اذا اشفق منہ۔ والمخرم الطریق فی الجبل ترجمہ یہ فراق میری ایسی طبیعت کی خصلت ہی جو ہمیشہ مظلوم ہونے سے ڈرنیوالی ہی اور اپنے اکرام کی خواہان اور مین اُس کو بخوف ظلم ہر دشوار گزار گھاٹیون مین پھینکنے والا ہون۔

رَحَلْتُ فَكَمْ بَاكٍ بِأَجْفَانِ شَادِنٍ	عَلَيَّ وَكَمْ بَاكٍ بِأَجْفَانِ ضَيْغَمِ

الشادن ولد الغزال ترجمہ مین نے وہان سے کوچ کیا تو بہت سی زنان محبوبہ بچشمان آہو برہ میرے فراق کے سبب روتی تھین اور بہت سے بہادر لوگ بچشمان شیر گریہ کرتے تھے اور چشمان ضیغم سے مراد سیف الدولہ بھی ہوسکتا ہی۔ و ہذا و فاء لما اوعد بہ من قولہ سے لیحدثن لمن فارقتہ ندم۔

وَمَا رَبَّةُ الْقُرْطِ الْمَلِيحِ مَكَانُهُ	بِأَجْزَعَ مِنْ رَبِّ الْحُسَامِ الْمُصَمِّمِ

القرط ما یعلق فی شحمۃ الاذن۔ والمصمم صفۃ للحسام ویجوزان یکون لرب وہو احسن ترجمہ اور وہ زن محبوبہ ایسے گوشوارہ والی جسکا مکان عمدہ ہی کیونکہ وہ محبوبہ کے کانون لگا ہوا ہی صاحب شمشیر برندہ یا صاحب شمشیر صاحب عزم سے زیادہ جزع وفزع کرنے والی نہ تھی۔ بلکہ میرے فراق سے دونون برابر روتے تھے۔ وقد انکر الشارح کون الضمیر للقرط وہو الظاہر فلیتامل۔

فَلَوْ كَانَ مَا بِي مِنْ حَبِيبٍ مُقَنَّعٍ	عَذَرْتُ وَلَكِنْ مِنْ حَبِيبٍ مُعَمَّمِ

ترجمہ سو اگر یہ ناقدردانی میرے حبیب برقع پوش کیطرف سے ہوتی۔ یعنی منجانب کسی محبوبہ کے تو مین اُسکو معذور رکھتا کیونکہ عذر اُنکی سرشت مین ہوتا ہی مگر غضب تو یہ ہی کہ یہ عذر منجانب حبیب عمامہ بند یعنی سیف الدولہ کے

رَمَى وَاتَّقَى رَمْيِي وَمِنْ دُونِ مَا اتَّقَى	هَوًى كَاسِرٌ كَفِّي وَقَوْسِي وَأَسْهُمِي

ترجمہ سیف الدولہ نے میرے اپنے عذر کا تیر مارا اور پھر بسبب اعتذار کے میری ہجو کے تیر سے بچ گیا اور اُس امر سے ورے جس کے سبب وہ میری ہجو سے بچگیا یعنے بسبب اعتذار کے میری اُس سے ایسی محبت تھی جس نے میرے ہاتھ اور میری کمان اور میرے تیر توڑ دیئے یعنی سامان ہجو کوئی محبت نے تلف کر دیا۔ خلاصہ یہ ہو کہ اگر وہ مجھ سے عذر نکرتا تو مین تب بھی اُس کی ہجو بسبب محبت نکرتا۔

إِذَا سَاءَ فِعْلُ الْمَرْءِ سَاءَتْ ظُنُونُهُ	وَصَدَّقَ مَا يَعْتَادُهُ مِنْ تَوَهُّمِ

ترجمہ جب مرد کے کام بُرے ہوتے ہین تو اُس کے گمان بھی بُرے ہو جاتے ہین اور جن توہمات کی اُسکو عادت ہی اُسکو سچا جاننے لگتا ہی۔

وَعَادَى مُحِبِّيهِ بِقَوْلِ عُدَاتِهِ	وَأَصْبَحَ فِي لَيْلٍ مِنَ الشَّكِّ مُظْلِمِ

ترجمہ اور وہ اپنے دشمنون کے کہنے سے اپنے دوستون کو دشمن سمجھنے لگتا ہی اور بسبب شک کے شب تاریک مین ہو جاتا ہی۔ یعنی وہ اپنے توہمات مین حیران رہتا ہی۔

أُصَادِقُ نَفْسَ الْمَرْءِ مِنْ قَبْلِ جِسْمِهِ	وَأَعْرِفُهَا فِي فِعْلِهِ وَالتَّكَلُّمِ

یرید بالنفس الھمۃ والاخلاق ترجمہ مین ہمت واخلاق مرد سے قبل تعارف اُسکے جسم کے دوستی پیدا کرتا ہون اور مین اُس کی سیرت وہمت کو اُس کے کام وکلام سے معلوم کر لیتا ہون۔

وَأَحْلُمُ عَنْ خِلِّي وَأَعْلَمُ أَنَّهُ	مَتَى أَجْزِهِ حِلْمًا عَلَى الْجَهْلِ يَنْدَمِ

ترجمہ اور مین اپنے دوست کی برائی پر حلم کرتا ہون اور یہ جانتا ہون کہ جب اُس کے جہل پر مین حلم کی اُسکو جزا دون گا تو وہ اپنی گمراہی سے پشیمان ہو کر راہ پر آجائے گا۔

وَإِنْ بَذَلَ الْإِنْسَانُ لِي جُودَ عَابِسٍ	جَزَيْتُ بِجُودِ الْبَاذِلِ الْمُتَبَسِّمِ

ترجمہ اور اگر انسان میرے واسطے ترشروئی سے بخشش عنایت کرے یعنی وہ ترشروئی کے ساتھ مجھ پر بخشش کرے تو مین اُسکو اُس کی بخشش کے بدلے اُس کو بخشش فیاض متبسم کی جزا دیتا ہون۔ یعنی اُس کی عطا اُسی کو بحالت تبسم پھیرا دیتا ہون۔ اُس کی عطا بحالت ترشروئی تھی۔ اور میری عطا بصورت خوشروئی۔ شاعر نے عبوس باذل کی عطا کو واپس کرنے کو اپنی عطا قرار دیا۔ اور آپکو اُس سے افضل شمار کیا۔

وَأَهْوَى مِنَ الْفِتْيَانِ كُلَّ سَمَيْذَعٍ	نَجِيبٍ كَصَدْرِ السَّمْهَرِيِّ الْمُقَوَّمِ

السمیدع السید الکریم۔ والسمہری من الرماح القوی الصلب من اسمہر الامر اذا اشتد او منسوب الی سمہر المقوم للرماح المعروف ترجمہ اور مین جوانون مین ہر سردار کریم شریف طویل القامت مثل سر نیزہ مضبوط سیدھے کو

پسند کرتا ہون۔

خَطَتْ تَحْتَهُ الْعِيسُ الْفَلَاةَ وَخَالَطَتْ بِهِ الْخَيْلُ كَبَّاتِ الْخَمِيسِ الْعَرَمْرَمِ	

خطت قطعت - والعیس الابل البیض - والفلاۃ الارض البعیدۃ من الماء - وکبات جمع کبۃ وہی الصدمۃ والحملۃ والکبۃ بالضم الجماعۃ من الخیل ترجمہ ایسے جوان مرد کو دوست رکھتا ہون کہ اُس کی سواری مین شتران سفید نے چٹیل میدان کو جہان پانی نہین ہو قطع کیا ہو اور اُس کے سبب گھوڑون نے حملات یا لشکر کثیر کے گھوڑون سے مٹ بھیڑ کی ہو۔

وَلَا عِفَّةٌ فِي سَيْفِهِ وَسِنَانِهِ	وَلٰكِنَّهَا فِي الْكَفِّ وَالْفَرْجِ وَالْفَمِ

ترجمہ اور اُس سردار کریم کی شمشیر ونیزے مین پاکدامنی نہو بلکہ وہ دشمنون کو بیدریغ قتل کرے ہان اُس کے ہاتھ مین عفت ہو کہ کسیکا مال وغیرہ نلے اور اُس کی شرم گاہ مین کہ وہ مرتکب زنا نہو اور اُس کے منھ مین کہ کسی کی غیبت نکرے اور سچ بولے اور مال حرام نہ کھاوے۔

وَمَا كُلُّ هَاوٍ لِلْجَمِيلِ بِفَاعِلٍ	وَلَا كُلُّ فَعَّالٍ لَهُ بِمُتَمِّمِ

ہویت الشی اہواہ قصدتہ ترجمہ اور ہر نیک کام کا قصد کرنے والا اُس کا کرگزرنے والا نہین ہوتا بلکہ بہت سے لوگون کے ارادہ پورے نہین ہوتے اور نہ ہر کام کا کرنیوالا اُسکو کماحقہ تمام کرتا ہی۔

فِدًى لِأَبِي الْمِسْكِ الْكِرَامُ فَإِنَّهَا	سَوَابِقُ خَيْلٍ يَهْتَدِينَ بِأَدْهَمِ

وفی روایۃ بدل فانہا فانہم وہو الاظہر - وابو المسک کافور وہو الممدوح - والادہم الاسود ترجمہ ابو المسک یعنی کافور پر کریم لوگ قربان ہون کیونکہ وہ لوگ بمنزلہ آگے بڑھے ہوئے گھوڑون کے ہین جو ایک مشکی گھوڑے کا اقتدا کرتے ہین - کافور کو مشکی بسبب حبشی ہونے کے کہا - یعنی وہ سخیون کا امام ہی۔

أَغَرُّ بِمَجْدٍ قَدْ شَخَصْنَ وَرَاءَهُ	إِلَى خُلُقٍ رَحْبٍ وَخَلْقٍ مُطَهَّمِ

اغر بدل من ادہم - وشخصن رفعن الصار ہن درحب وسیع ومطہم حسن ترجمہ وہ مشکی گھوڑا اگرچہ رنگ کا سیاہ ہی مگر نور مجد و شرافت اُس کے چہرہ پر برستا ہی - اور اُس کے پیچھے وہ آگے بڑھے ہوئے گھوڑے ایک خلق وسیع اور سرشت نیکو دیکھتے ہین - خلاصہ یہ ہی کہ اُس کے اخلاق عمدہ اور اُس کا چہرہ نہایت خوشنما ہی۔

إِذَا مَنَعَتْ مِنْكَ السِّيَاسَةُ نَفْسَهَا	فَقِفْ وَقْفَةً قُدَّامَهُ تَتَعَلَّمِ

ترجمہ ای خاطب جب تجھ سے سیاست اپنے آپکو روکے - یعنی تجھ کو سیاست اچھی طرح نہ آوے تو تو تھوڑی دیر کو کافور کے پاس جاکھڑا ہو سیاست بخوبی سیکھ جاوے گا۔

يَضِيقُ عَلَى مَنْ رَاءَهُ الْعُذْرُ أَنْ يُرَى	ضَعِيفَ الْمَسَاعِي أَوْ قَلِيلَ التَّكَرُّمِ

المساعی جمع مساعاۃ وہی السعی فی طلب المجد - درواہ مقلوب رواہ ترجمہ جس نے ممدوح کی سخاوت واستحصال مکارم دیکھا ہوا در وہ پھر بھی کسب مجد اور شرف میں ضعیف وقلیل التکرم ہو تو اُسکو اس ضعف وقلت کا کوئی عذر نہیں ہی - کیونکہ اُس نے ایسے فرد کامل کو دیکھا پھر بھی نہ سیکھا -

	وَمَنْ مِثْلُ کَافُوْرٍ اِذَا الْخَیْلُ اَحْجَمَتْ		وَکَانَ قَلِیْلًا مَنْ یَقُوْلُ لَھَا اَقْدِمِ

ترجمہ اور جبکہ گھوڑے یعنی اُن کے سوار بسبب اپنی قلت کے دشمنوں پر حملہ کرنے سے رُکجاویں تو مثل کافور کے کون بہادر ہی جو ایسی حالت میں بھی گھوڑوں سے کہے یعنی اُن کے سواروں سے کہ آگے بڑھو -

	شَدِیْدُ ثَبَاتِ الطِّرْفِ وَالنَّقْعُ وَاصِلٌ		اِلٰی لَھَوَاتِ الْفَارِسِ الْمُتَلَثِّمِ

الطرف بکسر الطاء ہو الفرس - ومن روی بفتح الطاء اراد العین - واللہوات جمع لہاۃ وہی اقصی اللسان - والمتلثم الذی علیہ اللثام سترۃ من الغبار والہواء ترجمہ وہ خوب گھوڑا جماکر کھڑا ہوتا ہی یعنی ثابت قدم رہتا ہی - یا اُس کی آنکھ نہیں جھپکتی جبکہ غبار میدان جنگ سواران دہان بند کے حلقوں میں پہنچ جاوے - یعنی وہ ایسے نازک وقت میں بھی نہیں گھبراتا -

	اَبَا الْمِسْکِ اَرْجُوْ مِنْکَ نَصْرًا عَلَی الْعِدٰی		وَاٰمُلُ عِزًّا یَخْضِبُ الْبِیْضَ بِالدَّمِ

ترجمہ اے کافور میں تجھ سے دشمنوں پر مدد کا اُمیدوار ہوں اور ایسی عزت چاہتا ہوں جو شمشیروں کو خون اعدا سے رنگدے -

	وَیَوْمًا یَغِیْظُ الْحَاسِدِیْنَ وَحَالَۃً		اُقِیْمُ الشَّقَا فِیْھَا مَقَامَ التَّنَعُّمِ

الشقا یمد ویقصر - وہمزتہ منقلبۃ عن واو ترجمہ اور میں تیری عنایت سے ایسے روز کی اُمید رکھتا ہوں اور ایسی حالت چاہتا ہوں کہ اپنی محنت ومشقت کو اُس حال میں بجائے خوشحالی سمجھوں - یا یہ کہ تنعم اعدا کو اُنکی شقاوت سے بدل دوں یعنی وہ حسد سے تباہ ہوجاویں

	وَلَمْ اَرْجُ اِلَّا اَھْلَ ذَاکَ وَمَنْ یُرِدْ		مَوَاطِرَ مِنْ غَیْرِ السَّحَائِبِ یَظْلِمِ

ترجمہ اور میں نے اس طلب امداد کی اُمید اُس شخص سے کی ہی جو اُس کا لائق ہی - اور جو آدمی باران کی اُمید سوائے ابروں کے کرے اُس کی خواہش بے موقع ہی سو میں نے ایسا نہیں کیا بلکہ بارش کی اُمید ابروں سے کی ہی -

	فَلَوْ لَمْ تَکُنْ فِیْ مِصْرَ مَا سِرْتُ نَحْوَھَا		بِقَلْبِ الْمَشُوْقِ الْمُسْتَھَامِ الْمُتَیَّمِ

المشوق العاشق ترجمہ سو اگر تو مصر میں نہوتا تو میں ایک دل عاشق زار رنج کشیدہ کے ساتھ اس طرف ایک قدم بھی نہ اُٹھاتا - یعنی میں تجکو ہی قبلہ حاجات سمجھ کر آیا ہوں -

وَلَا نُعِمَتْ خَیْلِیْ کِلَابَ قَبَائِلٍ	کَاَنَّ بِہَا فِی اللَّیْلِ حَمْلَاتِ دَیْلَمِ

اسکن حملات للضرورۃ - وعبّر باسم الدیلم عن الاعداء لانہا کانت بینہا وبین العرب عداوۃ ترجمہ اور اگر تو مصر مین نہ ہوتا اور مین یہ مسافت بعیدہ قطع نکرتا تو میرے گھوڑون پر اُن فرقون کے کتے جو اثنائے راہ مین آئے نہ بھونکتے اور اب تو یہ کیفیت گذری ہی کہ گویا انکو رات مین مجھ پر قوم دیلم کے سے حملے تھے -

وَلَا اتَّبَعَتْ اٰثَارَ نَاعَیْنُ قَائِفٍ	فَلَمْ تَرَ اِلَّا حَافِرًا فَوْقَ مَنْسِمِ

القائف التابع الذی یقفو الاثار - والمنسم للابل کالحافر للفرس ترجمہ اور اگر تیری طرف میرا سفر ہوتا تو ہمارے نشان ہاے اقدام کو کھوجیے کی آنکھ تلاش نکرتی سو اُس نے ندیکھا مگر گھوڑے کے سم کے نشان سم شتر پر یعنی وہ مجکو پکڑ نہ سکے - عرب کی عادت ہی کہ سفر بعید مین شتر پر سواری کرتے ہین اور کوتل گھوڑے پیچھے رکھتے ہین اس لئے نشانہاے سم شتر پر گھوڑون کے قدم پڑتے ہین -

وَسَمْنَا بِہَا الْبَیْدَاءَ حَتّٰی تَغَمَّرَتْ	مِنَ النِّیْلِ وَاسْتَذْرَتْ بِظِلِّ الْمُقَطَّمِ

التغمر الشرب القلیل - واستذرت نزلت فی ذراہ ای ناحیتہ - والمقطم جبل معروف بمصر - والسمۃ العلامۃ ترجمہ ہمنے سمہاے اسپ وشتر سے جنگل کو نشاندار کر دیا - یعنی ایسے میدان ہاے ویرانون مین چلے جہان سابق نشان قدم نہ تھا یہان تلک کہ سوارون نے بسبب ماندگی راہ کے دریاے نیل کا قدرے پانی پیا اور سایہ کوہ مقطم مین پناہ گیر ہوئے -

وَاَبْلَجَ یَعْصِیْ بِاخْتِصَاصِیْ مُشِیْرَہٗ	عَصَیْتُ بِقَصْدِیْہِ مُشِیْرِیْ وَلُوَّمِیْ

الابلج بالنجار ہو العظیم المتکبر وہو من صفۃ الملوک - وبالجیم الجمیل الوجہ - والبلج مجرور محلا عطفا علی ظل المقطم ترجمہ اور ایسے عظیم القدر بادشاہ رو کی پناہ مین آئے جس کا مشیر یعنی وزیر اُسکو میرے خاص بنانے سے منع کرتا تھا مگر اُس نے اُس کی خلاف مرضی مجکو اپنے خواص مین داخل کرلیا اور مین نے بھی جب اُس کی طرف قصد کیا تھا تو اس باب مین اپنے مشورہ دینے والون اور ملامت گرون کی نافرمانی کی تھی - اور مشیر کا فور سے مراد اُس کا وزیر ابن الفرات ہی جس کی متنبی نے مدح نہین کہی - اور عصیت بقصدیہ ہجو کا فور پر بھی محمول ہوسکتا ہی - یعنی میرے مشیر ایسے بخیل کے پاس جانے سے مانع اور لائم تھے -

فَسَاقَ اِلَیَّ الْعُرْفَ غَیْرَ مُکَدَّرٍ	وَسُقْتُ اِلَیْہِ الشُّکْرَ غَیْرَ مُجَمْجَمِ

المجمجم الذی لایفہم ولایاتی علی الوجہ ترجمہ سو ممدوح نے مجکو ایسا انعام دیا جو احسان جتانے اور ستانے سے مکدر نہ تھا اور مین نے اُس کی طرف ایسا شکر صریح روانہ کیا جو مبہم اور غیر موقع نہ تھا - وقال ابو الفتح شکری لیس فیہ عیب ولا اشارۃ الی ذم وہذا التقی یشہد بقلب المدح الی الہجاء -

قَدِ اخْتَرْتُ الْأَمْلَاكَ فَاخْتَرْهُمْ لَنَا	حَدِيْثًا وَقَدْ حَكَّمْتُ رَأْيَكَ فَاحْكُمِ

اراد من الاملاک فحذف واصل القول لقولہ تعالیٰ واختار موسیٰ قومہ ای من قومہ ترجمہ میں نے تجکو سب بادشاہوں میں سے اپنی حاضری کے لئے پسند کیا ہو تو تو اُن کے لئے ہماری ایک بات پسند کر یعنے مدح یا ہجو کی یا عطا یا بخل کی۔ خلاصہ یہ ہو کہ وہ لوگ میرا اور تیرا ذکر کرین گے پس تو مجھ سے ایسی طرح پیش آ کہ وہ تیرا ذکر بخیر کرین اور مین نے تجھی کو اور تیری راے کو حکم بنا دیا ہو اب تو ہی حکم کر۔

فَأَحْسَنُ وَجْهٍ فِي الْوَرَى وَجْهُ مُحْسِنٍ	وَأَيْمَنُ كَفٍّ فِيْهِمُ كَفُّ مُنْعِمِ

ترجمہ سو دنیا مین سب سے زیادہ خوبصورت چہرہ احسان کرنے والے کا ہوتا ہو اور مبارک ہاتھ اُن مین منعم کا ہاتھ ہوتا ہو۔

وَأَشْرَفُهُمْ مَنْ كَانَ أَشْرَفَ هِمَّةً	وَأَكْثَرَ إِقْدَامًا عَلَى كُلِّ مُعْظَمِ

ترجمہ اور لوگون مین اشرف وہ ہو جو بلحاظ ہمت اشرف ہو اور ہر امر عظیم پر سب سے زیادہ بڑھا رہے۔ یہ دونون شعر حسب عادت متنبی کہ کافور کی مدح مین پہلو دار شعر کہا کرتا ہی ہجو پر محمول ہو سکتے ہین۔ یعنی تجھ مین حسب ونسب وحسن صورت تو ہی ہی نہین۔ پس اگر تجکو حسن الصورت وشریف ہونا منظور ہو تو خصائل حمیدہ مثل جود و احسان وبلندی ہمت وشجاعت پیدا کر۔

لِمَنْ تَطْلُبُ الدُّنْيَا إِذَا لَمْ تُرِدْ بِهَا	سُرُوْرَ مُحِبٍّ أَوْ إِسَاءَةَ مُجْرِمِ

ترجمہ جب تجکو دوست کی خوشی اور دشمن کو رنجیدہ کرنا منظور نہین ہی تو دنیا کو کسواسطے طلب کرتا ہی۔

وَقَدْ وَصَلَ الْمُهْرُ الَّذِيْ فَوْقَ فَخْذِهِ	مِنِ اسْمِكَ مَا فِيْ كُلِّ جِيْدٍ وَمِعْصَمِ

المعصم موضع السوار من الزند ترجمہ اور بیشک وہ بچھیرا پہنچا ہوا جسکی ران پر تیرے نام کا ایسا ہی نشان تھا جو ہر گردن اور پہنچے پر ہی پہنچا۔ اور گردن اور پہنچے پر نشان ہونے کے یہ معنی ہین کہ تمام حیوانات تیری ملک ہین۔ چنانچہ اگلے شعر مین اس کی تصریح کرتا ہی۔

لَكَ الْحَيَوَانُ الرَّاكِبُ الْخَيْلَ كُلُّهُ	وَإِنْ كَانَ بِالنِّيْرَانِ غَيْرَ مُوَسَّمِ

ترجمہ جملہ حیوانات اور گھوڑے کے سوار یعنی حیوان ناطق وغیر ناطق تیری ملک ہین اگرچہ اُنپر تیرے نام کا آگ سے داغ نہین دیا گیا۔

وَلَوْ كُنْتُ أَدْرِيْ كَمْ حَيَاتِيْ قَسَمْتُهَا	وَصَيَّرْتُ ثُلْثَيْهَا انْتِظَارَكَ فَاعْلَمِ

ترجمہ اپنی اُمید براری مین بجانب ممدوح دیر سمجھ کر کہتا ہو کہ اگر مین جانتا کہ میری زندگی کی مدت کسقدر رہی تو اسکو اسطرح تقسیم کرتا کہ عمر کی دو تہائی تیری عطا کے انتظار کے لئے رکھتا تو اس بات کو سمجھ لے۔

وَلٰکِنَّ مَا یَمْضِیْ مِنَ الْعُمْرِ فَائِتٌ	فَجُدْ لِیْ بِحَظِّ الْبَادِرِ الْمُتَغَنِّمِ

ترجمہ مگر جو حصہ عمر کا جاتا ہے وہ واپس نہین آتا سو تو مجکو نصیب اُس شخص کا عطا کر جو انجام اُمور مین جلدی کرنے والا ہو اور فرصت کو غنیمت جاننے والا۔

رَضِیْتُ بِمَا تَرْضٰی بِہٖ لِیْ مَحَبَّۃً	وَقُدْتُ اِلَیْکَ النَّفْسَ قَوْدَ الْمُسَلِّمِ

ہذا کالعود من عتاب الاستبطاء ترجمہ عتاب تاخیر مذکور سابق سے رجوع کر کے کہتا ہی کہ مین براہ تیری محبت کے اُس امر تاخیر پر راضی ہون جس پر تو راضی ہی۔ اور مین نے اپنے نفس کو تیری طرف ایسی طرح ہنکایا ہی جیسا کوئی کسیکو حوالہ کر دیتا ہی اور جو شخص دوسرے کو کوئی چیز سپرد کر دیتا ہی اُس کو کچھ دعوٰی نہین رہتا۔

وَمِثْلُکَ مَنْ کَانَ الْوَسِیْطُ فُؤَادُہٗ	فَکَلَّمَہٗ عَنِّیْ وَلَمْ اَتَکَلَّمِ

ترجمہ اور تجھ جیسے سخی کا دل مجھ مین اور تجھ مین واسطہ ہی سو اُس نے میری طرف سے تجھسے کلام کیا ہوگا۔ اور مجکو کلام کی حاجت نہین ہی۔

وقال یذکر حماہ التی کانت تغشاہ بمصر

مَلُوْمُکُمَا یَجِلُّ عَنِ الْمَلَامِ	وَوَقْعُ فَعَالِہٖ فَوْقَ الْکَلَامِ

الکلام ہو المعروف ویجوز ان یراد بالکلام الجرح ترجمہ حسب عادت عرب اپنے دو یاردن سے جو طالب فی بین نیز اسفار بعیدہ مین خطاب کر کے کہتا ہی کہ تمھارا ملامت کیا گیا یعنی مین جس کو تم ملامت کرتے ہو ملامت سے برتر ہی۔ یعنی وہ لائق ملامت نہین ہی۔ اور ظہور اُس کے افعال کا گفتگو سے بڑھا ہوا ہی اسمین مجال گفتگو نہین ہی ترک اسفار کی مجھ سے اُمید مت رکھو۔ یا وقوع افعال تمھاری ملامت کا زخمون کی تکلیف سے زیادہ موذی ہی مجھ سے تمھاری ملامت سُنی نہین جاتی۔

ذَرَانِیْ وَالْفَلَاۃَ بِلَا دَلِیْلٍ	وَوَجْہِیْ وَالْہَجِیْرَ بِلَا لِثَامِ

نصب الفلاۃ والہجیر لانہما مفعولان معہما ای اترکانی مع الفلاۃ والہجیر۔ والفلاۃ الارض البعیدۃ من الماء والہجیر شدۃ الحر۔ واللثام ما یستر بہ الوجہ ترجمہ تم دونون مجکو بے آب جنگلون کے ساتھ چھوڑ دو مین نے جانا اور اُس نے۔ مین اُسکو بے راہبر قطع کرون گا۔ اور میرے چہرہ کو شدت حرارت کا ساتھی کر دو کہ مین سپر بے منھ پر کپڑا ڈالے سفر کرون گا۔ کیونکہ مین بڑا جفاکش ہون۔

فَاِنِّیْ اَسْتَرِیْحُ بِذِیْ وَہٰذَا	وَاَتْعَبُ بِالْاِنَاخَۃِ وَالْمُقَامِ

ترجمہ کیونکہ مجکو صحراے بے آب و شدت حرارت سے راحت ملتی ہی اور سواری سے اُترنا اور ٹھہرنا مجکو تکلیف دیتا ہی

عُیُوْنُ دَوَاجِلِے اِنْ حِرْتُ عَیْنِیْ	وَکُلُّ بُغَامِ دَازِحَۃٍ بُغَامِیْ

حرت تحیرت - والبغام صوت الناقۃ للتعب والرازح من الابل الہالک ہزالا - ورزحت الناقۃ سقطت من الاعیاء ہزالا ترجمہ اگر میں حیران ہو جاؤں تو میری آنکھ میرے شتروں کی آنکھ ہو جاتی ہے اور ہر آواز میرے تھکے ہوئے ناقہ کی میری آواز ہے - خلاصہ یہ ہے کہ شاعر اپنی نفس کو تحیر میں شتروں سے تشبیہ دیتا ہے کیونکہ وہ بحالت حیرانی جانتے نہیں ہیں کہ کدھر جائیں ایسا ہی میرا حال ہے - اور یہ بھی توجیہ ہو سکتی ہے کہ میں جنگلی آدمی ہوں ستاروں کے ذریعہ سے رات کو راہ پہچان لیتا ہوں - مطلب یہ ہے کہ اگر میں صحرائے لق و دق میں حیران ہو جاتا ہوں تو میری بینا چشم مثل چشم شتران ہو جاتی ہے اور میری فصیح گفتگو اُس کی آواز اور اُس کے ذریعہ سے منزل مقصود تک پہنچ جاتا ہوں - وانما قال بغامی علی الاستعارۃ -

فَقَدْ اَرِدُ الْمِیَاہَ بِغَیْرِ ھَادٍ	سِوٰی عَدِّیْ لَھَا بَرْقَ الْغَمَامِ

العرب کانوا اذا لاح البرق عدوا سبعین او مائۃ برقۃ فاذا کملت دثقوا بانہ برق ماطر فرحلوا یطلبون موضع الغیث ترجمہ سو بیشک میں پانیوں پر جا اُترتا ہوں اور میرے ساتھ کوئی راہبر سوائے اس کے کہ پانیوں پر پہنچ جانے کے لئے برق ابر بارندہ کو حسب عادت عرب ستر یا سو بار اُس کی چمک کو شمار کر لیتا ہوں اگر یہ شمار پوری ہو گئی تو معلوم کر لیتا ہوں کہ اُس طرف پانی برسا ہے اُسی سمت کو روانہ ہو جاتا ہوں -

یُذِمُّ لِمُھْجَتِیْ رَبِّیْ وَسَیْفِیْ	اِذَا احْتَاجَ الْوَحِیْدُ اِلَی الذِّمَامِ

الذمام العہد ترجمہ میرے جان کے ہم عہد میرا خدا اور میری شمشیر ہو جاتے ہیں جب اکیلے آدمی کو حاجت عہد پڑتی ہے - مطلب یہ ہے کہ میں کسی کو اپنے ساتھ نہیں رکھتا - میں یکہ تازہوں -

وَلَا اُمْسِیْ لِاَھْلِ الْبُخْلِ ضَیْفًا	وَلَیْسَ قِرًی سِوٰی مُخِّ النَّعَامِ

ترجمہ اور میں بوقت شام کسی بخیل کا مہمان نہیں ہوتا - جبکہ میرے پاس سوائے مغز سر شتر مرغ کے ہو یعنی میرے پاس کچھ نہ ہو کیونکہ سر شتر مرغ میں مغز نہیں ہوتا - اور یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ یہ مراد ہو کہ بخیل کے پاس سامان ضیافت نہیں ہوتا - ویروی مح بالحاء المہملۃ - اس صورت میں یہ معنی ہونگے کہ اگر میرے پاس سوائے زردی بیضۂ شتر مرغ نہ ہو تو میں اُسی کو پی لوں گا - مگر بخیل کے پاس نہ جاؤں گا -

فَلَمَّا صَارَ وُدُّ النَّاسِ خِبًّا	جَزَیْتُ عَلٰی ابْتِسَامٍ بِابْتِسَامِ

الخب المکر ترجمہ سو جبکہ لوگوں کی دوستی مکر و فریب ہو گئی تو میں نے بھی اُنکے تبسم کے بدلے تبسم کا جواب دیا یعنی میں بھی اُنکے ہمرنگ ہو گیا -

وَصِرْتُ اَشُکُّ فِیْمَنْ اَصْطَفِیْہِ	لِعِلْمِیْ اَنَّہٗ بَعْضُ الْاَنَامِ

ترجمہ اَب میرا یہ حال ہو گیا ہی کہ جس کو مین اپنا دوست بناتا ہون اُس کی دوستی مین شک کرتا ہون کیونکہ مین جانتا ہون کہ وہ بھی اسی دنیا کا آدمی ہی۔ جس مین مکر و فریب بالعموم پھیل گیا ہی۔

یُحِبُّ الْعَاقِلُوْنَ عَلَی التَّصَافِیْ	وَحُبُّ الْجَاهِلِیْنَ عَلَی الْوَسَامِ

الوسام والوسامۃ الحسن ترجمہ عاقل لوگ صفائی محبت پر دوستی کرتے ہین اور جاہلون کی دوستی چپڑی چکنی صورتون مین ہوتی ہی۔ اور یہ امر غلط ہی کیونکہ ہر جمیل الصورت جمیل السیرت نہین ہوتا ہی۔

وَآنَفُ مِنْ اَخِیْ لِاَبِیْ وَ اُمِّیْ	اِذَا مَا لَمْ اَجِدْهُ مِنَ الْكِرَامِ

انف استنکف ترجمہ اور مین اپنے حقیقی برادر سے بھی نفرت کرتا ہون جبکہ مین اُسکو سخی نہ پاؤن یعنی بخل سے مجھکو اسقدر نفرت ہی۔

اَرَی الْاَجْدَادَ تَغْلِبُهَا جَمِیْعًا	عَلَی الْاَوْلَادِ اَخْلَاقُ اللِّئَامِ

ترجمہ مین یہ بات اکثر دیکھتا ہون کہ اجداد کے عمدہ اثر پر اُنکی اولاد مین ناکسون کے اخلاق غالب آتے ہین یعنی اگرچہ اولاد کی اصل کریم ہو مگر لئیمون کی عادات اُنپر غالب ہو جاتی ہین۔

وَلَسْتُ بِقَانِعٍ مِنْ كُلِّ فَضْلٍ	بِاَنْ اُعْزٰی اِلٰی جَدٍّ هُمَامِ

ترجمہ اور مین ہر فضیلت کے باب مین اس امر پر قناعت کرنے والا نہین ہون کہ مبارک اور صاحب ہمت دادے پر قناعت کرون۔ یعنی مین وصف اضافی پر قانع نہین بلکہ فضیلت ذاتی کا خواہان ہون۔

عَجِبْتُ لِمَنْ لَهٗ قَدٌّ وَحَدٌّ	وَيَنْبُوْ نَبْوَةَ الْقَضِمِ الْكَهَامِ

القضم السیف المفلل۔ وینبو یرتفع۔ والکہام الذی لا یقطع ترجمہ مجھے اُس شخص سے تعجب ہی جو صاحب قد طویل اور شل شمشیر تیزی والا ہی کہ وہ مانند شمشیر دندانہ دار و کند کے زخم گاہ سے اُچٹ جاوے اور کاٹ نہ کرے۔

وَمَنْ يَجِدِ الطَّرِيْقَ اِلَی الْمَعَالِیْ	فَلَا يَذَرُ الْمَطِيَّ بِلَا سَنَامِ

ترجمہ اور مین تعجب کرتا ہون اُس شخص سے جو مکارم و معالی کیطرف راہ پاوے اور اُس کے حصول مین ایسے سفر دور و دراز اختیار نہ کرے جس مین ناقون کے کوہان کے بسبب تعب سفر کے جاتے رہین۔

وَلَمْ اَرَ فِیْ عُيُوْبِ النَّاسِ شَيْئًا	كَنَقْصِ الْقَادِرِيْنَ عَلَی التَّمَامِ

ترجمہ اور مین نے لوگون کے عیبون مین اُس سے زیادہ کوئی چیز معیوب نہین دیکھی کہ جس کو حصول تمام کمالات پر قدرت ہو وہ اپنی تکمیل مین ناقص رہے کیونکہ وہ باوجود قدرت مذکورہ ناقص رہا۔

اَقَمْتُ بِاَرْضِ مِصْرَ فَلَا وَرَائِیْ	تَخُبُّ بِیَ الْمَطِیُّ وَلَا اَمَامِیْ

ترجمہ مین نے سرزمین مصر مین اقامت کی اب میرے ناقہ نے مجکو پیچھے کو ہٹاتی ہی اور نہ آگے کو لیجاتی ہی یعنی ۴۷

مین بسبب طول مرض سوار نہین ہو سکتا پڑے پڑے جی گھبرایا جاتا ہی۔

وَمَلَّنِیَ الْفِرَاشُ وَکَانَ جَنْبِیْ	یَمَلُّ لِقَاءَهٗ فِیْ کُلِّ عَامِ

ترجمہ اور مجکو مریضانہ بستر نے دل تنگ کر دیا اور پہلے تو میرا پہلو بستر پر پڑنے کو سال بھر مین ایکدفعہ بھی باعث تنگدلی سمجھتا تھا کیونکہ مین برابر سفر مین رہتا تھا۔

قَلِیْلٌ عَائِدِیْ سَقِمٌ فُؤَادِیْ	کَثِیْرٌ حَاسِدِیْ صَعْبٌ مَرَامِیْ

ترجمہ اب میری عبادت کرنے والے کم ہین کیونکہ مین مسافر ہون اور میرا دل بیمار اور میرے فضل کے سبب میرے حاسد بہت ہین اور میرا مطلب سخت مشکل ہی کیونکہ مین خواہان ملک و حکومت ہون۔

عَلِیْلُ الْجِسْمِ مُمْتَنِعُ الْقِیَامِ	شَدِیْدُ السُّکْرِ مِنْ غَیْرِ الْمُدَامِ

ترجمہ مین علیل الجسم ہون اور بسبب ضعف میرا قیام ممنوع ہی اور بے پیے نقاہت کے نشہ مین بدمست ہون

وَزَائِرَتِیْ کَاَنَّ بِهَا حَیَاءً	فَلَیْسَ تَزُوْرُ اِلَّا فِی الظَّلَامِ

ترجمہ اپنی تپ کو جو رات کو آتی تھی ایک معشوقہ شرمگین سے تشبیہ دیکر کہتا ہی کہ معشوقہ میرے پاس گویا بسبب حیا کے نہین آتی مگر شب تاریک مین جسی لیلے تپ کی ایک قسم ہی۔

بَذَلْتُ لَهَا الْمَطَارِفَ وَالْحَشَایَا	فَعَافَتْهَا وَبَاتَتْ فِیْ عِظَامِیْ

المطارف جمع مطرف وہو الذی فی جیبہ علمان۔ والحشایا جمع حشیۃ وہو احشی من الفرش ما یجلس علیہ ترجمہ مین نے اُس محبوبہ کے لیے چادر ہاے ریشمی پلہ دار اور گدے استعمال کیے سو اُس نے ان دلون چیزونکو مکردہ سمجھا اور ان پر آرام کیا۔ اور میرے استخوانون مین رات گزاری۔ معلوم ہوتا ہی کہ تپ کے ساتھ لرزہ بھی تھا۔

یَضِیْقُ الْجِلْدُ عَنْ نَفَسِیْ وَعَنْهَا	فَتُوْسِعُهٗ بِاَنْوَاعِ السَّقَامِ

ترجمہ میرے جسم کی کھال میرے لنبے سانس اور اُس محبوبہ زائرہ یعنی تپ سے تنگی کرتی ہی سو وہ تپ میرے جسم کو بسبب اقسام مرض وسیع کرتی ہی یعنی مجکو لاغر کرتی ہی۔ اور کھال وسیع ہو جاتی ہی۔

اِذَا مَا فَارَقَتْنِیْ غَسَّلَتْنِیْ	کَاَنَّا عَاکِفَانِ عَلٰی حَرَامِ

ترجمہ جب وہ تپ مجھسے مفارقت کرتی ہی تو مجکو بسبب کثرت عرق تپ غسل دیتی ہی گویا ہم دونو بطور حرام باہم ہوے تھے۔ خلاصہ یہ ہی کہ انجام تپ مین عرق کثیر آتا ہی۔ حرام کا لفظ بضرورت قافیہ لایا ورنہ صحبت حلال بھی موجب غسل ہوتی ہی۔ اور بعض اس کی یہ وجہ بیان کرتے ہین کہ اندھیرے مین پوشیدہ آنا علامت غیر حلال اور بدفعلی کے ہی اس سے لفظ حرام لایا۔

كَأَنَّ الصُّبْحَ يَطْرُدُهَا فَتَجْرِي	مَدَامِعُهَا بِأَرْبَعَةٍ سِجَامِ

باربعۃ سجام اراد بہ ذات سجام۔ واراد باربعۃ لحاظین وموقین للعین والدمع تجری من الموقین فاذا غلب وکثر جری من اللحاظ ترجمہ گویا صبح اُس حبیبہ کو میرے پاس سے ہنکاتی اور ہٹاتی ہی اور وہ میرے پاس سے جانا نہین چاہتی لہذا میرے فراق مین ہر چہار جانب چشم سے جو بکثرت اشک بہاتی ہین آنسو جاری ہوتے ہین۔ یعنی بکثرت عرق آتا ہی۔ عربی میں یہ محاورہ ہے اردو میں محاورہ ہے آٹھ آٹھ آنسو بہانا ۱۲۔

أُرَاقِبُ وَقْتَهَا مِنْ غَيْرِ شَوْقٍ	مُرَاقَبَةَ الْمَشُوقِ الْمُسْتَهَامِ

ترجمہ مین مثل عاشق زار کے بے شوق اُس کے آنیکے وقت کا انتظار کرتا ہون حسب عادت مریضان۔

وَيَصْدُقُ وَعْدُهَا وَالصِّدْقُ شَرٌّ	إِذَا أَلْقَاكَ فِي الْكُرَبِ الْعِظَامِ

ترجمہ اور وہ تپ اپنے وعدہ کو پورا کرتی ہو حالانکہ صدق جب وہ تجکو بڑے بڑے بحینیون مین ڈالے بدتر ہی۔

أَبِنْتَ الدَّهْرِ عِنْدِي كُلُّ بِنْتٍ	فَكَيْفَ وَصَلْتِ أَنْتِ مِنَ الزِّحَامِ

ارادبنت الدہر الحمی وبنات شدائدہ ترجمہ ای تپ میرے گرد و پیش ہر قسم کے حوادث زمانہ موجود ہین پھر توکسطرح ازدحام حوادث زمانہ کو چیر کر مجھ تلک پہنچے۔

جَرَحْتِ مُجَرَّحًا لَمْ يَبْقَ فِيهِ	مَكَانٌ لِلسُّيُوفِ وَلَا السِّهَامِ

ترجمہ ای تپ تونے ایسے زخمی کو زخمی کیا کہ جس کے جسم مین کوئی جگہ تلوارون اور نیزون کے لئے باقی نہین بلکہ وہ پہلے سے سراپا زخمی ہی۔

أَلَا يَا لَيْتَ شِعْرَ يَدِي أَتُمْسِي	تَصَرَّفُ فِي عِنَانٍ أَوْ زِمَامِ

العنان للفرس والزمام للابل ترجمہ ای کاش مجکو یہ خبر ہوتی کہ میرا ہاتھ باگ یا مہار مین تصرف کریگا یعنی مجھے خبر نہین ہی کہ مین اچھا ہوکر گھوڑے یا شتر پر سوار ہونگا یا نہین۔

وَهَلْ أَرْمِي هَوَايَ بِرَاقِصَاتٍ	مُحَلَّاةِ الْمَقَاوِدِ بِاللُّغَامِ

الراقصات الابل تسیر الرقص وہو ضرب من الخبب۔ واللغام زبد یخرج من فم البعیر ابیض ترجمہ اور کیا مین اپنی مراد کا شکار بذریعہ ناچنے کودنے شترون کے جن کی مہارین اُنکی سفید کف سے زیوردار ہون کرونگا۔ یعنی بذریعہ شتران اپنے مطالب حاصل کرون گا۔ زیور مہار سے یہ مطلب ہی کہ جب اُن پر سفید کف لگجاتے ہین تو یہ معلوم ہوتا ہی کہ وہ مہارین زروپہلی ہین۔

فَرُبَّتَمَا شَفَيْتُ غَلِيلَ صَدْرِي	بِسَيْرٍ أَوْ قَنَاةٍ أَوْ حُسَامِ

الغلیل حرالصدر یکون من عشق وغیرہ ترجمہ کیونکہ مین نے اکثر اپنے سینہ کی حرارت شوق کو بذریعہ سفر

اور نیزہ اور بُرندہ شمشیر کے شفادی ہو اور اُس حرارت کو قتل دشمنان اور حصول مقصود سے بجھایا ہو۔

وَضَاقَتْ خُطَّةٌ فَخَلَصْتُ مِنْهَا	خَلَاصَ الْخَمْرِ مِنْ نَسْجِ الْفِدَامِ

الفدام شئی یجعل علی رؤس الاباریق التی یکون فیہا الخمر ترجمہ اور اکثر کوئی کام اور حال مجھ پر سخت گذرا ہو اور پھر اُس سے مین نے ایسی خلاصی پائی جیسے شراب اُس صافی سے جو اُس کے ظرف کے مُنھ پر باندھتے مین خلاصی پاتی ہو۔

وَفَارَقْتُ الْحَبِيبَ بِلَا وَدَاعٍ	وَوَدَّعْتُ الْبِلَادَ بِلَا سَلَامِ

ترجمہ اور بسا اوقات مین نے اپنے دوست سے بے رخصت مفارقت کی ہو اور شہرون کو جن مین قیام تھا بے سلام رخصت کیا ہو۔ یعنی مین نازک مزاج ہون جب کوئی امر میرے خلاف مرضی ہوتا ہو تو مین فوراً وہان سے چل پڑتا ہون۔

يَقُولُ لِيَ الطَّبِيبُ أَكَلْتَ شَيْئًا	وَدَاؤُكَ فِي شَرَابِكَ وَالطَّعَامِ

ترجمہ مجھ سے طبیب کہتا ہو کہ تو نے بدپرہیزی کی اور مُضر چیزون مین سے تو نے کچھ کھا لیا ہو اور تیری بیماری تیری خور و نوش کی بے احتیاطی سے ہو۔

وَمَا فِي طِبِّهِ أَنِّي جَوَادٌ	أَضَرَّ بِجِسْمِهِ طُولُ الْجِمَامِ

الجمام ان یترک الفرس فلا یرکب ترجمہ اور طبیب کی طب مین یہ بات نہین ہو کہ مین اُس عمدہ گھوڑے کے مانند ہون جس کے جسم کو اُس کے جانے بند ہونے سے ضرر پہنچایا ہو۔ یعنی میری بیماری طول اقامت معرو عادم سفر سے ہو۔

تَعَوَّدَ أَنْ يُغَبِّرَ فِي السَّرَايَا	وَيَدْخُلَ مِنْ قَتَامٍ فِي قَتَامِ

القتام الغبار۔ والسرایا جمع سریۃ وہی التی تسری الی العدو ترجمہ مین اُس عمدہ گھوڑے کے مانند ہون جو اس امر کا عادی ہو کہ شکرون مین بوقت جنگ غبار اُڑاوے اور ایک غبار جنگ سے دوسرے غبار جنگ مین جاوے۔

فَأُمْسِكَ لَا يُطَالُ لَهُ فَيَرْعَى	وَلَا هُوَ فِي الْعَلِيقِ وَلَا اللِّجَامِ

ترجمہ سو ایسا عادی گھوڑا تنگ رسی سے باندھا جاوے نہ اُس کی رسی دراز کیجاوے کہ وہ چل پھر کے چرلے اور نہ سفر مین ہو کہ توبڑے مین گھانس کھاوے اور نہ اُسکو لگام دیا جاتا ہو کہ وہ گشت کرے۔ یعنی میری بیماری کا اصلی سبب یہ ہو کہ مین بسبب مرض یا بسبب روک کا فور کے حرکت نہین کر سکتا۔

فَإِنْ أَمْرَضْ فَمَا مَرِضَ اصْطِبَارِي	وَإِنْ أُحْمَمْ فَمَا حُمَّ اعْتِزَامِي

ترجمہ سو اگر مین مریض ہون تو میرا صبر مریض نہین ہو اور اگر مین تپ مین مبتلا کیا گیا ہون تو میرا عزم تپ د

نہین ہی۔

وَاِنْ اُسْلَمْ فَمَا اُبْقِی وَلٰکِنْ	سَلِمْتُ مِنَ الْحِمَامِ اِلَی الْحِمَامِ

ترجمہ اور اگر مین مرض سے بچا تو بھی ہمیشہ نہین رہون گا مگر موت کی ایک قسم سے دوسری قسم کی موت کے لئے بچا ہون۔یعنی جنگ مین مارا جاؤن گا۔

تَمَتَّعْ مِنْ سُهَادٍ اَوْ رُقَادٍ	وَلَا تَامَلْ کَرًی تَحْتَ الرِّجَامِ

الرجام القبور واحدہا رجم۔ وفی الاصل حجارٌ ضخام تجعل علی القبر ترجمہ اپنے ایام زندگی مین بیداری اور خواب سے نفع اُٹھا اور نیند کی قبر مین اُمید مت رکھ وہان ان دونون کے سوا حالت ثالثہ ہی۔

فَاِنَّ لِثَالِثِ الْحَالَیْنِ مَعْنًی	سِوٰی مَعْنَی انْتِبَاهِكَ وَالْمَنَامِ

ترجمہ کیونکہ سواے خواب وبیداری کے تیسرے حال یعنے موت کے لئے سواے معنی تیری بیداری اور خواب کے اور معنی اور اثر ہین۔یعنی موت کو خواب مت خیال کرو وہ اور چیز ہی۔

وقال یہجو کافورًا

مِنْ اٰیَةِ الطُّرْقِ یَاْتِیْ نَحْوَكَ الْكَرَمُ	اَیْنَ الْمَحَاجِمُ یَا کَافُوْرُ وَالْجَلَمُ

المحاجم جمع محجمۃ وہی آلۃ الحجام۔ والحجام مشتق من الحجم وہو المص۔ حجم الصبی ثدی امہ اذا مصہ والجلم الذی یجز بہ الشعر وہما جلمان ترجمہ ای کافور کرم وشرف تیری طرف کس راہ سے آوے تجھ پر تو پیشہ حجامی پھبتا ہی تیرے آلات حجامت اور بال کترنے کی مقراض کہان ہی کہ تو اُس کار مین مشغول ہو۔

جَازَ الْاُوْلٰی مَلَکَتْ کَفَّاكَ قَدْرَهُمْ	فَعُرِّفُوْا بِكَ اِنَّ الْكَلْبَ فَوْقَهُمْ

الاولی بمعنی الذین ترجمہ وہ لوگ جن کے تیرے دونون ہاتھ مالک ہوگئے ہین۔یعنی وہ تیرے زیردست ہین اپنے مرتبے سے بڑھ گئے تھے اور متکبر ہوگئے تھے اُن لوگون کو تیرے اُنپر مسلط ہونے سے یہ بات بتلائی گئی کہ کتا بھی اُن سے بالاتر ہی۔یعنی خدا نے اُنکے تکبر توڑنے کے لئے تجھ جیسے سگ کو اُن پر مسلط کردیا ہی۔

لَا شَیْءَ اَقْبَحُ مِنْ فَحْلٍ لَهٗ ذَکَرٌ	تَقُوْدُهٗ اَمَةٌ لَیْسَتْ لَهَا رَحِمُ

ترجمہ اُس نر صاحب آلہ رجولیت سے کوئی بدتر نہین ہی جس کو ایک چھوکری آگے رکھ لے کہ جسکے بچہ دان نہو۔نر سے مراد لشکر کافور اور چھوکری بے بچہ دان سے مراد خود کافور ہی۔غرض لشکر کافور کو تحریک بغاوت کرتا ہی کہ تم باوجود نر ہونے کے ایک چھوکرے کے تابع ہو وہ بھی بے بچہ دان۔یعنی محض بے فیض۔

سَادَاتُ کُلِّ اُنَاسٍ مِنْ نُفُوْسِهِمِ	وَسَادَةُ الْمُسْلِمِیْنَ الْاَعْبُدُ الْقَزَمُ

القزم رذال الناس وسفلتہم ترجمہ تمام آدمیون کے سردار انھین کی قوم سے ہین اور سرداران

اہل اسلام کیلئے غلام یعنی ایسا ہونا چاہئے۔ کافور کی معزولی کی استمالک کرتا ہی۔

اَغَايَةُ الدِّيْنِ اَنْ تَحْفُوْا شَوَارِبَكُمْ	يَا اُمَّةً ضَحِكَتْ مِنْ جَهْلِهَا الْاُمَمُ

ترجمہ ای باشندگان مصر کیا تمنے غایۃ دین کی اپنی موچھون کا پست کرنا سمجھا ہی حال آنکہ ایسا نہین چاہئے یہ بھی تو دین مین داخل ہی کہ جو لائق امارت نہو اُسے معزول کردو۔ ای مصر والو تم ایسی اُمت ہو کہ سب لوگ تمپر ہنستے ہین۔

اَلَا فَتًى يُوْرِدُ الْهِنْدِيَّ هَامَتَهٗ	كَيْمَا تَزُوْلُ شُكُوْكُ النَّاسِ وَالتُّهَمُ

ترجمہ کیا تم مین کوئی ایسا جوانمرد نہین ہی کہ شمشیر ہندی کافور کے سر مین گھسیڑ دے تاکہ لوگون کے شکوک اور تہمتین جاتی رہین یعنی بسبب امارت کافور بہت سے لوگ یہ سمجھتے ہین کہ صانع عالم حکیم نہین اگر ہوتا تو ایسے نالائق کو امیر نکرتا۔ اور دہریے یہ خیال کرتے ہین کہ عالم کا کوئی صانع نہین ہی۔ جیسا کہ شعر آیندہ مین ہی۔

فَاِنَّهٗ حُجَّةٌ يُؤْذِي الْقُلُوْبَ بِهَا	مَنْ دِيْنُهُ الدَّهْرُ وَالتَّعْطِيْلُ وَالْقِدَمُ

ترجمہ کیونکہ امارت کافور ایک دلیل ہی جو مسلمانون کے دلون کو اُس کے ذریعہ سے وہ شخص ستاتا ہی جس کا دین دہر ہی یعنی دہریہ منکر وجود خالق اور وہ جس کا دین تعطیل ہی یعنی یہ کہتا ہی کہ عالم کے لئے خالق تو ہی مگر نیک و بد عالم مین دخل نہین دیتا پس وہ بیکار ہی۔ اور وہ شخص جسکا دین قدم عالم ہی یعنی اُس کا صانع کوئی نہین ہی صرف بمقتضاے طبع ظہور جملہ اُمور ہی۔ اگر کافور مارا جاوے تو یہ سب شکوک رفع ہوجائین۔

مَا اَقْدَرَ اللّٰهَ اَنْ يُّخْزِيْ خَلِيْقَتَهٗ	وَلَا يُصَدِّقَ قَوْمًا فِي الَّذِيْ زَعَمُوْا

ترجمہ بطور جواب اعتراضات مذکورہ کہتا ہی کہ خداوند تعالی اس امر مین پوری قدرت رکھتا ہی کہ اپنی مخلوق کو بسبب تسلط کافور ذلیل وخوار کرے اور خیالات مذکورہ قوم کو جھوٹا کرے مطلب یہ ہی کہ اس سے تعطیل اور دہریۃ ثابت نہین ہوسکتی بلکہ اصل حال یہ ہی کہ ایزد سبحانہ کو بسبب بداعمالی کے مصریون کو ذلیل کرنا منظور ہی اس لئے کافور کو اُنپر مسلط کردیا ہی جو اُنکی شامت اعمال مجسم ہی۔

وقال یہجوہ ایضاً

اَمَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا كَرِيْمٌ	تَزُوْلُ بِهٖ عَنِ الْقَلْبِ الْهُمُوْمُ

ترجمہ کیا اس دنیا مین کوئی ایسا سخی باقی نہین رہا کہ اُسکے عطا و جود سے دل کے تمام غم جاتے رہین۔

اَمَا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا مَكَانٌ	يُسَرُّ بِاَهْلِهِ الْجَارُ الْمُقِيْمُ

ترجمہ کیا اس دُنیا مین کوئی ایسا مکان نہین کہ جس کے باشندون سے اُنکا ہمسایہ مقیم خوش رہے یعنی وہ اُسکی مدارات کرین۔

تَشَابَهَتِ الْبَهَائِمُ وَالْعِبِدَّى	عَلَيْنَا وَالْمَوَالِي وَالصَّمِيمُ

العبدی العبید۔ والصمیم الصریح الخالص النسب۔ والموالی جمع مولی وہو ہہنا العبید ترجمہ ہمکو چوپائے اور غلام ہمرنگ معلوم ہوتے ہین اور ایسے ہی غلام اور صحیح النسب لوگ۔ یعنی جہل سب پر غالب آگیا اور مملوک مالک بنالئے اُنکو اچھا سمجھنے لگے۔ غرض احرار وعبید مین کچھ تمیز نہین رہی۔

وَمَا اَدْرِيْ اَذَا دَاءٌ حَدِيْثٌ	اَصَابَ النَّاسَ اَمْ دَاءٌ قَدِيْمُ

ترجمہ اور مجکو معلوم نہین ہو کہ یہ غلامون کا مالک وسردار ہوجانا نئی بیماری لوگون مین پیدا ہوگئی ہو یا یہ قدیمی مرض ہی۔

حَصَلْتُ بِاَرْضِ مِصْرَ عَلٰى عَبِيْدٍ	كَاَنَّ الْحُرَّ بَيْنَهُمْ يَتِيْمُ

ترجمہ مین سرزمین مصر مین ایسے غلامون سے ملا کہ گویا آزاد مرد اُنمین مثل یتیم ذلیل وخوار ہی غلامون سے مراد کافور اور اُس کے اصحاب ہین۔

كَاَنَّ الْاَسْوَدَ اللَّابِيَّ فِيْهِمْ	غُرَابٌ حَوْلَهُ رَخَمٌ وَبُوْمُ

اللابی منسوب الی اللابیۃ وہی بلدۃ ذات حجارۃ۔ والسودان ینسبون الیہا ترجمہ گویا کافور حبشی اُن لوگونمین ایک کالا کوا ہی کہ اُس کے گرد چیل یا اور مردار خوار اور اُلّو بیٹھے ہوتے ہین۔

اُخِذْتُ بِمَدْحِهِ فَرَاَيْتُ لَهْوًا	مَقَالِيْ لِلْاُحَيْمِقِ يَا حَلِيْمُ

ترجمہ مین اُسکی مدح پر مجبور کیا گیا تو مین نے ایک کمتر احمق کو حلیم کہنا لہو اور لغو سمجھا کیونکہ یہ وصف نہین ہی پس حلیم کہنا نہایت لہو ولغو ہوا۔

وَلَمَّا اَنْ هَجَوْتُ رَاَيْتُ عِيًّا	مَقَالِيْ لِابْنِ اٰوٰى يَا لَئِيْمُ

العی ہو ضد الفصاحۃ۔ وابن آوی دویبۃ اصغر من الکلب تندر بالسبع بصیاحہا ترجمہ اور جب مین نے اُس کی ہجو کہی تو پھونکری کو (جو گیدڑ کی ایک قسم ہی جو شیر سے آگے چلتی ہی اور حیوانات کو اُس کے آنے سے ڈراتی ہی) خسیس اور ناکس کہنا اپنی درماندگی اور عجز گفتگو سمجھا کیونکہ عیان راچہ بیان۔

فَهَلْ مِنْ عَاذِرٍ فِيْ ذَا وَفِيْ ذَا	فَمَدْفُوْعٌ اِلَى السَّقَمِ السَّقِيْمُ

ترجمہ سو کیا کافور کی ستایش وہجو مین مجکو کوئی معذور رکھنے والا ہی۔ یعنی وہ یہ کہے کہ اُس کی مدح وہجو بحالت بے اختیاری کی گئی کیونکہ بیمار بیماری کیطرف بزور ڈھکیلا جاتا ہی پس ایسا ہی میرا حال ہی۔ چنانچہ اگلے شعر مین اُس کی ہجو کا عذر بیان کرتا ہی۔

إِذَا أَتَتِ الإِسَاءَةُ مِن لَئِيمٍ	وَلَمْ أَلُمِ المُسِيْئَ فَمَنْ أَلُومُ

ترجمہ جبکہ میری طرف بدی کسی کمینہ کی جانب سے آئی اور میں بدکار کو ملامت نہ کروں تو پھر کسکو ملامت کروں

وقال وقد دخل عليه صديق له وبيده تفاحة عليها اسم فاتك فيما اهداه له فقال

يُذَكِّرُنِي فَاتِكًا حِلْمُهُ	وَشَيْءٌ مِنَ النَّدِّ فِيهِ اسْمُهُ

الندشیٔ من الطیب۔ وضمیر اسمہ لفاتک ترجمہ مجکو فاتک کا حلم اسکو یاد دلاتا ہی اور ایک شی خوشبوے مرکب سے جس مین اسکا نام لکھا ہوا ہی یعنی اس کے احسان یاد آگے ہین۔

وَأَيُّ فَتًى سَلَبَتْنِي المَنُونُ	وَلَمْ تَدْرِ مَا وَلَدَتْ أُمُّهُ

ترجمہ اور موت نے مجھسے کیسے جوانمرد کو چھین لیا اور اس کی مادر نے نہ جانا کہ مین نے کس مرد کامل کو جنا ہی

وَلَسْتُ بِنَاسٍ وَلَكِنَّنِي	يُجَدِّدُ لِي رِيحَهُ شَمُّهُ

ترجمہ اور مین اسکو بھولنے والا نہین ہون مگر خوشبوی فاتک کو ند مذکور کا سوگھنا یاد دلاتا ہی۔

وَلَا مَا تَضُمُّ إِلَى صَدْرِهَا	وَلَوْ عَلِمَتْ هَالَهَا ضَمُّهُ

ای الفزعہا

ترجمہ اور فاتک کی والدہ نے کیفیت اس لڑکے کی نجانی جس کو وہ اپنے سینہ سے لگاتی تھی۔ یعنی اس نے یہ نجانا کہ یہ لڑکا کیسا بہادر وخون ریز ہوگا۔ اگر یہ جانتی تو اسکو اپنی چھاتی سے لگانا خوف مین ڈالتا۔

بِمِصْرَ مُلُوكٌ لَهُمْ مَالُهُ	وَلَكِنَّهُمْ مَا لَهُمْ هَمُّهُ

ترجمہ مصر مین بہت سے بادشاہ ایسے ہین کہ وہ اُتنے ہی اموال وبلاد کے مالک ہین جنکا مالک فاتک تھا مگر اُن بادشاہوں مین فاتک کی سی ہمت وشجاعت نہین ہی۔ کافور پرتعریض کرتا ہی۔

فَأَجْوَدُ مِنْ جُودِهِمْ بُخْلُهُ	وَأَحْمَدُ مِنْ حَمْدِهِمْ ذَمُّهُ

ترجمہ سوان بادشاہون کی سخاوت سے اسکا بخل عمدہ تھا۔ اور انکی تعریف سے اس کی مذمت زیادہ قابل ستایش تھی۔ کیونکہ اگر کوئی اس کی مذمت کرتا تو کہتا کہ مسرف ہی کہ عطا مین حد سے بڑھا ہوا ہی یا یہ کہ بسبب غایت شجاعت مہالک مین اپنی جان کو ڈالتا ہی اور یہ انکی حمد سے بہتر ہی۔

وَأَشْرَفُ مِنْ عَيْشِهِمْ مَوْتُهُ	وَأَنْفَعُ مِنْ وُجْدِهِمْ عُدْمُهُ

الوجد الغنی۔ والعدم الفقر ترجمہ اور اسکی موت انکی زندگی سے اشرف ہی کیونکہ بسبب فخر خیر کے اس کی شہرت اُن سے زیادہ ہی اور انکی غنا سے اسکا فقر مفید تر ہی کیونکہ وہ باوجود کم استطاعتی اُنسے زیادہ فیاض تھا باوجود اُنکے غنا کے۔

وَاِنَّ مَنِيَّتَهُ عِنْدَهُ	لَكَالْخَمْرِ سُقِّيَهُ كَرْمُهُ

ترجمہ اور بیشک فاتک کی موت اُس کے نزدیک ایسی ہی جیسے شراب کہ وہ اُسی کے انگور کو پلائی جاوے یعنی سابق موت اعدا کا وہ مخرج تھا اب موت اُس کی طرف لوٹ پڑی اور اُسکو ہلاک کردیا سو یہ ایسا حال ہوا کہ جیسے شراب بجائے پانی انگور کی جڑ مین ڈالدی جاوے۔ یعنے شراب کی اصل انگور ہی اور پھر اُسکو اُس مین ڈالدیا۔

فَذَاكَ الَّذِي عَبَّهُ مَاؤُهُ	وَذَاكَ الَّذِي ذَاقَهُ طَعْمُهُ

العب شدة الجرع ترجمہ پس یہ جو فاتک نے بشدت پیا اُسیکا پانی تھا۔ اور یہ موت جو اُسنے چکھی اُسی کا مزہ تھا۔ خلاصہ یہ ہی کہ بطور مثل کہتا ہی کہ موت فاتک نے جب اُسکو ہلاک کیا تو اُس نے شراب موت پی اور اُسکا مزہ چکھا۔ گویا اُسنے اپنی ہی شراب پی اور اپنا ہی مزہ چکھا۔ کیونکہ موت خلق کا وہی باعث تھا۔

وَمَنْ ضَاقَتِ الْاَرْضُ عَنْ نَفْسِهِ	حَرِيٌّ اَنْ يَضِيقَ بِهَا جِسْمُهُ

حری خلیق وحقیق ترجمہ جسکی ذات عالی سے روے زمین تنگی کرے تو لائق ہی کہ اُس سے اُسکا جسم تنگ ہو جائے یعنی اُس کی بلند ہمت تمام زمین مین تو آ نہین سکتی جسم مین کیسے آوے ناچار مرگیا۔

وقال یذکر مسیرہ من مصر ویرثی فاتکا

حَتَّامَ نَحْنُ نُسَارِي النَّجْمَ فِي الظُّلَمِ	وَمَا سُرَاهُ عَلَى خُفٍّ وَلَا قَدَمِ

حتام الی متی وحذفت الالف من ما الاختلاطها بحتی ولکثرۃ استعمالها وکذلک فیم وولام والی مم وعم وممّ۔ یجوز الاثبات فی الجمیع علی الاصل۔ والنجم اسم الجنس اراد النجوم لا الثریا کقولہ تعالیٰ وبالنجم ہم یہتدون ترجمہ ہم کبتک ستارون کے ساتھ تاریکیہاے شب مین چلین اور ستارون کا تو یہ حال ہی کہ نہ وہ شترون کی طرح موزے پہنکر چلین اور نہ انسان کی طرح قدم پر یعنی وہ تو بے محنت چلتے ہین اور ہکو اور شترون کو چلنے مین تکلیف اُٹھانی پڑتی ہی پس ہمارا اور اُنکا ساتھ کیسا۔

وَلَا يُحِسُّ بِاَجْفَانٍ يُحِسُّ بِهَا	فَقْدَ الرُّقَادِ غَرِيبٌ بَاتَ لَمْ يَنَمِ

ترجمہ اور وہ ستارے اپنی آنکھون مین بیداری کی وہ تکلیف نہین پاتے۔ جو مسافر کہ رات بھر نہین سویا اپنی آنکھون مین پاتا ہی یعنی مین پھر ہماری اور ستارون کی رفاقت کیسے بنے۔

تُسَوِّدُ الشَّمْسُ مِنَّا بِيضَ اَوْجُهِنَا	وَلَا تُسَوِّدُ بِيضَ الْعُذْرِ وَاللِّمَمِ

العذر جمع عذار واسکن الذال وفی الاصل متحرک وہو ماخوذ من عذار الدابۃ وہو السیر الذی یکون علی خدہا

فا ستیر للشعر النابت فی موضع العذار - واللمم جمع لمۃ وہی الشعر الذی یلم بالمنکب ترجمہ سفر مین آفتاب ہمارے سفید چہرون کو سیاہ کردیتا ہی اور رخسار کے اور سر کے بالون کو جو بسبب پیری سفید ہوگئے ہین سیاہ ہنین کرتا - کہ ہم از سر نوجوان ہوجائین -

	وَكَانَ حَالُهُمَا فِي الْحُكْمِ وَاحِدَةً	لَوِ احْتَكَمْنَا مِنَ الدُّنْيَا إِلَى حَكَمِ	

الحکم الحاکم ترجمہ اور حال یہ ہی کہ حکم مین دونون کا حال ایک تھا اگر ہم دنیا مین کسیکو حکم بدتے یعنی وہ یہ ہی حکم دیتا کہ اگر سورج چہرہ کا رنگ سیاہ کرتا ہی تو چہرہ اور سر کے بال بھی سیاہ کرے مگر مشیتا یزدی سے لاچاری ہی -

	وَنَتْرُكُ الْمَاءَ لَا يَنْفَكُّ مِنْ سَفَرٍ	مَا سَارَ فِي الْغَيْمِ مِنْهُ سَارَ فِي الْأُدُمِ	

الادم جمع ادیم ترجمہ اور ہم نے پانی کو ایسے حال مین چھوڑا ہی کہ وہ کبھی سفر سے جدا ہنین ہوتا اور ہمیشہ سفر کرتا ہی - جو پانی اول ابر مین چلتا ہی وہ پھر مشکیزون مین چلتا ہی یعنی وہ ہمارے ساتھ برابر سفر کرتا ہی -

	لَا أُبْغِضُ الْعِيسَ لَكِنِّي وَقَيْتُ بِهَا	قَلْبِي مِنَ الْحُزْنِ أَوْ جِسْمِي مِنَ السَّقَمِ	

العیس الابل البیض ترجمہ مین اپنے شتران سفید سے بغض نہین رکھتا کہ انکو سفرہاے دور دراز مین لئا ڑتا پھرتا ہون مگر باعث دوام سفر یہ ہی کہ مین اُس کے ذریعہ سے اپنے دل کو غم سے بچاتا ہون اور اپنے جسم کو بیماری سے - دلکو غم سے بچانا اس سبب ہی کہ سفر مین میرا دل بھلا رہتا ہی اور اسخیا اور اپنے قدردانون سے ملکر غم غلط ہوجاتا ہی - اور صحت جسمی کی وجہ یہ ہی کہ ریاضت اور صاف ہوا باعث صحت جسمانی ہی -

	طَرَدْتُ مِنْ مِصْرَ أَيْدِيهَا بِأَرْجُلِهَا	حَتَّى مَرَقْنَ بِهَا مِنْ جَوْشٍ وَالْعَلَمِ	

جوش والعلم موضعان - ومرقن خرجن مثل السہم لسرعۃ سیرہا ترجمہ مین نے مصر سے اُنکے اگلے دو پانون بذریعہ پچھلے دونون پانون کے ہنکائے یعنی شتر بیلدتے تھے پس گویا دونون پچھلے پانون اگلے پاؤن کو ہنکاتے تھے یہان تلک کہ وہ شتر مقامات جوش وعلم سے تیر کے مانند جلد نکل گئے -

	تَبْرِي لَهُنَّ نَعَامُ الدَّوِّ مُسْرَجَةً	تُعَارِضُ الْجُدُلَ الْمُرْخَاةَ بِاللُّجُمِ	

تبری تعارض - والدو الفلاۃ المستویۃ - وارا وبنعام الدو الخیل شبہہا بالنعام لسرعتہا وطول اعناقہا - والجدل جمع جدیل وہی الازمۃ ترجمہ شتر مرغان میدان ہموار یعنی گھوڑے زین بندھے شترون سے تیزروی مین مقابلہ اور برابری کرتے تھے اسطرح کہ شترون کی ڈھیلی مہارون کا گھوڑے اپنی ڈھیلی

لگاموں سے معارضہ کرتے تھے۔ یعنی گھوڑے جو اونچی گردن کرکے چلتے تھے اُنکے لگام ایسے ہی ڈھیلے تھے جیسے شتروں کی مہاریں۔ غرض کوئی ہمارے ہمراہیوں میں سے شتر سوار تھا اور کوئی اسپ سوار اور دونوں تیز جاتے تھے۔

فِیْ غِلْمَةٍ أَخْطَرُوْا أَرْوَاحَهُمْ وَرَضُوْا	بِمَا لَقِيْنَ رِضَا الْأَيْسَارِ بِالزُّلَمِ

الایسار جمع یسر بالتحریک وہم الذی یجزون الجزور۔ ویتقارعون علیہا بالقداح وہوشیٔ کانت تفعلہ الجاہلیۃ والزلم السہم ترجمہ میں معہ ایسے نوجوانوں کے ساتھ چلا جنھوں نے اپنی جانیں بسبب دوری ومصائب سفر خطر میں ڈالدی تھیں اور وہ اُن مشکلات پر جو راہ میں پیش آویں ایسے راضی ہوگئے تھے جیسے قمار باز لوگ اس تیر پر راضی ہوجاتے ہیں جو اُنکے نام پر نکلے۔

تَبْدُوْ لَنَا كُلَّمَا أَلْقَوْا عَمَائِمَهُمْ	عَمَائِمٌ خُلِقَتْ سُوْدًا بِلَا لُثُمِ

ترجمہ جبکہ وہ نوجوان اپنے عماموں کو سر سے اُتار رکھتے ہیں تو اُنکے عمامہ سیاہ جو بے دہان بند کے مخلوق ہوئے ہیں ہماری نظروں میں ظاہر ہو جاتے ہیں۔ یعنی اُنکے موے سر کے سیاہ عمامے معلوم ہونے لگتے ہیں عرب کی عادت ہی کہ عمامے کا کچھ حصہ بطور دہان بند اپنے چہروں پر ڈال لیتے ہیں۔ اور کچھ حصہ سر پر رکھتے ہیں۔ غرض یہ ہی کہ وہ امرد ہیں اُن کے ریش نہیں ہی کہ بجاے دہان بند شمار ہو اور اُن کا امرد ہونا اگلے شعر میں مذکور ہی۔

بِيْضُ الْعَوَارِضِ طَعَّانُوْنَ مَنْ لَحِقُوْا	مِنَ الْفَوَارِسِ شَلَّالُوْنَ لِلنَّعَمِ

ترجمہ وہ غلام سفید رخسار ہیں اور جو سوار اُن سے ملتے ہیں اُن کے نیزے مارتے ہیں اور اُن کے چوپاے اور شتروں کو ہنکا کر لیجانے والے ہیں۔

قَدْ بَلَغُوْا بِقَنَاهُمْ فَوْقَ طَاقَتِهِ	وَلَيْسَ يَبْلُغُ مَا فِيْهِمْ مِنَ الْهِمَمِ

ترجمہ انھوں نے سعی قتال کو نیزہ کی طاقت کی حد سے زیادہ پہنچا دیا اور نیزے اُنکی ہمتوں کی قدر کو نہیں پہنچے۔

فِي الْجَاهِلِيَّةِ إِلَّا أَنَّ أَنْفُسَهُمْ	مِنْ طِيْبِهِنَّ بِهِ فِي الْأَشْهُرِ الْحُرُمِ

الاشہر الحرم اربعۃ ذوالقعدۃ وذوالحجۃ والمحرم ورجب ترجمہ وہ کثرت جدال وقتال میں ایسے ہیں جیسے ایام جاہلیۃ کے لوگ مگر اُنکی جانیں بسبب اسکے کہ وہ قتل کو پسند کرتے ہیں اشہر حرام میں ہیں۔ یعنے جیسے ایام جاہلیۃ میں ماہاے مذکورہ میں جدال بالکل موقوف ہو جاتا تھا اور عرب بخوف رہتے تھے ایسا ہی اُن لوگوں کو خوف قتال ہرگز نہیں ہی۔ یعنی باوجود معروفیت جنگ شادان وفرحان ہیں۔

نَاشُوا الرِّمَاحَ وَكَانَتْ غَيْرَ نَاطِقَةٍ	فَعَلَّمُوْهَا صِيَاحَ الطَّيْرِ فِي الْبُهَمِ

ناشبا انشا دلوا۔ والبہم جمع بہمتہ وہو الشجاع وصیاح الطیر یرید بہ صوت الرماح اذا طعنوا بہا الابطال ترجمہ اُنھون نے نیزے ہاتھ مین جب پکڑے تو وہ نیزے مثل جماد غیر ناطق تھے سو اُن جوانون نے پرندون کیسی بولی جب وہ دلیرون کے اجسام مین انکو سکھادی یعنی بوقت طعن نیزہ اُن سے آواز نکلتی ہے۔

تَخْدِی الرِّکَابُ بِنَا بِیضًا مَشَافِرُهَا	خُضْرًا فَرَاسِنُهَا فِی الرُّغْلِ وَالْیَنَمِ

خدت الناقۃ اسرعت۔ والفراسن جمع فرسن وہو للبعیر بمنزلۃ الحافر للدابۃ۔ والرغل والینم نبتان ترجمہ ہماری سواری کے شتر ہمکو ایسے حال مین جلد جلد لئے جاتے ہین۔ کہ اُن کے ہونٹ یعنی لب سفید ہین کیونکہ وہ بسبب سیر چرنے سے ممنوع ہین اور اُنکے سم بسبب سبزی گیاہ ہاے رغل اور ینم جن مین وہ گزرتے ہین سبز ہین۔

مَکْعُومَۃً بِسِیَاطِ الْقَوْمِ نَضْرِبُهَا	عَنْ مَنْبِتِ الْعُشْبِ نَبْغِی مَنْبِتَ الْکَرَمِ

معکومۃ مشدودۃ افواہہا حال ترجمہ بسبب چابکہاے سواران اُنکے منھ بند تھے۔ یعنی سوار بلحاظ سرعت سیر اُنکے چابک مارتے تھے اور اُنکو چرنے نہین دیتے تھے اور ہم اُنکو مارتے تھے چراگاہ گھانس سے طرف چراگاہ کرم کے۔ خلاصہ یہ ہے کہ ہماری تیزروی اس خیال سے تھی کہ ہم کسی کریم کے پاس پہنچین۔

وَاَیْنَ مَنْبِتُہٗ مِنْ بَعْدِ مَنْبِتِہٖ	اَبِی شُجَاعٍ قَرِیْعِ الْعُرْبِ وَالْعَجَمِ

القریع الفحل لانہ مقترع ای مختار من الابل اولانہ یقرع الناقۃ وہو ایضا السید ترجمہ اور چراگاہ کرم کہان ہے بعد چلے جانے ابوشجاع سید عرب وعجم کے جو چراگاہ کرم تھا۔

لَا فَاتِکٌ اٰخَرٌ فِی مِصْرَ نَقْصِدُہٗ	وَلَا لَہٗ خَلَفٌ فِی النَّاسِ کُلِّهِمِ

ترجمہ مصر مین کوئی دوسرا فاتک نہین ہے جس کے پاس ہم جائین اور نہ اُس کا بخشش مین کوئی خلیفہ تمام لوگون مین ہے۔

مَنْ لَا تُشَابِهُہُ الْاَحْیَاءُ فِی شِیَمٍ	اَمْسٰی تُشَابِهُہُ الْاَمْوَاتُ فِی الرِّمَمِ

الرمم العظام البالیۃ۔ والشیم الخلائق ترجمہ فاتک وہ شخص تھا کہ تمام زندون مین بلحاظ خصلت اُسکا کوئی مشابہ نہین ہے۔ ہاے افسوس اَب اُس کے مشابہ اموات بوسیدہ اُستخوانون مین ہوگئے۔

عَدِمْتُہٗ وَکَاَنِّی سِرْتُ اَطْلُبُہٗ	فَمَا تَزِیْدُنِیَ الدُّنْیَا عَلَی الْعَدَمِ

ترجمہ مین نے اُسکو گم کیا اب جو پھرتا ہون گویا اُسکو تلاش کرتا ہون سو دنیا اُس کے معدوم ہونے کے سوا کچھ مجکو زائد نہین دیتی۔ کیونکہ اُسکی مانند کوئی نہین ملتا۔

مَا زِلْتُ اُضْحِکُ اِبْلِیْ کُلَّمَا نَظَرَتْ	اِلٰی مَنِ اخْتَضَبَتْ اَخْفَافُهَا بِدَمِ

فی الکلام محذوف بہ یتم المعنی تقدیرہ اخفیت اخفافما بدم فی قصدہ او المسیر الیہ ترجمہ اب میں ہمیشہ اپنے شتر دن کو ہنساتا ہون جبکہ وہ اُس شخص کو دیکھتے ہیں کہ جس کے پاس جانے میں بسبب دوری دصعوبت راہ اُنکے موزے خون سے رنگین کئے گئے ہیں۔یعنی اگر شتر اُن حیوانات میں ہوتے جو ضاحک ہیں تو بنظر حقارت اُسپر ضرور ہنستے

أُسِيرُهَا بَيْنَ أَصْنَامٍ أُشَاهِدُهَا		وَلَا أُشَاهِدُ فِيهَا عِفَّةَ الصَّنَمِ	

الاصنام صور لا تعقل جماد ترجمہ اب میں اپنی سواریون کو ایسے اُمرا مین ہنکاتا ہون جنکو میں مثل بُت بے حس وحرکت دیکھتا ہون کہ عطا کی طرف اُنکے دل میں کچھ رغبت نہیں ہی اور اس عیب پر اُنمین پرہیزگاری بت کی سی نہیں دیکھتا۔یعنی کاش وہ مثل بُت صاحب عفت ہوتے مگر اُن میں بدیان بھری ہوئی ہیں پس بت سے بدتر ہیں۔

حَتَّى رَجَعْتُ وَأَقْلَامِي قَوَائِلُ لِي		أَلْمَجْدُ لِلسَّيْفِ لَيْسَ الْمَجْدُ لِلْقَلَمِ	

ترجمہ یہ معاملہ یہان تک گذرا کہ مین ناکام اپنے وطن کو واپس آیا اور مین خوب جانتا تھا کہ شرف مجد بذریعہ شمشیر حاصل ہوتا ہی نہ بواسطہ قلم کے۔

أُكْتُبْ بِنَا أَبَدًا بَعْدَ الْكِتَابِ بِهِ		فَإِنَّمَا نَحْنُ لِلْأَسْيَافِ كَالْخَدَمِ	

الکتاب مصدر۔وہذا حکایۃ قول القلم ترجمہ میری قلم مجھ سے یہ کہتی تھی کہ پہلے شمشیر سے لکھ یعنی خوب شمشیر زنی کر اور بعد اُس کے تو جو شعر کہنا چاہے ہمسے لکھ کیونکہ ہم تلوار دن کے لئے مثل خادمان ہیں۔

أَسْمَعْتَنِي وَدَوَائِي مَا أَشَرْتَ بِهِ		فَإِنْ غَفَلْتُ فَدَائِي قِلَّةُ الْفَهْمِ	

ترجمہ قلمون کو جواب دیتا ہی کہ تم نے مجکو اپنی رائے سُنائی اور میری دوا وہ ہی جس کی طرف تمنے اشارہ کیا یعنی شمشیر زنی سو اگر بعد سمجھانے کے میں تعمیل میں غفلت کردن تو میرا مرض کم فہمی ہی جسکا کچھ علاج ہی نہیں ہی۔

مَنِ اقْتَضَى بِسِوَى الْهِنْدِيِّ حَاجَتَهُ		أَجَابَ كُلَّ سُؤَالٍ عَنْ هَلٍ بِلَمِ	

ترجمہ جو شخص بغیر شمشیر ہندی کے اپنی حاجت طلب کریگا تو وہ ہر سائل کو جو اُس سے پوچھے گا کہ کیا تو نے اپنا مطلب حاصل کیا تو وہ کہے گا کہ نہیں۔یعنی کامیابی بے شمشیر ممکن نہیں ہی۔

تَوَهَّمَ الْقَوْمُ أَنَّ الْعَجْزَ قَرَّبَنَا		وَفِي التَّقَرُّبِ مَا يَدْعُو إِلَى التُّهَمِ	

ترجمہ اُس قوم نے جنکے پاس ہم مداح ہو کر گئے یہ وہم کیا کہ یہ شاعر رزق سے عاجز ہو کر ہمارے پاس آیا ہی اور واقعی اُمرا کے پاس جانے میں تہمتون کا باعث موجود ہی۔یعنی وہ مجکو محتاج عاجز سمجھیں گے۔

وَلَمْ تَزَلْ قِلَّةُ الْإِنْصَافِ قَاطِعَةً		بَيْنَ الرِّجَالِ وَلَوْ كَانُوا ذَوِي رَحِمِ	

ترجمہ اور قلت انصاف ہمیشہ مردون کے باہمی علاقہ کو قطع کرنیوالی ہی۔اگرچہ وہ قرابتی ہی ہون۔

فَلَا زِیَارَۃَ اِلَّا اَنْ تَزُوْرَهُمْ	اَیْدٍ نَشَاْنَ مَعَ الْمَصْقُوْلَةِ الْخُذُمِ

الخذم جمع مخذم وھو السیف القاطع ترجمہ سوا ایسے ناانصافون سے ملاقات کی کوئی صورت نہین ہو مگر یہ کہ اُنسے وہ ہاتھ ملاقات کرین جو شمشیر صیقلدار بران کے ساتھ پیدا ہوئے ہین۔ اور وہ ہاتھ میرے اور میرے ساتھیون کے ہین۔ مطلب یہ ہو کہ اب میرا ارادہ ملاقات ہو تو اُن کے قتل کے واسطے۔

مِنْ كُلِّ قَاضِيَةٍ بِالْمَوْتِ شَفْرَتُهُ	مَا بَيْنَ مُنْتَقِمٍ مِنْهُ وَ مُنْتَقِمِ

ترجمہ وہ تلوار ایسی ہو کہ اُس کی دھار درمیان منتقم منہ یعنی ظالم اور منتقم یعنی مظلوم کی موت کا حکم کرے۔

صُنَّا قَوَائِمَهَا عَنْهُمْ فَمَا وَقَعَتْ	مَوَاقِعَ اللُّؤْمِ فِي الْاَيْدِيْ وَلَا الْكَزَمِ

اللوم خستہ الاصل والبخل۔ والکزم القصر۔ وناقہ کزماء اذا قصر خطاہا ترجمہ ہمنے اُن شمشیرون کے قبضہ اُن ناانصافون سے بچائے یعنی ہمنے اپنی تلوارین اُن کے قبضہ مین نہین دین اور وہ ہمسے ہماری تلوارین چھین نہ سکے سو وہ ایسے ہاتھون مین نہین آئین جو موقع خست اصل وبخل اور ناکامیابی کے ہون بلکہ وہ ہمارے پاس رہین اور ہم شمشیر زنی کے اُستاد ماہر ہین۔

هَوِّنْ عَلَىٰ بَصَرٍ مَا شَقَّ مَنْظَرُهُ	فَاِنَّمَا يَقَظَاتُ الْعَيْنِ كَالْحُلُمِ

من روی منظرہ بالرفع یریدہ ما صعبت رویتہ ومن روی بالفتح فان المراد شق البصر وفتحہ باقتفاء النظر الیہ والکنایۃ علی ہٰذا للبصر وفی الروایۃ الاولی لما ومعنی شق من قولہم شق علی ہٰذا الامر ترجمہ تو اپنی بینائی پر آسان کرلے جس کا دیکھنا اُسکو گران ہو یعنی اُن اُمور کے دیکھنے سے جو تجکو ناپسند ہون دل تنگ مت ہو کیونکہ آنکھ کی بیداریان مثل خواب وخیال کے ہین جنکو کچھ بقا وپائداری نہین ہی ؎ بیک لحظہ بیک ساعت بیکدم + دگرگون میشود احوال عالم۔

وَلَا تَشَكَّ اِلَىٰ خَلْقٍ فَتُشْمِتَهُ	شَكْوَى الْجَرِيْحِ اِلَى الْغِرْبَانِ وَالرَّخَمِ

من الشکایۃ

الغربان جمع غراب۔ والرخم جنس الطیر ترجمہ اور تو کسی مخلوق سے اپنی تکلیف کا ایسا شکوہ نکر جیسا مجروح شخص کوّون اور مردار خوار پرندون سے کرتا ہی اور ایسا کرے گا تو تو اُس کو خوش کرے گا۔ خلاصہ یہ ہی کہ اس زمانہ کے لوگ عداوت پیشہ ہین اُن سے شکوہ اور اظہار اپنی تکلیف کا کرنا ایسا ہی جیسا کوئی زخمی مردار خوار جانورون سے جو اُسکے گرد وپیش اُس کے گوشت کھانیکو جمع ہوئے ہون شکوہ کرے۔ بھلا اُنہین رحم کیسا۔

وَكُنْ عَلَىٰ حَذَرٍ لِلنَّاسِ تَسْتُرُهُ	وَلَا يَغُرَّكَ مِنْهُمْ ثَغْرُ مُبْتَسِمِ

ترجمہ اور تو لوگون سے بچتا رہ اور اپنے حذر کو اُنسے چھپاتا رہ تاکہ اُنکو تیرے ستانے کی زیادہ جرأت نہو اور ہنسنے والے کے دانت تجکو فریب نہ دین۔ کیونکہ اُس کے دل مین تیری عداوت ہی۔ گو بظاہر ہنستا ہی

غَاضَ الْوَفَاءُ فَمَا تَلْقَاهُ فِي عِدَةٍ		وَأَعْوَزَ الصِّدْقُ فِي الْأَخْبَارِ وَالْقَسَمِ	

ترجمہ وفاے عہد غائب ہوگیا اب تو اُسکو کسی وعدہ مین نہ دیکھیگا۔ اور راستی گفتار بہت کم رہ گئی نہ اُس کا پتہ لوگون کے خبر دینے مین ہی اور نہ قسم مین۔ اُنکا تجکو کسی امر کی خبر دینا اور قسم کھانا دونون جھوٹ ہین۔

سُبْحَانَ خَالِقِ نَفْسِي كَيْفَ لَذَّتُهَا		فِيمَا النُّفُوسُ تَرَاهُ غَايَةَ الْأَلَمِ	

ترجمہ میری جان کا پیدا کرنے والا پاک ہی اور عجیب القدرت۔ اُس نے میری نفس کی لذت کسطرح مصائب مین کردی۔ جسکو اور نفوس نہایت درد سمجھتے ہین۔ یعنی یہ عجیب بات ہی کہ میرا نفس مہالک مین پڑنے سے متلذذ ہوتا ہی۔

اَلدَّهْرُ يَعْجَبُ مِنْ حَمْلِي نَوَائِبَهُ		وَصَبْرِ جِسْمِي عَلَى أَحْدَاثِهِ الْحُطُمِ	

الحطم بالضم جمع حطوم و بالفتح جمع حطمة وہی من اسماء النار و الحطم الکسر ترجمہ زمانہ تعجب کرتا ہی کہ مین اُس کے مصائب کو کیسے اُٹھالیتا ہون اور میرے نفس کے صبر سے اُس کے حوادث شکنندہ پر۔

وَقْتٌ يَضِيعُ وَعُمْرٌ لَيْتَ مُدَّتَهُ		فِي غَيْرِ أُمَّتِهِ مِنْ سَالِفِ الْأُمَمِ	

ترجمہ میرا وقت اور عمر مخالطت نااہلان زمانہ مین بیکار جاتا ہی۔ کاش میری عمر کی مدت غیر اُمت موجودہ حال یعنی زمانہ پیشینان مین جو عمدہ لوگ تھے گزرتی۔ شکایت اہل زمانہ کرتا ہی۔

أَتَى الزَّمَانَ بَنُوهُ فِي شَبِيبَتِهِ		فَسَرَّهُمْ وَأَتَيْنَاهُ عَلَى الْهَرَمِ	

الہرم الکبر و العجز و الخرف و ہو اقصی الشیخ فی کبرہ ترجمہ ابنائے زمانہ سابق اُس مین جب آئے کہ زمانہ جوان تھا۔ اُس نے اُنھین خوش رکھا اور اُنکی مرادین پوری کین۔ اور ہم اُس مین اُس کی حالت پیری مین آئے یعنی پیدا ہوئے اُسوقت اُس کے پاس خوش کرنے کا سامان بسبب ضعف پیری نہ تھا۔

وقال یمدح عضد الدولہ ویذکر الورد

قَدْ صَدَقَ الْوَرْدُ فِي الَّذِي زَعَمَا		أَنَّكَ صَيَّرْتَ نَثْرَهُ دِيَمَا	

الدیم جمع دیمہ وہی المطر الساکن الدائم ترجمہ ممدوح نے اپنے ہمنشینون پر گلاب کے پھول بکھیرے تھے اسلئے کہتا ہی کہ گلاب جو بزبان حال کہتا ہی سچ ہی کہ تو نے اُس کے بکھیرنے کو مثل باران دائم کے کردیا۔

كَأَنَّمَا مَائِجُ الْهَوَاءِ بِهِ		بَحْرٌ حَوَى مِثْلَ مَائِهِ عَنَمَا	

العنم شجر لین الاغصان حمراء یشبہ بہ بنان الجواری ترجمہ گویا ہوا کہ اُس کی بکھیر سے موج زن ہی ایک دریا ہی کہ اُس نے مثل اپنے پانی کے عنم کو جمع کرلیا ہی۔ کثرت بکھیر کو بیان کرتا ہی اور کثرت گل کو بحر عنم

سے تشبیہ دیتا ہی۔

نَاثِرُہٗ نَاثِرُ السُّیُوْفِ دَمًا ۔۔۔ وَکُلُّ قَوْلٍ یَقُوْلُہٗ حِکَمَا

ترجمہ اُن پھولون کا بکھیرنے والا وہ شخص ہی جو اپنے دشمنون پر شمشیر ہاے خونچکان کو پراگندہ کرتا ہی یعنی وہ دوستون پر پھول بکھیرنے والا۔ دشمنون پر خون برسانے والا ہی۔ اور جو بولتا ہی سراسر کلمات حکمت بولتا ہی۔

وَالْخَیْلُ قَدْ فَصَّلَ الضِّیَاعَ بِھَا ۔۔۔ وَالنِّعَمَ السَّابِغَاتِ وَالنِّقَمَا

فصل العقد اذا النظم فیہ انواع الخرز فجعل کل نوع ثم فصل بین الانواع بذہب او غیرہ ہذا ہو الاصل ثم سمی نظم العقد تفصیلا ترجمہ اور وہ اپنے گھوڑون کو غارت کے لئے متفرق کرتا ہی اور اُنکے ذریعہ سے جاگیرون اور کامل نعمتون کو دوستون کے لئے اور انتقام اور عذاب کو دشمنون کے لئے بترتیب مناسب پروتا ہی الضیاع ہی العقارات والمراد بہا الاقطاع۔

فَلْیُرِنَا الْوَرْدُ اِنْ شَکَا یَدَہٗ ۔۔۔ اَحْسَنَ مِنْہُ مِنْ جُوْدِہٖ سَلِمَا

نصب احسن بیرنا۔ والضمیر فی منہ للورد۔ وفی جودہ من روٰی ذکر الممدوح ومن رواہ جودھا فللید ترجمہ اگر گل ممدوح کے ہاتھ سے شکایت کرے کہ اُس نے مجھے بسبب بکھیر کے پریشان اور متفرق کر دیا تو اُسکو لازم ہی کہ وہ ہمکو اپنے سے اچھی چیز دکھلاوے کہ وہ اُسکی ہاتھ کی بکھیر سے بچی ہو۔ یعنی اُس کی بکھیر اور بخشش سے درہم اور دنانیر تو بچے ہی نہین جو گل سے عمدہ اور احسن ہین۔

وَقُلْ لَہٗ لَسْتَ خَیْرَ مَا نَثَرَتْ ۔۔۔ وَاِنَّمَا عَوَّذَتْ بِکَ الْکَرَمَا

ترجمہ اور گل سے کہدے کہ تو اُس چیز سے عمدہ نہین جس کی بکھیر کا وہ عادی ہی اور سواے اسکے نہین ہی کہ اُس کے ہاتھ نے تیری بکھیر کو اپنی کرم کا تعویذ نظر بد کے دفع کے لئے بنایا ہی کہ اُس کو کیسی نظر نہ لگے۔

خَوْفًا مِنَ الْعَیْنِ اَنْ تُصَابَ بِھَا ۔۔۔ اَصَابَ عَیْنًا بِھَا یُصَابُ عَمَا

ترجمہ یہ کام یعنی تیری بکھیر اُس نے بخوف نظر بد کیا ہی کہ کہین اُسکو لگ نجاوے پھر نظر بد کو کوستا ہی کہ جو نظر اُسکو لگے وہ اندھی ہو جاے۔

وقال یمدح سیف الدولۃ وکان قد توقف عن الغزو لما سمع بکثرۃ عدد جیش الروم فانشدہ بحضرۃ الجیش

نَزُوْرُ دِیَارًا مَا نُحِبُّ لَھَا مَغْنیً ۔۔۔ وَنَسْئَالُ فِیْھَا غَیْرَ سُکَّانِھَا الْاِذْنَا

المغنی واعدالمغانی وہی المواضع التی کان بہا اہلہا وحاتر جمہ اب ہم اُس دیار مین جاتے ہین جہان رہنا پسند نہین کرتے ۔یعنی دیار اعدا پر چڑھنا چاہتے ہین اور اُس کے باشندونکے سوا اور شخص یعنی سیف الدولہ سے وہان جانے کی اجازت چاہتے ہین ۔تاکہ ہم وہان جلد جاکر اُسکو لوٹین ۔

نَقُوْدُ اِلَیْھَا الْاٰخِذَاتِ لَنَا الْمَدٰی	عَلَیْھَا الْکُمَاۃُ الْمُحْسِنُوْنَ بِھَا الظَّنَّا

المدی البعد والغایۃ ترجمہ ہم اُس دیار کیطرف ایسے گھوڑے روانہ کرتے ہین جو ہمارے نئے نہایت فاصلہ کو طے کرجاتے ہین ۔یعنی وہ تیز اور سبقت کرنیوالے ہین اور اُنپر ایسے دلیران سالح بند سوار ہین کہ جو اپنے گھوڑون پر بسبب مکرر تجربون کے نیک گمان رکھتے ہین کیونکہ بذریعہ اُنکے بارہا فتحمند ہوئے ہین ۔

وَنُصْفِیْ الَّذِیْ یُکْنٰی اَبَا الْحَسَنِ الْھَوٰی	وَنُرْضِیْ الَّذِیْ یُسْمٰی الْاِلٰہَ وَلَا یُکْنٰی

ابوالحسن ہو علی بن عبداللہ سیف الدولۃ الممدوح ترجمہ اور ہم اُس شخص سے جس کی کنیت ابوالحسن ہو محبت خالص رکھتے ہین ۔اور اُس کی اطاعت کے سبب اُس ذات پاک کو خوشنود کرتے ہین جس کا مبارک نام اللہ ہی جل جلالہ اور اُس کی کنیت کوئی نہین کیونکہ وہ لم یلد ولم یولد ہی ۔

وَقَدْ عَلِمَ الرُّوْمُ الشَّقِیُّوْنَ اَنَّنَا	اِذَا مَا تَرَکْنَا اَرْضَھُمْ خَلْفَنَا عُدْنَا

ترجمہ اور بیشک بدبخت رومیون نے بالیقین پالیا ہی کہ ہم جب اُنکی سرزمین کو پیچھے چھوڑتے ہین تو ہم فوراً اُن پر لوٹ پڑتے ہین ۔تو اُنکو ہمارے واپس آنے پر مطمئن نہ ہونا چاہئے ۔

وَاَنَّا اِذَا مَا الْمَوْتُ صَرَّحَ فِی الْوَغٰی	لَبِسْنَا اِلٰی حَاجَاتِنَا الضَّرْبَ وَالطَّعْنَا

صرح برز وظہر ترجمہ اور ہمارا بیشک یہ حال ہو کہ جب جنگ مین موت پھیل پڑے تو ہم اپنے مقاصد پورا کرنے کے لئے شمشیر زنی اور نیزہ بازی کو اپنا لباس کرلیتے ہین اور اُس سے کامیاب ہوتے ہین ۔

قَصَدْنَا لَہٗ قَصْدَ الْحَبِیْبِ لِقَاءُہٗ	اِلَیْنَا وَقُلْنَا لِلسُّیُوْفِ ھَلُمِّنَّا

لقاءہ مرفوع بالحبیب فہو فاعل ۔وقولہ ہلمنا قال الواحدی ہلم الینا فادخل علیہا النون الشدیدۃ فحذف الیاء لالتقاء الساکنین ثم اشبع فتحۃ النون فصار ہلمنا ۔ومن ضم المیم خاطب السیوف مخاطبۃ من یعقل کقولہ تعالی ادخلوا مساکنکم ثم اسقط الواو من ہلموا لاجتماع الساکنین ثم اشبع الفتحۃ ترجمہ ہمنے موت کا قصد کیا ایسے اشتیاق سے جیسے اُس شخص کا قصد کیا جاتا ہی جسکا دیدار محبوب ہو اور ہم نے اپنی تلوارون سے کہا کہ ہمارے پاس آؤ کہ یہ وقت شمشیر زنی کا ہی تاکہ تمھارے ذریعہ سے دشمنون کو قتل کرین ۔

وَخَیْلٍ حَشَوْنَاھَا الْاَسِنَّۃَ بَعْدَمَا	تَکَدَّسْنَ مِنْ ھَنَّا عَلَیْنَا وَمِنْ ھُنَّا

التکدس التجمع وتکدس اجتمع ورکب بعضہا بعضا من کثرتہا وہنا بمعنی ہہنا ترجمہ اور بہت سے گھوڑے ہین

کہ ہم نے انکے شکموں کو نیزوں سے بھر دیا جبکہ وہ بیاباں اور وہاں سے باہر مجتمع ہوگئے اور چڑھ آئے۔

ضُرِبْنَ إِلَيْنَا بِالسِّيَاطِ جَهَالَةً	فَلَمَّا تَعَارَفْنَا ضُرِبْنَ بِهَا عَنَّا

ترجمہ وہ گھوڑے براہ نادانی تازیانوں سے ہماری طرف ہنکائے گئے سو جب انہوں نے ہمکو اور ہمنے اُن کو شناخت کیا تو وہ گھوڑے انہیں تازیانوں سے ہماری طرف سے ہنکائے گئے۔ یعنی رومیوں نے ہمارے لشکر کو اپنا لشکر سمجھ کر بارادۂ لحوق پہلے تو اپنے گھوڑے ہماری طرف تیز دوڑائے اور جب انکو معلوم ہوا کہ یہ دشمن کا یعنی ہمارا لشکر ہے تو مارے خوف کے بے تحاشا ہماری طرف سے بھاگے۔

تَعَدَّ الْقُرَى وَالْمُسْ بِنَا الْجَيْشَ لَمْسَةً	نُبَارِ إِلَى مَا تَشْتَهِي يَدُكَ الْيُمْنَى

تعد تجاوز۔ والمباراة ان یفعل الرجل کما یفعل الآخر۔ وروی الواحدی نبادر من المبادرة وہی الاسراع ترجمہ ای ممدوح تو دیہات سے آگے بڑھ اور ہمکو رومیوں کے لشکر سے ذرہ چھو جانے دے یعنی ہمکو اُن سے ایسا نزدیک ہو جانے دے جیسا مس کرنیوالا قریب ہوتا ہے تو تیرا دہنا ہاتھ تجکو تیرے مطلوب کیطرف فوراً پہنچا دے گا۔ یعنی وہ یا قتل ہوں گے یا زخمی یا تیرے بردے۔

فَقَدْ بَرَدَتْ فَوْقَ اللُّقَانِ دِمَاؤُهُمْ	وَنَحْنُ أُنَاسٌ نُتْبِعُ الْبَارِدَ السُّخْنَا

اللقان موضع والسخن ضد البارد وطابق بینہا ترجمہ کیونکہ انکے مقام لقان کے خون سرد ہوگئے ہیں یعنی وہاں جو ہمنے انکو قتل کیا تھا اُسکو عرصہ ہوگیا ہے۔ اور ہم ایسے لوگ ہیں کہ خون سرد کے پیچھے خون گرم روانہ کرتے ہیں۔ یعنی ہمارا قتال برابر جاری رہتا ہے۔

وَإِنْ كُنْتَ سَيْفَ الدَّوْلَةِ الْعَضْبَ فِيهِمُ	فَدَعْنَا نَكُنْ قَبْلَ الضِّرَابِ الْقَنَا اللُّدْنَا

العضب القاطع۔ واللدن صفة الرماح وہو الدقیق المستقیم ترجمہ اور اگر تو سیف الدولہ انمیں مثل شمشیر بران ہے تو ہمکو اجازت دے کہ ہم قبل شمشیر زنی کے لچکدار سیدھے نیزے ہوں۔ یعنی تو شمشیر زنی پیچھے کیجو۔ ہمکو مثل جنگ نیزوں کے پہلے لڑنے دے کہتے ہیں کہ جب سیف الدولہ نے بعد احراق بقعہ سمندو کے قلعہ کا قصد کیا تو خبر ہوئی کہ دشمن کے ساتھ چالیس ہزار سپاہ ہے اس لئے سپاہ اُس کی مرعوب ہوگئی جب ابوالطیب نے یہ قصیدہ سنایا اور اس شعر تلک پہنچا تو سیف الدولہ نے اُس سے کہا کہ اِس لشکر سے کہو کہ وہ بھی یہ کہیں جو تو کہتا ہے اگر وہ کہیں تو ہم اُسطرف کو روانہ ہوں گے۔

فَنَحْنُ الْأُلَى لَا نَأْتَلِي لَكَ نُصْرَةً	وَأَنْتَ الَّذِي لَوْ أَنَّهُ وَحْدَهُ أَغْنَى

ترجمہ کیونکہ ہم ایسی قوم ہیں کہ ہم تیری مدد میں جان تلک کی کوتاہی نہیں کرتے اور تو وہ بہادر ہے اگر تنہا اُن سے لڑے تو کسی کی بھی پرواہ نہو۔ شاعر کا کیا کہنا ہے دونوں فریق کی برابر تعریف کرگیا

يَقِيْكَ الرَّدٰى مَنْ يَبْتَغِىْ عِنْدَكَ الْعُلٰى ۔۔۔ وَمَنْ قَالَ لَا اَرْضٰى مِنَ الْعَيْشِ بِالْاَدْنٰى

الردی الموت ـ والادنی الدون وھو القلیل ترجمہ تجکو ہلاکی سے اکیلا وہ شخص بچا سکتا ہی جو تیری خدمت مین اُمید حصول علو رتبہ حاضر ہی اور وہ شخص جو کہتا ہی کہ مین ذلیل زندگانی سے خوش نہین ہون ۔ مُراد دونون مصرعہ مین نفس شاعر ہی ۔ یعنی مین تنہا اپنی جان آڑ کر تجکو ہلاکت سے بچا سکتا ہون ۔

فَلَوْلَاكَ لَمْ تَجْرِ الدِّمَاءُ وَلَا اللُّهٰى ۔۔۔ وَلَمْ يَكُ لِلدُّنْيَا وَلَا اَهْلِهَا مَعْنٰى

اللُّہی جمع لہوۃ وہی العطیۃ ترجمہ سو اگر تو نہو تو نہ خونہائے اعدا بہین اور نہ عطایا یعنی شجاعت اور سخاوت تیرے سبب دنیا مین ہین اور اگر تو نہو تو دنیا اور اہل دُنیا بہی بے معنی ہون ۔

وَمَا الْخَوْفُ اِلَّا مَا تَخَوَّفَهُ الْفَتٰى ۔۔۔ وَلَا الْاَمْنُ اِلَّا مَا رَاٰهُ الْفَتٰى اَمْنًا

ترجمہ اور خوف نہین ہی مگر وہ چیز جس سے جوان ڈرنے لگے اور ایسا ہی امن نہین ہی مگر وہ جسکو جوان امن سمجھ لے یعنی حقیقت خوف یہ ہی کہ انسان کسیکو خوفناک جان لے اگرچہ اُسین کچہ خوف نہو اور امن وہ ہی جسکو امن سمجھ لے اگرچہ وہ درحقیقت امن نہو ۔ یہ تعریض ہی لشکر سیف الدولہ پر کہ اُنھون نے کثرت لشکر رومیان سُنکر اُن کیطرف جانے مین تامل کیا ۔

وقال یمدحہ وقد اہدی لہ ثیاب دیباج وفرسا ومہرا

ثِيَابُ كَرِيْمٍ مَا يَصُوْنُ حِسَانَهَا ۔۔۔ اِذَا نُشِرَتْ كَانَ الْهِبَاتُ صِوَانَهَا

الصوان التخت وھو ما یحفظ الثیاب ترجمہ یہ خلعت عنایتی ایسے کریم کی ہین کہ وہ عمدہ خلعتون کی حفاظت نہین کرتا ہی ۔ بلکہ اورون کو بخشدیتا ہی ۔ جب وہ پہیلائی یا کھولی جاتی ہین تو اُن کے جامہ دان اُن کی بخششین ہوتی ہین ۔ جامہ دان ہارے رسم مین نہین رکھتا ہی یا جامع جامہ دان بخشتا ہی ۔

تُرِيْنَا صَنَاعُ الرُّوْمِ فِيْهَا مُلُوْكَهَا ۔۔۔ وَتَجْلُوْ عَلَيْنَا نَفْسَهَا وَقِيَانَهَا

الصناع الحاذقۃ التی قد صورت الصورۃ وہی حاذقۃ بالعمل ترجمہ کاریگر تیز دست نقاش زن رومی نے ہم مین اپنے بادشاہ دکھلا دئے ۔ اور اُس کپڑے مین ہیرا اپنے نفس اور اپنی چھوکریون کو ظاہر کر دیا ۔

وَلَمْ يَكْفِهَا تَصْوِيْرُهَا الْخَيْلَ وَحْدَهَا ۔۔۔ فَصَوَّرَتِ الْاَشْيَاءَ اِلَّا زَمَانَهَا

ترجمہ اور اُس کاریگر عورت کو صرف گھوڑے کی تصویر کافی نہین ہوئی بلکہ اور تمام اجسام کی تصویرین جنکا کھینچنا ممکن تھا کھینچ دین ۔ مگر تصویر زمانہ جو غیر مجسم اور غیر قابل تصویر ہی نہ کھینچ سکی ۔

وَمَا ادَّخَرَتْهَا قُدْرَةً فِيْ مُصَوِّرٍ ۔۔۔ سِوٰى اَنَّهَا مَا اَنْطَقَتْ حَيَوَانَهَا

اوخرتہا لا یتعدی الی مفعولین لکنہ اضمر فعلاً فی معناہ فعدا والی مفعولین کانہ قال حرمتہا قدرۃ ترجمہ اور اُس صناعہ نے اُس صورت کے بنانے مین کسی تشبیہ مین کوئی قدرت رکہہ نہین چھوڑی بلکہ اپنے تمام ہنر اُس کے بنانے مین صرف کئے سوائے اُس قدرت کے کہ وہ اُن حیوانات کو گویا نکر سکی۔

وَسَمْرَاءُ یَسْتَغْوِی الْفَوَارِسَ قَدُّھَا ‏ ‏ وَیُذْکِرُھَا کَرَّاتِھَا وَطِعَانَھَا

الاستغواء الامالۃ والاطماع - وسمراء عطف علی قولہ ثیاب کریم لانہا کانت فی جلبۃ الہبات ترجمہ اور منجملہ اسباب ممدوح کے گندم گون نیزے ہین کہ اُن کے قد شہسوارون کو جنگ کی رغبت دلاتے ہین اور اُنکو اُنکے حملات اور نیزہ زنیان یاد دلاتے ہین۔

رُدَیْنِیَّۃٌ تَمَّتْ وَکَادَ نَبَاتُھَا ‏ ‏ یُرَکِّبُ فِیْھَا زُجَّھَا وَسِنَانَھَا

ردینیۃ منسوبۃ الی ردینۃ امرءۃ کانت تعمل الرماح - والزج الذی یکون فی اسفل الرمح والسنان الذی یکون فی اعلاہ ترجمہ وہ نیزے ایسے سیدھے ہین گویا ردینہ کے درست کئے ہوئے ہین اور ایسے پکے اور پختہ لکڑی کے ہین کہ قریب ہی کہ اُس کے نشو ونما کی عمدگی اُسمین اُس کی بوڑی اور بھال لگا دے - خلاصہ یہ ہی کہ وہ عمدہ لکڑی کے ہین کہ اُنکو حاجت بوڑی اور بھال کی نہین۔

وَاُمُّ عَتِیْقٍ خَالُہٗ دُوْنَ عَمِّہٖ ‏ ‏ رَأٰی خَلْقَھَا مَنْ اَعْجَبَتْہُ فَعَانَھَا

ام عتیق فرس انثی لہا مہر کریم ابوہ اکرم من امہ - وعانہا اصابہا بالعین ترجمہ اور منجلہ ہدایا ایک گھوڑی ہی جسکا بچھیرا بہت عمدہ اور خوبصورت ہی کہ اُس کا ماموں اُسکے چچا سے گھٹیا ہی اور جب چچا ماموں سے اچھا ہوا تو اُس کا باپ اُس کی ماں سے نسلدار ہوا اب گھوڑی کی بدصورتی کا عذر بیان کرتا ہی کہ ایسا معلوم ہوتا ہی کہ اُس گھوڑی کی سرشت کو اُس شخص نے دیکھا جس کو وہ پسند آئی اس نے اُس کو نظر لگا دی اسلئے وہ بدصورت ہو گئی پہلے اچھی ہوگی ورنہ بچھیرا اچھا نہ جنتی۔

اِذَا سَایَرَتْہُ بَایَنَتْہُ وَبَانَھَا ‏ ‏ وَشَانَتْہُ فِیْ عَیْنِ الْبَصِیْرِ وَزَانَھَا

ترجمہ جب وہ گھوڑی بچھیرہ کے ساتھ چلتی ہی تو گھوڑی بچھیرہ سے شکل وصورت مین الگ معلوم ہوتی ہی اور بچھیرا اُس سے جُدا اور وہ گھوڑی بچھیرے کو واقفکار امور خیر کی نظر مین یا مطلق بینا کی نظر مین عیب لگاتی ہی اور بچھیرا اپنی مادر کو زینت دیتا ہی - خلاصہ یہ ہی کہ بچھیرا اچھا اور گھوڑی بُری ہی۔

فَاَیْنَ الَّتِیْ لَایَأْمَنُ الْخَیْلُ شَرَّھَا ‏ ‏ وَشَرِّیْ وَلَا تُعْطِیْ سِوَایَ اَمَانَھَا

ترجمہ سو ایسی گھوڑی کہان ہی کہ سواران دشمن اُس کے شر اور میرے شر سے بچ نہ سکین یعنی جب مین اُسپر سوار ہو کر اُن سے لڑون اور ایسی گھوڑی کی سوائے میرے کسیکو امن نہ لینے دے یعنی سوار نہ ہونے دے

یعنی مجکو ایسی گھوڑی دینی چاہئے تھی۔

وَأَيْنَ الَّتِي لَا تُرْجِعُ الرُّمْحَ خَائِبًا — إِذَا خَفَضَتْ يُسْرَى يَدَيَّ عِنَانَهَا

ترجمہ اور کہان ہی ایسی گھوڑی کہ جب میرا دست چپ اسکی باگ ڈھیل کردے اور مین دشمن کے نیزہ مارون تو میرے نیزہ کا وار خالی نجاوے یعنی وہ فوراً دشمن پر حملہ کرے۔

وَمَا لِي ثَنَاءٌ لَا أَرَاكَ مَكَانَهُ — فَهَلْ لَكَ نُعْمَى لَا تَرَانِي مَكَانَهَا

ترجمہ اور میرے پاس کوئی ایسی مدح نہین ہی کہ تجکو اسکا محل مناسب ولائق نسمجھون سو کیا تیرے پاس ایسی نعمت ہی کہ تو مجھے اس کا سزاوار ومحل نہ سمجھے۔ خلاصہ یہ ہی کہ مین تیری عمدہ مدح کرتا ہون تو تو بھی مجھے انعام عمدہ دے۔ بُری گھوڑیے عطا کرنے پر چوٹ کرتا ہی۔ مانگنا اور مردود رہنا اسی کو کہتے ہین۔

وقال وقد مد نہر حلب حتی احاط بدار سیف الدولۃ فقال ابو الطیب مرتجلا

حَجَّبَ ذَا الْبَحْرَ بِحَارٌ دُونَهُ — يَذُمُّهَا النَّاسُ وَيَحْمَدُونَهُ

ہذا من مشطور الرجز ویسمی ذا الوجہین لانک اذا شئت اطلقت آخرہ وان شئت وقفتہا ترجمہ اس دریاے عطا یعنی سیف الدولہ کو حلب کی نہر قویق کے پانیون نے اس سے ورے ہمسے چھپالیا کہ ہم اسکے سلام کو حاضر ہنین ہوسکتے۔ اس حرکت پر لوگ ان پانیون کی مذمت کرتے ہین اور سیف الدولہ کی تعریف۔

يَا مَاءُ هَلْ حَسَدْتَنَا مَعِينَهُ — أَمِ اشْتَهَيْتَ أَنْ تُرَى قَرِينَهُ

المعین استعارۃ وہو الماء الذی یخرج من الارض من عین او نحوہا - والقرین المماثل ترجمہ ای پانی کیا تونے اس چشمہ فیض کے پانی پر ہمسے حسد کیا یا تونے یہ چاہا کہ اپنی پانی کی طغیانی دکھلا کر تو اس کا مثل دیکھے سو یہ تو معلوم ہے

أَمِ انْتَجَعْتَ لِلْغِنَى يَمِينَهُ — أَمْ زُرْتَهُ مُكَثِّرًا قَطِينَهُ

الانتجاع طلب المرعیٰ - والقطین الحشم والجماعۃ ترجمہ کیا تونے اپنے غنی ہونے کے لئے اس کے دست راست سے طلب عطا کی ہی اور اس کے حصول کے لئے تو یہان حاضر ہوا ہی - یا تو اس کے پاس باین غرض حاضر ہوا ہی کہ تو اس کے خدم وحشم کی تعداد بڑھا دے اور اس کے خدام مین شمار کیا جائے۔

أَمْ جِئْتَهُ مُخَنْدِقًا حُصُونَهُ — إِنَّ الْجِيَادَ وَالْقَنَا يَكْفِينَهُ

ترجمہ اور کیا تو اس کے پاس اسکے قلعون کی خندق بنانے آیا ہی سو اس کا یہ حال ہی کہ عمدہ گھوڑے اور نیزے اسکو خندق بنانے سے بے پروا کرتے ہین۔

يَا رُبَّ لُجٍّ جُعِلَتْ سَفِينَهُ — وَعَازِبِ الرَّوْضِ تَوَفَّتْ عُونَهُ

اللج جمع لجۃ وہی معظم البحر- والعازب البعید- وعون جمع عانۃ وہی القطعۃ من الوحش- وتوفنتا افدتہ وافنیالما اصطادوحشہ ترجمہ اے مخاطب بہت سے گہرے دریا ہین کہ ممدوح کے گھوڑے اُنکی کشتیان بنائے گئے کہ اُنپر سوار ہوکر اُنکے پار ہوگیا اور بہت سے دور کے باغ ہین کہ اُسکے وحشی جانور مثل ہرن وحماد وحشی کے تمام وکمال اُن گھوڑون نے شکار کرئے یعنی اُس کی سواری مین۔

دَذِیْ جُنُوْنٍ اَذْهَبَتْ جُنُوْنَهٗ		وَشَرْبِ كَاْسٍ اَكْثَرَتْ رَنِیْنَهٗ	

الشرب جمع شارب کصحب وصاحب والرنین شدۃ الصوت ترجمہ اور بہت سے مجنون ہین- یعنی ایسے لوگ جو براہ بیعقلی تیرے مطیع نہ تھے کیونکہ عاقل تو اُسکا عصیان کرہی نہین سکتا- وہ جانتا ہے کہ اُس سے نجات ممکن ہی نہین ہے- غرض ایسے مجنون لوگون پر تیرے سوار چڑھ دوڑے اور اُنکو مغلوب کرکے اُنکا جنون سرکشی کھودیا- اور بہت سے مینوش ہین جو نعرۂ مستانہ اررہے تھے- تیرے سوارون نے اُنکے نشے کرکرے کردئے اب وہ چیخ چیخ رورہے ہین-

دَاَبْدَلَتْ غِنَاءَهٗ اَنِیْنَهٗ		وَضَیْغَمٍ اَوْلَجَهَا عَرِیْنَهٗ	

الانین صوت ضعیف من وجع - والعرین بیت الاسد ترجمہ اور اُن سوارون نے اُن مستون کے راگ کو کراہنے سے بدلا یا بسبب اُنکے مجروح ہونے اور قتل اُنکے اقارب کے اور بہت سے مردان بہادر مثل شیر ہین باعتبار قوۃ وعزت کے کہ تیرے سوارون نے اُنکو اُنکے بن مین گھسادیا- یعنی اُنکو مغلوب کرکے اُنکے گھرون مین گھس گئے اور اُنکی ولایت چھین لی-

وَمَلِكٍ اَوْطَاَهَا جَبِیْنَهٗ		یَقُوْدُهَا مُسَهِّدًا جُفُوْنَهٗ	

مسہدا حال ونصب الجفون بہ ترجمہ اور بہت سے بادشاہ ہین کہ ممدوح نے اپنے گھوڑون سے اُسکی پیشانی پامال کردی- یعنی اُنکو قتل کردیا اور اسلئے گھوڑون نے اُس کی پیشانی روندڈالی- ممدوح ایسے حال مین لشکر روانہ کرتا ہے کہ اپنی چشم کو بیدار رکھتا ہے- یعنی دشمنون پر شبخون مارتا ہے-

مُبَاشِرًا بِنَفْسِهٖ شُئُوْنَهٗ		مُشَرِّفًا بِطَعْنِهٖ طَعِیْنَهٗ	

ترجمہ ممدوح اپنے سب کام آپ کرتا ہے دوسرے کے بھروسہ پر نہین رہتا- اور اپنی نیزہ زنی سے اپنے زخمی کو مشرف کرتا ہے- یعنی اُسکے قتل سے معلوم ہوتا ہے کہ مقتول بڑا بہادر تھا- ورنہ ایسے ویسے پر توزہ بانہ نہین چھوڑتا-

عَفِیْفُ مَا فِیْ ثَوْبِهٖ مَاْمُوْنَهٗ		اَبْیَضُ مَا فِیْ تَاجِهٖ مَیْمُوْنَهٗ	

ترجمہ اور اپنی شرمگاہ کے معاملہ مین عفیف اور مامون ہے زانی نہین ہے اپنے چہرہ کے اعتبار سے سفید اور مبارک

بَحْرٌ يَكُوْنُ كُلُّ بَحْرٍ نُّوْنَهٗ	شَمْسٌ تَمَنَّى الشَّمْسُ اَنْ تَكُوْنَهٗ

النون الحوت ترجمہ وہ ایک دریائے عظیم الشان ہی سارے دنیا کے دریا اُس کی نسبت ایسے حقیر ہین جیسے دریا کے روبرو مچھلی - اور وہ ایسا آفتاب جاہ وجلال ہی کہ آفتاب رسمی کی یہ آرزو ہی کہ مین اُسکی مانند ہو جاؤن - ذکر الضمیر والشمس مؤنثۃ لانہ ذہب بالتذکیر الی الممدوح وہو مذکر وکان الاولی ان یکون فی موضعہ فی تکونہ ایاہ -

اِنْ تَدْعُ يَا سَيْفُ لِتَسْتَعِيْنَهٗ	يُجِبْكَ قَبْلَ اَنْ تُتِمَّ سِيْنَهٗ

الضمیر فی سینہ للسیف وفی تستعینہ للممدوح ترجمہ اگر تو ای مخاطب بطلب اعانت سیف الدولہ کو یا سیف کہکر پکارے تو وہ تجکو ایسا جلدی جواب دے اور تیری فریادرسی کریگا کہ تو سیف کا حرف سین بھی تمام نہ کر سکیگا

اَدَامَ مِنْ اَعْدَائِهٖ تَمْكِيْنَهٗ	مَنْ صَانَ مِنْهُمْ نَفْسَهٗ وَدِيْنَهٗ

ترجمہ وہ خدا جس نے ممدوح کی ذات اور اپنے دین کو کفار کی مضرت سے بچایا ہی وہ اُسکے دشمنون سے اُسکو بچاکر اُس کی تمکین دائم رکھے -

وقال یمدحہ عند منصرفہ من بلاد الروم سنۃ خمس واربعین وثلثمائۃ

اَلرَّاْيُ قَبْلَ شَجَاعَةِ الشُّجْعَانِ	هُوَ اَوَّلٌ وَهِيَ الْمَحَلُّ الثَّانِيْ

ترجمہ تدابیر اور رائے بہادرون کی بہادری سے مقدم ہی - رائے مرتبہ اور شرافت مین اول ہی اور شجاعت دوسرے نمبر پر -

فَاِذَا هُمَا اجْتَمَعَا لِنَفْسٍ مِرَّةٍ	بَلَغَتْ مِنَ الْعَلْيَاءِ كُلَّ مَكَانِ

النفس المرۃ بکسر المیم ای القویۃ الشدیدۃ التی لاتقبل الضیم ترجمہ سو جب عقل و شجاعت کسی غیرت مند باعزت نفس کے لئے جمع ہوجاوین تو وہ مجد و شرف کے ہر بلند رتبہ پر پہنچے گا -

وَلَرُبَّمَا طَعَنَ الْفَتٰى اَقْرَانَهٗ	بِالرَّاْيِ قَبْلَ تَطَاعُنِ الْاَقْرَانِ

ترجمہ اور جوانمرد اکثر اپنے ہمسران جنگ کو بذریعہ رائے و تدبیر کے قبل نیزہ بازی سوارون کے زخمی کردیتا ہی -

لَوْلَا الْعُقُوْلُ لَكَانَ اَدْنٰى ضَيْغَمٍ	اَدْنٰى اِلٰى شَرَفٍ مِنَ الْاِنْسَانِ

ترجمہ اگر عقل موجب شرف نہوتی تو گھٹیا شیر بہ نسبت انسان شرف سے زیادہ قریب ہوتا حالانکہ ایسا نہین -

وَلَمَا تَفَاضَلَتِ النُّفُوْسُ وَدَبَّرَتْ	اَيْدِي الْكُمَاةِ عَوَالِيَ الْمُرَّانِ

المران القنا واحدہ مرانۃ واصلہ من مرن اذالان - والعوالی جمع عالیۃ وہی علی قدر ذراعین من اعلی الرمح

ترجمہ اگر عقل نہوتی تو بعض نفوس بعض سے افضل نہ ہوتے اور معلوم ہو کہ انسان بہائم سے افضل ہو اور نہ دستہاے بہادران سلح حصہ ہاے بالا چکدار نیزون کے استعمال کی کوئی تدبیر کر سکتے۔ غرض سلاح بے عقل کچھ کام نہین دیتے۔

	لَمَّا سُلِلْنَ لَكُنَّ كَالْأَجْفَانِ		لَوْلَا سَمِيُّ سُيُوفِهِ وَمَضَاؤُهُ

الاجفان جمع جفن وہو غمد السیف ترجمہ اگر شمشیر ہاے رسمی کا ہمنام یعنی سیف الدولہ اور اوسکے تیزی انجام امور مشکلہ مین جبکہ تلوارین میان سے باہر کھینچی گئین ہوتین تو یہ تلوارین مثل اپنی میانون کے قتل اعدا مین نکمی ہوتین۔ خلاصہ یہ ہی کہ تلوار بے زور بازو کے قطع نہین کرتی۔

	أَمِنِ احْتِقَارٍ ذَاكَ أَمْ نِسْيَانِ		خَاضَ الْحِمَامَ بِهِنَّ حَتَّى مَا دُرِي

ترجمہ ممدوح تلوارین لیکر موت مین گھس گیا اور ایسا بے باک گھسا کہ یہ دریافت نہین ہوا کہ یہ بے باکی موت کو حقیر خیال کرنے سے ہی یا براہ سہو و نسیان موت کہ اوسکو بھول گیا ہی۔ دری ماضی مجہول ہی اور فتح را کا موافق لغت بنی طی کے ہی۔

	أَهْلُ الزَّمَانِ وَأَهْلُ كُلِّ زَمَانِ		وَسَعَى فَقَصَّرَ عَنْ مَدَاهُ فِي الْعُلَى

المدی البعد ترجمہ اور ممدوح نے حصول مراتب بالاترین کوشش کی تو جس غایۃ علو رتبہ کو وہ پہنچا وہان تلک پہنچنے سے اوس کے زمانہ اور کل اہل زمانہ سابق ولاحق کے لوگ کوتاہ رہے وہان تلک نپہنچ سکے۔

	إِنَّ السُّرُوجَ مَجَالِسُ الْفِتْيَانِ		تَخِذُوا الْمَجَالِسَ فِي الْبُيُوتِ وَعِنْدَهُ

تخذوا بمعنی اتخذوا ترجمہ اور لوگون نے اپنی مجالس اپنے گھرون مین مقرر کرلی ہین اور ممدوح کی یہ راے ہی کہ جوانمردون کی مجلسین گھوڑون کے زین ہین۔ غرض اسلئے وہ اوس کے رتبہ کو پہنچ نہ سکے۔

	وَتَوَهَّمُوا اللَّعِبَ الْوَغَى وَالطَّعْنُ فِي الْـهَيْجَاءِ غَيْرُ الطَّعْنِ فِي الْمَيْدَانِ

ترجمہ اور لوگون نے لڑائی کو کھیل سمجھ لیا ہی اور حال یہ ہی کہ لڑائی مین نیزہ بازی اور ہی اور کھیل کے میدان مین اور۔

	إِلَّا إِلَى الْعَادَاتِ وَالْأَوْطَانِ		قَادَ الْجِيَادَ إِلَى الطِّعَانِ وَلَمْ يَقُدْ

ترجمہ ممدوح نے اپنے عمدہ گھوڑے نیزہ زنیون کی طرف ہنکائے اور یہ کچھ نئی بات نہین ہی بلکہ اوس نے گھوڑے اپنی عادت روزمرہ کے موافق اور اپنے وطنون کی طرف روانہ کئے یعنی وہ میدان جنگ کو اپنا وطن سمجھتا ہی۔

	فِي قَلْبِ صَاحِبِهِ عَلَى الْأَحْزَانِ		كُلُّ ابْنُ سَابِقَةٍ يُغِيرُ بِحُسْنِهِ

كُلٌّ ابْنُ سَابِقَةٍ يُغِيرُ بِحُسْنِهِ ۔۔۔ فِي قَلْبِ صَاحِبِهِ عَلَى الْأَحْزَانِ

ترجمہ اُن میں ہر گھوڑا بچہ ہی تیز رو گھوڑے کا جو اپنے جمال کے سبب اپنے مالک کے دل کے غموں پر لوٹ ڈالتا ہی یعنی اُسکے غم غلط کرتا ہی۔

إِنْ خُلِّيَتْ رُبِطَتْ بِآدَابِ الْوَغَى ۔۔۔ فَدُعَاؤُهَا يُغْنِي عَنِ الْأَرْسَانِ

ترجمہ اسپان ممدوح ایسے شائستہ ہیں کہ اگر وہ اُن کے اختیار پر چھوڑ دئے جائیں سو وہ آداب جنگ کی رسی سے بندھے رہیں یعنے نہ بھاگیں سو اُن کا بلانا باگ ڈور سے بے پروا کرتا ہی۔ یعنی بلانے سے فوراً حاضر ہو جاتے ہیں۔

فِي جَحْفَلٍ سَتَرَ الْعُيُونَ غُبَارُهُ ۔۔۔ فَكَأَنَّمَا يُبْصِرْنَ بِالْآذَانِ

فی متعلقة بقولہ فدعاؤہا ترجمہ اُن کا بلانا اُنکی حاضری کے لئے ایسے لشکر کثیر میں کافی ہی جس کی کثرت غبار گھوڑوں کی بینائیوں کو چھپا لے اور دیکھنے نہ دے سو وہ گویا کانوں سے دیکھتے ہیں۔ یعنی حسب آواز سوار کام دیتے ہیں۔

يَرْمِي بِهَا الْبَلَدَ الْبَعِيدَ مُظَفَّرٌ ۔۔۔ كُلُّ الْبَعِيدِ لَهُ قَرِيبٌ دَانِ

ترجمہ ایسے عمدہ گھوڑوں کو ایسا مظفر و منصور شخص یعنی ممدوح جسکو ہر دور کی چیز بسبب بلندی ہمت و سامان طی سفر کے نزدیک ہی شہرہائے دور دراز پر پھینکتا ہی یعنی مثل تیر وہ منزل مقصود پر پہنچ جاتے ہیں۔

فَكَأَنَّ أَرْجُلَهَا بِتُرْبَةِ مَنْبِجٍ ۔۔۔ يَطْرَحْنَ أَيْدِيَهَا بِحِصْنِ الرَّانِ

منبج بلدة بالشام من اعمال حلب وحصن الران من بلاد الروم ترجمہ وہ گھوڑے ایسے تیز رو اور کشادہ قدم ہیں کہ گویا اُن کے اگلے دونوں پاؤں جو سرزمین مقام منبج میں ہیں اُن کے دونوں پچھلے پاؤں کو حصن ران پر ڈالتے ہیں یعنی ایک قدم میں پانچ منزل قطع کرتے ہیں۔ وان ہذا من قول الشاعر الفارسی ؎ آن سبکرو کہ بمشرق اگرش گوئی۔ جز بہ مغرب بالف وصل نیفتد بارا۔

حَتَّى عَبَرْنَ بِأَرْسَنَاسَ سَوَابِحًا ۔۔۔ يَنْشُرْنَ فِيهِ عَمَائِمَ الْفُرْسَانِ

ارسناس نہر بالشام بارد الماء جدا یسیل من ذوب الثلج ترجمہ وہ گھوڑے تیز چلے یہاں تک کہ نہر ارسناس کو تیر کر گزر گئے ایسی تیزی سے کہ عمامہ ہائے سواران اُسمیں کھول دئے۔ یعنی نہایت تیزی سے تیرے۔

يَقْمُصْنَ فِي مِثْلِ الْمُدَى مِنْ بَارِدٍ ۔۔۔ يَذَرُ الْفُحُولَ وَهُنَّ كَالْخِصْيَانِ

یقمصن یثبن لشدة بردہ۔ والمدی جمع مدیة وہی السکین والخصیان جمع خصی من الخیل ترجمہ نہر ارسناس کے پانی پر جو ہوا کے صدمہ سے موج ہوتا تھا اُسکو چھری سے تشبیہ دیکر کہتا ہی کہ وہ گھوڑے بباعث شدت

جنکے آب کی موجون مین جوش تھپیڑون کے دھاردار تھین اُچھلتے تھے اور وہ پانی ایسا ٹھنڈا تھا کہ اُس نے گھوڑون کو شل آختہ کے کر دیا تھا - یعنی اُن کے فوتے بسبب سردی آب کے ایسے سکڑ گئے تھے کہ وہ شل آختہ گھوڑون کے بے فوتے معلوم ہوتے تھے -

وَالْمَاءُ بَيْنَ عَجَاجَتَيْنِ مُخَلِّصٌ ۔۔۔ تَتَفَرَّقَانِ بِهِ وَتَلْتَقِيَانِ

ترجمہ اور پانی دونون غبارون مین مفرق تھا - کبھی تو وہ دونون غبار پانی کے بیچ مین فاصل ہونے کے سبب جدا جدا معلوم ہوتے تھے اور کبھی بسبب کثرت کے آپس مین ملجاتے تھے - دونون غبار سے یا تو مراد غبار دو فریق لشکر سیف الدولہ کا ہی کہ بعض پار اُتر گئے اور بعض وار رہے تھے اور دونون طرف کے گھوڑے غبار اُڑاتے تھے - یا وار والون سے مراد غبار لشکر سیف الدولہ ہی اور پار والون سے غبار لشکر رومیان -

رَكَضَ الْأَمِيرُ وَكَاللُّجَيْنِ حَبَابُهُ ۔۔۔ وَثَنَى الْأَعِنَّةَ وَهُوَ كَالْعِقْيَانِ

اللجین الفضۃ - والعقیان الذہب ترجمہ جب امیر سیف الدولہ نے بقصد عبور دریا مین اپنے گھوڑے ڈالے تو اُسکا حباب مثل چاندی کے سفید تھا اور جبکہ رومیون کو قتل کر کے اپنی باگ پھیری تو بسبب فراوانی خون رومیان وآمیزش آب دریا کے اُس کا حباب یعنی بلبلہ برنگ زر سرخ تھا -

فَتَلَ الْحِبَالَ مِنَ الْغَدَائِرِ فَوْقَهُ ۔۔۔ وَبَنَى السَّفِينَ لَهُ مِنَ الصُّلْبَانِ

السفین جمع سفینۃ والصلبان جمع صلیب وہو المعروف ترجمہ ممدوح نے دریا پر مقتول رومیون کے سر کے بالون کی رسیان بنائین اور کشتیان اُس دریا کی چوبہاے صلیب سے غرض بیان کثرت مقتولان رومی ہی -

وَحَشَاهُ عَادِيَةً بِغَيْرِ قَوَائِمٍ ۔۔۔ عُقُمَ الْبُطُونِ حَوَالِكَ الْأَلْوَانِ

العقیم الذی لایلد - والحوالک جمع حالکۃ وہی السوداء - والحالک الاسود ترجمہ اور ممدوح نے اُس دریا کو ایسی دوڑنے والی چیز سے پُر کر دیا جو بے پاؤن کے دوڑتی ہی - یعنی کشتیون سے جو شکمون کے بانجھ ہین کیونکہ جنتی نہین ہین اور رنگون کی سیاہ ہین - کیونکہ قیر سے رنگی ہوئی تھین

تَأْتِي بِمَا سَبَتِ الْخُيُولُ كَأَنَّهَا ۔۔۔ تَحْتَ الْحِسَانِ مَرَابِضُ الْغِزْلَانِ

المرابض جمع مربض وہو اوی الغنم والوحش ترجمہ وہ کشتیان اُن خوبصورت عورتون کو لائی ہین جنکو سوارون نے بندی بنایا ہی گویا وہ کشتیان زنہاے حسینہ کے نیچے آہوون کے رہنے کی جگہ ہین -

بَحْرٌ تَعَوَّدَ أَنْ يُذِمَّ لِأَهْلِهِ ۔۔۔ مِنْ دَهْرِهِ وَطَوَارِقِ الْحَدَثَانِ

الذمام العہد والحفظ - والحدثان حوادث الدہر ترجمہ یہ ارسناس ایسا دریا ہی کہ اُسکی عادت ہی کہ وہ اُن

اشخاص کو جو اُس کے دارا بادین زمانہ اور اُس کے حوادث سے پناہ دیتا ہی یعنی وہ کسیکو اپنے پار نہین اُترنے دیتا ہی کہ وہان کے باشندون کو ستاوے مگر مجکو وہ روک نسکا۔

فَتَرَکْتَہٗ وَاِذَا اَذَمَّ مِنَ الْوَرٰی	رَاعَاکَ وَاسْتَثْنٰی بَنِیْ حَمْدَانِ

اذم اجار وبنو حمدان ہم قبائل سیف الدولۃ ترجمہ سو جب تو اُس کے پار اُتر گیا اور اُنکو قتل وقید کرلیا تو تونے اُسکو ایسے حال مین چھوڑا کہ جب وہ لوگون کو پناہ دے تو تیری اعانت وحق شناسی کرے اور تیری قوم بنی حمدان کو اُنکے دشمنون کے پناہ دینے سے مستثنیٰ رکھے خلاصہ یہ ہی کہ سوائے تیرے اور تیری قوم کے اُسکو کوئی عبور نہین کرسکتا۔

اَلْمُخْفِرِیْنَ بِکُلِّ اَبْیَضَ صَارِمٍ	ذِمَمَ الدُّرُوْعِ عَلٰی ذَوِی التِّیْجَانِ

خفرت الرجل اذا اجرتہ۔ واخفرتہ اذا نقضت عہدہ۔ والتیجان جمع تاج وہو اکلیل الملوک ترجمہ بنو حمدان ایسی بہادر قوم ہی کہ وہ بردرصیقلدار اور قاطع شمشیر کے اُن عہدون کو توڑ دیتے ہین جو زرہون نے اور بادشاہون کے ساتھ کر رکھا ہو یعنی قوم مذکور اور ملوک کو مع زرہون کے قطع کر دیتی ہین۔

مُتَصَعْلِکِیْنَ عَلٰی کَثَافَۃِ مُلْکِہِمْ	مُتَوَاضِعِیْنَ عَلٰی عَظِیْمِ الشَّانِ

الصعلوک الفقیر الذی لا مال لہ۔ والکثافۃ الکثرۃ۔ والشان القدر والعلو ترجمہ وہ لوگ باوجود کثرت ووسعت ملک کے ہمیشہ اسفار وغزوات مین مثل فقیرون کے جفاکش ہین اور اپنے تمام اموال مغنومہ کو مستحقون کو تقسیم کردیتے ہین۔ اور باوجود عظیم الشانی کے متواضع ہین۔

یَتَقَیَّلُوْنَ ظِلَالَ کُلِّ مُطَہَّمٍ	اَجَلِ الظَّلِیْمِ وَرِبْقَۃِ السِّرْحَانِ

روی ابو الفتح یتقیلون بالقاف ومعناہ یتبعون من قولہم فلان یتقیل اباہ اذا تبعہ۔ یقول یتبعون اباہم سابقین الی المجد والشرف کالفرس المطہم الذی اذا راٰہ الظلیم فقد ہلک واذا راٰہ الذئب کان کانہ مشدود ترجمہ وہ مجد وشرف مین اپنے بڑون کا اقتدا کرتے ہین جو بزرگی کیطرف ایسے تیز جاتے ہین جیسے عمدہ گھوڑا کہ وہ موت شتر مرغ ترکی ہو اور قید گرگ کی۔ اور عرب جب کسی کی تعریف کرتے ہین تو اُسکو تیز رو گھوڑے سے تشبیہ دیتے ہین۔ اور شارح ابن فورجہ یتقیلون کو قیلولہ سے مشتق کہتے ہین۔ یعنی قوم ممدوح ہمیشہ جہاد مین مصروف رہتی ہی یہان تلک کہ بوقت دوپہر تیار گھوڑون کے سایہ مین بسر کرتے ہین۔ والمطہم الفرس التام کل شیٔ منہ علی حدتہ فہو بارع ای مجتمع مدور۔ اور بعض شراح نے یتفیئون بالفا پڑھا ہی کقولہ تعالیٰ یتفیؤ ظلالہ۔ اِس صورت مین ترجمہ یہ ہوگا کہ وہ لوگ بوقت شدت حرارت کے گھوڑون کے سایہ مین آرام لیتے ہین یعنی محنت کش ہین خیمہ وغیرہ کے پابند نہین ہین۔

خَضَعَتْ لِمُنْصُلِكَ الْمَنَاصِلُ عَنْوَةً	وَأَذَلَّ دِيْنُكَ سَائِرَ الْأَدْيَانِ

المنصل السیف ترجمہ تیری شمشیر کے روبرو بزور اور شمشیریں عاجز ہوگئیں اور تیرے دین نے اور سب دینوں کو ذلیل کردیا۔

وَعَلَى الدُّرُوْبِ وَفِي الرُّجُوْعِ غَضَاضَةٌ	وَالسَّيْرُ مُمْتَنِعٌ مِنَ الْإِمْكَانِ

الغضاضۃ العیب ترجمہ اور جبکہ ہم روم کی گھاٹیوں پر تھے اور واپس آنا سراسر عیب تھا اور آگے بڑھنا غیر ممکن تھا۔ یعنی ہمارا سخت حال تھا۔ والجواب فی قولہ نظروا فی البیت الآتی۔

وَالطُّرْقُ ضَيِّقَةُ الْمَسَالِكِ بِالْقَنَا	وَالْكُفْرُ مُجْتَمِعٌ عَلَى الْإِيْمَانِ

ترجمہ اور راہیں بسبب نیزوں کی کثرت کے تنگ و دشوار گزار تھیں اور اہل کفر بمقابلہ اہل ایمان مجتمع تھے۔ غرض بیان کثرت مخالفین و نزاکت وقت و شدت امر ہے۔

نَظَرُوْا إِلَى زُبَرِ الْحَدِيْدِ كَأَنَّمَا	يَصْعَدْنَ بَيْنَ مَنَاكِبِ الْعِقْبَانِ

الزبر جمع زبرۃ وہی القطعۃ من الحدید۔ والعقبان جمع عقاب وہو من سباع الطیر ترجمہ ایسے حال و مکان میں رومیوں نے اہل اسلام کیطرف جو تمام آہن پوشی کے سبب پارہائے آہن معلوم ہوتے تھے دیکھا کہ وہ گویا دو شہائے عقاب پر سوار تھے۔ یعنی اُنکے گھوڑے بباعث سرعت مثل عقاب تھے۔

وَفَوَارِسٍ يُحْيِي الْحِمَامُ نُفُوْسَهَا	فَكَأَنَّهَا لَيْسَتْ مِنَ الْحَيَوَانِ

عطف علی زبر الحدید ترجمہ اور انھوں نے ایسے سواران اہل اسلام کو دیکھا کہ موت اُنکو زندہ کرتی تھی۔ یعنی موت اُنکی زندگی کا سبب تھی کیونکہ وہ شہدا تھے جو اُنمیں مقتول ہوتا ہی اُسکو حیات تازہ عنایت ہوتی ہی سو گویا اقسام جانداروں میں نہ تھے کیونکہ جاندار کی زندگی ہلاک ہونے سے نہیں ہوتی۔

مَا زِلْتَ تَضْرِبُهُمْ دِرَاكًا فِي الذُّرَى	ضَرْبًا كَأَنَّ السَّيْفَ فِيْهِ اثْنَانِ

ذری الشئ اعلاہ۔ والدراک المتتابع ترجمہ تو اُن کے حصہ بالائی اجسام میں متواتر تلواریں مارتا رہا گویا اُن میں ہر دفعہ دو تلواریں لگتی تھیں ایک تلوار رسمی اور دوسرا تو خود سیف اسم بامسمی تھا۔ اور یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ تیری ایک ضرب شمشیر بجائے دو ضرب کے تھی۔

خَصَّ الْجَمَاجِمَ وَالْوُجُوْهَ كَأَنَّمَا	جَاءَتْ إِلَيْكَ جُسُوْمُهُمْ بِأَمَانِ

ترجمہ اُس ضرب نے اُنکی کھوپریوں اور چہروں کو اپنے لئے خاص کر لیا تھا کہ اُن دونوں موقعوں کے سوا اور جگہ نہیں پڑتی تھی گویا اُن کے اجسام تیرے پاس امن لیکر آئے تھے کہ اُن پر کوئی ضرب نہیں پڑتی۔

فَرَمَوْا بِمَا يَرْمُوْنَ عَنْهُ وَأَدْبَرُوْا	يَطَأُوْنَ كُلَّ حَنِيَّةٍ مِرْنَانِ

الحنیۃ القوس۔ والمرزان المصوتۃ ترجمہ سو وہ لوگ جن کمانون سے تیری طرف تیر مارتے تھے اُنکو پھینک کر بھاگے ایسے حال مین کہ ہر کمان آواز کرنے والی یعنی بوقت کشش چڑچڑانے والی کو اپنے پیرون مین روندتے جاتے تھے۔

یَغْشَاهُمْ مَطَرُ السَّحَابِ مُفَصَّلًا	بِمُثَقَّفٍ وَ مُهَنَّدٍ وَ سِنَانِ

المثقف الرمح المقوم۔ والمہند السیف۔ والسنان ہو الزج الذی فی اسفل الرمح ترجمہ لشکر کو بسبب کثرت کے باران سے تشبیہ دیکر کہتا ہی کہ دشمنون کو باران ابر تفصیل وار باری باری ڈھکے لیتا تھا۔ کبھی سیدھے نیزے اور کبھی شمشیر ہندی اور کبھی نیزون کے یا تیر کے بھالون اور پیکان سے۔

حُرِمُوا الَّذِي أَمَلُوا وَ أَدْرَكَ مِنْهُمُ	آمَالَهُ مَنْ عَاذَ بِالْحِرْمَانِ

عاذ بالذال المعجمۃ امتنع و بالدال المہملۃ رجع ترجمہ اُنھون نے جو اُمید فتح کی تھی اُس سے محروم رہے اور اپنے اُمیدون مین وہ کامیاب ہوا جس نے محرومی کی پناہ پکڑی یا اُس کے ساتھ لوٹا۔ یعنی اُن کی کامیابی صرف اسی مین تھی کہ جان بچاکر غنیمت اور فتح سے محروم ہو کر بھاگ گئے۔

وَ إِذَا الرِّمَاحُ شَغَلْنَ مُهْجَةَ ثَائِرٍ	شَغَلَتْهُ مُهْجَتُهُ عَنِ الْإِخْوَانِ

ترجمہ اور جبکہ سواران سیف الدولہ کے نیزے جان کینہ خواہ رومی کو انتقام لینے سے روکتے تھے تو وہ بھاگ جاتا تھا کہ اُس کو اپنے برادران رومی کی حمایت سے اُس کی جان روکتی تھی۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ ایسا مضطر ہو کر بھاگتا تھا کہ اُس کو اپنے رفیقون کے قتل و غارت کی پروا نہوتی تھی۔

هَيْهَاتَ عَاقَ عَنِ الْعِوَادِ قَوَاضِبٌ	كَثُرَ الْقَتِيلُ بِهَا وَ قَلَّ الْعَانِي

عاق منع۔ والعواد المعاودۃ۔ والعانی الاسیر ترجمہ رومیون کا قتال کے لئے پھر آنا دور جا پڑا اور اُن کو لوٹنے سے شمشیر ہائے بران ممدوح مانع ہین کیونکہ اُسکی تلوارون سے مقتول زیادہ ہوئے اور قیدی کم یعنی اُسکے نزدیک بردہ بنانے سے دشمن کا قتل زیادہ پسندیدہ ہی

وَ مُهَذَّبٌ أَمَرَ الْمَنَايَا فِيهِمِ	فَأَطَعْنَهُ فِي طَاعَةِ الرَّحْمٰنِ

عطف علی قواضب ترجمہ اور رومیون کو دوبارہ آنے سے ایک شخص شایستہ و پاکیزہ خو روکتا ہی یعنی سیف الدولہ جس نے موتون کو رومیون پر مسلط کر دیا اور موتون نے سیف الدولہ کی اطاعت خداوند تعالے کے حکم سے کی۔ یعنی سیف الدولہ نے جو اُن پر جہاد کیا ہی حسب اجازت احکام خداوندی کیا ہی۔ لہٰذا موتین اُس کی مطیع ہو گئین۔

قَدْ سَوَّدَتْ شَجَرَ الْجِبَالِ شُعُورُهُمْ	فَكَأَنَّ فِيهِ مُسِفَّةَ الْغِرْبَانِ

المسفۃ الثابتۃ علی الارض۔ واسف الطائر اذا دنی من الارض فی طیرانہ۔ والغربان جمع غراب ترجمہ رومیان مقتول کے بالون نے درختہائے جبال کو سیاہ کردیا گویا اُن درختون مین کوّے باہم قریب بیٹھے ہین۔

وَجَرٰی عَلَی الْوَرَقِ النَّجِیْعُ الْقَانِیْ	فَکَاَنَّہٗ النَّارَنْجُ فِی الْاَغْصَانِ

النجیع الدم الطری وقیل دم الجوف۔ والقانی الاحمر الشدید الحمرۃ ترجمہ اور درختون کے پتون پر رومیون کا نہایت سرخ خون بہا تو وہ بسبب شدت سُرخی ایسا ہوگیا جیسا نارنج شاخون مین لٹکتا ہی۔

اِنَّ السُّیُوْفَ مَعَ الَّذِیْنَ قُلُوْبُہُمْ	کَقُلُوْبِہِنَّ اِذَا الْتَقَی الْجَمْعَانِ

ترجمہ بیشک تلوارین اُن لوگون کے ساتھ رہنا پسند کرتی ہین یا اُنکی مدد کرتی ہین جنکے دل بوقت مقابلہ فوج دشمن کے ایسے ہون جیسے شمشیرون کے دل ہین۔ یعنی جلادت وبہادری ہین۔

تَلْقَی الْحُسَامَ عَلٰی جَرَاءَۃِ حَدِّہٖ	مِثْلَ الْجَبَانِ بِکَفِّ کُلِّ جَبَانِ

الجراءۃ الاقدام ترجمہ باوجود تیزی دم شمشیر تو اُسکو نامرد بزدلونکے ہاتھون مین ایسا دیکھے گا جیسا ایک بزدلہ دوسرے بزدلہ کے ہاتھ مین یعنے محض بیفائدہ۔ خلاصہ یہ ہی کہ نامرد کے ہاتھ مین شمشیر مفید نہین ہی۔

رَفَعَتْ بِکَ الْعَرَبُ الْعِمَادَ وَصَیَّرَتْ	قِمَمَ الْمُلُوْکِ مَوَاقِدَ النِّیْرَانِ

العماد العلو ومنہ عماد البیت وہو ما یرفعہ۔ والقمم جمع قمۃ وہی اعلی الراس واعلی کل شیٔ ترجمہ عرب نے تیری بدولت ستون علو رتبہ کو بلند کیا اور سرہائے شاہان کو آگ کی انگیٹھیان بنادیا یعنے اُنکو قتل کرکے اُنکے سرون پر آگ رسی یا آتش جنگ جلادی۔

یَا مَنْ یُقَتِّلُ مَنْ اَرَادَ بِسَیْفِہٖ	اَصْبَحْتُ مِنْ قَتْلَاکَ بِالْاِحْسَانِ

ترجمہ اے وہ شخص کہ جسکو چاہتا ہی اپنی تلوار سے قتل کردیتا ہی مین اُن لوگون مین ہون جنکو تیرے احسان نے قتل کیا یعنے مجکو تیرے احسان نے ہر طرف سے گھیر لیا ہی جس کا بار مین اُٹھا نہین سکتا۔

اَنْسَابُ فَخْرِہِمْ اِلَیْکَ وَاِنَّمَا	اَنْسَابُ اَصْلِہِمْ اِلٰی عَدْنَانِ

ترجمہ عرب کے فخر کے نسب تجھ تلک منتہی ومنسوب ہوتے ہین اور اصلی نسب اُنکے عدنان تلک۔ یعنی گو وہ نسب مین عدنان تلک پہنچتے ہین مگر اُنکا باعث فخر تو ہی ہی۔

فَاِذَا رَاَیْتُکَ حَارَ دُوْنَکَ نَاظِرِیْ	وَاِذَا مَدَحْتُکَ حَارَ فِیْکَ لِسَانِیْ

ترجمہ سو جب مین تجھکو دیکھتا ہون تو تیرے جمال کے سبب تیرے دیکھنے سے پہلے میری آنکھ خیرہ ہوجاتی ہی اور جب مین تیری مدح کرتا ہون تو تیرے اوصاف مین میری زبان حیران ہوجاتی ہی اور مین کچھ نہین کہسکتا

وقال فی صباہ فی المکتب

اَبْلَی الْهَوٰی اَسَفًا یَوْمَ النَّوٰی بَدَنِیْ	وَفَرَّقَ الْهَجْرُ بَیْنَ الْجَفْنِ وَالْوَسَنِ

نصب اسفا علی المصدر ای اسفت اسفا - والوسن النعاس ترجمہ بروز فراق عشق نے بسبب شدت غم واندوہ کے میرے بدن کو کہنہ کردیا اور جدائی یار نے میری آنکھ اور خواب مین تفرقہ ڈالدیا اب نیند کہان -

رُوْحٌ تَرَدَّدُ فِیْ مِثْلِ الْخِلَالِ اِذَا	اَطَارَتِ الرِّیْحُ عَنْهُ الثَّوْبَ لَمْ یَبِنِ

ترجمہ میری روح ایک ایسے جسم مین جو مثل خلال لاغر ہی آمدورفت رکھتی ہی کہ اگر ہوا اُس جسم کا کپڑا اُڑادے تو وہ ظاہر ہی نہو - یعنی میرا جسم صرف بذریعہ لباس نظر آتا ہو ورنہ بسبب لاغری اُسکو کوئی دیکھ نہ سکے -

کَفٰی بِجِسْمِیْ نُحُوْلًا اَنَّنِیْ رَجُلٌ	لَوْلَا مُخَاطَبَتِیْ اِیَّاکَ لَمْ تَرَنِیْ

ترجمہ میرے جسم کی لاغری کے بیان کرنیکو یہ بات کافی ہی کہ اگر مین تجھ سے خطاب کرکے نہ بولون تو تو مجھ کو نہ دیکھ سکے - یعنی صرف میرے بولنے سے تو میرا وجود معلوم کرسکتا ہی دگر ہیچ - واین ہذا من قول بعضہم ؎

تنم از ضعف چنان شد کہ اجل جست و نیافت
نالہ ہر چند نشان داد کہ در پیرہن است

وقال علی لسان بعض بنی تنوخ

قُضَاعَةُ تَعْلَمُ اَنِّی الْفَتَی الَّذِیْ ادَّخَرَتْ لِصُرُوْفِ الزَّمَانِ

قضاعۃ بطن من حمیر - والفتی ہہنا الکریم الشجاع القوی ترجمہ قضاعۃ میری قوم خوب جانتی ہی کہ مین ایسا جوانمرد ہون کہ اُس نے مجکو واسطے دفع حوادث زمانہ کے بطور ذخیرہ رکھا ہی یعنی اسلئے کہ مین اڑے وقت مین اُسکے کام آؤن کیونکہ مین نہایت شجاع ہون -

وَمَجْدِیْ یَدُلُّ بَنِیْ خِنْدِفٍ	عَلٰی اَنَّ کُلَّ کَرِیْمٍ یَمَانِ

خندف ہی بنت عمران بن الحاف بن قضاعۃ ترجمہ اوراے بنی خندف میرا شرف اس امر پر دلالت کرتا ہی کہ ہر کریم اہل یمن سے ہوتا ہی کیونکہ مین اُنہین مین سے ہون -

اَنَا ابْنُ اللِّقَاءِ اَنَا ابْنُ السَّخَاءِ	اَنَا ابْنُ الضِّرَابِ اَنَا ابْنُ الطِّعَانِ

اللقاء ملاقاۃ الاقران فی الحرب - والضراب ہو من ضرب السیف - والطعان ہو الطعن بالرمح - وقولہ انا ابن ہذہ الاشیاء ای ملازمہا وکل من الزم شیئا یقال ہو ابنہ کقولہم لطیر الماء ابن ملازمتہ لہ ترجمہ

مین ملازم جنگ ہون ملازم کرم ہون ملازم شمشیر زنی ہون ملازم نیزہ زنی ہون - یعنی کثیر کنیت اشیاے مذکورہ ہون -

	أَنَا ابْنُ الْقِيَانِي أَنَا ابْنُ الْقَوَافِي	أَنَا ابْنُ السُّرُوجِ أَنَا ابْنُ الرِّعَانِ	

القیانی جمع قیقاء وہی الارض الملساء - والقیف المکان المستوی وجمعہ اقیاف وقیوف - والقوافی جمع قافیۃ وہی آخر البیت در بما قالوا للقصیدۃ قافیۃ والرعان جمع رعن وہو انف الجبل ترجمہ مین ملازم چٹیل میدانون کا - بن ملازم اشعار ہون ملازم زینون کا ہون ملازم پہاڑون کی چوٹیون کا ہون - یعنی مین ہمیشہ صحرا گرد کوہ نورد سفر پیشہ اور شاعر ہون انھین چیزون کی طرف منسوب اور انھین نامون سے پکارا جاتا ہون -

	طَوِيلُ النِّجَادِ طَوِيلُ الْعِمَادِ	طَوِيلُ الْقَنَاةِ طَوِيلُ السِّنَانِ	

النجاد حمائل السیف فاذا طالت الحمائل دل علی طول القامۃ وہو مما یمدح بہ العرب - والعماد عماد الخیمۃ تقوم علیہ لانہ اذا طال کان دلیلا ان یقصدہ الناس ویزورہ وطول القناۃ یدل علی شدۃ ساعد حاملہا لانہ لایقدر علی حمل القناۃ الطویلۃ الا القوی الشدید ترجمہ مین بلند بالا سخی قوی بازو دراز نیزہ ہون

	حَدِيدُ اللِّحَاظِ حَدِيدُ الْحِفَاظِ	حَدِيدُ الْحُسَامِ حَدِيدُ الْجَنَانِ	

الحفاظ المحافظۃ علی ما یجب حفظہ - والجنان القلب ترجمہ مین تیز چشم ہون کہ معرکۂ جنگ مین دشمنون پر وار کی جگہ خوب دیکھتا ہون اور اُن اُمور مین جنکی محافظت مجھ پر واجب ہی بڑا چوکس اور تیز ہون اور تیز شمشیر اور تیز دل ہون - یعنی شجاع -

	يُسَابِقُ سَيْفِي مَنَايَا الْعِبَادِ	إِلَيْهِمْ كَأَنَّهُمَا فِي رِهَانِ	

ترجمہ میری تلوار لوگون کی موت سے پہلے اُن تک پہنچ جاتی ہی یعنی اُنکو قبل انقضاے اُنکے ایام حیات کے اڑا دیتی ہی - یہ بطور مبالغہ برش شمشیر کے ہی - گویا میری شمشیر اور لوگون کے وقت موت ایک ساتھ دوڑتے ہین اور میری شمشیر اُس سے سبقت کر جاتی ہی - والرہان من قولہم راہنت فلانا علی کذا یعنے شرط باندھ کے دوڑنا -

	يَرَى حَدُّهُ غَامِضَاتِ الْقُلُوبِ	إِذَا كُنْتُ فِي هَبْوَةٍ لَا أَرَانِي	

قد عیب علیہ قولہ لا ارانی لان الفاعل والمفعول لا یکونان ضمیرین متصلین الا فی افعال القلوب نحو ظننتنی و حسبتنی ولا یقال ضربتنی وانما یقال ضربت نفسی فکان ینبغی لہ ان یقول لا اری نفسی قد جاء رأیتنی فحملہ علی ہذا والہبوۃ الغبرۃ - والضمیر فی حدہ للسیف ترجمہ میری تلوار کی دہار اُن دلون کو جو پوست و استخوان مین پوشیدہ ہین دیکھتی ہی اور اُنھین پر پڑتی ہی جبکہ مین ایسے غبار مین ہون کہ اُس کی کثرت کے سبب مین اپنے آپ کو بھی اُسمین دیکھ نسکون -

سَاَجْعَلُہٗ حَکَمًا فِی النُّفُوْسِ　　　وَلَوْ نَابَ عَنْہُ لِسَانِی کَفَانِیْ

الحکم الحاکم ترجمہ اب اُس شمشیر کو دشمنون کی جانون پر حاکم کرونگا کہ وہ اُنکو قتل کرے اور اگر میری زبان تلوار کے قائم مقام ہوگئی - یعنی میری فہمایش سے دشمن میرے مطیع ہوگئے تو مجکو تلوار سے کام لینے کی حاجت نہین ہوگی

وقال ایضا

کَتَمْتُ حُبَّكَ حَتّٰی مِنْكَ تَكْرِمَةً　　　ثُمَّ اسْتَوٰی فِیْكَ اِسْرَارِیْ وَاِعْلَانِیْ

ترجمہ مین نے تیری محبت کو سب سے چھپایا یہان تلک کہ بلحاظ تیری عظمت یا بخیال عظمت محبت اُسکو تجھسے بھی چھپایا پھر جب عشق غالب آگیا تو میرا اخفا و اظہار برابر ہوگیا - یعنی جب بباعث ازدیاد عشق میرا حال متغیر ہوگیا تو اخفا کا موقع نرہا ؎ کہ مشک و عشق را نتوان نہفتن - خوب کہا ہے ؎

میتوان داشت نہان عشق ز مردم لیکن　　　زردی رنگ رخ و خشکی لب را چہ علاج

كَاَنَّہٗ زَادَ حَتّٰی فَاضَ مِنْ جَسَدِیْ　　　فَصَارَ سُقْمِیْ بِہٖ فِیْ جِسْمِ كِتْمَانِیْ

ترجمہ گویا محبت اسقدر بڑھی کہ میرے جسم سے بہنے لگی جیسا برتن جب پانی سے لبالب ہوجاتا ہے بہنے لگتا ہے اور میری بیماری جو بسبب محبت کے تھی میرے اخفا کے جسم مین چلی گئی - یعنی میرا کتمان اور اخفا بیمار ہوگیا اور ضعیف بنگیا اور جب طاقت اخفا ضعیف ہوگئی تو راز محبت فاش ہوگیا -

وقال وقد دخل علی علی بن ابراہیم التنوخی فعرض علیہ کاسًا فیہا شراب اسود فقال ارتجالًا

اِذَا مَا الْكَاْسُ اَرْعَشَتِ الْيَدَيْنِ　　　صَحَوْتُ فَلَمْ تَحُلْ بَيْنِیْ وَبَيْنِیْ

ارا دبینی و بین عقلی نحذف المضاف ترجمہ جبکہ پیالہ شراب ہر دو دست نوشندہ کو رعشہ مین لاتا ہے تو مین نے اُسے نہ پیا اور ہوشیار رہا تو وہ مجھ مین اور میری عقل مین حائل نہوا -

هَجَرْتُ الْخَمْرَ كَالذَّهَبِ الْمُصَفّٰی　　　فَخَمْرِیْ مَاءُ مُزْنٍ كَاللُّجَيْنِ

ترجمہ مین نے شراب سرخ برنگ کندن صاف کو چھوڑدیا اب میری شراب آب باران سفید رنگ مثل چاندی کے ہے

اَغَارُ مِنَ الزُّجَاجَةِ وَهِیَ تَجْرِیْ　　　عَلٰی شَفَةِ الْاَمِیْرِ اَبِی الْحُسَيْنِ

ترجمہ مین شیشہ شراب سے جبکہ وہ لب امیر ابی الحسین پر بہتا ہے غیرت اور رشک کرتا ہون کہ کیون اُسکو یہ شرف حاصل ہوا اور مین محروم رہا - وہذا بالمحبوب انسب منہ بالممدوح الامیر واین ہذا من قول بعضہم ؎

غیرت از چشم برم دیدہ بدیدن ندہم　　　گوش را نیز حدیث تو شنیدن ندہم

كَاَنَّ بَيَاضَہَا وَالرَّاحُ فِيْہَا　　　بَيَاضٌ مُحْدِقٌ بِسَوَادِ عَيْنٍ

۵۰

الضمیر فی بیاضہا والظرف للزجاجۃ ترجمہ گویا شیشہ کی سفیدی جبکہ اُسمین شراب سیاہ ہو سفیدی ہی جو سیاہی چشم کو گھیرے ہوتے ہی - وہذا تشبیہ لطیف جید -

أَتَيْنَاهُ نُطَالِبُهُ بِرِفْدٍ	يُطَالِبُ نَفْسَهُ مِنْهُ بِدَيْنِ

ترجمہ ہم اُس کے پاس طالب عطا آئے سو اُس نے اپنے نفس سے اُس عطا کا قرض طلب کیا خلاصہ یہ ہی کہ وہ عطا کو اپنے ذمہ پر مثل اداے قرض کے واجب جانتا ہی -

وقال یمدح بدر بن عمار وقد سار الی الساحل ثم عاد الی طبریۃ وکان ابو الطیب قد تخلف عنہ فقال معتذرا الیہ

أَلْحُبُّ مَا مَنَعَ الْكَلَامَ الْأَلْسُنَا	وَأَلَذُّ شَكْوَى عَاشِقٍ مَا أَعْلَنَا

یروی الالسن بفتح السین وضمہا ویکون ما علی روایۃ فتح السین بمعنی الذی ویجوزان یکون علی روایۃ ضم السین ایضا بمعنی الذی - والظاہران ما النفی لان المصراع الثانی حث علی اعلان العشق وانما یعلن من قدر علی الکلام - ویجوزان تکون مصدریۃ فی الموضعین وتکون مع صلتہا مرفوعا علی الابتداء فی الموضعین والالسن الفصیح ترجمہ محبت زبانوں کو کلام کرنے سے منع ہین کرتی اور عاشق کا لذیذ تر اور مزہ دار شکوہ وہ ہی جس کو وہ کھلم کھلا بیان کرے یعنی عشق مین جسقدر رسوائی ہو بہتر ہی اور جبکہ ما بمعنی الذی لیا جائے تو یہ ترجمہ ہوگا کہ سچا عشق وہ ہی کہ زبانوں کو یا شخص فصیح کو گویائی سے روکدے یعنی بمواجہہ محبوب کچھ بول نہ سکے اور اُس عاشق کو جو گفتگو پر قادر ہو لذیذ شکوے وہ ہی جو باظہار واعلان ہو -

لَيْتَ الْحَبِيبَ الْهَاجِرِي هَجْرَ الْكَرَى	مِنْ غَيْرِ جُرْمٍ وَاصِلِي صِلَةَ الضَّنَا

ترجمہ کاش وہ دوست جو مجھکو بیجرم وقصور ایسا چھوڑ گیا ہی جیسا مجھکو خواب نے چھوڑ دیا ایسا میرا مصاحب وملازم ہو جیسے لاغری ہروقت میرے جسم کے ساتھ ہو -

بِنَّا فَلَوْ حَلَّيْتَنَا لَمْ تَدْرِ مَا	أَلْوَانُنَا مِمَّا امْتُقِعْنَ تَلَوُّنَا

بنا تفرقنا ومنہ البین الفراق - وحلیتنا وصفتنا وبینت حلیتنا وامتقع لونہ اذا تغیر حیاء او خیفۃ ترجمہ ہم محبوب سے جدا ہوئے اور ایسے متغیر الہیئۃ ہوگئے کہ اگر ای مخاطب تو ہمارا حلیہ بیان کرنا چاہے تو ہمارے رنگوں کو جو بسبب خوف مزید فراق متغیر ہوگئے ہین تو معلوم نکرسکے اور حیران وششدر رہجاوے -

وَتَوَقَّدَتْ أَنْفَاسُنَا حَتَّى لَقَدْ	أَشْفَقْتُ تَحْتَرِقُ الْعَوَاذِلُ بَيْنَنَا

اراد ان تحترق فحذف ان وبقی الفعل مرفوعا ویجوز نصبہ باضمار ان ترجمہ اور ہمارے انفاس لسبب

شدت آلام فراق وحرارت عشق ایسے گرم ہوگئے کہ ہمنے خوف کیا کہ مبادا سنگ ہمارے درمیان جلجاوین گے کیونکہ وہ ہمارے انفاس سوزان کے غماز تھے۔

أَنْذِي الْمُوَدِّعَةَ الَّتِي أَتْبَعْتُهَا ... نَظَرًا فُرَادَى بَيْنَ زَفَرَاتٍ ثُنَا

ثنا معدود وانما قصرہ لانہ قافیۃ وعلی الوقف ترجمہ مین اُس رخصت کرنیوالی محبوبہ کے قربان کہ جب مین اُسکو ایک نظر دیکھتا تھا تو اُس کے پیچھے بسبب حرارت عشق کے مکرر آہین بھرتا تھا۔

أَنْكَرْتُ طَارِقَةَ الْحَوَادِثِ مَرَّةً ... ثُمَّ اعْتَرَفْتُ بِهَا فَصَارَتْ دَيْدَنَا

الدیدن العادۃ ترجمہ مین نے ایکدفعہ تو حوادث نازلہ کو اُوپرا سمجھا اور یہ جانا کہ یہ میرے پاس بہکے چلے آئے ہین کسی اور پر جاتے ہونگے پھر جب وہ بارہا میرے پاس آئے تو اُنکو مین نے بخوبی پہچان لیا اور وہ میری عادت مین داخل ہوگئے۔ اور مین اُن سے الوف ہوگیا۔

وَقَطَعْتُ فِي الدُّنْيَا الْفَلَا وَرَكَائِبِي ... فِيهَا وَوَقْتَيَّ الضُّحَى وَالْمَوْهِنَا

الفلا جمع فلاۃ وہی الارض البعیدۃ - والرکائب جمع رکاب وہی الابل والموہن والوہن القطعۃ من اللیل او القریب من نصفہ ترجمہ اپنی کثرت سفر کی تعریف کرتا ہے کہ مین نے دنیا مین بیابان دور دراز اور اپنے شترونکو اور اپنے دووقت چاشت اور پارۂ شب کو قطع کیا ہے - یعنی مین نے چلتے چلتے بیابانون کو گھس دیا اور اپنے شترون کو بسبب کثرت سفر ہلاک کر دیا اور تمام میرے اوقات چہ روز وچہ شب سفرون مین گذرے

وَوَقَفْتُ فِيهَا حَيْثُ أَوْقَفَنِي النَّدَى ... وَبَلَغْتُ مِنْ بَدْرِ بْنِ عَمَّارٍ الْمُنَى

ترجمہ اور مین دُنیا مین وہان ٹھہرا جہان مجھکو جود وبخشش نے ٹھہرا لیا اور بدر بن عمار سے مین سب مرادون کو پہنچا - وہذا من الخالص الجیدۃ۔

لِأَبِي الْحُسَيْنِ جَدًى يَضِيقُ وِعَاؤُهُ ... عَنْهُ وَلَوْ كَانَ الْوِعَاءُ الْأَزْمُنَا

ترجمہ ابوالحسین ممدوح کی ایسی عطا ہے کہ ظرف عطا اُسکو سما نہین سکتا اگرچہ اُس کے ظرف زمانے ہون اور جبکہ زمانے باین ہمہ وسعت اُسکو احاطہ نہین کرسکتے تو اور چیزون کی کیا حقیقت ہے۔

وَشَجَاعَةٍ أَغْنَاهُ عَنْهَا ذِكْرُهَا ... وَنَهَى الْجَبَانَ حَدِيثُهَا أَنْ يَجْبُنَا

ترجمہ اور ممدوح کی ایسی شجاعت ہے کہ قلوب بہادران بسبب شہرت اُس سے پُر ہین اور اس لئے اُس سے خائف ہین - سو اُس شہرت نے ممدوح کو اظہار شجاعت سے بے پروا کر دیا ہے کیونکہ تمام لوگ بے اظہار شجاعت اُس سے ڈرتے ہین اور اُس شجاعت کی کہانی نے نامرد کو نامردی سے منع کر دیا - یعنی ممدوح کی بہادری کی تعریفات سُنکر مرد بھی خواہشمند بہادری ہوتا ہے اور تارک نامردی۔

بنیطت حمائلہ بعاتق محرب	ما کر قط و ھل یکر وما انثنیٰ

نیطت علقت۔ والمحرب صاحب الحرب الممارس بہا۔ والکر خلاف الفر وہو ان یکل مرۃ بعد اخری وانثنی رجع عاریثہ
ترجمہ ممدوح کی تلوار کے پرتلے ایسے جنگی صاحب تجربہ کی دوش سے لٹکائے گئے ہیں کہ اس نے دوبارہ حملہ کبھی نہیں کیا اور کیا دوبارہ حملہ ایسے حال میں ہوسکتا ہے کہ حملہ کرنے والا اپنے ارادہ سے رجوع نکرے یعنی نہیں ہوسکتا۔ خلاصہ یہ ہے کہ دوبارہ حملہ وہ کرے کہ اول حملہ کرکے لوٹ آوے اور ممدوح جنگ سے مراجعت جانتا ہی نہیں یعنی ممدوح اول حملہ ہی میں کار دشمنان تمام کردیتا ہے پس اسکو حاجت رجوع اور دوبارہ حملہ کی نہیں رہی۔

فکانہ والطعن من قدامہ	متخوف من خلفہ ان یطعنا

ترجمہ ممدوح ایسے حال میں کہ وہ اپنے آگے نیزہ زنی کرتا ہے پیچھا پھر کر نہیں دیکھتا سو گویا وہ اپنی پشت سے نیزہ مارے جانے کا خوف رکھنے والا ہے اس لئے بے تحاشا آگے بڑھے جاتا ہے۔ بے باکانہ حملہ کی حسن تعلیل بہت عمدہ ہے۔

نفت التوھم عنہ حدۃ ذھنہ	فقضی علی غیب الامور تیقنا

ترجمہ اس شعر میں ممدوح کے تہور کا عذر کرتا ہے کہ تیزی ذہن ممدوح نے اس سے شک و شبہ انجام امور کو دور کردیا سو وہ امور غائبہ پر قطعی حکم کرتا ہے یعنی وہ جانتا ہے کہ مجکو دشمن قتل نہیں کرسکتا ہے اور میں یقیناً فتحیاب ہوں گا اسلئے بیباکانہ حملہ کرتا ہے۔

یتفزع الجبار من بغتاتہ	فیظل فی خلواتہ متکفنا

الجبار العظیم الشدید البطش۔ والبغتات جمع بغتۃ وہو ما یفعلہ فجاءۃ والمتکفن لابس الکفن ویروی متلفتا ای متندما علی مافات والتلفت التندم علی مافات ترجمہ اس کے ناگہانہ حملات سے اس کا زبردست دشمن بھی گھبراتا رہتا ہے کہ دیکھئے وہ کب مجکو دفعۃً آمارے اس لئے وہ اپنی خلوتوں میں بھی جو جائے امن ہے کفن پوش رہتا ہے یا اسکی عداوت سے پشیمان رہتا ہے۔

امضی ارادتہ فسوف لہ قد	واستقرب الاقصی فثم لہ ھنا

سوف للاستقبال وقد للماضی وجعلہما من الاسماء فاعربہا۔ وثم للتراخی وہنا للتقرب ترجمہ وہ اپنے ارادہ کا پکا ہے جو کرنا چاہتا ہے کرگزرتا ہے پس کلمہ سوف جو استقبال کے لئے ہے ممدوح کے لئے بجائے کلمہ قد کے ہے جو ماضی کے لئے ہے یعنی وہ جو کام کرنا چاہتا ہے وہ قطعی الظہور بمنزلۂ ماضی کے ہوتا ہے اور وہ امر بعید کو بہت نزدیک سمجھتا ہے یعنی بسبب اپنی بلند عزمی کے بجائے کلمہ ثم جو اشارہ بعید کے لئے ہے

کلمۂ ہنا جو اشارہ قریب کے لئے ہی استعمال کرتا ہی۔

یجد الحدید بذ علے بضاضۃ جلدہٖ ۔۔۔ ثوبا اخف من الحریر و الینا

البضاضۃ مثل النضاضۃ یقال غض بض ای طری لین وہی رقۃ الجسم مع بیاض ترجمہ وہ باوجود نرمی گدازگی اپنے جسم اور گورے پن کے لوہے کو یعنی زرہ کو حریر سے ہلکا اور نرم پاتا ہی۔ یعنی معلوم کرتا ہی کیونکہ وہ اُس کی پوشش کا عادی ہی۔

لا یستکن الرعب بین ضلوعہٖ ۔۔۔ یوما ولا الاحسان ان لا یحسنا

ان لا یحسن فی محل نصب لانہ مفعول الاحسان ۔ والاحسان الاول مصدر من احسنت الشئ اذا حذقتہ و علمتہ والثانی ضد الاساءۃ والمعنی ہو لا یحسن ان لا یحسن ای لا یعرف ترک الاحسان ترجمہ رعب اور خوف ممدوح کے پہلوؤں میں جگہ نہیں پاتا کیونکہ وہ بسبب شجاعت کے کسی سے نہیں ڈرتا اور ترک احسان کو جانتا ہی نہیں یعنے احسان اُسکے لوازم ذاتیہ سے ہی۔

مستنبط من علمہٖ ما فی غدٍ ۔۔۔ فکان ما سیکون فیہ دوّنا

الاستنباط الاستخراج۔ و دونت الشئ اذا جمعتہ فی دیوان ای فی کتاب ترجمہ وہ بسبب اپنے علم کامل کے آج وہ چیز جان لیتا ہی جو کل ہوگی۔ سو گویا جو امر آئندہ ہونے والا ہی اُس کے علم میں لکھا گیا ہی یعنی اُسکا علم صحیفۂ کائنات ہی کہ اُس میں تمام حالات دُنیا مرقوم ہیں۔

تتقاصر الافہام عن ادراکہٖ ۔۔۔ مثل الذی الافلاک فیہ والدنا

الدنا جمع دنیا کالعلی جمع علیا ترجمہ لوگوں کی فہم اُس کی صفت و حقیقت کے دریافت کرنے سے ایسے کوتاہ ہیں جیسے اُس چیز کے ادراک سے عاجز ہیں جس میں افلاک اور تمام عالم ہیں۔ یعنی علم الٰہی سے۔ اسمیں غلو مذموم ہی۔ نعوذ باللہ منہ۔

من لیس من قتلاہ من طلقائہٖ ۔۔۔ من لیس ممن دان ممن حینا

الطلیق الذی اطلق من القتل۔ و دان اطاع۔ وحین اہلک ترجمہ وہ ایسا ہی کہ جو اُس کے مقتولوں میں نہیں ہی وہ اُس کے آزاد کردوں میں ہی۔ یعنی اُس نے اُس کو قصداً چھوڑ دیا ہی۔ وہ ایسا ہی کہ جو اُس کے مطیعوں میں نہیں ہی وہ اُن لوگوں میں ہی جو ہلاک کئے گئے ہیں۔ یعنی وہ کبھی ضرور مقتول ہوگا۔

لما قفلت من السواحل نحونا ۔۔۔ قفلت الیہا وحشۃ من عندنا

القفول الرجوع من سفر والسواحل بلاد الساحل ترجمہ جبکہ تو اُن شہروں سے جو دریا کے کناروں پر آباد ہیں ہماری طرف لوٹا تو اُنکی طرف ہماری وحشت جو بسبب تیرے فراق کے تھی چلی گئی۔ یعنی سابق ہم متوحش

تھے اب بسبب تیرے وہان سے چلے آنیکے وہ متوحش ہوگئے۔

أَرِجَ الطَّرِيقُ لِمَا مَرَرْتَ بِمَوْضِعٍ	إِلَّا أَقَامَ بِهِ الشَّذَا مُسْتَوْطِنَا

ارج یارج اذا فاح والاریج توہج ریح الطیب والشذا المسک وشجر ترجمہ تیرے واپس آنیسے تمام راہ خوشبودار ہوگئی سو تو جہان کو گزرا وہان خوشبو نے ڈیرے ڈالدئے۔

لَوْ تَعْقِلُ الشَّجَرُ الَّتِي قَابَلْتَهَا	مَدَّتْ مُحَيِّيَةً إِلَيْكَ الْأَغْصُنَا

الشجر جمع شجرة کثمر وثمرة ترجمہ اگر وہ درخت جنکے تو سامنے ہوکر گزرا سمجھدار ہوتے تو تیری دعا اور سلام کے لئے اپنی شاخین تیری طرف بڑھاتے مگر کیا کیجئے وہ بے سمجھ ہین۔

سَلَكَتْ تَمَاثِيلُ الْقِبَابِ الْجِنَّ مِنْ	شَوْقٍ بِهَا فَأَدَرْنَ فِيكَ الْأَعْيُنَا

التماثیل جمع تمثال وہی الصور المنقوشة علی القباب وہی جمع قبة کجبتہ وجاب ترجمہ پریان بسبب اپنے شوق کے صور منقوشہ خیمہ مین منسلک ہوگئین اور تیرے روئے مبارک کے دیکھنے کے تئے اپنی آنکھون کو پھرایا اور تجھے خوب دیکھا۔ یعنی خیمہ مین ایسی خوبی کی تصویرین کھینچی ہین کہ قریب ہی کہ بولنے لگین۔ خوبی تصویر کی تعریف اس سے بہتر نہین ہوسکتی۔

طَرِبَتْ مَرَاكِبُنَا فَخِلْنَا أَنَّهَا	لَوْلَا حَيَاءٌ عَاقَهَا رَقَصَتْ بِنَا

ترجمہ تیرے بخیر وعافیت واپس آنیسے ہمارے گھوڑے بھی ایسے خوش ہوئے کہ ہمنے خیال کیا کہ اگر انکو شرم مانع ہوتی تو باوجود غیر ذوی العقول ہونے کے خوشی کے سبب ہمارے ساتھ رقص کرنے لگتے۔

أَقْبَلْتَ تَبْسِمُ وَالْجِيَادُ عَوَابِسٌ	يَخْبُبْنَ بِالْحَلَقِ الْمُضَاعَفِ وَالْقَنَا

الحلق جمع حلقة وہی حلقة الحدید التی فی الدروع۔ والمضاعف الکثیر ترجمہ تو ہنستا ہوا تشریف لایا اور تیرے عمدہ گھوڑے ترش رو ہین بسبب طول سفر وبار ہتیارون کے ایسے حال مین کہ وہ دوہری زرہون اور بلند نیزون کو اٹھائے ہوئے دوڑ رہے ہین۔

عَقَدَتْ سَنَابِكُهَا عَلَيْهَا عِثْيَرًا	لَوْ تَبْتَغِي عَنَقًا عَلَيْهِ أَمْكَنَا

السنابک جمع سنبک وہو طرف مقدم الحافر۔ ومن لطائف العلامة فی شرح المفتاح العثیر الغبار ولا یفتح فیہ العین والعنق ضرب من السیر الشدید ترجمہ گھوڑون کے سمون نے اپنے اوپر اس کثرت سے غبار اکٹھا کردیا ہی کہ اگر وہ اس غبار پر دوڑین تو ممکن ہی۔

وَالْأَمْرُ أَمْرُكَ وَالْقُلُوبُ خَوَافِقٌ	فِي مَوْقِفٍ بَيْنَ الْمَنِيَّةِ وَالْمُنَى

خوافق مضطربة۔ والمنیة الموت۔ والمنی جمع أمنیة وہی ما یتمناہ الانسان من الخیر ترجمہ تیرا حکم واقعی

ہر حال مین قابل اطاعت ہی یہان تلک کہ ایسے موقع مین بھی کہ بہادرون کے دل ہلاکی اور موت اور فتح کی آرزوؤن مین مضطرب ہون۔

فَعَجِبْتُ حَتّٰی مَا عَجِبْتُ مِنَ الظُّبَا	وَرَأَیْتُ حَتّٰی مَا رَأَیْتُ مِنَ السَّنَا

الظبا السیوف۔ وظبتہ السیف طرفہ۔ والسنا الضوء ترجمہ سو مین کثرت شمشیرون سے اول: فعہ متعجب ہو گیا اور بعد مکرر مشاہدہ کثرت میرا تعجب جاتا رہا کیونکہ جو چیز بار بار دیکھی جاتی ہی اُسمین تعجب نہین رہتا اور چمک اور درخشانی اسلحہ دیکھی اور حیران و دنگ اور خیرہ چشم رہگیا اور بعد بار بار دیکھنے کے مین ایسا ہو گیا کہ گویا مین نے روشنی نہین دیکھی۔

إِنِّی أَرَاكَ مِنَ الْمَكَارِمِ عَسْكَرًا	فِی عَسْكَرٍ وَمِنَ الْمَعَالِی مَعْدِنَا

ترجمہ تو بنفسہ بجائے ایک لشکر کے ہی اور مجد و شرف اور خوبیون کا تیری دوسرا لشکر ہی اور بلند نامیونکی تو کان ہی جہان بلندنامی ہی اصل اُس کی تو ہی۔

فَطِنَ الْفُؤَادُ لِمَا أَتَیْتُ عَلَی النَّوَی	وَلِمَا تَرَكْتُ مَخَافَةً أَنْ تَفْطِنَا

ترجمہ وہ مدح اور شکر جو مین نے تیری غیبت مین کئے ہین اُسکو دل تیرا بخوبی سمجھ گیا اور یہ بھی تو نے بخوبی جانلیا ہوگا جو مین نے ثنا و شکر کی ضد کو بخوف تیری آگاہی کے چھوڑ دیا ہی۔ قال ابن جنی قد وشی بہ الیہ فکانہ مع ہذا قد اعترف بتقصیر کان منہ۔

أَضْحَی فِرَاقُكَ لِی عَلَیْهِ عُقُوبَةً	لَیْسَ الَّذِی قَاسَیْتُ مِنْهُ هَیِّنَا

الضمیر فی علیہ یعود علی ما فعلہ اول ماترکہ ترجمہ تیرا فراق میرا اُس کام پر جو مین نے کیا میرے لئے عذاب ہو گیا باوجودیکہ وہ تکالیف شاقہ جو مین نے تیری جدائی سے کھینچین کچھ آسان امر نہین تھا۔

فَاغْفِرْ فِدًی لَكَ وَاحْبُنِی مِنْ بَعْدِهَا	لِتَخُصَّنِی بِعَطِیَّةٍ مِنْهَا أَنَا

حباہ اعطاہ ترجمہ سو تو میرا قصور معاف کر تجھپر میری جان و مال قربان اور بعد عفو تقصیر مجکو بخشش عنایت کرتا کہ تو مجکو خاص ایسے عطیہ عظیمہ بخشے کہ منجملہ اُس کے مین خود ہون۔ یعنی جبکہ تو نے میرا قصور معاف کیا اور پھر عطا دی تو تو نے مجکو ایسی عطا کے ساتھ خاص کیا۔ کہ منجملہ اُس کے میری جان ہی جس کو بسبب عفو تو نے مجکو بخشدیا ہی۔

وَانْهَ الْمُشِیرَ عَلَیْكَ فِیَّ بِضَلَّةٍ	فَالْحُرُّ مُمْتَحَنٌ بِأَوْلَادِ الزِّنَا

الضلۃ ارتکاب الضلال ترجمہ اور جو شخص میرے معاملہ مین بیراہی کی صلاح تجکو دیتا ہی کہ تو متنبی کو نکالدے اور کچھ نہ دے اُسکو ایسی بدرائے سے منع کر کیونکہ شریف آدمی بیٹنے مین اولاد زنا کی چغلیون سے آزمایا

گیا ہون۔ غمازون کو اولاد الزنا کہا اعور بن کردس نے بدر بن عمار سے تنبی کی غمازی کی تھی یہ اُسی کیطرف اشارہ ہی۔

وَاِذَا الْفَتٰى طَرَحَ الْكَلَامَ مُعَرِّضًا ۔۔۔ فِيْ مَجْلِسٍ اَخَذَ الْكَلَامَ اللَّذْ عَنَا

اللذعنا یرید الذی عنا ترجمہ اور جبکہ مرد دلیر کسی مجلس مین کلام بطور تعریض کہتا ہی تو وہ جسکو مراد رکھتا ہی وہ اُس کی چوٹ کو سمجھ جاتا ہی کہ مجکو کہا ہی۔

وَمَكَائِدُ السُّفَهَاءِ وَاقِعَةٌ بِهِمْ ۔۔۔ وَعَدَاوَةُ الشُّعَرَاءِ بِئْسَ الْمُقْتَنٰى

ترجمہ اور کمینہ لوگون کے فریب لوٹکر اُنھین پر پڑا کرتے ہین کیونکہ وہ بے سمجھ ہوتے ہین اور شاعرون کی عداوت بڑا ذخیرہ ہی کہ وہ ہجو کہکر تمام عالم مین بدنام کردیتے ہین۔

لُعِنَتْ مُقَارَنَةُ اللَّئِيْمِ فَاِنَّهَا ۔۔۔ ضَيْفٌ يَجُرُّ مِنَ النَّدَامَةِ ضَيْفَنَا

الضیفن الذی یجئ مع الضیف ولونہ زائدۃ ترجمہ ناکس کی صحبت لعنت کیجائے کیونکہ وہ ایک مہمان ہی جو اپنے ساتھ ندامت کا طفیلی مہمان کھینچلاتا ہی یعنی انجام اُسکا پشیمانی ہی۔

غَضَبُ الْحَسُوْدِ اِذَا لَقِيْتُكَ رَاضِيًا ۔۔۔ رُزْءٌ اَخَفُّ عَلَيَّ مِنْ اَنْ يُوْزَنَا

الرزء المصیبۃ ترجمہ جب مین تجھ سے ایسے حال مین ملتا ہون کہ تو مجھ سے خوشنود ہوتا ہی تو حاسد کا غصہ اُسپر ایک بڑی مصیبت ہوتی ہی کیونکہ وہ یہ چاہتا ہی کہ تو مجھ سے ناخوش رہے مگر یہ اُس کی مصیبت میرے نزدیک اس قابل بھی نہین ہی کہ وہ تولی جاوے یعنی بڑی بے حقیقت ہی۔

اَمْسَى الَّذِيْ اَمْسٰى بِرَبِّكَ كَافِرًا ۔۔۔ مِنْ غَيْرِنَا مَعَنَا بِفَضْلِكَ مُؤْمِنَا

ترجمہ ای ممدوح جو تیرے رب کا منکر ہی ہمارے زمرہ کے غیر لوگون سے وہ ہمارے ساتھ تیری فضل اور شرف پر ایمان لائے ہوئے ہی یعنی تیرے فضل کے غیر اسلام کے لوگ بھی معترف ہین

خَلَتِ الْبِلَادُ مِنَ الْغَزَالَةِ لَيْلَهَا ۔۔۔ فَاَعَاضَهَاكَ اللّٰهُ كَيْلَا تَحْزَنَا

الغزالۃ الشمس و اعاضہاک عوضہاک۔ وتقدیم ضمیر الغائب المتصل علی الحاضر لایجوز عند سیبویہ ویجوز عند ابی العباس ترجمہ شہرا پنی شب مین آفتاب سے خالی تھے سو خداوند تعالٰے نے اُن شہرونکو بجاے آفتاب تجکو دیدیا تاکہ وہ مغموم نہون۔ قال الخطیب وابو الفتح قال من یوثق بہ ان ابا الطیب انشدہ ؎ خلت الدیار من النبی محمد ✝ ثم غیرہ بقولہ من الغزالۃ الخ ✝۔ ونعوذ باللہ من ہذہ الجراۃ۔

وقال وقد سالہ الجلوس

يَا بَدْرُ اِنَّكَ وَالْحَدِيْثُ شُجُوْنُ ۔۔۔ مَنْ لَمْ يَكُنْ لِمِثَالِهٖ تَكْوِيْنُ

یرید ذو شجون ای ذو فنون فحذف المضاف وفصل بین اسم ان وخبرہا بالجملة واجراہ مجری التاکید۔ والحدیث ذو شجون ای یدخل بعضہ فی بعض وہو من الشجنة بکسر الشین وضمہا عروق الشجر المشتبکة ترجمہ ای بدر بیشک تو وہ ہو کہ تیری مانند کو پیدا ہونے کی نوبت ہی نہیں پہنچی۔ اور بات شاخ در شاخ ہی یعنی میرے اس قول مین کہ تیرا مثل پیدا نہیں ہوا معانی کثیر و بیشمار ہین۔ کیونکہ تیرے صفات حسنہ جنین تو گیتا ہی ہزارون ہین۔

نَعَظَّمتَ حَتّٰی لَو تَکُونُ اَمَانَةً	مَا کَانَ مُؤتَمِنًا بِہَا جِبرِینُ	

جبرین علی لغة بنی اسد اسم جبرئیل علیہ السلام ترجمہ البتہ تو ایسا عظیم القدر ہو کہ اگر بالفرض تجکو امانت کہا جاوے تو ایسی بڑی امانت ہو کہ اُسکا امانت دار جبرئیل امین بھی نہو سکے باوجودیکہ وہ وحی الٰہی کا امانت دار ہی۔ قال الواحدی وہذا افراط وتجاوز حد یدل علی رقة دین وسخافة عقل بل یدل علی زندقة وکفر اقول وخلد فی الہندیة قول بعضہم سے خط اسکو بھیجکر ساوہ کوئی ملول نہو + یہین یقین نہو قاصد اگر رسول بھی ہو۔

بَعضُ البَرِیَّةِ فَوقَ بَعضٍ خَالِیًا	فَاِذَا حَضَرتَ فَکُلُّ فَوقٍ دُونُ	

جل الظرفین اسمین فاعطاہما التعلی الاسماء ترجمہ تیری عدم موجودگی مین تو بعض خلق بعض سے برتر ہی اور جب تو موجود ہو تو ہر برتر شخص تیرے شرف کے سامنے کمتر ہی۔

وقال یمدح ابا عبد اللہ محمد بن عبد اللہ القاضے الانطاکی

اَفَاضِلُ النَّاسِ اَغرَاضٌ لِذَا الزَّمَنِ	یَخلُو مِنَ الہَمِّ اَخلَاہُم مِنَ الفِطَنِ	

الاغراض جمع غرض وہوا الہدف الذی یرمی فیہ والفطن جمع فطنة وہی العقل والذکاء ترجمہ عمدہ لوگ اس زمانہ کے نشانے ہین کہ اُنپر وہ تیر حوادث برابر لگاتا رہتا ہی اب غم سے وہ خالی ہی جو عقلون سے خالی ہو کیونکہ عاقل انجام اُمور کی فکر مین مصروف و مغموم رہتا ہی کسی نے خوب کہا ہی۔

دیوانہ باش تا غم تو دیگران خورند	عاقل مباش تا تو غم دیگران خوری	

وَاِنَّمَا نَحنُ فِی جِیلٍ سَوَاسِیَةٍ	شَرٍّ عَلَی الحُرِّ مِن سُقمٍ عَلَی بَدَنِ	

الجیل ضرب من الناس۔ وسواسیة متساوون فی الشر دون الخیر الواحد سواء من غیر لفظہ ترجمہ سوائے اسکے نہین ہی کہ ہم ایسے قرن مین پیدا ہوئے کہ اُس کے اہل بُرائی مین سب برابر ہین جو شریف مرد کے حق مین اُس سے زیادہ موذی ہین جیسے بیماری بدن کو۔

حَولِی بِکُلِّ مَکَانٍ مِنہُمُ خِلَقٌ	تُخطِی اِذَا جِئتَ فِی استِفہَامِہَا بِمَنِ	

یروی خلق بالخاء والحاء۔ فبالحاء الجماعة من الناس جمع حلقة۔ وبالخاء جمع خلقة وہی الصورة ترجمہ ہر جگہ میرے

گروایسے گروہ یا ایسی صورتین جمع رہتی ہین کہ اگر تو اُن کا استفہام بلفظ من جوذوی العقول کے واسطے ہوتا ہی کرے تو توخطا کار ہوگا کیونکہ وہ لوگ مثل بہائم ہین بلکہ اُن کا استفہام بلفظ ما جوغیر ذوی العقول کے واسطے ہی کرنا چاہیے یعنے اُنکا استفہام ما انتم سے کرنا چاہیے نہ من انتم سے۔

لَا اَقْتَرِیْ بَلَدًا اِلَّا عَلٰی غَرَرٍ	وَلَا اَمُرُّ بِخَلْقٍ غَیْرِ مُضْطَغِنٍ

لااقتری یعنی لااتتبع البلاد ای لااخرج من بلد الی بلد۔ والمضطغن من الضغن وہوالحقد۔ والغرر الخطر ترجمہ مین شہرون مین نہین پھرتا۔ مگراوپر خطرہ اپنی جان کے کیونکہ اعدا اور حساد کیطرف سے مجکو خطرہ اپنی جان کا رہتا ہی اور ایسی مخلوق کے پاس میرا گزر نہین ہوتا جو مجھ سے کینہ نرکھتا ہو بلکہ سب لوگ میرے فضل کے حاسد ہین اور جاہل۔

وَلَا اُعَاشِرُ مِنْ اَمْلَاکِہِمْ اَحَدًا	اِلَّا اَحَقَّ بِضَرْبِ الرَّاْسِ مِنْ وَثَنٍ

الاملاک جمع ملک کاجمال وجبل۔ والوثن الصنم ترجمہ اور لوگون کے بادشاہون مین مین کسی سے ہنین ملا مگروہ بسبب ناکسی وجہالت وعدم کارروائی خلق کے مثل بت کے سزاوار گردن زنی تھا۔ یالائق اذلال واحتقار کے یعنی وہ نرے مٹی کے مادھو ہین۔

اِنِّیْ لَاَعْذِرُہُمْ مِمَّا اُعَنِّفُہُمْ	حَتّٰی اُعَنِّفَ نَفْسِیْ فِیْہِمِ وَاَنِیْ

انی بمعنے افتر ترجمہ مین اُن شاہون کو اول اُنکی نالیاقتی پر سرزنش کرتا ہون اور پھر مین اُن کی جہالت پر اُنکو معذور رکھتا ہون یہان تلک کہ درباب اُنکی ملامت کے اپنے نفس کو سرزنش کرتا ہون کہ جاہل کو ملامت بے فائدہ ہی اس نے ملامت کرنے مین سست ہوجاتا ہون۔

فَقْرُ الْجَہُوْلِ بِلَا عَقْلٍ اِلٰی اَدَبٍ	فَقْرُ الْحِمَارِ بِلَا رَاْسٍ اِلٰی رَسَنٍ

ترجمہ جاہل بے عقل کی احتیاج ادب کیطرف ایسی ہی جیسے احتیاج خربے سر کے رسی کیطرف یعنی جاہل لائق تعلیم ادب ہنین ہی جیسے بے سر کا گدھا لائق رسی باندھنے کے ہنین ہوتا۔

وَمُدْقِعِیْنَ بِسُبْرُوْتٍ صَحِبْتُہُمْ	عَارِیْنَ مِنْ حُلَلٍ کَاسِیْنَ مِنْ دَرَنٍ

المدقع الذی لاشی لہ فہو من دقع بالکسر اذا لصق بالتراب۔ والسبروت الارض التی لانبت بہا ومنہ قیل للفقیر سبروت۔ والدرن الوسخ والقذر ترجمہ اور مین بہت سے خاک نشینان چٹیل میدان کے پاس بیٹھا ہون جو بسبب افلاس لباسون سے برہنہ اور میل کچیل کا لباس پہنے ہوئے ہین۔

خُرَّابِ بَادِیَۃٍ غَرْثٰی بُطُوْنُہُمُ	مَکْنُ الضِّبَابِ لَہُمْ زَادٌ بِلَا ثَمَنٍ

خراب صفۃ لمدقعین وہو جمع خارب وہوالذی یسرق الابل خاصۃ وقد یستعمل فی السارق مطلقا۔ وغرثی

جمع غرثان وھو الجائع - ولمن جمع لمنة وھو بعض الضب ترجمہ یہ لوگ جنگل میں سارقان شتر ہیں اور گرسنہ شکم ہیں اُنکی غذا سوسمار یعنی گوہ کے بیضے ہیں جو بھوک کیوقت جنگل میں تلاش کرکے کھالیتے ہیں اور اُنکے نیزہ وہ مدت کا توشہ ہی

يَسْتَخْبِرُوْنَ فَلَا أُعْطِيْهِمُ خَبَرِيْ ۔۔ وَمَا يَطِيْشُ لَهُمْ سَهْمٌ مِنَ الظِّنَنِ

طاش السہم اذا لم یصب وخرج عن صوب الرمیۃ - والظنن جمع ظنۃ من الظن ترجمہ وہ لوگ میری خبر پوچھتے ہیں تو میں اُنکو اپنی خبر نہیں دیتا اور اُن کے گمان کے تیر نہیں بہکتے اور خطا نہیں کرتے - یعنی وہ میرے حسن کلام سے جان لیتے ہیں کہ یہ متنبی مشہور شخص ہی۔

وَخُلَّةٍ فِيْ جَلِيْسٍ أَتَّقِيْهِ بِهَا ۔۔ كَيْمَا يُرَىٰ أَنَّنَا مِثْلَانِ فِي الْوَهَنِ

الخلۃ الخصلۃ المحمودۃ والمذمومۃ - والوہن ضعف الرای ترجمہ اور بہت سی زشت خصلتیں میری ہمنشین میں ہیں کہ میں وہ خصلت اپنے میں ظاہر کرکے اُس کے ذریعہ سے اُس کے شر سے بچتا ہوں تاکہ اُسکو معلوم ہوجائے کہ ہم اور وہ ضعف رائے میں ایک طرح کے ہیں یعنے میں اپنے جلیس کے ہمرنگ ہوجاتا ہوں تاکہ وہ مجھکو لائق فائق جانکر مجھ پر حسد نکرے۔

وَكِلْمَةٍ فِيْ طَرِيْقٍ خِفْتُ أُعْرِبُهَا ۔۔ فَيُهْتَدَىٰ لِيْ فَلَمْ أَقْدِرْ عَلَى اللَّحَنِ

اصل الاعراب التبیین واصل اللحن العدول عن الظاہر - ولحن فی منطقہ اذا ترک الصواب ترجمہ اور بہت سے کلمے ہیں کہ میں طریق گفتگو میں اُنکے اظہار سے خوف کرتا ہوں اس خیال سے کہ اُنکے اظہار کی صورت میں میری شناخت کیطرف راہ نکال جاویگی سو میں غلطی پر قادر نہوا خلاصہ یہ کہ بخوف اپنی شناخت میں نے غلط بولنا چاہا مگر مجھ سے غلط نہ بولا گیا - یعنی فصاحت میری سرشت میں داخل ہی۔

قَدْ هَوَّنَ الصَّبْرُ عِنْدِيْ كُلَّ نَازِلَةٍ ۔۔ وَلَيَّنَ الْعَزْمُ حَدَّ الْمَرْكَبِ الْخَشِنِ

ترجمہ میرے صبر نے مجھکو ہر مصیبت آسان کردی اور میرے قصد نے تیزی سخت سواری کو نرم کردیا۔

كَمْ مَخْلَصٍ وَعُلًا فِيْ خَوْضِ مَهْلَكَةٍ ۔۔ وَقَتْلَةٍ قُرِنَتْ بِالذَّمِّ فِي الْجُبْنِ

القتلۃ بالفتح المرۃ الواحدۃ وبالکسر اسم لحالۃ المقتول ترجمہ ہلاکی کیجگہ گھسنے میں خلاصی اور حصول بلندنامی کی راہیں بہت سی نکل آتی ہیں اور بسبب نامردی کے مقتول ہونے میں مذمت کا قرب ہوتا ہی - یعنی بسا اوقات مہالک میں گھسنے والا سالم رہتا ہی اور بلندنام اور نامرد مذموم مقتول ہوتا ہی۔

لَا يُعْجِبَنَّ مَضِيْمًا حُسْنُ بِزَّتِهِ ۔۔ وَهَلْ يَرُوْقُ دَفِيْنًا جَوْدَةُ الْكَفَنِ

المضیم المظلوم - والبزۃ اللباس الحسن ترجمہ چاہئے کہ مظلوم کو اُس کی خوبی لباس خوش نکرے اور کیا میت مدفون کو عمدگی کفن اچھی معلوم ہوتی ہی یعنے نہیں - خلاصہ یہ ہی کہ مظلوم جو اپنے سے دفع ظلم نکرسکے

بمنزلہ میت کے ہی اور میت کو عمدگی کفن خوش نہین کرتی پس ایسا ہی حال مظلوم کا ہونا چاہیے۔

لِلّٰهِ حَالٌ اُرَجِّيهَا وَتُخْلِفُنِي ‏ ‏ ‏ وَاَقْتَضِي كَوْنَهَا دَهْرِي وَيَمْطُلُنِي

یقال عند التعجب للہ درہ ترجمہ میرا حال عجیب ہی خداوند تعالی اُس کی اصلاح کرے مَین اُس سے اُمید ترقی و درستی رکھتا ہون اور وہ مجھ سے خلاف وعدگی کرتا ہی اور مین اپنے زمانہ سے یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھے موافق ہو مگر زمانہ مجھ سے نادہندگی کرتا ہی اور میرا قرض ادا نہین کرتا۔

مَدَحْتُ قَوْمًا وَاِنْ عِشْنَا نَظَمْتُ لَهُمْ ‏ ‏ ‏ قَصَائِدًا مِنْ اِنَاثِ الْخَيْلِ وَالْحُصُنِ

الحصن جمع حصان وھو الذکر من الخیل ترجمہ مَین نے ایسی قوم کی مدح کی جو بسبب بخل وجہالت کے اُسکے لائق نہ تھے۔ اور اگر مَین زندہ رہا تو اُنکے لئے گھوڑیون اور گھوڑون سے قصیدے نظم کرون گا۔
یعنی بذریعہ سوارون کے اُن سے جنگ کرون گا۔ اور اُنکو ہلاک کرڈالونگا۔

تَحْتَ الْعَجَاجِ قَوَافِيهَا مُضَمَّرَةً ‏ ‏ ‏ اِذَا تُنُوشِدْنَ لَمْ يَدْخُلْنَ فِي اُذُنِ

الضمیر فی قولہ قوافیہا للقصائد وہی مبتدء والخبر مقدم ومضمرۃ حال۔ والقوافی جمع قافیۃ وہی الکلمۃ التی تکون فی آخر البیت۔ والقافیۃ ایضا القصیدۃ ترجمہ غبار کے نیچے قصائد کے قوافی مثل ایسے اسپان مضمرہ کے ہون گے کہ جب وہ پڑھے جاوین تو مثل معمولی قافیہ اشعار کے سامعین کے کانون مین نہین جاسکتے کیونکہ یہ قافیہ گھوڑے ہین۔ اور قافیون کو مضمرہ اسواسطے کہا کہ تضمیر گھوڑون کے تے وصف ممدوح ہی ایسے ہی جب اشعار کے قافیے اچھے ہون گے تو اشعار بھی عمدہ ہونگے۔ یہ متنبی کی قدیم عادت ہی کہ بے اصل دھمکیان دیا کرتا ہی اور دون کی لیا کرتا ہی۔

فَلَا اُحَارِبُ مَدْفُوعًا اِلٰى جُدُرٍ ‏ ‏ ‏ وَلَا اُصَالِحُ مَغْرُورًا عَلٰى دَخَنِ

الجدر جمع جدار وھو الحائط۔ والدخن الفساد والعداوۃ فی القلب ترجمہ سو مین ایسے حال مین نہین لڑون گا کہ دیوار کی پناہ مین دفع کیا گیا ہون بلکہ بے آڑ کھلے میدان مین لڑون گا اور دشمنون سے ایسے حال مین صلح نہین کرونگا کہ اُنکی دلی عداوت اور فساد قلبی پر فریفتہ ہوجاؤن یعنے اُنکے دھوکے مین آنکر اُن سے صلح نہین کرون گا۔

مُخَيِّمُ الْجَمْعِ بِالْبَيْدَاءِ يَصْهَرُهُ ‏ ‏ ‏ حَرُّ الْهَوَاجِرِ فِي صُمٍّ مِنَ الْفِتَنِ

البیداء الارض البعیدۃ۔ والصہر الاذابۃ ترجمہ مین ایسا شخص ہون کہ میرا لشکر دور دراز میدان مین بے کسی آڑ کے ایسی طرح خیمہ زن ہی کہ اُنکو دوپہر کی گرمی سخت بہری جنگ اور فسادون مین گلاتے اور پگھلاتے دیتی ہی۔ بہرا فساد وہ کہ اُس کے رفع کی کوئی تدبیر ہی نہو جیسے صمّا اُس سانپ کو کہتے ہین جسپر منتر کچھ اثر نہ کرے

اَلْقَى الْكِرَامُ الْأُولَى بَادُوا مَكَارِمَهُمْ ... عَلَى الْخُصَيْبِيِّ عِنْدَ الْفَرْضِ وَالسُّنَنِ

باد الشیٔ ہلک - واباد ہ اہلکہ - والخصیبی ہو الممدوح نسبتہ الی الجد ترجمہ جو عمدہ لوگ مرگئے ہین اُنھون نے اپنے مجد و شرف کو ممدوح پر جو خصیب کی اولاد مین ہو ڈالدیا ہی یعنی اُسکو اپنے اوصاف حسنہ کا وارث کردیا ہی سو وہ اُن اوصاف کو مصارف ضروری مفروض و مسنون مین استعمال کرتا ہی یعنی مکارم کرام اُس کے تحت تصرف مین -

فَهُنَّ فِي الْحَجْرِ مِنْهُ كُلَّمَا عَرَضَتْ ... لَهُ الْيَتَامَى بَدَا بِالْمَجْدِ وَالْمِنَنِ

اصل الحجر المنع - وحجر القاضی علی فلان منعہ التصرف ترجمہ سو وہ مکارم ممدوح کے تصرف مین ہین جبکہ اُسکے سامنے یتیم بچے آتے ہین تو وہ شریفانہ برتاؤ اور احسانون سے اُنکے ساتھ پیش آتا ہی - یتیمون کا ذکر خاص اسواسطے کیا کہ ممدوح قاضی ہی جو متکفل یتیمون کے اُمور کا ہوتا ہی - شارح ابن فورجہ یہ معنی کہتا ہی کہ جب کریم لوگ مرگئے تو مکارم یتیم ہوگئے پس ممدوح نے اُنکی پرورش فرمائی کہ وہ بسبب عہدۂ قضا متکفل اُمور یتیمان ہی - مجد و منن کو بجاے مکارم ذکر کیا کیونکہ مکارم یہی دو چیزین مذکورہ ہین -

قَاضٍ إِذَا الْتَبَسَ الْأَمْرَانِ عَنَّ لَهُ ... رَأْيٌ يُخَلِّصُ بَيْنَ الْمَاءِ وَاللَّبَنِ

ترجمہ وہ ایسا ذکی قاضی ہی کہ جب دو امر اُسپر مشتبہ ہوجاتے ہین تو اُسکو ایسی راے سوجھتی ہی جو پانیکو دودھ سے جدا کردے یعنی غیر ممکن الانفصال کو منفصل کردے اور غیر خالص کو خالص سے جُدا -

غَضُّ الشَّبَابِ بَعِيدٌ فَجْرُ لَيْلَتِهِ ... مُجَانِبُ الْعَيْنِ لِلْفَحْشَاءِ وَالْوَسَنِ

الوسن النعاس - والغض الطری ترجمہ اس شعر کے دو معنی ہوسکتے ہین ایک یہ کہ وہ قاضی تازہ جوانی ہی یعنی نوجوان ہی اور اُسکی شب جوانی فجر پیری سے دور ہی اور باوجود نوجوانی اپنی چشم کو فواحش کے دیکھنے اور زیادہ سونے سے بچاتا ہی مگر اُمور خیر مین رات بھر مصروف رہتا ہی - اس صورت مین فجر سے مراد سفیدی پیری اور شب سے مراد سیاہی موے جوانی ہی - دوسرے معنی یہ ہین کہ اُس کی شب دراز ہوتی ہی کہ وہ عبادات آلہی اور انجام اُمور خیر مین رات گزارتا ہی - اور بسبب معروفیت لذات نفسانی اپنی شب کو کوتاہ نہین کرتا -

شَرَابُهُ النَّشْحُ لَا لِلرِّيِّ يَطْلُبُهُ ... وَطُعْمُهُ لِقِوَامِ الْجِسْمِ لَا السِّمَنِ

النشح الشراب القلیل دون الری ترجمہ وہ پانی قلیل بقدر ضرورت پیتا ہی نہ بقدر سیرابی اور اُس کا کھانا بغرض بقاے جسم ہی نہ بقصد فربہی - کیونکہ زیادہ کھانا اور پینا انسان کو بہائم صفت کردیتا ہی - یعنی غبی کاہل کسی نے خوب کہا ہی - ؎ این زکم خوابیست وکم آبی + ذہن ہندی ونطق اعرابی -

اَلقَائِلُ الصِّدْقَ فِیْهِ مَا یَضُرُّ بِهٖ		وَالوَاجِدُ الحَالَتَیْنِ السِّرَّ وَالعَلَنِ	

ترجمہ وہ ایسی جگہ سچ بولتا ہے جہاں اُسکا نقصان ہو اور اُسکی دونوں حالتیں پوشیدہ وظاہر یکساں ہیں یعنے وہ جھوٹ نہیں بولتا اور تقیہ نہیں کرتا - اوّل غایۃ المدح -

اَلفَاصِلُ الحُکْمَ عَیَّ الاَوَّلُوْنَ بِهٖ		وَالمُظْهِرُ الحَقَّ لِلسَّاهِیْ عَلَی الذَّهِنِ	

عی بالامر اذا عجز عنہ - والساہی الغافل - والذہن الفطن الذکی ترجمہ جس فیصلہ میں پہلے لوگ عاجز ہوگئے وہ اُسمیں حکم ناطق دیتا ہے - اور خصم غافل کا حق خصم ذکی پر ظاہر کردیتا ہے -

اَفْعَالُهٗ نَسَبٌ لَوْ لَمْ یَقُلْ مَعَهَا		جَدِّی الخَصِیْبُ عَرَفْنَا العِرْقَ بِالغُصُنِ	

ترجمہ ممدوح کے عمدہ افعال اُس کی خوبی نسب پر ایسی دلالت کرتے ہیں کہ اگر ممدوح اُن افعال کے ساتھ یہ نہ کہے کہ میرا دادا خصیب ہی تو ہم جڑ کو بذریعہ شاخ معلوم کرلیں کہ یہ خصیب کا پوتا ہے -

اَلعَارِضُ الهَتِنُ ابْنُ العَارِضِ الهَتِنِ ابْنِ العَارِضِ الهَتِنِ ابْنِ العَارِضِ الهَتِنِ		

العارض السحاب - والہتن الکثیر الصب ترجمہ ممدوح ابر بسیار بار ہے یعنی بڑا سخی اور ایسا ہی اُسکا باپ اور اُس کا دادا اور اُسکا پردادا تھا -

قَدْ صَیَّرَتْ اَوَّلَ الدُّنْیَا وَاٰخِرَهَا		اٰبَاؤُهُ مِنْ مُغَارِ العِلْمِ فِیْ قَرَنِ	

المغار الحبل الشدید الفتل - والقرن حبل یربط بہ البعیران ترجمہ پدران ممدوح نے علم کی مضبوط رسی سے حالات اول وآخر دنیا کو ایک رسی میں کردیا یعنے وہ لوگ بڑے صاحب تجربہ اور احوال دنیا سے واقف تھے مراد اولہا الی آخرہا اور ان دونوں حالتوں کو علم کی رسی نے ایسا اکٹھا باندھ دیا تھا جیسے دو شتر ایک رسی میں باندھ دیتے ہیں - دیوٖیدہ ما بعدہ -

کَاَنَّهُمْ وُلِدُوْا مِنْ قَبْلِ اَنْ وُلِدُوْا		اَوْ کَانَ فَهْمُهُمْ اَیَّامَ لَمْ یَکُنِ	

کان ہنا تامۃ بمعنی حدث ووقع ترجمہ وہ ایسے تجربہ کار ہیں کہ گویا وہ اُس سے پہلے کہ پیدا کئے جائیں پیدا کئے گئے تھے - یا وہ جب دنیا میں نہ تھے اُن کا فہم یہاں موجود تھا یعنے جب وہ احوال گزشتگان جانتے ہیں تو گویا اُنکے زمانہ میں موجود تھے یا اُن کا فہم موجود تھا - کیونکہ وہ تمام حالات جو اُس زمانہ میں گزرے ہیں بخوبی جانتے ہیں -

اَلخَاطِرِیْنَ عَلٰی اَعْدَائِهِمْ اَبَدًا		مِنَ المَحَامِدِ فِیْ اَوْقٰی مِنَ الجُنَنِ	

الخاطرین المتبخترین والجنن جمع جنۃ وہی ما استتر بہ من السلاح - والمحمدۃ ما یحمد بہ الانسان من فعل ترجمہ وہ لوگ اپنے دشمن کے روبرو ایسے حال میں متبخترانہ چلتے ہیں کہ وہ اپنے عمدہ کاموں کے بڑے محافظ

سپردن میں ہوتے ہیں یعنے اُنکے عمدہ کام اُنکی آبروؤں کے محافظ ہیں۔

لِلنَّاظِرِيْنَ اِلٰى اِقْبَالِهٖ فَرَحٌ ۔۔۔ يُزِيْلُ مَا بِجِبَاهِ الْقَوْمِ مِنْ غَضَنِ

الغضن تکسر جلد الجبہۃ ویکون ذلک عند العبوس ویزول عند الفرح ترجمہ جبکہ وہ اپنے سائلون کی طرف متوجہ ہوتا ہی تو وہ ایسے خوش ہوتے ہین کہ اُنکی پیشانیون کی چین یعنی گلجھریان جو بسبب غم افلاس وتکالیف سفر اُنکی پیشانیون پر ہوتی ہین جاتی رہتی ہین یعنی وہ بڑے خوش ہو جاتے ہین۔

كَاَنَّ مَالَ ابْنِ عَبْدِ اللهِ مُغْتَرَفٌ ۔۔۔ مِنْ رَاحَتَيْهِ بِاَرْضِ الرُّوْمِ وَالْيَمَنِ

الاغتراف اخذ الغرفۃ واراد بالمغترف المنقسم ترجمہ گویا ابن عبد اللہ ممدوح کا مال اُسکی ہر دو کف دست کے ذریعہ سے سرزمین روم ویمن مین بانٹا گیا ہی۔ یعنی سب دور و نزدیک کو پہنچتا ہی کوئی اُس سے محروم نہین رہتا۔ اراد بالروم القریب لقربہ منہ وبالیمن البعید۔

لَمْ نَفْتَقِدْ بِكَ مِنْ مُزْنٍ سِوَى لَثَقٍ ۔۔۔ وَلَا مِنَ الْبَحْرِ غَيْرَ الرِّيْحِ وَالسُّفُنِ

اللثق الوحل الذی یبقی من اثر السحاب وہو الطین۔ وقولہ بک بمعنی فیک فان حروف الجر تقوم بعضہا مقام بعض ترجمہ تیرے ہوتے یا تجھ مین کوئی فائدہ ابرون کا ہم گم نہین کرتے بلکہ تجھ مین بہ نسبت ابرون کے جود و کرم زیادہ ہین ہان ابرون مین ایک بڑا عیب ہی جو تجھ مین نہین۔ ابر کی بارش کے بعد کیچ گارا ہوا کرتا ہی اور تیرے باران عطا کے بعد یہ نہین ہوتا اور تیرے ہوتے فوائد دریا ہمکو حاصل ہین مگر دریا سے منتفع ہونے کے لئے کشتی اور ہوا کی حاجت ہوتی ہی اور تیرا فیض بے ذریعہ ان دونون کے پہنچتا ہی۔ یعنی تو ابر و دریا سے فیض مین زیادہ ہی۔

وَلَا مِنَ اللَّيْثِ اِلَّا قُبْحَ مَنْظَرِهٖ ۔۔۔ وَمِنْ سِوَاهُ سِوَى مَا لَيْسَ بِالْحَسَنِ

اور تجھ مین سب اوصاف شیر سوائے اُسکی زشت روئی کے موجود ہین اور پھر بعد تفصیل مجملاً کہتا ہی کہ تجھ مین سب اوصاف نیک بجز اُس وصف کے جو بُرا ہی پائے جاتے ہین۔ اور یہ کلام عمدہ ہی۔

مُنْذُ احْتَبَيْتَ بِاَنْطَاكِيَةَ اعْتَدَلَتْ ۔۔۔ حَتّٰى كَاَنَّ ذَوِي الْاَوْتَارِ فِيْ هُدَنِ

الاحتباء ان یجمع الرجل ظہرہ وساقیہ بحمائل سیفہ اوغیرہا وقد یحتبی بیدیہ والاسم الحبوۃ۔ والاوتار جمع وتر وہی العداوۃ والہدن جمع ہدنۃ وہی السکون والصلح بین المحاربین ترجمہ ای ممدوح جیسے تو گوٹ باندھ کر بمقام انطاکیہ مجلس قضا مین بیٹھا ہی تو تیرے حسن سیرت اور عمدہ برتاؤ کے سبب اُس کے تمام امور درست ہوگئے یہانتک کہ کینہ تو زلوگ باہم صلح مین ہین اور اُنکی تمام عداوتین جاتی رہین۔

وَمُذْ مَرَرْتَ عَلٰى اَطْوَادِهَا قَرِعَتْ ۔۔۔ مِنَ السُّجُوْدِ فَلَا نَبْتٌ عَلَى الْقُنَنِ

قرعت من قرع الراس ازالہ نبت الشعر - والسجود صلہ الخضوع - والقنن جمع قنۃ وہی اعلی الجبل والمستطیل منہ ترجمہ اور جیسے تو انطاکیہ کے پہاڑون پر چلا پھرا ہی تو اُنھون نے باوجود اپنے غیر ذوی العقول ہونے کے تیری عظمت اور رفعت کو بخوبی معلوم کرلیا اور اس نئے اسقدر سجود و خضوع سے پیش آئے کہ اُن کے سر کے بال اُڑگئے اور اسلئے اُنکی چوٹیون پر گھانس نہین رہی اور کثرت سجود نے اُن کی پیشانی سے بڑھکر سر پر اثر کیا ہی - یہ حسن تعلیل عمدہ ہی -

اَخْلَتْ مَوَاهِبُكَ الْاَسْوَاقَ مِنْ صَنَعٍ	اَغْنٰى نَدَاكَ عَنِ الْاَعْمَالِ وَالْمِهَنِ	

الصنع الصانع الحاذق بیدہ - والمہن جمع مہنۃ وہی الخدمۃ - والتبذل فی التصرف ترجمہ تیری بخششون نے بازار ونکو عمدہ کاریگرون اور دستکارون سے خالی کردیا اور تیری بخشش نے لوگون کو خدمت گاریون اور ذلتون سے بے پروا کردیا - یعنی تیرے عطاے عام بازاری اور اشخاص کو بھی اسقدر پہنچی ہی کہ اُنکو کسب معاش کی حاجت نہین رہی -

ذَا جُوْدُ مَنْ لَيْسَ مِنْ دَهْرٍ عَلٰى ثِقَةٍ	وَزُهْدُ مَنْ لَيْسَ مِنْ دُنْيَاهُ فِيْ وَطَنِ	

ترجمہ یہ تیری عطاے کثیر بخشش اُس شخص کی سی ہی کہ جو زمانہ پر اعتماد نہین کرتا - یعنی یہ جانتا ہی کہ اموال کو بقا نہین ہی اور اس لئے شکر و اجر کے حصول کے لئے جلد جلد سخاوت کرتا ہی اور یہ تیرا زہد عظیم اُس شخص کا سا زہد ہی جو دُنیا کو اپنا وطن نہین سمجھتا بلکہ دار فنا جانتا ہی اس لئے اپنے تمام اموال دار باقی کی طرف روانہ کرتا ہی - سبحان اللہ المنان یہ کیا عمدہ شعر ہی ذم دُنیا کے اس مین معانی کثیر ہین اور باوجود الفاظ مختصرہ کے بڑے وعظ کو حاوی ہی -

وَهٰذِهٖ هَيْبَةٌ لَمْ يُؤْتَهَا بَشَرٌ	وَذَا اقْتِدَارُ لِسَانٍ لَيْسَ فِي الْمُنَنِ	

المنن جمع منۃ وہی القوۃ ترجمہ اور یہ تیرے رعب و ہیبت ایسے ہین کہ وہ کسی بشر کو عنایت نہین کئے گئے اور یہ قدرت زبان و فصاحت انسان کی طاقتون سے باہر ہی -

فَمُرْ وَاَوْمِ تُطَعْ قُدِّسْتَ مِنْ جَبَلٍ	تَبَارَكَ اللّٰهُ مُجْرِي الرُّوْحِ فِيْ حَضَنِ	

اوم من الایماء وحضن جبل بالعلی نجد ترجمہ سو حکم کر اور اشارہ کر کہ تو دونون حالون مین اطاعت کیا جاوے گا تو ای کوہ وقار مقدس شخص ہی - وہ خداوند تعالی بابرکت ہی جس نے کوہ حضن مین روح ڈالدی ہی - ممدوح کو بسبب کثرت وقار و ثبات کوہ سے تشبیہ دی ہی -

وقال یمدح اباسہل سعید بن عبد اللہ

قَدْ عَلِمَ الْبَيْنُ مِنَّا الْبَيْنَ اَجْفَانَا	تَدْمٰى وَاَلَّفَ فِيْ ذَا الْقَلْبِ اَحْزَانَا	

البین البعد الفراق - وتدمی فی موضع نصب صفۃ لاجفان کانہ قال اجفانا دامیۃ وجعل الفراق یولف الحزن اغراباً فی الصنعۃ ترجمہ فراق یار نے ہماری قرہاے خونبار کو ایک دوسرے سے جدا ہونا سکھا دیا کہ اب چشم ہین جھپکتی اور پلک سے پلک نہین ملتی اور ہمارے اس دل مین غمون کو مرکب کر دیا۔

أَمَّلْتُ سَاعَةَ سَارُوا كَشْفَ مِعْصَمِهَا		لِيَلْبَثَ الْحَيُّ دُونَ السَّيْرِ حَيْرَانَا	

المعصم موضع السوار ترجمہ جب وہ قافلہ روانہ ہونے لگا جس مین محبوبہ تھی تو مین نے یہ امید و آرزو کی کہ محبوبہ ذرا اپنا نورانی پہنچا کھول دے یعنی ظاہر کرے تاکہ مردان قافلہ اسکی درخشانی دیکھ کر متحیرانہ کچھ توقف کرین اور مین ایک لحظہ اسکو اور دیکھ لون۔

وَلَوْ بَدَتْ لَأَتَاهَتْهُمْ فَحَجَّبَهَا		صَوْنٌ عُقُولَهُمُ مِنْ لَحْظِهَا صَانَا	

اتاہتھم حیرتھم ترجمہ اور اگر محبوبہ میری آرزو کے موافق اس قوم پر جلوہ فرما ہوتی تو بیشک بسبب کثرت نور کے ان کو حیران کر دیتی اور وہ کچھ ضرور توقف کرتے مگر اس کو اسکی صیانت اور سترنے جس نے عقول قوم کو اس کے دیکھنے سے بچایا پردہ مین رکھا یعنی اسنے اپنے آپ کو ظاہر نہ کیا اور قافلہ چل پڑا - واللحظ مصدر یجوز ان یکون ہنا مضافا الی الفاعل او الی المفعول ای لو لحظتھم لاخذت عقولھم من لحظہا او لحظوہا لطارت عقولھم والطف القائل ؎ شکر پردہ ہی مین اس بت کو حیا نے رکھا + ورنہ ایمان گیا ہی تھا خدا نے رکھا۔

بِالْوَاخِدَاتِ وَحَادِيهَا وَبِي قَمَرٌ		يَظَلُّ مِنْ وَخْدِهَا فِي الْخِدْرِ خَشْيَانَا	

الواخدات الابل واصل الوخد للنعام واستعمل فی سیر الابل - وخد البعیر رمی بقوائمہ مثل مشی النعام وخشی بکسر الشین فہو خشٍ وخشیان اذا اصابہ الربو وعلاہ البہر ترجمہ مین اس ماہرو پر شتران دوندہ اور ان کے حدی خوان اور اپنی جان کو قربان کرتا ہون کہ شترون کے تیز چلنے سے پس پردہ اس کا سانس چڑھ جاتا ہو اور ہانپنے لگتی ہو اور دم پھول جاتا ہو کیونکہ وہ نازنین آرام طلب عادی سواری شتران کی نہین ہی - ویروی خشیان بالخاء ای انہ یخشی من سرعۃ سیر الابل وہز ہالہ اذ ہو غیر متعود لذلک۔

أَمَّا الثِّيَابُ فَتَعْرَى مِنْ مَحَاسِنِهِ		إِذَا نَضَاهَا وَيُكْسَى الْحُسْنَ عُرْيَانَا	

نضی الشئ عنہ خلعہ وازالہ ترجمہ اس کے لباس کا تو یہ حال ہی کہ جب وہ قمر اسکو اپنے جسم سے اتار دیتا ہی تو لباس کی خوبیان جاتی رہتی ہین کیونکہ اسکا جسم باعث زینت لباس ہو اور جب وہ برہنہ ہوتا ہی تو وہ لباس حسن مین ملبوس ہوتا ہی - خلاصہ یہ ہی کہ لباس کو اس سے زینت ہی نہ اسکو لباس سے۔

يَضُمُّهُ الْمِسْكُ ضَمَّ الْمُسْتَهَامِ بِهِ		حَتَّى يَصِيرَ عَلَى الْأَعْكَانِ أَعْكَانَا	

الاعکان جمع عکنۃ وہو ما ینکسر فی اسفل البطن من الشحم ترجمہ اس ماہرو کو مشک ایسا لپٹتا ہی جیسا اس کا ۵۱

عاشق اس سے پہلے یہان تاک کہ مشک اُس کے شکم کی شکنون پر جو سبب فربہی پڑی ہوئی ہین اور شکنین ہوجاتا ہے یعنی وہ بکثرت مشک استعمال کرتا ہے۔

قَدْ كُنْتُ أُشْفِقُ مِنْ دَمْعِي عَلَى بَصَرِي	فَالْيَوْمَ كُلُّ عَزِيزٍ بَعْدَكُمْ هَانَا

ترجمہ پہلے تو مین بسبب گریہ اپنی بینائی کے جانیسے ڈرتا تھا۔ سو اب تمھارے فراق کے صدمہ کے سبب ہر عزیز چیز ذلیل و بیقدر ہوگئی۔ یعنی اب جان کے لالے پڑے ہوئے ہین اور شئی کی کیا حقیقت ہے۔

تُهْدِي الْبَوَارِقُ أَخْلَافَ الْمِيَاهِ لَكُمْ	وَلِلْمُحِبِّ مِنَ التَّذْكَارِ نِيرَانَا

الاخلاف الفروع۔ واستعار للسحاب اخلافا لانہا تغذی النبات کما تغذی الام ولدہا بالارضاع ترجمہ بجلیونکا کوندنا تمھاری خدمت مین یہ مضمون بطور ہدیہ پیش کرتا ہے کہ پستانہاے باران نے شیر خوران نبات کو تازہ و سیراب کردیا۔ اور عاشق یعنی میرے لئے تمھاری یادگاری کے سبب آتش ہاے سوزان کا کام دیتا ہے کیونکہ تمھاری فرودگاہ کی جانب سے وہ بجلیان چمکتی ہین اور تمکو یاد دلاتی ہین۔

إِذَا قَدِمْتُ عَلَى الْأَهْوَالِ شَيَّعَنِي	قَلْبٌ إِذَا شِئْتُ أَنْ يَسْلَاكُمْ خَانَا

قدمت بمعنی تقدمت شیعنی تبعنی ومنہ شیعۃ الرجل اتباعہ لہ ترجمہ جبکہ مین ہولناک مخاوف کیطرف بڑھتا ہون اور پیشدستی کرتا ہون تو میرا دل میری ہمراہی کرتا ہے اور میرا ساتھ دیتا ہے یعنی میرا کہا مانتا ہے مگر جب مین اُس سے یہ درخواست کرون کہ وہ تم سے جدا ہوجاوے اور تمکو بھلادے تو وہ میری اطاعت نہین کرتا۔ بلکہ وہ مجھ سے بخیانت پیش آتا ہے۔ خیانت کے یہ معنی کہ وہ بظاہر میرا کہنا مان لیتا ہے مگر در پردہ تمھاری طرف مائل رہتا ہے۔

أَبْدُو فَيَسْجُدُ مَنْ بِالسُّوءِ يَذْكُرُنِي	وَلَا أُعَاتِبُهُ صَفْحًا وَإِهْوَانَا

اہوانا جاریہ علی الاصل اذ ہو اصل الاہانۃ ترجمہ مین ظاہر ہوتا ہون اور گھر سے باہر نکلتا ہون تو وہ شخص جو میری غیبت مین مجکو برا کہتا تھا مجھ سے بخضوع پیش آتا ہے اور مین اُسپر بر اہ چشم پوشی اور اُس کی ذلت و حقارت کے عتاب نہین کرتا ہون کیونکہ وہ کم قدر ہے میرے عتاب کی لیاقت نہین رکھتا۔

وَهٰكَذَا كُنْتُ فِي أَهْلِي وَفِي وَطَنِي	إِنَّ النَّفِيسَ غَرِيبٌ حَيْثُمَا كَانَا

النفیس العزیز الکریم ترجمہ اور اپنے کنبے اور اپنے وطن مین بھی میرا ایسا ہی حال تھا کہ سفر در وطن کا مرتبہ مجکو حاصل تھا اور کوئی میرا یار و یاور اور کوئی دوست صادق موافق نہ تھا اور واقعی امر یہ ہے کہ عزیز و کریم شخص جہان رہے مسافر ہی ہوتا ہے اگرچہ اپنے وطن مین ہو کیونکہ اُس کو وہان بھی دوست نہین ملتے۔ وللہ در ابی الفتح البستی حیث یقول ؎ وان غربۃ الانسان فی شقۃ النوی + ولکنہا واللہ فی عدم الشکل۔ وانی غریب بین بست

والمہاؤ الکان فیہا اسرتی وبہا اہلی۔

مُحَسَّدٌ الْفَضْلِ مُمَكَّنٌ وُبٌّ عَلٰے اُثْرِیْ	اَلْقِیْ الْکَمِیْ وَیَلْقَانِی اِذَا حَانَا

اثری خلفی ترجمہ میرے فضل و شرف پر حسد کیا جاتا ہی اور میرے پس پشت مجکو کاذب کہا جاتا ہی مگر روبرو میرے خوف سے مجکو کچھ نہین کہتے کیونکہ مین ایسا بہادر ہون کہ مین سلاح پوش بہادر سے مقابل ہوتا ہون اور وہ مجھ سے اُسوقت مقابل ہوتا ہی جب اُس کی موت کا وقت آلگتا ہی۔

لَا اَشْرَئِبُّ اِلٰی مَا لَمْ یَفُتْ طَمَعًا	وَلَا اَبِیْتُ عَلٰے مَا فَاتَ حَسْرَانَا

لااشرئب ای لا اتطلع الی الشئی وحسران فعلان من الحسرۃ ترجمہ مین اُس چیز کیطرف جو مجکو حاصل ہی اور فوت نہین ہوئی براہ طمع سر اُٹھاکر نہین دیکھتا اور جو چیز میرے ہاتھ سے جاتی رہی ہی اُس پر حسرت نہین کرتا۔ اپنی علوہمت کی تعریف کرتا ہی۔

وَلَا اُسَرُّ بِمَا غَیْرِیْ الْحَمِیْدُ بِہٖ	وَلَوْ حَمَلْتَ اِلَیَّ الدَّهْرَ مَلْاٰنَا

الحمید المحمود ترجمہ اور جس چیز سے میرا غیر قابل ستایش ہوتا ہی مین اُس سے خوش نہین کیا جاتا یعنی جو چیز مجھے غیر شخص دے اُس سے مین خوش نہین ہوتا۔ کیونکہ اس صورت مین قابل حمد معطی ہی نہ مین۔ اگرچہ تو ای مخاطب بقدر پُری زمانہ میرے پاس لے آوے یعنی بکثرت۔

لَا یَجْذِبَنَّ رِکَابِیْ نَحْوَہٗ اَحَدٌ	مَا دُمْتُ حَیًّا وَمَا قَلْقَلْنَ کِیْرَانَا

الرکاب الابل۔ وقلقلن حرکن۔ والکیران جمع کور وہو رحل الجمل ترجمہ اور جب تلک مین زندہ ہون میرے شتران سواری کو کوئی اپنی طرف ہرگز کھینچ نہین سکتا اور نہ میرے شتر میرے کجاوون کو حرکت دیسکتے ہین۔ ممدوح کے پاس بطلب عطا آیا ہی اور یہ جھوٹے دعوے کر رہا ہی یہ وہ مثل ہی کہ تیرے منھ پر جھوٹ بولون تو تو کیا لے۔

لَوِاسْتَطَعْتُ رَکِبْتُ النَّاسَ کُلَّهُمُ	اِلٰی سَعِیْدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰہِ بُعْرَانَا

بعرانا بدل من الناس۔ والبعیر من الابل بمنزلۃ الانسان من الناس یطلق علی الجمل والناقۃ ترجمہ اگر مجھ سے بن آوے تو تمام آدمیون کو شتر بناکر اُنپر سوار ہوکر سعید بن عبداللہ کے پاس چلا جاؤن۔ خلاصہ یہ ہی کہ ہمارے زمانہ کے انسان مثل بہائم غیر عاقل ہین۔ پس اگر مجھ سے ہوسکے تو اُنکی بہیمیۃ کا اظہار اُنپر سوار ہوکر کرون۔

فَالْعِیْسُ اَعْقَلُ مِنْ قَوْمٍ رَاَیْتُهُمُ	عَمَّا یَرَاہُ مِنَ الْاِحْسَانِ عُمْیَانَا

العیس الجمال البیض تخالط بیاضہا شئی من الشقرۃ ترجمہ ابنائے زمانہ پر شتر ذکو ترجیح دیتا ہی کہ اس قوم سے جنکو مین دیکھتا ہون کہ وہ طریق احسان سے جس کو ممدوح بخوبی جانتا ہی محض نابینا ہی شتر زیادہ سمجھدار ہین پس مناسب ہی کہ اُنپر سوار ہوکر سخاوت ممدوح دکھلاؤن۔

ذَاكَ الْجَوَادُ وَإِنْ قَلَّ الْجَوَادُ لَهٗ	ذَاكَ الشُّجَاعُ وَإِنْ لَمْ يَرْضَ أَقْرَانَا

ترجمہ سخی یہی ہی اگرچہ سخی کہنا اُسکے رتبہ سے کم ہی۔ بہادر یہ ہی اگرچہ وہ کسیکو اپنا ہمسر ہونا پسند نہین کرتا۔ یعنی وہ جنگ مین کسیکو اپنا ہمسر نہین سمجھتا بلکہ اپنے سے کمتر سمجھتا ہی پس ایسے کمتر لوگون پر فتح پاکر اپنے کو بہادر کہلانا پسند نہین کرتا۔ خلاصہ یہ ہی کہ مین اُس کی تعریف زیادہ کرنا چاہتا ہون مگر کیا کرون کہ سوائے لفظ جواد و شجاع مجکو کوئی اور لفظ نہین ملتا۔

ذَاكَ الْمُعِدُّ الَّذِي تَقْنُو يَدَاهُ لَنَا	فَلَوْ أُصِيبَ بِشَيْءٍ مِنْهُ عُزِّيَانَا

المعد بالکسر الذی یجعل الاشیاء عُدّة والمعد بالفتح الذی یجعل عدة فمن کسر فہو وصف للممدوح ومن فتح کان صفا للمال وقنوت الشیء ادخرتہ ترجمہ ممدوح ہمارے لئے اموال جمع کرنیوالا ہی کہ اُسکے دونون ہاتھ ہمارے لئے اموال جمع کرتے ہین۔ یا اموال وہ ہین کہ ممدوح کے دونون ہاتھون نے اُن کو ہمارے لئے جمع کیا ہی پس اگر اُس کے مال پر کوئی صدمہ اور آفت پہنچائی جاوے تو وہ ہماری تعزیت کرتا ہی کیونکہ وہ مال ہمارا ہی تھا۔

خَفَّ الزَّمَانُ عَلَى أَطْرَافِ أَنْمُلِهٖ	حَتّٰى تُوُهِّمْنَ لِلْأَزْمَانِ أَزْمَانَا

ترجمہ زمانہ اُسکی انگلیون کے پورون مین ایک ہلکی چیز ہی یعنی وہ اُس کے زیر تصرف وقبضہ ہی جسطرح چاہے اُسکو پھرائے یہان تک کہ اُس کی انگلیون کی پور زمانون کے لئے زمانے سمجھے جاتے ہین۔ یعنی جیسا زمانہ تمام عالم پر متصرف ہی ایسے ہی اُسکی انگلیان زمانہ کی منقلب احوال ہین۔

يَلْقَى الْوَغٰى وَالْقَنَا وَالنَّازِلَاتِ بِهٖ	وَالسَّيْفَ وَالضَّيْفَ رَحْبَ الْبَاعِ جَذْلَانَا

جذلان فرح مستبشر ترجمہ ممدوح ہنگامہ نیزہ و حوادث زمانہ اور شمشیر و مہمان سے بکشادہ دلی و خوشنودی ملاقات کرتا ہی یعنی وہ شجاع اور سخی اور جفاکش ہی اس لئے اُمور مشکلہ کو برضامندی قبول کرتا ہی۔

تَخَالُهٗ مِنْ ذَكَاءِ الْقَلْبِ مُحْتَمِيًا	وَمِنْ تَكَرُّمِهٖ وَالْبِشْرِ نَشْوَانَا

محتمیا متوقدا شدید الحرارة لحدة قلبہ و ذکائہ۔ والبشر طلاقة الوجہ وتہللہ ترجمہ ممدوح کو بسبب ف کا وحرارت قلب تو ایک چمکتی چیز خیال کرے گا اور اُس کے کرم اور کشادہ روئی کے باعث ایک مست کو جانیگا۔

وَتَسْحَبُ الْحِبَرَ الْقَيْنَاتُ رَافِلَةً	فِي جُودِهٖ وَتَجُرُّ الْخَيْلُ أَرْسَانَا

الحبر جمع حبرة وہی ثیاب تعمل بالیمن۔ والقینات جمع قینة وہی المغنیة۔ ورفل تبختر ترجمہ میری گانے والی چھوکریان اُسکی بخشش سے چادریے ہوئے متبخترانہ کھینچتی پھرتی ہین اور میرے گھوڑے رسیان۔ یعنی میرے پاس جو سامان عیش و کامیابی ہی سب اُسیکا بخشا ہوا ہی۔

يُعْطِي الْمُبَشِّرَ بِالْقُصَّادِ قَبْلَهُمُ	كَمَنْ يُبَشِّرُهٗ بِالْمَاءِ عَطْشَانَا

علیشانا حال من الممدوح ترجمہ ممدوح ایسا کریم اور سائل دوست ہی کہ جو شخص طالبان عطا کے آنے کی اُس کو خوشخبری دیتا ہی تو اُس مبشر کو سائلون سے پہلے عطا کرتا ہی اور اُس کا اُسوقت بسبب غایت سرور ایسا حال ہوتا ہی جیسا کوئی اُسکو بحالت تشنگی پانی کی خوشخبری دے۔

جَزَتْ بَنِی الْحَسَنِ الْحُسْنیٰ فَاِنَّهُمْ ۔ فِی قَوْمِهِمْ مِثْلُهُمْ فِی الْغُرِّ عَدْنَانَا

عدنان فی موضع جر لانہ لا ینصرف وہو بدل من الغر۔ والغر الکرام والحسنیٰ الجنۃ ترجمہ اولاد امام حسنؓ کو جس مین سے ممدوح ہی جنت جزا دے یعنی اُنکو جنت نصیب ہو کیونکہ وہ لوگ اپنی قوم مین ایسے ہین جیسے اُنکی قوم بنی عدنان کرام مین۔ یعنی اُنکی قوم بنی عدنان مین سب سے بہتر ہو اور یہ اپنی قوم مین سب سے عمدہ۔

مَا شَیَّدَ اللّٰهُ مِنْ مَجْدٍ لِسَالِفِهِمْ ۔ اِلَّا وَنَحْنُ نَرَاهُ فِیْهِمُ الْآنَا

شید رفع۔ والسالف واحد السلف وہم الذین ماتوا ترجمہ خدا نے اُنکے کسی جد گذشتہ مین کوئی شرف اور بزرگی قائم نہین کی مگر ہم اُس بزرگی کو اُنمین اسوقت موجود پاتے ہین۔

اِنْ کُوْتِبُوْا اَوْ لُوْقُوْا اَوْ حُوْرِبُوْا وُجِدُوْا ۔ فِی الْخَطِّ وَاللَّفْظِ وَالْهَیْجَاءِ فُرْسَانَا

ترجمہ اگر وہ لوگ انشا پردازی مین کسی سے موازنہ کئے جاوین یا بالمشافہہ ملاقات کئے جاوین۔ یعنی زبانی تقریر کیجاوے یا وہ جنگ کئے جاوین تو وہ کتابت اور گفتگو اور جنگ مین شہسوار پائے جاوین گے۔ قال الواحدی لیس یرید بقولہ لوقوا ملاقاۃ الاقران فی الحرب لانہ ذکر الحرب بعدہ وانما یرید ملاقاۃ الاقران فی المخاطبۃ والمکالمۃ۔

کَاَنَّ اَلْسُنَهُمْ فِی النُّطْقِ قَدْ جُعِلَتْ ۔ عَلٰی رِمَاحِهِمْ فِی الطَّعْنِ خُرْصَانَا

الخرصان جمع خرص وہو ہہنا السنان ترجمہ گویا اُنکی زبانین گویائی مین ایسی تیز ہین جیسے اُنکے نیزون پر بوقت نیزہ زنی بھالین یعنی اُنکی زبانین ایسی تیز ہین جیسے اُنکے نیزے۔

کَاَنَّهُمْ یَرِدُوْنَ الْمَوْتَ مِنْ ظَمَاٍ ۔ اَوْ یَنْشَقُوْنَ مِنَ الْخَطِّیِّ رَیْحَانَا

ترجمہ گویا وہ لوگ موت کے گھاٹ پر ایسی رغبت سے اُترتے ہین جیسا پیاسا پانی پر اور نیزے خطی سے بوئے ریحان سونگھتے ہین۔ یعنی بہادر مشتاق موت رہتے ہین۔

اَلْکَائِنِیْنَ لِمَنْ اَبْغِیْ عَدَاوَتَهُ ۔ اَعْدَی الْعِدٰی وَلِمَنْ آخَیْتُ اِخْوَانَا

الکائنین منصوب علی المدح ای اعنی الکائنین ترجمہ اور اُن لوگون سے ایسے لوگ مراد رکھتا ہون کہ جنکا مین طالب عداوت ہون وہ اُس کے بڑے دشمن ہو جاوین اور جس سے مین بھائی چارہ کرون وہ لوگ اُسکے برادر ہو جاوین۔ یعنی وہ میرے دوست کے دوست اور دشمن کے دشمن ہین۔

خَلَائِقُ لَوْ حَوَاهَا الزِّنْجُ لَانْقَلَبُوْا ۔ ظُمْیَ الشِّفَاهِ جِعَادَ الشَّعْرِ غُرَّانَا

خلائق جمع الخلیقۃ وہی الخلق۔ وظمی الشفاہ دقاق الشفاہ مع سمرۃ۔ وغران جمع اغر وہو الابیض ترجمہ قوم ممدوح کی ایسی سرشت نیک وپاکیزہ خصلتین ہین کہ اگر ایسے اوصاف زنگیون مین پائے جاوین تو انکے ہونٹ باریک اور مرغولہ دار مو اور روشن رو ہو جاوین۔ یعنی زنگی باوجودیکہ زشت رو اور موٹے ہونٹ کے ہوتے ہین مگر ان خصائل حمیدہ کے سبب محبوب الخلائق ہو جاوین۔ یعنی ان کی زشت روئی کو انکی نیک خصلتین چھپالین اور اسکی تائید اگلا شعر کرتا ہی۔

وَاَنفُسٌ یَلمَعِیَاتٌ تُحِبُّہُمُ	لَہَا اضطِرَاراً وَلَو اَقصَوکَ شَنَانَا

الیلمعی والالمعی الحاد الفطنۃ وہو الذی یظن الشیٔ فیصح ظنہ۔ واضطرار منصوب علی الحال من الضمیر المرفوع فی تحبہم قصیت الشیٔ ابعدتہ۔ والشنان البغض ترجمہ اور انکے ایسے نفوس ذکیہ ہین کہ تو انکو بے اختیار دوست رکھے اگرچہ وہ تجکو بسبب بغض کے اپنے سے دور پھینکین۔

اَلوَاضِحِینَ اُبُوَّاتٍ وَاَجبِنَۃً	وَوَالِدَاتٍ وَاَلبَاباً وَاَذہَانَا

نصب الواضحین علی المدح۔ وابوات جمع ابوۃ۔ واجبنۃ جمع جبین ترجمہ مین ایسے لوگون کی مدح کرتا ہون کہ وہ لوگ باعتبار پدرون اور پیشانیون اور مادرون کے اور عقول اور اذہان کے مشہور اور انکی پیشانیان کشادہ ہین یعنی خوش رو درخشان چہرہ ہین۔

یَا صَائِدَ الجَحفَلِ المَرہُوبِ جَانِبُہُ	اِنَّ اللُّیُوثَ تَصِیدُ النَّاسَ اُحدَانَا

احدانا جمع واحد۔ والاصل وحدان ترجمہ ای ایسے لشکر کے شکار کرنے والے کہ وہ اس کے خوف سے ترسان ہین تو شیر سے شجاعت مین بہت بڑھا ہوا ہی کیونکہ شیر تو منجملہ آدمیان ایک ایک کو شکار کرتے ہین اور تو سارے لشکر کو ایک ہی دفعہ شکار کر لیتا ہی۔

وَوَاہِبًا کُلَّ وَقتٍ وَقتُ نَائِلِہِ	وَاِنَّمَا یَہَبُ الوَہَّابُ اَحیَانَا

کل مبتدأ وخبرہ الوقت الثانی۔ واحیان جمع حین ترجمہ اور ای سخی کہ اسکی عطا کا کوئی وقت مقرر نہین ہی بلکہ ہر وقت عطا دیتا رہتا ہی اور بخشنے والے تو کبھی کبھی عطا دیا کرتے ہین۔

اَنتَ الَّذِی سَبَکَ الاَموَالَ مَکرُمَۃً	ثُمَّ اتَّخَذتَ لَہَا السُّؤَّالَ خُزَّانَا

سبک صفا وجمع۔ والخزان جمع خازن ترجمہ تو وہ شخص ہی کہ تو براہ کرم اپنے اموال کو جمع اور خالص کرتا ہی پھر سائلین کو انکا خزانچی بنا دیتا ہی۔ یعنی انکو تو سائلون کو ایسا بیدریغ دیتا ہی جیسا اور بادشاہ اپنے خزانچیون کے پاس رکھوا دیتے ہین۔

عَلَیکَ مِنکَ اِذَا اَخلَیتَ مُرتَقِبٌ	لَم تَاتِ فِی السِّرِّ مَا لَم تَاتِ اِعلَانَا

یردی اخلیت ای وجدت خالیا ویردی اخلیت بفتح الہمزۃ ای وجدت مکانا خالیا ترجمہ جب تو تنہا پایا جاوے یا جب تو مکان مین اکیلا بیٹھے تو تجھی پر تیری ذات سے ایک نگہبان متعین ہوتا ہی اس نے تو پوشیدہ وہ کام نہین کرتا جو ظاہر مین نکرے۔

لَا اَسْتَزِيْدُكَ فِيْمَا فِيْكَ مِنْ كَرَمٍ	اَنَا الَّذِيْ نَامَ اِنْ نَبَّهْتُ يَقْظَانَا

ترجمہ جسقدر تجھمین کرم ہی اُسپر مین طلب زیادتی کی نہین کرسکتا اگر مین بیدار شخص کو بیدار کرون تو مین خود سونیوالا ہون گا۔ یعنی تیرے مقدار کرم پر زیادتی ممکن نہین۔

فَاِنَّ مِثْلَكَ بَاهَيْتُ الْكِرَامَ بِهٖ	وَرَدَّ سُخْطًا عَلَى الْاَيَّامِ رِضْوَانَا

ترجمہ کیونکہ مین تجھی جیسے کریم کے سبب تمام اسخیا پر فخر کرتا ہون اور تو وہ ہی کہ تونے اُس مظلوم کے غصہ کو جو زمانہ تھا اپنے احسان کے ذریعہ سے خوشی سے بدلکر لوٹا دیا۔ یعنی اُسکو زمانہ سے راضی کردیا۔

وَاَنْتَ اَبْعَدُهُمْ ذِكْرًا وَاَكْبَرُهُمْ	قَدْرًا وَاَرْفَعُهُمْ فِي الْمَجْدِ بُنْيَانَا

ترجمہ اور تو وہ ہی کہ تیرا ذکر خیر اور سب لوگون سے زیادہ شہرہا ئے دور دست مین پہنچا ہی اور تیرا مرتبہ سب سے بڑا ہی اور تیرے شرف ومجد کی بنیاد سب سے زیادہ بلند ہی۔

قَدْ شَرَّفَ اللّٰهُ اَرْضًا اَنْتَ سَاكِنُهَا	وَشَرَّفَ النَّاسَ اِذْ سَوَّاكَ اِنْسَانَا

ترجمہ ای ممدوح تو جس زمین پر تشریف رکھتا ہی خداوند تعالی نے اُسکو تیرے سبب اور باقی زمینون پر شرف عنایت کیا اور جبکہ تجکو انسان بنایا تو سب لوگون کو تیرے بشر ہونیکے باعث مشرف فرمادیا۔ ابو الفتح کہتا ہی اگر متنبی بجاے سواک انسانا کہتا تو بہتر ہوتا۔ اور شراح نے ابوالفتح پر اس باب مین سخت انکار کیا ہی کہ قرآن شریف مین آیا ہی ثم سواک رجلا۔ ونفس وما سواہا۔ وخلق فسوٰی۔ اور نہایت قدرت فصیح یہ ہی کہ الفاظ قرآن بسلے اور کلمات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وصحابہ کرام کے استعمال کرے پھر ابو الفتح اور لفظ کو اُسپر کیسے ترجیح دیسکتا ہی۔ ابو العلاء معری نے کہا ہی کہ ہم مین اتنی قدرت ہرگز نہین ہی کہ متنبی کے ایک لفظ کی جگہ دوسرا لفظ اُس سے بہتر لاسکین۔ مترجم کہتا ہی کہ یہ شعر سواے جناب سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے اور کے حق مین کہنا ظلم اور وضع الشی فی غیر محلہ ہی۔ خدا مغفرت کرے سید آزاد بلگرامی کی کہ اُس نے اپنے قصیدہ نعتیہ مین یہ ہی شعر متنبی کا نقل کرکے کیا خوب فرمایا ہی ؎ ہذا مدیحک مولانا بلا ریب ؛ واہا علی المتنبی انہ خانا۔

قال فی مجلس ابی محمد بن طغج وقد اقبل اللیل وہما فی بستان

زَالَ النَّهَارُ وَنُوْرٌ مِنْكَ يُوْهِمُنَا	اِنْ لَمْ يَزَلْ وَلِجُنْحِ اللَّيْلِ اِحْسَانُ

جنح اللیل الظلم الجیم وکسرہا طائفۃ منہ ترجمہ دن گزر گیا اور تیرے چہرہ کا نور ہمکو اس وہم مین ڈالتا ہی کہ دن نہین گزرا اور حال یہ ہی کہ پارہ شب کا ہمپر احسان ہی یعنی وہ آگیا جس مین راحت وسکون ہمکو ملتا ہی خلاصہ یہ ہی کہ تیرے روے مبارک کا نور ظلمت شب پر غالب ہی اس سے یہ وہم ہوتا ہی کہ دن باقی ہی۔

فَإِنْ يَكُنْ طَلَبُ الْبُسْتَانِ يُمْسِكُنَا	فَرُحْ فَكُلُّ مَكَانٍ مِنْكَ بُسْتَانُ	

ترجمہ سو اگر طلب باغ ہکو یہان روکتی ہی تو چلئے کیونکہ تو جہان تشریف رکھے گا وہ مکان باغ ہو جاوے گا۔

وقال فی بطیخۃ فی یداسب العشائر

مَا أَنَا وَالْخَمْرُ وَبِطِّيخَةٌ	سَوْدَاءُ فِي قِشْرٍ مِنَ الْخَيْزُرَانِ	

من رفع الخمر عطفہا علی انا ومن نصبہا جعل الواو بمعنی مع ترجمہ مجکو شراب وخربزہ سیاہ سے جو بید کے پوست مین ہی کیا علاقہ ومناسبت ہی کیونکہ مین مرد جنگی ہون جیسا اگلے شعر مین ہی اور مراد خربزہ سیاہ سے وہ خوشبودار چیز سیاہ رنگ ہی جو بشکل خربزہ پوست بید کے غلاف مین رکھی ہوئی تھی۔

يَشْغَلُنِي عَنْهَا وَعَنْ غَيْرِهَا	تَوْطِينِيَ النَّفْسَ لِيَوْمِ الطِّعَانِ	

التوطین التعود ترجمہ اس خوشبو کے خربزہ اور اس قسم کی اور دل لگی کی چیزون سے میرا خوگر ہونا یوم نیزہ زنی سے مجکو روکتا ہی یعنی مین یہ اشیاے لہو ولعب پسند نہین کرتا مجکو تو مرغوب جنگ ہی۔

وَكُلُّ نَجْلَاءَ لَهَا صَائِكٌ	تَخْضِبُ مَا بَيْنَ يَدِي وَالسِّنَانِ	

عطف علی توطینی فہو مرفوع ومن خفضہ عطفہ علی الطعان والنجلاء الواسعۃ وصائک لازق ترجمہ اور مجکو ایسی چیزون سے ہر زخم فراخ روکتا ہی جس سے خون جسم ملتوع ایسا چمٹ جاتا ہی کہ وہ میرے ہاتھ سے لیکر نیزہ کی بھال تک رنگدے۔

وبلغ ابا الطیب بمصران قوما لغوہ فی مجلس سیف الدولۃ بحلب

بِمَ التَّعَلُّلُ لَا أَهْلٌ وَلَا وَطَنُ	وَلَا نَدِيمٌ وَلَا كَأْسٌ وَلَا سَكَنُ	

السکن الصاحب وکلما سکنت الیہ من اہل الدار ترجمہ مین کس چیز سے دل بہلاؤن نہ میرے پاس میرا اہل وعیال ہین نہ مین اپنے وطن مین ہون اور نہ میرا کوئی ہم پیالہ ہی اور نہ کوئی ایسا شخص ہی جس کے پاس بیٹھکر آرام پاؤن غرض زمانہ کا شکوہ کرتا ہی۔

أُرِيدُ مِنْ زَمَنِي ذَا أَنْ يُبَلِّغَنِي	مَا لَيْسَ يَبْلُغُهُ فِي نَفْسِهِ الزَّمَنُ	

ترجمہ مین اپنے اس زمانہ سے یہ درخواست کرتا ہون کہ وہ مجکو اس چیز پر پہنچاوے جس کو خود زمانہ نہین

پہونچا ہی یعنی مین زمانہ سے اپنی استقامت احوال کا طالب ہون اور یہ امر خود زمانہ کو حاصل نہین ہی یعنی وہ خود ایک حال پر نہین رہتا فصول اربعہ جو ایک دوسرے کی ضد ہین اُسکو متغیر رکھتی ہین - یا یہ کہ مین زمانہ سے ایسے اعلیٰ مقاصد کا خواستگار ہون کہ وہ زمانہ کے مقدور سے باہر ہین اس صورت مین تعریف علو ہمت کی ہی -

لَا تَلْقَ دَهْرَكَ اِلَّا غَيْرَ مُكْتَرِثٍ	مَا دَامَ يَصْحَبُ فِيْهِ رُوْحَكَ الْبَدَنُ

غیر مکترث ای غیر مبال ترجمہ جب تلک تیرا بدن روح کے ساتھ ہی یعنی ادام الحیوۃ اپنے زمانہ سے بے باکانہ پیش آ اور اُس کے حوادث کی پروا مت کر اُنکو بقا نہین ہی -

فَمَا يُدِيْمُ سُرُوْرٌ مَا سُرِرْتَ بِهٖ	وَلَا يَرُدُّ عَلَيْكَ الْفَائِتَ الْحَزَنُ

ما فیما سررت بمعنی الذی او للتنکیر ترجمہ سو وہ سرور جس سے تو خوش ہوا ہی یا کوئی خوشی ہمیشہ نہین رہے گی اور تیرا غم تجھ پر گم شدہ چیز کو نہین لوٹا دے گا پس غم فضول ہی -

مِمَّا اَضَرَّ بِاَهْلِ الْعِشْقِ اَنَّهُمُ	هَوُوْا وَمَا عَرَفُوا الدُّنْيَا وَمَا فَطِنُوْا

ترجمہ منجملہ اُن اشیاء کے جنھون نے عاشقان دُنیا کو نقصان پہنچایا ہی ایک یہ ہی کہ وہ دُنیا پر عاشق ہوئے اور دُنیا کی حقیقت کو اُنھون نے نہ جانا اور نہ پہچانا کہ وہ غدار عاشق کش ہی -

تَفْنٰى عُيُوْنُهُمُ دَمْعًا وَاَنْفُسُهُمْ	فِيْ اِثْرِ كُلِّ قَبِيْحٍ وَجْهُهٗ حَسَنُ

ترجمہ اُنکی آنکھین اور جانین بسبب کثرت اشک کے ہر ایسی چیز کی طلب مین جاتی رہین گی کہ باطن اُس کا زشت و زبون ہی اور ظاہر اُسکا اچھا یعنی دنیا کی طلب مین -

تَحَمَّلُوْا حَمَلَتْكُمْ كُلُّ نَاجِيَةٍ	فَكُلُّ بَيْنٍ عَلَيَّ الْيَوْمَ مُؤْتَمَنُ

الناجیۃ الناقۃ المسرعۃ ترجمہ ای معشوقان ظاہر درست و باطن خراب میرے پاس سے کوچ کر جاؤ مین تمھارے قرب سے باز آیا پھر بطور دعا کہتا ہی کہ میرے پاس سے تمکو ناقہ سریع السیر دور لیجاوے سو ہر قسم کی جدائی تمھاری آج میرے حق مین امانتدار ہی یعنی مین جدائی سے راضی ہون -

مَا فِيْ هَوَادِجِكُمْ مِنْ مُهْجَتِيْ عِوَضٌ	اِنْ مُتُّ شَوْقًا وَلَا فِيْهَا لَهَا ثَمَنُ

الهودج مرکب النساء ترجمہ اگر مین تمھارے شوق مین مرجاؤن تو تمھارے ہودجون مین میری جان کا عوض نہین ہی اور نہ اُنمین میری جان کی قیمت پس تم اس قابل نہین ہو کہ کوئی تمپر مرے -

يَا مَنْ نُعِيْتُ عَلٰى بُعْدٍ بِمَجْلِسِهٖ	كُلٌّ بِمَا زَعَمَ النَّاعُوْنَ مُرْتَهَنُ

الناعون جمع ناع وھو الذی یاتی بخبر الموت ترجمہ ای وہ شخص کہ باوجود دوری کے اُسکی مجلس مین میری موت کی خبر پہنچائی گئی - حال یہ ہی کہ ہر شخص اُس خبر کا جو خبر مرگ پہنچانے والون نے کہی ہی گرو ہے یعنی ہر ایک فرد مریگا -

کَمْ قَدْ قُتِلْتُ وَکَمْ قَدْ مُتُّ عِنْدَکُمْ	ثُمَّ انْتَفَضْتُ فَزَالَ الْقَبْرُ وَالْکَفَنُ

ترجمہ تمہارے نزدیک مین بہت دفعہ مقتول ہوا اور چند بار مرچکا پھر مین نے اپنا بدن ہلایا اور دھڑ دھڑی لی تو قبر اور کفن مجھ سے دور ہو گیا یعنی تمنے میری موت یقینی جان لی اور پھر اُسکے خلاف ظاہر ہوا۔ تو گویا مین مرکر قبر اور کفن سے باہر آگیا سیف الدولہ پر تعریض کرتا ہی۔

قَدْ کَانَ شَاهَدَ دَفْنِیْ قَبْلَ قَوْلِهِمْ	جَمَاعَةٌ ثُمَّ مَاتُوْا قَبْلَ مَنْ دَفَنُوْا

ترجمہ ان خبر مرگ کے پہنچانے والون کے قول سے پہلے ایک بڑی جماعت میرے دفن مین حاضر ہوئی اور وہ میرے مرنیسے پہلے دفن ہو گئی اور میرے مرگ کی نسبت اُنکی خبر جھوٹھ نکلی۔

مَا کُلُّ مَا یَتَمَنَّى الْمَرْءُ یُدْرِکُهُ	تَجْرِی الرِّیَاحُ بِمَا لَا تَشْتَهِی السُّفُنُ

یجوز فی کل الرفع والنصب۔ فالنصب بفعل مضمر ای یدرک المرء کل ما یتمنی فلما اضمر الفعل فسرہ بقولہ یدرکہ کقولک أ زید ضربتہ وہذا علی لغۃ تمیم لان ما عندہم غیر عاملۃ واما اہل الحجاز فیرفعون کل بالانہا عاملۃ عندہم کلیس ویکون الخبر یدرکہ ترجمہ جو آرزو مین مرد کرتا ہی وہ سب اُسکو حاصل نہین ہوتین دیکھو خلاف مرضی کشتی والون کے ہوائین چلتی ہین۔ یعنی میرے دشمن میری موت چاہتے ہین مگر اُنکی تمنا پوری نہین ہوتی۔

رَأَیْتُکُمْ لَا یَصُوْنُ الْعِرْضَ جَارُکُمُ	وَلَا یَدِرُّ عَلٰی مَرْعَاکُمُ اللَّبَنُ

ترجمہ مین نے تمکو ایسے حال مین دیکھا کہ تمہارا پڑوسی اپنی آبرو کی حفاظت نہین کرسکتا یعنی تم اُسکی حمایت نہین کرتے اور اس سے بسبب شتم پیش آتے ہو اور تمہاری چراگاہ کی چرائی سے شیر کثیر پیدا نہین ہوتا کیونکہ وہ بیمزہ و ناگوار ہی۔ یہ بڑی سخت ہجو ہی۔

جَزَاءُ کُلِّ قَرِیْبٍ مِنْکُمُ مَلَلٌ	وَحَظُّ کُلِّ مُحِبٍّ مِنْکُمُ ضَغَنُ

الضغن والضغن الحقد ترجمہ جو شخص تم سے ملتا ہی اُسکی جزا تمہاری طرف سے ملامت و تنگدلی ہی اور تمہارے ہر دوست کو تمہاری جانب سے کینہ کا حصہ ملتا ہی یعنی تم اپنے ملاقاتی سے تنگدل ہو جاتے ہو اور ہر دوست سے کینہ رکھتے ہو۔

وَتَغْضَبُوْنَ عَلٰی مَنْ نَالَ رِفْدَکُمُ	حَتّٰی یُعَاقِبَهُ التَّنْغِیْصُ وَالْمِنَنُ

ترجمہ اور جو تمہاری عطا لیتا ہی اُسپر تم غضبناک رہتے ہو یہان تلک کہ تمہارا اُس کو ناخوش کرنا اور احسان رکھنا برابر ستاتا رہتا ہی یہ تمام تعریض ہی سیف الدولہ پر۔

فَغَادَرَ الْهَجْرُ مَا بَیْنِیْ وَبَیْنَکُمُ	یَهْمَاءَ تَکْذِبُ فِیْهَا الْعَیْنُ وَالْأُذُنُ

الیہماء الارض التی لایہتدی فیہا ترجمہ جب تمہارا یہ حال ہی تو فراق مجھ مین اور تم مین ایسا صحراے لق و دق بے نشان حائل کر دیگا کہ آنکھ مسافر کی اُسمین خیالی خوفناک چیزین دیکھے اور کان ایسی ہی خوفناک آوازین

ئے۔ یہ اتفاق اکثر وحشتناک جنگلوں میں پیش آتا ہے۔

تَخُبُّ الرَّدَاسِمُ مِنْ بَعْدِ التَّرْسِيمِ بِهَا	وَتَسْأَلُ الْأَرْضَ عَنْ أَخْفَافِهَا الثَّفِنُ

الرداسم الابل التی سیرہا الرسیم وہو ضرب من السیر والثفن جمع ثفنة وہی واحدة ثفنات البعیر ہو ما یقع علی الارض من اعضائہ اذا استناخ کالرکبتین وغیرہا والحبو المشی علی الیدین والرجلین کما یمشی الصبی والمقعد ترجمہ وہ صحرا ایسا دور دست و ناپید اکنار ہو کہ اُسمیں وہ شتر جن کی رفتار رسیم ہو جو ایک قسم سریع رفتار کی ہے بعد اس طرح کی رفتار کے بسبب درماندگی و فرسودگی اپنے موزون کے کھڑے ہوئے نہ چل سکیں بلکہ مانند بچوں کی گھٹنیاں چلنے لگیں۔ یعنی بیٹھے ہوئے بذریعہ ہاتھوں اور پاؤں کے اور اُنکے وہ اعضا جو بوقت نشست کے زمین سے لگاتے ہیں مثل ہاتھ پاؤں اور سینہ کے زمین سے اپنے موزون کا حال پوچھنے لگیں کہ وہ کیوں اور کہاں گر گئے۔ یہ بطور مثل واسطے اظہار حقیقت قوۃ رفتار کے کہا۔ حقیقت میں سوال نہیں ہے۔

إِنِّي أُصَاحِبُ حِلْمِي وَهُوَ بِي كَرَمٌ	وَلَا أُصَاحِبُ حِلْمِي وَهُوَ بِي جُبُنٌ

ترجمہ میں بے شک اپنے حلم کو اُسوقت تلک اپنے ساتھ رکھتا ہوں جب تلک کہ وہ میرے لئے موجب کرم و عزت ہو اور جبکہ حلم میرے لئے موجب بزدلی شمار ہو تو اُس کو اپنے ساتھ نہیں رکھتا یعنی حلم نہیں کرتا۔

وَلَا أُقِيمُ عَلَىٰ مَالٍ أَذِلُّ بِهِ	وَلَا أَلَذُّ بِمَا عِرْضِي بِهِ دَرِنُ

ترجمہ اور میں ایسے مال پر نہیں جمتا کہ جس کے سبب میں ذلیل ہوں اور مجھکو اس چیز میں مزہ نہیں آتا جس سے میری آبرو میلی کچیلی ہو۔

سَهِرْتُ بَعْدَ رَحِيلِي وَحْشَةً لَكُمُ	ثُمَّ اسْتَمَرَّ مَرِيرِي وَارْعَوَى الْوَسَنُ

المریر جمع مریرة وہی القوة من الحبل واستمر استقام۔ وارعوی انزجر ورجع والوسن النوم ترجمہ میں تمسے جدا ہونیکے بعد تمھاری جدائی کی وحشت کے سبب بیدار رہا یعنی میری نیند جاتی رہی۔ پھر میں نے صبر کیا اور میرے عزم کی رسی مضبوط ہو گئی اور میری نیند لوٹ آئی اور غم فراق جاتا رہا۔

وَإِنْ بُلِيتُ بِوُدٍّ مِثْلِ وُدِّكُمُ	فَإِنَّنِي بِفِرَاقٍ مِثْلِهِ قَمِنُ

قمن ای جدیر وخلیق ترجمہ اور اگر میں تمھاری دوستی کی مانند کسی اور کی دوستی سے مبتلا کیا جاؤنگا اور وہ دوست مجھ سے ایسا ہی معاملہ کرے گا تو میں بیشک اس امر کا سزاوار ہوں گا کہ تمھاری طرح اُسے بھی چھوڑ دونگا یہ تعریض ہے کافور کیطرف کہ اگر وہ مجھسے تمھاری طرح کج ادائی کرے گا تو میں اُس سے جدا ہو جاؤں گا۔ کہتے ہیں کہ جب سیف الدولہ نے متنبی کا یہ شعر پڑھا تو کہا سار وحق ابی۔

أَبْلَى الْأَجِلَّةَ مُهْرِي عِنْدَ غَيْرِكُمُ	وَبُدِّلَ الْعُذْرُ بِالْفُسْطَاطِ وَالرَّسَنُ

الاجلۃ جمع جل وہو ما یجلل بہ الفرس - والنذر جمع غدار وہو شعر الناصیۃ ترجمہ میرے بچھڑے نے تمھارے غیر کے پاس جھولین کہنہ کردین بسبب گزرنے ایک عرصہ کے مصر مین اُس کے موے پیشانی اور رسی تبدیل کی گئی یعنی پہلی کہنہ ہوگئین -

عِنْدَ الْهُمَامِ اَبِي الْمِسْكِ الَّذِي غَرِقَتْ	فِي جُودِهٖ مُضَرُ الْحَمْرَاءِ وَالْيَمَنُ

مضر الحمراء یروی بالاضافۃ والصفۃ وہو مضر بن نزار وانما سموا مضر الحمراء لان نزارا لما مات ترک اولادہ اربعۃ مضر ۔ وربیعۃ ۔ وایاد ۔ وانمار فتحاکموا الی جرہم فاعطی مضر الذہب وقبۃ حمراء فسموا بذلک واعطی ربیعۃ الخیل فسموا ربیعۃ الفرس - واعطی ایادا الابل والغنم فسموا ایاد الشمط - واعطی انمارا الحمار والارض اشا کلہا فسموا انمار الحمار ترجمہ یہ عرصہ دراز ملک میرا قیام سردار باہمت ابوالمسک یعنی کافور کے پاس رہا جسکی بخشش مین مضر حمراء اور یمن بسبب کثرت عطا کے ڈوبے ہوئے ہین -

وَاِنْ تَاَخَّرَ عَنِّي بَعْضُ مَوْعِدِهٖ	فَمَا تَاَخَّرُ اٰمَالِي وَلَا تَهِنُ

ترجمہ اور اگرچہ اُس کے بعض وعدے میرے ساتھ پورے نہین ہوتے مگر میری اُمیدین اُس سے پیچھے نہین ہٹین اور نہ سست ہوئین - پھر عذر عدم ایفاے وعدہ کا بیان کرتا ہی -

هُوَ الْوَفِيُّ وَلٰكِنِّي ذَكَرْتُ لَهٗ	مَوَدَّةً فَهُوَ يَبْلُوهَا وَيَمْتَحِنُ

ترجمہ کافور ہی وعدہ کا سچا ہی مگر مین نے اُس سے اپنی دوستی کا ذکر کردیا ہی یعنی یہ کہدیا ہی کہ مین تجکو دوست رکھتا ہون لہذا وہ عدم ایفاے وعدہ سے میری محبت کا امتحان اور اُسکی آزمایش کرتا ہی -

وقال بمصر ولم ینشدہا کافوراً

صَحِبَ النَّاسُ قَبْلَنَا ذَا الزَّمَانَا	وَعَنَاهُمْ مِنْ شَاْنِهٖ مَا عَنَانَا

عناہ یعنیہ اذا اتعبہ واہمہ ترجمہ لوگ ہم سے پہلے اس زمانہ کے ساتھ رہے اور اُس نے اپنے کام مین اُن لوگون کو وہی رنج دیا جو اُس نے ہمکو رنج دیا - غرض زمانہ کے سب ستائے ہوئے ہین -

وَتَوَلَّوْا بِغُصَّةٍ كُلُّهُمْ مِنْــهُ	وَاِنْ سَرَّ بَعْضَهُمْ اَحْيَانَا

احیانا جمع حین وہو الوقت ترجمہ اور کل لوگون نے زمانہ سے بحالت ناراضی پشت پھیری اگرچہ اُس نے بعض کو کبھی کبھی خوش بھی کردیا مگر یہان سے نامراد گئے -

رُبَّمَا تُحْسِنُ الصَّنِيعَ لَيَالِيـــهِ	وَلٰكِنْ تُكَدِّرُ الْاِحْسَانَا

الصنیع الاحسان ترجمہ شبہاے زمانہ بسا اوقات احسان عمدہ بھی کرتی ہین مگر آخر کو برائی سے پیش آکر احسان

سابق کو مکدر کر دیتی ہے۔

وَكَاَنَّا لَمْ يَرْضَ فِيْنَا بِرَيْبِ الدَّهْرِ حَتّٰى اَعَانَهٗ مَنْ اَعَانَا

فی یرض ضمیر فاعل لیفسرہ من اعانا۔ واضمرہ قبل الذکر علی شریطۃ التفسیر ویروی لم ترض بالتاء والضمیر للیالی

ترجمہ اور گویا وہ شخص جس نے ظالم زمانہ کی درباب ہمارے ستانے کے مدد کی اُس نے ہمارے ضرر رسانی کے واسطے مصائب دہر کو کافی نہیں جانا حالانکہ وہ ہی بس ہیں اور اُسکی اعانت فضول۔ یا یہ کہ اے مصائب اے گویا تونے ہمارے تکلیف دینے کے لئے اپنے حوادث کو بس نہیں جانا کہ اس باب میں تجکو مددگار کی حاجت ہوئی۔

كُلَّمَا اَنْبَتَ الزَّمَانُ قَنَاةً	رَكَّبَ الْمَرْءُ فِي الْقَنَاةِ سِنَانَا

ترجمہ جبکہ زمانہ چوب نیزہ کو اُگاتا ہی تو دشمن نیزہ میں بھال نگا دیتا ہی یہان نیزہ کو اُس عداوت سے تشبیہ دی جو زمانہ کی طبع مین ہی اور بھال کو اُس مدد سے جو زمانہ کو دشمن دیتا ہی۔ اور بعض شراح نے یہ معنی کہے ہین کہ زمانہ حسب عادت چوب نیزہ اُگاتا ہی اور یہ نہین جانتا ہی کہ یہ کس کام آویگا مگر بنی آدم اپنی شرارت سے ہلاک نفوس کے لئے اُسپر بھال لگا دیتے ہین۔

وَمُرَادُ النُّفُوْسِ اَصْغَرُ مِنْ اَنْ	نَتَعَادٰى فِيْهِ وَاَنْ نَتَفَانَى

ترجمہ اور مطلب نفوس اس بات سے کمتر ہی کہ اُسکی بابت ہم کسی سے عداوت رکھین یا رنج کھینچین کیونکہ مطالب دُنیا اور خود دُنیا سب فانی ہین۔

غَيْرَ اَنَّ الْفَتٰى يُلَاقِي الْمَنَايَا	كَالِحَاتٍ وَلَا يُلَاقِي الْهَوَانَا

کالحات معبسات ترجمہ مطالب دُنیا ذلیل ہین مگر جوان شریف موتہائے شدیدہ سے بخوشی ملاقات کرتا ہی اور ذلت کو پسند نہین کرتا ہی۔ وللہ درہ فما اصدقہ۔

وَلَوْ اَنَّ الْحَيَاةَ تَبْقٰى لِحَيٍّ	لَعَدَدْنَا اَضَلَّنَا الشُّجْعَانَا

ترجمہ اور اگر زندگی نامرد کے لئے باقی رہتی اور شجاع مرجایا کرتے تو ہم بہادر شخص کو سبسے زیادہ گمراہ سمجھتے کہ وہ اپنے قتل پر اقدام کرتا ہی مگر موت تو سب کے لئے ہی خواہ بہادر ہو خواہ بزدل۔

وَاِذَا لَمْ يَكُنْ مِنَ الْمَوْتِ بُدٌّ	فَمِنَ الْعَجْزِ اَنْ تَكُوْنَ جَبَانَا

ترجمہ اور جبکہ موت سے بچنے کا کوئی چارہ ہی نہین ہی تو نامرد ہونا سخت عاجزی ہی۔

كُلُّ مَا لَمْ يَكُنْ مِنَ الصَّعْبِ فِي الْاَنْفُسِ سَهْلٌ فِيْهَا اِذَا هُوَ كَانَا

سہل خبر مبتدا وہو کل شیء۔ وتقدیر الکلام کل شیء من الصعب لم یکن فی النفس سہل اذا وقع ترجمہ جو شئی شدید ظہور مین نہین آئی قبل وقوع کے نفس کو دشوار معلوم ہوتی ہی اور جبکہ ظہور و وجود مین آجاتی ہی تو سہل او

آسان ہو جاتی ہی۔

وقال یذکر خروج شبیب ومخالفتہ کافورًا

عَدُوُّكَ مَذْمُومٌ بِكُلِّ لِسَانٍ	وَلَوْ كَانَ مِنْ أَعْدَائِكَ القَمَرَانِ

ترجمہ تیرے دشمن کا ذکر ہر زبان پر بہ بدی آتا ہی اگرچہ تیرے دشمن شمس وقمر ہون تو وہ بھی باوجود اپنے عموم نفع کے مذموم ہو جاوین۔ شارح ابوالفتح کہتا ہی کہ یہ مدح ہجو بھی ہو سکتی ہی یعنی تو ایسا ساقط الاعتبار ہی کہ جو تجھ سے کم رتبہ سے عداوت رکھے تو وہ مذموم ہو جاتا ہی۔

وَلِلّٰهِ سِرٌّ فِي عُلَاكَ وَإِنَّمَا	كَلَامُ العِدَى ضَرْبٌ مِنَ الهَذَيَانِ

ترجمہ اور تیری رفعت مرتبت مین خدا کا بھید ہی جو لوگون کی سمجھ مین نہین آتا۔ اور بات یہ ہی ہی کہ دشمنون کا تیرے باب مین کلام ایک قسم کا جنون ہی کہ وہ سر الٰہی کو نہین سمجھتے۔ یہ بھی قریب بہجو ہی کہ علو مرتبہ کافور کو امر تقدیری کہا ہی۔ اور تقدیر مین کبھی خسیس کو شریف پر تفوق ہو جاتا ہی۔

أَتَلْتَمِسُ الأَعْدَاءُ بَعْدَ الَّذِي رَأَتْ	قِيَامَ دَلِيلٍ أَوْ وُضُوحَ بَيَانِ

ترجمہ کیا تیرے دشمن بعد دیکھنے تیری ترقی اقبال کے اب بھی کوئی دلیل اور وضوح بیان تیری رفع قدر کے لئے طلب کرین گے۔

رَأَتْ كُلَّ مَنْ يَنْوِي لَكَ الغَدْرَ يُبْتَلَى	بِغَدْرِ حَيَاةٍ أَوْ بِغَدْرِ زَمَانِ

ترجمہ تیرے دشمنون نے دیکھا کہ جو تجھ سے بیوفائی وعہد شکنی کرتا ہی اُسکی زندگی اُس سے بیوفائی کرتی ہی۔ یا زمانہ اُس سے بعذر پیش آتا ہی اور غدر زمانہ موت سے بدتر ہی غرض غدار شخص ان دو بلاؤن مین مبتلا ہوتا ہی۔

بِرَغْمِ شَبِيبٍ فَارَقَ السَّيْفَ كَفُّهُ	وَكَانَا عَلَى العِلَّاتِ يَصْطَحِبَانِ

ترجمہ شبیب کے خلاف مرضی اُس کے ہاتھ نے اُسکی تلوار سے مفارقت کی حالانکہ تلوار اور اُسکا ہاتھ باوجود موانع ہمیشہ دونون ساتھ رہتے تھے۔ وشبیب ہذا ہو ابن جریر العقیلی من قوم کانوا من القرامطۃ وکان من توابع سیف الدولۃ وولی شبیب معرۃ النعمان دہرا طویلا واجتمع الیہ جماعۃ من العرب فوق عشرۃ الاٰف واراد ان یخرج علی کافور فقصد دمشق فحاصرا فیقال ان امرأۃ القت علیہ رحی فصرعتہ فانہزم من کان معہ لما مات ویقال انہ حدث بہ صرع من شرب الخمر وترکہ اصحابہ ومضوا فاخذہ اہل دمشق فقتلوہ فعرض بہ ابوالطیب بہذا البیت۔

كَأَنَّ رِقَابَ النَّاسِ قَالَتْ لِسَيْفِهِ	رَفِيقُكَ قَيْسِيٌّ وَأَنْتَ يَمَانِي

قیس من عدنان والیمن من قحطان وبینہما بعد وتنازع واختلاف ترجمہ گویا اُن لوگون کی گردنون نے جن کو اُسکی تلوار نے قطع کیا تھا شبیب کی تلوار سے کہا کہ تیرا رفیق شبیب بنی قیس مین ہو اور تو یمنی ہو کیونکہ شمشیر یمن مشہور ہی پس توکیون اُس کے ساتھ ہو اس لئے وہ شبیب سے جُدا ہوگئی۔

فَإِنْ يَكُ إِنْسَانًا مَضَى لِسَبِيلِهِ	فَإِنَّ الْمَنَايَا غَايَةُ الْحَيَوَانِ

ترجمہ سو اگر ایک آدمی یعنی شبیب اپنی راہ پر چلا گیا یعنے مرگیا تو کچھ عار کی بات نہین کیونکہ ہر جاندار کا انجام موت ہین۔

وَمَا كَانَ إِلَّا النَّارَ فِي كُلِّ مَوْضِعٍ	يُثِيرُ غُبَارًا فِي مَكَانِ دُخَانِ

ترجمہ شبیب تھا کہ ہر جگہ دشمنون کے حق مین آگ جو بجاے دود آتش میدان جنگ مین غبار اُڑاتا تھا

فَنَالَ حَيَاةً يَشْتَهِيهَا عَدُوُّهُ	وَمَوْتًا يُشَهِّي الْمَوْتَ كُلَّ جَبَانِ

یشہی لایتعدی الی مفعولین الا بواسطہ حرف الجر فحذفہ وہو یریدہ کانہ قال الی کل جبان ترجمہ سو وہ ایسی زندگی باعزت وآبروجیا جس کی تمنا اُس کے دشمن رکھتے ہین یعنی اپنے لئے اور بے بیاری سابق ایسی موت مراکہ ہر نامرد کو ایسی مرنے کی رغبت ہوتی ہی یعنے بے تکلیف مرض دفعۃ۔

نَفَى وَقْعَ أَطْرَافِ الرِّمَاحِ بِرُمْحِهِ	وَلَمْ يَخْشَ وَقْعَ النَّجْمِ وَالدَّبَرَانِ

النجم الثریا۔ والدبران خمسۃ کواکب من الثور وہو من مناحس النجوم فی زعم المنجمین ترجمہ اُسنے اپنے نیزہ کے ذریعہ سے اپنے اوپر دشمنون کے نیزون کی بھالین پڑنے ندین مگر وہ نحوست ثریا اور دبران سے نڈرا خلاصہ یہ ہی کہ اُس نے آفات ارضی کا بندوبست کیا مگر آفات سماوی کو دفع نکرسکا کہ بے تیر وتفنگ مرگیا۔

وَلَمْ يَدْرِ أَنَّ الْمَوْتَ فَوْقَ شَوَاتِهِ	مُعَارُ جَنَاحٍ مُحْسِنُ الطَّيَرَانِ

شواتہ جلدۃ راسہ ترجمہ اور اُس نے یہ نجانا کہ موت مستعار بازو لئے ہوئے خوش پرواز اُس کے سر پر منڈلا رہی ہی اور یہ اشارہ ہی اس طرف کو کسی عورت نے اُس کے سر پر بالاے قلعۂ دمشق سے چکّی گرادی تھی۔ جس کے سبب وہ مرگیا۔

وَقَدْ قَتَلَ الْأَقْرَانَ حَتَّى قَتَلْتَهُ	بِأَضْعَفِ قِرْنٍ فِي أَذَلِّ مَكَانِ

القرن بالکسر کفوک فی الحرب ترجمہ اور شبیب نے اپنے ہمسران جنگ کو قتل کیا انجام مین تونے اُسکو ایک نہایت ضعیف ہمسر جنگ سے ذلیل تر مکان مین قتل کرادیا یہ اشارہ ہی اُس قول کیطرف جو بعض نے کہا ہی کہ شبیب زہر آلودہ ستو کھاکر جنگ کے لئے نکلا اور بسبب حرکات جنگ زہر نے اُسپر اثر کیا اور مرگیا اور اذل مکان سے مراد معرکۂ جنگ سے باہر ہی۔

أَتَتْهُ الْمَنَايَا فِي طَرِيقٍ خَفِيَّةٍ	عَلَى كُلِّ سَمْعٍ حَوْلَهُ وَعِيَانِ

ترجمہ اُسکے پاس موتین ایسی راہ سے آئین جو اُسکے ہرگرد و پیش کے ہرکان و آنکھ پر پوشیدہ تھی - یعنے وہ دفعتہً مرگیا - اور کسی کو اُسکا سبب مرگ معلوم نہ ہوا -

وَلَوْ سَلَكَتْ طُرُقَ السِّلَاحِ لَرَدَّهَا ۔ بِطُوْلِ يَمِيْنٍ وَاتِّسَاعِ جَنَانِ

ترجمہ اور اگر موتین اُسکے پاس ہتھیارون کی راہ سے آتین تو وہ اُنکو بسبب اپنے درازدستی اور وسعت دل اور صدر کے ناکام لوٹا دیتا کیونکہ وہ بڑا بہادر تھا -

تَقَصَّدَهُ الْمِقْدَارُ بَيْنَ صِحَابِهٖ ۔ عَلٰى ثِقَةٍ مِّنْ دَهْرِهٖ وَاَمَانِ

المقدار القدر والقضاء ترجمہ قضا و قدر نے اُسکو اُسکے یارون کے بیچ مین ایسے وقت آمارا جبکہ وہ اپنے زمانہ و امان پر پورا بھروسہ رکھتا تھا یعنی اُسکو اپنی حیات کا یقین تھا -

وَهَلْ يَنْفَعُ الْجَيْشُ الْكَثِيْرُ الْتِفَافُهٗ ۔ عَلٰى غَيْرِ مَنْصُوْرٍ وَغَيْرِ مُعَانِ

الالتفاف الاجتماع ترجمہ اور کیا بڑے لشکر کو اُسکا اجتماع ایک شخص کے پاس جو منجانب خدا فتحمند اور مدد دیا گیا ہو کچھ مفید ہی یعنی نہین - ایسا ہی حال شبیب کا ہو -

وَدَى مَا جَنٰى قَبْلَ الْمَبِيْتِ بِنَفْسِهٖ ۔ وَلَمْ يَدِهٖ بِالْجَامِلِ الْعَكَنَانِ

ودی من الدیۃ ای اعطی الدیۃ - والمبیت اللیل - والجامل اسم للجمال الکثیرۃ کالباقر اسم لجماعۃ البقر والتامر اسم للتمار - والعکنان بفتح الکاف وسکونہا والسکون اکثر الابل الکثیرۃ - ونعم عکنان ای کثیرۃ ترجمہ اُس نے قبل گزرنے شب کے اپنے گناہ کی جو قتل مردان تھا اپنی جان بجائے دیت دی یعنے بعوض قتل مردان کے اپنی جان دی اور شتران کثیر اپنی دیت مین نہ دئے - یعنی اُسکا مرنا بجائے دیت ہو گیا -

اَتُمْسِكُ مَا اَوْلَيْتَهٗ يَدُ عَاقِلٍ ۔ وَتُمْسِكُ فِيْ كُفْرَانِهٖ بِعِنَانِ

ترجمہ کیا تیرے عطایا کو کسی عاقل کا ہاتھ لیسکتا ہی اور پھر تیرے کفران نعمت مین گھوڑے کی باگ پکڑسکتا ہی یعنے تجھ سے کفران نعمت کرکے پھر لڑسکتا ہی یعنی ایسا نہین ہوسکتا ہی - یہ اس امر کیطرف اشارہ ہی کہ شبیب نے تیرا کفران نعمت کیا اور اسلئے اُسکے وبال مین پکڑا گیا اور مارا گیا -

وَيَرْكَبُ مَا اَرْكَبْتَهٗ مِنْ كَرَامَةٍ ۔ وَيَرْكَبُ لِلْعِصْيَانِ ظَهْرَ حِصَانِ

ترجمہ اور کیا کوئی اُس سواری پر جو تو نے براہ کرم اُسکو عنایت کی سوار ہو کر پھر تیری نافرانی اور بغاوت کرکے پشت نر گھوڑے پر سوار ہو سکتا ہی - یعنی نہین ہو سکتا -

ثَنٰى يَدَهُ الْاِحْسَانُ حَتّٰى كَاَنَّهَا ۔ وَقَدْ قُبِضَتْ كَانَتْ بِغَيْرِ بَنَانِ

ثنی بمعنی رد ہا ترجمہ تیرے احسان نے اُس کے ہاتھ کو موڑ دیا یہان تلک کہ اُسکا مٹھی بندھا ہاتھ بے انگلیون

تھا یعنی بشامت بغاوت کسی چیز پر قابض نہ تھا۔

وَعِنْدَ مَنِ الْيَوْمَ الْوَفَاءُ لِصَاحِبٍ ۔۔۔ شَبِيبٌ وَأَوْفَى مَنْ تَرَى أَخَوَانِ

شبیب مبتدء واوفی عطف علیہ والخبر اخوان ترجمہ اور آجکے دن وفا اپنے صاحب کے لئے کس کے پاس ہے غرض کیسکے پاس نہین ہی شبیب غادر اور باوفا شخص عذر مین دونون بھائی ہین۔ یعنی جیسا شبیب نے غدر کیا ایسا ہی ان دونون کا باوفا شخص کرتا ہی۔

قَضَى اللهُ يَا كَافُورُ أَنَّكَ أَوَّلٌ ۔۔۔ وَلَيْسَ بِقَاضٍ أَنْ يُرَى لَكَ ثَانِ

ترجمہ ای کافور خداوند تعالیٰ نے حکم کردیا کہ تو مکارم ومعالیمن سب سے اول نمبر پر ہی اور وہ یہ حکم کرنے والا نہین ہی کہ تجھ جیسا یا تجھ سے قریب لمحق دوسرا ہو۔

فَمَا لَكَ تَخْتَارُ الْقِسِيَّ وَإِنَّمَا ۔۔۔ عَنِ السَّعْدِ يُرْمِي دُونَكَ الثَّقَلَانِ

ترجمہ سو تجکو کیا ہو گیا ہی کہ تو کمانون کو دشمنون کے قتل کے لئے پسند کرتا ہی اور بات یہ ہی ہی کہ تیری سعادت بخت جب تجھ سے ورے جن وانسان کے تیر ا رتی ہی تجکو کمان کی کیا حاجت ہی۔

وَمَا لَكَ تُعْنَى بِالْأَسِنَّةِ وَالْقَنَا ۔۔۔ وَجَدُّكَ طَعَّانٌ بِغَيْرِ سِنَانِ

الاسنۃ جمع سنان۔ والقنا الرماح ترجمہ اور تجکو کیا ضرورت پیش آئی کہ بھالون اور نیزون کا تو اہتمام فرماتا ہی اور حال یہ ہی کہ تیرا نصیب بے بھال کے سخت نیزہ زنی کرتا ہی۔

وَلِمْ تَحْمِلُ السَّيْفَ الطَّوِيلَ نِجَادُهُ ۔۔۔ وَأَنْتَ غَنِيٌّ عَنْهُ بِالْحَدَثَانِ

الحدثان حوادث الدہر ترجمہ تو کس لئے لمبے پرتلے کی تلوار باندھتا ہی اور حال یہ ہی کہ تو بسبب حوادث زمانہ کے جو تیری طرف سے دشمنون کو قتل کرتے ہین تلوار سے بے پروا ہی اور یہ اشارہ ہی طرف قتل شبیب کے کہ وہ کافور کے اقبال کے سبب بے ذریعہ سلاح مارا گیا۔

أَرِدْ لِي جَمِيلًا جُدْتَ أَوْ لَمْ تَجُدْ بِهِ ۔۔۔ فَإِنَّكَ مَا أَحْبَبْتَ فِيَّ أَتَانِي

ترجمہ تو میری حق مین نیکی کا ارادہ فرما پھر تو وہ چاہے دے یا نہ دے کیونکہ تو جو میرے لئے پسند کرتا ہی وہ میرے پاس آہی جاتا ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ زمانہ تیرا مطیع ہی جب تو کسی کے حق مین کسی امر کا ارادہ کرتا ہی تو زمانہ اسکو اس کے پاس پہنچا دیتا ہی۔

لَوِ الْفَلَكُ الدَّوَّارُ أَبْغَضْتَ سَعْيَهُ ۔۔۔ لَعَوَّقَهُ شَيْءٌ عَنِ الدَّوَرَانِ

یروی الفلک بالرفع والنصب والنصب اجود لان لو تقتضی الفعل فیجب ان تضمر له فعلا ینصبه ویکون الفعل الذی نصبه المضاف الی ضمیره ومنه ابغضت الذی یفسره۔ وقد یجوز الرفع بالابتداء ولکن تضمر له فعلا ترفعه به فی معنی ہذا الظاہر ۵۲

دیکون الظاہر لتفسیر اکانہ قال لو خالفک سوقفئی ترجمہ اگر تو چرخ گردان کی حرکت کو ناپسند کرے تو بیشک اُسکو کوئی چیز حرکت سے روکدے گی کیونکہ تیرا حکم واجب العمل ہو

وقال یوما لکافور

لَوْ کَانَ ذَا الْاٰکِلُ اَزْوَادَنَا	ضَیْفًا لَاَوْسَعْنَاہُ اِحْسَانَا

ترجمہ اگر یہ کافور حبشی ہمارے توشون کا کھانے والا ہمارا مہمان ہوتا تو ہم اُسپر بہت احسان کرتے توشون کا کھانے والا اسکو دو اعتبار سے کہا ایک تو یہ کہ متنبی اُس کے لئے تحفے لایا تھا اُس کی کافور نے کچھ مکافات نہ کی دوسرا یہ کہ متنبی کو اُس نے کچھ نہیں دیا اور ناچار وہ اپنی گرہ سے کھاتا تھا اور اُسکو جانے نہین دیتا تھا تو گویا کافور اُس کا توشہ کھاتا تھا۔

لٰکِنَّنَا فِی الْعَیْنِ اَضْیَافُہٗ	یُوْسِعُنَا زُوْرًا وَّ بُہْتَانَا

ترجمہ مگر ہم بظاہر اُس کے مہمان ہین کیونکہ ہم اُس کے پاس آئے ہین مگر ہمکو وہ کچھ نہین دیتا ہو اور جھوٹے وعدے کرتا ہی اور طرح طرح کے بہتان ہمپر رکھتا ہی اور گودڑے پیٹ بھرتا ہی۔

فَلَیْتَہٗ خَلّٰی لَنَا سُبْلَنَا	اَعَانَہُ اللّٰہُ وَاِیَّانَا

ترجمہ سو کاش وہ ہماری راہین چھوڑدے اور ہمکو جانے دے خدا اُسکو توفیق دے کہ وہ ہمکو زودکے اور ہماری مدد کرے کہ ہم یہان سے نجات پاوین۔

وکتب الی عبد العزیز بن یوسف الخزاعی

جَزٰی عَرَبًا اَمْسَتْ بِبُلْبَیْسَ رَبُّہَا	بِمَسْعَاتِہَا تَقْرَرْ بِذَاکَ عُیُوْنُہَا

ارادلتقر رحل الامر فحذف اللام۔ وبلبیس بلد قریب من مصر۔ والمسعاۃ واحدۃ المساعی وہی السعی فی تحصیل الخیر والمجد ترجمہ اُن عرب کو جو شہر بلبیس مین ہین اُن کا رب اُن کے نیک کامون کے عوض اُنکو ایسی جزاے خیر دے کہ اُنکی آنکھین اُس جزاے خنک ہوجاوین۔

کَرَاکِرَ مِنْ قَیْسِ بْنِ عَیْلَانَ سَاہِرًا	جُفُوْنُ ظُبَاہَا لِلْعُلٰی وَجُفُوْنُہَا

کراکر بدل من عرب وہی الجماعات الواحدۃ کرکرۃ بکسر الکاف۔ وقیس بن عیلان بن الناس بالنون ابن نضر بن نزار ترجمہ وہ عرب گروہ قیس بن عیلان سے ہین کہ اُنکی شمشیرون کے میان اور اُن کی قرباے چشم طلب ناموری اور بلند نامی مین بیدار ہین۔ جبکہ اُنکی پلکون کو طلب مجد و شرف کے لئے بیدار کہا تو اُنکی شمشیرون کے

میانون کو بھی بیدار تخیلا کیا۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ ہمیشہ طلب محل کے واسطے اپنی میانون سے باہر رہتی ہین تو وہ گویا مثل آنکی مژہاے چشم کے ہمیشہ بیدار اور ہوشیار رہتی ہین۔

وَخَصَّ بِهٖ عَبْدَ الْعَزِیْزِ بْنَ یُوْسُفَ	فَمَا هُوَ اِلَّا عَیْنُهَا وَ مَعِیْنُهَا

العین من الشی خیرہ وافضلہ۔ والمعین الماء الصافی وقیل الجاری ترجمہ اور خدا اُس جزاے خیر کے ساتھ عبد العزیز ابن یوسف کو خاص کرے کیونکہ وہ اُنکا افضل مثل چشم ہی کہ اُسی کے ذریعہ سے نیک و بد کو پہچانتے ہین اور وہ اُنکے کے بمنزلہ صاف اور جاری پانی کے اُنکی حیات کا سبب ہی۔

فَتًی زَانَ فِیْ عَیْنَیَّ اَقْصٰی قَبِیْلَةٍ	وَکَمْ سَیِّدٍ فِیْ حِلَّةٍ لَا یَزِیْنُهَا

الحلۃ الجماعۃ یحلون بالمکان ترجمہ وہ ایسا جوانمرد ہی کہ اُسنے میری دونون آنکھون مین دورترین قبیلہ کو زینت دیدی یعنے اگرچہ وہ اُن سے نسب مین دور ہون مگر یہ اُن کا باعث زینت ہی اور بہت سے مجمع کے سردار ایسے ہین کہ اُنکی زینت کے باعث نہین ہوتے۔

وقال یمدح عضد الدولۃ وولدیہ ابا الفوارس وابا دلف ویذکر طریقہ بشعب بوان

مَغَانِی الشِّعْبِ طِیْبًا فِی الْمَغَانِیْ	بِمَنْزِلَةِ الرَّبِیْعِ مِنَ الزَّمَانِ

مغانی واحد امغنی وہو المکان فیہ اہلہ الشعب ہو شعب بوان وہو موضع کثیر الشجر والمیاہ یعد من جنان الدنیا کنہر الابلۃ وسغد سمرقند وغوطۃ دمشق وکشمیر الہند ترجمہ منازل شعب بوان سرسبزی اور خوبی مین بہ نسبت اور منازل کے ایسے ہین جیسا بہار کا زمانہ اور زمانون مین۔ یعنی تمام مکانون پر ایسی فضیلت رکھتا ہی جیسا بہار کا زمانہ اور زمانون پر۔

وَلٰکِنَّ الْفَتَی الْعَرَبِیَّ فِیْهَا	غَرِیْبُ الْوَجْهِ وَالْیَدِ وَاللِّسَانِ

ترجمہ مگر اُسمین جوان عربی یعنی مین غریب چہرہ اور ہاتھ اور زبان ہی۔ غریب الوجہ یعنی اجنبی ناآشنا یا یہ کہ میرے چہرہ کا رنگ گندم گون اور یہان کے باشندون کا رنگ سرخ و سفید۔ غریب الید یعنی میرے سلاح شمشیر و نیزہ اور باشندگان شعب بوان کے سلاح گرز و سپر و کتار وغیرہ ہین اور غریب الید کے یہ بھی معنے ہوسکتے ہین کہ مین خط نسخ لکھتا ہون اور وہ لوگ خط نستعلیق۔ اور غریب اللسان یعنی میری زبان عربی ہی اور اُنکی بولی کچھ اور ہی جو میری سمجھ مین نہین آتی۔

مَلَاعِبُ جِنَّةٍ لَوْ سَارَ فِیْهَا	سُلَیْمَانٌ لَسَارَ بِتَرْجُمَانِ

الملاعب جمع ملعب والجنۃ الجن۔ والترجمان بفتح التاء وضمہا ہو الذی یفسر کلام غیرہ بلسانہ ترجمہ شعب

بازنگیاہ جنون کی ہی یعنی نہایت عمدہ و پاکیزہ عرب کا دستور ہی کہ جب کسی شیٔ کی مدح مین مبالغہ کرتے ہین تو اُس کو جنون کیطرف نسبت کر دیتے ہین - مگر اُنکی زبان عجیب و غریب ہی کہ اگر حضرت سلیمانؑ بھی وہان چلین پھرین تو ترجم کو ساتھ لیکر - یعنی باوجودیکہ حضرت موصوف سب زبانون کو سمجھتے ہین یہان تلک کہ بہائم اور طیور کی زبانون کو بھی مگر یہ زبان ایسی غریب ہی کہ اُسکو وہ بھی نہین سمجھتے -

طَبَتْ فُرْسَانَنَا وَالْخَيْلَ حَتَّى	خَشِيتُ وَإِنْ كَرُمْنَ مِنَ الْحِرَانِ

طبت ای دعت فیہ ضمیر یعود الی المغانی ای ہذہ المغانی دعت فرساننا وخیولنا الی المقام والحران فی الدواب ان تقف ولا تبرح من المکان ترجمہ منازل شعب بوان نے بسبب اپنی خوبیون کے ہمارے سوارون اور گھوڑون کو قیام کی طرف ایسا مائل کیا کہ باوجودیکہ وہ کریم الاصل ہین مگر مجکو خوف ہی کہ وہ اُڑنے نہ لگین - یعنی اُنمین کہین یہ عیب پیدا نہ ہو جائے -

غَدَوْنَا تَنْفُضُ الْأَغْصَانُ فِيهِ	عَلَى أَعْرَافِهَا مِثْلَ الْجُمَانِ

الاعراف جمع عرف وہو عرف الفرس یعنی الشعر الذی علی ناصیتہ - والجمان حب صغار من فضۃ یشبہ اللولو ترجمہ ہم اُسمین صبح کرتے ہین ایسے حال مین کہ درختون کی شاخین بسبب کثرت شبنم کے ہمارے گھوڑونکے موہاے پیشانی وایال پر قطرہ ہاے شبنم مثل چاندی کے چھوٹے دانون کے گراتی ہین - غرض بیان کثرت اشجار وطراوت ہی -

فَسِرْتُ وَقَدْ حَجَبْنَ الشَّمْسَ عَنِّي	وَجِئْنَ مِنَ الضِّيَاءِ بِمَا كَفَانِي

ترجمہ سو مین روانہ ہوا ایسے حال مین کہ کثرت اشجار نے دھوپ کو مجھ سے روک لیا اور اسقدر مجکو روشنی دی جو میرے لئے کافی تھی - یعنی کثرت اشجار نے مجکو دھوپ کی تکلیف نہونے دی اور آفتاب کی شعاعین جو پتون مین ہو کر مجھ تلک پہنچتی تھین وہ راہ کے معلوم کرنے کے لئے بس تھین آور شارح ابو الفتح کہتا ہی کہ وہ جو مثل دانہاے سیم گھوڑون کے بالون پر گرتے تھے وہ آفتاب کی روشنی تھی - جو شاخون مین ہو کر مجھ تلک پہنچی تھی -

وَأَلْقَى الشَّرْقُ مِنْهَا فِي ثِيَابِي	دَنَانِيرًا تَفِرُّ مِنَ الْبَنَانِ

الشرق الشمس یقال طلع الشرق ولا یقال غاب الشرق - والبنان الاصابع ترجمہ اور آفتاب نے اپنی شعاعون سے میرے کپڑون پر ایسے دینار بکھیرے جو انگلیون سے بھاگتے تھے یعنی آفتاب کی روشنی کے گول داغ میرے لباس پر درخت کے پتون کے بیچ مین سے گزر کر دینارون کے مانند پڑتے تھے مگر وہ انگلیون مین مثل دینار رسمی کے نہین ٹھہرتے تھے بلکہ انگشت کے لگنے سے اپنی جگہ سے جدا ہو جاتے تھے -

لَهَا ثَمَرٌ تُشِيرُ إِلَيْكَ مِنْهُ	بِأَشْرِبَةٍ وَقَفْنَ بِلَا أَوَانِي

ترجمہ اُن درختون پر ایسے پھل لگے ہوتے ہین جو بسبب باریکی اپنے پوست کے ایسے شربتون کیطرف اشارہ

کرتے ہین جو بے ظروف کے قائم ہین۔ یعنی اُنکے عرق اُنکے تنگ پوستون مین سے نظر آتے ہین۔

صَلِيلَ الْحَلْيِ فِي أَيْدِي الْغَوَانِي		وَأَمْوَاهٌ يَصِلُّ بِهَا حَصَاهَا	

صل اذا صوت وصلصلة اللجام صوتہ۔ والحلی ما لبسہ النساء من الذہب والفضة والجواہر وفیہ ثلاث لغات بضم الحاء وکسر اللام۔ وبکسرہما۔ وبفتح الحاء وسکون اللام۔ والغوانی جمع غانیة وہی المرأة التی لغنیت بحسنہا وقیل بزوجہا ترجمہ اور اُس شعب مین ایسے زور سے پانی جاری ہین کہ اُن کے گرنے کے سبب اُنکے نیچے سنگریزے ایسا غل کرتے ہین جیسے خوبصورت رقاصہ عورتون کے ہاتھ مین زیور۔

لَبِيقُ الثَّرْدِ صِينِيُّ الْجِفَانِ		وَلَوْ كَانَتْ دِمَشْقَ ثَنَى عِنَانِي	

لبیق حسن ملیح طیب۔ والجفان جمع جفنة۔ والثرد والثرید بمعنی ترجمہ اور اگر یہ منازل طیبہ غوطہ دمشق ہوتین تو کوئی شخص سخی جسکا ثرید یعنی چوری ہوئی روٹی خوشنما و مرغن ہی اور اُسکے کا سہاے کلان چینی کے ہین میری باگ کو اپنی طرف کھینچ لیجاتا اور مجکو اپنا مہمان کرتا کیونکہ وہ لوگ عرب مہمان نواز ہین اور یہ شعب عجمیون کی ہی۔ وجہ تخصیص دمشق یہ ہی کہ شعب بوان غوطہ دمشق سے کثرت اشجار و ثمرات و کہاے جاری مین مشابہ ہی غرض بیان فضل دمشق ہی اور اظہار سخاوت اُس کے باشندون کا۔

بِهِ النِّيرَانُ نَدِيُّ الدُّخَانِ		يُلَنْجُوجِيٌّ مَا رُفِعَتْ لِضَيْفٍ	

الیلنجوجی العود الذی تتجر بہ۔ وندی کثم سنہ رائحة الند ویلنجوجی مضاف الی ما رفعت۔ والتقدیر لشانی رجل لبیق ثردہ صینی جفانہ یلنجوجی ما رفعت بہ لضیف نارہ وندی دخانہ ترجمہ وہ ایسا شخص ہی کہ اُس کے ہان جس سے مہمان کے لئے آگ بلند کیجاے یعنی بھڑکائی جائے وہ عود ہی اور اُس کے دخان مین ندکی جو ایک قسم کی خوشبو ہی خوشبو آتی ہی یعنے اہل دمشق اپنے مہمانون کے لئے عود جلاتے ہین۔

وَيَرْحَلُ مِنْهُ عَنْ قَلْبِ جَبَانِ		يَحُلُّ بِهِ عَلَى قَلْبِ شُجَاعٍ	

ترجمہ مہمان ممدوح کے پاس ایسے حال مین اُترتا ہی کہ بسبب اُسکی حمایت و قوت کے اُسکا دل بہادر ہوتا ہی یعنے ایسے حال مین وہ کسی سے نہین ڈرتا اور جب وہ اُسکے پاس سے رخصت ہوتا ہی تو اُسکی حمایت سے نکلجانے کے باعث اُسکا دل نامرد کا سا ہوتا ہی اور ہر کسی سے ڈرتا ہی اس صورت مین دل سے مراد ان دونون مصرعون مین دل مہمان ہی شارح واحدی کہتا ہی کہ یہ بھی ہوسکتا ہی کہ قلب سے مراد دونون جگہون مین دل میزبان ہو اور معنی یہ بیان کئے جائین کہ مہمان جب اُس کے ہان آتا ہی تو ایک بہادر سخی کے پاس آتا ہی اُسکو یہ غم نہین ہوتا کہ مجکو وہان کھانا نہ ملے گا اور جب اُس سے رخصت ہوتا ہی تو وہ ممدوح کے ایسے دل سے رخصت ہوتا ہی جو مہمان کے فراق اور ارتحال سے خائف ہی اور ظاہر الفاظ علی قلب و عن قلب معنی

اخیر پر دلالت کرتے ہیں۔ یعنی قلبین سے مراد قلب ضعیف یعنی میزبان ہی نہ دل ہماں۔

مَنَازِلُ لَمْ یَزَلْ مِنْهَا خَیَالٌ	یُشَیِّعُنِیْ اِلَی النَّوْبَنْدَ جَانِ

النوبندجان موضع علی طریقہ وقیل بلد بفارس ترجمہ دمشق کے ایسے مقامات ہیں کہ انکا خیال میرے ساتھ موضع نوبندجان تلک رہا کہ میں انکو خواب میں بھی برابر دیکھتا ہوں۔

اِذَا غَنَّی الْحَمَامُ الْوُرْقُ فِیْهَا	اَجَابَتْهُ اَغَانِیُّ الْقِیَانِ

الورق جمع ورقاء وہی التی فی لونہا بیاض الی سواد۔ والاغانی جمع اغانی مخففاً۔ والقیان جمع قینۃ وہی المغنیۃ ترجمہ جبکہ اُن منازل میں فاختہ یا کبوتر خاکستری رنگ مغنیانہ بولتے ہیں تو انکو گانے والی چھوکریاں جواب دیتی ہیں یعنے اُمنیں تمام سامان دل لگی کے موجود ہیں۔

وَمَنْ بِالشِّعْبِ اَحْوَجُ مِنْ حَمَامٍ	اِذَا غَنّٰی وَنَاحَ اِلَی الْبَیَانِ

الشعب ہو شعب بوان موضع من اعمال شیراز قریب منہا ترجمہ اور جو لوگ شعب بوان میں رہتے ہیں فاختہ سے جب وہ گائے اور روئے بیان کیطرف زیادہ محتاج ہیں کیونکہ اُن لوگوں میں نہ فصاحت ہی اور نہ بیان اس لئے اہل عرب اُنکے کلام کو نہیں سمجھتے۔

وَقَدْ یَتَقَارَبُ الْوَصْفَانِ جِدًّا	وَمَوْصُوْفَاهُمَا مُتَبَاعِدَانِ

ترجمہ دو وصف کبھی باہم نہایت قریب ہوتے ہیں اور جنکے وہ وصف ہیں ایک دوسرے سے دور جیسے عدم فہم کلام میں فاختہ اور باشندگان شعب بوان باہم بہت قریب ہیں اور اُن کے موصوف یعنی فاختہ اور وہ لوگ ایک دوسرے سے بہت دور کیونکہ ایک پرندہ ہی اور دوسرا انسان۔

یَقُوْلُ بِشِعْبِ بَوَّانٍ حِصَانِیْ	اَعَنْ هٰذَا یُسَارُ اِلَی الطِّعَانِ

ترجمہ میرے گھوڑے شعب بوان میں کہتے ہیں کہ کیا ایسے سیرگاہ دلپذیر کو چھوڑکر نیزہ زنی یعنے جنگ کی طرف جایا جا سکتا ہی یعنی یہاں سے نقل کرنا خلاف عقل ہی غرض اُنکی زبان حال یہ کہہ رہی ہو۔

اَبُوْکُمْ اٰدَمُ سَنَّ الْمَعَاصِیْ	وَعَلَّمَکُمْ مُفَارَقَةَ الْجِنَانِ

ترجمہ تمھارے پدر حضرت آدم نے گناہوں کی راہ نکالی اور تمکو جنتوں کا چھوڑنا سکھادیا۔ یعنی تمھارے پدر نے اچھے وپاکیزہ اماکن کا چھوڑنا تمکو بتلایا ہی جبکہ وہ طریقہ عصیان اختیار کرکے جنت سے نکالے گئے۔ یہ تمہید ہو گریز کی کہ میں اُس لطیف مکان کے سبب قصد ممدوح ترک نکرونگا اور اُس عمدہ جگہ کو چھوڑدونگا۔

فَقُلْتُ اِذَا رَاَیْتُ اَبَا شُجَاعٍ	سَلَوْتُ عَنِ الْعِبَادِ وَذَا الْمَکَانِ

ترجمہ سو میں نے اپنے گھوڑے سے بطور جواب کہا کہ جب تو ابو شجاع عضدالدولہ کو دیکھے گا تو سب لوگوں

اوراس مکان جنت نشان کو بھو لجاویگا۔کیونکہ جواُسمین خوبیان ہین یہان نہین ہین۔

فَاِنَّ النَّاسَ وَالدُّنْیَا طَرِیْقٌ ۔۔۔ اِلٰی مَنْ مَّالَہٗ فِی النَّاسِ ثَانِیْ

ترجمہ کیونکہ سب آدمی اور ساری دُنیا اُس شخص کیطرف راہ ہین جس کا ثانی تمام آدمیون مین نہین ہی۔یعنی مقصود بالذات ممدوح ہی اور تمام اشیا اُس تلک پہنچنے کا سامان ہین۔پس غیر مقصود کے لئے مقصود کا ترک نہین ہو سکتا اوراس لئے اماکن طیبہ کی طرف مین مائل نہین ہو سکتا۔

لَہٗ عَلَّمْتُ نَفْسِی الْقَوْلَ فِیْھِمْ ۔۔۔ کَتَعْلِیْمِ الطِّرَادِ بِلَا سِنَانِ

الطراد المطاعنۃ فی الحرب ترجمہ ممدوح ہی کے لئے مین نے اپنے نفس کواُن لوگونکی تعریف مین شعر کہنا سکھایا جیسے اولاً نیزہ بازی کی مشق بے بھال کے نیزہ سے کرائی جاتی ہی یعنی میرا مقصود شعر گوئی سے مدح ممدوح تھی مگر مشق کے لئے اور لوگونکی تعریف کی۔یہ وہ ہی مثل ہی کہ کٹے جاٹ کا اور سیکھے نائی کا۔

بِعَضُدِ الدَّوْلَۃِ امْتَنَعَتْ وَعَزَّتْ ۔۔۔ وَلَیْسَ لِغَیْرِ ذِیْ عَضُدٍ یَدَانِ

ترجمہ دولت یعنی سلطنت بوسیلہ عضد الدولہ شر اعداء سے بچی اور رفیع القدر ہوئی اور جس کے بازو نہین ہی اُس کے دونون ہاتھ نہین ہوسکتے۔یعنی وہ بازوے سلطنت ہی اور ہاتھ اور جس کے یہ دونون اعضا ہین وہ اپنے نفس اور ملک سے موذی چیز کو دفع کرتا ہی اور ہاتھ بے بازو کے نہین ہوسکتے اور دفع بے ہاتھ ممکن نہین۔یہ اور سلطنتون پر تعریض ہی

وَلَا قَبْضٌ عَلَی الْبِیْضِ الْمَوَاضِیْ ۔۔۔ وَلَا حَظٌّ مِنَ السُّمْرِ اللِّدَانِ

ترجمہ اور جسکے ہاتھ نہین وہ قبضہا ے شمشیر بران نہین پکڑسکتا اور نہ اُسکو نیزہ ہاے لچکدار گندم گون سے کچھ فائدہ خلاصہ یہ ہی کہ دولت کو شر اعداء سے یہ ہی بچاتا ہی۔

دَعَتْہُ بِمَفْزَعِ الْاَعْضَاءِ مِنْھَا ۔۔۔ لِیَوْمِ الْحَرْبِ بِکْرٍ اَوْ عَوَانِ

البکر اول کلشی من ترۃ وغیرہا۔ والعوان من الحرب التی قوتل فیہا مرۃ وقولہ بکر ہو صفۃ لمحذوف تقدیرہ لیوم الحرب حرب بکر او عوان ترجمہ دولت نے اُسکو روز جنگ اول ومکرر کے لئے گریزگاہ وپناہ اپنے اعضا کا کہا یعنے عضد الدولہ کیونکہ عضد یعنی بازو پناہ تمام اعضا ہی کہ اُنکو بلاؤن سے بچاتا ہی اور ہر طرح اُنکا حامی رہتا ہی۔

فَمَا یُسْمِیْ کَفَنَّا خُسْرَ مُسْمٍ ۔۔۔ وَلَا یُکْنِیْ کَفَنَّا خُسْرَ کَانِ

المسمی الذی یدعو بالاسم۔ والکانی الذی یدعو بالکنیۃ ترجمہ سو کوئی نام لیکر پکارنے والا فنا خسر یعنی ممدوح کی مانند کسی کا نام نہین پکارتا اور کوئی کنیت سے پکارنے والا فنا خسر کے مانند کسیکو کنیت سے نہین بلاتا۔خلاصہ یہ ہی کہ ممدوح بے نظیر ہی کوئی شخص بذریعہ اسم اور کنیت کے اُسکے مانند نہین پکارا جاتا۔

وَلَا تُحْصٰی فَضَائِلُهٗ بِظَنٍّ	وَلَا الْإِخْبَارُ عَنْهُ وَلَا الْعِيَانِ

کان الوجان لیقول عنہا ولکنہ حملہ علی المعنی اراد ولا یحصی فضائلہ ترجمہ اور فضائل ممدوح بذریعہ ظن کے جو ایک نہایت وسیع چیز ہی احاطہ نہین کئے جا سکتے اور نہ اُسکے فضل سے خبر دینا اور نہ اُسکا مشاہدہ ہوسکتا ہی۔ یعنی وہ دائرۂ احاطہ سے باہر ہی۔

أُرُوضُ النَّاسِ مِنْ تُرْبٍ وَخَوْفٍ	وَأَرْضُ أَبِي شُجَاعٍ مِنْ أَمَانِ

اروض جمع ارض جوزہ ابوزید وآراد بالناس الملوک ترجمہ اور بادشاہوں کی زمینین مٹی اور خوف سے مرکب ہین چونکہ خوف سے وہ سرزمینین کبھی خالی نہین ہوتین لہذا خوف کو اُنکے اجزاے اصلیہ کے مانند شمار کیا۔ اور زمین سلطنت ابوشجاع کی امن سے مخلوق ہی۔ خلاصہ یہ ہی کہ اُسکی مملکت مین کوئی کبھی فساد نہین کرسکتا۔

تُذِمُّ عَلَى اللُّصُوصِ لِكُلِّ تَجْرٍ	وَتَضْمَنُ لِلصَّوَارِمِ كُلَّ جَانِي

الضمیر فی تذم للارض والتجر جمع تاجر کصحب وصاحب تذم تجیر ترجمہ اُس کے علاقہ کی زمین تجار کو ہر دزد سے پناہ دیتی ہی اور بایں ہمہ وہ زمین شمشیرہاے ممدوح کے لئے ہر مجرم و مفسد کے سپرد کرنے کی ضامن ہی۔

إِذَا طَلَبَتْ وَدَائِعُهُمْ ثِقَاتٍ	دُفِعْنَ إِلَى الْمَحَانِي وَالرِّعَانِ

المحانی جمع محنیۃ وہی منعطف الوادی والرعان جمع رعن وہو انف الجبل ترجمہ جبکہ تاجرون کی امانتین اشخاص معتبر کو طلب کرتی ہین یعنی جب وہ معتبر لوگون کو تلاش کرتے ہین تاکہ اُنکے پاس امانت رکھین تو وہ تاجر نالون یا میدانون کے نکڑون اور بنیہاے کوہ کیطرف لوٹائے جاتے ہین۔ یعنی اموال تاجران ایسے ویران مقامات مین بھی رکھے جاوین تو بھی محفوظ رہتے ہین بسبب رعب ممدوح کے۔

فَبَاتَتْ فَوْقَهُنَّ بِلَا صِحَابٍ	تَصِيحُ بِمَنْ يَمُرُّ أَمَا تَرَانِي

ترجمہ سو تاجرون کی امانتین ہر دو جانے مذکورہ پر ایسے حال مین شب باش ہوتی ہین کہ وہ ہر شخص کو جو اُنکے پاس گزرتا ہی باواز بلند یہ کہتی ہین کہ کیا تو مجکو بے محافظ نہین دیکھتا ہی پھر کیون نہین لیتا مگر بخوف ممدوح اُسکو کوئی ہاتھ نہین لگاتا۔

رُقَاهُ كُلُّ أَبْيَضَ مَشْرَفِيٍّ	لِكُلِّ أَصَمَّ صِلٍّ أُفْعُوَانِ

الابیض السیف والمشرفی نسبالی مشارف وہی قری من ارض العرب والصل ضرب من الحیات مختالۃ مکارۃ والافعوان ذکر الافاعی ترجمہ ہر موذی سانپ افعی کے لئے جو منتر کو نہ سنے یعنی منتر اُس پر اثر نکرے اُس کی مشرفی شمشیر منتر ہی۔ یعنی خبیث موذی کے لئے اُسکی شمشیر عمدہ علاج ہی۔

وَمَا يَرْقَى لُهَاهُ مِنْ نَدَاهُ	وَلَا الْمَالَ الْكَرِيمَ مِنَ الْهَوَانِ

اللہی جمع لہوۃ وہی العطیۃ من ای شئ کان ترجمہ اور ممدوح نہین کیل سکتا اپنی عطایا کو اپنی بخشش سے اور نہین بچا سکتا اپنے مال عمدہ کو ذلت سے یعنی وہ باوجودیکہ بڑے سرکشون اور موذیون کو جو مانند افاعی ہین اپنی تلوارون سے کیلدیتا اور مسخر کرلیتا ہی مگر اپنے اموال کو اپنے کرم سے اور نہ انکو اس ذلت سے کہ ہر کس و ناکس کو دیڈالتا ہی بچا سکتا ہی۔ خلاصہ ہر دو شعر یہ ہی کہ وہ شجاع و سخی ہی

حَمَى أَطْرَافَ فَارِسَ شَمَّرِيٌّ	يَحُضُّ عَلَى التَّبَاقِي بِالتَّفَانِي

الشمری الکثیر التشمیر ترجمہ ممدوح چست وچالاک نے اطراف ملک فارس کو بذریعہ قتل دزدان و سرکشان کے فساد مفسدان سے محفوظ رکھا۔ اور جب اس نے بدمعاشون کو قتل کیا تو اور لوگون کو عبرت ہوئی اور انہون نے اورون کو نہ ستایا اور مستحق قتل نہوئے تو انکی بقا کا سبب قتل مفسدان ہوا تو یہ بات ظاہر ہوگئی کہ ممدوح بسبب قتل مفسدان کے اور لوگون کو حیات کی رغبت دلاتا ہی۔ یہ مضمون ماخوذ ہی آیت لکم فی القصاص حیوۃ سے اور شارح ابو الفتح یہ معنی لکھتے ہین کہ وہ اپنے لشکریون سے یہ کہتا ہی کہ دشمن سے لڑکر مرو تاکہ تمہارا ذکر خیر دنیا مین باقی رہے اور اشعار مابعد موید تقریر ابو الفتح ہین۔

بِضَرْبٍ هَاجَ أَطْرَابَ الْمَنَايَا	سِوَى ضَرْبِ الْمَثَالِثِ وَالْمَثَانِي

ترجمہ ملک فارس کی حمایت ایسی ضرب سے کی کہ اسنے موتون کی خوشیون کو برانگیختہ کیا بسبب کثرت مقتولون کے اور اسکی یہ ضرب سہ تارہ دو تارہ کی ضرب سے جدا ہی جسکی ممدوح کو رغبت نہین۔

كَأَنَّ دَمَ الْجَمَاجِمِ فِي الْعَنَاصِي	كَسَا الْبُلْدَانَ رِيشَ الْحَيْقُطَانِ

العناصی جمع عنصوۃ وہی الشعر المتفرق فی جانب الراس۔ والحیقطان ذکر الدراج وریشہ الوان ترجمہ گویا خون دشمنان مقتول کی کھوپریون نے جو ان کے موہاے اطراف سرون مین ہے راہی شہرون کو پرہاے تیتر نر کے پہنادئے ہین یعنے مقتولون کے موہاے خون آلود جو بکثرت ان کے سرون سے جدا ہوکر زمین پر گرے ہین بسبب سرخی خون اور سیاہی بالون کے رنگ برنگ مثل تیتر کے پرون کے معلوم ہوتے ہین اور نر کی تخصیص اسلئے کی کہ نر کے پرون مین مادہ سے رنگینی زیادہ ہوتی ہی۔

فَلَوْ طُرِحَتْ قُلُوبُ الْعِشْقِ فِيهَا	لَمَا خَافَتْ مِنَ الْحَدَقِ الْحِسَانِ

یرید اہل العشق فحذف وضمیر فیہا لارض فارس ترجمہ زمین ملک فارس بسبب خوبی انتظام ممدوح ایسی ہوگئی ہی کہ اگر دلہاے عاشقان اسپر بکھیر دئے جائین تو انکو خوش چشم معشوقون کا کچھ خوف نہین ہی یعنی اسکے زمانہ مین سب فتنے دور ہوگئے ہین۔

وَلَمْ أَرَ قَبْلَهُ شِبْلَيْ هِزَبْرٍ	كَشِبْلَيْهِ وَلَا مُهْرَيْ رِهَانِ

الشبل ولد الاسد والمہر الصغیر من الخیل والرہان السباق ترجمہ اور میں نے ممدوح سے پہلے دو شیر بچے مثل دو شیر بچوں ممدوح کے شجاعت میں نہیں دیکھے اور نہ دو بچھیرے میدان گھوڑ دوڑ میں جو مجد و شرف میں برابر دوڑ رہے ہیں یعنی ہر ایک یہ چاہتا ہو کہ میں بزرگی میں دوسرے سے بڑھ جاؤں۔

اَشَدَّ تَنَازُعًا لِكَرِيْمِ اَصْلٍ	وَاَشْبَهَ مَنْظَرًا بِاَبٍ هِجَانِ

الہجان الخالص الکریم وتنازعا ای تجاذبا ترجمہ نہیں دیکھا میں نے دو شخصوں کو فرزندان ممدوح سے اصل شریف کو زیادہ کھینچتے ہوں یعنی ہر ایک فضل وکرم میں دوسرے سے بڑھنا چاہتا ہو اور نہیں دیکھا میں نے مثل فرزندان مذکور دیدار میں پدر خالص نسب سے زیادہ مشابہ۔

وَاَكْثَرَ فِيْ مَجَالِسِهِ اسْتِمَاعًا	فُلَانًا دَقَّ رُمْحًا فِيْ فُلَانِ

الضمیر فی مجالسہ لاب تقدیرہ ولم ار ولدین اکثر استماعا فی مجالس الاب ترجمہ اور میں نے نہیں دیکھے دو لڑکے کہ وہ اپنے پدر کی مجالس میں اسبات سے زیادہ کوئی اور ذکر سنتے ہوں کہ فلاں شخص نے فلاں کے جسم میں اپنا نیزہ توڑ دیا یعنی انکو ذکر شجاعت زیادہ مرغوب ہو۔

فَاَوَّلُ دَايَةٍ رَاٰيَا الْمَعَالِيْ	فَقَدْ عَلِقَا بِهَا قَبْلَ الْاَوَانِ

الدایۃ الظئر وہی المرضعۃ وفی روایۃ رایۃ وہی فعلۃ من الرای ترجمہ سو اول دایہ یا اول رایت رایات معالی سے جو انھوں نے دیکھا کار ہائے بلند نامی ہیں کیونکہ وہ عمدہ کاموں پر قبل وقت عشق یعنی چھوٹی عمر میں عاشق ہو گئے ہیں۔

وَاَوَّلُ لَفْظَةٍ فَهِمَا وَقَالَا	اِغَاثَةُ صَارِخٍ اَوْ فَكُّ عَانِيْ

الصارخ ہو المستصرخ المستغیث والعانی الاسیر ترجمہ اور اول لفظ جو وہ سمجھا بولے فریاد رسی فریاد خواہ کی ہی یا رہائی قیدی کی

وَكُنْتَ الشَّمْسَ تَبْهَرُ كُلَّ عَيْنٍ	فَكَيْفَ وَقَدْ بَدَتْ مَعَهَا اثْنَتَانِ

بہرہ غلبہ ترجمہ اور تو ایسا آفتاب تھا کہ اپنے کثرت نور سے ہر آنکھ پر غالب آجاتا تھا سو اب کیا حال ہوگا کہ اس آفتاب کے ساتھ دو اور آفتاب ظاہر ہو گئے۔

فَعَاشَا عِيْشَةَ الْقَمَرَيْنِ يُحْيَا	بِضَوْئِهِمَا وَلَا يَتَحَاسَدَانِ

ترجمہ سو وہ دونوں مثل شمس و قمر کے اپنی روشنی کی حالت میں جیتے رہیں تاکہ لوگ انکی روشنی سے نفع اٹھائیں اور ان میں ایک دوسرے پر حسد نہ کیجو۔ دعا دیتا ہی۔

وَلَا مَلَكَا سِوٰى مُلْكِ الْاَعَادِيْ	وَلَا وَرِثَا سِوٰى مَنْ يَقْتُلَانِ

ترجمہ ممدوح کے نئے درازی عمر کی دعا کرتا ہی کہ دونو تیرے صاحبزادے سوائے ملک دشمنان کے کسی اور شخص کے مالک ہوں اور نہ اپنے مقتولوں کے سوائے کسی اور کے وارث ہوں یعنی وہ تیرے وارث نہوں تو ہمیشہ جیتا رہے۔

ذَکَا نَا ابْنَا عَدُوِّکَ ثَرَاہُ	لَہٗ یَاءَیْ حُرُوْفِ اُنَیْسِیَانِ

ترجمہ تیرے دشمن کے دو بیٹے جو اُس مجمع کی تعداد بڑھاتے ہیں وہ دونوں مثل دو یاے زائد حروف انیسیان تصغیر کلمہ انسان کے ہیں وہ بحال کبر ہونیکے پنج حرفی تھا اور جب اُسکو مصغر کیا تو اُس میں دو یائیں زیادہ کردیں اور باوجود افزایش حروف اُس کے معنوں میں اور کمی آگئی۔

دُعَاءٌ کَالثَّنَاءِ بِلَا رِیَاءٍ	یُؤَدِّیْہِ الْجَنَانُ اِلَی الْجَنَانِ

ترجمہ یہ مذکور دعا ہے اور وہ خالص ثنا ہے میرے دل سے جس میں ریا نہیں ہے اور جس کو میرا دل تیرے دل تلک پہنچاتا ہے۔ سچ ہے سہ کردلہارا بدلہا راہ باشد۔

فَقَدْ اَصْبَحْتُ مِنْہُ فِیْ فِرِنْدٍ	وَاَصْبَحَ مِنْکَ فِیْ عَضْبٍ یَمَانِ

ترجمہ سو میں ممدوح کی دعا کے سبب جوہر شمشیر میں ہوگیا اور جوہر شمشیر تیرے سبب شمشیر قاطع یمنی میں۔ خلاصہ یہ ہے کہ اپنے شعر کو جوہر شمشیر کے ساتھ اور ممدوح کو سیف قاطع سے تشبیہ دیتا ہے یعنی تو مثل شمشیر بران ہے اور میرے شعر اُسکے جوہر غرض دونوں عمدہ اور بے عیب ہیں۔

وَلَوْ لَا کَوْنُکُمْ فِی النَّاسِ کَانُوْا	ھُرَاءً کَالْکَلَامِ بِلَا مَعَانِیْ

منطق ہراءٌ ای فاسد ترجمہ اور اگر تم لوگ منجملہ آدمیان نہوتے تو وہ سب لغو اور فاسد اور مہمل مثل بےمعنی کلام کے ہوتے یعنی یہ جو لوگوں میں خوبیاں ہیں صرف تمھارے سبب ہیں دگر ہیچ۔

قافیۃ الہاء

وذکر سیف الدولۃ جدابی العشائر واباہ فقال

اَعْلَبُ الْحَیِّزَیْنِ مَا کُنْتَ فِیْہِ	وَوَلِیُّ النَّمَاءِ مَنْ تَنْمِیْہِ

الحیز المکان واصلہ حیوز من حاز یحوز ونمیت الشیٔ علی الشیٔ رفعتہ علیہ ترجمہ دو مکانوں کا عالی تر وہ مکان ہے جس میں تو ہے اور صاحب نمو وہ ہے کہ جس کو تو بڑھا دے یعنی جسکو تو بڑھا دے وہ ہمیشہ بڑھتا رہے گا۔

ذَا الَّذِیْ اَنْتَ جَدُّہٗ وَاَبُوْہُ	دِنْیَۃً دُوْنَ جَدِّہٖ وَاَبِیْہِ

دنیۃ ای قربا ترجمہ یہ ابوالعشائر وہ ہے جسکا تو جد و پدر قریب ہے نہ اُس کا جد و پدر حقیقی یعنے اُسکا تیری طرف منسوب ہونا انتساب جد و پدر حقیقی سے غنی ہے کیونکہ وہ تیرا ہی ساختہ و پرداختہ ہے۔

اَلنَّاسُ مَا لَمْ یَرَوْکَ اَشْبَاہٌ	وَالدَّھْرُ لَفْظٌ وَاَنْتَ مَعْنَاہُ

ترجمہ تمام لوگ جب تلک تجکو نہ دیکھیں ایک سے ہیں مگر جس وقت تجکو دیکھیں گے تو انمیں اختلاف ظاہر ہوجاویگا

کیونکہ انمین تیری مثل ایک بھی نہین - اور زمانہ لفظ ہی اور تو اُسکے معنی کیونکہ اُسکے جملہ تعرفات اور تمام خوبیان صرف تیرے سبب ہین ورنہ زمانہ مین کیا رکھا ہی -

وَالجُودُ عَیْنٌ وَأَنْتَ نَاظِرُهَا ... وَالبَأْسُ بَاعٌ وَأَنْتَ یُمْنَاهُ

الباع قدر مد الیدین ترجمہ اور عطا بمنزلہ چشم ہی اور تو اُسکا نور چشم اور رعب وہیبت بمنزلہ مقدار درازی ہر دو دست ہی اور تو اُسکا دست راست یعنی سب مین افضل ہی -

أَفْدِی الَّذِی کُلُّ مَأْزِقٍ حَرِجٍ ... أَغْبَرَ فُرْسَانُهُ تَحَامَاهُ

اغبر صفۃ لمازق - وفرسانہ مبتدأ والخبر تحاماہ وفیہ ضمیر یعود الی الذی والضمیر فی فرسانہ للمازق - والذی وصلتہ فی موضع نصب بافدی ترجمہ مین اُس بہادر دلیر پر قربان کہ ہر کوچہ تنگ جنگ کثیر الغبار کے سوار بسبب شجاعت اُس دلیر کے اُس سے بچتے ہین اور کنارہ کرتے ہین یعنے بہادر دشمن اُسکے مقابلہ سے بسبب اُسکی شجاعت کے جان چھپاتے ہین -

أَعْلَی قَنَاةِ الحُسَیْنِ أَوْسَطُهَا ... فِیهِ وَأَعْلَی الکَمِیِّ رِجْلَاهُ

الکمی الشجاع المستتر فی سلاحہ ترجمہ اُس جنگ کے کوچہ تنگ مین بسبب زور بازوی ممدوح یا بسبب لچکداری کے بیچ کا حصہ نیزہ کا بلند ہو جاتا ہی اور بلند حصہ جسم دشمن بہادر کا بجائے اُس کے دونون پاؤن کے یعنی وہ زخم نیزہ ممدوح سے سرنگون کرتا ہی -

تُنْشِدُ أَثْوَابُنَا مَدَائِحَهُ ... بِأَلْسُنٍ مَا لَهُنَّ أَفْوَاهُ

ترجمہ ممدوح کے خلعت جو وہ ہمکو عنایت کرتا ہی اُس کی تعریف کے اشعار ایسی زبانون سے گاتے ہین جنکے دہن نہین یعنے اُسکے خلعت بزبان حال اُسکی تعریف کرتے ہین اور سب دیکھتے ہین -

إِذَا مَرَرْنَا عَلَی الأَصَمِّ بِهَا ... أَغْنَتْهُ عَنْ مِسْمَعَیْهِ عَیْنَاهُ

ترجمہ جب ہم وہ خلعت پہنکر بہرے شخص کے روبرو گزرتے ہین تو اُسکی دونون آنکھین اُسکو اُس کے دونون کانون سے بے پروا کر دیتی ہین - کیونکہ وہ ہمارے جسم پر ممدوح کے خلعت دیکھتا ہی اُسکو کانونکی حاجت نہین پڑتی

سُبْحَانَ مَنْ خَارَ لِلْکَوَاکِبِ بِالبُعْدِ وَلَوْ نِلْنَ کُنَّ جَدْوَاهُ

خار اللہ للکواکب بہذا اختار لہ - والجدوی العطیۃ ترجمہ وہ ذات پاک ہی جس نے ستارون کی دوری ممدوح سے پسند فرمائی کیونکہ اگر وہ اُس کے پاس ہوتے تو وہ منجملہ اُسکی عطا کے ہوتے یعنی اُنکو بھی بخشدیتا -

لَوْ کَانَ ضَوْءُ الشُّمُوسِ فِی یَدِهِ ... لَضَاعَهُ جُودُهُ وَأَفْنَاهُ

ضاعہ فرقہ وجمع الشموس علی تقدیر ان لکل یوم شمسا او لکل فصل شمسا ترجمہ اور اگر آفتابون کی روشنی اُس کے

قبضہ مین ہوتی تو اُسکی بخشش اُسکو سائلون مین متفرق وفنا کردیتی۔

یَا رَاحِلًا کُلٌّ مَنْ یُّوَدِّعُہٗ	مُوَدِّعٌ دِیْنَہٗ وَ دُنْیَاہُ

ترجمہ اے سفر کرنے والے تیرا یہ حال ہی کہ جو اُس کو رخصت کرتا ہو وہ اپنے دین و دنیا کو رخصت کرتا ہی کیونکہ دین تیری حمایت سے محفوظ ہی اور دنیا کا تو مالک ہی اور بخشنے والا۔

اِنْ کَانَ فِیْمَا نَرَاہُ مِنْ کَرَمٍ	فِیْکَ مَزِیْدٌ فَزَادَکَ اللّٰہُ

ترجمہ اگر تیرے کرم مین جسکو ہم دیکھتے ہین گنجایش زیادتی ہی تو خدا تجکو اُسکی نہایت تک پہنچا دے یعنی ہماری راے مین تو تیرا کرم نہایت اعلیٰ درجہ کو پہنچا ہوا ہی مگر تیرے نزدیک بسبب بلندی ہمت کچھ کمی ہی۔

وقال قوم ماکناک وانت تعرف یکنیتک فقال

قَالُوْا اَلَمْ تَکْنِہٖ فَقُلْتُ لَہُمْ	ذٰلِکَ عِیٌّ اِذَا وَصَفْنَاہُ

ترجمہ لوگون نے بسبیل انکار مجسے یہ کہا کہ کیون تو نے ممدوح کی کنیت ذکر نہ کی تو مین نے اُنکو کہا کہ اوصاف مدح اُسکے ساتھ ایسے خاص ہین کہ جب وہ مذکور ہون تو احتیاج ذکر کنیت نہین رہتی اس صورتمین بوقت وصف اُسکی کنیت کا ذکر درماندگی اور عیب کلام مین داخل ہی قال ابو الفتح فی البیت اختلال لان الاستفہام ہہنا للتقریر لانہم لم یشکوا فی انہ لم یکنہ فیستفہموا واذا کان تقریرا ففیہ نقض وذلک ان التقریر اذا دخل علی لفظ النفی ردہ الی الایجاب فی المعنی اذا دخل علی الایجاب ردہ الی النفی فی المعنی الا تری الی قولہ تعالیٰ أأنت قلت للناس ہو تعالیٰ لم یشک وانما ہو تقریر ومعناہ انک لم تقل فہہنا لفظ الایجاب الذی عاد الی النفی واما لفظ النفی اعادہ التقریر الی الایجاب فقولہ تعالیٰ الیس فی جہنم مثوی للکافرین ای فیہا مثوی لہم وکان حقہ ان یقول قالوا ولم تکنہ ولا یاتی بحرف الاستفہام انتہی مختصرا۔

لَا یَتَّقِیْ اَبُو الْعَشَائِرِ مِنْ	لَیْسَ مَعَانِی الْوَرٰی بِمَعْنَاہُ

العشائر جمع عشیرۃ ترجمہ ابو العشائر ممدوح اُس شخص سے نہین ڈرتا کہ معانی خلق اُسکے سے اُسین نہون یعنی اُسکو یہ خوف نہین ہی کہ اُسکے صفات دوسرے کے صفات ومعانی سے مختلط ہوجاوین کیونکہ وہ اپنی صفات حسنہ مین لوگون سے ممتاز ہی پس اُسکی صفات کا ذکر اُسکی تخصیص کے لئے کافی ہی احتیاج ذکر کنیت نہین ہی۔ اور بعض روایات مین لا یتقی ابا العشائر بالغار ہی۔ یعنی یہ کنیت اُس شخص کے تمام اوصاف وفضائل کو استیفاء اور احاطہ نہین کرتی جسکے اوصاف تمام خلق کے اوصاف سے زیادہ ہین کیونکہ اُسکے اوصاف مختصہ سوا اُسکے کسی مخلوق مین نہین پائے جاتے اور لفظ ابو العشائر سے یہ معلوم ہوتا ہی کہ وہ جنس اور خلق سے ہی حالانکہ اُس سے کسی مخلوق کو مجانست نہین۔ پس ذکر اوصاف اور ترک کنیت ہی مناسب ہی۔

اَفْرَسُ مَنْ تَسْبَحُ الْجِیَادُ بِہٖ	وَلَیْسَ اِلَّا الْحَدِیْدَ اَمْوَاہُ

ای ہوا فرس - ونصب الحدید علی انہ استثنار مقدم واسم لیس امواہ تقدیرہ ولیس امواہ فی الارض الا الحدید ویجوز انیکون الا الحدید خبر لیس فاذن اسم لیس نکرۃ وہو امواہ وخبرا معرفۃ وہو جائز فی الضرورۃ لتقدم الخبر علی الاسم ترجمہ وہ اُن سوارون مین بڑا شہسوار ہی جنکو اُن کے گھوڑے دریاے آہن مین تیراتے ہین یعنی میدان جنگ مین جنگہ گھوڑون کو شناور کہا تو لوہے کو پانی سے تعبیر کیا - یعنی دریا کہا اور ہر چیز جو حد سے بڑہ جاوے دریا سے تشبیہ دیجاتی ہی -

وکان الاسود قد عمر دارا ذا انتقل الیہا فمات لہ فیہا خمسون غلاما

ففزع من ذلک وخرج منہا الی دار اخری فقال

اَحَقُّ دَارٍ بِاَنْ تُسْمٰی مُبَارَکَۃً	دَارٌ مُبَارَکَۃُ الْمَلْکِ الَّذِیْ فِیْہَا

الملک والملیک لغتان ترجمہ گھرون مین مبارک نام ہونے کا زیادہ لائق وہ گھر ہی جس مین مبارک بادشاہ رہتا ہو - یعنی جب صاحب خانہ مبارک ہی تو وہ خانہ بھی اسم مبارک کا مستحق ہی -

وَاَجْدَرُ الدُّوْرِ اَنْ تُسْقٰی بِسَاکِنِہَا	دَارٌ غَدَی النَّاسُ یَسْتَسْقُوْنَ اَہْلِیْہَا

ترجمہ سب گھرون مین اس امر کا مستحق کہ اُن کے رہنے والونکی برکت سے سیراب یعنے آبادی مانگی جاوے وہ گھر ہی کہ آدمی وہان کے رہنے والون سے سیرابی چاہین یعنے اُس کے باشندے نفع رسان خلق ہون سقی دار سے مراد اُس کی آبادی ہی کیونکہ خشکی سے ریتیلی زمین کے گھر برباد ہوجاتے ہین -

ہٰذِیْ مَنَازِلُکَ الْاُخْرٰی نُہَنِّیْہَا	فَمَنْ یَّمُرُّ عَلَی الْاُوْلٰی یُسَلِّیْہَا

ترجمہ یہ تیری دوسری حویلی ہی جسکو ہم بسبب تیرے تشریف لانے کے مبارکبادی دیتے ہین سو کون جاویگا اول گھر کے پاس جسکو تونے چھوڑ دیا ہی کہ اُسکی تسلی دے کہ مغموم نہو -

اِذَا حَلَلْتَ مَکَانًا بَعْدَ صَاحِبِہٖ	جَعَلْتَ فِیْہِ عَلٰی مَا قَبْلَہٗ تِیْہًا

تاہ تکبر وافتخر ترجمہ جبکہ تو کسی مکان مین دوسرے کے بعد اُترے گا تو اُس دوسرے گھر کو اول پر فخر اور بزرگی عنایت کرے گا -

لَا تُنْکِرِ الْعَقْلَ مِنْ دَارٍ تَکُوْنُ بِہَا	فَاِنَّ رِیْحَکَ رُوْحٌ فِیْ مَغَانِیْہَا

ترجمہ جس گھر مین تو ہی اُس کے عاقل ہونے کا انکار مت کر کیونکہ تیری بوے خوش اُسکے منازل کے لئے روح ہی -

اَتَمَّ سَعْدَکَ مَنْ لَقَّاکَ اَوَّلَہٗ	وَلَا اسْتَرَدَّ حَیَاۃً مِّنْکَ مُعْطِیْہَا

ترجمہ جس ذات پاک نے تیری اول دفعہ سعادت سے ملاقات کرائی وہ تیری سعادت کو تام وکامل فرمائے اور جس نے تجکو زندگی بخشی ہی وہ اسکو تجھ سے واپس نہ لے یعنے تو ہمیشہ سعید جیتا رہے۔

وقال یہجو وردان وکان افسد عبیدہ

وَإِنْ تَابَتْ طَيِّئٌ كَانَتْ لِئَامًا	فَأَلْأَمُهَا رَبِيعَةُ أَوْ بَنُوهُ

ترجمہ اور اگر بنی طی بخیل وناکس ہین تو انمین بڑے نالایق ربیعہ اور اسکے بیٹے ہین۔

وَإِنْ تَابَتْ طَيِّئٌ كَانَتْ كِرَامًا	فَوَرْدَانٌ لِغَيْرِهِمِ أَبُوهُ

ترجمہ اور اگر بنی طی عمدہ لوگ ہین تو وردان کا باپ انین کا نہین کیونکہ وہ کریم نہین پس بنی طی سے خارج ہی۔

مَرَرْنَا مِنْهُ بِحِسْمَى بِعَبْدٍ	يَمُجُّ اللُّؤْمَ مَنْخِرُهُ وَفُوهُ

حسمی بالکسر ارض بالبادیۃ غلیظۃ لاخیر فیہا نیز لہا جذام ذالج انصب من فوق- والمج من اسفل ترجمہ ہم وردان پر سرزمین حسمی مین ایسے غلام یعنی وردان پر گزرے کہ اسکا سوراخ بینی یعنے نتھنا اور اس کا منہ ناکسی کی کلیان کرتا تھا یعنے وہ نالایقی سے پرتھا ۵ وکل اناء بالذی فیہ ینضح کشنہ مین من تجریدیہ ہی یعنی وردان ایسا ناکس ہی کہ اسمین سے ایک اور ناکس نکل آیا ہی جیسا کہتے ہین رایت من زید اسدا۔

أَشَذَّ بِعِرْسِهِ عَنِّي عَبِيدِي	فَأَتْلَفَهُمْ وَمَالِي أَتْلَفُوهُ

شذ العبد ہرب واشذ غیرہ ہربہ ترجمہ وردان نے بسبب آشنائی اپنی زوجہ کے میرے غلام مجھ سے متفرق کرڈالے سو انکو تلف کردیا کیونکہ اسنے انکو فسق وفجور سکھادیا- اور میرے غلامون نے میرا مال تلف کردیا کہ اسکی زوجہ پر سب خرچ کرڈالا۔

فَإِنْ شَقِيَتْ بِأَيْدِيهِمْ جِيَادِي	لَقَدْ شَقِيَتْ بِمُنْصُلِيَ الْوُجُوهُ

ترجمہ سو اگر میرے غلامون کے ہاتھ سے میرے عمدہ گھوڑون کی کمبختی لگ گئی تو بیشک میری شمشیر سے غلامون کے چہرون کی کمبختی آگئی- یہ اشارہ ہی اسطرف کہ متنبی کے ایک غلام نے اسکا گھوڑا رات کو بقصد دزدی کھولا اسمین متبنی کی آنکھ کھل گئی اور اس نے غلام کے تلوار ماری اور غلامون نے اسکے ٹکڑے کردیئے۔

وقال یمدح عضد الدولۃ اباشجاع فناخسرو سنۃ اربع وخمسین وثلثمائۃ

أَوْهِ بَدِيلٌ مِنْ قَوْلَتِي وَاهَا	لِمَنْ نَأَتْ وَالْبَدِيلُ ذِكْرَاهَا

اوہ کلمۃ للتوجع- وواہا کلمۃ للتعجب معناہ بالفارسیۃ چہ خوش ترجمہ بسبب فراق اس محبوبہ کے جو مجھ سے دور

ہوگئی اب بجائے چہ خوش کے بوقت حصول اُس کے دیدار کے کہتا تھا لفظ آہ ہی اور بسبب اُس کے ہجر کے اُسکا بدل اُسکا ذکر ہی جو ہمیشہ ورد زبان ہی۔

أَوِّهِ مِنْ أَنْ لَا أَرَى مَحَاسِنَهَا	وَأَصْلُ وَاهًا وَأَوِّهِ مَرْآهَا

ترجمہ آہ وہ محبوبہ جسکی خوبیاں اب مجکو نظر نہیں آتیں اور اصل اہا اور آوہ کے تلفظ کی دیدار محبوبہ ہی اگر میں اُسکو نہ دیکھتا تو عاشق نہ ہوتا اور کلمات تعجب اور افسوس کے منھ سے نہ نکلتے۔

شَامِيَةٌ طَالَمَا خَلَوْتُ بِهَا	تُبْصِرُ فِي نَاظِرِي مُحَيَّاهَا

ترجمہ وہ محبوبہ ملک شام کی رہنے والی ہی میں اکثر اُس کے پاس خلوت میں بایں حال رہا ہوں کہ وہ اپنے چہرہ کو میری آنکھ میں دیکھتی تھی یعنی وہ مجھ سے ایسی قریب تھی کہ اپنا چہرہ میری چشم میں دیکھتی تھی یا یہ کہ وہ بسبب غایت محبت مجھ سے قریب ہوکر میری آنکھ میں اپنا چہرہ دیکھتی تھی کہتے ہیں کہ یہ عمل حُب ہی۔

فَقَبَّلَتْ نَاظِرِي تُغَالِطُنِي	وَإِنَّمَا قَبَّلَتْ بِهِ فَاهَا

ترجمہ سو اُس نے براہ مغالطہ دہی میری آنکھ کو بوسہ دیا اور اُسکی غرض اُس بوسہ سے سوائے اسکے نہ تھی کہ وہ اپنے مُنھ کو جو بسبب غایت قرب میری آنکھ میں نظر آتا تھا بوسہ دے میری آنکھ کو بوسہ دینا اُسے منظور نہیں تھا۔

فَلَيْتَهَا لَا تَزَالُ آوِيَةً	وَلَيْتَهُ لَا يَزَالُ مَأْوَاهَا

ترجمہ سو کاش محبوبہ ہمیشہ میری چشم میں رہے اور کاش میری آنکھ ہمیشہ اُسکا مقام رہے وللہ در القائل ؎

جوں مردمک چشم تجھے ای بت نادید خسخانہ تیرے واسطے مژگان کا بنا کر	رکھوں گا نہاں چشم میں مردم کی نظر سے چھڑکوں گا اُسے آب نم دیدۂ تر سے
كُلُّ جَرِيحٍ تُرْجَى سَلَامَتُهُ	إِلَّا فُؤَادًا دَهَتْهُ عَيْنَاهَا

دہتہ ای اصابتہ بعینہا ترجمہ ہر زخمی کے تندرست ہونیکی اُمید کیجاتی ہی مگر اس دل زخمی کے اچھے ہونے کی امید نہیں ہی جسکو اُس کی چشم فتان نے صدمہ پہنچایا۔

تَبَلُّ خَدَّيَّ كُلَّمَا ابْتَسَمَتْ	مِنْ مَطَرٍ بَرْقُهُ ثَنَايَاهَا

ترجمہ جب محبوبہ تبسم فرماتی ہی تو میرے دونوں رخسار اُس باران سے تر ہو جاتے ہیں جسکی برق اُس کے دندان درخشاں ہیں۔ یعنی جب وہ ہنستی ہی میں روتا ہوں پس گویا میرے اشک باران ہیں اور اُسکی برق اُس کے دندان کی چمک ہی۔

مَا نَفَضَتْ فِي يَدِي غَدَائِرُهَا	جَعَلْتُهُ فِي الْمُدَامِ أَفْوَاهَا

ایجوزانیکون بمعنی الذی نیلوں مبتدءا وخبرہ جملتہ۔ ویجوزان یکون شرطیۃ وتفعلت فی موضع جزم وجملۃ جوابہ واقوہ الطیب اخلاط واحدہا فوا۔ ترجمہ محبوبہ کے گیسو جسقدر خوشبو میرے ہاتھ میں جھاڑتے ہیں تیں اُسکو شراب کے لئے اجزای خوشبو کرلیتا ہون یعنے اُسکے معنبر گیسو مین سے جسقدر خوشبو میرے ہاتھ کو لگتی ہی اُس سے شراب کو خوشبودار کرلیتا ہون۔

علی حِسَانٍ وَّ لَسنَ اَشبَاھَا		فِی بَلَدٍ تُضرَبُ الحِجَالُ بِہٖ

ترجمہ میری محبوبہ ایسے شہر مین ہی کہ اُس مین زنان خوبرو کے لئے خانہ عروسی برپا کئے جاتے ہین مگر زنان خوبرو حسن مین میری محبوبہ کے مشابہ اور مانند نہین ہین بلکہ یہ سب سے بڑھی ہوئی ہی۔ یا یہ کہ وہ سب باہم مثل ہین ایکدوسری کے مشابہ نہین ہین اور مصداق اس مصرعہ کے ہین ع ہر گلے را رنگ و بوے دیگر است۔

وَھُنَّ دُرٌّ فَذُبنَ اَموَاھَا		لَقِیْنَنَا وَالحُمُولُ سَائِرَۃٌ

امواہا منصوب لکونہ مفعولا او حالا۔ والحمول بضم الحاء من غیرہا وہی الابل التی تحمل الہوادج کان فیہا نساء اولم تکن ترجمہ زنان خوبرو ہمسے ایسے وقت ملین کہ سواریان روان تھین اور وہ بسبب اپنی صفائی ورقت ولطافت کے مانند موتیون کے تھین سو وہ پانی ہو گئین یعنے ہمپر متاسف ہو کر رونے لگین یا بسبب حیا کے پانی پانی ہو گئین۔

تَقتُلُ اِیَّاکُمُ وَاِیَّاھَا		کُلُّ مَھَاۃٍ کَاَنَّ مُقلَتَھَا

المہاۃ البقرۃ الوحشیۃ ترجمہ وہ زنان خوبرو بالکل مثل گاؤ دشتی کے ہین صفائی اور چالاکی اور کلانی چشم مین اور اپنے دیکھنے والون سے اُنکی آنکھیں بزبان حال کہتی ہین کہ تم مجھ سے بچو کہ قیـ۔ ہو جاؤ یعنی وہ عجیب گاوان دشتی ہین کہ خود شکار نہین ہوتین بلکہ اورون کو شکار کر لیتی ہین۔

اِذَا لِسَانُ المُحِبِّ سَمَّاھَا		فِیھِنَّ مَن تَقطُرُ السُّیُوفُ دَمًا

ترجمہ اُن گاوان دشتی مین بسبب کثرت حمایتون کے ایسی معزز بھی ہین کہ اگر عاشق اُنکا نام لیلے وصل تو درکنار تو تلواروں مین سے بسبب کثرت خونریزی کے خون ٹپکنے لگے۔

فَکُلُّ نَفسٍ تُحِبُّ مَحیَاھَا		اُحِبُّ حِمصًا اِلٰی خُنَاصِرَۃٍ

حمص وخناصرۃ بضم الخاء بلدان بالشام۔ ومحیاہا حیوتہا ترجمہ مین شہر حمص کو موضع خناصرہ تلک دوست رکھتا ہون اور کیونکر دوست نرکھوں معمول ہی کہ ہر جان اپنی زندگی کو دوست رکھتی ہی چونکہ میری معشوقہ میری زندگی ہی اور وہ وہان رہتی ہی اس لئے مین مقامات مذکورہ کو دوست رکھتا ہون۔

حَیثُ التَقٰی خَدُّھَا وَتُفَّاحُ لُبنَانَ وَثَغرِیْ عَلٰی حُمَیَّاھَا	

لبنان جبل بالشام والحمیا الخمر او سورتہا ترجمہ مین مقامات مذکورہ کو اسلئے دوست رکھتا ہون کہ وہان رخسار جیسے وسیب کو ہ لبنان اور وہان کی شراب میرے لئے جمع تھین یعنے جلسہ سامان عیش۔

وَصِفْتُ فِيهَا مَصِيفَ بَادِيَةٍ	شَتَوْتُ بِالصَّحْصَحَانِ مُشْتَاهَا

الصحصحان المکان المستوی واسم موضع۔ وصفت اقمت بالصیف وشتوت اقمت الشتاء ترجمہ مین بمقام حمص موسم گرما مین مثل اقامت اہل بدو کے ٹھہرا اور مقام صحصحان مین مثل اہل بادیہ کے موسم سرما گزارا اس کی تفصیل شعر آیندہ مین ہی۔

إِنْ أَعْشَبَتْ رَوْضَةٌ رَعَيْنَاهَا	أَوْ ذُكِرَتْ حِلَّةٌ غَزَوْنَاهَا

الحلة الجماعة النازلة بمکان ترجمہ اگر کوئی باغچہ گھانس سے سرسبز ہوگیا تو ہم نے اُسے اپنے گھوڑون اور شترونکو چرا دیا۔ یا اِسکا مذکور ہوا کہ کوئی جماعت فلان مقام پر اُتری ہوئی ہی تو ہم نے اُسے جا لوٹا۔ یہ عمل ٹھیک اہل بادیہ کا ہوتا ہی۔

أَوْ عَرَضَتْ عَانَةٌ مُقَزَّعَةٌ	صِدْنَا بِأُخْرَى الْجِيَادِ أُولَاهَا

العانة القطعة من حمر الوحش ومقزعة خفیفة متفرقة کالقزع وہی قطع السحاب ویروی مفزعة بالفاء ای فزعت فہی اشد علی قانصہا لخفة عدوہا ترجمہ یا کوئی گلہ حماران وحشی کا جو متفرق یا ڈرائے ہوئے یا بدکائے ہوئے ہمارے روبرو ظاہر ہوئے تو ہمنے اپنے پچھلے گھوڑون سے اُن کے سب سے آگے بڑھے ہوئے کا شکار کر دیا کیونکہ ہمارے گھوڑے اُن سے تیز رو ہین اور یہ ہی عادت اعراب بادیہ نشین کی ہوتی ہی۔

أَوْ عَبَرَتْ هَجْمَةٌ بِنَا تُرِكَتْ	تَكُوسُ بَيْنَ الشُّرُوبِ عَقْرَاهَا

الہجمة القطعة من الابل وہو ما بین السبعین الی المائة۔ وکاس البعیر یکوس اذا عقرت احدی قوائمہ فمشی علی ثلاث والشروب جمع شرب وہو جمع شارب وہم الذین یشربون الخمر وعقراہا المعقورة ترجمہ یا گلہ شتران ہمارے پاس گذرا تو وہ ایسے حال مین چھوڑا گیا کہ ہم نے اُس کا ایک پانو تلوار سے اُڑا دیا اور وہ تین پاؤن سے مینوشون کے بیچ مین چلنے لگا یعنی اُسکو شراب خوارون کے لئے چھوڑ دیا۔ عقریٰ جمع عقیر ہی یعنی مہمانون کے لئے ذبح کیا گیا۔

وَالْخَيْلُ مُطْرُودَةٌ وَطَارِدَةٌ	تَجُرُّ طُولَى الْقَنَا وَقُصْرَاهَا

ترجمہ اور ہم باہم نیزہ بازی کرتے تھے اور گھوڑون مین بعض تو بھگائے ہوئے تھے اور بعض بھگانے والے جیسا مطاردہ سواران مین ہوتا ہی اور بعض تو نیزۂ طویل کو کھینچتے تھے اور بعض نیزۂ خورد وقصیر کو۔

يُعْجِبُهَا قَتْلُهَا الْكُمَاةَ وَلَا	يُنْظِرُهَا الدَّهْرُ بَعْدَ قَتْلَاهَا

یعجبہا ای یعجب فرسانا بقتل الکماۃ- وانظرہ اخرہ واہملہ ترجمہ اُس کے سواروں کو قتل سپاہیاں مسلح اچھا معلوم ہوتا ہی اور اُنکو زمانہ بعد قتل بہادران شہر کی فرصت نہین دیتا بسبب کثرت ضرورت وتعاقب دشمن کے۔

وَقَدْ رَأَیْتُ الْمُلُوْکَ قَاطِبَۃً	وَسِرْتُ حَتّٰی رَأَیْتُ مَوْلَاھَا

قاطبۃ حال ویجوز انیکون صفۃ لمصدر محذوف من قطبت الشئ باشئ اذا جعلتہ جمیعا ترجمہ اور مین نے بیشک سب بادشاہ دیکھے اور چلا پھرا یہان تلک کہ مین نے اُن سبکا سردار دیکھا یعنے ممدوح کو۔

وَمَنْ مَنَایَاھُمْ بِرَاحَتِہٖ	یَأْمُرُھَا فِیْھِمْ وَیَنْھَاھَا

ترجمہ اور مین نے اُس شخص کو دیکھا کہ اور بادشاہون کی موتین اُسکے قابو مین ہین وہ اُنکے مارنیکا موتون کو حکم کرتا ہی اور جسکو جلانا چاہتا ہی موتون کو اُس کے مارنے سے منع کردیتا ہی۔

اَبَا شُجَاعٍ بِفَارِسٍ عَضُدَ الدَّوْلَۃِ فَنَاخُسْرَوْ شَھَنْشَاھَا

اباشجاع بدل من قولہ مولاہا ترجمہ مین نے فارس مین اباشجاع عضدالدولہ فناخسرو شاہنشاہ کو دیکھا- قال ابوالفتح مع ان البیت قصیر الوزن قد جمع فیہ کنیۃ الممدوح وبلدہ ولقبہ وسماہ بملک الملوک وہو من احسن الجمع والمدح-

اَسَامِیًا لَمْ تَزِدْہُ مَعْرِفَۃً	وَاِنَّمَا لَذَّۃٌ ذَکَرْنَاھَا

ترجمہ مین نے جو اُسکے اتنے نام ذکر کئے اُن نامون نے اُس کی شناسائی کو نہین بڑھایا کیونکہ وہ مشہور و معروف شخص ہی مین نے تو اُنکو اس لئے ذکر کیا ہی کہ اُس کے اسمار کے ذکر مین مزہ آتا ہی-

تَقُوْدُ مُسْتَحْسَنَ الْکَلَامِ لَنَا	کَمَا تَقُوْدُ السَّحَابَ عُظْمَاھَا

عظماہا ای معظمہا والسحاب یستعمل مفردا وجمعا ترجمہ یہ اسامی مذکورہ عمدہ کلام کو ہمارے لئے کھینچ لاتی ہین جیسا بڑا ابر دوسرے ابر کو کھینچ لاتا ہی- یعنی ان اسامی کا ذکر مقدمہ ہی عمدہ معانی کا جو آگے مذکور ہون گے جیسا ایک ابر عظیم باقی ابر کو اپنی طرف کھینچ لاتا ہی- یعنی وہ مقدمہ دوسرے ابر کا ہوتا ہی-

ھُوَ النَّفِیْسُ الَّتِیْ مَوَاھِبُہٗ	اَنْفَسُ اَمْوَالِہٖ وَاَسْنَاھَا

النفیس العظیم واسناہا ارفعہا ترجمہ وہ ایسا عظیم القدر ہی کہ اُس کی بخششین اُس کے اموال کی بڑی عمدہ اور رفیع القدر چیزین ہوتی ہین-

لَوْ فَطِنَتْ خَیْلُہٗ لِنَائِلِہٖ	لَمْ یُرْضِھَا اَنْ تَرَاہُ یَرْضَاھَا

ترجمہ اور اگر اُس کے گھوڑے اُسکے عطا کے مضمون کو سمجھین تو اُنکو یہ امر خوش نکرے کہ ممدوح اُن سے خوش ہی کیونکہ وہ جس چیز کو اعلی سمجھتا ہی اُسکو سائلون کو دیڈالتا ہی- پس وہ اگر گھوڑون سے خوش ہوا تو اُنکو کسیکو

بخشندیگا اس صورت مین اُس کے طوایاے جُدا ہو جائین گے ۔

لَا تَجِدُ الْخَمْرُ فِیْ مَکَارِمِہٖ	اِذَا انْتَشٰی خَلَّۃً تَلَافَاھَا

انتشی سکر والخلۃ الخصلۃ ترجمہ جبکہ وہ نشہ شراب سے مخمور ہوجاتا ہی تو شراب اُسکے عطایا مین کوئی ایسی خصلت نہین پاتی جسکا وہ تدارک کرے یعنی وہ قبل شرب خمر کریم ہو نشہ شراب اُسکو کریم نہین بناتا ۔

تُصَاحِبُ الرَّاحُ اَرْیَحِیَّتَہٗ	فَتَسْقُطُ الرَّاحُ دُوْنَ اَدْنَاھَا

الاریحیۃ الاہتزاز للکرم ترجمہ شراب اُسکی سخاوت سے خوش ہونے کے ساتھ لگ لیتی ہی تو وہ اُسکی ادنی سخاوت سے بھی کھنچیا رہتی ہو یعنی اُس کی طبیعت کی سخا شراب سے بھی بڑھی ہوئی ہی ۔

تَسُرُّ طَرْبَاتُہٗ کَرَائِنَہٗ	ثُمَّ تُزِیْلُ السُّرُوْرَ عُقْبَاھَا

الکرائن جمع کرینۃ وہی الجاریۃ المغنیۃ وقال ابو الفتح ہی العودات والکران العود ترجمہ اور اُس کی خوشیان گانیوالی چھوکریون کو بسبب عطاء کثیر یا عود و رباب کو خوش کرتی ہین پھر انجام کار اُنکی خوشیان کھو دیتا ہی ۔ کیونکہ وہ اُنکو اپنے مصاحبون کو بخشدیتا ہی اور اس لئے وہ ممدوح سے جُدا ہو جاتی ہین اور یہ ہی سبب اُن کے رنج کا ہوتا ہی ۔

بِکُلِّ مَوْھُوْبَۃٍ مُوَلْوِلَۃٍ	قَاطِعَۃٍ زِیْرَھَا وَمَثْنَاھَا

المولولۃ الداعیۃ بالویل من ثکل او غیرہ ۔ والزیر الوتر الدقیق ۔ والمثانی الاوتار او الوتر الثانی من العود ترجمہ ممدوح زنہاے مغنیہ کا سرور زائل کرتا ہی بسبب ہر جاریہ موہوبہ کے جو غم فراق ممدوح مین واویلا کرتی ہی اور بباعث درو ملک غیر ہو جانیکے غصہ ہو کر تار ہاے باریک اور اوتار یا تار دومی عود کو پارہ کرتی ہو ۔ بسبب غایت نارضامندی کے ۔

تَعُوْمُ عَوْمَ الْقَذَاۃِ فِیْ زَبَدٍ	مِنْ جُوْدِ کَفِّ الْاَمِیْرِ یَغْشَاھَا

تعوم تسبح والقذاۃ الشئ الیسیر وہو الذی یصیب العین فتدمع منہ ترجمہ وہ جاریہ موہوبہ اُسکے دریاے پرکف بخشش مین ایسی تیرتی ہی جیسے اُسمین خاشاک کہ عطاے دست امیر ممدوح اُسکی بخشش کو چھپالیتی ہو ۔ خلاصہ یہ کہ کنیزان مغنیہ کا ہبہ اُسکی اور عطایا کی نسبت ایسا قلیل ہی جیسا دریا کی نسبت خاشاک جو اُسمین تیرتے ہین ۔

تُشْرِقُ تِیْجَانُہٗ بِغُرَّتِہٖ	اِشْرَاقَ اَلْفَاظِہٖ بِمَعْنَاھَا

غرۃ وجہہ ۔ والتیجان جمع تاج ترجمہ اُس کے سر پر اُسکے تاج بسبب اُسکے روے تابان کے ایسے چمکتے ہین جیسے اُس کے الفاظ اپنے معنون سے ۔ اس صنعت کا نام ادماج ہی یعنی ایک تعریف مین دوسری تعریف ۔

دَانَ لَہٗ شَرْقُھَا وَمَغْرِبُھَا	وَنَفْسُہٗ تَسْتَقِلُّ دُنْیَاھَا

ترجمہ مشرق ومغرب دنیا یعنی اُنکے اہل ممدوح کے مطیع ہین اور اُسپر اُسکا نفس اپنی جمیع دنیا کو قلیل سمجھتا ہے۔

تَجَمَّعَتْ فِیْ فُؤَادِهٖ هِمَمٌ ۔ مِلْءُ فُؤَادِ الزَّمَانِ اِحْدَاهَا

ترجمہ ممدوح کے دل مین ایسی ہمتین جمع ہین کہ اُنمین کی ایک ہمت بقدر بڑی دل زمانہ ہے باوجودیکہ زمانہ سے زیادہ وسیع کوئی شی نہین ہے اور جبکہ زمانہ باین وسعت صرف اُس کی ایک ہمت سے بھر جاتا ہے تو باقی ہمتین اُسکی ظاہر ہو سکین گی مگر اتفاقاً جیسا اگلے شعر مین ہے۔

فَاِنْ اَتٰی حَظُّهَا بِاَزْمِنَةٍ ۔ اَوْسَعَ مِنْ ذَا الزَّمَانِ اَبْدَاهَا

ترجمہ سو اگر اُسکی ہمت کا نصیب ایسے زمانون کو لے آوے جو ہمارے اس زمانہ سے زیادہ وسیع ہون تو ممدوح اپنی باقی ہمتون کو بھی ظاہر کریگا ورنہ زمانہ موجود مین گنجائش نہین

وَصَارَتِ الْفَیْلَقَانِ وَاحِدَةً ۔ تَعْثُرُ اَحْیَاؤُهَا بِمَوْتَاهَا

الفیلقان الجیشان ترجمہ اور اگر اس زمانہ سے وسیع زمانے اتفاقاً آجائین تو دونون لشکر یعنی اس زمانہ اور آینے اون کے آدمی جمع ہوجاوینگے اور اس اجتماع کے سبب زمین سبکو اچھی طرح نہ سما سکے گی اور ایسی تنگی کرنے لگے گی کہ زندے اشخاص مردون سے ٹھوکر کھا کر گرنے لگین گے یعنی کثرت ہجوم سے۔

وَدَارَتِ النَّیِّرَاتُ فِیْ فَلَكٍ ۔ تَسْجُدُ اَقْمَارُهَا لِاَبْهَاهَا

ارا د بالنیرات والاقمار ملوک الدنیا اذا عادوا واجتمعوا فی زمان واحد دارا دبابہا اعضد الدولۃ ترجمہ اور ملوک گزشتہ کہ بمقابلہ ممدوح مثل ستارون کے بمقابلہ آفتاب ہین ایسے حال مین آسمان پر چلنے پھرنے لگین گے کہ وہ ملوک جو بمنزلہ قمر ہین ممدوح کے سامنے جو مثل آفتاب روشن ہے بخضوع وخشوع پیش آوینگے۔

اَلْفَارِسُ الْمُتَّقَی السِّلَاحُ بِهٖ الْمُثْنِیْ عَلَیْهِ الْوَغٰی وَخَیْلَاهَا

ترجمہ وہ ایسا شہسوار ہے کہ اُسکی پناہ مین اُسکا لشکر دشمنون کے ہتھیارون سے بچتا ہے یعنی سب لشکر سے میدان جنگ مین بڑھا رہتا ہے اور اُسپر خود جنگ اور اُس کے سوار ثنا خوان ہین۔

لَوْ اَنْكَرَتْ مِنْ حَیَائِهَا یَدُهٗ ۔ فِی الْحَرْبِ اٰثَارَهَا عَرَفْنَاهَا

ترجمہ اگر بالفرض ممدوح کا ہاتھ یعنی خود ممدوح جنگ مین اپنے زخمون کے لگانیکا انکار بطریق حیا و شرم کرے تو ہم اُسکے گہراؤ اور وسعت سے پہچان لیتے ہین کہ یہ زخم ممدوح کے ہاتھ کا لگا ہوا ہے۔ کیونکہ اور وںکی ایسی قوت بازو نہین ہے کہ ایسا مہیب زخم لگا سکین غرض اُس کے ہاتھ کا زخم اور لوگون کے زخم سے صاف متمیز ہے۔ وما احسن اقیل سے نظر لگے نہ کہین اُسکے دست وبازو کو + یہ لوگ کیون مرے زخم جگر کو دیکھتے ہین۔

وَكَیْفَ تَخْفَی الَّتِیْ زِیَادَتُهَا ۔ وَنَاقِعُ الْمَوْتِ بَعْضُ سِیْمَاهَا

الزیادۃ ہہنا السوط والناقع الثابت والسیما العلامۃ ترجمہ اور وہ ہاتھ کیسے چھپا رہے جس کا تازیانہ اور موت ثابت اُسکی علامت ہو یعنی وہ ایسا پرزور ہو کہ اُس کا چابک بھی مار ڈالتا ہو تلوار کا کیا پوچھنا ہو مطلب یہ ہو کہ ایسے ہاتھ کا اثر کسطرح مخفی رہے جسکی نشانی موت ہو۔

اَلْوَاسِعُ الْعُذْرِ اَنْ یَتِیْہَ عَلَی الدُّنْیَا وَاَبْنَائِہَا وَمَا تَاہَا	

تاہ الرجل تکبر ترجمہ ممدوح ایسا معظم شخص ہو کہ اگر وہ دنیا اور اہل دنیا پر تکبر اور تعظم کرے تو بسبب اپنے غایت شرف و مجد کے وسیع العذر ہو کوئی اُسکو ملامت نہین کرسکتا مگر باین ہمہ اُس نے کبھی تکبر نہین کیا۔

لَوْ کَفَرَ الْعَالَمُوْنَ نِعْمَتَہٗ	لَمَا عَدَتْ نَفْسُہٗ سَجَایَاہَا

الکفر الجحد والتغطیۃ والسجایا جمع سجیۃ وہی الطبیعۃ والخلق ترجمہ اگر اہل دنیا اُس کا کفران نعمت کرین تو بھی وہ خصائل کرم سے جسپر اُسکا نفس مجبول ہو نہ بڑھے اور نہ تجاوز کرے کیونکہ وہ طبعًا سخی ہو نہ بطلب شکر۔

کَالشَّمْسِ لَا تَبْتَغِیْ بِمَا صَنَعَتْ	مَنْفَعَۃً عِنْدَہُمْ وَلَا جَاہَا

ترجمہ کرم طبعی مین ممدوح مثل آفتاب کے ہو کہ وہ باوجودیکہ خلق کو نفع کثیر پہنچاتا ہو مگر وہ اُس سے کسی فائدہ اور جاہ کا طالب نہین ہو۔

وَلِّ السَّلَاطِیْنَ مَنْ تَوَلَّاہَا	وَالْجَأْ اِلَیْہِ تَکُنْ حُدَیَّاہَا

الحدیا بالدال المہملۃ ہی المباراۃ۔ ویقال انا حدیاک ای ابرز لی وحدک ترجمہ اور سلاطین کے تمام کام اُس شخص کے سپرد کردے جو اُنکا والی اور مالک ہو اور تو اُس کی پناہ مین آجا تو تو اُن سلاطین کا ہمسر ہو جاویگا کیونکہ وہ بھی اُسی کی پناہ مین ہین۔

وَلَا تَغُرَّنَّکَ الْاِمَارَۃُ فِیْ	غَیْرِ اَمِیْرٍ وَاِنْ بِہَا بَاہَا

باہا من المباہاۃ وہی المفاخرۃ ترجمہ اور تجکو غیر امیر ممدوح کے امارۃ دھوکے مین نڈالے اگرچہ وہ اپنی امارت پر فخر کرتے ہون کیونکہ واقعی لیاقت امارت ممدوح ہی مین ہی۔

فَاِنَّمَا الْمَلِکُ رَبُّ مَمْلَکَۃٍ	قَدْ فَغَمَ الْخَافِقَیْنِ رَیَّاہَا

فغم وفی روایۃ نغم بالغین المعجمۃ وہو سد الخیاشم من الریح والخافقان افقا المشرق والمغرب لان اللیل و النہار یخفقان فیہ والریا الرائحۃ ترجمہ کیونکہ حقیقت مین بادشاہ وہ ہو جسکی سلطنت نے مشرق سے مغرب تلک تمام دُنیا کو خوشبو سے بھر دیا ہو۔

مُبْتَسِمٌ وَالْوُجُوْہُ عَابِسَۃٌ	بِسِلْمِ الْعِدٰی عِنْدَہٗ کَہَیْجَاہَا

ترجمہ وہ عین ہنگامہ جنگ مین ایسے حال مین خندان رہتا ہو کہ اُس وقت اور چہرے ترش ہون یعنی بڑا

ہی اور ثابت القلب ہی اور اپنی شجاعت پر ایسا اعتماد رکھتا ہی کہ صلح اور جنگ دشمنان اُس کے نزدیک برابر ہین۔ خلاصہ یہ ہی کہ وہ دشمنون کو کچھ مال نہین سمجھتا ہی۔ زیادہ ہون یا کم۔

اَلنَّاسُ مَا لَمْ يَرَوْكَ اَشْبَاهُ	وَالدَّهْرُ لَفْظٌ وَاَنْتَ مَعْنَاهُ

ترجمہ ابوالفتح اُس کے معنی یہ کہتا ہی کہ جو لوگ اُسکے غیر کے مطیع ہین وہ ایسے ہین گویا مختلف معبودون کی پرستش کرتے ہین اور جو اُس کے مطیع ہین وہ موحد ہین اور خدا کے پوجنے والے یعنی اُس کے غیر کی اطاعت غیر مفید ہی۔ جیسے مشرکون کی عبادت اور واحدی یہ معنی کہتا ہی کہ عبدہ سے مراد شاعر کا نفس ہی یعنی مین صرف اُسکی خدمت کرتا ہون جیسے ایک خدا کی عبادت۔

وقال یمدح کافورا سنة ست واربعین وثلثمائة

كَفَى بِكَ دَاءً اَنْ تَرَى الْمَوْتَ شَافِيًا	وَحَسْبُ الْمَنَايَا اَنْ يَكُنَّ اَمَانِيَا

الباء زیدت علی المفعول ہہنا کما تزاد علی الفاعل نحو قولہ تعالیٰ وکفی باللہ ترجمہ تجکو اسقدر مرض کافی ہی کہ تو موت کو شافی سمجھنے لگے یعنی جب تیرا حال ایسا ہو جاوے کہ تو تمنائے موت کرنے لگے تو یہ نہایت شدت ہی اور موتون کو یہ کافی ہی کہ وہ آرزوئین ہو جاوین۔ یعنی اس سے کیا سختی اور مصیبت زیادہ ہوگی کہ آدمی موت کی خواہش کرنے لگے۔

تَمَنَّيْتَهَا لَمَّا تَمَنَّيْتَ اَنْ تَرَى	صَدِيقًا فَاَعْيَا اَوْ عَدُوًّا مُدَاجِيَا

اعیا صعب وعز۔ والمداجی المساتر للعداوۃ وہو من الدجی وہی الظلمۃ ترجمہ تو نے موت کی آرزو جب کی جس وقت تو نے یار موافق کے دیکھنے کی تمنا کی اور وہ نملا یا دشمن موافق ساتر العداوۃ کی اور وہ بھی بہم نہ پہنچا اور جب یہ دونون شخص تجکو نہ ملے تو تجکو موت کی خواہش ہوئی۔ قال الواحدی ہذا تفسیر الداء المذکور فی البیت الاول۔

اِذَا كُنْتَ تَرْضَى اَنْ تَعِيشَ بِذِلَّةٍ	فَلَا تَسْتَعِدَّنَّ الْحُسَامَ الْيَمَانِيَا

ترجمہ اپنے نفس کو خطاب کرکے کہتا ہی کہ جب تو اس امر پر راضی ہی کہ بحالت ذلت جئے تو شمشیر یمنی کس لئے تیار کرتا ہی کیونکہ وہ دفع ذلت کے لئے تلاش کیجاتی ہی۔

فَمَا يَنْفَعُ الْاُسْدَ الْحَيَاءُ مِنَ الطَّوَى	وَلَا تُتَّقَى حَتَّى تَكُونَ ضَوَارِيَا

الاسد جمع اسد۔ والطوی الجوع۔ وضری الکلب بالصید یضری تعود ترجمہ کیونکہ شیرون کو شرم بھوک سے نافع نہین ہوتی یعنی باعث سیری نہین ہو جاتی اور شیرون سے خوف نہین کیا جاتا مگر جبکہ وہ چیرنے پھاڑنے والے ہون۔ یہ بطور مثل ہی واسطے طلب رزق کے بذریعہ سیف کے۔ یعنی اگر شلاً شیر شکار نکرے تو بھوکا مرے گا۔

ایسا ہی حال آدمی کا ہی۔

حَبَبْتُكَ قَلْبِي قَبْلَ حُبِّكَ مَنْ نَأَى	وَقَدْ كَانَ غَدَّارًا فَكُنْ لِي وَافِيَا

نائی بعد ترجمہ ای میرے دل مین نے تجکو اس سے پہلے دوست رکھا کہ تو اُس شخص کو جو جُدا ہوگیا دوست رکھے یہ تعریض سیف الدولہ کیطرف ہی اور وہ عہد شکن تھا تو میرے لئے وفادار ہو یعنی دوست ناموافق کو یاد مت کر اور اُس کا مشتاق مت بن۔

وَأَعْلَمُ أَنَّ الْبَيْنَ يُشْكِيكَ بَعْدَهُ	فَلَسْتَ فُؤَادِي إِنْ رَأَيْتُكَ شَاكِيَا

ترجمہ اور مین خوب جانتا ہون کہ فراق یار مفارق کا اُسکے بعد تجہ سے شکوہ کرادیگا سو سُن لے کر تو میرا دل نہین ہی اگر مین نے تجکو شکوہ کرتے دیکھا یعنی مین تجہ سے بیزار ہو جاؤن گا اور یہ شعر پڑھونگا سہ

تو اذیت پیشہ دشمن ہی بغلین دل نہین + دور ہو پہلو سے صحبت کی ترے قابل نہین

فَإِنَّ دُمُوعَ الْعَيْنِ غُدْرٌ بِرَبِّهَا	إِذَا كُنَّ إِثْرَ الظَّاعِنِينَ جَوَارِيَا

غدر جمع غدر وارا دبالظاعنین المفارقین ترجمہ کیونکہ اشکہاے چشم اپنے صاحب کے عہد شکن ہون گے جبکہ پیچھے یاران مفارق وعہد شکنون کے جاری ہون گے۔غرض یار غادر کے فراق مین رونا خود اپنے صاحب سے غدار

إِذَا الْجُودُ لَمْ يُرْزَقْ خَلَاصًا مِنَ الْأَذَى	فَلَا الْحَمْدُ مَكْسُوبًا وَلَا الْمَالُ بَاقِيَا

شبہ الملیس فنصب الجزین ترجمہ جبکہ بخشش احسان جتانے کی تکلیف سے خالی نہو تو نہ حمد حاصل ہوتی ہی اور نہ مال باقی رہتا ہی حمد تو احسان جتانے سے گئی اور مال بخشش غیر محمود سے۔

وَلِلنَّفْسِ أَخْلَاقٌ تَدُلُّ عَلَى الْفَتَى	أَكَانَ سَخَاءً مَا أَتَى أَمْ تَسَاخِيَا

ترجمہ اور اخلاق نفس جوانمرد کی طبیعت کا حال بتلاتے ہین کہ اُسکی سخاوت طبعی ہی یا وہ تکلف اسخیا کے مشابہ ہوتا ہی۔

أَقِلَّ اشْتِيَاقًا أَيُّهَا الْقَلْبُ رُبَّمَا	رَأَيْتُكَ تُصْفِي الْوُدَّ مَنْ لَيْسَ جَازِيَا

ترجمہ ای دل جو تیرا اشتیاق نہین اُسکا تو مشتاق نہو۔مین نے تجکو اکثر دیکھا ہی کہ تو اُس سے محبت خالص رکھتا ہی جو کہ تجکو محبت کی جزاے نیک نہین دیتا ہی۔

خُلِقْتُ أَلُوفًا لَوْ رَحَلْتُ إِلَى الصِّبَا	لَفَارَقْتُ شَيْبِي مُوجَعَ الْقَلْبِ بَاكِيَا

ترجمہ مین ایسا اُلفت سرشت پیدا ہوا ہون کہ اگر پیری سے کوچ کرکے کودکی کیطرف آجاؤن۔یعنی میری پیری جاتی رہے اور لڑکپن آجاوے تو باوجودیکہ آغاز عمر عمدہ حصہ انسان کی زندگی کا ہی اور بڑھاپا نہایت مذموم و صد عیب ہی تو بھی مین بڑھاپے سے بادل دردمند روتا ہوا جُدا ہون گا کیونکہ مین اُس سے مالوف ہوگیا ہون

وبعد دره فقد اجاد فی اظہار الالفۃ۔

وَلٰكِنَّ بِالْفُسْطَاطِ بَحْرًا اَزَرْتُهُ ۔۔۔ حَيَاتِيْ وَنُصْحِيْ وَالْهَوٰى وَالْقَوَافِيَا

الفسطاط بلد مصر وآزرتہ زرتہ ترجمہ بیت اول مین اپنی مالوف المزاجی کا ذکر کیا اب اُس سے استثنا کرکے کہتا ہی کہ شہر مصر مین ایک شخص مثل دریا فیاض ہی یعنی کافور کہ مین اُس کے پاس اپنی زندگی اور خیرخواہی اور خواہش نفس اور اپنے اشعار مدحیہ لے آیا یعنی بتمامہ اُسکی خدمت مین حاضر ہوگیا اور سیف الدولہ کی کج ادائی پر باوجود اُلفت صبر نہ کرسکا۔

وَجُرْدًا مَدَدْنَا بَيْنَ آذَانِهَا الْقَنَا ۔۔۔ فَبِتْنَ خِفَافًا يَتَّبِعْنَ الْعَوَالِيَا

معطوف علی حیوتی ترجمہ اور مین اُس کے پاس ایسے کم مو عمدہ گھوڑے لے آیا کہ بحالت سفر اُنکے دونون کانون کے بیچ مین نیزے رکھے ہوتے تھے سو اُنھون نے ایسے حال مین شب گزاری کہ وہ سُبک اور تیز رو تھے اور بلند نیزون کے پیچھے یعنی اُنکی سیدھ مین جاتے تھے۔

تَمَاشٰى بِاَيْدٍ كُلَّمَا وَافَتِ الصَّفَا ۔۔۔ نَقَشْنَ بِهٖ صَدْرَ الْبُزَاةِ حَوَافِيَا

الصفا الصخر والبزاۃ جمع باز ترجمہ وہ گھوڑے ایسے سخت سم کے اگلے پاؤن سے چلے کہ جب اُن کے پاؤن کے تلے پتھر آجاتا تھا تو وہ باوجود بے نعل ہونے کے اُس پتھر پر مثل بازون کے سینون کے نقش کردیتے تھے یعنی ایسے سم کے سخت تھے جو گھوڑون کے لئے امر ممدوح ہی۔

وَيَنْظُرْنَ مِنْ سُوْدٍ صَوَادِقَ فِي الدُّجٰى ۔۔۔ يَرَيْنَ بَعِيْدَاتِ الشُّخُوْصِ كَمَا هِيَا

ترجمہ اور وہ گھوڑے اپنے چشمان راست بین سے تاریکیون مین دور کی چیزین ایسی دیکھتے ہین جیسی وہ واقع مین ہین یعنے ایسے دوربین اور تیز نظر ہین کہ نزدیک اور دور سے یکسان دیکھتے ہین۔

وَتَنْصِبُ لِلْجَرْسِ الْخَفِيِّ سَوَامِعًا ۔۔۔ يَخَلْنَ مُنَاجَاةَ الضَّمِيْرِ تَنَادِيَا

الجرس الصوت الخفی وہو السرار ویخلن یحسبن والسوامع جمع سامعۃ وہی الاذن ترجمہ اور وہ گھوڑے بسبب پوشیدہ اور پست آواز کے اپنے کان کھڑے کرلیتے ہین اور وہ سرگوشی دلکو پکارنا سمجھتے ہین یعنے جیسے تیز نظر ہین ایسے ہی حدید السمع ہین۔

تُجَاذِبُ فُرْسَانَ الصَّبَاحِ اَعِنَّةً ۔۔۔ كَاَنَّ عَلَى الْاَعْنَاقِ مِنْهَا اَفَاعِيَا

فرسان الصباح فرسان الغارۃ التی تغیر عند الصباح والغارۃ یکون فی ہذا الوقت غالبًا لغفلۃ الناس فیہ والافاعی جمع افعی وہو ذکر الحیات ترجمہ وہ گھوڑے سواران غارتگر سے بسبب اپنی قوۃ ونشاط کے ایسی باگین کھینچا تانی کرتے ہین کہ گویا وہ اُنکی گردنون پر افعی سانپ ہین۔ باگون کو بسبب اُنکے طول کے اور ضرر رسانی عدا کے

افاعی سے تشبیہ دی ہے

بِعَزْمٍ یَسِیْرُ الْجِسْمُ فِی السَّرْجِ رَاکِبًا	بِہٖ وَیَسِیْرُ الْقَلْبُ فِی الْجِسْمِ مَاشِیًا

ترجمہ ہم ایسے قوی عزم سے روانہ ہوئے کہ جسم بحالت سواری زین مین بسبب توہ عزم چلنے لگے اور دل جسم مین یعنی بسبب حدت عزم جسم سوار چاہتا ہی کہ خانہ زین سے نکلجائے اور ایسا ہی دل جسم سے سبقت کرنا چاہتا ہی۔

قَوَاصِدَ کَافُوْرٍ تَوَارِکَ غَیْرِہٖ	وَمَنْ قَصَدَ الْبَحْرَ اسْتَقَلَّ السَّوَاقِیَا

السواقی جمع ساقیۃ وہی النہر الصغیر ترجمہ وہ گھوڑے کافور کا قصد کرنیوالے اور اور سردارون کو مثل سیف الدولہ کے چھوڑنے والے تھے اور کیونکر اورون کو نہ چھوڑتے اور حال یہ ہی کہ جو شخص دریا کا قصد کرے وہ چھوٹی نہرون کو کمتر سمجھتا ہی کیون کہ نہرین دریا کے فیض سے جاری ہوتی ہین۔

فَجَاءَتْ بِنَا اِنْسَانَ عَیْنِ زَمَانِہٖ	وَخَلَّتْ بَیَاضًا خَلْفَہَا وَمَآقِیَا

موق العین طرفہا مایلی الانف والاحاظ طرفہا الذی یلی الاذن ترجمہ سو وہ گھوڑے ہمکو ایسے شخص عزیز القدر کے پاس لے آئے جو اپنے زمانہ کے لئے مانند مردمک چشم ہی اور انھون نے اپنے پیچھے ایسے اشخاص کو چھوڑدیا جو بمنزلہ سفیدی اور گوشہ ہائے چشم تھے اور لوگون کو سفیدی و گوشہ ہائے چشم سے تشبیہ دی کیونکہ وہ دیکھنے کے لئے مفید نہین ہین اور کافور کو آنکھ کی تپلی سے کیونکہ بینائی کا مدار اُسی پر ہی۔ اور کنایہ ہی اس کے رنگ کی سیاہی سے۔ خلاصہ یہ ہی کہ کافور غرض اصل زمانہ ہی اور باقی لوگ محض فضول۔ سچ تو یہ ہی کہ حبشی کی تعریف اس سے بہتر نہین ہوسکتی۔

نَجُوْزُ عَلَیْہَا الْمُحْسِنِیْنَ اِلَی الَّذِیْ	نَرَیٰ عِنْدَہُمْ اِحْسَانَہٗ وَالْاَیَادِیَا

الایادی جمع ید من النعمۃ وہی تجمع علی ایاد بخلاف الجارحۃ فہی تجمع علی اید ترجمہ ہم اُن گھوڑون پر سوار ہوکر احسان کرنے والے اُمرا کو چھوڑکر ایسے امیر عالیقدر کیطرف آگے بڑھ آئے کہ اُس کے احسان اور نعمتین اُن امرا پر ہم دیکھتے تھے۔ ان امرا سے مراد وہ امیر ہین جو کافور کے ماتحت تھے کہ آثار احسان اُس کے اُنپر نمایان تھے اور سیف الدولہ سے مراد نہین ہوسکتی کیونکہ سیف الدولہ اور اُس کی فوج پر کافور کے کچھ احسان نہ تھے۔

فَتًی مَا سَرَیْنَا فِیْ ظُہُوْرِ جُدُوْدِنَا	اِلٰی عَصْرِہٖ اِلَّا نُرَجِّی التَّلَاقِیَا

ترجمہ کافور ایسا جوانمرد ہی کہ ہم اپنے اجداد کی پشتون مین اُس کے زمانہ تلک نہین چلے مگر اُمیدوار اُسکی ملاقات کے

تَرَفَّعَ عَنْ عُوْنِ الْمَکَارِمِ قَدْرُہٗ	فَمَا یَفْعَلُ الْفَعَلَاتِ اِلَّا عَذَارِیَا

العون جمع عوان وہی خلاف البکر والعذاری جمع عذراء وہی البکر ترجمہ ممدوح کی قدر اس سے بلند ہی کہ وہ مکارم

میانہ سال کو عمل مین لائے وہ تو اچھوتے کام کرتا ہی یعنی جو مکارم مستعمل اور لوگ کے کیے ہین وہ اُنکو پسند نہین کرتا بلکہ مجد و شرف مین نئے نئے ایجاد کرتا ہی۔

يُبِيدُ عَدَاوَاتِ الْبُغَاةِ بِلُطْفِهِ   فَإِنْ لَمْ تَبِدْ مِنْهُمْ أَبَادَ الْأَعَادِيَا

یبید یہلک ابادہ اہلکہ ترجمہ ممدوح باغیون کی عداوت کو اپنی مہربانی سے ہلاک کرتا ہی یعنی اول اُن پر مہربانی فرماتا ہی تاکہ اُنکی عداوت مبدل بمحبت ہو جائے سو اسپر بھی اگر اُنکی عداوت نہین جاتی تو ناچار بمقتضائے مثل مشہور آخر الدواء الکی انکی دشمنون کو ہلاک کردیتا ہی۔

أَبَا الْمِسْكِ ذَا الْوَجْهُ الَّذِي كُنْتُ تَائِقًا   إِلَيْهِ وَذَا الْوَقْتُ الَّذِي كُنْتُ رَاجِيَا

ترجمہ ای ابوالمسک یعنی کافور یہ ہی تیرا روے مبارک ہی جسکا مین ایک عرصہ سے مشتاق تھا اور یہ ہی وقت تیری ملاقات کا ہی جس کا مین اُمیدوار تھا۔ یہ شعر ہجو پر بھی محمول ہو سکتا ہی۔

لَقِيتُ الْمَرَوْرَى وَالشَّنَاخِيبَ دُونَهُ   وَجُبْتُ هَجِيرًا يَتْرُكُ الْمَاءَ صَادِيَا

المروری جمع مروراة وہی الفلوات الواسعة والشناخیب جمع شنخوب وہی القطعة العالیة من الجبل او رؤس الجبال ترجمہ تیرے ملنے سے پہلے مجکو دشتہاے فراخ اور پہاڑ کی چوٹیون سے ملاقات کرنی پڑی اور ایسی سخت دوپہریان مین نے کاٹین جو پانی کو بھی تشنہ کر چھوڑین مقصود مبالغہ گرمی ہی۔ یا پانی سے مراد موضع آب ہی کہ وہ پانی کو پی جاتا ہی۔

أَبَا كُلِّ طِيبٍ لَا أَبَا الْمِسْكِ وَحْدَهُ   وَكُلِّ سَحَابٍ لَا أَخُصُّ الْغَوَادِيَا

الغوادی جمع غادیة وہی سحابة تنشأ صباحا ترجمہ ای ہر خوشبو کے پدر نہ خاص مشک کے اور ہر ابر کے پدر نہ خاص ابرہاے صبح بارکے یعنی تو لطافت طبع مین تمام خوشبوؤن کا مجموعہ ہی اور سخاوت مین تمام ابرون سے بڑھا ہوا۔

يُدِلُّ بِمَعْنًى وَاحِدٍ كُلُّ فَاخِرٍ   وَقَدْ جَمَعَ الرَّحْمٰنُ فِيكَ الْمَعَانِيَا

یدل یفتخر ترجمہ ہر فخر کرنے والا ایک معنی یعنے عمدہ وصف پر فخر کرتا ہی اور تجھ مین تو خدا نے ساری خوبیان جمع کردی ہین۔ کہتے ہین کہ یہ شعر پڑھکر متنبی بھی ہنس پڑا اور کافور بھی اور غرض شاعر دریافت کرگیا۔

إِذَا كَسَبَ النَّاسُ الْمَعَالِيَ بِالنَّدَى   فَإِنَّكَ تُعْطِي فِي نَدَاكَ الْمَعَالِيَا

ترجمہ جبکہ اور بادشاہ بذریعہ عطا وجود بلندنامی حاصل کرتے ہین تو بیشک تیرا یہ حال ہی کہ اپنی بخشش مین معالی عطا کرتا ہی یعنی سائل تیرے عطا کے سبب صاحب معالی ہو جاتا ہی۔

وَغَيْرُ كَثِيرٍ أَنْ يَزُورَكَ رَاجِلٌ   فَيَرْجِعَ مَلْكًا لِلْعِرَاقَيْنِ وَالِيَا

العراقان عراق العرب عراق العجم واٰخر عراق العجم اعمال الری ترجمہ اور یہ بات کوئی بڑی نہین ہے کہ کوئی شخص تیرا ایک پیادہ آوے اور تیری توجہ سے بادشاہ ہوکر ایسے حال مین مراجعت کرے کہ وہ ہر دو عراق کا مالک ہووے۔

فَقَدْ وَهَبَ الْجَيْشَ الَّذِي جَاءَ غَازِيًا	لِسَائِلِكَ الْفَرْدِ الَّذِي جَاءَ عَافِيَا

ترجمہ کیونکہ تو اُس لشکر کو جو تجھ سے لڑنے آیا ہی گرفتار کرکے بیشک اُس اکیلے سائل کو جو تیرے پاس مانگنے آیا ہی بخشدیتا ہی۔ واصل الغزو القصد وغزونا العدو ای قصدناہم۔

وَتَحْتَقِرُ الدُّنْيَا احْتِقَارَ مُجَرِّبٍ	يَرَى كُلَّ مَا فِيهَا وَحَاشَاكَ فَانِيَا

ترجمہ اور تو دنیا کو ایسا حقیر سمجھتا ہی جیسا وہ صاحب تجربہ اُسکو حقیر جانتا ہی جو تمام اشیاے دنیا کو تیرے سوا فانی سمجھتا ہی۔ حاشاک حشو ملیح ہی اور نہایت عمدہ۔

وَمَا كُنْتَ مِمَّنْ أَدْرَكَ الْمُلْكَ بِالْمُنَى	وَلَكِنْ بِأَيَّامٍ أَشَبْنَ النَّوَاصِيَا

اراد بایام الوقائع ترجمہ اور تو اُن لوگون مین نہین ہی جنھون نے سلطنت تمناؤن اور اتفاق سے پائی ہی بلکہ تونے ملک ایسی سخت لڑائیون کے ذریعہ سے حاصل کیا ہی جنکی سختیون نے دشمنون کے سر سفید یعنی بوڑھے کردیے ہین۔

عِدَاكَ تَرَاهَا فِي الْبِلَادِ مَسَاعِيًا	وَأَنْتَ تَرَاهَا فِي السَّمَاءِ مَرَاقِيَا

الضمیر فی تراہا للایام او للافعال والمراقی واحدہا مرقاۃ وہی الدرج التی تکون فی السلم والمساعی فی فعل الخیر ترجمہ تیرے دشمن وقائع اور ایام کو افعال خیر شہرون کے سمجھتے ہین اور تو اُنکو آسمان کے زینے جانتا ہی یعنی تو حصول معالی کی بڑی قدر ومنزلت کرتا ہی اس لئے اُنکی تحصیل مین سعی بلیغ فرماتا ہی اور اُنکے حاصل ہونیکو سخت محبوب خیال کرتا ہی اور تیرے دشمن اُنکو ایک سرسری کام جانتے ہین اسلئے اُنسے محروم رہتے ہین واحدی اسکا خلاصہ یہ بتلاتے ہین کہ تیرے دشمن ان وقائع کو زمین پر کوشش کرنا ہی سمجھتے ہین اور تو اُنکو آسمان کے زینے یعنی منجانب خداوند تعالی۔

لَبِسْتَ لَهَا كُدْرَ الْعَجَاجِ كَأَنَّمَا	تَرَى غَيْرَ صَافٍ أَنْ تَرَى الْجَوَّ صَافِيَا

الجو الفضاء بین السماء والارض ترجمہ تونے ایام وحروب کے لئے غبار مکدر وسیاہ کو اپنے لئے لباس بنالیا گویا میدان مابین آسمان وزمین کو غبار جنگ سے صاف دیکھنا تجکو اچھا اور صاف معلوم نہین ہوتا اور اس صفائی کو مکروہ جانتا ہی۔

وَقُدْتَ إِلَيْهَا كُلَّ أَجْرَدَ سَابِحٍ	يُؤَدِّيكَ غَضْبَانًا وَيَثْنِيكَ رَاضِيَا

ترجمہ اور تو میدان جنگ کیطرف تمام ایسے گھوڑے کھینچ لیگیا کہ کم مو یعنی چالاک اور نرم رفتار ہین کہ وہ تجکو لڑائی مین بحالت غضبناکی پہنچادین اور شادان وفرحان واپس لادین بسبب قتل دشمنان وحصول غنیمت کے۔

وَمُخْتَرَطٍ مَاضٍ يُطِيعُكَ آمِرًا	وَيَعْصِي إِنِ اسْتَثْنَيْتَ أَوْ كُنْتَ نَاهِيَا

ومخترط عطف علی اجرد وہو السیف اذا اخترطتہ من غمدہ ترجمہ اور تو میدان جنگ مین ہر ایسی برہنہ شمشیر تیز لے گیا

کہ جب تو اسکو کسی شئی کے قطع کا حکم کرے تو وہ تیری فرمانبرداری کرے اور مضروب کو پارہ پارہ کردے اور اگر تو اسکو کسی خاص چیز کے یا بالعموم قطع سے منع کرے تو وہ تیرے حکم کو بسبب اپنی سرعت قطع وتیزی کے نمانے اور ٹکڑے ٹکڑے کرکے چھوڑے یعنی اگر تو جنگ مین توقف کرے تو وہ کہا تیرا نمانے۔

وَاَسْمَرَ ذِی عِشْرِیْنَ تَرْضَاہُ وَارِدًا	وَیَرْضَاکَ فِی اِیْرَادِہٖ الْخَیْلَ سَاقِیَا

ذو عشرین ای عشرین کعبا اوذراعا ترجمہ اور تو نے جنگ مین گندم گون نیزے بیس پورون کے یا بیس گز کے یعنی طویل ایسے بھیجے کہ جب تو انکو اعدا کے گھاٹ پر اتارے تو ان سے خوش ہو جاوے یعنی وہ خون دشمنان خوب پیوین اور وہ تجکو اچھا ساقی اسوقت جانین جبکہ تو انکو سوارونکے مارے اور انکا خون پلاوے۔

کَتَائِبَ مَا انْفَکَّتْ تَجُوْسُ عَمَائِرًا	مِنَ الْاَرْضِ قَدْ جَاسَتْ اِلَیْہَا فَیَافِیَا

کتائب یروی بالرفع والنصب فالرفع علی تقدیر لک کتائب اوما انفکت لک کتائب والنصب علی قدت الی الحرب وتجوس تدوس وتطاء وعمائر جمع عمارۃ بالکسر ہی القبیلۃ ترجمہ اور تیرے پاس ہتیار لشکر ہین جو ہمیشہ دشمنون کے قبائل کو روندتے اور ہلاک کرتے ہین اور وہ ایسی زمین سے آتے ہین کہ انکی طرف آنے کی غرض سے اسکے لوٹنے کے لئے دشتہاے دور دست کو قطع کرتے ہین یعنی اس کے لشکر برابر لڑتے رہتے ہین۔

غَزَوْتَ بِہَا دُوْرَ الْمُلُوْکِ فَبَاشَرَتْ	سَنَابِکُہَا ہَامَاتِہِمْ وَالْمَغَانِیَا

السنبک للحافر کالظفر للطیور والمخلب للسبع ترجمہ تو نے ان لشکرون کے ذریعہ سے بادشاہون کے گھر لوٹے سو گھوڑون کے سمون نے سرہاے بادشاہان اور انکے گھر پامال کئے۔

وَاَنْتَ الَّذِیْ تَغْشَی الْاَسِنَّۃَ اَوَّلًا	وَتَاْنَفُ اَنْ تَغْشَی الْاَسِنَّۃَ ثَانِیَا

الانف من الشئ استنکف ترجمہ اور تو وہ ہی کہ نیزون کے پاس سب سے پہلے آتا ہی یعنی جنگ مین سب سے اول حاضر ہوتا ہی اور اس بات سے بچتا ہی کہ لڑائی مین دوسرے کے بعد آوے یعنی تو امام حرب ہی۔

اِذَا الْہِنْدُ سَوَّتْ بَیْنَ سَیْفَیْ کَرِیْہَۃٍ	فَسَیْفُکَ فِیْ کَفٍّ تُزِیْلُ التَّسَاوِیَا

ترجمہ جبکہ ہند یعنی اسکے باشندے لڑائی کی دو تلوارین تیزی اور خوبی آہن مین برابر بناوین تو تیری تلوار تیرے ایسے ہاتھ مین ہوگی جو برابری کو دور کردے کیونکہ ضرب تیرے ہاتھ کی شدید ہوگی۔

وَمِنْ قَوْلِ سَامٍ لَوْ رَاٰکَ لِنَسْلِہٖ	فِدَی ابْنِ اَخِیْ نَسْلِیْ وَنَفْسِیْ وَمَالِیَا

سام بن نوح ابو البیض وحام بن نوح ابو السودان ترجمہ اگر سام پدر سفید رنگان تجھے دیکھے تو اپنی اولاد سے کہے کہ میرے بھتیجے کافور پر جو اولاد حام میرے برادر سے ہی میری اولاد اور میری جان اور میرا مال قربان۔ واہ متنبی تیرا کیا کہنا ہی کافور کو خوب بنایا۔

مَدًى بَلَّغَ الأُسْتَاذَ أَقْصَاهُ رَبُّهُ	وَنَفْسٌ لَهُ لَمْ تَرْضَ إِلَّا التَّنَاهِيَا

المدی الغایۃ والاستاذ مستعمل فی العراق للمعلم والشیخ والخدم ترجمہ یہ جو مین نے تیری مناقب ذکر کئے رفعت مرتبت کی نہایت ہی کہ کافور کو اسکی غایت تلک اُس کے رب نے پہنچا دیا اور بھی اُس کے نفس عالی نے جو راضی نہین ہوتا مگر اسکی انتہا پر پہنچنے سے۔

دَعَتْهُ فَلَبَّاهَا إِلَى الْمَجْدِ وَالْعُلَا	وَقَدْ خَالَفَ النَّاسُ النُّفُوسَ الدَّوَاعِيَا

ترجمہ اُس کے نفس مقدس نے اُسکو مجد و رفعت کی طرف بلایا سو اُسنے کہا کہ مین حاضر ہون اور حال یہ ہی کہ اور لوگ اپنے نفسون کی جو اُنکو مجد و شرف کیطرف بلاتے ہین مخالفت کرتے ہین۔

فَأَصْبَحَ فَوْقَ الْعَالَمِينَ يَرَوْنَهُ	وَإِنْ كَانَ يُدْنِيهِ التَّكَرُّمُ نَائِيَا

ترجمہ سو اُس علو ہمت کے سبب وہ تمام خلق پر فائق ہو گیا جس کو سب لوگ اپنے سے بلند دیکھ رہے ہین اگرچہ اُسکی بزرگی اُسکو اور لوگون سے نزدیک کرتی ہی یعنی بمقتضائے اخلاق سب سے اچھی طرح پیش آتا ہی۔

وقال یہجو کافورًا وقد نظر الی رجلیہ وقبحہا

أُرِيكَ الرِّضَا لَوْ أَخْفَتِ النَّفْسُ خَافِيَا	وَمَا أَنَا عَنْ نَفْسِي وَلَا عَنْكَ رَاضِيَا

ترجمہ اگر میری طبیعت اپنے جی کی کسی بات کو چھپا سکتی یعنے اُسکے اخفا پر قادر ہوتی تو مین تجکو بظاہر منافقانہ اپنی خوشی دکھاتا اور وہ ملال جو مجکو تجھ سے اور تیرے پاس آکر اوقات ضائع کرنے سے ہی اُس کو چھپاتا مگر میرا حال تو یہ ہی کہ مین اپنی طبیعت سے جو تیرے پاس آنے کی باعث ہوئی اور نیز تجھ سے خوش نہین ہون کیونکہ تو نے میری قدر نجانی اور جھوٹے وعدون سے مجکو دق کیا اور کچھ ندیا۔

أَمَيْنًا وَإِخْلَافًا وَغَدْرًا وَخِسَّةً	وَجُبْنًا أَشَخْصًا لُحْتَ لِي أَمْ مَخَازِيَا

کل ہذہ مصادر نصبہا علی المصدر بافعال منہا تمین مینا وتخلف اخلافا وتغدر غدرا والمین الکذب والاخلاف والمخازی جمع مخزیۃ وہو الفعل الانسان من الفعل المذموم ترجمہ کیا تو بڑا ہکا جھوٹ بولتا ہی اور خلاف وعدگی اور عہد شکنی اور خست اور نامردی کرتا ہی کیا تو بصورت شخص ظاہر ہوا یا تو مجسم رسوائیان ہی کہ تجھ مین یہ سارے عیوب موجود ہین۔

تَظُنُّ ابْتِسَامَاتِي رَجَاءً وَغِبْطَةً	وَمَا أَنَا إِلَّا ضَاحِكٌ مِنْ رَجَائِيَا

جمع التبسم لانہ اراد مرۃ بعد اخری ترجمہ تو میرے تبسمون کو جو بار بار ہنستا ہون یہ سمجھتا ہی کہ مین بطور اُمیدواری اور غبطہ کے ہنستا ہون نہین مین تو صرف اپنی اُمید سے ہنستا ہون کہ یہ دن تجھ سے نالائق سے اُمید کی۔

وَتُعْجِبُنِی رِجْلَاکَ فِی النَّعْلِ اَنَّنِی	رَاَیْتُکَ ذَا النَّعْلِ اِذَا کُنْتَ حَافِیًا

تعجبنی من التعجب لامن الاستحسان ترجمہ اور تیرے دونون پاؤن جوتیون مین مجکو عجیب معلوم ہوتے ہین کیونکہ جب تو برہنہ پا ہوتا ہی تب بھی مین تجکو کفش پوش دیکھتا ہون یعنے تیرے پاؤن کی سخت کھال قائم مقام جوتیون کے ہی۔ یروی اننی بفتح الہمزة ویروی بکسرہا علی الاستیناف۔

وَاَنَّکَ لَا تَدْرِی اَلَوْنُکَ اَسْوَدُ	مِنَ الْجَهْلِ اَمْ قَدْ صَارَ اَبْیَضَ صَافِیًا

ترجمہ اور تو بسبب اپنے جہل کے یہ بھی نہین جانتا کہ تیرا رنگ کالا ہی یا صاف سفید۔

وَیُذْکِرُنِیْ تَخْیِیْطُ کَعْبِکَ شَقَّهٗ	وَمَشْیَکَ فِیْ ثَوْبٍ مِنَ الزَّیْتِ عَارِیًا

یروی تخییط رفعا ونصبا فالرفع علی اضمار المفعول الثانی ینذکرنی دہویذکرنیک خیاطک شق کعبک روی ابن فورجة تخیط ومشیک بالنصب فیہما قال فاعل یذکرنی رجلاک وتخییط مفعول ثان وکذلک مشیک اراد تخییط شق کعبک فقدم الکعب ثم کنی عنہ ترجمہ اور تیرے ٹخنون کا مخطط اور دھاری دار ہونا وہ پھٹن اور بوائیان مجکو یاد دلاتی ہین جو بوقت حبش سے آنیکے تیرے پاؤن مین تھین اور تیرا برہنہ چلنا تیل کے کپڑون مین۔ کہتے ہین کہ کافور کا مولی روغن فروش تھا اور وہ روغن زیت ننگے بدن سر پر اٹھائے پھرا کرتا تھا مطلب یہ ہی کہ وہ سیاہ رنگ مائل بزردی تھا جیساکہ روغن زیتون کا رنگ ہوتا ہی۔ اہل عراق اپنے محاورے مین اُس شخص کو جو خوب سیاہ ہو زیت کہتے ہین اور حبشی پر غالب زردی ہوتی ہی۔

وَلَوْلَا فُضُوْلُ النَّاسِ جِئْتُکَ مَادِحًا	بِمَا کُنْتُ فِیْ سِرِّیْ بِهٖ لَکَ هَاجِیًا

ترجمہ اور اگر لوگون کی زیادہ گوئی نہوتی تو مین تیری تعریف مین وہ زشت مضامین کہکر لاتا جو تجھے پوشیدہ تیری ہجو مین کہا کرتا ہون۔ خلاصہ یہ ہی کہ تو جاہل ہی تجکو اتنی بھی تمیز نہین ہی کہ تو مدح اور ذم کو پہچانے مگر کیا کیجے مردمان فضول گو تجھے خبر کر دینگے کہ یہ تیری ہجو ہی مدح نہین ہی اس سببسے یہ عمل نہین کرتا۔

فَاَصْبَحْتَ مَسْرُوْرًا بِمَا اَنَا مُنْشِدٌ	وَاِنْ کَانَ بِالْاِنْشَادِ هَجْوُکَ غَالِیًا

ترجمہ اگر مین ایسا کرتا تو تو میرے اشعار سے خوش ہو جاتا اور یہ سمجھتا کہ میری مدح ہی نہ ہجو اگرچہ تیری ہجو پڑھنی بھی گران قیمت ہی کیونکہ تو ہجو کی بھی لیاقت نہین رکھتا۔

فَاِنْ کُنْتَ لَا خَیْرًا اَفَدْتَ فَاِنَّنِیْ	اَفَدْتُ بِلَحْظِیْ مِشْفَرَیْکَ الْمَلَاهِیَا

المشفر واحد مشافر وہی من الابل کالجحفلة من الفرس وشافر الفرس مستعارة والملاہی من اللہو ترجمہ سو اگر تو نے مجکو کچھ بھلائی عنایت نہین کی تو مین نے بسبب دیکھنے تیرے دونون ہونٹون کے جو مثل لبہائے شتر موٹے ہین دل لگی حاصل کی اس صورت مین افدت کے معنی استفدت کے ہوتے اور افدت اپنے معنون مین

ہیں ہو سکتا ہی آی افدت نفسی الالاہیا فیکون المفعول الاول مقدراً۔

وَمِثْلُكَ يُؤْتَى مِنْ بِلَادٍ بَعِيْدَةٍ	لِيُضْحِكَ رَبَّاتِ الْحِدَادِ الْبَوَاكِيَا

ربات الحداد لابسات الحداد وہی ثیاب سودٌ یلبسہا النساء ربات الحزن وہی التی مات زوجہا والبواکی جمع باکیۃ وہی الثاکلۃ التی فقدت حبیبا ترجمہ جب مین تجکو دیکھتا ہون تو بے اختیار ہنسنے لگتا ہون کیونکہ تجھ سے عجائب المخلوقات شہرہاے دور ودراز سے باین غرض لائے جاتے ہین تاکہ زنہاے ماتمی لباس کسی پیارے کے مرنے کے سبب روندیوالیون کو وہ ہنساوے اور خندہ مین لاوے اوراس سبب سے اُنکے غم غلط ہون شاعر نے اس شعر مین وہ تمام قبائح ظاہر کردئے جو اپنے اشعار مدحیہ پہلو دار مین چھپاتا رہا ہی کما قال

وما طربی لما رایتک بدعۃ	لقد کنت ارجوان اراک فاطرب

تم الکتاب وللہ الحمد ویطربنی ختمہ علی لفظ الطرب اللہم اجعل خاتمۃ امورنا طربا وفرحاً وجنب عناضیرا وترحاً والصلوٰت التامات والتحیات الزاکیات علی ہادی الامم سید العرب والعجم وعلی آلہ واصحابہ واحبابہ وازواجہ واصہارہ ومہاجریہ وانصارہ وسلم تسلیما

خاتمۃ الطبع



٧٨٦

ترجمۃ المتنبی

ابوالطیب احمد بن الحسین بن عبدالصمد الجعفی الکندی الکوفی المعروف بالمتنبی ایک شاعر بلیغ لطیف الطبع بلند فکر شیرین مقال نازک خیال ہے باوجودیکہ اُسکی وفات کو ۹۵۶ برس گزر چکے ہیں مگر ابتلک اُسکی فصاحت و بلاغت و دقت مضامین و چستی الفاظ و عمدگی معانی و استعارات شیرین و تشبیہات نمکین و تشبیبات دلنشین مسلم ادبا کے نامدار و شعرائے روزگار ہین۔ اور بزم و رزم و معاملات روزمرہ مین اُسکے اشعار بطور ضرب امثال وردزبان اہل کمال ہین۔ اور اُسکا سدا بہار چمن کلام خزان روزگار و گردش لیل و نہار سے باوجود امتداد زمان محفوظ ہے۔

گل ہمین پنج روز شش باشد ‌‌ ‌ ‌ وین گلستان ہمیشہ خوش باشد

یہ نامور شاعر کوفہ کے محلہ کندہ مین ۳۰۳ھ مین پیدا ہوا اس لئے اسکو کندی کہتے ہیں۔ وہ کندہ مشہور قبیلہ سے نہیں ہے بلکہ وہ جعفی القبیلہ ہے۔ اسکو متنبی اس لئے کہتے ہیں کہ اسنے بادیہ سادہ میں نبوۃ کا دعوی کیا تھا اور اپنے اشعار کو اپنا معجزہ ٹھہرایا تھا اور بنی کلب وغیرہ کا ایک انبوہ کثیر اُسکا تابع ہوگیا تھا اس لئے ابو لولو نائب اخشیدیہ نے اُسپر چڑھائی کی اور اُسکے مجمع کو متفرق کر کے اُسکو قید کر لیا تھا۔ اور ایک عرصۂ دراز تک اُسکو مقید رکھا۔ جب اُس نے دعوی نبوت سے توبہ کی تو اُسکو چھوڑ دیا۔ قاضی القضاۃ ابن خلکان اپنی کتاب وفیات الاعیان مین لکھتے ہین کہ علمانے اُسکے دیوان کی بڑی قدر کی اور اُسکی متعدد شروح لکھین اور میرے بعض اساتذہ نے مجھ سے کہا کہ دیوان مذکور کی چالیس شرحین میری نظر سے گذر چکی ہین۔ سو یہ شرف کسی اور دیوان کو نصیب نہین ہوا۔ حق یہ ہے کہ یہ شخص شعر مین صاحب بخت بلند اور بڑا خوش قسمت ہے انتہے۔ یہ بڑا زبان دان اور لغت کا امام ہے۔ علاوہ لغات مشہورہ لغات وحشیہ و غریبہ سے بخوبی واقف تھا۔ جب اُس سے درباب محاورات کچھ پوچھا جاتا تھا تو فوراً نظم و نثر عرب عربا بطور سند پیش کرتا تھا۔ کہتے ہین ۳

کہ شیخ ابو علی فارسی نے اُس سے ایک روز پوچھا کہ زبان عرب مین فِعلیٰ کے وزن پر کون کون جمع آتی ہیں۔ متنبی نے فوراً جواب دیا کہ حِجلیٰ اور ظِربیٰ۔ شیخ مذکور کہتے ہیں کہ مین نے برابر تین رات کتب لغت دیکھیں کہ ان دو کے سوا اس وزن پر کوئی اور جمع بھی آتی ہے مگر نہ ملی۔ اس تبحر کا کیا ٹھکانا ہے۔

آخر سنہ ۳۵۴ ہجری مین فاتک بن ابی الجہل اسدی نے اس عظیم القدر شخص اور اسکے بیٹے محسّد اور اس کے غلام مفلح کو دجلہ کے کنارہ بروز چہارشنبہ ماہ رمضان مین قتل کر دیا اس حساب سے اسکی عمر کل ۵۱ سال کی ہوئی۔ اُسکا مرثیہ ابو القاسم مظفر بن علی طبسی نے اس طرح کہا ہے۔

مارای الناس ثانی المتنبی	ای ثان یری لبکر الزمان
کان من نفسہ الکبیرۃ فی جیش وفی کبریاء ذی سلطان	
ہو فی شعرہ نبی ولکن	ظہرت معجزاتہ فی المعانی

خطبہ

بسم الله الرحمٰن الرحيم

الحمد لله اهل الثناء على كل النعماء وجل الآلاء والصلوة والسلام على سيد الانبياء وسند الاولياء وعلى اله واصحابه الذين هم قدوة العرب العرباء واسوة الفصحاء والبلغاء **اما بعد** فيقول العبد الضعيف المعتصم بالعزيز القوى ذوالفقار على الديوبندى اِنّ الشعر حظ العرب وسائر الناس من بحارهم مغترفون وباقوالهم مقتدون وعلى اٰثارهم مهتدون وبفضلهم معترفون وقد كمل هذا الفن فيهم وشاع واشتهر ولم يوجد عنه فى من سواهم عين ولا اثر وترعرع فيهم وفى غيرهم بعد لم يولد واقتبل فيهم شبابا وفى من عداهم لم يوجد وسار فيهم مسير الشمس وغيرهم لا يشعرون وهب فيهم هبوب الريح وسواهم عنه عمون كيف لا وملوكهم وامراءهم شعراء ورجالهم ونساءهم نظماء وقد ورد فى الخبر عن سيد البشر عليه من الصلوات اكملها ومن التحيات اشملها اِنّ من الشعر لحكمة وانّ من البيان لسحرا هٰذا ولما فرغت من تسويد كتاب تسهيل الدراسه فى شرح الحماسه وارتضى به الفحول وتلقوه بالقبول لكونه فجر لهم الصحيح ولا فخر التمس منى بعض المترددين الىّ والمشتغلين لدىّ ان اشرح لهم فى الهندى ديوان ابى الطيب احمد بن الحسين بن عبد الصمد الجعفى الكندى رحمه الله تعالى بهذا الطرز المرضى والنهج السنى ليسهل فهم المعانى على الاوساط والادانى فاعتذرت بضيق باعتى فى العلوم نما سمعوه والتجئت بقلة استطاعتى فى الامر المعلوم فما وعوه فلما لم اجد بدا من اسعافهم بما اقترحوه بذلت فيه جهد المقل وحررته محترزا عن الايجاز المخل والاطناب الممل

واعتمدت غالبا فی حل اللغات وتحقیق المحاورات وشرح المعانی وبیان المبانی علی التبیان للعکبری رحمه الله لکونه ناظرًا علی اکثر الشروح وحررت معانی اللغة لکل شعر وشرحت المحاورة ان احتیج الیها بالعربی اولاً ثم ترجمت بالهندی بحیث یقوم مقام الشرح ثانیا وسمیته تسهیل البیان فی شرح الدیوان لیطابق الاسم المسمی ویوافق اللفظ المعنی والله تعالی أسأل ان یجعله مفیدا للمحصلین ویرزقنی ذکرا جمیلا فی الآخرین وآخر دعوانا ان الحمد لله رب العلمین وصلی الله تعالی علی سید المرسلین وآله واصحابه اجمعین

وقلت فیه

ومن مذهبی ان لا أخیّب راجیا ... فلا عذر لی فی أن أجیب المنادیا
فقمت لتسوید الکتاب مشمّرا ... ودمت لتحریر المطالب ساعیا
وما أربی إظهار فضلی وإنما ... رجائی بقاء الذکر لو کان باقیا
بماذا أباهی إننی لست کاتبا ... فصیحا ولا ممن یجید القوافیا
فان رضیت عنی الکرام فلم أبل ... لعمری بأن أرضی حسودا ملاجیا
وارجو من النظّار ان ینظروا الی ... صنیعی بعین من یرانی راضیا
فعین الرضا عن کل عیب کلیلة ... ولکن عین السخط تبدی المساویا
ومالی استهدفت نفسی ولم أکن ... حریا لامر مثله ثم مانیا
لقد کلفونی مصعدا ما أطیقه ... وقد حملونی فوق راسی الرواسیا
سأنشد بیت الحریری إنه ... ضمین لاظهار اعتذاری کافیا
علی اننی راض بان أحمل الهوی ... وأخلص منه لا علیّ ولا لیا
ویعرف قدر الترجمان وجهده ... ومحنته من یبتلی ببلائیا

والآن اشرع فی المقصود مستعینا بستار العیوب ومفیض الخیر والجود